سلف صالحین کی معتمد تفاسیر کا لب لباب، وہ مستند اور معرکۃ الآرا، عام فہم
بے نظیر تفسیر جو گزشتہ ایک صدی سے اسلامیان ہند و پاکستان میں
مقبول خلائق ہے۔

تفسیر حقانی

تالیف: فخر المفسرین عمدۃ المحققین علامہ ابو محمد عبدالحق حقانی دہلوی ؒ

اس تفسیر میں مذاہب عالم کے حالات، مخالفین اسلام کے اعتراضات کے مدلل جوابات
مصطلحات و نکات قرآن، فقہی مسائل کا مستند ماخذ، ترکیب نحوی، شان نزول، تفسیر
واقعات گزشتہ انبیاء وغیرہ علاوہ ضروریہ علمی و تحقیقی مباحث کے دریا بہائے گئے ہیں۔

ناشر: میر محمد کتب خانہ مرکز علم و ادب آرام باغ کراچی

Marfat.com

جلد دوم

تَبٰرَكَ الَّذِیْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰی عَبْدِهٖ لِیَكُوْنَ لِلْعٰلَمِیْنَ نَذِیْرًا

مُصنّفہ فخر المفسّرین زبدۃ المحدّثین عمدۃ المتکلّمین فاضلِ اجل حضرت

مولانا ابو محمد عبد الحق الحقّانی الدہلوی رحمہ اللہ تعالیٰ،

تفسیر فتح المنّان

المشہور بہ

تفسیر حقّانی

اس بے نظیر تفسیر میں جس طرح بے شمار دریائے علوم کو کوزے میں بند کیا ہے
اسی طرح اس کی زبان عام فہم سلیس اور صاف ہے تاکہ ہر خاص و عام
استفادہ کرے اور لطائف و حقائق و نکاتِ قرآنیہ سے
فیض یاب ہو

ناشر میر محمد، کتب خانہ مرکزِ علم و ادب آرام باغ کراچی

Marfat.com

فہرست تفسیر حقانی جلد دوم

		صفحہ
پارہ ۳	تلک الرسل	۳
تفسیر سورۃ آل عمران		۳۱
پارہ ۴	لن تنالوا	۷۵
تفسیر سورۃ النساء		۱۲۲
پارہ ۵	والمحصنٰت	۱۴۳
پارہ ۶	لا یحب اللہ	۲۱۹
تفسیر سورۃ المائدۃ		۲۳۸
پارہ ۷	واذا سمعوا	۲۹۹
تفسیر سورۃ الانعام		۳۱۶
پارہ ۸	ولو اننا	۳۵۵
تفسیر سورۃ الاعراف		۳۷۶
پارہ ۹	قال الملا	۴۰۵
تفسیر سورۃ الانفال		۴۵۲
پارہ ۱۰	واعلموا	۴۶۷
تفسیر سورۃ التوبۃ		۴۸۰
پارہ ۱۱	یعتذرون	۵۱۱
تفسیر سورۃ یونس		۵۲۵
تفسیر سورۃ ہود		۵۵۳
پارہ ۱۲	وما من دابۃ	۵۵۷
تفسیر سورۃ یوسف		۵۸۰

Marfat.com

تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى

ان رسولوں میں بھی ہم نے ایک کو دوسرے پر فضیلت

بَعْضٍ مِنْهُمْ مَّنْ كَلَّمَ اللّٰهُ وَرَفَعَ بَعْضَهُمْ

دی ہے اُن میں سے بعض ایسے بھی ہیں کہ جن سے خدا نے کلام کیا اور بعض کے

دَرَجٰتٍ ؕ وَاٰتَيْنَا عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ

درجے بلند کیے اور مریم کے بیٹے عیسٰی کو ہم نے کھلے ہوئے معجزات

الْبَيِّنٰتِ وَاَيَّدْنٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ؕ وَ

عطا کیے اور روح القدس سے ان کو مدد بھی دی اور

لَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا اقْتَتَلَ الَّذِيْنَ مِنْ ۢ

اگر اللہ چاہتا تو ان (انبیاء) کے بعد والے اپنے پاس

بَعْدِهِمْ مِّنْ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ

کھلے کھلے احکام آئے پیچھے آپس میں نہ لڑتے

وَلٰكِنِ اخْتَلَفُوْا فَمِنْهُمْ مَّنْ اٰمَنَ وَ

لیکن آپس میں اختلاف کر بیٹھے پھر بعض تو ان میں سے ایمان لے آئے اور

مِنْهُمْ مَّنْ كَفَرَ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا

بعض ان میں سے منکر ہو گئے اور اگر خدا چاہتا تو وہ نہ

اقْتَتَلُوْا ۠ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ

لڑ مرتے لیکن اللہ جو چاہتا ہے

مَا يُرِيْدُ ﴿۲۵۳﴾ ع

(سو) کرتا ہے۔

ترکیب

تلک مبتدا الرسل خبر اور ممکن ہے تلک الرسل مبتدا فضلنا خبر ہو۔ من کلم اللہ بدل ہے محل فضلنا سے درجات حال ہے بعضھم سے اور ممکن ہے کہ فی مقدر ہو من بعد الاول ہے من بعضھم سے مع اعادۃ حرف جر ولکن استدراک ہے مضمون ماقبل سے۔

تفسیر

اس سے پہلے خدا تعالیٰ نے طالوت وجالوت اور ان کے باہم مقابلہ اور ایمان داروں کے استقلال کا ذکر کر کے جہاد کے مشروع ہونے کی وجہ بیان فرمائی تھی کہ اس سے خدا مفسدوں کے شر کو دفع کرتا ہے۔ اگر یہ نہ ہو تو مفسد لوگ ملک کو ویران کر دیا کریں۔ اور یہ انبیاء اولوالعزم کا قدیم معمول ہے۔ پھر آپ پر اعتراض بے جا ہے کہ نبیوں کا کام لڑائی نہیں بلکہ آپ بھی اُنھیں رسول میں سے ہیں جو ایسا کام کرتے آئے ہیں، اور اس لیے طالوت وجالوت کا قصہ بیان کیا گیا۔ اب یہاں یہ بات بتلاتا ہے کہ شر کے دفع کرنے والے انبیاء علیہم السلام ہیں جو درجات میں مختلف ہیں جیسا کہ بنی اسرائیل میں اول سر گروہ موسیٰ علیہ السلام تھے جن کی طرف منھم من کلم اللہ کے ساتھ اشارہ کیا اور اخیر بنی اسرائیل میں بڑے اولوالعزم حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہیں جن کے فضائل واتینا عیسی ابن مریم البینٰت وایدناہ بروح القدس کے ساتھ بیان ہوئے

ف روح القدس سے بعض کہتے ہیں کہ جبرئیل علیہ السلام مراد ہیں۔ بعض کہتے ہیں وہ روح کہ جو حضرت عیسیٰ اور حواریوں پر نازل ہوئی تھی، جس کی وجہ سے معجزات وکرامات دکھاتے تھے اور یہی ان کی مؤیدتھی۔ ف کوئی یہ شبہ نہ کرے (کہ یہاں تو خدا تعالیٰ کلم اللہ فرماتا ہے کہ خدا نے کلام رسولوں سے کیا اور سورۂ شوریٰ میں یہ فرمایا وماکان لبشران یکلمہ اللہ الا وحیا او من وراء حجاب او یرسل رسولا، الآیہ کہ کسی بشر کی یہ شان نہیں کہ خدا اس سے کلام کرے مگر بذریعہ وحی کے یا حجاب سے یا فرشتے کے ذریعہ سے پس تعارض پایا گیا) کس لیے کہ یہاں جو کلام کرنا فرمایا ہے اس سے مراد اسی طرح کا کلام کرنا ہے جو سورۂ شوریٰ میں بیان ہوا یعنی بذریعہ وحی یا حجاب یا فرشتے کے ذریعہ سے کسی لیے کہ دو بدو بالمشافہ جیسا کہ انسان باہم کلام کرتے ہیں اس طرح اس سے کوئی نہیں کر سکتا، پس تعارض نہ رہا۔

Marfat.com

اور ان کے درمیان حضرت سموئیل اور داؤد اور الیاس اور نحمیاہ اور یرمیاہ اور دانیال وغیرہم علیہم السلام موسیٰؑ کی شریعت کی اصلاح کرنے والے گزرے ہیں۔ اور اے محمد! آپ بھی رسولِ برحق ہیں اس بات کی طرف تلک آیات اللہ الخ میں اشارہ کیا یعنی باوجودیکہ آپؐ نبی امی ہیں نہ تورات کو دیکھا نہ انجیل کو، پھر بنی اسرائیل کے صحیح صحیح اور جزئیاتِ احوال کا اس طرح بیان کرنا (کہ جو مطابق واقع ہوں، حالانکہ بائبل کے علماء بھی اس طرح بیان نہیں کر سکتے۔ خود بائبل میں تعارض اور غلطیاں ہیں) آپ کا کام نہیں بلکہ ہم آپ کو یہ باتیں ٹھیک ٹھیک جبرئیل کی معرفت سناتے ہیں۔

اس میں آں حضرتؐ کو تسلی بھی دی گئی ہے کہ پہلے مانوں میں موسیٰؑ اور اُن کے متبعین کو بنی اسرائیل کے سرکشوں نے نہ مانا اور پھر حضرت عیسیٰؑ کے معجزات دیکھ کر انکار کیا، اگر آپ کا انکار اور آپ کے حکم کی نافرمانی کرتے ہیں تو کچھ نئی اور تعجب کی بات نہیں نہ یہ رسالت کا قصور ہے۔ اس کے بعد مفسد اور سرکشوں کی طرف اشارہ فرمایا ہے ولو شاء اللہ الآیہ، کہ یہ انکا راہِ حق میں اختلاف اور قتال کہ کوئی ایمان لایا کوئی کافر ہو گیا سب تقدیرِ الٰہی کی وجہ سے ہے۔ اس میں اُن نادانوں کے اعتراض کا بھی جواب ہے، جو کہتے ہیں خدا کیوں لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا اور کیوں انبیاء بھیج کر ہدایت پر مجبور کرتا ہے، کہ جو کچھ ہوتا ہے ہماری تقدیر سے ہوتا ہے لیکن ہم ہر حال میں اتمامِ حجت کرنے کے لیے اسبابِ ہدایت دکھاتے ہیں۔

ولکن اللہ یفعل ما یرید۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَنفِقُوا مِمَّا رَزَقْنَاكُم

ایمان والو! اُس دن کے آنے سے پہلے کہ جس میں نہ کچھ

مِّن قَبْلِ أَن يَأْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيهِ وَ

خرید و فروخت ہوگی نہ یاری اور نہ سفارش (کام آئے گی)

لَا خُلَّةٌ وَلَا شَفَاعَةٌ ۗ وَالْكَافِرُونَ

ہمارے دیئے میں سے دے لو اور کافر ہی

هُمُ الظَّالِمُونَ ۝ اللَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا

ظالم ہیں اللہ کے سوا کوئی (بھی) معبود

هُوَ ۚ الْحَيُّ الْقَيُّومُ ۚ لَا تَأْخُذُهُ

نہیں وہ (ہمیشہ) زندہ قائم ہے نہ اُس کو

سِنَةٌ وَلَا نَوْمٌ ۚ لَّهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ

اُونگھ آتی ہے اور نہ نیند اسی کا ہے جو کچھ کہ آسمانوں میں ہے

وَمَا فِي الْأَرْضِ ۗ مَن ذَا الَّذِي يَشْفَعُ

اور جو کچھ کہ زمین میں ہے کون ہے جو اس کی اجازت بغیر اس کے

عِندَهُ إِلَّا بِإِذْنِهِ ۚ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ

حضور میں (کسی کی) سفارش کر سکے اُن کے اگلے اور پچھلے سب

أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۖ وَلَا يُحِيطُونَ

حالات کو وہی جانتا ہے اور اس کے علم کا

بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهِ إِلَّا بِمَا شَاءَ ۚ وَسِعَ

کوئی بھی احاطہ نہیں کر سکتا مگر جس قدر کہ (اس نے) چاہا اس کی

كُرْسِيُّهُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ ۖ وَلَا

کرسی (حکومت) نے آسمانوں اور زمین کو گھیر لیا ہے اور وہ

يَئُودُهُ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ ۝

ان کی حفاظت کرنے سے نہیں تھکتا اور وہ عالی شان (بڑی) عظمت والا ہے۔

Marfat.com

ترکیب

انفقوا۔ اس کا مفعول شیئاً محذوف ہے مما میں ما بمعنی الذی اور عائد محذوف ہے ای رزقناکموہ لایبع فیہ جملہ صفت یوم۔ ولاخلۃ ولاشفاعۃ معطوف ہے بیع پر اللہ مبتدا لاالٰہ الاھو جملہ خبر الحی القیوم خبر ثانی۔ لاتاخذہ الخ جملہ مستانفہ اور ممکن ہے کہ خبر ہو حی کی۔ سنۃ اصل میں وسنۃ مثل وعد یعد عدۃ۔

تفسیر

پہلے خدا تعالیٰ نے جہاد کا حکم دیا تھا اور قاتلوا فی سبیل اللہ فرمایا تھا جس طرح اس کی تائید اور فوائد ظاہر کرنے کے لیے طالوت کا قصہ سنایا تاکہ ترقی دارین دل پر جم جائے۔ اس کے بعد اللہ کی راہ میں صرف کرنے کی تاکید کی تھی کہ من ذا الذی یقرض اللہ قرضاً حسناً۔ اسی طرح اس حکم کی تائید کے لیے پھر یہ آیت انفقوا الخ نازل فرمائی کیونکہ جان و مال کا صرف کرنا نفس پر گراں گزرتا ہے اور یہ بات بتلادی کہ آج جو کچھ نیکی کرنی ہو سو کرلو کل یعنی روز حشر نہ کوئی عمل مول مل سکتا ہے نہ وہاں کسی کی دوستی کام آسکتی ہے نہ سفارش۔ پھر جو کچھ کافروں پر عذاب اور سختی ہوگی وہ انھیں کے ہاتھوں سے ہوگی کہ انہوں نے دنیا میں سعادت حاصل نہ کی سو یہ ظلم اُن کے نفسوں پر انھیں کی طرف سے ہے۔ اس کے بعد خدا تعالیٰ اپنی صفات کے متعلق مسائل بیان فرماتا ہے کس لیے کہ قرآن مجید کی عادت ہے کہ وہ علم توحید اور علم احکام اور علم قصص کو بڑی خوبی سے ملا کر بیان کرتا ہے۔ سر ایک قصہ یا واقعہ کو ایسے موقع پر لاکر بیان کرتا ہے کہ جس سے اس کی توحید و صفاتِ کاملہ کا ثبوت ہوتا ہے یا احکام پر نفس کو رغبت ہوتی ہے اور یہ بیان کا نہایت عمدہ طریق ہے تاکہ طبیعتِ سامع کو ملال نہ ہو۔ اور جب وہ ایک بیان سے دوسرے کی طرف متوجہ ہوتا ہے تو گویا ایک باغ کی سیر کرکے دوسرے کی سیر کرتا ہے جس سے دل پر فرحت پیدا ہوتی ہے سو اس سے اُس نے یہ آیت اللہ لاالٰہ الاھو کہ جس کو آیۃ الکرسی کہتے ہیں نازل فرمائی اس میں ان جملہ عیوب و اعتراضات کی کہ جو جہاد کے بارے میں جاہل لوگ خدا پر کرتے ہیں نفی کردی گئی۔ اس آیت کے مضامین کی خوبی بیان سے باہر ہے تمام کتب الہامیہ میں اس قدر مطالب اس کی ذات و صفات کے متعلق نہیں ہیں اسی لیے احادیث صحیحہ میں اس کے فضائل بے شمار آئے ہیں جن کے بیان کی یہاں گنجائش نہیں جو چاہے مشکوٰۃ المصابیح وغیرہ کتابوں میں دیکھ لے۔

متعلقات

(۱) اللہ لاالٰہ الاھو، منصب نبوت کا یہ پہلا کام ہے کہ اس کی ذات کا ثبوت کرکے جس قدر بے وقوفوں نے اس کے ساتھ شریک بنا رکھے ہیں ان کی نفی کرکے اس کی صفات کاملہ کا ثبوت کرے اور جو کچھ قوتِ متوہمہ نے مخلوقات و محسوسات پر قیاس کرکے اُس بے چون و بے چگوں میں عیوب ثابت کر رکھے ہیں ان کو مٹادے اس لیے سب سے مقدم لفظ اللہ کو ذکر کیا کہ جو ایسی ذات کا نام ہے کہ جس میں تمام خوبیاں ہوں اور وہ کسی کا کسی بات میں محتاج نہ ہو اور پھر سب نقصان کی باتوں سے پاک ہو۔ سو جب عاقل اس مضمون کو خیال کرکے تمام کائنات کی طرف دیکھے گا تو سب کو حادث اور فانی اور مستعار الوجود جان کر ضرور یقین کرے گا کہ اس عالم حسّی کے پردے میں ضرور کوئی ایسا شخص ہے کہ جس کی طرف سب کے وجودات کے سلسلے منتہی ہوتے ہیں اور جس کے ہاتھ میں سب کی ڈوریاں ہیں یا جس کے نور کی سب شعاعیں ہیں۔ اس کے بعد لاالٰہ الاھو سے اس کی وحدانیت ثابت کی اور عالم وجود میں اُس کے وجود کے آگے سب کو پست کردیا۔ اس کے بعد الحی القیوم کہہ کر اس کی حیاتِ حقیقی اور اس کا واجب الوجود ہونا ثابت

Marfat.com

کر دیا۔ القیوم بروزن فیعول من قام القیوم پھر جب واو ی جمع ہوئے اور اول ساکن تھا تو واو کو ی کر کے ی میں ادغام کر دیا۔ مجاہد کہتے ہیں اس کے معنی ہر چیز پر قائم کے ہیں یعنی ہر شخص کے رزق وروزی وغیرہ امور کی تدبیر کرنے والا۔ ضحاک کہتے ہیں دائم الوجود۔ قوی یہ ہے کہ اس کے معنی واجب الوجود کے ہیں۔ سو یہ لفظ تمام صفاتِ کمالیہ کا سرچشمہ ہے اور تمام عیوب و نقائص سے پاک ہونے کا منبع۔ اس کے بعد پھر کسی صفت کی تشریح اجمال کی تفصیل ہے۔ اس کے بعد لا تاخذہ سنۃ ولا نوم سے یہ بات ثابت کر دی کہ وہ جمیع خصائص ممکنات سے بری ہے پھر جب ایسا ہے تو ما فی السمٰوات وما فی الارض کہ تمام آسمان وزمین اُسی کے ہیں اس کے آگے اور کون ہے جو ہمسری کا دعوٰی کرے یا اپنی وجاہت اور دھمکی سے کسی کی سفارش کر سکے، من ذا الذی یشفع عندہٗ الا باذنہ جب تمام ممکنات اس کی معلول اور وہ سب کی علت ہے تو ہر چیز کا علم اس کو حاضر ہے یعلم ما بین ایدیہم وما خلفہم بخلاف اور ممکنات کے کہ ان کو دوسری ممکنات سے یہ علاقہ نہیں۔ پھر کون ہے کہ جن چیزوں کو وہ جانتا ہے وہ بھی جانے، ولا یحیطون بشیٔ من علمہ ہاں جس قدر چیزیں اُس نے اپنے بندوں کو خواہ بذریعہ حواس خواہ بذریعہ الہام وحی بتلائی ہیں اُسی قدر بندے جان سکتے ہیں الا بما شاء۔ (۲) وسع کرسیہ کرسی کے لغوی معنی ایک چیز کا دوسرے سے ملنا (والکرس ابوال الدواب ابعارہا یتلبد بعضہا فوق بعض ومنہ الکراسۃ لترکب بعض اوراقہا علی بعض۔ تفسیر کبیر) اور کرسی کو بھی اسی لیے کرسی کہتے ہیں کہ اس کی لکڑیاں باہم ملی ہوئی ہوتی ہیں۔ علماء محققین کہتے ہیں وہ کرسی اور تخت پر بیٹھنے سے پاک ہے یہ الفاظ بطور استعارات اس کی ذاتِ مقدسہ کے لیے قرآن میں مستعمل ہوئے ہیں اس جگہ اس کے معنی سلطنت اور قدرت کے ہیں کہ جو ہر چیز کی ایجاد کے لیے اصل ہے والعرب یسمون اصل کل شیٔ الکرسی اِس تقدیر پر آیت کے یہ معنی ہیں کہ اُس کی قدرت آسمانوں اور زمین کو گھیرے ہوئے ہے کوئی چیز اُس سے باہر نہیں اور یہ قرینِ قیاس ہے کیونکہ خدا تعالیٰ بندوں سے ان کی عادات وعرف کے موافق کلام کرتا ہے سو جس طرح بندے بادشاہ کے لیے تخت اور کرسی تصور کرتے ہیں اسی طرح یہ الفاظ اُس نے اپنی ذاتِ پاک کے لیے بولے اِس سے ظاہری معنی مراد نہیں۔ اہلِ حدیث یہ کہتے ہیں کہ ان الفاظ کے جو معنی ہیں اس کی ذات کے لیے ثابت ہیں مگر ہم اس کی حقیقت وکیفیت نہیں جانتے۔ اور ظاہریہ اور اُن کے مقلد نہایت غلو کر کے اُس کے لیے عرش پر بیٹھنا اور دیگر خواصِ جسمانیہ صرف خبر احاد اور ظاہر الفاظ کے زور پر ثابت کرتے ہیں، اور یہ نہیں جانتے کہ قرآن میں جس طرح حقیقت کا استعمال ہوا ہے اُسی طرح مجاز اور کنایہ اور استعارہ اور تشبیہ کا بھی۔

(۳) من ذا الذی یشفع عندہ الا باذنہ اس سے معتزلہ نے شفاعت کا انکار کیا ہے مگر یہ اُن کی غلط فہمی ہے اس سے تو شفاعت کا ثبوت ہوتا ہے۔ غایۃ الامر یہ کہ شفاعت اُس کے اِذن پر موقوف ہے سو اُس نے اپنے حبیبؐ کو دے دیا ہے اور پھر قیامت کو اس کو تازہ کرے گا اس لیے آں حضرت علیہ السلام شافعِ اکبر ہیں۔ بنی آدم حضرتؐ کے دامن تلے پناہ لیں گے، آپؐ ایمان داروں کو پناہ دیں گے۔

لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ ۙ قَدْ تَّبَيَّنَ	
دین میں (کوئی) زبردستی نہیں	گمراہی سے ہدایت
الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ	
(خود) متمیز ہو چکی ہے	پھر جس نے جھوٹے
بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْ بِاللّٰهِ فَقَدِ	
معبودوں کا انکار کر دیا اور اللہ کو مان لیا	تو

Marfat.com

اِسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى لَا انْفِصَامَ
اُس نے ایسا مضبوط سہارا پکڑ لیا کہ جو ٹوٹنے والا
لَهَا ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۵۶﴾ اَللّٰهُ وَلِيُّ
نہیں اور اللہ سُنتا جانتا ہے اللہ ایمانداروں
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۙ يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ
کا مددگار ہے اُن کو تاریکیوں سے نکال کر
اِلَى النُّوْرِ ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰٓـُٔهُمُ
روشنی میں لا رہا ہے اور جو منکر ہیں ان کے دوست
الطَّاغُوْتُ ۙ يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى
شیاطین ہیں (وہ) ان کو نور سے نکال کر اندھیروں میں
الظُّلُمٰتِ ؕ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ
لا رہے ہیں یہی دوزخی بھی ہیں
هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۵۷﴾
وہ دوزخ میں سدا رہیں گے۔

ترکیب

اکراہ اسم لافی الدین خبر تبین اے تمیز فعل الرشد فاعل من الغی موضع نصب میں مفعول ہو کر تمام جملہ علت ہے لااکراہ کی فمن یکفر الخ شرط طاغوت اس کی اصل طغیوت ہے کیونکہ یہ طغیت تطغی کا مصدر ہے مثل ملکوت اور رہبوت کے، یہ مذکر مؤنث دونوں طرح مستعمل ہوتا ہے۔ فقد استمسک الخ جزا الوثقی مؤنث ہے اوثق کا مثل اوسط دوسطی لاانفصام لہا جملہ حال ہے ضمیر وثقی سے یا عروۃ سے اللہ مبتدا ولی الذین الخ خبر یخرجہم جملہ حال ہے اللہ سے وقس علیہ الباقی۔

تفسیر اگرچہ پہلی آیات میں خدا تعالےٰ جہاد کی علت فرما چکا تھا ولولا دفع اللہ الناس الآیہ اور معترضوں کو جواب شافی دے چکا تھا مگر وہ جواب اشارۃً تھا اس لیے اس کی تشریح اور تفسیر کر دی کہ جہاد سے یہ غرض نہیں کہ کسی کو زبردستی مسلمان کیا جاوے اور بزورِ شمشیر اسلام قبول کرنے پر مجبور کیا جائے جیسا کہ مخالفین اسلام کج فہمی سے یہ تصور کر کے اسلام پر اعتراض کیا کرتے ہیں اور یہ اس لیے کہ خدا نے اپنے نبی برحق کی معرفت وہ معجزات و آیات بینات ظاہر کیے کہ جن سے حق و باطل میں رات دن کی طرح امتیاز ہو گیا پھر اب جو کوئی غیر اللہ کی عبادت و شانِ الوہیت کا انکار کر کے خدائے واحد پر ایمان لاتا ہے تو وہ ایک ایسے قوی وسیلہ کو پکڑتا ہے کہ جو کبھی نہیں ٹوٹے گا اور اللہ مخلوص دل اور زبانی باتیں سب کو سُنتا اور جانتا ہے

ایمان ایسی عمدہ چیز ہے کہ جس کی وجہ سے اللہ بندہ سے محبت کرتا ہے اور اس کو کفر اور طبیعت اور رسوم کی اندھیریوں سے نکال کر نور میں داخل کرتا ہے۔ اور جو اُس پر ایمان نہیں رکھتے ان کے محب اور مددگار شیاطین ہیں کہ جو اُن کو نورِ فطرت سے نکال کر کفر اور اخلاقِ رذیلہ اور شہوات و حبِّ جاہ و مال کی اندھیریوں میں ڈالتے ہیں جو موت کے بعد جہنم کی صورت میں ظاہر ہوں گی اور جس طرح ان اندھیریوں سے ان کو عمر بھر رستگاری نہ ہوئی وہاں بھی نہ ہو گی اس لیے وہ ہمیشہ جہنم میں رہیں گے۔

پس جہاد سے یہ غرض نہیں جو مخالفین سمجھتے ہیں بلکہ دنیا سے شر و فساد کا دفع کرنا اور قبیحات کا مٹانا اور دنیا کے ناپاک کرنے والوں کی شوکت کا توڑنا سو یہ عین مقتضی رسالت اور نتیجہ سلطنت آسمانی ہے جس کے ظہور کی حضرت یحییٰ اور حضرت عیسیٰ اور حضرت موسیٰ علیہم السلام خبر دیتے آئے ہیں اس پر اعتراض کرنا عقلِ سلیم پر پتھر پھینکنا ہے۔ طاغوت سے مراد سرکش ہیں جن کا مصداق بعض نے شیاطینِ جن و انس قرار دیا ہے یعنی ان کے گرو اور سرگروہ جو کفریات کی تعلیم کرتے تھے بعض نے بُت مراد رکھے ہیں، واللہ اعلم۔ عروہ اسکی

ف۔ جہاد کی غرض زبردستی اسلام پھیلانا نہیں۔

Marfat.com

جمع عُرا آتی ہے اس کے معنی دستہ وغیرہ کے ہوتے ہیں جیسا کہ لوٹے اور پیالی سے لگا ہوا ہوتا ہے۔ یہ ایک طرح کا استعارہ ہے کہ جو امر معقول کو محسوسات کے پیرایہ میں بیان کیا کرتے ہیں جو شخص دینِ الٰہی قبول کرتا ہے گویا ایک نہایت مضبوط دستہ غیبی کو پکڑتا ہے ۞

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِیْ حَآجَّ اِبْرٰهٖمَ فِیْ رَبِّهٖۤ

(اے نبیؐ) کیا آپ نے اس کو بھی دیکھا کہ جس نے ابراہیمؑ سے اس کے رب کے معاملہ میں حجت کی تھی

اَنْ اٰتٰىهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ ۘ اِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ

(اس غرور میں آ کر کہ) اسکو خدا نے سلطنت دی تھی جب ابراہیمؑ نے کہا کہ

رَبِّیَ الَّذِیْ یُحْیٖ وَ یُمِیْتُ ۙ قَالَ اَنَا اُحْیٖ

میرا رب تو وہ ہے کہ جو جلاتا اور مارتا ہے (اُس نے کہا میں بھی تو جلاتا

وَ اُمِیْتُ ؕ قَالَ اِبْرٰهٖمُ فَاِنَّ اللّٰهَ یَاْتِیْ

اور مارتا ہوں ابراہیمؑ نے کہا (اچھا) اللہ تو

بِالشَّمْسِ مِنَ الْمَشْرِقِ فَاْتِ بِهَا مِنَ

آفتاب کو مشرق سے نکالا کرتا ہے سو تُو اُس کو مغرب

الْمَغْرِبِ فَبُهِتَ الَّذِیْ كَفَرَ ؕ وَ اللّٰهُ

کی طرف سے نکال دے تب تو کافر حیران رہ گیا اور خدا

لَا یَهْدِی الْقَوْمَ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۲۵۸﴾

ناانصاف لوگوں کو ہدایت نہیں دیا کرتا

ترکیب

ان آتاہ اللہ یہ جملہ موضع نصب میں ہے سیبویہ کے نزدیک۔ اور خلیل کے نزدیک موضع جر میں ہے تقدیرہٗ لان آتاہ اللہ من المشرق اور من المغرب فعل سے متعلق ہیں۔

تفسیر

جب کہ خدا تعالیٰ نے اپنی ذات وصفات کا ذکر آیۃ الکرسی میں کیا اور علم التوحید کی بحث شروع فرمائی تو اس کے بعد تین قصے اس کے مناسب اور مؤید ذکر کیے جن کو فی الجملہ جہاد اور قتال فی سبیل اللہ سے بھی ایک لطیف مناسبت ہے۔ (۱) قصہ ان آیات میں حضرت ابراہیمؑ اور نمرود کا ہے جو خدا تعالیٰ کے وجود کے اثبات کے لیے برہانِ قاطع ہے۔ (۲) اوکالذی مرعلیٰ قریۃ سے شروع ہوتا ہے۔ (۳) واذقال ابراہیم رب ارنی کیف تحی الموتیٰ سے شروع ہوتا ہے۔ یہ دونوں قصے اثباتِ حشر کے لیے ذکر ہوئے ہیں تاکہ مبدأ و معاد کا کامل یقین ہو جائے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام شہر بابل کے قریب پیدا ہوئے تھے۔ جب وہاں ان کی خدا پرستی کا شہرہ ہوا اور بت پرستی کی مذمت لوگوں میں مشہور ہوئی تو وہاں کے بادشاہ نمرود بن کوش نے کہ جو جبار اور سخت بے دین اور ملحد تھا حضرت ابراہیمؑ کو بلا کر پوچھا کہ رب کون ہے اور کہاں ہے؟ اگر ہے تو مجھ کو دکھا بلکہ دنیا میں ہر ایک چیز اپنے اسباب کے پیدا ہونے سے پیدا ہو جاتی ہے پھر آپ ہی فنا ہو جاتی ہے (یہ سب باتیں اس کی بادشاہی اور دولت کے نشہ سے تھیں) حضرت ابراہیمؑ نے خدا تعالیٰ کے موجود ہونے پر دلیل بیان کی کہ ہم دنیا میں ایک ایسا فعل پاتے ہیں کہ جو کسی کے قبضۂ قدرت میں نہیں جس سے معلوم ہوا کہ اس فعل کا فاعل اور قوی قادر ہے جو اپنی لطافت[۴] کی وجہ سے محسوس نہیں ہوتا اور وہ فعل مارنا اور جلانا ہے جس طرح کوئی شخص کسی تخت یا صندوقچہ کے اس کاریگر کا وجود کہ جو اب ہم کو دکھائی نہیں دیتا یوں ثابت کرے کہ آخر کوئی ہے کہ جس نے ان لکڑیوں میں تصرف کیا اور بھیل تراش کر ایک طور پر جمع کر دیا اسی طرح مارنا جلانا تمام مخلوقات میں ایک

---

[۱] یعنی اس کے معاملہ کو بھی دیکھا ۱۲ منہ [۲] بعض کہتے ہیں کہ یہ ضحاک کی طرف سے حاکم تھا ۱۲ [۳] جیسا کہ تورات کتاب پیدائش کے باب ۱۱ میں مذکور ہے

[۴] دیکھیے ہوا باوجود یکہ جسم ہے مگر لطافت کی وجہ سے نظر نہیں آتی اور جو جسم کی کثافت سے بھی بری ہے تو وہ کیوں کر محسوس ہو سکے؟ ۱۲ منہ

Marfat.com

قوی تصرف ہے جو کسی کے قبضہ میں نہیں نہ کوئی از خود زندہ ہو سکتا ہے نہ کسی کو زندہ کر سکتا ہے نہ مار سکتا ہے۔ اس کے جواب میں نمرود نے کہا اگر یہ فعل بلا توسط اسباب ہے تو میں اس کا قائل نہیں اور اگر اسباب کے ذریعہ سے ہے تو میں بھی بذریعہ اسباب مار سکتا جلا سکتا ہوں۔ ہم جماع کرتے ہیں اُس نطفہ کے سبب سے آدمی بن جاتا ہے زہر کھلانے تلوار مارنے سے مر جاتا ہے انا الحی وامیت اس کی طرف اشارہ ہے۔ حضرت ابراہیمؑ نے جواب دیا کہ گو دنیا میں اس کے کاروبار عادتاً اسباب پر مبنی ہیں مگر وہ اسباب کس کے قبضہ میں ہیں من جملہ اسباب عالم کے گردشِ افلاک اور آفتاب کا دورہ خاص طور پر طلوع وغروب کرنا ہے اچھا آپ اُس میں تو کوئی تصرف کر دیجیے۔ آفتاب کو مغرب کی طرف سے تو نکال کر دکھائیے۔ یہ سُن کر وہ حیران اور بھونچکا ہو گیا مگر ایسے بے انصاف ہ پر نہیں آتے بلکہ شرمندہ ہو کر حضرت ابراہیمؑ کو آگ میں ڈلوا دیا جس میں خدا نے ابراہیمؑ کو سلامت رکھا، اور پھر ابراہیمؑ وہاں سے ہجرت کر کے ملکِ شام میں آئے۔ پادری اور ان کے مقلد اعتراض کیا کرتے ہیں کہ یہ قصہ تورات میں نہیں اس لیے غلط ہے۔ اُن سے کوئی پوچھے کہ کیا تورات کے دس بارہ ورق میں حضرت ابراہیمؑ کے تمام وقائع عمر یہ مندرج ہیں، بلکہ ہزاروں باتیں نہیں۔ پھر کیا وہ سب غلط ہیں، اور خدا کا بیان فرمانا ان کی صداقت کے لیے کیا کافی نہیں!

أَوْ كَالَّذِي مَرَّ عَلَىٰ قَرْيَةٍ وَهِيَ خَاوِيَةٌ

یا جیسا کہ وہ شخص جو ایک ایسے شہر پر سے گزرا جو چھتوں سمیت

عَلَىٰ عُرُوشِهَا قَالَ أَنَّىٰ يُحْيِي هَٰذِهِ

ڈھا پڑا تھا اس نے (دیکھ کر) کہا کہ اس کی ویرانی کے بعد

اللَّهُ بَعْدَ مَوْتِهَا ۖ فَأَمَاتَهُ اللَّهُ مِائَةَ

اس کو خدا کیوں کر آباد کرے گا تب اس کو خدا نے سو برس تک مردہ

عَامٍ ثُمَّ بَعَثَهُ ۖ قَالَ كَمْ لَبِثْتَ ۖ قَالَ

پڑا رہنے دیا پھر اس کو اٹھا کر پوچھا کہ تو کب تک پڑا رہا؟ اُس نے کہا

لَبِثْتُ يَوْمًا أَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ۖ قَالَ

ایک دن یا اس سے بھی کم پڑا رہا ہوں گا۔ (خدا نے) کہا (نہیں)

بَل لَّبِثْتَ مِائَةَ عَامٍ فَانظُرْ إِلَىٰ

بلکہ تو سو برس پڑا رہا پھر تو اپنے

طَعَامِكَ وَشَرَابِكَ لَمْ يَتَسَنَّهْ ۖ وَ

کھانے اور پانی کو دیکھ کہ ابھی تک بسا بھی نہیں اور

انظُرْ إِلَىٰ حِمَارِكَ وَلِنَجْعَلَكَ آيَةً

اپنے گدھے کو (بھی) دیکھ (کہ بالکل گل گیا) اور ہم تجھ کو لوگوں کے لیے قدرت کا

لِّلنَّاسِ ۖ وَانظُرْ إِلَى الْعِظَامِ كَيْفَ

نمونہ بنانا چاہتے ہیں اور تو (گدھے کی) ہڈیوں کو (بھی) دیکھ کہ کس طرح سے ہم

نُنشِزُهَا ثُمَّ نَكْسُوهَا لَحْمًا ۚ فَلَمَّا

ان کو جوڑتے ہیں، پھر (کیونکر) ان کو گوشت پہناتے ہیں پھر جب اس کو

تَبَيَّنَ لَهُ ۙ قَالَ أَعْلَمُ أَنَّ اللَّهَ عَلَىٰ

یہ قدرت معلوم ہوئی تو کہہ اٹھا کہ مجھے معلوم ہو گیا کہ خدا ہر

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿٢٥٩﴾

چیز پر قادر ہے۔

ترکیب

او تفصیل کے لیے کالذی میں کاف زائد ہے جیسا کہ کمثلہ میں بعض نے کہا زائد نہیں تب اس کا موضع نصب ہے والتقدیر اورایت مثل الذی وہی خاویۃ جملہ موضع جر میں ہے صفت قریۃ کی علیٰ عروشہا متعلق ہے خاویۃ سے انی بمعنی کیف یا بمعنی متیٰ موضع نصب میں ہے یحیی سے مائۃ عام ظرف ہے اماتہ کا ثم بعثہ ظرف ہے لبثت کا لم یتسنہ اس میں ہا زائدہ ہے

Marfat.com

وقف میں اصل فعل یتسنن جیسا کہ حمأ مسنون آیا ہے چونکہ تین نون جمع ہوگئے تھے اخیر کو ی سے بدلا پھری کو الف سے اور الف جزم کی وجہ سے حذف ہوگیا۔ بعض ہاء کو اصلی کہتے ہیں۔ ولنجعلک محذوف پر معطوف ہے تقدیرہٗ اریناک ذلک لتعلم قدر قدرتنا ولنجعلک میں بعض کہتے ہیں وَ زائد ہے۔

تفسیر

یہ دوسرا قصہ ہے جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے تخمیناً چھے سو برس پیشتر ملک شام میں بمقام ایلیا گزرا ہے۔ تفصیل اس کی یہ ہے کہ پچھلے حملہ میں بابل کے بادشاہ بخت نصر نے ہزارہا بنی اسرائیل کو قتل کیا اور شہر یروشلم کو جلا کر برباد کر دیا بیت المقدس کو ڈھا کر اور جلا کر خاک سیاہ کر دیا اور ستر ہزار یہودیوں کو گرفتار کر کے ساتھ لے گیا اور ستر برس تک بنی اسرائیل وہاں اس کی قید میں رہے مگر حضرت یرمیا علیہ السلام یہیں رہے تھے۔ ایک بار وہ اس شہر کے پاس سے گزرے، اس کی یہ حالت اور ملک اور قوم کی بربادی دیکھ کر دل بھر آیا حسرت کے طور سے کہنے لگے کہ اب اس شہر کو خدا کیوں کر آباد کرے گا۔ خدا نے ان کو اپنی قدرت کاملہ کا تماشہ دکھایا وہ یہ کہ حضرت یرمیا نے اپنی سواری کا گدھا زیتون کے درخت سے باندھ دیا اور انگور کے شیرہ کا برتن اور روٹیوں کا تھیلہ درخت سے لٹکا کر سو رہے۔ خدا نے ان کی روح قبض کر لی یہاں تک کہ سو برس کا عرصہ ان پر گزر گیا گدھے کی ہڈیاں بھی خشک ہوگئیں۔ اس عرصہ میں بخت نصر مر گیا اور ایران کے بادشاہوں کا دور دورہ ہوگیا ارتخششتا نے بنی اسرائیل کو حکم دیا کہ اپنے ملک میں واپس ہو جاویں اور پھر بیت المقدس اور شہر کو آباد کریں۔ سو تخمیناً بیالیس ہزار بنی اسرائیل کہ جن میں حضرت عزیر علیہ السلام اور یرمیا علیہ السلام بھی تھے ملک شام آئے اور بیت المقدس اور شہر کو از سر نو تعمیر کرنا شروع کیا۔ پھر کسی نے بادشاہ کو بہکا دیا اور لوگ بھی مانع آئے آخر دارا شاہ کے عہد میں بنی اسرائیل کی واپسی کے بیس برس بعد یروشلم اور بیت المقدس پھر از سر نو تعمیر[1] ہوا جیسا کہ دوم کتاب تاریخ اور کتاب عزرا اور کتاب نحمیا سے ثابت ہے۔ اس عرصہ میں خدا نے حضرت یرمیا کو زندہ کیا اور ان سے بطور الہام پوچھا کہ تم کتنی دیر تک پڑے رہے؟ چونکہ وہ صبح کو سوئے تھے عصر کے وقت زندہ ہوئے، یہ کہا کہ ایک دن یا کم پڑا رہا ہوں۔ وہاں سے جواب آیا کہ سو برس تک پڑا رہا ہے گدھے کو دیکھ! دیکھا تو اس کی ہڈیاں سفید پڑی چمک رہی تھیں اور کھانے پینے کو دیکھا تو ویسا ہی تھا، پھر خدا نے اُن کے روبرو گدھے کو زندہ کیا اور شہر میں آکر سب شہر اور بیت المقدس کو آباد دیکھ کر کہا کہ مجھے یقین ہے کہ خدا ہر چیز پر قادر ہے مُردے کو بھی زندہ کر سکتا ہے سو حشر اور بعد مُردن تمام خلق کو زندہ کر کے حساب لینا بھی اس کی قدرت میں ہے۔

وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّ اَرِنِیْ

اور (اے نبی اُس واقعہ کو بھی یاد کرو کہ) جب ابراہیم نے کہا کہ اے رب مجھے بھی تو دکھا

كَيْفَ تُحْيِ الْمَوْتٰى ؕ قَالَ اَوَلَمْ

کہ تُو مُردوں کو کیوں کر زندہ کرے گا۔ (خدا نے) فرمایا کیا تجھے یقین

تُؤْمِنْ ؕ قَالَ بَلٰى وَلٰكِنْ لِّيَطْمَئِنَّ

نہیں آتا؟ (ابراہیمؑ نے) کہا کیوں نہیں لیکن اپنے دل کا اطمینان کرنا

قَلْبِیْ ؕ قَالَ فَخُذْ اَرْبَعَةً مِّنَ الطَّيْرِ

چاہتا ہوں (خدا نے) فرمایا (اچھا) چار پرندے لو

فَصُرْهُنَّ اِلَيْكَ ثُمَّ اجْعَلْ عَلٰى كُلِّ

پھر ان کو اپنے ساتھ ہلا لو پھر اُن میں سے ہر ایک کا

جَبَلٍ مِّنْهُنَّ جُزْءًا ثُمَّ ادْعُهُنَّ

ایک ٹکڑا ہر پہاڑ پر رکھ دو پھر اُن کو بُلاؤ تو

يَاْتِيْنَكَ سَعْيًا ؕ وَاعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ

وہ تمہارے پاس دوڑے چلے آئیں گے اور جان لو کہ بے شک خدا

[1] حضرت عیسیٰؑ سے تخمیناً پانسو برس پہلے ۱۲ منہ

Marfat.com

عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ ﴿۲۶۰﴾

زبردست حکمت والا ہے۔

ترکیب

اذ کا عامل محذوف ہے تقدیرہٗ اذکر پس یہ مفعول بہ ہے نہ کہ مفعول فیہ قال فعل ابراہیم فاعل رب ارنی الخ جملہ مقولہ کیف تحی الموتی جملہ مفعول ہے ارنی کا اے کیفیۃ احیاء الموتی لیطمئن کا لام محذوف سے متعلق ہے تقدیرہٗ سئلتک لیطمئن من الطیر صفۃ ہے اربعۃ کی منہن حال جزءً سے سعیا مصدر موضع حال میں اور مفعولِ مطلق بھی ہو سکتا ہے۔

تفسیر

یہ تیسرا واقعہ ہے جو حضرت ابراہیم علیہ السلام پر بابل سے ہجرت کر کے ملک شام میں آنے کے بعد گزرا۔ حضرت ابراہیم کو ہر چند خدا کے فرمانے کے وجہ سے یقین تھا کہ آدمی مر کر گو اُس کے اجزاء مخلوط ہو جائیں ہوا میں ہوا اور خاک میں خاک اور پانی میں پانی آگ میں آگ مل جائے مگر خدا اس کو زندہ کریگا اور اس کے اجزاء کو جمع کرے گا، لیکن بمقتضائے بشریت یہ بات گونہ عجب معلوم ہوتی تھی اس لیے خدا سے سوال کیا کہ مجھ کو دکھا تو کس طرح سے مُردوں کو زندہ کرے گا۔ خدا نے فرمایا تجھ کو یقین نہیں ؟ عرض کیا یقین تو ہے لیکن اطمینانِ قلبی کے لیے سوال کرتا ہوں کہ اس امر کا مشاہدہ بھی کر لوں تاکہ عین الیقین کا مرتبہ حاصل ہو جائے۔ خدا نے فرمایا تو چار پرند لے کر چند روز ان کو اپنے پاس رکھ، پھر سب کا قیمہ کر کے تھوڑا تھوڑا پہاڑ کے مختلف ٹیلوں پر رکھ دے اور پھر ہر ایک کو بُلا تیرے پاس ہر ایک جانور دوڑ کر چلا آویگا۔ چنانچہ حضرت ابراہیم نے مور اور کبوتر اور مرغ اور کوّا لیا اور اسی طرح کیا۔ پھر جس کو پکارا اس کے اجزاء مجتمع ہو کر زندہ ہوا اور ابراہیمؑ کے پاس دوڑتا ہوا چلا آیا۔ اس امر کے مشاہدہ سے حضرت ابراہیم علیہ السلام کا یقین کامل ہو گیا۔

اگرچہ ان چار پرندوں کے لینے کی وجہ اور ان کے نام کسی صحیح حدیث سے معلوم نہیں ہوتے مگر علماء کے اقوال سے یہ نام جو اوپر گزرے ثابت ہوتے ہیں اور چار پرندوں کے لینے اور اُن کے ہلانے کی وجہ یہ معلوم ہوتی ہے کہ بیشتر انسان کے جسم کے لیے چار عنصر آگ پانی ہوا مٹی جزو غالب ہیں اور دنیا میں یہ چاروں پرند کہ جو ہر ایک دوڑ کر اپنے خیز اصلی کی طرف اڑ جانا چاہتا ہے آپس میں ملے ملے رہتے ہیں۔ اور ایک روز یہ پھر جدا ہو جاویں گے اور قیامت کو اس قادرِ مطلق کے حکم سے پھر ملیں گے ہر ایک دوڑتا چلا آوے گا۔ اس امر کے مشاہدہ کے لیے اِن کا نمونہ اور ان کے مناسب چار پرند جانور مختلف الطبائع لینے کو کہا اور ان کو ہلانے کو فرمایا تاکہ پہچان رہے اور یہ شبہ نہ ہو کہ یہ اور جانور ہیں۔

ف اول قصہ میں چونکہ حضرت پر میاہ نے ادب ملحوظ نہ رکھا اور انّی یحیی ہذہ اللہ بعد موتہا کہا تو خدا نے قرآن میں اُن کا نام نہ لیا اور خود انھیں پر امتحان ہوا برخلاف اس کے حضرت ابراہیمؑ نے پہلے رب ارنی کہا اور کیفیت احیاء موتی پوچھی اُن کا ذکر آیا۔ **ف۲** نیچری مفسر نے ان دونوں قصوں کا انکار کیا ہے اور اپنی عادتِ قدیمہ کے موافق مفسرین پر اعتراض بیہودہ کر کے ایک لغو توجیہ کی ہے کہ کالذی سے مراد کانہ مرعلی قریۃ یعنی خواب میں یہ واقعہ گزرا ہے۔ اور اسی طرح ابراہیمؑ کا واقعہ بھی خواب کا ہے۔ چوں کہ بجز تقلیدِ ملحدین اور کوئی دلیل عقلی یا نقلی اس شخص نے اپنے دعوے پر قائم نہیں کی اور اس توجیہ کو کوئی نحوی یا اہل زبان تسلیم نہیں کرتا۔ اور نیز اُن کے کلام میں باہم تعارض بھی ہے۔ اس لیے میں لفظ بہ لفظ جواب دینا مناسب نہیں جانتا۔

بعض عیسائیوں کا یہ اعتراض کہ مُردے دنیا میں

Marfat.com

زندہ نہیں ہوتے خود بائبل کے برخلاف ہے۔ دیکھو کتاب حزقیل میں سیکڑوں مُردوں کا زندہ ہونا مذکور ہے۔[1]

مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ

مثال ان کی جو اپنے مال خدا کی راہ میں

سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ

خرچ کرتے ہیں اُس دانے کی سی ہے کہ جو سات بالیں

سَنَابِلَ فِيْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ ؕ وَ

نکالے (اور) ہر بال میں سو دانے ہوں اور

اللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ

اللہ جس کے لیے چاہتا ہے دوچند کر دیتا ہے اور اللہ وسعت والا

عَلِيْمٌ ﴿۲۶۱﴾ اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ

خبردار ہے جو لوگ اپنے مال اللہ کی راہ میں

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ لَا يُتْبِعُوْنَ مَآ

خرچ کرتے ہیں پھر خرچ کر کے نہ احسان

اَنْفَقُوْا مَنًّا وَّلَآ اَذًى ۙ لَّهُمْ اَجْرُهُمْ

جتلاتے ہیں اور نہ ستاتے ہیں انھیں کے لیے ان کا بدلہ

عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ

خدا کے پاس ملے گا اور نہ ان کو کوئی خوف ہوگا

وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۲۶۲﴾ قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ

اور نہ وہ کبھی رنجیدہ ہوں گے اچھی بات کہنا

وَّمَغْفِرَةٌ خَيْرٌ مِّنْ صَدَقَةٍ يَّتْبَعُهَآ

اور درگزر کرنا ایسی خیرات سے بہتر ہے جس کے پیچھے

اَذًى ؕ وَاللّٰهُ غَنِيٌّ حَلِيْمٌ ﴿۲۶۳﴾

(سائل کو) ایذا پہنچے اور اللہ بے نیاز بُردبار ہے۔

ترکیب

مثل الذین الخ جملہ مبتدا ہے مثل انفاق الذین الخ کمثل حبۃ الخ خبر۔ انبتت سبع الخ جملہ موضع جر میں صفت ہے حبۃ کی مائۃ حبۃ مبتدا فی کل سنبلۃ خبر یہ جملہ صفت ہے سنابل کی، الذین ینفقون صلہ و موصول مبتدا لھم اجرھم الخ خبر قول معروف موصوف و صفت بتدا خیر خبر یتبعھا اذی جملہ صفت ہے صدقۃ کی۔

تفسیر

جب کہ خدا تعالےٰ اپنی قدرتِ کاملہ اور عالم آخرت کا ثبوت قطعی کر چکا تو اب عالم آخرت کے لیے سازوسامان کی ترغیب دیتا ہے کہ وہاں کے لیے کچھ دیا کرو، وہ ضائع نہیں جاتا۔ وہ خدائے قادر کہ جو مردہ کو زندہ کرتا ہے اور جس کے اوصاف مذکور ہوئے

[1] اور ۲ کتاب سلاطین کے تیرھویں باب ۲۱ ورس میں ہے کہ یسع نبی کی قبر میں لوگوں نے ایک مردہ کو ڈال دیا اور جب وہ شخص گر گیا اور الیسع کی ہڈیوں سے لگا تو وہ جی اٹھا اور پاؤں پر کھڑا ہوا، انتہی۔ دراصل ایسی باتیں محض بنایا کرتے ہیں، جو کہ سوا محسوسات کے معقولات کے منکر ہیں۔ خدا تعالےٰ اور اس کی قدرت اور اس کے افعال، خوارقِ عادت سب کے منکر ہیں۔ ان کی نظر بہائم کی مانند ہے جو محسوسات سے تجاوز کر کے معقولات تک نہیں پہنچتی۔ اور یہ کہنا کہ یہ قصہ تورات میں کیوں نہیں یا الٹ پلٹ کر وہاں سے نقل کیے گئے ہیں، خیالِ خام ہے۔ اس کا جواب ہم بارہا دے چکے ہیں۔

Marfat.com

اس خیرات کے اجر کو عالم مثالی میں قائم کرتا ہے جس طرح کوئی یہاں ایک دانہ زمین میں ڈالے اور اس سے گیہوں یا باجرہ وغیرہ کا کوئی پیڑ اُگے اور اس میں سات خوشے پیدا ہوویں اور ہر خوشہ میں سو دانے ہوں تو ایک دانے کے سات سو دانے زمین میں مخفی کرنے سے حاصل ہوتے ہیں بشرطیکہ اس کو پانی دیا جاوے اور آفات سے محفوظ رکھا جاوے۔ اسی طرح جو کوئی خدا کی راہ میں صرف کرتا ہے تو اُس کو عالم مثالی کی زمین میں مخفی کرتا ہے اس کا وہاں ایسا درخت اُگتا ہے اور ایسے ثمرات پیدا ہوتے ہیں بشرطیکہ ایمان اور خلوص کا پانی دیا جاوے اور احسان جتلانے اور سائل کو ایذاء دینے کی بلاؤں سے بچایا جاوے۔ ورنہ سائل کو زبان سے نیک بات کہنی اور اُس کے الحاح پر درگزر کرنا یا عموماً ہر شخص سے نیک بات کہنی اور درگزر کرنا ایسی خیرات سے بہتر ہے۔

ف۱ یہ مثال ایک ذہنی الوجود چیز کے ساتھ ہے اس کے لیے یہ کچھ ضرور نہیں کہ خارج میں کوئی ایسا پیڑ بھی پایا جاوے کہ جس کے سات خوشے ہوں اور ہر خوشے میں سو دانے ہوں۔ ف۲ لاخوف علیہم میں تعمیم ہے۔ نہ دنیا میں ایسے لوگوں کو افلاس کا خوف و غم ہوگا نہ آخرت میں۔ ف۳ مال، انسان کو بہت عزیز ہے اس کے صرف کرنے والے کے لیے واسع علیم فرمایا کہ ہم وسعت اور فراخی عطا کرتے ہیں، اور خلوص دل سے آگاہ ہیں۔ اور موذی ریاکاروں کے لیے غنی علیم فرمایا کہ ہم کو کچھ پروا نہیں اور سزا دینے میں جلدی نہیں کرتے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُبْطِلُوْا صَدَقٰتِكُمْ

ایمان والو! اپنی خیرات کو احسان جتلا کر

بِالْمَنِّ وَالْاَذٰى كَالَّذِيْ يُنْفِقُ مَالَهٗ

اور ایذا دے کر اُس شخص کی طرح برباد مت کرو کہ جو اپنا مال

رِئَآءَ النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ

لوگوں کو دکھانے کو خرچ کرتا ہے اور نہ وہ اللہ پر ایمان رکھتا ہے اور نہ قیامت

الْاٰخِرِ فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ صَفْوَانٍ عَلَيْهِ

کے دن پر سو اُس کی مثال ایسے چکنے پتھر کی سی ہے کہ جس پر کچھ

تُرَابٌ فَاَصَابَهٗ وَابِلٌ فَتَرَكَهٗ صَلْدًا ؕ

مٹی پڑی ہو پھر اس پر زور کا مینہ پڑ جائے اور اس کو صاف کر جائے

لَا يَقْدِرُوْنَ عَلٰى شَيْءٍ مِّمَّا كَسَبُوْا ؕ

جو کچھ انہوں نے کمایا تھا سب گیا گزرا ہوا۔

وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ۝۲۶۴

اور اللہ (ازلی) کافروں کو ہدایت نہیں کیا کرتا

وَمَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمُ

اور اُن لوگوں کی مثال جو اپنے مال اللہ کی رضامندی حاصل

ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ وَتَثْبِيْتًا مِّنْ

کرنے کے لیے اور اپنے دلی اعتقاد سے

اَنْفُسِهِمْ كَمَثَلِ جَنَّةٍۭ بِرَبْوَةٍ اَصَابَهَا

خرچ کرتے ہیں ایک ایسے باغ کی سی ہے جو نرم زمین پر ہو اُس پر زور کا

وَابِلٌ فَاٰتَتْ اُكُلَهَا ضِعْفَيْنِ ۚ

مینہ برسے تو دوچند پھل لائے،

فَاِنْ لَّمْ يُصِبْهَا وَابِلٌ فَطَلٌّ ؕ وَاللّٰهُ

پھر اگر اس پر مینہ نہ پڑے تو شبنم ہی کافی ہو جائے اور جو کچھ تم

بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝۲۶۵

کر رہے ہو خدا خوب دیکھ رہا ہے۔

ترکیب

کالذی کا کاف موضع نصب میں ہے نعت ہے مصدر محذوف کی تقدیر ہے ابطالاً کابطال الذی ینفق رئاء الناس

Marfat.com

مفعول لہٗ ہے ینفق کا رئاء کی پہلی ہمزہ نفس کلمہ ہے کہ یہ راءی سے ہے اور اخیر بدل ہے ئی سے صفوان جنس ہے وقیل جمع صفوانۃ علیہ تراب جملہ موضع جر میں صفت ہے صفوان کی ابتغاء مفعول لہٗ ہے ینفقون کا اور تثبیتاً اس پر معطوف ہے اور یہ مصدر ہے فعل متعدی کا اے یثبتون اعمالھم باخلاص النیۃ اور ممکن ہے کہ بمعنی متثبت ہو ربوۃ بضم الراء و فتحہا بلندی یا پھولی ہوئی نرم زمین اصابہا وابل جملہ صفت ہے جنۃ کی وابل وبل سے مشتق ہے یقال اوبل فہو موبل اکل سکون کاف اور ضمہ دونوں طرح جائز ہے یہ جمع ہے واحد اس کا اکلۃ ہے بمعنی ماکول ضعفین حال ہے اے مضاعفا فطل خبر ہے مبتدا محذوف کی اس کے معنی شبنم ہیں اور خبر بھی محذوف کی کہہ سکتے ہیں۔

تفسیر

پہلی آیات میں خیرات دے کر احسان جتلانے اور فقیر کو بدزبانی یا طعن وتشنیع سے ایذا دینے سے منع فرمایا تھا، یہاں اس کے اجر ضائع ہونے میں منافقوں سے مثال دیتا ہے کہ جو اللہ اور قیامت پر ایمان نہیں رکھتے نہ ان کو اجر آخرت کا یقین ہے بلکہ محض نام آوری کے لیے مال خرچ کرتے ہیں یعنی منافق، سو تم ایسا نہ کرو ان کو کچھ بھی اجر نہیں اسی طرح تم کو بھی نہ ملے گا۔ کس لیے کہ عالم مثال میں جس طرح شجر خیرات کو احسان جتلانا اور ایذا دینا برباد کرتا ہے اسی طرح ایمان نہ لانا اور ریاکاری کرنا بھی برباد کرتا ہے۔ پھر ان منافقوں کے حال ظاہر کرنے کے لیے مثال دیتا ہے کہ ایمان اور خلوص نیت بمنزلہ ربوۃ نرم اور بلند زمین کے ہے جو اپنے پیڑوں اور درختوں اور جڑی بوٹیوں کی وجہ سے بلند معلوم ہوتی ہے اعنی عمدہ زمین۔ اور کفر اور ریاکاری بمنزلہ سخت پتھر کے ہے کہ جس پر کوئی چیز نہیں اُگتی اور اس پر کسی قدر مٹی پڑی ہو یعنی ظاہری اسلام۔ پس جو منکر اور ریاکار خیرات کرتے ہیں تو گویا اس پتھر پر کسی قدر مٹی دیکھ کر کچھ بونا چاہتے ہیں اور جب اس پر سخت بارش پڑ جاتی ہے تو سب کو بہا دیتی ہے کچھ بھی ان کے قبضہ میں نہیں رہتا۔ اسی طرح جب موت اور مرور دہر کا مینہ پڑے گا ان کو آخرت میں کچھ نہ ملے گا، وہ ظاہری نیکوکاری جو غبار تھی اڑ جاوے گی اور جو مومن مخلصین خدا کی خوشنودی اور خلوص دل سے حسنات وخیرات کرتے ہیں تو اُس عمدہ زمین پر (عالم مثالی میں) باغ لگاتے ہیں جس پر زور کا مینہ برستا ہے تو دُگنا پھل آتا ہے اور چونکہ زمین عمدہ ہے اگر زور کا مینہ نہیں برستا تو کسی قدر ترشح اور شبنم ہی کافی ہو جاتی ہے یعنی موت کے بعد تو بے شمار اجر حاصل ہوگا اور دنیا میں بھی اس کا کچھ پھل اس کو ملے گا۔

ف ان دونوں مثالوں میں جو کچھ باریکیاں ہیں ان کو میں اس مختصر میں بیان نہیں کر سکتا، مفرد اور مرکب کے لحاظ سے ہر پہلو میں اعجاز ہے۔

أَيَوَدُّ أَحَدُكُمْ أَن تَكُونَ لَهُ جَنَّةٌ مِّن

کیا تم میں سے کوئی یہ چاہتا ہے کہ اُس کے لیے کوئی کھجوروں اور

نَّخِيلٍ وَأَعْنَابٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا

انگوروں کا ایسا باغ ہو کہ جس میں نہریں بہتی

الْأَنْهَارُ لَهُ فِيهَا مِن كُلِّ الثَّمَرَاتِ

ہوں اس میں اس کے لیے ہر قسم کے میوے بھی ہوں

وَأَصَابَهُ الْكِبَرُ وَلَهُ ذُرِّيَّةٌ ضُعَفَاءُ

اور اس پر بڑھاپا آگیا ہو اور اس کے بال بچے بھی ننھے ننھے ہوں

فَأَصَابَهَا إِعْصَارٌ فِيهِ نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ

پھر اس باغ پر ایسا تُند کا جھونکا پہنچ جائے کہ جس میں آگ ہو جس سے وہ جل جائے

كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمُ الْآيَاتِ لَعَلَّكُمْ

اللہ یوں اپنی آیتیں کھول کھول کر بیان کرتا ہے تاکہ

تَتَفَكَّرُونَ ﴿٢٦٦﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا

تم غور کرو ایمان والو!

ع ۳۶

Marfat.com

أَنفِقُوا مِن طَيِّبَاتِ مَا كَسَبْتُمْ وَمِمَّا

اپنی کمائی میں سے پاک چیزیں اور نیز وہ چیزیں

أَخْرَجْنَا لَكُم مِّنَ الْأَرْضِ ۖ وَلَا تَيَمَّمُوا

جو ہم نے تمہارے لیے زمین سے اگائی ہیں وہ دیا کرو اور ایسی بُری

الْخَبِيثَ مِنْهُ تُنفِقُونَ وَلَسْتُم بِآخِذِيهِ

چیز کے دینے کا تو ارادہ بھی نہ کرنا کہ جس کو تم خود بھی

إِلَّا أَن تُغْمِضُوا فِيهِ ۚ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ

بغیر چشم پوشی کیے نہیں لے سکتے اور جان رکھو کہ اللہ

غَنِيٌّ حَمِيدٌ ﴿٢٦٧﴾

بے پروا خوبیوں والا ہے۔

ترکیب

من نخیل صفت جنۃ کی کہ تجری اور لہٗ فیہا الخ واصابہ الکبر جملہ بحذف قد حال ہے احد سے ولہٗ ذریۃ حال ہے اصابہ کی ضمیر سے ولا تیمموا اے لاتقصدوا فعل الخبیث مفعول منہ جار مجرور متعلق تنفقون سے اور تقدیم تخصیص کے لیے پس یہ جملہ اعنی تنفقون منہ حال ہے الخبیث سے ولستم بآخذیہ الخ جملہ حال ہے فاعل تنفقون سے۔

تفسیر

یہ ایک اور مثال اس شخص کے لیے بیان کی گئی کہ جو خیرات و صدقہ خلوص نیت سے نہیں دیتا یا دے کر احسان جتلاتا اور سائل کو طعن اور عار کی باتوں سے ایذا دیتا ہے وہ یہ کہ کسی کے پاس ایک ایسا عمدہ باغ ہو کہ جس میں اکثر کھجور اور انگور ہوں اور اس میں نہریں بھی ہوں یعنی آب رواں اور علاوہ اس کے اس میں ہر قسم کا میوہ ہو اور مالک باغ کا بڈھا ہو کہ علاوہ اس عمدہ باغ کی آمدنی کے اور کوئی وجہ معاش نہ رکھتا ہو، نہ اور فنون کسب معاش پر قادر ہو اور اس پر طرہ یہ ہو کہ اُس بے کسی کی حالت میں اس کے ضعیف ننھے ننھے بال بچے بھی ہوں کہ جن کا خرچ اور پرورش سب اسی کے ذمہ ہو۔ پھر اس حالت میں اس باغ پر کوئی آفت آسمانی ایسی پڑ جائے کہ جو اس کو جلا کر نیست و نابود کر دے۔ پھر دیکھیے کہ اُس شخص پر کس قدر صدمہ اور کیا بے کسی اور حیرت اور حسرت طاری ہوتی ہے۔ اسی طرح انسان کا صدقہ و خیرات عالم غیب میں نہایت عمدہ باغ کی صورت میں کہ جس کے صفات مذکور ہوئے ظہور کرتا ہے اور عالم آخرت میں انسان بڈھے کی طرح حسنات اور اعمال صالحہ کرنے سے معذور و مجبور ہوتا ہے اور اس کو اپنی اس کمائی اور انھیں اعمال صالحہ کی طرف توقع کی نظر ہوتی ہے اور اس کا احسان جتلانا اور ایذا دینا اور خلوص نیت نہ ہونا بمنزلہ بگولے کے ہے کہ جس میں لُو اور آگ ہو کہ جو اس کے اُس تر و تازہ باغ کو خاک سیاہ کر دیتی ہے۔ فرماتا ہے کہ آیا کوئی تم میں سے ایسا چاہتا ہے کہ ایسا باغ ایسی حالت میں تباہ ہو جاوے یعنی کوئی نہیں چاہتا۔ پھر تم کیوں اپنے اُس تر و تازہ باغ کو تباہ کرتے ہو؟ اس کے بعد یہ بتلاتا ہے کہ کیسی چیزیں خیرات و صدقہ میں دینی چاہییں آیا دل سے اُتری ہوئی کہ جن کو باہم بھی کوئی بجز کراہت اور ناخوشی کے نہیں لیتا، یا عمدہ اور مرغوب چیزیں۔ حکم دیتا ہے کہ اپنی کمائی میں کو عمدہ چیزیں دو۔ اور نیز طیبات ما کسبتم میں یہ بھی اشارہ ہے کہ جو چیز تم نے حلال اور جائز طور سے حاصل کی ہے اس کو دو، اسی کو خدا قبول بھی کرتا ہے حرام اور ناجائز کمائی کی خیرات اس کے نزدیک قبول نہیں ہوتی۔ اور جو چیزیں کہ اناج میوے وغیرہ زمین سے پیدا ہوتے ہیں ان میں سے بھی دو اور جن چیزوں کو تم خرچ کرتے ہو اُن میں سے اُن بُری چیزوں کے دینے کا تو قصد بھی نہ کرنا کہ جن کو تم بھی خوشی سے نہیں لیتے کس لیے کہ خدا بے پرواہ ہے بُری نذریں قبول نہیں فرماتا۔ تغمضوا اغماض آنکھ بند کرنا، اور اس کی اصل

Marfat.com

غموض یعنی چھپانا ہے۔ اسی لیے کلامِ خفی کو غامض کہتے ہیں۔ مگر یہاں مراد مباہلت ہے۔ کیوں کہ آدمی جب کوئی ناپسند چیز دیکھتا ہے تو آنکھ بند کر لیتا ہے ۞

الشَّيْطٰنُ يَعِدُكُمُ الْفَقْرَ وَيَاْمُرُكُمْ

شیطان تو تم کو محتاجی سے ڈراتا اور بُری باتوں کا

بِالْفَحْشَآءِ ۚ وَاللّٰهُ يَعِدُكُمْ مَّغْفِرَةً

حکم دیتا ہے اور اللہ تم سے اپنی بخشش اور

مِّنْهُ وَفَضْلًا ۗ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۶۸﴾

فراخی کا وعدہ کرتا ہے اور اللہ وسعت دینے والا خبردار ہے

يُّؤْتِي الْحِكْمَةَ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَنْ يُّؤْتَ

جس کو چاہتا ہے دانائی عطا کرتا ہے اور جس کو دانائی

الْحِكْمَةَ فَقَدْ اُوْتِيَ خَيْرًا كَثِيْرًا ۗ وَمَا

دی گئی تو اُس کو سب کچھ دیا گیا اور

يَذَّكَّرُ اِلَّآ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿۲۶۹﴾ وَمَآ

سمجھتے بھی وہی ہیں جو عقل مند ہیں اور جو

اَنْفَقْتُمْ مِّنْ نَّفَقَةٍ اَوْ نَذَرْتُمْ مِّنْ

کچھ بھی تم خیرات کرتے ہو یا کوئی نذر

نَّذْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُهٗ ۗ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ

مانتے ہو تو بیشک اللہ اس کو جانتا ہے اور ظالموں کا تو کوئی

مِنْ اَنْصَارٍ ﴿۲۷۰﴾ اِنْ تُبْدُوا الصَّدَقٰتِ

بھی مددگار نہیں اگر خیرات ظاہر کر کے دو

فَنِعِمَّا هِيَ ۚ وَاِنْ تُخْفُوْهَا وَتُؤْتُوْهَا

تو بھی اچھا ہے اور اگر اس کو چھپا کر فقیروں کو

الْفُقَرَآءَ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَيُكَفِّرُ

دو تو یہ تمہارے لیے (زیادہ) بہتر ہے اور یہ تمہارے

عَنْكُمْ مِّنْ سَيِّاٰتِكُمْ ۗ وَاللّٰهُ بِمَا

گناہوں کو مٹا دے گا اور جو کچھ تم

تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۲۷۱﴾

کر رہے ہو اللہ سب سے واقف ہے

ترکیب

الشیطان مبتدا یعدکم الخ جملہ خبر واللہ مبتدا یعدکم خبر منہ صفت ہے مغفرۃ کی جو مفعول ثانی ہے یعد کا یؤتی الحکمۃ جملہ صفت ہے علیم کی وما انفقتم الخ شرط فان اللہ الخ جواب۔ ان تبدوا شرط فنعما ہی جواب جس کے لیے نعما اصل میں نعم ماتھا، باہم ادغام کر دیا ہی مبتدا موخر نعم فعل ماںکرہ بمعنی شئے اس کا فاعل مجموعۂ خبر۔ اور یوں بھی ہے کہ ہی مخصوص بالمدح خبر مبتدا محذوف کی ہو تقدیر الکلام نعم الشئی شیئاً ہی۔

تفسیر

خیرات وصدقات سے اکثر خیالاتِ فاسدہ منع کیا کرتے ہیں کہ یہ مال جا کر پھر کہاں سے آئے گا تمہارے بال بچے ہیں، آئندہ کیا کیا ضرورتیں پیش آنی ہیں، جن کا منشاء انسان کا طبعی بخل ہے شیطان ان خیالاتِ فاسدہ کو دل میں ڈالتا ہے مگر ایمانداروں کے دلوں میں خدا کی طرف سے ایک روحانی سلسلۂ الہام بھی قائم ہے اس کے ذریعہ سے خدا اس صدقہ وخیرات پر مغفرت اور فضل یعنی کشائش وفراغ دستی وبرکت کا وعدہ کرتا ہے۔ کس لیے کہ واللہ واسع علیم خدا بڑی کشائش دینے والا اور خبردار ہے۔ انسان اپنے ذرائع معاش اور کوشش کو وسعت کا سبب جانتا ہے۔ حالانکہ یہ غلط ہے کس لیے کہ بارہا ایک دو نہیں تو سیکڑوں عاقلوں کی کوششیں اور باریک بینیاں بے کار ہو جاتی ہیں بجائے فائدہ اور دولت کے افلاس اور نقصان پیش آتا ہے۔ یہ اسرار اور حکمت ہر ایک کو نصیب نہیں،

Marfat.com

ہر ایک کا فہم یہاں تک نہیں پہنچتا مگر انھیں کے فہم کو رسائی ہوتی ہے کہ جن کو خدا نے حکمت یعنی دانائی دی ہے اور جس کو دانائی دی گئی اُس کو سب کچھ دیا گیا۔ کس لیے کہ انسانی سعادت خواہ دنیاوی ہو یا اخروی ہو سب علم و حکمت ہی پر مبنی ہے اس خزانہ غیبی کے آگے دولت و مال و اسباب کامرانی کیا چیز ہیں۔ ممکن ہے کہ خدا کا وعدہ مغفرت و کشائش انبیاء کی معرفت ہوا ہو جو ہر ایک شریعت میں متوارث ہے شیطان صدقہ و خیرات کرنے پر تنگ دستی ہی سے نہیں ڈراتا بلکہ فحش کا بھی حکم دیتا ہے۔ سائلوں کو گالیاں دینا اور نیک کاموں کی مذمت کرنا، شہوات و لذات اور نمود کے کاموں میں روپیہ اُڑانا، شراب خواری اور زناکاری، قمار بازی اور سب بازیوں میں بے دریغ روپیہ اٹھانا، شہرت کے لیے مجامع کرنا، رقص و سرود کی مجلسیں بیاہ شادی میں کرنا، بلا حاجت مکانات بنانا وغیرہ جملہ فحش شیطانی الہام ہے جس کا بدیہی نتیجہ افلاس اور رسوائی ہے۔ عجب ہے کہ اُن کاموں میں روپیہ خرچ کرنے سے تو افلاس سے ڈرتا ہے مگر شیطانی کاموں میں بے دریغ اُڑانے سے افلاس سے نہیں ڈرتا حالانکہ رات دن دیکھا جاتا ہے کہ شیطانی کاموں میں صرف کرنے سے افلاس آتا ہے جس کی نظیر ہندوستان کے امراء زادے موجود ہیں۔ اور نیک کاموں میں صرف کرنے سے اب تک کوئی بھی محتاج دیکھا نہیں گیا بلکہ برکت اور فراغ دستی دیکھی جاتی ہے۔ مگر شیطانی الہام نے کیسا برعکس معاملہ سمجھایا ہے۔ اس کے بعد حکم دیتا ہے کہ جب تمھارے دل میں اخلاص ہے تو تم کو اختیار ہے مخفی طور سے دو یا ظاہر دو۔ پھر خلوص نیت پر آمادہ رہنے کے لیے واللہ بما تعملون خبیر فرمایا۔

لَيْسَ عَلَيْكَ هُدٰىهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ

(اے نبی) آپ کا ذمہ نہیں کہ ان کو راہ راست پر لائیں لیکن اللہ

يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ

جس کو چاہتا ہے راہ راست پر لاتا ہے اور تم جو کچھ بھی اچھی چیز خیرات

خَيْرٍ فَلِاَنْفُسِكُمْ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْنَ اِلَّا

کرتے ہو تو اپنے ہی بھلے کے لیے کرتے ہو اور تم تو صرف اللہ کی رضامندی

ابْتِغَآءَ وَجْهِ اللّٰهِ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ

حاصل کرنے کے لیے خرچ کیا کرتے ہو اور جو کچھ تم خیرات کرو گے تو پوری

خَيْرٍ يُّوَفَّ اِلَيْكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ﴿۲۷۲﴾

پوری تم کو ملے گی (یعنی اس کا ثواب) اور تمہارا کوئی حق رکھا نہ جائے گا۔

لِلْفُقَرَآءِ الَّذِيْنَ اُحْصِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ

(خیرات تو) اُن فقیروں کا حق ہے جو اللہ کی راہ میں گھر گئے

اللّٰهِ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ضَرْبًا فِي الْاَرْضِ ز

ہوں ملک میں کہیں جا بھی نہیں سکتے

يَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ اَغْنِيَآءَ مِنَ التَّعَفُّفِ ج

ناواقف تو ان کو قناعت کے سبب غنی سمجھتا ہے

تَعْرِفُهُمْ بِسِيْمٰهُمْ ج لَا يَسْـَٔلُوْنَ النَّاسَ

(تو اے مخاطب) انکی صورت (و شکل) سے انکو خوب جان سکتا ہے وہ کسی سے چمٹ کر نہیں

اِلْحَافًا ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ

مانگتے اور تم جو کچھ بھی کام کی چیز خرچ کرو گے سو اُس کو

اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ﴿۲۷۳﴾ ع اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ

اللہ جانتا ہے جو لوگ رات اور

اَمْوَالَهُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً

دن چھپے اور کھلے اپنے مال اللہ کی راہ میں خرچ کیا کرتے ہیں

فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ

تو ان کا اجر ان کے رب کے پاس موجود ہے نہ اُن پر کچھ

عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۲۷۴﴾

خوف ہوگا اور نہ وہ کبھی رنجیدہ ہوں گے۔

۳۷ ع ۷ ۵

وقف منزل

Marfat.com

ترکیب

للفقراء خبر ہے مبتدا محذوف کی اے الصدقات المذکورۃ للفقراء۔ پھر فقراء کے احصروا الخ لایستطیعون ضربا یحسبھم الجاہل اغنیاء تعرفھم بسیماھم لایسئلون الناس پانچ وصف بیان فرمائے اول بطور صفت اور باقی بطور حال وفیہ سر لایسعہ المقال الذین موصول وصلہ مبتدا فلھم اجرھم جملہ خبر اور ف اس لیے کہ مبتدا میں بُوئے شرط تھی۔

تفسیر

یہ خیرات کی بابت چوتھا حکم ہے جس طرح پہلی آیتوں میں خیرات میں دینے کے قابل چیزوں کا بیان تھا، اس میں اُن لوگوں کا بیان ہے کہ جن کو خیرات دینی چاہیے۔ صحابہ یا خود آں حضرت علیہ السلام مشرکین اور بت پرستوں کو دینے میں کوتاہی کیا کرتے تھے ان کی بت پرستی سے نفرت کر کے، اس پر حکم آیا کہ تم ہر ایک محتاج کو دو خواہ مومن ہو خواہ کافر بدکار۔ ہدایت پر لانا آپ کا ذمہ نہیں کہ آپ ان کو ایسی باتوں سے مجبور کر کے مسلمان کر دیں، ایمان اور ہدایت اُس کے قبضہ میں ہے جس کو چاہتا ہے نصیب کرتا ہے۔ تم شوق سے دو تم کو ان کی بت پرستی سے کیا تم تو خاص اللہ کی رضامندی کے لیے دیتے ہو۔ اب جو کچھ تم دو گے، پاؤ گے۔ اُن کو کیا دیتے ہو اپنے لیے جمع کرتے ہو یہ سب خدا تم کو واپس دے گا کچھ نہ لے گا۔

اس کے بعد جو لوگ خیرات کے لیے زیادہ مستحق ہیں اُن کو بیان کرتا ہے کہ ان صدقات کے زیادہ مستحق وہ فقرا ہیں کہ جن میں یہ پانچ باتیں پائی جاتی ہیں (۱) یہ کہ وہ خدا کی راہ میں بند کیے گئے ہوں جیسا کہ آں حضرتؐ سے تعلیم پانے اور شب و روز یادِ الٰہی میں بہت سے صحابی[1] گھر بار چھوڑ کر حضور میں حاضر رہتے تھے۔ جن کے فیض نے آں حضرتؐ کے بعد تمام عالم کو منور کیا، سو اُن کا دنیا علاوہ ثواب کے تائید و تقویت اسلام بھی ہے۔ اس لیے ہر زمانے میں طلباء و علماء و خادمانِ دین کی خدمت ضروری سمجھی گئی (۲) یہ کہ وہ ان وجوہ سے پاشکستہ ہو کر بیٹھ گئے ہیں، کہیں تجارت یا سوال کے لیے نہیں جا سکتے۔ (۳) اس فقر و فاقہ پر بھی اس کشادہ پیشانی اور خرمی سے گزارتے ہیں کہ ناواقف ان کو اس بے اعتنائی اور بے سوالی سے غنی سمجھتا ہے (۴) جس سے اُن کے چہروں پر انوارِ تقدس ایسے چمکتے ہیں کہ جن کو ہر ایک صاحب بصیرت پہچان لیتا ہے کہ یہ خاصانِ خدا اور محبوبِ کبریا ہیں۔ (۵) ان میں صفتِ توکل غالب ہے۔ عام سائلوں کی طرح سے در بدر بھیک مانگتے، اور رستوں میں لوگوں سے لپٹتے نہیں (جیسا کہ آج کل چرس اور بھنگ پی کر گدائی کرنا ولایت اور کمال احمقوں میں سمجھا جاتا ہے) اس کے بعد زیادہ خیرات دینے کی ترغیب دیتا ہے کہ جو اپنا مال رات دن خدا کی راہ میں خرچ کرتے ہیں نہ ان کو اس مال کے خرچ کرنے سے رنج ہوگا نہ اُن کو کچھ آخرت میں خوف ہوگا۔

الَّذِينَ يَأْكُلُونَ الرِّبٰوا لَا يَقُومُونَ	
جو لوگ	سُود کھاتے ہیں (قیامت میں) کھڑے نہ ہوں گے
إِلَّا كَمَا يَقُومُ الَّذِي يَتَخَبَّطُهُ الشَّيْطٰنُ	
مگر	جس طرح کہ وہ شخص کھڑا ہوتا ہے کہ جس کو بھوت چمٹ کر
مِنَ الْمَسِّ ذٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَالُوا إِنَّمَا	
دیوانہ کر دیتا ہے	یہ اس لیے کہ انہوں نے کہہ دیا کہ سودا
الْبَيْعُ مِثْلُ الرِّبٰوا وَأَحَلَّ اللّٰهُ	
کرنا بھی تو سود ہی جیسا ہے	حالانکہ خدا نے سودے کو
الْبَيْعَ وَحَرَّمَ الرِّبٰوا فَمَنْ جَاءَهُ	
تو حلال اور سُود کو حرام کر دیا ہے	پھر جس کے پاس

[1] یہ مہاجرین کے گروہ میں سے ایک خاص فرقہ تھا جن کو اصحاب الصفہ کہتے تھے ۱۲ منہ

Marfat.com

مَوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ فَانْتَهٰى فَلَهٗ مَا سَلَفَ ۚ
اس کے رب کی طرف سے نصیحت پہنچ جائے پھر وہ باز آجائے تو جو کچھ لے چکا وہ اسکا ہو گیا
وَاَمْرُهٗۤ اِلَى اللّٰهِ ؕ وَمَنْ عَادَ فَاُولٰٓئِكَ
اور اس کا معاملہ خدا کے حوالے اور جو پھر بھی سودے تو یہ لوگ
اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝٢٧٥
دوزخی ہیں جو اُس میں سدا رہا کریں گے۔
يَمْحَقُ اللّٰهُ الرِّبٰوا وَيُرْبِى الصَّدَقٰتِ ؕ
خدا سود کو مٹاتا اور خیرات کو بڑھاتا ہے
وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ كَفَّارٍ اَثِيْمٍ ۝٢٧٦ اِنَّ
اور اللہ کو کوئی بھی ناشکر گناہگار پسند نہیں بے شک
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاَقَامُوا
جو لوگ ایمان لائے اور (انہوں نے) اچھے کام کیے اور نماز
الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ لَهُمْ اَجْرُهُمْ
پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے رہے اُن کا اجر
عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَ
ان کے رب کے پاس ہے اور نہ اُن کو کوئی خوف ہوگا اور
لَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝٢٧٧
نہ وہ کبھی رنجیدہ ہوں گے۔

ترکیب

الذین یاکلون الخ مبتدا لایقومون الخ جملہ خبر کما کاف موضع نصب میں ہے صفت ہے مصدر محذوف کی، تقدیرہ الاقیاما مثل قیام الذی الخ ذلک مبتدا بانھم الخ خبر من المس متعلق ہے یتخبطہ سے فمن جا، شرط فلہ ما سلف جواب وامرہ معطوف جواب پر ومن عاد شرط فاولئک۔ جواب الذین آمنوا اسم لھم اجر خبر۔

تفسیر

صدقہ وخیرات کے بعد سود کی برائیاں بیان کرنا اور اس کو حرام کر دینا گویا صدقہ وخیرات کے بیان کو پورا کر دینا ہے۔ کس لیے کہ جس طرح صدقہ وخیرات میں رحم دلی اور مسکینوں اور غریبوں کی دست گیری ہے اسی طرح سود میں سخت دلی، اور حاجت مندوں پر سخت گیری ہے یہ اُس کی پوری ضد ہے۔ ہم پہلے الفاظ آیت کی تفسیر پھر مسئلہ ربوٰا کی تشریح اور اس کے حرام ہونے کی وجہ بیان کرتے ہیں:۔

فرماتا ہے کہ جو لوگ سود کھاتے ہیں وہ قیامت میں اس فعل بد کی سزا میں عذاب الٰہی کی دہشت سے بدحواس ہوں گے جیسا کہ کوئی خبل آسیب سے بدحواس ہو جاتا ہے (چونکہ دنیا میں محتاجوں کو اُن کی سخت گیری سے دہشت اور حیرانی ہوتی تھی، اُن کا یہ فعل اُس عالم میں اُن پر آسیب بن کر سوار ہوگا) اور یہ اس لیے ہوگا کہ ان سود خوروں نے یہ بات بنائی ہے کہ سود میں اور بیع میں کیا فرق ہے جس طرح ایک روپیہ کی چیز کو دس روپے میں بیچنا درست ہے اسی طرح بوقتِ حاجت کسی کو دس روپے دے کر پندرہ لینا اپنے روپیہ کا نفع حاصل کرنا ہے کہ جس سے اتنی مدت میں ہم نفع حاصل کرتے، اس کا جواب دیتا ہے یہ تمہارا قیاس غلط ہے کیونکہ بیع میں ایک چیز معاوضہ میں دی جاتی ہے اور سود میں اصل روپیہ لے کر اس پر زیادتی کون سی چیز کا معاوضہ ہے؟۔ رہی یہ بات کہ اس سے ہم نفع حاصل کرتے تو یہ یقینی بات نہیں۔ اس تقریر کی طرف اجمالاً احل اللہ البیع وحرم الربوٰا میں اشارہ کر دیا۔ اس کے بعد فرماتا ہے کہ اس کی ممانعت سے پہلے جو کچھ کسی نے لے لیا خیر وہ اس کا ہو گیا دنیا میں اس پر کچھ مطالبہ نہیں آخرت میں خدا چاہے تو معاف کرے چاہے حساب لے وامرہ الی اللہ لیکن باوجود حکم ممانعت آنے کے پھر جو کوئی سود لے گا اور خدا کے حکم حقیر جانے گا۔ تو

Marfat.com

جہنمی ہوگا ہمیشہ اس میں رہے گا۔ سود خور نادان نہ ہوں کہ ہم نفع حاصل کر رہے ہیں بلکہ نقصان کر رہے ہیں کیونکہ خدا کے نزدیک یہ روپیہ نہایت مکروہ ہے۔ اُس عالم میں اس سے کچھ نفع نہ ہوگا کیونکہ اُس عالم میں خدا اس کو مٹاتا ہے گو بظاہر زیادتی معلوم ہو مگر باطن میں بربادی ہے۔ برخلاف صدقہ و خیرات کے، ظاہر میں مال گھٹتا ہے لیکن باطن میں بڑھتا ہے۔ اس لیے احادیث صحیحہ میں آیا ہے کہ جب کوئی خلوص نیت سے خدا کی راہ میں کوئی تھوڑی سی چیز بھی دیتا ہے تو خدا اس کو عالم باطن میں بڑھاتا ہے اور زیادہ کرتا ہے یہاں تک کہ بعد مرنے وہ تھوڑی سی چیز اس کو پہاڑ کے برابر اجر میں معلوم ہوگی۔ و یربی الصدقات۔ چونکہ سود خور چند مدت کی مہلت کا معاوضہ لیتا ہے اور یہ خدا کی نعمت و دولت کی ناشکری ہے سو اُسکو کوئی ناشکر گنہگار نہیں بھاتا بلکہ وہ نفرت کرتا ہے جس کی نفرت کا پرتو اس عالم میں یہ ہوتا ہے کہ سود خور کو لوگ بہ نظر حقارت دیکھتے اور مکروہ جانتے ہیں اور سخی کی عزت اور اس سے محبت کرتے ہیں۔

اس وعید کے بعد ایمان داروں کو (کہ جو خیرات و زکوٰۃ دیتے ہیں) خوشخبری سُناتا ہے کہ یہ اُن کا مال برباد نہیں جاتا بلکہ اس کے پاس جمع ہوتا ہے اُس عالم میں سب کا اجر ملے گا۔ کہ ان کو کوئی رنج و غم نہ ہوگا، عالمِ قدس میں شاداں رہیں گے کیونکہ انہوں نے میرے محتاج بے کسوں کے دل خوش کیے تھے لاخوف علیہم ولاہم یحزنون۔

ف۔ اقسام ربوا

ربوا (یعنی سود بیاج) لغت میں زیادتی کا نام ہے کہتے ہیں ربوالشی یربو۔ ومنہ قولہ تعالیٰ اہتزت وربت ای زادت۔ ربوا کی دو قسم ہیں ربا النسیہ، ربا الفضل۔ اول قسم کا ربوا ایام جاہلیت میں جاری تھا اور وہ یہ تھا کہ کوئی شخص کسی کو کسی میعاد پر قرض دیا کرتا تھا اور اس پر کچھ ماہواری مقرر کر لیتا تھا پھر جب میعاد پر وہ روپیہ مدیون سے ادا نہ ہوتا تھا تو قرض خواہ اصل میں کچھ اور بڑھا کر مہلت دیتا تھا۔ اور کبھی سود کو اصل میں جمع کر کے پھر اس پر سود لگایا کرتا تھا جس کو اضعافاً مضاعفاً اور سود کہتے ہیں۔ سود خواروں کا عموماً دستور ہے۔ قسم دوم یہ ہے کہ گیہوں یا جو وغیرہ کسی چیز کو اُسی کی جنس سے ڈیوڑھے یا دُگنے پر فروخت کیا جاوے۔ حضرت عبداللہ بن عباسؓ کی اول میں یہ رائے تھی کہ اول قسم کا ربوا حرام ہے اور قسم ثانی درست ہے مگر انہوں نے اس مذہب سے رجوع کیا۔ لیکن جمہور ائمہ دونوں قسم کے سود کو حرام کہتے ہیں اول کی حرمت قرآن کی انہیں آیات سے ثابت ہے اور قسم دوم کا حرام ہونا احادیث صحیحہ سے ثابت ہے۔ من جملہ ان کے ایک حدیث صحیح ہے کہ جس کو عمر بن الخطاب اور عبادہ بن صامت اور ابوسعید خدری رضی اللہ عنہم سے اصحاب الصحاح نے روایت کیا ہے قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم الذہب بالذہب والفضۃ بالفضۃ والبر بالبر والشعیر بالشعیر والتمر بالتمر والملح بالملح مثلاً بمثل سواء بسواء یداً بید فاذا اختلف ہذہ الاصناف فبیعوا کیف شئتم اذا کان یداً بید۔ رواہ مسلم

اس حدیث میں جناب نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن چھے چیزوں میں برابر برابر اور دست بدست فروخت کرنے کا حکم دیا اور وہ چھے چیزیں یہ ہیں سونا چاندی گیہوں جو چھوارا نمک۔ پس جب سونے کو سونے سے اور چاندی کو چاندی سے اور گیہوں کو گیہوں سے اور جو کو جو سے اور چھواروں کو چھواروں سے اور نمک کو نمک سے فروخت کریں تو کمی زیادتی نہ کریں اور اُسی وقت دیویں تو اُسی وقت لیویں اگر سیر دے کر دو سیر لے گا یا دیر کر کے وقت سیر بھر ہی لیگا، تو یہ ربوا ہوگا۔ پھر علماء ظاہریہ کہتے ہیں کہ صرف انہیں چھے چیزوں میں ربوا ہے باقی اور چیزوں میں نہیں۔ سیر بھر باجرہ جوار دے کر دو سیر خواہ اُسی وقت لو خواہ پھر۔ مگر مجتہدین بالخصوص ائمہ اربعہ یہ کہتے ہیں کہ علاوہ ان کے اور چیزوں میں بھی انہیں پر قیاس کر کے حکم جاری ہوگا مگر جب کسی چیز کو کسی چیز پر قیاس کرتے ہیں تو دونوں میں ایک صفت مشترکہ

Marfat.com

ضرور دیکھا جاتا ہے جس کو علماء اصول فقہ میں علت کہتے ہیں۔ اس علت میں ائمہ کا اختلاف ہے۔ امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک قدر و جنس ہے یعنی تُلنے اور بِکنے والی چیز ہوں۔ تول اور ناپ کو قدر کہتے ہیں پس اگر یہ چیز بھی تل کر بکتی ہے اور دوسری بھی جیسا کہ چاندی سونا پھر اگر دونوں ایک جنس ہیں تو بیع میں کمی زیادتی بھی منع ہوگی اور اُدھار بیچنا بھی۔ اور اگر صرف قدر میں شریک ہیں اور جنس غیر ہیں جیسا کہ گیہوں اور جَو کہ دونوں تُلنے کر بکتے ہیں مگر جنس الگ الگ ہیں اس صورت میں زیادہ لینا دینا تو درست ہوگا مثلاً گیہوں سیر دے کر دو سیر جَو خرید لے مگر اُدھار کرنا درست نہ ہوگا۔ اسی طرح جنس ایک ہو مگر قدر میں شریک نہ ہوں جیسا کہ اپاری کی ایک ٹنگی کو دو کے ساتھ فروخت کرے تو وہاں بھی فضل جائز ہے نسیئہ حرام۔ خلاصہ یہ کہ اگر قدر و جنس دونوں متحد ہوں گے تو فضل اور نسیئہ دونوں حرام ہونگے اور ایک بات میں اتحاد ہوگا تو صرف نسیئہ یعنی اُدھار بیچنا حرام ہوگا فضل یعنی زیادہ لینا درست ہوگا اور جو دونوں میں اتحاد نہیں تو فضل نسیئہ دونوں درست ہوں گے جیسا کہ روپیہ سے غلہ خریدنا یا بیچنا۔ اب رہی یہ بات کہ امام صاحبؒ نے ان دونوں چیزوں کو علت کیوں قرار دیا؟ اس کے اَدلّہ کتب حنفیہ میں مذکور ہیں۔

دوسرا قول امام شافعیؒ کا ہے وہ یہ کہ چار چیزوں میں علت ربوٰا کے حرام ہونے کے لیے طعم ہے یعنی کھانے میں آنا اور چاندی سونے میں نقدیت اور دوسرا وصف جنس کا متحد ہونا۔ تیسرا قول امام مالکؒ کا ہے وہ یہ کہ علت قوت ہے یعنی غذا ہونا یا جو اس کی اصلاح کرے جیسا کہ نمک۔ چوتھا قول عبدالملک بن ماجشون کا ہے یعنی قابل نفع ہونا۔ انہیں باتوں پر نظر کر کے علماء نے فرمایا ہے کہ آیت ربوٰا مجمل ہے۔ اور حضرت عمرؓ نے بھی کہا کہ آں حضرتؐ دنیا سے تشریف لے گئے اور ربوٰا کے مسائل ہنوز ہم نے حل نہیں کیے۔ اس مجمل کی تفسیر ائمہ نے خوب کر دی ہے۔ اب جو کوئی خواہ مخواہ اس آیت کی تخصیص کر کے کہ "صرف غریبوں سے سود لینا حرام ہے اور دولت مندوں سے درست ہے اور گورنمنٹ کے پرامیسری نوٹ کی آمدنی بھی درست ہے اور رفاہِ عام کے سرمایہ کا سود لینا بھی درست ہے اور ریل وغیرہ امورِ تمدن میں بھی سود کے لیے روپیہ دینا درست ہے" اس کا کیا اعتبار ہے؟ پھر اس پر دہلی کے علماء پر بہتان باندھنا کہ انہوں نے ایسا فتویٰ دیا تھا، صریح غلط ہے اور یہ کہنا کہ یہ مسئلہ تجارت اور ترقی ملک کے حق میں شاہراہ ہے سخت بے وقوفی اور ابلہ فریبی ہے۔ حق یہ ہے کہ سود کی تمام قسمیں حرام ہیں اور اس پر چار وعید نازل ہیں:۔

اوّل تخبط اور اس کے بعد حرم الربوٰا دوم ومن عاد فاولئک اصحاب النار ہم فیہا خالدون کہ سود کو جائز کرنے والے ہمیشہ جہنم میں رہیں گے۔ سوم یمحق اللہ الربوٰا۔ چہارم فاذنوا بحرب من اللہ ورسولہ کہ سود خواروں کو اللہ اور رسول سے لڑائی

لہ یعنی معاملات بمعاوضہ قیمت ان کا جاری ہونا۔ دیکھو جو لین دین ہوتا ہے تو روپیہ اشرفی سے ہوتا ہے ۱۲ منہ

عہ امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک پھلوں وغیرہ ان چیزوں میں کہ جو وزن اور پیمانہ سے فروخت نہیں ہوتیں بڑھوتری ربوٰا کا حکم نہیں رکھتیں۔ اسی طرح امام شافعیؒ کے نزدیک جو چیزیں بمعادلہ سونے کے دی جاتی ہیں، جیسا کہ لوہا، تانبا، پیتل اور کپڑا وغیرہ ان کی بڑھوتری میں ربوٰا نہیں اور امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک ہے۔ اور امام مالکؒ کے نزدیک سوا چاندی سونے کے اور جس قدر چیزیں کھانے میں نہیں آتیں نہ ذخیرہ ہو سکتی ہیں جیسا کہ سبز ترکاری اور تانبا لوہا وغیرہ ان میں بھی ربوٰا نہیں۔ اور اس مسئلہ کی تعریفات کتب فقہ میں نہایت تشریح کے ساتھ مذکور ہیں ۱۲ منہ

ف سودی حرمت کی وجہ

Marfat.com

کرنے پر مطلع کر دو۔ اسی طرح احادیث صحیحہ میں اس کے لینے والے اور دینے والے اور کاتب اور شاہد سب پر لعنت آئی ہے۔ اور سرّ اس کا یہ ہے (۱) ہر فعل کی روح پر رنگ کی طرح پیوست ہو جاتا ہے اور تجربہ سے یہ ثابت ہو چکا ہے کہ سود خوری سے دل پر سختی اور روپیہ کی محبت اور بزدلی اس درجہ کی طاری ہوتی ہے کہ جس کا کچھ بیان نہیں اور یہ تینوں اوصاف نہایت درجہ کے خراب ہیں۔ دیکھیے سود خور کیسے سخت دل ہوتے ہیں کہ کیسا ہی غریب و مفلس کیوں نہ ہو اس کی خانہ بربادی کر کے اپنا بھلا کرنے میں دریغ نہیں کرتے۔ اور بزدلی ان کی مشہور ہے۔ اور اسی لیے آپ تاریخوں کے ورق اُلٹ جائیے کبھی کسی سود خور قوم کو آپ نہ پاویں گے کہ اس نے اولوالعزمی کی ہو یا فاتح ملک ہوئی ہو۔ بلکہ بیشتر یہ ناجائز روپیہ جمع کیا ہوا دلیروں کے ہاتھ لگا کرتا ہے۔ یہ تاثیر تو دنیا میں ظاہر ہوتی ہے اور عالم باطن میں اس کے یہ اخلاقِ رذیلہ ہمیشہ اس کی روح کو صدمہ پہنچاتے ہیں جیسا کہ اس نے لوگوں کے دلوں پر صدمہ پہنچایا (۲) سود خوری سے ملک کی ترقی اور علوم و فنون اور کارخانوں اور تجارت کی طرف (کہ جو قوم اور ملک اور سلطنت کی رونق کا باعث ہیں) توجہ نہیں رہتی اور بدنیتی آجاتی ہے۔ آپ سود خوروں کے ملک کو کبھی سرسبز نہیں دیکھیں گے بلکہ صرف انھیں چند مُردار خوروں کو (۳) صلہ رحمی اور ہمدردیٔ انسانی اور مروت کا دروازہ اس سے بند ہو جاتا ہے، اعاذنا اللہ منہ۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَذَرُوْا

ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور جو کچھ

مَا بَقِيَ مِنَ الرِّبٰٓوا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۲۷۸﴾

سود لینا باقی رہ گیا ہے اس کو چھوڑ دو اگر تم (سچے) مومن ہو۔

فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا فَاْذَنُوْا بِحَرْبٍ مِّنَ

پھر اگر (یہ) نہیں کرتے تو اللہ اور اس کے رسول سے

اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۚ وَاِنْ تُبْتُمْ فَلَكُمْ

لڑنے کے لیے خبردار ہو جاؤ اور اگر توبہ کرتے ہو تو تم کو

رُءُوْسُ اَمْوَالِكُمْ ۚ لَا تَظْلِمُوْنَ وَ

تمہاری اصل رقم پہنچ سکتی ہے نہ تم ظلم کرو اور

لَا تُظْلَمُوْنَ ﴿۲۷۹﴾ وَاِنْ كَانَ ذُوْ عُسْرَةٍ

نہ کوئی تم پر ظلم کرے اور اگر قرض دار تنگ دست ہے

فَنَظِرَةٌ اِلٰى مَيْسَرَةٍ ۭ وَاَنْ تَصَدَّقُوْا

تو اس کو فراخی تک مہلت دینی چاہیے اور اگر (مناسب) سمجھو تو

خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۸۰﴾ وَ

معاف ہی کر دینا تمہارے لیے بہتر ہے اور

اتَّقُوْا يَوْمًا تُرْجَعُوْنَ فِيْهِ اِلَى اللّٰهِ ۡ

اُس دن سے ڈرتے رہا کرو کہ جس دن تم خدا کی طرف لوٹائے جاؤ گے

ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ

پھر جس کسی نے جو کچھ کمایا تھا اس کو پورا پورا دیا جائے گا

وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۲۸۱﴾

اور کسی کا کوئی حق دبا نہ رکھا جائے گا

ترکیب

ان کنتم مؤمنین شرط جملہ مقدم دال بر جزا فان لم تفعلوا شرط فاذنوا الخ جواب وان شرطیہ کان تامہ ذوعسرۃ اس کا اسم فنظرۃ خبر ہے مبتدا محذوف کی اے فالحکم نظرۃ الخ یہ تمام جملہ جواب شرط واتقوا فعل اتم فاعل یوما مفعول بہ ترجعون الخ جملہ اس کی صفت۔

Marfat.com

تفسیر

پہلے فرمایا تھا "سُود سے باز آجاؤ اور جو کچھ ممانعت سے پیشتر لے چکے ہو وہ تمہارا ہے۔" اس پر خیال پیدا ہوتا تھا کہ ممانعت سے پہلے کا جو سود قرض دار کے ذمہ پر چڑھا ہوا ہے وہ بھی ہمارا ہے اس کو لینا چاہیے۔ اس خیال کو خدا تعالیٰ نے رد کیا کہ جو کچھ سود قرض داروں کے ذمہ پر باقی رہ گیا ہے اس کو چھوڑ دو اگر سچا ایمان رکھتے ہو اور جو تم باز نہیں آتے تو تم کو خدا اور اس کے رسول کی طرف سے لڑائی کا اشتہار دیا جاتا ہے کس لیے کہ باوجود ممانعتِ شدید اور تاکید مزید کے پھر سود لینا اور غریبوں کا دل دُکھانا خدا اور اس کے رسول سے جنگ کرنا ہے۔

ہاں اگر تم اس فعلِ بد سے توبہ کرتے ہو تو تم کو تمہارا اصل مال پہنچتا ہے۔ نہ سود لے کر تم کسی پر ظلم کرو نہ اصل مال میں کمی کر کے تم پر ظلم کیا جاوے۔ جب کہ سود کی سخت ممانعت ہو گئی اور ذمہ پر چڑھا ہوا سود لینا بھی حرام ہوا تو قرض خواہ کا قرض دار کو تنگ کر کے جلدی وصول کرنا بھی ایک طبعی بات ہے کس لیے کہ جو امید نفع کی تھی جس کی وجہ سے مہلت دے رہا تھا وہ تو منقطع ہو گئی مگر جو قرضدار تنگ دست ہیں ان کے لیے اس میں بڑی دقت ہے وہ کہاں سے لا کر ان کو دیں اُدھر قرض خواہ ہے کہ تقاضوں کے مارے اس کو پیسے ڈالتا ہے بے آبرو کر رہا ہے قیدیں ڈلوانے کی فکر کر رہا ہے اس لیے خدا تعالیٰ نے ان بے کسوں کے حال زار پر رحم کر کے اس کے ساتھ ہی یہ حکم دیا کہ اگر قرض دار تنگ دست ہے (یعنی سردی گرمی کے کپڑوں اور دو ایک دن کے کھانے اور خرچ عیال کے علاوہ نہ کوئی جائداد رکھتا ہے کہ اس کو فروخت کر کے ادا کرے نہ نقد مال ہے کہ دے کر پیچھا چھڑائے تو اس کو مہلت دینی چاہیے یہاں تک کہ اس کو قرض ادا کرنے کا مقدور حاصل ہو جائے اتنے عرصے میں اس کو تنگ کرنا یا قید کرانا حرام ہے اسلام میں سراسر رحم دلی ہے اول ربوا الفضل کو بھی اسی لیے حرام کیا تھا کہ اگر مثلاً کسی غریب کو اچھے گیہوں کی ضرورت پڑے تو برابر سرابر کسی سے بدل لے اس تفاوتِ قلیل پر نظر نہ کی جائے۔ اسی طرح ربوا النسیئہ کو حرام کیا، باہم احسان اور صلہ رحمی کے طور پر دوسرے بھائی کی حاجت قرض دے کر روا کر دینی چاہیے۔ پھر فرماتا ہے اگر تم بالکل معاف کر دو تو یہ تمہارے لیے بہتر ہے کیونکہ خزانہ الٰہی میں جمع ہو کر تمہیں آخرت میں نفع دے گا۔ اس کے بعد اس صلہ رحمی اور رحم دلی اور اُس سخت گیری کے لیے ایک کوڑا سا غافلوں کی پشت پر مار دیا کہ اُس دن سے ڈرو کہ جس میں تم پھر خدا کے پاس واپس جاؤ گے اور ہر شخص اپنے اعمال کا نتیجہ پائے گا۔

اس میں اشارہ ہے کہ تم پر بھی خدا تعالیٰ کے سیکڑوں مطالبات ہیں پھر جب تم سخت گیری کرتے ہو تو اپنے لیے اُس روز رحم کی کس بھروسہ پر امید رکھتے ہو۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا تَدَايَنْتُمْ	
ایمان والو!	جب تم اُدھار پر
بِدَيْنٍ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى فَاكْتُبُوْهُ ؕ	
کسی میعادِ معین تک لین دین کیا کرو	تو اُس کو لکھ لیا کرو
وَلْيَكْتُبْ بَّيْنَكُمْ كَاتِبٌۢ بِالْعَدْلِ ۪	
اور چاہیے کہ تم میں سے کوئی کاتب پورا پورا لکھے	
وَلَا يَاْبَ كَاتِبٌ اَنْ يَّكْتُبَ كَمَا	
اور لکھنے والے کو انکار نہ کرنا چاہیے	جیسا کہ
عَلَّمَهُ اللّٰهُ فَلْيَكْتُبْ ۚ وَلْيُمْلِلِ الَّذِيْ	
اس کو خدا نے سکھایا ہے	لکھ دے اور مضمون وہ بتائے کہ
عَلَيْهِ الْحَقُّ وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهٗ وَلَا	
جس پر مطالبہ ہو اور اللہ سے ڈرے جو اس کا پروردگار ہے اور	
يَبْخَسْ مِنْهُ شَيْـًٔا ؕ فَاِنْ كَانَ الَّذِيْ	
اس میں کوئی کسر نہ رکھ جائے	پھر جس پر

Marfat.com

عَلَيْهِ الْحَقُّ سَفِيْهًا اَوْ ضَعِيْفًا اَوْ لَا يَسْتَطِيْعُ
مطالبہ ہے اگر وہ بے وقوف یا معذور ہو یا وہ مضمون

اَنْ يُّمِلَّ هُوَ فَلْيُمْلِلْ وَلِيُّهٗ بِالْعَدْلِ ؕ
نہیں بتا سکتا تب اُس کے ولی کو چاہیے کہ انصاف سے مضمون بتائے

وَاسْتَشْهِدُوْا شَهِيْدَيْنِ مِنْ رِّجَالِكُمْ ۚ
اور اپنے لوگوں میں سے دو مرد گواہ کر لیا کرو

فَاِنْ لَّمْ يَكُوْنَا رَجُلَيْنِ فَرَجُلٌ وَّ
اور اگر دو مرد نہ ملیں تو ایک مرد اور

اِمْرَاَتٰنِ مِمَّنْ تَرْضَوْنَ مِنَ الشُّهَدَآءِ
دو عورتیں کہ جن کو تم گواہوں میں پسند کرتے ہو

اَنْ تَضِلَّ اِحْدٰىهُمَا فَتُذَكِّرَ اِحْدٰىهُمَا
کیونکہ اگر ان میں سے ایک بھولے گی تو دوسری اس کو یاد

الْاُخْرٰى ؕ وَلَا يَاْبَ الشُّهَدَآءُ اِذَا مَا
دلا دے گی اور گواہوں کو انکار نہ کرنا چاہیے جب کہ وہ طلب

دُعُوْا ؕ وَلَا تَسْـَٔمُوْٓا اَنْ تَكْتُبُوْهُ صَغِيْرًا
کیے جائیں اور معاملہ میعادی لکھنے میں کاہلی نہ کرو خواہ

اَوْ كَبِيْرًا اِلٰٓى اَجَلِهٖ ؕ ذٰلِكُمْ اَقْسَطُ عِنْدَ ع ۳۹
(معاملہ) چھوٹا ہو یا بڑا یہ خدا کے نزدیک منصفانہ بات

اللّٰهِ وَاَقْوَمُ لِلشَّهَادَةِ وَاَدْنٰٓى اَلَّا
ہے اور گواہی کے لیے بھی مضبوطی ہے اور زیادہ قرین عقل ہے کہ تم کو

تَرْتَابُوْٓا اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً حَاضِرَةً
شبہ نہ پڑے مگر جب کہ وہ معاملہ دست بدست تجارت کا ہو

تُدِيْرُوْنَهَا بَيْنَكُمْ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ
کہ جس کو باہم لیتے دیتے ہو تب تو اس کے نہ لکھنے میں

اَلَّا تَكْتُبُوْهَا ؕ وَاَشْهِدُوْٓا اِذَا تَبَايَعْتُمْ
تم پر کچھ مضائقہ نہیں اور جب سودا کرو تو گواہ کر لیا کرو

وَلَا يُضَآرَّ كَاتِبٌ وَّلَا شَهِيْدٌ ؕ وَاِنْ
اور نہ کاتب کو ضرر پہنچایا جائے اور نہ گواہ کو اور جو

تَفْعَلُوْا فَاِنَّهٗ فُسُوْقٌۢ بِكُمْ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ
ایسا کرو گے تو یہ تمہاری بدکاری ہے اور اللہ سے ڈرتے رہو

وَيُعَلِّمُكُمُ اللّٰهُ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ
اور خدا (تو) تم کو سکھاتا ہے اور اللہ ہر چیز کو

عَلِيْمٌ ﴿۲۸۲﴾ وَاِنْ كُنْتُمْ عَلٰى سَفَرٍ وَّلَمْ
جانتا ہے اور اگر تم سفر میں ہو اور تم کو

تَجِدُوْا كَاتِبًا فَرِهٰنٌ مَّقْبُوْضَةٌ ؕ فَاِنْ
کوئی لکھنے والا نہ ملے تو قرض خواہ کے ہاتھ میں کوئی چیز گروی کر دو اور جو

اَمِنَ بَعْضُكُمْ بَعْضًا فَلْيُؤَدِّ الَّذِى
تم میں کسی کو کوئی کسی کے پاس امانت رکھے تو اس کو چاہیے کہ

اؤْتُمِنَ اَمَانَتَهٗ وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهٗ ؕ
اس کی امانت واپس کر دے اور اللہ سے ڈرے جو اس کا پروردگار ہے

وَلَا تَكْتُمُوا الشَّهَادَةَ ؕ وَمَنْ يَّكْتُمْهَا
اور گواہی نہ چھپایا کرو اور جو اس کو چھپاتا ہے

فَاِنَّهٗٓ اٰثِمٌ قَلْبُهٗ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ﴿۲۸۳﴾
تو وہ دل کا کھوٹا ہے اور جو کچھ تم کرتے ہو خدا اس کو جانتا ہے

ترکیب

یا حرف ندا ایہا الذین الخ صلہ و موصول منادیٰ اذا کلمہ شرط تداینتم بدین الی اجل متعلق ہے فعل سے یہ جملہ شرط فاکتبوہ جواب بالعدل متعلق ہے ولیکتب سے کما علمہ اللہ کاف موضع نصب میں ہے صفت ہے مصدر محذوف کی۔ فلیملل اس کی ماضی امل ہے من رجالکم صفت ہے شہیدین کی ممن ترضون موضع رفع میں صفت ہے رجل وامرأتان کی

Marfat.com

من الشہداء بدل ہے من سے جو ممن میں ہے ان تضل، ان مصدریہ ناصبہ فعل ہے اور یہ مفعول لہٗ ہے تقدیرہٗ لان تضل فتذکر منصوب ہے معطوف ہے تضل پر احدٰہما فاعل الاخری مفعول ان تکتبوہ بتاویل مصدر مفعول ہے لاتسئموا کا صغیرا او کبیرا دونوں حال ہیں تکتبوہ کی وہ سے عند اللہ ظرف ہے اقسط کا اور لام للشہادۃ میں اقوم سے متعلق ہے ان لا ترتابوا موضع نصب میں ہے وتقدیرہٗ واداعی لئلا ترتابوا۔ تجارۃ موصوف حاضرۃ صفت مجموعہ خبر تکون اور اسم اس کا ضمیر ہے یکون میں جو المعاملۃ کی طرف پھرتی ہے۔ تدیرونہا بینکم ای تقبضونہا جملہ صفت ثانیہ ہے تجارۃ کی رہان موصوف مقبوضۃ صفت مجموعہ خبر ہے مبتدا محذوف کی ای الوثیقۃ رہان۔

تفسیر

پہلی آیتوں میں صدقہ وخیرات کا حکم دیا اس کے بعد سود کو منع کیا جس سے بظاہر مال میں کمی ہوتی ہے۔ اس کے بعد مال کی حفاظت اور ترقی کی تدبیر ان آیات میں بیان کی۔ لکھنے اور بیع سلم کا حکم دیا۔ یہ اس لیے کہ مال سے انسان بہت سے نیک کام کر سکتا ہے اور سوال اور ذلت سے بچتا ہے بفراغت دل عبادت کر سکتا ہے اور اسی لیے بے حاصل کر کے مال برباد کرنے سے بھی بڑی تاکید سے منع فرمایا ولا تسئموا۔ یا یوں کہو جب کہ خدا نے سود سے منع کیا تو اس کے بدلے میں ایک اور جائز آمدنی یعنی بیع سلم کو جائز کیا۔ کیونکہ بعض مفسرین نے اذا تداینتم بدین الی اجل مسمی سے بیع سلم مراد لی ہے جیسا کہ ابھی بیان ہوتا ہے۔ فرماتا ہے اے مسلمانو! جب تم باہم کچھ قرض کسی میعاد پر لو دو تو اس کو لکھ لیا کرو اور کوئی لکھنے والا حق حق لکھنے کی زیادتی نہ کرے اور قرض لینے والا خود بتاتا جاوے اور جو وہ کم سنی یا بیوقوفی کی وجہ سے خود نہیں لکھ سکتا یا مضمون تمسک نہیں بتا سکتا تو اس کے ولی وارث بتائیں اور لکھوائیں اور پھر دو شخص کو کہ جو معتبر ہوں گواہ بنا لو اور جو دو مرد نہ ہوں تو ایک مرد اور دو عورتیں گواہی میں کافی ہیں تاکہ ایک بھولے تو دوسری یاد دلا دے اور جب وقت پڑے تو گواہوں کو لازم ہے کہ پوری گواہی دیں اس کو ہرگز نہ چھپاویں۔ ہاں اگر نقد بنقد تجارت ہو تو اس کا لکھنا کچھ ضرور نہیں اور جو باہم بیع کرو تو کسی کو اس پر گواہ بنا لیا کرو۔ اور جو سفر کی وجہ سے لکھنے والا نہ ملے تو کوئی چیز رہن کر دینی چاہیے۔ اور جو کوئی کسی کو امانت سپرد کرے تو اس کو لازم ہے کہ پھر اس کی امانت واپس کر دے خدا سے ڈرے۔ یہ آیت کا خلاصۂ مطلب ہے۔ اب ہم اس میں جس قدر احکام ہیں ان کی تفصیل کرتے ہیں اور اس میں اقوال مفسرین بھی بیان کرتے ہیں تاکہ آیت کے مطالب پر بخوبی آگاہی ہو جاوے۔

(۱) اذا تداینتم بدین الی اجل مسمی فاکتبوہ۔ حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ تشریف لائے تو لوگ چھواروں کی دو برس تین برس کے وعدہ پر بیع کیا کرتے تھے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا[ع] جو کوئی بیع سلم کرے تو وزن اور وقت اور پیمانہ معین کر لیا کرے اس پر خدا تعالیٰ نے اور بھی اس آیت میں اس بیع کی حفاظت کر دی کہ ان سب باتوں کو لکھ لیا کرو پس ابن عباسؓ کے نزدیک اس آیت میں تداینتم بدین سے بیع سلم مراد ہے اور اس کے لکھنے سے یہ مراد ہے کہ وزن اور پیمانہ اور وقت لکھ لیا جائے جمہور مفسرین کہتے ہیں کہ بیع چار طور سے ہو سکتی ہے اوّل نقد بنقد یعنی ابھی دام دینا اور ابھی چیز لینا جس کو تجارۃ حاضرۃ سے تعبیر کیا ہے سو وہ اس جگہ مراد نہیں کیونکہ وہاں دَین نہیں اور تداین تفاعل ہے دین سے اور تداینتم تبایعتم بدین۔ دوم اُدھار کو اُدھار سے فروخت کرنا کہ ہم تم کو پرسوں اتنے روپے دیں گے تم ہم کو اس قدر چیز دینا۔ سو یہ بیع باطل ہے یہ بھی اس آیت میں داخل نہیں۔ تیسرے کسی چیز کو اُدھار سے

ع امام بخاری وغیرہ محدثین نے روایت کیا ہے ۱۲ منہ

Marfat.com

فروخت کرنا یعنی بیع العین بالدّین، جیسا کہ کوئی کہے ہم نے یہ شے اتنے روپیہ سے خریدی مگر روپیہ دو مہینے میں دوں گا چوتھی بیع الدین بالعین یعنی روپیہ تو اُسی وقت دیدیا جاوے اور مال کے لیے کوئی مہلت مقرر ہو جاوے۔ مثلاً کوئی کہے کہ ہم نے تم سے سو من گیہوں اس نرخ سے خریدے اور فلاں مہینے میں ہم تم سے لے لیں گے اس کو بیع السلم اور بیع السلف کہتے ہیں، اس آیت میں تیسری اور چوتھی قسم مراد ہے اور یہی قوی ہے۔ بعض کہتے ہیں اس سے قرض دینا مراد ہے کہ اگر کوئی کسی کو قرض دے تو اس کو لکھ لے لیکن اس میں ضعف ہے۔ کیونکہ لغت میں قرض اور چیز ہے دَین اور چیز ہے۔ قرض میں مدت مقرر کرنا درست نہیں دَین میں ہے۔ قرض روپیہ پیسہ وغیرہ کسی کو بشرط واپسی دینا۔ دَین، کسی حق کی بابت کوئی چیز اس پر لازم ہونا۔ اور کبھی دونوں ایک معنی میں بھی مستعمل ہوتے ہیں۔ پس آیت میں دَین کا ذکر ہے نہ کہ قرض کا۔

(۲) فاکتبوہ جمہور محققین کے نزدیک یہ امر وجوب کے لیے نہیں بلکہ اباحت کے لیے ہے۔ یعنی لکھنا اس معاملہ کا فرض و واجب نہیں بلکہ بہتر ہے تاکہ باہم نزاع اور کسی شرط پر جھگڑا نہ ہو۔

(۳) ولیکتب بینکم کاتب بالعدل، کاتب پر بھی اس کا لکھنا بقول جمہور فرض و واجب نہیں۔

(۴) ولا یضار کاتب ولا شہید، بلکہ اسی لیے متاخرین

احکام شہادت

نے کاتب کے لیے اجرتِ کتابت لے کر لکھنا جائز قرار دیا ہے اور مستحب یہ ہے کہ کاتب بلا اجرت اِس شکریہ میں کہ خدا نے اُس کو لکھنا سکھایا ثواب جان کر لکھے جیسا کہ اہل اسلام کے اور سب کام اجرِ آخرت پر ہوتے ہیں والیہ یشیر بقولہ ولایاب کاتب ان یکتب کما علمہ اللہ۔

(۵) ولیملل الذی علیہ الحق، املال اور املاء دونوں کے لغت میں بتانے اور پڑھ کر سُنانے کے معنے ہیں قال تعالیٰ فھی تملیٰ علیہ بکرۃ و اصیلا یعنی جس پر دَین ہے اور اس نے اپنے ذمہ پر لے لیا ہے کہ میں فلاں مہینے میں اس شے کو کہ جس پر بیع واقع ہوئی دوں گا وہ اقرار کرلے اور لکھوائے اور کچھ کم زیادہ نہ کرے اور جو یہ خود لکھوا نہیں سکتا یا خود لکھ نہیں سکتا تو اس کا ولی انصاف سے یہ کام کرے۔

(۶) واستشہدوا شہیدین من رجالکم گواہ بنانا بھی امر استحبابی ہے من رجالکم اور ممن ترضون من الشہداء سے شہادت کے متعلق چند مسائل مستفاد ہوتے ہیں۔ اوّل یہ کہ سوائے شہادتِ زنا کے ہر امر کی شہادت کے لیے دو آدمی کافی ہیں لانہ قال شہیدین اور زنا کے معاملہ میں چار شخصوں کی گواہی معتبر ہے کما قال اللہ تعالیٰ واللاتی یاتین الفاحشۃ من نسائکم فاستشہدوا علیہن اربعۃ منکم وقال ثم لم یاتوا باربعۃ شہداء کیونکہ یہ کام مرد اور عورت دونوں سے متعلق ہے ہر ایک کے لیے دو دو گواہ چاہییں اور نیز پردہ پوشی بھی مطلوب ہے۔ پھر سوائے زنا کے اگر حدود و قصاص کا معاملہ ہے تو اس میں صرف دو مرد ہوں عورتیں نہ ہوں کیونکہ ابن ابی شیبہ نے مصنف میں زہری سے روایت کی ہے مضت السنۃ من لدن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم والخلیفتین من بعدہ ان لاشہادۃ للنساء فی الحدود کہ حضرتؐ کے عہد سے ابوبکر و عمرؓ کے عہد تک حدود (و قصاص) میں عورتوں کی گواہی قبول نہ کی جاتی تھی۔ اس کے سوائے اور سب معاملات میں خواہ مالی ہوں خواہ غیر مالی دو مرد نہ کی

ل بیع السلم جمہور ائمہ کے نزدیک جائز ہے جس کو ہمارے عرف میں بدنی کہتے ہیں۔ مگر اس میں چند شرطیں ہیں۔ مال جو لیا جاوے گا اس کی ناپ تول مقرر ہونی چاہیے اور یہ کہ کب لیا جاوے گا، اور کہاں لیا جائے گا وغیرذٰلک تاکہ کوئی جھگڑا پیدا نہ ہو خواہ وقت مقرر پر وہ چیز ارزاں ہو خواہ گراں بائع کو دینی پڑیگی۔ اور اس کا نفع مشتری کو درست نہ ہوگا ۱۲ منہ

Marfat.com

گواہی اور جو دو مرد نہ ہوں تو ایک مرد[1] اور دو عورتوں کی کافی ہے۔ دو عورتیں ایک مرد کے قائم مقام کی گئی ہیں۔ کیونکہ ان کے مزاج میں برودت ہے جس سے نسیان پیدا ہوتا ہے۔ دو میں اگر ایک بھولے گی تو دوسری یاد دلائیگی۔ امام شافعیؒ کہتے ہیں کہ ایک مرد اور دو عورتوں کی گواہی مالی معاملات میں قبول ہوگی اور غیر مالی میں مرد کا ہونا ضروری بات ہے۔ (دوم) ممن ترضون سے یہ بات ثابت ہوئی کہ ہر شخص گواہی کے قابل نہیں بلکہ عمدہ آدمی ہو اب اس کی تفسیر بالتفصیل علماء امت نے احادیث اور قیاس سے یوں کی ہے کہ گواہ میں دس شرطیں ہونی چاہییں۔ اوّل حُر ہو۔ یعنی کسی کا غلام نہ ہو۔ دوم بالغ ہو کم سن لڑکا نہ ہو۔ سوم مسلمان ہو جیسا کہ من رجالکم سے سمجھا جاتا ہے کافر نہ ہو البتہ کافر مستامن کی گواہی دوسرے کافر مستامن پر درست ہو سکتی ہے نہ کہ مسلمانوں پر۔

واضح ہو کہ یہ شرطیں اُن باتوں کی گواہی میں معتبر ہیں جو دین سے متعلق ہیں اور معاملات میں تو صرف ہر اہلِ عقل و تمیز کا قول معتبر ہوگا خواہ حُر خواہ غلام خواہ مسلمان ہو خواہ کافر جو ان ہو یا عقل و تمیز والا لڑکا۔ کس لیے کہ معاملات کثیر الوقوع ہیں اگر ان میں یہ قیدیں معتبر ہوں تو حرج ہوگا۔ چنانچہ ہدایہ کی کتاب الکراہیۃ میں لکھا ہے ویقبل فی المعاملات قول الفاسق ولا یقبل فی الدیانات الا قول العدل ووجہ الفرق ان المعاملات یکثر وجودہا فیما بین الناس فلو شرطنا شرطا زائدا یودی الی الحرج فیقبل قول الواحد فیہا عدلا کان او فاسقا کافرا کان او مسلما عبدا کان او حرا ذکرا کان او انثی دفعا للحرج۔

معاملات کی مثال شراء اور اذن تجارت اور وکیل بنانا وغیرہ اور دیانات کی مثال نجاستِ آب کی خبر دینا یا اور کوئی حل

[1] مگر وہ معاملات جن پر مرد مطلع نہیں ہوتے وہاں صرف ایک عورت کی بھی شہادت کافی ہے جیسا کہ بکارت، ولادت اور عورتوں کے خاص عیب، ہدایہ ۱۲ منہ

وحرمت کے متعلق خبر دینا۔ چہارم عادل ہو فاسق نہ ہو۔ پنجم جس چیز کی گواہی دیتا ہو اس کو خوب جانتا ہو۔ ششم اس گواہی سے اس کا کوئی نفع نہ ہو۔ ہفتم اس سے کوئی اس کی مضرت دفع نہ ہو۔ ہشتم غلط اور نسیان میں مشہور نہ ہو۔ نہم بے مروّت اور لالچی نہ ہو۔ دہم جس پر گواہی دے رہا ہے اس میں اور اُس میں کوئی عداوت نہ ہو۔ (سوم) ولا یاب الشہداء اذا ما دعوا۔ ولا تکتموا الشہادۃ سے گواہوں پر فرض واجب ہوگیا کہ جب ان کو عدالت میں طلب کیا جائے تو ایمان داری سے سچی شہادت دیویں اور اس میں سے ہرگز کوئی بات مخفی نہ کریں نہ اس کو بدل کر کہیں خواہ اپنا ہی نقصان کیوں نہ ہوتا ہو۔ اگر گواہ کا کوئی خرچ ادائے شہادت میں سفر کرنا پڑے تو جب درس تدریس وعہدۂ قضا کے لیے اجرت لینا متاخرین نے جائز رکھا ہے تاکہ یہ دروازہ بند نہ ہو جائے، تو اسی طرح گواہ کو خرچ وخوراک بھی دینا جائز ہو سکتا ہے جس کی طرف ولا یضار کاتب ولا شہید میں اشارہ ہے۔ (چہارم) وان کنتم علی سفر ولم تجدوا کاتبا فرہان مقبوضۃ۔ جمہور محققین کہتے ہیں کہ یہ قید (اگر تم سفر میں ہو اور کوئی کاتب نہ ملے تب کوئی چیز رہن کر دو) ایک امر کثیر الوقوع کے بیان کے لیے ہے کیونکہ سفر میں اکثر ایسا ہوتا ہے مگر اس سے یہ غرض نہیں کہ وطن میں باوجود کاتب ہونے کے رہن نہ کرو بلکہ خود آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ کے ایک یہودی کے پاس اپنی زرہ کو کسی قدر جَو لے کر رہن کیا تھا جیسا کہ احادیث صحیحہ سے معلوم ہوتا ہے۔ (پنجم) فان امن بعضکم بعضاً الآیہ چونکہ کبھی اس طرح سے بھی بیع ہوتی ہے کہ نہ مشتری سے نقد روپیہ لیا جاتا ہے نہ معتبر اور امین سمجھ کر تمسک لکھوایا جاتا ہے نہ کوئی شے زرِ ثمن کے عوض میں رہن کی جاتی ہے گویا اس مشتری کو امین تصور کیا جاتا ہے اس امر میں ارشاد ہوتا ہے کہ اگر کوئی کسی کو ایسا سمجھے تو اس کو لازم ہے کہ اس پر جو کچھ

[2] زرہ ۱۲ منہ

Marfat.com

آتا ہے خدا سے ڈر کر جب وعدہ دیدے انکار نہ کرے اور نیز
اس میں یہ بھی اشارہ ہے کہ جو چیز کسی کے پاس رہن کی گئی ہے
وہ مرتہن کے پاس رہن رکھنے والے کی امانت ہے اس کو واپس
دیدے جب کہ قرضہ ادا کر دیا جائے۔ اس سے بہت سے
مسائل رہن کے ثابت ہوتے ہیں من جملہ ان کے یہ کہ اس
چیز پر جو کچھ صرف ہو اس کے مالک کے حساب میں لگے
اور جو کچھ اس کی آمدنی ہو وہ بھی مالک کی ہے۔

من جملہ ان کے یہ کہ اگر امانت کسی آسمانی یا زمینی حادثہ
سے تلف ہو جاوے تو امانت ہے اس کا معاوضہ نہیں
اور نیز یہ بھی ثابت ہوا کہ یوں بھی کوئی کسی کو امانت سپرد
کرے تو اس کو واپس دینا لازم ہے یہ بھی حفظ مال کا
ایک عمدہ ذریعہ ہے اور حفظ مال کے لیے یہ آیات بیان
ہو رہی ہیں۔ ان آیات میں جس قدر احکام اشارۃً مذکور ہیں اور
پھر جو کچھ الفاظ میں اسرار رکھے گئے ہیں اور بلاغت مرعی ہے وہ
ایک بحر زخار ہے جس کے بیان کے لیے ایک دفتر چاہیے۔

لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ط
جو کچھ کہ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ کہ زمین میں ہے سب اللہ ہی کا ہے
وَاِنْ تُبْدُوْا مَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ اَوْ
اور جو کچھ کہ تمہارے دلوں میں ہے خواہ تم
تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ ط فَيَغْفِرُ
اس کو ظاہر کرو یا چھپاؤ اللہ اس کا تم سے حساب لے گا پھر جس کو چاہے
لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ط وَ
معاف کرے گا اور جس کو چاہے عذاب دے گا اور
اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (۲۸۴) اٰمَنَ
اللہ ہر ایک چیز پر قادر ہے جو کچھ
الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ ع ۴۰ ۳ ۸
رسول پر اس کے رب کی طرف سے نازل کیا گیا ہے اس پر

وَالْمُؤْمِنُوْنَ ط كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَ
رسول اور ایمان والے یقین لے آئے ہر ایک اللہ اور اس کے
مَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ قف لَا
فرشتوں اور اس کی کتابوں اور اس کے رسولوں پر ایمان لے آیا کہ ہم
نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ قف وَ
کسی ایک رسول میں بھی فرق نہیں کرتے اور
قَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا غُفْرَانَكَ
کہہ دیا کہ ہم نے سن لیا اور مان لیا تیری مغفرت چاہتے ہیں
رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ (۲۸۵) لَا يُكَلِّفُ
اے ہمارے پروردگار اور تیرے پاس پھر کر جانا ہے اللہ بھی کسی کو
اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ط لَهَا مَا كَسَبَتْ
اس کی گنجائش سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا۔ جس نے اچھے کام کیے تو اپنے لیے اور
وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ط رَبَّنَا لَا
جس نے برے کام کیے تو اپنے لیے (اس کا وبال بھی اسی پر ہے) اے ہمارے رب اگر ہم
تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ج
بھول یا چوک جائیں تو ہم کو نہ پکڑنا
رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا
اے ہمارے رب اور ہم پر ایسا بوجھ نہ ڈال دینا جیسا کہ
حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ج رَبَّنَا
ہم سے پہلوں پر ڈال دیا تھا اے ہمارے رب
وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ج وَ
اور ہم پر ایسا بار گراں نہ رکھ دینا کہ جس کی ہم کو طاقت نہ ہو اور
اعْفُ عَنَّا قف وَاغْفِرْ لَنَا قف وَارْحَمْنَا قف
ہم سے در گزر کر اور ہم کو بخش دے اور ہم پر مہربانی کر
اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ (۲۸۶)
تو ہمارا کارساز ہے پس ہم کو کافروں پر فتح یاب (بھی) کر

Marfat.com

ترکیب

مافی السموات الخ مبتدا اللہ خبر وان تبدوا شرط یحاسبکم جزا
فیغفر مرفوع جملہ مستانفہ اور جو مجزوم پڑھا جائے تو یحاسب
پر معطوف ہے والمومنون معطوف ہے الرسول پر کل مبتدا
آمن باللہ الخ خبر بعض کہتے ہیں المومنون مبتدا اور یہ جملہ یعنی
کل مبتدا و خبر اس کی خبر غفرانک اے نسئل غفرانک

تفسیر

پہلے رکوع میں فرمایا تھا کہ گواہی نہ چھپاؤ اور جو چھپائے گا
تو اس کا دل گنہگار ہوگا۔ اور نیز یہ بھی فرمایا تھا کہ کسی کو ضرر
نہ پہنچاؤ اور نہ یہ بھی کہ امانت کو گواہ پر کوئی گواہ نہ ہو اور ایسی
تو ... اور ایسا ہوتا ہے کہ بعض ظاہر میں تو گواہی دیتے ہیں مگر
دل میں ایسی گول گول باتیں کہہ جاتے ہیں کہ جس سے مضرت
ہوتی ہے یا کوئی حیلہ کر کے اور شرع اور قانون کو آڑ بنا کے
مضرت پہنچاتے ہیں یا لوگ ایسے کوئی ایسا کام کرتے ہیں کہ جو
بظاہر اچھا ہے مگر دل میں ان کے خیالات اور ہیں پھر حکام
ظاہری کچھ مواخذہ نہیں کر سکتے ان سب باتوں کے لیے
جتلا دیا کہ حروف ملامت ہو اور یہ بات دل نشین نہ ہو جائے
کہ وہ ظاہر و باطن سب کچھ جانتا ہے ہر خطرہ قلبی بھی اس کے
سامنے ہے جو دل میں ہے وہ باطن کے فریبوں اور حیلوں
سے عذاب دے گا وہ ہر چیز پر قادر ہے تو اور کوئی علاج
نہیں اس لیے یہ آیت للہ مافی السموات ومافی الارض الخ
نازل فرمائی تاکہ خدا کا علام الغیوب اور قادر مطلق ہونا دل پر
نقش ہو جائے صفات کمالیہ میں سب سے بڑھ کر علم
و قدرت ہے اس لیے للہ مافی السموات ومافی الارض میں
تو اپنی قدرت کاملہ کو ظاہر کر دیا اور وان تبدوا مافی انفسکم الآیہ
سے کمال علم کو تعبیر کیا کہ اس کو ہر بات معلوم ہے اس سے
فرمانبرداروں کو پوری تسلی ثواب اور جزائے خیر ملنے کے لیے ہے
اور سرکشوں اور نافرمانوں کو پوری پوری تہدید اور تنبیہ ہے۔
اور اسی لیے سورۃ بقرہ میں نماز زکوٰۃ روزہ حج قصاص،
جہاد نکاح طلاق مہر ایلاء خلع رضاعت بیع ربوا رہن،
وغیرہ احکام متعلقہ بحقوق العباد اور حقوق اللہ کو بیان کر کے
اس آیت پر کلام کو تمام کر دیا۔

واضح ہو کہ انسان کے افعال کی دو قسم ہیں ایک وہ کہ جو
خاص قلب سے متعلق ہیں جیسا کہ محبت الٰہی رحم دلی، اللہ
اور اس کے رسولوں پر اور قیامت اور فرشتوں پر ایمان لانا
اور خدا کو حاضر و ناظر جان کر اس سے ڈرنا اور معبود حقیقی اور مولیٰ
حقیقی سمجھ کر محبت رکھنا۔ یا کینہ حسد بغض نفاق دل میں رکھنا،
اور اس کی ذات و صفات اور قیامت اور فرشتوں اور
کتابوں اور رسولوں کا انکار کرنا۔ ان سب کو اعتقادیات
اور نظریات کہتے ہیں۔ دوسرے وہ کہ جن کا ظہور ہاتھ پاؤں
زبان وغیرہ اعضاء سے متعلق ہے جیسا کہ نماز زکوٰۃ صدقہ و
خیرات وغیرہا یا زنا چوری اور جھوٹ بولنا گالی دینا وغیرہ ان کو
عملیات کہتے ہیں اور یہ باتیں امور ظاہرہ میں شمار ہوتی ہیں۔
قسم اول میں بھی نیک و بد باتیں ہیں اور قسم دوم میں بھی۔ قسم
دوم کو ان تبدوا مافی انفسکم سے تعبیر کیا اور قسم اول کو او تخفوہ
سے تعبیر کیا۔ مگر نیک لوگوں سے بھی کبھی بھول چوک ہو جاتی
ہے اور دل میں بھی کبھی بے اختیار خطرات بد پیدا ہوتے ہیں
اگر گرفت ہو تو بڑی مشکل پیش آئے۔ اس لیے فیغفر لمن
یشاء بھی فرما دیا مگر بری باتوں کے لیے ویعذب من یشاء سے
تہدید کر دی۔

اور جب کہ فیغفر لمن یشاء ویعذب من یشاء فرما دیا
جس میں اشارہ تھا کہ انسان کی بعض باتیں مغفرت رفعت
درجات کا سبب اور بعض عذاب کا سبب ہیں عام ہے
کہ دنیاوی ہو یا اخروی یا دونوں ہوں اس لیے موجبات
رحمت و مغفرت کو بالخصوص ان کو جو علم و معرفت سے
متعلق ہیں۔ کس لیے کہ انسان کی سعادت کا زیادہ تر مدار

Marfat.com

اعتقادیات ومعارف ہی کی درستی پر ہے اس لیے فرمادیا آمن الرسول بما انزل الیہ الآیۃ اس میں یہ بھی بات ظاہر ہوگئی کہ اول سورہ میں جو ہدی للمتقین الآیہ آیا اور منتقین کا حال بیان فرمایا اس سے یہی لوگ مراد ہیں تاکہ ابتدار کلام اور انتہائے کلام میں وہ ربط ہوجائے جو کہ دعوٰی اور دلیل کے نتیجہ میں ہوتا ہے یہ کمالِ بلاغت ہے اور نیز یہ بات بھی بتلادی کہ وصفِ تقوٰی امتِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو حاصل ہوگیا۔

یہ بات ہم مقدمۂ کتاب میں ظاہر کرچکے ہیں کہ خدا اور بندوں میں بہت سے وسائط ہیں پاک باز بندوں یعنی رسولوں میں اور اللہ میں واسطہ فرشتہ ہے کہ تجرد زیادہ رکھتا ہے پھر اور آدمیوں کے لیے واسطہ رسول ہیں۔ کس لیے کہ ملائکہ پر تو عالم ملکوت خود ظاہر ہے ان کو بجز یقین کرنے کے چارہ نہیں ہاں انسانوں سے بچشم ظاہر مخفی ہے اس لیے ان کا ایمان لانا زیادہ تر ضروری ہے سب سے اور پیشتر اُن کے ہادی اور مرشد رسول کو اس عالم کا یقین ہونا پر ضرور ہے تاکہ اس کی صداقت اور ایمان کا پرتو امت کے دلوں پر پڑے۔ اور اسی لیے جناب نبی علیہ السلام کو شبِ معراج میں مختلف اوقات میں اُس عالم کا مشاہدہ کرادیا اور سب کچھ دکھادیا۔ اس لیے فرماتا ہے آمن الرسول بما انزل الیہ من ربہ اس کے بعد والمؤمنون ذکر کیا اور پھر سب کو جمع کرکے کل آمن باللہ وملائکتہ وکتبہ ورسلہ میں علی ترتیب ذکر فرمایا اور مؤمنوں کی طرف سے یہ بھی ظاہر کردیا لانفرق بین احد من رسلہ کہ ہم کو اس کے کسی رسول کا بھی انکار نہیں۔ حقیقت میں خدا کی فرماں برداری کے یہی معنے بھی ہیں کہ اس کے کسی ہر گزیدہ یا رسول کا انکار نہ کیا جاوے۔ سو یہ بات بھی خاص اہل اسلام کو حاصل ہے یہود حضرت عیسٰی علیہ السلام کا انکار رکھتے ہیں۔ عیسائی انھیں لچر وجوہ سے کہ جن سے یہودی حضرت عیسٰی کی کسرِ شان پر استدلال کرتے ہیں جناب محمد علیہ السلام کا انکار کرتے ہیں جن کے انکار کی وجہ نہ تو تورات سے ثابت ہے نہ انجیل سے نہ وہ ان حضرات انبیاء کے برخلاف ہے بلکہ ان کی مصدق۔ علاوہ اس کے صدہا معجزات اور جس سے بڑھ کر معجزہ عرب جیسی جاہل اور وحشی قوم کو خدا پرست اور نیکوکار ہوتے اور کایا پلٹتے بھی دیکھ چکے ہیں اور ان کی بشارت بھی کتبِ مقدسہ میں ہیں۔ اس کے بعد اہلِ ایمان کی سیرت اور رویہ کو بیان کرتا ہے وقالوا سمعنا واطعنا غفرانک ربنا والیک المصیر یہ آپ بھی جان چکے ہیں کہ انسان کا کمال اس کی قوت نظریہ اور عملیہ کی تکمیل پر منحصر ہے۔ قوتِ نظریہ کی تکمیل اعتقادیات کو درست کرنا اور اس کے رسولوں پر قیامت اور فرشتوں پر ایمان لانا ہے سو اس کی طرف کل آمن باللہ وملائکتہ الخ میں اشارہ تھا اور قوتِ عملیہ کی تکمیل اس کی اطاعت کرنا اور اس کے احکام پر کان دھرنا ہے سو اس کو اس آیت قالوا سمعنا الخ میں واضح کیا۔ اور یہ بھی ہے کہ انسان کے تین حال ہیں اول وہ جو گزر گیا۔ گزشتہ اور پہلی باتوں کے علم کو علم المبدأ کہتے ہیں۔ دوسرا حال موجود اس کے علم کو علم الحاضر[1] کہتے ہیں کہ اس عالم میں انسان کو کیا کرنا چاہیے۔ تیسرا حالِ آیندہ، کہ مرنے کے بعد اس پر کیا گزرے گا اور کیا پیش آوے گا، اس کو علم المعاد کہتے ہیں۔ قرآن چوں کہ کتابِ الٰہی ہے اس میں ان تینوں علموں کی طرف ضرور اشارہ ہوتا ہے اور انھیں کی تعلیم کے لیے انبیاء دنیا میں آئے

---

[1] اسی لیے مسلمان تمام انبیاء علیہم السلام کو برحق جانتے ہیں جن کا ذکر قرآن مجید میں ہے ان پر بالتفصیل ایمان رکھتے ہیں اور جن کا ذکر نہیں بموجب اس آیت کے وان من امۃ الا خلا فیہا نذیر۔ وکل قوم ہاد۔ ان کو اجمالاً برحق جانتے ہیں۔ یہاں سے یہ بات بھی پیدا ہوئی کہ ہندستان ایران چین وغیرہ بڑے آباد ملکوں میں ضرور خدا کے انبیاء اور ہادی آئے ہوں گے، بعد میں بمرور زمانہ ان کے مذہب وملت میں تحریف ہوکر صورت بگڑ گئی۔ اس لیے ان کے مذاہب میں بعض بعض باتیں حقانی بھی ملتی ہیں، اور اسی لیے ان کے مشاہیر کی بابت سکوت بہتر ہے۔ سورۂ ادعی نہیں کرنی چاہیے۔ کیوں کہ ممکن ہے کہ وہ رسول ہوں۔ ان کے پیروؤں کی غلط تاریخ اور غلط کاری سے وہ ملزم نہیں ہوسکتے ۱۲ حقانی

[2] اور اس کو علم الوسط بھی کہتے ہیں ۱۲ منہ

Marfat.com

اور کتابیں لائے ہیں اس لیے اخیر سورۂ بقرہ میں ان تینوں علوم کو بیان فرمادیا۔ امن الرسول سے لے کر لانفرق بین احد من رسلہ تک تو علم المبدأ کی طرف اشارہ ہے کہ اول سب سے وہ ذاتِ باری ہے اور پھر ملائکہ مخلوقات میں مظہر اول ہیں پھر آسمان و زمین جن و انس ان کی ہدایت کے لیے کتابیں اور رسول آئے اور علم الوسط کی طرف وقالوا سمعنا واطعنا میں اشارہ ہے۔ کیونکہ بجز طاعت و فرماں برداری کے دنیا میں انسان کے لیے فلاح و نجات کا اور کون ذریعہ ہوسکتا ہے اس کو دنیا میں ہی کرنا چاہیے۔ غفرانک ربنا والیک المصیر میں علم المعاد کی طرف اشارہ ہے کہ مرکز عالم قدس میں جانا اور خدا کے پاس حاضر ہونا ہے جہاں سوائے مغفرت کے اور کوئی عمدہ چیز نہیں۔

لایکلف اللہ نفسا الا وسعہا الخ یہ تتمہ ہے کلام مؤمنین اور رسول کا اور قالوا کا مقولہ ہے یعنی مومنوں نے جب کہ یہ کہا سمعنا واطعنا تو اس کے ساتھ خدا کی مدح میں یہ بھی کہا کہ ہم کیوں کر اس کی اطاعت نہ کریں حالانکہ وہ کسی کو طاقت سے زیادہ کوئی حکم ہی نہیں دیتا۔ بعض مفسرین کہتے ہیں یہ جملہ خدا کی طرف سے اس بیان میں بطور جملہ معترضہ کے بیان ہوا ہے کہ وہ جو میری طاعت کرتے ہیں بجا کرتے ہیں میں بھی ایسا نہیں ہوں کہ جو کسی کو کوئی حکم طاقت سے زیادہ دوں اور طاعت میں میرا کوئی فائدہ نہیں، نافرمانی میں نقصان نہیں بلکہ بندوں کا ہی نفع اور نقصان ہے۔ ربنا لا تؤاخذنا ان نسینا او اخطأنا یہ ایمان داروں کی طرف سے دعا ہے کہ الٰہی ہر چند ہم تیری طاعت میں سرگرم ہیں مگر جو کچھ مقتضائے بشریت سے بھول چوک ہوجاوے تو معاف کیجیو۔ یہ اس لیے ذکر کیا کہ عابدوں کو اپنی عبادت پر غرور نہ ہوجائے۔ ربنا ولا تحمل علینا اصرا الخ یہ دعا کی دوسری قسم ہے۔ اصر لغت میں سختی اور بوجھ کو کہتے ہیں۔ اس سے مراد احکام کی سختی اور بھاری پن ہے یعنی ہم پر وہ سخت احکام فرض نہ کرنا جو باعث دقت ہوں جیسا کہ بنی اسرائیل پر تھے جو کتاب احبار وغیرہ تورات کے حصوں میں اب تک موجود ہیں۔ یا یہ مطلب کہ ہم پر دنیا میں سخت تکلیفیں اور غیر قوموں کی غلامی کا بوجھ نہ ڈالیو جیسا کہ بنی اسرائیل پر پڑا۔ ولا تحملنا ما لا طاقۃ لنا بہ۔ حمل اور تحمیل میں فرق ہے۔ حمل آپ اٹھانا، تحمیل اٹھوانا۔ یہ تیسری قسم دعا کی ہے کہ ہم پر کوئی ایسی افتاد بھی نہ پڑے جس سے ہم کو وہ باتیں برداشت کرنی پڑیں جو ہماری طاقت سے باہر ہوں۔ واعف عنا عذاب اور مکافات اعمال سیئہ سے درگزر کرنا۔ واغفر لنا پردہ پوشی بھی کر بلکہ اس سے بڑھ کر وارحمنا اپنے کرم سے فرما۔ دنیا و آخرت نصیب کر اور وانصرنا علی القوم الکافرین اور ہم کو دشمنانِ دین پر فتح یاب بھی رکھیو۔ یہ چوتھی قسم کی دعا تھی حقیقت میں غیر ملت کی حکومت میں رہنا پوری غلامی ہے۔ مخالفوں پر فتح یابی بھی ایک عجیب نعمت ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

الٓمّٓ ① اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ

اللہ، اس کے سوا (اور) کوئی معبود نہیں وہ زندہ (اور)

الْقَيُّوْمُ ② نَزَّلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ

عالم کا کارساز ہے (اے نبی) اس نے آپ پر کتاب برحق

لہ بعض علماء نے اس سے یہ بات پیدا کی ہے کہ خدا کو اختیار ہے کہ بندہ کو اس کی طاقت سے زیادہ کسی کام کا حکم دے۔ اس پر بہت کچھ قیل وقال ہوئی ہے۔ مگر جب طاقت وقدرت سے وہ مراد لی جائے کہ جس سے بآسانی وسہولت کام کرسکے تو جو کام مشکل اور دقت سے ہوسکے عرف عام میں اس کو طاقت وقدرت سے باہر کہتے ہیں کون سا اشکال ہوسکتا ہے۔ اس سے ناممکن کام کا حکم دینا ثابت کرکے پھر خدا تعالےٰ کی طرف سے ارتکاب عبث وظلم کا جواب دہ ہونا ایک فضول بات ہے۔ حقانی

Marfat.com

بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَأَنزَلَ

نازل کی جو اپنے سے اگلی کتابوں کی تصدیق کرتی ہے اور اس سے

التَّوْرٰىةَ وَالْإِنجِيلَ ۝ مِن قَبْلُ هُدًى

پہلے تورات اور انجیل (بھی) نازل کر چکا ہے لوگوں کی ہدایت کے

لِّلنَّاسِ وَأَنزَلَ الْفُرْقَانَ ۝ إِنَّ الَّذِينَ

واسطے اور اس نے حق و باطل میں فیصلہ کرنے والا (قرآن) بھی اتارا جو لوگ

كَفَرُوا بِآيَاتِ اللَّهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيدٌ ۚ

اللہ کی آیتوں کے منکر ہیں ان کے لیے (تو) بڑا ہی سخت عذاب ہے

وَاللَّهُ عَزِيزٌ ذُو انتِقَامٍ ۝

اور اللہ زبردست بدلہ لینے والا ہے

ترکیب

الم کی ترکیب بیان ہو چکی اللہ مبتدا لا الٰہ الا ہو جملہ اس کی خبر الحی القیوم موصوف و صفت خبر ثانی نزل علیک الخ جملہ یا خبر ثالث ہے یا مستانفہ بالحق حال ہے مفعول سے یا فاعل سے اے نزلہ محقا فی تنزیلہ او ملتبسا بالحق مصدقا حال ہے کتاب سے لما بین یدیہ جملہ مفعول ہے مصدقا کا اور لام الٰہ کی ہے تقویۃ عمل کے لیے ہدی للناس حیز نصب میں ہے مفعول لہ ہونے کی وجہ سے

تفسیر

یہ سورہ مدنیہ ہے اس میں دو سو آیتیں اور بیس رکوع ہیں چونکہ آل عمران کا اس میں ذکر ہے اس لیے اس کا نام آل عمران ہوا۔

اس کی شانِ نزول میں محمد بن اسحاق نے یوں روایت کی ہے اور دیگر روایات سے بھی یہی ثابت ہوتا ہے گو وہ روایات بقاعدہ محدثین فرادیٰ فرادیٰ کم درجہ کی ہیں، وہ یہ کہ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ میں تشریف لائے اور دینِ حق کی روشنی کے چمکارے اطراف و جوانب میں پھیلے، اور مدینہ کے آس پاس کے یہود حجتِ حق سے ملزم ٹھہر گئے تو نجران[1] کے عیسائیوں کی ایک جماعت مناظرہ کے لیے آئی۔ جس میں تخمیناً ساٹھ آدمی تھے ان میں ان کا سردار عبد المسیح اور اس کا وزیر و مشیر ایہم اور ان کا بڑا پادری کہ جس کو وہ حبر اور اسقف کہتے تھے ابو حارثہ بن علقمہ قبیلہ بنی بکر بن وائل کا بھی موجود تھا اس پادری کی روم کے بادشاہ اس کے علم و فضل کی وجہ سے بڑی تعظیم و توقیر کرتے تھے اور اس کو انعام و اکرام اور جاگیر بھی دے رکھی تھی اور کلیسا عرب کا سردار بھی کر رکھا تھا۔ جب یہ مدینہ کی طرف روانہ ہوئے تو راستہ میں ابو حارثہ کے خچر نے جس پر وہ سوار تھا ٹھوکر کھائی تو اس کے بھائی کرز نے کہا کہ جہاں کے لیے جا رہے ہیں وہ بڑا کم بخت ہے۔ ابو حارثہ نے کہا تو کم بخت ہے۔ اس نے کہا بھائی صاحب یہ کیوں؟ اس نے کہا واللہ وہ شخص کہ جس کے پاس ہم جا رہے ہیں وہ نبی ہے کہ جس کا حضرت مسیح اور یوحنا کے عہد سے اب تک انتظار تھا اور جس کی خبر موسیٰ نے تورات میں دی ہے اور حضرت مسیح بھی مصلوبی کے وقت بشارت دے گئے ہیں۔ کرز نے کہا جب آپ یہ جانتے ہیں تو پھر کیوں اس کے دین کو قبول نہیں کر لیتے؟ ابو حارثہ نے کہا بھائی اگر میں ایسا کروں تو جو کچھ بادشاہوں نے ہمیں دے رکھا ہے سب واپس لے لیں، عزت جاتی رہے دنیا بھی رکھنی ضرور ہے۔ یہ لوگ الوہیتِ مسیح کے قائل تھے اور ان کو خدا کا بیٹا کہتے تھے اور تثلیث کے بھی قائل تھے۔ آخر جب یہ مدینے آئے تو آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے مناظرہ شروع ہوا۔ آں حضرتؐ نے بڑے قوی دلائل سے حضرت مسیح کا بندہ ہونا ثابت کیا کہ خدا اس بات سے پاک ہے کہ وہ کسی عورت کے رحم میں نو مہینے پرورش پائے اور پھر باہر آکر اور بندوں کی طرح کھائے پیے اور بقولِ نصاریٰ صلیب پر کھینچا جائے، تڑپ تڑپ کر

[1] نجران مدینہ سے چند منزل کے فاصلہ پر ایک شہر عیسائیوں کا تھا ۱۲ منہ

Marfat.com

جان دے اور بیٹا باپ کا مماثل اور مشابہ ہوتا ہے اور خدا تعالیٰ سے کوئی چیز مماثل اور مشابہ نہیں، میدانِ وجود میں اس کے سوا کوئی معبود نہیں کجا مساوی ہونا۔ جب وہ لاجواب ہوئے تو آپؐ نے فرمایا اچھا اگر اب بھی تمہارے دل میں کوئی کھٹکا ہے تو آؤ ہم تم اپنی اولاد کو لے کر باہر نکلیں اور خدا سے دعا کریں کہ جھوٹے پر لعنتِ خدا نازل ہو۔ انہوں نے عرض کیا کہ اس کا مشورہ کر کے جواب دیں گے۔ آپس میں گفتگو کرنے لگے کہ ارے بھئی یہ شخص بلاشک خدا کا سچا رسول ہے اگر ہم اس کے مقابلہ میں یوں مباہلہ کریں گے تو ہم پر خدا کا غضب ٹوٹ پڑے گا، اپنے گھر چلے چلو۔ اس اثنا میں یہ سورۃ نازل ہونے لگی۔ سو وہ واپس نجران میں آئے۔ اس سورۃ میں بیس تر نصاریٰ کے عقائدِ باطلہ کا رد ہے اور نہایت عمدہ دلائل سے اُن کی تسکین کی گئی ہے۔

الٓمّٓ۔ اس کی تشریح سورۂ بقرہ میں ہو چکی۔ اللہ لا الٰہ الا ھو الحی القیوم۔ اُن عیسائیوں کے مقابلہ میں ان کے تینوں عقیدوں کے بطلان کے لیے یہ ایک چھوٹا سا جملہ بے شمار دلائل اور براہین کا مجموعہ ہے۔ اُن کے تین عقیدے یہ تھے: اوّل تثلیث، کہ خدا اور عیسیٰ اور روح القدس تینوں مل کر ایک خدا۔ بعض حضرت مریم کو تیسرا اُقنوم قرار دیتے تھے۔ دوم حضرت عیسیٰ خدا ہے، انسان کی شکل میں خدا نے ظہور کیا تھا۔ سوم حضرت عیسیٰ خدا کا بیٹا ہے۔ آج کل کے عیسائی بھی بجز چند فرقوں کے یہی عقیدہ رکھتے ہیں۔

اِس آیت میں ان تینوں عقیدوں کو باطل کر دیا۔ اللہ لا الٰہ الا ہو کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ صرف اِس توحیدِ حقیقی سے تینوں عقائد کا ابطال ہو گیا۔ اول کا اس لیے کہ جب خدا تثلیث اور توحیدِ حقیقی میں صریح تضاد ہے۔ اگر ہر ہر جزء کو خدا مستقل مانا جائے تو تین خدا ہوتے ہیں، اگر تینوں سے مرکب کو خدا کہا جائے تو وہ مرکب اعتباری واحد ہے بہ حقیقی طور پر۔ علاوہ اس کے وہ حادث بھی ہو گا۔ پھر وہ قیوم نہیں ہو سکتا کیونکہ قیوم حقیقی وہی ہے جس نے سب کو قائم و موجود کیا ہو اس کو کسی نے موجود نہ کیا ہو اور حادث کے لیے محدث قیوم ہونا ہے۔ دوسرے کا ابطال اس طور سے کہ اگر عیسیٰ کو بھی خدا مانا جائے تو دو خدا ہو جاتے ہیں توحید نہیں رہتی۔ اسی طرح تیسرے عقیدے کا ابطال بھی ظاہر ہے کہ بیٹا قیوم نہیں ہو سکتا اس کے لیے باپ قیوم ہے۔ رہی یہ بات کہ وہ ایک ہے اس کی کیا دلیل؟ اس کی دلیل یہ ہے الحی القیوم۔ حی کے معنی زندہ کے ہیں جس کو واجب الوجود کہتے ہیں اور اس کے سوا جو کچھ ہے ممکن الوجود ہے اس کی ذات کے لحاظ سے وہ معدوم ہے نہ حی ہے نہ قیوم ہے۔ اس جملہ میں اور جملہ مذاہبِ باطلہ کا بھی ابطال ہو گیا۔ کس لیے کہ جس قدر مشرک گروہ ہیں وہ، جو غیر اللہ کو پُوجتے ہیں ضرور ان کو حی و قیوم سمجھتے ہیں خدائی کارخانہ میں نفع و نقصان کا مالک و مختار بھی جانتے ہیں۔ عرب کے مشرک بُتوں کو، ارواحِ غیر مرئیہ کو، جنّوں کو۔ آیرانی عناصر کو اور سیارات کو، بعض فرشتوں اور خدا کے ہر گزیدہ بندوں کو پوجتے پکارتے ان کی نذر و نیاز کرتے ہیں۔ اِسی اعتقاد سے کہ وہ کارساز ہیں۔ جب آیت نے یہ ثابت کر دیا کہ وہی حی یعنی زندہ ہے تو یہ جملہ اشیاء مرتبہ ذات میں سرے سے موجود ہی نہیں معدوم ہیں پھر جب معدوم ہیں تو کیوں کر قیوم یعنی کارساز ہیں۔

جب خدا تعالیٰ ان کے عقائدِ مذکورہ کو باطل کر چکا اور توحید خوب ثابت ہو چکی تو اب آں حضرت علیہ السلام کی نبوت اور قرآن مجید کا کتابِ الٰہی ہونا ثابت کرتا ہے نزل علیک الکتاب بالحق مصدقا لما بین یدیہ یہاں کتاب یعنی قرآن مجید کی نسبت فرمایا ہم نے اِس کو آپ پر اے نبی نازل کیا ہے یہ کتاب برحق ہے اور اگلی کتابوں کی تصدیق کرتی ہے یہ دو گواہ کتابِ الٰہی ہونے کے لیے خدا نے بیان فرمائے جیسا کہ پہلے مطالب کے لیے دو گواہ الحی، القیوم بیان کیے تھے۔

تثلیث اور الوہیت مسیح کا رد

Marfat.com

اس میں کوئی شبہ نہیں کہ ایک شخص ایسے ملک کے باشندے سے کہ جس میں علوم و فنون کا مطلق چرچا نہ ہو اور خاص اُس شخص نے نہ کبھی کچھ لکھا پڑھا ہو نہ کسی اہلِ علم یہودی یا نصرانی یا مجوسی کی صحبت پائی ہو نہ جہان کی سیر کی ہو بلکہ چالیس برس کا وہ حصہ (کہ جس میں اکتساب علوم کیا جاتا ہے) ایک ریگستانی ملک کے دوخشک پہاڑوں میں گزارا ہو پھر اُس پر دنیا کی تنگ دستی اور عزیز و اقارب کے روزمرہ کے جور و ظلم اور بھی مزید ہوں پھر اُس سے ایک ایسی کتاب کا ظاہر ہونا کہ جس میں یہ دو وصف ہوں بلاشک معجزہ ہے وہ کتاب آسمانی اور وہ شخص نبی ہے۔ وصفِ اول، برحق ہونا اُس کی یہ صورت ہے کہ قرآن مجید کے مطالب عالیہ ذات[1] و صفات[2]، مبدأ[3] و معاد[4] انسان کی سعادت و شقاوت، قصص[5] گزشتہ اخبارِ آئندہ[6]، قوانین[7] ملت دستور العمل سیاستِ ملک، میراث[8]، بیع[9] و شراء، حلت[10] و حرمت، طہارت[11] و نجاست، علمِ اخلاق[12]، رحم[13] دلی، راست[14] بازی، برد[15] باری، خدا ترسی، دنیا سے دل برداشتگی وغیرہ وغیرہ، کس عمدہ اور پاکیزہ عبارت میں مبالغہ شاعرانہ اور تخیلاتِ جاہلانہ سے خالی ایسے ہیں کہ جن میں سے کوئی بھی عقلِ سلیم کے برخلاف نہیں۔

دوسرا وصف تصدیق کرنا کتبِ الٰہیہ کا، سو یہ بھی ایک بڑی بھاری بات ہے۔ قرآن میں اور کتبِ سابقہ تورات و انجیل و زبور کے مضامین مذکورہ بالا میں سرمو تفاوت نہیں۔ اور جو امور جزئیات و فرعیات میں کچھ فرق ہے تو بلحاظِ ملک و زمانہ ہے۔ اس لیے کہ انبیاء ہر زمانے میں لوگوں کے مناسب احکام میں کمی زیادتی کیا کرتے ہیں یہ بات بغیر اس کے کہ سب کا مبدأ الہام ربانی واحد مانا جاوے ممکن نہیں بالخصوص اُس شخص کے لیے کہ جس نے وہ کتابیں آنکھ سے بھی نہیں دیکھیں چہ جائے کہ ان کو یاد کیا ہو۔

پس جب اِس قرآن میں یہ دو وصف ہیں تو اس کے کتاب الٰہی ہونے میں کیا شبہ ہے اور جب یہ کتاب الٰہی ہے تو آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نبی برحق ہیں۔

وانزل التوراۃ والانجیل من قبل الآیۃ یہ دوسری دلیل ہے اس دعوے کے لیے یعنی یہ بات تو تم بھی مانتے ہو کہ اس سے پیشتر خدا نے تورات و انجیل نازل کی تھی اب بتلاؤ اُن کے کتاب الٰہی ہونے کی کیا دلیل ہے؟ جو دلیل ان کے لیے ہے وہی قرآن کے لیے ہے۔ مبدأ فیاض نے اپنی اسی رحمت سے انزل القرآن قرآن نازل فرمایا ہے۔ پھر باوجود اِن آیاتِ بینات کے ان الذین کفروا جو کوئی خدا کی آیات کا انکار کرے گا ان کو عذاب شدید ہے وہ خدائے رحیم جس نے اپنے فضل سے کتابیں نازل فرمائی ہیں عزیز زبردست بھی ہے ذو انتقام بدلہ لینے والا بھی ہے۔

إِنَّ اللَّهَ لَا يَخْفَىٰ عَلَيْهِ شَيْءٌ فِي الْأَرْضِ	
اللہ سے تو کوئی چیز (بھی) پوشیدہ نہیں	نہ زمین میں
وَلَا فِي السَّمَاءِ ﴿٥﴾ هُوَ الَّذِي يُصَوِّرُكُمْ	
اور نہ آسمان میں	وہی جس طرح چاہتا ہے (ماں کے)
فِي الْأَرْحَامِ كَيْفَ يَشَاءُ ۚ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ	
پیٹ میں تمہاری صورتیں بنایا کرتا ہے	اس کے سوا کوئی معبود نہیں
الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿٦﴾ هُوَ الَّذِي أَنْزَلَ	
وہی زبردست (اور) حکمت والا ہے۔ (اے نبی) وہی تو ہے	جس نے
عَلَيْكَ الْكِتَابَ مِنْهُ آيَاتٌ مُحْكَمَاتٌ	
آپ پر کتاب نازل کی	کہ جس میں سے تو کچھ آیتیں تو محکم ہیں
هُنَّ أُمُّ الْكِتَابِ وَأُخَرُ مُتَشَابِهَاتٌ ۖ	
کہ جو کتاب کے اصول ہیں اور کچھ دوسری ایسی بھی ہیں (کہ جن کی کئی کئی معنے ہیں)	
فَأَمَّا الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِمْ زَيْغٌ فَيَتَّبِعُونَ	
پھر جن کے دلوں میں کجی ہے	وہ تو اس کتاب کی

[1] مستحکم یعنی صاف صاف اصولِ دین بیان کرتی ہیں ۱۲ منہ

مَا تَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَاءَ الْفِتْنَةِ وَابْتِغَاءَ

انھیں آیات کے پیچھے پڑے رہتے ہیں کہ جن کے کئی کئی معنی ہیں تاکہ فتنہ برپا کریں اور

تَأْوِيلِهِ ۚ وَمَا يَعْلَمُ تَأْوِيلَهُ إِلَّا اللَّهُ ۘ

ان کی تاویل کریں حالانکہ ان کی تاویل تو کوئی نہیں جانتا مگر اللہ ہی جانتا ہے)

وَالرَّاسِخُونَ فِي الْعِلْمِ يَقُولُونَ آمَنَّا

اور وہ جو علم میں ثابت قدم ہیں (یہی) کہتے ہیں کہ ہم تو اس پر

بِهِ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ رَبِّنَا ۗ وَمَا

ایمان لائے کہ سب کچھ ہمارے رب کی طرف سے ہے اور (سمجھانے

يَذَّكَّرُ إِلَّا أُولُو الْأَلْبَابِ ﴿٧﴾

سے تو) عقل مند ہی سمجھا کرتے ہیں۔

ترکیب

ھو مبتدا الذی الخ خبر فی الارحام متعلق ہے یصورکم سے کیف ظرف ہے یشاء کا یہ کل جملہ موضع حال میں ہے فاعل یشاء سے تقدیر یہ یصورکم علی مشیتہ اے مریدا منہ آیات محکمات جملہ موضع نصب میں ہے کیونکہ حال ہے کتاب سے۔ اس جملہ میں آیات محکمات صفت و موصوف مبتدا اور منہ خبر ہتن مبتدا ام الکتاب خبر لفظ ام اگرچہ مفرد ہے لیکن معنی جنس کے دیتا ہے اس لیے جمع کی خبر ہوگیا۔ واُخر جمع ہے اخری کی جو مؤنث ہے آخر افعل تفضیل کا معطوف ہے آیات پر متشابہات اس کی صفت ہے ما بمعنی الذی تشابہ منہ صلہ مجموعہ مفعول ہے یتبعون کا ابتغاء مفعول لہ یتبعون کا الفتنۃ مضاف الیہ اور اسی طرح ابتغاء تاویلہ۔ والراسخون فی العلم مبتدا یقولون الخ خبر اور بعض کہتے ہیں والراسخون معطوف ہے لفظ اللہ پر اور یقولون حال ہے۔

تفسیر پہلے خدا تعالیٰ نے عقائد باطلہ کے ابطال میں اپنے وصف میں الحی القیوم ذکر فرمایا تھا اور حی قیوم وہ ہے کہ جو اپنی مخلوق کی حاجات پوری کرے اور ان کی ضروریات کا خبر گیراں رہ کر تدبیر و تصرف کرے اور یہ بات دو وصف چاہتی ہے۔ ایک یہ کہ اس کو ہر ایک بات کا علم بھی ہو انجام و آغاز پر نظر ہو بے سوال کیے بھی حاجت کو جانتا ہو۔ دوسرے یہ کہ ہر چیز پر قادر بھی ہو جو چاہتا ہو وہ کر سکتا ہو اس لیے صفتِ علم کے اثبات کے لیے ان اللہ لایخفیٰ علیہ شیٔ فی الارض ولا فی السماء فرمایا کہ اس کو ہر چیز معلوم ہے کوئی چیز اس سے پوشیدہ نہیں۔ دوسرے وصف کو ثابت کرنے کو ھو الذی یصورکم فی الارحام کیف یشاء فرمایا کہ اس کا تصرف اشرف المخلوقات انسان پر بھی ماں کے پیٹ اور اندھیری کوٹھڑی میں کس نظم و نسق کے ساتھ ہے کہ عقل حیران ہے۔ جس کی کسی قدر کیفیت کتب طبیہ سے معلوم ہوتی ہے اور لطف یہ ہے کہ اول وصف ان اللہ الخ بھی گویا ایک دعویٰ تھا اس کے ثبوت کے لیے ھو الذی یصورکم دلیل قاطع ہے کیونکہ جو ارحام میں ایسے تصرفات کرتا ہے اُس پر کوئی چیز کب مخفی رہ سکتی ہے؟ یا یوں کہو پہلی آیات میں نصاریٰ کے عقائد فاسدہ تثلیث اور الوہیت مسیح وغیرہ کا رد تھا اور بیشتر عیسائی ان خیالاتِ باطلہ پر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے علم و قدرت سے استدلال کیا کرتے ہیں۔ علم سے یوں کہ حضرت عیسیٰ غیب کی باتیں بتاتے تھے اور جو کوئی گھر میں کچھ کھا کر آتا اس کو بھی ظاہر کر دیتے تھے۔ اس سے معلوم ہوا کہ وہ خدا تھے کہ خدا انسان کی صورت میں ظاہر ہوا تھا، یا خدا کے بیٹے تھے کہ جو باپ کی طرح علمِ مغیبات رکھتے تھے۔ قدرت سے اس طرح پر کہ حضرت عیسیٰ مُردوں کو زندہ کرتے تھے، کوڑھیوں اندھوں کو تن درستی دیتے تھے ہوا کو ڈانٹتے اور جنوں کو نکالتے تھے۔ یہ بھاری کام انسان کے نہیں، اس سے بھی معلوم ہوا کہ وہ خدا یا اُس کے بیٹے تھے۔ گرچہ پہلی آیتوں میں الحی القیوم فرما کر اُن شبہات کو رد کر دیا تھا لیکن یہاں تتمہ کے طور پر اور بھی اُن شبہات کا دلائلِ قطعیہ سے

Marfat.com

رد کر دیا۔

پہلے شبہ کا جواب ان اللہ لا یخفی الخ میں دیا کہ خدا کی شان علام الغیوب ہونا ہے۔ سو یہ بات سوائے ذاتِ باری اور کسی کو حاصل نہیں اور جو کسی نبی یا فرشتہ کو کوئی بات معلوم ہو تو وہ بھی اس کی طرف کا فیضان ہے اور جو عیسیٰ خدا ہوتے تو ضرور اُن پر بھی کوئی بات مخفی نہ ہوتی۔ حالانکہ اُن پر بہت سی باتیں مخفی تھیں، چنانچہ انجیل لوقا کے چوتھے باب میں لکھا ہے کہ یسوع روح القدس سے بھرا ہوا یردن سے پھرا اور روح کی رہنمائی سے بیابان میں گیا۔ جب غیر کی رہنمائی ہوئی تو علام الغیوب کہاں رہا؟ علاوہ اس کے اُسی کتاب کے آٹھویں باب میں ہے کہ ایک عورت نے کہ جس کا بارہ برس سے خون جاری تھا پیچھے سے آکے مسیح کی پوشاک چھو لی جس سے اس کا خون بند ہو گیا مگر مسیح کو وہ نہ معلوم ہوئی لوگوں سے پوچھا آخر اس عورت نے اظہار کیا۔ اور بہت سے مقامات سے یہی ثابت ہوتا ہے۔ دوسرے شبہ کا جواب ہو الذی یصورکم فی الارحام کیف یشاء میں دیا کہ خدا قادرِ مطلق ہے حضرت عیسیٰ کو یہ بات کب حاصل تھی؟ وہ خدا سے دعا مانگتے تھے چنانچہ اسی انجیل کے چھٹے باب، ۱۲ ورس میں ہے کہ (وہ مسیح) پہاڑ پر دعا مانگنے گیا اور خدا سے دعا مانگنے میں رات کاٹی۔ اس کے علاوہ بقولِ نصاریٰ جب اُن کو سولی دینے یہود لے چلے اور سولی پر چڑھا دیا تو انھوں نے خدا سے فریاد کرنی شروع کی کہ مجھے کہاں چھوڑ دیا اور بڑی سختی سے چیخ چیخ کر جان دی جیسا کہ انجیل متی کے ۲۷ باب میں مذکور ہے۔

اور نیز ہو الذی یصورکم الخ میں اس طرف بھی اشارہ ہے کہ اگر عیسیٰ خدا ہوتے تو وہ عورت کے رحم میں آکر آدمی کی شکل کیوں قبول کرتے خدا تو اوروں کی شکلیں رحم میں بناتا ہے۔ اس کے بعد پھر کلمۂ توحید کا اعادہ کرتا ہے لا الٰہ الا ہو العزیز الحکیم اس میں بھی لفظ عزیز سے قدرتِ کاملہ کی طرف اور حکیم سے علم حقیقی کی طرف اشارہ ہے۔ جب نصاریٰ کو دلائلِ عقلیہ سے عاجز کر دیا جاتا ہے تو وہ اس مسئلہ میں یوں کہنے لگتے ہیں کہ کتبِ سماویہ میں ان کو خدا کا بیٹا کہا گیا ہے اور خدائی کے الفاظ بھی ان کی نسبت بولے گئے ہیں اور قرآن میں بھی ان کو روح اللہ و کلمۃ اللہ کہا ہے۔ تو ہم اس بات کو عقل و ادراک کے احاطہ سے باہر جان کر صرف کلامِ الٰہی کا اتباع کر کے خدا اور اس کا بیٹا کہتے ہیں چنانچہ آں حضرت علیہ السلام سے بھی عیسائیوں نے یہی تقریر کی تھی اور اب بھی عاجز آکر یہی کہا کرتے ہیں۔ اس کا جواب خدا تعالیٰ نے ان جملوں میں دیا ہو الذی انزل علیک الکتاب منہ آیات محکمات ہن ام الکتاب و اخر متشابہات کہ خدا کے کلام میں وہ آیات (کہ جن پر احکام شریعت اور امور اخلاقیہ اور تذکیر آخرت کا مدار ہوتا ہے جن کو اُمّ الکتاب یعنی اس کی بنیاد کہتے ہیں) صریح اور کھلی کھلی ہوتی ہیں اور کہیں کسی رمز اور مصلحت سے ایسے جملے بھی ہوتے ہیں کہ جن کے کئی معنی اور پیچیدہ مطلب ہوتا ہے اور اس کلام کا دوسرا پہلو بھی ایک پہلو کا ہمسر ہوتا ہے۔ جن عبارات سے ان کا استدلال ہے وہ از قسم متشابہات ہیں۔ ابن کا لفظ حقیقی بیٹے پر بھی بولا جاتا ہے اور پیار میں نوکر اور غلام اور بندہ کو بھی کہہ دیتے ہیں اور اس کے برعکس لفظ خداوند ذاتِ باری پر اور بادشاہ اور ذی مرتبہ لوگوں پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ پس جو کج رو گمراہ لوگ ہوتے ہیں وہ ان کی تاویل اپنی خواہش کے موافق کر کے ایک مطلب گھڑ لیتے ہیں جیسا کہ عیسائی۔ اور جو اہلِ علم اور باخدا ہیں وہ ان ظاہر الفساد معنی کو ترک کر کے اس کلام کی اصلی مراد کو خدا کے سپرد کر دیتے ہیں کہ اس کو وہی جانتا ہے۔ اور یہ بات کتب سابقہ ہی پر منحصر نہیں بلکہ قرآن میں جو اے نبی آپ پر نازل ہوا ہے اس میں یہی بات ہے۔[۱]

[۱] انزل علیک الکتاب منہ آیات محکمات میں یہ بات بتلائی ہے کہ جس طرح قرآن میں یہ بات ہے اسی طرح پہلی کتابوں میں بھی تھی کس لیے کہ مبدأ فیض ہر ایک کا واحد ہے۔ اور زبانِ الہام میں ایسے اسرار ہوتے ہیں جو عقولِ عامہ پر مخفی ہوتے ہیں ۱۲ منہ

Marfat.com

پھران عقائد فاسدہ کو ان متشابہات سے ثابت کرنا اور وہ معنی لینا کہ جو دیگر آیات کے برخلاف ہیں صریح گمراہی ہے۔ یا یوں کہو قیوم کے لیے دو باتیں ضرور ہیں اول مصالح جسمانیہ کا پورا کرنا شکل وصورت بنانا اس کو ہوالذی یصورکم میں بیان کیا۔ دوم مصالح روحانیہ اعنی علم والہام سے بہرہ ور کرنا، اس کو ہوالذی انزل الخ میں بیان کیا۔

فائدہ

محکم اور متشابہ کے معنی لغت میں مضبوط اور ملتے جلتے کے ہیں۔ عرب محکم مضبوط بنیاد کو کہتے ہیں۔ اور جو دو چیزیں آپس میں ملتی جلتی ہوں ان کو متشابہ کہتے ہیں اور اسی لیے قرآن کو کتابا متشابہا فرمایا کہ حسن وخوبی میں باہم ہر ایک آیت دوسرے سے برابر ہے۔ ان معنے کے لحاظ سے تمام قرآن پر متشابہ کا اطلاق ہوسکتا ہے۔ اور محکم کے معنی لغوی مضبوط اور حق ہونے کے ہیں اس لحاظ سے تمام قرآن کو محکم بھی کہہ سکتے ہیں جیسا کہ فرماتا ہے الر کتاب احکمت آیاتہ۔ یہ دونوں لغوی معنی باہم کچھ منافات نہیں رکھتے مگر بعض ناسمجھ بادری اس نکتہ کو نہ سمجھے انہوں نے ان میں تعارض ثابت کرکے قرآن پر اعتراض کردیا۔ البتہ اس آیت میں محکم اور متشابہ کے اصطلاحی معنی میں منافات ہے جو محکم ہے متشابہ نہیں اور جو متشابہ ہے اس کو محکم نہیں کہہ سکتے۔ اور وہ معنی یہ ہیں محکم ممنوع کو کہتے ہیں کہ اس میں ایک احتمال کے سوا دوسرا احتمال منع کیا گیا ہے اس کا گزر نہیں اور اسی لیے حاکم کو حاکم کہتے ہیں کہ وہ ظالم کو منع کرتا ہے۔ اور حکمت چونکہ لایعنی باتوں سے روکتی ہے اس لیے اس کو حکمت کہتے ہیں اور متشابہ وہ کلام کہ جس میں چند احتمالات مساوی ہوں اور اس معنی سے جو محکم ہے وہ متشابہ نہیں۔ علماء اصول نے کلام کی یوں تقسیم کی ہے کہ جو کلام کسی معنی کے لیے موضوع ہو اگر اس میں دوسرا احتمال نہیں تو اس کو نص کہتے ہیں اور جو ہو تو پھر اگر وہ دونوں احتمال برابر ہیں تو اس کو مشترک کہتے ہیں اور بالتعین برا احتمال کے لیے مجمل اور جو ایک احتمال قوی ہو اور دوسرا ضعیف احتمال قوی کے لحاظ سے اس کو ظاہر کہتے ہیں اور ضعیف کے لحاظ سے ماوّل۔ ان میں سے نص اور ظاہر پر لفظ محکم بولا جائے گا اور مجمل اور ماوّل کو متشابہ کہیں گے۔ بعض محققین کہتے ہیں کہ تقسیم یوں ہونی چاہیے جو کلام کہ کسی معنی پر ظاہراً دلالت کرتا ہے اور اس میں دوسرے احتمال کی گنجائش بھی ہے پس اگر یہ معنی نفس الفاظ سے سمجھے جاتے ہیں تو اس کو ظاہر کہیں گے اور جو سیاق بھی اسی کے لیے ہے تو اس کو نص کہیں گے۔ اور کبھی عموماً ہر آیت و حدیث کو نص کہہ دیتے ہیں۔ اور جس میں دوسرے احتمال کی گنجائش نہیں اگر احتمال نسخ ہے تو اس کو مفسر کہتے ہیں اور اگر یہ بھی احتمال نہیں تو اس کو محکم کہتے ہیں۔ اور جو ظاہراً دلالت نہیں کرتا اور اس میں پوشیدگی ہے اگر وہ پوشیدگی کسی عارضی وجہ سے ہے تو اس کو خفی کہتے ہیں اور اگر نفس الفاظ میں ہے پھر اگر وہ قرائن کی مدد سے دور ہوسکتی ہے تو اس کو مشکل کہتے ہیں اور جو قرائن سے بھی دور نہیں ہوتی مگر متکلم سے انکشاف کی امید ہے تو اس کو مجمل کہتے ہیں اور اگر امید بھی نہیں تو اس کو متشابہ کہتے ہیں وہی اس آیت میں مراد لیا گیا ہے۔

لایعلم تاویلہ الا اللہ ابن عباسؓ اور عائشہؓ اور حسنؒ اور مالک بن انسؒ اور کسائی اور فراء اور امام ابوحنیفہؒ وغیرہم علماء یہ کہتے ہیں کہ الا اللہ پر کلام تمام ہوگیا اور یہاں وقف لازم ہے اور والراسخون جدا کلام ہے و عطف کے لیے نہیں بلکہ ابتداء کلام کے لیے ہے۔ اس تقدیر پر یہ معنی ہونگے کہ متشابہات سے جو کچھ مراد ہے اس کو بجز خدا کے اور کوئی نہیں جانتا اور یہی ٹھیک ہے کس لیے کہ اسرار غیب کو عقل جب تک جسم کے ساتھ مقید ہے اس کی تاریکی کی وجہ سے نہیں دریافت کرسکتی۔ اور مجاہد اور ربیع بن انس اور اکثر متکلمین

Marfat.com

اور جمہور معتزلہ یہ کہتے ہیں کہ والراسخون فی العلم کا اللہ پر عطف ہے یہاں وقف نہیں۔ اس تقدیر پر یہ معنی ہوں گے کہ علما۔ ربانی بھی متشابہات کو جانتے ہیں۔ کیونکہ بندوں سے جب کلام کیا گیا ہے تو ایسا نہیں ہوسکتا کہ اس کو کوئی بھی نہ سمجھے ورنہ اس کے نازل کرنے سے کیا فائدہ تھا، والعلم عند اللہ تعالیٰ۔

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوبَنَا بَعْدَ إِذْ هَدَيْتَنَا

(اور وہ یہ دعا بھی کرتے رہتے ہیں کہ) اے ہمارے رب ہمارے دلوں کو ہدایت دینے کے بعد

وَهَبْ لَنَا مِن لَّدُنكَ رَحْمَةً ۚ إِنَّكَ

ٹیڑھا نہ کر دیجیے گا اور خاص اپنے پاس سے ہمارے لیے رحمت عطا فرما، کیوں کہ

أَنتَ الْوَهَّابُ ﴿٨﴾ رَبَّنَا إِنَّكَ جَامِعُ

تُو بڑا ہی دینے والا ہے ﴿۸﴾ اے ہمارے رب بے شک تُو ایک دن کہ

النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ

جس کے آنے میں کوئی بھی شبہ نہیں سب کو جمع کرے گا (کیوں کہ) خدا

لَا يُخْلِفُ الْمِيعَادَ ﴿٩﴾ إِنَّ الَّذِينَ ع ۱ ۹ ۹

کبھی وعدہ خلافی نہیں کیا کرتا ﴿۹﴾ بے شک جن لوگوں نے

كَفَرُوا لَن تُغْنِيَ عَنْهُمْ أَمْوَالُهُمْ

انکار کر دیا ہے نہ تو اُن کے مال ہی ان کے کچھ کام آئیں گے

وَلَا أَوْلَادُهُم مِّنَ اللَّهِ شَيْئًا ۖ وَأُولَٰئِكَ

اور نہ ان کی اولاد ہی خدا کے مقابلہ میں کچھ کام آئے گی) اور یہی تو

هُمْ وَقُودُ النَّارِ ﴿١٠﴾ كَدَأْبِ آلِ

ہیں جو دوزخ کا ایندھن ہوں گے ﴿۱۰﴾ ان کی بھی فرعون والوں

فِرْعَوْنَ وَالَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۚ كَذَّبُوا

اور ان سے پہلے لوگوں جیسی حالت ہے کہ انہوں نے جھٹلایا

بِآيَاتِنَا ۚ فَأَخَذَهُمُ اللَّهُ بِذُنُوبِهِمْ ۗ

آیتیں جھٹلائیں جس پر خدا نے ان کو ان کے گناہوں کے سبب پکڑ لیا

وَاللَّهُ شَدِيدُ الْعِقَابِ ﴿١١﴾

اور اللہ کی مار بھی بڑی ہی سخت ہے۔

ترکیب

بعد ظرف ہے لاتزغ کا من لدنک صفت ہے رحمۃ کی یا حال۔ لیوم لام بمعنی فی لے فی یوم لاریب فیہ جملہ موضع جر میں ہے صفت ہے یوم کی الذین موصول صلہ اسم ان لن تغنی الخ اس کی خبر من اللہ موضع نصب میں ہے تقدیر من عذاب اللہ اے لایدفع اموالھم ولا اولادھم عذاب اللہ شیئاً مفعول بہ ہے لن تغنی کا اور حال بھی ہوسکتا ہے کداب کاف موضع نصب میں ہے نعت ہوکر مصدر محذوف کی اے کفروا کفراً کعادۃ آل فرعون اور ممکن ہے کہ خبر ہو مبتدا محذوف کی اے دابھم کداب آل فرعون۔

تفسیر

یہ بھی راسخین فی العلم کا مقولہ ہے یعنی وہ متشابہات کو علم الٰہی کے حوالہ کرکے اس پر ایمان لاکر دعا بھی کرتے ہیں کہ اے رب تو نے ہم کو ہدایت دی اور فہم سلیم عطا کیا ہے اب ایسا نہ ہو کہ ہمارے دل کجی کی طرف مَیلان کر جاویں کیونکہ استقامت تیرے ہی ہاتھ میں ہے (جیسا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے بنی آدم کے دل خدا کی دو انگلیوں میں ہیں جدھر چاہتا ہے پھیر دیتا ہے[1]) داعیہ خیر اور داعیہ شر قلب میں اُس کی طرف سے پیدا ہوتا ہے اور دلی استقامت کے بعد ہم کو اپنی رحمتِ خالصہ بھی عطا کر۔

فائدہ

رحمت کی چند قسمیں ہیں اوّل یہ کہ دل میں نورِ ایمان و توحید

[1] مشکوٰۃ ۱۲

حاصل ہو۔ دوم یہ کہ اعضاء پر اطاعت اور خدمت کے انوار ظاہر ہوں۔ سوم یہ کہ دنیا میں رزق اور اسباب معاش سہل ہو جاویں اور تندرستی اور امن و عافیت حاصل ہو۔ چہارم یہ کہ شدت موت اور اس کے بعد قبر اور حشر میں رستگاری ہو۔ پنجم یہ کہ عالم سرور میں اُس کا دیدار اور نعماء بے شمار حاصل ہوں۔ لفظِ رحمت ان سب کو شامل ہے۔ اس کے بعد کافروں کا حال ذکر کرتا ہے کہ وہ جو دنیا میں اولاد و مال کے لیے خدا سے غافل ہیں یہ آخرت میں ان کے کچھ بھی کام نہ آئے گا، وہ دوزخ میں جلیں گے جس طرح کہ فرعون کے لوگ اور ان سے پہلے منکر لوگ اولاد و مال میں مستغرق ہو کر خدا کو بھول گئے اور اُس کی آیات کو جھٹلانے لگے۔ ہر چند انبیاء نے ان کو سمجھایا لیکن نہ مانا آخر الامر خدا نے اُن پر اُن کی بدکاری کی وجہ سے عذاب نازل کیا۔ داب عادت اور خصلت کو کہتے ہیں۔ وقود، بالفتح ایندھن اور بالضم آگ جلانا ؛

قُلْ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَتُغْلَبُوْنَ وَ

(اے نبی) کافروں سے کہہ دو کہ تم بہت جلد مغلوب کیے جاؤ گے (اور مرنے

تُحْشَرُوْنَ اِلٰى جَهَنَّمَ ؕ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۱۲﴾

کے بعد) جہنم کی طرف ہانکے جاؤ گے۔ اور وہ (دوزخ) کیا ہی بُرا ٹھکانا ہے

قَدْ كَانَ لَكُمْ اٰيَةٌ فِىْ فِئَتَيْنِ الْتَقَتَا ؕ

تمہارے لیے اُن دو لشکروں میں جو (بدر کے دن) باہم مقابل آئے تھے قدرت کی بڑی نشانی تھی

فِئَةٌ تُقَاتِلُ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاُخْرٰى

ایک لشکر تو خدا کی راہ میں لڑ رہا تھا اور دوسرا

كَافِرَةٌ يَّرَوْنَهُمْ مِّثْلَيْهِمْ رَاْىَ الْعَيْنِ ؕ

کافروں کا (گروہ) تھا جو مسلمانوں کو اپنی آنکھوں کے سامنے دوچند دیکھ رہا تھا

وَاللّٰهُ يُؤَيِّدُ بِنَصْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ اِنَّ

اور اللہ جس کو چاہتا ہے اپنی مدد سے فتح دیتا ہے بے شک

فِىْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّاُولِى الْاَبْصَارِ ﴿۱۳﴾

اس (واقعہ) میں اُن کے لیے جو آنکھ رکھتے ہیں بڑی عبرت ہے۔

ترکیب

آیۃ اسم کان لکم خبر فئتین موصوف التقتا صفت مجموعہ صفت ہے آیۃ کی اور ممکن ہے فی فئتین خبر ہو اور لکم کان سے متعلق ہو فئۃ موصوف تقاتل فی سبیل اللہ صفت مجموعہ خبر ہے مبتدا محذوف کی اے احدہما فئۃ الخ واخری نعت ہے مبتدا محذوف کی اے وفئۃ اخری۔ کافرۃ خبر یرونہم اس کا فاعل المسلمون وقیل الکفار مثلیہم اے مثل مسلمین اومثل عسکرہم مفعول ثانی، رای العین مفعول مطلق یہ جملہ محل نصب میں ہے کیونکہ صفت ہے فئتین کی۔

تفسیر

نیک اور بدبندوں کی سیرت بیان فرما کر اس مقام سے کچھ حال بدوں کا بیان فرماتا ہے جنھوں نے نہ صرف یہی ایک جرم کیا تھا کہ آیات اللہ کی تکذیب کی تھی بلکہ نیک بندوں کے ساتھ طرح طرح سے بدسلوکیاں بھی کی تھیں جس لیے اُن پر اُس عزیز ذوانتقام کا غصہ بھڑکا اور اُن کو ذلت سے ہلاک کیا اس لیے ہلاک ہونے سے پہلے نبی کو حکم دیتا ہے کہ قل للذین کفروا الخ کہ اے رسول کافروں اور آیات اللہ کی تکذیب کرنے والوں کو پہلے سے مطلع کر دو کہ تم اپنے زور و کثرت پر گھمنڈ نہ کرو عن قریب دنیا میں مغلوب کیے جاؤ گے اور مرنے کے بعد جہنم میں جمع کیے جاؤ گے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو پیغام الٰہی پہنچا دیا مگر وہ کب باور کرنے والے تھے تمسخر میں اڑایا آخر ان پر اس مغلوبی کا وہ وقت آیا جس کی ابتداء اس جملہ سے ہوتی ہے قد کان لکم آیۃ جس کی تفصیل یہ ہے کہ جب مکہ سے ہجرت کر کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ تشریف لائے تو کفارِ مکہ جب بھی اہلِ اسلام کو

Marfat.com

امن وامان نہ دیتے تھے اس لیے خدا تعالیٰ نے جہاد کا حکم دیا ہجرت سے اگلے سال رمضان کے مہینے میں آں حضرتؐ کو یہ خبر لگی کہ ابوسفیان ایک قافلہ لے کر شام سے مکہ کو آتا ہے جس میں تجارت کا مال ہے۔ آں حضرتؐ نے اسی بشارتِ الٰہی کے اطمینان پر لوگوں کو آمادہ کیا۔ گرچہ لوگوں کی یہ خوشی تھی کہ قافلہ کو لوٹ لیجیے کیونکہ اس میں نفع اور آسانی تھی مگر خدا کو یہ منظور تھا کہ کفر کی شوکت توڑے اس لیے یہی بات پیش آئی کہ ابوسفیان کو بھی کہیں یہ خبر لگ گئی، وہ قافلہ کو دوسرے راستہ سے لے کر مکہ کی طرف نکلا اور کہلا بھیجا کہ جلد میری مدد کو پہنچو ورنہ محمد علیہ السلام اور ان کے اصحاب میرے تعاقب میں آرہے ہیں۔ آں حضرتؐ اس کے تعاقب میں مکہ سے کئی منزل بدر کے قریب تک آپہنچے اور ایک میدان میں کہ جس کو بدر کہتے ہیں پانی دیکھ کر ڈیرا کر دیا۔ حضرتؐ کے ساتھ تقریباً تین سو تیرہ آدمی تھے جو محض بے سامان تھے جن میں صرف دو سوار تھے اور چند زرہ پوش تھے اور انہی کے پاس تلواریں تھی باقی لٹھ پتھر لیے ہوئے تھے اُن کے مقابلہ میں مکہ کے لوگ نکلے ابوجہل اور ابوسفیان اور عتبہ اور عباس وغیرہ بڑے بڑے سردار تھے ان کی تعداد ہزار کے قریب تھی ان کے پاس ساز وسامان بھی خوب تھا، سوار بھی بہت تھے اُنہوں نے بھی اسی میدان میں ایک طرف ڈیرا کر دیا اور پھر باہم صف بندی ہو کر مقابلہ شروع ہوا۔ اب یہاں سے تائیداتِ غیبیہ کا ظہور ہونا شروع ہوا۔ اول یرونہم الخ کہ کفار کو مسلمان لشکر جو بہت قلیل تھا اپنے سے دوچند نظر آنے لگا جس سے ان کے دلوں میں رعب بیٹھ گیا پھر کیا تھا جو کچھ ہے دل ہی تو ہے۔ اس بات کا ثبوت خود اس جماعت کے بہت سے لوگوں سے بھی ہوا جو بعد میں مسلمان ہو گئے تھے یرونہم مثلیہم کے یہی معنی ہیں۔ مگر بعض نے یرونہم کا فاعل مسلمانوں کو بتایا ہے کہ مسلمان ان کو دوچند دیکھ رہے تھے، اس پر خدا نے تائیدِ غیبی کا اظہار کیا آخر کفار نے بڑی شکست کھائی وہ بشارت صادق ہوئی ابوجہل وغیرہ بڑے بڑے کفر کے سردار مارے گئے ستر گرفتار کیے گئے کچھ بھاگ گئے۔

واضح ہو کہ کفروا کا اطلاق مشرکینِ عرب پر بھی ہوتا ہے جن کے مغلوب ہونے کا حال معلوم ہو گیا اور یہود و نصاریٰ و مجوس وغیرہ فرقوں پر بھی، اس لیے عموماً اس پیشین گوئی کا روئے سخن سب ہی کی طرف ہے جو اس زمانہ پر لحاظ کرنے والوں کے نزدیک ایک امرِ محال کی پیشین گوئی تھی، کس لیے کہ مسلمانوں کی مدینہ میں بہت ہی تھوڑی جماعت تھی جس کا غلبہ قریشِ مکہ اور دیگر قبائلِ عرب پر بھی جو بڑے بہادر اور جنگ جو تھے بظاہر محال تھا۔ اس کے سوا دو سلطنتیں ایسی زبردست زور آور تھیں کہ جنہوں نے دنیا پر احاطہ کر رکھا تھا ایک مجوسی سلطنت کسریٰ شاہانِ ایران کی جن کے ماتحت ہندوستان وغیرہ ملک تھے۔ دوسری عیسائی قیصروں کی سلطنت جس کا اقتدار تمام یورپ اور ایشیائے کوچک اور شام اور بعض ممالکِ افریقہ پر مسلم تھا مگر آسمانی تائید کے بھروسے پر سب میں بآوازِ بلند پکار دیا گیا ستغلبون تم جلد مغلوب کیے جاؤ گے۔

کس لیے کہ عرب کی زبان میں سین زمانۂ استقبال میں قریب کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ ایک صدی تمام نہ ہونے پائی تھی کہ یہ پیشین گوئی پوری ہو گئی۔ اگر یہ من جانب اللہ کوئی علامت پیغمبر علیہ السلام کے برحق ہونے کی نہیں تو اور کیا تھا؟

اس لیے خدا فرماتا ہے واللہ یؤید بنصرہ من یشاء کہ یہ تائیدِ الٰہی ہے وہ جس کو چاہے اس سے فتح یاب کرے ظاہری سامان واسباب اس کے مقابلہ میں کچھ بھی کام نہیں آتے جس کا اب بھی تجربہ و مشاہدہ ہوتا رہتا ہے۔ یہ بات بڑے غور و فکر کے لائق ہے ان فی ذٰلک لعبرۃ لاولی الابصار کہ اس میں چشمِ بصیرت والوں کے لیے خدا پر اور اس کی آیات پر ایمان لانے اور ایمان لا کر رسولوں کے رستے پر چلنے کے لیے ایک بڑی عبرت ہے اس لیے کہ یہ بات عالمِ اسباب کے مخالف

Marfat.com

ہے۔ پھر اس کا ظہور اگر خاص خدا کی طرف سے نہیں تو اور کیا ہے؟۔

زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوٰتِ مِنَ

لوگوں کو مرغوب چیزوں کی خواہش بھلی معلوم ہوتی ہے

النِّسَآءِ وَالْبَنِيْنَ وَالْقَنَاطِيْرِ الْمُقَنْطَرَةِ

عورتوں کی اور اولاد کی اور سونے چاندی کے

مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ

چنے ہوئے ڈھیروں کی اور پلے ہوئے گھوڑوں کی

وَالْاَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيٰوةِ

اور چارپایوں کی اور کھیتی کی یہ سب زندگی دنیا کا

الدُّنْيَا ۚ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الْمَاٰبِ ﴿۱۴﴾

سامان ہے اور عمدہ ٹھکانا تو اللہ ہی کے یہاں ہے۔

قُلْ اَؤُنَبِّئُكُمْ بِخَيْرٍ مِّنْ ذٰلِكُمْ ۭ لِلَّذِيْنَ

(اے نبی ان سے) کہو تو میں تمہیں اس سے بھی بہت بہتر چیز بتاؤں (وہ یہ کہ) پرہیزگاروں

اتَّقَوْا عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ

کے لیے ان کے رب کے ہاں باغ ہیں کہ جن کے نیچے

تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَاَزْوَاجٌ

نہریں بہہ رہی ہیں وہ ان میں ہمیشہ رہا کریں گے اور (ان کے لیے)

مُّطَهَّرَةٌ وَّرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ

پاکیزہ بیویاں اور نیز ان کے لیے خدا کی خوشنودی ہے اور اللہ

بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿۱۵﴾ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ

اپنے بندوں کو دیکھ رہا ہے (یہ ان کے لیے ہے) جو کہ کہا کرتے ہیں

رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا

کہ اے ہمارے رب ہم ایمان لائے سو ہمارے گناہ معاف کر دے

وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿۱۶﴾ الصّٰبِرِيْنَ

اور ہم کو عذاب دوزخ سے بچائیو وہ جو صبر کرتے

وَالصّٰدِقِيْنَ وَالْقٰنِتِيْنَ وَالْمُنْفِقِيْنَ

اور سچ بولتے اور بندگی میں لگے رہتے اور خرچ کرتے رہتے ہیں

وَالْمُسْتَغْفِرِيْنَ بِالْاَسْحَارِ ﴿۱۷﴾

اور صبح کے وقتوں میں استغفار کیا کرتے ہیں۔

ترکیب

زین فعل مجہول للناس اس کے ساتھ متعلق حب الشہوات مفعول مالم یسم فاعلہ من النساء الخ اس کا بیان ذلک مبتدا متاع الحیوۃ الدنیا خبر واللہ مبتدا عندہ جملہ الخ خبر قل فعل انت اس کا فاعل اؤنبئکم جملہ مقولہ بخیر موضع نصب میں ہے اؤنبئکم سے من ذلکم موضع نصب میں ہے بسبب جر کے تقدیر ہ بما یفضل ذلک جنت موصوف تجری الخ صفت مجموعہ مبتدا للذین اتقوا خبر خالدین فیہا حال ہے محذوف سے وازواج معطوف ہے جنت پر الذین یقولون موضع جر میں صفت ہے للذین کی الصابرین الخ موضع جر میں صفت ہے للذین کی۔

تفسیر

پہلے فرمایا تھا ان فی ذلک لعبرۃ لاولی الابصار کہ ان عجائب قدرت میں اہل بصیرت کو عبرت کا مقام ہے جس سے عاقل کے نزدیک یہ دنیا اور اس کے تمتعات ایک ناچیز اور فانی معلوم ہوتے ہیں اور عالم باقی کے آگے خواب سا معلوم ہوتا ہے مگر اس چشم حقیقت بیں پر لذات دنیا اور اس کے سامان کی محبت کے پردے پڑے ہوئے ہیں جس سے وہ عالم آخرت پر دنیا کو ترجیح دے رہا ہے اور چند روزہ عیش کے لیے کفر الحاد میں آکر آخرت اور عالم باقی کی خوبیوں سے بے خبر ہے۔ اس مضمون کو خدا تعالیٰ نے ان آیات میں کس خوبی کے ساتھ بیان فرمایا ہے کہ جس کا بیان نہیں۔ ہاں یوں کہ خدا کی منزل کتابوں کے منکروں کا دنیا و آخرت میں جو انجام ہوگا اسکو

Marfat.com

بیان فرما کر ان کی غفلت اور اندھے پن کا سبب ذکر کرتا ہے کہ وہ مال وزن فرزند کی محبت اور فریفتگی ہے جو فانی ہیں اس کے بعد اسی سلسلہ سے دارِ آخرت کی نعمتیں جو نیکوں کو ملیں گی ان کا ذکر فرماتا ہے اور نیکی کے اصول بھی ذکر کرتا ہے۔ لذائذ دنیا کہ جن پر ہر انسان تفاخر کرتا اور ان کی رغبت کا دم بھرتا ہے سات چیزیں ہیں اوّل عورت۔ اس سے جس قدر مرد کو لذت اور انس ہے وہ کس چیز سے ہے؟ اسی کی محبت انسان کو ہلاکت تک پہنچا دیتی ہے مردیں اور اس میں ایک جذب مقناطیسی رکھا ہوا ہے جیسا کہ فرمایا ہے خلق لکم من انفسکم ازواجاً لتسکنوا الیہا وجعل بینکم مودۃ ورحمۃ۔ اس کے بعد بیٹا ہے جس کو انسان اپنا نائب اور قائم مقام سمجھ کر جو بات اپنے لیے چاہتا ہے اس سے بڑھ کر اس کے لیے چاہتا ہے اور نیز اس کا ہر وقت میں قوتِ بازو اور معین و مددگار بھی ہوتا ہے اس سے بھی انسان کو بڑا فخر اور نہایت خوشی ہوتی ہے اس کے بعد مال دولت روپیہ اشرفی بالخصوص توڑے چنے ہوئے یہ بھی ایک عجیب چیز ہے جمیع حاجات کا ذریعہ خیال کیا گیا ہے۔ اس کا غرور اور سرور بھی انسان کو اندھا کر دیتا ہے خدا و رسول سے بغاوت پر آمادہ کر دیتا ہے خدائی دعوی کرانے لگتا ہے پھر کوتل گھوڑے پھر گائے بیل اونٹ وغیرہ مواشی پھر باغ کھیتی۔ ان چیزوں کے بعد خدا تعالیٰ یہ بات جتلاتا ہے کہ یہ چیزیں صرف زندگی دنیا کا سامان ہیں مگر خدا کے پاس اس سے زیادہ اور عمدہ لذائذ روحانیہ و جسمانیہ موجود ہیں مگر بتقاضائے آب و گل انھیں محسوس اور فانی چیزوں پر فریفتہ ہے اور یہ اس کی جبلی بات ہے کیونکہ آدمی جب ماں کے پیٹ میں ہوتا ہے تو اسی کو عمدہ عالم سمجھتا ہے یہاں تک کہ جب باہر آتا ہے تو رو رو کر غل مچاتا ہے پھر جب آنکھ کھلتی ہے تو اس عالم پر غش ہو جاتا ہے سدا یہیں رہنا پسند کرتا ہے یہیں کی ان چیزوں پر دم جاتا ہے۔ آخر جب اُس عالم باقی میں جاتا ہے تو اس عالم کو وہاں کے نعماء اور وسعت کے مقابلہ میں ایسا تنگ و تاریک و پُرالم سمجھتا ہے کہ جس طرح دنیا میں ماں کے پیٹ کو اور وہاں کے رہنے اور واپس جانے کو۔ یہ چیزیں دل لگانے کے قابل نہیں کیونکہ یہاں کا ہر عیش دہر چیز فانی، وہاں کی باقی اور جاودانی ہے۔ یہاں ہر عیش تلخی پر مبنی ہے اور پھر ہر راحت کے بعد تلخی ہے جب تک کہ پیاس اور دھوپ کا رنج نہ اٹھا دے سایہ اور سرد پانی کا کبھی مزہ نہ آوے۔ اُس عالم باقی میں یہ باتیں نہیں اس لیے خدا نے مجملاً واللہ عندہ حسن المآب کا لفظ کہہ کر اُس عالم کا شوق دلا دیا۔ اس کے بعد اور بھی کلام کو بلند کیا اور نبی سے فرمایا کہ لوگوں سے کہہ دو کہ کہو تو میں تم کو دنیا کی ان چیزوں سے عمدہ چیزیں بتلاؤں؟ پھر آپ ہی فرماتا ہے کہ پرہیزگاروں کے لیے اُس عالم میں (عند ربہم) باغ ہیں کہ جن میں نہریں بہتی ہیں جہاں تمام جگہ خوشبودار رنگ برنگ کے پھول و پھل اور طائرانِ خوش الحان اور نہایت تکلف کے مکانات ہیں) ان میں بیویاں ہیں کہ جو صورت و سیرت کی تمام برائیوں سے مبرا حسن و خوبی میں یکتا۔ اس پر دوام اور بقا۔ یہاں تک تو جنتِ جسمانیہ کی طرف اشارہ تھا۔ اس کے بعد جنتِ روحانیہ کی طرف اشارہ فرماتا ہے ورضوان من اللہ یعنی خدا کی رضامندی آنحضرت علیہ السلام نے گویا صحابہؓ کو اُس عالم کو دکھا دیا تھا جس سے اُن کی نظروں میں دنیا اور اس کے تنزہات گرد ہو گئے تھے۔ یہ کیا کم معجزہ ہے؟ اس کے بعد اُن نعماء کے مستحق لوگوں کا بھی عجب لطف کے ساتھ ذکر فرماتا ہے للذین اتقوا یعنی پرہیزگاروں کے لیے۔ یہ عام لفظ ہے۔ پھر اس کے بعد اس کی اور بھی تشریح ہے کہ یہ وہ لوگ ہیں کہ جن میں یہ چھے وصف پائے جاتے ہیں:-

(۱) یقولون ربنا الخ کہ وہ خدا سے دعا کرتے رہتے ہیں کہ اے ہمارے رب ہم تجھ پر ایمان لائے تو ہمارے گناہ معاف کر اور عذاب النار سے بچائیو۔ (۲) صبر کرنے والے۔ صبر کہتے ہیں محنت کا نفس پر برداشت کرنا خواہ عبادات قائم کرنے میں خواہ نفس کو اس کی خواہشوں سے روکنے میں۔

Marfat.com

(۳) صادقین سچ بولنے والے اور ہر بات کو سچ کر دکھانے والے (۴) خدا کی عبادت کرنے والے (۵) منفقین یعنی خدا کی راہ میں خرچ کرنے والے خواہ بذریعہ صدقہ نافلہ خواہ بذریعہ زکوٰۃ خواہ اپنوں کو دے خواہ بیگانوں کو (۶) سحر کے وقت خدا سے استغفار کرنے والے۔ اس وقت شب کی ظلمت دور ہو کر نور پھیلتا ہے۔ رات کا مُردہ زندہ ہوتا ہے یہ وقت جُود عام اور فیضِ تام کا وقت ہے اور کچھ عجب نہیں کہ عالم قدس کی صبح کا پرتو اس عالم کی صبح ہو۔ دوم یہ خواب و غفلت کا وقت ہے ایسے وقت اُس طرف متوجہ ہو کر استغفار کرنا اور اس مبدأ فیاض سے اپنی مغفرت کا سوال کرنا بلاشک عالم سرور میں پہنچنے کا عمدہ ذریعہ ہے اور اسی لیے صحابہ اور صالحین امت بلکہ اگلے انبیاء اور ان کے تربیت یافتہ اس وقت عبادت و استغفار کرتے تھے اور اسی لیے اس وقت سونا نشہ میں پڑے رہنا نحوست اور بربادی کا باعث ہے۔

شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ

اللہ اور فرشتے اور علم والے عدالت کے ساتھ گواہی

وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًۢا بِالْقِسْطِ ؕ لَآ اِلٰهَ

دے چکے کہ اس کے سوائے کوئی معبود نہیں، کوئی بھی خدا نہیں

اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۱۸﴾ اِنَّ الدِّيْنَ

مگر وہی (ایک) زبردست حکمت والا بے شک دین تو

عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ ۗ وَمَا اخْتَلَفَ

خدا کے نزدیک اسلام ہی ہے اور اہل کتاب نے جو

الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ

اختلاف کیا ہے تو صرف یہ معلوم ہو جانے

مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ ؕ وَ

کے بعد (محض) آپس کی ضد سے اور

مَنْ يَّكْفُرْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ

جو کوئی اللہ کی آیتوں کا انکار کرتا ہے تو اللہ بھی

سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۱۹﴾

بہت جلد حساب لینے والا ہے۔

ترکیب

شہد فعل اللہ فاعل انہ یہ جملہ بیان شہادت والملائکۃ واولوا العلم معطوف ہے لفظ اللہ پر قائما بالقسط حال ہے فاعل شہد سے الدین اسم ان الاسلام خبر عند اللہ ظرف ومن مبتدا یکفر خبر۔ اور ممکن ہے کہ من شرطیہ یکفر الخ شرط فان اللہ جزا

تفسیر

اس بیان کو تمام کر کے پھر مسئلہ توحید کی طرف رجوع کیا جاتا ہے۔ پہلے فرمایا تھا کہ دنیا اور اس کے نعمائے فانی ہیں اور دارِ آخرت اور وہاں کی نعمتیں باقی ہیں اور وہ نعمتیں ان کے لیے ہیں کہ جو کہتے ہیں ربنا اننا آمنا الخ یعنی جن کی قوت نظریہ ایمان کامل اور اس کی صفات پر یقین ہے اور قوتِ عملیہ بھی کامل ہے جیسا کہ الصابرین الخ میں اشارہ ہے۔ اب یہاں اس بات کو ظاہر فرماتا ہے کہ خدا تعالیٰ اور اس کی توحید پر ایمان لانا جو نجات کا مدار ہے کوئی خلافِ واقع اور بے اصل بات نہیں کہ جس سے عقل رُکے جیسا کہ بے عقل لوگ جو صرف محسوسات ہی کا وجود مان کر اور چیزوں کے وجود کا انکار کرتے ہیں بلکہ یہ بات بہت واضح اور کھلی ہے خدا نے خود آسمان و زمین اور ان کے اندر کی کائنات کو اپنے وجود اور توجہ کے لیے شاہد بنا رکھا ہے جس طرح کوئی نقش پاؤں رکھنے والے کے وجود پر بغیر اس کے کہ کسی نے اس کو آنکھ سے دیکھا ہو آوازِ بلند گواہی دے رہا ہے اسی طرح ہر چیز مخلوقِ الٰہی بزبانِ حال اُس کے وجودِ وحدت کو بیان کر رہی ہے ؎

النصف

Marfat.com

ففی کل شئ لہ شاہد ؛ یدل علی انہ واحد

شہد اللہ الخ کے یہ معنی ہیں اس کے علاوہ یوں بھی خدا تعالیٰ کتب الہامیہ میں شہادت دے رہا ہے اور نیز وہ ملائکہ سے اور ملائکہ انبیاء سے کہتے ہیں وہ علماء سے فرماتے ہیں وہ عامہ خلائق کو سُناتے ہیں والملائکۃ واولوا العلم۔ اس سے بڑھ کر یہ ہے کہ جب عقل نورِ الہام کی روشنی سے آنکھ اٹھا کر عالمِ ہستی میں دیکھتی ہے تو اس مخلوقات کو اس کا مظہر اور ظل جان کر سوائے اس کے اور کوئی نظر نہیں پڑتا۔ ع

بخدا غیرِ خدا در دو جہاں چیزے نیست

لا الٰہ الا ہو مگر بسبب لطافت کے وہ عزیز حکیم حسِ بصری سے محسوس نہیں ہو سکتا اور جب کہ یہ عقائد اور یہ اعمالِ صالحہ وہ ہیں کہ جن کا تسلیم کرنا عقلِ سلیم کے نزدیک ضرور ٹھیرا تو یہی مذہب حقانی اور مقبول عند اللہ ہوا اور مذہب اسلام اسی کا نام ہے تمام انبیاء اور ہر بنی آدم کا فطرتی مذہب یہی ہے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے مجدد ہیں نہ کہ موجد اور اب جو یہود اور نصاریٰ اور دیگر اہلِ مذاہب اختلاف کرتے ہیں تو یہ سب دلائلِ حقہ سے اعراض کر کے محض ضد اور نفسانیت سے کرتے ہیں۔ اس کے بعد مذہب اسلام کا عجب لطف سے برحق ہونا ثابت کر کے اہلِ کتاب سے مناظرہ شروع فرماتا ہے اور ان کو ان کے عقائدِ فاسدہ اور اعمال کاسدہ پر اذ غدوت من اہلک تک الزام دیتا ہے۔ اسلام کے لغوی معنی فرماں برداری کرنا اور شرع میں ایمان اور اسلام سے ایک معنی مراد ہیں۔ ہاں کبھی لغوی معنی کے لحاظ سے دونوں میں فرق ہوتا ہے جیسا کہ قل لم تؤمنوا ولکن قولوا اسلمنا تب ایمان سے مراد تصدیقِ قلبی اور اسلام سے انقیادِ ظاہری لی جاتی ہے۔

فَاِنْ حَآجُّوْكَ فَقُلْ اَسْلَمْتُ وَجْهِيَ

(اے نبی) پس اگر وہ آپ سے حجت کریں تو کہدو کہ میں نے اور میرے ماننے والوں نے

لِلّٰهِ وَمَنِ اتَّبَعَنِ ؕ وَقُلْ لِّلَّذِيْنَ اُوْتُوا

تو اپنا سر اللہ کے آگے جھکا دیا اور آپ اہلِ کتاب اور ان پڑھوں

الْكِتٰبَ وَالْاُمِّيّٖنَ ءَاَسْلَمْتُمْ ؕ فَاِنْ

سے پوچھیے کہ کیا تم بھی سر جھکاتے ہو؟ پھر اگر

اَسْلَمُوْا فَقَدِ اهْتَدَوْا ۚ وَاِنْ تَوَلَّوْا

وہ بھی سر جھکائیں تو انہوں نے بھی ہدایت پائی اور اگر نہ مانیں

فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌ

تو آپ پر صرف (حکم) پہنچا دینا ہی ہے (اور بس) اور اللہ (تو) اپنے بندوں کو

بِالْعِبَادِ ﴿۲۰﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْفُرُوْنَ

آپ دیکھ رہا ہے بے شک جو لوگ اللہ کی آیتوں کا

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ النَّبِيّٖنَ بِغَيْرِ

انکار کرتے اور نبیوں کو ناحق (ناروا) مار ڈالتے

حَقٍّ ۙ وَّيَقْتُلُوْنَ الَّذِيْنَ يَاْمُرُوْنَ

ہیں اور اُن کو بھی قتل کرتے ہیں جو لوگوں کو

بِالْقِسْطِ مِنَ النَّاسِ ۙ فَبَشِّرْهُمْ

انصاف کرنے کا حکم دیتے ہیں تو (اے نبی) اُن کو

بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۲۱﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ

عذابِ الیم کا مژدہ سُنا دو یہی وہ لوگ ہیں

حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۫

کہ جن کے عمل دنیا و آخرت میں اکارت گئے

وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿۲۲﴾

اور ان کا کوئی بھی مددگار نہیں۔

ترکیب

ومن اتبعن من موضع رفع میں ہے عطف ہے اسلمت کی ت پر، اتبعنی کی ی حذف ہوئی ہے رؤس الآیات کی مشابہت سے

Marfat.com

اور قائم بھی کی جاتی ہے کیونکہ اصل ہے الذین موصول وصلہ مع معطوف اتم ان فبشرہم اس کی خبر اور ف اس پر اس لیے داخل ہوئی کہ الذین کا صلہ فعل تھا تاکہ یہ معلوم ہو یہ بشارت جزائے کفر ہے اور ان اس کو مانع نہیں۔

تفسیر

جب کہ بدلیل قوی ثابت کر دیا گیا کہ دین برحق عند اللہ اسلام ہے اور جو کچھ اختلافات لوگوں نے پیدا کیے ہیں وہ ضد اور تعصب سے ہیں اس پر بھی ناانصاف حجت کیے چلے جاتے ہیں تو اب ان کی تمام بیہودہ گفتگو اور کل شکوک وشبہات کا عجیب لطف کے ساتھ جواب اپنے نبی کو تعلیم فرماتا ہے کہ جس کے آگے منصف مزاج کو سوائے تسلیم کے اور کچھ بن ہی نہیں آتا۔ وہ یہ کہ دنیا میں دو قسم کے اہل مذہب ہیں ایک وہ کہ جو کتاب الہامی اور کسی نبی کے اتباع کا ادعا کرتے ہیں جیسا کہ یہود اور عیسائی وغیرہم۔ دوم وہ کہ جو ایسے نہیں جن کو ان پڑھ اور بے علم کہا جاتا ہے جیسا کہ مشرکین عرب ان سب سے کہہ دو کہ حقانی اور آسمانی مذہب خدا تعالیٰ کی حقیقی فرماں برداری ہے کہ جس کو تم بھی مانتے ہو سو میں نے اور میرے متبع لوگوں نے فرماں برداری کی بلکہ اس کے آگے گردن جھکا دی خواہ اعتقادیات ہو خواہ عملیات سب میں تسلیم ہے۔ خدا کو وحدہٗ لاشریک اور جمیع صفات عمدہ سے متصف اور بری صفتوں سے پاک جاننا اور قیامت پر ایمان لانا اور اس کے تمام انبیا کو بلا تفریق برحق سمجھنا ہمارا عقیدہ ہے۔ پنج گانہ نمازیں طہارت ظاہری و باطنی حاصل کر کے اپنی روح اور جسم کو اس پر نثار کرنا کہ جس کو نماز کہتے ہیں۔ اپنے مال میں سے علاوہ اور خیرات کے ایک حصہ معین دینا، مخلوق الٰہی پر رحم کرنا، بلا وجہ کسی کی ایذا سے باز رہنا اور اس کی عزت و توحید پھیلانے میں اپنی جان عزیز کو بھی قربان کر دینا شہوات ولذات بے جا کی پیروی نہ کرنا ہمارا شیوہ خاص ہے ؎

کار ما عشق است و بار ما عشق است
حاصل روزگار ما عشق است

یہ باتیں تمام شریعتوں کا عطر اور عقل سلیم کا مسلّم مسئلہ ہیں۔ پس اگر تم بھی ایسا کرتے ہو تو تم نے بھی ہدایت پائی اور یہی اسلام ہے اور جو نہیں تو اب تمہارے گمراہ ہونے میں کیا کلام ہے اب نبی کا ذمہ خبر دینا ہے۔ اس کی سزا عالم آخرت میں خود پائیں گے۔ اس کے بعد یہود و نصاریٰ کے وہ خصائل بد کہ جو اُن میں پائے جاتے تھے مجملاً بیان کر کے عذاب آخرت سے ڈراتا ہے۔ وہ خصائل بد یہ تھے عقائد میں آیات الٰہی کا انکار کرنا۔ اعمال میں انبیا کو اور دیگر کلمۃ الخیر کہنے والوں کو ناحق قتل کرنا۔ اس پر نجات کا امیدوار رہنا ؛

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ	
(اے نبی) کیا آپ نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا کہ جن کو کتاب میں سے کچھ حصہ	
الْكِتٰبِ يُدْعَوْنَ اِلٰى كِتٰبِ اللّٰهِ لِيَحْكُمَ	
دیا گیا ہے وہ اللہ کی طرف اس لیے بلائے جاتے ہیں کہ وہ کتاب ان کا	
بَيْنَهُمْ ثُمَّ يَتَوَلّٰى فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ وَهُمْ	
جھگڑا فیصل کرے (اس پر بھی) ان میں کا ایک فریق منہ موڑ کر	
مُّعْرِضُوْنَ ﴿۲۳﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا	
پھرا جاتا ہے یہ اس لیے کہ وہ کہہ چکے ہیں کہ	
لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّآ اَيَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ	
ہم کو ہرگز دوزخ کی آگ چھوئے گی مگر گنتی کے چند روز تک	
وَغَرَّهُمْ فِيْ دِيْنِهِمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۲۴﴾	
اور ان کو ان کے مذہبی دھکوسلوں نے مغرور کر دیا ہے	
فَكَيْفَ اِذَا جَمَعْنٰهُمْ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ	
پھر اُس دن کہ جس کے آنے میں کچھ بھی شبہ نہیں	

Marfat.com

فِيهِ ۚ وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ

کیا حال ہوگا اور اُس (دن) جس نے جو کچھ کیا ہے اس کا اس کو پورا پورا بدلہ دیا جائیگا

وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ﴿٢٥﴾

اور کسی پر (کچھ بھی) ظلم نہ کیا جائے گا۔

ترکیب

یدعون موضع حال میں ہے الذین سے اور ہم معرضون جملہ موضع رفع میں ہے صفت ہے فریق کی یا حال ہے ضمیر مجرور سے ذلک مبتدا باانہم خبر فکیف موضع نصب میں ہے اور عامل اس میں محذوف ہے تقدیرہٗ کیف یصنعون لا ریب فیہ جملہ صفت ہے یوم کی و وفیت اس پر معطوف والعائد محذوف۔

تفسیر

یہ اُن اہلِ کتاب کی ایک خصلتِ بد بیان کی جاتی ہے اور اس کا سبب بھی بتایا جاتا ہے کہ مذہبِ انبیائی میں تحریف کر کے انہوں نے چند ڈھکوسلے بنا رکھے ہیں جن کے اعتماد پر وہ ایسا کرتے ہیں۔ خصلتِ بد یہ تھی کہ جب ان کو باہمی منازعات کے فیصلہ کے لیے کتاب اللہ کی طرف بلایا جاتا تھا کہ جو کتاب اللہ کہہ دے اس کو مانو تو وہ رُوٹھ کر چلے جاتے تھے۔ چنانچہ ایک بار جیسا کہ کتبِ حدیث میں مذکور ہے یہ ہوا کہ یہود میں ایک مرد و عورت شریف اور دولت مند نے زنا کیا۔ اور ان کے علماء نے بہ لحاظِ دولتمندی اصلی حکم جاری کرنے میں حیلہ بہانہ کیا اور باہم جھگڑا ہونے لگا تو وہ لوگ فیصلہ کے لیے آں حضرت علیہ السلام کی خدمت شریف میں حاضر ہوئے اور عبداللہ بن صوریا یہودی عالم بھی آیا، تو آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حکمِ الٰہی ان کے لیے کتاب اللہ یعنی قرآن میں یہ ہے کہ ان کو پتھروں سے مارا جاوے (جس کو رجم کہتے ہیں) اور یہی حکم تورات میں بھی ہے[1]۔ عبداللہ نے کہا نہیں ہے۔ آپؐ نے فرمایا اچھا تورات لاؤ۔ جب لائے اور اس مقام کو نکالا تو عبداللہ نے اُس جگہ انگلی رکھ کر چھپانا چاہا مگر عبداللہ بن سلام[2] نے اُس کا ہاتھ اٹھا کر وہ آیت پڑھ دی۔ تب آں حضرتؐ نے رجم کا حکم دیا جس پر یہود اور ان کے علماء آں حضرتؐ سے اور بھی زیادہ ناراض ہو گئے اور اکڑ کر اٹھ کھڑے ہوئے۔ اس پر خدا تعالےٰ فرماتا ہے کہ جب اُن کا اُس کتاب کی نسبت بھی کہ جس کو یہ برحق سمجھتے ہیں یہ حال ہے تو پھر قرآن کی نسبت کیا ٹھکانا ہے؟ اور اس بے دینی اور بے باکی کا سبب یہ ہے کہ اُن کے پیروں مرشدوں نے چند ڈھکوسلے اُن کے دل میں بٹھا دیے تھے یہ کہ بجز چند روز کے یہود کو نسلِ ابراہیم ہونے کے سبب عذاب نہ ہوگا جس پر وہ مغرور تھے۔ فرماتا ہے کہ قیامت کے روز کہ جس میں کوئی بھی شبہ نہیں جب ہم ان کو جمع کریں گے اور ہر شخص کو اس کے اعمال کی پوری جزا و سزا ملے گی تو پھر ان کو ان خیالاتِ خام کی حقیقت معلوم ہو جاوے گی۔ دراصل اب بھی سیکڑوں فرقے مذہبی ڈھکوسلوں پر نازاں ہیں۔ ہندوؤں کے پنڈتوں نے ہزاروں ایسے مسئلے بنا رکھے ہیں۔ عیسائیوں نے یہ بات بنا رکھی ہے کہ مسیح جملہ گناہوں کا کفارہ ہیں۔

فائدہ

یدعون الی کتاب اللہ عبداللہ بن عباسؓ کے نزدیک کتاب اللہ سے مراد قرآن مجید ہے اور یہی ٹھیک بھی ہے۔ کس لیے کہ جب اُن پر حجت قائم ہو چکی تب کتاب اللہ کی طرف بالخصوص اس فیصلہ کے لیے بلانا کہ جس کو وہ بھی تسلیم کرتے تھے بہت ٹھیک تھا۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ عموماً تورات

[1] کتاب احبار کے باب ۲۰ و ۲۱ میں تصریح ہے ۱۲ منہ

[2] عبداللہ بن سلام رضؓ جلیل القدر صحابی ہیں۔ پہلے ان کا نام حصین تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا نام عبداللہ رکھا۔ توریت کے بڑے عالم تھے۔ ۴۳ھ میں انتقال ہوا۔ حقانی

Marfat.com

وانا جیل و دیگر صحف مراد ہوں۔ کیونکہ اپنے زعم میں وہ سب کو کتاب اللہ کہا کرتے تھے۔ پھر جب اُن کی بشارات کی طرف کہ جو آں حضرتؐ کی شان میں تھیں (اور کچھ اب ہیں) ہدایت کی جاتی تھی تو ہرگز نہیں مانتے تھے۔

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ

(اے نبی آپ یہ) کہیے کہ اے ملک کے مالک تو جس کو چاہتا ہے

مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ

بادشاہی دیتا ہے اور جس سے چاہتا ہے ملک چھین

تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ

لیتا ہے اور جس کو چاہتا ہے عزت دیتا ہے اور جس کو چاہتا ہے ذلت

تَشَآءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ۭ اِنَّكَ عَلٰي كُلِّ

دیتا ہے تیرے ہی ہاتھ میں (سب بہتری) کچھ ہے تو ہی ہر چیز پر

شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝۲۶ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ

قادر ہے تو رات کو دن میں اور دن کو

وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ

رات میں داخل کر دیتا ہے اور تو مُردوں سے

مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ

زندہ اور زندہ سے مردہ پیدا کرتا

الْحَيِّ ۡ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ

ہے اور جس کو چاہتا ہے بے حساب روزی

حِسَابٍ ۝۲۷ لَا يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُوْنَ

دیتا ہے ایمان داروں کو نہ چاہیے کہ

الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ

ایمان داروں کو چھوڑ کر کافروں کو دوست بنائیں

وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَلَيْسَ مِنَ اللّٰهِ

اور جو ایسا کرتا ہے تو وہ خدا کی طرف سے کسی حمایت میں

فِيْ شَيْءٍ اِلَّآ اَنْ تَتَّقُوْا مِنْهُمْ تُقٰىةً ۭ

بھی نہیں ہاں اگر تم ان سے کوئی بچاؤ کرنا چاہتے ہو (تو کوئی مضائقہ نہیں)

وَيُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهٗ ۭ وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ ۝۲۸

اور اللہ تم کو اپنی ذات سے ڈراتا ہے اور اللہ ہی کے پاس پھر کر جانا ہے

ترکیب

اللھم میم مشددہ قائم مقام یا کے ہے مالک الملک ندا ثانی ہے اے مالک الملک تو تی الملک اور اس کے بعد کے جملے جو اس پر معطوف ہیں خبر ہیں مبتدا محذوف کی لے انت بیدک الخیر جملہ مستانفہ ہے بعض کہتے ہیں اس کا حکم پہلے جملوں کا سا ہے۔ بغیر حساب صفت ہے مصدر محذوف کی لے رزقاً غیر قلیل۔ لایتخذ نفی ہے بمعنی نہی من دون اللہ موضع نصب میں ہو صفت ہے اولیاء کی لیس کا اسم ضمیر ہے فی شئ خبر من اللہ حال ہے فی شئ سے اے لیس من ولایۃ اللہ فی شئ۔

تفسیر

من جملہ ان کے خصائل بد کے یہ بات بھی ان میں تھی کہ وہ دنیا اور اس کے اسباب پر مغرور تھے۔ آں حضرتؐ اور صحابہؓ کو بسبب ان کے فقر و افلاس کے بچشم حقارت دیکھتے تھے اور نیز یہود کو اپنے خاندان اسرائیلی پر بھی بڑا فخر تھا اور وہ یہ سمجھے ہوئے تھے کہ نبی آخر الزماں جو مبعوث ہوگا تو اسی انبیائی خاندان میں سے ہوگا نہ کہ عرب کے جاہلوں مشرکوں میں سے۔ ان سب کا ابطال ان آیات میں کیا جاتا ہے اول کا

ف رات دن گھٹتے بڑھتے ہیں جس قدر دن گھٹتا ہے وہ رات میں شامل ہو جاتا ہے اور جس قدر رات گھٹتی ہے دن میں شامل ہو جاتی ہے۔ کبھی وہ مردہ عورت میں سے زندہ بچہ پیدا کرتا ہے اور کبھی زندہ عورت سے مردہ بچہ پیدا ہوتا ہے۔ یا یہ مراد کہ نالائقوں سے لائق اور لائقوں سے نالائق پیدا کرتا ہے یہ سب قادر مختار کی قدرت کے عیاں نمونے ہیں ۱۲ منہ حقانی

Marfat.com

اس آیت میں قل اللھم مالک الملک الخ قدیر کہ سلطنت و دولت عروج و نزول عزت و ذلت کسی کی موروثی نہیں جس کو چاہے خدائے قادر دے اور جس سے چاہے چھین لے۔ اس میں اُن کے اُس طعن کا بھی جواب ہے جو وہ مستغلبون کی بشارت پر کیا کرتے تھے کہ بایں ذلت و خواری اہل کتاب پر غالب ہونے کی امید رکھتے ہیں جن کے پاس یہ زور و سلطنت ہے اور نیز اس طرف بھی اشارہ ہے کہ یہ سلطنت و عزت عن قریب گروہ خدا پرست اہل اسلام کو دی جائے گی اور ان سرکشوں سے لی جائے گی جس کا ظہور بہت جلد ہوا۔ اور دوسری بات کا جواب اس جملہ میں دیا جاتا ہے تولج الیل فی النہار الخ کہ تم رات دن اس کی قدرت کا کرشمہ دیکھ رہے ہو کہ دن میں رات داخل ہوتی ہے اور رات میں دن۔ رات جو بڑھتی ہے وہ اس قدر وقت کو لے لیتی ہے جو گرمیوں میں دن کے لیے تھا اسی طرح گرمیوں میں دن جو بڑا ہوتا ہے تو رات میں داخل ہو جاتا ہے کہ جاڑے کی رات کا جو وقت تھا اب اس میں آگیا اور نیز رات آتی ہے دن کا وقت لے لیتی ہے اسی طرح رات کے بعد دن آتا ہے۔ اسی طرح وہ مردہ سے زندہ پیدا کرتا ہے مرنے کے بعد جانداروں سے زندہ بچہ بھی پیدا ہو جاتا ہے۔ منی جو ایک جرم مردہ ہے اس سے زندہ حیوان پیدا ہوتا ہے مادۂ بے جان سے صدہا زندہ حیوان پیدا ہوتے ہیں اسی طرح زندہ حیوان سے مردہ بچہ یا منی مردہ پیدا ہوتی ہے اس میں اس طرف اشارہ ہے کہ خدا زندہ اور انبیائی خاندانوں سے نالائق لوگ بھی پیدا کرتا ہے جو مُردوں سے بدتر ہیں اور جاہل خاندانوں سے جو بمنزلہ مردہ ہیں ایسے روشن آفتاب پیدا کر دیتا ہے جو روشنی اور حیات ابدی کا باعث ہوتے ہیں جیسا کہ عرب بالخصوص خاندان قریش خصوصاً بنی ہاشم سے کیسے زندہ لوگ پیدا کیے کہ جنھوں نے ملک عرب بلکہ روئے زمین کو دوبارہ زندگی بخشی اور زندہ خاندانوں سے یہود اور نصاریٰ پیدا ہوئے، جن میں حیات ابدی کا کچھ اثر نہیں وہ جس کو چاہتا ہے بے حساب روزی عطا کرتا ہے اور جب کہ یہ بات خدا نے ظاہر فرما دی کہ یہ سب باتیں ہمارے قبضۂ قدرت میں ہیں اور دنیا کی ظاہری طمطراق بے اصل و بے حقیقت ہے تو اب مسلمانوں کو یہ تعلیم فرماتا ہے کہ اپنے لوگوں کو ترک کر کے خدا کے دشمنوں سے ان کی شوکت ظاہری پر نظر کر کے دوستی اور محبت نہ کرنا چاہیے اور جو ایسا کرے گا تو وہ خدا کے طرف داروں اور دوستوں میں کچھ بھی شمار نہ ہوگا۔ البتہ اگر کچھ خوفِ جان و مال ہو تو ظاہرداری کا کچھ مضائقہ نہیں۔

واضح ہو کہ کفار سے ایمان داروں کی محبت کے تین طریق ہیں۔ (۱) یہ کہ ان کے ملت و مذہب کی وجہ سے خوش ہو کر ان سے محبت رکھے، سو یہ حرام قطعی ہے۔ بلکہ جو ایسا کرے گا قطعی کافر ہوگا۔ (۲) یہ کہ ان کی ملت و مذہب کو تو بُرا جانتا ہے مگر معاملاتِ دنیا میں خوش اسلوبی اور رحم دلی سے پیش آتا ہے سو یہ ممنوع نہیں۔ (۳) ان دونوں کے درمیانی حالت، وہ یہ کہ کفار کے ملت و مذہب کو تو بُرا جانتا ہے مگر بمقابلہ اہل اسلام قرابت یا محبت یا کسی دنیاوی نوکری وغیرہ کی غرض سے ان کی مدد کرتا ہے یہ کفر نہیں، لیکن سخت گناہ ہے۔ انجام اس کا کفر ہو جاتا ہے۔ قرآن کی اس آیت میں اور دیگر آیات لاتتخذوا عدوی و عدوکم اولیاء اور لاتتخذوا الیھود والنصاریٰ اولیاء میں اسی سے منع کیا گیا ہے۔ چنانچہ اس کی شان نزول میں حاطب بن ابی بلتعہ صحابی کا قصہ کتب حدیث میں مذکور ہے کہ انہوں نے آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ارادہ کا حال کفارِ مکہ کو لکھ بھیجا تھا، جس پر اُن سے سخت باز پرس ہوئی۔ الا ان تتقوا منھم تقیۃ سے یہ مراد ہے کہ اگر کفار سے مضرت کا سخت اندیشہ ہو تو ایسی صورت میں ظاہرداری کا کچھ مضائقہ نہیں۔ بشرطیکہ دین میں کوئی قباحت نہ آوے۔ اسی کو تقیہ کہتے ہیں۔ یہ بات کہ کفار سے دلی دوستی نہ کرو آسمانی قانون کا قدیم مسئلہ ہے۔ تورات میں بھی جیسا کہ پہلے گزرا اس سے بھی بڑھ کر ہے۔ اور عقلِ سلیم بھی یہی فتویٰ دیتی ہے۔

Marfat.com

قُلْ اِنْ تُخْفُوْا مَا فِیْ صُدُوْرِكُمْ اَوْ

(اے نبی ان سے) کہہ دیجیے کہ اگر تم اپنے دل کی کوئی بات چھپاؤ گے یا

تُبْدُوْهُ یَعْلَمْهُ اللّٰهُ ؕ وَ یَعْلَمُ مَا فِی

اسکو ظاہر کرو گے تو اللہ اس کو جان ہی لے گا اور (وہ) جو کچھ کہ

السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الْاَرْضِ ؕ وَ اللّٰهُ

آسمانوں اور زمین میں ہے سب کچھ جانتا ہے اور اللہ (تو)

عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۲۹﴾ یَوْمَ تَجِدُ

ہر چیز پر قادر ہے اُس دن کو (یاد کرو) کہ

كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ مِنْ خَیْرٍ

جس نے جو کچھ نیکی کی ہے اُس دن اس کو

مُّحْضَرًا ۚ وَّ مَا عَمِلَتْ مِنْ سُوْٓءٍ

موجود پائے گا اور (نیز) جو کچھ بُرائی کی ہے (اس کو بھی پائے گا)

تَوَدُّ لَوْ اَنَّ بَیْنَهَا وَ بَیْنَهٗۤ اَمَدًۢا

تُو چاہے گا کہ کاش بُرائی میں اور اس میں بڑی دُور کا

بَعِیْدًا ؕ وَ یُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهٗ ؕ

فاصلہ ہو جائے اور اللہ تم کو اپنی ذات سے ڈراتا ہے

وَ اللّٰهُ رَءُوْفٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿۳۰﴾

اور اللہ اپنے بندوں پر بڑا (ہی) مہربان ہے۔

ترکیب

ان تخفوا شرط یعلمہ اللہ جزا اور اس کا ترتب باعتبار علم تفصیلی کے ہے۔ یوم ظرف منصوب اس کے ناصب میں مختلف اقوال ہیں۔ ابن انباری کہتے ہیں المصیر سے متعلق ہے۔ بعض کہتے ہیں اذکر محذوف ہے۔ بعض کہتے ہیں تودّ سے۔ وما عملت بالمعنی الذی اور عملت اس کا صلہ اور یہ معطوف ہے ما اول پر لو ان الخ یہ ممکن ہے کہ سوء کی صفت ہو تقدیرہ وما عملت من سوء الذی تود ان بینہ وبینہ امدا بعیدا اکبیر) اور ممکن ہے کہ حال ہو۔ امدا اسم ہے ان کا۔

تفسیر

جب کہ مؤمنوں کو کفار سے محبت کرنے کی ممانعت کر دی اور بشرط ضرورت ظاہر داری کی اجازت دی تو ان آیات میں اس بات پر تنبیہ کر دی کہ دیکھو دل کا حال کوئی مخفی نہیں، اُس پر زمین و آسمان کا حال منکشف ہے۔ پھر اگر کفر کی محبت کو دل میں جگہ دو گے تو وہ تم کو سزا دے گا۔ وہ ہر ہر چیز اور ہر قسم کی سزا پر قادر ہے۔ پھر روزِ حساب کا ذکر کر کے شامتِ اعمال کے نتیجہ سے ڈراتا ہے کہ اُس روز جس نے جو کچھ کیا ہے اُس کو موجود پائے گا اور بُرائی کو دیکھ کر آرزو کرے گا کہ کاش وہ مجھ سے بہت ہی دور رہے۔ پھر فرماتا ہے کہ خدا تم کو اپنے سے ڈراتا ہے کہ اس میں شانِ قہر بھی ہے۔ باوجود اس کے وہ بندوں پر مہربان بھی ہے۔ اور عواقبِ امور سے متنبہ کرنا بھی اس کی بڑی مہربانی ہے۔

ع ۳ ۱۱

قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِیْ

(اے نبی) کہہ دیجیے کہ اگر تم اللہ سے محبت رکھتے ہو تو میری پیروی کرو

یُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَ یَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ؕ

(تاکہ) خدا بھی تم سے محبت کرے اور تمہارے گناہ بھی معاف کر دے

وَ اللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۳۱﴾ قُلْ اَطِیْعُوا

اور اللہ تو بخشنے والا مہربان ہے۔ (اور) کہہ دیجیے کہ اللہ اور

اللّٰهَ وَ الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّ اللّٰهَ

رسول کی فرماں برداری کیا کرو پھر اگر وہ نہ مانیں تو خدا کو بھی

لَا یُحِبُّ الْكٰفِرِیْنَ ﴿۳۲﴾ اِنَّ اللّٰهَ

منکروں سے کچھ محبت نہیں بے شک اللہ نے

Marfat.com

اصْطَفٰٓى اٰدَمَ وَنُوْحًا وَّاٰلَ اِبْرٰهِيْمَ

آدم اور نوح کو اور ابراہیم اور عمران کے

وَاٰلَ عِمْرٰنَ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۳۳﴾ ذُرِّيَّةًۢ

خاندان کو تمام دنیا پر برگزیدہ کیا تھا جو

بَعْضُهَا مِنْۢ بَعْضٍ ۭ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۳۴﴾

ایک دوسرے کی اولاد سے تھے اور اللہ سنتا جانتا ہے۔

ترکیب

ان کنتم تحبون اللہ شرط فاتبعونی جواب شرط یحببکم اور یغفر لکم مجزوم ہیں اتبعوا امر کے جواب میں آکر ذریۃ منصوب ہے یا اس وجہ سے کہ یہ بدل ہے نوحا و ما عُطِفَ علیہ سے اور ممکن ہے کہ ان اسماء سے حال بھی ہو اور عامل اس میں اصطفٰی ہو بعضھا مبتدا من بعض خبر یہ جملہ موضع نصب میں ہے کیونکہ صفت ہے ذریۃ کی۔

تفسیر

جب توحید ثابت کر دی گئی تو مشرکین کے پاس بجز اس کے اور کوئی حیلہ نہیں رہا کہ ہم ان کو اللہ کے تقرب کا ذریعہ سمجھ کر پوجتے ہیں۔ مقصود خدا اور اس کی محبت ہے تو اس کے جواب میں فرماتا ہے کہ اگر تم کو اللہ سے محبت ہے تو اس کے رسول کے کہنے پر چلو، اس نادیدہ خدا کی محبت کے وہی عمدہ طریق بتا سکتا ہے کہ جس سے وہ راضی ہو اور تم سے محبت کرے اور تمہارے گناہ بھی بخشدے، کیونکہ وہ غفور رحیم ہے۔ تمہارے خیالات فاسدہ باعث محبت نہیں ہو سکتے خدا کی محبت اس کی اور اس کے رسول کی فرماں برداری سے وابستہ ہے کیونکہ خدا کافروں سے جو خدا اور رسول کے نافرمان ہیں محبت نہیں کرتا۔ رسول کی اطاعت پر محبت کے منحصر کرنے سے یہ خیال پیدا ہوتا تھا کہ بندے بندے سب برابر ہیں ان کی اطاعت کس لیے؟ اس کے جواب میں فرماتا ہے کہ خدا نے ان کو برگزیدہ کر لیا ہے جن میں سے اوّل برگزیدہ آدم ہیں پھر نوح پھر ابراہیم اور عمران کا خاندان موسیٰ و ہارون وغیرہ۔ یہ خدا نہ تھے نہ فرشتے تھے آدمی تھے جو ایک دوسرے کی نسل سے تھا۔ اور برگزیدگی اس کے علم و حکمت پر منحصر ہے کیونکہ وہ سمیع و علیم ہے۔ اس میں قریش کے شبہ کا بھی جواب ہے۔ وہ کہتے تھے محمد اپنی اطاعت کراتا ہے۔ حالانکہ ہم ہی میں کا ایک شخص ہے۔ جواب یہ ہوا کہ سلسلۂ نبوت قدیم سے چلا آتا ہے اور نوح ابراہیم وغیرہ بھی اسی طرح برگزیدہ قابل اطاعت تھے یہ کوئی نئی بات نہیں اور یہ برگزیدگی خدا کے ساتھ اس کا ارتباط خاص تھا جس کے سبب وہ ان امور سے مطلع کیے جاتے تھے جن سے تم نہیں کیے جاتے اس لیے ان اسرار کی تعلیم کے سبب وہ مقتدا، قابل اطاعت تھے۔

اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرٰنَ رَبِّ اِنِّىْ

جب کہ عمران کی بیوی نے (یہ) کہا کہ اے میرے رب میرے

نَذَرْتُ لَكَ مَا فِىْ بَطْنِىْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ

پیٹ میں جو کچھ آزاد ہے اس کو میں نے تیرے لیے نذر کیا سو تو مجھ سے

مِنِّىْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۳۵﴾

قبول کرلے کیونکہ تو ہی سنتا جانتا ہے۔

فَلَمَّا وَضَعَتْهَا قَالَتْ رَبِّ اِنِّىْ وَضَعْتُهَآ

پھر جب اس نے لڑکی جنی تو کہنے لگی کہ اے رب میں نے تو (یہ) لڑکی

اُنْثٰى ۭ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا وَضَعَتْ ۭ وَ

جنی ہے اور اللہ ہی خوب جانتا تھا کہ اس نے کیا جنا تھا اور

لَيْسَ الذَّكَرُ كَالْاُنْثٰى ۚ وَاِنِّىْ سَمَّيْتُهَا

لڑکا لڑکی جیسا کا ہے کو ہونے لگا اور میں نے اس کا نام

Marfat.com

مَرْيَمَ وَاِنِّيْٓ اُعِيْذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا
مریم رکھا اور میں اس کو اور اس کی اولاد کو شیطان
مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ﴿۳۶﴾ فَتَقَبَّلَهَا
مردود سے تیری پناہ میں دیتی ہوں پھر تو اس کو

رَبُّهَا بِقَبُوْلٍ حَسَنٍ وَّاَنْۢبَتَهَا نَبَاتًا
اس کے رب نے اچھی طرح سے قبول کر لیا اور اس کو عمدہ اُٹھان
حَسَنًا ۙ وَّكَفَّلَهَا زَكَرِيَّا ؕ كُلَّمَا دَخَلَ
اٹھایا اور زکریا نے اس کی کفالت کی جب زکریا اس کے
عَلَيْهَا زَكَرِيَّا الْمِحْرَابَ ۙ وَجَدَ عِنْدَهَا
پاس حجرے میں جاتے تو اس کے پاس کچھ
رِزْقًا ۚ قَالَ يٰمَرْيَمُ اَنّٰى لَكِ هٰذَا ؕ
کھانا پاتے (پھر مریم سے) پوچھا کہ اے مریم یہ کھانا تیرے پاس کہاں سے آتا ہے
قَالَتْ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ
مریم نے (جواب میں) کہا یہ خدا کے ہاں سے آتا ہے بے شک اللہ
يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۳۷﴾
جس کو چاہتا ہے بے حساب روزی دیتا ہے

ترکیب

اذ اس کا عامل اذکر ہے محرراً حال ہے ما سے جو بمعنی الذی ہے انثی حال ہے وضعتہا کی ہا سے یا بدل نباتاً بمعنی انباتاً مفعول مطلق ہے فعل مذکور سے کفل کا فاعل اللہ ہا مفعول اول زکریا مفعول ثانی کلما کلمہ شرط دخل علیہا اس کے متعلق زکریا فاعل المحراب مفعول دخل کا وحقہ ان یتعدی بفی او بالی لکنہ اتسع فیہ فاوصل بنفسہ الی المفعول، یہ جملہ شرط۔ وجد کا فاعل زکریا عندہا ظرف رزقاً مفعول تمام جملہ جواب شرط قال یا مریم جملہ مستانفہ۔

تفسیر

چونکہ ابھی خدا کی محبت اور اس کی طاعت کا ذکر تھا اس لیے مناسب ہوا کہ خدا کے محبوبوں اور حقیقی مطیعوں کے واقعات ترغیب کے لیے اجمالی طور پر بیان فرمائے جاویں جس سے روح کو اس کا ذوق اور ان پاک بازوں اور راست بازوں کے اتباع کا شوق دل میں پیدا ہو۔ سب سے اول قصہ آل عمران کا عبرت انگیز، حضرت مریم اور ان کے فرزند ارجمند حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ہے پھر اس کے ضمن میں حضرت زکریا کی دعا اور التجا پر رحم فرما کر ان کے ہاں فرزند سعادت مند حضرت یحییٰ علیہ السلام کے تولد کا ہے کہ جن کو یوحنا بھی کہتے ہیں۔ ان آیات میں خدا تعالیٰ مریم کی والدہ کا نذر کرنا اور پھر بجائے لڑکے کے مریم کا پیدا ہونا اور ان کا حضرت زکریا کے زیر حفاظت محراب یعنی مسجد کے حجرے میں پرورش پانا جس کو اہل کتاب ہیکل کہتے ہیں اور پھر بطور خرق عادت مریم کے پاس بے موسم کے میوے دیکھ کر حضرت زکریا کا متعجب ہو کر پوچھنا اور مریم کا جواب دینا بیان فرماتا ہے۔

اگرچہ اناجیل اربعہ کے مصنفوں اور حواریوں کے خطوط مسلمہ نصاریٰ میں عمران اور اس کے باپ اور مریم کی ماں کا نام مع التفصیل مذکور نہیں مگر مؤرخین اسلام نے اپنی تحقیقات سے بیان کیا ہے کہ یہ عمران وہ عمران نہیں جو موسیٰ اور ہارون کے

ف محرر اس نر کو یعنی لڑکے کو کہتے تھے جو دنیا کے کاروبار سے آزاد ہو کے مسجد میں دینی خدمات کے لیے چھوڑ دیا جاتا تھا۔ لڑکی پیدا ہونے سے وہ امید جاتی رہی۔ کس لیے کہ لڑکی لڑکوں کے برابر کیا خدمت سرانجام دے سکتی ہے۔ یہ ان کی ماں کے حسرت کے کلمات ہیں۔ جو جناب باری میں مریم کی ولادت کے وقت لڑکی کو ناچیز سمجھ کر کہے تھے، خدا کو ان کا نیاز و خلوص پسند آیا اس کو قبول کیا اور لڑکوں سے عمدہ ثمرہ حضرت مسیح علیہ السلام ان سے ظہور پذیر ہوا ۱۲ منہ

Marfat.com

والد تھے بلکہ یہ ماتان کے بیٹے ہیں جو حضرت ہارون کی اولاد سے ہیں یہ حضرت زکریا بن اذن کے عہد میں تھے یہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نانا ہیں۔ بنی اسرائیل میں دستور تھا کہ وہ اپنے لڑکے کو خدا کی نذر مانا کرتے تھے، جب اس کا دودھ بڑھ جاتا تو اس کو ہیکل یعنی اُس مسجد میں کہ جس کو حضرت سلیمان نے ..... (ملاحظہ ہو صفحہ ۵۳)

بَلَغَنِيَ الْكِبَرُ وَامْرَأَتِي عَاقِرٌ ۖ قَالَ

تو بڑھاپا آگیا اور میری بیوی (بھی) بانجھ ہے (فرشتے نے) کہا

كَذَٰلِكَ اللَّهُ يَفْعَلُ مَا يَشَاءُ ﴿٤٠﴾ قَالَ

اسی طرح اللہ جو چاہتا ہے کر دیتا ہے۔ (زکریا نے) کہا

رَبِّ اجْعَل لِّيَ آيَةً ۚ قَالَ آيَتُكَ

اے میرے رب میرے لیے کوئی نشانی معین کر دیجیے کہا تیرے لیے یہ نشانی ہے

أَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ إِلَّا

کہ تو تین روز تک لوگوں سے بجز اشارہ کے بات

رَمْزًا ۗ وَاذْكُر رَّبَّكَ كَثِيرًا وَسَبِّحْ

نہ کر سکے گا اور اپنے رب کو بہت یاد کر اور شام

بِالْعَشِيِّ وَالْإِبْكَارِ ﴿٤١﴾

و صبح تسبیح کیا کر۔

هُنَالِكَ دَعَا زَكَرِيَّا رَبَّهُ ۖ قَالَ رَبِّ

اُس وقت تو زکریا نے (بھی) اپنے رب سے دعا کی کہا اے میرے رب

هَبْ لِي مِن لَّدُنكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۖ

مجھ کو بھی اپنی جناب سے پاک اولاد عطا کر

إِنَّكَ سَمِيعُ الدُّعَاءِ ﴿٣٨﴾ فَنَادَتْهُ

بے شک تو دعا کا سننے والا ہے پھر اس کو فرشتے

الْمَلَائِكَةُ وَهُوَ قَائِمٌ يُصَلِّي فِي

نے آواز دی جب کہ وہ محراب میں کھڑے نماز

الْمِحْرَابِ أَنَّ اللَّهَ يُبَشِّرُكَ بِيَحْيَىٰ

پڑھ رہے تھے کہ اللہ تم کو خوش خبری دیتا ہے یحییٰ (کے پیدا ہونے) کی

مُصَدِّقًا بِكَلِمَةٍ مِّنَ اللَّهِ وَسَيِّدًا

تصدیق کرے گا خدا کے ایک کلمہ[1] کی اور سردار ہوگا

وَحَصُورًا وَنَبِيًّا مِّنَ الصَّالِحِينَ ﴿٣٩﴾

اور کنوارا ہے گا اور نیک نبی ہوگا

قَالَ رَبِّ أَنَّىٰ يَكُونُ لِي غُلَامٌ وَقَدْ

(زکریا نے) کہا اے رب میرے کہاں سے لڑکا ہوگا اور مجھ پر

ع ۱۱ ۱۲

ترکیب

ہنا دراصل ظرف مکان کے لیے ہے مگر یہاں ظرف زمان مراد ہے لک سے اس میں بُعد ہو گیا یہ دعا سے متعلق ہے من لدنک ہب لی سے متعلق ہے پس من ابتداء غایت ہبہ کے لیے ہے نادت فعل الملئکۃ فاعل بہ ضمیر مفعول ذی الحال وہو قائم جملہ حال یصلی ضمیر قائم سے حال ہے ان اللہ جملہ بیان ندا ہے مصدقا اور سیدا اور حصورا اور نبیا یحییٰ سے حال ہیں لی خبر یکون غلام اسم وانی بمعنی کیف آیتک مبتدا ان لا تکلم الخ جملہ خبر عشی مفرد ہے۔ بعض کہتے ہیں عشیۃ کی جمع،

[1] خدا کا کلمہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہیں جو اُن کے کلمہ کن کے کہنے سے بغیر باپ کے پیدا ہوئے۔ حضرت یحییٰ کے پیدا ہونے کی جب خوش خبری فرشتے نے دی تو اُن کے اوصاف بھی بیان کر دیے کہ وہ عیسیٰ کلمۃ اللہ کی تصدیق کریں گے، (ہنوز عیسیٰؑ پیدا بھی نہیں ہوئے تھے) سردار ہوں گے، معصوم و محفوظ ہوں گے، نبی ہوں گے۔ یعنی فرزند بھی دیتے ہیں تو ایسا نہ کہ نالائق و ناہنجار ۱۲ منہ

Marfat.com

اور ابکار ہر وزن افعال مصدر ہے اے وقت الابکار۔

تفسیر

شہر یروشلم میں بنایا تھا جس کو اہل اسلام بیت المقدس کہتے ہیں کاہن یعنی امام کے پاس لاکر چھوڑ جاتے تھے اور وہ وہاں مسجد کی خدمت کیا کرتا تھا جیسا کہ سموئیل کو نذر مانا تھا۔ عمران جب مرگئے تو ان کی بیوی حنہ حمل سے تھیں اس نے خلوص نیت سے بدستور بنی اسرائیل یہ نذر مانی کہ الٰہی جو کچھ میرے پیٹ میں ہے میں نے سب کاموں سے محرر یعنی آزاد کرکے تیرے لیے نذر مانا ہے سو جب جنی تو لڑکی پیدا ہوئی اور لڑکی ہیکل کی خدمت کی صلاحیت نہیں رکھتی تھی یہ سمجھ کر نہایت حسرت سے جناب باری میں عرض کی کہ الٰہی میں نے لڑکی جنی اور لڑکی لڑکے کے برابر نہیں ہوتی۔ مطلب یہ کہ یہ تیری نذر کے قابل چیز پیدا نہیں ہوئی کیا کروں؟ چونکہ وہاں تو خلوص اور محبت پر نظر ہے وہاں لڑکی اور لڑکے کی کچھ پروا نہیں اس لیے خدا تعالیٰ نے بطور جملہ معترضہ کے یہ فرمادیا کہ اللہ ہی خوب جانتا ہے جو کچھ اس نے جنا یعنی وہ لڑکی لڑکوں سے بھی بہتر ہے اور اسی لیے ایک جگہ کانت من القانتین فرمایا ہے اور اس تقدیر پر اگر ولیس الذکر کالانثی کے خدا کی طرف کا جملہ ہو کر یہ معنی قرار دیے جائیں کہ اس لڑکی کے برابر کوئی لڑکا نہیں تو ممکن ہے۔ حنہ نے اس کا نام مریم رکھا اور جب اس کا دودھ بڑھ چکا تو بدستور بنی اسرائیل اس کو ہیکل میں کاہنوں کے پاس بھیج دیا ان میں حضرت زکریا بھی تھے جو رشتہ میں مریم کے خالو ہوتے تھے مریم کی خالہ الیساع جس کو الیسبات بھی کہتے ہیں زکریا کی بیوی تھی۔ کاہنوں میں باہم گفتگو ہوئی کہ اس لڑکی کی کون پرورش کرے؟ زکریا نے فرمایا میں مستحق ہوں اس کی خالہ اس کے حال کی خوب نگراں رہے گی اوروں نے نہ مانا اس پر قلم ڈالنے یعنی چٹھی لکھ کر ڈالنے کی قرعہ کے طور پر نوبت پہنچی اور قرعہ میں بھی زکریا کا نام نکلا تب زکریا کے مریم سپرد ہوگئیں۔ اور انھوں نے اُن کے لیے جداگانہ جگہ ہیکل کے متعلق تجویز کردی۔ مریم کو خدا نے نذر میں خوش ہو کر قبول کرلیا تھا اور خدا غیب سے اس کے خورش کے سامان مہیا کرتا تھا۔ اس عرصہ میں مریم جوان ہوگئیں۔ خدا کی قدرت حضرت زکریا کے ہاں اس بڑھاپے تک کوئی اولاد نہ تھی ہر چند دعا کرتے تھے کہ رب لاتذرنی فردا وانت خیر الوارثین۔ ان ایام میں کئی بار مریم کے پاس جب ان کے حجرے میں گئے تو بے موسم کے پھل اور میوے دھرے پائے جس سے متعجب ہو کر پوچھا کہ یہ تیرے پاس کہاں سے آئے؟ مریم نے کہا خدا کے یہاں سے، وہ جس کو چاہتا ہے بغیر حساب روزی دیتا ہے۔ یہ حال دیکھ کر زکریا کو تنبہ ہوا اور دل میں خیال گزرا کہ خدا تعالیٰ مجھ کو بھی بے موسم پیری میں پھل دے سکتا ہے خدا سے نہایت عاجزی کے ساتھ اولاد کی دعا کی۔ وہ ہیکل میں کھڑے ہوئے عبادت میں مصروف تھے اور یہی ان کی نماز تھی کہ فرشتے نے اُن پر ظاہر ہو کر یہ بشارت دی کہ دیکھ خدا نے تیری دعا قبول کی وہ تجھ کو ایک ایسا فرزند دیا چاہتا ہے کہ جس کا ہم نام تیرے خاندان میں کوئی نہیں۔ وہ بنی اسرائیل کا سردار ہوگا اور اس قوم کی خراب حالت کی اصلاح کرے گا اور حصور ہوگا یعنی خدا کی طرف سے نفسانی خواہشوں اور گناہوں سے روکا جاوے گا اُس کو ان چیزوں کی طرف از خود رغبت نہ ہوگی اور نبی ہوگا اور پاکباز لوگوں میں سے ہوگا اور وہ کلمۃ اللہ یعنی حضرت مسیح کی تصدیق کرے گا۔ یہ مژدہ سن کر زکریا نے کہا الٰہی میں بوڑھا ہوگیا اور میری بیوی بانجھ ہے یہ کیوں کر ہوگا؟ فرشتے نے کہا خدا یوں ہی کر دیتا ہے اس پر کوئی بات مشکل نہیں بغیر اسباب ظاہرہ بھی وہ اپنے افعال ظاہر کر دیتا ہے

Marfat.com

زکریا نے عرض کیا کہ مجھ کو کوئی علامت یا نشانی دینی چاہیے جس سے مجھ کو یہ معلوم ہو۔ فرشتے نے کہا تیرے لیے یہ علامت ہے کہ تو تین روز تک بغیر اشارے کے کسی سے کلام نہ کر سکیگا گویا یہ ایک روزہ تھا۔ بنی اسرائیل میں عبادت کی عبادت علامت کی علامت۔ اس کے بعد زکریا اپنی بیوی کے پاس گئے وہ حاملہ ہوگئیں۔ یہ وہ دوسرا قصہ ہے جو مریم کے قصہ میں ضمناً مذکور ہوا پھر اگلی آیات میں مریم کے قصہ کو تمام فرماتا ہے وہ یہ کہ حضرت یحییٰ پیٹ ہی میں تھے کہ حضرت مریم علیہا السلام کو جب کہ وہ اپنے حجرہ میں غسلِ حیض سے فارغ ہو کر بیٹھیں آدمی کی شکل میں جبرئیل دکھائی دیے اور کہا خدا تجھ کو ایک سعادت مند فرزند کی بشارت دیتا ہے۔ مریم نے کہا نہ میں کسی مرد کے پاس گئی نہ میں بدکار ہوں پھر لڑکا کیوں کر ہوگا؟ جبرئیل نے کہا خدا یوں ہی کر دیتا ہے۔ پھر جبرئیل نے قریب آکر ان کے کُرتے کے گریبان میں پھونک دیا جس سے وہ حاملہ ہوگئیں اور کچھ عجب نہیں کہ ایسی حالت میں چرچا پھیلا ہو مریم اپنے چچازاد بھائی یوسف کے ساتھ بیت المقدس سے ناصرہ کو چلی گئی ہوں اور پھر اسم نویسی کو ہیرودیس کے عہد میں یروسلم میں آئی ہوں۔ اور بیت لحم میں کسی گوشہ میں کہ جہاں کوئی کھجور کا درخت تھا حضرت عیسیٰ پیدا ہوئے ہوں اور اسی لیے حضرت زکریا پر یہود نے تہمت لگا کر (کہ یہ حمل ان کا ہے) قتل کیا تھا جیسا کہ کتب تاریخ سے ثابت ہے اہلِ کتاب یوسف کو مریم کا شوہر کہتے ہیں کچھ عجب نہیں کہ حمل ظاہر ہونے کے بعد یا ولادت کے بعد ان کو شادی ہوئی ہو یہ بات صرف جاہلوں کے طعن دور کرنے کو اس وقت مشہور کر دی ہو۔ قرآن میں اس کا کچھ ذکر نہیں واللہ اعلم عند اللہ۔ الغرض جب حضرت عیسیٰ پیدا ہوئے اور ان کی برکت سے خشک کھجور میں چھوارے نمودار ہوئے تو یہود کا گروہ مریم کو ملامت کرنے آتے تھے کہ تیرے ماں اور باپ تو ایسے پاک دامن تھے تو نے یہ کیا کیا؟ حضرت مریم نے کہا اسی لڑکے سے پوچھو۔ لوگوں نے کہا شیر خوار لڑکا کیوں کر بات کر سکتا ہے۔ اس میں خود حضرت عیسیٰ بول پڑے کہ میں خدا کا برگزیدہ نبی ہوں اور میری ماں پاک دامن ہے۔ اس سے سب کو تعجب ہوگیا پھر اور بھی معجزات لڑکپن[1] میں لوگوں نے دیکھے۔ اس کے بعد حاکمِ وقت کے خوف سے

وَإِذْ قَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ يٰمَرْيَمُ إِنَّ

اور (یاد کرو) جب کہ فرشتوں نے کہا اے مریم تم کو

اللّٰهَ اصْطَفٰىكِ وَطَهَّرَكِ وَاصْطَفٰىكِ

خدا نے برگزیدہ کر لیا اور پاک کر دیا اور تم کو دنیا کی

عَلٰى نِسَآءِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۲﴾ يٰمَرْيَمُ

عورتوں پر فضیلت دی اے مریم

اقْنُتِيْ لِرَبِّكِ وَاسْجُدِيْ وَارْكَعِيْ

اپنے رب کی عبادت کرتی رہو اور نمازیوں کے ساتھ سجدہ

مَعَ الرّٰكِعِيْنَ ﴿۴۳﴾ ذٰلِكَ مِنْ أَنْۢبَآءِ

اور رکوع کیا کرو یہ غیب کی خبریں

الْغَيْبِ نُوْحِيْهِ إِلَيْكَ ۭ وَمَا كُنْتَ

ہیں ہم ان کو (اے نبی) آپ کی طرف الہام کرتے ہیں اور آپ کچھ

لَدَيْهِمْ إِذْ يُلْقُوْنَ أَقْلَامَهُمْ

ان کے پاس موجود نہیں تھے جب کہ وہ قرعہ ڈال رہے تھے

أَيُّهُمْ يَكْفُلُ مَرْيَمَ ۠ وَمَا كُنْتَ

کہ ہم میں سے کون مریم کی پرورش کرے گا اور نہ آپ

[1] جیسا کہ گارے کے پرند جانور بنا کر ان میں پھونک مارنا اور پھر ان کا زندہ ہو کر اڑ جانا ۱۲ منہ

Marfat.com

لَدَيْهِمْ إِذْ يَخْتَصِمُونَ ﴿٤٤﴾ إِذْ قَالَتِ
اُس وقت (بھی) موجود تھے جب کہ وہ باہم جھگڑ رہے تھے جب فرشتے

الْمَلٰٓئِكَةُ يٰمَرْيَمُ إِنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكِ
نے کہا اے مریم اللہ تم کو ایک کلمہ کی

بِكَلِمَةٍ مِّنْهُ اسْمُهُ الْمَسِيحُ عِيسَى ابْنُ
بشارت دیتا ہے جس کا نام مسیح عیسیٰ ابن

مَرْيَمَ وَجِيهًا فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَ
مریم ہے جو دنیا اور آخرت میں بڑا باوقار (اور صاحب مرتبہ) اور

مِنَ الْمُقَرَّبِينَ ﴿٤٥﴾ وَيُكَلِّمُ النَّاسَ
خدا کے مقرب لوگوں میں سے ہوگا اور لوگوں سے ماں کی گود میں

فِي الْمَهْدِ وَكَهْلًا وَّمِنَ الصّٰلِحِينَ ﴿٤٦﴾
اور ادھیڑ عمر میں باتیں کرے گا اور (وہ) نیک لوگوں میں سے ہوگا

قَالَتْ رَبِّ أَنّٰى يَكُونُ لِي وَلَدٌ وَّ
(مریم نے) کہا اے رب میرے کیوں کر لڑکا ہو سکتا ہے ،

لَمْ يَمْسَسْنِي بَشَرٌ ۭ قَالَ كَذٰلِكِ
حالانکہ مجھ کو تو کسی بشر نے ہاتھ بھی نہیں لگایا فرمایا بولوں ہی

اللّٰهُ يَخْلُقُ مَا يَشَاءُ ۭ إِذَا قَضٰٓى أَمْرًا
اللہ جو چاہتا ہے پیدا کر دیتا ہے جب وہ کوئی کام کرنا چاہتا ہے

فَإِنَّمَا يَقُولُ لَهُ كُن فَيَكُونُ ﴿٤٧﴾ وَ
تو بس اس کو یہی کہہ دیتا ہے کہ ہو جا سو وہ ہو جاتا ہے اور

يُعَلِّمُهُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَالتَّوْرٰىةَ
(اللہ) اس کو کتاب اور حکمت اور تورات

وَالْإِنجِيلَ ﴿٤٨﴾ وَرَسُولًا إِلٰى بَنِيٓ
اور انجیل سکھائے گا اور وہ بنی اسرائیل کی طرف رسول

إِسْرَآءِيلَ ۙ أَنِّي قَدْ جِئْتُكُم بِاٰيَةٍ
بنا کر بھیجے جائیں گے۔ (وہ کہیں گے کہ) میں تمہارے پاس تمہارے رب کی

مِّن رَّبِّكُمْ ۙ أَنِّيٓ أَخْلُقُ لَكُم مِّنَ
طرف سے نشانی لے کر آیا ہوں میں تمہارے لیے گارے سے پرندوں

الطِّينِ كَهَيْـَٔةِ الطَّيْرِ فَأَنفُخُ فِيهِ
کی مورتیں بنا کر اُن میں پھونکتا ہوں

فَيَكُونُ طَيْرًۢا بِإِذْنِ اللّٰهِ ۚ وَأُبْرِئُ
وہ خدا کے حکم سے اُڑنے لگتے ہیں اور میں مادر زاد

الْأَكْمَهَ وَالْأَبْرَصَ وَأُحْىِ الْمَوْتٰى
اندھے اور کوڑھی کو اچھا بھلا کر دیتا ہوں اور میں خدا کے حکم سے

بِإِذْنِ اللّٰهِ ۚ وَأُنَبِّئُكُم بِمَا تَأْكُلُونَ وَ
مُردوں کو بھی زندہ کر دیتا ہوں اور جو کچھ تم کھاتے اور جو کچھ اپنے

مَا تَدَّخِرُونَ فِي بُيُوتِكُمْ ۚ إِنَّ فِي
گھروں میں باقی رکھ کر آتے ہو سب کو بتا دیتا ہوں بے شک اس میں

ذٰلِكَ لَاٰيَةً لَّكُمْ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ ﴿٤٩﴾
تمہارے لیے بڑی نشانی ہے اگر تم میں ایمان ہے

وَمُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ
اور (میں) اپنے سے اگلی (کتاب) توریت کی تصدیق کرتا ہوا آیا ہوں

وَلِأُحِلَّ لَكُم بَعْضَ الَّذِي حُرِّمَ عَلَيْكُمْ
اور (میں اس لیے بھی آیا ہوں کہ) جو چیزیں تم پر حرام کر دی گئی ہیں اُن میں سے بعض کو تمہارے لیے حلال کر دوں

۱؎ یہود میں قدیم دستور تھا کہ وہ جس کو سردار یا برگزیدہ کرتے تھے تو اُس وقت کاہن یا کاہن اس شخص پر زیتون کا تیل مسح کر دیتا یعنی مَل دیتا تھا، اس لیے اس شخص کو مسیح کہتے تھے۔ چونکہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر بھی مقبولیت کا تیل ملا گیا اور اسی قدیم عزت پر ان کا لقب مسیح مشہور ہوا اور یسوع عبرانی میں ان کا نام ہے جس کو عربی میں عیسیٰ کہتے ہیں۔ چونکہ لقب زیادہ مشہور تھا، اس لیے اس کو نام سے پہلے ذکر کیا ۱۲ منہ

Marfat.com

وَجِئْتُكُمْ بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ ۣ فَاتَّقُوا
اور میں تمہارے پاس تمہارے خدا کی طرف سے نشانی لے کر آیا ہوں سو تم اللہ سے
اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ۝۵۰ اِنَّ اللّٰهَ رَبِّيْ
ڈرو اور میرا کہنا مانو بے شک اللہ میرا اور
وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ۭ هٰذَا صِرَاطٌ
تمہارا رب ہے سو تم اس کی عبادت کرو یہ ہے سیدھا
مُّسْتَقِيْمٌ ۝۵۱ فَلَمَّآ اَحَسَّ عِيْسٰى
رستہ پھر جب عیسیٰ نے ان کی طرف سے
مِنْهُمُ الْكُفْرَ قَالَ مَنْ اَنْصَارِيْٓ
انکار معلوم کر لیا تو کہہ اٹھے کہ کوئی ہے جو اللہ کی طرف ہو کر
اِلَى اللّٰهِ ۭ قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ
میری مدد کرے حواریوں نے کہا ہم ہیں
اَنْصَارُ اللّٰهِ ۚ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ ۚ وَاشْهَدْ
خدا کے طرف دار ہم خدا پر ایمان لائے اور آپ (اس پر)
بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ ۝۵۲ رَبَّنَآ اٰمَنَّا بِمَآ
گواہ رہیں کہ ہم نے اطاعت اختیار کر لی اے ہمارے رب جو کچھ تو نے نازل کیا
اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا
ہم اس پر ایمان لائے اور رسول کی پیروی اختیار کر لی سو ہم کو بھی
مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ۝۵۳ وَمَكَرُوْا وَمَكَرَ
گواہوں میں لکھ رکھ اور (یہود نے) داؤ کیا اور (خدا نے)
اللّٰهُ ۭ وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ ۝۵۴ ع
اُن کے داؤ کیا اور اللہ کا داؤ سب سے بہتر ہے۔

ترکیب

ذٰلک مبتدا من انباء الغیب خبر نوحیہ الیک خبر ثانی۔ اذ یلقون اذ ظرف ہے کان کا اور ممکن ہے کہ استقرار کا ظرف ہو کہ جس سے لدیہم متعلق ہے اقلام جمع قلم بمعنی مقلوم ایہم مبتدا یکفل مریم جملہ موضع نصب میں ہے اے یقترعون ایہم عامل اس میں وہ ہے جو یلقون سے سمجھا جاتا ہے اذ یختصمون کا حال اذ یلقون کا سا ہے اذ قالت بدل ہے اذ سابق سے منہ صفت ہے کلمۃ کی اسمہ مبتدا المسیح خبر عیسیٰ بدل یا عطف بیان ہے اس سے ابن مریم خبر ہے مبتدا محذوف کی اے ہو ابن وجیہا اور من المقربین اور یکلم احوال مقدرہ ہیں معنی کلمۃ سے جو مکوّن ہے فی المہد حال ہے ضمیر یکلم سے رسولا کو اگر صفت مانا جاوے تو یہ بھی حال ہے۔ پھر الی بنی الخ اس سے متعلق ہے مصدقا حال ہے معطوف ہے بآیۃ پر ای جئتکم بآیۃ ومصدقا من التورات بیان ہے لما بین یدی کا ولاحل معطوف ہے محذوف پر اے لاخفف عنکم فلما کلمہ شرط احس کا فاعل عیسیٰ الکفر مفعول منہم متعلق ہے احس کے یا کفر کا حال قال من جواب انصاری انصار نصیر کی جمع ہے جیسا کہ شریف واشراف الحواریون اس کا مفرد حواری ہے جو حور سے مشتق ہے جس کے معنی روشنی اور سفیدی یا رجوع کے ہیں۔ چونکہ ایسے لوگ خدا کی طرف رجوع کرتے ہیں اور ان کے دل روشن ہوتے ہیں اس لیے حواری کہلاتے ہیں۔

تفسیر

کہ مبادا ان کو مار ڈالے یوسف مریم اور حضرت عیسیٰ کو ملک مصر میں لے گیا اور حضرت عیسیٰ وہیں ہوشیار ہوئے جوان ہو کر (جب ہیرودیس بادشاہ یہودیہ کی موت کی خبر سنی تو) ملک شام میں آئے۔ ادھر حضرت یحییٰ زکریا کے بیٹے جو ان سے کئی مہینے پہلے پیدا ہو چکے تھے جوان ہو گئے تھے۔ لوگوں کو تعلیم دیتے اور حضرت عیسیٰ کی تصدیق کرتے تھے۔ آخر بادشاہ وقت نے حضرت یحییٰ کو قتل کر دیا۔ اس کے بعد حضرت عیسیٰ علیہ السلام ملک یہود کے جلیل اور یروشلم

Marfat.com

وغیرہ شہروں میں وعظ فرماتے معجزات دکھاتے رہے لیکن یہود کو ہر روز ان سے عداوت بڑھتی گئی باوجودیکہ حضرت عیسیٰ نے تورات کی تصدیق کی اور شریعتِ موسوی کی بجبِ وقت ترمیم کی، کیونکہ موسیٰ اور عیسیٰ میں سیکڑوں برس کا فاصلہ ہے زمانہ کے مقتضیات کا ضرور اثر ظاہر ہوا جو ترمیم کی حاجت پڑی۔ چنانچہ انہوں نے وہ جو سبت کے روز بے حد قیدیں تھیں کہ یوں نہ کرے اور یوں کرے یا اور ایسے ہی مسائل تھے ان میں بحکم الٰہی تخفیف کر دی اور ان ممنوع حرام باتوں کو درست کر دیا جس کی پوری تفصیل کتاب احبار اور اناجیل اربعہ کے ملاحظہ سے معلوم ہوتی ہے اور معجزات بھی دکھائے اور بہت کچھ یہود کی بداقبالیوں اور ناشائستگیوں کی اصلاح کرنی چاہی مگر اس قوم کی حسِ باطنی جاتی رہی تھی یوں تو مسیحا نے کئی مردے زندہ کیے مگر یہود کا اقبالِ مردہ زندہ نہ ہو سکا۔ آخر جب ان کی سرکشی دیکھی تو فرمایا کہ کون خدا کی حمایت میں آتا ہے؟ بارہ شخص کہ جن کو حواری (یعنی خدا کی طرف رجوع کرنے والے یا روشن دل) کہتے ہیں اور ان کے یہ نام ہیں، حضرت کے صدق دل سے مرید اور شاگرد خاص ہو گئے،

شمعون[1]، جس کو پطرس بھی کہتے ہیں۔ اندرؔیاس[2] شمعون کا بھائی۔ یعقوب[3] بن زبدی، یوحنا[4] ان کا بھائی فلپس[5]، برتھولما[6]۔ تھوما[7]۔ متی[8]۔ یعقوب[9] بن حلفائی۔ تھدی[10]۔ شمعون[11] کنعانی۔ یہودا اسکریوتی۔ اب ایک دینداروں کی جماعت قائم ہو گئی۔ آخر کار یہود نے حضرت عیسیٰ کی حکام سے شکایتیں کر کے پلاطوس حاکم کو ان کے قتل پر آمادہ کیا۔ اور جاسوس دوڑ گئے، حضرت کو ایک جگہ سے گرفتار کر کے لائے اور طرح طرح کی اذیتیں دینی شروع کیں اور بہت کچھ مکر و داؤ ان کے قتل کے لیے کیا مگر خدا کا داؤ سب پر غالب ہے۔ اُس نے یہ کیا کہ اُنھیں یہودیوں میں سے ایک کو حضرت مسیح کی صورت میں کر دیا اور مسیح علیہ السلام کو ملائکہ آسمان پر لے گئے یہود نے مسیح سمجھ کر اس شخص کو سُولی دی اور بڑی اذیت سے مارا۔

اب ہم یہاں چند ابحاث بیان کرتے ہیں تاکہ ان آیات کا مطلب ناظرین کے بخوبی سمجھ میں آجاوے اور پھر آئندہ سورۂ مریم وغیرہا میں اعادہ کی کچھ حاجت نہ رہے واللہ ولی التوفیق

فائدہ

فرشتوں نے مریم سے حضرت عیسیٰ مسیح علیہ السلام کی بابت یہ تمام حال بیان کر دیا تھا کہ وہ ایسے اور ایسے ہوں گے۔ (۱) ان کا نام عیسیٰ مسیح ابن مریم ہوگا (۲) وہ دنیا و آخرت میں معزز اور خدا کے مقربین میں سے ہوں گے۔ (۳) لڑکپن اور ادھیڑ عمر میں لوگوں سے یہ کلام کریں گے برخلاف اور لوگوں کے کہ وہ شیر خوارگی میں کلام نہیں کرتے۔ (۴) ان کو خدا کتاب اور حکمت توریت و انجیل سکھائے گا۔ (۵) وہ لوگوں سے کہیں گے کہ میں خدا کی طرف سے معجزات لے کر آیا ہوں جن کا بعد میں بیان ہے (۶) میں توریت کو پورا کرنے آیا ہوں اس کا مصدق ہوں نہ کہ مکذب (۷) میں تم پر سے سخت احکام کا بوجھ بھی ہلکا کرنے آیا ہوں۔ جو چیزیں بنی اسرائیل پر ان کی سخت دلی سے حرام کر دی گئی ہیں بعض کو مباح کر دیتا ہوں ان سب باتوں کے بعد اصلی بات بھی کہی کہ خداوند خدا میرا اور تمہارا سب کا خدا ہے اُس کی عبادت کرو نہ میری نہ کسی اور مخلوق کی۔ یہ ہے راہِ راست، مگر بنی اسرائیل سخت دل کا ہے کو ماننے والے تھے۔ حضرت نے ان کے انکار و مخالفت کو معلوم کر کے کہا کوئی ہے کہ خدا کے لیے میرا مددگار بنے، حواری بول اٹھے کہ ہم خدا کے دین کے مددگار ہیں اور ہم خدا پر ایمان لائے۔ پھر دعا کی کہ الٰہی ہم گو گواہوں میں لکھ لے ہم رسول کے مطیع ہو گئے (اس میں آنحضرتؐ کے مخاطبوں کو تہ غیب دلائی جاتی ہے) پھر کس خوبی سے قصہ کو تمام کرتا ہے کہ یہود نے ان سے بڑی بدسلوکی کی جس پر خدا نے بھی ان سے بدسلوکی کی کہ رومی بادشاہ ان پر چڑھ آئے اور مار کر ستیاناس کر گئے ان کی بدسلوکی کو اور اس کے بدلہ کو بطور استعارہ مکر سے تعبیر کیا۔ منہ

Marfat.com

بحث اوّل

مفردات الفاظ کی تشریح :- المحراب، اونچی اور عمدہ جگہ۔ اصمعی کہتے ہیں بالاخانہ۔ بعض کہتے ہیں اس جگہ مراد مسجد ہے اس لیے کہ یہ بسبب عبادت کے شیطان سے لڑائی کی جگہ ہے جو حرب سے مشتق ہے۔ حصوراً حصر سے مشتق ہے جس کے معنی بند ہونے اور رُکنے کے ہیں کہتے ہیں حصر الرجل اعتقل بطنہ یہ فعول بمعنی مفعول ہے یعنی شہوات سے روکا گیا جس کو محفوظ اور معصوم کہنا چاہیے۔ عاقر عقر سے مشتق ہے جس کے معنی منقطع ہونے کے ہیں۔ یعنی اولاد سے منقطع ہو گئی جس کو بانجھ کہتے ہیں۔ رمز کے معنی حرکت کے ہیں چونکہ دریا میں تموّج ہوتا ہے اس لیے اس کو عرب راموز کہتے ہیں۔ یہاں مراد اشارہ ہے جو ہاتھ پاؤں یا آنکھ بھوؤں کی حرکت سے ہوتا ہے۔ العشی دن ڈھلے سے غروب تک کا وقت۔ والابکار نئی اور اوّل چیز اور اسی لیے باکورہ نئے پھلوں کو کہتے ہیں اور نئی ناتخدائی کو بکر کہتے ہیں، اس سے مراد طلوع آفتاب سے دوپہر تک کا وقت ہے۔ بعض نے ابکار بالفتح پڑھا ہے سو یہ اشجار کی طرح جمع ہوگا۔ انبار، نبأ کی جمع ہے جس کے معنی خبر ہیں۔ انصار اور حواری کے معنی ہم بیان کر چکے ہیں۔

دوسری بحث

اس مقام پر عیسائی نکتہ چین قرآن مجید پر یہ اعتراض کیا کرتے ہیں کہ حضرت مسیح اور مریم کے اور اسی طرح یوحنا یعنی یحییٰ کے قصہ میں چند غلطیاں قرآن میں بیان ہوئیں جو تاریخی واقعات سے علاقہ رکھتے ہیں۔ (۱) یہ کہ مریم کی ماں کا نذر ماننا اور پھر مریم کو ہیکل میں بھیج دینا اور وہاں کاہنوں میں باہم ان کی پرورش کی بابت گفتگو ہو کر زکریا کے نام قرعہ نکلنا۔ اور زکریا کا مریم کو بے موسم کے پھل کھاتے دیکھ کر اپنے لیے اولاد کے واسطے دعا کرنا انجیل سے ثابت نہیں اس لیے یہ باتیں غلط ہیں۔ (۲) قرآن میں لکھا ہے کہ زکریا تین روز تک بغیر اشارہ کے کسی سے کلام نہ کریں گے حالانکہ انجیل لوقا کے اول باب ورس ۲۰ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ زکریا کو یوں فرشتہ نے کہا کہ تو جب تک یہ باتیں واقع نہ ہو لیں گونگا ہو جاوے گا کسی سے بول نہ سکے گا۔ اور اسی باب کے ۶۴ ورس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ جب یحییٰ پیدا ہوئے اور آٹھویں دن ان کا ختنہ ہوا اور اُن کا نام یحییٰ رکھا گیا، تب اُن کی زبان کھلی جس کی مدت تخمیناً دس مہینے ہوتے ہیں۔ قرآن نے باوجود دعوائے الہام اور تصدیق انجیل کے کتنی غلطی کی۔ (۳) لڑکپن میں مسیح کا کلام کرنا اور پھر پرندوں کا معجزہ کہ مٹی کے جانور بنا کر اُن میں پھونک مارنا اور ان کا زندہ ہو کر اُڑ جانا کہیں سے ثابت نہیں قرآن نے اس کو کہاں سے لیا۔ ان اعتراضات کا جواب یہ ہے۔ اول سوال کا جواب یوں ہے اگر تاریخی باتیں انجیل اربعہ کے مصنف نے اپنی مختصر تاریخوں میں نہ لکھیں تو اس کو کوئی یہ نہیں کہہ سکتا کہ یہ امور غلط ہیں۔ دیکھو زکریا کا فرشتہ سے بشارت پانا اور یحییٰ نام رکھنا وغیرہ باتیں صرف لوقا نے لکھی ہیں اوروں نے نہیں، پھر کیا اس وجہ سے یہ غلط ہو سکتی ہیں؟ اسی طرح مسیح کے پیدا ہونے کے دنوں میں مجوسیوں کو ایک ستارہ دکھائی دینا اور اس کا ان کے آگے آگے چلنا، سوائے متی کے اور کسی نے نہیں لکھا۔ اسی طرح ان چاروں مؤرخوں کا باہم سیکڑوں باتوں میں تفاوت بیان پایا جاتا ہے۔ یہی تیسرے اعتراض کا بھی جواب ہے اور تائید اس کی یہ ہے کہ یوحنا اپنی انجیل کے سب سے اخیر میں یہ لکھتا ہے کہ اور بھی بہت سے کام ہیں جو یسوع نے کیے اگر وہ جدا جدا لکھے جاتے تو میں گمان کرتا ہوں کہ کتابیں جو لکھی جاتیں دنیا میں نہ سماتیں۔ پھر کیا مسیح نے یہ ہی چند باتیں اور یہی چند کام کیے ہیں جو اناجیل اربعہ میں ہیں؟ ہرگز نہیں۔ علاوہ اس کے یہودی مؤرخوں اور دیگر اناجیل سے بھی ان باتوں کا پتہ لگتا ہے اور ان اناجیل کے زیادہ معتبر ہونے کی وجہ سے یہ لازم نہیں آتا کہ ان کے سب

Marfat.com

تاریخی واقعات غلط ہوں۔ دوسرے اعتراض کا جواب یہ ہے کہ لوقا نے نہ زکریا کو دیکھا نہ یحییٰ کو نہ حضرت عیسیٰ کو۔ یہ مؤرخ سنی ہوئی باتیں لکھتا ہے جس پر گمان ہو سکتا ہے کہ یا راوی نے غلطی کی یا خود لوقا سے سہو ہو گیا یا نسخہ میں اور غلطیوں کی طرح یہ بھی واقع ہوئی اور جو تطبیق کرو تو یوں کہہ سکتے ہیں کہ عدد زبانِ عرب میں انحصار کے لیے نہیں ہوتا۔ ہمارے عرف میں کہتے ہیں دو دن کی زندگی میں آدمی کیا کرتا ہے مراد تھوڑی زندگی ہے اسی طرح تین روز سے یہ قلیل مدت مراد ہے جو یحییٰ نے دس مہینے مؤرخ نے بیان کیے۔ قرآن انجیل لوقا کی تصدیق کا مدعی نہیں۔

تیسری بحث ان سے بڑھ کر دہریے اور ان کے مقلد نیچری ان آیات کے صاف اور سیدھے مطلب کو اسی قاعدہ فاسدہ پر (کہ خرقِ عادت محال ہے) عجب تاویلیں کر کے اُلٹ پلٹ کرتے ہیں چنانچہ نیچری مفسر نے اس مقام پر حضرت مریم کو غیب سے روزی پہنچنے کا اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بے باپ کے پیدا ہونے کا انکار کیا اور یہ تاویل کی ہے کہ حضرت یوسف نجار سے پیدا ہوئے تھے صرف یہ بات تھی کہ رخصت کر کے لے جانے سے پہلے یوسف مریم سے ہمبستر ہو گئے تھے چونکہ یہ بات یہود میں مذموم تھی جو دونوں کو شرم و حجاب کا موجب ہوا ہو۔ اور زکریا اور بی بی مریم نے جو فرشتوں سے باتیں کیں وہ ان کا خیال مجتہم یا خواب تھا اور چونکہ اس مذہب کا یونانیوں میں رواج دینا منظور تھا اور ان میں ایسی باتیں ہمیشہ سے باعثِ بزرگی سمجھی جایا کرتی تھیں چنانچہ حکیم افلاطون کا حمل بھی بے باپ کے اُن میں مشہور تھا اس غرض سے عیسائی معلموں نے یہ بات مشہور کر دی اور اسی مشہور بات کو مفسروں نے قرآن کی تفاسیر میں لکھ دیا اور اسی طرح لڑکپن میں مسیح کا کلام کرنا اور مٹی کے جانور بنا کر اُن میں پھونک مار کر زندہ کر دینا اور مردہ کو زندہ کر دینا ہے جس سے دلِ مردہ کو زندہ کرنا مراد ہے اور چشمِ باطن کے اندھے کو ہدایت دینا اور بیماری مرضِ قلب کو شفا دینا مراد ہے اور کوڑھی کے اچھا کرنے سے مراد ہے اور ایسے محاورات حضرت عیسیٰ کی تقریروں میں بیشتر پائے جاتے ہیں۔ یہ ان کی تمام تقریروں کا خلاصہ ہے۔ چونکہ اس لغو گفتگو کا مدار وہی تین چار فاسد عقیدے ہیں کہ جن کا ابطال ہم مقدمہ میں خوب کر چکے ہیں اس لیے اس بارے میں دوبارہ قلم اٹھانا فضول سمجھتے ہیں۔ افسوس یہ لوگ صرف برائے نام مسلمان کہلانے کے لیے قرآن مجید کی فضول تاویلیں کر کے اپنا مضحکہ اُڑواتے ہیں اور تاریخی واقعات کو غلط کہہ کے محققوں میں حقیر بنتے ہیں مگر ان کو سرے سے اسلام ہی کا انکار کر دینا تھا۔ اِس زمانے میں اسلام سے کیا دنیا ملتی ہے؟

ذٰلک من انباء الغیب نوحیہ الیک،

چوتھی بحث ان واقعات کا اس طور پر مخالفوں کو بتانا آں حضرت علیہ السلام کے لیے بڑا معجزہ ہے۔ نہ آپ نے تورات پڑھی تھی نہ کوئی کتاب اور عمر کا اکثر حصہ مکہ میں گزرا جہاں کوئی بھی ذی علم نہ تھا اہل کتاب کا تو کیا ذکر پھر مدینہ میں آکر باوجود مخالفت یہود و نصاریٰ کے یہ کیونکر ممکن تھا کہ آں حضرتؐ ان سے کچھ پڑھنے سیکھنے جاتے اور اگر ایسا ہوتا تو نصاریٰ اور دیگر اہلِ اسلام کے روبرو یہ دعوے کس طرح سے کرتے کہ میں غیب کی خبریں بطور الہام بیان کرتا ہوں۔ باوجود اس کے پھر ان واقعات کو صحیح صحیح بیان کرنا بالخصوص اہل کتاب کے علماء کے سامنے اس طرح سے کہ جن کو کوئی پڑھا ہوا بھی بیان نہ کر سکے اگر اعجاز نہیں تو اور کیا ہے؟ اگرچہ بعض باتیں بعض کے لیے خرقِ عادت نہیں مگر دوسرے کے لیے خرقِ عادت سمجھی جاتی ہیں۔ کلام کرنا جوان تندرست کی نسبت کچھ بھی تعجب کی بات نہیں البتہ شیر خوار لڑکے کا کلام کرنا تعجب ہے اسی طرح کسی گزشتہ حال کا اس کے دیکھنے والے یا

Marfat.com

تاریخ کی کتابیں پڑھنے والے کو تعجب نہیں، اور کے لیے ہے ❖

إِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيسٰى إِنِّي مُتَوَفِّيكَ

(اس وقت کو یاد کرو کہ) جب اللہ نے فرمایا اے عیسیٰ میں تمہاری عمر پوری کروں گا

وَرَافِعُكَ إِلَيَّ وَمُطَهِّرُكَ مِنَ الَّذِينَ

اور تمہیں اپنی طرف اٹھالوں گا اور تمہیں کافروں (کے بہتان) سے پاک

كَفَرُوا وَجَاعِلُ الَّذِينَ اتَّبَعُوكَ

کردوں گا اور تمہارے ماننے والوں کو تمہارے

فَوْقَ الَّذِينَ كَفَرُوا إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ

منکروں پر قیامت تک فوقیت دوں گا

ثُمَّ إِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَأَحْكُمُ بَيْنَكُمْ فِيمَا

پھر میرے ہی پاس تم کو پھر کر آنا ہے سو جس بات میں تم اختلاف

كُنْتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ ﴿٥٥﴾ فَأَمَّا الَّذِينَ

کرتے تھے اس میں ہم تمہارا فیصلہ کر دیں گے پھر جنہوں نے

كَفَرُوا فَأُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا شَدِيدًا

انکار کیا سو اُن کو تو میں دنیا میں بھی اور آخرت میں

فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَمَا لَهُمْ مِنْ

بھی بہت سخت عذاب دوں گا اور ان کا کوئی بھی

نّٰصِرِينَ ﴿٥٦﴾ وَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَ

مددگار نہ ہوگا اور جو ایمان لائے اور

عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَيُوَفِّيهِمْ أُجُورَهُمْ

انہوں نے اچھے کام بھی کیے تو اللہ ان کا اجر ان کو پورا پورا دیگا

وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِينَ ﴿٥٧﴾ ذٰلِكَ نَتْلُوهُ

اور خدا کو ناانصاف پسند نہیں آتے یہ آیتیں ہیں کہ جنہیں

عَلَيْكَ مِنَ الْآيٰتِ وَالذِّكْرِ الْحَكِيمِ ﴿٥٨﴾

ہم آپ کو پڑھ کر سناتے ہیں اور (یہ) حکمت کا تذکرہ بھی ہیں

ترکیب

اذ کا یا وہی عامل ہے اعنی اذکر یا وقع ذلک متوفیک اور رافعک اور جاعل الخ سب خبر ہیں انی کی فاما الذین کفروا مبتدا فاعذبہم خبر ذلک مبتدا نتلوہ خبر۔

تفسیر

یہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے قصہ کا تتمہ ہے۔ یہود کو حضرت عیسیٰ سے گرچہ وعظ و نصیحت کی وجہ سے عداوت تھی، مگر جب کہ سبت وغیرہ احکام میں تغیر کیا تو یہود کو الزام لگانے کا ذریعہ ہاتھ آگیا۔ ملک شام میں اُس وقت یہود کی سلطنت نہ تھی بلکہ رومیوں کی سلطنت تھی اور قیصر روم کی طرف سے وہاں ایک حاکم رہتا تھا جس کو ہیرودیس کہا کرتے تھے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام حواریوں کو ساتھ لیے ملک شام کے شہروں میں معجزے دکھاتے اور وعظ فرماتے پھرتے تھے۔ ہر شہر میں سیکڑوں مرد و عورت حضرت کے دین میں آتے تھے اس پر اور بھی یہود کو حسد اور رشک ہوتا تھا۔ جب یہود کی دشمنی بڑھ گئی اور وہ حضرت کے قتل کا موقع تلاش کرنے لگے تو حضرت عیسیٰ دن کو شہر یروشلم میں آکر ہیکل یعنی بیت المقدس میں وعظ فرمایا کرتے تھے شام کو زیتون کی پہاڑی میں کسی درخت کے تلے بیٹھ کر دعا و عبادت الٰہی میں رات تمام کرتے تھے۔ اس عرصہ میں یہود کی عید فطیر جس کو عید فسح کہتے ہیں قریب آئی اور سردار کاہن اور فقیہ اس فکر میں تھے کہ ان کو مار ڈالیں۔ عیسیٰ کے حواریوں میں سے ایک شخص یہودا نامی نے جاکر اُن سے کچھ روپیہ لے کر خبر دی پھر تو یہودیوں کی ایک جماعت ہتیار باندھ کر اُس پہاڑی پر پہونچی۔ ادھر حضرت عیسیٰ خدا سے گریہ و زاری کر کے یہ کہہ رہے تھے کہ اے خداوند اگر تیری مرضی ہو تو یہ پیالہ مجھ سے دور کر دے اور اپنے حواریوں کو آمادہ کر رکھا تھا ان کے پاس صرف دو

Marfat.com

تلوار میں تھیں حضرت عیسیٰ کو یہ حال معلوم ہو گیا تھا کہ ان سے کچھ مقابلہ نہ ہوگا۔ الغرض شبِ شنبہ یہود حضرت مسیح کو گرفتار کر کے ان کے منہ پر طمانچے مارتے اور ٹھٹھا کرتے ہوئے شہر میں لائے صبح کو تمام یہود جمع ہوئے اور ان سے پوچھا کہ اگر تو وہ مسیح ہے تو ہم سے کہہ دے (جس طرح اہل اسلام امام مہدی کے منتظر ہیں اسی طرح یہود میں مسیح کا انتظار تھا بلکہ اب بھی ہے کہ وہ ان کو پھر بادشاہت دے گا) آپ نے فرمایا اگر میں کہوں بھی تو تم کب یقین کرو گے۔ آخر الامر سب لوگ ان کو پلاطوس حاکم کے پاس لے گئے کہ یہ لوگوں کو قیصر کے محصول دینے سے منع کرتا اور اپنے آپ کو مسیح بادشاہ کہتا ہے۔ حضرت نے انکار کیا۔ اس نے کہا میرے نزدیک اس کا کوئی جرم مستوجب قتل نہیں۔ پلاطوس نے حضرت عیسیٰ کو اسی حالت میں ہیرودیس کے پاس بھیج دیا اُس نے پھر اسی کے پاس بھیجا اور چھوڑنا چاہا تو یہود نے غل مچا دیا کہ ایسا نہ کرنا تب اس نے کہا کہ تمہارے کہنے سے میں اس کو سولی دیتا ہوں مگر اس کا گناہ تم پر اور تمہاری اولاد پر۔ یہود نے کہا منظور ہے۔ حضرت کے حواری سب بھاگ گئے اس وقت حضرت پر ایک عجیب حالت طاری تھی جس میں خدا نے حضرت مسیح سے خطاب کر کے یہ جملے فرمائے جو ان آیات میں مذکور ہیں کہ اے عیسیٰ کچھ غم نہ کرو میں تم کو آسمان کی طرف اٹھا لیتا ہوں اور جو کچھ یہ لوگ بہتان لگاتے ہیں کہ تو نے خدائی کا دعویٰ کیا اور خدا کا بیٹا بنا (انجیل لوقا باب ۲۲ و ۲۳) اس سے میں نبی اخیر کی معرفت تم کو پاک کر دوں گا، جیسا کہ انجیل برنباس سے ثابت ہے۔ اور اب جو مخالفین کی جماعت تم کو غالب دکھائی دیتی ہے میں ان کو قیامت تک تمہارے ماننے والوں کے ماتحت کر دوں گا۔ یہ دنیا کی سزا ہے اور آخر تو ہر شخص ہماری طرف رجوع کرتا ہے ہم نیکوں کو پورا بدلہ نیک دینگے اور بدوں کو سخت عذاب دیں گے۔ آخر کار خدا نے ایک شخص مفسد شمعون قرینی کو حضرت عیسیٰ کی صورت میں کر دیا لوگوں نے اسی کو عیسیٰ سمجھ کر اس پر صلیب دھر کر شہر کے باہر لے گئے اور سولی دی۔ اور حضرت عیسیٰ کو ملائکہ آسمان پر اٹھا کر لے گئے۔ عیسائی کہتے ہیں بلکہ خود حضرت مسیح کو صلیب پر کھینچا اور انہوں نے چیخ چیخ کر جان دی۔ اور پھر ایک شخص یوسف نامی پلاطوس سے حضرت کی لاش مانگ کر لے گیا اور اس نے قبر میں دفنایا اور اوپر پتھر کی چٹان دھر دی یہ جمعہ کی شام کا واقعہ تھا اتوار کو حضرت مسیح زندہ ہو کر لوگوں کو دکھائی دیے اور آسمان پر چڑھ گئے اور پھر آنے کا وعدہ کر گئے اس واقعہ کے وقت ان کی عمر ۳۳ برس کی تھی۔ احادیث صحیحہ سے بھی قرب قیامت میں عیسیٰ علیہ السلام کا آنا ثابت ہوتا ہے۔ اس مسئلہ کی ہم بھی تحقیق کرتے ہیں ..... کہ حق کس کی جانب ہے۔ اور یہ تحقیق ان چند ابحاث کے ضمن میں آتی ہے۔

(۱) اذ قال اللہ یعیسیٰ انی متوفیک الخ توفی کے معنی لغت میں کسی چیز کا پورا کر دینا ہے اور چونکہ مردہ اپنی حیات کا پورا حصہ پالیتا ہے اس لیے اس کو بھی متوفی کہتے ہیں۔ اور انھیں اعتبارات سے اس کے معنی قبض کرنے کے بھی آتے ہیں اور کبھی متوفی بمعنی مستوفی بھی آتا ہے۔ اگر یہاں اس سے مراد موت لی جاوے تو پھر اس آیت میں (وما قتلوہ وما صلبوہ ولکن شبہ لہم نہ انہوں نے عیسیٰ کو قتل کیا نہ سولی دی بلکہ ان پر اشتباہ پڑ گیا) بظاہر اختلاف سا معلوم ہوتا ہے چنانچہ بعض پادریوں نے یہ اعتراض بھی کیا ہے (ہدایت المسلمین ص ۳۵۵) اس کا جواب بہت سہل ہے (۱) یوں کہ یہاں متوفی بمعنی مستوفی ہے جس کے معنی یہ ہوئے کہ میں تیری اجل کو پورا کروں گا کہ تجھ کو ان کے قتل سے بچا کر آسمان پر چڑھا لوں گا پھر تو اپنے وقت معہود پر مرے گا (بیضاوی) اب دونوں آیتوں میں کچھ بھی اختلاف نہیں۔ (۲) یوں کہ اس کے معنی قبض کے ہیں جس سے

Marfat.com

آیت کے یہ معنی ہوئے کہ میں تجھ کو زمین سے اپنے قبضہ میں لاکر آسمان پر پہنچا دیتا ہوں (بیضاوی)، اب بھی کچھ اختلاف باقی نہ رہا (۳) وفات سے مراد قولۂ بہیمیہ اور آثار جسمانیہ سے ہلکا کر دینا ہے جو آسمان کی طرف عروج کو مانع ہیں خلاصہ یہ کہ میں تیرے آثار جسمانیہ کو پست کر کے تیری روحانیت کو غلبہ دے کر تجھے آسمان پر چڑھا دیتا ہوں (۴) وہب کہتے ہیں کہ تین ساعت وفات رہی پھر خدا نے ان کو زندہ کر کے آسمان کی طرف اٹھا لیا جیسا کہ عیسائی کہتے ہیں مگر یہ وفات یہود کی سولی دینے سے واقع نہ ہوئی تھی جیسا کہ خدا تعالیٰ فرماتا ہے وما قتلوہ وما صلبوہ بلکہ آثار جسمانیہ کے ہلکا کرنے کے لیے خدا نے وفات دی ہوگی۔ اور یہود نے جس کو قتل کیا اور سولی دی وہ شمعون قرینی یا کوئی شخص ان کا شبیہ تھا جس سے ان کو اشتباہ واقع ہوا (تفسیر کبیر)۔

اس تقریر پر بھی دونوں آیتوں میں کچھ تعارض باقی نہ رہا۔ خلاصہ یہ کہ آیت وما قتلوہ میں جو نفی ہے تو یہود کے قتل کرنے کی نفی ہے۔ اب رہی یہ بحث کہ آیا دراصل یہود نے مسیح کے ہم شکل کو سولی دی اور مسیح کو نہیں دی جیسا کہ آیت وما قتلوہ الخ سے پایا جاتا ہے۔ سو اس کی تحقیق یوں ہے کہ گو دوسری صدی بلکہ پہلی صدی ہی سے عیسائیوں، بالخصوص پولوس کے مریدوں میں یہ بات مشہور ہوگئی تھی کہ یہود نے حضرت عیسیٰ کو سولی دی اور وہ تیسرے روز زندہ ہو کر لوگوں کو دکھائی دیے پھر آسمان پر چڑھ گئے۔ اور اسی قصہ پر ان کا کفارہ جو اصول مذہب ہے مبنی ہے مگر تاریخی واقعات پر بہ نظر انصاف غور کرنے سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ جس وقت حضرت عیسیٰ کو سولی دینے لے چلے تھے اُس وقت ان کے حواری اور دیگر مرید لوگ اس خوف سے کہ مبادا ہم پکڑے جاویں سب تتر بتر ہو گئے تھے کوئی بھی ساتھ نہ تھا جیسا کہ لارڈ ولیم میور کی تاریخ کلیسا سے مستفاد ہوتا ہے۔ پھر اب جو اناجیل نے یا اور مریدوں نے سُنا ہوگا تو خاص انھیں یہود یا پولوس کے نوکروں سے سنا ہوگا جن کی نسبت خیال ہو سکتا ہے کہ انہوں نے اپنی ناکامیابی چھپانے کے لیے مشہور کر دیا ہو کہ ہم نے عیسیٰ مسیح کو قتل کر ڈالا سولی دیدی۔ اس کے علاوہ ہم کو صحیح طور پر یہ بھی معلوم نہیں کہ ان لوگوں کا اس امر میں کیا بیان تھا۔ نہ کوئی یہودی تاریخ اس کی خبر دیتی ہے اور نہ کوئی حواری اپنا مشاہدہ بیان کرتا ہے۔ اناجیل اربعہ میں سے تو قا اور مرقس تو پولوس کے شاگرد ہیں جو اس واقعہ میں شریک ہی نہ تھے سو یہ ظاہر ہے کہ وہ سُنی سنائی باتیں کہتے ہیں۔ رہے یوحنا اور متی وہ بھی وہاں نہ تھے صرف چند عورتیں دور سے دیکھتی تھیں اور کچھ عجب نہیں کہ یہود یوں کو وہاں شک پڑا ہو کہ یہ فلاں شخص ہے اور فلاں کہاں ہے؟ مگر اُن کا یہ شبہ اور تردد ہم تک کیونکر منقول ہو سکتا جس میں اُن کی سُکی تھی۔ برخلاف اس کے خود عیسائیوں میں سے دو گواہ قوی شہادت دے رہے ہیں اوّل برنباس حواری کی انجیل ہے جو آں حضرتؐ کے زمانہ سے صدہا سال پیشتر عیسائیوں میں مشہور و معروف تھی جس کی عبارت یہ ہے تب فرشتوں نے باکرہ سے کہا کیونکہ یہودا عیسیٰ کی شکل میں مبدل ہو گیا الخ تب عیسیٰ نے جواب دیا اے برنباس میری بات یقین کر کہ ہر ایک گناہ کی خدا سزا دیتا ہے چونکہ میری ماں اور میرے ایمان دار شاگرد مجھے زمینی محبت کے اختلاط کے سبب پیار کرتے تھے خدائے صادق انھیں اس محبت پر سزا دینے پر راضی ہوا تا کہ بعد ازاں دوزخ کے شعلوں میں عذاب نہ پاویں اور میں گرچہ دنیا میں بے عیب زندگی بسر کرتا رہا تاہم چونکہ لوگ مجھے خدا اور خدا کا بیٹا کہتے تھے خدا نے عدالت کے دن مجھے شیاطین کے ٹھٹھوں سے محفوظ رکھنے کے لیے چاہا کہ میں اسی دنیا میں یہودا (جس نے گرفتار کروایا تھا) کی موت سے ندامت اٹھاؤں اور سب لوگوں کو یقین ہوا تھا کہ حقیقۃً میں سولی

Marfat.com

دیا گیا پس یہ ملامت محمدؐ کے آنے تک رہے گی جو دنیا میں آکر سب کو خدا کی شریعت پر ایمان لانے میں غلطی سے بچائے گا، انتہٰے (جونس)۔ اس عبارت میں صاف اقرار ہے کہ حضرت عیسیٰ سولی نہیں دیے گئے بلکہ اور شخص۔ چنانچہ اس غلطی سے عالم کو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے آگاہ کر دیا۔ عیسائی اس گواہ پر یہ جرح کرتے ہیں (۱) انجیل برنباس ہمارے نزدیک الہامی کتاب نہیں بلکہ ایسی ہے جیسی کہ محمدیوں میں حدیث کی کتابیں (۲) یہ عبارت اس میں کسی محمدی نے یا کسی ملحد نے محمدیوں سے لے کر ملا دی ہے (۳) مسیح کا مصلوب ہونا الہامی کتابوں میں چشم دید گواہوں کی معتبر قلمبند ہوا پھر اس کے برخلاف کیونکر تسلیم کیا جاوے (۴) یوسیفس یہودی مؤرخ جو اسی زمانہ میں ہوا ہے وہ بھی یہی کہہ رہا ہے۔ جواب۔ انجیل برنباس کو الہامی نہ کہنا جو حواری تھا اور بے چارے لوقا کی تاریخ کو الہامی کہنا اگر تقلید قوم نہیں تو اور کیا ہے۔ مانا کہ بمنزلہ کتب حدیث ہے تو پھر کیا ان سے استدلال نہیں کرتے؟ اگر کسی محمدی نے یہ عبارت اس میں ملا دی تو بڑے تعجب کی بات ہے کہ ایک شخص نے اس کتاب میں ہر کتب خانہ میں جا کر الحاق کر دیا۔ ورنہ کوئی اصل دکھلاؤ کہ جس میں یہ عبارت نہ ہو۔ اور وہ ملحد بھی کہاں کا کہ امتی تھا کہ جس نے آں حضرتؐ سے پہلے آپؐ کا نام لکھ دیا اور پھر روئے زمین کے نسخوں پر اس کا قابو چل گیا۔ مسیح کا مصلوب ہونا چشم دید گواہوں سے کہیں بھی قلم بند نہیں ہوا ہاں سنی سنائی بات پولوس کے مریدوں میں چلی آتی ہے۔ یوسیفس نے ہرگز اس کی گواہی نہیں دی ہے محققین نصاریٰ خود مقر ہیں کہ یہ عبارت اصل نسخہ یوسیفس میں نہیں ہے بلکہ یہ پادری صاحبان کی چالاکی ہے۔

دوسرا گواہ لوقا اور متی اور مرقس کی انجیل ہے اس میں لکھا ہے کہ مسیح کی صلیب شمعون قرینی پر رکھ کر صلیب دینے کے لیے چلے تھے اور یہ دستور تھا کہ جو شخص صلیب دیا جاتا تھا وہ اپنی صلیب آپ اٹھاتا تھا۔ (تفسیر سکاٹ ۲۷ متی ۳۲) اگرچہ انھیں مورخوں نے اسی تقلید سے یہ بھی کہہ دیا کہ مسیح کو صلیب پر کھینچا مگر اُن کی یہ تحریر اصل واقعہ کی طرف صاف اشارہ کر رہی ہے۔ انھیں وجوہ سے خود عیسائیوں کے چند فرقے جو اسلام سے پیشتر تھے مسیح علیہ السلام کے سولی دیے جانے کا انکار کرتے تھے۔ جیسا کہ فرقہ باسلیدی، سرنتی، کاربوکراتی، سیمیتی، گناستی ناصری، پولی۔ ان کی تشریح جس کو منظور ہو وہ تاریخ کلیسا دیکھے۔ اس پر بعض پادریوں کا یہ کہنا کہ مسیح کا مصلوب ہونا اور زندہ ہونا اُسی وقت سے عیسائیوں میں مسلم الکل ہو گیا تھا دعویٰ بلا دلیل ہے۔

(۲) ورافعک الیّ، اگرچہ خدا جہت اور مکان سے پاک ہے مگر جہت علوی کو اپنی طرف منسوب کیا ہے۔ اب جس طرح آسمان کو اس کا مکان قرار دینا غلط ہے اسی طرح نیچریوں کا آسمان کی طرف حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے اٹھائے جانے سے انکار کرنا لغو ہے، اور تاویلات رکیکہ ہیں جن کا کوئی اہل مذہب بھی اعتبار نہیں کر سکتا۔ یا صرف روح کی رفعت مراد لینا اور یہ کہنا کہ مافتلوہ وما صلبوہ میں بھی روح مراد ہے محض بے کار تاویل ہے کس لیے کہ کوئی بھی کسی کی روح کو قتل نہیں کر سکتا نہ یہود کو اس کا دعویٰ تھا نہ فخر۔ پھر روحانی رفعت میں حضرت عیسیٰ کی کیا خصوصیت ہے؟۔

(۳) وجاعل الذین اتبعوک الخ حضرت عیسیٰ کے ماننے والے اول تو ان کے حواری اور تلامذہ تھے پھر جملہ عیسائی اور جملہ مسلمانان ہیں۔ سو یہ خدا کی بشارت پوری ہوئی اُس دن سے اب تک اور قیامت تک محمدی اور عیسائی اُن کے منکر یہود پر غالب رہے اور رہیں گے، ان شاء اللہ۔ حضرت عیسیٰ کے تخمیناً چالیس برس بعد طیطوس رومی بادشاہ یہود پر

Marfat.com

چڑھ آیا اور شہر یروشلم کو ڈھا کر تباہ کر دیا اور بیت المقدس کو بھی مسمار کر دیا اور لاکھوں بنی اسرائیل کو قتل کر دیا اور ہزاروں کو پکڑ کر لے گیا اور غلام بنایا۔ جو کچھ عیسیٰ علیہ السلام نے خبر دی تھی کہ یہ کچھ پیش آوے گا وہی پیش آیا اُس دن سے اور بھی رہی سہی یہود کی عزت و شوکت خاک میں مل گئی۔ پھر اُس دن سے لے کر آج تک وہی حال ہے کہ اُن کی حکومت اور سلطنت نہیں۔

إِنَّ مَثَلَ عِيسَىٰ عِندَ اللَّهِ كَمَثَلِ

اس میں کچھ بھی شبہ نہیں کہ خدا کے نزدیک عیسیٰ ایسے ہیں کہ جیسے

آدَمَ ۖ خَلَقَهُ مِن تُرَابٍ ثُمَّ قَالَ لَهُ

آدم جن کو مٹی سے بنایا پھر ان کو کہا

كُن فَيَكُونُ ﴿٥٩﴾ الْحَقُّ مِن رَّبِّكَ

ہو جاؤ سو وہ ہو گئے حق تو وہی ہے جو آپ کے خدا کی طرف سے ہے

ع ۶ ۹ ۱۴

فَلَا تَكُن مِّنَ الْمُمْتَرِينَ ﴿٦٠﴾ فَمَنْ

سو آپ کہیں شک میں نہ پڑ جائیں پھر

حَاجَّكَ فِيهِ مِن بَعْدِ مَا جَاءَكَ مِنَ

علم آجانے کے بعد بھی اس میں جو کوئی آپ سے حجت

الْعِلْمِ فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ أَبْنَاءَنَا وَ

کرے تو کہدیجیے کہ لو آؤ ہم اور تم اپنی اپنی اولاد کو

أَبْنَاءَكُمْ وَنِسَاءَنَا وَنِسَاءَكُمْ وَأَنفُسَنَا

بلائیں اور اپنی اپنی عورتوں کو بھی (بلائیں) اور خود ہم بھی

وَأَنفُسَكُمْ ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَل

اور تم بھی (جمع ہو جائیں) پھر بہت گڑگڑائیں ف۱ پھر

لَّعْنَتَ اللَّهِ عَلَى الْكَاذِبِينَ ﴿٦١﴾ إِنَّ

جھوٹوں پر خدا کی مار ڈالیں بے شک

هَٰذَا لَهُوَ الْقَصَصُ الْحَقُّ ۚ وَمَا

حق بیان تو یہی ہے اور

مِنْ إِلَٰهٍ إِلَّا اللَّهُ ۚ وَإِنَّ اللَّهَ لَهُوَ

خدا کے سوا کوئی معبود نہیں اور بے شک اللہ ہی

الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿٦٢﴾ فَإِن تَوَلَّوْا

زبردست حکمت والا ہے پھر (اس پر بھی) اگر نہ مانیں

فَإِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ بِالْمُفْسِدِينَ ﴿٦٣﴾

تو اللہ مفسدوں کو خوب ہی جانتا ہے

ترکیب

مثل عیسیٰ اے صفۃ عیسیٰ اسم آن، کمثل آدم خبر خلقہ جملہ تفسیر ہے مثل کی۔ فیہ کی ضمیر عیسیٰ یا ان کے قصہ کی طرف راجع ہے من شرطیہ ہے ماضی بمعنی مستقبل۔

تفسیر حضرت عیسیٰ کا ذکر فرما کر عیسیٰ پرست قوم کی

ف۱ یہاں بھی نیچری مفسر نے بہت ہاتھ پاؤں مار کر مسیح کا یوسف نجار سے پیدا ہونا ثابت کرنا چاہا تھا مگر نہ ہو سکا ۱۲

ف۱ جب کسی منکر پر حق ثابت کرنا ہوتا ہے تو مباہلہ کیا جاتا ہے جس میں ہر ایک اپنے عزیز اولاد اور عورتوں کو ساتھ لے کر نہایت عاجزی سے دعا کرتا ہے کہ الٰہی جو کوئی جھوٹا ہو اس پر تیری مار وہ غارت ہو جائے ۱۲

ف۲ کس لیے کہ انفسنا سے اپنے تن کے لوگ مراد ہیں نہ یہ کہ وہ خود نفس پیغمبر ہیں کیونکہ یہ محال ہے یا خود قسم میں آپ شریک ہونا مراد ہے ۱۲ منہ

Marfat.com

کی طرف یعنی نصاریٰ کی طرف (جو اُن کو خدا کا بیٹا کہتے ہیں اس لیے کہ بغیر باپ کے پیدا ہوئے تھے) روئے سخن کیا جاتا ہے اور اُن کے عقیدہ کا ابطال فرما کر ان کو مباہلہ کے لیے بلایا جاتا ہے کہ خدا کے نزدیک عیسیٰ کا ویسا ہی حال یعنی پیدا کرنا ہے جیسا کہ آدم کا تھا اُن کو بھی بغیر باپ کے پیدا کیا اِن کو بھی بلکہ آدم کے تو ماں بھی نہ تھیں ان کو مٹی سے پیدا کر دیا تھا اور وہ پیدا کرنا کیوں کر تھا صرف کُن کہا تھا وہ ہو گئے (ثم تراخی ذکر کے لیے ہے اور جملہ قال لہٗ کن فیکون اس کا بیان ہے) بات حق یہی ہے نہ یہ کہ وہ خدا کے بیٹے تھے۔ اے مخاطب تو اُن کے بغیر باپ کے پیدا ہو جانے سے شبہ میں نہ پڑ جانا اور یہ اس کی قدرتِ کاملہ سے کچھ بھی بعید نہیں سیکڑوں حشرات الارض بارہا مٹی سے پیدا ہوتے اور مشاہدہ میں آتے رہتے ہیں اس پر بھی اے پیغمبر اگر آپ سے کوئی حجت کرے اور ان کو خدا یا خدا کا بیٹا لکھے تو صاف کہہ دیجیے کہ اگر تم کو اپنی صداقت پر بھروسہ ہے تو آؤ مباہلہ کر لیں دنیا ہی میں جھوٹے پر خدا کی مار پڑ جائے گی۔ اور مباہلہ کس طرح کریں کہ تم بھی اپنی اولاد اور عورتوں کو لو اِدھر ہم بھی لیں اور خود تم بھی شریک ہو اور ہم بھی، پھر ہر ایک شخص نہایت عاجزی سے دعا کرے کہ الٰہی جھوٹوں پر خدا کی مار۔ مدینہ میں آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس نجران کے نصاریٰ تحقیقِ حق کے لیے حاضر ہوئے۔ جب وہ مسیح علیہ السلام کو خدا کا بیٹا کہنے سے باز نہ آئے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مباہلہ[1] کی دعوت دی جس پر وہ بھی تیار ہو گئے۔ جب آں حضرتؐ امام حسن و حسین اور بی بی فاطمہ اور علی رضوان اللہ علیہم کو ساتھ لے کر قسم کھانے کے لیے نکلے تو نصرانیوں پر ان کے باخدا چہروں کا ایک اثر پڑا تو مباہلہ کرنے کی جرأت نہ ہوئی اور آپس میں کہنے لگے کہ اگر یہ نورانی چہرے یہ دعا کریں کہ پہاڑ ٹل جائے تو بے شک ٹل جائے۔ پھر فرماتا ہے کہ صحیح بیان عیسیٰ کی نسبت یہی ہے جو بیان ہوا اور یہ کہ خدا ایک ہی خدا ہے اور اللہ زبردست ہے اس کو بیٹے بیوی کی کوئی حاجت نہیں اور وہ حکیم بھی ہے اپنی حکمتِ بالغہ سے جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے اگر اس پر بھی نہ مانیں تو خدا مفسدوں سے خوب واقف ہے اس جرم کی سزا دے کر رہے گا۔

قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ تَعَالَوْا اِلٰى كَلِمَةٍ
(اے نبی) کہہ دو کہ اے اہل کتاب تو ایک ایسی بات کی طرف آجاؤ
سَوَآءٍۢ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ اَلَّا نَعْبُدَ اِلَّا
کہ جس کو ہم اور تم برابر مانتے ہیں وہ یہ کہ اللہ کے سوا ہم کسی کی بھی
اللّٰهَ وَلَا نُشْرِكَ بِهٖ شَيْـًٔا وَّلَا يَتَّخِذَ
عبادت نہ کریں اور ہم کسی کو بھی اس کا شریک نہ بنائیں اور نہ ہم میں سے
بَعْضُنَا بَعْضًا اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ
کوئی کسی کو خدا کے سوا (اپنا) مالک بنائے
فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُوْلُوا اشْهَدُوْا بِاَنَّا
پھر اگر وہ اس کو بھی نہ مانیں تو تم کہہ دو کہ (اس بات پر) گواہ رہو کہ ہم نے
مُسْلِمُوْنَ ﴿۶۴﴾ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ
تو گردن جھکا دی اے اہلِ کتاب
لِمَ تُحَآجُّوْنَ فِىْٓ اِبْرٰهِيْمَ وَمَآ
تم کس لیے ابراہیم کے معاملہ میں جھگڑتے ہو اور تورات
اُنْزِلَتِ التَّوْرٰىةُ وَالْاِنْجِيْلُ اِلَّا
و انجیل تو اُن کے بعد ہی نازل
مِنْۢ بَعْدِهٖ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۵﴾
ہوئی ہیں کیا تم پھر بھی نہیں سمجھتے؟

[1] اس قصہ کو حاکم نے بسند صحیح اور ابن مردویہ نے اور ابو نعیم نے دلائل میں جابر سے نقل کیا ہے ۱۲ منہ

ف الوہیتِ مسیح، تثلیث، کفارہ ہونا ۱۲ منہ

Marfat.com

هٰٓاَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ حَاجَجْتُمْ فِيْمَا لَكُمْ

دیکھو تم وہ لوگ ہو کہ جس بات میں تم کو کچھ علم بھی تھا اُس میں تو

بِهٖ عِلْمٌ فَلِمَ تُحَآجُّوْنَ فِيْمَا لَيْسَ

تم نے جھگڑا بھی کیا پر جس میں تم کو کچھ علم بھی نہیں اس میں

لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ

کیوں جھگڑتے ہو اور (اس معاملہ کو) اللہ ہی (خوب) جانتا ہے

لَا تَعْلَمُوْنَ ۝۶۶ مَا كَانَ اِبْرٰهِيْمُ

اور تم (مطلق) نہیں جانتے۔ (لوسنو) ابراہیم نہ تو

يَهُوْدِيًّا وَّلَا نَصْرَانِيًّا وَّلٰكِنْ كَانَ

یہودی تھے اور نہ نصرانی بلکہ وہ ایک

حَنِيْفًا مُّسْلِمًا ۭ وَمَا كَانَ مِنَ

طرفہ فرمانبردار تھے اور نہ وہ

الْمُشْرِكِيْنَ ۝۶۷

مشرک ہی تھے۔

ترکیب

الانعبد جملہ موضع خبر میں ہے بدل ہے کلمۃ سے ہا تنبیہ کے لیے اُنتم مبتدا ہٰؤلاء اس کی خبر حاججتم جملہ مستانفہ جملہ اولی کا مبین فیما بمعنی الذی علم مبتدا لکم خبر۔

تفسیر

اہل کتاب کے عقیدۂ فاسدہ کا ابطال فرما کر اب ایک دوسرے عنوان سے کلام شروع ہوتا ہے کہ مقابل کو اس کے تسلیم کیے بغیر چارہ ہی نہ ہو وہ یہ کہ اپنے اور اس کے مسلمات سے دلیل لائی جائے اور اگر مقابل نہ مانے تو اس کو خود کہنا پڑے کہ میں خطاکار ہوں، وہ یہ کہ نصاریٰ بھی اس بات کو مانتے تھے کہ عبادت خالص اللہ ہی کی کرنی چاہیے اور اس کا کسی کو شریک نہ کرنا چاہیے توحید پر قائم رہنا چاہیے اور اس کے سوا کسی کو رب نہ بنانا چاہیے کہ جو کچھ وہ کہے خواہ مخواہ مانا ہی جاوے۔ یہ تین باتیں ہیں کہ جن کو ہم اور تم دونوں مانتے ہیں پس اگر تم بھی ان پر قائم ہو تو خیر اور جو نہیں مانتے تو تم کو گواہ کرتے ہیں کہ بانماسلمون ہم تو تسلیم کرتے ہیں جس سے صاف ثابت ہوا کہ تم برسر باطل ہو۔ یہ تین باتیں اس لیے ذکر فرمائیں کہ نصاریٰ کا ان تینوں کے برخلاف عمل اور عقیدہ تھا کس لیے کہ وہ تثلیث کے قائل تھے کہ باپ اور بیٹا اور روح القدس مل کر ایک خدا ہوا پس جب انہوں نے عیسیٰ کو خدا اور خدائی کا حصہ دار بنایا تو پہلی اور دوسری بات کا خلاف پایا گیا۔ اور آں حضرتؐ سے پہلے سے لے کر ہمارے تک عیسائیوں میں پوپ اور دیگر مشائخ و مولوی اس مرتبہ پر مانے جاتے تھے اور اب بھی مانے جاتے ہیں کہ اگر وہ سراسر کوئی بات خلاف عقل و نقل بھی کہیں تو بے چون و چرا ماننی چاہیے یہی مذہبی تقلید حرام ہے کیونکہ یہ مرتبہ تو خاص خدا اور اس کے رسول کا ہے جو ملہم ہے کہ بے چون و چرا ان کے قول کو مانا جائے ان کے بعد جو کسی کی بات واجب التسلیم ہے تو محض اس لیے ہے کہ وہ یا تو خدا اور اس کے رسول سے روایت کرتے ہیں یا اس میں درایت سے حکم دیتے ہیں جیسا کہ مجتہدین۔ کیونکہ اس طرح سے ان کا قول تسلیم کرنا گویا خدا اور رسول کا قول تسلیم کرنا ہے۔ پھر جس طرح ان کی تقلید کو ارباب بنا کر حرام کہنا زیادتی ہے اسی طرح ان کی غلطی ظاہر ہو جانے پر بھی ان کے قول پر اڑنا، اور نصوص کو چھوڑ دینا بھی زیادتی اور پھر ان کو ارباب بنا لینا ہے۔ عیسائی و یہودی مذہب کی حکمرانی کا بھی باعث ہوا ہے اس سے حق پرستی زائل ہو جاتی ہے۔ یہود و نصاریٰ حضرت ابراہیم کو بھی مانتے تھے پھر ہر ایک شخص اپنے مذہب کے برحق ہونے کے لیے یہ کہہ دیتا تھا کہ ابراہیم کا

Marfat.com

یہی طریق تھا گویا وہ ان کو یہودی اور نصرانی سمجھتے تھے خدا نے اس کا بھی جواب دیا کہ توریت اور اسی طرح انجیل تو اُن کے بعد نازل ہوئی ہے پھر وہ یہودی یا نصاریٰ کیوں کر ہو سکتے تھے بلکہ ان کا طریق یہی تھا کہ جس کے زندہ رہنے کو قرآن نازل ہوا وہ تثلیث کے قائل تھے نہ سبت کے نہ وہ تمہاری طرح مشرک تھے۔ اس میں عرب پر بھی تعریض ہے کس لیے کہ وہ بھی ابراہیم کو مانتے تھے۔

لِمَ تَكْفُرُونَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَاَنْتُمْ
کس لیے اللہ کی آیتوں کا انکار کر رہے ہو حالانکہ دل

تَشْهَدُونَ ﴿٧٠﴾ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ
میں تم قائل ہو اے اہل کتاب کس لیے

تَلْبِسُونَ الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُونَ
حق بات میں جھوٹی بات ملاتے ہو اور (کیوں)

الْحَقَّ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُونَ ﴿٧١﴾ وَقَالَتْ ع ١٥
جان بوجھ کر حق بات کو چھپاتے ہو اور اہل

اِنَّ اَوْلَى النَّاسِ بِاِبْرٰهِيمَ لَلَّذِينَ
بے شک سب سے زیادہ ابراہیم سے انھیں کو یگانگت ہے جو

اتَّبَعُوهُ وَهٰذَا النَّبِيُّ وَالَّذِينَ اٰمَنُوا ۗ
اس کے پیرو ہیں اور اس نبی (محمدؐ) اور ایمان داروں کو بھی

وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُؤْمِنِينَ ﴿٦٨﴾ وَدَّتْ
اور اللہ ایمان داروں کا حامی ہے اہل کتاب

طَّآئِفَةٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَوْ
کے ایک گروہ کی تو یہی آرزو ہے کہ وہ

يُضِلُّونَكُمْ ۭ وَمَا يُضِلُّونَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ
تم کو گمراہ کر کے رہیں اور گمراہ تو وہ اپنے آپ ہی کو کر رہے ہیں

وَمَا يَشْعُرُونَ ﴿٦٩﴾ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ
اور ان کو خبر تک نہیں اے اہل کتاب

لِمَ تَكْفُرُونَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَاَنْتُمْ
کس لیے اللہ کی آیتوں کا انکار کر رہے ہو حالانکہ دل

تَشْهَدُونَ ﴿٧٠﴾ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ
میں تم قائل ہو اے اہل کتاب کس لیے

تَلْبِسُونَ الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُونَ
حق بات میں جھوٹی بات ملاتے ہو اور (کیوں)

الْحَقَّ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُونَ ﴿٧١﴾ وَقَالَتْ
جان بوجھ کر حق بات کو چھپاتے ہو اور اہل

طَّآئِفَةٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اٰمِنُوا
کتاب کے ایک گروہ نے یہ بھی کہا تھا کہ مسلمانوں پر

بِالَّذِيٓ اُنْزِلَ عَلَى الَّذِينَ اٰمَنُوا
جو کچھ نازل کیا گیا ہے شروع دن میں تو

وَجْهَ النَّهَارِ وَاكْفُرُوٓا اٰخِرَهٗ لَعَلَّهُمْ
اس پر ایمان لے آؤ اور شام کو انکار کر دو تاکہ مسلمان

يَرْجِعُونَ ﴿٧٢﴾ وَلَا تُؤْمِنُوٓا اِلَّا لِمَنْ
بھی (تمہارے ساتھ) پھر جائیں۔ (اور یہ بھی کہا کہ) بجز اس کے کہ جو تمہارے دین پر چلے

تَبِعَ دِينَكُمْ ۭ قُلْ اِنَّ الْهُدٰى هُدَى
کسی کو نہ مانو (اے نبی) کہہ دو ہدایت تو اللہ ہی کی طرف

اللّٰهِ ۙ اَنْ يُّؤْتٰٓى اَحَدٌ مِّثْلَ مَآ اُوْتِيتُمْ
کی ہدایت ہے، اس لیے اس (حد) کو کہ جیسا (دین) انکو دیا گیا تھا اور کسی کو ایسا دیا جائے

لہ یعنی یہود جو ایسی باتیں کرتے ہیں اس کے دو سبب ہیں اول ان کو اس بات کا حسد ہے کہ جیسا دین اور کتاب و شریعت ان کو دی گئی ہے ویسی اور کو بھی قوم عرب اور مسلمانوں کو دی گئی دوم یہ بھی خوف ہوا کہ اگر ان کی بات کی تصدیق کریں گے تو وہ ہمارے مسلّمات سے ہم کو قائل کریں گے اس لیے کہہ دیا کہ جو تمہارے دین پر نہ چلے اس کی بات ہی نہ مانو کیونکہ اگر مانو گے تو وہ بھی صاحب شریعت و کتاب ماننے پڑیں گے اور تم پر الزام بھی قائم کریں گے اپنے خیال میں انہوں نے اللہ کے فضل و رحمت کو اپنے خاندان میں منحصر سمجھ لیا تھا حالانکہ خدا کی رحمت عام ہے اس نے کسی خاندان کے لیے پٹہ نہیں لکھ دیا ہے وہ سب کا خدا ہے اس غرور میں کہ ہمیشہ کے لیے فضیلت ہمارے خاندان کو ہے نیک کاموں میں کوشش نہ کرنا اور ہر قسم کی برائی کرنا اور فضیلت کا امیدوار رہنا خام خیالی ہے، زہردار درخت بونا اور عمدہ پھلوں کا امیدوار ہونا ہے ۱۲

Marfat.com

أَوْ يُحَآجُّوكُمْ عِندَ رَبِّكُمْ ۗ قُلْ إِنَّ

یا (اس خوف سے) کہ مسلمان انکو خدا کے روبرو ملزم (نہ) ٹھیرائیں فضل

الْفَضْلَ بِيَدِ اللَّهِ ۚ يُؤْتِيهِ مَن يَشَآءُ ۗ

(وکرم) تو اللہ کے ہاتھ میں ہے جس کو چاہے دے

وَاللَّهُ وَاسِعٌ عَلِيمٌ ﴿٧٣﴾ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهِ

اور اللہ کی رحمت فراخ (وہ) سب کچھ جانتا ہے جس کو چاہتا ہے اپنی

مَن يَشَآءُ ۗ وَاللَّهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ ﴿٧٤﴾

رحمت سے مختص کرتا ہے اور اللہ بڑا فضل کرنے والا ہے

ترکیب

اولی اسم تفضیل ہے ولی یلی بمعنی قریب شدن سے یہ اسم ان کا بابراہیم متعلق ہے اولی سے للذین معطوف خبر ان پر ویضلون میں لو مصدریہ ہے بمعنی ان الا لمن تبع استثناء ہے ماقبل سے اے لاتقروا الا لمن پس لام زائد نہیں اور ممکن ہے کہ زائد اور محمول علی المعنی ہو اے احجدوا کل احد الا من ان یؤتی میں تین احتمال ہیں (۱) یہ کہ موضع جر میں ہو تقدیرہٗ ولا تؤمنوا بان یؤتی احد الخ (۲) نصب حرف جر کو حذف مان کر۔ ان صورتوں میں یہ تتمہ کلام یہود کا ہوگا کہ تم اے یہود کسی غیر سے یہ نہ کہو کہ ہماری کتاب اور ملت کے مانند کسی اور کو بھی ملا ہے (او یحاجوکم کا عطف ان یؤتی پر ہوگا اور او بمعنی و) ایسا نہ ہو کہ مسلمان تم کو عند اللہ الزام دیں اس تقدیر پر ایمان بمعنی اقرار ہے قل ان الھدیٰ الخ جملہ معترضہ ہوگا خدا کی طرف سے جیسا کہ کفر کی بات نقل کرتے وقت نعوذ باللہ کہتے ہیں (۳) یہ خدا کی طرف سے جملہ ہو جو بمعنی مفعول لہٗ ہے یعنی اے یہود تم اس حسد سے یہ باتیں کرتے ہو کہ تمہاری طرح اوروں کو کتاب ملی یا اس خوف سے کہ مسلمان تم کو الزام دیں گے سو یہ تمہارا خیال لغو ہے

ہدایت اور فضل اللہ کے ہاتھ میں ہے وہ مختار ہے جس کو چاہے دے اس میں کسی کا کیا اجارہ ہے۔

تفسیر

پہلے ذکر تھا کہ ہر فریق ابراہیم کو اپنی طرف کھینچتا ہے۔ اب فرماتا ہے کہ ابراہیم کا واسطہ نسل اور اولاد ہونے سے نہیں بلکہ اتباع سے کسی بزرگ کے ساتھ محبت و اختصاص اس کے اتباع سے مربوط ہے رسمی باتوں سے کوئی ثمرہ نہیں۔ اصلی متبع ابراہیم کے یہ نبی (یعنی رسول کریمؐ) اور ان کی امت ہے جو اصول ملت کے پیرو ہیں۔ اس کے بعد اہل کتاب یہود و نصاریٰ کے مکر ذکر فرما کر ایمانداروں کو ہوشیار کرتا ہے تاکہ ان کے داؤں میں نہ آجاویں کیونکہ وہ دل سے چاہتے ہیں کہ دین اسلام سے برگشتہ کر کے اپنی طرف پھیر لیں من جملہ ان کے مکروں کے یہاں چند مکر ذکر کرتا ہے۔ (۱) یہ کہ حضرتؐ کے معجزات کو سحر کہتے تھے اور ان بشارات کو جو کتب سابقہ میں ہیں باوجود شہادت دینے کے تاویلیں کر کے انکار کرتے تھے اس کو لم تکفرون الخ میں ظاہر کیا (جان بوجھ کر احکام الٰہی میں تحریف کرتے اور اسلام سے اس کو دوسرے طور پر کچھ ملا کر دکھاتے تھے تاکہ ایک دوسرے میں تصدیق اور مطابقت نہ ہو جس سے لوگوں کو شبہ پیدا ہو لم تلبسون الخ (۲) یہ کہ چند لوگوں سے کہا جاؤ تم اول دن میں مسلمان ہو جانا، پھر شام کو انکار کر دینا تاکہ لوگوں کو معلوم ہو کہ کوئی ایسی ہی بات اسلام میں دیکھی ہوگی جو یہ اس سے پھر گئے جس سے مسلمان بھی پھر جاویں وقالت طائفۃ (۳) یہ کہ کوئی کچھ ہی کہے اپنے دین کے سوا کسی کو نہ ماننا کیونکہ ہماری مثل اور کون ہے کہ جس کو کتاب ملی ہے۔ اس کے جواب میں خدا فرماتا ہے یہ اس کا فضل ہے کچھ یہود ہی پر خاص نہیں۔

Marfat.com

وَمِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مَنْ اِنْ تَاْمَنْهُ
اور اہل کتاب میں بعض ایسے بھی ہیں کہ اگر آپ اُن کے پاس خزانہ بھی امانت
بِقِنْطَارٍ يُّؤَدِّهٖۤ اِلَيْكَ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ
رکھیں تو تم کو واپس دیدیں اور بعض ان میں ایسے بھی ہیں
اِنْ تَاْمَنْهُ بِدِيْنَارٍ لَّا يُؤَدِّهٖۤ اِلَيْكَ
کہ اگر آپ اُن کے پاس ایک دینار کہیں امانت رکھیں تو وہ بغیر
اِلَّا مَا دُمْتَ عَلَيْهِ قَآئِمًا ؕ ذٰلِكَ
اس کے کہ آپ اُن کے سر پر کھڑے رہیں آپ کو کبھی واپس نہ دیں یہ اس لیے
بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لَيْسَ عَلَيْنَا فِى الْاُمِّيّٖنَ
کہ انہوں نے کہہ رکھا ہے کہ جاہلوں کے معاملہ میں ہم پر
سَبِيْلٌ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ
کوئی گناہ نہیں اور وہ جان بوجھ کر خدا پر جھوٹی باتیں
وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۷۵﴾ بَلٰى مَنْ اَوْفٰى
بناتے ہیں ہاں جو کوئی اپنے عہد کو
بِعَهْدِهٖ وَاتَّقٰى فَاِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ
پورا کرتا ہے اور خدا سے ڈرتا ہے تو بے شک خدا بھی ڈرنے والوں سے
الْمُتَّقِيْنَ ﴿۷۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ
محبت کرتا ہے جو لوگ خدا کے عہد اور اپنی
بِعَهْدِ اللّٰهِ وَاَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيْلًا
قسموں سے قدرے قلیل مال حاصل کرتے ہیں
اُولٰٓئِكَ لَا خَلَاقَ لَهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ وَ
اُن کے لیے آخرت میں (کوئی) حصہ نہیں اور
لَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ وَلَا يَنْظُرُ اِلَيْهِمْ
نہ اللہ ان سے کلام کرے گا اور نہ قیامت کے دن انکی طرف
يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَلَا يُزَكِّيْهِمْ ۪ وَلَهُمْ
(نظر رحمت سے) دیکھے گا اور نہ ان کو پاک ہی کرے گا بلکہ ان کو

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۷۷﴾ وَاِنَّ مِنْهُمْ لَفَرِيْقًا
عذاب الیم ہوگا اور ان میں ایک ایسا فریق بھی ہے جو
يَّلْوٗنَ اَلْسِنَتَهُمْ بِالْكِتٰبِ لِتَحْسَبُوْهُ
کتاب کو زبان مروڑ کر پڑھتا ہے تاکہ تم اس کو
مِنَ الْكِتٰبِ وَمَا هُوَ مِنَ الْكِتٰبِ ۚ
بھی کتاب سمجھو حالانکہ وہ کتاب میں سے نہیں
وَيَقُوْلُوْنَ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَمَا
اور کہتے ہیں کہ وہ خدا کی طرف سے ہے اور
هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ عَلَى
وہ ہرگز خدا کی طرف سے نہیں اور جان بوجھ کر
اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۷۸﴾
اللہ پر جھوٹی باتیں بناتے ہیں ؛

ترکیب

من ان تامنہ مبتدا من اہل الکتاب خبر اور شرط اور جواب کا مجموعہ صفت ہے مبتدا کی کیونکہ وہ نکرہ ہے بقنطار ب بمعنی فی یا علیٰ ہے الا ادمت ما موضع نصب میں ہے کیونکہ ظرف ہے الا مدۃ قیامک دائما اور حال بھی ہو سکتا ہے سبیل اسم لیس فی الامیین خبر یقولون صفت ہے فریقا کی جو اسم ہے ان کا اور منہم اس کی خبر ہے۔

تفسیر

یہود کی سرزنش کے بعد یہ بتانا کہ سب یکساں نہیں کچھ ان میں ایمان دار خدا ترس بھی ہیں پوری حق گوئی ہے یہ بات کہ انسان کتاب الٰہی اور احکام دینیہ میں خیانت نہ کرے حق میں باطل نہ ملاوے کامل ایمان داری اور پوری دیانت پر موقوف ہے اور جس کو دنیاوی باتوں میں دیانت نہیں

Marfat.com

مَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّؤْتِيَهُ اللّٰهُ الْكِتٰبَ

کسی بشر کا بھی یہ کام نہیں کہ اللہ اس کو کتاب اور

وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ثُمَّ يَقُوْلَ لِلنَّاسِ

حکم اور نبوت دے پھر وہ لوگوں سے (یہ) کہے

كُوْنُوْا عِبَادًا لِّيْ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَ

کہ تم خدا کو چھوڑ کر میرے بندے ہو جاؤ۔

لٰكِنْ كُوْنُوْا رَبّٰنِيّٖنَ بِمَا كُنْتُمْ

بلکہ (وہ تو یہی کہے گا) تم خدا پرست ہو کر رہو (اس لیے کہ) تم

تُعَلِّمُوْنَ الْكِتٰبَ وَبِمَا كُنْتُمْ

کتاب پڑھاتے اور خود بھی

تَدْرُسُوْنَ ۝ وَلَا يَاْمُرَكُمْ اَنْ

پڑھتے رہے ہو اور نہ وہ کبھی یہ کہے گا کہ

تَتَّخِذُوا الْمَلٰٓئِكَةَ وَالنَّبِيّٖنَ

تم فرشتوں اور نبیوں کو

اَرْبَابًا ۭ اَيَاْمُرُكُمْ بِالْكُفْرِ بَعْدَ اِذْ

خدا بنا لو کیا (یہ ممکن ہے کہ) تم کو اسلام لانے

اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ۝ وَاِذْ اَخَذَ

کے بعد کفر کا حکم دے گا اور (اس وقت کو یاد کرو کہ)

اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ

جب اللہ نے (لوگوں سے) نبیوں کی بابت عہد لیا کہ جب میں تم کو

مِّنْ كِتٰبٍ وَّحِكْمَةٍ ثُمَّ جَاۗءَكُمْ

کتاب اور دانائی دوں پھر جو کچھ تمہارے

رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ

پاس ہو اس کی تصدیق کے لیے کوئی رسول تمہارے پاس آئے

پھر اس قوم کا دین اور کتاب کی حفاظت اور تحریف نہ کرنے میں کیا اعتبار رہے؟ اگرچہ یہود میں خدا ترس لوگ بھی تھے جیسا کہ عبداللہ بن سلام اگر اُن کے پاس کوئی بے شمار خزانہ بھی سپرد کر دے تو کبھی خیانت نہ کریں اس لیے ان لوگوں نے تورات وزبور کی بشارتوں میں سے کہ جن سے آں حضرتؐ کی نبوت کا ثبوت تھا خیانت نہ کر کے اسلام قبول کیا، لیکن بیشتر تو ایسے ہیں کہ اگر ایک دینار یعنی اشرفی سپرد کی جائے تو کبھی نہ دیں پھر ان کا دینی شہادتوں میں کیا اعتبار ہو سکتا ہے؟ چونکہ یہود کا ستارۂ اقبال غروب کر چکا تھا اکثر ان میں ایسی ایسی خباثتیں حضرت عیسیٰ کے عہد سے پہلے ہی سے پیدا ہو چکی تھیں، حادثہ پر حادثہ پیش آتا تھا مگر وہ خوابِ خرگوش سے بیدار نہ ہوتے تھے بلکہ اپنی اسی ذلیل حالت اور بدمعاشیوں میں مست تھے۔ من جملہ بدمعاشیوں کے ایک یہ بات تھی کہ وہ کہتے تھے ہم اہلِ کتاب ہیں اور باقی تمام دنیا جاہل ہے بنی اسرائیل کو اُن سے خیانت کرنے میں کچھ گناہ نہیں۔ اور اسی طرح دیدہ دانستہ بہت سی جھوٹی باتیں بنا رکھی تھیں جیسا کہ برہمنوں نے ہندوؤں کے لیے بنا رکھی ہیں۔ اس کے جواب میں فرماتا ہے کہ یہ غلط ہے بلکہ جو کوئی ہو خواہ بنی اسرائیل ہو یا نہ ہو برہمن سید پیرزادہ ہو یا نہ ہو خدا سے ڈر کر اس کے عہدِ شریعت کو پورا کرے گا خدا اس سے محبت کرے گا، اور جو اس کے برعکس کرے گا وہ قیامت میں عذابِ الیم پاوے گا اس کی طرف خدا عنایت کی نظر بھی نہ کرے گا۔ ازاں جملہ ایک بدمعاشی یہ تھی کہ لوگوں کے بہکانے کے لیے زبان مروڑ کر کتاب پڑھتے اور اُس میں کچھ اپنی طرف سے ملا کر کہہ دیتے تھے کہ یہ خدا کی طرف سے حکم ہے حالانکہ وہ اس کی طرف سے نہ ہوتا تھا اور ایسی جھوٹی باتیں عمل میں لایا کرتے تھے۔

ع ۹ ۱۶

لہ ضوب الی الرب اور ان زائدہ ہے جیسا کہ بہت بالوں والے کو شعرانی کہتے ہیں اسی طرح حقانی ہے اور ممکن ہے کہ اصل کلمہ عبرانی ہو کہ جس کو عربی کہتے ہیں یعنی خدا پرست ۱۲ منہ

Marfat.com

لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ ؕ قَالَ

تو تم اس پر ایمان لانا اور اس کی مدد کرنا، (اللہ نے) فرمایا

ءَاَقْرَرْتُمْ وَاَخَذْتُمْ عَلٰى ذٰلِكُمْ

کیا تم نے اقرار کر لیا اور اس پر میرا عہد قبول

اِصْرِىْ ؕ قَالُوْٓا اَقْرَرْنَا ؕ قَالَ فَاشْهَدُوْا

کر لیا۔ سب نے (بالاتفاق) کہا ہم نے اقرار کر لیا فرمایا پھر تم گواہ رہو

وَاَنَا مَعَكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۸۱﴾ فَمَنْ

اور میں بھی تمہارے ساتھ گواہ ہوں پھر جو اس

تَوَلّٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ

(مضبوط اقرار) کے بعد پھر جائیں تو وہی

الْفٰسِقُوْنَ ﴿۸۲﴾

نافرمان[1] ہیں

ترکیب

بما تکم صفت ربانیین کی اور ممکن ہے کہ ب سببیہ ہو اے کونوا بہذا السبب تب یہ کان سے متعلق ہوگا اور ما مصدریہ اے بتعلیمکم الکتاب لما آتیتکم اگر بکسر لام پڑھا جائے تو یہ لام یا اخذ سے متعلق ہوگا اے اخذ لہذا المعنی مگر مضاف محذوف ہوگا اے لرعایۃ ما آتیتکم یا میثاق سے متعلق ہوگا اے توثقتا علیہم لذلک اور ما یا موصولہ موصوفہ ہوگا اور عائد محذوف اس سے من کتاب حال ہوگا اور جو لام کو بالفتح پڑھا جاوے تب ما بمعنی الذی مبتدا ہوگا اور لام تاکید قسم کے لیے ہوگا اور خبر یا من کتاب وحکمۃ ہوگی یا لتؤمنن بہ اور یا ماشرطیہ اور لام قسم کے لیے ہے اور لتؤمنن اس کی شرط اور لام جواب قسم میں واقع ہے۔ اور بعض نے لما بالتشدید پڑھا ہے جو ظرف زمان ہے۔

[1] نافرمان گناہگار ۱۲ منہ

تفسیر

جب عیسائی الوہیتِ مسیح اور تثلیث وغیرہ عقائدِ فاسدہ میں ہر طرح سے ملزم قرار دیئے جاتے ہیں تو عاجز ہو کر یہ کہنے لگتے ہیں کہ یہ باتیں گو دلائلِ عقلیہ سے ثابت نہیں مگر نقل سے ثابت ہیں حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنے تئیں خدا اور خدا کا بیٹا کہا ہے اور وہ کلمات بھی ذکر کیے ہیں کہ جن سے اُن کا خدا ہونا ثابت ہوتا ہے اور روح القدس کا بھی شریکِ الوہیت ہونا پایا جاتا ہے اُن کے فرمانے سے ان باتوں پر یقین رکھتے ہیں۔ اس کے جواب میں خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ یہ تو تم بھی جانتے ہو کہ وہ بشر تھے اور ان کو کتاب ونبوت سے سرفرازی ہوئی تھی پھر ایسا برگزیدہ بشر کسی کو حکم دے سکتا ہے کہ بجائے خدا کے مجھ ہی کو خدا سمجھ کے پوجو؟ ہرگز نہیں۔ وہ یہی حکم دیتا ہے کہ تم اپنی کتاب کی تعلیم وتدریس کے موافق ربانی یعنی رب پرست یعنی رب کو ماننے والے خدا پرست ہو رہو۔ نہ وہ یہ حکم دے گا کہ تم ملائکہ روح القدس اور انبیاء کو رب بنا لو ان کی پرستش کرو۔ کیا وہ تم کو اس کے بعد کہ تم مسلمان خدا کے فرماں بردار موحد تھے کتاب کی تعلیم وتدریس کرتے تھے کفر کا حکم دے سکتا ہے ہرگز نہیں۔ یہود ونصاریٰ اپنے ہادیوں کی تعلیم اور اُن کی کتابوں کے برخلاف خدا پرستی چھوڑ کر انبیاء و ملائکہ پرستی کیا کرتے تھے ان پر الزام دیا جاتا ہے کہ یہ تمہارے انبیاء نے ہرگز نہیں فرمایا تھا۔ اس کے بعد نبی آخر الزماں علیہ السلام کا جو وہ انکار کرتے تھے اس کی بابت ان پر سرزنش کی جاتی ہے کہ تم اس عہد کو بھی تو یاد کرو جو تم سے آنے والے انبیاء کی بابت لیا گیا تھا اس وقت تم کو کتاب وحکمت دی گئی تھی کہ جب تمہارے پاس کوئی رسول اصول ملت کا مصدق آئے تو تم اُس پر ایمان لانا اور اُس کی

Marfat.com

مدد بھی کرنا۔ اس پر خدا نے تم سے پوچھ بھی لیا تھا کہ تم کو اقرار ہے اور تم اس پر میرے عہد کو قبول کرتے ہو تم نے کہہ دیا تھا کہ ہم نے اقرار کر لیا۔ تب خدا نے فرمایا تھا کہ دیکھو تم بھی گواہ رہو اور میں بھی گواہ ہوں۔ باوجود اس عہد موکد کے پھر تم نے کیا کیا عیسیٰ کا انکار کیا اور ان کے بعد جب تلافی مافات کا وقت باقی تھا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا انکار کیا اور اپنے عہد سے پھر گئے۔ پھر جو اپنے ایسے عہد سے پھرے تو وہ فاسق نہیں تو اور کون ہے۔ اس عہد کا پتہ توریت سفر استثنا سے بھی لگتا ہے کہ اسرائیلیوں کو جمع کر کے موسیٰؑ نے آنے والے نبی کی بابت وصیت کی تھی۔

أَفَغَيْرَ دِينِ اللَّهِ يَبْغُونَ وَلَهُ أَسْلَمَ

کیا وہ اللہ کے دین کے سوا کسی دین کی تلاش کرتے ہیں حالانکہ آسمان والے اور

مَن فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ طَوْعًا

زمین والے چار و ناچار اسی کے حکم بردار ہیں

وَكَرْهًا وَإِلَيْهِ يُرْجَعُونَ ﴿٨٣﴾ قُلْ

اور اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔ (اے نبی) کہہ دو

آمَنَّا بِاللَّهِ وَمَا أُنزِلَ عَلَيْنَا وَمَا

کہ ہم تو اللہ پر اور جو کچھ ہم پر نازل کیا گیا اور جو کچھ

أُنزِلَ عَلَىٰ إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ

ابراہیم اور اسمٰعیل اور

وَإِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ وَالْأَسْبَاطِ

اسحٰق اور یعقوب اور اس کی اولاد پر نازل کیا گیا

وَمَا أُوتِيَ مُوسَىٰ وَعِيسَىٰ وَالنَّبِيُّونَ

اور جو کچھ موسیٰ اور عیسیٰ اور (دیگر) انبیاء کو

مِن رَّبِّهِمْ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ أَحَدٍ

ان کے رب کی طرف سے ملا سب پر ایمان لائے ہم ان میں کچھ بھی فرق

مِّنْهُمْ وَنَحْنُ لَهُ مُسْلِمُونَ ﴿٨٤﴾

نہیں کرتے اور ہم نے اسی (ایک خدا) کے آگے سر جھکا دیا ہے

وَمَن يَبْتَغِ غَيْرَ الْإِسْلَامِ دِينًا

اور جو کوئی اسلام کے سوا کسی اور دین کو اختیار کریگا

فَلَن يُقْبَلَ مِنْهُ وَهُوَ فِي

سو وہ ہرگز قبول نہ ہوگا اور وہ (شخص)

الْآخِرَةِ مِنَ الْخَاسِرِينَ ﴿٨٥﴾

آخرت میں خسارہ (اور نقصان) میں رہے گا۔

ترکیب

غیر منصوب ہے یبغون کی وجہ سے و من یبتغ ابتغاء سے مشتق ہے جس کے معنی تلاش کرنا یہ شرط غیر الاسلام منصوب ہے صفت ہو کر دینا کی جو مقدم ہونے سے حال ہو گیا و ہو الخ جواب۔

تفسیر

پہلی آیتوں میں تھا کہ جو نبی تمہارے دین کی تصدیق کرنے والا آئے تو تم پر ضرور ہے کہ اس پر ایمان لاؤ۔ اس پر یہود و نصاریٰ یہ اعتراض کرتے تھے کہ یہ مسلّم لیکن یہ نبی ہمارے دین اور کتاب کا مصدق نہیں کیونکہ الوہیت مسیح اور تثلیث ہمارے دین کا اصل الاصول ہے سو یہ اُس کا رد کرتے ہیں پھر ہم کیونکر ان پر ایمان لاویں۔ (چنانچہ اب بھی پادری یہی اعتراض کیا کرتے ہیں) اس کا جواب دیا جاتا ہے کہ یہ باتیں تمہارے دین کے اصول نہیں بلکہ یہ افراط و تفریط انبیاء علیہم السلام کے بعد تمہارے دین میں پیدا ہوئی ہے جس کے دور کرنے کے لیے اس اخیر نبی کی ضرورت ہوئی ورنہ انبیاء سے باوجود مرتبہ شہود کے یہ ممکن نہیں کہ وہ ایسی خلاف فطرت

Marfat.com

باتیں کہیں اور کسی کو شریکِ خدائی ٹھیرائیں کیونکہ وہ مقامِ شہود میں دیکھ رہے ہیں کہ آسمان و زمین کی ہر چیز ملائکہ و بنی آدم اہلِ ایمان تو از خود اور حجر و شجر و کفار جبراً اُس ہی کے آگے سر نگوں ہیں۔ ہر انسان زبانِ حال سے کہہ رہا ہے کہ در اصل الٰہ حق وہی ہے جو مجھ کو مجبورانہ میدانِ وجود میں کھینچے لا رہا ہے بے اختیار حوائی پر بڑھاپا مرض و تندرستی آتی ہے اسی طرح ہر چیز عالمِ ہستی سے پھر اُس کی طرف چلی جا رہی ہے اس سے صاف ثابت ہے کہ وہی پیدا کرتا ہے اور وہی فنا کرتا ہے اس کے سوا کسی کو حق نہیں کہ وہ معبود بنایا جائے۔ یہی دین اصلی ہے اس کے برخلاف دینِ الٰہی نہیں ہو سکتا پھر کیا وہ یہ چاہتے ہیں کہ غیر دینِ الٰہی مانا جاوے؟ دین اللہ کے اصول میں سے یہ بھی ہیں کہ جملہ انبیاء پر ایمان لایا جاوے اس لیے آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتا ہے کہ آپ کہہ دیجیے کہ ہم اللہ پر ایمان لائے ابراہیم اور اسمٰعیل اور اسحٰق اور یعقوب اور ان کی نسل کے انبیاء خصوصاً موسیٰ اور عیسیٰ پر جو کچھ نازل ہوا اور ہم پر جو کچھ نازل ہوا سب پر ایمان لائے کسی میں فرق نہیں کرتے اور ہم خدا کے جملہ احکام ماننے کے لیے بھی گردن جھکائے ہوئے ہیں اور اسی کا نام مذہبِ اسلام ہے۔ پھر جو کوئی اس دین کے برخلاف جو تمام سلسلۂ انبیاء کا مذہب ہے دوسرا دین اختیار کرے گا ہرگز مقبول نہ ہوگا گو دنیا میں وہ اس غلط مذہب پر اعتماد کر کے اس میں ہزار کوشش کرے مگر آخرت میں کامیاب نہ ہوگا بجائے نفع کے خسارہ اٹھاوے گا۔

كَيْفَ يَهْدِي اللّٰهُ قَوْمًا كَفَرُوْا	
خدا ایسی قوم کو کیوں ہدایت دینے لگا تھا	جو ایمان
بَعْدَ اِيْمَانِهِمْ وَشَهِدُوْٓا اَنَّ الرَّسُوْلَ	
لاکر اور رسول کے برحق ہونے کی شہادت دے کر جو اُن کے پاس	

حَقٌّ وَّجَآءَهُمُ الْبَيِّنٰتُ ۭ وَاللّٰهُ لَا	
کھلی کھلی نشانیاں لے کر آیا	منکر ہو گئے اور اللہ
يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝۸۶ اُولٰۗىِٕكَ	
بے انصاف لوگوں کو ہدایت نہیں کرتا	ایسے لوگوں کی
جَزَاۗؤُهُمْ اَنَّ عَلَيْهِمْ لَعْنَةَ اللّٰهِ	
یہی سزا ہے کہ	اُن پر خدا کی اور
وَالْمَلٰۗىِٕكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ۝۸۷	
فرشتوں	اور سب لوگوں کی ایسی لعنت ہو
خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ لَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ	
کہ جس میں وہ ہمیشہ رہیں	نہ اُن کے عذاب میں
الْعَذَابُ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ۝۸۸	
کمی ہو	اور نہ اُن کو مہلت ہی ملے
اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَ	
مگر جنہوں نے کہ اس کے بعد	توبہ کر لی اور
اَصْلَحُوْا ۣ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ	
سُدھر گئے	تو بے شک اللہ غفور
رَّحِيْمٌ ۝۸۹ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	
رحیم بھی ہے	البتہ جو ایمان لاکر
بَعْدَ اِيْمَانِهِمْ ثُمَّ ازْدَادُوْا كُفْرًا	
کافر ہو گئے	پھر اور بھی کفر میں بڑھ گئے
لَّنْ تُقْبَلَ تَوْبَتُهُمْ ۚ وَاُولٰۗىِٕكَ	
اُن کی توبہ ہرگز قبول نہ ہوگی	اور وہی
هُمُ الضَّاۗلُّوْنَ ۝۹۰ اِنَّ الَّذِيْنَ	
گمراہ بھی ہیں	بے شک جو
كَفَرُوْا وَمَاتُوْا وَهُمْ كُفَّارٌ فَلَنْ	
کافر ہوئے اور کفر ہی میں	مر گئے تو وہ

Marfat.com

يُقْبَلَ مِنْ اَحَدِهِمْ مِّلْءُ الْاَرْضِ

اگر تاوان میں زمین بھر کر بھی سونا دیں

ذَهَبًا وَّلَوِ افْتَدٰى بِهٖ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ

تو ہرگز قبول نہ ہوگا انھیں لوگوں کو

عَذَابٌ اَلِيْمٌ وَّمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿۹۱﴾ ع ۹ ۱۱ ۱۷

عذاب الیم ہے اور ان کا کوئی بھی مددگار نہ ہوگا۔

ترکیب

کیف حال ہے اور عامل اس میں یہدی ہے شہدوا حال ہے ضمیر کفروا سے اولئک مبتدا جزاء ہم مبتدا ثانی ان اور اس کا اسم وخبر مجموعہ خبر پھر یہ تمام جملہ مبتدا اول کی خبر ہوا خلدین حال ہے ضمیر علیہم سے اور عامل اس میں جار یا اس کا متعلق ہے ذہبا تمیز ہے ملء سے اور بہ کی ضمیر اسی طرف پھرتی ہے ؛

تفسیر

جب کہ خدا تعالیٰ منکروں کے لیے ہر قسم کے بیان شافی ذکر فرما چکا اور پھر بھی وہ ہدایت پر نہ آئے تو جس طرح طبیب علاج کر کے جب صحت نہیں دیکھتا تو یہی کہتا ہے کہ تم کو کس طرح تندرستی ہو تم ایسی ایسی بدپرہیزی کرتے اور کر چکے ہو۔ اسی طرح خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ ایسے تیرہ باطن اور سیاہ قلب لوگوں کو کیوں کر ہدایت ہو کہ جو قبل ظہور نبی علیہ السلام اُن کی کتب سابقہ میں بشارتیں دیکھ کر ان پر ایمان رکھتے تھے اور اس رسول کے برحق ہونے کی گواہیاں بھی دیا کرتے تھے (جیسا کہ سورۂ بقرہ میں ہم نے بیان کیا ہے) باوجود اس کے حضرتؐ کے بے شمار معجزات بھی دیکھ چکے ہیں لیکن پھر بھی عناد سے منکر ہو گئے سو ایسے ازلی بدبختوں کو ہدایت نہیں ہوتی ان کی سزا دنیا میں خدا کی اور فرشتوں اور سب خداشناس لوگوں کی پھٹکار اور آخرت میں عذاب الیم ہے۔ کافروں کی تین قسم ہیں ایک وہ جو صدق دل سے توبہ کر لیتے ہیں اُن کے حق میں الا الذین تابوا الخ فرمایا[1] کہ خدا ان کو معاف کرتا ہے۔ دوم وہ جو صدق دل سے توبہ نہیں کرتے اور باوجود اس کے ہمیشہ پیغمبر کا مقابلہ کر کے کفر میں زیادہ بڑھتے جاتے ہیں جیسا کہ یہود مدینہ اُن کے لیے لن تقبل توبتہم فرمایا کہ ان کی ہرگز توبہ قبول نہ ہوگی یعنی اس کی اُنکو توفیق ہی نہ ہوگی تاکہ توبہ قبول ہو تیسرے وہ جو سرے سے توبہ ہی نہیں کرتے اور حالت کفر میں ہی مرجاتے ہیں اُن کی نسبت تین باتیں فرمائیں (۱) اگر وہ بالفرض زمین بھر کر سونا بھی تاوان میں دیں تو ہرگز آخرت میں قبول نہ ہوگا۔ (۲) ان کو عذاب الیم ہوگا (۳) کوئی ان کا مددگار اور سفارشی نہ ہوگا۔ اِس مرض روحانی کا یہی نتیجہ بد ہے ؛

ف الملء بالکسر مقدار مایملأ الشیٔ والملء بالفتح مصدر والمعنی مقدار مایملأ الارض۔

[1] جیسا کہ طرث بن سوید انصاری مرتد ہو گیا تھا مگر اس نے توبہ کی اور اس کی توبہ قبول ہو گئی۔ عبداللہ بن عباسؓ نے اس آیت کا یہ قصہ شان نزول قرار دیا ہے۔ (ک) ۱۲ منہ

Marfat.com

تفسیر حقانی

پارۂ لن تنالوا ۴

لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا
(لوگو!) تم کو ہرگز نیکی نہ ملے گی جب تک کہ تم کچھ اپنی دلپسند چیزمیں
تُحِبُّوْنَ ۵ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَيْءٍ
سے خرچ نہ کرو گے۔ اور جو کچھ تم خرچ کرتے ہو سو اس کو خدا تعالےٰ
فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ﴿۹۲﴾ كُلُّ الطَّعَامِ
خوب جانتا ہے۔ ہر قسم کا کھانا بنی اسرائیل
كَانَ حِلًّا لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اِلَّا مَا
کو حلال تھا ف۱ مگر وہ کہ
حَرَّمَ اِسْرَآءِيْلُ عَلٰى نَفْسِهٖ مِنْ
جو (خود) اسرائیل ؑ (یعقوب ؑ) نے توراۃ نازل ہونے
قَبْلِ اَنْ تُنَزَّلَ التَّوْرٰىةُ ؕ قُلْ
سے پہلے اپنے اوپر حرام کر لیا تھا۔ (اے نبی ؐ!) کہدو کہ
فَاْتُوْا بِالتَّوْرٰىةِ فَاتْلُوْهَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۹۳﴾
توراۃ لا کر پڑھو تو سہی اگر تم سچے ہو۔ ف۲
فَمَنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ
پھر جو کوئی اس کے بعد بھی خدا تعالےٰ پر جھوٹ

مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۹۴﴾
باندھے تو وہی بے انصاف ہیں۔

ترکیب

مِمَّا بمعنے الذی نکرہ موصوفہ ہے اور مصدریہ نہیں ہوسکتا بہ کی ضمیر ما یا شیٔ کی طرف رجوع کرتی ہے الّا ما حرم موضع نصب میں ہے کس لئے کہ یہ استثناء خبر کان سے ہے من قبل متعلق ہے حرّم سے من بعد ذلک متعلق ہے افترای سے الطّعام بمعنے المطعومات والمراد اکلہا اور حل مصدر ہے اس میں جمع اور واحد مذکر مؤنث سب یکساں ہے۔

تفسیر

اگلی آیت میں ذکر تھا کہ قیامت میں کفّار اگر زمین بھر کر بھی سونا دیں گے تو ہرگز قبول نہ ہوگا۔ اس مناسبت سے دنیا میں اللہ تعالیٰ کی راہ میں صرف کرنے کا ذکر آگیا کہ تم کو برّ یعنی نیکی اور جزاءِ کامل اور ابرار لوگوں کا مرتبہ جب ہی

ف۱ کل الطعام سے مراد وہ کُل طعام مراد ہیں کہ جن میں بحث تھی جیسا کہ اونٹ کا گوشت۔ اس سے ہر قسم کا کھانا مُراد لے کر قرآن پر اعتراض کرنا (کہ ہر قسم کا کھانا کب بنی اسرائیل کو حلال تھا) لغو بات ہے ۱۲ ف۲ فاتوا بالتوراۃ اُن کے ادعاء کے موافق فرمایا ہے اس سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد میں موسیٰ علیہ السّلام کی اصلی توراۃ بلا تغیّر موجود تھی ف۳ النیل ادراک الشیٔ ولحوقہ یقال نالنی من فلان معروف اے وصل الیّ والنوال العطاء یقال نولتہ تنویلاً والنول التناول یقال نلتہ انولہ ۱۲

Marfat.com

لے گا کہ جب تم اپنی دل پسند چیز کو صرف کرو گے یہ ایک ایسے پاکیزہ الفاظ میں مطلب ادا کیا ہے کہ جن میں ہزاروں اسرار کی طرف اشارہ ہے مثلاً اول انسان کی محبوب اُس کی جان ہے اُس کا صَرف کرنا یہ کہ رُوح کو اُس کے مشاہدۂ جمال میں محو کردے پھر اس کا بروصالِ حقیقی ہے یا اُس کو اللہ تعالےٰ کے دین اور اشاعتِ خیر میں صَرف کر کے شہید ہوجائے پھر اُس کی حُبِّ جاہ اور رنگا رنگ کی طبعی اور بہیمی بیجا خواہشیں ہیں ان کا صَرف کرنا ان کو چھوڑ دینا ہے اور بعد اس کے اس کا مال[1] اور اس کے عمدہ عمدہ علوم اور فائدہ بخش کام ہیں اُن کو بھی اُسکی راہ میں صرف کرے۔ اسی طرح غصّہ میں دشمن سے انتقام لینا بھی بڑی مرغوب چیز ہے اس کو بھی صَرف کرے تاکہ مجلسِ ابرار اور عالمِ قدس میں رُتبہ پاوے۔ جب یہ آیت نازل ہوئی تو ابوطلحہؓ صحابی نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ یا حضرتؐ! میرے پاس مرغوب مال صرف ایک باغ بیرحاء نامی ہے آپؐ اس کو خدا تعالےٰ کی راہ میں جیسا مناسب جانیں صَرف کردیں، (بخاری)۔ اس وقت عرب کی قوم نے سب سے اوّل اس مسئلہ پر عمل کر کے دنیا اور دین کی سلطنت حاصل کی تھی اور اسی لئے خدا پرست لوگ ہمیشہ لذائذ اور قوائے بہیمیہ کو جوش میں لانے والی چیزوں کو صَرف کرتے اور ان کا کھانا ترک کردیتے تھے جیسا کہ اسرائیل یعنی حضرت یعقوب علیہ السّلام نے اونٹ کا گوشت اور بعض چیزیں جو شرعًا ملتِ ابراہیمیہ میں حلال تھیں اپنے اوپر حرام کرلیں تھیں اور یہ معاملہ توراۃ سے پہلے کا ہے چنانچہ ان کی تقلید سے بنی اسرائیل میں بھی ان کی حرمت چلی آتی تھی جس پر مدینہ کے یہود اُن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر اعتراض کرنے لگے کہ آپؐ ملّتِ ابراہیمیہ کے مدعی ہوکر یہ چیزیں کیوں کھاتے ہیں؟ خدا تعالےٰ نے اس کے ضمن میں اُن کا جواب دیا کہ اونٹ کا گوشت اور یہ بعض چیزیں ہرگز ابراہیمؑ پر حرام نہ تھیں تم جو توراۃ کا حوالہ دیتے ہو تو اچھا توراۃ لاکر اس میں دکھاؤ کہ یہ چیزیں خدا تعالےٰ نے ابراہیم علیہ السّلام پر حرام کی تھیں؟۔

قُلْ صَدَقَ اللّٰهُ ۗ فَاتَّبِعُوْا مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ

کہدو اللہ نے سچ فرمادیا ہے پس (اس کے فرمانے کے بموجب) ابراہیم کے طریقے پر

حَنِيْفًا ۭ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝۹۵

چلو جو یکطرفہ تھے، اور (وہ کبھی بھی) مشرکین میں سے نہ تھے۔

اِنَّ اَوَّلَ بَيْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِيْ

بیشک (سب سے) اول گھر جو لوگوں کے لئے (عبادت گاہ) بنایا گیا وہ گھر ہے جو

بِبَكَّةَ مُبٰرَكًا وَّهُدًى لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝۹۶

کہ مکہ میں ہے وہ مبارک اور دنیا بھر کے لئے رہنما ہے۔

فِيْهِ اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ مَّقَامُ اِبْرٰهِيْمَ ۚ

اس میں بہت سی نشانیاں ظاہر ہیں (منجملہ اُن کے) ابراہیمؑ کے کھڑے ہونے کی جگہ ہے

وَمَنْ دَخَلَهٗ كَانَ اٰمِنًا ۭ وَلِلّٰهِ عَلَي

اور جو کوئی اس میں چلا جاتا ہے تو امن پاتا ہے، اور لوگوں پر زور ہے

النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ

کہ اللہ تعالیٰ کے لئے اُس گھر کا حج کریں اُن پر کہ جو وہاں پہنچنے کی طاقت

سَبِيْلًا ۭ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ

رکھتے ہوں۔ اور جو کوئی نافرمانی کرے[2] تو اللہ تعالیٰ کو بھی مخلوقات

عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ۝۹۷

میں سے کسی کی کچھ پروا نہیں۔

ترکیب

حنیفًا حال ہے ابراہیم سے اور ممکن ہے کہ ملۃ سے بھی ہو

[1] کس لئے کہ ماسوائے اللہ کے حُب ایک حجاب اکبر ہے اس کا صَرف کرنا بر یعنی مقصود کا حاصل کرنا ہے ۱۲ منہ

[2] یعنی باوجود استطاعت کے حج بیت اللہ نہ کرے جلانے سے اس کے دربار میں نہ آئے تو اس کو بھی کسی کی پروا نہیں ۱۲ منہ

Marfat.com

کیونکہ ملۃ بمعنے دین ہے پھر حال اور ذوالحال دونوں مذکر ہیں۔ وضع موضع جریں صفت بیت کی اور للذی بکۃ ان کی خبر بکۃ یعنی کہ ہے م اور ب کا بدل ہوجاتا ہے جیسا کہ لازب اور لازم۔ بعض کہتے ہیں مکہ شہر اور بکۃ مسجد الحرام ہے مبارکا اور ہدی دونوں ضمیر وضع سے حال ہیں آیٰت بینات مبتدا فیہ خبر مقام ابراہیم مبتدا اور خبر محذوف ای منہا۔ حج البیت بالفتح والکسر بعض کہتے ہیں بالکسر اسم مصدر ہے مبتدا علی الناس خبر للہ علی سے متعلق ہے من استطاع الناس سے بدل بعض ہے۔

تفسیر

یہ تتمہ ہے پہلی گفتگو کا اللہ تعالےٰ نے سچی بات کہدی اب اسی پر فیصلہ ہے کہ جو دین ابراہیم کا ہے چلو اس کو اختیار کرو اور یہ ظاہر ہے کہ ان میں دو وصف تھے ایک یہ کہ وہ حنیف تھے یعنی ادھر اُدھر بھٹکتے نہ تھے ایک طرف کے ہو رہے تھے سب کو ترک کرکے اللہ تعالےٰ کی ذات پر تکیہ لگا رکھا تھا۔ حنیف ایسا عام وصف ہے کہ جس کی شاخیں خلت، توکل، رضا، قناعت، صبر، دنیا سے نفرت کرکے عالم آخرت کی طرف رغبت، سچ بولنا وغیرہ خصائل حمیدہ ہیں اور دوسرا وصف یہ تھا کہ وہ مشرک نہ تھے نہ شرکِ جلی (کہ کسی کو خدا تعالےٰ کے سوا الوہیت میں شریک کیا جائے) اُن کا شیوہ تھا نہ شرک خفی یہاں تک کہ اپنے جمیع کاروبار اور تمام عالم کا سلسلۂ احتیاج اُسکے ہاتھ میں جانتے تھے۔ اب غور کرو کہ ان اصل اصول باتوں

میں سے لے اہل کتاب کونسی بات ابراہیمؑ کی تمھارے پاس ہے؟ لے یہود! کیا ختنہ کرنا اور سبت کا ماننا اور بعض چیزوں کی حلّت و حُرمت جو حسبِ مصلحت موسیٰؑ کے عہد میں ہوئی اصل اصول ملّتِ ابراہیمیہ ہے؟ اور عیسائیو! کیا عشائے ربّانی اور بپتسمہ اور مسیحؑ کو خدا اور خدا تعالےٰ کا بیٹا جاننا اور اس اعتماد پر کہ وہ ہمارے گناہ اُٹھا کر لے گئے خداوند تعالےٰ کی تمام شریعت کو لغو سمجھنا بلکہ بقول پولوس شریعت ..... پر عمل کرنے والے کو لعنتی خیال کرنا اصول ملت ابراہیمیہ ہیں؟ نہیں ہرگز نہیں یہ تو تمھارے مشائخ کی قلعی چڑھائی ہوئی اور نفس اور وہم کی ملونی ہے انہی ضرورتوں کے لئے تو سب سے اخیر ایک نبی عربی کے بھیجنے کی ضرورت پڑی جس کی خبر اب تک توراۃ و زبور وغیرہ کتبِ سابقہ میں پائی جاتی ہے۔ (بالخصوص یسعیاہ نبی کی کتاب ۴۲ یا لیسویں باب میں تصریح ہے) ان دونوں لفظوں سے یہود اور عیسائیوں اور مشرکین عرب کو کس لطف کے ساتھ ملّتِ ابراہیمیہ سے مخالف ہونے پر الزام دیا ہے۔ ایک پادری نے ایک کتاب لکھی ہے اس میں جا بجا ثابت کرکے (کہ قرآن کی فلاں بات توراۃ سے ماخوذ ہے فلاں یہودیوں کی تاریخوں سے فلاں طالمود سے فلاں حگدہ سے فلاں مشناہ سے فلاں مشرکینِ عرب سے فلاں عیسائیوں کی معتبر اور غیر معتبر اناجیل سے) خیالی پتھر پھینکے ہیں پھر قرآن نازل ہونے کی کیا ضرورت تھی؟ منجملہ اعتراضات کے ایک اعتراض ملّتِ ابراہیمیہ کی پابندی پر کیا ہے۔

فوٹ تحقیق کے بعد معلوم ہوتا ہے کہ اس دینِ (ابراہیمی) کا خیال پیشتر بھی تھا اور وہیں سے محمدؐ بھی اس تعلیم کے مشاہدہ کرانے پر آمادہ ہوا۔ محمدؐ سے پیشتر حنیفہ کرکے ایک گروہ تھا وہ اپنے تئیں ابراہیمی صابئین کہتے تھے اور شروع میں محمدؐ نے اپنے تئیں ان میں سے ایک قرار دیا تھا اکثر طریق یہودی عیسویت کی صورت رکھتا تھا وہ ایک خدا کو مانتے

لے ای استقر للہ علی الناس ۱۲ منہ ۲ ایک روز پادری لوگ بڑے اہتمام سے روٹیاں یہ تصور کرکے کھاتے ہیں کہ یہ حضرت عیسیٰؑ کا گوشت ہے ۱۲ ۳ عیسائی ہوتے وقت حوض میں غوطہ دینا یا رنگ ڈالنا بعض صرف چھڑکنا ہی کافی جانتے ہیں ۱۲ منہ ۴ یہود کے مذہب اور تاریخ کی کتابوں کے نام ہیں ۱۲ منہ

تھے ان کے پاس توریت اور انجیل اور ابراہیم اور موسیٰ کی روایتیں تھیں اور یہ روایتیں یہودیوں کی کُتب مدارس میں پائی جاتی تھیں جو پریوں اور فرشتوں کے قصّہ تھے اس فرقہ میں کئی مشہور آدمی تھے ان میں سے ایک عمایہ[1] مشہور شاعر تھا جو محمدؐ کی ہجو کیا کرتا تھا اور چار شخص محمدؐ کے رشتہ دار تھے اور ورقہ بھی اُن میں سے تھا اور زید بھی مکہ میں بُت پرستی اور دختر کُشی کی ممانعت اور توحید کی تعلیم دیا کرتا تھا اور محمدؐ بھی اس کا شاگرد ہو چکا تھا پھر چونکہ طالمود میں ابراہیم پر لفظ مسلم بولا گیا ہے جس کے معنے راستبازی کے ہیں وہی محمدؐ نے بھی قرآن میں بولا اور پھر جگدہ یعنی طالمود کی تاریخی حصّہ میں جو کچھ مذہبِ ابراہیم کی تشریح ہے کہ وہ ایک خدا کو مانتا تھا اور رحم دل تھا اور خدا سے محبت رکھتا تھا اور نمرود نے اُن کو آگ میں ڈالا لیکن وہ صحیح سلامت نکل آئے وغیرہ باتیں تحریر ہیں وہی محمدؐ نے سیکھ کر قرآن میں لکھدیں اور دعویٰ کیا کہ مجھ کو الہام ہوا ہے انتہیٰ ملخصاً۔

جواب پادری لوگ جس طرح راستبازی اور انصاف سے بے بہرہ ہیں اسی طرح تاریخ عرب سے بھی بے بہرہ ہیں اول تو ورقہ اور زید ہرگز صابی نہ تھے بلکہ موحّدین میں سے تھے اور صابی ستارہ پرست قوم تھی۔ دوم صابیوں کا کوئی فرقہ توراۃ اور انجیل اور ان کی روایتوں کو نہیں مانتا نہ ان کا طریق یہودیت اور عیسویت کے ساتھ تھا اور ورقہ خاص رومن کیتھولک مذہب کا عیسائی تھا جو اخیر میں حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر صدقِ دل سے ایمان لایا تھا اور زید اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم میں زمانہ تعلیم و تعلّم پایا نہیں گیا وہ ایک موحّد شخص تھا جو آپؐ سے کہیں پہلے مرگیا تھا پھر شاگردی کا الزام لگانا محض دروغ بے فروغ ہے۔ اب رہی یہ بات کہ طالمود اور یہودیوں کی دیگر کتابوں میں حضرت ابراہیمؑ کے قصّوں کا قرآن کے مطابق پایا جانا سو یہ منافی الہام نہیں۔ کیا الہامی بات کے لئے یہ ضروری ہے کہ وہ تمام تاریخی کتابوں کے برخلاف ہو؟ پھر اگر یہی ہے تو اناجیل اربعہ میں سے جو سب سے اوّل ہے اس کے علاوہ سب غلط اور غیر الہامی ہیں کیونکہ وہ تاریخی کتاب یا لوگوں کے حوالہ سے لکھی گئیں۔ اسی طرح بائبل کی کتاب تاریخ اور کتاب سموئیل کو غلط کہنا پڑے گا۔ علاوہ اس کے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس طالمود اور مدراس وغیرہ کتابوں کا جاننے والا کون تھا اور وہ کتابیں اب تو مشہور ہی نہیں جب کہاں تھیں اور اگر کوئی یہودی تھا تو اُس پر کیا مصیبت تھی کہ جو اپنے شاگرد پر ایمان لاتا اگر آپ سے پہلے کسی نے ملتِ ابراہیمیہ کا دعویٰ کیا تو آپ کے نبی مصلح دین ہونے میں کیا فرق آیا۔ کیا حضرت عیسیٰؑ سے پہلے دینِ موسوی کے مدعی اور مصلح نہیں گزرے ہیں بلکہ خود حضرت یحییٰ علیہ السّلام اُن کے اُستاد موجود تھے جن سے اُنھوں نے خود تعلیم پائی اور پھر وہی لفظ بولے جو ہمیشہ بولتے آئے ہیں پھر کہیئے حضرت عیسیٰؑ اور اُن کے حواریوں اور ان کی کتابوں کی کیا ضرورت تھی قرآن خود مدعی ہے کہ اصل اصول انبیاء علیہم السّلام کا تحریفات دُور کرکے زندہ کرنے والا ہے پھر اگر وہ اصول صابیوں، مجوسیوں، عربوں، یہودیوں، عیسائیوں میں بھی کچھ باقی رہ گئے تھے اور ان کی تحریف دور کرکے قرآن نے اپنے جواہر کو لے لیا تو کیا یہ سرقہ ہے پھر کیا قرآن ان کا سرے سے انکار کرتا اور اپنی ڈیڑھ اینٹ کی جدا مسجد بناتا جیسا کہ جعلی پیشوایانِ مذہب نے کیا ہے۔

آب ہم تفسیر کلام الٰہی کی طرف رجوع کرتے ہیں۔

یہود کا جس طرح اونٹ کے گوشت اور دودھ کھانے پینے کی بابت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر اعتراض تھا اسی طرح وہ کعبہ کی بابت اعتراض کیا کرتے تھے کہ آپؐ نے تمام انبیاءؑ کا قبلہ اور سب سے قدیم بیت المقدس ترک کرکے جاہلوں کا کعبہ اختیار کیا ہے چونکہ ابراہیم علیہ السلام کی ملت کا ذکر بھی آگیا

[1] غالباً یہ امیہ کی تحریف ہے۔ منہ

تھا اس لئے کعبہ کا بھی آیا کرے یہود اجو گھر دنیا میں خدا کی عبادت اور رہنمائی اور برکت کے لئے بنائے گئے ہیں ان سب سے اوّل وہ گھر ہے جو مکّہ میں ہے یعنی کعبہ اس کو خاص آدمؑ نے پھر اُن کے بعد ابراہیمؑ نے بنایا ہے اور بیت المقدس کو سلیمانؑ نے جو اُن کی ذریت میں اور اُن سے سیکڑوں برس بعد ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ اس میں ہزاروں برکتیں اور خدا کی نشانیاں اب تک موجود ہیں سوائے روحانی برکت کے یہاں ظاہری برکات بھی بہت سے ہیں منجملہ اُن کے مقام ابراہیمؑ اور یہ کہ جو وہاں بصدقِ دل جاتا ہے دنیا اور آخرت کی بلاؤں سے نجات اور امن پاتا ہے[1]۔ اس لئے آج تک کسی بادشاہِ قاہر کی یہ مجال نہیں ہوئی وہ کعبہ پر چڑھ کر آیا اور اُس کو گرا دیا ہو اور لوگوں کو قتل کیا ہو اور جو کوئی ایسا آیا جیسا کہ ابرہہ شاہِ حبش تو اُس کو خدا تعالےٰ نے غارت کر دیا برخلاف بیت المقدس کے کہ اس کو بارہا بخت نصر وغیرہ بادشاہوں نے ڈھایا اور وہاں کے زن و مرد کو قتل کیا اس لئے جو کوئی زادِ راہ رکھتا ہو اُس پر وہاں عمر بھر میں ایک بار جانا ضروری ہو یعنی فرض ہے اور جو کوئی اس کے دربار میں حاضر ہونے سے سرتابی کرے تو خدا تعالےٰ کو بھی کسی کی پروا نہیں ہے۔

قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَكْفُرُوْنَ

(اے نبی ﷺ) کہدو اے اہلِ کتاب! کس لئے اللہ کی آیتوں کا انکار

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۖ وَاللّٰهُ شَهِيْدٌ عَلٰى مَا

کر رہے ہو، اور اللہ کے روبرو ہے جو کچھ بھی

[1] یعنی وہاں جانے سے امن عذابِ اُخروی سے ہوتا ہے ۱۲ ف مقام ابراہیم کی بابت علماء کا اختلاف ہے۔ ایک گروہ اس پتھر کو کہتا ہے کہ جس پر چڑھ کر حضرت ابراہیمؑ نے کعبہ کی دیواریں چُنیں تھیں وہ یادگار اب تک موجود ہے۔ دوسرا گروہ کہتا ہے کہ تمام حرم مقام ابراہیم ہے یہاں ابراہیمؑ نے مقام کیا تھا ۱۲ حقانی

تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۸﴾ قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ

تم کر رہے ہو۔ (اور) کہدو اے اہلِ کتاب! کیوں

تَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ

ایمان لانے والوں کو خدا کی راہ سے روکتے ہو جان بوجھ کر

تَبْغُوْنَهَا عِوَجًا وَّاَنْتُمْ شُهَدَآءُ ۗ وَمَا

اس میں کجیاں پیدا کرتے ہو اور تم گواہ ہو، اور

اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۹﴾ يٰٓاَيُّهَا

خدا تو تمھارے کام سے ہرگز غافل نہیں۔ ایمان

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تُطِيْعُوْا فَرِيْقًا

والو! اگر تم اہلِ کتاب میں سے کسی گروہ کا

مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ يَرُدُّوْكُمْ

بھی کہا مانو گے تو وہ تم کو ایمان لانے کے بعد کافر

بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ كٰفِرِيْنَ ﴿۱۰۰﴾ وَكَيْفَ

ہی بنا کر چھوڑیں گے۔ اور تم کیونکر

تَكْفُرُوْنَ وَاَنْتُمْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ اٰيٰتُ

کافر ہو جاؤ گے حالانکہ تم کو خدا کی آیتیں پڑھ کر سنائی

اللّٰهِ وَفِيْكُمْ رَسُوْلُهٗ ۗ وَمَنْ يَّعْتَصِمْ

جاتی ہیں اور تم میں اُس کا رسول بھی موجود ہے اور جو کوئی خدا پر

بِاللّٰهِ فَقَدْ هُدِيَ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۱۰۱﴾

پورا بھروسہ کر لیتا ہو وہ بیشک راہِ راست کی طرف ہدایت کیا گیا ہے۔

ترکیب

لم تکفرون سے متعلق ہے اسی طرح لم تصدّون سے۔ عن سبیل اللہ تصدّون سے متعلق ہے من آمن تصدّون کا مفعول تبغونہا کی ضمیر سبیل کی طرف راجع ہے کیونکہ یہ مذکر اور مؤنث ہے عوجا حال ہے۔

تفسیر

جب کہ اہلِ کتاب کے اعتراضوں کا جواب دیا گیا اور دلائل

Marfat.com

تمام ہو چکے تو اب بطور نتیجہ کے ان کو فرماتا ہے کہ تم خدا کی آیات، معجزات اور بشارات کا کہ جو اب تک پہلی کتابوں میں پائی جاتی ہیں کیوں انکار کرتے ہو اور ایسے لغو شبہات سے بشارات میں تاویل کر کے کس لئے ایمانداروں کو خدا تعالیٰ کی راہ سے روکتے ہو؟ اور کیوں دینِ حق میں عیب لگاتے ہو؟ حالانکہ دل میں برحق جان رہے ہو تمہاری اس حیلہ بازی اور مکاری سے خدا تعالیٰ غافل نہیں تم کو ضرور سزا دے گا۔ جب یہود مدینہ ہر طرح سے عاجز آ گئے اور مسلمان اُن کے دھوکے میں نہ آئے تو ایک اور تدبیر نکالی وہ یہ کہ مدینہ میں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے تشریف لانے سے پہلے بنی اوس اور بنی خزرج دو قبیلوں میں ایک سو بیس برس سے باہم عداوت چلی آتی تھی، باہم لڑائیاں اور سخت خونریزیاں ہوا کرتی تھیں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی برکت سے ان میں ملاپ اور محبت ہو گئی اور اخوتِ اسلامی قائم ہو گئی۔

بعض یہودیوں نے ایک روز ان کی مجلس میں جا کر جاہلیت کی لڑائی کا ذکر چھیڑ کر پرانے زہر آلود وقائع یاد دلا دیئے اور ہر ایک قوم کے دل میں پھر وہ حرارت جوش مارنے لگی قریب تھا کہ باہم تلوار چلے اتنے میں حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو خبر ہوئی آپؐ نے ان کو سمجھایا اور پھر ہر ایک کو گلے ملا دیا جس کی طرف اس آیت میں اشارہ ہے کہ اے مسلمانو! تم ان اہلِ کتاب میں سے اگر کسی کا بھی کہنا مانو گے یا اُن کے اعتراض بیہودہ کی طرف متوجہ ہو گے تو تم کو وہ دین سے برگشتہ کر دیں گے اور تعجب ہے کہ تم باوجود آیاتِ الٰہی سُننے کے اور رسول کی صحبت پانے کے کفر اختیار کرو گے سو تم کو لازم ہے کہ یقین کامل دل میں اور عقیدتِ خاص پیدا کر کے رحمتِ الٰہی کا دامن ہاتھ میں مضبوط تھام لو تاکہ سیدھے رستہ چلے جاؤ۔

ایک بزرگ سے کسی نے پوچھا کہ قوی ایمان کس کا ہے؟ کہا غریب بڑھیوں کا کہ جن کو بلا دلیل خدا تعالیٰ کی ذات پر ایمان کامل ہے سو ایسے لوگ کسی کی اگر مگر میں نہیں آتے نہ شیطان کے وسوسہ تو ہمات میں مبتلا ہوتے ہیں ان کی شمشیر یقین تمام شبہات و شکوکِ شیاطین کے ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالتی ہے۔ حقیقت میں یہ خوب ایمان ہے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ حَقَّ

ایمان والو! اللہ سے ڈرو جیسا کہ اس سے ڈرنے کا

تُقَاتِهِ وَلَا تَمُوتُنَّ إِلَّا وَأَنتُم مُّسْلِمُونَ ﴿١٠٢﴾

حق ہے اور مسلمان ہی رہ کر مرنا۔

وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللَّهِ جَمِيعًا وَلَا

اور سب مل کر خدا (کے دین) کی رسّی کو پکڑے رہو اور الگ

تَفَرَّقُوا وَاذْكُرُوا نِعْمَتَ اللَّهِ عَلَيْكُمْ

الگ نہ ہو جاؤ اور خدا کا احسان یاد کرو جو تم پر ہے (وہ یہ کہ)

إِذْ كُنتُمْ أَعْدَاءً فَأَلَّفَ بَيْنَ قُلُوبِكُمْ

جب تم میں باہم دشمنی تھی تو اس نے تمہارے دلوں میں محبت پیدا کر دی

فَأَصْبَحْتُم بِنِعْمَتِهِ إِخْوَانًا وَكُنتُمْ

اب تم اس کے فضل سے بھائی بھائی ہو گئے۔ حالانکہ تم جہنم

عَلَىٰ شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَأَنقَذَكُم

کے کنارے پر پہنچ چکے تھے پھر اس نے تم کو اس سے

ف قبل از اسلام قبیلہ بنی اوس و خزرج انصارِ مدینہ کے دو گروہوں میں صدیوں سے لڑائی چلی آتی تھی طرفین کے ہزار ہا لوگ مارے گئے تھے اس کو کنایۃً کنتم علی شفا حفرۃ من النار سے تعبیر کر کے بتایا گیا کہ جب آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کہ معظمہ سے ہجرت کر کے مدینہ تشریف لائے تو آپؐ کے برکت قدوم سے ان میں بھی میل ملاپ ہو گیا اور اس میں ایسی سخت خونریز قوم بھائی بھائی بن گئی۔ خدا تعالیٰ اس نعمت کو یاد دلاتا ہے جس کے سبب سے دینی و دنیوی برکات نازل ہوئیں، اتفاق باہمی نفسانی خواہشوں سے جاتا رہتا ہے۔ نبوت نے روحانی اثر سے نفسانیت کو بالکل نیست و نابود کر دیا تھا یہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک بین و بدیہی معجزہ تھا کہ صدیوں کے نفاق کو رفع کر کے ان میں بھائی چارہ کرا دیا ۱۲ حقانی

Marfat.com

مِنْهَا ۭ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ
بچالیا۔ اللہ تعالےٰ تم سے اپنی آیتیں اس طرح سے بیان کرتا ہے

لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۰۳﴾ وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ
تاکہ تم ہدایت پاؤ۔ اور تم میں سے ایک ایسی

اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ
جماعت بھی ہونی چاہیئے کہ جو لوگوں کو نیکی کی طرف بلایا کرے اور نیک

بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ ۭ
باتیں بتایا کرے اور بُری باتوں سے منع کیا کرے،

وَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰۴﴾
اور یہی فلاح بھی پانے والے ہیں؛

ترکیب

اخواناً خبر ہے اصبحتم کی اور یہ جمع اخ کی ہے کنتم کا اسم ضمیر علےٰ شفا آخر خبر شفا بالفتح اس کے معنے کنارہ کے ہیں اس کا تثنیہ شفوان آتا ہے ولتکن کان تامہ منکم اس کے متعلق امۃ اسم یدعون الخ اس کی صفت ؛

تفسیر

باہمی نقیض و عداوت کے اسباب کا قلع و قمع کر کے اتفاق اور باہمی محبّت کی تاکید کرتا ہے اور اُس نااتفاقی کے زمانہ کی طرف اشارہ کرتا ہے جو جہنم کا گڑھا تھا اور جس کے کنارے پر لوگ پہنچ گئے تھے قریب تھا کہ گر کر ہلاک ہو جائیں لیکن خدا تعالیٰ نے اُس سے نجات دی نبی علیہ السّلام کی برکت سے آپس میں ایسی محبت ہو گئی کہ بھائی بھائی ہو گئے پھر اُس کے خیر و برکات دُنیا اور دین میں بے شمار ظہور میں آئے۔ دنیا کی تمام سرسبز سلطنتیں اُن بھوکے ننگے عرب کے اُونٹ بکری چرانے والوں کے ہاتھ میں آگئیں اور دین میں بھی تمام بنی آدم کے ہادی اور رہنما بن گئے۔ اِس نعمت کی طرف اشارہ کر کے حکم دیتا ہے کہ اس کو یاد کرو کہ تمھاری کیا حالت تھی کیا ہو گئی ؟ یہ اتفاق بلکہ تمام عرب بلکہ روئے زمین کے نیک لوگوں کا اتفاق اس لئے قائم ہوا کہ نبی علیہ السّلام کی برکت سے اُن پر تجلّی ذاتی ہوئی سب کا مقصود اور مشرب وصال معبودِ حقیقی متحد ہو گیا اور جب تک کہ سب کو کوئی ایک غرض مجتمع نہیں کرتی اتفاق نہیں ہوتا سو یہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا بڑا معجزہ ہے کہ تمام درندوں کو بھائی بنا دیا۔ پھر آیندہ اس سلسلۂ برکت کے جاری رکھنے کے لئے تمام امت کو بطور فرض کفایہ حکم عام دیتا ہے کہ تم میں سے ایک گروہ ایسا بھی رہنا چاہیئے کہ جو لوگوں کو نیک باتوں کی تعلیم کیا کریں بُری باتوں سے منع کیا کریں اچھی باتوں کا حکم دیا کریں یہ خاص لوگوں کا گروہ ہے جو نبی علیہ السّلام کے نائب ہیں جیسا کہ عیسیٰ علیہ السّلام کے حواریوں نے بڑی مختتیں اُٹھا کر دُور دراز تک دین پھیلا دیا تھا مگر صحابہؓ نے اس سے بھی بڑھ کر کر دکھایا جس کی تواریخ شہادت دے رہی ہیں۔ اس آیت میں چند حکم ہیں (۱) یہ کہ جہاں تک اُس سے ڈرنے کا حق ہے ڈرو۔ اوّل سیڑھی یہی ہے۔ محققین کے نزدیک حق ڈرنے کا یہ ہے کہ اُس کی ذات میں اپنی ذات کو اور صفات میں اپنی صفات کو نیست کر دے۔ (۲) یہ کہ مرتے وقت تک اسلام پر قائم رہنا۔ (۳) سب مل کر خدا تعالیٰ کی رسّی کو پکڑ لو۔ رسّی سے مفسّرین نے مختلف معنے مراد لئے ہیں کسی نے عہدِ ازلی، کسی نے قرآن، کسی نے دینِ اسلام، مدعیٰ واحد ہے (۴) یہ کہ اختلاف نہ کرنا۔ اختلاف سے تائیدِ ربّی دُور ہو جاتی ہے (۵) تم میں ہمیشہ ایک گروہ ایسا قائم رہے جو لوگوں کو دین کی رہنمائی کیا کرے، بُری باتوں سے منع کرے اس لئے امر بالمعروف و نہی عن المنکر اسلام کا شیوہ ہے۔ جب تک یہ رہا دین میں ترقی رہی ؛

Marfat.com

وَلَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ تَفَرَّقُوا وَ

اور تم ان جیسے نہ ہو جاؤ کہ جو متفرق اور

اخْتَلَفُوا مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَهُمُ الْبَيِّنٰتُ ؕ

مختلف ہو گئے بعد اس کے کہ ان کے پاس (روشن) آیتیں آ چکی تھیں۔

وَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ ۙ﴿۱۰۵﴾ يَّوْمَ

اور انھیں کو عذاب عظیم بھی ہے۔ جس دن کہ

تَبْيَضُّ وُجُوهٌ وَّتَسْوَدُّ وُجُوهٌ ۚ

کچھ منہ تو سفید ہوں گے اور کچھ سیاہ ہو جائیں گے۔

فَاَمَّا الَّذِينَ اسْوَدَّتْ وُجُوهُهُمْ ۫

سو جن کے منہ سیاہ ہوں گے (ان سے کہا جاوے گا)

اَكَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ فَذُوقُوا الْعَذَابَ

کیا تم ایمان لانے کے بعد کافر ہو گئے تھے (لو اب) کفر کرنے کے

بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُونَ ﴿۱۰۶﴾ وَاَمَّا الَّذِينَ

بدلہ میں عذاب کا مزا چکھو۔ اور جن کے منہ

ابْيَضَّتْ وُجُوهُهُمْ فَفِي رَحْمَةِ اللّٰهِ ؕ

سفید ہوں گے سو وہ رحمت الٰہی میں ہوں گے۔

هُمْ فِيهَا خٰلِدُونَ ﴿۱۰۷﴾ تِلْكَ اٰيٰتُ

وہ اس میں ہمیشہ رہا کریں گے۔ یہ ہیں اللہ تعالیٰ کی

اللّٰهِ نَتْلُوهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ؕ وَمَا اللّٰهُ

آیتیں جنھیں ہم آپ کو ٹھیک ٹھیک سناتے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ

يُرِيدُ ظُلْمًا لِّلْعٰلَمِينَ ﴿۱۰۸﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِي

تو جہان پر ظلم کرنا نہیں چاہتا۔ اور (یوں تو) جو کچھ کہ آسمانوں

السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَاِلَى

میں اور زمین میں ہے اللہ تعالیٰ ہی کا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ

اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُورُ ﴿۱۰۹﴾ ع

ہی کی طرف سب باتیں رجوع کرتی ہیں۔

ترکیب

یوم ظرف ہے عظیم کا یا لہم کا یا اذکر محذوف کا

فاما الذین جواب اما کا محذوف ای فیقال لہم اکفرتم اور آ توبیخ کے لئے ہے یعنی تم کو ایسا نہ کرنا چاہیئے تھا۔

تفسیر

جب کہ اگلی آیت میں باہمی اتفاق کا حکم دیا اور اس اتفاق قائم رکھنے کے لئے ایک جماعت ناصحین کا قائم ہونا فرض کیا تو اس جگہ اختلاف سے تاکیداً منع فرمایا جس طرح اس حکم کو اولاً اتقوا اللہ کہہ کر محکم کیا تھا اسی طرح بعد میں لہم عذاب الیم اور آخرت میں سیاہ روئی سے ڈرایا۔ اس میں کوئی شبہ نہیں کہ ادنے ادنے چیزوں کے اجتماع میں خدا تعالیٰ نے برکت رکھی ہے دیکھئے جب چند بالوں کو باہم بلا لیتے ہیں تو وہ کمزور بال مل کر کیا مضبوط رسّا بن جاتے ہیں اور جب متفرق اینٹ پتھروں کو باہم مجتمع کر لیا جاتا ہے تو کیسی مضبوط دیوار بن جاتی ہے پھر سب سے اشرف المخلوقات انسان پھران میں سے اہل ایمان کے اتفاق کے تو کیا کہنے ہیں جن کی مجتمع روشنی عالم کو کس قدر منوّر کرتی ہے چونکہ صحابہ رضؓ نے پورا پورا اس حکم پر عمل کیا تھا اُن کے مقدّس مذہب کی روشنی تھوڑے سے دنوں میں دنیا کے کناروں تک پھیل گئی جس سے خدا تعالیٰ کی نافرمان سلطنتیں اور سرسبز حکومتیں اُن کے ہاتھ میں آگئیں (اب اختلاف کا بدنتیجہ بھی دیکھ لیجئے، دنیا کی ذلّت وخواری آخرت میں عذاب الیم) پھر اس حکم کو کس خوبی کے ساتھ بیان فرمایا ہے کہ بیان سے باہر ہے یعنی اے ایماندارو! تم یہود ونصاریٰ کی طرح باہم مختلف نہ ہو جاؤ جن کے پاس خدا تعالیٰ کی آیتیں اور ہدایتیں آئیں باوجود اس کے اپنی خواہش نفسانی سے دین میں اختلاف کیا اور سینکڑوں فرقے ہو گئے۔ ایک دوسرے

لہ ہر کام کا سلسلۂ اسباب اسی کی طرف جا کر منتہی ہوتا ہے ۱۲ منہ

اختلاف باہم اور تفریق جماعت حرام ہے

ع ۱۲

کی تکذیب کرنے لگا جس کا نتیجہ یہ پیدا ہوا کہ حضرت عیسیٰؑ کے تھوڑے ہی دنوں بعد انجیل جاتی رہی اور یہی حال یہود کا ہوا پھر انجام نوبت کفر تک پہنچی جس کا ثمرہ اُن کے لئے عذاب الیم ہوگا۔ جس روز کہ کچھ لوگوں کے مُنہ منوّر ہوں گے اور کچھ سیاہ ہوں گے یعنی قیامت کے روز پھر جن کے مُنہ منوّر ہوں گے وہ ہمیشہ رحمت یعنی جنّت میں رہیں گے اور کفّار رُوسیاہ سے جہنم میں ملائکہ پوچھیں گے کہ تم کو خدا تعالےٰ نے نورِ بصیرت عطا کیا تھا پھر مطلوب حقیقی کو چھوڑ کر کیوں کفر میں پڑے اپنے اپنے مقاصدِ شہوانیہ کو کیوں مطلوب بنایا۔ لو اب اُس کا مزہ چکھو یوں تو زمین و آسمان کی سب چیزیں خدا تعالیٰ کی مملوک ہیں وہ جو چاہے کرے مگر وہ کسی پر ظلم نہیں کرتا اپنے کئے کا ثمرہ اُٹھانا پڑتا ہے یہ احکام الٰہی ہیں جن کو فرشتہ اے نبیؐ! آپ کو سُناتا ہے۔

كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَأْمُرُونَ

(مسلمانو!) تم اچھی جماعت پیدا کئے گئے ہو (اس لئے کہ تم) لوگوں کو

بِالْمَعْرُوفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَ

اچھی باتیں بتایا کرتے ہو اور بُری باتوں سے منع کیا کرتے ہو اور

تُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ ۗ وَلَوْ آمَنَ أَهْلُ

تم اللہ پر ایمان بھی رکھتے ہو۔ اور اگر اہل کتاب بھی ایمان

الْكِتَابِ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ۚ مِنْهُمُ

لاتے تو اُن کے لئے بھی بھلا ہوتا (مگر) کچھ تو اُن میں سے

الْمُؤْمِنُونَ وَأَكْثَرُهُمُ الْفَاسِقُونَ ﴿١١٠﴾

مؤمن ہیں اور اکثر فاسق ہیں۔

لَن يَضُرُّوكُمْ إِلَّا أَذًى ۖ وَإِن

وہ تم کو کچھ بھی ضرر نہ دے سکیں گے مگر (ہاں) کچھ ستائیں۔ اور اگر

يُقَاتِلُوكُمْ يُوَلُّوكُمُ الْأَدْبَارَ ثُمَّ لَا

تم سے لڑیں گے بھی تو تم کو پیٹھ ہی دیں گے پھر اُن کو فتح

يُنصَرُونَ ﴿١١١﴾ ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ

نصیب نہ ہوگی۔ اُن پر ذلت ڈال دی گئی ہے

أَيْنَ مَا ثُقِفُوا إِلَّا بِحَبْلٍ مِّنَ اللَّهِ وَ

جہاں کہیں بھی پائے جائیں گے تو صرف اللہ اور

حَبْلٍ مِّنَ النَّاسِ وَبَاءُو بِغَضَبٍ

لوگوں کی پناہ سے پائے جائیں گے اور وہ خدا تعالےٰ کا

مِّنَ اللَّهِ وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الْمَسْكَنَةُ ۚ

غضب حاصل کر چکے ہیں اور اُن پر مفلسی ڈال دی گئی ہے۔

ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ كَانُوا يَكْفُرُونَ بِآيَاتِ

یہ اس لئے کہ وہ اللہ تعالےٰ کی آیتوں کا انکار کیا کرتے

اللَّهِ وَيَقْتُلُونَ الْأَنبِيَاءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ۚ

تھے۔ اور ناحق (ناروا) نبیوں کو مار ڈالتے تھے۔

ذَٰلِكَ بِمَا عَصَوا وَّكَانُوا يَعْتَدُونَ ﴿١١٢﴾

یہ اُن کی نافرمانی اور سرکشی کا بدلہ ہے۔

ترکیب

کنتم اس کا اسم خیر امۃ خبر ای فی علمی وقیل صرتم کان زائدہ ہے ای انتم خیر امۃ اخرجت الخ امت کی صفت الآذی کا استثناء اشیاء محذوف سے ہے۔

تفسیر

اول فرمایا تھا کہ جن کے مُنہ روشن ہوں گے وہ ہمیشہ جنت میں رہیں گے یہاں اُس کی وجہ اور علت فرماتا ہے کہ یہ نورانیت تم کو اس لئے حاصل ہوئی کہ تم دنیا میں کمال اور درجۂ سعادت حاصل کر چکے ہو برخلاف اہل کتاب کے کہ ان کو یہ سعادت نصیب نہیں اگرچہ کسی قدر اُن میں ایماندار ہیں مگر اکثر تو فاسق و فاجر ہیں سو اس اتفاق کی بدولت وہ تم کو کچھ بھی ضرر نہ دے سکیں گے مگر کچھ زبانی طعن و تشنیع سے دل شکنی کریں تو کریں اور جو تم سے لڑیں گے

Marfat.com

بھی تو پیٹھ پھیر کر بھاگیں گے۔ بالخصوص یہود تو ایسے ذلیل و خوار ہوں گے کہ دنیا میں اُن کو بغیر پناہِ الٰہی یعنی ذمّی بننے کے اور بغیر امن لوگوں کے چارہ نہ ہوگا۔ یہ اُن کی سرکشی اور نافرمانی اور کفر اور انبیاء علیہم السلام کو ناحق قتل کرنے کا نتیجہ ہے۔ اس پیشین گوئی کے مطابق ظہور میں آیا چنانچہ قرونِ سابقہ میں ہر قوم پر اسلام نے غلبہ پایا۔

پیشین گوئی

یا یوں کہو کہ انسان جس طرح باہم صورتوں میں مختلف ہیں اسی طرح اختلافِ آراء و اختلاف خواہش اُن کی فطرت میں خمیر کیا گیا ہے جس کی اصلاح کے لئے دنیا میں انبیاء علیہم السلام آئے۔ اپنے عہد میں سب کے سربند آنحضرت علیہ السلام تھے بعد میں قیامت تک اپنا قائم مقام اجماعِ امت قائم کیا کہ جس طرف جمہور امت ہو وہ حق اور سب کا مرکز ہے تمام اختلاف کا فیصلہ اسی پر ہے اور اسی لئے نبی علیہ السلام نے احادیثِ صحیحہ میں جماعت سے الگ ہونے والے کے لئے سخت وعید بیان فرمائی ہے کہ جس نے جماعت کو چھوڑا اُس نے اسلام کی رسّی اپنے گلے سے نکال ڈالی، مشکوٰۃ۔ اور اجماعِ امت کے برحق ہونے کے لئے یہ ضروری ہے کہ امت میں کوئی خوبی اور عصمت ہو اس لئے فرمایا کہ تم اے امّتِ محمدؐ! اچھی امت ہو علاوہ اپنی تکمیل کے تم اوروں کے بھی ہادی اور معلّمِ خیر ہو تامرون بالمعروف وتنہون عن المنکر میں قوۃ عملیہ کی تکمیل کی طرف اشارہ ہے و تؤمنون باللہ میں قوّتِ نظریہ کی تکمیل کی طرف اشارہ ہے۔ اور اسی لئے نبی علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا ہاتھ جماعت پر ہے اور میری امت کبھی گمراہ نہ ہوگی، رواہ ابن ماجہ۔

اجماعِ امت دلیل شرعی ہے

ف حبل رسّی۔ خدا تعالیٰ کی رسّی سے مراد اُسی کی طرف کا امن ہے جو ماتحتِ اسلام کو حاصل ہے اور لوگوں کی رسّی وہ عہد و پیمان جو لوگ اپنے ماتحتوں سے کرتے ہیں۔

لَيْسُوْا سَوَآءً ؕ مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اُمَّةٌ
وہ سب برابر نہیں (کیونکہ) اہلِ کتاب میں سے ایک جماعت سیدھے
قَآئِمَةٌ يَّتْلُوْنَ اٰيٰتِ اللّٰهِ اٰنَآءَ الَّيْلِ
رستہ پر ہے جو اللہ تعالیٰ کی آیتیں رات بھر پڑھتے اور سجدہ
وَهُمْ يَسْجُدُوْنَ ﴿۱۱۳﴾ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ
کرتے رہتے ہیں اللہ تعالیٰ پر اور قیامت کے
وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ
دن پر ایمان رکھتے ہیں اور اچھی باتیں بتلاتے
وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُسَارِعُوْنَ
اور بری باتوں سے منع کرتے ہیں اور نیکیوں
فِى الْخَيْرٰتِ ؕ وَاُولٰٓئِكَ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۱۴﴾
دوڑ پڑتے ہیں۔ اور وہی نیک بھی ہیں۔
وَمَا يَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَلَنْ يُّكْفَرُوْهُ ؕ
اور وہ جو کچھ نیکی کریں گے اس کی ناقدری نہ ہوگی۔
وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۱۵﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ
اور اللہ تعالیٰ پرہیزگاروں کو (خوب) جانتا ہے۔ بیشک جنھوں نے
كَفَرُوْا لَنْ تُغْنِىَ عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ
کفر اختیار کیا ہے اُن کا مال اور ان کی
وَلَآ اَوْلَادُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ؕ وَ
اولاد ان کو اللہ تعالیٰ سے کچھ بھی نہ بچا سکے گی۔ اور
اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا
وہ دوزخی ہیں وہ اس میں ہمیشہ
خٰلِدُوْنَ ﴿۱۱۶﴾
رہا کریں گے۔

ترکیب

لیسوا کا اسم ضمیر سواء خبر امۃ موصوف قائمۃ صفت مجموعہ مبتدا من اہل الکتاب خبر یتلون اور یؤمنون وغیرہ حال بھی ہو سکتے ہیں اور جملہ مستانفہ بھی

ف آناء جمع اِنا مثل معی و امعاء بمعنے ساعت و وقت ۱۲ منہ

Marfat.com

یکفروہ اس کا تعدیہ دو مفعولوں کی طرف ہے یعنی حرمان کی وجہ سے۔

تفسیر

پہلی آیت میں اہلِ کتاب کی نسبت یہ تھا منہم المؤمنون واکثرہم الفاسقون یہاں اُس جملہ کے زیادہ تر تشریح فرماتا ہے تاکہ اہلِ کتاب کو بھی خدا تعالےٰ کی فرمانبرداری کی طرف رغبت ہو کہ سب اہلِ کتاب بھی برابر نہیں ان میں بھی ایک گروہ ایسا ہے کہ جو سیدھے رستہ پر ہے وہ رات بھر آیاتِ الٰہی پڑھتے اور سجدہ کرتے ہیں اور ان کا اللہ تعالےٰ اور قیامت کے دن پر ایمان ہے اور وہ اچھی باتوں کا حکم دیتے اور بُری باتوں سے منع بھی کیا کرتے ہیں (جیسا کہ یہود میں سے عبداللہ بن سلامؓ وغیرہ اور عیسائیوں میں سے حبشہ کا بادشاہ نجاشی اور اس کے ارکانِ دولت اور کلیسیا عرب کے عیسائی) اور وہ نیک بات میں جلد دوڑ پڑتے ہیں اُس کے اختیار کرنے میں اُن کو رسم اور حبِ مال وجاہ مانع نہیں آتی۔ (چنانچہ ان لوگوں نے جب اسلام کے انوار کی تجلّی دیکھی اسی وقت بصدقِ دل اس کو قبول کر لیا) سو یہی لوگ نیک اور دیندار ہیں آئندہ جو کچھ وہ نیک کام کریں گے یا جو کچھ کر چکے ہیں خدا تعالیٰ اُن کی ناقدری نہ کرے گا ضرور جزائے خیر دے گا۔ اور جو ان اوصافِ حمیدہ سے خالی ہیں گو وہ برائے نام عیسائی یا موسائی یا مجاور خانہ کعبہ قریش ہی کیوں نہ ہوں اُن کا مال اور اُنکی اولاد بھی اُن کے کچھ کام نہ آوے گی۔ اُن کو بڑا غرور اور ناز ہے اور وہ ہمیشہ جہنم میں رہیں گے۔

اس میں کوئی شبہ نہیں کہ اہلِ کتاب کا اصل طریق منجانب اللہ اور الہامی ہے سو تمام قوم کبھی ایسی نہیں ہوتی کہ جن کو دینداری اور پرہیزگاری کا خیال نہ ہو بالخصوص ان میں سے باخدا لوگ تو ضرور شب بیداری اور نیک کاموں میں کوشش کرنا اور خدا تعالےٰ اور قیامت پر ایمان لاکر دنیا اور اُس کے تجملاتِ فانیہ پر دل نہ دھرنا اپنا شیوہ رکھتے تھے چنانچہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں بھی اہلِ کتاب میں ایسے خدا ترس لوگ موجود تھے جنھوں نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لانے میں کوئی حیلہ اور حجت نہ کی اور یہی اس آیت کا شانِ نزول ہے۔ باانصاف طبیعتوں اور اسلام میں ایک جذب مقناطیسی ہے اس لئے چند روز میں بے شمار قومیں اس مذہب میں آگئیں اور آتی جاتی ہیں۔ آج کل کے عیسائی بالخصوص پراٹسٹنٹ تو شب بیداری اور عبادت وریاضت اور دعا کو جو حضرت مسیح علیہ السلام کا دستور تھا سب کو ترک کر بیٹھے۔

مَثَلُ مَا يُنْفِقُوْنَ فِيْ هٰذِهِ الْحَيٰوةِ

جو کچھ کہ وہ اس زندگانی دنیا میں خرچ کرتے ہیں (اس کی مثال)

الدُّنْيَا كَمَثَلِ رِيْحٍ فِيْهَا صِرٌّ اَصَابَتْ

اس ہوا کی سی ہے کہ جس میں بڑی ٹھر ہو وہ ان لوگوں کی کھیتی پر

حَرْثَ قَوْمٍ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَاَهْلَكَتْهُ

پڑ کر کہ جنھوں نے اپنے اوپر ظلم کیا ہے برباد کر دے۔

وَمَا ظَلَمَهُمُ اللّٰهُ وَلٰكِنْ اَنْفُسَهُمْ

اور اللہ تعالےٰ نے تو ان پر کچھ بھی ظلم نہیں کیا بلکہ وہ خود ہی اپنی

يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا

جانوں پر ظلم کر رہے ہیں۔ اے ایمان والو! کسی غیر کو اپنا رازدار نہ

تَتَّخِذُوْا بِطَانَةً مِّنْ دُوْنِكُمْ لَا يَاْلُوْنَكُمْ

بناؤ وہ تمھاری خرابی میں کچھ کمی نہیں

خَبَالًا ۭ وَدُّوْا مَا عَنِتُّمْ ۚ قَدْ بَدَتِ

کرتے۔ چاہتے ہیں کہ تم پر کوئی آفت آئے۔ ان کے منہ سے عداوت

الْبَغْضَاۗءُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ ۚ وَمَا تُخْفِيْ

ظاہر ہو چکی ہے اور جو کچھ ان کے

Marfat.com

صُدُوْرُهُمْ اَكْبَرُ ؕ قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ

دلوں میں پوشیدہ ہے وہ تو بہت ہی بڑھ کر ہے۔ اگر تم عقل رکھتے ہو تو تمہارے

الْاٰيٰتِ اِنْ كُنْتُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۱۸﴾ هٰۤاَنْتُمْ

لئے ہم نے کھلی کھلی نشانیاں بیان کر دی ہیں۔ دیکھو تم تو ان سے

اُولَآءِ تُحِبُّوْنَهُمْ وَلَا يُحِبُّوْنَكُمْ وَ

محبت کرتے ہو اور وہ تم سے (بالکل) محبت نہیں رکھتے اور

تُؤْمِنُوْنَ بِالْكِتٰبِ كُلِّهٖ ۚ وَاِذَا لَقُوْكُمْ

تم ساری کتاب پر ایمان رکھتے ہو۔ اور جب تم سے ملتے ہیں تو

قَالُوْۤا اٰمَنَّا ۖۚ وَاِذَا خَلَوْا عَضُّوْا عَلَيْكُمُ

کہتے ہیں کہ ہم بھی ایمان لے آئے۔ اور جب اکیلے ہوتے ہیں تو غصہ کے

الْاَنَامِلَ مِنَ الْغَيْظِ ؕ قُلْ مُوْتُوْا

مارے تم پر انگلیاں چباتے ہیں، کہدو کہ اپنے غصہ میں مرو

بِغَيْظِكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۱۱۹﴾

بے شک جو کچھ دلوں میں ہے خدا اس کو خوب جانتا ہے۔

ترکیب

مثل مبتدا کمثل ریح خبر اصابت آخر صفت ہے ریح کی بطانۃ مفعول ہے لاتتخذوا کا من دونکم فعل سے متعلق ہو کر صفت ہے بطانۃ کی اسی طرح لایالونکم خبالا تمیز ہے علیکم مفعول عضوا الانامل مفعول ثانی۔

تفسیر

پہلی آیت میں تھا کہ کفار کو ان کا مال کچھ نفع آخرت میں نہ دے گا اس پر شبہ گزرتا تھا کہ کیوں نہ دے گا حالانکہ وہ غریب یتیم فقیر بے کس کو پلّہ دیتے ہیں۔ اس کا جواب دیا جاتا ہے کہ ان کے صرف کرنے کی ایسی مثال ہے کہ جیسا کوئی کھیتی کرے یا باغ لگائے پھر اس کو ہوا اور پالا مار جاوے اور وہ خراب ہو جائے۔ اسی طرح ان کا دیا دیا بیشک کھیتی اور آخرت کے لئے باغ ہے کہ جس سے انتفاع کی امید کامل ہے مگر ان کے کفر کی تند ہوا برف آلود اس کو نیست و نابود کر ڈالتی ہے اس میں کچھ ان پر خدا تعالیٰ نے ظلم نہیں کیا بلکہ کفر کے خود انہوں نے اپنے اوپر ستم ڈھایا۔ خیرات کا مدار ایمان و اخلاص پر ہے سو یہ نہیں۔ اس کے بعد ان سے محبت کرنے سے منع کرتا ہے کہ تم ان کو دلی دوست نہ بناؤ پھر اس کی چند وجوہ بھی ذکر فرماتا ہے کہ (۱) یہ تمہاری مضرت میں کوتاہی نہیں کرتے ہیں (۲) تم پر مصیبت پڑنے کو دل سے چاہتے ہیں (۳) ان کے منہ سے بعض باتیں نکلتی ہیں اور دلی بغض اس سے کہیں زیادہ ہے (۴) تم ان سے محبت رکھتے ہو یہ تم سے نہیں رکھتے (۵) تم کل کتاب الٰہی پر ایمان رکھتے ہو یہ نہیں رکھتے۔ (۶) جب تم سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم ایمان لاتے اور تنہائی میں تم پر غصہ کے مارے انگلیاں چباتے ہیں۔ پھر ان سے دوستی کرنا خلافِ عقل ہے۔

فائدہ

بعض کہتے ہیں کہ اس آیت میں منافقین مدینہ مراد ہیں جو اہل اسلام سے دلی عداوت رکھتے تھے۔ بعض کہتے ہیں کہ مدینہ کے یہود مراد ہیں۔ محققین کے نزدیک اس کا حکم عام ہے بطانۃ بطن سے مشتق ہے یہ مصدر ہے اس کا اطلاق ایک پر ہے جماعت پر جب ہوتا ہے جو نہایت رازدار ہوتے ہیں گویا پیٹ میں گھسے ہوئے ہیں سو ایسی دوستی کفار سے مطلقاً حرام ہے۔ خبال بمعنے فساد و نقصان۔

اِنْ تَمْسَسْكُمْ حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ ۫ وَ

اگر تم کو کوئی بھلائی پہنچتی ہے تو ان کو رنج ہوتا ہے، اور

اِنْ تُصِبْكُمْ سَيِّئَةٌ يَّفْرَحُوْا بِهَا ؕ

اگر کوئی تم پر سختی آتی ہے تو اس سے خوش ہوتے ہیں،

بطانۃ کفار حرام ہے۔

Marfat.com

وَاِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا لَا يَضُرُّكُمْ

اگر تم صبر کرو اور پرہیزگاری اختیار کرو تو اُن کا مکر تم کو کچھ

كَيْدُهُمْ شَيْـًٔا ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا يَعْمَلُوْنَ

بھی ضرر نہ دے گا۔ بیشک اللہ تعالیٰ اُن کے سب کام (اپنے) بس

مُحِيْطٌ ﴿۱۲۰﴾ وَاِذْ غَدَوْتَ مِنْ اَهْلِكَ

میں کر رکھے ہیں۔ اور (یاد کرو) جب آپ صبح کو اپنے گھر سے نکل کر مسلمانوں

تُبَوِّئُ الْمُؤْمِنِيْنَ مَقَاعِدَ لِلْقِتَالِ ؕ

کو لڑائی کے موقعوں پر ٹھہرانے لگے تھے۔

وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۲۱﴾ اِذْ هَمَّتْ طَّآئِفَتٰنِ

اور اللہ (سب کچھ) سن رہا اور سب کچھ جان رہا تھا جبکہ تم میں سے دو گروہوں

مِنْكُمْ اَنْ تَفْشَلَا ۙ وَاللّٰهُ وَلِيُّهُمَا ؕ

نے ہمت ہار دینی چاہی تھی (مگر سنبھل گئے کیونکہ) اللہ ان کا مددگار تھا، اور

وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۲۲﴾ وَ

ایمانداروں کو اللہ ہی پر بھروسہ رکھنا چاہیئے۔ اور

لَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ وَّاَنْتُمْ

اللہ بدر کی لڑائی میں تمہاری مدد کر چکا ہے حالانکہ تم اُس وقت بہت

اَذِلَّةٌ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۲۳﴾

ہی کمزور تھے۔ پس اللہ سے ڈرتے رہو (نافرمانی نہ کرو) (ان احسانوں کو یاد کر کے) شاید

ترکیب

واذ اس کا عامل اذکر محذوف ہے من اہلک میں من ابتداء غایۃ کے لئے تبوّئ حال ہے یہ مفعول ثانی کی طرف بلا واسطہ حرف جرّ متعدی ہے اوّل مفعول اس کا المؤمنین اور ثانی مقاعد ان تفشلا لے بان تفشلا۔

تفسیر

اس جگہ ایک اور وجہ بھی بیان فرماتا ہے کہ اگر تم کو کوئی بھلائی

ف الفشل الجبن۔ التبوئۃ اتخاذ المنزل یقال بوّأتہ منزلا۔ اذلۃ جمع ذلیل والمراد بہ القلۃ ۱۲

پہنچتی ہے تو وہ ناخوش ہوتے ہیں اور تمہاری تکلیف و مصیبت سے خوش ہوتے ہیں۔ پھر حکم دیتا ہے کہ اگر تم کو کوئی سختی پیش آوے تو خدا تعالےٰ سے ڈرو اور صبر کرو ان کا مکر تم کو کچھ نقصان نہ دے گا۔

اس کے بعد جنگِ اُحد کا وہ قصہ یاد دلاتا ہے جس میں اشارہ ہے کہ دیکھو تم نے اُس روز صبر اور تقویٰ نہ کیا تو تم پر مصیبت آئی۔ بہت سے صحابہ رضؓ شہید ہو گئے پھر اس سے وہ لوگ دیکھو کس قدر خوش ہوتے اس ناصبری کا نتیجہ یہ مصیبت پیش آئی یہاں تک کہ دو گروہ نے تم میں سے بھاگنے کا قصد ہی کر لیا تھا۔ خدا تعالےٰ نے ثابت قدم رکھا ورنہ اللہ تعالیٰ تم کو باوجود قلّت و ذلّت کے بدر کی لڑائی میں فتحیاب کر چکا ہے۔ اب تم اللہ تعالیٰ سے ڈرو تاکہ اُس کی شکرگزاری کرنے لگو جو باعث سعادت و مزید نعمت ہے۔

بدر کی لڑائی میں کفارِ مکہ ہزیمت اٹھا چکے تھے مگر دل میں جوش تھا کہ پھر اہلِ اسلام سے بدلہ لیجئے۔ اس لئے شوّال کی ساتویں تاریخ ہجرت کے تیسرے سال ابو سفیان ایک لشکر کثیر لے کر مدینہ طیبہ پر چڑھ آیا۔ صحابہ رضؓ میں بعض کی یہ رائے ہوئی کہ باہر نکل کر ان سے مقابلہ کرو۔ بعض نے کہا شہر ہی میں رہو اور تیر اندازی کرو۔ آخر اوّل فریق کے کہنے سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مع انصار و مہاجرین صبح کو باہر نکلے اور اُحد پہاڑ جو مدینہ سے دو میل شمال کی طرف ہے اُس کے نیچے جمع ہوئے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اُحد کی گھاٹیوں پر تیر اندازوں کو بٹھانا شروع کیا کہ تم یہاں سے نہ ہلنا تاکہ اس طرف سے کفار ہماری پُشت کی طرف نہ آجاویں اور اُن کا سردار عبداللہ بن جبیرؓ کو کیا، واذ غدوت الخ کے یہی معنے ہیں پھر جب لڑائی شروع ہوئی اور صحابہ رضؓ نے اُحد کی طرف پیٹھ کر کے مقابلہ شروع کیا تو کفار بھاگ نکلے جب تیر اندازوں نے یہ دیکھا تو وہ بھی مورچہ چھوڑ کر کفار کے پیچھے پڑ گئے حالانکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اُن کو بلاتے اور منع کرتے جاتے تھے

Marfat.com

مگر وہ کب سُنتے تھے۔ اس نافرمانی اور بے صبری کی شامت سے یہ ہوا کہ گھاٹی خالی دیکھ کر کفار پیچھے سے آگئے اور تیر برسانے لگے اور کفار آگے سے بھی ٹوٹ پڑے۔ عبداللہ بن اُبیّ منافق تو تین سو آدمیوں کے ساتھ بھاگ نکلا اور مسلمانوں کے بھی پیر اُکھڑ گئے اور قبیلہ بنو سلمہ خزرجی اور بنو حارثہ اوسی نے بھی بھاگ نکلنے کا قصد کر لیا اور خوب تلوار چلی جس سے بہت سے صحابہ حضرت حمزہؓ وغیرہ شہید ہو گئے مگر معہ چند شخصوں کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جمے رہے یہاں تک کہ ایک پتھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دندانِ مبارک پر لگا اور دانت ٹوٹ گیا اور سرِ مبارک میں زخم آیا اور بچانے میں طلحہؓ کا ہاتھ لنجا ہو گیا لیکن پھر جو صحابہؓ نے پاؤں جمایا تو کفار بھاگ اُٹھے۔ اس واقعہ کو خدا تعالےٰ یاد دلاتا ہے کہ جو عدول حکمی کا نتیجہ تھا۔ اس ہزیمت کی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اوّل سے ہی خبر دیدی تھی۔ فشل۔ نامردی، بھاگنا۔

إِذْ تَقُولُ لِلْمُؤْمِنِينَ أَلَن يَكْفِيَكُمْ أَن

جب کہ مسلمانوں سے آپؐ کہہ رہے تھے کہ کیا تم کو یہ کافی نہیں ہے کہ

يُمِدَّكُمْ رَبُّكُم بِثَلَاثَةِ آلَافٍ مِّنَ الْمَلَائِكَةِ

تمہارا خدا تین ہزار فرشتے بھیج کر تمہاری مدد

مُنزَلِينَ ﴿١٢٤﴾ بَلَىٰ إِن تَصْبِرُوا وَتَتَّقُوا وَ

کرے؟ کیوں نہیں اگر تم جمے رہو اور (خدا سے) ڈرو اور

يَأْتُوكُم مِّن فَوْرِهِمْ هَٰذَا يُمْدِدْكُمْ

دشمن بھی دفعۃً تم پر چڑھ آئیں تو تمہارا خدا تمہاری

رَبُّكُم بِخَمْسَةِ آلَافٍ مِّنَ الْمَلَائِكَةِ

یا پنجہزار فرشتوں سے مدد کرے گا جو پلے ہوئے گھوڑوں پر سوار ہوں گے

مُسَوِّمِينَ ﴿١٢٥﴾ وَمَا جَعَلَهُ اللَّهُ إِلَّا بُشْرَىٰ

اور یہ صرف اللہ تعالےٰ نے تمہاری خوشی

لَكُمْ وَلِتَطْمَئِنَّ قُلُوبُكُم بِهِ ۚ وَمَا النَّصْرُ

اور تمہارے دل کے اطمینان کے لئے کیا ہے۔ ورنہ فتح تو اللہ تو

إِلَّا مِنْ عِندِ اللَّهِ الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ ﴿١٢٦﴾

زبردست حکمت والے کی طرف سے ہے۔

لِيَقْطَعَ طَرَفًا مِّنَ الَّذِينَ كَفَرُوا أَوْ

اور (یہ اس لئے کہ) خدا تعالےٰ کافروں کی ایک جماعت کو کاٹ ڈالے یا

يَكْبِتَهُمْ فَيَنقَلِبُوا خَائِبِينَ ﴿١٢٧﴾ لَيْسَ

اُن کو ذلیل کرے کہ وہ نامراد ہو کر واپس جائیں۔ (اے نبیؐ!) آپ کا

لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ أَوْ يَتُوبَ عَلَيْهِمْ أَوْ

کچھ بھی اختیار نہیں (اختیار تو اللہ ہی کو ہے) چاہے انکو توبہ نصیب کرے یا

يُعَذِّبَهُمْ فَإِنَّهُمْ ظَالِمُونَ ﴿١٢٨﴾ وَلِلَّهِ مَا

ان کو عذاب دے کہ وہ ناحق پر ہیں۔ اور جو کچھ کہ

فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۚ يَغْفِرُ

آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے سب اللہ ہی کا ہے۔ جس کو چاہے

لِمَن يَشَاءُ وَيُعَذِّبُ مَن يَشَاءُ ۗ وَاللَّهُ

بخشے اور جس کو چاہے عذاب دے، اور اللہ (برابر)

غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿١٢٩﴾

بخشنے والا مہربان ہے۔

ترکیب

اذ تقول ممکن ہے کہ اذ ہمت سے بدل ہو اور ممکن ہے کہ نصرکم کا ظرف ہو لیس لک خبر شیٔ اسم او یتوب اویعذبہم معطوف ہیں یکبتہم پر یا الامر پر یا شیٔ پر باضمار ان۔ او الّا ان کے معنی میں بھی ہو سکتا ہے۔

تفسیر

پہلی آیت میں ذکر تھا کہ باوجودیکہ تمہاری حالت نہایت عراب

لہ احد کے روز جبکہ عتبہ بن ابی وقاص کے ہاتھ سے آنحضرت علیہ السلام کے سر مبارک پر زخم شدید پہنچا اور حمزہؓ وغیرہ بڑے بڑے فداییانِ اسلام شہید ہو گئے تو حضرتؐ نے چاہا کہ کفار پر بددعا کریں تاکہ وہ ہلاک ہو جاویں اس امر سے خدا نے منع کیا اور لیس لک من الامر یہ آیت نازل ہوئی کیونکہ خدا کو مسلمان کر کے اس قوم سے بڑا

کام لینا تھا سو لیا ۱۲ منہ

Marfat.com

تھی مگر خدا تعالیٰ نے بدر کی جنگ میں اسباب ظاہر کے برخلاف تمھاری مدد کی تھی۔ اب یہاں اُس مددِ غیبی کو یاد دلاتا ہے یعنی مددِ غیبی کا وہ دن تھا کہ جس دن اے نبیؐ! تم مسلمانوں کو تسلّی دے رہے اور یہ کہہ رہے تھے کہ تم اپنے قلّت اور بے سروسامانی اور کفار کی کثرت اور اسبابِ حرب پر خیال کرکے ہراساں نہ ہو کیا تم کو کافی نہیں کہ خدا تعالیٰ تمھاری تین ہزار فرشتے بھیج کر مدد کرے کیوں نہیں اگر تم صبر کروگے اور اللہ تعالیٰ پر توکّل کروگے اور کفار تم پر گوجوش میں آکر یا فوراً حملہ کریں گے تو وہ پانچ ہزار فرشتے بھیج کر تمھاری مدد کرے گا اور یہ ملائکہ کا بھیجنا بھی کوئی ایسی چیز نہیں ہے کہ تم اُسی پر اعتماد کر بیٹھو بلکہ فتح تو اللہ تعالیٰ ہی کے ہاتھ میں ہے جو زبردست ہے اور حکمت مدنظر رکھ کر کام کرتا ہے یہ تو صرف تمھاری دلجمعی کے لئے ہے اور فتح اس لئے دی کہ کفار کی شوکت ٹوٹ جائے۔

واضح رہے جب نبی صلے اللہ علیہ وسلم ابوسفیان کو مع قافلہ گرفتار کرنے کیلئے مع تین سو صحابہؓ مہاجرین و انصار باہر نکلے اور ابوسفیان کو خبر ہوگئی تو اس نے مکہ میں کہلا بھیجا دلوں جوش پیدا ہوگیا تخمیناً ہزار آدمی پیغمبر علیہ السّلام کے مقابلہ میں نکلے اور ابوسفیان قافلہ لیکر نکل گیا اور دونوں لشکروں کا مقابلہ بدر کے میدان میں ہوگیا۔ مگر صحابہؓ ڈرے کہ ہم کو یہ کیا معلوم تھا کہ اتنی فوجِ جرار سے مقابلہ آپڑے گا نہ ہمارے پاس کوئی سامان ہے نہ ہتھیار ہیں کیا کریں۔ جب اُن کی یہ حالت حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھی تب یہ فرمایا۔

خدا تعالیٰ نے اپنے وعدے کے مطابق ہزار فرشتے بھیجے جیسا کہ سورۂ انفال میں آیا ہے فاستجاب لکم انی ممدکم بالف الآیہ کہ خدا تعالیٰ نے تم کو جواب دیا کہ میں تمھاری ہزار فرشتوں سے مدد کرتا ہوں۔ اور اسی طرح صحیح بخاری اور مسلم اور دیگر کتبِ حدیث میں آیا ہے کہ بدر کے روز ملائکہ گھوڑوں پر سوار ہوکر کفّار سے مقابلہ کرتے ہوئے نظر آئے۔ اور یہ باتیں بقدرِ مشترک حدِّ تواتر کو پہنچ گئی ہیں کہ جن کا مفصّلاً بیان کرنا متعذر ہے اور نیز اُسی زمانہ میں جب کہ کفار ہزیمت کھاکر مکہ میں واپس گئے تھے تو خود باہم اس بات کے قائل تھے اور اس کو اپنی محفلوں میں نہایت تعجب اور حیرت انگیز قصّہ تصور کرکے بیان کیا کرتے تھے جیسا کہ کُتبِ تاریخیہ سے بخوبی ثابت ہے۔

پھر جب جنگ میں یہ مشہور ہوا کہ مکّہ سے اور بڑی مدد آتی ہے تو حکم آیا کہ اگر وہ فوراً یا غصّہ میں بھر کر آویں گے تو ہم تین ہزار بلکہ پانچ ہزار فرشتہ بھیجدیں گے چونکہ اُنکی مدد نہ آئی تو اور فرشتے بھی نہ آئے۔ (تفسیر کبیر)۔

بعض لوگ جیسا کہ ابوبکر اصم اور پھر معتزلہ اور ان کے مرید نیچریہ وغیرہم اس مقام پر یہ کہتے ہیں کہ جنگِ بدر میں کیا کسی لڑائی میں بھی فرشتے نہیں آتے تھے۔ دلائلِ عقلیہ یہ ہیں۔ (۱) ایک فرشتہ تمام ملک کو برباد کرنے کو کافی ہے پھر ہزاروں کی کیا ضرورت تھی؟ (۲) اگر خدا کو فرشتوں ہی سے کام لینا تھا تو صرف ملک الموت کافی تھا یعنی وہ آپ ہی سب جہان کے کافروں کی روح قبض کرلیتا بلکہ اگر ایسا ہی ہے تو اُس نے کافر پیدا ہی کیوں کئے؟ (۳) ملائکہ اگر اجسام کثیفہ تھے تو ضرور سب کو نظر آتے اور مسلمانوں کی جماعت کے تین سو آدمیوں کو دکھائی دیتے حالانکہ ایسا نہیں ہوا۔ اور اگر اجسام لطیفہ تھے تو اُن میں طاقت ہی کیا تھی جو کسی کو قتل کرتے۔ دلائلِ نقلیہ ان آیات میں جو اس مقام پر وارد ہیں کہیں یہ نہیں کہ خدا تعالیٰ نے فرشتے بھیجے بلکہ رسول کا قول نقل کیا ہے کہ جو بوقت جنگ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے لوگوں سے خدا تعالیٰ پر توکّل کرنے کیلئے فرمایا تھا کہ اللہ تعالیٰ ایسا بھی کرسکتا ہے (۴) کفار نے بارہا استدعا کی کہ فرشتہ ہی کیوں نہ خدا تعالیٰ نے رسول بناکر بھیجا مگر اُن کی استدعا قبول نہ ہوئی اور نہ ایسا کسی جگہ پہلے

Marfat.com

معاملہ گزر رہا ہے نہ یہ باتیں ممکن ہیں بلکہ نیچر کے برخلاف ہیں۔
ان دلائل کا یہ جواب ہے (۱) اگرچہ ایک فرشتہ کافی تھا بلکہ اس کی بھی کیا ضرورت صرف خدا تعالیٰ کا کن کہنا ہی کافی تھا مگر ہزاروں فرشتوں کا بھیجنا صرف اہل اسلام کی تقویت قلبی اور تقویت ایمان و اعتقاد کے لئے تھا تاکہ ان کو یہ معلوم ہو کہ خدا تعالےٰ اپنے مخلصین کی یوں بھی مدد کردیا کرتا ہے جیسا کہ خود فرماتا ہے: وما جعلہ اللہ الا بشریٰ لکم ولتطمئن قلوبکم بہ، اور لفظ جعل جو ماضی ہے اپنے حقیقی معنے کے اعتبار سے اس امر کے وقوع پر دلالت کر رہا ہے (۲) اس کا بھی یہی جواب ہے کہ کافروں کے پیدا کرنے اور ملائکہ کے بھیجنے میں مباینت ثابت کرنا رسالت کا انکار کرنا ہے کیونکہ منکر کہہ سکتا ہے کہ اگر خدا تعالےٰ نے رسولؐ بھیجے تھے تو سرے سے کافر ہی کیوں پیدا کئے تھے (۳) ملائکہ اگرچہ اجسام لطیفہ ہیں مگر جب چاہتے ہیں اجسام کثیفہ میں یعنی انسان کی صورت میں ظاہر ہو سکتے ہیں چنانچہ بدر میں ایسا ہوا اور بیشک وہ لوگوں کو نظر آئے یہ بات کہ سب کو کیسا کیوں نظر نہ آئے کچھ بات نہیں۔ دیکھئے بائبل میں سینکڑوں جا ہے کہ فرشتہ ایک شخص خاص کو نظر آیا اوروں کو نہیں دکھائی دیا اور اس کا سرّ ہم مقدمہ کتاب میں بیان کر آئے ہیں دلائل نقلیہ کا جواب یہ ہے یہ کہنا (کہ فرشتوں کا بھیجنا ثابت نہیں بلکہ صرف وعدہ یا تسلی ہے) بڑی تعجب کی بات ہے کیونکہ اوّل تو سورۂ انفال میں صاف تصریح ہے فاستجاب لکم الآیہ کہ خدا تعالےٰ نے ایسا کر دیا پھر اس سے بڑھ کر اور کیا تصریح ہو گی؟ دوم خود انھیں آیات میں لفظ جعل وارد ہے اور ضمیر متصل ارسال ملائکہ کی طرف پھرتی ہے ورنہ صرف زبانی جمع خرچ ایسی حالت میں کیا اطمینان قلب اور بشریٰ ہو سکتا تھا؟ (۴) کفار کی استند عا پر ملائکہ نہ بھیجنے کی وجہ خود قرآن مجید میں مذکور ہے وہ یہ کہ اگر ہم بجائے رسولوں کے تمہارے پاس فرشتے بھیجتے تو ضرور وہ انسان کی شکل میں ظاہر ہو کر آتے پھر جن کو رسولوں پر یہ شبہ ہے اُن کی نسبت بھی وہی شبہ باقی رہتا کہ کیا معلوم یہ فرشتہ ہے یا آدمی ہے یا کوئی جن و شیطان ہے۔ علاوہ اس کے اس بات میں اور اُس بات میں کوئی ملازمہ نہیں کہ جو اس سے اس کی نفی ثابت کی جائے۔ اور یہ کہنا کہ پہلے کبھی فرشتوں سے کام لینا ثابت نہیں سخت بیباکی ہے۔ دیکھئے توراۃ سفر پیدائش کے اُنیسویں باب میں صاف صریح ہے کہ سدوم اور عمورہ میں جہاں کہ لوط علیہ السلام رہتے تھے فرشتے آدمیوں کی شکل میں آئے اور جب وہاں کے اغلامی لوگوں نے لوطؑ پر حملہ کرنا چاہا تو ان فرشتوں نے لوطؑ کو دروازے کے اندر کھینچ لیا اور صبح کو ان بستیوں پر آگ اور گندھک برسایا اور ان کو نیست کر دیا۔ اسی طرح توراۃ و انجیل و دیگر صحف انبیاءؑ سے بھی یہ بات ثابت ہے کہ فرشتے مخلصین کی اعانت اور خدا تعالیٰ کے دشمنوں کی سرکوبی کے لئے آئے۔ صحیح بخاری میں ہے کہ بدر کے روز آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دیکھو یہ جبرئیلؑ ہے جو گھوڑے کی باگ تھامے ہوئے مسلح ہے۔ صحیح مسلم میں ہے کہ بدر کے روز ایک انصاری نے ایک مشرک پر حملہ کیا اور اس کے پیچھے دوڑا ہنوز اُس کے پاس نہ پہنچا تھا کہ اس پر ایک کوڑا غیب سے پڑا اور یہ آواز آئی کہ اقدم حیزوم کہ گھوڑی حیزوم آگے بڑھ۔ جب جا کر دیکھا تو وہ شخص مرا ہوا تھا اور اُس پر کوڑے کا نشان تھا اُس کا منہ پھٹ گیا تھا اسی طرح صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں ہے کہ سعد بن ابی وقاصؓ کہتے ہیں کہ اُس روز میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دائیں اور بائیں دو سوار سفید پوش دیکھے جو بڑی تیزی سے جنگ کر رہے تھے نہ ان کو میں نے پہلے دیکھا تھا نہ پھر وہ مجھے نظر آئے، یعنی جبرئیلؑ و میکائیلؑ۔ اور ممکن ہو نا ان باتوں کا ہم مقدمہ میں ثابت کر دیا ہے۔

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوا الرِّبٰوٓا
مسلمانو! دُگنا چوگنا کر کے سود نہ کھایا

اَضْعَافًا مُّضٰعَفَةً ۪ وَّاتَّقُوا اللّٰهَ
کرو، اور اللہ تعالےٰ سے ڈرتے رہو

Marfat.com

لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۱۳۰﴾ وَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِيْ
تاکہ تم فلاح پاؤ۔ اور اس آگ سے ڈرتے رہو جو

أُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۳۱﴾ وَأَطِيْعُوا اللّٰهَ
کافروں کے لئے تیار کی گئی ہے۔ اور اللہ کا اور

وَالرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۱۳۲﴾ وَ
رسول کا حکم مانا کرو تاکہ تم پر رحم کیا جاوے، اور

سَارِعُوْا إِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَ
خدا تعالیٰ کی بخشش اور جنت کی طرف دوڑو کہ جس کا

جَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَالْأَرْضُ
عرض آسمانوں اور زمین کے برابر ہے۔ (اور وہ)

أُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۳۳﴾ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ
پرہیزگاروں کیلئے تیار کی گئی ہے۔ جو فراخی اور تنگی میں (اللہ کی

فِي السَّرَّآءِ وَالضَّرَّآءِ وَالْكٰظِمِيْنَ
راہ) میں دیا کرتے ہیں اور جو غصہ کو دبا تے

الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ۗ وَاللّٰهُ
اور لوگوں سے درگزر کیا کرتے ہیں۔ اور اللہ تم

يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۳۴﴾ وَالَّذِيْنَ إِذَا
نیکی کرنے والوں سے محبت رکھتا ہے۔ اور وہ جو کبھی کوئی بےحیائی

فَعَلُوْا فَاحِشَةً أَوْ ظَلَمُوْا أَنْفُسَهُمْ
کا کام کر بیٹھتے یا اپنی جان پر ظلم کر لیتے ہیں تو

ذَكَرُوا اللّٰهَ فَاسْتَغْفَرُوْا لِذُنُوْبِهِمْ
اسی وقت اللہ تم کو یاد کرتے اور اپنے گناہوں کی معافی مانگنے لگتے ہیں،

وَمَنْ يَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ إِلَّا اللّٰهُ ۖ وَلَمْ
اور خدا کے سوا گناہوں کو کون معاف کر سکتا ہے؟ اور جو کچھ

يُصِرُّوْا عَلٰى مَا فَعَلُوْا وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳۵﴾
وہ کر بھی لیتے ہیں تو جان بوجھ کر اصرار بھی نہیں کرتے۔

أُولٰٓئِكَ جَزَآؤُهُمْ مَّغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ
یہی وہ لوگ ہیں کہ جن کا بدلہ ان کے خدا کی طرف سے بخشش ہے

وَجَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهٰرُ
اور (ایسے) ایسے باغ ہیں کہ جن کے تلے پرلی نہریں بہہ رہی ہیں جن میں

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۗ وَنِعْمَ أَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ﴿۱۳۶﴾
وہ ہمیشہ رہا کریں گے، اور عمل کرنے والوں کا کیا ہی اچھا بدلہ ہے۔

ترکیب

اضعافاً حال ہے الربوا سے عرضہا جملہ موضع جر میں ہے تقدیر الکلام عرضہا مثل عرض السمٰوٰت۔ اعدت صفت جنت کی ہے اور حال بھی ہو سکتا ہے الذین ینفقون اور اسی طرح والذین اذا فعلوا اور الکاظمین اور العافین سب متقین کی صفت میں واقع ہیں ذکروا اللہ جواب ہے اذا کا ومن مبتدا یغفر خبر وہم یعلمون حال ہے ضمیر لم یصروا سے۔

تفسیر

پہلی آیت میں خدا تعالیٰ نے اپنی مغفرت اور رحمت کو ذکر کیا تھا اور یہ فرمایا تھا کہ زمین و آسمان ہمارے قبضہ میں ہے ہم جس کو چاہتے ہیں معاف کرتے ہیں جس کو چاہتے ہیں عذاب دیتے ہیں۔ اس لئے یہاں پیشتر سود خوری سے منع کیا کیونکہ جب خدا تعالیٰ تمھیں بخشتا اور تم پر رحم کرتا ہے تو تم بھی اپنے زیردستوں پر رحم کرکے ان کو سود معاف کردو ظلم نہ کرو۔ دوم جو کچھ ہے خدا کا ہے پھر تم کیوں اس کے دیئے ہوئے مال کا شکریہ ادا نہیں کرتے؟ کیوں ناحق معاوضہ لیتے ہو۔ یا یوں کہو دنیا دار سود خوری وغیرہ مکاسب میں ایسے مستغرق رہتے ہیں کہ گویا ان کو سدا یہیں رہنا ہے حالانکہ یہ مسافر خانہ ہے جہاں پھر کبھی آنا ہی نہیں۔ اور پیشتر جہاد اور نزول ملائکہ وغیرہ ان باتوں کا ذکر تھا جو دار آخرت کا وسیلہ ہے اس لئے یہاں فرمایا کس واہیات کمائی میں پڑے ہو اس کو چھوڑو اور خدا تعالیٰ کی مغفرت اور جنت کی طرف دوڑو۔ اور اس میں یہ بھی اشارہ ہے کہ دنیا کی ترقی

Marfat.com

کیا سود میں ڈھونڈتے ہو اس کو چھوڑو اور خدا کے لشکر میں داخل ہو کر جہاد کرو جس سے دنیا کی سلطنتیں تمہارے پاؤں پر آپڑیں اور آخرت میں بھی بادشاہت ملے۔ اور چونکہ پہلے جہاد کا ذکر تھا اور سود خوری بزدلی پیدا کرتی ہے اس لئے اس کے ذکر میں اس کی ممانعت کرنا بھی عین حکمت ہوا۔

عرب میں دستور تھا کہ جب مدتِ معین پر قرضدار روپیہ ادا نہیں کرتا تھا تو قرضخواہ سود کو اصل میں شامل کر کے مہلت دیتا تھا پھر اگلی قسط پر سود اور بڑھاتا تھا جس طرح یہاں سود در سود کو اصل میں جمع کر کے سود لگا کر دُگنے تگنے کر لیتے ہیں ایسا ہی وہ بھی کرتے تھے اس لئے اضعافاً مضاعفۃً[1] سے منع کیا اور فرمادیا کہ اللہ تعالےٰ سے ڈرو پھر فرمایا اُس آگ سے ڈرو کہ جو کافروں کے لئے تیار ہوئی ہے یعنی جہنم اس میں اشارہ ہے کہ انجام کار سود خوری اور اس پر بے پروائی کا کفر ہے سو جو سزا کافروں کو ملے گی وہی سود خواروں کو۔ پھر فرمایا اللہ تو اور اُس کے رسولؐ کی اطاعت کرو اس کے بعد کنایہ کے طور پر اپنی اطاعت کے ثمرہ کی طرف اشارہ فرماتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی مغفرت اور جنت کی طرف دوڑو یعنی اللہ تعالےٰ اور اُس کے رسولؐ کی اطاعت کرنا گویا مغفرت اور جنت کی طرف دوڑنا ہے۔

مفسرین کہتے ہیں مغفرت سے مراد وہ امور ہیں کہ جن سے مغفرت حاصل ہو اور اسی طرح جنت سے مراد وہ امور ہیں کہ جن سے جنت حاصل ہو پھر اس تفسیر میں مختلف اقوال ہیں۔ ابن عباسؓ کہتے ہیں مراد اسلام ہے حضرت علیؓ سے منقول ہے کہ ادائے فرائض اور حضرت عثمانؓ کہتے ہیں کہ اخلاص ابو العالیہؒ کے نزدیک ہجرت کرنا۔ سعید بن جبیرؒ کے نزدیک تکبیرِ اُولیٰ مراد ہے، فرض ترک منکرات وادائے واجبات بھی اس میں سب کچھ آجاتا ہے۔ جنت کی صفت میں دو باتیں ذکر فرمائیں۔ اوّل یہ کہ اُس کا چوڑان آسمان و زمین کے برابر ہے۔ ابو مسلم کہتے ہیں کہ عرض سے مراد قیمت ہے عرب بولتے ہیں اذا بعت الشیٔ بالشیٔ الآخر، عرضہ علیہ عارضۃً یعنی جنت کی قیمت آسمانوں اور زمین کی عمدہ چیزوں سے بھی زائد ہے ؎ نرخ بالا کن کہ ارزانی ہنوز۔ دراصل یہ ایک سرِّ روحانی کی طرف اشارہ ہے وہ یہ کہ جنت عالم قدس ہے اس عالم حسّی سے کچھ علاقہ ہی نہیں نہ وہ شہر عدن میں ہے نہ ملک شام میں ہے نہ آسمان میں ہے نہ کسی کوہ ہمالیہ کی چوٹی پر ہے بلکہ یہ تمام آسمان و زمین اُسکی وسعت کے آگے کچھ بھی نہیں کس لئے کہ اُس کا چوڑان اتنا ہے پھر طُول کا تو کیا ٹھکانا ہے پھر وہ آسمان یا زمین میں کیونکر سما سکے۔ ہاں سماوات اور عرش چونکہ لطافت میں عالم قدس کے مشابہ ہیں اس لئے کہہ سکتے ہیں کہ جنت آسمانوں پر دوزخ زمین کے نیچے ہے۔ پھر سارعوا کے لفظ میں اشارہ ہے کہ وہ عالم ارواح طیبات کا خیرِ اصلی ہے جو جسمانی عوائق ہیں اُن کو توڑ اور چھوڑ کر اس طرح دَوڑو کہ جس طرح قفص سے طائرِ خوش الحان اُڑ کر اپنے باغ میں جاتا ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فیضِ صحبت سے یہ بات ہر صحابی کو میسّر آگئی تھی۔ چنانچہ بدر کے روز آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم مشرکین سے مقابل ہوئے تو صحابہؓ سے فرمایا قوموا الیٰ جنۃ عرضہا السمٰوٰت والارض کہ اُس جنت کے لئے اُٹھو جس کا چوڑان زمین و آسمان کے برابر ہے۔ یہ سُنتے ہی عمیر ابن حمامؓ صحابی نے کہا اہا اہا۔ اُس کے بعد وہ اپنے توشہ دان سے چھوارے کھانے لگا پھر کہا اتنی دیر میں چھوارے کھاؤں یہ تو بڑا عرصہ ہے، لو جنت ہی میں چل کر کھادیں گے۔ پھر یہاں تک لڑا کہ شہید ہو گیا، رواہ مسلم۔ اسی طرح جنگِ اُحد میں صحابہؓ کو حالتِ وجد پیش آئی۔ جہاد کے موقع پر سارعوا کہنا اس بات کی طرف اشارہ کرتا ہے کہ جہاد میں تلوار سے اس طائرِ روح کے بند کٹ جاتے ہیں پھر جس کے بعد روحانی سلطنت اور بڑی سیر گاہ اور وسعت اور عالمِ سُرور اور نور ہے اور شمشیر محبتِ الٰہی بھی یہی کام کرتی ہے۔ دوسرا وصف اعدّت للمتقین کہ وہ پہلے ہی سے تیار کی گئی ہے۔ وہاں کے لوگ اور احباب منتظر ہیں پھر للمتقین

ف اضعافاً جمع ضعف کما کان جمع قلۃ والمقصود الکثرۃ اتبعہ بما یدل علی ذلک وہو الوصف بمضاعفۃ۔ عرضہا المراد وسعتہا بطریق الاستعارۃ ۱۲ منہ

[1] اس سے کم سود کھانے کی اجازت نہیں نکلتی ہے کیونکہ قید ایک امر واقعی کے لئے ہے ۱۲ منہ

Marfat.com

هُدًى وَّمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۳۸﴾ وَلَا تَهِنُوْا
پرہیزگاروں کے لئے ہدایت اور نصیحت ہے۔ اور (اس شکست سے)
وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ اِنْ
ہمت نہ ہارو اور نہ غم کھاؤ اگر تم سچے مسلمان ہو تو تم ہی غالب ہو کر
كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۳۹﴾ اِنْ يَّمْسَسْكُمْ قَرْحٌ
رہو گے۔ اگر تم کو کوئی زخم پہنچ گیا ہے تو
فَقَدْ مَسَّ الْقَوْمَ قَرْحٌ مِّثْلُهٗ ؕ وَتِلْكَ
دوسروں کو بھی ویسا ہی زخم پہنچ چکا ہے۔ اور ان دنوں
الْاَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاسِ ۚ وَ
کو تو ہم لوگوں میں ہرائے پھراتے رہتے ہیں۔ اور
لِيَعْلَمَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَتَّخِذَ
(یہ زخم اس لئے پہنچایا کہ) خدا کو (خالص) ایمانداروں کو جانچنا اور تم میں سے
مِنْكُمْ شُهَدَآءَ ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ
بعض کو شہید بنانا تھا۔ اور اللہ کو ستمگاروں سے محبت (ہی)
الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۴۰﴾ وَلِيُمَحِّصَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ
نہیں ﴿۱۴۰﴾ اور (یہ اس لئے بھی کیا) تاکہ ایمانداروں کو
اٰمَنُوْا وَيَمْحَقَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۴۱﴾ اَمْ حَسِبْتُمْ
پاک کرے اور کافروں کو مٹا دے۔ کیا تم یہ سمجھے ہوئے
اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ
ہو کہ (یوں ہی) جنت میں چلے جاؤ گے اور ابھی تک تو خدا تعالےٰ
الَّذِيْنَ جٰهَدُوْا مِنْكُمْ وَيَعْلَمَ
نے تم میں سے جہاد کرنے والوں اور صبر کرنے والوں کو

میں اشارہ ہے کہ وہ پرہیزگاروں کا گھر ہے جو دولت اور حسب اور نسب سے حاصل نہیں ہوتا۔ اس کے بعد متقین کے چند اوصاف بیان فرماتا ہے تاکہ حقیقی متقی اور ادعائی متقیوں میں فرق ہو جائے متقین کی دو قسم ہیں ایک محسنین دوسرے تابعین، اور احسان کبھی تو دوسرے کو نفع پہنچانے سے ہوتا ہے اور کبھی ضرر نہ دینے سے ہوتا ہے اس لئے (۱) الذین ینفقون فی السراء والضراء فرمایا جس میں نہ مال کی قید ہے نہ جس کو دیا جائے اس کا ذکر ہے بلکہ عام رکھا ہے خواہ اپنے کو خواہ بیگانے کو خواہ زکوٰۃ خواہ صدقۂ نافلہ خواہ ہدیہ دیتے ہیں تنگی میں تھوڑا اور فراخ دستی میں بہت، خواہ علم و حکمت صرف کرتے ہیں۔ (۲) والکاظمین الغیظ فرمایا کہ اپنے غصہ کو مارتے ہیں کسی سے بدلہ بھی لینا نہیں چاہتے خواہ اپنا ہو خواہ بیگانہ۔ اس لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہؓ نے اقتدار پاکر بھی اپنے دشمنوں کے ساتھ نیک سلوک کیا ہے (۳) والعافین عن الناس یعنی اپنے حقوق کا بھی کسی سے مطالبہ نہیں رکھتے بلکہ درگزر کرتے ہیں۔ اس لئے ان تینوں وصفوں کے بعد واللہ یحب المحسنین فرمایا۔ اس کے بعد (۴) وصف توبہ ہے یعنی اگر ان سے کوئی گناہ از قسم زنا یا اور کوئی کبیرہ صغیرہ بشریت سے ہو جاتا ہے تو وہ تین باتیں کرتے ہیں (۱) خدا تعالیٰ کو یاد کرتے ہیں اس کی تجلی سے جو کچھ کثافت روح پر آگئی ہے دور ہو جاتی ہے (۲) اپنے گناہوں سے استغفار کرتے ہیں خدا تعالیٰ سے معافی مانگتے ہیں۔ (۳) جو کچھ ہو گیا ہے اس پر اڑتے نہیں بلکہ ندامت کرتے ہیں اور آئندہ کو باز آتے ہیں۔ آگے ان کی جزا جنت فرما کر کلام کو اوّل اسلوب پر لایا گیا۔

قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ سُنَنٌ ۙ[1] فَسِيْرُوْا فِى
تم سے پہلے (بہت سے) واقعات گزر چکے ہیں۔ زمین میں پھر کر
الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ
تو دیکھو کہ جھٹلانے والوں کا کیا انجام
الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۱۳۷﴾ هٰذَا بَيَانٌ لِّلنَّاسِ وَ
ہوا؟ یہ لوگوں کے لئے بیان ہے اور

[1] سنن جمع سنۃ بمعنی طریقۂ مستقیمہ جس سے مراد واقعہ ہے جو طریقۂ طبیعیہ پر گزرتا ہو ۱۲ منہ [2] احد کی لڑائی میں بعض مسلمانوں کی سوء تدبیری اور خلاف رسول کی نافرمانی سے شکست ہو گئی تھی جس میں حضرت حمزہؓ وغیرہ ستر صحابی کے قریب شہید ہو گئے تھے۔ اس پر منافق لوگ طعنہ دے کر مسلمانوں کو رنج دلاتے اور ہمت ہراتے تھے۔ ان آیات میں اسی واقعہ کی طرف اشارہ ہے اور مسلمانوں کو نصرت و فتح کا وعدہ دے کر مضبوط کیا جاتا ہے اور بتایا جاتا ہے کہ (باقی ص ۹۴ پر)

Marfat.com

الصّٰبِرِیْنَ ﴿۱۴۲﴾ وَلَقَدْ كُنْتُمْ تَمَنَّوْنَ

جانچتا بھی نہیں۔ اور تم تو موت کے آنے سے پہلے (خدا کی راہ میں)

الْمَوْتَ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَلْقَوْهُ فَقَدْ

مرنے کی آرزو کیا کرتے تھے سو اب تو تم نے اس کو

رَاَیْتُمُوْهُ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ﴿۱۴۳﴾ ع ۱۴ ۱۵

آنکھوں سے دیکھ لیا (تو اب کیوں جی چراتے ہو؟)

ترکیب

من قبلکم خلت سے متعلق ہے ولا تہنوا ماضی وہن سے ہے و حذف ہے کیونکہ وہ کسرہ اور ی کے بیچ میں آگیا تھا۔ الاعلون، اس کا مفرد اعلیٰ ہے التقائے ساکنین کی وجہ سے الف حذف کرکے اس کا یادگار فتحہ چھوڑ دیا گیا ہے قرح مصدر قرحۃ بمعنے زخم ہے اور قرح بالضم زخم۔ تلک مبتدا الایام خبر نداولہا جملہ حال ہے ولیعلم معطوف ہے محذوف پر ای نداولہا لیکون کیت وکیت ولیعلم اللہ تاکہ معلوم ہو کہ اس گردش ایام کی چند علتیں ہیں منجملہ ان کے یہ اور یہ ہے ولیمحص معطوف ہے ولیعلم پر ام منقطعہ بمعنے بل۔

تفسیر

جب کہ خدا تعالےٰ نے عالم آخرت کی رغبت اور جنت کا شوق دلایا اور جہاد پر جو اصلاح عالم کا باعث ہے آمادہ کیا تو یہاں پیشتر دنیا اور اہل دنیا کی بے ثباتی بیان فرمائی کہ تم سے پہلے کیا کچھ دنیا پر گزر چکا ہے۔ دنیا میں پھر کر دیکھو کہ فرعون وغیرہ سرکش لوگ کہاں گئے ان کے نعیم و ناز خاک میں مل گئے انجام کار پرہیزگاروں نے فلاح پائی انبیاءؑ اور ان کی جماعت ہمیشہ کافروں سے لڑتے آئے ہیں۔ اس کے بعد اس واقعہ کی طرف توجہ کرتا ہے جو جنگ اُحد میں گزر رہا ہے (یعنی وہ جو کچھ مسلمانوں کو ہزیمت اور مصیبت پہنچی تھی اس پر منافق ہنستے اور ایماندار دل میں آزردہ ہوتے تھے) کہ اگر تم کو کچھ زخم پہنچا ہے تو اس پر کچھ غم نہ کھاؤ نہ سستی اختیار کرو کیونکہ اس سے پیشتر جنگ بدر میں تم ان کو ہزیمت اور زخم دے چکے ہو دنیا میں زمانہ یکساں نہیں رہتا۔ کبھی رنج ہے کبھی راحت۔ ہم لوگوں میں زمانہ کو یوں ہی اُلٹتے پلٹتے رہتے ہیں مگر انجام کار تم ہی غالب ہوگے بشرطیکہ ایمان پر قائم رہو۔ چنانچہ اس پیشین گوئی کے مطابق ظہور میں آیا۔ عرب کیا مشرق سے مغرب تک بڑے بڑے ملک صحابہؓ کے ہاتھ میں آگئے ایمان کی بدولت۔ پھر اس اُحد کی شکست میں کچھ حکمتیں ہیں ان کی طرف اشارہ فرماتا ہے کہ اس میں ایک تو ایمانداروں کا امتحان مقصود تھا۔ دوم یہ کہ تم میں سے بہت لوگ عالم آخرت اور شہادت کے مشتاق تھے ان کو شہادت دینی تھی۔ سوم یہ کہ جو خالص مسلمان ہیں وہ اس معرکہ میں پرکھ کر پاک ہو جاویں اور کفار مخالفین مٹ جائیں۔ کیونکہ ہمیشہ سے حق کی یہ تاثیر ہے کہ جہاں کہیں اس کی جماعت کا خون بہا وہیں وہ ایک نیا رنگ لایا۔ غیرت الٰہی جوش میں آئی۔ پھر جو لوگ کفار میں قابل اصلاح ہوتے ہیں ایمانداروں کی جماعت میں داخل ہو جاتے ہیں اور باقی لوگوں پر غیب سے وہ مار پڑتی ہے کہ نام و نشان بھی باقی نہیں رہتا۔

فوائد

(۱) جنگ اُحد میں جو کچھ اہل اسلام پر مصیبت پہنچی تو خدائے تعالیٰ نے اس کے لئے کئی طرح سے تسلی دی۔ اوّلاً تو یوں کہ انجام کار تم ہی غالب رہو گے۔ ثانیاً یہ کہ لا تہنوا ولا تحزنوا ثالثاً یہ کہ اگر تم کو زخم پہنچا ہے تو تم نے بھی ایسا ہی زخم ان کو بدر میں دیا تھا۔ رابعاً تلک الایام نداولہا بین الناس کہ زمانہ محو آثار و الحق نقصہا قلیلاً قلیلاً ۱۲ منہ

(بقیہ حاشیہ ۹۳) آئندہ خدا اور اس کے رسول کی نافرمانی نہ کرنا ورنہ دنیا میں اور آخرت میں بھی فلاح نہ پاؤ گے۔ مسلمانوں پر جب کوئی آفت آتی ہے تو ان کی نافرمانی سے آتی ہے۔ ۳۳ محص لغت میں پاک کرنا محق مٹانا ۱۲ منہ

ف التمحیص الابتلاء وقیل التطہیر وقیل التخلیص وقیل التصفیۃ ۱۲ منہ۔ التمحیق

Marfat.com

یوں ہی ادلتا بدلتا رہتا ہے اگر کوئی مصیبت پیش آئے تو رنج نہ کرنا چاہیئے ہمیشہ دن یکساں نہیں رہتے۔ کیا خوب کہا ہے کسی نے ؎ زرنج وراحت گیتی مرنجاں دل مشو خرّم + کہ آئین جہاں گاہے چناں، گاہے چنیں باشد۔ اس کے بعد مقتول ومجروح ہونے کے اسرار ودرجات بیان کئے کہ ہم کو بعض کا امتحان اور مؤمنین کا پاک کرنا اور کچھ لوگوں کو درجۂ شہادت دینا اور کافروں کو مٹانا منظور تھا ان سب باتوں کے بعد پھر ایک نہایت تاکید اور تہدید کا حکم بھیجا کہ جس سے تمام اہل ایمان کانپ گئے اور طالبانِ عقبےٰ پر ایک کوڑا سا پڑ گیا وہ یہ کہ تمام ایمانداروں کو یہ سُنا دو کہ تم یہ نہ سمجھ بیٹھو کہ ہم یوں ہی اُس جنت میں کہ جو عالم سرور کی بادشاہت ہے چلے جاؤ گے بغیر اس کے کہ جہاد نہ کرو اور صبر اور مشقّت کی کسوٹی پر نہ کسے جاؤ۔

اسی طرح ایک اور جگہ بھی فرمایا ہے الم، احسب الناس ان یُترکوا ان یقولوا اٰمنا وہم لا یفتنون کہ لوگ یہ سمجھ بیٹھے ہیں کہ بس اٰمنّا کہنا اور لا الٰہ الّا اللہ کہنا اسلام اور آسمانی بادشاہت کے لئے کافی ہے اس پر کوئی آزمائش نہ ہوگی۔ ایک بار نبی صلے اللہ علیہ وسلم خانۂ کعبہ سے تکیہ لگائے کعبہ کے سایہ میں بیٹھے تھے اور کفارِ قریش کا زور تھا ہر روز ایمانداروں پر ظلم اور ستم ہوا کرتا تھا۔ اس میں ایک صحابی نے عرض کیا کہ یارسول اللہ ﷺ! وہ کونسا وقت آئے گا کہ جس میں ہم اس سے نجات پاویں گے اور آپ کی بشارت کا ظہور ہوگا۔ یہ سنتے ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرۂ مبارک غصہ کے مارے سُرخ ہوگیا اور فرمایا کہ بس اتنی ہی تکلیف پر یہ نوبت آگئی۔ واللہ تم سے پہلے انبیاءؑ اور اُن کے مخلصین آرے سے چیرے گئے ہیں اور وہ اُف بھی نہ کرتے تھے (اس کا مضمون کتب صحاح میں ہے) درحقیقت دنیا میں بادشاہ پانچ سات روپے ماہوار پر سپاہی نوکر رکھتا ہے کہ جس کو سر کٹانے میں کوئی دریغ نہیں ہوتا پھر جس بادشاہِ حقیقی نے جان دی اور جسم کو ہزاروں خوبیاں عطا کیں، تندرستی دی لاکھوں نعمتیں پُشت در پُشت عطا کرتا چلا آیا ہے اس پر وہ عالمِ روحانی میں سلطنت کا وعدہ فرمائے اور یہی تنخواہ اس کے رسولؐ کی معرفت مقرر ہوجائے اور وہاں جانا بھی ضروری ہو پھر جو کوئی صرف زبانی اسلام اور ایمان پر بھروسہ کرے اور خدا تعالےٰ کی راہ میں جان اور مال اور عزّت وآبرُو دینے کو دریغ رکھے، سو اُس کو قطعی جان لینا چاہیئے کہ طمع خام رکھتا ہے اور کچھ نہیں۔ یا دُنیا میں جب کوئی کسی سے عشق مجازی رکھتا ہے تو دیکھئے اپنی آبرُو اور مال اور جان کو اُس کے لئے دریغ نہیں کرتا۔ سینکڑوں لوگ برائے نام مسلمان ہیں یا مسلمانوں کی اولاد ہیں زبانی جمع خرچ بہت کچھ گاؤ تکیوں پر پُشت لگائے ہمدردیٔ اسلام اور حصُولِ درجاتِ آخرت کے لئے باتیں بناتے ہیں۔ اگر اسلام کے لئے جان اور آبرُو تو درکنار مال یا کسی مطلب میں کچھ بھی نقصان عائد ہوتا معلوم ہو تو پھر کہاں تھے ایسے سگِ دنیا انہی منافقین کی ذریت ہیں کہ جن کا ذکر قرآن مجید میں بے شمار جگہ آیا ہے۔ انسان جنت اور اسکی خوشنودی کی امید جب رکھے کہ پہلے اپنے دل میں اپنے مال اور اولاد اور عزّت وآبرُو بلکہ جانِ عزیز اور ہر قسم کے عیش وراحت کو اُس معبودِ حقیقی پر نثار کرنے کو تیار ہوجائے۔ ایسے ہی لوگوں کے لئے دارِ آخرت کی بادشاہی اور جنّت میں دیدارِ الٰہی اور نعمائے غیر متناہی ہیں۔

وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ

اور محمدؐ بجز اس کے کہ رسول ہیں (اور) کیا ہیں ان سے پہلے بھی

مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ؕ اَفَاۡئِنْ مَّاتَ

بہت سے رسول ہوگزرے ہیں، پھر اگر وہ (خود) مر گئے

اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ ؕ وَ

یا (کسی اور طرح) مارے گئے (تو) کیا تم اُلٹے پاؤں پھر جاؤ گے؟ اور

مَنْ يَّنْقَلِبْ عَلٰى عَقِبَيْهِ فَلَنْ يَّضُرَّ

جو کوئی اُلٹے پاؤں پھر بھی جائے گا تو وہ خدا کا تو کچھ بھی نہیں

Marfat.com

اللّٰهَ شَيْـًٔا ؕ وَسَيَجْزِي اللّٰهُ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۱۴۴﴾
بگاڑے گا۔ اور قدر دانوں کو اللہ تعالےٰ بہت جلد جزا دے گا۔

وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تَمُوْتَ اِلَّا بِاِذْنِ
اور خدا تعالےٰ کے حکم کے بغیر کوئی مر بھی تو نہیں سکتا (مرنے کا) وقت

اللّٰهِ كِتٰبًا مُّؤَجَّلًا ؕ وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ
معین لکھا ہوا ہے۔ اور جو دنیا ہی کا بدلہ چاہتے ہیں تو

الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا ۚ وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ
ہم اُن کو (دنیا ہی میں) کچھ دیدیتے ہیں، اور جو کوئی آخرت کا بدلہ چاہتا ہے تو

الْاٰخِرَةِ نُؤْتِهٖ مِنْهَا ؕ وَسَنَجْزِي
ہم اس کو آخرت ہی کا بدلہ دیں گے۔ اور قدر دانوں کو تو ہم بہت جلد

الشّٰكِرِيْنَ ﴿۱۴۵﴾ وَكَاَيِّنْ مِّنْ نَّبِيٍّ قٰتَلَ ۙ
جزائے (خیر) دیں گے۔ اور بہت سے نبی ہو گزرے ہیں کہ جن کے ساتھ (راہِ خدا میں)

مَعَهٗ رِبِّيُّوْنَ كَثِيْرٌ ۚ فَمَا وَهَنُوْا لِمَآ
ہو کر بہت سے باخدا لوگ لڑے ہیں، پھر جو کچھ ان کو راہِ خدا میں

اَصَابَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَمَا ضَعُفُوْا
مصیبت پہنچی تھی اس سے نہ تو وہ (ہمت ہار) گئے تھے اور نہ وہ سست ہی ہو گئے تھے

وَمَا اسْتَكَانُوْا ؕ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۴۶﴾
اور نہ وہ دب گئے تھے۔ اور اللہ ثابت قدم لوگوں سے محبت رکھتا ہے۔

وَمَا كَانَ قَوْلَهُمْ اِلَّآ اَنْ قَالُوْا رَبَّنَا
اور وہ یہی کہا کرتے تھے کہ اے ہمارے

اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا فِيْٓ اَمْرِنَا
رب! ہمارے گناہ اور جو کچھ ہم سے اپنے کام میں قصور ہو گئے ہیں ان کو بخش دے

وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى
اور (آئندہ) ہم کو ثابت قدم رکھ اور کافروں پر ہم کو فتح

الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۴۷﴾ فَاٰتٰىهُمُ اللّٰهُ
دیجیو۔ پھر ان کو اللہ تعالےٰ نے دنیا کا بھی

ثَوَابَ الدُّنْيَا وَحُسْنَ ثَوَابِ الْاٰخِرَةِ ؕ
بدلہ دیا اور آخرت کا بھی عمدہ بدلہ دے گا۔

وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۴۸﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ
اور خدا تعالےٰ کو نیکی کرنے والوں سے محبت ہے۔ ایمان والو! اگر تم

اٰمَنُوْٓا اِنْ تُطِيْعُوا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
کافروں کا کہا مانو گے تو وہ تم کو (تمہارے دین سے ضرور) برگشتہ

يَرُدُّوْكُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ فَتَنْقَلِبُوْا
کر کے چھوڑیں گے۔ پھر تم نقصان میں جا

خٰسِرِيْنَ ﴿۱۴۹﴾ بَلِ اللّٰهُ مَوْلٰىكُمْ ۚ وَهُوَ
پڑو گے۔ بلکہ تمہارا کارساز (تو) اللہ ہی ہے۔ اور وہ سب

خَيْرُ النّٰصِرِيْنَ ﴿۱۵۰﴾ سَنُلْقِيْ فِيْ قُلُوْبِ
مددگاروں سے بہتر مددگار ہے۔ (اطمینان رکھو) ہم ابھی کافروں کے دلوں

الَّذِيْنَ كَفَرُوا الرُّعْبَ بِمَآ اَشْرَكُوْا
میں رعب ڈالے دیتے ہیں اس سبب سے کہ انھوں نے خدا کے ساتھ

بِاللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا ۚ وَمَاْوٰىهُمُ
ایسی چیزوں کو شریک بنایا کہ جن کے لئے اس نے کوئی سند بھی نہیں اتاری۔ (یہ تو دنیا کی سزا

النَّارُ ؕ وَبِئْسَ مَثْوَى الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۵۱﴾
ہوئی اور آخرت میں) انکا ٹھکانا نار ہے، اور ظالموں کا بہت ہی برا ٹھکانا ہے۔

ترکیب

ان تموت اسم کان۔ الا باذن اللہ خبر کتاباً مفعول مطلق ہے ای کتب ذلک کتاباً۔ موجلاً اس کی صفت ہے۔ کاین اصل میں ای تھا کاف اس پر داخل ہو گیا اور نون خلاف قیاس تنوین کا لکھدیا اب یہ بمعنیٰ کم ہے۔ من نبی اُس کا بیان قتل نبی کی صفت سے کاین مبتدا اور خبر محذوف ای فی الدنیا۔ قولہم اسم کان۔ الا ان قالوا خبر وقیل العکس ان شرطیہ تطیعوا شرط یردوکم جواب اللہ مبتدا مولاکم خبر بما اشرکوا اب سنلقی سے متعلق ہے اور ما مصدریہ مثوی مفعل ہے ثویت سے اسکا کلمہ می ہے

Marfat.com

تفسیر

جنگِ اُحد میں جب کہ وہ جماعت تیر اندازوں کی کہ جس کو نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے گھاٹی پر بٹھایا تھا مشرکین کے پیچھے لوٹ کے لئے دوڑ پڑے ادھر سے خالد بن ولیدؓ جو اُس وقت مشرف باسلام نہ ہوئے تھے ایک جماعت کو لے کر مسلمانوں پر آپڑے اور باہم معرکہ کُشت وخون بڑا گرم ہوا یہاں تک کہ عبداللہ بن قمیئہ حارثی نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر حملہ کیا تو مصعب بن عمیرؓ لوا بردار[1] لشکرِ اسلام نے اس کو ڈانٹا۔ اُس نے مصعبؓ کو قتل کیا اور یہ شور مچادیا کہ میں نے محمدؐ صلے اللہ علیہ وسلم کو قتل کر ڈالا۔ اس آواز سے صحابہؓ میں بڑی تشویش پھیل گئی یہاں تک کہ بعض لوگوں نے یہ چاہا کہ عبداللہ بن اُبیّ منافق سے یہ کہیں کہ وہ ابوسفیان سے امان مانگے۔ اس میں کچھ منافق بولے کہ اگر محمدؐ نبی ہوتے تو قتل نہ کئے جاتے۔ اپنے بھائیوں سے مل جاؤ اور اپنے دینِ قدیم میں جا ملو۔ انس بن النضر عم انس بن مالک انصاریؓ نے کہا اے قوم! اگر محمدؐ قتل ہو گئے تو محمدؐ کا خدا تو زندہ ہے پھر نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے بعد تم جی کر کیا کرو گے؟ سو کیا جی کروں کہ جی نہیں ہے + جی کو سر زندگی نہیں ہے ؛ جس پر وہ شہید ہوئے تم بھی اس بات پر شہید ہو جاؤ۔ تھوڑے سے عرصہ کے بعد جب کہ طلحہؓ اور ابوبکرؓ اور علیؓ وغیرہ مردانِ اسلام آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور حملہ کر کے مشرکین کا مُنہ پھیر دیا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے آواز دی کہ بندگانِ خدا تم ادھر آؤ۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی آواز سُن کر مسلمان دَوڑ پڑے اور مشرکین کو بھگا دیا۔ اس واقعہ میں یہ آیتیں اہلِ اسلام کی تسلّی کے لئے نازل ہوئیں کہ محمدؐ رسول اللہ ہیں جیسے کہ ان سے پہلے بہت سے رسول گزر چکے ہیں خدا نہیں جو ہمیشہ جیتے رہیں۔ پھر اگر وہ کسی لڑائی میں مارے گئے یا خود مر گئے تو کیا تم پھر اُلٹے پھر جاؤ گے اور کفر میں جا پڑو گے اور جو کوئی ایسا کریگا تو خدا کو کچھ مضرّت نہیں دے گا۔ ہاں جو کوئی دین پر قائم رہے گا تو ہم اُس کو جزائے خیر دیں گے اور یہ سمجھو کہ اگر لڑائی سے موت آتی ہے تو تمہارا خیال غلط ہے اجل کا وقت مقرر ہے اُس سے پیشتر کوئی نہیں مرتا۔ اب رہا جہاد میں شریک ہونا اگر اس سے کسی کو لُوٹ اور غنیمت مقصود ہے تو ہم اُس کو دنیا ہی دیدیتے ہیں اور جو آخرت اور شہادت مدِنظر رکھتے ہیں تو ہم ابھی بدلہ دیں گے آنکھ بند ہونے کی دیر ہے پھر تو وہاں سلطنتِ آسمانی اور عیش جاودانی موجود ہے۔ پھر اس کے بعد اہلِ اسلام سے مخاطب ہو کر فرماتا ہے کہ بہت سے لوگ ایسے نبی ہو گزرے ہیں کہ جن کے ساتھ میں ہو کر بہ خدا لوگ مخالفانِ حق سے لڑے ہیں جیسا کہ موسیٰ اور یوشع بن نون وغیرہما پھر جو کچھ ان کو اللہ تعالیٰ کی راہ میں تکلیف پہنچی ہے (زخمی ہوئے مارے گئے گرمی اور بھوک اور پیاس اُٹھائی یا پیادہ سفر کئے ہیں) اس سے ان کا جوشِ ایمانی ٹھنڈا نہیں ہو گیا تھا نہ اُن میں بوقتِ قتل کبھی کچھ بودا پن پیدا ہوا تھا اور نہ اُس کے بعد وہ جہاد سے ضعیف ہو گئے تھے نہ دشمنوں کی شوکت سے اُن کے حوصلے پست ہوئے تھے دیکھو خدا تعالیٰ کو ایسے صابروں سے محبّت ہے۔ باوجود اس کے وہ خدا تعالیٰ سے دُعا کر کے یہی کہا کرتے تھے کہ ہمارے گناہ اور جو کچھ ہم سے خدمتِ دین میں قصور ہوئے ہیں اُن کو معاف کر دے اور ہم کو آئندہ ثابت قدمی عطا کر اور کافروں پر فتحیاب کر (اس امت کو سُنایا جاتا ہے کہ تم بھی ایسا ہی کرو)۔ اور اعانتِ اسلام کر کے دل میں غرّہ نہ ہو کہ ہم ہی نے ایسا کیا ہے۔ پھر اُن کی اس سعی اور کوشش کا نتیجہ ذکر کر کے رغبت دلاتا ہے کہ خدا تعالیٰ نے ان کو دنیا میں بھی عمدہ بدلہ دیا۔ مخالفوں کی حکومت اور ملک اور عمدہ باغ اور مکان سب اہلِ حق کو دیئے۔ چنانچہ یوشع بن نون کے عہد میں بنی اسرائیل نے ملکِ شام لیا اور خدا تعالیٰ نے ان کو آخرت میں بھی اچھا بدلہ دے گا بلکہ دے دیا۔ وہاں اُن کے لئے وہ کچھ ہے جس کا بیان نہیں۔ اس کے بعد خدا تعالیٰ کفار اور منافقین کی

[1] علَم بردار ۱۲ منہ

باتوں پر عمل کرنے سے منع کرتا ہے جیسا کہ انھوں نے جنگِ احد میں کہا تھا (پیغمبر مارے گئے اپنے دین کی طرف پھر جاؤ) کہ اگر تم اُن کا کہنا مانو گے تو وہ تم کو کافر بنا کر چھوڑیں گے جس سے تم دنیا و آخرت کے خسارہ میں پڑ جاؤ گے۔ تم ایسے لوگوں کی بات کی (کہ جو اسلام کی توہین بیان کریں اور کہیں کہ اب اسلام دب گیا یہ پھر سرسبز نہیں ہوگا، مسلمان ایسے ہوگئے، یوں مغلوب ہوگئے) کچھ پروا نہ کرو تمھارا خدا حافظ و ناصر ہے، ہم کفار کے دل میں اُن کی کفر کی شامت سے رعب ڈال دیں گے، اُن کا کر و فر ظاہری کچھ کام نہ آوے گا۔ چنانچہ اس پیشین گوئی کے مطابق واقع ہوا۔ روم اور ایران کے جرار سپاہ کے دل میں صحابہؓ کا رعب ڈال دیا گیا جو کملی پوش اور بے سروسامان تھے وہ دم بھر میں کچھ سے کچھ کر دیتا ہے۔

وَلَقَدْ صَدَقَكُمُ اللّٰهُ وَعْدَهٗٓ اِذْ تَحُسُّوْنَهُمْ
اور بیشک اللہ تعالیٰ نے تم سے اپنا وعدہ سچا کر دکھایا جب کہ تم اُن (کافروں) کو
بِاِذْنِهٖ ۚ حَتّٰٓى اِذَا فَشِلْتُمْ وَتَنَازَعْتُمْ
اُس کے حکم سے قتل کرنے لگے۔ یہاں تک کہ تم خود اُکھڑ گئے اور حکم میں
فِى الْاَمْرِ وَعَصَيْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَآ اَرٰىكُمْ
جھگڑنے لگے اور نافرمان ہو گئے بعد اس کے کہ جو تم چاہتے تھے وہ تم کو خدا نے
مَّا تُحِبُّوْنَ ؕ مِنْكُمْ مَّنْ يُّرِيْدُ الدُّنْيَا
دکھا بھی دیا تھا۔ کچھ تو تم میں سے دنیا چاہتے تھے
وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرِيْدُ الْاٰخِرَةَ ۚ ثُمَّ
اور کچھ لوگ تم میں سے آخرت کے طالب تھے۔ پھر
صَرَفَكُمْ عَنْهُمْ لِيَبْتَلِيَكُمْ ۚ وَلَقَدْ
تم کو ان سے (کافروں کے قتل کرنے سے) باز رکھا کہ تم کو آزمائے۔ اور خدا تعالیٰ نے تم کو
عَفَا عَنْكُمْ ؕ وَاللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ عَلَى
معاف کر دیا۔ اور اللہ تعالیٰ کا ایمانداروں پر بڑا (ہی) فضل
الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۵۲﴾ اِذْ تُصْعِدُوْنَ وَلَا
جب کہ تم چڑھے چلے جاتے تھے اور کسی کو

تَلْوٗنَ عَلٰٓى اَحَدٍ وَّالرَّسُوْلُ يَدْعُوْكُمْ
مڑ کر بھی نہیں دیکھتے تھے اور تم کو پیچھے سے رسول پکار رہا تھا سو
فِىْٓ اُخْرٰىكُمْ فَاَثَابَكُمْ غَمًّۢا بِغَمٍّ لِّكَيْلَا
اس لئے تم کو (خدا نے) غم پر غم دیا تاکہ تم جو چیز ہاتھ سے جاتی
تَحْزَنُوْا عَلٰى مَا فَاتَكُمْ وَلَا مَآ اَصَابَكُمْ ؕ
رہے اور جو پیش آوے اُس پر غم نہ کھایا کرو۔
وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۵۳﴾ ثُمَّ اَنْزَلَ
اور اللہ کو تمھارے (سب) کام معلوم ہیں۔ پھر اللہ نے غم کے بعد
عَلَيْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا
تم پر امن نازل کیا وہ ایک اونگھ تھی
يَّغْشٰى طَآئِفَةً مِّنْكُمْ ۙ وَطَآئِفَةٌ قَدْ
جو تم میں سے ایک جماعت پر چھا رہی تھی اور ایک جماعت نے اپنی جان
اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ
کو فکر میں ڈال رکھا تھا جو اللہ سے بدگمانی کر رہے تھے جاہلوں کی طرح
الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ؕ يَقُوْلُوْنَ هَلْ
سے کہہ رہے تھے کہ آیا کچھ ہمارے لئے بھی
لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَىْءٍ ؕ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ
اختیار باقی ہے؟ (سو ان سے) کہہ دیجئے کہ سب
كُلَّهٗ لِلّٰهِ ؕ يُخْفُوْنَ فِىْٓ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا
اختیارات اللہ ہی کو ہیں، وہ اپنے دل میں وہ باتیں پوشیدہ رکھتے ہیں جو
يُبْدُوْنَ لَكَ ؕ يَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا
آپ سے ظاہر نہیں کرتے۔ کہہ رہے تھے کہ اگر کوئی بات ہمارے اختیار میں
مِنَ الْاَمْرِ شَىْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا ؕ قُلْ لَّوْ
ہوتی تو ہم یہاں قتل نہ کئے جاتے۔ کہہ دو کہ اگر
كُنْتُمْ فِىْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ
تم اپنے گھروں میں بھی ہوتے تو جن کی تقدیر میں قتل ہونا لکھا گیا ہے
عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ ۚ وَ
وہ ضرور اپنے قتل ہونے کی جگہ نکل کر آ جاتے۔ (یہ اسلئے ہوا)

Marfat.com

لِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ

تاکہ خدا تمہارے دلوں کے خیال آزمائے اور تمہارے دلوں میں جو

مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ

کچھ ہے اس کو پرکھے۔ اور اللہ تو دلوں کی باتوں کو (خوب ہی) جانتا ہے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا مِنْكُمْ يَوْمَ الْتَقَى

جو لوگ تم میں سے دونوں فوجوں کے مقابلہ کے روز پیٹھ پھیر گئے تھے

الْجَمْعٰنِ ۙ اِنَّمَا اسْتَزَلَّهُمُ الشَّيْطٰنُ

ان کو تو صرف شیطان نے ڈگمگا دیا تھا ان کے بعض

بِبَعْضِ مَا كَسَبُوْا ۚ وَلَقَدْ عَفَا اللّٰهُ عَنْهُمْ ۭ

اعمال کی شامت سے۔ اور بیشک خدا تعالیٰ نے ان کو معاف کر دیا۔

اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ۝۱۵۵

اللہ تعالیٰ تو بڑا معاف کرنے والا بردبار ہے۔

ترکیب

صدق فعل اللہ فاعل کم مفعول اوّل وعدہ مفعول ثانی حتے متعلق ہے فعل محذوف سے ای ظہم ذالک الی وقت فشلکم والرسول جملہ موضع حال میں ہے بغم موضع نصب میں ہے صفت غم کی وقیل لسبب الغم امنۃ اسم ہے امن کا ویقرء بالسکون فھو مصدر نعاسًا بدل ہے امنۃ سے اور عطف بیان بھی ہوسکتا ہے یغشی صفت نعاسًا کی وطائفۃ مبتدا قد اہمتھم خبر شئی اسم کان والخبر لنا ماقتلنا جواب لو کان الی مضاجعھم متعلق ہے لبرز سے ولیبتلی معطوف ہے محذوف پر ای فعل ما فعل لیمیز ولیبتلی ولیمحص معطوف ہے ولیبتلی پر۔

تفسیر

پہلی آیت میں تھا کہ اللہ تمہارا مولیٰ ہے اور فتح دینے والا ہے اور نیز پہلے عموماً اسلام کی فتحمندی اور ظہور کا وعدہ دیا گیا تھا اس پر اُحد میں شکست سی واقع ہوئی تو مدینہ میں آکر بعض منافق مسلمانوں سے کہنے لگے لو صاحب اچھا وعدہ خدا تعالیٰ نے پورا کیا ارے میاں ایسے وعدوں کا کیا اعتبار ہے؟ ان آیتوں میں خدا تعالیٰ نے جواب دیا کہ اُس نے تو تم سے اپنا وعدہ پورا کر دیا کہ تم نے تو اوّل ہی حملہ میں کفار کی جماعت کو تہ تیغ کر کے بھگا دیا مگر تم نے خود نافرمانی کر کے یہ مصیبت سر پر لی باوجودیکہ تمہارے سردار نے تیر اندازوں کو کہا کہ یہاں سے نہ ہٹو مگر جب تم نے جھگڑا کیا اور اپنی مرغوب چیز یعنی فتح دیکھ لی اور کچھ تم میں سے دُنیا یعنی غنیمت کے طالب بھی تھے کافروں کو بھاگتا دیکھ کر اُن کے پیچھے پڑ گئے ان پر چڑھے چلے جاتے تھے پیچھے سے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پکار رہے تھے کہ پھر آؤ گھاٹی نہ چھوڑو مگر تم نے کسی کو مڑ کر بھی نہ دیکھا اس نافرمانی اور رسول کو غم رسانی کے بدلہ میں خدا تعالیٰ نے تم کو کافروں کے قتل سے روکا یعنی اُن کے دل سے رُعب اُٹھا کر تمہارے دلوں میں ڈال دیا پیچھے سے کافروں نے گھاٹی پر قبضہ کر کے مسلمانوں کو مارنا شروع کیا اسی لئے غم کے عوض[۱] میں تم کو خدا تعالیٰ نے غم دیا تاکہ تمہاری آزمائش کرے اور تم کو اس بات کی بھی عادت پڑے کہ جو کچھ فوت ہو جائے اُس پر اور جو کچھ مصیبت آجائے اُس پر رنج نہ کھایا کرو بلکہ مشیت اور قضائے الٰہی پر راضی ہو جایا کرو مگر اس کے بعد بھی خدا تعالیٰ نے تمہاری اس خطا کو معاف کیا اور مسلمانوں پر غنیب سے اثنائے معرکہ میں ایک ایسی[۲] نیند ڈالی کہ جس میں ابو طلحہؓ کہتے ہیں کہ ہمارے ہاتھ سے سیف گر گر پڑتی تھی اُس نیند کے بعد وہ رُعب جو اہل اسلام کے دل پر تھا جس طرح کہ کان دُور ہو جاتی ہے اسی طرح دُور ہو گیا اور پھر جو حملہ کیا تو مشرکین بھاگ اُٹھے مگر جو لوگ منافق تھے اُن کو جان کی پڑی ہوئی تھی اُن کو نیند

[۱] تم نے رسول کو نافرمانی کر کے مغموم کیا اُس کے بدلہ میں ہزیمت سے تم پر غم پڑا ۱۲ منہ [۲] ایسی حالت میں نیند کا آنا بھی ایک معجزہ تھا ۱۲

Marfat.com

نہ آئی وہ خدا تعالےٰ سے جاہلوں کی طرح یہ بدگمانیاں کر رہے تھے کہ کیا اللہ کیا روزِ جزا سب بناوٹی باتیں ہیں۔ اور یہ بھی کہہ رہے تھے کہ کاش ہمیں کچھ قدرت و اختیار ہوتا اور دل میں اور لغو باتیں بھی پوشیدہ رکھتے تھے۔ کبھی کہتے تھے کہ اگر ہم کو کچھ اختیار ہوتا اور ہمارے کہنے کو پیغمبر مان کر مدینہ سے باہر نہ نکلتے تو ہم یہاں مارے نہ جاتے۔ فرماتا ہے کہ یہ خیال لغو ہے کیونکہ جن کی تقدیر میں موت لکھی تھی تو خواہ مخواہ گھر بیٹھے بھی موت آجاتی مگر ان باتوں سے خدا تعالےٰ تمہارے دل کی آزمائش کرتا اور مؤمنین کے دلوں کو پاک کرتا تھا اور اس امتحان کی خدا تعالےٰ کو کچھ ضرورت نہیں۔ کیونکہ وہ ہر ایک دل کی بات جانتا ہے بلکہ یہ امتحان صرف باہم بندوں سے دکھانے کے لئے ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ ہمارے وعدہ اور مدد میں کوئی شک وشبہ نہیں۔ چنانچہ اس کو تم نے دیکھ لیا۔ مگر خود تم نے نافرمانی کرکے ہزیمت اٹھائی اور جو لوگ اُس روز بھاگے تھے تو ان کو شیطان نے اُن کے بعض گناہوں کی شامت سے ڈگمگا دیا تھا جو اُنھوں نے رسولؐ کا کہنا نہیں مانا گھاٹی کو چھوڑ دیا۔ اور خیر اس کو بھی اللہ تعالےٰ نے معاف کر دیا کیونکہ وہ غفور و رحیم ہے۔ اس آیت سے کئی باتیں معلوم ہوئیں۔

(۱) یہ کہ تقدیرِ الٰہی کا لکھا ضرور پیش آتا ہے یہ صحیح ہے کہ عالم تدبیر میں جو کچھ سعی و تدبیری ہوتی ہے یہ نتیجہ بداُس کی طرف منسوب ہوتا ہے اور یہ عالم، عالمِ اسباب ہے مگر اس میں بھی کوئی شبہ نہیں کہ جب تقدیر کا لکھا پورا ہونے کو ہوتا ہے ویسے ہی اسباب بھی پیدا ہو جاتے ہیں اس لئے جو کچھ ہو گیا اُس پر زیادہ ملال کرنا بے فائدہ ہے آخر جب تمام عالم کا کسی شخص کو خالق اور مسبّب الاسباب مان رکھا ہے تو پھر اُس کے بھی اختیارات میں کہ نہیں۔

(۲) دنیا میں جو کچھ انسان پر مصیبت آتی ہے وہ اُس کے اعمالِ بد کا ثمرہ ہوتا ہے۔ رہا اہلِ حق کا مخالفانِ حق کے ہاتھ سے شہید ہونا وہ مصیبت نہیں بلکہ وہ عین راحت ہے ایسی موت کے کیا کہنے ہیں:۔ ؎ تو زیست کو نثار کروں ایسی موت پر

(۳) یہ کہ ابتدا سے لے کر آخر تک جس قدر اہلِ اسلام مخالفوں کے ہاتھ سے شکست پاتے یا ذلت اُٹھاتے آئے ہیں سو یہ خدا تعالیٰ اور اُس کے رسولؐ کی نافرمانی کا ثمرہ ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا

ایمان والو! تم ان کافروں جیسے نہ ہو جاؤ جو

كَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَقَالُوْا لِاِخْوَانِهِمْ

اپنے بھائیوں کے حق میں جب کہ وہ سفر میں

اِذَا ضَرَبُوْا فِي الْاَرْضِ اَوْ كَانُوْا

یا جہاد میں ہوتے ہیں یہ کہا کرتے ہیں (کہ)

غُزًّى لَّوْ كَانُوْا عِنْدَنَا مَا مَاتُوْا وَمَا

اگر وہ ہمارے پاس رہتے تو نہ مرتے اور نہ مارے جاتے (یہ باتیں)

قُتِلُوْا ۚ لِيَجْعَلَ اللّٰهُ ذٰلِكَ حَسْرَةً فِيْ

اس لئے ان سے سرزد ہوتی ہیں کہ خدا اس بات کو ان کے دلوں میں حسرت بنا دے ف

قُلُوْبِهِمْ ۗ وَاللّٰهُ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۗ وَاللّٰهُ

اور چلانا اور مارنا تو اللہ ہی کے ہاتھ ہے۔ اور جو کچھ بھی تم

بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۱۵۶﴾ وَلَئِنْ قُتِلْتُمْ

کر رہے ہو خدا اس کو خوب دیکھ رہا ہے اور (اچھا) اگر تم اللہ کی راہ میں مارے

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَوْ مُتُّمْ لَمَغْفِرَةٌ مِّنَ

جاؤ یا مر جاؤ بھی تو (کیا غم ہے) خدا کی مغفرت اور رحمت (جو ایسے مقتولوں

اللّٰهِ وَرَحْمَةٌ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ﴿۱۵۷﴾ وَ

کے لئے موجود ہے) ان کی تمام کمائی سے بہتر ہے۔ (مسلمانو!) اور

لَئِنْ مُّتُّمْ اَوْ قُتِلْتُمْ لَاِلَى اللّٰهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۱۵۸﴾

اگر تم مر جاؤ گے یا مارے بھی جاؤ گے تو اللہ ہی کے پاس لائے جاؤ گے۔

ف یعنی ایسی باتیں جو سست اعتقاد کیا کرتے ہیں ان سے کچھ فائدہ نہیں ہوتا کس لئے کہ ہر جاندار خدا تعالیٰ کے ہاتھ ہے۔ سفر اور جنگ میں بھی سب مرتے نہیں جاتے نہ گھر میں سب زندہ رہتے ہیں۔ صرف دل کی حسرت اور افسوس ہے جو ایک قسم کا قلبی عذاب ہے ۱۲

Marfat.com

ترکیب

غزّیٰ مشدّد جمع غاز والقیاس غزاۃ کقاض و قضاۃ لیکن فعل کے وزن پر صحیح پر محمول ہو کر آیا ہے لو کانوا شرط ماماتوا جواب جملہ مقولہ ہے قالوا لاخوانہم کا لیجعل کا لام محذوف سے متعلق ہے ای اوقع ذالک فی قلوبہم لیجعلہ حسرۃ اور جعل بمعنے صیّر۔ ممکن ہے کہ لام عاقبت ہو۔ ولئن شرط متم جمہور بضم میم پڑھتے ہیں وہو القیاس لان الفعل منہ یموت اور بعض نے بالکسر پڑھا ہے لمغفرۃ جواب۔

تفسیر

پہلے ذکر تھا کہ منافق کہتے ہیں کہ اگر جنگ میں ہم کو کچھ اختیار ہوتا تو ہم یہاں قتل نہ کئے جاتے۔ اُس کا جواب دے کر یہاں مسلمانوں کو متنبہ کیا جاتا ہے کہ تم ایسے سُست اعتقاد اور عالم اسباب پر توکل کرنے والے نہ بنو جیسا کہ منکران قدرتِ خدا ہیں جو اپنے بھائیوں سے یعنی برادری کے اُن لوگوں کے لئے کہ جو دُور دراز سفر میں یا جہاد میں جاتے اور وہاں قضاءِ الٰہی سے مرجاتے ہیں کہتے ہیں کہ اگر یہ لوگ ہمارے پاس رہتے تو نہ مرتے۔ کیونکہ ان باتوں سے صرف دل میں حسرت اور افسوس پیدا ہوتا ہے جو ایک عذابِ روحانی اور بے فائدہ چیز ہے اور قضا تو کہیں ٹل نہیں سکتی۔ اللہ تعالےٰ مارتا جلاتا ہے وہ ہر جگہ اسباب موت پیدا کر سکتا ہے اور مواقع قتل میں بچا سکتا ہے اور بالفرض اگر تم اللہ تعالےٰ کی راہ میں مارے بھی گئے تو اس سے کیا بہتر؟ کس لئے کہ اگر شہید مرے یا یوں ہی مر گئے تو جبکہ خدا تعالےٰ خوش ہے تو کیا باک ہے اس کی مغفرت اور پھر رحمت تمھاری کمائی سے بہتر ہے کیونکہ جو کچھ مال و زر جمع کر رہے ہو اور اس کے لئے مارے مارے پڑے پھرتے ہو سب یہیں رہ جاتا ہے مگر اس کی مغفرت اور رحمت ساتھ رہتی ہے۔ پھر اسی جملہ کو دوسرے پہلو سے تاکید کے لئے اعادہ فرمایا جاتا ہے ولئن متم او قتلتم کہ اگر تم سفر یا جہاد میں مر گئے یا مارے گئے مر کر نیست و نابود نہیں ہو جاؤ گے بلکہ ایک دوسرے پیکر میں حیاتِ جاودانی پاؤ گے اور اللہ تعالیٰ کے پاس جمع ہو گے یہ نجات حقیقی ہے کس لئے کہ وہ نور اصل جملہ روحانیات نورانیہ کا ماویٰ و ملجا ہے۔ تمام ذرات آفتاب کی طرف کھنچے چلے جاتے ہیں مگر جب کوئی حائل ہو جاتا ہے تو مطلوبِ حقیقی تک نہ پہنچنے کے سبب جو اضطراب ہوتا ہے وہی بڑا عذاب ہے۔ اس جملہ میں مرجانے کو مارے جانے پر مقدّم کر کے یہ ثابت کر دیا کہ خدا تعالےٰ کی رضامندی میں مرجانا بھی فلاح کا باعث ہے۔ انسان کی تین حالت ہیں اوّل غفلت و گناہ اس کے لئے تو شہادت و مغفرت ہے۔ دوم صلاح و طاعت ایسی حالت میں شہادت رحمت باعثِ ترقیٔ درجات ہے۔ سوم خدا تعالےٰ کا شوق ایسی حالت میں شہادت باعثِ تقرّب ہے جس کو الی اللہ تحشرون سے تعبیر کیا ہے۔

فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ لِنْتَ لَهُمْ ۚ وَلَوْ

پس کچھ اللہ کی رحمت ہی ہے جو آپ (اے نبی ﷺ!) ان کے لئے نرم دل ملے۔ اور اگر

كُنْتَ فَظًّا غَلِيْظَ الْقَلْبِ لَانْفَضُّوْا

آپ تند خو اور سخت دل ہوتے تو (یہ لوگ کبھی کے) آپ کے پاس سے جدا ہو گئے

مِنْ حَوْلِكَ ۖ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ

ہوتے۔ سو آپ ان کو معاف کر دیجئے اور اُن کے لئے (خدا سے)

لَهُمْ وَشَاوِرْهُمْ فِي الْاَمْرِ ۚ فَاِذَا

معافی مانگئے اور ان سے کام (کاج) میں مشورہ بھی لے لیا کرو۔ پھر جب

عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

کسی کام کا ارادہ ہی کر لیا کرو تو خدا ہی پر بھروسہ کیا کرو۔ ضرور خدا تعالےٰ کو

يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِيْنَ ﴿۱۵۹﴾ اِنْ يَّنْصُرْكُمُ

توکل کرنے والوں سے محبت ہے۔ اگر اللہ تعالیٰ تم کو فتح دے گا تو کوئی بھی

اللّٰهُ فَلَا غَالِبَ لَكُمْ ۚ وَاِنْ يَّخْذُلْكُمْ

تم پر غالب نہ آئے گا۔ اور اگر وہ تم کو رسوا کرے گا (تو)

فَمَنْ ذَا الَّذِيْ يَنْصُرُكُمْ مِّنْ بَعْدِهٖ ؕ

پھر اس کے بعد کون تم کو فتحمند کر سکتا ہے؟

Marfat.com

وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۶۰﴾

اور ایمانداروں کو تو اللہ تعالےٰ ہی پر بھروسہ کرنا چاہیئے۔

ترکیب

ف فبما رحمۃ ما زائدہ ہے اخفش کہتا ہے جائز ہے کہ ما نکرہ ہو بمعنی شئی اور رحمۃ بدل ہو اُس سے اور لنت سے متعلق ہو۔ فاذا عزمت شرط فتوکل جواب ان ینصر شرط فلا غالب جواب۔

تفسیر

اُحد کی لڑائی میں جو کچھ لوگ بھاگے اور بعض نے بھاگنے کا ارادہ کیا، اس پر اہلِ اسلام میں انگشت نمائی ہونے لگی اور خاص لوگ اُن کو حقارت کی نگاہوں سے دیکھنے لگے اور مشوروں میں بھی اُن کو شریک نہ کیا جاتا تھا، کسی بات میں اُن سے صلاح لی جاتی تھی۔ یہ بات اُن کی دل شکنی کا باعث تھی۔ اور چونکہ یہ بات بمقتضائے بشریت اُن سے سرزد ہوگئی تھی اُس کو خدا تعالےٰ نے معاف کردیا تھا۔ اس لئے یہاں اپنے رسول ؐ کو فرماتا ہے کہ تم فضلِ الٰہی سے رحم دل ہو۔ اگر سخت دل اور کج خُلق ہوتے تو لوگ آپ ؐ کے پاس جمع نہ ہوتے۔ سو تم بھی ان کو معاف کردو اور خدا تعالےٰ سے اُن کے لئے معافی مانگو اور امورِ دنیا میں بھی ان سے مشورہ کرلیا کرو۔ ہاں جب تم بعد مشورہ کے کسی کام کا پکا ارادہ کرلو تو خدا تعالےٰ پر توکل کرو اسبابِ ظاہریہ پر اعتماد نہ کرو۔ خدا تعالےٰ کو اہلِ توکل پسند ہیں کس لئے کہ اگر خدا تعالےٰ تم کو فتح دینا چاہے گا گو ظاہر میں تمہارے اسباب ضعیف ہوں تو تم پر کوئی غالب نہ ہوسکے گا اور جو تمہاری معصیت اور بدکاری کی وجہ سے تمہیں ذلیل کرنا چاہے گا تو کیسا ہی تمہارے پاس ہو تو کوئی تم کو مدد نہ دے سکے گا۔

فوائد

(۱) لنت لہم الخ حُسنِ خُلق کا باعث یہ ہوتا ہے کہ جب روح پر انوارِ قدس فائض ہوتے ہیں تو اُس کی قوتِ نظریہ اور عملیہ دونوں مکمل ہوجاتی ہیں پھر جو کچھ صدمہ اُس کو پہنچتا ہے اُس کو خدا تعالیٰ ہی کی طرف سے جانتا ہے نہ کسی پر اُس کو غصہ آتا ہے نہ انتقام لیتا ہے یا جوارحت غیر کو پہنچتی ہے حسد نہیں کرتا۔ علیٰ ہذا القیاس جس قدر باتیں بدخُلقی کی کی خام خیالی کے متعلق ہیں سب دُور ہوجاتی ہیں اور جب اُس کو روحانیت کا مشاہدہ ہوتا ہے تو جسمانیات اور یہاں کے لذائذ اُس کی آنکھوں میں حقیر ہوجاتے ہیں نہ شہوتِ ناجائز رہتی ہے نہ حُبِّ جاہ و مال جو تمام خرابیوں کا سرچشمہ ہے اور اسی لئے بزرگوں کے اخلاق حمیدہ ہوتے ہیں۔ آنحضرت علیہ السّلام کے اخلاق اس درجہ حمیدہ تھے کہ قرآن مجید میں متعدد جگہ اللہ تعالیٰ نے آپ ؐ کی مدح کی ہے، ایک لعلیٰ خلق عظیم۔

(۲) جو باتیں وحی اور الہام سے متعلق تھیں ان میں کسی سے مشورہ کی حاجت نہ تھی ہاں امورِ دنیا میں کہ کس دن مخالفوں پر چڑھائی کرنی چاہیئے اور کہاں مقام کرنا چاہیئے وغیرذالک، ایسی باتوں میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مشورہ کرتے تھے۔ اس لئے اُمت پر مشورہ مسنون ہوا۔ اور بیشک مشورہ میں چند رایوں کے ملنے سے قوت ہوجاتی ہے اور اس پر برکت بھی نازل ہوتی ہے اس لئے خُلفائے اربعہ تک قیام امامت شوریٰ پر رہا تو عمدہ نتائج بھی برآمد ہوتے رہے اور جب سے شخصی سلطنت ہوئی اور تمام اختیارات ایک شخص کے ہاتھ میں آئے تو برکت جاتی رہی۔ اس لئے مشورہ نہایت عمدہ چیز ہے۔

ف فبما عند سیبویہ وغیرہ زائدۃ مزیدۃ للتاکید وعند الاخفش وابن کیسان نکرۃ مجرورۃ بالباء ورحمۃ بدل منہا والفالترتیب مضمون الجملۃ والفظ اکریہ الخلق ماخوذ من مارا کرشن اکریہ الخلق وغلیظ القلب قساوتہ الانقباض التفرق ۱۲ منہ

Marfat.com

وَمَا كَانَ لِنَبِيٍّ أَنْ يَّغُلَّ ۚ وَمَنْ يَّغْلُلْ

اور کسی نبی کا (بھی) یہ کام نہیں کہ وہ خیانت کرے۔ اور جو کوئی خیانت کریگا

يَأْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۚ ثُمَّ تُوَفّٰى

تو جس چیز کی اس نے خیانت کی ہے اس کو قیامت میں لاویگا۔ پھر ہر شخص اپنے

كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۱۶۱﴾

کئے کا پورا بدلہ پاوے گا اور کسی پر کچھ بھی ظلم نہ ہوگا۔

أَفَمَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَ اللّٰهِ كَمَنْ بَآءَ

کیا وہ شخص جو مرضیٔ الٰہی کے تابع ہو گیا ہو اسکے برابر ہو سکتا ہے کہ جس نے

بِسَخَطٍ مِّنَ اللّٰهِ وَمَاْوٰهُ جَهَنَّمُ ۚ وَ

خدا تعالیٰ کا غصہ حاصل کیا ہو اور اس کا ٹھکانا (بھی) جہنم ہو۔ اور

بِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۱۶۲﴾ هُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ

وہ کیا ہی برا ٹھکانا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے نزدیک لوگوں کے (مختلف)

اللّٰهِ ۗ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶۳﴾

درجے ہیں۔ اور جو کچھ وہ کر رہے ہیں اللہ تو اس کو خوب دیکھ رہا ہے۔

ترکیب

لنبی خبر ماکان۔ ان یغل اسم ومن شرطیہ یأت جواب الفمن من بمعنے الذی مرفوع ہے بسبب مبتدا ہونے کے کمن باء خبر ہم مبتدا درجات ای ذودرجات خبر۔

تفسیر

پہلے تھا کہ ان کو مشورہ میں شریک کر لیا کرو مگر اس کے ساتھ ہی یہ بھی بیان کر دیا کہ اگر نبیؐ ایسے امور میں مشورہ نہ کرے اور مصالح اور اسرار سلطنت آسمانی تم پر ظاہر نہ کرے کہ جو تمھارے فہم سے بالا ہیں تو تم کو یہ گمان نہ کرنا چاہیئے کہ پیغمبر نے خیانت کر لی کس لئے کہ نبیؐ خدا تعالیٰ کا امین ہے اس کی شان خیانت نہیں کیونکہ نبیؐ کو حق الیقین ہے کہ کوئی دنیا میں خیانت کرے گا قیامت کو اس کی خیانت ظاہر کی جاوے گی اور پھر ہر شخص کو اس کے اعمال کی پوری سزا دی جائے گی۔

اس میں اس بات کی طرف بھی اشارہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم غنائم کے تقسیم کرنے میں کوئی مصلحت ملحوظ رکھیں یا قوم اور رفاہِ عام کے لئے اس میں سے کوئی حصہ بیت المال میں جمع کریں یا کسی وجہ سے تقسیم غنائم میں دیر ہو تو تم منافقوں کے کہنے سے اپنے نبیؐ کی طرف ایسی بدگمانی ہرگز جائز نہ رکھیو۔ منافق عبداللہ بن اُبیّ وغیرہ ایسے ایسے شبہات مسلمانوں کے دل میں ڈالا کرتے تھے۔ اور یہ ضروری ہے کہ جب سردار کی نسبت ناجائز بدگمانیوں کا دروازہ کھلتا ہے تو انجام کار بغاوت اور پھوٹ پڑکر قوم اور ملت کی شوکت اور برکت جاتی رہتی ہے یا اہلِ اسلام کو اپنے سرداروں اور پیشواؤں کی نسبت ادب ملحوظ رکھنا تعلیم فرمایا۔ یأت بما غلّ اس میں عموماً ہر قسم کی خیانت کی برائی ہے اور عام امت کو تعلیم ہے کہ نہ مال میں خیانت کریں نہ رازداری میں نہ احکام الٰہی میں اس بارِ امانت میں جو روزِ ازل بنی آدم کے سر پر دھرا گیا ہے نہ اپنے حاکم اور سردار کی اطاعت میں نہ بیوی میاں کے مال و آبرو اور عصمت میں خیانت کرے۔ اور اس میں اس طرف بھی اشارہ ہے کہ قیامت کو انسان کے اعمال متشکل ہو کر آویں گے جیسا کہ ہم نے مقدمہ میں بیان کیا ہے۔ اس کے بعد خدا تعالیٰ نے اس بات کی کہ نبیؐ کی شان خیانت نہیں تاکید کرتا ہے کہ نبیؐ ہمیشہ رضامندیٔ الٰہی کے تابع ہوتا ہے اور خیانت کرنے والا ناراضی حاصل کر کے جہنم میں ٹھکانا بناتا ہے سو کیا یہ دونوں برابر ہو سکتے ہیں؟ یعنی برابر نہیں ہو سکتے تو پھر یہ دونوں وصف متنافیین کیوں کر جمع ہو سکتے ہیں۔ جب انسان کی روح پر تجلّیٔ ذاتی ہوتی ہے اور کدورات بشریہ کو آبِ عصمت سے دھویا جاتا ہے تو اس سے ہرگز معصیت سرزد نہیں ہو سکتی یہاں سے آنحضرت علیہ السلام کا معصوم ہونا پایا گیا۔ پھر فرماتا ہے کہ یہ اہلِ اصلاح خدا تعالیٰ کے نزدیک باعتبارِ استعدادِ نفوس کے سعادت اور کمال کے مختلف درجوں پر ہیں۔ پھر تنبیہ کرتا ہے کہ خدا تعالیٰ بندوں کے اعمال دیکھ رہا ہے اس سے ہر شخص کو ہر وقت ڈرنا چاہیئے۔ امانت ملحوظ

Marfat.com

رکھنے کے لئے یہ جملہ کیا ہے تاکید اور مضمون کی لہر ہے۔

لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ

بیشک اللہ تعالےٰ نے ایمانداروں پر بڑا ہی احسان کیا جب

بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ

ان میں انہی میں کا رسول ؐ بھیجا جو

يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَ

ان کو اسکی آیتیں پڑھ کر سناتا ہے اور ان کو پاک کرتا ہے اور

يُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۚ وَاِنْ كَانُوْا

ان کو کتاب اور حکمت سکھاتا ہے، اور بے شک اس سے

مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ (۱۶۴)

پہلے تو وہ صریح گمراہی میں پڑے ہوئے تھے۔

ترکیب

اذ ظرف ہے من کا۔ انفسہم صفت ہے رسولاً کی یتلوا اور یزکیہم اور یعلمہم الکتاب جملہ حال ہیں رسولاً سے وان مخففہ ہے مثقلہ سے۔

تفسیر

فرمایا تھا کہ نبی ؐ کی شان غلول و خیانت نہیں۔ یہاں اس بات کو اور بھی ثابت کرتا ہے کہ خدا تعالےٰ نے تو تم پر رسول بھیج کر (جو تم میں پیدا ہوا ہے جس کے وقائع عمر یہ سے تم خوب واقف ہو کہ اُس نے کبھی کوئی خیانت نہیں کی نہ کبھی جھوٹ بولا نہ دنیا کی محبت اُس کی طرف آئی اور وہ اہلِ ایمان کو کتابِ الٰہی بھی پڑھ کر سناتا ہے اور اُن کو پاک کرتا ہے اور حکمت سکھاتا ہے اور اس سے پہلے جو کچھ عرب کی حالتِ خراب تھی ظاہر ہے) بڑا احسان کیا ہے پھر یہ احسان اور اصلاحِ ملک جو تم نے دیکھی کبھی خائن کے بھیجنے سے بھی حاصل ہو سکتی ہے؟۔

فائدہ

واضح ہو کہ خدا تعالےٰ نے انسان کو عقل عطا کی ہے کہ جو اس کو نیک و بد تمیز کر کے دکھاتی ہے مگر اُس کے ساتھ ہی اس عقل و ادراک کا محل جسم خاکی بنایا جس کا اثر طبعی تاریکی اور توہمات ہیں جیسا کہ ہم ہر روز مشاہدہ کرتے ہیں اس لئے عقل کا رہنما الہام قرار پایا جس طرح کہ آنکھ میں بصارت رکھی ہے مگر وہ بغیر مدد آفتاب یا اور کسی روشنی کے نکمّی ہے۔ یہی حال عقل اور الہام کا ہے۔ اس لئے خدا تعالےٰ نے دنیا میں رسولوں کی جماعت بھیجی تاکہ کسی کو کچھ عذر باقی نہ رہے لئلا یکون للناس علی اللہ حجۃ بعد الرسل۔ اور جب شریعت میں کچھ فرق آیا یا زمانہ کی مصلحت کے موافق کچھ تبدّل و تغیّر مقصود ہوا تو ایک رسول کے بعد دوسرا رسول آیا کیا یہاں تک کہ اخیر زمانہ میں جب کہ حضرت مسیح علیہ السّلام آچکے اور اُن کی شریعت اور کتاب میں لوگوں نے سخت تبدّل و تغیر کر دیا (جیسا کہ پولوس اپنے زمانہ میں کہتا ہے) اور عرب میں بُت پرستی اور زنا کاری اور قزاقی کا بازار گرم ہوا اور ادھر ایران اور ہند وغیرہ ملکوں میں بُت پرستی اور توہمات باطلہ کے اتباع نے سخت رواج پایا تو تمام عالم کی اصلاح کے لئے عالیجناب حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلّم کو ملکِ عرب سے مبعوث کیا اور پھر سب سے اوّل عرب کو من انفسہم ہونے کی وجہ سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت پر یقین کامل آگیا چند وجہ سے (۱) یوں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم انہی کے شہر میں پیدا ہوئے وہ لوگ ابتدائے عمر سے لے کر اخیر تک آپ کے چال چلن سے خوب واقف تھے کبھی سوائے پاکدامنی اور راستبازی اور ترک حُبِّ دنیا اور گوشہ نشینی اور خدا پرستی اور راست گوئی کے اور کچھ نہیں دیکھا پھر جب ایسا شخص ایک ایسا دعویٰ کرے کہ جس میں نہ کوئی دنیا کا مطلب تھا نہ آرام نفس تھا بلکہ سینکڑوں بلاؤں کا مقابلہ تھا سوائے سچ کے اور کیا گمان کیا جاوے؟ (۲) بعد نبوّت کے کفّار نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو مال دینا چاہا، حسین و جمیل عورتیں دینے کا وعدہ کیا کہ آپ اس دعوائے نبوّت سے باز آئیں مگر آپ نے بجائے اس کے فقر و فاقہ پر قناعت کی، برادری اور اہلِ شہر کے ہزاروں تکلیفیں

Marfat.com

اُٹھائیں ظلم پر ظلم برداشت کے اگر خدا نخواستہ آپ اپنے دعوے میں جھوٹے ہوتے اور دنیا کا کوئی لالچ یا کسی شہوانی خواہش میں کامیابی مقصود ہوتی تو کبھی اُس پر قائم نہ رہتے۔ (۳) مدینہ طیبہ میں جانے کے بعد اور ہر قسم کا غلبہ اور اقتدار پانے کے بعد بھی آپ کی وہی حالت رہی جو پہلے تھی وہی عبادت وہی ترکِ دنیا وہی فروتنی، مساکین کو تقسیم کرکے آپ فقر و فاقہ سے گزراں کرنا وہی راتوں کو محبتِ الٰہی میں جوش و درد سے رونا۔ (۴) ابتدائے عمر سے لے کر اخیر تک سینکڑوں کرامتیں اور معجزات دیکھے یہ سب باتیں من انفسہم سے علاقہ رکھتی ہیں جس پر خدا تعالےٰ عرب کو اپنا احسان یاد دلاتا ہے اور من انفسہم کے معنے اگر نوعِ انسان لے جائیں تو کُل بنی آدم اور بنی اسمٰعیل و ابراہیم کا فخر ہیں۔ اس کے بعد سب سے بڑا معجزہ جو تمام بنی آدم نے دیکھا اور جس کا اب بھی کوئی انکار نہیں کرسکتا ذکر فرماتا ہے وہ یہ کہ عرب کی جو اس وقت حالت ذلیل و خراب تھی کسی کی نہ ہوگی وہ لوگ محض وحشی جاہل شہوت پرست درندہ تھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو آیاتِ الٰہی سُنا کر مزکّٰی کردیا ہر وحشی جاہل علم اور اخلاقِ حمیدہ کا سرچشمہ ہوگیا۔ صحابہؓ کی تاریخ سے اس کا بخوبی ثبوت ہوسکتا ہے اور پھر اُن کو کتاب اور حکمت سکھا کر تمام بنی آدم کے لئے حکیم اور معلم کردیا۔ چنانچہ جہاں جہاں صحابہؓ گئے توحید اور خدا پرستی اور راستبازی کے آفتاب نے اُن ملکوں کو منور کردیا۔

أَوَلَمَّا أَصَابَتْكُم مُّصِيبَةٌ قَدْ أَصَبْتُم
کیا جب تم پر کوئی مصیبت آپڑی، حالانکہ اس سے دوچند مصیبت
مِّثْلَيْهَا ۙ قُلْتُمْ أَنَّىٰ هَٰذَا ۖ قُلْ هُوَ
تم (بھی) اُنکو پہنچا چکے ہو، تو یہ کہتے ہو کہ یہ کہاں سے آگئی؟ (اے نبی ﷺ) کہدو یہ (مصیبت)
مِنْ عِندِ أَنفُسِكُمْ ۗ إِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ
تمھارے اپنے ہی کرتوتوں سے آئی ہے، بیشک اللہ تعالےٰ ہر چیز پر

ف یعنی بدر میں تم کفار پر دوچند مصیبت ڈال چکے ہو اب اُحد کی

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿١٦٥﴾ وَمَا أَصَابَكُمْ يَوْمَ
قادر ہے۔ اور جو کچھ مصیبت تم کو دونوں
الْتَقَى الْجَمْعَانِ فَبِإِذْنِ اللَّهِ وَلِيَعْلَمَ
لشکروں کے مقابلہ کے دن پہنچی تو اللہ تعالیٰ کے اذن سے پہنچی اور
الْمُؤْمِنِينَ ﴿١٦٦﴾ وَلِيَعْلَمَ الَّذِينَ نَافَقُوا ۚ
اس لئے بھی کہ خدا تعالیٰ کو ایمانداروں اور منافقوں کو معلوم کرنا تھا۔
وَقِيلَ لَهُمْ تَعَالَوْا قَاتِلُوا فِي سَبِيلِ
اور (اُن سے) کہا گیا کہ آؤ اللہ تعالےٰ کی راہ میں لڑو یا (دشمنوں کو)
اللَّهِ أَوِ ادْفَعُوا ۖ قَالُوا لَوْ نَعْلَمُ قِتَالًا
دفع کرو۔ (تو) کہدیا کہ اگر ہم لڑنا جانتے تو تمھارے
لَّاتَّبَعْنَاكُمْ ۗ هُمْ لِلْكُفْرِ يَوْمَئِذٍ أَقْرَبُ
پیچھے ہی نہ ہولیتے۔ وہ اُس روز بہ نسبت ایمان کے کفر سے نزدیک تر
مِنْهُمْ لِلْإِيمَانِ ۚ يَقُولُونَ بِأَفْوَاهِهِم
تھے۔ اپنے مُنہ سے وہ بات کہتے ہیں
مَّا لَيْسَ فِي قُلُوبِهِمْ ۗ وَاللَّهُ أَعْلَمُ
جو اُن کے دلوں میں نہیں ہے۔ اور اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے جو کچھ
بِمَا يَكْتُمُونَ ﴿١٦٧﴾
کہ وہ (دل میں) چھپا رہے ہیں۔

ترکیب

لما کلمۂ تقیید بمعنے شرط اصبتم الخ موضع رفع میں صفت ہے مصیبۃ کی قلتم الخ جملہ شرطیہ اور تمام جملہ محل استفہام یا محض جواب و ما بمعنے الذی جملہ مبتدا فباذن اللہ خبر ولیعلم معطوف ہے محذوف پر للکفر اور للایمان کلام اقرب سے متعلق ہے یقولون جملہ مستانفہ ہے اور حال بھی

لڑائی میں جو کچھ تم پر مصیبت آگئی تو کہتے ہو کہ یہ کیوں آئی اور کہاں سے آئی حالانکہ یہ تمھاری نافرمانی سے آئی ہے اور نافرمانی کا یہ حال تھا کہ جب منافقوں کو جنگ میں شریک ہونے کو کہا گیا کہ چلو لڑیں اور یہ نہیں تو اپنے شہر سے ہٹا ہی دیں تو حیلہ کرنے لگے کہ ہمیں لڑنا نہیں آتا اہ منہ

Marfat.com

ہوسکتا ہے ضمیر اقرب سے ای قربوا الی الکفر قاتلین۔

تفسیر

پہلے منافقین کے اوّل شبہ کا جواب دیا کہ نبی کی شان خیانت نہیں یہاں منافقین کے دوسرے شبہ کا جواب دیتا ہے جو کہ وہ ضعفاءِ اہلِ اسلام کے دل میں اُحد کے ہزیمت سے ڈالتے تھے وہ یہ کہ اگر یہ رسولؐ برحق ہیں تو اُن کو اُحد کے روز ہزیمت کیوں ہوئی؟ اور باوجود وعدۂ غلبۂ اسلام کے یہ مصیبت کہاں سے آئی؟ چونکہ خدا تعالےٰ کو اپنے اس لشکرِ صحابہؓ سے آئندہ بہت کچھ کام لینا تھا اور جنگوں میں ہر چند صحابہؓ کو خارقِ عادت فتوحات بھی نصیب ہوئیں مگر کبھی شکست بھی ہونا عالم اسباب کے مقتضیات سے ہے اس لئے منافقوں کے اقوال نقل کرکے آئندہ کے لئے مسلمانوں کو پکا کر دیا کہ اگر پھر کبھی ایسی صورت پیش آئے تو مذبذب اور بودے دل کے نہ ہوجائیں۔ کامل عزیمت کے یہ معنے ہیں کہ اگر کسی کام میں سَو بار بھی ناکامی ہو پھر بھی وہ ہمت بندھی رہے اور ہمت کا قائم رہنا فتحمندی اور کامیابی کی دلیل ہے۔ عبداللہ بن اُبیؓ وغیرہ کہتے تھے کہ یہ مصیبت کیوں آئی؟ اللہ تعالےٰ فرماتا ہے کہ تم تو اس سے دوچند ہزیمت خاص بدر اور اُحد کے روز مخالفوں کو دے چکے ہو پھر یہ کہتے ہو کہ یہ کہاں سے آئی؟ اے نبیؐ! کہدو کہ یہ تمہاری شامتِ اعمال اور نافرمانی سے آئی۔ خدا تعالےٰ ہر چیز پر قادر ہے۔ پھر توضیح کرتا ہے کہ مقابلہ کے روز جو کچھ پیش آیا وہ مقدّر تھا اُس میں مخلصین اور منافقین کا امتحان مقصود تھا۔ پھر اُس روز کی کی کیفیت جو منافقوں سے ظہور میں آئی بیان فرما کر اُن پر کوڑا اسا مارتا ہے وہ یہ کہ جب مقابلہ کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نکلے تو عبداللہ بن اُبیؓ کی رائے یہ تھی کہ شہر سے باہر نہ نکلو۔ گرچہ وہ بھی لشکرِ اسلام میں شامل ہوکر نکلا مگر عین مقابلہ کے وقت مع تین سَو آدمیوں کے بھاگ پڑا جب اُس سے عبداللہ ابن عمرو بن حرام انصاریؓ نے کہا کہ اے بھلے مانس! تو ہمیشہ سے دعویٰ اسلام کیا کرتا تھا اب خدا تعالیٰ کی راہ میں لڑ اور اگر اسلام پر تیرا عقیدہ نہیں تو پاسِ شہر اور برادری سے ہی مخالفوں کو ہٹا۔ اُس نے کہا صاحب ہم کو لڑنا نہیں آتا اگر آتا تو ہم تمہارے تابع رہتے۔ یہ بات اس نے بطورِ طعن کے کہی تھی کہ میرا کہنا کیوں نہ مانا۔ اللہ تعالےٰ فرماتا ہے کہ یہ لوگ اُس روز بہ نسبت ایمان کے کفر کے زیادہ قریب تھے۔ کیونکہ ان کے بھاگنے سے کفر کو مدد ملی اور یہ باتیں صرف زبان سے کہتے ہیں دل میں کفر پوشیدہ ہے اللہ تعالےٰ اُس سے خوب واقف ہے۔

الَّذِيْنَ قَالُوْا لِاِخْوَانِهِمْ وَقَعَدُوْا
(یہ وہی لوگ ہیں) جنھوں نے (گھروں میں) بیٹھ کر اپنے بھائیوں کی نسبت (یہ)

لَوْ اَطَاعُوْنَا مَا قُتِلُوْا ؕ قُلْ فَادْرَءُوْا
کہا تھا کہ اگر وہ ہمارا کہنا مانتے تو قتل نہ کئے جاتے۔ (اے نبیؐ! ان سے کہدو) تم اپنے

عَنْ اَنْفُسِكُمُ الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ
اوپر سے (ہی) موت کو ٹال دینا اگر تم (اپنی بات کے)

صٰدِقِيْنَ ﴿۱۶۸﴾ وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ
سچے ہو۔ (اے مخاطب) اور جو لوگ اللہ کی راہ میں مارے گئے

قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا ؕ بَلْ
ہیں آپ اُن کو مُردہ خیال نہ کرنا بلکہ

اَحْيَآءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ ﴿۱۶۹﴾ فَرِحِيْنَ
وہ زندہ ہیں اپنے رب کے پاس سے روزی پاتے ہیں (اور) جو

بِمَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۙ وَيَسْتَبْشِرُوْنَ
کچھ ان کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے دے رکھا ہے اس پر خوش ہیں

بِالَّذِيْنَ لَمْ يَلْحَقُوْا بِهِمْ مِّنْ خَلْفِهِمْ ۙ
اور وہ ان لوگوں کی طرف سے بھی کہ جو ابھی پیچھے (دنیا میں زندہ ہیں اور) ابھی ان میں جا کر

اَلَّا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۱۷۰﴾
کہ ان پر کچھ بھی خوف نہیں نہ ان کو کوئی غم ہوگا۔

يَسْتَبْشِرُوْنَ بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ ۙ
خدا تعالےٰ کی نعمت سے اور فضل سے

وَاَنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ (۱۷۱)

اور اس بات سے کہ اللہ کسی ایماندار کا اجر ضائع نہیں کرتا خوشیاں مناتے ہیں۔

ترکیب

الذین الخ صفت ہے الذین نافقوا کی لو اطاعونا شرط ما قتلوا جواب جملہ مقولہ قالوا کا الذین قتلوا مفعول اوّل لا تحسبنّ کا امواتا مفعول ثانی ۔ یرزقون صفت احیاء ویستبشرون معطوف ہے فرحین پر کیونکہ اسم فاعل اس جگہ مشابہ فعل مضارع ہے من خلفہم متعلق ہے یلحقوا سے الاخوف ای بان لاخوف علیہم۔ ان مصدریہ ہے اور موضع جملہ کا بدل ہے الذین سے بدل الاشتمال۔

تفسیر

یہ بھی منافقوں کا ایک شبہ مسلمانوں کو جہاد فی سبیل اللہ سے روکنے کے لئے تھا کہ وہ اپنے اُن بھائیوں کی نسبت جو کہ جنگ میں شہید ہو گئے یہ کہا کرتے تھے کہ اگر وہ ہمارا کہا مانتے تو مارے نہ جاتے چونکہ حیات ایک مرغوب چیز اور مرنے سے ڈرنا ایک طبعی بات ہے پھر جب اُس کو اس شبہ سے قوت دی جائے تو خواہ مخواہ گھر میں چھپ کر بیٹھنے کو دل چاہے گا۔ اس لئے خدا تعالیٰ نے اس کا جواب دیا کہ ان سے یہ کہدو کہ اگر تم اپنے دعوے میں سچے ہو تو بھلا گھر بیٹھے تم موت سے بچ جاؤ۔ تمام امور جو عالم حسّی میں سرزد ہوتے ہیں اور ظہور کرتے ہیں وہ عالم مثالی میں ثابت ہو چکتے ہیں وہ ظاہر ہو کر ہی رہیں گے۔ اسی طرح موت کا بھی وقتِ معین ہے خواہ اس وقت گھر میں ہو یا جنگ میں ضرور مرے گا خواہ مُفت نامردی اور بد نصیبی کا دھبّہ لگالے یا جوانمردی اور سعادت کا مرتبہ حاصل کرلے۔ اس کے بعد یہ بتلایا جاتا ہے کہ اچھا اگر وہ مر گئے تو کیا خسارہ میں ہے۔ آخر چند روز کا پیش و پس ہے ورنہ سب کو مرنا ہے پھر اس سے کون خوش نصیب زیادہ ہے جو اللہ تعالیٰ کی راہ میں مارا جائے۔ اس لئے اب خدا تعالیٰ شہیدوں کے درجات بیان فرماتا ہے کہ اے مخاطب! تو ان لوگوں کو جو کہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں قتل کئے گئے ہیں یہ نہ سمجھو کہ وہ مر گئے بلکہ وہ اپنے خدا تعالیٰ کے پاس زندہ ہیں اور یہ زندگی کچھ فرضی نہیں جیسا کہ نیک نام کو لوگ مجازاً زندہ کہدیا کرتے ہیں اس معنی سے کہ لوگوں میں اس کا نام زندہ ہے بلکہ ان کو حیاتِ جاودانی اور حقیقی زندگی ہے وہ یرزقون روزی دیئے جاتے ہیں اور وہ روزی مشاہدۂ انوار اور خدا تعالیٰ کی تجلّی اور جنت کی بیشمار نعمتیں ہیں اور اس کے سوا اُن کو وہاں ہر وقت خدا تعالیٰ کی بے شمار نعمتوں سے فرحت اور سرور بھی ہے اور جو لوگ اُن کے اقارب اور دوستوں میں سے ابھی نہ زندہ ہیں اور اُن کو اُن کی طرف سے فکر ہے کہ دیکھئے وہ کیسے اعمال کرتے ہیں اور مر کر کہاں جاتے ہیں جیسا کوئی مسافر منزل سخت اور ہولناک طے کر کے اپنے مقام پر جہاں ہر قسم کا آرام ہے پہنچ جائے اور اس کے متعلق لوگ پیچھے ہوں اور اُس کو فکر ہو کہ دیکھئے منزل کیونکر طے کرتے ہیں۔ سو ان کو وہاں خوشی سُنائی جاتی ہے کہ تمہاری برکت سے اُن پر بھی کچھ خوف و غم نہیں وہ بھی تمہارے ہی پاس آتے ہیں (عالم روحانی میں ان احیاء کو دنیا کا علم اور اشتیاق بھی رہتا ہے) اور یہ بھی مُژدہ سُنایا جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ مومنوں کے اجر اور دینی خدمت کو ضائع نہیں کرتا۔ تم اپنی نوکری پوری کر چکے ہو اب تم پر رحمت ہے۔

فوائد

(۱) شہیدوں کے زندہ ہونے سے ابوالقاسم وغیرہ معتزلہ نے یہ مُراد لی ہے کہ وہ قیامت کو زندہ کئے جاویں گے کیونکہ منافق بعث و حشر کے قائل نہ تھے سو وہ اس موت کو رائیگاں سمجھتے تھے اس لئے خدا تعالیٰ نے اُن کے قول کو رد کر دیا۔

اہل سنت کے نزدیک یہ قول غلط ہے کس لئے کہ خدا تعالیٰ ان کو احیاء (یعنی بالفعل زندہ ہیں) فرما رہا ہے اور اسی طرح کبھی بالذین لم یلحقوا بہم سے یہ مراد لیتے ہیں کہ شہید تو جنت میں پہلے

Marfat.com

جاویں گے مگر جو لوگ ہنوز جنت میں داخل نہ ہوئے ہوں گے اُن کی طرف سے اُن کو فکر ہوگی سو اس لئے اُن کو بشارت دی جائے گی کہ وہ بھی تمھارے پاس آتے ہیں۔ یہ توجیہ بھی بناء الفاسد علی الفاسد ہے وہ احادیث جو شہیدوں کے بالفعل زندہ ہونے پر دلالت کر رہی ہیں حدِ تواتر کو پہنچ گئی ہیں صحاح و دیگر کُتبِ حدیث اُن سے مالا مال ہیں۔

(۲) بعض حمقاء نے اس سے مجازی معنے مراد لئے ہیں کہ اُن کا نام زندہ رہتا ہے کیونکہ قوم اور ملّت پر قربان ہوئے ہیں مگر یہ بھی لغو۔ کیونکہ سیاق اور سباقِ کلام اور احادیث اور اجماعِ امت کے برخلاف اور تاویلِ باطل ہے۔ پھر جو ان کو بالفعل زندہ مانتے ہیں بعض علماء یہ کہتے ہیں کہ اُن کے اسی جسم میں حیات دی جاتی ہے شاید اس سے یہ مُراد ہو کہ شہیدوں کی روحانیت اور بقاء باللہ کا اثر بعض اوقات اُن کے اجسام تک بھی پہنچتا ہے اس لئے سینکڑوں برسوں کے بعد جو کبھی شہیدوں کی لاشیں برآمد ہوئی ہیں تو اُن کا جسم بھی تر و تازہ پایا گیا ہے۔ چنانچہ امام مالکؒ نے موطأ میں لکھا ہے کہ اُحد کے پہاڑ کے نیچے جو برساتی نالہ بہتا ہے ایک بار جو اُس نے زور کیا تو جنگِ اُحد کے بعض شہیدوں کی لاش نکلی جس سے بدستور خون جاری تھا اور یہ معاملہ بنی امیہ کے عہدِ سلطنت میں ہوا ہے۔ اور یہی سرّ ہے کہ انبیاء اور اولیاء علیہم السّلام کی لاشوں میں بھی وہ اثر ہو جاتا ہے کیوں نہ ہو پھول کا اثر مٹی میں ہو جاتا ہے رُوح تو بڑی چیز ہے۔

جمہور اہلِ سنت والجماعت کا یہ قول ہے کہ ان کو حیاتِ روحانی نصیب ہوتی ہے یوں تو ہر شخص کافر و مومن کی روح نہیں مرتی کس لئے کہ اصل انسان روح کا نام ہے کہ جو ایک جوہر لطیف ہے اور جس کا علاقہ جسم سے وہ ہے جو آگ کا لکڑی دہکتی سے یا خوشبو کا پھول سے یا علاقہ تدبیر و تصرّف اور مرکّب کا ہے جس کو موت کہتے ہیں اُس سے وہ علاقہ جسمی منقطع ہو جاتا ہے اور روح قائم و سالم دوسرے عالم میں منتقل ہو جاتی ہے ہاں جو کافر و منافق یا گنہگار ہیں وہاں اُن کی روح اپنے اعمال کے اُس رنگ سے جو دنیا میں اُس پر چڑھا تھا عذاب پاتی ہے جہنم کی آگ میں جلتی ہے اور جو ابرار اور نفوسِ قدسیہ ہیں وہ انوارِ الٰہیہ اور عالمِ نورانی میں مسرور ہوتے ہیں اور مشاہدۂ جمال سے لذّت اُٹھاتے ہیں اور اُن کی روح اپنے جسمِ لطیف کے ساتھ جنت اور عالمِ قدس کے باغوں میں جہاں چاہتی ہے عیش مناتی پھرتی ہے۔ چنانچہ وہ جو احادیث میں آیا ہے (کہ شہیدوں کی روح سبز پرندوں کے قالب میں آشیانۂ عرش میں رہتی ہے اور جنت میں جہاں سے چاہتی ہے کھاتی پیتی ہے) اُس سے یہی مراد ہے بلکہ کبھی اس عالم میں بھی صورتِ جسدانیہ میں سیر کر جاتی ہیں جیسا کہ ثقات کو بارہا مشاہدہ ہوا ہے چونکہ جسم سے علاقہ منقطع ہو جاتا ہے اس لئے اُن کے مال میں میراث جاری ہوتی ہے اور ان کے بعد ان کی بیویوں سے نکاح درست ہو جاتا ہے سو ابرار کا اُس عالمِ سرور میں جانا اصل زندگی ہے اسی لئے ان کو بالتخصیص زندہ کہہ سکتے ہیں خصوصاً شہید فی سبیل اللہ کو جو اپنی حیات کو اللہ تعالےٰ کی نذر کر دیتا ہے اس لئے اس کو حیاتِ ابدی اُس کے بدلہ نصیب ہوتی ہے کیا خوب کہا ہے کسی نے ؎

کُشتگانِ خنجرِ تسلیم را + ہر زمان از غیب جانے دیگر است

(۳) خدا تعالیٰ نے یسعیاہ نبی کی معرفت جیسا کہ کتابِ یسعیاہ کے بیالیسویں باب میں ہے کہ حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم کی نسبت یہ خبر دی ہے (۱) دیکھو میرا برگزیدہ جس سے میرا جی راضی ہے وہ قوموں کے درمیان عدالت جاری کرے گا۔ (۲) وہ بازاروں میں نہ چلّائے گا، ملخصاً (۴) اُس کا زوال نہ ہوگا اور نہ مسلا جائیگا جب تک کہ راستی کو زمین پر قائم نہ کرے الخ (۵) خداوند الخ یوں فرماتا ہے۔ (۶) کہ تو اندھوں کی آنکھیں کھولے اور قیدیوں کو قید سے نکالے۔ کہہ یہودا میرا نام ہے اپنی شوکت غیر کو نہ دونگا جو ستائش میرے لئے ہوتی ہے میں وہ کھدی ہوئی مورتوں کے لئے نہ دوں گا۔ (۱۱) بیابان اور اُس کی بستیاں

لہ ملک عرب

قیدار کے آبادیہ بہات اپنی آواز بلند کریں گے پہاڑوں کی چوٹیوں پر سے للکاریں گے وہ خداوند کا جلال ظاہر کریں گے خداوند ایک بہادر کی مانند نکلے گا وہ جنگی مرد کی مانند اپنی غیرت کو جوش میں لائے گا وہ چلائے گا ہاں وہ جنگ کے لئے للکارے گا وہ اپنے دشمنوں پر بہادری کرے گا، الخ۔ اس بشارت میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے عہدِ مبارک کی صاف تصریح ہے اور اس حکمت نو امیہ کی طرف بھی اشارہ ہے کہ جو جہاد سے مقصود ہے وہ یہ کہ جس طرح مالکِ باغ اپنے باغ کو باغبان سے چھٹوا تا ہے اور جو کانٹے اور ناقص گھانس آگ آتی ہے بے ساختہ ان کو جڑ سے اکھاڑ پھینکتا ہے اسی طرح مخلوقِ الٰہی میں جب وعظ و پندِ انبیاء سے کام نہیں نکلتا تب اخیر میں ایک آسمانی سلطنت قائم کرتا ہے اور اپنے پیغمبر کو اس کام کے لئے مبعوث کر کے بت پرستی کے خس و خاشاک کو اکھڑوا دیتا ہے سو اس لئے قرآن میں جا بجا جہاد کی تاکید ہوئی اور وہ اس لشکر کی تنخواہ اجرِ آخرت اور درجۂ شہادت اور کبھی کچھ غنیمت اور ملک و قوم کی شوکت تو ار پائی۔

اَلَّذِیْنَ اسْتَجَابُوْا لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ

جن لوگوں نے زخم پہنچنے کے بعد (بھی) اللہ تعالےٰ اور

مِنْۢ بَعْدِ مَاۤ اَصَابَهُمُ الْقَرْحُ ۛ لِلَّذِیْنَ

رسول کا حکم مانا۔ اُن میں سے جنھوں نے

اَحْسَنُوْا مِنْهُمْ وَاتَّقَوْا اَجْرٌ عَظِیْمٌ ﴿۱۷۲﴾

نیکی اور پرہیزگاری (کی دل کے) اجرِ عظیم ہے۔

اَلَّذِیْنَ قَالَ لَهُمُ النَّاسُ اِنَّ النَّاسَ

یہ وہ لوگ ہیں کہ جن کو لوگوں نے (آ کر) کہا تھا کہ لوگ

قَدْ جَمَعُوْا لَكُمْ فَاخْشَوْهُمْ فَزَادَهُمْ

جمع ہو رہے ہیں سو اُن کو ڈرایا (اس سے) اُن کا کا اور بھی ایمان

اِیْمَانًا ۖ وَّقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ

بڑھ گیا اور انھوں نے (یہ) کہا کہ اللہ ہم کو کافی ہے اور (وہی) اچھا

الْوَكِیْلُ ﴿۱۷۳﴾ فَانْقَلَبُوْا بِنِعْمَةٍ مِّنَ

کارساز ہے۔ سو یہ (ایمان والے) خدا تعالےٰ کی نعمت اور فضل

اللّٰهِ وَفَضْلٍ لَّمْ یَمْسَسْهُمْ سُوْٓءٌ ۙ وَّاتَّبَعُوْا

کے ساتھ واپس آئے (اور) ان کو کچھ بھی ضرر نہ پہنچا۔

رِضْوَانَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ ذُوْ

اور اللہ تعالےٰ کی رضامندی پر چلے۔ اور اللہ تعالےٰ بڑا

فَضْلٍ عَظِیْمٍ ﴿۱۷۴﴾

فضل کرنے والا ہے۔

ترکیب

الذین استجابوا موضعِ جر میں صفت ہے المؤمنین کی۔ اجر عظیم مبتدا مؤخر للذین احسنوا منہم خبر الذین قال لہم بدل ہے الذین استجابوا سے حسبنا ای محسبنا مبتدا اللہ خبر او العکس نعمۃ من اللہ او لم یمسسہم بھی حال ہے ضمیر انقلبوا سے واتبعوا معطوف ہے انقلبوا پر۔

تفسیر

پہلی آیت میں شہیدوں کی مدح کے بعد یہ تھا کہ خدا تعالےٰ مؤمنوں کے اجر ضائع نہیں کرتا۔ یہاں اُن مؤمنوں کی تشریح کرتا ہے کہ وہ کون لوگ ہیں یہ نہیں کہ برائے نام اسلام اختیار کر کے ان درجوں کا اپنے تئیں مستحق سمجھ بیٹھے اور اس میں اس طرف بھی اشارہ ہے کہ جو لوگ شہید ہو گئے ہیں وہ تو منزلِ مقصود کو پہنچ ہی گئے مگر جو اس جماعت کے لوگ زندہ ہیں وہ بھی انہی میں شمار ہیں۔ فرماتا ہے کہ مؤمنِ کامل وہ لوگ ہیں کہ جو ہزیمت کھا کر زخم اُٹھا کر بھی اللہ تعالےٰ اور رسول

---

۱ قیدار حضرت اسمٰعیل کا بڑا بیٹا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا جدِ اعلیٰ ہے یہ صاف تصریح آنحضرت کی ہے کیونکہ بنی قیدار میں سے سوا آپ کے اور کوئی اس کا مصداق نہیں گزرا ۱۲ منہ ۲ یعنی حج اور جہاد میں تکبیر کہیں گے ۱۲ منہ ۳ حج میں صفا و مروہ پر للکار کر تکبیر پڑھتے ہیں ۱۲ منہ ۴ من للبیان او للتبعیض منہ

Marfat.com

کی اطاعت کو موجود ہیں۔ پھر فرماتا ہے کہ اُن کے لئے اجرِ عظیم ہے کیونکہ انھوں نے اوامر پر عمل کیا احسنوا، اور منہیات سے بچے اتقوا، اس مدح میں ایک واقعہ کی طرف اشارہ ہے وہ یہ کہ جب جنگِ اُحد میں مسلمانوں کو شکست ہوئی اور ستر آدمی شہید ہو گئے اور سینکڑوں زخمی ہوئے اور مشرکین چڑھے چلے آتے تھے اور چاہتے تھے کہ مسلمانوں کی لاشوں کی بے حرمتی کریں چنانچہ حضرت حمزہؓ کی لاش کی بے ادبی کی، کان ناک کاٹ کر شکل بگاڑی۔ اس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سنبھل کر پھر اہلِ اسلام کو پکارا تو باوجود اس شدت کے پھر دوڑے چلے آئے اور مشرکین کو ہٹا دیا۔ واقدیؒ وغیرہ اہلِ سیر یہ کہتے ہیں کہ اس کا سبب نزول یہ ہے کہ اُحد کی جنگ سے جب ابوسفیان مشرکین کا لشکر لے کر واپس چلا اور بمقام روحاء پہنچا تو اُس کے دل میں آیا کہ ہم نے بہت سے مسلمان قتل کئے اور بہت کو زخمی کیا اسوس کہ اُن کو بالکل نیست و نابود ہی کیوں نہ کیا پھر چلو اور کام تمام کر آؤ کیونکہ اب ان میں دم نہیں ہے۔ اُس کے اس ارادہ کی خبر نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو بھی پہنچ گئی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمانوں سے کہا ابوسفیان کے مقابلہ کے لئے چلو۔ منافقوں نے کہا کیا خوب یہ تو حال ہوا ہے پھر اُن سے لڑنے چلو۔ مگر مخلصینِ اہلِ اسلام باوجود زخموں کے کمر ہمت باندھ کر آمادہ ہو گئے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ستر صحابہؓ کو لے کر حمراء الاسد تک کہ جو مدینہ طیبہ سے تین میل ہے پہنچے ابوسفیان ڈر کر بھاگ گیا۔ یہ اُن مسلمانوں کی مدح ہے جو ساتھ گئے تھے۔ پھر الذین قال لہم الناس میں ایمانداروں کی دوسری مدح ہے اس میں بدرِ صغریٰ کے غزوہ کی طرف اشارہ ہے۔ تفصیل اس کی یہ ہے کہ اُحد کے روز جب ابوسفیان مکہ معظمہ کو واپس چلنے لگا تو پکار کر کہا اے محمدؐ! ہمارا تمھارا مقابلہ اب بدرِ صغریٰ کے موسم پر ہوگا۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے عمرؓ سے کہا کہدو منظور۔ جب وہ دن آئے اور ابوسفیان لوگوں کو مکہ سے اکٹھا کر کے مرالظہران تک آیا تو اُس کے دل میں مسلمانوں کی طرف سے رُعب آگیا اور وہ واپس پھر گیا اور نعیم بن مسعود اشجعی کو کچھ دینا کر کے مدینہ طیبہ میں اس لئے بھیجا کہ مسلمانوں کو کہہ کر ڈرا دے کہ تمھارے مقابلہ کے لئے بڑی فوجیں جمع ہو رہی ہیں یہ عقل کی بات نہیں کہ تم وہاں لڑنے کو جاؤ جب یہاں آکر تم کو قتل کیا وہاں جا کر کوئی زندہ واپس نہ آئے گا۔ منافق تو سُنکر کانپنے لگے مگر مخلصین مسلمان بالکل آمادہ ہو گئے اور یہ کہا کچھ پروا نہیں ہم کو اللہ تعالےٰ کافی ہے اور وہی ہمارا مددگار ہے۔ آخر ستر صحابہؓ کے ساتھ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم حسبِ وعدہ پہنچے۔ یہاں مخالفین میں سے کوئی بھی نہ ملا۔ اس مقام پر ایامِ جاہلیت میں ہر سال کئی روز تک خرید و فروخت کا میلہ لگا کرتا تھا۔ صحابہؓ نے وہاں جو کچھ بڑا دراہ لے گئے تھے اس کو فروخت کر کے دوچند نفع اُٹھایا اور ثواب آخرت لے کر یہ لوگ صحیح سلامت گھر آئے۔ قال لہم الناس سے مراد نعیم ہے ان الناس سے مراد مشرکین مکہ ہیں بنعمۃ من اللہ العافیۃ۔ اور فضل سے مراد نفع تجارت ہے لم یمسسہم سوء یعنی قتل وضرب کوئی بُرائی پیش نہ آئی واتبعوا رضوان یعنی اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کی۔ اس سے منافقین کے دل میں حسرت پیدا کرتا ہے۔

مسلمانوں کو تیار کیا غرض یہ ست تیار ہو گئے۔ درحضرت مکے ساتھ وہاں پہنچے وہاں کفار میں سے کسی کو بھی نہ پایا ابوسفیان کی خالی شیخی تھی۔ ان حکم برداروں کی ان آیات میں مدح کی جاتی ہے کہ وہ صحیح سلامت بھی آئے اور ان کو اجر بھی

منہ ۲ یہ بنی کنانہ کا تالاب یا کنواں تھا یہاں ہر سال خرید فروخت کے میلہ لگا کرتا تھا اور یہ جگہ مکہ اور مدینہ کے درمیان ہے ۱۲ منہ ۳ غزوہ اس لشکر کشی کو کہتے ہیں جس میں خود آنحضرتؐ بھی شریک ہوں اور سریہ وہ کہ جس میں خود شریک نہ

لہ یعنی بار بار لڑنے کے لئے تیار ہو گئے

اُحد کی لڑائی کے بعد جاتے وقت ابوسفیان سردارِ قریش یہ کہہ گیا تھا کہ اب ہم بدرِ صغریٰ پر پھر تم سے لڑنے کو فلاں فلاں وقت آئیں گے اس پر آنحضرت صلے

Marfat.com

إِنَّمَا ذٰلِكُمُ الشَّيْطٰنُ يُخَوِّفُ أَوْلِيَآءَهٗ
(یہ خبر دینے والا) تو صرف (ایک) شیطان تھا جو اپنے دوستوں کو ڈرایا کرتا ہے

فَلَا تَخَافُوهُمْ وَخَافُونِ إِن كُنتُم
سو تم ان سے نہ ڈرو اور مجھ ہی سے ڈرا کرو اگر تم ایماندار

مُّؤْمِنِينَ ﴿١٧٥﴾ وَلَا يَحْزُنكَ الَّذِينَ
ہو۔ اور (اے نبی ﷺ!) ان لوگوں سے کچھ غم نہ کرو کہ

يُسَارِعُونَ فِي الْكُفْرِ ۚ إِنَّهُمْ لَن يَضُرُّوا
جو کفر میں دوڑ دھوپ کر رہے ہیں۔ وہ خدا تعالیٰ کو کچھ بھی ضرر

اللَّهَ شَيْئًا ۗ يُرِيدُ اللَّهُ أَلَّا يَجْعَلَ لَهُمْ
نہ دے سکیں گے۔ اللہ تعالیٰ چاہتا ہے کہ آخرت میں ان کا کوئی حصہ

حَظًّا فِي الْآخِرَةِ ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ
بھی نہ رکھے۔ اور ان کو بڑا عذاب

عَظِيمٌ ﴿١٧٦﴾ إِنَّ الَّذِينَ اشْتَرَوُا الْكُفْرَ
ہو۔ جن لوگوں نے ایمان کے بدلے میں کفر خریدا

بِالْإِيمَانِ لَن يَضُرُّوا اللَّهَ شَيْئًا ۖ وَ
وہ اللہ تعالیٰ کو تو کچھ بھی ضرر نہ دے سکیں گے۔ اور

لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿١٧٧﴾ وَلَا يَحْسَبَنَّ
ان کے لئے عذاب الیم ہے۔ اور کافر یہ نہ سمجھیں کہ یہ

الَّذِينَ كَفَرُوا أَنَّمَا نُمْلِي لَهُمْ خَيْرٌ
جو ہم ان کو ڈھیل دے رہے ہیں کچھ ان کے حق میں

لِّأَنفُسِهِمْ ۚ إِنَّمَا نُمْلِي لَهُمْ لِيَزْدَادُوا
بہتر ہے۔ ہم صرف اس لئے ڈھیل دے رہے ہیں کہ وہ

إِثْمًا ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّهِينٌ ﴿١٧٨﴾
اور بھی گناہ کمائیں۔ اور ان کے لئے ذلت کا عذاب ہے۔

ف بعض معترض اعتراض کیا کرتے ہیں کہ خدا تعالیٰ کا لوگوں کے حق میں برائی پہنچانے کا ارادہ کرنا اس لئے ڈھیل دینا کہ وہ اور بھی گناہ کرکے زیادہ عذاب میں مبتلا ہوں اور نیز باوجودیہ فرمانا کہ ہم کو امتحان مقصود تھا یا ہم کو نیک اور بدوں کی آزمائش کرنی تھی اس کی شان اقدس اور علم ازلی کے خلاف ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ یہ سب

ترکیب

ذٰلکم مبتدا الشیطان خبر یخوف جملہ حال ہے الشیطان سے والعامل الاشارۃ ای یخوفکم باولیائہ او یخوف اولیاءہ۔ الذین کفروا فاعل لایحسبن الذین انما نملی لہم اجملہ قائم مقام دو مفعولوں کے۔

تفسیر

پہلے ذکر تھا کہ کفار اہل ایمان کو ڈراتے ہیں کہ تمہارے لئے فوجیں جمع ہو رہی ہیں۔ یہاں فرماتا ہے کہ یہ ڈرانے والا (یعنی نعیم بن مسعود ؓ یا جماعت کفار ابوسفیان وغیرہ) شیطان ہے کہ جو اپنے دوستوں یعنی مشرکین و کفار کی شوکت سے خدا تعالیٰ کے دوستوں کو ڈرایا کرتا ہے اور دل میں وسوسہ ڈالا کرتا ہے۔ یا یہ معنی کہ شیطان اپنے یاروں کو ڈرایا کرتا ہے یعنی اس کا گزر زیادہ انہی کے دل میں ہے وہیں زیادہ وسوسہ ڈالا کرتا ہے سو تم اس کے دوست نہیں ہو تم کیوں ڈرتے ہو تم مجھ سے ڈرو اگر سچے مؤمن ہو۔ اس کے بعد مشرکین کے کروفر اور منافقوں اور یہود کے خداع و مکر کی بے ثباتی بیان فرماتا ہے کہ اے نبی ﷺ! اے ہر مخاطب اہل ایمان تم کو ان کے اس کفر کی تیاری اور کوشش سے ہراساں نہ ہونا چاہیئے یہ سب ہیچ ہے جو کچھ اللہ تعالیٰ کو کرنا ہے وہی کر کے رہے گا یہ اس کے ارادے اور اس کے جاری کئے ہوئے دین میں کچھ بھی خلل اندازی نہ کر سکیں گے۔ خدا تعالیٰ کا کچھ بگاڑ سکیں گے یہ صرف اپنا ہی بگاڑ

مجازات و استعارات ہیں۔ بندہ جب اپنے اس اختیار و ارادے و قدرت خداداد کو بُرائی میں صرف کرتا ہے اور کسی ناصح کی بات نہیں مانتا جس سے اس پر بُرے نتائج پیش آتے ہیں تو ان نتائج کو کبھی بطور سرزنش علم ازلی کے سبب جو ازل میں خدا تعالیٰ کو ان باتوں کا علم تھا اور وہ دفتر علم الٰہی میں ثبت ہو چکے تھے یہی طرف اسناد کر دیا جاتا ہے اور اس اسناد میں کوئی بات خلاف تقدس نہیں اسی طرح کہ اس کو ازل میں ہر چیز کا علم تھا مگر اس عالم شہود میں وہ علم جس کو سند بھی حاصل کرتے ہیں بعد وقوع معاملات ہی ہوتا ہے

۱۲ اس لئے آزمانا وغیرہ علم کے لحاظ سے فرمایا گیا ۱۲ منہ ۱۵ یہ لوگ بعد میں مسلمان ہو گئے ان کی یہ مذمت اس حال پر ہے ۱۲ منہ

Marfat.com

کر رہے ہیں کیونکہ ان کی اس شرارت سے خدا تعالیٰ یہ چاہ رہا ہے کہ اُن کے لئے آخرت میں سعادت کا کوئی حصہ بھی نہ رہے بدبختِ ازلی رہیں ان کو عذابِ عظیم ہوگا۔ اور وہ لوگ جو فطری ہدایت چھوڑ کر کفر اُس کے بدلے میں اختیار کرتے ہیں یعنی ایمان دے کر کفر خریدتے ہیں، منافقین وغیرہ وہ بھی کیا خدا تعالیٰ کو مضرت دے سکتے ہیں ان کو عذابِ الیم ہوگا۔ بعد مُردن اُن کے یہ افعالِ شنیعہ جہنم کی آگ بن کر اُن کو جلا دیں گے۔

اُحد کی لڑائی کے بعد مشرکین اپنی فتحیابی پر نازاں ہو کر یہ کہا کرتے تھے کہ جس دین پر ہم ہیں وہ حق ہے کہ ہم کامیاب ہیں اور دنیا اور دولت ہم کو نصیب ہے۔ مسلمان اسلام کی بدولت کس پست حالت میں ہیں نہ مال ہے نہ اسباب ہے گھر بار چھوڑے مدینہ میں فاقہ کشی کر رہے ہیں، قتل کئے جاتے ہیں۔ اس کا جواب دیتا ہے کہ ہم نے جو ان کو ڈھیل دے رکھی ہے اور یہ سامان مہیا کر دیئے ہیں اس کو اپنے حق میں بہتر نہ سمجھیں ان کو یہ سامان اس لئے ملے ہیں کہ نافرمانی اور گناہ میں کامل ترقی کر کے مرنے کے بعد اس کی پوری سزا پائیں جس طرح کوئی جرم کرے اور بادشاہ باوجود علم و قدرت کے اُس کو فوراً گرفتار نہ کرے اور اس کو اتنی مہلت دے کہ وہ خوب بغاوت اور فتنہ پھیلا دے سو یہ بادشاہ کے کامل غضب کی علامت ہے کہ پھر اس کو گرفتار کر کے اس بڑے بھاری جرم کے معاوضہ میں سخت سزا دے گا۔ بادشاہ کا یہ ڈھیل دینا کچھ اس کے حق میں مہربانی نہیں بلکہ زہر اور قہر ہے۔ اسی طرح بے دینوں کا دنیا میں کامیاب ہونا اور عمر و دولت میں ترقی کرنا باوجود خدا تعالیٰ کی نافرمانی کے اُن کے حق میں زہر ہے۔

مَا كَانَ اللّٰهُ لِيَذَرَ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلٰى مَآ

اللہ ایسا نہیں تھا کہ مسلمانوں کو اسی حال پر چھوڑ دیتا کہ

اَنْتُمْ عَلَيْهِ حَتّٰى يَمِيْزَ الْخَبِيْثَ مِنَ

جس پر تم ہو ناپاک کو پاک سے ممتاز

الطَّيِّبِ ۗ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُطْلِعَكُمْ عَلَى

نہ کر دے۔ اور اللہ تعالیٰ ایسا (بھی) نہیں تھا کہ تم کو غیب پر

الْغَيْبِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَجْتَبِيْ مِنْ رُّسُلِهٖ

مطلع کر دیتا بلکہ اللہ تو اپنے رسولوں میں سے جس کو چاہتا ہے برگزیدہ

مَنْ يَّشَآءُ ۖ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ۚ

کر لیتا ہے۔ سو تم اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولوں پر ایمان لاؤ

وَاِنْ تُؤْمِنُوْا وَتَتَّقُوْا فَلَكُمْ اَجْرٌ

اور اگر تم ایمان لاؤ گے اور پرہیزگاری کرو گے تو تم کو بڑا اجر

عَظِيْمٌ ﴿۱۷۹﴾ وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ

ملے گا۔ اور جن لوگوں کو خدا تعالیٰ نے اپنے فضل

يَبْخَلُوْنَ بِمَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ

(و کرم) سے کچھ دے رکھا ہے اس پر وہ بخل کرتے ہیں اس بخل

هُوَ خَيْرًا لَّهُمْ ۭ بَلْ هُوَ شَرٌّ لَّهُمْ ۭ

کرنے) کو وہ اپنے لئے بہتر نہ سمجھیں بلکہ یہ تو اُن کے حق میں بہت (ہی) بُری ہے۔

سَيُطَوَّقُوْنَ مَا بَخِلُوْا بِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ

بہت جلد ان کو اسی چیز کا کہ جس پر وہ بخل کرتے ہیں قیامت کے دن طوق بنا کر پہنایا جائے گا۔

وَلِلّٰهِ مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ

اور اللہ تعالیٰ ہی آسمان و زمین کا وارث ہے۔

وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۱۸۰﴾

اور جو کچھ تم کر رہے ہو اللہ تعالیٰ (اس سے خوب) واقف ہے۔

ع ۱۸ ۹ ۴

ترکیب

ماکان اللہ خبر کان کی محذوف تقدیرہٗ ماکان اللہ مریدا لان یذر المؤمنین۔ لیذر خبر نہیں ہو سکتی یذر کی اصل یوذر تھی یدع کی مشابہت سے و حذف ہوا ورنہ یہاں کوئی علت حذف نہ تھی اور یذر کی ماضی نہیں آتی کیونکہ ترک اس کا کام دیتا ہے الذین یبخلون الخ فاعل لایحسبن مفعول ثانی ہو ضمیر فصل مفعول اوّل البخل محذوف یا ہو۔

Marfat.com

تفسیر

یہ تتمہ ہے اُحد کے معرکہ کا منافق بھی یہ کہتے تھے کہ اگر نبی برحق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہوتے تو یہ حوادث پیش نہ آتے نہ یہ مصائب اُٹھانے پڑتے۔ خدا تعالےٰ اس آیت میں تسلی کرتا ہے کہ اُحد کے روز شکست کھانا، بہت سے لوگوں کا قتل ہونا اور بہت کا زخمی ہونا اور پھر اس حالت میں ابوسفیان کے مقابلہ کو نکلنا اور بدرِ صغریٰ میں وعدہ پر جانا، اِدھر کھانے پینے اور افلاس کی سخت تکلیفات پیش آنی یہ سب باتیں کسوٹی ہیں کھرے اور کھوٹے کے لئے خدا تعالےٰ کو یہ منظور نہ تھا کہ لے مسلمانو! تم کو بغیر امتیاز کے تمہارے اُسی حال پر تم کو چھوڑ دیتا اور اس دنیا دار تکلیف میں کھرے کھوٹے کا ایسے حوادث سے امتحان نہ کرتا۔ اس پر خیال ہوتا تھا کہ اس امتحان میں خدا تعالےٰ کی کیا حکمت ہے یوں ہی لوگوں کو مطلع کیوں نہیں کر دیتا کہ فلاں جنتی ہے فلاں امتحان میں کامل نکلے گا، فلاں ناقص۔ اس کے دفعیہ میں فرماتا ہے کہ اُس کی حکمت کا یہ بھی مقتضی نہیں کہ وہ تم کو غیب پر مطلع کرے جو باعثِ فساد انتظام عالم ہو جائے لیکن وہ اپنے رسولوں کو مخصوص کرتا ہے یعنی ان کو جس قدر چاہتا ہے اسرارِ غیب پر مطلع کر دیتا ہے سو تم کو اللہ تعالےٰ اور اس کے رسولوں پر ایمان لانا چاہیئے اور اگر تم ایمان لاؤ اور تقویٰ کرو گے تو تم کو اجرِ عظیم عنایت ہوگا۔ حقیقت میں جو شخص دنیا میں ایمان کا دعویٰ کرے یا اس کی محبت کا دم مارے اور پھر امتحان کی کسوٹی پر کھینچے جانے سے حذر کرے اور چند مصائبِ فانیہ سے اُس کا نشہ ہرن ہو جائے وہ جھوٹا ہے۔ اس کے بعد جہاد کی تقویت کے لئے اس میں مال صرف کرنے کی تاکید فرماتا ہے اور جو لوگ ہاتھ روکتے اور بخل کر کے خوش ہوتے ہیں کہ ہماری جمع بنی رہی اُن کو خبر دیتا ہے کہ وہ اپنے اس بخل پر نازاں نہ ہوں یہ اُن کے حق میں اچھا نہیں ہے بلکہ بُرا ہے۔ قیامت کے روز اس حبِ مال اور بخل کو تمثّل کیا جاوے گا اور جس طرح یہ محبّتِ مال اور بُخل اُن کے گلے میں پڑا ہوا ہے کہ کسی وقت دُور نہیں ہوتا اسی طرح وہاں اس کا طوق بنا کر گلے میں ڈالا جائے گا۔ جس طرح خواب میں معانی جزئیہ اپنی مناسب صورت میں نظر آتے ہیں اسی طرح اعمال بھی قیامت کو ممثل ہونے کے بعد اپنے مناسب صورتوں میں ظہور کریں گے۔

پھر فرماتا ہے کہ اے بنی آدم! تم مال پر کیوں بُخل کرتے ہو آخر ایک روز فنا ہے سب تم مر جاؤ گے سب کا وارث اللہ ہی رہے گا یعنی اُس کے سوا اور کوئی لینے والا باقی نہ رہے گا یا میراث سے مراد یہ ہے کہ سب کچھ اسی کا ہے پھر تم بیگانی چیز میں کیوں بُخل کرتے ہو؟ بما اٰتٰھم اللہ من فضلہ سے مراد مال یا عام علم و حکمت وغیرہا ہے کیونکہ ان چیزوں میں بھی بُخل کرنا ناجائز ہے۔

لَقَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا

بیشک اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کی (یہ) بکواس (بھی) سُن لی جو کہتے ہیں

اِنَّ اللّٰهَ فَقِيْرٌ وَّنَحْنُ اَغْنِيَآءُ ۘ سَنَكْتُبُ

کہ اللہ تعالےٰ فقیر ہے اور ہم غنی، ہم اُن کی (یہ) بکواس

مَا قَالُوْا وَقَتْلَهُمُ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ۙ

اور نبیوں کا ناحق قتل کرنا اب لکھ لیتے ہیں۔

وَّنَقُوْلُ ذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ﴿۱۸۱﴾

اور (اسکے جواب میں) ہم (قیامت کے دن) کہیں گے کہ لو عذابِ دوزخ کا مزہ چکھو۔

ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْكُمْ وَاَنَّ

یہ انہی اعمال کا بدلہ تو ہے کہ جن کو تم نے اپنے ہاتھوں آگے بھیجا تھا اور

اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿۱۸۲﴾ الَّذِيْنَ

اللہ تعالےٰ تو کسی بندہ پر کچھ بھی ظلم نہیں کرتا۔ وہ یہ بھی تو

قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ عَهِدَ اِلَيْنَآ اَلَّا

کہہ چکے ہیں کہ اللہ تعالےٰ نے ہم سے عہد کیا ہے کہ ہم کسی رسول پر ہرگز ایمان

نُؤْمِنَ لِرَسُوْلٍ حَتّٰى يَاْتِيَنَا بِقُرْبَانٍ

نہ لائیں جب تک کہ وہ ہمارے پاس ایسی قربانی نہ لائے کہ

وقف لازم

Marfat.com

تَاْكُلُهُ النَّارُ ؕ قُلْ قَدْ جَآءَكُمْ رُسُلٌ

جس کو آگ کھا جائے۔ کہدو کہ مجھ سے پہلے (بھی) بہت سے رسول

مِّنْ قَبْلِيْ بِالْبَيِّنٰتِ وَبِالَّذِيْ قُلْتُمْ

تمھارے پاس نشانیاں لے کر اور جو کچھ تم کہتے ہو وہ (بھی)

فَلِمَ قَتَلْتُمُوْهُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۸۳﴾

لے کر آچکے ہیں پھر تم نے ان کو کیوں قتل کر دیا اگر تم سچے ہو۔

فَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقَدْ كُذِّبَ رُسُلٌ مِّنْ

(اے نبی ۴) پھر اگر انھوں نے آپ کو بھی جھٹلایا تو (کوئی بات نہیں کیونکہ) آپ

قَبْلِكَ جَآءُوْ بِالْبَيِّنٰتِ وَالزُّبُرِ وَ

سے پہلے بھی (بہت سے) رسول جھٹلائے گئے ہیں حالانکہ وہ معجزات اور صحیفے اور

الْكِتٰبِ الْمُنِيْرِ ﴿۱۸۴﴾

روشن کتاب (بھی) لائے تھے۔

ترکیب

وقتلہم معطوف ہے ماقالوا پر قتل مصدر مضاف ہے فاعل کی طرف الانبیاء مفعول ذالک مبتدا بما قدمت خبر ای مستحق بما قدمت الذین قالوا بدل ہے پہلے الذین سے

تفسیر

پہلی آیت میں اس بات کی تاکید تھی کہ اللہ تعالےٰ کی راہ میں مال صرف کرنا چاہیے بخل اچھا نہیں۔ اس کے موافق جو آنحضرت علیہ السلام نے ترغیب دی اور فرمایا کہ جو کوئی دیتا ہے اللہ تعالےٰ کو دیتا ہے۔ اُس پر مدینہ طیبہ کے یہود نے مضحکہ کیا اور کہا کہ کیا اللہ تعالیٰ فقیر ہے جو بندوں سے مانگتا ہے۔ دوسرا شبہ تھا کہ اگر محمد (صلے اللہ علیہ وسلم) سچے نبی ہیں تو ایسی قربانی کریں کہ جس کو آگ آسمان سے اُتر کر کھا جائے۔ خدا تعالےٰ نے ہم سے عہد لیا ہے کہ اُس وقت تک ہم کسی نبی کی تصدیق نہ کریں جب تک کہ وہ ایک قربانی نہ ذبح کرے اور اُس کو آسمان سے آگ آکر نہ کھا جائے جیسا کہ ہمارے انبیاءؑ کے عہد میں ہوا کرتا تھا یہاں ان دونوں باتوں کا جواب دیتا ہے کہ جو لوگ یہ گستاخی کرتے ہیں ہم اس کو سُن رہے ہیں، ہم اس کو ان کے اعمال میں لکھتے جاتے ہیں اور وہ جو ان کے بزرگوں نے انبیاءؑ ناحق قتل کئے ہیں اور یہ بھی اُس کے پسند کرنے کے سبب اُس میں شریک ہیں اُس کو بھی ہم لکھ رہے ہیں یعنی یہ گستاخی کچھ نئی بات نہیں یہ لوگ پشتینی بدمعاش اور خدا تعالےٰ سے نافرمان ہیں (اس میں اس طرف بھی اشارہ ہے کہ جن کا معجزہ آتشی قربانی انھوں نے دیکھا تھا اُن کے ساتھ بجز قتل کے اور کیا سلوک کیا تھا) بعد موت کے ہم ان کو کہیں گے کہ عذاب حریق کا مزہ چکھو اور یہ تمھارے اعمال بد کا نتیجہ ہے ہم کسی پر ظلم نہیں کرتے۔

اور دوسرے شبہ کی نسبت فرماتا ہے کہ مجھ سے پہلے تمھارے پاس رسول اور بہت سے معجزات اور خاص یہ معجزہ کہ جس کے ہم خواستگار ہوئے کرآئے ہیں اور صحیفے بھی ان کے پاس کھلے کھلے تھے پھر اُن پر ایمان لانا تو درکنار اُن کو قتل کر ڈالا پس اگر اے نبی ۴! وہ آپ کی تصدیق نہ کریں تو کچھ آپ کا قصور نہیں بلکہ یہ اُن کی مستمرہ عادت ہے۔ واضح ہو کہ انبیاء بنی اسرائیل میں کبھی ایسا بھی ہوا ہے کہ بیل یا اور جانور انھوں نے قربانی کیا تو اُس کو غیب سے ایک آگ نمودار ہو کر کھا گئی اور یہ بات اس کے مقبول ہونے کی عمدہ علامت تصوّر ہوتی تھی جیسا کہ عہد عتیق کے متعدد مقامات سے پایا جاتا ہے۔ لیکن اُن کا یہ کہنا کہ خدا تعالیٰ نے ہم سے عہد لے لیا ہے کہ بغیر اس معجزہ دیکھنے کے کسی پر ایمان نہ لائیں محض غلط بات تھی کبھی اُن سے یہ عہد نہیں ہوا بلکہ مسیح علیہ السلام وغیرہ کو اس کی نوبت بھی نہیں آئی۔ چونکہ وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بہت سے معجزات دیکھ چکے تھے ان کا انکار کر

لہ آج کل بھی جاہل لوگ قرآنی محاورات اقرضہ اللہ قرضاً حسناً وغیرہ پر بھی اعتراض کیا کرتے ہیں حالانکہ اللہ تعالیٰ کو دینے اور قرض دینے سے مراد نیک کاموں میں دینا مراد ہوتا ہے جس کا بدلہ خدا تعالیٰ کے ذمہ ہے اس کو قرض سے بطور استعارہ کے تعبیر کرنا کمال بلاغت ہے مگر کوڑ مغز کے نزدیک عیب ہے ۱۲ منہ

Marfat.com

اور ایک نئی بات طلب کی اور یہ طلب عناد سے تھی تو اس لئے سنت اللہ یوں ہی جاری ہے کہ ایسی حالت میں معجزہ نہ دکھایا جائے جیسا کہ حضرت مسیح نے صلیب پر چڑھتے وقت معجزہ دکھانے سے انکار کیا تھا۔

كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ۗ وَإِنَّمَا

ہر شخص موت کا مزہ چکھنے والا ہے۔ اور تم کو قیامت کے

تُوَفَّوْنَ أُجُورَكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۖ فَمَن

روز (نتیجے اعمال کے) پورے (پورے) بدلے ملیں گے۔ پس جو شخص

زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَأُدْخِلَ الْجَنَّةَ

آگ سے بچایا گیا اور جنت میں داخل کیا گیا سو وہ

فَقَدْ فَازَ ۗ وَمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا إِلَّا

(دلی) مراد کو پہنچ گیا۔ اور دنیا کی زندگی ہے کیا؟ محض دھوکے

مَتَاعُ الْغُرُورِ ﴿١٨٥﴾ لَتُبْلَوُنَّ فِي أَمْوَالِكُمْ

کی پونجی۔ ضرور مالی اور جانوں کے (نقصان میں) تمہاری

وَأَنفُسِكُمْ ۖ وَلَتَسْمَعُنَّ مِنَ الَّذِينَ

آزمائش کی جاوے گی۔ اور البتہ تم کو اُن لوگوں سے کہ جن کو تم سے

أُوتُوا الْكِتَابَ مِن قَبْلِكُمْ وَمِنَ

پہلے کتاب دی گئی ہے اور مشرکوں سے (بھی)

الَّذِينَ أَشْرَكُوا أَذًى كَثِيرًا ۚ وَ

بہت سی رنج کی باتیں سننی پڑیں گی۔ اور

إِن تَصْبِرُوا وَتَتَّقُوا فَإِنَّ ذَٰلِكَ

(اس پر) اگر تم صبر اور پرہیزگاری اختیار کرو تو البتہ یہ (بڑی)

مِنْ عَزْمِ الْأُمُورِ ﴿١٨٦﴾

ہمت کی بات ہے۔

ترکیب

کل نفس اگرچہ نکرہ ہے مگر اس مقام پر مبتدا اور ذائقۃ الموت خبر انما کافہ ہے اور اس لئے اجورکم کو فعل کی وجہ سے نصب ہوا اور اگر بعضے الذی ہوتا تو اجورکم کو رفع ہوتا فمن زحزح الخ شرط فقد فاز جواب و من الذین اشرکوا معطوف ہے من الذین اوتوا الکتاب پر اذی موصوف کثیرا صفت مفعول ہیں لتسمعن کا۔

تفسیر

پہلے تھا کہ اگر یہود نے آپ کی تکذیب کی تو کچھ نئی بات نہیں یہ ہمیشہ ایسا ہی کرتے آئے ہیں۔ اس کے بعد فرماتا ہے کہ یہاں جو کچھ کرتے ہیں کرلیں آخر ہر شخص کو مرنا ہے (کس لئے کہ جسم کی رطوبت غریزیہ[1] کو اُس کی حرارتِ غریزیہ فنا کرتے کرتے خود بھی فنا ہوجاتی ہے۔ جس طرح چراغ کا تیل حرارت سے جلتے جلتے اس درجہ پر پہنچتا ہے کہ خود چراغ کی لَو گُل ہوجاتی ہے یہ چار مخالف عناصر کب تک جمع رہیں گے انفکاک ترکیب ہوگا اگلے کہاں رہے ہیں جو یہ رہ جائیں گے۔ اس میں اشارہ ہے کہ روح باقی رہے گی کیونکہ نفس کو موت کا مزہ چکھنے والا فرمایا سو موت کے وقت اس کو باقی رہنا چاہیئے) پھر روح جب اس عالم سے وہاں جاوے گی تو اپنے اعمال کا پورا بدلہ پاوے گی مگر قیامت میں کہ جب اس عالم عنصری کا وجود نہ رہے گا جو عذاب سے بچا اور جنت میں گیا اُس نے اپنے اِس دنیا میں آنے کی مراد پالی اور نہ اُس کا یہ سفر اکارت گیا۔ اور جو لوگ دنیا کی زندگی اور اس کے عیش و آرام اور مال و دولت زن و فرزند ہی کو اصلی مراد سمجھتے ہیں وہ دھوکے میں ہیں یہ سب چیزیں عالم خواب کے عیش و آرام کی طرح چند روز کے بعد خواب و خیال ہوجاویں گی پھر اس بے بنیاد چیز کے نشہ میں اس عالم کے بادیوں کا انکار کرنا اپنے پاؤں پر کلہاڑی مارنا ہے حقیقت میں یہاں کے عیش و آرام کچھ بھی نہیں۔ ہر مزہ میں تلخی ملی ہوئی ہے اول تو ہر دم فنا جسم کا نفیر آوازِ جرس بن رہا ہے پھر اگر مال ہے تو تندرستی نہیں اور یہ ہے تو وہ نہیں سب مرادیں کسی کو بھی حاصل نہیں ہوتیں سو اس تمام عیش و خوبی کا گھر عالم روحانی ہے اس لئے کاملین موت کے مشتاق رہتے

[1] اصلیہ ۱۲

فَلَا تَحْسَبَنَّهُمْ بِمَفَازَةٍ مِّنَ الْعَذَابِ ج
سو ان کی نسبت یہ نہ سمجھنا کہ انھوں نے عذاب (دوزخ) سے رستگاری حاصل کر لی ہے۔
وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿۱۸۸﴾ وَلِلَّهِ مُلْكُ
(بلکہ) ان کے لئے (تو) عذاب دردناک (تیار) ہے۔ اور آسمانوں اور
السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ط وَاللَّهُ عَلٰى
زمین کی بادشاہت تو اللہ تعالیٰ کے لئے ہے۔ اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر
كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿۱۸۹﴾ ع
قادر ہے۔

ترکیب

لتبیننہ کا مرجع عند البعض کتاب ہے بعض کے نزدیک نبی علیہ السلام ہیں۔ وراء ظرف ہے نبذوا کا لاتحسبن بالتاء خطاب للنبی او لکل من یصلح للخطاب۔ انت ضمیر اس کی فاعل اور الذین صلہ وموصول مع معطوف مفعول اوّل خبرًا مفعول ثانی محذوف یا لاتحسبن ثانی اسی کا اعادہ ہے ہم مفعول اوّل بمفازۃ مفعول ثانی مفازۃ مفعلۃ ہے یعنی ظرف مکان من العذاب متعلق ہو کر مفازۃ کی صفت اور اگر مفازۃ کو مصدر میمی مانا جائے تب اسی کے متعلق ہے۔

تفسیر

صبر اور پرہیزگاری جس کا حکم دیا تھا اور اُس کو ہمت کے کاموں میں سے بتایا تھا یہود میں سے جاتی رہی تھی جس کا ذکر آیات میں کیا جاتا ہے۔ واذ اخذ اللہ کہ خدا تعالیٰ نے اہل کتاب سے عہد لے لیا تھا کہ کتاب کو لوگوں سے چھپانا نہیں بیان کر دینا۔ مگر دنیاوی فوائد کے لحاظ سے اس عہد کو پس پشت پھینک دیا عہد کے بدلے جو دنیا خریدی کیا ہی بُرا سودا کیا۔ پھر ان میں صبر اور پرہیزگاری کہاں رہی۔ دنیا کے لالچ میں ایمان بھی برباد کر بیٹھے۔

ہیں اس تسلی کے بعد فرماتا ہے کہ اے ایماندارو! یہ عالم دارِ امتحان ہے تم کو جانی اور مالی تکلیفیں یہاں اٹھانی پڑیں گی اہل کتاب اور مشرکین کے طعن اور کلماتِ جاں سوز بھی سننے پڑیں گے ثابت قدم رہنا چنانچہ ایسا ہی ہوا اور آج تک ہو رہا ہے یادری اور متعصب ہنود وغیرہم سینکڑوں برچھیاں مسلمانوں کے دلوں پر مارتے تھے اور مارتے ہیں۔ ہزاروں جھوٹی باتیں لکھ کر اسلام پر دھبہ لگاتے ہیں عجب عجب پہلو سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم اور اسلام اور قرآن مجید کی ہجو کرتے ہیں۔ پھر فرماتا ہے کہ اگر تم ان باتوں پر صبر کرو اور علم اور پرہیزگاری سے کام لو تو یہ بڑی عمدہ اولوالعزمی کی بات ہے۔ جہاد کے موقع پر جنگ کرنا اور بات ہے عموماً برتاؤ میں حلم اور تواضع کرنا اور بات ہے اس کی بھی جابجا قرآن میں تعلیم ہے۔

وَإِذْ أَخَذَ اللَّهُ مِيثَاقَ الَّذِينَ أُوتُوا
اور (اے نبی ہم) اہل کتاب کو وہ وقت یاد دلاؤ) جبکہ اللہ تعالیٰ نے اہل کتاب سے عہد لیا کہ
الْكِتٰبَ لَتُبَيِّنُنَّهُ لِلنَّاسِ وَلَا تَكْتُمُونَهُ
(اس کتاب کو) لوگوں سے ضرور بیان کرنا اور چھپانا مت (اہل کتاب نے)
فَنَبَذُوهُ وَرَاءَ ظُهُورِهِمْ وَاشْتَرَوْا
اس عہد کو پس پشت پھینک دیا اور اس کے بدلہ میں
بِهٖ ثَمَنًا قَلِيلًا ط فَبِئْسَ مَا يَشْتَرُونَ ﴿۱۸۷﴾
(قدرے) قلیل دام وصول کئے۔ سو کیا ہی بُرا سودا کر رہے ہیں۔
لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِينَ يَفْرَحُونَ بِمَا أَتَوْا
اور (کبھی بھی) ان لوگوں کو جو اپنے کرتوت پر اِتراتے ہیں اور کیا (اچھے) ہی
وَّيُحِبُّونَ أَنْ يُّحْمَدُوا بِمَا لَمْ يَفْعَلُوا
انہیں اور (اسپر) خواہشیں کرتے ہیں کہ ہماری تعریف ہو

۱ قل للذین اٰمنوا یغفروا للذین لا یرجون ایام اللہ۔ مسلمانوں سے کہدو کہ کافروں کو معاف کیا کریں وقال ادفع بالتی ہی احسن۔ کہ بدی کے مقابلہ میں نیکی کرو۔ وغیر ہا من الآیات ۱۲ ۲ المفازۃ مفعلۃ من فاز یفوز اذا نجا وقیل معناہ مکان بعید ۱۲

Marfat.com

وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ لَآيٰتٍ لِّأُولِي

اور رات دن کے بدلنے میں عقلمندوں کے لئے (بڑی)

الْأَلْبَابِ ﴿۱۹۰﴾ الَّذِينَ يَذْكُرُونَ اللّٰهَ

نشانیاں ہیں۔ (بالخصوص) اُن کے لئے جو اللہ تعالےٰ کو یاد کرتے ہیں

قِيَامًا وَّقُعُودًا وَّعَلٰى جُنُوبِهِمْ

کھڑے اور بیٹھے اور کروٹ پر (لیٹے ہوئے)

وَيَتَفَكَّرُونَ فِي خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَ

اور آسمانوں اور زمین کی پیدائش (بناوٹ) میں غور کرتے

الْأَرْضِ ۚ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ

(اور کہتے) ہیں اے ہمارے رب! تو نے یہ عبث نہیں بنائے۔

سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿۱۹۱﴾ رَبَّنَا

تو عیبوں سے پاک ہے سو ہم کو آگ کے عذاب سے بچانا۔ اے رب!

إِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ أَخْزَيْتَهُ ۖ

جس کو تو نے دوزخ میں داخل کیا سو اُس کو رُسوا کیا۔

وَمَا لِلظّٰلِمِينَ مِنْ أَنْصَارٍ ﴿۱۹۲﴾ رَبَّنَا

اور ظالموں کا کوئی بھی مددگار نہیں۔ اے ہمارے رب!

إِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِي لِلْإِيمَانِ

ہم نے ایک پکارنے والے کو جو ایمان کے لئے منادی کر رہا تھا (یہ پکارتے) سُنا کہ

أَنْ آمِنُوا بِرَبِّكُمْ فَآمَنَّا ۚ رَبَّنَا

(لوگو!) اپنے رب پر ایمان لاؤ سو ہم ایمان لے آئے۔ اے ہمارے رب!

فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا

ہمارے گناہ معاف کر دے اور ہماری بُرائیاں مٹا دے

وَتَوَفَّنَا مَعَ الْأَبْرَارِ ﴿۱۹۳﴾ رَبَّنَا وَاٰتِنَا

اور ہم کو نیک لوگوں کے ساتھ موت دینا۔ اے ہمارے رب!

مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا

جن نعمتوں کا وعدہ تو نے اپنے رسولوں کی معرفت ہم سے کیا ہے ان کو ہمیں عنایت کیجئے گا

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۗ إِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيعَادَ ﴿۱۹۴﴾

اور قیامت کے دن ہم کو رسوا نہ کرنا (کیونکہ) تو وعدہ کے خلاف (کبھی) نہیں کیا کرتا۔

علمائے اہلِ کتاب پر ہوا پرستی اور دنیا طلبی یہاں تک غالب آگئی تھی کہ وہ جیسا کہ موقع دیکھتے ویسا ہی فتویٰ دیدیا کرتے تھے حق گوئی بالکل جاتی رہی تھی اور لطف یہ تھا کہ اپنے اس کرتوت پر خوش بھی ہوتے تھے بلکہ اس بات پر مدح وستائش کے مستحق بنتے تھے کہ دیکھو ہم کیسے ہوشیار ہیں دین کی آڑ میں دنیا حاصل کرتے ہیں۔ فرماتا ہے کہ وہ اس چالاکی اور دین فروشی سے چاہیں کہ خدا کی مار اور اس کی سزا سے بچ جائیں ہرگز نہ بچیں گے اُن کو اس فعل کی سزا ملنی ہے دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی کیونکہ آسمانوں اور زمین کی بادشاہت تو اللہ تعالیٰ ہی کے لئے ہے اس کی عدالت کا تقاضا یہی ہے۔ اس کے اقتدار و قدرت سے بھی کوئی باہر نہیں جو کسی تدبیر وحیلہ سے اس کی سزا سے بچنا چاہے تو بچ نہیں سکتا۔ اس بات سے ڈرنا ہی تو اصل پرہیزگاری ہے جس کو وہ کھو بیٹھے۔ اے مسلمانو! تم نہ کھو دینا آلوا لے فعلوا و یحبون ان یحمدوا بما لم یفعلوا۔ اور اصل ستائش و حمد تو عمدہ باتوں پر ہوتی ہے سو وہ انھوں نے کیں نہیں، اور کیا تو بُرا کام کیا پھر اس پر وہ ستائش کرانا چاہتے تھے سو یہ نہایت بد بات تھی گویا عیب کو ہنر سمجھ کر مدح کا مستحق بننا ہے معاذ اللہ جس میں یہ لاعلاج مرض پیدا ہو جائے کہ وہ عیب کو ہنر سمجھ کر اپنے آپ کو تعریف کا مستحق سمجھے ایسے لوگوں سے صلاحیت کی کیا اُمید۔ اس بیان میں صبر و پرہیزگاری کی عدمی جانب بھی بیان کر دی جو یہود میں تھی کس عمدہ پیرایہ سے کہ جس کا یہود بھی انکار نہیں کر سکتے تھے کیونکہ وہ خود ایسا کرتے تھے اور یہ بھی ظاہر کر دیا کہ اصل تقویٰ خدا تعالیٰ کو آسمانوں اور زمین کا بادشاہ اور ہر چیز پر قادر سمجھ کر اعمالِ بد کی سزا سے ڈرنا ہے اور اس میں انسان کو ہلاک کرنے والی خصلت سے بھی آگاہ کر دیا وہ تکبّر عیب کو ہنر اور قابلِ مدح سمجھنا۔

إِنَّ فِي خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ

آسمانوں اور زمین کے بنانے میں

Marfat.com

فَاسْتَجَابَ لَهُمْ رَبُّهُمْ اَنِّيْ لَآ اُضِيْعُ

پس انکے رب نے بھی ان کی دعا قبول کرلی (اور فرمایا) میں بھی تم میں سے (اچھے) عمل

عَمَلَ عَامِلٍ مِّنْكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى ۚ

کرنے والے کی محنت کو رائگاں نہیں کرتا (خواہ وہ) مرد ہو یا عورت

بَعْضُكُمْ مِّنْ بَعْضٍ ۚ فَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا

(کیونکہ) تم آپس میں ایک ہو۔ پھر جنھوں نے ہجرت کی

وَاُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَاُوْذُوْا فِيْ

اور اپنے گھروں سے نکالے گئے اور میری راہ میں

سَبِيْلِيْ وَقٰتَلُوْا وَقُتِلُوْا لَاُكَفِّرَنَّ

ستائے گئے اور لڑے اور مارے گئے تو میں (بھی) اُن کی برائیاں

عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَاُدْخِلَنَّهُمْ جَنّٰتٍ

ان سے مٹا دوں گا۔ اور ضرور ان کو ایسے باغوں میں (لے جاکر)

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ ثَوَابًا مِّنْ

رکھوں گا کہ جن کے تلے نہریں بہتی ہوں گی (یہ) خدا تعالیٰ کی طرف سے

عِنْدِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الثَّوَابِ ﴿۱۹۵﴾

(اُنکے اعمال کا) بدلہ ہے اور اللہ تعالیٰ کے پاس (بہت ہی) اچھا بدلہ ہے۔

ترکیب

فی خلق السمٰوٰت الخ خبر ان لاٰیٰت اس کا اسم الذین الخ صفت یا بیان ہے اولی الالباب کا قیاماً اور قعوداً حال ہیں فاعل یذکرون سے اور علیٰ جنوبہم بھی محذوف سے متعلق ہو کر حال ہے، ای کائنین علیٰ جنوبہم ویتفکرون معطوف ہی یذکرون پر باطلاً اسم فاعل بمعنے مصدر کالعاقبۃ یہ مفعول لہٗ یا حال ہے ہٰذا کا مشار الیہ خلق ہے تدخل النار شرط فقد اخزیتہ جواب مجموعہ خبر من ینادی صفت ہے منادیا کی من ذکر او انثیٰ بدل ہے منکم سے بعضکم من بعض مستانف ہے یا حال ثواباً تمیز یا حال۔

تفسیر

اور جانب وجودی کو ان آیات میں اپنے صفاتِ جلیلہ اور پرہیزگاروں کے رویہ کو عبادت و ذکر و دعاء سے ثابت فرمایا جاتا ہے کہ پرہیزگار خدا پرست ایسے ہوتے ہیں ان فی خلق السمٰوٰت والارض بیشک جو کچھ آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے میں خدا تعالیٰ کے نشانِ قدرت ہیں کہ ایک مادہ سے مختلف اشیاء کس حکمت سے بنائی ہیں واختلاف الیل والنہار اور جو کچھ رات اور دن کے بدلنے میں نشانِ قدرت ہیں کہ نیراتِ عظام کو کس عمدگی اور فوائدِ بشریہ سے لئے ہوئے کس قادرِ مطلق نے حرکات و سکنات پر کس طرح سے مامور کر دیا ہے کبھی دن اور رات، بڑی کبھی چھوٹی، کبھی سرد کبھی گرم ہوتے ہیں اور یہ تغیر بتا رہا ہے کہ دنیا کی کسی حالت کو بھی بقاء و دوام نہیں چہ جائیکہ انسان کو۔ ان سب میں غور و فکر کرنے سے اس کی قدرت و کمال کی بڑی بڑی نشانیاں اور دلائل معلوم ہوتے ہیں مگر کس کے لئے لاولی الالباب عقلمندوں کے لئے نہ کہ حمقاء و جہلاء کے لئے جو حیوانوں جیسی آزاد زندگی پر فریفتہ ہیں لذائذِ حسیہ ہی ان کا مقصودِ اصلی ہے۔ وہ عقلمند جو اصلی خدا ترس اور پرہیزگار ہیں کون ہیں اور ان کے کیا صفات ہیں؟ الذین یذکرون اللہ وہ جو ان آیاتِ قدرت میں غور کرنے کے بعد ان سب سے خدائے قادر کا وجود برحق مان کر اُس کو یاد کرتے ہیں پھر نہ صرف عمر بھر میں ایک دو بار یا برسوں اور مہینوں اور ہفتوں میں بلکہ قیاماً و قعوداً ہر حال میں کھڑے اور بیٹھے، (اسلامی نماز اس قسم کے ذکر کو حاوی ہے) بلکہ وعلیٰ جنوبہم لیٹے ہوئے بھی اس سے غافل نہیں اور نہ صرف ذکر ہی کرتے ہیں بلکہ ویتفکرون فی خلق السمٰوٰت والارض لیٹے ہوئے جب آسمانوں اور نیراتِ عظام کو دیکھتے ہیں پھر زمین کی طرف نظر ڈالتے ہیں تو ان کی پیدائش میں غور و فکر کرکے یہ کہتے ہیں ربنا ما خلقت ہٰذا باطلاً کہ اے ہمارے رب! تو نے اس عالم کو بیکار اور غلط کاری سے پیدا نہیں کیا ہے۔ ہر ہر چیز میں صدہا مصلحتیں ملحوظ رکھی ہیں یہ کسی بے شعور طبیعت یا کسی لایعقل مادہ یا کسی مجہول الحال نیچر کا کام نہیں سبحانک

Marfat.com

تو اس لغو اور باطل آفرینش کی تہمت سے پاک ہے۔ اور جو لوگ باوجود عقلِ خداداد کے ان نشانِ قدرت میں غور نہیں کرتے اور عالم کو از خود پیدا شدہ جانتے ہیں یا خدا تعالےٰ کے سوا اُن کی پیدائش اور کسی کی طرف منسوب کرتے ہیں یا وہ کچھ فکر بھی نہیں کرتے یہ کام جہنم میں جانے کا ہے۔ پھر اے ہمارے رب! وقنا عذاب النار ہم کو جہنم کی آگ سے بچانا ہم آپ ہی کو خالق و مالک مانتے ہیں۔ کیونکہ جس کو تُو نے جہنم میں داخل کیا تو اس کو بڑا ہی رُسوا کیا جس سے زیادہ اور کوئی رسوائی اور ذلّت نہیں اور ایسے ظالموں کا جو ایک کا حق دوسرے کو دیتے ہیں خدا تعالیٰ کے صفات مخلوق میں ثابت کرتے ہیں وہاں ان کا کوئی بھی مددگار اور بچانے والا نہیں جن کو وہ مددگار سمجھ کر پوجتے تھے کسی کی بھی مجال نہ ہوگی کہ اس کے سامنے دَم بھی مارے۔ اور صرف ہماری ہدایت کا یہی سبب نہیں کہ ہم نے عالم کے احوال میں نظر کر کے خدا تعالیٰ کو پہچان لیا اور اسی کو کافی سمجھ بیٹھے ہوں بلکہ سمعنا منادیا کہ ہم نے ایک منادی کو سُنا ینادی جو آواز دیتا تھا کہ ان آمنوا بربکم اپنے رب پر ایمان لاؤ فآمنا ربنا سو اے رب! ہم ایمان لے آئے اس کی مخالفت نہ کی۔ منادی خدا سے مراد نبیؐ یا اس کے نائب اور قرآن مجید ہے اور دل میں بھی خدا کا منادی فرشتہ خیر کی طرف آنے کی آواز دیا کرتا ہے اس کی آواز کو بھی وہی سُنتے ہیں کہ جن کے دل میں ادراک باقی ہے۔ یہاں سے کس لطف کے ساتھ نبوّت کی ضرورت بھی ثابت کردی۔ اور اس میں کوئی شبہ نہیں کہ عالمِ غیب کے حالاتِ صحیح بغیر نبیؑ کے معلوم نہیں ہوسکتے کیونکہ قوتِ وہمیہ حق بات پر بھی دوسرا رنگ چڑھا کر دکھایا کرتی ہے اب اے خدا! ہمارے گناہ جو بتقاضائے بشریت ہم سے ہوگئے ہیں معاف کر دیجئے۔ اور ہماری بُرائیاں اور سیہ کاریاں سرے سے مٹا ہی ڈالئے اور ہم کو آئندہ بھی اس رستہ پر قائم رکھ کہ مَوت بھی آئے تو نیک لوگوں کے زمرہ میں ہو کر آئے۔ اور اے ہمارے رب! جو کچھ تُو نے ہمارے لئے اپنے رسولؐ کی معرفت عالمِ جاودانی کی بابت وعدہ فرمایا ہے وہ ہم کو دینا ہمارے گناہوں کے سبب محروم نہ کر دینا۔ خوف تو یہی ہے کہ تیرے وعدہ کی بابت ذرہ شبہ نہیں کس لئے کہ تو ہرگز وعدہ کے خلاف نہیں کیا کرتا۔ اس کے جواب میں خدا تعالیٰ بھی ان کو ان کی دُعاء مستجاب ہونے کا مژدہ دیتا ہے اور فرماتا ہے کہ ہم بھی کسی کی محنت رائگاں نہیں کیا کرتے، اِن کی دُعاء قبول فرماتے ہیں۔ اس میں کسی کی خصوصیت نہیں خواہ مرد ہو خواہ عورت، خواہ غریب ہو خواہ امیر شریف ہو خواہ رذیل کس لئے کہ خدا تعالیٰ کے نزدیک بعضکم من بعض سب انسان ایک نسل کے ہیں اور لہٰذا ظِ انسانیت یکساں ہیں مراتب میں عنداللہ فرق ہے تو ان کے اعمال و ایمان ہی کے سبب سے ہے۔ فالذین ہاجروا پھر جس نے ہجرت کی خدا تعالیٰ کے لئے وہ وطن کہ جہاں خدا پرستی نہیں کر سکتے تھے چھوڑ دیا اور خدا تعالےٰ کے ممنوع کام بھی چھوڑ دیئے اور وہ اپنے گھروں سے بجُرم خدا پرستی نکالے گئے اور اسی لئے ستائے گئے اور مقابلہ کی اجازت کے بعد پھر وہ بھی خدا پرستی کو رواج دینے کیلئے لڑے یا اس لڑائی میں مارے گئے اور شہید ہو گئے تو میں بھی اُن کے گناہ دفتر سے مٹا ہی ڈالوں گا اور صرف یہی نہیں بلکہ ان کو مرنے کے بعد ایسے عمدہ باغوں میں لے جاکر رکھوں گا کہ جن کے تلے نہریں پڑی بہہ رہی ہوں گی یہ بدلہ ہوگا خدا تعالیٰ کی طرف سے، اور خدا تعالےٰ کے پاس بہت عمدہ بدلہ ہے تھوڑی سی نیکی پر بھی وہ بدلہ دیتا ہے جو کوئی کیا دے گا، حیاتِ جاودانی جس کی ادنیٰ چیز کی بھی دنیا بھر قیمت نہیں ہوسکتی، کیسا بڑا بدلہ ہے۔

لَا يَغُرَّنَّكَ تَقَلُّبُ الَّذِينَ كَفَرُوا فِي
(اے نبیؐ) آپ کبھی میں کافروں کے (اکڑ کر) چلنے پھرنے سے دھوکے میں
الْبِلَادِ ﴿١٩٦﴾ مَتَاعٌ قَلِيلٌ ثُمَّ مَأْوَاهُمْ
نہ آجانا۔ (یہ تو) تھوڑا سا اسباب ہے، پھر تو اُن کا ٹھکانا

Marfat.com

جَهَنَّمُ ۚ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۱۹۷﴾ لٰكِنِ الَّذِينَ

جہنم ہے۔ اور وہ بُرا ٹھکانا ہے۔ لیکن جو لوگ اپنے

اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِي مِنْ

رب سے ڈرتے ہیں اُن کے لئے (وہ) باغ ہیں کہ جن کے تلے نہریں

تَحْتِهَا الْأَنْهٰرُ خٰلِدِينَ فِيهَا نُزُلًا

جاری ہیں جن میں وہ ہمیشہ رہیں گے (یہ) مہمانی ہے خدا کے

مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۗ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ

یہاں کی۔ اور جو چیز اللہ کے پاس ہے نیک لوگوں کے لئے ہے وہ تو بہت

لِّلْأَبْرَارِ ﴿۱۹۸﴾ وَإِنَّ مِنْ أَهْلِ الْكِتٰبِ

ہی) بہتر ہے۔ اور بیشک اہل کتاب میں بعض ایسے بھی ہیں جو

لَمَنْ يُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَمَا أُنْزِلَ إِلَيْكُمْ

اللہ تعالےٰ پر اور جو کچھ تمھاری طرف نازل کیا گیا ہے

وَمَا أُنْزِلَ إِلَيْهِمْ خٰشِعِينَ لِلّٰهِ ۙ لَا

اور جو کچھ اُن کی طرف نازل کیا گیا تھا اللہ سے ڈر کر ان (سینے) پر لاتے ہیں، خدا

يَشْتَرُونَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيلًا ۗ

تعالےٰ کی آیتوں کو تھوڑے سے داموں سے بھی نہیں بیچتے ہیں۔

أُولٰٓئِكَ لَهُمْ أَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۗ

یہی وہ لوگ ہیں کہ جن کا اجر ان کے رب کے پاس ہے۔

إِنَّ اللّٰهَ سَرِيعُ الْحِسَابِ ﴿۱۹۹﴾ يٰٓأَيُّهَا

بیشک اللہ تعالیٰ جلد حساب لینے والا ہے۔ ایمان

الَّذِينَ اٰمَنُوا اصْبِرُوا وَصَابِرُوا وَ

والو! صبر اور (تکالیف کی) برداشت کرتے رہو۔ اور آپس میں

رَابِطُوا وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ﴿۲۰۰﴾ ع

دل بستگی رکھو اور اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو تاکہ تم مراد کو پہنچو۔

ترکیب

متاع قلیل خبر ہے مبتدا محذوف کی ای تقلبهم متاع قلیل

لکن مخفف اور مثقل دونوں طرح سے آیا ہے خالدین

حال ہے لهم سے اور عامل معنی استقرار ہیں جنّٰت

موصوف وصفت مبتدا لهم خبر من اہل الکتاب خبر

ان لم یؤمن اسم خاشعین حال ہے ضمیر یؤمن سے اور

جمع بلحاظ معنی لفظ من ہے۔

تفسیر

ان پرہیز گاروں کے مقابلہ میں ان لوگوں کو دکھایا جاتا ہے کہ جو صرف دنیاوی جاہ وحشمت پر مغرور ہو کر ملک میں اکڑتے پھرتے ہیں جو ایک بہت ہی قلیل پونجی ہے اور نیز مشرکین اپنے دنیاوی عیش وآرام پر نازاں ہو کر فقراء مہاجرین وانصار سے جن پر تنگدستی بے امنی محیط تھی طعن کے طور سے کہا کرتے تھے کہ تمھاری خدا پرستی اور پرہیز گاری دیکھی تم سے ہر حال میں ہم بہتر ہیں عیش وآرام میں بلاقید حلال وحرام ہر طرح کے مزے اُڑاتے ہیں۔ نہ روزہ نماز کی تکلیف نہ راتوں جاگنے دعا مانگنے کا جھگڑا۔ جب تم کو یہاں کچھ نہیں ملتا تو وہاں کیا ملے گا۔ صرف توہمات اور خیالی باتوں پر شاد مان ہونا اور مصائب اُٹھانا ان ہی احمقوں کا کام ہے کہ جن کو محمد (صلے اللہ علیہ وسلم) نے اپنے جادو سے دیوانہ کر دیا ہے۔ ان کے خیال باطل کا رد کیا جاتا ہے کہ لایغرنک تقلب الذین کفروا فی البلاد۔ ای مخاطب! تم ان کے ملک میں اس اکڑتے پھرنے سے اور اس قدر قلیل جاہ وعیش سے جو آخرت اور نعیم باقیہ کے مقابلہ میں ہیچ ہے دھوکہ میں نہ پڑ جانا کہ پرہیز گاری اور خدا پرستی کا کوئی عمدہ نتیجہ نہیں۔ متاع قلیل یہ ایک تھوڑا سا سامان ہے اور بہت ہی بے ثبات بھی ہے خدا تعالیٰ نے اپنی کسی مصلحت سے ان کو دے رکھا ہے اس پر نظر بھی نہ ڈالنا ثم ماواہم جہنم وبئس المہاد تو ان کا ٹھکانا جہنم ہے جو بہت ہی بُری جگہ ہے یہ چند روزہ کامرانی ہے۔ لکن الذین اتقوا ربہم لیکن کامرانی اور حیات جاودانی تو ان کے لئے ہے جو اپنے رب سے ڈرتے رہتے ہیں اور اسی کے لئے خدا پرستی اور پرہیز گاری کرتے ہیں لہم جنّٰت تجری من تحتہا

Marfat.com

الانہار۔ اُن کے لئے ایسے باغ تیار ہیں جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہیں جن میں وہ ہمیشہ ہمیشہ رہا کریں گے وہ اس دنیا میں مسافرانہ بسر کرتے ہیں مسافر کو اصلی مقام کی راحت کا خیال ہونا چاہیئے۔ یہ لوگ جب اس سفرِ دنیا سے اپنے مقام پر آئیں گے تو یہ سامان اُن کو نزلاً من عند اللہ خدا تعالیٰ کی طرف سے مہمانی میں ملیں گے اور ان چیزوں کے اور جو کچھ چیزیں خدا تعالےٰ کے پاس ہیں ابرار یعنی نیکوکاروں کے لئے موجود ہیں وہ کہیں بہتر ہیں۔

اس میں تو کوئی شک نہیں کہ اس عالم میں کسی کو بھی بقا نہیں لاکھوں کو مرتے دیکھتے ہیں پھر رہی یہ بات کہ یہاں کے بعد کوئی اور عالم بھی ہے کہ جہاں ہم کو جانا اور جا کر اپنے اعمال کا نتیجہ پانا ہے جس کی اُس کے رسولوں نے خبر دی ہے تو پھر ان نعمتوں کے مقابلہ میں اس چند روزہ سامان پر بس کرنا سخت نادانی ہے۔ اس بات پر سوائے دلائل عقلیہ کے تمام سلسلہ انبیائ کی بھی شہادت بس ہے کہ جس کو بعض اہل کتاب ادا کر رہے ہیں اور وہ کون ہیں لمن یؤمن باللہ الخ کہ جو اللہ تعالےٰ پر ایمان رکھتے ہیں اور جو کچھ مسلمانوں کی طرف بھیجا گیا ہے یعنی قرآن اس پر بھی ایمان رکھتے ہیں اور اس میں اس بات کی صاف تصریح کی ہے وہ اللہ تعالےٰ سے بھی ڈرتے رہتے ہیں اور خدا تعالےٰ کی آیات کو تھوڑے داموں سے بھی نہیں بیچتے۔ دنیا جتنی کچھ ہو تھوڑے دام ہیں سو اُن کے لئے بھی ان کا اجر خدا تعالےٰ کے پاس ہے۔ یہاں خدا تر اس اہل کتاب کی طرف اشارہ ہے جنھوں نے نبیٔ خاتم الزماںؐ کی تصدیق کی تھی جیسا کہ یہود میں عبداللہ بن سلامؓ اور عیسائیوں میں سے حبشہ کا بادشاہ نجاشی وغیرہم۔ اور ممکن ہے کہ اہل کتاب کے نقص بیان کرنے کے بعد اُن میں سے خدا پرستوں کو مستثنےٰ کیا گیا جو انصاف کا مقتضےٰ ہے۔ اس کے بعد پھر مسلمانوں کی طرف روئے سخن کر کے ان کو صبر اور خدا پرستی پر قائم رہنے اور پرہیزگاری پر ثابت رہنے کی طرف متوجہ فرما کر کلام کو کسی خوبی سے تمام کر دیا۔ بقولہ یا ایہا الذین آمنوا اصبروا الخ۔ کہ اُن کو پڑا بکھنے دو تمھارا جو کام ہے وہ کئے چلے جاؤ۔ واضح ہو کہ انسان کے دو حال ہیں۔ ایک دنیا کا معاملہ دوسرا خدا تعالےٰ کا معاملہ۔ پھر دنیا کے معاملہ کی دو قسم ہیں ایک اپنے اوپر مشقت گوارا کرنا دوسرے کو تکلیف نہ دینا ایک یہ کہ اُس کے علاوہ کچھ اور بھی سلوک و احسان کرنا۔ پھر اس کی بھی دو قسم ہیں اول یہ کہ خاص اپنی ذات سے علاقہ رکھے سو اُس کو تو اصبروا میں ذکر کیا۔ صبر نفس کو روکنا اور برداشت کرنا ہے۔ پھر اس صبر کے بہت سے اقسام ہیں (۱) یہ کہ توحید اور عالم آخرت کے بچانے میں جو کچھ غور اور فکر کرنے میں مشقت ہو اُس پر صبر کرے۔ (۲) واجبات کے ادا کرنے میں جو کچھ مشقتیں پیش آئیں روزہ میں بھوک پیاس، جہاد میں گرمی میں چلنا دشمن سے لڑنا تبلیغ احکام میں وعظ و پند اور دین کی منادی میں جاہلوں کی بدکلامی سُننا سب پر برداشت کرے (۳) نفس کی خواہش روکنے میں جو کچھ مشقت پیش آوے اُس پر صبر کرے۔ حسین عورت کی طرف حرام کرنے کے لئے دل مائل ہو اُس کو روکے۔ الغرض منہیات سے بچنے میں کوشش کرے (۴) مصائب دنیا مرض موت قحط تنگدستی خوف وغیرہ مصائب پر برداشت کرے یہ سب باتیں اصبروا میں شامل ہیں۔ وہ جو اوروں سے علاقہ رکھتی ہیں اُس میں یہ ہے کہ گھر کے لوگوں اور ہمسایہ اور اہل شہر اور قوم کے اخلاق رذیلہ پر برداشت کرے۔ انتقام لینے میں اور غصہ کے فرو کرنے میں دل کو روکے رکھے یہ سب باتیں صابروا میں آگئیں۔ زیادہ دوسروں پر احسان کرنا، صلہ رحمی وغیرہ سو وہ رابطوا میں آگئیں۔ ربط کہتے ہیں باندھنے اور لگانے کو خواہ دل کو محبت الٰہی سے باندھے یا جہاد میں گھوڑے باندھے یا شب کو مخالفوں کے لئے پہرہ دینے پر دل کو باندھے یا انتظار صلوٰۃ میں دل لگاوے یا عزیز قریبوں سے واسطہ قائم رکھے اس لفظ میں سب معنوں کی گنجائش ہے اور اسی لئے ہر ایک مفسر نے ان میں سے ایک معنے

Marfat.com

اختیار کئے ہیں اور احادیث میں بھی ہر معنی کی طرف اشارہ ہے۔ رہا خدا تعالےٰ کا معاملہ سو وہ اتقوا اللہ میں آگیا۔ ایک جملہ میں حکمتِ نظریہ اور حکمتِ عملیہ اور اُن کی جمیع اقسام تہذیب اخلاق سیاست مدن تدبیر منزل وغیرہ سب کو جمع کر دیا اور پھر حکمت کے ثمرہ فلاح کی طرف بھی کس مجمل لفظ میں اشارہ کیا جو ہر قسم کی فلاح کو شامل ہے فلاح دنیا اور فلاح آخرت سب آگئیں۔

اس سورہ میں مبدأ و معاد دارِ آخرت کے حالات خدا تعالےٰ کے صفات نیکی کے نتائج اور نیکوں کا رویہ اور بد لوگوں کا انجام اشاعتِ دین میں استقلال انبیاءؑ اور اُن کے پیروؤں کے مختصر واقعات بیان کر کے سعادت کے عمدہ نتیجہ فلاح پر کس خوبی سے کلام تمام کیا ہے اور ہر ایک مضمون کو دوسرے سے عجب مربوط کیا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ

لوگو! تم اپنے رب سے ڈرتے رہو کر جس نے تم کو

خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ

ایک شخص سے پیدا کیا اور اسی سے

مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيْرًا

اس کا جوڑا بھی پیدا کیا اور (پھر) ان دونوں سے بہت سے مرد اور عورتیں

وَّنِسَآءً ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْ تَسَآءَلُوْنَ

پھیلائیں۔ اور اللہ سے ڈرتے رہو کہ جس کا آپس میں واسطہ دے کر مانگا کرتے

بِهٖ وَالْاَرْحَامَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ

ہو اور قرابت کا بھی لحاظ رکھو۔ کیونکہ اللہ تعالےٰ تم کو

عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا ①

تاک رہا ہے۔

ترکیب

من نفس واحدة صفت موصوف موضع نصب میں خلقکم کی وجہ سے من ابتداءِ غایۃ کے لئے ہے اور ایسا ہی منہما رجالاً کثیراً صفت ہے رجالاً کی اور رجال اگرچہ یہاں جمع ہے اور قاعدہ چاہتا تھا کہ اس کی صفت میں کثیرۃ ہوتا کیونکہ جمع مؤنث ہے لیکن کبھی جمع کی صفت مذکر بھی آتی ہے جیسا کہ جماعت مؤنث کی طرف فعل مذکر مسند ہو جاتا ہے کما قال نسوۃ۔ والارحام منصوبٌ معطوف ہے اللہ پر۔

تفسیر

یہ سورۃ بھی مدینہ طیبہ میں نازل ہوئی ہے کہ اس میں ایک سو چھہتر آیتیں ہیں۔ اوّل چونکہ اس میں عورتوں کے احکام نکاح و توریث وغیرہ زیادہ مذکور ہیں اس لئے اس مناسبت سے اس کا نام سورۂ نساء مشہور ہو گیا۔ سورۂ آلِ عمران میں بیشتر جہاد فی سبیل اللہ کے مسائل اور فضائل اور مخالفین ملّتِ اسلامیہ کے مبدأ و معاد ذات و صفات کی بابت شکوک و شبہات کے جواب اور عالم آخرت کے دلائل اور فضائل اور وہ باتیں ذکر کی گئیں کہ جن سے قوام ملّت آسمانی اور تقویت مذہب روحانی ہو جائے۔ اس کے بعد حکمتِ نوامیسیہ اور فیضِ الہام کا مقتضا ہوا کہ مکلّفین کے لئے وہ احکام بھی بیان ہو جائیں جو اُن کے معاملات کا پورا دستور العمل ہیں اور ان باتوں کا معین کرنا بھی قوتِ بشریہ کی طاقت سے باہر تھا اس لئے اس سورۃ میں بہت سے احکام بیان ہوئے خصوصاً سب سے اوّل یتیموں کی پرورش اور ان کے مال کی حفاظت اور اُن کے حقوق کی رعایت اور ان پر رحم کرنے کے مسائل اور پھر وراثت وغیرہ کے متعلق کر جس کا سلسلہ موت سے متعلق ہے گرچہ ایما نذار ہر طرح سے خدا تعالےٰ کے فرمانبردار ہیں مگر عرب کی جہالت اور وحشت ابھی دور ہوئی تھی اور اُن کا درندہ پن تھوڑے ہی دن سے رخصت

① صرف اس سورہ کے اوّل میں یا ایہا الناس اور سورۂ حج کے اوّل میں یا ایہا اور دونوں کا یہی مطلع چند اسرار کے لئے قرار پایا ہے ۱۲ منہ

Marfat.com

ہوا تھا اس لئے ان احکام پر برداشت کرنے کے لئے شروع کلام یا ایہا الناس لئے قولہ رقیبًا سے کیا اور اُس میں اللہ تعالیٰ سے ڈرنے کی دو بار تاکید فرمائی۔ ایک باریوں فرمایا کہ تم اپنے اُس رب سے ڈرو کہ جس نے تم کو ایک شخص سے پیدا کر دیا اور پھر اُسی سے اُس کی بیوی پیدا کر کے اُن سے بہت سے مرد و عورت زمین پر پھیلا دیئے۔ ان لفظوں میں چند باریک نکتے رکھے ہیں (۱) لفظ رب آیا کہ جس کے معنے پرورش کرنے والے کے ہیں تاکہ اس بات کا خیال رہے کہ خدا تعالیٰ ہماری پرورش کرتا ہے ہم کو یتیموں کی پرورش مجازی میں کچھ کمی نہ کرنی چاہیئے ورنہ درحقیقت تو وہی پرورش کرتا ہے۔ اور یہ بھی کہ جو پرورش کرتا ہے اُس سے ڈرنا اور اُس کی فرمانبرداری کرنا ضرور چاہیئے اور خدا تعالیٰ سے ڈرنے کی یہ معنے نہیں کہ معاذ اللہ وہ بڑا ہلاکو ہے یا سفاک بے رحم ہے اس سے بچنا چاہیئے، کیونکہ اللہ تعالیٰ تو سب محبوبوں سے محبوب اور سب پیاروں سے پیارا ہے بلکہ یہ معنے کہ اس کی نافرمانی کرنے سے ڈرو ورنہ اس کا بدثمرہ تمھیں دیکھنا پڑے گا۔ (۲) یہ کہ تم کو ایک شخص سے پیدا کیا ہے تاکہ یہ بات ملحوظ رہے کہ سب بنی آدم باہم ایک ہیں کوئی کسی پر حسب نسب شکل وصورت مال وجاہ سے بیہودہ تفاخر اور تکبر نہ کرے۔ جو رحم دلی اور مروّت کے برخلاف ہے اور نیز یہ بات ملحوظ رہے کہ سب بنی آدم میں برادری ہے، سب سے رحم دلی اور صلہ رحمی کرنا چاہیئے اور یہ کہ اگر آج ہم کسی کو پرورش کرتے ہیں تو کیا ہوا آخر ہم کو بھی کسی نے پالا ہے۔ نفس واحدۃ سے مراد حضرت آدم علیہ السلام ہیں جن کو خدا تعالیٰ نے مٹی سے بنایا اور جب ان کو تنہائی سے وحشت ہوئی تو اُن کی بائیں پسلی سے اُنکی بیوی حوّا کو اُن کے سوتے وقت بنا کر بٹھا دیا جس سے وہ خوش ہوئے اُن سے تمام بنی آدم کی نسل چلی۔ احادیث صحیحہ اور توراۃ کتاب پیدائش میں اس کی تصریح ہے۔ حکمائے حال اور دہریہ اور ہنود کے بعض فرقہ اس کے منکر ہیں وہ کہتے ہیں کہ یہ نوع انسان قدیم ہے ہمیشہ سے ہے کروڑوں برس اس پر گزر گئے اور ہمیشہ رہے گی۔ یہ مذہب عقلاً اور نقلاً مردود ہے۔ پھر فرماتا ہے کہ اللہ تعالیٰ سے کہ جس کا نام لے کر اور اس کا واسطہ دے کر لوگوں سے سوال کیا کرتے ہو کہ برائے خدا یہ کر دو یعنی جب تم اُس کے واسطے سے کام نکالتے ہو تو اُس کا کہنا بھی مانو اور اُن کے کام نکالنے میں بھی اُس کا لحاظ رکھو۔ اس کے بعد فرمایا والارحام کہ آپس کی قرابت کا بھی لحاظ رکھو۔ بعض نے مجرور پڑھا ہے کہ قرابت سے بھی تم سوال کیا کرتے ہو۔ عرب کہتے تھے انشدک اللہ والارحام، کہ خدا تعالیٰ کے لئے اور قرابت کے لئے۔ پھر فرمایا کہ خدا تعالیٰ تمھیں تاک رہا ہے غافل نہیں تاکہ ہر وقت لحاظ رہے۔

وَاٰتُوا الْيَتٰمٰٓى اَمْوَالَهُمْ وَلَا تَتَبَدَّلُوا

اور یتیموں کو ان کے مال دے دیا کرو۔ اور بُری چیز کو اچھی

الْخَبِيْثَ بِالطَّيِّبِ ۪ وَلَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَهُمْ

سے بدل نہ لیا کرو۔ اور نہ اُن کے مال اپنے مالوں سے

اِلٰٓى اَمْوَالِكُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ حُوْبًا كَبِيْرًا ۝۲

ملا کر کھا جایا کرو۔ کیونکہ یہ بڑا گناہ ہے۔

وَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تُقْسِطُوْا فِى الْيَتٰمٰى

اور اگر تم کو اس بات کا ڈر ہو کہ یتیم لڑکیوں کے حق میں انصاف نہ کر سکو گے

فَانْكِحُوْا مَا طَابَ لَكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ

تو پھر جو عورتیں تمھیں پسند آئیں اُن سے نکاح کر لو خواہ

مَثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ ۚ فَاِنْ خِفْتُمْ

دو دو سے خواہ تین تین سے خواہ چار چار سے۔ پھر اگر (متعدد بیویوں میں) تم کو اس

اَلَّا تَعْدِلُوْا فَوَاحِدَةً اَوْ مَا مَلَكَتْ

بات کا ڈر ہو کہ انصاف نہ کر سکو گے تو ایک ہی بس ہے یا اپنی لونڈیوں ہی پر (بس کرو)

اَيْمَانُكُمْ ؕ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَلَّا تَعُوْلُوْا ؕ ۝۳

(کیونکہ) ناانصافی سے بچنے کے لئے یہ عمدہ بات ہے۔

وَاٰتُوا النِّسَآءَ صَدُقٰتِهِنَّ نِحْلَةً ؕ فَاِنْ

اور عورتوں کو اُن کے مہر خوش دلی سے دے دیا کرو۔ پھر اگر

Marfat.com

طِبْنَ لَكُمْ عَنْ شَيْءٍ مِّنْهُ نَفْسًا

وہ اس میں سے بخوشی خاطر تمہارے لئے کچھ چھوڑ دیں

فَكُلُوهُ هَنِيْٓـًٔا مَّرِيْٓـًٔا ﴿۴﴾

تو اس کو شوق سے کھاؤ (پیو)۔

ترکیب

بالطیب مفعول ثانی ہے تبدلوا کا۔ الیٰ اموالکم متعلق ہے محذوف سے اور موضع حال میں ہے لے مضافۃ الیٰ اموالکم و قیل مفعول لہٗ المعنی ان خفتم شرط۔ فانکحوا الخ جواب ما طاب مفعول فانکحوا من النساء اس کا بیان مثنیٰ وثلث ورباع تینوں نکرہ غیر منصرف ہیں عدل اور وصف کی وجہ سے اور یہ تینوں بدل ہیں ما سے۔ فان خفتم شرط۔ فواحدۃ لے فانکحوا واحدۃ جواب او تخییر یا اباحت کے لئے ماملکت موصول وصلہ مبتدا کا، فیہ خبر محذوف۔ نحلۃ مفعول مطلق ہے اٰتوا کا دونوں ہم معنے ہیں نفسًا تمیز ہے شیٔ سے عامل طبن۔ ہنیئًا فعیل وکذا مریئًا مفعول مطلق ہیں ای اکلا ہنیئًا۔

تفسیر

جب وہ تمہید ہو چکی تو سب سے اوّل حکم یتیموں کے مال کی بابت دیتا ہے واٰتوا الیتٰمٰٓی الخ سے حوبًا کبیرًا تک۔ اس آیت میں تین حکم ہیں (۱) یہ کہ یتیموں کو جب کہ وہ ہوشیار ہو جائیں اُن کا مال و اسباب جو اُن کے ولی سرپرستوں کی سپردگی میں ہو اُن کے حوالہ کر دینا چاہیئے اور اس سپردگی کا وقت اور اس کا طریقہ اگلی آیت میں بیان کیا گیا ہے بقولہٖ وابتلوا الیتٰمٰی حتی اذا بلغوا النکاح فان آنستم منہم رشدا فادفعوا الیہم

ف حوب الاثم یقال حاب یحوب اذا اثم واصلا از جر للبعیر۔ الحول الجور من حال یحول الرجل اذا مال۔ نحلۃ بکسر النون وضمہا بمعنے العطاء ہنیئًا یقال ہناہ الطعام یہنیہ اذا انہضم وکذا المراد ۱۲

اموالہم الآیہ۔ اس کی تشریح اور تفسیر آگے آتی ہے (۲) یہ کہ اُن کے اچھے مال اسباب کو اپنے بُرے مال و اسباب سے بدل نہ لیا کرو۔ یہ بات ہوتی ہے کہ جب گھر میں یتیم کا مال تفویض کر کے رکھا جاتا ہے تو اسباب کی فہرست بھی ہوتی ہے مگر بے اُسی قسم کا دوسرا اسباب اُس کی جگہ ولی بدل کر دے سکتا۔ مثلاً یتیم کی ایک تلوار بھی تفویض میں آئی جس کی قیمت ہزار روپیہ ہیں بوقت واپسی ولی نے اس کی جگہ اپنی دو روپیہ کی تلوار رکھ دی، سو اس بات سے خدا تعالیٰ نے منع کیا کیونکہ قانون عدالت اس کا کافی بندوبست نہیں کر سکتا یہ دیانت پر موقوف ہے۔ (۳) یہ کہ اپنے مال کے ساتھ یتیم کا مال ملا کر نہ کھا جایا کرو۔ مثلاً یتیم کے لئے اُس کے مال میں سے کھانا پکانا اس میں کسی قدر اپنا کھانا ملا کر اس قدر زیادہ پکایا کہ اپنے تمام کنبہ کو کافی ہو۔ دراصل یتیم کے لئے پاؤ بھر کافی تھا دو سیر اُس کے مال میں سے اور سیر بھر اپنے میں سے ملا کر پکایا۔ یہ بھی ایک صورت باہم یتیم اور ولی میں ہوتی ہے اور اس کا کوئی بجز ولی کے نگواں نہ تھا سو وہی اس کا مرتکب ہوا تو پھر کیا علاج۔ اس لئے اس سے منع کیا اور دیانت کا حکم دیا۔ اور سب کے بعد یہ فرما دیا کہ یہ بڑے گناہ کی بات ہے۔

ف یتیم یہ یتم سے مشتق ہے جس کے معنے تنہا ہو جانا۔ چونکہ باپ کے مرنے سے بیٹا تنہا رہ جاتا ہے اس لئے اس کو یتیم کہتے ہیں اور اسی لئے دُرِّ یک دانہ کو دُرِّ یتیم کہتے ہیں۔ لغوی معنے کے لحاظ سے جس کا باپ مر جائے اس کو یتیم کہا جائے گا، خواہ وہ لڑکا ہو خواہ جوان۔ مگر عُرف میں جب کہ لڑکا بالغ ہو جائے اور بجائے سرپرست کے خود اپنے کاروبار کرنے لگے تب اس پر یہ لفظ نہ بولا جائے گا۔ یتیم بروزن فعیل جیسا کہ مریض اسکی جمع مرضیٰ کی طرح سے یتمیٰ آنی چاہیئے تھی اور آئی یتامیٰ۔ صاحب کشاف کہتے ہیں کہ یتمیٰ یتیم کی جمع ہے جیسا کہ اسیر کی جمع اسریٰ ہے پھر اُس کی اساریٰ یعنی جمع الجمع۔ اور آیت میں جو کہا یتیم کو مال دو حالانکہ جوان ہونے سے یتیم نہیں رہتا

Marfat.com

اور مال جوان بالغ ہو کر ملتا ہے تو یہاں لغوی معنے کے لحاظ سے یا مجازاً شفقت دلانے کے لئے باعتبار ماکان یتیم کہدیا ہے۔ (۲) حوب اور حاب دونوں کے معنے گناہ کے ہیں جیسا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا میں ہے رب تقبل توبتی واغسل حوبتی۔ (۳) یہ آیت بنی غطفان کے ایک شخص کے حق میں نازل ہوئی جو اپنے بھتیجے کو اُس کا مال نہ دیتا تھا۔ اِس کے بعد اس نے دے دیا۔

اس کے بعد دوسرا حکم یتیموں کے نکاح کی بابت دیا۔ عروہؓ نے حضرت عائشہ صدیقہؓ سے روایت کی ہے کہ عرب کا جاہلیت میں یہ دستور تھا کہ وہ یتیم لڑکیوں سے اُن کے مال و جمال کی وجہ سے خود ہی نکاح کر لیتے تھے مثلاً کسی کے چچا کی بیٹی یتیم اُس کی پرورش میں ہے اور اس کے پاس مال بھی ہے تو وہ اور کو دینا پسند نہ کر کے خود ہی نکاح کر لیتا تھا مگر ان کا کوئی اور شخص بجز اس کے باز پرس کرنے والا نہیں ہوتا تھا وہ مہر بھی کم باندھتے تھے اور بعد میں اور بیویاں کر کے اُس کی حق تلفی بھی کرتے تھے چونکہ بجز خدا تعالےٰ کے اور کوئی اُن کی طرف سے اس امر میں حامی و مددگار نہ تھا اس لئے اُن کے بارے میں بھی یہ حکم دیا وان خفتم الا تقسطوا فی الیتٰمٰی فانکحوا ما طاب لکم من النسآء الآیۃ۔ اگر تم یتیم عورتوں کے حق ادا نہ کر سکو تو اُن پر کیا موقوف ہے اور بہت سی عورتیں ہیں تم اُن میں سے پسند کر کے خواہ ایک سے نکاح کرو خواہ دو دو سے خواہ تین سے خواہ چار سے۔ اور اگر اُن میں بھی باہم عدل و انصاف نہ کر سکو تو پھر ایک ہی پر بس کرو یا اپنی لونڈی پر قناعت کرو تاکہ ظلم میں مبتلا نہ ہو جاؤ۔

ف (۱) اقساط عدل کرنا، قسط عدل، قال اللہ تعالےٰ واقسطوا ان اللہ یحب المقسطین۔ اسلام میں عدل و انصاف کی نہایت تاکید ہے اپنے و بیگانے کی اس میں کوئی قید نہیں۔ عرب میں ایک یہ بھی دستور تھا کہ جہاں تک چاہتے تھے نکاح کرتے چلے جاتے تھے پھر بیویوں میں کھانے پینے کے ساتھ سونے میں برابری نہ کرتے تھے جس سے دل چاہا عیش منایا اوروں کو قید میں ڈال کر جلایا۔ اسلام نے اس خرابی کی بھی اصلاح کر دی اور گھٹا کر صرف چار عورتوں تک کی اجازت دی اور اس میں بھی یہ شرط کی کہ اگر انصاف و عدل کر سکو تو کرو ورنہ نہیں کیونکہ بیویوں کے حقوق نان و نفقہ شب باشی برابر ہوتی چاہئیں۔ (۲) جمہور کے نزدیک اس آیت اور احادیث صحیحہ سے کہ حدِّ تواتر کو پہنچ گئے ہیں اور اجماع امت سے چار عورتوں سے زیادہ سے ایک وقت میں نکاح کرنا حرام ہے۔ ہاں مرتی جاویں یا طلاق دیدی جاویں تو کہتیں نوبت کیوں نہ پہنچے اور لونڈیاں جس قدر چاہے جمع کر سکتا ہے۔ مگر چار کی اجازت غلام کو نہیں لیکن امام مالکؒ کے نزدیک اس اجازت میں غلام بھی شریک ہے۔ سدی وغیرہ بعض لوگ کہتے ہیں کہ اس آیت سے یا اور کسی آیت سے چار پر حصر کرنا ثابت نہیں ہوتا بلکہ ماطاب لکم اجازت عام ہے علاوہ اس کے مثنیٰ و ثلث و ربع میں وہ ہے جو جمعیت کا فائدہ دیتا ہے پھر سب کو جمع کیا جاوے تو نو بلکہ اٹھارہ ہو سکتی ہیں۔ اقول یہ استدلال غلط ہے اگر اجازت عام دینی مقصود تھی تو صرف ماطاب لکم من النساء کہدینا کافی تھا چار تک تعیین کرنا کیا ضروری تھا اور اگر و کی جگہ او آتا تو یہ بات سمجھی جاتی کہ تمام اہل اسلام کو اُن میں ایک عدد اختیار کرنا چاہیئے یعنی سب دو دو سے نکاح کریں یا تین تین یا چار چار سے یہ نہیں کہ کوئی دو سے کوئی تین سے کوئی چار سے کرے حالانکہ یہی مقصود تھا اس لئے و آیا او نہ آیا۔ پس و جمعیت جمیع امت کے لئے ہے نہ کہ ایک شخص کے لئے اور اس میں کوئی شک نہیں کہ باستثناء حضرات انبیاء علیہم السلام کہ جن کی طبیعت میں عدل و انصاف خمیر کر دیا گیا ہے سب کے لئے کثرت ازدواج اور بے تعداد بیویاں جمع کرنا مقاصد دینی و دنیویہ میں مخل ہے اور انسان کی ترقی کمالات اور عمدہ عیش میں خلل انداز بھی ہے۔ مقاصد دینیہ میں اس وجہ سے کہ جب بہت سی عورتیں

Marfat.com

ہوں گی تو سب کے حقوق میں مساوات کرنا عادتاً مشکل ہے اور اگر انصاف کیا اور اقل مرتبہ مہینہ بھر میں ایک عورت کی باری آئی تو اس کثرتِ مجامعت سے اب یہ اس قابل نہ رہے گا کہ اُس کی طبیعت میں سیاستِ مُلک اور جہاد کا ولولہ رہے۔ ہندوستان کے رئیسوں کی عین جوانی میں پژمردگی، کثرتِ جماع سے، جو کچھ ان کے ملکوں میں بربادی کر رہی ہے ظاہر ہے اور دنیاوی خرابی کثرتِ عیال قلّتِ مال کے صدمہ اور عیش کی تلخی تو ظاہر ہے آج کیا ہے کوئی لڑکا بیمار ہے کوئی کچھ مانگتا ہے کوئی مر گیا اس کا سوگ ہے۔ پھر اس قدر عورتیں ایک سے کیونکر سیر ہو سکتی ہیں اور سب کی طبیعتیں بھی مساوی نہیں پھر کیا کیا فساد اور خلافِ عصمت باتیں کر کے ننگ و ناموسِ شوہر میں دھبہ لگاتی ہیں۔ علاوہ اس کے ہر وقت عورتوں میں رہنا انسان کو تجارت اور سفر اور مشقت کے اُن کاموں سے مانع آتا ہے جو اس کی ترقی دنیا کی سیڑھیاں ہوتی ہیں، کیا خوب کہا ہے کسی نے ؎

فاحفظ منیّک ما استطعت فانہ ؛ ماء الحیوٰۃ یصب فے الارحام ؛ اور یہ بھی خوب کہا ہے ؎ مرا بہ یک دم شہوت کہ خاک بر سر او ؛ اسیر زن نتواں شد بسالہائے دراز ؛ اب رہی یہ بات کہ شریعتِ محمدیہ نے کیوں عیسائیوں کے راہبوں اور ہندوؤں کے جوگی اور گشائیوں کی طرح ملنگ پنا تعلیم نہ کیا اور کیوں ایک ہی عورت پر قناعت کرنے کا حکم نہ دیا۔ برخلاف اس کے مسلمانوں کو چار تک کی اجازت اور خود پیغمبر علیہ الصّلوٰۃ والسّلام نے چار سے زیادہ نو تک بیویاں ایک وقت میں رکھیں۔ آج کل کے رفارمروں اور عیسائی اور ملحد منش لوگوں کا اسلام پر ایک یہ بھی اعتراض ہے اور اس پر ملمع کار تقریروں سے بڑا زور دیتے ہیں بالخصوص پادری بہت غل مچاتے ہیں اس کا جواب یہ ہے۔

(۱) یہ بات ہر عقلمند پر ظاہر ہے کہ انسان جب تک کہ اس جامۂ انسانی میں ہے خواہ کوئی کیوں نہ ہو ولی ہو نبی ہو اُس کو تمام انسانی حاجتیں پیش آتی ہیں، بھوک پیاس بھی لگتی ہے اُس کے بعد نیند بھی آتی ہے، پائخانہ پیشاب بھی آتا ہے اُس کو کوئی روک نہیں سکتا اسی طرح اگر اُس کے کسی عضو میں فتور نہیں تو منی بھی پیدا ہو کر اپنا نکلنا چاہتی ہے اِس لئے خواہ مخواہ عورت کی طرف رغبت ہوتی ہے یہ طبعی بات ہے صرف اتنا فرق ہے کہ اچھے لوگ اُس کو اُس کے محل پر صَرف کرتے ہیں بُرے لوگ بے محل کام میں لاتے ہیں۔ اگر ملنگ پنا سکھایا جاتا تو علاوہ قطع نسلِ انسانی کے ہزاروں مصیبتیں[1] پیش آتیں، حرامکاری کا پُل ٹوٹ جاتا۔ دیکھئے باوجود تقدّس کے جب جرجیس[2] نے وہ تالاب صاف کرایا کہ جو اُس کلیسیا سے متعلق تھا جس میں مجرّد مرد و عورت رہتے تھے تو سینکڑوں کھوپڑیں حرامی بچّوں کی نکلیں اور جو ادھر اُدھر پھینک دیئے گئے تھے یا حمل گرائے گئے اُن کا تو کوئی حساب ہی نہیں۔ علاوہ اس کے بُردباری وغیرہ اخلاق کی درستی عیالداری کی بدولت نصیب ہوتی ہے اور ایک عورت پر عموماً سب کو پابند کرنا بھی بعض لوگوں کی عفت میں فرق لاتا ہے کیونکہ تجربہ سے یہ بات ثابت ہو گئی ہے کہ مرد کو عورت سے کہیں زیادہ قوّت ہے اور نیز عورت تیس چالیس برس کی عمر میں دس پانچ بچے جن کر بڑھیا ہو جاتی ہے اور مرد کے لئے یہ عین جوش قوّت کا وقت ہے پھر اس بڑھیا پر بس کرنا یا تو اشارۃً اور مزہ اُڑانے[3] کا حکم دینا ہے یا سہل شریعت کو دشوار کر دینا ہے کہ جس کی اصلاح کے لئے پھر کسی نبی کی حاجت پڑتی اور یہ بھی ہے کہ عورت ایامِ حیض

---

[1] خانہ داری کے سامان اور انتظام خاص عورتوں کا ہی حصّہ ہے اور پاکدامنی اور اور نیک نیتی بھی نکاح پر موقوف ہے ۱۲ منہ [2] چنانچہ پادری لوگ بھی نظرِ عمیق کے بعد اس کا فتویٰ دیتے ہیں جیسا کہ کتاب مسمّیٰ باصلاح سہو مطبوعہ امریکن مشن پریس ۱۸۷۱ء میں کہتے ہیں کہ تعدّدِ ازدواج بنی اسرائیل میں تھا اور خدا تعالےٰ نے اسکو منع نہیں کیا بلکہ برکت کا وعدہ کیا۔ اور مارٹین لوتھر نے فلپ کو دو جوروؤں کی اجازت دیدی تھی ۱۲ منہ [3] جن لوگوں میں دوسری عورت کرنے کا دستور نہیں اور اسی بڑھیا بدشکل کج خلق یا بیمار یا مکّار بدوضع کوتاہ اندیش مخالف مزاج ہی کو گلے باندھنے کی تاکید ہے اُن کے حالات دیکھئے کہ کیا کیا مصائب پیش آتے ہیں (باقی صفحہ ۱۲۷ پر)

Marfat.com

ونفاس اور حمل بلکہ رضاعت کے وقت مرد قوی کو بس نہیں کرتی بالخصوص ان گرم ملکوں کے لوگوں کے لئے کہ جن کو ایک روز بھی بغیر جماع کے چین نہیں پڑتا (مرطوب اور بلغمی لوگوں کا ذکر نہیں ہے) پھر ان کے لئے حرام کاری کی اس قدر ممانعت کرکے (کہ کسی کو بدنظر سے بھی نہ دیکھو، کسی غیر محرم کے ہاتھ بھی نہ لگاؤ اس سے تخلیہ میں بات بھی نہ کرو اگر کرو گے علاوہ عذاب آخرت کے دنیا میں بھی سزا پاؤ گے) ایک عورت کا پابند کرنا حکمت الٰہیہ کی مصلحت کے برخلاف ہے اس لئے شریعت نے چار تک کی اجازت دی ہے نہ یہ کہ سب کے لئے حکم دیا ہے اور اجازت میں بھی عدل شرط ہے البتہ جس قوم میں بغیر نکاح کے بھی حاجت براری ہو سکے بلکہ خوب طرح سے ان کے نزدیک چار کیا ایک بھی جنجال اور جان کے لئے وبال ہے۔ رہا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا متعدد نکاح کرنا اور آپ کا اس حکم سے مستثنیٰ ہونا سو یہ مصالح کے لئے تھا۔ اوّل یہ کہ عدالت آپ کا شیوۂ ذاتی تھا، معصوم تھے۔ دوم یہ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو باوجود کسی آمدنی مقرر نہ ہونے کے متعدد بیویں رکھ کر صفت توکل اور استغلال کی تعلیم دینا منظور تھا۔ سوم متعدد عورتوں کی معرفت عورتوں کے متعلق خلوت اور جلوت میں بیشمار مسائل شریعت کا تعلیم کرنا منظور تھا، اور حضرت داؤد و حضرت موسیٰ و حضرت یعقوب علیہم السلام نے بھی اس لئے متعدد بیویں کیں ہیں جیسا کہ بائیبل سے ثابت ہے اور اب تک یہودی شریعت میں کئی بیویاں کرنا جائز ہیں۔ تیسرا حکم وَاٰتُوا النِّسَآءَ صدقاتھن نحلۃ۔ حضرت ابن عباسؓ و ابن جریجؒ و قتادہؒ وغیرہ نحلۃ کے معنے فریضہ کے کہتے ہیں۔ بولتے ہیں فلان ینحل کذا یعنے ایسا دین رکھتا ہے اسی لئے مذہب کو نحل کہتے ہیں چونکہ مہر بھی شرعی اور دینی بات ہے اس لئے اس کو نحل کہا۔ کسائی کے نزدیک نحلۃ کے معنے عطیہ کے ہیں مگر مراد دونوں کی مہر ہے۔ مہر کا دینا واجب ہے مگر جب خود عورت یا ولی صغیر سنی اس کے اولیاء معاف کردیں تو معاف ہو سکتا ہے۔

وَلَا تُؤْتُوا السُّفَهَآءَ اَمْوَالَكُمُ الَّتِيْ جَعَلَ

اور تم اپنے مال کو کہ جن کو خدا تعالیٰ نے تمہارے لئے گزارہ بنایا ہے

اللّٰهُ لَكُمْ قِيٰمًا وَّارْزُقُوْهُمْ فِيْهَا وَ

بیوقوف (یتیموں) کو نہ دو (ہاں) اس میں سے ان کو کھلاؤ اور

اكْسُوْهُمْ وَقُوْلُوْا لَهُمْ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ۝۵

پہناؤ اور ان سے اچھی بات کہو۔

وَابْتَلُوا الْيَتٰمٰى حَتّٰۤى اِذَا بَلَغُوا النِّكَاحَ ۚ

اور یتیموں کو آزماتے رہو یہاں تک کہ جب وہ نکاح (کی عمر) کو پہنچ جائیں

فَاِنْ اٰنَسْتُمْ مِّنْهُمْ رُشْدًا فَادْفَعُوْۤا

تو پھر اگر ان میں صلاحیت پاؤ تو ان کے مال ان کے

اِلَيْهِمْ اَمْوَالَهُمْ ۚ وَلَا تَاْكُلُوْهَاۤ

حوالہ کردو۔ اور فضول خرچی سے اور ان کے

اِسْرَافًا وَّبِدَارًا اَنْ يَّكْبَرُوْا ؕ وَمَنْ

بڑے ہو جانے کے خوف سے بیش قدمی کرکے ذکھایا کرو۔ اور جو (سرپرست) بامقدور

كَانَ غَنِيًّا فَلْيَسْتَعْفِفْ ۚ وَمَنْ كَانَ

ہو تو اس کو مال یتیم سے بچنا چاہیئے۔ اور جو

(بقیہ حاشیہ ۱۲۶) کہیں عورت کو زہر دے کر مارا جاتا ہے کہیں اس کی ہلاکت کیلئے ڈاکٹروں سے مدد لی جاتی ہے ۱۲ ۱ عرب میں دستور تھا کہ عورت کو نکاح کے وقت کچھ مدیہ اس کی خوشنودی کے لئے دیا کرتے تھے اس کو مہر اور صداق اور صدقہ کہتے تھے اس رسم کو اسلام نے بھی قائم رکھا اور نکاح میں یہ ضروری ہو گیا مگر مہر میں کمی کرنے کی تاکید بھی شارع نے از حد کردی تاکہ خوشی میں آکر سب گھر بار نہ دے بیٹھے اور پھر بھیک مانگتا پھرے۔ امام شافعیؒ کے نزدیک مہر پیسہ دو پیسے یعنی بہت کم چیز بھی ہو سکتی ہے۔ امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک اقل مرتبہ دس درہم ہونے ضروری ہیں جن کے تخمیناً ساڑھے تین روپے ہوتے ہیں مگر

ہندوستان میں یہ رسم بدل گئی صرف برائے نام لاکھوں اور کروڑوں کے فرضی مہر باندھنے لگے۔ کہیں سو من مچھروں کا بھیجا کہیں کچھ اور فرضی بات۔ ایسے مہر شرع میں کچھ چیز نہیں نہ ان کا ادا کرنا کوئی ضروری بات ہے ۱۲ منہ

Marfat.com

فَقِيرًا فَلْيَأْكُلْ بِالْمَعْرُوفِ ۚ فَإِذَا دَفَعْتُمْ

محتاج ہو تو (وہ) دستور کے موافق کھا لیا کرے۔ اور جب ان کے

إِلَيْهِمْ أَمْوَالَهُمْ فَأَشْهِدُوا عَلَيْهِمْ ۚ

مال ان کے حوالہ کیا کرو تو اُن پر گواہ کر لیا کرو۔

وَكَفَىٰ بِاللَّهِ حَسِيبًا ﴿٦﴾

اور حساب لینے کو تو اللہ تعالےٰ ہی بس کرتا ہے۔

ترکیب

السفہاء جمع سفیہ بمعنی بیوقوف مفعول اوّل اموالکم مفعول ثانی قیٰما میں تین وجہ ہیں اس کو قیاما بھی پڑھا ہے جو مصدر ہے قام یقوم کا یہ مفعول ثانی جعل بمعنے صیّر کا الّتی جعل اللہ لکم سبب قیامکم کا دوسرا یہ کہ جمع قیمۃ کی ہے کدیمۃ ودیم والمعنے ان الاموال کالقیم للنفوس لے لبقاء النفوس سوم یہ کہ اصل قیاما تھا الف کو حذف کر دیا۔

تفسیر

یہ اُن احکام کی تیسری قسم ہے۔ اس آیت میں تین حکم ہیں (۱) یہ کہ یتیم اگر سفیہ یعنی بیوقوف ہو اس کو مال کی حفاظت اور تجارت کا طریقہ نہ آتا ہو اور اُس کے اطوار سے معلوم ہو کہ وہ اُڑا ڈالے گا تو اُس کے اُس کا وہ مال حوالہ نہ کرو جو تمھاری تفویض میں ہے (اموالکم کے یہی معنے ہیں) اور اس مال میں تمھاری معاش ہے۔ (۲) یہ کہ جب تک مال اُن کے سپرد نہ کئے جائیں تو اُن کو اُن کے مال میں سے یا اُس کے نفع میں سے جو تجارت سے مال حاصل ہو کھانا اور کپڑا دینا چاہیئے (۳) یہ کہ مال نہ دینے سے عادتاً اُن کو رنج ہوتا ہے تو اُن سے تسلّی اور دلاسے کی باتیں کرو کہ یہ تمھارا ہی مال ہے میاں ہم رکھے

ف مالوں میں تمھارا گزارہ ہے اس سے یہ مُراد ہے کہ یتیم کی اُس سے گزر اوقات ہے۔ تمھارے کہنے میں اس طرف اشارہ ہے کہ یتیم بھی کوئی غیر نہیں اس کا گزارہ تمھارا ہی گزارہ ہے ۱۲ منہ

نگہبان ہیں آخر تم کو مل جائے گا۔ یا یہ مراد کہ ان بیوقوفوں کو اچھی باتوں کی تعلیم کرو۔ اس میں یتیموں پر نہایت شفقت ہے۔ سفاہت کم عقلی اور حماقت کو کہتے ہیں۔

اور جب کہ یہ فرمایا کہ بیوقوفوں کو مال نہ دو وہ خراب کر ڈالیں گے تو اس کے بعد دوسری آیت میں اس کی تفصیل کر دی کیونکہ اگر یہ نہ ہوتا تو اس بہانے سے ولی یتیم کا مال ہضم کر سکتا تھا۔ فرمایا وابتلوا الیتٰمیٰ الآیہ، اس آیت میں چار حکم ہیں (۱) یہ کہ یتیموں کا کاروبار تجارت وغیرہ میں امتحان کر لیا کرو۔ پھر جب وہ نکاح کو پہنچیں (یعنی بالغ ہو جاویں احتلام اور خاص دانتوں کا نکلنا اور بغلوں اور زیر ناف بالوں کا نکلنا اور بالخصوص عورتوں کے لئے حیض آنا اور چھاتیوں کا اُٹھنا علامت بلوغ مقرر ہے) اور تم کو اُن سے کچھ بھی رُشد یعنی دُنیا کے کاروبار میں ہوشیاری معلوم ہو (رشدًا کے نکرہ لانے سے یہ بات سمجھی جاتی ہے) تو اُن کے مال اُن کے حوالہ کر دو۔ (۲) اور اس بات پر شاہد کر لو یعنی گواہوں کے روبرو دو تاکہ پھر کوئی جھگڑا پیدا نہ ہو۔ (۳) یہ کہ حالتِ سرپرستی میں اُن کے مال فضول خرچی سے اور اس وجہ سے ذکہ مبادا یہ بڑے ہو جاویں تو پھر اپنا مال واپس لے لیں گے اب جو کچھ ہو کھا لو) نہ کھایا کرو۔ (۴) اگر یتیم کا سرپرست غنی ہے تو اُس کو کچھ بھی لینا نہ چاہیئے اور فقیر ہے تو اپنی سرپرستی اور اُس کے مال کی نگرانی اور خدمت گزاری اور اس کی تجارت کے کاروبار کے معاوضہ میں جو اوروں کو دیا جاتا اُسی قدر آپ لے لے فلیأکل بالمعروف کے یہی معنے ہیں۔ بعد میں کفٰی باللہ حسیبًا فرما کر تنبیہ کر دی کہ خدا تعالےٰ تم سے ہر بات کا حساب لے گا۔ ف اگر یتیم بالغ ہو اور بالکل احمق ظاہر ہو تو اس کو مال نہ دینا چاہیئے جیسا کہ پہلے تھا ولا تؤتوا السفہاء الآیہ۔ امام ابو حنیفہؒ کہتے ہیں پچیس برس کے بعد بھی ایسا ہی ہے تو دے دینا چاہیئے کیونکہ اب اُس کی اصلاح کا زمانہ تمام ہو چکا کوئی امید باقی نہ رہی اب محروم نہ کرنا چاہیئے۔ امام شافعیؒ

Marfat.com

اور صاحبینؒ کے نزدیک اخیر عمر تک بغیر رُشد معلوم کرنے کے نہ دینا چاہیئے کیونکہ یہ سفیہ ہے تلف کر ڈالے گا۔

لِلرِّجَالِ نَصِيبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدَانِ وَ
مَردوں کا بھی ماں باپ اور قرابت داروں کے ترکہ میں سے
الْأَقْرَبُونَ ص وَلِلنِّسَاءِ نَصِيبٌ مِّمَّا تَرَكَ
اور عورتوں کا بھی ماں باپ اور قرابت داروں
الْوَالِدَانِ وَالْأَقْرَبُونَ مِمَّا قَلَّ مِنْهُ
کے ترکہ میں سے حصّہ ہے خواہ (ترکہ) کم ہو
أَوْ كَثُرَ ط نَصِيبًا مَّفْرُوضًا ۝٧ وَإِذَا
یا زیادہ (اس میں سے) حصّہ مقرر کیا گیا۔ اور جب تقسیم کے وقت
حَضَرَ الْقِسْمَةَ أُولُوا الْقُرْبَىٰ وَالْيَتَامَىٰ
قرابت والے (جن کا کوئی حصّہ نہ ہو) اور یتیم اور محتاج (الگ) بھائیں تو
وَالْمَسَاكِينُ فَارْزُقُوهُم مِّنْهُ وَقُولُوا
ان کو بھی اس میں سے کچھ دے دیا کرو اور ان سے نرم
لَهُمْ قَوْلًا مَّعْرُوفًا ۝٨ وَلْيَخْشَ الَّذِينَ
بات کہا کرو۔ اور ان وارثوں کو ڈرنا چاہیئے کہ
لَوْ تَرَكُوا مِنْ خَلْفِهِمْ ذُرِّيَّةً ضِعَافًا
اگر وہ اپنے پیچھے ننھے ننھے بچے چھوڑ مریں تو ان (کی
خَافُوا عَلَيْهِمْ ص فَلْيَتَّقُوا اللَّهَ وَلْيَقُولُوا
حالت) پر ان کو (کیا کچھ) ترس (نہ) آئے (تو) انکو اللہ تعالیٰ سے ڈرنا اور نیک
قَوْلًا سَدِيدًا ۝٩ إِنَّ الَّذِينَ يَأْكُلُونَ
بات کرنی چاہیئے۔ جو لوگ ناحق یتیموں کے مال کھا جاتے
أَمْوَالَ الْيَتَامَىٰ ظُلْمًا إِنَّمَا يَأْكُلُونَ
ہیں وہ (تو) اپنے پیٹ میں آگ (ہی) بھر
فِي بُطُونِهِمْ نَارًا ط وَسَيَصْلَوْنَ سَعِيرًا ۝١٠ ع
رہے ہیں۔ اور وہ عنقریب جہنم میں ڈالے جائیں گے۔

ترکیب

مما قل الخ جملہ بدل ہے مما ترک سے اور جائز ہے کہ حال ہو ضمیر محذوف سے ای مما ترکہ قلیلا او کثیرا۔ نصیبا یہ موقع میں مفعول مطلق کے ہے ای عطاء او استحقاقا۔ واذا حضر شرط فارزقوہم الخ جواب لو ترکوا شرط خافوا علیہم جواب ظلماً مفعول لہٗ ہے یا مصدر موضح حال میں۔

تفسیر

یہ اُن احکام کی چوتھی قسم ہے جو توریث سے متعلق ہیں اس کے سبب نزول میں ابن عباسؓ سے یہ منقول ہے کہ اوس بن ثابت انصاریؓ کا انتقال ہوا اور اُن کی تین بیٹیاں اور ایک بیوی پیچھے رہی اور اس کے چچا کے دو بیٹے سوید اور عرفجہ جو وصی تھے کل مال کو دبا بیٹھے اُس کی بیوی نے آکر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے فریاد کی۔ آپؐ نے فرمایا اس امر میں خدا تعالیٰ جو حکم دے گا ویسا کیا جاویگا۔ تب یہ آیت نازل ہوئی۔ اس آیت میں تعیّن حصص نہیں بلکہ یہ اگلی آیت میں یوصیکم اللہ الآیہ کے لئے تمہید ہے کیونکہ زمانۂ جاہلیت میں عورتوں کو حصّہ نہیں دیتے تھے خواہ میت کی بیٹی ہو خواہ بیوی ہو۔ یہاں صرف اس قدر فرمایا کہ میّت خواہ والدین ہوں خواہ اقارب ہو اُن کے مال میں جس طرح مَردوں کو حصّہ پہنچتا ہے اسی طرح عورتوں کو بھی خواہ وہ چیز کم ہو یا زیادہ۔

چونکہ آیندہ آیت میں وارثوں کے حصّے مقرر کرنے منظور تھے اور بعض عزیز واقارب بعید بسبب وارثِ قریب کے میراث سے محروم ہو جاتے ہیں اور مال کے تقسیم ہونے کے وقت فقیر اور یتیم بھی آنکلتے ہیں سو ایسی حالت میں اُن کا بالکل محروم ہو جانا اُن کے لئے گونہ جگر خراش ہے اس لئے حکم دیا کہ جب تقسیم کے وقت اقارب محروم الارث یا یتیم اور فقیر آنکلیں تو کچھ اس میں سے اُن کو بھی دیدو اور نرم بات کہو کہ بھائی یہ فلاں فلاں وارثوں کا حق ہے کہ جو میّت سے زیادہ تعلق رکھتے تھے خدا تعالیٰ تمھیں برکت دے گا۔ ان لوگوں کو میراث میں سے کچھ دینا امرِ استحبابی ہے فرض واجب نہیں پس اس آیت کو آیتِ میراث سے منسوخ

ع ۱ ۱۰ ۱۲

Marfat.com

بنانا بے فائدہ ہے اس کے بعد اُن کو بے کسوں پر رحم کھانے اور خدا تعالےٰ سے ترس کرنے کا حکم اس لطف کے ساتھ دیتا ہے کہ جس سے خواہ مخواہ زندہ دل کی آنکھوں میں پانی بھر آئے۔ وہ یہ کہ تم خیال کرو کہ اگر تمھارے پیچھے تمھارے ننھے ننھے بچے رہ جاویں تو تم اُن کی بے کسی اور بسور بسور کر دیکھنے اور غیروں کے آگے ننھے ننھے ہاتھ پھیلا کر مانگنے سے کس قدر ترس کھاؤ سو ایسا ہی دوسروں کی اولاد پر ترس کھاؤ۔ اس لئے خدا تعالےٰ سے ترس کھا کر نرم اور تشفی بخش بات کہا کرو (سچ ہے بے کسوں کے دل میں خدا تعالےٰ کا گھر ہے اُن پر اُس کے لطف و کرم کی نظر ہے) اسکے بعد آیت کو یتیموں کے مال سے پرہیز کرنے پر ختم کر کے حصہ معین فرماتا ہے۔ آگ کھانے سے مراد یہ ہے کہ ظالم نے جس قدر یتیم کا مال ناحق پیٹ میں بھرا ہے آخرت میں آگ ہو جاوے گا گویا یہ اُس کا سبب ہے گرچہ پیٹ ہی میں کھاتے ہیں مگر فی بطونہم کے آنے سے تاکید ہو گئی جیسا کہ ہماری زبان میں بولتے ہیں میں نے اپنی آنکھ سے دیکھا حالانکہ غیر کی آنکھ سے کوئی نہیں دیکھتا صرف تاکید مراد ہے۔ اسی طرح یہاں اس پر اعتراض کرنا حمق ہے۔

يُوْصِيْكُمُ اللّٰهُ فِيْٓ اَوْلَادِكُمْ ۖ لِلذَّكَرِ

اللہ تعالےٰ تم کو تمھاری اولاد (کے حصہ) کی بابت (یہ) حکم دیتا ہے کہ

مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ ۚ فَاِنْ كُنَّ نِسَآءً

مرد کا حصہ دو عورتوں کے حصہ کے برابر ہے، پھر اگر (نری) لڑکیاں (دو یا)

فَوْقَ اثْنَتَيْنِ فَلَهُنَّ ثُلُثَا مَا تَرَكَ ۚ

دو سے زیادہ ہوں تو ان سب کے لئے ترکہ کی دو تہائی ہیں۔

وَاِنْ كَانَتْ وَاحِدَةً فَلَهَا النِّصْفُ ؕ

اور اگر ایک لڑکی ہو تو اس کے لئے آدھا (ترکہ) ہے۔

وَلِاَبَوَيْهِ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ

اور اگر میت کے کوئی اولاد[1] بھی ہو تو میت کے ماں باپ ہر

مِمَّا تَرَكَ اِنْ كَانَ لَهٗ وَلَدٌ ۚ فَاِنْ

ایک کے لئے ترکہ کا چھٹا حصہ ہے[2] پھر اگر

لَّمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلَدٌ وَّوَرِثَهٗٓ اَبَوٰهُ فَلِاُمِّهِ

میت کے کوئی بھی اولاد نہ ہو اور اُس کے ماں باپ ہی وارث ہوں تو میت کی

الثُّلُثُ ۚ فَاِنْ كَانَ لَهٗٓ اِخْوَةٌ فَلِاُمِّهِ

ماں کیلئے تہائی ہے (اور باقی باپ کا) اور اگر میت کیلئے (اولاد نہ ہونے کی صورت میں) بھائی ہوں تو

السُّدُسُ مِنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصِيْ بِهَآ

(میت کی) ماں کا چھٹا (حصہ) ہے (یہ تقسیم) میت کی وصیت پوری کرنے اور ادائے قرض

اَوْ دَيْنٍ ؕ اٰبَآؤُكُمْ وَاَبْنَآؤُكُمْ ۚ لَا

کے بعد ہے۔ تم کو اپنے باپ (دادا) اور بیٹوں (پوتوں) میں سے نہیں

تَدْرُوْنَ اَيُّهُمْ اَقْرَبُ لَكُمْ نَفْعًا ؕ

معلوم کہ اُن میں سے تمھیں زیادہ نفع دینے والا کون ہے؟

فَرِيْضَةً مِّنَ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا

(یہ حصوں کا) تقرر اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔ بیشک اللہ تعالیٰ (سب کچھ) جانتا ہے (ہر ایک بات

حَكِيْمًا ﴿۱۱﴾ وَلَكُمْ نِصْفُ مَا تَرَكَ

کی حکمت سے واقف ہے۔ اور تمھارے لئے تمھاری بیویوں کے ترکہ میں سے نصف

اَزْوَاجُكُمْ اِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهُنَّ وَلَدٌ ۚ

ہے اگر ان کے کوئی اولاد نہ ہو۔

فَاِنْ كَانَ لَهُنَّ وَلَدٌ فَلَكُمُ الرُّبُعُ مِمَّا

پھر اگر ان کے اولاد ہو تو تمھارے لئے اُن کے ترکہ میں سے چوتھائی (حصہ) ہے

تَرَكْنَ مِنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصِيْنَ بِهَآ

(لیکن) اُن کی وصیت پوری کرنے کے بعد جو وہ کر مرے ہوں اور قرض (ادا کرنے)

اَوْ دَيْنٍ ؕ وَلَهُنَّ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْتُمْ اِنْ

کے بعد۔ اور اگر تمھارے کوئی بھی اولاد نہ ہو تو (تمھاری) بیویوں کو

لَّمْ يَكُنْ لَّكُمْ وَلَدٌ ۚ فَاِنْ كَانَ لَكُمْ

تمھارے ترکہ میں سے چوتھائی (حصہ) ہے۔ پھر اگر تمھارے کوئی اولاد ہو تو (اس

وَلَدٌ فَلَهُنَّ الثُّمُنُ مِمَّا تَرَكْتُمْ مِّنْۢ

صورت میں) اُن کو تمھارے ترکہ میں سے آٹھواں (حصہ) ہے (مگر) وصیت کے بعد

بَعْدِ وَصِيَّةٍ تُوْصُوْنَ بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ؕ وَ

جو تم کر گئے ہو یا قرض (ادا کرنے) کے بعد۔ اور

[1] میت کی کوئی اولاد بھی ہو بیٹا پوتا وغیرہ ۱۲ منہ [2] باقی کے بھائی وارث ہیں ۱۲ منہ

Marfat.com

اِنْ كَانَ رَجُلٌ يُّوْرَثُ كَلٰلَةً اَوِ امْرَاَةٌ
اگر کوئی مرد یا عورت کہ جس کے وارث ہو سکتے ہوں کلالہ[1] ہو
وَّلَهٗٓ اَخٌ اَوْ اُخْتٌ فَلِكُلِّ وَاحِدٍ
اور اس (میت) کے کوئی بھائی یا بہن ہو تو ان میں سے ہر ایک کے لئے
مِّنْهُمَا السُّدُسُ ۚ فَاِنْ كَانُوْٓا اَكْثَرَ
چھٹا (حصہ) ہے، پھر اگر ایک سے زیادہ ہوں تو
مِنْ ذٰلِكَ فَهُمْ شُرَكَآءُ فِي الثُّلُثِ
پھر ایک تہائی (حصہ) میں سب شریک ہیں (مگر یہ تقسیم اولاد کے قرض اور
مِنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصٰى بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ۙ
وصیت پوری کرنے کے بعد کی گئی ہو بغیر اس کے کہ
غَيْرَ مُضَآرٍّ ۚ وَصِيَّةً مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَ
کسی کو نقصان دیا جائے، (یہ) اللہ تعالیٰ کا حکم ہے۔ اور
اللّٰهُ عَلِيْمٌ حَلِيْمٌ ؕ ﴿۱۲﴾ تِلْكَ حُدُوْدُ
اللہ تعالیٰ (سب کچھ) جانتا (اور) بردبار ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کی (باندھی ہوئی)
اللّٰهِ ؕ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ
حدیں ہیں، اور جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول (صلے اللہ علیہ وسلم) کا
يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ
کہنا مانیگا تو اللہ تعالیٰ اس کو ایسے باغوں میں داخل کریگا جن کے تلے نہریں بہہ رہی
خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۱۳﴾
ہوں گی جن میں وہ ہمیشہ رہا کرینگے۔ اور یہ بڑی کامیابی ہے۔
وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَتَعَدَّ
اور جو اللہ تعالیٰ اور اسکے رسول ﷺ کی نافرمانی کرے گا اور اس کی حدوں
حُدُوْدَهٗ يُدْخِلْهُ نَارًا خَالِدًا فِيْهَا ۖ
سے آگے بڑھے گا تو وہ اس کو دوزخ میں داخل کریگا جس میں (وہ) ہمیشہ رہیگا
وَلَهٗ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۱۴﴾ ع
اور اس کو ذلت کا عذاب ہوگا۔

ترکیب

للذکر الخ جملہ موضع نصب میں ہے بسبب یوصی کے

فان کن ای المتروکات نساء موصوف فوق اثنتین صفت سب خبر فلہن جواب شرط من بعد وصیۃ الخ جملہ موضع حال میں ہے السدس سے تقدیرہ مستحقا من بعد وصیۃ و العامل الظرف اباؤکم وابناؤکم مبتدا لاتدرون جملہ خبر پھر ایہم مبتدا اقرب لکم ممیز نفعاً تمیز مجموعہ خبر فریضۃ مصدر ہے فعل محذوف کا ای فرض ذلک فریضۃ وان کان تامہ رجل فاعل اوامراۃ اس پر معطوف ہے یورث صفت ہے رجل کی اور کلالۃ حال ہے ضمیر یورث سے اور اگر کان ناقصہ مانا جاوے تو رجل موصوف یورث صفت معطوف علیہ اوامراۃ معطوف سب اسم کان۔ کلالۃ خبر بعض کہتے ہیں کلالۃ اسم ہے مال موروث کا تب نصب کلالۃ کا اس وجہ سے ہوگا کہ یہ مفعول ثانی ہوگا یورث کا کما تقول ورث زید مالاً۔ بعض کہتے ہیں کہ کلالۃ ان وارثوں کو کہتے ہیں کہ جن کے نہ اولاد ہو نہ ماں باپ دادا وغیرہ تب حذف مضاف مانا جاوے گا ولہ ضمیر میت کی طرف راجع ہے یا موروث کی طرف کہ جس میں رجل وامراۃ دونوں شریک ہیں غیر مضار حال ہے فاعل یوصی سے وصیۃ مصدر ہے فعل محذوف کا۔

تفسیر

یہ آیت سابقہ کی تفصیل ہے۔ واضح ہو کہ جاہلیت میں دو سبب سے وراثت جاری ہوتی تھی ایک نسب دوسرا عہد نسب میں بھی وہ لوگ ان لوگوں کو حصہ دیتے تھے جو میت کی طرف سے نیزہ لے کر لڑ سکتے تھے اس لئے عورتوں اور چھوٹے لڑکوں کو حصہ نہ دیتے تھے اور عہد دو طرح پر ہوتا تھا ایک یہ کہ کوئی شخص کسی کو یہ کہہ لیتا تھا کہ میری جان تیری جان اور میرا خون تیرا خون، میں تیرا وارث تو میرا وارث ہے سو اس کے روبرو بھائی بیٹے کسی کو بھی ورثہ نہیں ملتا تھا۔ دوسرا یہ کہ کسی کو

[1] کلالہ اس کو کہتے ہیں کہ جس کے نہ فروع ہوں یعنی کوئی اولاد نہ ہو نہ اصول ہوں یعنی باپ دادا وغیرہ ۱۲ منہ

Marfat.com

متبنیٰ یعنی بیٹا بنا لیتے تھے جیسا کہ ہنود میں رواج ہے سو وہی وارث ہوتا تھا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب مبعوث ہوئے تو ابتداء میں اس رسم و دستور کو بحال خود رہنے دیا پھر مدینہ میں آکر کچھ تو ہجرت اور مواخات یعنی بھائی چارہ پر وراثت قائم ہوئی یعنے جب کوئی صحابی ہجرت کرکے آتا تھا دوسرا مہاجر اُس کا حصہ پاتا تھا اور کو نہیں ملتا تھا۔ اور مواخات یہ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم دو شخصوں میں بھائی چارہ کرا دیتے تھے اُن میں سے ایک دوسرے کا وارث ہوتا تھا مگر اس کے بعد دینِ اسلام میں توریث کا دارومدار تین چیزوں پر رہا۔

ایک نسب[1] دوسرا نکاح[2] تیسرا ولاء[3]۔

پھر نسب کی بھی چند قسم ہیں (اوّل) میّت کی اولاد ہے کیونکہ اعانت اور کارگزاری انسان کی جس قدر اس کی اولاد کرتی ہے اور کوئی نہیں کرتا اس عمر میں ماں باپ زندہ رہتے ہی نہیں اور بھائی وغیرہ اقارب اپنی اپنی اولاد کی پرورش اور اپنے اپنے دھندے میں مشغول ہو جاتے ہیں اِس لئے بقدرِ مشقت سب سے زیادہ ان کا حصہ قرآن میں قرار پایا۔ پھر اولاد کی کئی صورتیں ہیں۔ ایک یہ کہ بیٹے اور بیٹیاں ملے جلے ہوں عام ہے کہ اور وارث بھی ہوں یا نہوں اگر اور بھی ہیں تو ان کا حصہ دے کر اور اگر نہیں تو کُل مال کو للذکر مثل حظ الانثیین (یعنی دو حصّہ مرد کے اور ایک عورت کا) کے موافق تقسیم کرلیں۔ چونکہ جس قدر کارگزاری اور اعانت بیٹا کر سکتا ہے اُس قدر بیٹی ضعیف العقل ضعیف القویٰ نہیں کر سکتی۔ علاوہ اس کے یہ تو کسی مرد سے نکاح کرکے اپنے خرچ کا ذمہ دار اُس کو کر دے گی بیٹے کو یہ بات کب نصیب ہوتی ہے۔ علاوہ اس کے ہر قوم میں بیٹا باپ کا جانشین قرار دیا جاتا ہے نہ کہ بیٹی۔ اس حکمت سے بیٹے کو دو حصّے بیٹی کو ایک حصّہ دلایا یعنی تین حصّے کرکے ایک حصّہ بیٹی کو دو بیٹے کو۔

دوم یہ کہ دو سے زیادہ کئی لڑکیاں ہوں اور بیٹا نہ ہو اس کے لئے فرماتا ہے فان کُنّ نساءً فوق اثنتین فلہن ثلثا ما ترک کہ کُل مال کے تین حصّے کرکے دو حصے بیٹیوں کو دیدیں وہ اُس کو باہم برابر حصّہ کرکے بانٹ لیں خواہ دو ہوں یا ان سے زیادہ ہوں اور ایک حصّہ اور وارثوں کو دیدیا جاوے۔ قرآن میں فوق اثنتین کا لفظ ہے جس سے ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ اگر صرف دو لڑکیاں ہوں تو اُن کو بھی نصف ملیگا کس لئے کہ فوق اثنتین کے معنے جو مشروط تھے نہ پائے گئے۔ مگر جمہور کے نزدیک دو بیٹیاں بھی تین کا حکم رکھتی ہیں اور ان شرطیہ سے یہ بات نہیں ثابت ہوتی کہ دو سے زیادہ نہ ہوں تو اگر دو ثلث نہ لیں اور احادیثِ صحیحہ اور دلائل آیاتِ قرآنیہ بھی جمہور کے مؤید ہیں۔ سوم یہ کہ صرف ایک بیٹی ہو تو اُس کو کُل مال کا نصف[1] یعنی آدھا پہنچے گا وان کانت واحدۃ فلہا النصف

ف کلالہ کے اشتقاق میں اختلاف ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ یہ کُل سے مشتق ہے جسکے معنے بارنے کے ہیں ایسی قرابت بعید جو نہ اصول سے نہ فروع سے ایک طرح کی بارہو ہوتی ہے پھر کلالہ کون ہے؟ بعض کہتے ہیں وہ میّت ہے کہ جس کے بعد اسکے وارثوں میں سے نہ اُسکے اصول مال باپ موجود ہوں نہ فروع اولاد ہو بلکہ اور لوگ ہوں بھائی اور ان کے اُن کی اولاد وغیرہ۔ اُنکی نسبت یہ بلحاظِ پرورش کے ایک بار سمجھا جاتا تھا۔ ابوبکر رضؓ عمر رضؓ علی رضؓ اور جمہور صحابہ رضؓ اور اہل لغت و اہل حرمین کا یہی قول ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ میّت کے ایسے وارث جو اُس کے اصول سے ہوں نہ فروع سے ہوں ۱۲ منہ

[1] شیوا اس جگہ حضرت ابوبکر رضؓ پر اعتراض کیا کرتے ہیں کہ اُنھوں نے حضرت فاطمہؓ کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مال میں سے نصف کیوں نہ دیا؟ اس کا اصل جواب یہ ہے کہ آنحضرت علیہ السلام نے بوقت اخیر کوئی مال نہیں چھوڑا تھا نہ جائداد منقولہ نہ غیر منقولہ نہ پیغمبر علیہ السلام کی یہ شان تھی کہ وہ نبوّت و رسالت کو دنیاوی مال کا ذریعہ بناتے اور نہ کسی اولوالعزم رسولؑ نے کوئی مال چھوڑا۔ جو کچھ اُن کو مل بھی گیا تو ضرورتوں اور مہمانوں اور اقرباء کے لئے وقف کر دیا تھا فدک میں جو کچھ زمین تھی وہ وقف علی الاقارب تھی۔ اگر یہ روایات جو خبرِ احاد ہیں جن کا ظن سے زیادہ مرتبہ نہیں تسلیم بھی کر لی جائیں تو ممکن ہے کہ حضرت فاطمہؓ کو وراثت کا خیال پیدا ہوا ہو مگر اصل حقیقت ابوبکر رضؓ رازدارِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے سُن کر خاموشی اختیار فرمائی اور دمِ اخیر تک کلام نہ کیا مگر ابوبکر رضؓ بھی غصہ کرکے جیسا کہ معترض کہتا ہے اپنے تصرّف میں نہ لائے اور نہ اپنی اولاد کو ملے گئے جن میں سے ایک لڑکی رسولِ خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی بیوی تھیں جن کو میراث میں سے بھی کچھ حصہ مل سکتا تھا مگر بدستور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اقارب کو اس کی آمدنی دیتے رہے پھر عمر رضؓ و عثمان رضؓ بلکہ علی رضؓ کی خلافت میں بھی اسی پر عمل درآمد رہا اپنی خلافت میں (باقی حاشیہ)

چہارم یہ کہ صرف ایک ہی بیٹا ہو اُس کو کُل مال ملیگا کیونکہ جب ایک لڑکی کو نصف ملتا ہے اور مرد کا حصّہ عورت سے دو چند ہے تو خواہ مخواہ اس کو کُل ملے گا کس لئے کہ دو نصف کے جمع کرنے سے کُل ہو جاتا ہے اور اسی پر اجماع امت بھی ہو گیا ہے۔ پنجم یہ کہ کئی بیٹے ہوں اُن کا حکم ظاہر ہے وہ اور وارثوں کا حصّہ دے کر جس قدر بچے گا برابر تقسیم کر لیں گے۔

نسب کی دوسری قسم انسان کے ماں باپ ہیں۔ ہر چند ماں باپ کا درجہ اور اُن کے حقوق اولاد سے کہیں زیادہ ہیں مگر جب آدمی صاحب اولاد ہو کر مرتا ہے تو عادتاً اس عمر میں ماں باپ بُڈھے ہو جاتے ہیں جن کی عمر کا کسی قدر حصّہ باقی رہ جاتا ہے اِس لئے ان کو مال کی کم ضرورت ہے۔ دوم اُن کے پاس ان کا اندوختہ اور اپنے ماں باپ کا زائد حصہ بھی موجود ہوتا ہے برخلاف میّت کی اولاد کے کہ اُن کا سرمایہ تو سہ دست یہی باپ کی کمائی ہوتی ہے اس لئے ماں باپ کا حق بہ نسبت اولاد کے کم قرار پایا اور اسی لئے اُس کو اس کے بعد میں بہ ترتیب ذکر کیا۔ والدین میت کے تین حال ہیں (۱) یہ کہ ان کے ساتھ میت کی کوئی اولاد بھی ہو مثلاً زید مرا اور اُس نے ماں باپ اور اولاد بیچھے چھوڑی تو اس صورت کو اللہ تعالیٰ اس آیت میں بیان فرماتا ہے

ولابویہ لکل واحد منہما السدس مما ترک ان کان لہٗ ولد کہ کُل مال کے چھ حصّے کر کے ایک حصّہ ماں کو ایک باپ کو ملے گا باقی چار حصّوں کو اولاد بانٹ لے گی۔ ولد میں میت کا بیٹا اور بیٹی دونوں آگئے پھر اگر صرف ایک بیٹا ہے تو یہ چاروں حصّے یہی لے گا اور اگر کئی ہیں تو باہم برابر بانٹ لیں گے اگر بیٹے اور بیٹیاں ہیں تو دوہرا حصہ بیٹا اور اکہرا حصّہ بیٹی کو دے کر تقسیم کریں گے اور اگر صرف ایک بیٹی ہے تو آدھا مال وہ لے گی اور حصّہ کے سوا جو کچھ بچے گا اُس کو بھی باپ ہی عصبہ بن کر لے گا۔ اب ام بنت بنت مسئلہ اور اگر دو بیٹیاں ہیں یا زیادہ تو دو ثلث وہ لیں گی اور ماں باپ کو ہر ایک کو چھٹا حصّہ ملے گا اب ام بنت بنت مسئلہ۔ (۲) یہ کہ سوائے ماں باپ کے میت نے اور کوئی وارث نہیں چھوڑا اس صورت میں کُل مال کے تین حصّے کر کے ایک ماں کو اور باقی باپ کو ملیں گے جیسا کہ فرماتا ہے فان لم یکن لہٗ ولد وورثہ ابواہ فلامہ الثلث گرچہ باپ کے حصّہ کی شرح نہیں کی مگر دلالت سے سمجھا جاتا ہے کہ ثلث کے بعد جو کچھ ہے باپ کا ہے اور وارث تو کوئی ہے نہیں۔ پھر اگر اور وارث بھی ہو یعنی خاوند عورت کا اور خاوند کی بیوی۔ مثلاً ایک شخص مرا اُس نے اولاد تو کچھ نہ چھوڑی مگر بیوی اور ماں باپ چھوڑے یا ایک عورت لاولد مری اُس نے خاوند اور ماں باپ چھوڑے اُس صورت میں علماء کا اختلاف ہے کیونکہ آیت میں اس کی کچھ تصریح نہیں۔ اکثر صحابہ رضؓ کہتے ہیں پیشتر خاوند اپنا چوتھا حصّہ لے گا اُس کے بعد تہائی یعنی ثلث ماں لے گی اور جو بچے گا باپ لے گا یوں تقسیم کریں گے زوج ۳ ام ۲ اب ۱ مسئلہ۔ ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ کُل کا ثلث ماں لے گی اس طرح تقسیم زوج ۳ ام ۲ اب ۳ اس صورت میں باپ کو ماں سے کم ملتا ہے (۳) یہ کہ میت کے اولاد تو نہ ہو مگر باپ ماں کے سوا اُس نے بہن بھائی چھوڑے ہوں اس صورت میں صرف ماں کا حصّہ خدا تعالیٰ نے بیان کیا کہ اس کو سُدس یعنی چھٹا حصّہ ملے گا فان کان لہٗ اخوۃ فلامہ السدس۔ مگر یہ حکم جب ہے کہ دو یا دو سے زیادہ میّت نے بہن بھائی چھوڑے ہوں۔ اخوۃ اخ کی جمع ہے مگر مراد وہ ہے کہ جس سے اخوۃ ثابت ہو خواہ بھائی ہو یا بہن عینی ہوں یا علاتی یا اخیافی اگر ایک بہن ہے تب اُن کو ثلث ملے گا۔ مگر یہ نہ فرمایا کہ سُدس کے بعد باقی کون لے گا۔ جمہور صحابہ رضیہ کہتے ہیں کہ قرینہ دلالت کرتا ہے کہ باپ لے گا جیسا کہ

(بقیہ حاشیہ صـ۱۳۲) خود حضرت علی رضؓ نے بھی اُس زمین کو حضرت فاطمہ رضؓ کی اولاد کو نہ دیا اور نہ ردِّ مظالم امام برحق کا فرض منصبی تھا حضرت حسنؓ نے اپنی خلافت میں اس پر مالکانہ تصرف فرمایا۔ یوں حضرت ابوبکر رضؓ پر طعن کرنے کے لئے مخالف اس واقعہ کی بُرے پیرایہ میں تصویر کھینچتا ہے تو اس کو اختیار ہے مگر وہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم اور خاتون رضؓ پر در پردہ طعن کر رہا ہے بلکہ حضرت علی رضؓ اور حضرت حسن رضؓ پر بھی معاذ اللہ ۱۲ منہ

Marfat.com

فلامہ الثلث سے دو ثلث باپ کے لئے سمجھے جاتے ہیں۔ اور ان میں بہن بھائیوں کو اس صورت میں کچھ نہ ملے گا محروم رہیں گے۔ ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ ان کو ایک سُدس جو ماں سے لیا ہے دیا جاوے گا اور تنہا بہنیں ہوں گی تو ماں کو ثلث ہی ملے گا کیونکہ لفظ اخوۃ ہے تنہا اخوات نہ۔ واضح ہو کہ دادا[1] بمنزلۂ باپ کے اور نانی دادی بمنزلۂ ماں کے ہے۔ یہاں اس کی بھی آیت میں تصریح کر دی کہ سب حصے میّت کے قرضہ اور وصیّت ادا کرنے کے بعد قائم ہوں گے۔ اور یہ بھی بتلا دیا کہ ان حصّوں کے مقرر کرنے میں جو مصلحت الٰہی ہے اُس کو تم اچھی طرح نہیں جانتے لا تدرون ایہم اقرب لکم نفعا۔ چونکہ یہ تقسیم عرب کے دستور قدیم کے برخلاف تھی تاکہ اُن کو شاق نہ معلوم ہو اس لئے یہ فرمایا گیا۔ نسب کی تیسری قسم میں۔ بہن بھائی ہیں ان کا مرتبہ اولاد اور ماں باپ کے بعد ہے مگر زوجیت کا تعلّق عجیب ہے اور نیز بیوی کو عرب میں حصّہ نہیں دیتے تھے اس لئے ان سے پہلے میاں بیوی کا حصّہ بیان فرمایا۔ اور میاں بیوی کا حصّہ دوسرے سبب یعنی نکاح پر مبنی ہے۔ ہم تفسیر میں پیشتر اس سے فارغ ہو لیں پھر اس تیسری قسم کی تشریح کریں گے۔ اگر خاوند لاولد مرے تو منجملہ اور وارثوں کے بیوی کو چوتھا حصّہ کُل مال میں سے پہنچے گا خواہ ایک بیوی ہو یا چار سب اسی چہارم میں شریک ہیں اور اگر میت کی اولاد ہے خواہ بیٹا خواہ بیٹی خواہ ایک خواہ دو اس بیوی سے یا کسی اور سے خواہ لونڈی شرعیہ سے تب بیوی کو آٹھواں حصّہ ملے گا۔ اور اگر بیوی لاولد مرے تو خاوند کو نصف ورنہ چہارم ملے گا۔ جیسا کہ فرماتا ہے ولکم نصف ما ترک ازواجکم ان لم یکن لہن ولد، الآیہ۔ چونکہ عورت مہر بھی پاتی ہے پھر اور شخص سے بھی نکاح کر سکتی ہے اور نیز مرد سے کم رتبہ ہے اس لئے اس کا حصّہ ہر حال میں میاں کے حصّہ سے نصف ہے۔

واضح ہو کہ اگر ایک ماں باپ کی اولاد ہے تو اُن کو بہن بھائی عینی اور کبھی بنی اعیان کہتے ہیں اور اگر ماں غیر اور باپ ایک ہے تو اُن کو بہن بھائی علّاتی کہتے ہیں اور ایک ماں اور دو باپ ہوں مثلاً ایک عورت نے پہلے ایک شخص سے نکاح کیا اُس سے اولاد ہوئی پھر اُس کے طلاق دینے یا مرنے کے بعد اور سے نکاح کر کے اولاد حاصل کی سو یہ بہن بھائی اخیافی کہلاویں گے۔

چونکہ اخیافوں کا رشتہ ضعیف ہے اس لئے پیشتر ان کے حصّہ کا ذکر کیا کہ اگر کوئی مرد یا عورت کلالۃ ہو یعنی نہ اُس کے ماں باپ ہوں نہ اولاد ہو بلکہ صرف بہن بھائی ہوں تو اُن میں سے ہر ایک کو سُدس یعنی چھٹا حصّہ ملے گا اور جو دو یا دو سے زیادہ ہوں تو ان کو ایک تہائی ملے گی اُس کو وہ سب آپس میں برابر بانٹ لیں گے۔ بہن بھائی کا حصّہ برابر ہو گا۔ اگر میّت کی اولاد یا ماں باپ عینی یا علّاتی بہن بھائی ہوں گے تو اُن کو کچھ بھی نہ ملے گا وان کان رجل یورث کلالۃ او امرأۃ ولہ اخ او اخت فلکل واحد منہما السدس الآیہ۔ باتفاق جمہور اس جگہ اخ اور اخت سے یہی اخیافی بہن بھائی مراد ہیں کس لئے کہ اسی سورۂ نساء کے اخیر میں عینی اور علاتی بہن بھائیوں کا ورثہ بیان فرمایا ہے جو اس ورثہ کے غیر ہے کما قال قل اللہ یفتیکم فی الکلالۃ ان امرء ہلک لیس لہ ولد ولہ اخت فلہا نصف ما ترک وہو یرثہا ان لم یکن لہا ولد فان کانتا اثنتین فلہما الثلثان مما ترک وان کانوا اخوۃ رجالا ونساء فللذکر مثل حظ الانثیین الآیہ۔ یعنی اگر ایک بہن میت کی ہو اور اُس میت کی اولاد اور ماں باپ نہ ہوں (جس کو کلالہ کہتے ہیں) تو اس بہن کو نصف مال ملے گا اور اگر دو یا زیادہ ہیں تو اُن کو دو ثلث ملیں گے اور اگر ان کے ساتھ بھائی بھی ہے تو عصبہ ہو کر مرد کے لئے دو حصّے اور عورت کے لئے ایک حصّہ کر کے تقسیم کر لیں گے۔ یہ لوگ کہ جن کے قرآن میں حصّے مقرر

[1] یعنی اگر باپ نہ ہو تو اُس کے قائم مقام میراث میں دادا ہے اور ماں نہ ہو تو نانی یا دادی ان کا قائم مقام ہونا بعض کے نزدیک لفظ اب اور ام سے ہے اور بعض کے نزدیک اجماع اُمّت سے اسی طرح پوتا قائم مقام ابن کے ہے۔

Marfat.com

ہوئے اُن کو ذوالفروض کہتے ہیں جس صورت میں کہ یہ لوگ مُرتد نہ ہوں یا مورث کو عمداً قتل نہ کریں یا اختلافِ دین نہ ہو یا اختلافِ حرّیت عبدیت میں نہ ہو اُس وقت اُن کو یہ حصّہ ملے گا۔

نسب کی چوتھی قسم ایک اور بھی ہے جس کو عصوبت سے تعبیر کرتے ہیں ذوالفروض کے حصّوں کے بعد جو کچھ باقی بچتا ہے اُس کو عصبہ لے لیتا ہے۔ عصبوں کی تین قسم ہیں کیونکہ اُس کے عصبہ ہونے میں اگر غیر کی احتیاج نہیں تو اُس کو عصبہ بنفسہ کہتے ہیں اُس قسم میں وہ ذکور ہیں کہ جن کا واسطہ میت سے بغیر تو سطِ انثیٰ کے ہو جیسا کہ میت کی اولاد (ذکور) اور اُس کا باپ دادا پھر اُس کے بھائی پھر اُس کے دادا کی اولاد درجہ بدرجہ یہ چار قسم ہیں اور اگر غیر کی حاجت ہے اور وہ غیر بھی عصبہ ہے تو اُس کا باپ دادا پھر اس کے بھائی پھر اُس کے دادا کی اولاد۔ درجہ بدرجہ یہ چار قسم ہیں اور اگر غیر کی حاجت ہے اور وہ غیر بھی عصبہ ہے تو اُس کو عصبہ لغیرہ کہتے ہیں جیسا کہ میت کی بیٹیاں اور پوتیاں اور بہنیں یہ بھائیوں کے ساتھ مل کر عصبہ ہوتی ہیں جو وہ خود عصبہ ہیں اگر وہ عصبہ نہیں تو اُس کو عصبہ مع غیرہ کہتے ہیں جیسا کہ میت کی بہن پوتی کی عصبہ ہو جاتی ہے اُن کے بعد ذوالارحام ہیں۔ عصبات کا وارث ہونا احادیثِ صحیحہ اور اجماعِ اُمّت سے ثابت ہے۔ تیسرا سبب توریثِ ولاء ہے، ولاء یہ ہے کہ کوئی شخص کسی غلام کو آزاد کردے اور اُس کے اقارب نہ ہوں تو یہ آزاد کرنے والا کہ جس کو مولی العتاقہ کہتے ہیں وارث ہوگا اور اُس کو عصبۂ سببیہ کہتے ہیں چونکہ ان میں بھی ایک دوسرے کا ہر طرح سے مددگار ہے اس لئے وراثت قائم ہوگی۔ یا دو شخص ایسے کہ جن کے اقارب نہ ہوں باہم معاہدہ یگانگت کرکے گزران کریں تو اس کو مولی الموالات کہتے ہیں ان میں بھی باہم وراثت ہوگی بشرطیکہ اقارب نہ ہوں ورنہ نہیں۔ ف (۱) دوبارہ خدا تعالیٰ نے

فرمایا کہ یہ حصّے وصیّت اور قرض ادا کرنے کے بعد قائم ہوں گے کیونکہ قرض کا میّت پر باقی رہ جانا اور وارثوں کا مال لے کر چلتے پھرتے نظر آنا میّت کو بھی عالمِ آخرت میں ضرر دیتا ہے اور قرض خواہ کا بھی ضرر ہے اور نیز وصیت کا پورا نہ ہونا بھی میّت کی رُوح کو صدمہ دیتا ہے اس لئے غیر مضار فرمایا اور تاکید کرکے وصیۃ من اللہ کہدیا کہ یہ تعمیل بھی وصیّتِ الٰہی ہے۔ (۲) کسی وارث کے لئے بغیر مرضی دوسرے وارثوں کے وصیت جائز نہیں اور اگر کسی غیر کے لئے وصیت کرے تو ایسا نہ کرے کہ تمام مال مرتے وقت غیروں کو بخش کر وارثوں کو محروم چھوڑ جائے۔ غایۃ الامر تہائی مال تک وصیّت کرسکتا ہے کہ فلاں فقیر کو یہ دینا یا مدرسہ یا مسجد میں لگانا یا فلاں میرے دوست کو اس قدر دینا اور جو کُل کی وصیت کریگا تو اس میں سے موصیٰ لہٗ کو صرف ثُلث ملے گا۔ (۳) احکامِ میراث بیان فرماکر یہ فرمایا کہ خدا تعالےٰ کی مقرر کی ہوئی حدیں ہیں جو اُن پر قائم رہے گا جنت میں آرام پاوے گا ورنہ جہنم میں ذلت اُٹھاوے گا:

وَالّٰتِیْ یَاْتِیْنَ الْفَاحِشَةَ مِنْ نِّسَآئِكُمْ

اور جو تمہاری[1] عورتوں میں سے بدکاری کریں تو

فَاسْتَشْهِدُوْا عَلَیْهِنَّ اَرْبَعَةً مِّنْكُمْ ۚ

ان پر اپنے لوگوں میں سے چار (معتبر) گواہ لاؤ

فَاِنْ شَهِدُوْا فَاَمْسِكُوْهُنَّ فِی الْبُیُوْتِ

پھر اگر وہ گواہی دیدیں تو اُن کو گھروں میں بند رکھو

حَتّٰی یَتَوَفّٰهُنَّ الْمَوْتُ اَوْ یَجْعَلَ اللّٰهُ

یہاں تک کہ وہ مرجائیں یا اللہ تعالےٰ اُن کے لئے کوئی راہ

لَهُنَّ سَبِیْلًا ﴿۱۵﴾ وَالَّذٰنِ یَاْتِیٰنِهَا

نکالے۔ اور جو دو مرد[2] تم میں سے بدکاری کریں تو

مِنْكُمْ فَاٰذُوْهُمَا ۚ فَاِنْ تَابَا وَاَصْلَحَا

اُن کو سزا دو، پھر اگر وہ توبہ کریں اور نیکی پر آجائیں تو

[1] مرد۔ [2] عورتیں۔

[3] ابتدائے اسلام میں زنا کی یہی سزا تھی پھر بعد میں یہ سزا سخت ہو گئی رجم یا سَو کوڑے مارنے کا حکم آگیا ۱۲ منہ

Marfat.com

فَاَعْرِضُوْا عَنْهُمَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ تَوَّابًا
ان کا پیچھا چھوڑ دو۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ (بڑا) توبہ کرنے والا مہربان
رَّحِيْمًا ﴿۱۶﴾ اِنَّمَا التَّوْبَةُ عَلَى اللّٰهِ لِلَّذِيْنَ
ہے۔ اللہ تعالیٰ کو انھیں (لوگوں) کی توبہ قبول کرنی پڑتی
يَعْمَلُوْنَ السُّوْٓءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ يَتُوْبُوْنَ
ہے جو نادانستگی سے گناہ کر بیٹھتے ہیں پھر (معلوم ہونے پر) جھٹ
مِنْ قَرِيْبٍ فَاُولٰٓئِكَ يَتُوْبُ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ؕ
سے توبہ کر لیتے ہیں تو اللہ تعالیٰ بھی انہی کی توبہ (بہت جلد) قبول کر لیتا ہے۔
وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۱۷﴾ وَلَيْسَتِ
اور اللہ تعالیٰ (سب کچھ) جانتا (اور) حکمت والا ہے۔ اور ان کی توبہ
التَّوْبَةُ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ ۚ
(قبول) نہیں کہ جو گناہ (پر گناہ) کئے چلے جاتے ہیں
حَتّٰٓى اِذَا حَضَرَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ
یہاں تک کہ جب ان میں سے کسی کے سامنے موت آ کھڑی ہوتی
قَالَ اِنِّيْ تُبْتُ الْـٰٔنَ وَلَا الَّذِيْنَ
تو کہنے لگتا ہے کہ اب میری توبہ ہے اور نہ انہی کی کچھ توبہ ہے
يَمُوْتُوْنَ وَهُمْ كُفَّارٌ ؕ اُولٰٓئِكَ اَعْتَدْنَا
جو کفر کی حالت میں مر جاتے ہیں، انہی (لوگوں) کے لئے تو ہم نے
لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۸﴾
دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔

ترکیب

والّتی، التی کی جمع خلافِ قیاس ہے بعض کہتے ہیں کہ یہ لفظ جمع کے لئے وضع کیا گیا ہے مبتدا فاستشہدوا اس کی خبر۔ گرچہ یہ امر ہے لیکن بسبب ملنے التی کے فعل سے شرط کا حکم رکھتی ہے بعض کہتے ہیں خبر محذوف ہے تقدیر حکمہن فیما یتلیٰ علیکم و ہو فاستشہدوا الخ۔ او یجعل عاطفۃ بعض کہتے ہیں بمعنی ان لہن یجعل سے متعلق ہے والذان کو والتی پر قیاس کر لیجئے مبتدا وخبر ہونے میں۔ انما التوبۃ مبتدا علی اللہ ثابت کے متعلق ہو کر خبر۔ للذین الخ حال ہے ضمیر ثابت سے جسکے متعلق علی ہے بعض کہتے ہیں للذین خبر علی اللہ شئ مقدر سے حال ہے ولا الذین الخ معطوف ہے الذین یعملون السیئات پر مبتدا خبر بھی ہو سکتے ہیں۔

تفسیر

پہلی آیات میں عورتوں کے لئے میراث کا حکم دیا تھا جس کا عرب میں عموماً دستور نہ تھا یہ بات اُن کے حق میں نہایت شفقت کی تھی اس کے ساتھ زنا وغیرہ مفاسد کا بھی حکم بیان کیا تاکہ برائی سے منع کر کے کامل شفقت ہو جاوے خصوصاً میراث کے بعد جب کہ عورت کے پاس مال ہو جاتا ہے اور نیز اُس کا سرپرست مرجاتا ہے تو یہ دونوں باتیں اُس کے نفس کو شتر بے مہار کر دیتی ہیں جس سے آزادگی اور اُس سے حرامکاری جو باعث فسادِ عالم ہے پیدا ہوتی ہے جیسا کہ ہم اب آزاد ملک کی عورتوں کو دیکھتے ہیں اس لئے ایسے موقع پر اس حکم کا بیان کرنا بھی نہایت مناسب تھا۔

(۱) والتی الخ، الفاحشۃ مصدر ہے جیسا کہ العاقبۃ، بُرے کام یا بُری بات کو کہتے ہیں مگر اس جگہ مراد زنا ہے کیونکہ یہ قوتِ شہوانیہ کا بدنتیجہ ہے جو نہایت بد ہے۔ جمہور کے نزدیک اس کے یہ معنے ہیں کہ جو عورتیں زنا کریں اور چار گواہ اُن پر چشم دید گواہی دیدیں تو ان کو گھر میں یہاں تک مقید رکھیں کہ اُن کا حکم نازل ہو جاوے یعنی اُن کے لئے خدا تعالیٰ کوئی طریقہ خلاصی کا نکالے یہ حکم ابتدائے اسلام میں تھا جب کسی عورت پر زنا کی شہادت گزر جاتی تھی تو اس کو گھر میں مقید رکھتے تھے اس بات کے انتظار میں کہ انجام جو حکم اس کے حق میں نازل ہو اُس پر عمل کیا جاوے۔ چنانچہ پھر چند عرصہ کے بعد سورۂ نور میں حکم نازل ہوا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی تشریح فرمادی کہ اگر کنوارا یا کنواری ایسا فعل کرے تو اُس پر سَو دُرّے مارے جاہیں اور کبھی اُس کی سات برس تک جلا وطنی بھی کی گئی ہے

Marfat.com

اور جو بیاہا ہو امرد یا عورت جس کو محصنہ کہتے ہیں ایسا کرے تو اُس کو سنگسار کرنا چاہیئے۔ چنانچہ یہ بیان فرما کر آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خذوا عنی قد جعل اللہ لہن سبیلاً رواہ مسلم۔ توراۃ میں بھی زنا کی سزا قتل ہے۔ چار گواہ اس لئے مقرر کئے کہ یہ بڑا نازک معاملہ ہے دو ایک کا جھوٹ باندھ لینا سہل ہے مگر چار ثقہ آدمیوں کا ہونا جو جماعت کا حکم رکھتے ہیں ایسی جھوٹی بات پر متفق ہونا عادتاً ناممکن ہے۔ اور نیز اس میں پردہ پوشی بھی ملحوظ ہے اس میں علاوہ سزائے موت کے خاندان کی عزت پر بھی دھبہ لگتا ہے اور نیز یہ فعل دو سے سرزد ہوتا ہے اور کم سے کم مرتبہ شہادت میں دو گواہ ہیں تو دو مرد کے فعل کے لحاظ سے دو عورت کے لحاظ سے چار ہو گئے۔

(۲) والذان۔ اس سے مراد بھی جمہور کے نزدیک زنا ہے نزول میں تقدیم و تاخیر ہے۔ اوّل اسلام میں صرف ایذاء دینا ہی سزا مقرر تھی کہ ان کو زبان سے بُرا بھلا کہو، ملامت کرو فاذوہما سے یہی مراد ہے۔ اگر باز آویں اور توبہ کریں تو اُس کا پیچھا چھوڑ دو۔ چونکہ عرب اس گناہ کے عادی تھے اُن کو بتدریج منع فرمایا پھر اُس کے بعد واللتی آیت مقدمہ نازل ہوئی کہ جس میں قید کا حکم ہوا۔ اِس کے بعد سورۂ نور میں سزا معیّن کر دی۔ بعض کہتے ہیں واللتی سے مراد زنا ہے والذان سحاق لواطت ہے اور فاذوہما سے مراد تعزیر ہے۔ اور یہی قول امام ابو حنیفہ رح کا ہے کہ اغلام کے لئے زنا کا حکم نہیں اس کے لئے تعزیر ہے نہ حد۔ امام شافعی رح کے نزدیک جو زنا کی سزا ہے وہی اغلام کی صرف یہ فرق ہے کہ مفعول اگرچہ محصن ہو اس کو سنگسار نہ کیا جاوے گا۔ بعض کہتے ہیں واللتی سے مراد سحق ہے کہ عورت عورت سے بدفعلی کرتی ہے اور والذان سے مراد اغلام ہے کہ جو مرد مرد سے کرتا ہے اوّل کی سزا قید ہے دوسرے کی تعزیر اور زنا کا حکم سورۂ نور میں ہے۔

زنا اور اغلام اور سحق کی بُرائی ظاہر ہے کہ اُن سے انتظام میں خلل ہوتا ہے جب عورت عورت کی طرف متوجہ ہو گی تو اپنے شوہر کی طرف کب رغبت کرے گی خواہ مخواہ خانہ داری میں فساد پیدا ہو گا اور اسی طرح جب مرد سے حاجت روائی کرے گا تو عورت اوروں کی طرف متوجہ ہو گی اور یہ نسل سے محروم رہیگا عورت کو غیروں کی طرف متوجہ دیکھ کر خاموش ہو گا تو اُس کی غیرت گئی اور مفعول کو زنانا پن عارض ہوتا ہے اور زنا سے نسب میں فرق آتا ہے اور کشت و خون بھی ہوتا ہے جو اکثر مشاہدہ میں آتا رہتا ہے اور نیز اس سے روح پر بھی تاریکی پیدا ہوتی ہے اس لئے خدا تعالیٰ نے اس کو حرام کر دیا اور اس پر سزا بھی مقرر کر دی اور آخرت میں رُوح کا معذّب ہونا بھی بیان فرما دیا۔ اسلام اس بات پر فخر کر سکتا ہے کہ اس کی برکت سے جس طرح شرک کی بیخ کنی ہوئی اسی طرح زنا کا بھی دروازہ بند ہو گیا۔ اِسی لئے بے حجابی جو زنا کی طرف اُبھارتی ہے جیسا کہ آج کل مہذّب قوموں میں بھی دیکھا جاتا ہے اس کو بھی منع کر دیا اور حجاب کا اِسی مصلحت سے حکم دیا۔

(۳) جب کہ یہ فرمایا کہ اگر وہ توبہ کر لیں تو اُن سے تعرض نہ کرو تو اس کے بعد توبہ کے اوصاف بیان کرنے بھی مناسب ہوئے فقال انما التوبۃ علی اللہ یعنی جس توبہ کو خدا تعالیٰ ضرور اپنے فضل سے قبول کرتا ہے وہ دو باتوں پر مبنی ہے۔ ایک یہ کہ گناہ کو جہالت سے کرتا ہو اُس کو اُس کے گناہ ہونے کا علم نہ ہو۔ دوم یہ کہ من قریب یعنی موت سے اور اُس کے آثار سے پہلے توبہ کر لے یہ نہیں کہ سدا اُس میں مبتلا رہے۔ ان دو شرطوں کے ساتھ توبہ قبول کرنا اللہ تعالےٰ پر واجب ہے درحقیقت اُس پر کوئی چیز واجب نہیں وہ فاعل مختار ہے مگر اُس نے اپنے فضل سے وعدہ کر لیا ہے۔ بعض کہتے ہیں علی اللہ کے معنے من اللہ ہیں یعنی ان گمراہوں کو جن کی استعداد میں ہنوز کچھ فرق نہیں آیا ہے خدا تعالےٰ توفیق توبہ عطا فرماتا ہے۔ اب رہے وہ لوگ کہ جو عمداً گناہ کرتے ہیں یعنی گناہ کو گناہ جانتے ہیں اُن کی توبہ بالاتفاق قبول ہے مگر وہ لوگ

Marfat.com

وَاِنْ اَرَدْتُّمُ اسْتِبْدَالَ زَوْجٍ مَّكَانَ
اور اگر ایک بیوی کی جگہ دوسری بیوی بدلنا چاہو
زَوْجٍ ۙ وَّاٰتَيْتُمْ اِحْدٰىهُنَّ قِنْطَارًا
اور اس کو بہت سا مال دے چکے ہو تو
فَلَا تَاْخُذُوْا مِنْهُ شَيْـًٔا ؕ اَتَاْخُذُوْنَهٗ
پھر اس میں سے کچھ بھی واپس نہ لو۔ کیا بہتان باندھ کر
بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿۲۰﴾ وَكَيْفَ
اور صریح بے جا الزام دے کر اس میں سے لو گے (بھلا) تم اس کو کیونکر (واپس)
تَاْخُذُوْنَهٗ وَقَدْ اَفْضٰى بَعْضُكُمْ اِلٰى
لے لوگے حالانکہ ایک دوسرے سے بے حجاب ہو کر مل
بَعْضٍ وَّاَخَذْنَ مِنْكُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ﴿۲۱﴾
چکا ہے اور انھوں نے تم سے پکا قول و قرار بھی لے لیا ہے۔

بہ نسبت نادان کے زیادہ مجرم ہیں اس لئے اُن کی توبہ کا ضرور قبول کرنا نہیں فرمایا نہ ردّ ہی کر دیا ہے۔ اور جہالت کے معنے یہ بھی ہیں کہ وہ حقیقتِ عذاب کو نہیں جانتے سو وہ بھی اُن میں شامل ہیں اُس کے بعد جن کی توبہ قبول نہیں اُن کا ذکر کرتا ہے۔ وَلَيْسَتِ التَّوْبَةُ یعنی دو شخصوں کی توبہ قبول نہیں ایک وہ مومن کہ جس کو علاماتِ موت دکھائی دے جاویں اور اس عالم کا پردہ اُس سے اُٹھ جائے تب اس کی توبہ قبول نہیں۔ دوم کافر ایسے وقت کفر سے توبہ کر کے ایمان لائے تو اُس کی بھی توبہ قبول نہیں اس کو ایمانِ بأس کہتے ہیں۔ اگرچہ اس کی جناب، جنابِ عالی ہے۔ وہ عذر آوروں کو نہیں نکالتا سنو! بار گر توبہ توڑ کر توبہ کرے پھر بھی اُس کو معاف کرتا ہے جیسا کہ احادیثِ صحیحہ میں وارد ہے مگر یہ جب تک ہے کہ بندہ پر وہ عالم منکشف نہیں پھر جو منکشف ہو گیا تو گویا عدالت میں حاضر کیا گیا اب عذر کا زمانہ نہیں رہا اب اس کو سزا ہو گی پہلے عذر کرتا تو مضائقہ نہ تھا۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ
ایمان والو! تم کو یہ حلال نہیں کہ تم زبردستی سے عورتوں کے وارث
تَرِثُوا النِّسَآءَ كَرْهًا ؕ وَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ
بن جاؤ۔ اور ان کو اس لئے روک رکھو کہ
لِتَذْهَبُوْا بِبَعْضِ مَاۤ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اِلَّاۤ
جو اُن کو دے چکے ہو اس میں سے کچھ واپس لو (ہاں) اگر
اَنْ يَّاْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ ۚ وَ
وہ کھلم کھلا بدکاری کریں (تو ایذا دینا مضائقہ نہیں)۔ اور
عَاشِرُوْهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ فَاِنْ
اُن کے ساتھ اچھی طرح سے رہو سہو۔ پھر اگر وہ تم کو (کسی
كَرِهْتُمُوْهُنَّ فَعَسٰۤى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْـًٔا
سبب سے) پسند نہ ہوں تو ممکن ہے کہ تم کو بعض چیز میں ناپسند ہوں
وَّيَجْعَلَ اللّٰهُ فِيْهِ خَيْرًا كَثِيْرًا ﴿۱۹﴾
اور اس میں اللہ تعالیٰ بڑا خیر (و برکت) دے (ان پر صبر کرو)۔

ترکیب

ان ترثوا بتاویل مصدر فاعل لایحلّ۔ اور کرہاً مصدر اور حال ہے مفعول سے اور بالفتح والضمّ پڑھا جاتا ہے لتذہبوا کا لام متعلق ہے تعضلوا سے۔ الاان یاتین استثناء منقطع ہے۔

تفسیر

توبہ کا وصف بیان کر کے پھر عورتوں کے متعلق احکام بیان فرماتا ہے۔ ایامِ جاہلیت میں عرب طرح طرح سے عورتوں کو تکلیف دیتے تھے جس سے ان آیات میں منع فرماتا ہے۔ اول لایحلّ لکم، عرب میں پہلے دستور تھا کہ جب کوئی شخص بیوی چھوڑ کر مرتا تھا تو اس کا بیٹا جو دوسری بیوی سے ہوتا یا کوئی اور وارث آکر اُس بیوہ پر کپڑا ڈال دیتا تھا اور یہ کہتا تھا کہ جس طرح میں میّت کے مال کا وارث ہوں اسی طرح اُس کی بیوی کا بھی۔ اس کے بعد یا تو بغیر مہر خود نکاح کر لیتا تھا یا اور سے نکاح کر کے اُس کا مہر آپ لے لیتا تھا۔ یہ بات عورت پر اُس کی

Marfat.com

خود مختاری کے لحاظ سے نہایت شاق تھی اس لئے اس کو حرام فرمایا۔ اور یہ بھی ہوتا تھا کہ بیوہ مالدار کو نکاح سے منع کر دیتے تھے جب وہ مرتی تو اُن کے آپ زبردستی وارث بن جاتے تھے سو یہ بھی اس آیت سے حرام ہے۔

دوم۔ لاتعضلوہن الآیہ۔ عضل کے معنے منع کے ہیں اور اسی لئے مانع صحت مرض کو دار عضال کہتے ہیں۔ عرب میں یہ بھی خراب دستور تھا کہ جب کسی عورت منکوحہ سے دل نفرت کر جاتا تھا اور اس کو مہر دے چکتے تھے تو اس سے نہایت بدخلقی سے پیش آتے تھے تاکہ یہ مجبور ہو کر مہر واپس دے کر خود طلاق طلب کرے سو اس کو بھی اس آیت میں منع فرمایا کہ اس لئے ان کو مت بند کر کے رکھو کہ جو کچھ ان کو مہر دیا ہے واپس لو۔ اور بعض طلاق دے کر بھی روک رکھتے تھے اور سے نکاح نہ کرنے دیتے تھے مہر واپس لینے کے لئے سو یہ بھی منع ہے۔ فرماتا ہے ایسا فعل جب مضائقہ نہیں کہ جب عورت کا قصور ہو کہ عام خانہ داری کا قصور بلکہ فاحشہ مبینہ یعنی جب اُس سے زنا چارگواہوں سے ثابت ہو جائے تب اُس کو مجبور کر کے مہر واپس لینا کچھ مضائقہ نہیں بلکہ ایسے وقت بعض علماء کے نزدیک مہر دینا ہی واجب نہیں رہتا۔ اس کے بعد فرماتا ہے کہ بیویوں کے ساتھ عمدہ طور سے انصاف اور محبت سے گزران کیا کرو اور جو اُس کی صورت و شکل یا کسی بات سے نفرت ہو تو اس نفرت کو دل میں جگہ دے کر خانہ بربادی نہ کرو۔ انجام ہر چیز کا خدا تعالیٰ کو معلوم ہے شاید اس نفرتی اور مکروہ عورت میں تمہارے لئے کوئی عمدہ فائدہ ہو، خدا تعالیٰ اس سے اولادِ صالح پیدا کر دے یا اس کے اخلاق خانہ داری کی بابت عمدہ ہوں اور خیر خواہی اور معیشت میں آسانی کے باعث ہوں نئی بیوی جس کو تم پسند کر رہے ہو اس میں کیا کیا قباحتیں نکلیں۔

سوم۔ وان اردتم، اس نصیحت کے بعد بھی اگر انسان دوسری بیوی کرنے اور پہلی کے چھوڑنے پر بعض وجوہِ ضروریہ سے مجبور ہو تو اس کے لئے فرماتا ہے کہ جو کچھ تم نے مہر میں دیا ہے

خواہ خزانہ ہی کیوں نہ ہو اُس کو ہرگز واپس نہ لو اور کیونکر لے سکتے ہو تم نے اُن سے خلوت اور صحبت کر لی ہے جس سے مہر کامل واجب ہو جاتا ہے اور علاوہ اس کے بوقتِ نکاح تم نے ان کو وفاداری کا اقرار دیا ہے جو نفسِ نکاح سے سمجھا جاتا ہے۔ عرب میں ایسی حالت میں عورت پر بہتان لگا دیتے تھے تاکہ وہ مہر سے محروم رہے اس کو منع فرماتا ہے کہ کیا تم بہتان باندھ کر مہر رکھنا چاہتے ہو یعنی ایسا نہ کرو۔

وَلَا تَنْكِحُوا مَا نَكَحَ آبَاؤُكُمْ مِنَ النِّسَاءِ

اور جن عورتوں سے تمہارے باپ (دادا) نکاح کر چکے ہوں تم ان سے نکاح نہ کرو

إِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ ۚ إِنَّهُ كَانَ فَاحِشَةً

مگر جو گزر چکا (سو گزر چکا) کیونکہ یہ بیحیائی اور گناہ کی

وَمَقْتًا ۖ وَسَاءَ سَبِيلًا ﴿٢٢﴾ حُرِّمَتْ

بات اور بُرا طریقہ ہے۔ تم پر حرام کی گئیں

عَلَيْكُمْ أُمَّهَاتُكُمْ وَبَنَاتُكُمْ وَأَخَوَاتُكُمْ

تمہاری مائیں اور تمہاری بیٹیاں اور تمہاری بہنیں

وَعَمَّاتُكُمْ وَخَالَاتُكُمْ وَبَنَاتُ الْأَخِ وَ

اور تمہاری پھوپھیاں اور خالائیں تمہاری اور بھتیجیاں اور

بَنَاتُ الْأُخْتِ وَأُمَّهَاتُكُمُ اللَّاتِي أَرْضَعْنَكُمْ

بھانجیاں اور تمہاری وہ مائیں بھی کہ جنھوں نے تم کو دودھ

وَأَخَوَاتُكُمْ مِنَ الرَّضَاعَةِ وَأُمَّهَاتُ

اور تمہاری دودھ شریک بہنیں اور تمہاری

نِسَائِكُمْ وَرَبَائِبُكُمُ اللَّاتِي فِي حُجُورِكُمْ

ساسیں اور جن بیویوں سے تم نے صحبت کی وہ بیٹیاں جو

مِنْ نِسَائِكُمُ اللَّاتِي دَخَلْتُمْ بِهِنَّ فَإِنْ

تمہاری پروردش میں ہوں (تم پر حرام کی گئیں)۔ پھر اگر تم نے ان بیویوں سے صحبت

لَمْ تَكُونُوا دَخَلْتُمْ بِهِنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ

نہیں کی تو (ان کی لڑکیوں سے نکاح کرنے میں) تم پر کچھ گناہ نہیں،

ع ۳

ع یعنی جن بیویوں سے نکاح کر کے صحبت کا اتفاق ہوا ہو ان کے پہلے خاوند کی بیٹیوں سے نکاح درست نہیں اور غالباً وہ مرد کی پرورش میں رہا کرتی ہیں (باقی صفحہ ۱۴۰ پر)

Marfat.com

وَحَلَائِلُ أَبْنَائِكُمُ الَّذِينَ مِنْ أَصْلَابِكُمْ

اور تمہارے صلبی بیٹوں کی بیویاں (بہوئیں) بھی (حرام ہیں)

وَأَنْ تَجْمَعُوا بَيْنَ الْأُخْتَيْنِ إِلَّا مَا

اور دو بہنوں کا جمع کرنا بھی (حرام ہے) مگر جو کچھ کہ گزر چکا

قَدْ سَلَفَ ۗ إِنَّ اللَّهَ كَانَ غَفُورًا رَحِيمًا ﴿٢٣﴾

(سو گزر چکا)۔ بے شک اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے۔

ترکیب

مانکح مامصدریہ من والعائد محذوف ای من نکحہا آباؤکم الا ما استثناء منقطع ہے حرمت فعل مجہول اہاتکم الخ مفعول مالم یسم فاعلہ من الرضاعۃ حال ہے اخوات سے التی صفت ہے من نسائکم کی وان تجمعوا الخ بتاویل مصدر معطوف ہے اہاتکم پر۔

تفسیر

پہلے فرمایا تھا کہ عورتوں کے زبردستی سے وارث نہ ہو جایا کرو جس کے متعدد طریق تھے ان میں سے ایک کو اور بھی صراحۃً منع فرماتا ہے کہ جس میں سخت بے حیائی ہے وہ یہ کہ عرب میں دستور تھا کہ بڑا بیٹا اپنے باپ کی بیویوں کو گھر میں ڈال لیا کرتا تھا سو اس سے خدا تعالیٰ نے ولا تنکحوا فرما کر منع کر دیا اور فرمایا الا ما قد سلف کہ جو ایام جاہلیت میں ہو چکا سو ہو چکا۔ ف نکاح کے معنے لغت میں عورت سے صحبت کرنے کے ہیں اور اس کا اطلاق ایجاب و قبول عقد شرعی پر بھی ہوتا ہے اوّل معنے کے لحاظ سے امام ابوحنیفہ رح فرماتے ہیں کہ آیت کے معنی یہ ہوئے جس سے تمہارے باپ نے مباشرت کی ہو یا علیٰ سبیل عموم مجاز نکاح یا وطی کی ہو خواہ وہ وطی حلال طور سے ہو یا زنا سے اس سے تم نکاح نہ کرو پس جس کسی عورت سے زنا کیا جیسا کہ رنڈیوں سے اس زمانہ میں لوگ کرتے ہیں تو بیٹے کو اس باپ کی رنڈی سے نکاح کرنا بھی اس آیت سے ممنوع ہے اسی طرح جس عورت سے زنا کیا اس کی بیٹی سے بھی اس کو نکاح درست نہیں اس کی تحقیق آگے آتی ہے۔ امام شافعی رح کہتے ہیں کہ نکاح سے مراد عقد شرعی ہے پس جس سے باپ نے عقد شرعی کیا ہے خواہ صحبت کی ہو یا نہ کی ہو اس عورت سے بیٹے کو نکاح منع ہے اور جس سے عقد شرعی نہیں کیا بلکہ حرام کیا اس سے بیٹے کو نکاح کرنے کی ممانعت ثابت نہیں ہوتی۔ امام ابوحنیفہ رح کی طرف سے ابوبکر رازی رح نے اور امام شافعی رح کی طرف سے فخر رازی رح نے بہت کچھ دلائل بیان کئے ہیں جن کے ذکر کی یہاں گنجائش نہیں ؛ پھر جب کہ باپ کی بیوی سے نکاح کرنا حرام کیا تو مناسب ہوا کہ جس قدر عورتیں حرام ہیں ان کا بھی اس کے ساتھ بیان کیا جائے اس لئے فرمایا حرمت علیکم امہاتکم ؛ اس جگہ خدا تعالیٰ نے چودہ قسم کی عورتوں سے نکاح کرنا حرام فرمایا سات تو ان میں سے نسب کی جہت سے ہیں۔ ماں۔ بیٹی۔ بہن۔ پھوپھی۔ خالہ۔ بھتیجی۔ بھانجی۔ اور سات بغیر نسب کے ہیں۔ دودھ کے سبب ماں۔ دودھ شریک بہن۔ ساس۔ بیوی کی بیٹی بشرطیکہ اس سے صحبت کی ہو۔ بیٹے کی بیوی۔ باپ کی بیوی جو ابھی مذکور ہوئی ہے۔ بیوی کے روبرو اس کی بہن یعنی سالی۔ اب ہم اس مقام پر دو بحث کرتے ہیں۔ بحث اوّل میں الفاظ کے معانی اور ان میں ائمہ کا اختلاف اور دوسرے میں ان عورتوں کے حرام ہونے کی وجہ بیان کرتے ہیں و بہ نستعین۔ (بحث اوّل) امہاتکم، امہات ام کی جمع ہے یہ لفظ اصل میں امۃ تھا ہاء مفرد میں کثرت استعمال سے ساقط ہو گئی ہے۔ اس کے معنے

(بقیہ حاشیہ صـ۱۳۹) بعض اہل ظواہر پرورش کی قید سے یہ بات نکالتے ہیں کہ جو پرورش میں نہ آئی ہوں درست ہیں ۱۲ منہ ل ایک ساتھ دو بہنوں سے نکاح حرام ہے عام ہے کہ وہ عینی بہن ہوں یا علاتی یا اخیافی یا دودھ شریک ہاں ایک کے مرجانے یا طلاق دینے کے بعد اس کی دوسری بہن سے باتفاق سلف وخلف درست ہے ۱۲ منہ ف صلبی بیٹوں کی بیویوں سے بھی نکاح حرام ہے منہ بولے بیٹے کی بیوی سے درست ہے ۱۲ منہ

بحث اول

لفظ نکاح کی بحث۔

Marfat.com

ہندی میں ماں کے ہیں۔ اگرچہ لغت میں اس کا اطلاق حقیقی ماں پر ہوتا ہے مگر عرفِ شرع میں خواہ بطور عموم مجاز یا بالاشتراک ہو وہ عورت مراد ہے کہ جس کی طرف انسان کا نسب منتہی ہو خواہ ماں کی طرف سے خواہ باپ کی طرف سے جیسا کہ نانی پرنانی دادی پردادی۔ بناتکم جمع بنت ہے جس کے معنے بیٹی کے ہیں اس میں بھی ہر عورت شریک ہے جس کا نسب انسان کی طرف خواہ بواسطہ یا بغیر واسطہ منتہی ہو جیسا کہ بیٹی یا پوتی یا نواسی یہ سب بنات میں داخل ہیں اسی طریق سے جو مذکور ہوا۔ **ف** جو بیٹی زنا سے پیدا ہو امام ابو حنیفہؒ اُس کو بھی حرام کہتے ہیں کیونکہ بیٹی ہے۔ امام شافعیؒ کہتے ہیں کہ یہ بیٹی نہیں۔ دلائل فریقین کی کتابوں میں مذکور ہیں۔ اخوات یعنی بہنیں اس میں عینی اور علاتی اور اخیافی سب شریک ہیں۔ عمات پھوپھیاں۔ جس شخص کی طرف انسان کا نسب منتہی ہو اس کی بہنیں بھی عمات میں داخل ہیں۔ مثلاً دادا کی بہن اسی طرح نانا کی بہن۔ خالات خالائیں جس عورت کی طرف انسان کا نسب منتہی ہو اُس کی بہن خالہ ہے خواہ ماں کی بہن عام ہے کہ عینی ہو یا علاتی یا اخیافی یا نانی کی بہن۔ بنات الاخ بھتیجیاں خواہ عینی بھائی کی بیٹی یا علاتی کی یا اخیافی کی۔ اسی طرح بنات الاُخت بھانجیوں کو قیاس کر لیجئے یہ وہ عورتیں ہیں کہ جن سے کبھی اور کسی وجہ سے نکاح درست نہیں ان کو محرماتِ ابدیہ کہتے ہیں۔ وامہاتکم التی ارضعنکم جس نے اُس کو بچپن میں دودھ پلایا وہ بھی بمنزلۂ ماں کے ہے۔ اور پھر اس ماں کی ماں اور نانی دادی بھی بحکم اجماع ماں شمار ہوتی ہے۔ رضاع، دودھ پلانا گرچہ قرآن میں اس کی کوئی مدت معین نہیں کہ اس زمانہ تک پلانا ماں بنا دیتا ہے اور کس قدر پلانے سے ماں ہو جاتی ہے؛ مقدار کے بارے میں امام ابو حنیفہؒ نصِ قرآنی کو مطلق قرار دے کر ایک گھونٹ دودھ کو بھی جو بچے کے شکم میں اُتر جاوے باعث حرمتِ نکاح فرماتے ہیں۔ اور امام شافعیؒ نص کو احادیث سے خاص کر کے اقل مرتبہ پانچ گھونٹوں سے رضاع ثابت کرتے ہیں اور اس کے کم کو معدوم سمجھتے ہیں۔ اور زمانہ کے بارہ میں سب ائمہ آیت میں قید لگاتے ہیں۔ امام ابو حنیفہؒ کہتے ہیں کہ ڈھائی برس کی عمر کے اندر اگر بچہ کسی کا دودھ پیئے گا تو رضاعت ثابت ہو گی۔ امام شافعیؒ اور صاحبینؒ کے نزدیک دو برس کی مدت معتبر ہے۔ دلائل فریقین کسی قدر پہلے گزر چکے۔ پھر مدتِ رضاع کے بعد دودھ پینے سے کوئی عورت حرام نہیں ہو گی۔ واخواتکم من الرضاعۃ۔ دودھ شریک بہنیں۔ رضاع کی وجہ سے قرآن میں صرف رضاعی ماں اور رضاعی بہنوں کی حرمت بیان کر کے اس طرف اشارہ کر دیا کہ رضاعت بمنزلۂ نسب کے ہے اور پھر نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اس بات کو اور بھی کھول دیا کہ یحرم من الرضاع ما یحرم من النسب، رواہ البخاری و مسلم عن ابن عباسؓ۔ کہ جو عورتیں نسب کی وجہ سے حرام ہیں وہ رضاع کی وجہ سے بھی حرام ہیں مرضعہ کی ماں اور بیٹی اور اس کی بہنیں اور پھوپھیاں اور خالائیں اور بھتیجیاں اور بھانجیاں، الغرض رضاع بمنزلۂ نسب کے ہے۔ مگر چند صورتیں مخصوص ہیں اس لئے اس امر میں قاعدۂ کلیہ کے طور پر کسی شخص نے ایک شعر میں تمام مسائل جمع کر دیئے ہیں ؎ از جانب شیر دہ ہمہ خویش شوند ؛ واز جانب شیر خوارہ زو جان فروع ؛ وامہات نسائکم بیویوں کی مائیں، اس میں بحکم اجماع بیویوں کی نانی دادی جن کی طرف کہ اس کا نسب منتہی ہو خواہ باپ کی طرف سے خواہ ماں کی طرف سے سب شریک ہیں۔ **ف** جمہور کا یہ مذہب ہے کہ جس عورت سے نکاح کر لیا خواہ ہنوز اُس سے صحبت نہ کی ہو صرف نکاح کرنے سے اُس عورت کی ماں سے نکاح حرام مؤبد ہو جاوے گا البتہ بیوی کی دوسرے خاوند کی بیٹی جب حرام ہو گی کہ جب اس بیوی سے صحبت بھی کر لیگا ورنہ محض نکاح سے نہیں اگرچہ اس بیوی کو طلاق دے کر اُس کے پہلے خاوند کی بیٹی سے نکاح کر لے تو اس صورت میں کر سکتا ہے کس لئے کہ نبی صلے

ف جو زنا سے لڑکی پیدا ہو اُسکے متعلق بحث

ف علتِ رضاع

Marfat.com

زنا سے معاہرت ثابت ہوتی ہے یا نہیں

اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص کسی عورت سے نکاح کرے اب اُس کی ماں سے نکاح حرام ہے خواہ صحبت کی ہو یا نہ کی ہو اور جو کسی لڑکی کی ماں سے نکاح کیا اور ہنوز صحبت نہیں کی تو طلاق دے کر اُس سے چاہے تو نکاح کرلے، اخرجہ عبدالرزاق وعبد بن حمید وابن جریر وابن المنذر والبیہقی فی سننہ۔ مگر چند صحابہؓ وتابعینؒ جیسا کہ حضرت علیؓ اور زیدؓ وابن عمرؓ وزبیرؓ وجابرؓ دونوں میں صحبت کرنے کی قید لگاتے ہیں کہ ساس بھی جب بنتی ہے کہ جب نکاح کرکے اس کی بیٹی سے صحبت کرلے گا کیونکہ دونوں حکموں کے بعد قرآن میں دخلتم بہن یعنی صحبت کی قید موجود ہے اور حدیث مذکور میں کلام ہے۔ ف۲ علماء کا اس مسئلہ میں اختلاف ہے کہ اگر کسی عورت سے زنا کیا تو اس سے اُس عورت کی ماں ساس ہوسکتی ہے؟ جمہور کے نزدیک نہ ہوگی بلکہ اُس کی ماں سے یا اُس کی بیٹی سے نکاح کرسکتا ہے کس لئے کہ امہات نساء میں داخل نہیں۔ اور دارقطنی نے عائشہؓ سے روایت کی ہے کہ کسی نے ایک عورت سے زنا کرلیا تھا پھر اُس نے اُس کی ماں یا بیٹی سے نکاح کرنا چاہا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا۔ آپؐ نے فرمایا کہ حرام سے کوئی حلال چیز حرام نہیں ہوجاتی۔ مگر امام ابو حنیفہؒ اور سفیان ثوریؒ اور احمدؒ واسحاقؒ وعطاءؒ وحسنؒ وشعبیؒ کہتے ہیں وہ ساس ہوجاوے گی۔ بلکہ اگر شہوت سے ہاتھ لگایا یا ستر خاص کو بہ نظر شہوت دیکھا تب بھی اس عورت کی ماں ساس ہوجاوے گی اور یہ عورت بمنزلہ بیوی کے قرار پاکر اس کی بیٹی ربیبہ ہوجائے گی۔ بعض کہتے ہیں کہ اگر کسی لڑکے سے اغلام کرے گا تو اُس کی ماں سے نکاح کرنا ساس ہوکر حرام ہوجاوے گا وفیہ مافیہ۔ ربائبکم جمع ربیبہ یعنی عورت کے پہلے خاوند سے بیٹی اور چونکہ ایسی لڑکیاں اپنی ماں کے ساتھ رہتی ہیں اور نئے باپ کے ہاں پرورش پاتی ہیں اس لئے فی حجورکم کی قید واقعی بڑھائی جس کو بعض ناسمجھ پادری بے فائدہ کہہ کر قرآن پر اعتراض کرتے ہیں۔ حجور جمع حجر بالکسر والضم جس کے معنے گود اور پرورش کے ہیں۔ یہ لڑکیاں بھی جب حرام ہوتی ہیں کہ جب اُن کی ماں سے نکاح کرکے صحبت کا اتفاق ہوا ہو عام ہے کہ اس لڑکی نے اس شخص کے ہاں پرورش پائی ہو یا نہیں مگر بعض نے حضرت علیؓ سے منقول کیا ہے کہ ایسی لڑکی سے نکاح درست ہے کیونکہ قید پرورش میں ہونے کی ہے اور جب اس کی پرورش میں نہ تھی تو حرام نہیں۔ جمہور اس کے برخلاف ہیں اور قید کو احترازی نہیں کہتے۔ اگر صحبت کا اتفاق نہیں ہوا تو بالاتفاق اس لڑکی سے نکاح درست ہے۔ وحلائل ابنائکم صلبی بیٹے کی بیوی، اس میں پوتا بھی شریک ہے خواہ بیٹے نے نکاح کرکے صحبت کی ہو یا نہیں۔ حلائل جمع حلیلہ بروزن فعیلہ یعنی حلال کی گئی۔ چونکہ بیوی حلال ہوتی ہے اس لئے اُس کو حلیلہ کہتے ہیں۔ اصلابکم کی قید سے منہ بولے بیٹے کی بیوی نکل گئی کیونکہ اس سے نکاح حرام نہیں۔ وان تجمعوا دو بہنوں کا نکاح میں جمع کرنا حرام ہے اس میں بحکم حدیث عورت کی خالہ اور پھوپھی بھی شریک ہے یعنی جس طرح دو بہنوں سے نکاح حرام ہے اسی طرح پھوپی، بھتیجی اور خالہ بھانجی سے بھی بلکہ ہر ذی رحم محرم سے گو ملک یمین میں جمع کرنا منع نہیں یعنی دو بہنوں کو جو لونڈیاں ہوں ایک ساتھ خریدنا مضائقہ نہیں مگر دونوں سے صحبت نہ کرے۔ ان سب اقسام کے بعد پندرھویں ایک اور قسم حرام اور عورتوں کی وہ ہے (جس کا بیان اگلی آیت میں آتا ہے)

Marfat.com

تفسیر حقانی

پارۂ والمحصنٰت ۵

وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا مَلَكَتْ

اور (تم پر) شوہردار عورتیں بھی (حرام ہیں) مگر جو تمہارے قبضہ میں

اَيْمَانُكُمْ ۚ كِتٰبَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ ۚ وَاُحِلَّ

آگئی ہوں (یہ) خدا تعالیٰ کا تمہارے لئے نوشتہ ہے اور ان کے سوا

لَكُمْ مَّا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ اَنْ تَبْتَغُوْا بِاَمْوَالِكُمْ

سب عورتیں تمہارے لئے حلال ہیں (بشرطیکہ) تم مال (مہر) کے

مُّحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ ۭ فَمَا

معاوضہ میں پاکدامنی کے لئے نہ کہ شہوت رانی کے لئے ان کو نکاح

اسْتَمْتَعْتُمْ بِهٖ مِنْهُنَّ فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ

میں لانا چاہو پھر جن سے تم نے صحبت کا فائدہ اٹھا لیا ہو تو ان کے مہر ادا کرو

فَرِيْضَةً ۭ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا

جو واجبی دینا ہے۔ اور (مہر میں سے) جو کچھ آپس کی رضامندی سے قرار

تَرٰضَيْتُمْ بِهٖ مِنْۢ بَعْدِ الْفَرِيْضَةِ ۭ

پا جائے تو اس میں بھی تم پر کچھ گناہ نہیں۔

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۲۴﴾

بیشک اللہ تعالیٰ سب کچھ جانتا (اور سب) حکمتوں سے واقف ہے۔

ترکیب

والمحصنٰت بھی احلّ لکم پر معطوف ہے الا ما ملکت استثناء متصل ہے والمعنی حرمت علیکم ذوات الازواج الا السبایا من المحصنات کتاب اللہ مفعول مطلق ہے کس لئے کہ حرمت بمعنی کتبت احلّ فعل مجہول ماوراء ما بمعنے من ای احلّ لکم غیر المذکورات من النساء بشرط ان لے بان الخ محصنین حال ہے فاعل تبتغوا سے فما بمعنے الذی شرط جوابہ فاٰتوھن یا کہو شرط نہیں مبتدا اور فاٰتوھن خبر۔

تفسیر

والمحصنات من النساء، احصان لغت میں منع کرنے کو کہتے ہیں اور چونکہ قلعہ غیر کو آنے سے منع کرتا ہے اس لئے اس کو حصن کہتے ہیں اور اسی لئے شہر پناہ والے شہر کو مدینہ حصینہ بولتے ہیں۔ حِصان بالکسر تو گھوڑا جو مالک کو قبضۂ دشمن سے روکتا ہے۔ حَصان بالفتح پارسا عورت جو اپنے ستر کو بدکاری سے روکتی ہے۔ قرآن مجید میں احصان چند معنی کے لئے بولا گیا ہے۔ (۱) حر یعنی آزاد مرد و عورت پر جو کسی کے غلام نہ ہوں والذین یرمون المحصنٰت لے الحرائر (۲) پارسا پر محصناتِ غیر مسافحات (۳) خاوند والی عورت پر والمحصنات من النساء۔ اس صورت میں جمہور کے نزدیک آیت کے یہ معنے ہوتے کہ تم پر شوہردار عورتیں بھی حرام ہیں الا ما ملکت ایمانکم مگر وہ شوہردار عورتیں جو جہاد میں مقید ہو کر آویں اور ان کے شوہر ساتھ نہ ہوں۔ (جیسا کہ ابو حنیفہؒ کہتے ہیں) یا ہوں (جیسا کہ امام شافعیؒ کہتے ہیں) تب یہ عورتیں جو لونڈیاں ہو کر آئی ہیں جن کو ہاتھ کا

Marfat.com

مال کہا ہے مالکوں کے لئے حلال ہیں ایک حیض آنے کے بعد کسی کے کہ کفر کا نکاح ایسے موقع میں معتبر نہ ہوگا اور اس اسیری کا اثر بمنزلۂ طلاق کے بلکہ اس سے بھی زیادہ واقع ہوگا اور ابوالعالیہ اور عبیدہ سلمانی اور طاؤس اور سعید بن جبیر اور عطاء اور حضرت عمرؓ کے نزدیک اس آیت کے یہ معنے ہیں کہ تم پر محصنات یعنی پارسا عورتیں حرام ہیں مگر جن کی عصمت بسبب نکاح یا ملک کے تمہارے قبضہ میں آجائے وہ حلال ہیں۔

ان عورتوں کا بیان فرما کر جن سے نکاح حرام ہے فرماتا ہے واحل لکم ماوراء ذٰلکم کہ ان کے سوا عورتیں تم پر حلال ہیں مگر نہ مطلقاً کہ جس عورت سے ان عورتوں کے علاوہ جو چاہا کرلیا جائے جیسا اجنبی عورتوں سے زنا کرلیا جاتا ہے بلکہ چند شرطیں ہیں جن کے مجموعہ سے عُرف میں نکاح ثابت ہوتا ہے۔

اوّل ان تبتغوا باموالکم یعنی اپنے مال صَرف کرکے اُن کو حاصل کرو۔ گرچہ ہر قوم میں شادی کے وقت مال صرف کرنا بالخصوص شائستہ ملکوں کا قدیم دستور ہے۔ کہیں نکاح سے پیشتر کچھ ہدیہ جس کو چڑھاوا کہتے ہیں بھیجا جاتا ہے اور منگنی کے ایام میں بھی گہنا کپڑا برتن وغیرہ حسبِ دستور بھیجے جاتے ہیں تاکہ شوہر کی خواہش اور بیوی کا اعزاز ثابت ہو اور لوگوں میں یہ بات شہرت بھی پاجائے آشنائی اور خفیہ سازش نہ معلوم ہو تاکہ کل اُس کی اولاد کو عار و ننگ اور بیوی کے کنبہ کو ذلت کا باعث نہ ہو اور پھر اُس میں اور اُس کے کُنبے میں محض اجنبیت نہ پائی جائے جو تمدّن کے بالے میں زہر ہے۔ عرب میں یہ دستور تھا کہ بروقت نکاح عورت کی خوشی اور عزت کے لئے اس کو کچھ نقد دیا جاتا تھا جس کو مَہر کہتے ہیں۔ اقل مرتبہ اس مَہر کا امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک دس درہم ہونے چاہئیں جو تخمیناً ساڑھے تین یا پونے چار روپے چہرہ شاہی ہوتے ہیں کیونکہ ابتغاء باموال فرمایا ہے اور اس سے کم مقدار کو ایسے موقع میں مال صَرف کرنا نہیں کہتے اور اس لئے چور کے ہاتھ کاٹنے میں بھی جو مال کی چوری پر کٹتا ہے دس درہم معتبر ہیں۔ امام شافعیؒ

مہر مقرر ہونے کی بحث

کے نزدیک اقل مرتبہ کی کوئی حد نہیں خواہ ایک پیسہ ہو یا کچھ اور ہو بلکہ احادیث میں بعض عورتوں کا مَہر تعلیم قرآن ہی آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے قرار دیا تھا۔ دوم محصنین کہ اس سے مقصود ان عورتوں کو پابند کرنا اور اپنی پاکدامنی مقصود رکھنا ہو۔ غیر مصافحین نہ شہوت رانی مطلوب ہو یہ ساری باتیں گواہوں کے روبرو ایجاب وقبول سے ہوتی ہیں اور اسی کو عُرف شرع میں نکاح کہتے ہیں۔ خلاصہ یہ کہ محرمات کے علاوہ اور عورتیں نکاح کرنے سے حلال ہیں ورنہ وہ بھی حرام۔ کس لئے کہ والمحصنٰت کا عطف امہات پر ہے ای وحرمت علیکم المحصنات۔ چونکہ مَہر بسا اوقات وقت پر نقد نہیں دیا جاتا تھا بلکہ ذمہ پر واجب کرلیا جاتا تھا اور اس کو کچھ عرب واجب الادا خیال نہ کرتے تھے اس لئے اس کے بعد یہ بھی فرمادیا فما استمتعتم بہ منہن فاٰتوہن اجورہن۔ استمتاع لغت میں نفع حاصل کرنا اور جس چیز سے نفع حاصل کیا جاتا ہے اُس کو متاع کہتے ہیں۔ پھر آیت کے معنے حسنؓ اور مجاہدؒ وغیرہما کے نزدیک یہ ہیں کہ جس چیز پر تم نے ان عورتوں سے نفع حاصل کیا ہے جماع اور عقد نکاح کرکے تو اس چیز کو کہ جو ان کا مَہر ہے دیدو۔ اجور اجر کی جمع ہے اور مَہر چونکہ عورتوں کے منافع کا بدل ہے اس لئے اس کو اجر کہدیا اور کئی جگہ قرآن مجید میں اجر بمعنے مَہر آیا ہے۔ ازانجملہ یہ آیت ہے لاجناح علیکم ان تنکحوہن اذا آتیتموہن اجورہن اس ترکیب میں ضمیر میں عائد محذوف مانی جائے گی۔ اور یوں بھی معنے ہو سکتے ہیں کہ ما بمعنے من لیا جائے یعنی جن عورتوں سے تم نے نفع بطور جماع وعقد نکاح حاصل کیا ہے اُن کے مَہر اُن کو دیدو۔ مگر جمہور کے نزدیک یہاں بھی نکاح مراد ہے۔ اُس کو اس لئے بیان کیا ہے کہ جب عورت سے نکاح کرکے صحبت کرچکے تو نفع اٹھا لیا اُن کا پورا مَہر واجب ہوگیا۔ ایک گروہ یہ کہتا ہے کہ پہلی آیتوں میں نکاح مراد تھا اس آیت میں نکاح متعہ مراد ہے جو ابتدائے اسلام میں کسی ضرورت سے جائز ہوگیا تھا پھر اُس کو شریعت نے

لہ قید ۱۲ منہ

حرام کر دیا اور قرارت اُبَیّ بن کعب رضؓ و ابن عباس رضؓ و سعید بن جبیرؒ کہ جس میں الیٰ اجل مسمّٰی آیا ہے اس کی مؤید ہے۔ متعہ ایک قسم کا نکاح ہے جس میں مرد عورت کو کسی مقدارِ معیّن مال سے ایک مدّتِ معیّن تک اپنے پاس رکھے اور ایجاب و قبول اس میں بھی شرط ہے پھر اُس کو رنڈی بازی کہنا فضول ہے۔ جمہور اُمت کا اس پر اتفاق ہے کہ یہ نکاح فتح خیبر اور فتح مکہ میں جائز ہوا تھا پھر اس کو نبی علیہ السّلام نے ابدًا حرام کر دیا جیسا کہ حضرت علیؓ سے منقول ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کے روز گدھوں کے گوشت اور نکاحِ متعہ سے منع کر دیا۔ یہ حدیث صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں ہے اور بھی احادیث اس قسم کی وارد ہیں علاوہ اس کے جب کہ یہ آیت نازل ہوئی والذین لفروجہم حافظون الّا علیٰ ازواجہم او ما ملکت ایمانہم، کہ سوائے بیوی اور لونڈی کے اور کوئی عورت درست نہیں۔ تو پھر اس کے منسوخ ہونے میں کیا کلام ہے؟ کس لئے کہ متاعی عورت نہ بیوی ہے کیونکہ بیوی کو میراث ہے اُس کو نہیں اور نہ لونڈی ہے اور بعض علماء متعہ کو بدستور جائز کہتے ہیں جیسا کہ صحابہ رضؓ میں سے ابن عباس رضؓ اور عمران بن حصین رضؓ وہ کہتے ہیں کہ یہ عورت بھی بیوی ہے مگر اس کے لئے چند روزہ ہونے کی وجہ سے میراث نہیں۔ مگر ابن عباس رضؓ اس کو حالتِ اضطرار میں جائز کہتے تھے پھر اخیر میں رجوع کر لیا۔ اور اس فریق کے بھی دلائل ہیں مگر وہ نہایت کمزور ہیں جن کو علمائے اسلام نے ردّ کر دیا ہے۔ فرقہ شیعہ بھی اس کے جواز کا قائل ہے اور حضرت علیؓ سے اس کا جواز منقول کرتے ہیں۔

(دوسری بحث)۔ یہ عورتیں جو شریعت نے حرام کی ہیں وہ ہیں کہ جن کی حرمت سلیم الطبع قوموں میں فطری ہے۔ مثلاً ماں کہ جس کا دودھ پی کر انسان اکثر پرورش پاتا ہے ایک ایسی عورت ہے کہ اگر کوئی شریعت یا پیغمبر بھی دنیا میں آکر منع نہ کرتا تو انسان کی طبیعتِ سلیمہ اُس کی طرف جماع تو کیا خیالِ بد کی بھی اجازت نہ دیتی بلکہ بوقتِ ہیجانِ طبع ایسی عورتوں کا خیال بھی اس شعلۂ شہوت کے لئے سرد پانی کا حکم رکھتا ہے۔ اور یہ بات سب لوگوں میں یکساں ہے۔ اسی طرح بہن، بیٹی، بھتیجی، بھانجی، خالہ، پھوپی کا حال ہے۔ علاوہ اس کے اگر بغور دیکھئے تو صدہا قباحتیں بھی ہیں اُن کی طبعی قباحت یہ ہے کہ ہر وقت کے پاس کے رہنے اور اُن کے روبرو پرورش پانے سے نفس کو اُن کی طرف ہیجان نہیں ہوتا۔ اگر اُن سے نکاح درست ہوتا تو بلاشک یہ جماع اُس کو سخت مضرت پہنچاتا اور اولاد بھی نہایت کمزور ہوتی۔ چنانچہ حیوانات سے جب اس قسم کی جفتی سے بچّہ لیا جاتا ہے تو وہ نہایت کمزور ہوتا ہے۔ اس کا حکماء نے حال بھی تجربہ کیا ہے۔ تمدنی قباحت یہ ہے کہ اگر ان عورتوں سے نکاح درست ہوتا تو اوّل باپ بیٹے اور بھائیوں اور دیگر اقارب میں کہ جن کے اجتماع بغیر خانہ داری کا کوئی سامان ہی نہیں ہو سکتا اُس محبّت کے اختلاط سے کہ جو اُن عورتوں کو اپنے پیارے بھائی، بیٹے، بھتیجے، باپ سے ہے منظنۂ تہمت ہو کر بڑا فساد پھیلتا۔ دوم جب انہی سرپرستوں سے نکاح درست ہوتا تو حقوقِ زوجیت عمدہ طور سے قائم نہ ہوتے اور درصورتِ عدم قیام پھر بیچاری عورت کی طرف سے کون مطالبہ کرنے کھڑا ہوتا؟

روحانی قباحت یہ ہے کہ ملأ اعلیٰ کے لوگوں کو اس بہیمیت سے ایک نفرتِ خاص ہے جیسا کہ بدبُو سے دماغِ انسانی کو ہے پھر اس نفرت کا اثر اُس کی رُوح تک اس طرح سرایت کرتا ہے کہ جس طرح اجرامِ علویہ آفتاب مہتاب کا اثر زمین کے نباتات پر جس سے اس کی رُوح پر ایک ظلمت و مرض طاری ہوتا ہے جو بعد مردن اس کے لئے عذابِ الیم اور نارِ جحیم کا مزہ دکھاتا ہے۔ رہیں اور رہائب عورتیں ان میں سے دودھ کی ماں اور بہن میں تو وہی بات ہے جو حقیقی میں ہے۔ رہی ساس، سالی، بہو، بیوی کی بیٹی، باپ کی منکوحہ سو اگر ان کے پاس یہ لوگ نہ آویں جاویں تو خانہ داری میں فرق آتا ہے اور بیوی بمنزلۂ قیدی کے ہو جاتی ہے اور اس صورت میں نکاح اگر جائز ہو تو طمع پکلنے کا موقع ملتا اور پھر باپ، بیٹے، بہنوں میں رقابت

Marfat.com

سے وہ فساد پیدا ہوتا کہ جو بیان سے باہر ہے اور نیز باہمی حقوق تلف ہو جاتے۔ اس لئے خدا تعالےٰ نے انبیاءؑ کی معرفت ان کو حرام کیا اور جو پھر کوئی مرتکب ہو تو اسی کے لئے دنیا و آخرت میں حکم عدولی کی سزا معیّن کی۔ اس پر بھی ملحدوں کا یہ کہنا (کہ ماں اور بیوی میں کچھ فرق نہیں صرف رسم و رواج مانع ہے اور مصلحت کے لئے دینی رفاہروں نے منع کر دیا ہے ورنہ عذاب و ثواب کچھ نہیں) سخت بیوقوفی ہے۔ بعد اس کے مہر کی بابت یہ بھی رخصت دیدی کہ مہر مقرر ہونے کے بعد باہمی رضامندی سے اس کو کم زیادہ بھی کر سکتے ہو خواہ بالکل عورت معاف کر دے تو جائز ہے ان سب امور کی حکمت کی طرف۔۔۔۔

وَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ مِنْكُمْ طَوْلًا اَنْ

اور جس کو تم میں (اس بات کا) مقدور نہ ہو کہ وہ مسلمان عورتوں

يَّنْكِحَ الْمُحْصَنٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ فَمِنْ مَّا

سے نکاح کر سکے تو پھر جو تمھارے قبضہ میں مسلمان

مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ مِّنْ فَتَيٰتِكُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ؕ

لونڈیاں ہوں (اُنسے ہی نکاح کر لے)۔

وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِاِيْمَانِكُمْ ؕ بَعْضُكُمْ مِّنْ

اور اللہ تعالےٰ تمھارے ایمان سے خوب واقف ہے۔ تم آپس میں ایک ہو۔

بَعْضٍ ۚ فَانْكِحُوْهُنَّ بِاِذْنِ اَهْلِهِنَّ

سو ان سے اُن کے مالکوں کی اجازت سے نکاح کرو

وَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ

اور ان کو ان کے مہر دستور کے موافق دے دو (نکاح)

مُحْصَنٰتٍ غَيْرَ مُسٰفِحٰتٍ وَّلَا مُتَّخِذٰتِ

بیویاں بنانے کے لئے ہو نہ کہ شہوت رانی کے لئے اور نہ مخفی

اَخْدَانٍ ۚ فَاِذَآ اُحْصِنَّ فَاِنْ اَتَيْنَ

آشنائی کے لئے، پھر جب وہ نکاح میں آجائیں (اور نکاح میں آئے

بِفَاحِشَةٍ فَعَلَيْهِنَّ نِصْفُ مَا عَلَى

پیچھے) پھر اگر وہ زنا کریں تو جو سزا بیویوں پر ہے اس کی

الْمُحْصَنٰتِ مِنَ الْعَذَابِ ؕ ذٰلِكَ لِمَنْ

آدھی سزا ان پر ہے۔ یہ (لونڈیوں سے نکاح کی

خَشِيَ الْعَنَتَ مِنْكُمْ ؕ وَاَنْ تَصْبِرُوْا

اجازت) اس کے لئے ہے کہ جو تم میں گناہ کر بیٹھنے کا اندیشہ رکھتا ہو اور جو صبر کرو تو

خَيْرٌ لَّكُمْ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۵﴾

تمھارے لئے بہتر ہے۔ اور اللہ تعالےٰ معاف کرنے والا مہربان ہے۔

ترکیب

ومن لم یستطع شرط فمن ما ملکت جواب طولاً مفعول یستطع۔ ان ینکح منصوب ہے طولاً کی وجہ سے محصنات حال ہے ضمیر ہن سے ولا متخذات الخ معطوف ہے محصنات پر اخدان جمع خدن مثل عدل و اعدال بمعنے پوشیدہ آشنائی فاذا الخ شرط فان اتین شرط و جزا کا مجموعہ جواب۔ ان تصبروا مبتدا خیر لکم خبر۔

تفسیر

ان اللہ کان علیما حکیما میں اشارہ فرما دیا۔ آزاد عورتوں سے نکاح کرنے میں مہر بھی زیادہ دینا ہوتا ہے اور مصارف بھی زیادہ ہوتے ہیں۔ اور تجرّد بھی ایک مصیبت ہے۔ زنا کا دروازہ بند کر دیا گیا اس لئے لونڈی چھوکریوں سے نکاح کی اجازت دی۔ فقال ومن لم یستطع منکم الخ کہ جس کو آزاد مسلمان عورتوں سے نکاح کرنے کا مقدور نہ ہو تو کسی مسلمان لونڈی سے نکاح کر لے بشرطیکہ وہ محصنہ یعنی پاک دامن ہو، زانیہ اور در پردہ آشنائی کرنے والی نہ ہو۔ دوم یہ نکاح مسلمان لونڈی سے اُن کے مالک کی اجازت سے کرلے کیونکہ خدا تعالےٰ کو تمھارے ایمان اور دلی حالات معلوم ہیں اور اس میں کوئی عار بھی نہیں۔ کس لئے کہ بنی آدم بلحاظ نسل کے یکساں ہیں، لونڈی ہونا عارضی بات ہے اور جو کچھ قدر قلیل

لہ لونڈیاں بھی آدمؑ کی اولاد اور تمھاری ہم جنس ہیں۔ اصل فضیلت ایمان و عمل سے ہے۔ ۱۲

Marfat.com

دستور اور رواج کے موافق اُن کے مہر و مصارف ہوں دیتے رہو نہ کہ اُن کے مصارف کا بار مالکوں ہی پر ڈال دو اور نہ یہ ہو کہ ان سے نکاح نہ کرو مخفی آشنائی کر کے شہوت رانی کرو۔

فوائد

(۱) من لم یستطع منکم طولاً۔ طَوْل تونگری اور فراخی۔ اور بالضم ضد قصر ہے یعنی ابن عباسؓ اور مجاہدؒ اور سعید بن جبیرؒ اور سدیؒ اور ابو زیدؒ وغیرہم نے لئے ہیں۔ اور قتادہؒ اور نخعیؒ اور ثوریؒ کے نزدیک صبر مراد ہے۔ من لم یستطع کی شرط سے بطورِ مفہوم مخالف امام شافعیؒ نے یہ بات نکالی ہے کہ لونڈی سے جب نکاح درست ہے جب کہ اس کو حُرّہ سے نکاح کرنے کی قدرت نہ ہو ورنہ نہیں اور مؤمنات کی قید سے یہ بات ثابت کی ہے کہ کافرہ لونڈی سے خواہ اہلِ کتاب ہی کیوں نہ ہو نکاح درست نہیں۔ امام ابوحنیفہؒ کہتے ہیں کہ یہ شرط وجودی بات کے لئے ہے نہ کہ عدمی کے لئے اور مؤمنات کی قید بطورِ افضلیت کے ہے یعنی افضل یہ ہے ورنہ جب نکاح حرہ کتابیہ سے ہو سکتا ہے تو لونڈی کتابیہ سے کیوں نہیں ہو سکتا۔ من فتیاتکم یعنی اہلِ اسلام کی لونڈی سے نکاح کرو نہ یہ کہ خود اپنی لونڈی سے کیونکہ اس سے نکاح کی کیا ضرورت ہے؟ (۲) آتوہن اجورہن لونڈی کو مہر دینا اُس کے مالک کو دینا ہے کیونکہ اس کی ہر ایک جائز آمدنی کا وہی مالک ہے۔ پھر ان دونوں باتوں میں تعارض ثابت کر کے قرآن پر اعتراض کرنا نادانی ہے۔ اور امام مالکؒ ظاہر الفاظ سے استدلال کر کے مہر کو خاص لونڈی کا ہی حق قرار دیتے ہیں۔ (۳) فاذا احصن یعنی جب کہ نکاح میں آجاویں اور پھر زنا کریں تو جو حرہ عورت کی زنا میں سزا ہے اسکی نصف لونڈی کی ہے حرہ پر سو درّے ہیں تو لونڈی پر پچاس اور رجم چونکہ تنصیف کے قابل نہیں اس لئے لونڈی پر رجم نہیں اور یہی غلام کا حکم ہے۔ اور یہ اس لئے کہ بسببِ خدمتگاری کے اس کو باہر جانا مَردوں سے اختلاط کرنا پڑتا ہے اس لئے محفوظ رہنا بنسبت حرہ کے مشکل ہے اور نیز سزا بقدرِ نعمت ہوتی ہے۔ فاذا کی شرط سے بعض نے یہ لکھا ہے کہ اگر لونڈی نکاح میں نہ آئی ہو اور پھر زنا کرے تو اس پر حد نہیں ماری جائے گی ہاں تعزیر ہوگی۔ چنانچہ طاؤسؒ اور سعیدؒ اور ابو عبیدؒ اور داؤد ظاہریؒ کا یہی مذہب ہے مگر بحکم حدیث صحیحین (کہ جس کو ابو ہریرہؓ نے روایت کیا کہ اگر لونڈی زنا کرے تو اس پر حد قائم کرو پھر زنا کرے تو پھر حد قائم کرو۔ اور صحیح مسلم میں ہے لونڈی غلاموں پر حد قائم کرو خواہ وہ محصن ہوں یا نہ ہوں) یہ غلط ہے۔ احصن کے معنے بعض نے مسلمان ہونے کے لئے ہیں، کما ہو مروی عن ابن مسعودؓ وغیرہ۔

يُرِيدُ اللَّهُ لِيُبَيِّنَ لَكُمْ وَيَهْدِيَكُمْ

اللہ تعالیٰ (یہ) چاہتا ہے کہ جو (نیک لوگ) تم سے پہلے ہو گزرے

سُنَنَ الَّذِينَ مِن قَبْلِكُمْ وَيَتُوبَ

ہیں اُن کا طریقہ تم کو بتائے اور اُن کے رستے پر) تم کو چلائے اور

عَلَيْكُمْ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ﴿٢٦﴾ وَ

تم پر مہربانی کرے۔ اور اللہ تعالیٰ بڑا دار حکمت والا ہے۔ اور

اللَّهُ يُرِيدُ أَن يَتُوبَ عَلَيْكُمْ ۖ وَ

اللہ تعالیٰ تم پر مہربانی کرنا چاہتا ہے۔ اور

يُرِيدُ الَّذِينَ يَتَّبِعُونَ الشَّهَوَاتِ أَن

جو شہوت کے بندے ہیں وہ چاہتے ہیں کہ تم (سیدھے رستے سے)

تَمِيلُوا مَيْلًا عَظِيمًا ﴿٢٧﴾ يُرِيدُ اللَّهُ أَن

بہت دُور جا پڑو۔ (اور) اللہ تعالیٰ چاہتا ہے کہ

يُخَفِّفَ عَنكُمْ ۚ وَخُلِقَ الْإِنسَانُ ضَعِيفًا ﴿٢٨﴾

تم سے تخفیف کرے (کیونکہ) انسان ضعیف پیدا کیا گیا ہے۔

ترکیب

یرید کا مفعول ذالک محذوف لیبین کا لام یرید سے متعلق ہے۔ اور ممکن ہے کہ لام زائدہ ہو تقدیرہ یرید اللہ بیان۔ ویرید الذین یتبعون معطوف ہے واللہ یرید ان یتوب پر ضعیفاً حال ہے انسان سے اور بعض کہتے ہیں تمیز ہے وفیہ مافیہ۔

Marfat.com

تفسیر

لونڈیوں سے نکاح کی اجازت کے بعد یہ بھی فرما دیا تھا کہ یہ اُس کے لئے ہے کہ جس کو حرام کاری میں گرفتار ہونے کا ڈر ہو ورنہ صبر کرنا تو بہتر ہے کیونکہ لونڈیوں کی عادتیں اچھی نہیں ہوتیں۔ اس کے بعد یہ بتلاتا ہے کہ یہ احکام اور نصائح ہم تمھارے فائدہ کے لئے بیان کرتے ہیں تاکہ تم صالحین اور راستبازوں کے طریقہ پر چل کر مقصود تک پہنچو ویتوب علیکم سے یہی مراد ہے اور جو تمھیں کہیں شبہ ہو کہ فلاں چیز کو کیوں حلال کیا فلاں کو کیوں حرام کیا؟ اور اُس کی حکمت تمھاری سمجھ میں نہ آوے تو تم وسوسۂ شیطانی میں نہ پڑو بلکہ یہ خیال کرو کہ اللہ تعالےٰ علیم ہے، ہر چیز کی ابتدا انتہا اس کو معلوم ہے اور نیز حکیم ہے ہر امر میں ضرور حکمت مرعی رکھتا ہے پھر جو اُس نے حکم دیا ہے اُس میں ضرور کچھ نہ کچھ حکمت ہے۔ خدا تعالےٰ تو ان احکام کے بیان کرنے اور زنا سے بچنے کے لئے رستہ نیک بتانے میں تم پر مہربانی کر رہا ہے اور شہوات ولذّات کے فریفتہ یہ چاہتے ہیں کہ تم کو راہِ راست سے بہت ہی دُور لے جا کر ڈال دیں کیونکہ مجوسی، یہودی، عیسائی، مشرکین فرقوں میں بڑی آزادی ہے۔ خدا تعالےٰ تمھارے لئے آسانی کرنا چاہتا ہے کیونکہ انسان جبلّی طور پر خواہش کے ساتھ مقابلہ کرنے میں نہایت کمزور ہے۔ بہت لوگ دیوِ شہوت کے مقابلہ میں ذرا بھی نہیں ٹھہر سکتے۔ انسان کے لئے جس طرح شتربے مہار ہو کر لذات وشہوات میں آزادانہ کامرانی کرنا بلا قید حلال و حرام اور پاک وناپاک بہائم جیسی زندگی ہے جو کمالاتِ روحانیہ سے محروم رکھتی ہے جیسا کہ یورپ کی قوموں میں پولوسی مذہب سے پیدا ہے۔ اسی طرح مباح اور جائز اشیاء کو بھی از خود اپنے اوپر حرام کر کے معیشت کے دائرہ کو تنگ کر لینا ہے جیسا کہ ہنود میں برہمنوں نے کر رکھا ہے اور اُن کے ہاں چچا، ماموں، خالا، پھوپی کی بیٹی سے نکاح ممنوع، غیر کے ہاتھ لگ جانے سے اُن کا کھانا پینا ناپاک، بغیر نہائے سردی ہو یا گرمی، جنابت ہو یا نہ ہو کھانا پینا ممنوع وغیرہ دنیا میں قومیت کو برباد کرنے والی چیز ہے۔ یہ کام حضرات انبیاء علیہم السّلام کا ہے ہر چیز کی حلّت وحُرمت کا نتیجہ روحانی بلکہ جسمانی وہی خوب سمجھ سکتے ہیں۔ جن قوموں نے یہ کام اوروں کے سپرد کیا وہ گمراہ ہو گئیں۔ اسلام نے یہ خدمت حضرات انبیاء علیہم السّلام بالخصوص خاتم المرسلین علیہ السلام کے ساتھ مخصوص رکھی اس لئے وہ اس افراط وتفریط سے محفوظ ہے ہر قسم سے انسان کے لئے سہولت بھی ملحوظ رکھی ہے مگر اور قومیں مسلمانوں کو بھی اپنے رستہ پر لے جانے کی کوشش کرتی ہیں جو مسلمان اس طریقۂ انبیائی کو چھوڑ کر جس قدر ان کے طریقہ کو اختیار کرے گا اسی قدر گمراہی میں پڑ کر راہِ راست سے دُور جا پڑے گا اور ایسا واقعہ ہوا بھی ہے جن لوگوں پر افراط کی ہوا لگی وہ یورپ کی قوموں کی طرح بے قید ہو گئے یہاں تک کہ فرائض بھی چھوڑ بیٹھے اور جن پر ہنود کا اثر پڑا اُن میں ہزاروں رسوم بیجا پیدا ہو گئے شدہ شدہ ان کے مذہبی قوانین بھی اسی رنگ میں رنگین ہو گئے بلکہ جس طرح وہ اپنے بزرگوں کی پرستش کرتے ہیں یہ بھی اپنے بزرگوں کی پرستش کرنے لگے، تعزیہ پرستی، قبر پرستی، فال اور ٹوٹکوں کی پابندی ان میں پیدا ہو گئی۔ آیت کے الفاظ میں دونوں فرقوں میں اہلِ افراط وتفریط کی طرف اور درمیانی رستہ کی طرف کس خوبی سے اشارہ ہے درمیانی رستہ کی طرف یریداللہ لیبین لکم سنن الذین من قبلکم (راہ طریق الانبیاء السابقین) میں اشارہ ہے اور افراط کی طرف ویرید الذین یتبعون الشہوات ان تمیلوا میلاً عظیماً میں اشارہ ہے اور دراصل یہ آزادی بہت ہی دور لے جا کر ڈال دیتی ہے اور تفریط کی طرف یرید اللہ ان یخفف عنکم میں اشارہ ہے کہ اُنھوں نے تو رستہ بھاری اور مشکل کر دیا خدا تعالےٰ آسانی کرنا چاہتا ہے وخلق الانسان ضعیفا اس کی علت ہے کہ انسان ایسی دشواری کا متحمل ہونے میں ضعیف ہے؛

Marfat.com

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ

مسلمانو! تم آپس میں ایک دوسرے کا مال ناحق نہ کھاجایا

بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً

کرو، (ہاں) اگر آپس کی رضامندی سے سودا ہو

عَنْ تَرَاضٍ مِّنْكُمْ ۣ وَلَا تَقْتُلُوْٓا

(تو کچھ مضائقہ نہیں)۔ اور نہ آپس میں خونریزی

اَنْفُسَكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُمْ رَحِيْمًا ﴿۲۹﴾

کیا کرو، بے شک خداتعالےٰ کی تم پر بڑی مہربانی ہے۔

وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ عُدْوَانًا وَّظُلْمًا

اور جو کوئی یہ کام سرکش اور ظالم بن کر کرے گا سو ہم عنقریب

فَسَوْفَ نُصْلِيْهِ نَارًا ۭ وَكَانَ ذٰلِكَ

اس کو آگ میں داخل کریں گے۔ اور یہ بات اللہ تعالےٰ پر

عَلَي اللّٰهِ يَسِيْرًا ﴿۳۰﴾ اِنْ تَجْتَنِبُوْا كَبَاۗىِٕرَ

(بہت) آسان ہے۔ اگر تم ممنوعات میں سے بڑے بڑے

مَا تُنْهَوْنَ عَنْهُ نُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ

گناہوں سے پرہیز کروگے تو ہم تمھارے گناہ (صغائر) دُور کردیں گے،

وَنُدْخِلْكُمْ مُّدْخَلًا كَرِيْمًا ﴿۳۱﴾

اور (علاوہ اسکے) تم کو عزت کے مقام میں داخل کریں گے۔

ترکیب

بینکم ثابت سے متعلق ہوکر حال ہوا اموال سے۔ بالباطل لاتاکلوا سے متعلق ہے الا استثناء منقطع تکون کا اسم ضمیر جو اموال کی طرف پھرتی ہے تجارۃ خبر بعض نے کان تامہ قرار دے کر تجارۃ کو بالرفع بھی پڑھا ہے عن تراض موصوف منکم صفت مجموعہ تجارۃ کی صفت

ف احکام کے بعد معاملات میں جو برے نتائج پیدا ہوجاتے ہیں دغا فریب سے مال اور کسی کی بیوی پر دست تطاول درازکرنا جس کا آخری نتیجہ مارپیٹ اور آخر قتل تک نوبت پہنچتی ہے اس انجام کی خرابی جتاکر ان آیات میں کس تہذیب آمیز الفاظ سے روکا جاتا ہے ۱۲ منہ

ومن یفعل مرفوع بالابتداء فسوف الخبر مدخلاً بالضم مصدر وبالفتح ظرف۔

تفسیر

جب کہ عورتوں کے متعلق نکاح کے احکام بیان کئے گئے اور اور مصارف مہر ادا کرنے کی تاکید فرمائی گئی تو اس کے بعد جو کچھ باہمی کج اخلاقی اور جور وخصم کی بدمزگی سے برے نتائج پیدا ہوتے ہیں ان کی اصلاح فرماتا ہے کہ تم باہم اپنے مال دغا فریب کے طور پر نہ کھاجایا کرو نہ بیوی میاں کے مال میں ایسا کرے نہ میاں بیوی کے مال میں ایسا کرے ہاں باہم رضامندی سے تجارت ہو تو کچھ مضائقہ نہیں اور نہ میاں کسی بات پر ناراض ہوکر یا کسی طمع فاسد سے یا کسی بدگمانی سے بیوی کو قتل کردیا کرے نہ بیوی میاں کا مال لینے کی وجہ سے یا کسی اور شخص سے نکاح کرنے کے لئے میاں کو زہر سے یا کسی اور ترکیب سے قتل کرے اور جو ایسا کرے گا تو اس کی سزا جہنم۔ اور خدا تعالےٰ کو تم سے محبت اور مہربانی ہے اس کی محبوب چیز کو قتل کرنا برا ہے یا یوں کہو کہ نکاح میں مالکانہ صرف تھا اس کے ساتھ اور ناجائز تصرفات کا منع کرنا بھی مناسب ہوا اپنے مالوں کو باطل طور سے نہ کھاؤ۔ اس میں اپنا ذاتی مال بھی آگیا اس میں اسراف اور طرح طرح کی فضول خرچی کرنا جو عموماً شادی بیاہوں میں ہوتی ہیں باطل طور سے کھانا ہے جو انجام کار اپنے آپ کو ہلاک کرنا ہے۔ لاتقتلوا انفسکم اس کی طرف اشارہ کرتا ہے اور اس میں غیر کا مال بھی آگیا کیونکہ برادران دینی یا بنی آدم بمنزلہ نفس واحد کے ہیں ان کا مال باطل طور سے کھانا یہ ہے کہ چوری، قزاقی، غصب، رشوت سے، یا انکار حق کرکے یا کوئی فریب دے کر کسی کا مال کھا جائے اس میں سب ناجائز طریقے مراد ہیں سوایسا نہ کرو ہاں تجارت کا کچھ مضائقہ نہیں خواہ اس میں بائع کو فائدہ مشتری کو نقصان ہو یا بالعکس یا نہ ہو۔ اور جو کوئی ایسا کرتا ہے تو اپنے بھائی کو قتل

Marfat.com

کرتا ہے لا تقتلوا انفسکم بھی عام ہے خودکشی کرنا (جیسا کہ رنج کی حالت میں کوتاہ اندیش کرتے ہیں یا بہ نیت تقرب کسی دریا میں ڈوب مرنا یا آگ میں جل مرنا یا برف میں دب جانا جیسا کہ ہنود کرتے ہیں) اس میں شامل ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو اپنے آپ کو قتل کرے گا اسی چیز سے اس کو حشر تک اس عالم میں عذاب دیا جاوے گا اور اس میں غیر کا قتل کرنا بھی مراد ہے کیونکہ سب بنی آدم بمنزلہ نفس واحد ہیں سو یہ بھی حرام ہے۔ اوّل تو اس فعل سے اس طور سے منع فرماتا ہے کہ اللہ تعالےٰ کی تم پر مہربانی ہے انسان مظہر اسرار رحمانی ہے اور یہ مخلوق اُس کی عیال[1] ہے اس کو اپنے ہر ایک بندہ پر رحمتِ کمال ہے جس طرح کہ ماں باپ کو اپنے بال بچوں پر ہوتی ہے پھر دیکھو ان کا قتل کرنا ناجائز طور سے مال کھا جانا ماں باپ کو کہ جس کا تعلق خالق مخلوقیت کا نہیں کس قدر بُرا معلوم ہوتا ہے۔ اور یہ بھی اشارہ ہے کہ ہم نے تمھاری توبہ بنی اسرائیل کی طرح قتلِ نفس مقرر نہیں کی کیونکہ ہم تم پر مہربان ہیں اس کے بعد اس کی سزا سُنا کر ڈراتا ہے کہ ایسے کے لئے جہنم ہے۔ عدواناً وظلماً سے اس طرف اشارہ ہے کہ قصاص وغیرہ حقوق میں قتل مباح ہے۔ اس گناہ کے بعد توبہ کی رغبت دلاتا ہے کہ اگر تم گناہِ کبائر سے بچتے رہو گے تو ہم تمھارے پہلے گناہ معاف کر دیں گے خواہ صغائر ہوں خواہ کبائر بشرطیکہ حقوق عباد نہ ہوں یا صغائر کو معاف کر دیں گے۔ کبائر شرک کرنا، قتل کرنا، چوری کرنا، زنا کرنا، سحر کرنا، ماں باپ کی نافرمانی کرنا وغیرہ جن کی تشریح احادیث میں موجود ہے۔ کبائر سے بچنے کی یوں قید لگائی کہ کبائر صغائر سب سے بچنا بجز خاصانِ خدا ہر ایک کا کام نہیں۔

وَلَا تَتَمَنَّوْا مَا فَضَّلَ اللّٰهُ بِهٖ بَعْضَكُمْ

اور جس چیز میں کہ خدا تعالےٰ نے تم میں سے ایک کو دوسرے پر

[1] حالانکہ وہ عیال واطفال سب سے پاک ہے لم یلد ولم یولد ۱۲ منہ

عَلٰى بَعْضٍ ؕ لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا

فضیلت دی ہے اس کی ہوس نہ کیا کرو۔ مردوں کو اپنی کمائی کا حصہ

اكْتَسَبُوْا ؕ وَلِلنِّسَآءِ نَصِيْبٌ مِّمَّا

ہے۔ اور عورتوں کو اپنی کمائی کا حصہ

اكْتَسَبْنَ ؕ وَسْـَٔلُوا اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ

ہے۔ اور اللہ تعالےٰ سے اُس کا فضل مانگا کرو۔

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِيْمًا ﴿۳۲﴾

بے شک اللہ تعالےٰ ہر ایک چیز جانتا ہے۔

وَلِكُلٍّ جَعَلْنَا مَوَالِيَ مِمَّا تَرَكَ

اور ہم نے ماں باپ اور اقارب کے ترک میں ہر ایک کے لئے

الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ ؕ وَالَّذِيْنَ

وارث بنا دیئے ہیں۔ اور جن[2] سے

عَقَدَتْ اَيْمَانُكُمْ فَاٰتُوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ ؕ

تم نے عہد باندھ لیا ہے اُن کو (بھی) اُن کا حصہ دے دیا کرو۔

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ شَهِيْدًا ﴿۳۳﴾

بے شک اللہ تعالےٰ کے روبرو ہر چیز حاضر ہے۔

ترکیب

ما بمعنے الذی یا نکرہ موصوفہ اور عائد ہ میں ضمیر ہے بعضکم مفعول ہے فضل کا نصیب مبتدا للرجال خبر مقدم مما کا من نصیب سے متعلق ہے ولکل کا مضاف الیہ محذوف ہے ای لکل احد جعل کا مفعول اوّل موالی جمع مولیٰ ہے اور مفعول ثانی لکل ای جعلنا ولشانا لکل احد مما ترک یا تو مال محذوف کی صفت ہے ای من مال ترکہ الوالدان یا متعلق ہے یرثون محذوف سے والذین عقدت الخ مبتدا

[2] ابتدائے اسلام میں لوگ خویش واقارب چھوڑ کر مدینہ میں آرہے تھے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم انصار ومہاجرین کا آپس میں رشتہ قائم کر دیا تھا یہ تھا اُن کا عہد ان میں سے ایک دوسرے کا وارث ہوتا تھا جب آیتِ میراث اُتری تو یہ حکم جاتا رہا جس کے جو اصل وارث تھے وہی میراث کے مستحق ٹھہرائے گئے مگر ان لوگوں کیلئے بھی عہد کے موافق سلوک کرنے کا حکم اُتارا ۱۲ منہ

فاتو ہم خبر جملہ کا عطف کلام سابق پر ہے۔

تفسیر

پہلی آیت میں قتل کرنے اور ناحق کسی کے مال کھانے سے منع فرمایا تھا اور عجیب لطف کے ساتھ ممانعت کی تھی۔ اس جگہ نفوس کی اصلاح اور اس قتل و ناحق مال خوری کے مادہ کو کہ جو اکثر حسد و رشک سے قطع کرتا ہے کیونکہ بیشتر انسان جب کسی مال کی طرف یا اُس کے رُتبہ و منصب خداداد کی طرف دیکھتا ہے تو اپنے آپ کو کم مایہ جان کر اُس کے دل میں لالچ اور حسد کا شعلہ بھڑکا کرتا ہے جو اُس کو اُس کے قتل کرنے یا مال مارنے پر آمادہ کر کے دنیا اور آخرت کی سعادت سے محروم کر دیا کرتا ہے اس لئے اس مرض کی دوا تعلیم فرماتا ہے کہ تم ہر ایک فضیلت و منصب مختصہ کی دل میں ہوس نہ کیا کرو جو ہر وقت سوختہ و گداز اور غمگینی اور خدا تعالےٰ کی ناشکری کا باعث ہو جاتی ہے اور انجام کار حسد و لالچ پیدا کر کے قتل اور ناحق مال مارنے وغیرہ فسادات میں مبتلا کر دیتی ہے بلکہ رضائے الٰہی اور قسمتِ ازلی پر راضی و شاکر ہو کر اُس سے اُس کی عنایت اور فضل کا سوال کیا کرو وہ دے گا۔ اور یہ جان لو کہ ہر مرد و عورت کو اس کی جو کچھ تقدیر میں ہے وہی ملتا ہے اور ہر ایک کو جو خدا تعالےٰ ویسا مال و نعمت نہیں دیتا تو اس میں مصلحت و حکمت ہے جس کو وہی جانتا ہے بکل شئ علیما۔ واضح ہو کہ جب انسان کسی کو مال و نعمت اولاد و تندرستی میں اپنے سے فائق دیکھتا ہے تو اس کے لئے دو باتیں پیدا ہوتی ہیں یا تو یہ اُس کی نعمت کا زوال چاہتا ہے اس کو حسد کہتے ہیں سو یہ حرام ہے کیونکہ یہ تمام فسادات قطعِ محبت و موقت کی جڑ ہونے کے علاوہ خود اس کے لئے بھی ہر وقت جلنے کا باعث ہوتا ہے یا یہ کہ زوال تو نہیں چاہتا مگر ویسا اپنے لئے بھی چاہتا ہے اس کو غبطہ کہتے ہیں گرچہ یہ حرام نہیں مگر انجام کار ایسی آرزوؤں کا دل میں رکھنا بھی خدا تعالےٰ سے ناراضی اور ناشکری اور دنیا میں ہر وقت قلق و اضطراب کا باعث ہو جاتا ہے کیونکہ وہ کون ہے کہ جس کی تمام آرزوئیں حاصل ہو گئی ہیں؟ بلکہ ؎ بسا آرزو کہ خاک شدہ۔ اس لئے کسی عارف نے نفس کو ان باتوں میں ہر وقت خدا تعالیٰ سے لڑائی اور ناراضی کرتے دیکھ کر یہ کہا ہے ؎ سر مدگلہ اختصار می باید کرد ٭ یک کار ازیں دو کار می باید کرد ٭ یا تن برضائے دوست می باید داد ٭ یا قطع نظر ز یار می باید کرد ٭ احادیث میں بھی ایسے مضامین بکثرت ہیں اس لئے ان سب رنجوں سے نجات پانے کے لئے یہ فرما دیا ولا تتمنوا۔ یا یوں کہو میراث کے بارے میں لوگوں کے خدا تعالےٰ نے کم زیادہ حسبِ مصلحت حصے مقرر کئے تھے اُس پر کم حصے والے کہتے تھے کہ ہم کو کم کیوں دیا بلکہ مجاہد نے روایت کیا ہے کہ اُمّ سلمہ رضؓ نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ مَردوں کو دو چند میراث دلائی کاش ہم پیدا ہی نہ ہوتیں اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ پھر اس کے بعد فرمایا کہ ہر میت کے لئے ہم نے اُس کے وارث موالی مقرر کئے ہیں اس کی مصلحت ہم خوب جانتے ہیں یا یوں کہو کہ عورت و مرد کے حقوق بیان فرما کر مَردوں کو فضیلت دی تھی جس سے عورتوں کے دل میں مساوات کی آرزو پیدا ہونا ممکن تھا اس لئے اس خیال سے روک دیا کیونکہ ایک کو دوسرے پر برتری نہ ہو تو انتظام عالم درہم برہم ہو جائے۔ موالی جمع مولیٰ جس کے معنے آزاد کرنے والے اور آزاد کئے گئے کے ہیں۔ اور ابن عم اور عصبہ کو بھی کہتے ہیں یہاں عصبات مراد ہیں یا عموماً وارث۔ والذین عقدت الخ اسلام میں پہلے جن میں بھائی چارہ ہو جاتا تھا وہی وارث ہوتے تھے پھر جب کہ آیاتِ میراث نازل ہوئیں تو اقارب کے لئے میراث رہ گئی اور بھائی چارہ والے لوگوں کو کہ جن سے عقد ایمان یعنی باہم قسمی ہو گئی کچھ بھی نہیں دیتے تھے اس لئے یہاں یا تو بطورِ صلہ محبت اُن کے لئے دینا فرمایا کہ جو اُن کی تقدیر میں ہے وہ دے دو (نصیبہم کے یہ معنی ہیں) یا درصورت نہ ہونے اقارب کے وہ وارث ہیں ٭

Marfat.com

اَلرِّجَالُ قَوّٰمُوْنَ عَلَى النِّسَآءِ بِمَا

مرد عورتوں پر اس لئے حاکم ہیں کہ خدا تعالےٰ نے بعض کو

فَضَّلَ اللّٰهُ بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ وَّبِمَآ

بعض پر فضیلت دی ہے۔ اور اس لئے بھی

اَنْفَقُوْا مِنْ اَمْوَالِهِمْ ؕ فَالصّٰلِحٰتُ

کہ وہ اپنا مال صرف کرتے ہیں۔ پھر جو نیک بیویاں ہیں

قٰنِتٰتٌ حٰفِظٰتٌ لِّلْغَيْبِ بِمَا حَفِظَ اللّٰهُ ؕ

وہ تو خدا تعالیٰ کی عنایت سے مرد کی تابعدار ہیں (اور) غائبانہ (ہر چیز کی) حفاظت

وَالّٰتِيْ تَخَافُوْنَ نُشُوْزَهُنَّ فَعِظُوْهُنَّ

اور جن عورتوں کی نافرمانی کا ڈر ہو تو (اوّل مرتبہ) اُن کو سمجھا[1] دیا کرو

وَاهْجُرُوْهُنَّ فِي الْمَضَاجِعِ وَاضْرِبُوْهُنَّ ۚ

اور پھر اُن کے ساتھ صحبت داری کرنا ترک کر دو۔ اور (اگر پھر بھی نہ سمجھیں تو)

فَاِنْ اَطَعْنَكُمْ فَلَا تَبْغُوْا عَلَيْهِنَّ

اُن کو مارو، پھر اگر وہ تمھاری اطاعت کرنے لگیں تو تم بھی اُن پر کوئی چھُدّا

سَبِيْلًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيًّا

نہ ڈھونڈو۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ (سب سے) بڑا بالا دست

كَبِيْرًا ﴿۳۴﴾ وَاِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ بَيْنِهِمَا

ہے۔ اور اگر تم کو میاں بیوی کے باہم نااتفاقی کا اندیشہ ہو تو

فَابْعَثُوْا حَكَمًا مِّنْ اَهْلِهٖ وَحَكَمًا مِّنْ

ایک منصف مرد کے کنبہ کا اور ایک منصف بیوی کے کنبہ کا مقرر

اَهْلِهَا ۚ اِنْ يُّرِيْدَآ اِصْلَاحًا يُّوَفِّقِ

کر دو اگر یہ دونوں منصف اصلاح کرنا چاہیں گے تو اللہ تعالیٰ

اللّٰهُ بَيْنَهُمَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا

بھی ان میں موافقت کرا دیگا۔ بے شک اللہ تعالےٰ ہر چیز جانتا

[1] یعنی اوّل نرمی سے سمجھا دینا چاہیئے اس پر نہ مانیں تو بے التفاتی کرو ساتھ سونا چھوڑ دو۔ اگر کوئی ڈیٹھ اس پر بھی نہ مانے تو ہاتھ سے دھول دھپا کر کے سیدھا کر دو، پر خواہ مخواہ الزام لگانے کے لئے راہیں نہ تلاش کرو کیونکہ تم پر بھی کوئی بالا دست ہے، اور اگر اس پر بھی نہ مانیں تو طرفین سے دو شخص ثالث بن کر ملاپ کرا دو اگر ان کی نیت بخیر ہے تو خدا تعالیٰ ان میں ملاپ کر دے گا ۱۲ منہ

خَبِيْرًا ﴿۳۵﴾

بوجھتا ہے۔

ترکیب

الرجال مبتدا قوّامون خبر علے النسآء متعلق ہے قوامون سے بما بھی اسی سے ہے۔ و بما انفقوا کا ما مصدریہ ہے۔ فالصالحات مبتدا قانتات خبر بما حفظ کا ما بمعنی الذی اور نکرہ موصوفہ بھی ہو سکتا ہے دونوں صورتوں میں عائد محذوف ہوگا اور مصدریہ بھی ہو سکتا ہے والتی الخ مبتدا فعظوہن خبر فے المضاجع واہجروہن کا ظرف بھی ہو سکتا ہے اے اترکوا مضاجعہن دون ترک مکالمتہن اور بمعنے سبب بھی ہو سکتا ہے یعنی جدائی بسبب ساتھ نہ سلانے کے کرو۔

تفسیر

پہلے فرمایا تھا کہ ہم نے میراث میں مردوں کو فضیلت دی ہے اس جگہ اُس فضیلت کو بیان فرماتا ہے کہ وہ کس بات میں ہے؟ فرماتا ہے اس بات میں کہ مرد عورتوں کے سرپرست اور کارکن ہیں اور نیز یہ مہر اور نان و نفقہ میں ان پر اپنا مال صرف کرتے ہیں۔ قوّامون جمع قوام ہے یہ مبالغہ ہے قیام فی الامر کے لئے۔ کہتے ہیں ہذا قیم المرأۃ وقوامہا کہ یہ شخص عورت کا سرپرست اور کارگزار ہے یعنی اُس کا کاروبار اور حفاظت کرتا ہے۔

مرد کو عورت پر دو قسم کی فضیلتیں ہیں ایک ذاتی کہ جو مرد کی ذات میں خدا تعالےٰ نے پیدا کی ہے کیونکہ انسان کو تمام کائنات پر فخر ہے تو صرف قوّتِ نظریّہ اور قوّتِ عملیّہ کی وجہ سے ہے چونکہ عورتوں کی سرشت میں مردوں کی نسبت قضاء و قدر نے برودت رکھی ہے اور مردوں میں حرارت جو اس کے ادراکات اور عجائب علوم و فنون حاصل کرنے کا آلہ ہے سو اس میں بھی مرد عورتوں سے بڑھے ہوئے ہیں اور اعمالِ شاقہ اور غیرت و شجاعت وغیرہ سرداری کے اوصاف کا بھی سرچشمہ یہی قوّت و حرارت ہے اس میں بھی

Marfat.com

مَردوں کو فوقیت ہے اس لئے آپ تاریخوں کو کھول کر دیکھ جایئے انبیائے اولوالعزم اور حکمائے باکمال اور شاہانِ باعزّ وشان اور دیگر کاملین کی فہرست میں بجز مَردوں کے آپ کو اور کوئی نظر نہ آئے گا اِلّا شاذ و نادر اور نیز قدرتی طور پر مَرد اور عورت کی بناوٹ مرد کی فوقیت کا ثبوت دے رہی ہے اس فضیلت کی طرف الرجال قوّامون علی النساء بما فضل اللہ بعضھم علیٰ بعض میں اشارہ ہے۔ دوسری فضیلت عرضی ہے وہ یہ کہ عورت چونکہ وسائل معاش میں بھی قاصر ہے اور نیز اس میں ایک شانِ محبوبیت ہے جو اس کو مرد پر ناز اور طلب کی طرف برانگیختہ کیا کرتی ہے اس لئے اس کے تمام مصارف روٹی کپڑا بلکہ مہر وغیرہ سب مرد کے ذمہ ہیں اور وہی وقتاً فوقتاً اس کو اپنی کمائی سے شاد و خرم رکھتا ہے یہ اُس کی دست نگر رہتی ہے یہ اُس کا آقا و ولی النعمۃ ہے اس فضیلت کی طرف وبما انفقوا من اموالھم میں اشارہ ہے۔ ان وجوہ سے مرد کو محکمۂ قضا و قدر سے سرداری کی سند ملی ہے۔ ابن عباسؓ نے اس آیت کی شانِ نزول میں یوں فرمایا ہے کہ محمد بن سلمہ کی بیٹی کو کسی بات پر خفا ہو کر اُس کے میاں سعد بن الربیع انصاریؓ نے ایسا طمانچہ مارا کہ اُس کے مُنہ پر نشان پڑ گیا وہ بیوی آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آکر معاوضہ کی طالب ہوئیں آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس میں وحی کا انتظار کیا تو یہ آیت نازل ہوئی جس میں فضائل مرد کے بعد اس طرف اشارہ ہے کہ مرد سردار ہے ایسی باتوں میں اُس سے برابری نہیں چاہیئے۔ ان صفات سے امام مالکؒ و شافعیؒ وغیرہما نے یہ بات نکالی کہ اگر مرد نان و نفقہ سے عاجز ہو جائے تو نکاح فسخ کر دیا جائے۔ اس کے بعد خدا تعالےٰ عورتوں کو فرمانبرداری اور نیک روی کی ترغیب عجب لطف سے ساتھ دیتا ہے وہ یہ کہ مَردوں کی سرداری اور درجۂ فضیلت بیان کر کے عورتوں کی وہ فضیلت بیان فرماتا ہے جس سے ان کی پارسائی اور فرمانبرداری نکلتی ہے۔ عورت کی دو حالت ہیں ایک مرد کے روبرو ہونے کا وقت دوسرا اس کے غائب ہونے کا زمانہ۔ روبرو کے زمانہ میں عورت کی یہ خوبی ہے کہ وہ فرمانبردار ہو جو مرد کہے وہ کرے جب سونے کے لئے پاس بُلاتے تو فوراً تعمیلِ حکم کرے، نرمی سے بات کرے اور جو میاں سختی سے بولے تو آپ جواب ترش نہ دے، خانہ داری کے معاملات میں اُس کی خوشنودی کو مقدّم رکھے اس وصف کو اس لفظ میں ادا کیا فالصالحات قانتات کہ نیک عورتیں فرمانبردار ہوتی ہیں قنوت کے معنے طاعت کے ہیں اس میں خاوند اور خداوند دونوں کی اطاعت کی طرف اشارہ ہے۔ دوسری حالت جو سفر کی ہے اُس میں عورت کی یہ خوبی ہے کہ اپنی عصمت اور مرد کا مال حفاظت سے رکھے اس کی طرف حافظات للغیب بما حفظ اللہ میں اشارہ کر دیا۔ اس کے بعد ان کے برعکس عورتوں کا ذکر کر کے اُن کی اصلاح کی تدبیر بیان فرماتا ہے واللّٰتی تخافون نشوزھن۔ نشوز کے معنے لغت میں بلندی کے ہیں۔ بولتے ہیں نشز الشیء اذا ارتفع۔ اور چونکہ عورت کی نافرمانی اور سرکشی میں اُس کا سر اُٹھا ہوا پایا جاتا ہے اس لئے اس کو نشوز کہتے ہیں۔ پس جو عورت بلا کسی حجتِ شرعیہ کے مرد کی نافرمانی کرے، ساتھ سونا چھوڑ دے یا سخت کلامی کرے یا ستر و پردہ اور غیر محارم کے روبرو ہونے میں کہا نہ مانے یا والدین کے گھر رہنا پسند کر کے خاوند کے ہاں نہ آوے، اُس عورت کو ناشزہ کہتے ہیں۔ اُس کو نان و نفقہ دینا خاوند پر واجب نہیں رہتا۔ جب میاں بیوی میں ایسی حالت ہو جائے تو اوّل مرتبہ یہ ہے کہ اُس کو خاوند نرمی سے نصیحت کرے فعظوھن کہ تم کو ایسا کرنا مناسب نہیں اس میں تمہارے لئے دنیا اور آخرت کی شرمندگی ہے۔ اگر اس پر بھی نہ مانے تو واہجروھن فی المضاجع اس کو ساتھ نہ سُلائے کیونکہ اگر اُس کو میاں سے محبّت ہے تو یہ امر اس پر شاق گزرے گا پھر ضرور اطاعت کرے گی اور جو اس کی بھی پرواہ نہ کرے تو ایسی بیہودہ کو واضربوھن کسی قدر دھول دھپے سے درست کر دے۔ امام شافعیؒ فرماتے ہیں گو یہ بات مباح ہے مگر نہ مارنا اَولیٰ ہے۔

Marfat.com

مگر ایسا مارنا کہ جس میں اُس کی ہڈی پسلی ٹوٹ جائے یا زخم پڑ جائے یا اُس کے چہرہ یا کسی عضو میں نقص پیدا ہو اتفاقاً ممنوع ہے۔ پھر اگر وہ سیدھی ہو جائے تو مرد کو بھی نہ چاہیئے کہ خواہ مخواہ کی نکتہ چینیاں کر کے اس کو دق کرے بلکہ اس میں خدا تعالےٰ سے ڈرے جو بالادست ہے اس میں بھی کوئی شبہ نہیں کہ شریعت نے عورت کی عزّت و حُرمت بہت کچھ قائم کی ہے۔ چنانچہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو اپنے اہل وعیال سے اچھا نہیں اور ان پر نرم نہیں وہ ہرگز اچھا نہیں۔ اور کہیں فرمایا کہ عورتوں سے بہ نرمی پیش آؤ ان کی جبلّت میں کجی ہے اُس پر صبر اور برداشت کرو۔ اور یہ بھی فرمایا کہ وہ عجب شخص ہے کہ صبح کو تو بیوی کو مارتا پیٹتا ہے پھر رات کو ساتھ لے کر سوتا ہے، یعنی مارنا بندی چاہیئے اور یہ ظاہر ہے کہ بیوی میاں کی وزیر ہے اس کی رضا اور اس سے بخوشی و خُرمی پیش آنا خوش گزرانی کا باعث ہے ورنہ زندگی تلخ ہو جائے گی مگر باوجود اس کے عورت پر جیسا کہ آٹے پر نمک، تہدید بھی رکھی ہے۔ اگر تہدید نہ ہو تو معاذ اللہ بڑی خرابیاں پیش آتی ہیں (جیسا کہ اس زمانہ میں سکولوں میں پڑھ کر عورتیں بالکل آزاد ہوتی چلی جاتی ہیں بیحیائی اور فحش اور زناکاری کا نام تہذیب کھا جاتا ہے۔ ادھر خاوند بھی دیّوث بن کر اُس کی آزادانہ آمد و رفت برداشت کرنے کا اور اس کے دوستوں سے ملنے کا نئی تہذیب کی بدولت عادی ہو جاتا ہے) اس کے بعد بھی اگر عورت نہ سمجھے تو ایک شخص عورت کے کنبہ کا اور ایک مرد کے کُنبہ کا جو دونوں سے حالات سے بخوبی واقف ہوں باہم فیصلہ کرا دیں مگر نیک نیتی اور اصلاح مدنظر رکھیں تاکہ خدا تعالےٰ ان میں توفیق دے کہ پھر ملاپ ہو کر خانہ آبادی ہو جائے اور جو کُنبہ کے پنچ نہ ملیں تو اور نیک لوگ قائم کر لئے جاویں۔ امام شافعیؒ اور مالکؒ اور اسحٰقؒ اور اوزاعیؒ بلکہ حضرت عثمانؓ و علیؓ و ابن عباسؓ کا یہ قول ہے کہ اگر پنچوں کو بغیر طلاق کے اور کوئی چارہ نہ ہو اور باہم کسی طرح ملاپ ہوتا نظر نہ آئے تو ان کو اختیار ہے کہ طلاق دیدیں۔ اور عطاءؒ اور حسنؒ اور زیدؒ اور امام ابو حنیفہؒ وغیرہم علماء یہ فرماتے ہیں کہ طلاق کا اختیار پنچوں کو نہیں۔ یہ بات میاں کے اور حاکم شہر کے ہاتھ میں ہے ان کی اجازت ہو تو مضائقہ نہیں حکماً من اہلہ۔ ایک لطیف اشارہ اس طرف بھی ہے کہ حاکم و قاضی جو فیصلہ کرے تو فریقین کے حال سے بخوبی واقف بلکہ اُسی قوم کا ہو تاکہ کوئی بات اس پر مخفی نہ رہے، ولے برحالِ شاں کہ جن کے مجسٹریٹ محض اجنبی ہوں، اور طلاق وغیرہ امورِ شرعیہ کا فیصلہ کرے ؎

وَاعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوا بِهٖ شَيْـًٔا
اور اللہ تعالیٰ کی عبادت کیا کرو اور اس کے ساتھ کسی کو (بھی) شریک نہ کیا کرو
وَّبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وَّبِذِي الْقُرْبٰى
اور ماں باپ اور قرابت داروں اور یتیموں اور
وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْجَارِ ذِي
مسکینوں کے ساتھ نیکی کیا کرو اور قرابت دار ہمسایہ
الْقُرْبٰى وَالْجَارِ الْجُنُبِ وَالصَّاحِبِ
اور اجنبی ہمسایہ کے ساتھ اور پاس بیٹھنے والے
بِالْجَنْۢبِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۙ وَمَا مَلَكَتْ
دوستوں کے ساتھ بھی اور مسافر اور غلاموں کے ساتھ بھی (نیکی)
اَيْمَانُكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ
کیا کرو)۔ بیشک اللہ تعالےٰ کو اترانے والے شیخی بگھارنے والے
مُخْتَالًا فَخُوْرَا ۝۳۶ ۙ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ
پسند نہیں آتے، یہ وہ ہیں جو خود بھی بخل کرتے
وَيَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ وَيَكْتُمُوْنَ
اور لوگوں کو بھی بخل کرنا سکھاتے ہیں، اور جو کچھ ان کو
مَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۭ وَاَعْتَدْنَا
اللہ تعالےٰ نے اپنے فضل سے دیا ہو اُس کو چھپاتے ہیں۔ اور ہم نے

Marfat.com

لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿۳۷﴾ وَالَّذِيْنَ

منکروں کے لئے ذلت کا عذاب تیار کر رکھا ہے۔ اور یہ وہ ہیں کہ

يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ رِئَآءَ النَّاسِ وَ

جو اپنا مال لوگوں کے دکھانے کو خرچ کرتے ہیں اور

لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ

نہ اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتے ہیں اور نہ قیامت کے دن پر۔

وَمَنْ يَّكُنِ الشَّيْطٰنُ لَهٗ قَرِيْنًا فَسَآءَ

اور جس کا شیطان ساتھی ہو تو برا ہی

قَرِيْنًا ﴿۳۸﴾

ساتھی ہے۔

ترکیب

احساناً کے نصب میں چند وجہ ہیں سورۂ بقرہ میں بیان ہو چکیں الجنب بضمتین اور فتح جیم اور سکون نون دونوں طرح سے پڑھا جا سکتا ہے جس کے معنے اجنبی کے ہیں یہ وصف ہے الجار کا بالجنب کی ب بمعنی فی ہے یہ حال ہے الذین یبخلون مبتدا خبر مبغضون وغیرہ محذوف والذین ینفقون اس پر معطوف ہے۔

تفسیر

جب کہ خدا تعالیٰ مردوں کی فضیلت بیان فرما چکا اور باہم میاں بیوی کے معاملات کا فیصلہ خاوند کی فضیلت ملحوظ رکھ کر فرما دیا تو اس کے بعد تمام بنی آدم کو یہ بات بتلاتا ہے کہ یہ فضیلت دنیاوی ہے اور فضیلتِ اُخروی اور چیز ہے اس میں نوکر آقا سے بڑھ جاتا ہے اور فقیر بے کس بادشاہ سے اور بیوی خاوند سے اس لئے اس جگہ اُخروی فضیلت بیان کی جاتی ہے جو اصل مقصود ہے اور جو ہمیشہ باقی رہے گی۔ انسان کی اصلی فضیلت کا دو چیز کی تکمیل پر دارو مدار ہے۔ ایک قوتِ نظریہ۔ دوسری قوتِ عملیہ اور انھیں کی تکمیل کا نام سعادت ہے۔ قوتِ نظریہ کی تکمیل یہ ہے کہ خدا تعالیٰ کو وحدہٗ لاشریک جان کر خالصاً اس کی عبادت میں مصروف ہو جاوے جس سے روح پر آئینہ کی طرح آفتابِ غیبی کے انوار پڑ کر یہ بھی بعد مردن قدوسین کی جماعت میں مل جاوے سو اُسی کی طرف واعبدوا اللہ الخ میں اشارہ ہے۔ یہاں دو قوموں کے لئے دو حکم دیئے گئے ان میں سے یہ پہلا حکم ہے۔ قوتِ عملیہ کی تکمیل دو طرح سے ہے ایک یہ کہ اہلِ حقوق کے ساتھ نیکی اور احسان سے پیش آئے سو اس کی بابت دوسرا حکم ماں باپ کے ساتھ احسان اور نیکی کرنے کا دیا گیا وبالوالدین الخ۔ تیسرا حکم عموماً اور اہل قرابت کے ساتھ سلوک کرنا علیٰ قدر مراتبہم۔ چوتھا حکم یتیموں کے ساتھ نیکی کرنا۔ پانچواں حکم عموماً ہر فقیر تنگ دست کے ساتھ نیکی کرنا۔ چھٹا حکم ہمسایہ قریب کے ساتھ۔ ساتواں حکم ہمسایۂ بعید کے ساتھ۔ قریب سے مراد یا تو اہل قرابت یا متصل رہنے والا۔ اسی طرح بعید سے مراد اجنبی شخص یا فاصلہ سے رہنے والا۔ آٹھواں حکم دوست ہم پہلو کے ساتھ نیکی کرنا۔ بالجنب کے معنے ہم پہلو کے ہیں جو کہ مکتب یا کسی اور کار کے شریک یار ہوتے ہیں۔ یا جو سفر و حضر میں ہر وقت مصاحب رہتے ہیں۔ بعض کہتے ہیں کہ اس سے مراد بیوی ہے کہ جو پہلو میں رہتی ہے۔ نواں حکم مسافر کے ساتھ سلوک کرنا۔ دسواں حکم غلاموں کے ساتھ سلوک کرنا جو ملک اور قبضہ میں ہیں اور ما ملکت سے ہر جانور بھی مراد ہے اُس کے ساتھ بھی نیکی اور رحمدلی کرنی چاہیئے۔ دوسری طرح یہ ہے کہ کسی کو ضرر نہ دے اور بیشتر بنیاد ضرر تکبر اور غرور پر ہے اُس کی طرف ان اللہ لا یحب من کان مختالاً فخوراً میں اشارہ فرمایا اور زیادہ تر ضرر ہے کہ باوجود نعمت و قدرت کے اہل حقوق کو کچھ نہ دیا جاوے بلکہ اوروں کو بخل سکھایا جاوے اور دینے کے ڈر کے مارے مفلسی ظاہر کی جاوے۔ اس کی طرف الذین یبخلون الخ میں اشارہ ہے کہ دیا تو جاوے مگر بے محل و بے موقع دیا جاوے، نہ اُس سے نیت بخیر مقصود ہو نہ صلہ رحمی

لہ حاکم و محکوم و عورت ۱۲

Marfat.com

بلکہ دکھلاوا۔ اس کی طرف والذین ینفقون الخ میں اشارہ ہے یہاں تک قوتِ عملیہ کی تکمیل میں خلل انداز باتیں بیان فرمائیں پھر قوتِ نظریہ میں خلل انداز باتیں ولا یؤمنون باللہ الخ میں ذکر فرماتا ہے کیونکہ تعرف الاشیاء باضدادہا۔ ف فخور (متکبر) کے دو جملوں میں یہ اوصافِ رذیلہ بیان فرمائے اوّل الذین یبخلون الخ میں بخل کرنا اور لوگوں کو تعلیم دینا اور اسی لئے اپنا مال چھپانا ایک ایسی ردی اور ذلیل حالت ہے جو اس کے فخر اور تکبر کو خاک میں ملا دیتی ہے دوم والذین ینفقون اموالہم الخ شیخی میں ریاکاری کے لئے مال دینا اور خلوص ندارد نہ اللہ تعالےٰ پر ایمان نہ آخرت پر۔ اس احمق کا شیطان رفیق ہے پھر جس کا وہ رفیق و یار بنے تو پھر اُس سے جس قدر بُرائیاں سرزد ہوں کم ہیں ؂

وَمَاذَا عَلَيْهِمْ لَوْ آمَنُوا بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ

اور ان کا کیا (نقصان) ہو جاتا اگر وہ اللہ تعالےٰ پر اور قیامت کے دن پر

الْآخِرِ وَأَنْفَقُوا مِمَّا رَزَقَهُمُ اللَّهُ ۚ وَ

ایمان لے آتے اور خدا تعالیٰ کے دیئے میں سے کچھ دے دیتے۔ اور

كَانَ اللَّهُ بِهِمْ عَلِيمًا ﴿٣٩﴾ إِنَّ اللَّهَ

اللہ تعالیٰ ان سے خوب واقف ہے۔ اللہ تعالےٰ تو کسی پر

لَا يَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ ۖ وَإِنْ تَكُ

ذرہ کے برابر (بھی) ظلم نہیں کرتا۔ اور اگر نیکی ہوتی ہے (تو)

حَسَنَةً يُضَاعِفْهَا وَيُؤْتِ مِنْ لَدُنْهُ

اُس کو دوچند کر دیتا ہے اور اپنے پاس سے (بھی) بڑا بدلہ

أَجْرًا عَظِيمًا ﴿٤٠﴾ فَكَيْفَ إِذَا جِئْنَا

دیتا ہے۔ پھر کیا حال ہوتا ہے جب کہ ہم ہر ایک

مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ بِشَهِيدٍ وَجِئْنَا بِكَ عَلَىٰ

قوم سے ایک گواہی دینے والا لائیں گے اور آپؐ کو بھی (اے نبیؐ) ان لوگوں

هَٰؤُلَاءِ شَهِيدًا ﴿٤١﴾ يَوْمَئِذٍ يَوَدُّ

پر گواہ بنا کر لائیں گے۔ اس دن تو منکر اور

الَّذِينَ كَفَرُوا وَعَصَوُا الرَّسُولَ

جنھوں نے رسولؐ کی نافرمانی کی ہے (بھی) آرزو کریں گے

لَوْ تُسَوَّىٰ بِهِمُ الْأَرْضُ ۚ وَلَا يَكْتُمُونَ

کہ کاش زمین کا پیوند ہو جاویں، اور اللہ تعالےٰ سے کوئی بات

اللَّهَ حَدِيثًا ﴿٤٢﴾

بھی چھپا نہ سکیں گے ؂

ترکیب

ماذا مبتدا علیہم خبر اور صرف ما مبتدا اور ذا موصول علیہم صلہ مجموعہ بھی خبر ہو سکتی ہے لو آمنوا الخ شرط۔ لم یضرہم خبر محذوف اس سے ترغیب مقصود ہے لو مصدریہ بھی ہو سکتا ہے مثقال صفت ہے مصدر محذوف کی اے لا یظلم ظلماً قدر مثقال ذرۃ ای وزن ذرۃ مصدر اور اُس کی صفت کو حذف کر کے مضاف الیہ کو اس کی جگہ قائم کر دیا وان تک اصل میں تکن تھا نون صرف کثرتِ استعمال کی وجہ سے حذف کر دیا گیا ہے کیونکہ نون غنہ سکون کی وجہ سے مشابہ و ہے اگر حرکت دی جائے گی تو نون حذف نہ ہوگا جیسا کہ لم یکن الذین وغیرہ میں۔ یومئذ ظرف یود الذین کفروا وعصوا الرسول اس کا فاعل لو تسوّی بہم الخ اس کا مفعول لو بمعنے ان۔ تسوّی فعل مجہول الارض مفعول مالم یسمّ فاعلہ ؂

تفسیر

پہلے ذکر تھا کہ نہ تو ان لوگوں کا اللہ تعالےٰ پر ایمان ہے نہ قیامت کے دن پر جو انسان کو عملِ خیر کی طرف اور امیدِ ثواب رکھ کر اللہ تعالےٰ کی راہ میں صرف کرنے کی طرف اور ہر طرح کی نیکی کی طرف برانگیختہ کرتا ہے، سو یہ بڑی بدنصیبی اور حرمان کا باعث ہے۔ اس لئے یہاں بطورِ ترغیب فرماتا ہے کہ اگر وہ اللہ تعالیٰ اور قیامت کے دن پر ایمان لاتے اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں

Marfat.com

صرف بھی کرتے تو ان کا کیا بگڑ جاتا؟ یعنی یہ بات خلافِ عقل سلیم نہیں نہ اس میں کسی قسم کی مضرت ہے۔ اس پر مجھ کو ایک حکایت یاد آئی۔ کسی ملحد نے کسی مؤمن سے کہا تمہارا اللہ تعالےٰ اور قیامت پر ایمان لانا اور خیر و خیرات کرنا فضول ہے کیونکہ نہ کوئی اللہ ہے نہ قیامت، پھر لئے دیئے کا ثواب کہاں؟ ناحق مال کو فرضی ڈھکوسلوں پر صرف کرنا اور نماز روزہ ہر ایک قسم کی عبادت کی تکلیف اٹھانا شراب کباب، رنڈی لونڈے مزے کی باتوں سے رُکنا عبث ہے اور ضرر صریح۔ مؤمن نے جواب دیا کہ اگر تیرا ہی کہنا سچ ہوا تو بھی ہمارا کچھ نقصان نہیں عبادت میں بھی کچھ نہ کچھ فائدہ جسمانی ہے اور نہ ہو نہ سہی کسی قدر تکلیف اور لذائذ فانیہ سے جو ناجائز ہیں محروم رہنے میں کچھ قباحت نہیں۔ دنیا اور انسان کی عمر بادِ صبا کی طرح آناً فاناً گزر جاتی ہے، تمام لذتیں اور سب عیش عالمِ خواب کے مزوں سے زیادہ وقعت نہیں رکھتے چند روز کے بعد ہم تم دونوں برابر ہیں۔ اور اگر تیرا کہنا غلط نکلا اور مرنے کے بعد اُس عالم ثواب و عذاب کا بازار بھی گرم ہوا اور اللہ تعالےٰ اور قیامت برحق نکلے تو فرمایئے وہاں تیرا کیا حال ہوگا، اب محلِّ خطر میں تو ہے یا ہم؟ یہ سُنکر ملحد کو ہوش آگیا اور ایمان لے آیا۔ اس کے بعد فرماتا ہے اللہ تعالےٰ خبردار رہے تمہاری کوئی حالت مخفی نہیں اور نیز وہ کسی پر ذرہ بھر بھی ظلم نہیں کرتا اور جو کوئی نیکی کرتا ہے تو اُس کو اپنے فضل سے عالمِ آخرت میں دوگنا کرکے دیتا ہے اور اس کے علاوہ اپنی طرف سے بھی اجرِ عظیم دیتا ہے پھر نیکی نہ کرنا اور آخرت کے ساز و سامان سے غافل رہنا سخت غفلت اور صریح بدبختی ہے یعنی عقبیٰ سے اُس عالم کی سعادتِ جسمانیہ کی طرف اور یوتِ من لدنہ سے سعادتِ روحانیہ کی طرف اشارہ ہے اس کے بعد ایک اور حسرت ناک واقعہ جو پیش آنے والا ہے یاد دلاتا ہے کہ جس روز ہم ہر ایک گروہ کے ہادی کی اُن پر اُن کی نافرمانی ثابت کرنے کے لئے گواہ بنا کر لائیں گے اور تم کو اے نبیؐ! ان مخالفوں پر گواہ بنائیں گے (اور اسی طرح عقل بھی جو اُس کو بُری باتوں سے مانع تھی گواہی دے گی) تو ان کا کیا حال ہوگا اُس دن تو اللہ تعالےٰ اور رسولؐ کے نافرمان یہی آرزو کریں گے کہ کاش ہم زمین میں سما جاویں۔ بخاریؒ نے روایت کی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اُبیؓ بن کعبؓ سے فرمایا کہ خدا تعالےٰ نے مجھے حکم کیا ہے کہ تجھ سے کچھ قرآن سُنوں، اُبیؓ نے کہا کیا خدا تعالےٰ نے میرا نام لیا ہے؟ فرمایا ہاں، اُس سے اُبیؓ کو ایک وجد ہو گیا پھر یہی آیتیں پڑھنی شروع کیں جب یہاں تک نوبت پہنچی تو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم زار زار قوم کی حالت پر رونے لگے اور فرمایا اے اُبیؓ بس کر۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ

اے ایمان والو! نشہ کی حالت میں نماز کے پاس نہ جاؤ (لینے نہ پڑھو)

وَاَنْتُمْ سُكٰرٰى حَتّٰى تَعْلَمُوْا مَا تَقُوْلُوْنَ

جب تک کہ تم اپنی بات نہ سمجھنے لگو[1]

وَلَا جُنُبًا اِلَّا عَابِرِيْ سَبِيْلٍ حَتّٰى

اور ناپاکی کی حالت میں جب تک کہ غسل نہ کر لو مگر سفر میں (پانی نہ ملے تو

تَغْتَسِلُوْا ۭ وَاِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰٓى اَوْ عَلٰي

تیمم کرکے پڑھنا کچھ مضائقہ نہیں)۔ اور اگر تم بیمار ہو یا

سَفَرٍ اَوْ جَاۗءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَاۗىِٕطِ

میں ہو یا تم میں سے کوئی پاخانہ ہو کر آئے

اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَاۗءَ فَلَمْ تَجِدُوْا مَاۗءً

یا عورتوں سے صحبت کی ہو پھر تم کو پانی نہ ملے[2] تو

فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوْا

تم پاک مٹی لے کر اس سے اپنے منہ اور ہاتھوں

بِوُجُوْهِكُمْ وَاَيْدِيْكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

کو مسح کر لو۔ بے شک اللہ تعالےٰ

كَانَ عَفُوًّا غَفُوْرًا (۴۳)

درگزر کرنے والا (اور) معاف کرنے والا ہے۔

[1] یہ شراب کی حرمت سے پہلے کا مسئلہ ہے اور شراب کی حرمت کی یہیں سے اشارہ ہے کہ یہ نماز سے روکنی ہو ۱۲ منہ [2] سفر میں نہانے کی حاجت ہو اور پانی نہ ملے تو بغیر غسل کے تیمم کے ساتھ نماز درست ہے ۱۲ منہ

Marfat.com

ترکیب

وانتم سکٰرٰی جملہ حال ہے فاعل لاتقربوا سے سکاریٰ جمع سکران حتّٰی تعلموا بمعنے الیٰ ان ولاجنباً حال ہے والتقدیر ولاتصلوا جنبا، جنب میں جماعت اور ایک دونوں شامل ہیں علی اللغۃ الفصحی الاعابری ن بسبب اضافت کے گر پڑا یہ بھی حال ہے ای لاتقربوا فی حال الجنابۃ الا فی حال السفر۔ حتّٰی تغتسلوا غایۃ ہے ولاتصلوا جنبا کی وان کنتم شرط مرضٰی جمع مریض من الفائط مفعول ہے جاء کا۔ فائط بروزن فاعل ہے غاط یغوط اذا اطمان سے فلم تجدوا معطوف ہے ماقبل پر داخل ہے شرط میں فتیمموا فعل انتم فاعل صعیداً مفعول طیباً اس کی صفت جملہ جواب شرط فامسحوا جملہ تفسیر ہے تیمموا کی۔

تفسیر

پہلے تھا کہ اگر وہ ایمان لاتے اور خیر کرتے تو ان کا کیا نقصان تھا یعنی وہ جو ایسا نہیں کرتے تو عقل سلیم کے بھی برخلاف کر رہے ہیں گویا کہ وہ دنیا کے نشہ میں مست و مدہوش ہیں۔ جس طرح کہ مست شراب پی کر خلاف عقل باتیں کرتا ہے ایسا ہی یہ بھی کر رہے ہیں۔ اس مناسبت سے خدا تعالیٰ نے مسلمانوں کو جس طرح اس نشہ سے منع کیا اسی طرح ظاہری نشہ شراب وغیرہ سے بھی اس جگہ عجب نرمی کے ساتھ منع فرمایا کہ تم نشہ کی حالت میں نماز نہ پڑھا کرو جب تک کہ تم کو ہوش نہ ہو اور اپنی بات کو سمجھنے نہ لگو۔ گرچہ بظاہر نشہ کی حالت میں نماز پڑھنے کی ممانعت ہے مگر رمزاً نشہ کی بھی برائی ہے کہ یہ ناپاک چیز اس قابل نہیں کہ اس کو پی کر دربار الٰہی میں حاضر ہو۔ پھر سورۂ مائدہ میں تو بالکل تصریح کر کے نشہ کی ممانعت کر دی اور اس کو ناپاک کہدیا اور یہ اس لئے کہ لوگ اس کے عادی تھے ایسی چیز کو بتدریج منع کرنا عین حکمت ہے۔ اور اس آیت کا شان نزول یوں ہے، عبد بن حمید و ابوداؤد و ترمذی و نسائی و ابن جریر و ابن المنذر و ابن ابی حاتم و حاکم نے روایت کی ہے کہ عبدالرحمٰن رضؓ نے لوگوں کی دعوت کی تھی اور اس وقت تک شراب حرام نہ ہوئی تھی۔ لوگوں نے کھایا شراب پی اس میں نماز کا وقت آگیا حضرت علی رضؓ کو پیش امام کیا تو انھوں نے نشہ میں قل یا ایہا الکافرون اعبد ما تعبدون و انتم عابدون ما اعبد پڑھ دیا تب یہ آیت نازل ہوئی۔ بعض روایات میں ہے کہ عبدالرحمٰن ابن عوف رضؓ نے نماز پڑھائی تھی بعض میں ہے کہ نماز مغرب کا وقت تھا۔

(۱) لاتقربوا الصلوٰۃ، جمہور مفسرین رح اور امام ابوحنیفہ رح کے نزدیک الصلوٰۃ سے نماز مراد ہے۔ اور ابن عباس رضؓ اور امام شافعی رح کہتے ہیں کہ نماز کی جگہ یعنی مسجد کے اندر جانے کی بھی حالت نشہ میں ممانعت ہے۔

(۲) سکاریٰ جمع سکران جو صفت فعلان کے وزن پر آتی ہے اس کی جمع فعالیٰ آتی ہے۔ سکر کے معنے لغت میں بند کرنے کے ہیں اور نشہ بھی عقل کو بند کر دیتا ہے اس لئے اس کو سکر کہتے ہیں۔ جمہور صحابہ رضؓ و تابعین رح کے نزدیک شراب کا نشہ مراد ہے۔ ضحاک رح کہتے ہیں نیند کا نشہ مراد ہے کہ نیند کے وقت نماز نہ پڑھو یہ قول ضعیف ہے۔

(۳) ولاجنباً الاعابری سبیل، کہ نماز ناپاکی کی حالت میں بھی نہ پڑھو کہ جس کو جنابت کہتے ہیں جب تک کہ غسل نہ کر لو مگر سفر میں تیمم کر کے پڑھنا کچھ مضائقہ نہیں اور حضر میں بھی پانی نہ ملے تو تیمم درست ہے مگر سفر کی قید اس لئے ہے کہ سفر میں بیشتر پانی نہیں ملتا۔ اور جو لوگ الصلوٰۃ سے مسجد مراد لیتے ہیں ان کے نزدیک یہ معنی ہیں کہ نشہ کی حالت میں مسجد میں نہ جاؤ، نہ جنابت کی حالت میں، مگر بطریق گزر جانے کے کچھ مضائقہ نہیں یعنی ٹھہرو نہیں نہ وہاں جا کر کچھ عبادت کرو وہاں کسی طرف جاتے ہو اور وہاں سے رستہ ہو تو نکل جانے کا مضائقہ نہیں۔ عابری سبیل کے ان کے نزدیک یہ معنی ہیں۔ چونکہ اس آیت میں تیمم کی طرف اشارہ تھا اس لئے اس کے بعد تیمم کے مواقع اور اس کا حکم بھی بیان فرماتا ہے۔

فصل جنابت زمن ہے

شان نزول

Marfat.com

(۴) وان کنتم مرضٰی الخ چار شخصوں کے لئے تیمم کا حکم دیا گیا ہے ایک بیمار کے لئے عام ہے کہ پانی کے استعمال سے ہلاک ہونے کا خوف ہو یا صرف زیادتی مرض کا۔ پھر عام ہے کہ اُس کو ضرر کا یقین ہو یا ظن غالب اور یہ تیمم بھی عام ہے خواہ غسل کے لئے ہو خواہ وضوء کے لئے۔ دوسرے مسافر بعض نے سفر کو عام رکھا ہے خواہ وہ سفر ہو کہ جس میں نماز قصر پڑھی جاتی ہے یا نہ ہو بعض کہتے ہیں وہی سفر مراد ہے اس میں بھی اگر پانی نہ ملے تو تیمم جائز ہے عام ہے کہ غسل کے لئے ہو یا وضوء کے لئے۔ تیسرے پائخانہ پھرنے والے کے لئے مگر اس جگہ عام حدث مراد ہے خواہ پیشاب خواہ پائخانہ خواہ نیند یا ہوا کا نکلنا سب سے وضو ٹوٹ جاتا ہے اگر پانی نہ ملے تو تیمم کرے۔ چوتھے جماع کرنے والے کے لئے لامستم النساء، امام ابو حنیفہؒ وغیرہ کے نزدیک اس سے مراد جماع ہے کس لئے کہ صرف عورت کو چھونے سے بغیر دخول کے یا مذی برآمد ہونے کے وضو نہیں ٹوٹتا جس سے پھر پانی نہ ملنے کی وجہ سے تیمم کرنا پڑے کیونکہ احمدؒ وابن ابی شیبہؒ وابوداؤدؒ ونسائی وابن ماجہؒ نے روایت کی ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم بعض اوقات وضوء کرنے کے بعد بھی عائشہ رضؓ کا بوسہ لے لیتے تھے مگر دوبارہ وضوء نہ کرتے تھے بلکہ اسی وضوء سے نماز پڑھ لیتے تھے۔ امام شافعیؒ کے نزدیک اس سے مراد بدن سے بدن کا مل جانا ہے اس سے وضو کرنا پڑے گا ورنہ تیمم۔ رہا جماع سو اس کے لئے غسل ہے اور جو پانی نہ ملے یا کچھ عذر ہو تو تیمم کرے جیسا کہ احادیث عمار وعمران ابن حصین وابو ذر رضؓ سے ثابت ہے اور عمر بن الخطاب رضؓ اور عبداللہ ابن مسعود رضؓ ابتداء میں فرماتے تھے کہ جُنبی کے لئے تیمم نہیں صرف وضوء کی جگہ تیمم ہے نہ کہ غسل کی جگہ۔ پھر اگر جُنبی کو پانی نہ ملے تو نماز نہ پڑھے۔ مگر بعد میں اُنھوں نے رجوع کیا کیونکہ جمہور صحابہ رضؓ اس کے برخلاف تھے۔ فلم تجدوا ماءً کی قید چاروں قسموں کی طرف رجوع کرتی ہے۔ بظاہر یہ سمجھا جاتا ہے کہ اگر بیمار و مسافر و پائخانہ پھرنے والے بھی اور جماع کرنے والے کو پانی مل جائے تو اس کو بموجب اس قید کے تیمم نہ چاہیے حالانکہ اُن کے لئے گو پانی ملے مگر کسی مرض کی وجہ سے وضوء وغسل نہ ہو سکے تو تیمم کا حکم ہے اور اسی طرح مسافر کی کیا قید ہے اگر انسان گھر بیٹھا ہوا ور تندرست ہو اور پانی نہ ملے تو تیمم کر سکتا ہے اس کا جواب یہ ہے کہ قیود باعتبار اس امر کے ہیں کہ یہ وہ مواقع ہیں کہ جہاں غالباً تیمم ہوتا ہے اور پانی نہیں ملتا۔ تشریح مقام یہ ہے کہ تیمم کی ضرورت یا حدث اصغر میں پڑتی ہے جیسا کہ پائخانہ پیشاب وغیرہ یا حدث اکبر میں جیسا کہ بیوی سے صحبت کرنا سو ان دونوں کو اوجاء احدٌ منکم من الغائط (حدث اصغر) اولامستم النساء (حدث اکبر) میں بیان کیا اور یہ ضرورت وضوء اور غسل کرنے پر قادر نہ ہونے سے ہوتی ہے اور یہ قادر نہ ہونا بیشتر مرض یا سفر کی وجہ سے ہوتا ہے اس لئے اُس کے مواقع کو سب سے پہلے ان کنتم مرضٰی او علی سفر میں بیان فرما دیا اس لئے سفر میں اگر پانی ملے تو تیمم نہ کرے اور اُس پر علماء نے ان مواقع کو قیاس کیا ہے کہ جہاں گرانی قیمت آب یا ڈول رسّی نہ ہونے کی وجہ سے وضوء اور غسل پر قادر نہ ہو اس کے بعد تیمم کی ترکیب بیان فرماتا ہے، فتیمموا صعیدا طیبا فامسحوا بوجوھکم وایدیکم، یہاں اس بات کی کچھ تشریح نہیں کہ ڈھ ضرب مارے یا ایک۔ امام ابو حنیفہؒ وغیرہ ائمہؒ کبار فرماتے ہیں کہ اوک دفعہ مٹی پر ہاتھ مار کر مُنہ پر پھیرے دوسری دفعہ ہاتھ مار کر کہنیوں تک پھیرائے جیسا کہ احادیث اور فعل صحابہ رضؓ وتابعینؒ سے ثابت ہے۔ بعض ائمہؒ کہتے ہیں کہ ایک ضرب کافی ہے یعنی ایک بار زمین پر ہاتھ مار کر مُنہ اور ہاتھ پر پھرانا جیسا کہ حدیث عمار رضؓ سے سمجھا جاتا ہے جس کو بخاری و مسلم نے روایت کیا ہے صعیدًا کے معنے زمین کے ہیں خواہ ریتا ہو یا چکنا پتھر ہو یا غبار ہو سب پر تیمم جائز ہے اور طیبًا سے مراد یہ ہے کہ نجس نہ ہو اور یہی مذہب امام مالکؒ اور ابو حنیفہؒ اور سفیان ثوریؒ کا ہے اور امام شافعیؒ اور احمدؒ کہتے ہیں مٹی کے سوا اور کسی چیز سے تیمم درست نہیں کیونکہ صعیدًا کے معنے زمین اور طیبًا کے معنے عمدہ جس پر گھاس اُگنے کی صلاحیت ہو۔ اس آیت کا شانِ نزول

Marfat.com

یوں ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم مع حضرت عائشہ رضہ ایک بار جہاد میں گئے ایک جگہ پر عائشہ رضہ کا گلوبند کھو گیا جس کو وہ اپنی بہن سے مانگ کر ساتھ لائیں تھیں اس پر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے قافلہ کو ٹھہرنے کا حکم دیا ابوبکر رضہ نے عائشہ رضہ کو جھڑکا کہ تیری وجہ سے یہاں قیام کرنا پڑا نہ پانی ہے نہ اناج لوگ نالاں ہیں۔ اس پر یہ آیت تیمم نازل ہوئی جس سے لوگ بہت خوش ہوگئے۔

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ
(اے نبی ﷺ) کیا آپ نے لوگوں کو نہیں دیکھا کہ جن کو کتاب سے (کچھ بھی)
الْكِتٰبِ يَشْتَرُوْنَ الضَّلٰلَةَ وَيُرِيْدُوْنَ
بہرہ ور کیا گیا ہے وہ گمراہی مول لے رہے ہیں اور تم کو بھی راہ سے
اَنْ تَضِلُّوا السَّبِيْلَ ﴿۴۴﴾ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ
بہکانا چاہتے ہیں۔ اور اللہ تعالےٰ تمھارے دشمنوں کو خوب
بِاَعْدَآئِكُمْ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَلِيًّا ۙ وَّ
جانتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ ہی کافی ہے حمایت کے لئے اور
كَفٰى بِاللّٰهِ نَصِيْرًا ﴿۴۵﴾ مِنَ الَّذِيْنَ
اللہ تعالیٰ ہی کافی ہے مدد کے لئے، بعض یہودی ایسے بھی ہیں کہ
هَادُوْا يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ عَنْ مَّوَاضِعِهٖ
جو کلام کو اپنے موقع سے بدلتے ہے

وَيَقُوْلُوْنَ سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا وَاسْمَعْ
اور زبان مروڑ کر سمعنا و عصینا ہے اور اسمع
غَيْرَ مُسْمَعٍ وَّرَاعِنَا لَيًّا بِاَلْسِنَتِهِمْ
غیر مسمع اور راعنا کہتے ہیں
وَطَعْنًا فِى الدِّيْنِ ؕ وَلَوْ اَنَّهُمْ قَالُوْا
اور دین (اسلام) میں عیب لگانے کے لئے، اور کاش وہ
سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا وَاسْمَعْ وَانْظُرْنَا لَكَانَ
سمعنا و اطعنا اور اسمع وانظرنا کہتے تو (ان کے حق
خَيْرًا لَّهُمْ وَاَقْوَمَ ۙ وَلٰكِنْ لَّعَنَهُمُ
میں) بہت ہی بہتر اور درست ہوتا لیکن اللہ تعالےٰ نے

اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۴۶﴾
تو ان پر ان کے کفر کی وجہ سے لعنت کر دی ہے سو اس لئے بہت ہی کم ایمان لاتے ہیں۔

ترکیب

الم تر فعل انت فاعل الی الذین مفعول اوّل یشترون مفعول ثانی من الذین ہادوا خبر ہے مبتدا محذوف کی ای ہم من الذین الخ۔ یحرفون حال ہے فاعل ہادوا سے یا یوں کہو کہ من الذین نصیرا سے متعلق ہے والذین اوتوا نصیبًا کا بیان بھی ہو سکتا ہے عن مواضعہ متعلق ہے یحرفون سے ویقولون معطوف ہے یحرفون پر غیر مسمع حال ہے۔ اور قولاً محذوف کی صفت بھی ہو سکتا ہے۔

تفسیر

جب تیمم کا مسئلہ پہلی آیت میں بیان ہوا تو یہودی علماء نے اپنے لوگوں کے سخت احکام کے مقابلہ میں اس پر تمسخر کیا اور کہنے لگے پانی سے نجاست کا دور ہونا تو ایک معقول بات تھی بھلا خاک پر ہاتھ مار کر ہاتھ منہ پر پھیرنے سے کیا ہوتا ہے؟ اس سے معلوم ہوا کہ یہ شخص یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نبیٔ برحق نہیں اس کا یہ زور شور چند روز میں مٹ جائیگا

لہ مدینہ کے یہود اس مجموعہ میں بھی کہ جو توریت کے نام سے نامزد تھا اپنے اغراض فاسدہ سے تحریف لفظی اور معنوی کر دیا کرتے تھے ایک لفظ کی جگہ اپنے مطلب کے موافق دوسرا لفظ لکھ دیتے تھے اور کبھی لکھے کے خلاف پڑھ دیتے تھے کبھی معنے نئے پیدا کر دیتے تھے تاکہ ان پر الزام عائد نہ ہو ان کی بات دور رہے ہے

لہ اطراف مدینہ کے یہود جب آنحضرت صلعم کی مجلس میں آتے تو قابلیت جتلانے اور نبی علیہ السلام اور مسلمانوں کو احمق بنانے کے لئے یہ الفاظ استعمال کرتے تھے سمعنا وعصینا (سن لیا اور نہ مانا) عرب میں بزرگ کے کلام کو سن کر سمعنا واطعنا کہا کرتے تھے کہ سن لیا اور مان لیا مگر یہ عصینا کہتے تھے۔ اور بزرگوں کو محاطب بناتے وقت اسمع وانظرنا کہتے تھے کہ سنیئے ہماری طرف التفات فرمایئے مگر یہ اسمع غیر مسمع کہتے تھے جو گستاخی کا کلمہ ہے کہ جس کے معنی ہیں کہ سن اور پھر (بلا

Marfat.com

بالخصوص اُن میں سے دو یہودی عالم عبداللہ بن اُبیّ رئیس المنافقین کے پاس جاکر اسلام کی ہجو کیا کرتے اور مسلمانوں کے دلوں میں شکوک ڈالا کرتے تھے اِس لئے خدا تعالیٰ نے اُن کا ردّ اِن آیات میں نازل فرمایا۔ اور چونکہ اوّل اس سورہ سے یہاں تک احکام بیان ہوئے تھے اس جگہ سے مخالفوں کے شکوک وشبہات کا ردّ اور جہاد فی سبیل اللہ کی ترغیب شروع ہوتی ہے تاکہ ایک قسم کو کلام سے مخاطب کی طبیعت پر گرانی نہ پیدا ہو اور اسی لئے قرآن میں یہ طریقہ رکھا گیا کہ ایک علم کے بعد دوسرا علم بیان ہوتا رہتا ہے۔ فرماتا ہے کہ اے نبیؐ! دیکھو جن کو کتاب کا کچھ حصّہ دیا گیا ہے یعنی فی الجملہ اُن کو الہامی شریعت اور کلام انبیاءؑ سے آگاہی ہے وہ باوجود اس کے دینِ حق اور اس کے سچّے رہبروں پر طعن کرکے گمراہی خرید رہے ہیں اور لوگوں کو بھی گمراہ کرنا چاہتے ہیں خود گمراہ ہو اور دوسروں کو بھی گمراہ کرے یہ دونوں وصف جس میں ہوں خدا تعالےٰ کی پناہ، اس کی شقاوت اور بدبختی کا کیا ٹھکانا ہے۔ پھر فرماتا ہے وہ تمھارے دشمنوں کو جانتا ہے وہ تمھارا حامی ہے تم اُن سے کچھ خوف نہ کرو۔ اس کے بعد خصوصًا یہود کی چند عادتِ بد ذکر فرماتا ہے تاکہ یہ بات معلوم ہو کہ وہ کونسی باتیں ہیں جن سے گمراہی خرید رہے ہیں اور خود گمراہ ہو کر اوروں کو بھی گمراہ کرنا چاہتے ہیں۔

(اوّل) یحرّفون الکلم عن مواضعہٖ کی ضمیر کلم کی طرف راجع ہے گرچہ قیاس ظاہری یہی چاہتا تھا کہ کلم چونکہ کلمۃ کی جمع مؤنث جس کی طرف مؤنث کی ضمیر مواضعہا پھرانی چاہیئے تھی مگر چونکہ اس جمع کے حروف مفرد سے کم ہیں پس ایسی جموں میں تذکیر وتانیث دونوں طرح کی ضمیریں جائز ہیں قالہ الواحدی۔

تحریف بدلنا کم زیادہ کرنا یا تاویلِ فاسد کرنا خواہ زبانی خواہ کتاب میں۔

یہود کے اقبال بلکہ دین کی عمر طبعی ہو چکی تھی اس لئے اُن میں ایسی ایسی باتیں مروّج ہوگئی تھیں اور یہ بات صدہا سال سے ان میں تھی ان کے علماء دنیاوی طمع سے ہر ایک قسم کی تحریف اور تاویلاتِ فاسدہ کرتے تھے۔ چنانچہ جن مقاماتِ توراۃ میں اب تک حضرت مسیح علیہ السّلام اور حضرت محمّد صلے اللہ علیہ وسلم کی خبریں پائی جاتی ہیں ان کے عجیب وغریب معانی لگاکر ان دونو رسولوں کا انکار کرتے ہیں اور نفسِ کتاب میں بھی اُنھوں نے ایسا کیا کہ عہدِ عتیق کے کسی نسخہ کا بھی اعتبار منصف مزاج کے نزدیک نہیں رہا۔ یہ مانا کہ حوادثِ دہر اور مخالف بادشاہوں کے حملوں نے اور حفظ کے دستور نہ ہونے اور قلّتِ کاغذ وکتابت نے بھی عہدِ عتیق بلکہ عہدِ جدید کو الٹ پلٹ کردیا کاتبوں کی خود غرضیوں اور سہو نے بھی ہزاروں اختلافات پیدا کردیئے۔ اور پھر عیسائیوں میں بھی وہی بات پیدا ہوگئی تھی کیونکہ بیشتر وہ بھی یہودی الاصل تھے یہاں تک کہ آنحضرت علیہ السلام کے عہد میں طوفانِ بے تمیزی کا کچھ ٹھکانا ہی نہ رہا تھا۔ اس لئے اُن کے علماء بوقت استدلال اپنی کتابوں سے کسی کو پتہ ہی نہ لگنے دیتے تھے۔ گرچہ عیسائی علماء نے بارھویں تیرھویں صدی عیسوی میں بائبل کی مرمت کرنے میں بہت کچھ کوشش کی مگر جب مقابلہ کیا تو پھر بھی ہزاروں ہی اختلافات باقی رہ گئے۔

آج کل عیسائی مشنری اہلِ اسلام کے مقابلہ میں دیدہ دانستہ اس تحریف کا انکار کرتے ہیں اور کہتے ہیں بھلا کوئی اپنی مذہبی کتاب میں ایسا کرسکتا ہے اور جو کسی نے کیا تو اور لوگ اس کی خیانت کب چلنے دیتے ہیں؟ یہ انکار شاید ناواقف لوگوں کو گو نہ تردّد میں ڈالتا ہو مگر جو بائبل سے بخوبی واقف ہیں ان کے روبرو یہ ہٹ دھرمی اس بات کا کامل ثبوت ہے کہ اب بھی اس قوم میں

تحریف کی بحث

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۶۰) سمنا غیر مسمع نہ ہو اور انظرنا کی جگہ زبان دبا کر راعنا کہتے تھے ظاہر تو اس کے معنے ہیں ہماری حمایت کیجئے مگر اُس کو کھینچ کے کہنے سے راعینا ہوجاتا ہے جس کے معنے ہیں ہمارا چرواہا یہ اُن کی گستاخانہ اور بے ادبانہ حرکات خدا تعالیٰ کی پھٹکار کا نتیجہ تھیں اور اسی طرح السلام علیکم کی جگہ زبان مروڑ کر السام علیکم بھی کہتے تھے۔ سام موت یعنی تم کو موت آجائے۔ ان آیات میں بتلایا جاتا ہے کہ یہ اُن کی

* قابلیت نہیں خدا تعالےٰ کی پھٹکار ہے ۱۲ منہ

Marfat.com

عادتِ قدیمانہ کا اثر باقی ہے۔

اس مختصر میں گنجائش نہیں کہ میں ہر ایک قسم کی تحریف پر سینکڑوں شواہد پیش کروں مگر کسی قدر اقوال نقل کر کے نمونہ دکھاتا ہوں تاکہ ناظرین کو تصدیق ہو۔

(شاہد اوّل) متّی نے اپنی انجیل کے دوسرے باب تیئیسویں آیت میں لکھا ہے کہ یوسف عیسیٰؑ کو مصر سے لے کر ایک شہر میں جس کا نام ناصرہ تھا جا کے رہا تاکہ وہ جو نبیوں نے کہا تھا پورا ہو کہ وہ ناصری کہلائے گا۔ حالانکہ اب کسی نبی کی کسی کتاب میں نہیں کہ عیسیٰؑ پیدا ہو کر ناصری کہلائے گا۔ اور اس لئے ممفرڈ رومن کیتھلک نے اپنے سوالات مطبوعہ لندن ۱۸۴۳ء میں لکھا ہے کہ اس مقام پر کریزاسٹم اپنی نویں تفسیر میں لکھتا ہے کہ یہود نے کتبِ انبیاءؑ کو نہ صرف غفلت بلکہ بددیانتی اور عناد سے جلا دیا اور کسی میں تبدّل کر دیا، انتہیٰ کلامہٗ اب اس سے بڑھ کر اور کیا ثبوت ہوگا۔

(۲) کتاب خروج کے اکیسویں باب آٹھویں آیت عبرانی توراۃ کے متن میں ہے کہ جو کوئی اپنی منگیتر سے ناراض ہو اس کو روا نہیں کہ اجنبی قوم کے ہاتھ بیچے بلکہ فدیہ لے۔ اس کے حاشیہ کے ایک نسخہ میں برخلاف لکھ دیا۔ اور اسی طرح کتاب احبار کے ۲۵ باب تیئیس ۲۳ آیت میں ہے کہ جو کوئی شہر پناہ کے اندر اپنا گھر فروخت کرے برس بھر تک نہ چھڑائے گا تو ہمیشہ کے لئے مشتری کا ہوگا وہ یوبلی کے سال میں چھوٹ نہ جاوے گا۔ اس کے حاشیہ میں ایک نسخہ لکھا ہے کہ جس میں اثبات ہے اب دیکھئے گا کس کا اعتبار کیا جاوے احکام میں تحریف پائی گئی

(۳) انجیل متّی کے ۲۷ باب ۳۵ درس میں یہ فقرہ کہ مسیح کو سولی دی اور اس کے کپڑوں پر چٹھی ڈال کر ان کو بانٹ لیا تاکہ نبی کا کہا پورا ہو الحاقی ہے۔ گریسباخ نے بھی اسکا اقرار کیا ہے اور ہارن نے اپنی تفسیر کے صفحہ ۳۳۰ و ۳۳۱ جلد ثانی میں دلائل سے اس کا الحاقی ہونا بیان کیا ہے مگر اب تک یہ فقرہ انجیل میں موجود ہے۔ یوحنا کے اوّل خط

کے ۵ باب ۷ درس میں یہ فقرہ جو تثلیث کی بنیاد ہے محققین بالخصوص ہارن اور گریسباخ اور آدم کلارک اور شولز کے نزدیک قطعًا الحاقی ہے اور وہ یہ ہے "تین ہیں جو آسمان پر گواہی دیتے ہیں باپ اور کلام اور روح القدس اور یہ تینوں ایک ہیں الخ" بائبل مطبوعہ مرزاپور کے حاشیہ میں لکھا ہے کہ یہ الفاظ کسی قدیم نسخہ میں نہیں پائے جاتے حالانکہ متن میں درج ہیں۔ زیادہ تحقیق منظور ہو تو مقدّمۂ تفسیر کو دیکھئے۔

(دوم) یہود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی محفل میں آکر زبان موڑ کر تمسخر کی . . . . نیّت سے یہ کلمات کہہ جاتے تھے سمعنا وعصینا کہ ہم نے سُن لیا اور نہ مانا واسمع غیر مسمع کہ سُن اَن سُنی بات۔ یعنی تجھ کو مکروہ باتیں سُننی نصیب ہوں۔ سمعنا تو پکار کر کہتے عصینا دل میں۔ اسی طرح اسمع پکار کر اور غیر مسمع آہستہ سے وراعنا زبان دبا کر جس سے راعینا پیدا ہوتا تھا جو گالی ہے اور تفاخر کرتے تھے کہ ہم یہ باتیں کہہ آتے ہیں اگر وہ نبی ہوتے تو معلوم کر لیتے۔ اس لئے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالےٰ نے خبردار کر دیا اور ان بے ادبوں کی حرکاتِ ناشائستہ پر صبر اور برداشت کرنے کا حکم دیا اور ان بے ادبوں کو ادب سکھایا کہ بجائے اس کے یوں کہتے تو ان کے حق میں بہتر ہوتا مگر یہ شقی ازلی محروم از سعادت ہیں ؛ ؛ ؛

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ آمِنُوا

اے اہل کتاب! اس (دن) سے پہلے کہ ہم چہرے بگاڑ کر

بِمَا نَزَّلْنَا مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُم مِّن قَبْلِ

الٹ دیں یا ان پر اصحاب سبت کی طرح لعنت کر دیں

أَن نَّطْمِسَ وُجُوهًا فَنَرُدَّهَا عَلَىٰ

اس (کتاب) پر ایمان لے آؤ کہ جس کو ہم نے نازل کیا ہے جو

أَدْبَارِهَا أَوْ نَلْعَنَهُمْ كَمَا لَعَنَّا

تمہارے پاس ہے اس کی بھی تصدیق

Marfat.com

أَصْحٰبَ السَّبْتِ ۭ وَكَانَ أَمْرُ اللّٰهِ
کر رہی ہے۔ اور اللہ تعالےٰ کا حکم ہو کر
مَفْعُوْلًا ﴿۴۷﴾ إِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ أَنْ
رہتا ہے۔ بے شک اللہ تعالےٰ اپنے ساتھ شریک کئے
يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ
جانے کو نہ بخشے گا اور اس کے سوا جس کو چاہے گا
لِمَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدِ
بخش دے گا۔ اور جس نے اللہ تعالےٰ کے ساتھ شریک ٹھہرایا تو
افْتَرٰٓى إِثْمًا عَظِيْمًا ﴿۴۸﴾
اس نے بڑا ہی طوفان باندھا۔

ترکیب

من قبل متعلق ہے آمنوا سے علےٰ ادبارہا حال ہے وجوہًا سے ویغفر جملہ مستانفہ ہے مادون ذالک مفعول ہے یغفر کا۔ مادون کے معنے سوا کے ہیں اور دون بمعنے کمتر بھی ہو سکتا ہے۔ او نلعنہم والضمیر عائد الی اصحاب الوجوہ افترٰی اختلق وفعل لازم کما یطلق حقیقۃ علے القول یطلق علے الفعل ایضًا مجازًا۔

تفسیر

اہل کتاب کے قبائح بیان فرما کر اُن کو سعادتِ دارین کی طرف بُلاتا ہے کہ تم ایمان لاؤ۔ پہلے قبائح بیان کرنا اور پھر اُس کی اصلاح کی تدبیر بتلانا حکمتِ الٰہیہ کا دستور ہے کیونکہ

لہ سبت ہفتہ کے دن کو کہتے ہیں بنی اسرائیل میں اس روز شکار اور دنیاوی کاروبار کی سخت ممانعت تھی۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے کئی سو برس بعد بنی اسرائیل کے کچھ لوگوں نے جو کسی دریا کے کنارے بستے تھے ہفتہ کے روز بھی مچھلیوں کا شکار کرنا شروع کر دیا اس حیلہ سے کہ پانی کی نالیاں بنا دیں ہفتہ کے روز سے پہلے ان کے مُنہ کھول دیتے تھے مچھلیاں آجاتی تھیں پھر اتوار کو پکڑ لیتے تھے اس وقت کے علماء نے منع بھی کیا نہ مانا، لہٰذا عذاب الٰہی آیا

جب تک طبیب مریض کے امراضِ مہلکہ کو بیان نہیں کرتا اور اُس کے مآل کار موت سے نہیں ڈراتا تو مریض کی طبیعت تلخ دواؤں کے پینے پر مائل نہیں ہوتی اس لئے اِن آیات میں مرض بتا کر علاج بتایا کہ اُس کتاب اور شریعت پر ایمان لاؤ جو تمہارے پاس کی چیز یعنی اصولِ مذہب اور مضامین باقیماندہ توراۃ و دیگر کُتبِ انبیاء کی تصدیق کرتی ہے۔ اس میں اشارہ ہے کہ دینِ محمدی کوئی ایسی سخت چیز نہیں کہ جس کے تسلیم کرنے میں کسی منصف مزاج کو (اپنے دینِ قدیم کے لحاظ سے بشرطیکہ وہ الہامی ہو اور اُس میں تحریفات اور پچھلے مشائخ اور ریفارمروں کی قلمی نہ چڑھائی گئی ہو) کچھ تردّد ہو۔ اس کے اصول وہ ہیں کہ جن کو الہام کے علاوہ دنیاوی عقلاء بھی بصدقِ دل قبول کرتے ہیں اُس کے ساتھ اس علاج سے رُوگردانی کی صورت میں جو کچھ بدنتائج پیش آنے والے تھے اُن کی طرف بھی اشارہ کر کے اُن کو خوابِ غفلت سے بیدار کر دیا اور وہ بدنتیجے دو تھے ایک دنیا کی بربادی اور بداقبالی اور ذلّت و خواری جو آسمانی سلطنت سے بغاوت کرنے والے کے لئے ضرور پیش آتی ہے اُسی کی طرف من قبل ان نطمس وجوہًا فنردّہا علےٰ ادبارہا میں اشارہ فرمایا یعنی ایمان اُس شدّ و مد سے پہلے لاؤ کہ جس میں چہروں کو بگاڑ کر اُن کی پُشت کی طرف یعنی اُلٹا کر دیں گے یعنی وہ جو اقبال اور ترقی تھی اُس کو اُلٹ دیں گے۔ مُنہ کا بگاڑنا کنایہ عزت کے بگاڑنے سے ہے اور پسِ پشت مُنہ کو کر دینا اُس کی سعادت سے شقاوت کی طرف پھیر دینا ہے یہ محاورہ کی بات ہے اب اس میں اس طرف بھی اشارہ ہے کہ ہم تم کو اصلی حالتِ غلامی اور اسیری کی طرف رجوع کر دیں گے یا پھر عرب سے ملکِ شام کی طرف جلاوطن کر دیں گے۔ چنانچہ اس پیشین گوئی کے مطابق

سؤر بندروں جیسے چہرے ہو گئے ان کو اصحاب السبت کہتے ہیں۔ جو مسلمان ہوں اور شراب حیلے بنا کر جائز کیا کرتے ہیں اُن کو عبرت پکڑنا چاہیئے۔ حذاکم اللہ عذاب صدہا قسم کے ہیں ۱۲ منہ

Marfat.com

یہود و نصاریٰ کو صحابہؓ کے فتوحات سے یہ ماتحتی جو بمنزلہ غلامی اور اسیری کے ہے پیش آئی اور یہود مدینہ سے جلاوطن ہو کر چکّی چولھے سر پر دھر کر شام کو گئے۔ اور اس میں اس طرف بھی اشارہ ہے کہ انسان اس عالم محسوسات میں سنّ تمیز کو پہنچ کر گوناگوں صنائع دیکھ کر عالم معقول کی طرف چلتا ہے اگر یہ ترقی کرتا چلا تا ہے تو شہر مقصود تک پہنچ جاتا ہے اور جو شہوانی اور حیوانی باتوں میں پڑ جاتا ہے تو اُدھر سے مُنہ کے بل اُلٹ کر پھر اُسی عالم کی طرف آجاتا ہے۔ حقیقی معنے بھی مراد ہو سکتے ہیں کہ چہروں کو بگاڑ کر پس پُشت کر دیں بُری صورت بنا دیں۔ دوسرا عذابِ آخرت اُس کی طرف اَوْ نلعنھم کما لعنا اصحاب السبت میں اشارہ ہے کہ جس طرح سبت میں تعدّی کرنے والوں پر عہدِ داؤد علیہ السّلام میں ہم نے لعنت کی تھی ایسی تمہیر نہ کر دیں۔ چونکہ اس اعلان اور اذنِ عام اٰمنوا سے بعض لوگوں کے دلوں میں یہ بات تھی کہ ہم بہت سے گناہ کر چکے ہیں اب ہمارا قصور کیونکر معاف ہو سکتا ہے پھر ہمارا اسلام میں داخل ہونا کیا فائدہ دے گا؟ اس لئے اس کے بعد معافی کا اعلان دیا ان اللہ لا یغفر ان یشرک بہ ویغفر ما دون ذلک مگر اس کے کسی کو حقوقِ عباد میں یا عموماً مانگنا ہوں پر جرأت نہ ہو لمن یشاء کی قید بھی لگا دی کہ جس کو چاہے گا معاف کرے گا جس کو چاہے گا نہیں۔ خدا تعالےٰ شرک کے سوا سب گناہ معاف کر دیتا ہے اور توبہ سے شرک بھی معاف کر دیتا ہے۔

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ
(اے نبی مولا!) کیا آپ نے ان کو نہیں دیکھا کہ جن کو کتاب کا کچھ حصہ دیا گیا
الْكِتٰبِ يُؤْمِنُوْنَ بِالْجِبْتِ وَالطَّاغُوْتِ
ہے، وہ بتوں اور شیطان کو مانتے ہیں
وَيَقُوْلُوْنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا هٰٓؤُلَآءِ
اور کافروں کی نسبت کہتے ہیں کہ مسلمانوں سے تو یہی
اَهْدٰى مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا سَبِيْلًا ﴿۵۱﴾
سیدھے رستہ پر ہیں۔
اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ ۭ وَمَنْ
یہ وہی لوگ ہیں کہ جن پر خدا تعالےٰ نے لعنت کر دی ہے۔ اور جس پر
يَّلْعَنِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ نَصِيْرًا ﴿۵۲﴾
اللہ تعالےٰ لعنت کر دے تو اُس کے لئے کوئی (بھی) مددگار نہ پائے گا۔
اَمْ لَهُمْ نَصِيْبٌ مِّنَ الْمُلْكِ فَاِذًا
کیا اُن کا بادشاہی میں کچھ حصہ ہے؟ پھر تو یہ کسی کو
لَّا يُؤْتُوْنَ النَّاسَ نَقِيْرًا ﴿۵۳﴾ اَمْ
رائی کے برابر بھی نہ دیں گے۔ کیا
يَحْسُدُوْنَ النَّاسَ عَلٰي مَآ اٰتٰىهُمُ
لوگوں پر اس بات سے جلے مرتے ہیں کہ خدا تعالےٰ نے اُن کو
اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ فَقَدْ اٰتَيْنَآ اٰلَ
اپنے فضل سے نعمت دی ہے۔ سو بے شک ہم ابراہیمؑ کے
اِبْرٰهِيْمَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَاٰتَيْنٰهُمْ
خاندان کو کتاب اور حکمت اور بڑا
مُّلْكًا عَظِيْمًا ﴿۵۴﴾
ملک عنایت کر چکے ہیں۔

ترکیب

کیف یفترون کیف منصوب ہے یفترون کے سبب اور جملہ محلاً منصوب ہے انظر کی وجہ سے ویقولون معطوف ہے یودّ الذین کفروا متعلق ہے یقولون سے ہو لاء

Marfat.com

بتدا ابتدائی خبر جملہ مقولہ۔

تفسیر

پہلی آیات میں یہود پر اُن کی بداعمالیوں کے سبب عتاب تھا جس کو وہ اپنے انبیائی خاندان کے سبب قابل التفات نہ سمجھتے تھے اور اس پر بھی تقدّس کا دم بھرتے تھے کہ ہم فلاں بزرگ کی اولاد ہیں تقدّس ہمارا موروثی حق ہے اور ہم ابراہیم و اسحٰق (علیہما السّلام) کی نسل ہیں جن پر آتش دوزخ ازخود حرام ہے اور ہم رات کو گناہ کرتے ہیں تو صبح تک خود بخود پاک ہوجاتے ہیں اور دن کو کرتے ہیں تو شام تک پاک ہوجاتے ہیں۔ اور نصاریٰ میں بھی پولوس کا یہ قول کہ مسیحؑ سب کے گناہ سر پر اُٹھا کر لے گئے، بہت ہی کچھ مؤثر تھا اس لئے یہ لوگ اپنے آپ کو پاک اور جنتی سمجھتے تھے۔ اور اسی طرح برہمنوں وغیرہ اور بہت سی اقوام میں ایسے ڈھکوسلے ہیں کہ جن پر وہ نازاں رہا کرتے ہیں۔ چنانچہ اُن کی تقلید سے اسلام کے جاہل فرقوں میں بھی آج کل یہ بات پائی جاتی ہے۔ کہیں یہ مشہور ہے کہ ہم فلاں پیغمبر فلاں بزرگ کی اولاد ہیں ہمارے گناہ سب بخشے ہوجاتے ہیں۔ ہم خدا تعالےٰ کے ایسے اور ایسے ہیں جس طرح کہ یہود اپنے تئیں خدا تعالےٰ کے فرزند اور اُس کے پیارے کہتے ہیں اور اقبال رفتہ کی پھر واپس لانے کی ان حرکات پر اُمید کرتے تھے اس لئے اُن کے رد میں فرمایا گیا کہ یہ کیوں ناحق اپنی تعریفیں کرتے اور پاکیزہ ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں۔ پاکیزہ تو وہی ہے کہ جس کو اللہ تعالےٰ نے توفیق پرہیزگاری کی دی ہے اس کے بعد حکیمانہ طور پر اُن کی خیانت ظاہر فرماتا ہے (۱) انظر کیف یفترون الآیۃ کہ وہ ایسے ایسے دعوے کرکے خدا تعالےٰ پر جھوٹے ڈھکوسلے بناتے ہیں کہ ہم اُس کے فرزند اور محبوب ہیں۔ ہم پر آتش دوزخ حرام ہے، اور جھوٹ باندھنا بجائے خود اثم مبین ہے۔ (۲) باوجود علم کتاب اور روشنیٔ شریعت کے جو ٹمٹماتے ہوئے چراغ کی طرح کسی قدر ان میں باقی تھی جبت بُت اور طاغوت پر یعنی شیطان پر ایمان لاتے ہیں یعنی ان کے ماننے والوں کو خدا پرستوں پر ترجیح اور فوقیت دیتے ہیں چنانچہ یہودِ مدینہ میں سے حیی بن اخطب اور کعب بن اشرف مکہ مکرمہ میں اس لئے گئے کہ قریش کو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے لڑنے پر آمادہ کریں اور جب مشرکین نے پوچھا کہ آیا ہم حق پر ہیں یا اہل اسلام جو صرف ایک اللہ تعالےٰ کی عبادت جائز ٹھہراتے ہیں؟ تو کہدیا کہ تم حق پر ہو۔ سو یہ بات اس لئے تھی کہ خدا تعالےٰ نے اُن پر کفر کی وجہ سے لعنت کردی ہے۔ وہ قریش کی مدد پر بھروسہ نہ کریں۔ دشمنانِ خدا تم کا کوئی حامی نہیں ہوسکتا۔ یہ عیوب تو ان میں جہل سے متعلق جو قوتِ عملیہ کا نقصان ہے۔ اس کے بعد قوتِ عملیہ کا نقصان بیان کرتا ہے اور قوتِ عملیہ کا سب سے زیادہ نقصان بخل اور حسد سے ہوتا ہے یہ دونوں وصف بھی اُن میں تھے۔ (۱) ام لہم نصیب من الملک کیا اُن کو ان کی آرزو کے موافق سلطنت تو کیا اس کا کوئی حصّہ بھی باوجود بخل کے کہ جو مانعِ[1] فی سلطنت ہے مل سکتا ہے؟ اور بخل کی حالت کہ اگر سلطنت مل جاوے تو کسی کو نقیر[2] یعنی ذرّہ بھی نہ دیں۔ (۲) ام یحسدون الناس، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شوکتِ روز افزوں اور نبوّت اور روشنیٔ دین پر حسد کرتے تھے کہ یہ تو ہمارا حصّہ تھا ان کو کیوں ملا؟ اس پر تسلّی دیتا ہے کہ ہم نے ابراہیمؑ کے خاندان میں داؤدؑ و سلیمانؑ کو سلطنت اور نبوّت دی تھی اب تم ابراہیمؑ کے دوسرے خاندان پر کیوں حسد کرتے ہو؟

[1] کس لئے کہ سلطنت کے لئے فوج اور کارپرداز ضروری ہیں اور جب انسان بخل کرتا ہے تو مفت کوئی کسی کی غلامی نہیں کرتا نہ یہ ننگ سر پر دھرتا ہے پھر جب یہ ہے تو کون سر کٹوائے پھر کس طرح سے ملک ہاتھ آئے۔ ان اخلاقِ رذیلہ پر یہود زمانۂ گزشتہ کے اقبال کو جو داؤدؑ و سلیمانؑ کے عہد میں تھا آرزو کرتے تھے سو خیال محال تھا ۱۲ منہ [2] نقیر لغۃ سے مشتق جسکے معنے کھودنا اس سے مراد خرمہ کا چھلکا اور یہ ضرب المثل عام ہو مراد قلّت ہے اور اسی طرح قطمیر سے قلیل مراد ہے ۱۲

ع الجبت اصلہا الجبس فابدلت التاء من السین قالہ قطرب وہو الذی لاخیر فیہ فاختلف فی مصداقہ فقیل السلو وقیل کعب بن الاشرف الیہودی وقیل الشیطان وقیل صنم لقریش سجد الیہود لما دخلت مکۃ لمرضاۃ قریش والطاغوت من طغی یطغی ای تجاوز الحد والتاء زائدۃ کما فی الرحموت والناسوت والمراد بہ الشیطان ۔۔

Marfat.com

فَمِنْهُمْ مَّنْ اٰمَنَ بِهٖ وَمِنْهُمْ مَّنْ صَدَّ

پھر ان میں سے کچھ تو اس کتاب پر ایمان لے آئے اور کچھ اُس سے رُک

عَنْهُ ؕ وَكَفٰى بِجَهَنَّمَ سَعِيْرًا ﴿۵۵﴾ اِنَّ

گئے۔ اور کافی ہے جہنم (اُن کے) جلانے کے لئے۔ بے شک

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا سَوْفَ نُصْلِيْهِمْ

جن لوگوں نے ہماری آیتوں کا انکار کیا سو عنقریب ہم اُن کو آگ میں

نَارًا ؕ كُلَّمَا نَضِجَتْ جُلُوْدُهُمْ بَدَّلْنٰهُمْ

داخل کریں گے، جب کہ اُن کی چمڑی جل جائے گی تو اس کے عوض ہم اور

جُلُوْدًا غَيْرَهَا لِيَذُوْقُوا الْعَذَابَ ؕ

چمڑی بدل دیں گے، تاکہ وہ (خوب) عذاب چکھیں۔

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿۵۶﴾

بے شک اللہ تعالےٰ زبردست (اور) حکمت والا ہے۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

اور جو ایمان لائے اور (اُنھوں) نے اچھے کام (بھی) کئے (سو)

سَنُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

اُن کو ہم بہت جلد (ایسے) باغوں میں داخل کریں گے کہ جن کے تلے بڑی

الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ لَهُمْ

نہریں بہہ رہی ہوں گی اُن میں وہ ہمیشہ رہا کریں گے۔ اُن کے لئے

فِيْهَآ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ۫ وَّنُدْخِلُهُمْ

وہاں پاک بیویاں بھی ہوں گی اور ہم ان کو ٹھنڈی چھاؤں

ظِلًّا ظَلِيْلًا ﴿۵۷﴾

میں بٹھائیں گے۔

ترکیب

من اٰمن مبتدا منھم خبر مقدم ف مجموعہ جملہ پر داخل ہے سوف نصلیھم جملہ خبر ان کلما شرط بدلنھم جواب والذین الخ مبتدا سندخلھم خبر لھم فیھا الخ جملہ نعت یا حال ہے۔

تفسیر

یہ اسی بیان کا تتمہ ہے کہ باوجود اس کے ہم نے خاندان ابراہیمؑ کو خصوصاً نسل اسحٰقؑ و اسرائیلؑ کو کتاب یعنی ظاہر شریعت و حکمت یعنی علم اسرار اور ملک عظیم یعنی قدرت دی تھی اسپر بھی اُن میں سے کچھ لوگ تو خدا پرست تھے اور کچھ منکر اور مخالف رہے (جیسا کہ تاریخ بنی اسرائیل سے واضح ہوتا ہے) پھر جب اُن کا اپنے ایسے انبیاءؑ کی نسبت یہ حال تھا تو اے محمدؐ (صلے اللہ علیہ وسلم) آپؐ کی نسبت انکار اور نکتہ چینی جس قدر ہو وہ اس بدبخت قوم کے حسد کے خیال سے کچھ بھی زیادہ نہیں۔ ہم ایسے بدبختوں کو جہنم میں جلاویں گے جس طرح دنیا میں آتش حسد اور عناد میں یہ نئے نئے رنگ بدلتے ہیں اسی طرح عالم آخرت میں ان کے عذاب کی صورت ہوگی کہ جب آگ سے ایک جلد جل جائے گی تو دوسری جلد یعنی چمڑی اور پیدا ہو جائے گی۔ اس سے یہ غرض ہے کہ کوئی یہ نہ سمجھے (کہ اگر وہ جہنم میں ڈالے جاویں گے آخر وہ آگ ہے گھڑی دو گھڑی میں جل بھن کر مرجاویں گے یہ تکلیف منقطع ہو جائے گی) بلکہ وہ جہنم میں ہمیشہ جلتے رہیں گے اور ایک جسم کے بعد پھر وہی جلنے کے لئے مبدء غیب سے پیدا ہوگا تاکہ پورا عذاب چکھیں اور اس زندگی کو کوئی طبیب محال اور فانی نہ سمجھے بلکہ یہ سب ممکن اور اس کے قبضۂ قدرت میں ہے کیونکہ ان اللہ کان عزیزا حکیما کہ وہ زبردست بھی ہے یعنی قادر مطلق ہے اور تادیر قائم رکھنے کی اس کو سیکڑوں تدبیریں معلوم ہیں کیونکہ وہ حکیم ہے۔

قرآن کی عادت ہے کہ جہاں کہیں مخالفوں کے لئے عذاب وغیرہ عقوبات دنیا و آخرت بیان کئے ہیں اُس کے ساتھ ہی مطیع لوگوں کے لئے ثواب اور جنت کے نعماء بھی بیان ہوتے ہیں تاکہ مخاطب کے لئے کامل ترغیب و ترہیب حاصل ہو کر عذاب سے ڈر کر ثواب پر نظر کر کے دنیا اور اس کے لذائذ فانیہ سے نفرت

Marfat.com

اور نیک روی اور عالم باقی کا شوق دل میں پیدا ہو۔ یہاں اُن کے لئے کہ جو ایمان لاکر اچھے کام کرتے ہیں یہ وعدہ ہے کہ ہم اُن کو ایسے باغوں میں (نہ دنیا کے باغ بلکہ عالم قدس کے باغوں میں) بساویں گے کہ جن کے نیچے نہریں بہتی ہونگی اور یہ عیش اُن کے لئے دنیا کے عیش کی طرح یا عالم شباب کی طرح چند روزہ نہ ہوگا بلکہ دائمی اور وہاں اُن کے اُنس کے لئے عالم قدس کی بیویاں بھی ہوں گی اور دراز سایہ میں رہیں گے۔ بعض علماء فرماتے ہیں کہ جنّت میں دُور تک درخت متصل ہوں گے اس لئے ان کا سایہ بھی دراز ہوگا۔ بعض کہتے ہیں کہ سایۂ دراز سے خدا تعالےٰ کی مہربانی اور دائمی عنایت مراد ہے جو اُس کے تقرّب اور روحانی جنت کی طرف اشارہ ہے

إِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُكُمْ أَنْ تُؤَدُّوا الْأَمٰنٰتِ

بے شک اللہ تعالےٰ تم کو حکم دیتا ہے کہ تم امانتوں کو جن کی امانت

إِلٰى أَهْلِهَا ۙ وَإِذَا حَكَمْتُمْ بَيْنَ

ہوں ان کو دیدیا کرو۔ اور جب لوگوں میں (کسی جھگڑے کا) فیصلہ کیا

النَّاسِ أَنْ تَحْكُمُوا بِالْعَدْلِ ۚ إِنَّ

کرو تو انصاف سے کیا کرو، بے شک

اللّٰهَ نِعِمَّا يَعِظُكُمْ بِهٖ ۗ إِنَّ اللّٰهَ كَانَ

اللہ تعالےٰ تم کو (بہت ہی) اچھی نصیحت کرتا ہے بیشک اللہ تعالیٰ (سب کچھ)

سَمِيعًا بَصِيرًا ﴿٥٨﴾ يٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ

سُنتا اور (دیکھتا ہے) ایمان والو! اللہ تعالےٰ

آمَنُوا أَطِيعُوا اللّٰهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

کی فرمانبرداری کرو اور رسولؐ کی اور اپنے

وَأُولِي الْأَمْرِ مِنْكُمْ ۚ فَإِنْ تَنَازَعْتُمْ

فرمانروایوں کے حکم پر چلو، پھر اگر کسی چیز میں تمہارا اختلاف

فِي شَيْءٍ فَرُدُّوهُ إِلَى اللّٰهِ وَالرَّسُولِ

ہو جائے تو اس کو اللہ تعالےٰ اور رسولؐ کی طرف لے جاؤ

إِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُونَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ

اگر تم کو اللہ تعالےٰ اور قیامت کے دن پر ایمان

الْآخِرِ ۚ ذٰلِكَ خَيْرٌ وَأَحْسَنُ تَأْوِيلًا ﴿٥٩﴾ ع ۸ ۵

ہے۔ یہ (بہت ہی) اچھی بات ہے اور اس کا انجام (بھی) اچھا ہے۔

ترکیب

ان تؤدوا بتاویل مصدر مفعول ثانی ہوا یامرکم کا واذا کا عامل یامرکم ہے یہ سب شرط ان تحکموا ای بان تحکموا جملہ جواب نعما یعظکم بہ جملہ خبر ان نعما کا ما بمعنی الشیٔ معرفۃ تامۃ یعظکم مخذوف کی صفت ہے جو مخصوص بالمدح ہے تقدیرہ نعم الشیٔ یعظکم بہ ما نعم کا فاعل اور ما بمعنے الذی بھی ہوسکتا ہے اس کا بالعد اس کا صلہ اور یہ بھی فاعل نعم ہے اور مخصوص بالمدح مخذوف ای نعم الذی یعظکم بہ تادیۃ الامانۃ اور ما نکرہ موصوفہ بھی ہوسکتا ہے تب فاعل مضمر ہوگا اور مخصوص مخذوف جیسا کہ بئس للظالمین بدلاً میں ہے۔

تفسیر

جب کہ اہل کتاب کی خیانت کا ذکر آیا کہ وہ توراۃ وانجیل کی بشارات کو جو دین محمدیؐ کے برحق ہونے کی بابت ہیں چھپاتے ہیں اور محرّف کرکے کفّار کو موحّدین سے اچھا بتلاتے ہیں عموماً اہل اسلام کو ابدالآباد کے لئے امانت داری کا حکم دیا یا یوں کہو کہ جب ایمان لانے والوں اور اچھے کام کرنے والوں کے لئے جنّت اور حیات ابدی کا وعدہ کیا گیا تو اس جگہ اعمال صالحہ میں جو عمدہ چیز ہے اُس کو بیان کرتا ہے یعنی امانت اور عدل۔ اس آیت کے شانِ نزول کی بابت یہ روایت ہے کہ جب آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسّلام نے مکّہ فتح کیا اور کعبہ کے اندر نماز کے لئے جانا چاہا تو عثمان بن طلحہ نے کہ جس کے پاس کعبہ کی کنجی تھی قفل بند کردیا اور کنجی دینے سے انکار کیا۔ حضرت علیؓ نے اس کا ہاتھ مروڑ کر اُس کے ہاتھ سے کنجی چھین قفل کھولا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اندر جاکر نماز پڑھی اور حضرت عباسؓ نے چاہا کہ یہ کنجی مجھے ملے۔ اس پر یہ آیت

Marfat.com

نازل ہوئی تب عثمانؓ کو کنجی واپس دی گئی۔ بعض روایات سے یہ بھی ثابت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عثمانؓ سے امانتاً لی تھی اس پر عباسؓ نے اپنے لئے درخواست کی تو یہ آیت نازل ہوئی اور آپؐ نے فرمایا یہ ہمیشہ تیرے خاندان کے لئے ہے بجز ظالم کے تجھ سے کوئی نہیں لے گا۔ پھر عثمانؓ نے اپنے بھائی شیبہ کو دی جو آج تک اُس کے خاندان میں چلی آتی ہے۔

خدا تعالےٰ کو بموجب اپنے اُس وعدے کے جو اُس نے یسعیاہ علیہ السّلام کی معرفت بنی قیدار کے ساتھ کیا تھا جیسا کہ اب تک کتاب یسعیاہ کے بیالیسویں باب سے پایا جاتا ہے یہ منظور ہوا کہ حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلّم کو آسمانی سلطنت کا دنیا میں قائم کرنے والا بنائے اور پھر ان کے جانشینوں کو اس انصاف و عدالت کی کرسی پر بٹھائے اور تمام دینی مقدّمات کا فیصلہ انھیں کے محکمہ سے دلوائے تو اس لئے اوّلاً امانت کا حکم دیا۔ امانت مصدر میمی ہے جس کا اطلاق مفعول پر بھی ہوتا ہے اور اس کی حقیقت یہ ہے کہ جو کسی کا حق تجھ پر ہو تو اُس کو بخوشیٔ خاطر ادا کر دیا کرو۔

حقوق کی تین قسم ہیں اوّل اللہ تعالےٰ کے حقوق، اُس کی عبادت اور توحید اور شکر گزاری کرنا اور بُری باتوں سے باز رہنا اور جن کا اُس نے حکم دیا ہے اُن کو عمل میں لانا پھر یہ بھی ایک دریائے بے کنار ہے اس میں اعلیٰ امانت کا ادا کرنا اُس کی ذات و انوار میں محو ہو جانا ہے ؎ این جان عاریت کہ بجانانِ سپردہ ست روزے رخش بہ بینم و تسلیم دے کنم۔ اِسی کی طرف بہت سی آیات میں اشارہ ہوا ہے۔ منجملہ اُن کے یہ ہے انّا عرضنا الامانۃ علی السمٰوٰت والارض الآیہ۔ دوم مخلوقات کے حقوق، اس میں ادائے امانت، پورا تولنا، راز کو افشار نہ کرنا، کسی کی چیز کو مستعار لے کر واپس دینا یا کوئی چیز اُس کے پاس رکھی جائے تو اُس کو بوقتِ طلب واپس دینا ہے۔ بیوی کو میاں کے مال اور آبرو کو محفوظ رکھنا، بادشاہوں اور ذی اختیار لوگوں کو اپنے ماتحتوں سے بہ نرمی پیش آنا، ظلم نہ کرنا، علماء کو مسائل اور کتاب الٰہی کے بیان کرنے میں کمی زیادتی نہ کرنا، اُن کو تعصّباتِ بے جا سے روکنا، گھر والے کو بیوی بچّوں کے حقوق برابر ادا کرنا، اُنکی تربیت میں کوشش کرنا وغیرہ امانت کا ادا کرنا ہے۔ سوم اپنے نفس کے حقوق، اس میں امانت یہ ہے کہ رُوح کو شہوانی لذائذ سے مکدّر نہ کرے۔ گناہوں میں مبتلا ہو کر اپنے تئیں جہنم میں نہ پہنچائے۔ غرض جو اس کے لئے دنیا و آخرت میں بہتر ہے غصّہ اور شہوت کے نشہ میں آکر اُس کے برخلاف نہ کرے۔ اوّلاً امانت کا حکم اس لئے دیا کہ جب خود اصلاح پذیر ہو جائے گا تو اُس کے بعد کرسیٔ عدالت پر بیٹھنے کی صلاحیت رکھے گا اس لئے کہ اس کے بعد ثانیاً فیصلوں میں انصاف کرنیکا حکم دیا اور سمیع و بصیر ہونا جتلا کر متنبہ کر دیا۔ اور یہ ظاہر ہے کہ اس فیصلہ کے لئے کوئی قانون آسمانی بھی ضروری ہے اس لئے اس کے بعد ثالثاً یہ فرمایا کہ اللہ تعالےٰ اور رسولؐ کی اطاعت کرو اور ان فیصلوں کو اللہ تعالےٰ اور رسولؐ کی طرف رجوع کرو یعنی قرآن اور حدیث کو دستور العمل بناؤ۔ اور یہ ظاہر ہے کہ قرآن مجید میں گو بطورِ اجمال یا قواعد کلیہ ہر ایک قسم کے احکام ہیں۔ اور اس دریائے بے کنار سے جس قدر چاہو بقدرِ فکر میں غوطہ لگا کر موتی نکالو اور اسی لئے قرآن مجید میں ہے تفصیلاً لکل شیٔ، وتبیاناً لکل شیٔ کہ قرآن میں ہر ایک چیز کا بیان ہے اور احادیث میں بھی آیا ہے اس لئے کہ ظاہر و باطن اور ہر عدل کے لئے مطلع ہے اور اس کے عجائب کم نہیں ہوتے۔ ہر ایک شخص بقدرِ فہم ان عجائب سے مستفید ہوتا ہے اور احادیث جہاں تک ہیں سب گویا قرآن مجید کی شرح ہیں خواہ بطورِ قول اور اسی لئے پیغمبر علیہ السّلام کے بعد کوئی شخص ایسا نہیں کہ صرف قرآن پر بس کرے اور اس کی شرح سُنّت کی طرف متوجّہ نہ ہو یہ کسی مکلف کا منصب نہیں اور اسی لئے نبی علیہ السّلام نے فرمایا کہ بعض پیٹ بھرے پلنگ پر لیٹ کر یہ کہنے لگیں گے کہ ہم کو قرآن کافی ہے جو اس میں حلال ہے وہی حلال ہے اور جو حرام ہے وہی حرام

Marfat.com

ہے حالانکہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے بھی اللہ تعالےٰ کی طرح بہت سی چیزیں حرام بیان کی ہیں منجملہ اُن کے گدھا ہے جو گھروں میں رہتا ہے۔ منجملہ اُن کے درندوں میں سے جنگل والا جانور حرام ہے الخ رواہ ابوداؤد وابن ماجۃ الےٰ قولہ کما حرّم اللہ۔ اور چونکہ قرآن کے باریک نکتوں پر کما ینبغی واقف ہونا نبی کا کام ہے اور ان باریک چشموں سے حکم کی کوئی نہر جاری کرنا گویا ناواقف کے نزدیک اپنی طرف سے پیدا کرنا ہے اس لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس تشریح کو از خود بیان کرنا فرمایا اس لئے اطیعوا اللہ واطیعوا الرسول باعادۃ واطیعوا ذکر کیا اور اس کے بعد فردّوہ الے اللہ والرسول فرمایا لیکن یہ تمام باتیں نہ تو قرآن میں اس طور سے جمع ہو سکتی تھیں کہ ہر مخاصمہ کے وقت ہر شخص اُس سے فیصلہ کرے نہ احادیث میں تمام وکمال تشریح اُمور غیر متناہی کی ہو سکتی تھی اور دین کی باعتبار ان اصُول کے تکمیل ہو چکی تھی الیوم اکملت لکم دینکم آچکا تھا اور رسالت کا دروازہ بند کر دیا گیا اس لئے اس کے بعد واولی الامر منکم فرمایا کہ اپنے لوگوں میں سے اولی الامر کی بھی اطاعت کرو۔ اولی الامر سے بعض کہتے ہیں حکام وسلاطین وقضاۃ وغیرہم مراد ہیں کہ جن کو ولایت شرعیہ حاصل ہو، شیعہ کہتے ہیں ائمہ اثنا عشر مراد ہیں، بعض کہتے ہیں صحابہؓ۔ اگر غور کیا جاوے تو سب کا نتیجہ یہی نکلے گا کہ اس سے مراد اہل علم اور شریعت کے مفتی اور مجتہد و مستنبط ہیں اور یہی قول جابر بن عبداللہ ومجاہد وحسن بصری وابوالعالیہ وعطاء بن ابی رباح وابن عباسؓ امام احمد (رضوان اللہ علیہم اجمعین) کا ہے اور امام مالکؒ وابوحنیفہؒ وضحاکؒ بھی یہی فرماتے ہیں اور اس کی وجہ جیسا کہ اعلام الموقعین میں حافظ ابن القیم نے بیان کی ہے کہ بعد نبی علیہ السلام کی امت محمدیہ میں جو کسی اور کا

کہنا مانا جاتا ہے تو صرف اس وقت کہ وہ علم کے موافق حکم دے کتاب وسُنّت کے بموجب حکم کرے خواہ وہ علماء آپ حکم کریں یا ان کے فتوٰی سے امراء وسلاطین حکم دیں پس جس طرح کہ علماء نبی علیہ السّلام کے پیرو ہیں اسی طرح اُن کے امراء ہیں اب جو احکام کہ کتاب وسُنّت میں بصراحت مذکور ہیں ان میں تو علماء کا قول عامیوں پر ماننا فرض واجب ہے اس میں شاید کسی کو بھی اختلاف نہ ہو رہے وہ احکام ومسائل کہ جو بصراحت کتاب وسُنّت میں نہ پائے جائیں بلکہ بحکم تفصیلاً لکل شئ بطور اسرار مودوعہ پردۂ الفاظ میں مستور ہوں اور علماء میں سے جو غواص اور مستنبط ہیں جیسا کہ اگلی آیت میں ہے ولو ردّوہ الے الرسول والے اولی الامر منہم لعلمہ الذین یستنبطونہ منہم۔ جن کو مجتہد کہتے ہیں وہ ان مسائل کو استنباط اور اجتہاد کر کے نصوص سے ظاہر کرتے ہیں آیا اُن کے ان مسائل میں بھی پیروی غیر مجتہد لوگوں کو چاہیئے یا نہیں؟ (اور اس پیروی کو عُرفِ فقہاء میں تقلید کہتے ہیں) اہلِ اسلام میں سے جمہور سلف سے خلف تک ان مسائل میں بھی اتباع کرنا واجب اور ضروری کہتے ہیں۔ ان چند وجوہ سے اوّل آیاتِ مذکورہ "تبیاناً لکل شئ" و"الیوم اکملت لکم دینکم" سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ قرآن میں خدا تعالیٰ نے خواہ تفصیلاً خواہ اجمالاً کہ وہ اجمال بھی بنظرِ مجتہد میں تبیان وتفصیل ہے جمیع احکام کو بیان فرما کر کتاب اور دین کو کامل کر دیا اور اسی لئے آیندہ کسی اور نبیؐ کی حاجت نہ رکھی خاتم النبیین فرما دیا۔ (۲) اور یہ بھی ثابت ہے کہ قرآن مجید وسنت واجب العمل ہے خواہ وہ مسائل کتاب وسنّت سے ہم کو معلوم ہوں یا نہ ہوں۔ وجوبِ عمل ہمارے علم پر موقوف نہیں اگر ایسا ہو تو پھر منصوصات کہ جن کا ہم کو یا عامی کو علم نہ ہو وہ بھی واجب العمل نہ رہیں اذ لا فرق بین ذٰلک وبین ہٰذا فسادہٗ لا یخفٰی علی ارباب العقول منصوصات وغیر منصوصات میں فرق ہوگا کہ وہ بمنزلہ ایک ایسے خزانہ کے ہیں جو گھر میں

لہ وورنہ دراصل تحریم وتحلیل اللہ تعالےٰ کا فعل ہے جیسا کہ فرماتا ہے ان الحکم الا للہ ۱۲ منہ

Marfat.com

رکھا ہو اور ایک بصیر کو معلوم ہے اور غیر منصوصات بمنزلہ خزانہ مدفون کے ہیں جس کو بجز ماہر کے اور کوئی نہیں جانتا مگر جس کو خزانہ کی ضرورت ہو تو وہ ضرور اس ماہر کے کہنے پر عمل کر کے اس سے مستفید ہوگا۔ اسی طرح گنج قرآنی جو مستور ہے اس کے ماہر مستنبط و مجتہد ہیں کما لا یخفیٰ۔ ہاں یہ ضرور ہے کہ منصوصات قطعیات ہیں اور یہ مسائل ظنیہ ہیں کیونکہ اصل مسئلہ کو جو کتاب و سُنّت میں منصوص ہے مجتہد اصل قرار دیتا ہے اور اس حکم کی احادیث و اقوال علماء صحابہؓ سے نیز اپنے دلائل سے ایک علّت معیّن کرتا ہے پھر دوسری جگہ اس علت کو دیکھ کر وہی حکم ظاہر کر دیتا ہے مثلاً قرآن اور احادیث صحیحہ میں شراب کو حرام قرار دیا ہے اب مجتہد نے دیکھا کہ کیوں حرام قرار دیا ہے کیا سُرخ رنگ سے، کیا رقیق ہونے سے، کیا تلخی ہونے سے۔ پھر دیکھتا ہے کہ یہ وصف تو اور چیزوں میں بھی پائے جاتے ہیں حالانکہ وہ حرام نہیں۔ پس معلوم ہوا کہ نشہ کی وجہ سے اس کو حرام قرار دیا ہے کیونکہ احادیث میں جن چیزوں کی شراب بنتی ہے جیسا کہ انگور کا شیرہ ان کو نشہ لانے سے پہلے پیغمبر علیہ السّلام نے مباح قرار دیا اور صحابہؓ نے پیا ہے اور نشہ کے بعد اس کا نام رکھ کر حرام بنا دیا۔ پس معلوم ہوا کہ علّت نشہ ہے۔ اور اب بھنگ و چرس و افیون میں بھی نشہ معلوم ہوا تو مجتہد نے کہدیا کہ یہ بھی حرام ہیں اور ان کی حُرمت شراب کی حرمت میں ضمناً مذکور ہے سو اس تعیّن علّت میں کبھی وصفِ خاص کو عام سمجھ لیتا ہے ان احتمالات کی وجہ سے حُرمتِ بھنگ کو ظنّی کہتے ہیں اور ان غلطیوں کی اصلاح کے لئے فن اصولِ فقہ قرار دیا ہے اور مجتہد کے اس استنباط کو قیاس کہتے ہیں۔ (دوم) یہ آیت ہے لعلمہ الذین یستنبطونہٗ اس آیت میں اولی الامر میں سے اُن کی طرف رجوع کرنا فرمایا جو استنباط کرتے ہیں اور یہ ظاہر ہے کہ نص کی موجودگی میں استنباط نہیں کہا جاتا اگر استنباط جو قیاس کا ہم معنے ہے حجّتِ شرعیہ نہ ہوتا تو مکلّف پر اُس کی طرف رجوع کرنا واجب نہ کیا جاتا اور یہ کہنا کہ اولی الامر سے مُراد اُمراء و لشکر ہیں اور استنباط سے مراد محاربات میں تدابیر کا استنباط ہے نص کو بلا وجہ وجیہ خاص کر دینا ہے جو ایک قسم کا نسخ ہے۔ (سوم) یہ آیت ہے کہ جس کی ہم تفسیر لکھ رہے ہیں کیونکہ اس میں ہے فان تنازعتم فی شیٔ فردّوہ الی اللہ والرسول کیونکہ تنازعہ کی صورت میں جو رد کرنا فرمایا تو یہ وہی صورت ہے کہ جس کا کتاب و سُنّت میں حکم منصوص نہیں کیونکہ منصوص ہوتا تو یہ تو اطیعوا اللہ واطیعوا الرسول میں آگیا تھا اور کلمہ ان شرطیہ پھر کیا فائدہ دیتا تھا؛ بلکہ خدا تعالےٰ نے وقائع کو دو قسم بنایا ایک وہ کہ ان کے احکام منصوص ہیں۔ دوم وہ کہ منصوص نہیں اوّل میں تو اطیعوا اللہ واطیعوا الرسول اور اُن کے نائب اولی الامر کی اطاعت کا حکم دیا اور دوسری قسم میں اللہ تعالےٰ اور رسولؐ یعنی کتاب و سُنّت کی طرف ردّ کرنا فرمایا۔

(چہارم) محمد بن علی الشوکانی نے اپنی مختصر میں لکھا ہے کہ قیاس کا حجّت ہونا معاذؓ کی حدیث سے بھی ثابت ہوتا ہے جب کہ اُن کو نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے یمن کا قاضی بنا کر بھیجا تو پوچھا کس طرح سے فیصلہ کرو گے؟ عرض کیا کہ کتاب اللہ سے، فرمایا اگر کتاب اللہ میں نہ ملے، عرض کیا سُنّتِ رسول اللہؐ سے، فرمایا اگر وہاں بھی نہ ملے؟ عرض کیا تو اپنی رائے سے اجتہاد کروں گا۔ اس حدیث کے راوی اور طُرق ہم نے ایک جگہ مستقل طور سے بیان کر دیئے ہیں انتہیٰ (نیل المرام)۔

لیکن محدّثین میں سے ایک گروہ جو ظاہریہ کے نام سے موسوم ہے اس کا منکر ہے وہ ان کے جواب میں وہ احادیث پیش کرتے ہیں کہ جن سے کتاب و سنت پر عمل کرنے کی تاکید اور قیاس مخالف کتاب و سُنّت کی بُرائی پائی جاتی ہے لیکن جمہور کو اس سے کب انکار ہے بلکہ کُتبِ اصولِ فقہ میں احناف و شوافع کے علماء علّام نے تصریح کر دی ہے کہ اوّل کتاب اللہ پھر سنتِ رسول اللہ

Marfat.com

پھر اجماعِ امت پھر قیاس۔ اور جو قرآن وحدیث کے برخلاف ہو اس پر عمل کرنا درست نہیں نہ وہ قیاس درست ہے بلکہ امام ابوحنیفہؒ نے تو صحابہؓ کے قیاس کے مقابلہ میں بھی اپنے قیاس کو معتبر نہ سمجھا چہ جائیکہ حدیث واجماع کے خلاف میں۔ اب رہا یہ اعتراض کہ چار امام ابوحنیفہؒ، مالکؒ، احمدؒ، شافعیؒ کو معین کرنا اور آئندہ اجتہاد کا دروازہ بند کرنا اور انہیں کی تقلید پر انحصار کرنا اور حنفی شافعی کہلانا بدعت وشرک ہے سو یہ محض تعصب ہے۔ دیکھو سینکڑوں محدّث اور مشائخ حدیث کی کتابیں ہیں مگر ان میں سے جس طرح صحاح ستّہ اور شیخینؒ کو علماء نے منتخب کر لیا ہے اسی طرح ان کو بھی۔ اگر وہ بدعت نہیں تو یہ بھی نہیں اور جس طرح بخاری ومسلم جیسا محدث ہو جانا ممکن ہے اسی طرح ائمہ اربعہ کا سا مجتہد ہو جانا بھی امکانِ عقلی رکھتا ہے مگر عادتاً بوجہ مفقود ہونے شرائط کے نہیں پایا جاتا اور چاروں میں انحصار ایک انتظامی بات ہے اس پر علماء کا اتفاق ہے جیسا کہ صحیح بخاری کی صحت پر۔ تقلید غیر کے قول کو بلا دلیل حُسنِ ظن سے تسلیم کرنا ہے جو ایک قسم کی تصدیق ہے خواہ وہ کوئی ہو اور جس قول کو بلا دلیل تسلیم کیا ہے خواہ وہ مسائلِ فقہیہ میں سے ہو خواہ الٰہیات فلکیات وغیرہا امور میں سے ہو اور مقلّد کے پاس اُس قول کے برحق ہونے کے لئے بجز حُسنِ ظن کے اور کوئی دلیل نہیں ہوتی ہاں جس کی تقلید کرتا ہے اُس کے پاس ہوتی ہے اب یہ کیا کم تعجب کی بات ہے کہ تقلید ائمہ اربعہ خصوصاً مسائلِ فقہیہ پر اعتراض، مگر قاضی شوکانیؒ وابن قیمؒ و ابن حزمؒ وامام بخاریؒ وغیرہ اُن لوگوں کی تقلید کہ جن سے اُن کو حُسنِ ظن ہے مقبول ہو، ورنہ اِس تقلید کا وجوب اور اُس کی حرمت مخالف کے ذمہ پر ہے۔ ہاں جو کوئی نصوص قرآنیہ یا احادیث کو قیاس کے مقابلہ میں نہیں مانتا یا تاویل رکیک کرتا ہے وہ بیشک بُرا کرتا ہے ؛

أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ يَزْعُمُونَ أَنَّهُمْ
(اے نبی ﷺ!) کیا آپ نے ان کو بھی دیکھا کہ جو دعویٰ (تو یہ) کرتے ہیں کہ جو کچھ آپ پر
آمَنُوا بِمَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ وَمَا أُنْزِلَ
نازل ہوا اور آپ سے پہلے نازل ہوا ہم سب پر ایمان رکھتے
مِنْ قَبْلِكَ يُرِيدُونَ أَنْ يَتَحَاكَمُوا
ہیں (اور حال یہ ہے کہ) شیطان سے منصفی کرانا چاہتے
إِلَى الطَّاغُوتِ وَقَدْ أُمِرُوا أَنْ
ہیں حالانکہ اُن کو اُس سے منکر ہو جانے کا حکم
يَكْفُرُوا بِهِ وَيُرِيدُ الشَّيْطَانُ أَنْ
ہو چکا ہے۔ اور شیطان (تو یہی) چاہتا ہے کہ ان کو گمراہ کر کے
يُضِلَّهُمْ ضَلَالًا بَعِيدًا ﴿٦٠﴾ وَإِذَا قِيلَ
بہت ہی دُور جا ڈالے۔ اور جب ان کو کہا جاتا
لَهُمْ تَعَالَوْا إِلَى مَا أَنْزَلَ اللَّهُ وَ
ہے کہ جو کچھ اللہ تعالیٰ نے نازل کیا ہے اس کی طرف اور
إِلَى الرَّسُولِ رَأَيْتَ الْمُنَافِقِينَ
رسول ﷺ کی طرف (فیصلے کے لئے) چلو تو (آپ) منافقوں کو دیکھیں گے کہ
يَصُدُّونَ عَنْكَ صُدُودًا ﴿٦١﴾ فَكَيْفَ
آپ سے اکڑ کر رہ جاتے ہیں۔ پھر اُس وقت
إِذَا أَصَابَتْهُمْ مُصِيبَةٌ بِمَا قَدَّمَتْ
کیا ہوتا ہے کہ جب اُن کی بداعمالی سے جو کچھ وہ کر چکے ہیں اُن پر کوئی مصیبت
أَيْدِيهِمْ ثُمَّ جَاءُوكَ يَحْلِفُونَ
آ پڑتی ہے تو (اس وقت) آپ کے پاس وہ قسمیں کھاتے ہوئے آتے ہیں
بِاللَّهِ إِنْ أَرَدْنَا إِلَّا إِحْسَانًا وَ
کہ ہم نے تو صرف بھلائی اور ملاپ
تَوْفِيقًا ﴿٦٢﴾ أُولَئِكَ الَّذِينَ يَعْلَمُ
چاہا۔ یہ وہ لوگ ہیں کہ خدا تعالیٰ ان کے دلوں کی
اللَّهُ مَا فِي قُلُوبِهِمْ فَأَعْرِضْ عَنْهُمْ
بات جانتا ہے، سو آپ (بھی) ان سے درگزر کیجئے

Marfat.com

وَعِظْهُمْ وَقُلْ لَّهُمْ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ

اور ان کو نصیحت کردو اور ان کے حق میں بڑی مؤثر

قَوْلًا بَلِيْغًا ﴿۶۳﴾

بات کہدو۔

ترکیب

یریدون حال ہے الذین یزعمون سے انہم اور اس کا معمول قائم مقام دو مفعولوں کے ہیں وقد امروا حال ہے فاعل یریدون سے ضلالاً اے فیضلّوا ضلالاً اور بمعنے اِضلالاً بھی ہوسکتا ہے فی انفسہم متعلق ہے قل سے ؛

تفسیر

پہلی آیتوں میں تھا کہ اللہ تعالےٰ اور رسول صلے اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کرو اور قضایا کے فیصلے انھیں کے سپرد کردو۔ یہاں اس بات کو ظاہر کیا جاتا ہے کہ ایسے بھی تیرہ باطن لوگ ہیں کہ باوجودے کہ ان کو اس بات کا اقرار ہے کہ ہم قرآن اور سب اگلی کتابوں پر ایمان رکھتے ہیں مگر اس وجہ سے کہ ان کے دلوں میں نور ایمان نہیں صرف ظاہری ایمان ہے اپنے قضایا ناپاک اور شیطانی لوگوں کے پاس فیصلے کے لئے لے جانا چاہتے ہیں اس امید سے کہ وہ رشوت لے کر یا کسی خاص وجہ سے ہم پر رعایت کریں گے اور اللہ تعہ و رسولؐ اور ان کے جانشینوں کے ہاں یہ بات کہاں؟ وہاں سوا حق کے اور کچھ نہیں۔ انسان کی تاریکیٔ باطن کی یہ بھی پوری علامت ہے کہ وہ معاملات میں انصاف ملحوظ نہ رکھے اور صورت نزاع جھگڑے کو اچھے اور خدا پرست لوگوں کی طرف سے اٹھا کر ناخدا ترس لوگوں کی طرف بامید رعایت رجوع کرے ایسی صورت میں اس کا ظاہری ایمان اور لاف زنی کچھ فائدہ مند نہیں۔ مدینہ میں کچھ اہل کتاب اور کچھ قبیلۂ انصار سے ایسے لوگ بھی تھے کہ جو بظاہر دعویٰ ایمان کرتے تھے اور جب کوئی معاملہ آپڑتا اور کوئی جھگڑا قائم ہوجاتا تو اس کے لئے کعب بن اشرف یہودی وغیرہ رشوت خواروں کو پنچ بناتے اور جو کوئی ان سے کہتا خدا تعالےٰ کے کلام اور اس کے رسولؐ کی طرف چلو وہاں کا فیصلہ منظور کرنا چاہیئے تو رسولؐ کے پاس جانے سے اپنی باطنی خیانت کے سبب انکار کرنے لگتے تھے اور جب ان پر کوئی سختی مصیبت پیش آجاتی تھی جو بیشتر انسان کے اعمال بد کا نتیجہ ہوتا ہے تو اپنے مطلب کے لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں دوڑ کر حاضر ہوتے اور اس عدم حاضری کے جھوٹے عذر کرتے اور قسمیں کھاتے کہ یا حضرتؐ! اس میں بعض مصلحتیں تھیں ورنہ کوئی اور بات نہ تھی۔ اس لئے پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم کو حکم دیتا ہے کہ منافق جھوٹے ہیں ان کے دل کا حال ہم کو خوب معلوم ہے مگر تم ان کی ان باتوں پر گرفت نہ کرو بلکہ اپنے خلق عظیم کی وجہ سے درگزر کرو اور ان کو نہایت نرم اور اثر بخش بات سے نصیحت کردو تاکہ ان کی طبیعتوں میں اثر پیدا ہو۔ چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ایسا ہی کرتے تھے جس کا اثر یہ ہوا کہ بہت سے منافق سچے ایماندار ہوگئے۔ اس آیت میں جس طرح بہت سے فائدہ مند اصول امت کو تعلیم دیئے گئے ہیں اسی طرح واعظ اور ناصح لوگوں کو بھی نرمی کی تلقین فرمائی ہے۔

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِيُطَاعَ

اور ہم نے ہر ایک رسول کو اسی لئے بھیجا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے حکم

بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا

سے اس کا حکم مانا جاوے، اور کاش وہ لوگ جنھوں نے اپنا برا کیا ہے

اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ

آپؐ کے پاس آتے (اور) پھر خدا تعالےٰ سے معافی مانگتے

وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ

اور رسولؐ (بھی) ان کے لئے معافی مانگتا تو البتہ وہ اللہ تعالےٰ کو

تَوَّابًا رَّحِيْمًا ﴿۶۴﴾ فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ

(بھی) معاف کرنیوالا مہربان پاتے پھر (اے نبیؐ!) آپؐ کے رب کی قسم وہ ہرگز مومن نہ ہوں

Marfat.com

حَتّٰى يُحَكِّمُوكَ فِيمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ
جب تک کہ آپؐ کو اپنے جھگڑوں میں منصف نہ بنائیں۔ پھر
لَا يَجِدُوا فِي أَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ
ان کے دل میں آپؐ کے فیصلہ سے کچھ ناراضی (بھی) پیدا نہ ہو اور (اخیر کو)
وَيُسَلِّمُوا تَسْلِيمًا ﴿٦٥﴾ وَلَوْ أَنَّا كَتَبْنَا
بخوشی خاطر قبول بھی کر لیں۔ اور اگر ہم ان پر یہ بات فرض کر دیتے
عَلَيْهِمْ أَنِ اقْتُلُوا أَنْفُسَكُمْ أَوِ
کہ تم اپنے آپ کو خود ہلاک کر دو یا
اخْرُجُوا مِن دِيَارِكُم مَّا فَعَلُوهُ إِلَّا
اپنے ملک سے نکل جاؤ تو ان میں سے بہت ہی کم لوگ
قَلِيلٌ مِّنْهُمْ ۖ وَلَوْ أَنَّهُمْ فَعَلُوا مَا
کرتے، اور اگر وہ یہی بات عمل میں لانے جس کی
يُوعَظُونَ بِهِ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ وَ
ان کو نصیحت کی جاتی ہے تو ان کے لئے بہت ہی بہتر ہوتا اور
أَشَدَّ تَثْبِيتًا ﴿٦٦﴾ وَإِذًا لَّآتَيْنَاهُم مِّن
(حق میں) ثابت قدمی کا باعث ہوتا۔ اور بیشک اس وقت تو ہم بھی ان کو
لَّدُنَّا أَجْرًا عَظِيمًا ﴿٦٧﴾ وَلَهَدَيْنَاهُمْ
اپنے پاس سے بڑا (ہی) اجر دیتے۔ اور ان کو راہ راست کی
صِرَاطًا مُّسْتَقِيمًا ﴿٦٨﴾
ہدایت کرتے۔

ترکیب

لیطاع موضع نصب میں ہے مفعول لہٗ ہو کر اور لام ارسلنا سے متعلق ہے باذن اللہ موضع حال میں ہے ضمیر لیطاع سے اور مفعول بہ بھی ہو سکتا ہے ای بسبب امر اللہ ولو انہم شرط اذ اس میں خبر ان عامل ہے جو جاوک ہے لوجدوا اللہ جملہ جواب شرط فلا ورب لا یؤمنون میں اول لا زائدہ ہے والتقدیر فورب لا یؤمنون اور ممکن ہے کہ دوسرا زائدہ ہو اور قسم نفی اور منفی کے درمیان واقع ہو۔

تفسیر

پہلی آیت میں تھا کہ جب ان کو رسولؐ کی طرف بلایا جاتا ہے تو وہ باوجود ادعائے ایمان کے اس سے اکڑتے ہیں۔ یہاں یہ بات بیان کی جاتی ہے کہ ان کو رسولؐ سے انحراف نہ کرنا چاہیئے تھا کیونکہ رسولؐ دنیا میں اس لئے بھیجے جاتے ہیں کہ لوگ ان کی اطاعت کریں۔ (۲) پھر ان کے بروقت حضوری جھوٹی قسمیں کھانے اور ناحق کی باتیں بنانے کی نسبت فرماتا ہے اگر بجائے اس کے اس وقت رسولؐ کے پاس حاضر ہو کر خدا تعالیٰ سے معافی مانگتے اور رسولؐ بھی ان کے لئے معافی مانگتا تو خدا تعالیٰ غفور رحیم ہے معاف ہی کر دیتا۔ رسولؐ کا معافی مانگنا باعث قبولیت ہے اور نیز رسول (صلے اللہ علیہ وسلم) اللہ تعالیٰ اور بندہ میں واسطہ ہے اس لئے اس کا ذکر آیا۔ پھر اس روگردانی اور دعوائے ایمانی کی نسبت فرماتا ہے کہ اے نبیؐ! ہم کو تمہارے رب یعنی اپنی ذات کی قسم وہ اس ظاہری ایمان پر نازاں نہ ہوں وہ ہرگز سچے مؤمن شمار نہ ہوں گے جب تک کہ وہ آپؐ کو اپنے جھگڑوں میں پنچ اور حکم مقرر نہ کریں گے اور پھر اس سے دل میں بھی راضی ہوں اور زبان سے بھی تسلیم کریں۔ بیشک انسان جب تک نبیؐ کے حکم پر راضی نہ ہوگا ہرگز مؤمن نہ ہوگا اور اس کی کسی ایک بات کو بھی ردّ کرے گا بشرطیکہ قطعی الثبوت ہو کافر ہوگا اس کے بعد یہ بات بتائی جاتی ہے کہ ہم رسولؐ کی معرفت سخت اور دشوار حکم بھی نہیں دیتے جس سے وہ رُکتے ہیں۔ کیونکہ اگر ہم کوئی ایسا سخت حکم دیتے کہ بنی اسرائیل[1] کی طرح اپنے آپ کو قتل کر ڈالو یا اپنے ملک سے نکل جاؤ تو اس پر تو بہت ہی کم لوگ عمل کرتے یعنی صرف سچے ایماندار۔ پھر فرماتا ہے کہ یہ تو بڑی بات ہے کاش وہ انھیں سہل احکام پر عمل کریں تو بھی ان کے

[1] بنی اسرائیل پر ان کی سرکشی کے سبب سخت سخت احکام جاری ہوتے تھے منجملہ ان کے مصر سو (جو مدتوں سے ان کا وطن ہو گیا تھا) نکلنا پھر گوسالہ پرستی کی توبہ میں اپنے آپ کو ہلاک کر ڈالنا وغیرہ ۱۲ منہ

Marfat.com

حق میں بہتر ہو لکان خیرًا لھم سے اخیر تک اُس حکمت اور سرّ کی طرف اشارہ ہے جو رسول ؐ کی اطاعت پر متفرع ہوتے ہیں اور اس بات کا بھی اظہار ہے کہ اس فرمانبرداری سے اللہ تعالیٰ اور رسول ؐ کا کچھ فائدہ نہیں بلکہ تمھارا ہی فائدہ ہے۔

وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِكَ

اور جو لوگ اللہ تعالیٰ اور رسول ؐ کی اطاعت کرتے ہیں تو وہ

مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ

اُن کے زمرہ میں ہیں کہ جن پر خدا تعالیٰ نے کرم کیا ہے (یعنی)

النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ

انبیاءؑ اور صدیقین رضؓ اور شہداءؓ

وَالصّٰلِحِيْنَ ۚ وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا ﴿۶۹﴾

اور صالحین رضؓ اور اُن کی رفاقت کیا ہی عمدہ ہے۔

ذٰلِكَ الْفَضْلُ مِنَ اللّٰهِ ۭ وَكَفٰى

یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے۔ اور اللہ تعالیٰ

بِاللّٰهِ عَلِيْمًا ﴿۷۰﴾ ع

کا جاننا کافی ہے۔

ترکیب

ومن یطع شرط فاولئک جواب اور ممکن ہے کہ مبتدا اور خبر ہوں من النبیین بیان ہے الذین انعم اللہ علیہم کا حسن کا فاعل اولئک۔ رفیقا تمیز ذلک مبتدا الفضل خبر۔

تفسیر

اس سے پیشتر کئی ایک آیتوں میں پے درپے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ؐ کی فرمانبرداری کی تاکید چلی آتی ہے اور ہر ایک جگہ اس اطاعت کا جداگانہ فائدہ بھی بیان ہوتا آیا ہے۔ چنانچہ اس پہلی آیت میں چار فائدے بیان کئے تھے (۱) لکان خیرا لھم (۲) واشد تثبیتا کہ اس سے خوب ثابت قدمی حاصل ہوتی (۳) واذا لآتینا ہم الآیۃ (۴) ولہدینا ہم الخ اب اس آیت میں ایک اور سرّ لطیف کی طرف ایک بڑے فائدے کے ضمن میں اشارہ کرتا ہے۔

فائدہ یہ کہ اللہ تعالیٰ و رسول ؐ کی اطاعت کہ جس پر انسان طوعًا و کرہًا مامور کیا جاتا ہے نہ کوئی عبث بات ہے نہ اس میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ؐ کا کچھ فائدہ ہے کہ وہ زبردستی اپنے بندوں سے نوکری یا خدمت لیتا ہے بلکہ اس میں بندوں کا ایک بڑا فائدہ ہے وہ یہ کہ آدمی بسبب غلبہ قوٰی بہیمیہ کے سعادت آخرت کے سیدھے رستہ پر نہیں چل سکتا وہم اور شہوات اور غضب و طمع راہزن بن کر اُس رستہ سے بہکا دیتے ہیں بُری بات کو اچھی بنا کر دکھا دیتے ہیں البتہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ہادی اور رسول بھیجتا ہے اور جو اس کو سیدھی راہ کی طرف بلاتے ہیں کہ ہوشیار ادھر ادھر نہ مائل ہونا سیدھے میرے پیچھے چلے آؤ عقل اور الہام الٰہی کی مشعل ہاتھ میں لئے میرے قدم بقدم چلو جس نے اُس کا کہنا مان لیا اور رسول ؐ کے فرمودہ پر عمل کیا تو وہ سیدھا منزل مقصود (عالم قدس) تک پہنچ گیا جہاں ابرار انبیاءؑ اور صدیقین رضؓ اور شہداء رحؒ و صالحین رحؒ رہتے ہیں وہاں نہ کچھ غم ہے نہ رنج بلکہ سرور ابدی اور حیات جاودانی ہے۔ اُن کے ساتھ ہونے سے یہ بات نہیں پائی جاتی کہ ان کے درجات میں کچھ تفاوت نہ ہوگا جیسا کہ امیر و وزیر و عالم رعایا ایک شہر میں ہوتے ہیں اور ہر ایک کے درجات اور مقامات جداگانہ ہوتے ہیں۔ ثوبانؓ غلام آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے جو آپؐ پر عاشق زار تھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے عالم آخرت میں جدا رہنے پر رنج ظاہر کیا کہ آپؐ ان اعلیٰ مقامات میں ہوں گے جہاں ہمارا گزر نہ ہوگا۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی کہ وہاں جدائی نہ ہوگی کیونکہ اس عالم میں جب کہ ارواح ناقصہ کو ارواح صافیہ سے محبت و اتباع کا تعلق کامل ہو جاتا ہے تو اس عالم کو چھوڑ کر دوسرے عالم میں جاتی ہیں تو اس تعلق کی وجہ سے اُن میں انوار تجلیات اس منعکس ہوں گے کہ جس طرح باہم آمنے سامنے کے آئینوں کی

Marfat.com

روشنی صفائی کی وجہ سے ایک دوسرے میں چمکتی ہے۔

سرّ لطیف یہ ہے کہ ہر چیز اپنے خیز اصلی کی طرف بے خود کھنچتی ہے پھر جن کا خیز طبعی عالم قدس اور صحبت انبیاءؑ وصدیقینؒ و شہداءؒ وصالحینؒ ہے وہ از خود ادھر ہی جاتی ہیں۔ یہ معنے ہوئے کہ اللہ تعالےٰ اور اُس کے رسولؐ کا کہنا وہی مانتے ہیں جو اُن لوگوں کے زمرہ کے ہیں برخلاف بدبخت جہنمیوں کے۔ نیک لوگوں کے بترتیب چار مرتبہ ہیں (۱) نبی "النبیین" (۲) نبیؐ کی قوت نظریہ کا (جو اعلےٰ) پر تو اہے صدّیق ہوتا ہے جس کی صفت اسرار نبوّت کی تصدیق کرنا ہے (۳) اور قوت عملیہ کا پرتو شہید ہے جس کا کام عالم غیب کے برحق ہونے کی گواہی دینا ہے خواہ قلم سے خواہ زبان سے خواہ جان سے اور اسی لئے شہید کچھ مقتول فی سبیل اللہ ہی میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلّم نے منحصر نہیں کر دیا بلکہ عام کر دیا (۴) ان کے بعد وہ ہیں کہ جن میں پہلے درجوں سے کم نبی کی دونوں قوتوں کا پرتو ہے اس کو صالح کہتے ہیں۔ چونکہ یہ مقام رغبت کا تھا اس لئے مناسب تھا کہ اعلیٰ کو پہلے بیان کیا جائے اس لئے اول النبیین پھر الصدّیقین الخ بیان ہوا۔ اسی طرح ان درجات کی کیفیات اور اطاعت کے خلوص معلوم کرنے کے لئے وکفےٰ باللہ علیما نہایت ہی مناسب ارشاد ہوا۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا خُذُوْا حِذْرَكُمْ

ایمان والو! اپنے ہتھیار پکڑلو

فَانْفِرُوْا ثُبَاتٍ اَوِ انْفِرُوْا جَمِيْعًا ﴿۷۱﴾

پھر ٹکڑے ٹکڑے ہو کر یا سب مل کر نکلا کرو۔

وَاِنَّ مِنْكُمْ لَمَنْ لَّيُبَطِّئَنَّ ۚ فَاِنْ

اور بیشک تم میں کچھ ایسے (بھی) ہیں کہ جو نکلنے میں سستی کرتے ہیں۔ پھر اگر

اَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةٌ قَالَ قَدْ اَنْعَمَ

تم کو کوئی مصیبت آتی ہے (تو) کہنے لگتا ہے کہ مجھ پر اللہ تعالیٰ کی بڑی عنایت تھی

اللّٰهُ عَلَيَّ اِذْ لَمْ اَكُنْ مَّعَهُمْ شَهِيْدًا ﴿۷۲﴾

جو میں تمہارے ساتھ موجود نہ تھا۔

وَلَئِنْ اَصَابَكُمْ فَضْلٌ مِّنَ اللّٰهِ لَيَقُوْلَنَّ

اور جو تم پر فضل الٰہی ہو جاتا ہے تو ایسا بن کر گویا کبھی

كَاَنْ لَّمْ تَكُنْۢ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهٗ

اور اس میں کوئی محبت ہی نہ تھی، (یہ کہنے

مَوَدَّةٌ يّٰلَيْتَنِيْ كُنْتُ مَعَهُمْ فَاَفُوْزَ

لگتا ہے) کہ اے کاش میں بھی اُن کے ساتھ ہوتا تو بڑی

فَوْزًا عَظِيْمًا ﴿۷۳﴾

مُراد پاتا۔

ترکیب

ثبات جمع ثبۃ بمعنے جماعت اور اس کی اصل ثبوت اور تصغیر ثبیۃ یہ حال ہے فانفروا سے اور اسی طرح جمیعًا حال ہے من اسم ان لیبطئن اس کا صلہ یا صفت منکم خبر ان۔ فان اصابتکم شرط قال الخ جواب اذ ظرف ہے انعم کا کان لم تکن بینکم وبینہ مودۃ جملہ معترضہ ہے لیقولن اور اس کے مفعول یلیتنی الخ میں یہاں منادیٰ محذوف ہے یا قوم لیتنی۔ ابو علی ایسی جگہ منادیٰ محذوف نہیں مانتے۔

تفسیر

جب کہ اللہ تعالےٰ اور اُس کے رسولؐ کی اطاعت کا حکم مؤکد بجوہ ہو چکا اور اُس کے فوائد بیان ہو چکے کہ جن پر موافق حکم اللہ تعالےٰ اور رسولؐ کے پابندی اور اطاعت ضروری ہے بڑی اصل الاصول بات جہاد ہے اس لئے اُس تمہید کے بعد اس کا حکم دیتا ہے کہ ایمانداروں ہتھیار اُٹھاؤ اور دشمن کے مقابلہ کے لئے ایک ایک جماعت ہو کر نکلو یا سب مل کر چلو۔ حذرکم، واحدی کہتے ہیں کہ حذر سے مراد ہتھیار ہیں کیونکہ یہ دشمن سے بچنے اور محفوظ رہنے کا سبب ہیں اور در اصل حذر کے معنے بچاؤ اور ڈر کے ہیں یعنی دشمن سے

Marfat.com

غافل نہ رہو۔ فانفروا، نفر کے معنے کوچ کرنے اور تیار ہونے کے ہیں اور ایسے آمادۂ جنگ لوگوں کو نفیر کہا کرتے ہیں۔ یعنی اگر چھوٹی جماعت کہ جس کو سریہ کہتے ہیں ضرورت پڑے تو وہ نکلے اگر اور سب کی ضرورت ہو تو سب چلیں لڑائی کا انجام یا فتح وظفر دشمن کا مال وملک قبضہ میں[عہ] آنا یا شکست پانا زخم اُٹھانا ہے۔ چونکہ یہ جنگ دنیاوی بادشاہوں کی جنگ نہیں جس کی صرف فتحمندی میں فائدہ تصوّر ہو اور یہاں بظاہر فتح نظر نہ آوے یا مشقّت وتکلیف دکھائی دے تو کنارہ کشی اور پہلو تہی کی جائے بلکہ یہ اُس آسمانی سلطنت کی جنگ ہے کہ جس کے ظہور کی انبیاء علیہم السّلام خصوصاً یسعیاہؑ اور داؤدؑ و دانیالؑ وحضرت مسیح علیہم السّلام خبر دیتے آئے ہیں جس جنگ کا منشا بُت پرستی کی شوکت توڑنا راستی اور تہذیب اور توحید کے مٹانے والوں کا مٹانا ہے جس کی فتح تو فتح ہے مگر شکست میں بھی عالمِ آخرت کے لئے اس فوج کے سپاہیوں کو حیاتِ ابدی اور جنان الفردوس کی دائمی پنشن ملتی ہے سو اس کی شکست کو قہر اور مصیبت اور ہزیمت کو زہر سمجھ کر اس میں سُستی نہ کرنا چاہیئے۔ مگر مدینہ طیبہ میں کچھ لوگ منافق اور سُست ایمان ایسے بھی تھے کہ جو اس جنگ کے شریک ہونے میں حیلہ جوئی اور سُستی کرتے تھے اور جو کبھی اس لشکرِ اسلام پر مصیبت وہزیمت پڑ جاتی تھی تو خوش ہو کر یہ کہتے تھے کہ خدا تعالیٰ نے ہم پر بڑی مہربانی کی جو ہم اس جنگ میں شریک نہ ہوئے ورنہ ہم پر بھی مصیبت پڑتی وہ اپنے شریک نہ ہونے کو حالتِ شکست میں انعامِ الٰہی سمجھتے ہیں اور فتح ونصرت کے وقت تأسّف کر کے اور اپنے آپ کو بالکل اجنبی سمجھ کر کہ گویا ان میں اور اہلِ اسلام میں کبھی کوئی علاقہ محبّت ومودّت ہی نہ تھا جو اس فتح میں ان کا کوئی حصّہ مقرر کرتا) یہ کہتے ہیں کہ کاش ہم بھی اُن کے ساتھ ہوتے تو اس غنیمت میں شریک ہو کر بڑے ہی نہال ہوتے اس سے اللہ تعالیٰ کی یہ غرض ہے کہ اے ایماندارو! تم کو ایسا سُست ایمان اور حیلہ جو نہ ہونا چاہیئے خصوصاً ایسے کام میں کہ جس پر تمھاری سعادتِ دارین موقوف ہے۔

فَلْيُقَاتِلْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ الَّذِينَ

پھر اللہ تعالیٰ کی راہ میں ان لوگوں کو لڑنا چاہیئے کہ جو حیات

يَشْرُونَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا بِالْاٰخِرَةِ ؕ وَ

دنیا کو آخرت کے لئے بیچتے ہیں۔ اور

مَنْ يُّقَاتِلْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَيُقْتَلْ

جو کوئی اللہ تعالیٰ کی راہ میں لڑے پھر مارا جائے

اَوْ يَغْلِبْ فَسَوْفَ نُؤْتِيهِ اَجْرًا عَظِيمًا ﴿۷۴﴾

یا غالب آجائے سو ہم اُس کو جلد اجرِ عظیم دیں گے۔

وَمَا لَكُمْ لَا تُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ

اور تمھیں کیا ہو گیا ہے جو اللہ تعالیٰ کے لئے

وَالْمُسْتَضْعَفِينَ[۲] مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ

اور ناتواں مردوں اور عورتوں اور

وَالْوِلْدَانِ الَّذِينَ يَقُولُونَ رَبَّنَا

بچوں کے لئے نہیں لڑتے کہ جو (پڑے) کہہ رہے ہیں کہ اے ہمارے رب!

اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ

ہم کو ظالم لوگوں کے اس شہر سے نکال

اَهْلُهَا ۚ وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۚ

دے۔ اور ہمارے لئے اپنی طرف سے کوئی حمایتی کھڑا کر دے۔

وَّاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيرًا ؕ ﴿۷۵﴾

اور ہمارے لئے اپنے یہاں سے کسی کو مددگار بنا دے۔

[۱] یعنی آخرت اور رضائے الٰہی میں جانبازی کرنے والوں کو دشمنوں سے لڑنا چاہیئے ۱۲ منہ

[۲] جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہجرت کر کے مدینہ طیبہ چلے آئے تو آپ کے بہت سے ضعیف لوگ بڈھے عورتیں بچے جو ایمان لے آئے تھے کفار کے پنجہ میں گرفتار رہ گئے ان پر طرح طرح کی تکلیفیں پڑتی تھیں، مار پیٹ گالی گلوچ سے گزر کر ان کو زنجیروں میں باندھ رکھا تھا وہ یہ دُعا کرتے تھے کہ اے خدا تعالیٰ! ہم کو یہاں سے نکال اور ہمارے لئے کوئی حمایتی کھڑا کر دے ان کی رستگاری کے لئے مسلمانوں کو جہاد وقتال کی

(باقی صفحہ ۱۷۷ پر)

عہ فتح وغنیمت ۱۲ منہ

Marfat.com

ترکیب

فلیقاتل فعل فی سبیل اللہ اس سے متعلق الذین آخر فاعل ومن یقاتل شرط فسوف نؤتیہ جواب و مالکم استفہام مبتدا و خبر لا تقاتلون موضع حال میں ہے والمستضعفین معطوف ہے اسم اللہ پر اے وفی سبیل المستضعفین اے فی تخلیصھم من الرجال آخر ان کا بیان ہے الذین یقولون جملہ صفت ہے مستضعفین کی یا منصوب باضمار اعنی۔

تفسیر

مشرکین مکہ نے جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور دیگر ایمانداروں پر بے حد ظلم وستم کرنے شروع کئے ایمانداروں سے خرید وفروخت، شادی بیاہ بند کردی ادھر کسی ایماندار بلال رضؓ وصہیب رضؓ جیسے کو گرم زمین پر لٹا کر کوڑے مارے جاتے ہیں، کہیں کوئی خاندان کا بزرگ ان عورتوں اور بچوں پر جو ایمان لے آئے ہیں ظلم کر رہا ہے قید میں ڈال رکھا ہے خاص آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے قتل کے ہر روز منصوبے باندھے جاتے ہیں جا بجا ایمانداروں پر مار پیٹ ہوتی ہے انتہٰی یہ ہو اکہ مسلمانوں کو جب برداشت نہ رہی تو ہجرت کی اجازت ہوگئی خود آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم اور خلفائے اربعہ رضؓ اور بہت سے وہ مرد وزن کہ جو مکہ مکرمہ سے نکل سکتے تھے نکل کر مدینہ طیبہ میں آئے اور بہت سے چھوٹے لڑکے اور غلام عورتیں اور ضعیف وبیمار یا اور کسی وجہ میں گرفتار ہیں مشرکین کی قید میں رہ گئے اب تو یہ سمجھ کر کہ مبادا یہ بھی بھاگ کر مدینہ چلے جائیں اُن پر اور بھی ظلم وستم ہوتا تھا اور سخت قید تھی (عشق الٰہی کی بدولت)۔

(بقیہ حاشیہ صـ۱۷۶) ترغیب دلائی جاتی ہے اور ان پر رحم دلایا جاتا ہے کہ تم کو کیا ہوگیا کہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں ان ضعفاء کی رستگاری کے لئے نہیں لڑتے یہ وہ امور تھے کہ جنھوں نے جہاد وقتال پر مسلمانوں کو مجبور کیا تھا جس کو مخالف ڈاکہ زنی سے تعبیر کرتا ہے ۱۲ حقانی

منجملہ ان موقعوں کے کہ جہاں جہاد فرض ہوجاتا ہے ایک یہ بھی موقع تھا اس لئے ان آیات میں خدا تعالیٰ ایمانداروں کو طرح طرح سے حمیت دلا کر جہاد پر آمادہ کرتا ہے تاکہ ایماندار کو کفار کے جور وستم سے مخلصی ہو اول تو خذوا حذرکم فرمایا پھر یہاں فلیقاتل الخ فرما کر ومالکم لاتقاتلون فی سبیل اللہ فرماتا ہے اور ان گرفتاروں کے کلمات نقل کر کے رقت دلاتا ہے۔ فلیقاتل یعنی اللہ تعالیٰ کی راہ میں لڑنا اور جان دینا ہر شخص اور ہر بوالہوس کا کام نہیں ع سوز وغم پروانہ مگس راند ہند۔ بلکہ اُن کا کام ہے جنھوں نے آخرت اور وہاں کے نعماء ونعیم باقیہ کے لئے اپنی زندگی کو بیچ دیا ہے تمام مزہ اور کل ہوسیں خدا تعالیٰ کے نذر کر چکے ہیں۔ اگر فلیقاتل کا فاعل اہل ایمان وغیرہ قرار دیا جائے تو الذین آخر اس کا مفعول ہوگا جس کے معنے ہوں گے کہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں اُن بدبخت لوگوں سے لڑنا چاہیئے کہ جو آخرت دے کر دنیا خرید رہے ہیں۔ یشرون مضارع کا صیغہ دونوں صورتوں میں عجیب لُطف دے رہا ہے اس کے بعد یہ بات بتلاتا ہے کہ تم صرف فتحمندی ہی پر اجر آخرت کا حاصل ہونا منحصر نہ سمجھو بلکہ مغلوب ومقتول ہونے کی صورت میں بھی ہم اجر عظیم دیں گے یعنی شکست میں بھی فتح ہے۔ ومالکم الخ فرماتا ہے کہ تم کو کیا ہوا کہ جو تم اللہ تعالیٰ کی راہ میں نہیں لڑتے والمستضعفین حالانکہ کمزور مکہ مکرمہ میں پڑے ہوئے یہ کہہ رہے ہیں آخر اس میں ایما ہے کہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں لڑنا تا توان مرد عورتوں بچوں کی خلاصی کے لئے لڑنا ہے۔ ابن عباس رضؓ کہتے ہیں کہ میں اور میری والدہ بھی منجملہ انھیں قیدیوں کے تھے۔ الذین یقولون یہ اُن قیدیوں کا قول نقل کرتا ہے اس کے بموجب اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو حمایتی کھڑا کیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ مکرمہ فتح کر کے ان کو قید سے چھڑایا۔

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ	
جو ایماندار ہیں وہ تو اللہ تعالیٰ کی راہ میں لڑتے	ہیں

Marfat.com

اللّٰهِ ۚ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُقَاتِلُوْنَ فِيْ

اور جو منکر ہیں وہ شیطان کی راہ میں

سَبِيْلِ الطَّاغُوْتِ فَقَاتِلُوْٓا اَوْلِيَآءَ

لڑتے ہیں سو تم شیطان کے حامیوں

الشَّيْطٰنِ ۚ اِنَّ كَيْدَ الشَّيْطٰنِ كَانَ

سے لڑو، بیشک شیطان کا فریب کمزور

ضَعِيْفًا ﴿۷۶﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ قِيْلَ

ہے۔ (اے نبی ﷺ!) کیا آپ نے ان کو نہیں دیکھا کہ

لَهُمْ كُفُّوْٓا اَيْدِيَكُمْ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ

جن کو (چند روز) ہاتھ روکنے اور نماز پڑھنے اور

وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ۚ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ

زکوٰۃ دینے کے لئے کہا گیا تھا، پھر جب ان پر جہاد فرض ہوا تو ان میں

الْقِتَالُ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ يَخْشَوْنَ النَّاسَ

سے ایک فریق تو لوگوں سے ایسا ڈرنے لگا

كَخَشْيَةِ اللّٰهِ اَوْ اَشَدَّ خَشْيَةً ۚ وَ

جیسا کہ اللہ تعالیٰ سے ڈرتے ہیں یا اس سے بھی زیادہ۔ اور

قَالُوْا رَبَّنَا لِمَ كَتَبْتَ عَلَيْنَا الْقِتَالَ ۚ

کہنے لگے اے رب تو! تو نے ہم پر کس لئے جہاد فرض کر دیا؟

لَوْلَآ اَخَّرْتَنَآ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۭ قُلْ

ہم کو تھوڑے دنوں تک اور مہلت دینا تھا، آپ ان سے

مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيْلٌ ۚ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ

کہدیجئے کہ دنیا کا سامان بہت ہی کم ہے۔ اور آخرت کی نعمتیں کو پرہیزگاروں کے

لِّمَنِ اتَّقٰى ۣ وَلَا تُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ﴿۷۷﴾

لئے بہت (ہی) بہتر ہیں۔ اور (تم پر) تاگے کے برابر (بھی) ظلم نہ ہوگا۔

اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يُدْرِكْكُّمُ الْمَوْتُ وَلَوْ

تم جہاں کہیں (بھی) ہو گے تم کو موت آ ہی لے گی اگرچہ تم

كُنْتُمْ فِيْ بُرُوْجٍ مُّشَيَّدَةٍ ۭ

مضبوط برجوں ہی میں کیوں نہ ہو۔

ترکیب

فلما کُتب شرط اذا فریق الخ جواب اذا یہاں مفاجات کے لئے ہے جو ظرف مکان ہے اور ظرف مکان اس موقع پر اس اسم کی خبر ہو سکتا ہے جو اس کے بعد ہے وہ یہاں فریق ہے۔ منہم اس کی صفت اور یخشون حال ہے اور ممکن ہے کہ اذا خبر نہ ہو تب فریق مبتدا اور منہم اس کی صفت اور یخشون خبر اینما شرط اور ما زائدہ ہے اور این شرطیہ پر تقویت معنی شرط کے لئے بیشتر داخل ہوتا ہے یدرککم جواب۔

تفسیر

اس آیت میں اور طرح سے جہاد کی ترغیب دلائی جاتی ہے وہ یہ کہ جب کفار شیطانی کام پر لڑتے اور شیطان کی سپاہ بن کر نیک کاموں سے روکتے ہیں اور موحدین کو ستاتے ہیں تو پھر ایمانداروں کو کیا ہوا جو اللہ تعالیٰ کی راہ میں حق پر نہ لڑیں بلکہ جو حقیقی ایماندار ہیں وہ ضرور اس کی راہ میں جان دینا دریغ نہیں کرتے۔ پھر فرماتا ہے کہ شیطان کے گروہ اور حمایت سے لڑو کیونکہ شیطان کی فوج ہمیشہ ہزیمت کھایا کرتی ہے۔ کہاں فرعون اور کہاں اس کا لشکر، آخر نمرود کا کیا حال ہوا؟ حضرت مسیح ؑ کے ستانے والے کیا ہوئے؟

اس آیت میں اور چند اسرار کی طرف اشارہ ہے۔ اوّل یہ کہ جو لوگ اسلام کی اس تعلیم پر اعتراض کرتے ہیں کہ دینیات اور تعلیم کا سلسلہ تو صرف وعظ و پند اور معجزات پر ہونا چاہیے تھا اس میں جہاد کیوں فرض کر دیا چند روز ہمیں دنیا میں جینے دینا تھا ۱۲ منہ

لہ ابتدائے اسلام میں بعض جلد باز منافق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے بار بار تقاضا کیا کرتے تھے کہ ہم کو جہاد کا حکم دیجئے اور جہاد کے متعلق آیات نازل ہونے کا بڑا شوق رکھتے تھے مگر مصلحت الٰہی اجازت نہ دیتی تھی اور کہا جاتا تھا کہ صرف نماز پڑھ لیا کرو صدقہ و خیرات کر دیا کرو یہی تمہارا فریضہ ہے۔ پھر جہاد فرض ہو گیا تو بھی چرانے اور لوگوں سے ڈرنے لگے اور خدا تعالیٰ سے کہنے لگے کہ ہم پر

Marfat.com

مار پیٹ قتال جدال کیسا؛ دیکھو مسیح علیہ السلام نے ایسا نہیں کیا بلکہ صبر اور برداشت کا حکم دیا ہے) اس میں اس کے جواب کی طرف اشارہ ہے وہ یہ کہ ہر چند حق کا اصل منشا یہ نہیں کیونکہ لااکراہ فی الدین ہے مگر جب بد تہذیب اور راستی کے دشمن اہل حق پر بے انتہا ظلم کرتے اور یہ چاہتے ہیں کہ اس کو مٹا ڈالیں، والذین کفروا یقاتلون فی سبیل الطاغوت تو اُن کے مقابلہ میں بشرطِ قوت اگر تلوار اُٹھانے کی اجازت نہ دی جائے تو اور کیا کیا جاوے؛ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو یہ قدرت قوم کی وجہ سے نہ پہنچی مخالفوں کے ساتھ لڑنے کا حکم دیا گیا اور حضرت مسیح علیہ السلام بلکہ اُن کے حواریوں کو یہ قدرت بہم نہ پہنچی اس لئے بجز صبر کے اور کیا کرتے مگر اس پر بھی آپ کے حواریوں کو جس وقت کہ گرفتار ہوئے ہتھیار بندی کا حکم دیا اور ایک حواری کی تلوار سے فریق مخالف کے ایک شخص کا کان اُڑ گیا۔ انجیل لوقا۔ اسی طرح مکہ مکرمہ میں جب کہ ایماندار کے پاس ساز و سامان نہ تھا نہ مقابلہ کے لئے قوت تھی اور بعض دل جلے صحابہ جیسے کہ عبدالرحمٰن رضؓ بن عوف ومقداد رضؓ وقدامہ رضؓ بن مظعون وسعد رضؓ بن ابی وقاص حضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے کفار کے ظلم وستم بیان کرکے اجازت مقابلہ کی مانگتے تھے مگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کسی مصلحتِ الٰہیہ کی وجہ سے رخصت نہ دیتے تھے اور یہ فرماتے تھے کہ اپنی اصلاح کی طرف متوجہ رہو، نماز پڑھو صدقہ وخیرات دیا کرو۔ چنانچہ اگلی آیت الم تر الی الذین قیل لہم کفوا ایدیکم واقیموا الصلوٰۃ واٰتوا الزکوٰۃ کے شانِ نزول میں کلبی وغیرہ نے یہی روایت کی ہے۔ پھر جب مدینہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے گئے اور صحابہ رضؓ مہاجرین وانصار کی جانباز قومیں اسلام میں داخل ہوئیں تو پھر ان کچ روؤں کی تہذیب کے لئے تلوار اُٹھانے کا حکم

ف انجیل لوقا کے بائیسویں باب ۳۶ ورس میں ہے اور جس کے پاس نہ ہو اپنا کپڑا بیچے اور تلوار مول لے؛ پھر ۴۹ ورس میں ہے کہ جب مسیح کو یہود کی جماعت ہتھیار بند ہو کر شب کو زیتون کی پہاڑی پر گرفتار کرنے آئے تو

حکم ہوا جس میں ان کے فعل بد کا جواب کلمہ بکلمہ دے کر ان کی درستی اور ضعفاء اسلام کی مخلصی کی گئی۔ حاصل جواب یہ کہ جب شیطان کی راہ میں اور دنیاوی اغراض کے لئے لڑنا کسی عقلمند کے نزدیک عیب نہیں تو پھر افشائے توحید و دادرسی اور حق کی اعانت کے لئے لڑنا کیوں عیب ہوگا؛

(دوم) فہمندی کا وعدہ ہے گو اس وقت (کہ صرف مدینہ طیبہ میں مٹھی بھر کر مسلمان تھے تمام روئے زمین پر کفر کی کالی گھٹا محیط تھی) اس پیشینگوئی کا ظہور عقل ظاہر بین کے نزدیک محال تھا مگر چونکہ عالم غیب میں یہ بات مقرر ہو چکی تھی اس لئے بے تردّد قرآن نے متعدد مقامات پر اس بات کی صاف صاف خبر دی۔ یہاں انّ کید الشیطان کان ضعیفا فرمایا پھر لیظہرہ علی الدین کلہ فرمایا۔ پھر توصاف صاف وعداللہ الذین آمنوا لیستخلفنہم فی الارض کہدیا۔

(سوم) یہ کہ صرف لڑنا کوئی عمدہ بات نہیں کیونکہ کفار بھی شیطان کی راہ میں لڑتے ہیں بلکہ اعلاء کلمۃ اللہ کے لئے ہونا چاہئے اس میں شہرت وشجاعت مقصود نہ ہو الم تر الی الذین یہ انھیں جلد بازوں کی بابت بیان فرما کر اور پھر جہاد میں سستی کرنے سے اُن پر الزام قائم کرتا ہے کہ تم جہاد فرض ہونے سے پہلے تو یہ کچھ کہا کرتے اور کہتے تھے پھر جب جہاد فرض ہوا تو موت سے ڈرنے لگے اور کہنے لگے کہ کاش ہم پر جہاد فرض نہ ہوتا تو ہم چند مدت اور جیتے۔ اگرچہ جہاد کے آرزومند مخلصین لوگ تھے مگر چونکہ منافقین بھی بظاہر انھیں میں شامل ہیں اس لئے اذا فریق منہم یخشون کہنا درست ہوا یعنی منافق دشمنوں سے ایسا ڈرتے ہیں کہ جیسا کوئی خدا تعالیٰ سے ڈرتا ہے یا اس سے بھی زیادہ۔ اور جانتے ہیں کہ جہاد میں جانا مرجانا ہے۔

حواریوں نے اُن کے مقابلہ میں تلوار چلانے کی اجازت مانگی بیان کہ مخالفین میں سے ایک کا کان کٹ گیا پھر یسوع نے فرمایا۔ یہیں تک رہنے دو (کیونکہ یہ امر شدنی ہے)۔ بلکہ خود مسیح نے رسّی کا کوڑا بنا کر لوگوں کو ہیکل میں سے سودا بیچتے ہوئے نکال دیا۔

Marfat.com

اس کے جواب میں نبی ﷺ کو یوں تعلیم فرماتا ہے کہ ان سے کہدو اگر یہ بھی تسلیم کرلیا جاوے کہ جہاد میں جانا باعثِ موت اور گھر بیٹھنے سے زندگی ہے تو یہ زندگی کب تک؟ یہاں کی نعمتیں کیا ہیں؟ آخر دارِ فانی ہے۔ البتہ عیش تو پرہیزگاروں کے لئے دارِ آخرت میں ہے جو کبھی فانی نہیں نہ کلفت پر مبنی ہے نہ اس کے بعد کلفت۔ برخلاف لذائذِ دنیا کے جب تک گرمی اور پیاس کی تکلیف نہ اُٹھائی جائے سایہ اور برف کا مزہ نہ آئے اور پھر زیادہ دیر کے بعد طبیعت مکدر ہوجائے ورنہ در اصل یہ خیال غلط ہے۔ موت کا وقت مقرر ہے خواہ اس وقت جہاد میں ہو خواہ مضبوط برجوں میں بیٹھا ہو خواہ مخواہ آوے گی پھر نامردی اور بزدلاپن عبث ہے۔

وَاِنْ تُصِبْهُمْ حَسَنَةٌ يَّقُوْلُوْا هٰذِهٖ
اور اگر ان کو کوئی بھلائی پہنچے تو کہتے ہیں کہ یہ اللہ تعالےٰ کی طرف
مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۚ وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ
سے ہے۔ اور اگر ان کو کوئی برائی پہنچتی ہے تو
يَّقُوْلُوْا هٰذِهٖ مِنْ عِنْدِكَ ۭ قُلْ
کہتے ہیں کہ (اے نبی ﷺ) یہ تیری طرف سے ہے۔ کہدو
كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۭ فَمَالِ هٰٓؤُلَاۗءِ
سب کچھ اللہ تعالیٰ ہی کی طرف سے ہے، پھر اس قوم کو کیا
الْقَوْمِ لَا يَكَادُوْنَ يَفْقَهُوْنَ حَدِيْثًا ﴿۷۸﴾
ہوگیا ہے جو بات بھی نہیں سمجھتے۔
مَآ اَصَابَكَ مِنْ حَسَنَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ ۘ
(اے انسان!) جو کچھ تجھ کو فائدہ پہنچے تو (وہ) اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔
وَمَآ اَصَابَكَ مِنْ سَيِّئَةٍ فَمِنْ نَّفْسِكَ ۭ
اور جو کچھ تجھ کو نقصان پہنچے سو (وہ) تیرے نفس کی شامت سے ہے۔
وَاَرْسَلْنٰكَ لِلنَّاسِ رَسُوْلًا ۭ وَكَفٰى
(اے نبی ﷺ) اور ہم نے آپ ﷺ کو لوگوں کی (ہدایت کیلئے) رسول بنا کر بھیجا ہے۔ اور (اس پر)
بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ﴿۷۹﴾
اللہ تعالےٰ کی گواہی کافی ہے۔

ترکیب

وان تصبھم شرط یقولوا الخ جواب فما مبتدا الھؤلاء القوم خبر لایکادون الخ جملہ حال ہے ما اصابک ما شرطیہ اصابک بمعنی یصیبک فمن اللہ جواب۔ وارسلنا فعل بافاعل ک مفعول للناس متعلق فعل سے رسولاً حال مؤکدہ۔

تفسیر

جہاد سے منہ چھپانے والوں کا ایک یہ بھی بہانہ تھا کہ وہ عالم اسباب پر نظر کرکے جو کچھ کبھی ہزیمت یا تکلیف پیش آتی یا مال و جان کا نقصان پہنچتا تھا تو وہ اس کو الزام دینے کے لئے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب کردیتے تھے کہ یہ برائی آپ کی وجہ سے پیش آئی اور جو فتح و ظفر اور غنیمت حاصل ہوجاتی تو اس کو کہتے کہ یہ خدا تعالےٰ کی طرف سے ہے۔ غرض یہ کہ برائی صرف اے نبی ﷺ! تیری وجہ سے پیش آتی ہے اور بھلائی تو مقدر بات ہے، جہاد میں بجز برائی کے اور کچھ حاصل نہیں۔

اس کا جواب دیتا ہے کہ ان سے کہدو اگر تم اس بات سے قطع نظر کرکے مسبب الاسباب اور فاعل حقیقی کی طرف خیال کرتے ہو جیسا کہ حسنہ یعنی فتح و ظفر وغیرہ بہتری میں ہر چیز کا فاعل حقیقی اور موجد اصلی اللہ تعالےٰ ہی ہے تو پھر برائی اور بھلائی میں تفرقہ کرنا ایک کو بندہ کی طرف ایک کو اللہ تعالےٰ کی طرف منسوب کرنا حماقت ہے بلکہ سب کچھ اللہ تعالیٰ ہی کی طرف سے ہے جس کی نسبت فرماتا ہے فمال ھؤلاء القوم لایکادون یفقھون حدیثا کہ ان کو کیا ہوا جو بات بھی نہیں سمجھتے اور اگر عالم اسباب کی طرف نظر کرتے ہو تو نیکی کو جس طرح عمدہ اسباب کی وجہ سے اللہ تعالےٰ کی طرف منسوب کرتے ہو تو سختی اور مصیبت کا باعث بھی تمہاری معصیت اور سوء تدبیری ہے

Marfat.com

سو اس کو اپنے اعمال بد کا نتیجہ کیوں نہیں کہتے؟ پس ادب کا مقتضا یہی ہے کہ برائی کو اپنی طرف اور بھلائی کو خدا تعالےٰ کی طرف منسوب کر دو ورنہ درحقیقت ہر خیر و شر اس کی طرف سے ہے کس لئے کہ عالم وجود میں ہر چیز یا واجب لذاتہ ہے کہ اس کو کسی بات میں کسی کی حاجت نہیں یا ممکن کہ اپنی ذات اور وجود بلکہ جمیع صفات میں واجب الوجود کی محتاج کیونکہ اگر ممکن کا محتاج ماننیں گے تو انتہاء اسی واجب لذاتہ کا محتاج ماننا پڑے گا ورنہ تسلسل لازم آئے گا۔ اور یہ مسلّم ہے کہ واجب لذاتہ تو صرف ایک ہی ہے جس کو اللہ تعالیٰ کہتے ہیں اور باقی جو موجود ہے ممکن اور اس کے وجود کا پرتو ہے خواہ اس میں خیر ہو خواہ شر، خواہ فعل ہو خواہ قول، جوہر ہو خواہ عرض۔ بعض پادری اور آریہ اس کلام کا مطلب نہ سمجھے اور کل من عند اللہ اور من نفسک میں تعارض سمجھ کر قرآن پر اعتراض کر بیٹھے۔ پھر فرماتا ہے کہ لوگوں کا خیر و شر کو تیری طرف منسوب کرنا نادانی ہے آپؐ تو لے نبیؐ! صرف رسول ہیں خالق نہیں اور ہم اس کی شہادت دیتے ہیں۔

مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ ۚ

جس نے رسولؐ کی اطاعت کی بیشک اُس نے اللہ تعالےٰ کی اطاعت کی،

وَمَنْ تَوَلّٰى فَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ

اور جو پھر گیا تو ہم نے (بھی) آپؐ کو اُن کا نگہبان بنا کر نہیں

حَفِيْظًا ﴿٨٠﴾ وَيَقُوْلُوْنَ طَاعَةٌ ۡ فَاِذَا

بھیجا۔ اور (منافق) کہتے ہیں (ہمارا کام) تو مان لینا ہے، پھر (باوجود

بَرَزُوْا مِنْ عِنْدِكَ بَيَّتَ طَآئِفَةٌ

اسکے جب وہ آپؐ کے پاس سے باہر جاتے ہیں تو اُن میں سے ایک گروہ جو کچھ آپؐ نے

مِّنْهُمْ غَيْرَ الَّذِىْ تَقُوْلُ ۭ وَاللّٰهُ

کہا تھا اسکے برخلاف منصوبہ باندھنے لگتا ہے، اور جو کچھ وہ راتوں کو

يَكْتُبُ مَا يُبَيِّتُوْنَ ۚ فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَ

باتیں بنایا کرتے ہیں اللہ تو اُن کو لکھتا رہتا ہے، ان سے درگزر کرو اور

تَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ

اللہ تعالےٰ پر توکل رکھو، اور اللہ تعالےٰ کافی ہے کام

وَكِيْلًا ﴿٨١﴾

بنانے کے لئے۔

ترکیب

مَنْ شرطیہ فقد اطاع اللہ جواب حفیظا حال ہے ک مفعول سے علیہم متعلق ہے حفیظ سے فاذا شرط بیت جواب طاعۃ خبر ہے مبتدا محذوف کی لے امرنا طاعۃ۔ تقول حاضر و غائب دونوں کے لئے۔ حاضر کے لئے ہوگا تو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو خطاب ہوگا اور ضمیر طائفۃ کی طرف پھرے گی وکلاہما جائز۔

تفسیر

پہلے فرمایا تھا کہ ہم نے تم کو رسول بنا کر بھیجا ہے کہ ہمارے احکام بندوں کے پاس پہنچا دو اور باقی جو کچھ لوگ چون وچرا کرتے ہیں آپؐ کو ان سے کیا وہ خدا تعالےٰ سے سرکشی کرتے ہیں۔ یہاں یہ بات بتلاتا ہے کہ جو آپؐ کا حکم مانتے ہیں وہ اللہ تعالےٰ کی فرمانبرداری کرتے ہیں کس لئے کہ رسول تو واسطہ ہے جس نے اُس کو مانا تو اُس نے اس کو مانا کہ جس نے وہ بھیجا ہے اور جو نافرمانی کرتے اور طرح طرح کی حجتیں اور حیلہ کر کے آپؐ کے حکم سے سرتابی کرتے ہیں تو وہ ہماری نافرمانی کر رہے ہیں، آپؐ کا کام صرف تبلیغ احکام تھا سو کر چکے باقی ان کا ہدایت پر لانا آپؐ کا ذمہ نہیں کہ ان کے باطن پر بھی ہر وقت مطلع ہو کر نگہبانی کرتے رہو یا ان کے دلوں کو پھیر دو۔ پھر ان منافقوں کی کج روی اور سیاہ باطنی بیان فرماتا ہے کہ آپؐ کے روبرو تو سن کر کہدیتے ہیں طاعۃ کہ ہم نے قبول کر لیا یا ہمارا شیوہ طاعت ہے (جیسا کہ ہماری زبان میں سن کر لوگ بجا بجا یا بسر و چشم کہدیا کرتے ہیں) مگر جب ان منافقوں کی

Marfat.com

کوئی جماعت آپ کی مجلس سے باہر نکلتی ہے تو جو کچھ آپ نے فرمایا ہے اس کے برخلاف منصوبہ باندھتے ہیں۔ بیت تبییت سے مشتق ہے جس کے معنے شب گزاری کرنا اور رات کو گھر میں رہنا اور چونکہ گھر میں خصوصاً رات کو بیٹھ کر فکر کرنے اور سوچنے کا عمدہ موقع ملتا ہے اس لئے ہر فکر اور سوچ کرنے اور منصوبہ باندھنے کو بیت فلان کہنے لگے۔ فرماتا ہے خدا تعالےٰ ان کے ان منصوبوں کو ان کے نامۂ اعمال میں لکھ رہا ہے یعنی ان کی اس حرکت سے واقف ہے ان کو سزا دے گا۔

پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو نصیحت فرماتا ہے کہ تم ان سے درگزر کرو اور خدا تعالےٰ پر توکل کرو، اپنے کسی کارساز کو ان پر یا کسی اور پر موقوف نہ سمجھو بلکہ اللہ تعالےٰ ہی کارساز ہے وہ دم بھر میں اسباب پیدا کر دیتا ہے۔ مدبر عالم وہی ہے ہر کاروبار میں اس کی طرف نظر کرنا چاہیئے۔ یہ چند منافق کیا اسلام کا بگاڑ سکتے اور کیا اس کی مدد کر سکتے ہیں۔

أَفَلَا يَتَدَبَّرُونَ الْقُرْآنَ ۚ وَلَوْ كَانَ

کیا وہ قرآن میں غور نہیں کرتے؟ اور اگر وہ (قرآن)

مِنْ عِندِ غَيْرِ اللَّهِ لَوَجَدُوا فِيهِ

خدا تعالےٰ کے سوا کسی اور کی طرف سے ہوتا تو اس میں بہت کچھ

اخْتِلَافًا كَثِيرًا ﴿٨٢﴾ وَإِذَا جَاءَهُمْ

اختلاف پاتے ۱ اور جب کہ ان کے پاس امن

أَمْرٌ مِّنَ الْأَمْنِ أَوِ الْخَوْفِ أَذَاعُوا

یا خوف کی کوئی بات پہنچتی ہے تو اس کو مشہور کر دیتے

بِهِ ۖ وَلَوْ رَدُّوهُ إِلَى الرَّسُولِ وَإِلَىٰ

ہیں۔ اور اگر اس کو رسولؐ کے پاس اور اپنے

أُولِي الْأَمْرِ مِنْهُمْ لَعَلِمَهُ الَّذِينَ

با اختیار لوگوں کے پاس پہنچا دیتے تو ان میں سے تحقیق کرنے

يَسْتَنبِطُونَهُ مِنْهُمْ ۗ وَلَوْلَا فَضْلُ

والے اس کی تحقیق ۲ کر لیتے۔ اور اگر تم پر اللہ تعالےٰ کا

اللَّهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ لَاتَّبَعْتُمُ الشَّيْطَانَ

فضل ۳ اور اس کی رحمت نہ ہوتی تو بجز چند لوگوں کے تم شیطان

إِلَّا قَلِيلًا ﴿٨٣﴾

کے تابع ہو گئے ہوتے۔

ترکیب

ولو شرطیہ لوجدوا جواب اذا جاءہم شرط اذاعوا ذاع یذیع بمعنے افشا اذاعوا افشاؤا ظاہر کیا یہ جواب شرط لوردّوہ ای الامر شرط لعلمہ جواب منہم حال ہے الذین سے یا یستنبطونہ کی ضمیر سے الا قلیلاً فاعل اتبعتم سے مستثنیٰ ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ یہ لعلمہ الذین یستنبطونہ سے مستثنیٰ ہے۔

تفسیر

پہلی آیتوں میں منافقین کا مکر و کید اور پردہ مخالفت کا بیان تھا جس کا باعث اصلی یہی تھا کہ وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان نہ رکھتے تھے نہ قرآن کو کتاب الٰہی جانتے تھے اس لئے یہاں ان کے لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت اور قرآن کا کلام الٰہی ہونا ثابت کرتا ہے اور چونکہ وہ لوگ نہایت بد ذہن اور بلید الطبع تھے ان کو قرآن کے اور بیشمار

۱ اگر کوئی کہے کہ قرآن میں اختلاف ہے کیونکہ کہیں ہے کہ خدا تعالیٰ کو دیکھیں گے پھر ہے لا تدرکہ الابصار کہ اس کو بصر و ادراک نہیں کر سکتی کہیں ہے لا تسئل عن ذنبہ انس ولا جان کہ کسی کے گناہ سے سوال نہ ہوگا چنانچہ بعض پادریوں نے بائبل کے اختلاف کثیرہ کے جواب میں ایسے اختلافات قرآن گنوائے ہیں اس کا جواب یہ ہے کہ ان آیات میں ہرگز اختلاف نہیں اسکی تشریح ان کے مواقع میں موجود ہے بخلاف اختلافات بائبل کے ۱۲ ۲ اس جگہ سے قیاس کا جو استنباط کا ہم معنے ہے حجت شرعیہ ہونا ثابت ہوا اس مقام پر امام رازیؒ تفسیر کبیر میں فرماتے ہیں کہ ان العامی یجب علیہ تقلید العلماء فی احکام الحوادث کہ عامی پر علماء کی تقلید واجب ہے احکام حوادث میں ۱۲ منہ ۳ فضل و رحمت سے مراد قرآن اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی

(باقی صفحہ ۱۸۳ پر)

Marfat.com

دلائل نہ بتائے گئے جو قرآن میں موجود ہیں بلکہ صرف ایک موٹی سی یہ بات صداقت کے لئے بتلائی کہ اگر قرآن مجید خدا تعالےٰ کا کلام نہ ہوتا بلکہ خود محمد (صلے اللہ علیہ وسلم) کا تصنیف کیا ہوا ہوتا جیساکہ وہ سمجھتے ہیں تو اس میں اختلاف کثیر پاتے (اختلافِ کثیر کے معنے ابوبکر اصمؒ کے نزدیک یہ ہیں کہ منافقین درپردہ بہت کچھ مکر و فریب کرتے تھے جن کی وقتاً فوقتاً خدا تعالےٰ نے رسولؐ کو قرآن میں اطلاع دی اگر قرآن مجید کتاب الٰہی نہ ہوتا تو ایسی خبروں میں ضرور بالضرور تفاوت اور اختلافِ کثیر واقع ہوتا جیساکہ قیاسی اور تخمینی باتوں میں ہوا کرتا ہے اور باوجودیکہ منافقوں کی یہ بھی عادت تھی کہ جہاں کوئی بات امن و خوف کی اُن کے کانوں میں پہنچتی تھی تو بلا تحقیق اس کو مشہور کر دیتے تھے۔ اگر ان باتوں میں بھی اختلاف پاتے تو ضرور اس کو بھی مشہور کرتے حالانکہ بجز تسلیم کے بھی کوئی چارہ ہی نہ ہوا۔ جمہور متکلّمین کہتے ہیں کہ قرآن باوجودیکہ ایک بڑی ضخیم کتاب ہے اس میں بہت سے علوم ہیں، کہیں انبیائے گزشتہ کے حالات کہیں عالمِ آخرت کا بیان، کہیں طہارت و نجاست کے مسائل، کہیں علم الشرائع والاحکام۔ باوجود اس کے کہ اس کا ظہور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے ہے کہ جنھوں نے نہ کبھی کچھ لکھا پڑھا تھا نہ کسی سے تعلیم پائی تھی اس پر ہر روز کے محاربات و مخالفین کے جور و ظلم کی برداشت پھر ہر ایک بات مختلف سورتوں میں مکرر بیان ہوئی ہے مگر کہیں کچھ بھی تفاوت نہ ہونا صریح دلیل ہے کہ یہ عالمِ غیب سے اُس شخص کی طرف سے ہے کہ جو ہر ایک بھول و چوک سے پاک ہے۔ فقیر کہتا ہے کہ اسکے علاوہ یہ ہے کہ جو طرزِ ہدایت ہے وہ ہر جگہ برابر ہے مثلاً یہود و مشرکین کی مذمت ہے . . . تو وہیں تک کہ جو اصلی ہے نہ

(بقیہ صـ۱۸۲) رسالت ہے یعنی اگر قرآن اور نبوت تمھارے لئے نہ آتی تو بجز اُن لوگوں کے کہ جن کو ازلی ہدایت ہے سب شیطان کے تابع مشرک و بدکار ہو جاتے اور نفوسِ زکیہ قبل نبوتؐ کے بھی شرک و حرام کاری سے بچے ہوئے تھے ۱۲ منہ

یہ کہ حد سے تجاوز ہو جاوے جیساکہ بندے غصہ میں آکر بالکل صفائی کر دیتے ہیں۔ پھر سخاوت کا حکم اور اسراف سے ممانعت اوصاف متضادہ ہیں ہر ایک جا وہی طرز ہے۔ یہ بات کسی بندہ کے کلام میں پائی نہیں جاتی ایسے امور میں اُن سے ضرور اختلاف و تفاوت سرزد ہوتا ہے۔ واذا جاءہم اس کے بعد منافقوں کی عادت بیان کرتا ہے کہ وہ امن یا خوف کی بات کو بلا تحقیق مشہور کر دیتے ہیں جس سے مسلمانوں کا ضرر ہوتا ہے کیونکہ ان دِلوں میں اہلِ اسلام اور کفّار میں باہم جنگ و جدال کی تیاریاں رہا کرتی تھیں سو مخالفین کے پاس ایسی خبروں کے پہنچنے سے مسلمانوں کی مضرّت متصوّر تھی۔ اس لئے فرمایا کہ اگر وہ ایسی باتوں کو رسولؐ یا علمائے مستنبطین سے دریافت کر لیا کرتے تو بہتر ہوتا۔ استنباط طلب۔ نبط، نبط اس پانی کو کہتے ہیں جو کنوئیں سے اوّل بار کھودنے سے نکلتا ہے۔ جس بات کو اجتہاد کر کے نکالتے ہیں وہ گویا فکر کے آلات سے کھود کر نکالی جاتی ہے۔

فَقَاتِلْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ ۚ لَا تُكَلَّفُ

پس اللہ تعالےٰ کی راہ میں (لڑ و (اے نبیؐ) آپؐ پر بجز اپنی ذات کے

إِلَّا نَفْسَكَ وَحَرِّضِ الْمُؤْمِنِينَ ۚ

کسی کی ذمہ داری نہیں، اور مسلمانوں کو اُبھارو۔

عَسَى اللَّهُ أَنْ يَكُفَّ بَأْسَ الَّذِينَ

عجب نہیں کہ اللہ تعالےٰ کافروں کی جنگ کو روک

كَفَرُوا ۗ وَاللَّهُ أَشَدُّ بَأْسًا وَأَشَدُّ

دے، اور اللہ تعالےٰ کی سب سے زیادہ سخت لڑائی اور سخت

تَنْكِيلًا ﴿٨٤﴾ مَنْ يَشْفَعْ شَفَاعَةً حَسَنَةً

سزا ہے۔ جو کوئی نیک کام کی سفارش کرتا ہے (تو)

يَكُنْ لَهُ نَصِيبٌ مِنْهَا ۚ وَمَنْ يَشْفَعْ

اس میں سے اس کو (بھی) ایک حصّہ ملتا ہے، اور جو کوئی بُرے کام کی

شَفَاعَةً سَيِّئَةً يَكُنْ لَهُ كِفْلٌ مِنْهَا ۗ

سفارش کرتا ہے تو اس پر (بھی) اس کے وبال کا (ایک) حصّہ ہوتا ہے،

Marfat.com

وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ مُّقِيتًا ﴿۸۵﴾

اور اللہ تعالےٰ ہر چیز پر نگاہ رکھنے والا ہے۔

ترکیب

فقاتل میں ف عاطفہ ہے فلیقاتل فی سبیل اللہ پر یا فقاتلوا پر۔ لاتکلف حال ہے فاعل قاتل سے الا نفسک مفعول ثانی ہے لاتکلف کا اور اول ضمیر مخاطب ہے باسا وتنکیلا تمیز ہیں واللہ اشد سے من یشفع شرط یکن لہٗ نصیب منہا جواب مقیتا میں ی و سے بدل ہے جو اصل میں مفعل ہے قوت سے۔

تفسیر

پہلی آیت میں مذکور تھا کہ منافق بلا تحقیق خبریں اڑایا کرتے ہیں کہ فلاں قوم مسلمانوں پر چڑھ کر آتی ہے انھوں نے ایسی تیاری کی ہے تمام عرب اب عنقریب مدینہ طیبہ کو آکر غارت کرینگے جن سے بیشتر عام مسلمانوں کے دلوں میں خلجان پیدا ہوتا تھا اور ایک قسم کی پست ہمتی جو عادتاً انسان کو اپنی بے سروسامانی اور مخالفین کے سامان اور انبوہ سے پیدا ہوتی ہے اس لئے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو فرمایا کہ تم اللہ تعالےٰ کی راہ میں لڑو شر و فتنہ کے مٹانے پر اُس کے توکل پر کمر ہمت باندھو اور اگر کوئی آپؐ کا ساتھ نہ دے تو کچھ پروا نہیں۔ کیونکہ تم اور کسی کے ذمہ دار نہیں (خدا تعالےٰ کے اُس وعدہ کے اعتماد پر جو اُس نے اپنے رسولؐ سے کیا تھا) تن تنہا آنحضرت علیہ السلام روئے زمین کے مشرکوں اور بُت پرستوں کی بُت پرستی مٹانے اور ان کے زور پر آمادہ ہوئے۔ چنانچہ بدر صغریٰ میں ابو سفیان کے مقابلہ میں تنہا نکلے پیچھے دیکھا تو صرف ستر آدمی ساتھ آرہے تھے اور کتاب یسعیاہ میں چونکہ اس بات کی طرف اشارہ ہوا ہے اور زبور میں بھی۔ اگر اس بے سروسامانی پر یہ عزم و ہمت آپؐ کی طرف سے اعتماد پر نہ تھی تو عادتاً کوئی عقلمند ایسا قصد بھی نہیں کرسکتا اور آپؐ کے سچے عزم کا اثر صحابہؓ کے دل میں بالخصوص حضرت ابوبکر صدیقؓ کے دل میں پیدا ہوا کہ آپؐ کے بعد عربوں کی تھوڑی سی جمعیت سے ہرقل شاہ روم کا مقابلہ کیا کہ جو اس وقت یورپ اور ایشیا کے اکثر ملکوں کا بادشاہ تھا۔ پھر یہ فتوحات اگر اُس وعدۂ الٰہی کا ظہور نہ تھا تو اور کیا بات تھی؟ اس کے ساتھ مسلمانوں کو بھی جہاد کی ترغیب دینے کا حکم دیا گیا کیونکہ یہ نیک کام ہے اس لئے کہ اس جہاد کا منشاء اصلی دنیا کو بدی سے پاک کرنا اور زمین پر آسمانی سلطنت قائم کرکے شر و فساد مٹانا ہے پھر اس سے بڑھ کر اور کونسا نیک کام ہوگا؟ اور جو کوئی نیک کام میں رغبت دلاتا یا سفارش کرتا ہے تو اُس کو بھی اس میں سے ثواب کا حصہ ملتا ہے جس طرح کہ بُری بات کے لئے رغبت دلانے اور سفارش کرنے والے کو بُری بات کا حصہ ملتا ہے۔

عسے اللہ، اپنے رسولؐ سے وعدہ کرتا ہے کہ ہم عنقریب کفّار کے شر کو روک دیں گے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ترغیب اور خدا تعالےٰ کے وعدہ کے اثر نے یہ کیا کہ تخمیناً ایک صدی کے اندر ہی اندر میں دنیا پر کوئی ایسی بُت پرست و کافر سلطنت باقی نہ رہی کہ جو آسمانی سلطنت کا مقابلہ کرسکے۔ ادھر جبل الطارق سے لے کر چین تک اُدھر کوہِ قاف اور بے آذربائیجان سے لے کر افریقہ تک بڑے بڑے ملک اُس جھنڈے کے تلے آگئے جو مدینہ طیبہ میں خدا تعالےٰ نے قائم کیا تھا۔ اب اس سے بڑھ کر اور کونسا معجزہ اور کونسی دلیل ثبوت نبوت کے لئے ہوسکتی ہے۔ باس، جنگ اس سے مراد مخالفوں کا زور اور اُن کی لڑائی اور عذاب ہے۔ نکال، عذاب و سزا۔ شفاعت شفع سے مشتق ہے جس کے معنے دُو ہو جانے کے ہیں۔ شفیع چونکہ ذو حاجت کے شریک ہوکر اپنے آپ کو اس کے ساتھ ملا دیتا ہے اس کو شفیع کہتے ہیں۔ مقیت کے معنے قادر کے بھی ہیں جیسا کہ نضر بن شمیل شاعر کہتا ہے ؎ تجلد ولا تجزع وکن ذا حفیظۃ ✦ فانی علی ما سارہم لمقیت ✦ اور یہ قوت سے مشتق

Marfat.com

ہو کر بمعنے حفیظ بھی آتا ہے۔ یہاں دونوں معنے مراد ہو سکتے ہیں۔

وَاِذَا حُيِّيْتُمْ بِتَحِيَّةٍ فَحَيُّوْا بِاَحْسَنَ مِنْهَآ

اور (مسلمانو) جب تم کو کسی طرح پر بھی سلام کیا جاوے تو تم بھی (اسکے جواب

اَوْ رُدُّوْهَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى

میں) بہتر سلام کرو۔ یا وہی (کلمہ جواب میں) لوٹا دو، بیشک اللہ تعالےٰ ہر چیز

كُلِّ شَيْءٍ حَسِيْبًا ﴿۸۶﴾ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ

کا حساب لینے والا ہے۔ اللہ تعالےٰ ہے کہ جس کے سوا

اِلَّا هُوَ ؕ لَيَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ

کوئی معبود نہیں۔ اس میں کچھ بھی شک نہیں کہ وہ تم کو قیامت کے دن

لَا رَيْبَ فِيْهِ ؕ وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ

جمع کر کے رہے گا۔ اور اللہ تعالےٰ سے بڑھ کر کس کی بات

اللّٰهِ حَدِيْثًا ﴿۸۷﴾ ع فَمَا لَكُمْ فِي الْمُنٰفِقِيْنَ

سچی ہو سکتی ہے۔ پھر تم کو منافقوں کی کیا پڑی ہے جو

فِئَتَيْنِ وَاللّٰهُ اَرْكَسَهُمْ بِمَا كَسَبُوْا ؕ

تم دو تھوک ہو گئے اور اللہ تعالیٰ نے تو اُن کے اعمال کی وجہ سے انکو اوندھا کر دیا ہے

اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَهْدُوْا مَنْ اَضَلَّ

کیا تم چاہتے ہو کہ جس کو خدا تعالےٰ نے گمراہ کیا اس کو ہدایت پر لے

اللّٰهُ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ

آؤ۔ ف۔ اور جس کو اللہ تعالےٰ گمراہ کرتا ہے تو آپؐ کو اُس کے لئے

لَهٗ سَبِيْلًا ﴿۸۸﴾

کوئی رستہ نہیں ملے گا۔

ترکیب

واذا حییتم شرط بتحیۃ اصلہا تحییۃ وہی تفعلۃ من حییت ی کی حرکت

ف مدینہ طیبہ کے چند لوگ ابتدائے اسلام میں ایسے بھی تھے کہ ظاہر میں تو مسلمان ہو گئے تھے مگر درپردہ حبِّ جاہ وغیرہ اسبابِ دنیا کے سبب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور مہاجرین سے سخت عداوت رکھتے تھے مسلمانوں پر نکتہ چینیاں بھی کیا کرتے تھے مخالفوں کو بھی اسرار پر مطلع کرتے اور لڑنے کو اُبھارتے تھے مسلمان چاہتے تھے کہ ان منافقوں کو نکال دیا جائے مگر بعض رحم دل انصار اپنی قرابتوں کے سبب درگزر کی طرف مائل تھے اس لئے ان کے بارے میں مسلمانوں کے دو گروہ ہو گئے تھے ان آیات میں انھیں کے حالات کی طرف اشارات ہیں ۱۲

نقل کر کے ح کی طرف آئی پھر باہم ادغام ہو گیا فحیوا جواب اس کی اصل حییوا تھی لیجمعنکم جواب ہے قسم محذوف کا پھر یہ جملہ مستانفہ بھی ہو سکتا ہے اور مبتدا کی دوسری خبر بھی بن سکتا ہے فما مبتدا لکم خبر فی المنافقین متعلق ہے محذوف سے اے صرتم فئتین اس محذوف کی خبر ؛

تفسیر

فقاتل فی سبیل اللہ میں جس طرح کہ شرک و فساد مٹانے کے لئے لڑنے کی تاکید تھی اسی طرح اس کے ساتھ یہ بھی حکم دیا جاتا ہے کہ یہ لڑائی صرف اپنے موقعہ پر ہے اور خاص حقوق الٰہی کے لئے اس سے یہ مراد نہیں کہ تم اپنے اخلاق اور معاشرت میں درندہ پن اختیار کرو، گاہ بگاہ جس کو پاؤ مار ڈالا کرو، بات پیچھے کرو لڑنے کو پہلے آمادہ ہو جاؤ، خرانٹ بن جاؤ۔ (جیسا کہ مخالفینِ اسلام اسلام کی بعض وحشی قوموں سے آج کل اسلام پر عیب لگایا کرتے ہیں) بلکہ اُس کے ساتھ نرمی اور خوش اخلاقی اور حلم و تواضع کی بھی عادت کرو یہاں تک کہ جب تم کو کوئی سلام کرے تو تم بھی اُس کو اسی طرح سے سلام کرو یا اس سے عمدہ اور بڑھ کر جواب دو تاکہ تم سے اُس کو وحشت دُور ہو اور لوگ تم سے احکامِ الٰہی اور اخلاقِ حمیدہ کی تعلیم پانے کا قصد کریں۔ تحیۃ دعاءِ حیات کرنا۔ عرب کا اسلام سے پہلے باہمی بجائے السلام علیکم کے حیاک اللہ کہنے کا دستور تھا جیسا کہ ہر ایک قوم میں ایک دستور ہے۔ چونکہ زندگی بغیر عافیت کے کوئی اچھی چیز نہیں اور لفظِ سلام میں سلامتی اور عافیتِ دارین کی بھی دعاء ہے اور نیز یہ اللہ تعالےٰ کا بھی نام ہے اور نیز اس میں تسلیم یعنی فروتنی

Marfat.com

کی طرف بھی اشارہ ہے اور مذہب اسلام کی طرف بھی رمز ہے اس لئے اس کی جگہ السّلام علیکم کہنا قرار پایا خواہ السلام علیکم کہو خواہ سلام علیکم۔ اس کا اسی طرح سے ردّ کرنا تو وعلیکم السّلام کہنا ہے اور بہتر طرح سے رد کرنا یعنی جواب دینا وعلیکم السّلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ کہنا ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس جب کفار آتے تو آپؐ کے اخلاق اور فروتنی سے ازحد خوش ہو کر جاتے تھے۔ اسی شمشیر اخلاق نے عرب کے وحشیوں کو چند روز میں مسخّر کر لیا تھا اور پھر صحابہؓ کا بھی یہی دستور تھا کُتب تاریخ اس پر شاہد ہیں۔ ان اخلاقِ حمیدہ کی تاکید کے لئے دو باتیں ذکر فرمائیں ان اللہ کان علٰی کلّ شیٍ حسیبًا۔ دوسری اللہ لا الٰہ الخ اس میں اللہ لا الٰہ الا ھو میں توحید اور لیجمعنکم الٰی یوم القیامۃ میں عدالت کی طرف اشارہ ہے اور قیامت کے برحق ہونے کی دلیل من اصدق الخ سے فرمائی۔ جنگِ احد میں جب کہ عبداللہ ابن ابیؓ اپنے گروہ کو عین مقابلہ کے وقت لے کر بھاگ آیا اور مسلمانوں کو ہزیمت ہوئی تو مدینہ طیبہ میں مسلمانوں کے دو فریق ہو گئے تھے، ایک کہتا تھا کہ ان کو قتل کرنا چاہیے دوسرا کہتا تھا کہ خدا تعالےٰ نے ان کی اصلاح کرنے کا قتل میں بدنامی ہے۔ اس پر خدا تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی فما لکم فی المنافقین کہ تم ان کے پیچھے کیوں پڑے ہو؟ ان پر اللہ تعالےٰ نے ان کے اعمال کی شامت ڈال دی ہے۔ کیا جس کو خدا تعالیٰ نے گمراہ کیا تم اس کو ہدایت کر سکتے ہو؟ رکس اور نکس دونوں کے ایک معنی ہیں یعنی الٹ دینا یعنی اسلام کی راہِ راست سے اُلٹے کفر میں جا پڑے۔ یہ بھی اخلاق تعلیم ہے کہ کسی کے اس کی لغزش کے سبب پیچھے نہ پڑا جانا چاہیئے۔

حَتّٰى يُهَاجِرُوا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ ۚ فَإِنْ	
جب تک کہ وہ اللہ تعالےٰ کی راہ میں ہجرت نہ کریں۔ پھر اگر	
تَوَلَّوْا فَخُذُوهُمْ وَاقْتُلُوهُمْ حَيْثُ	
وہ نہ مانیں تو ان کو پکڑو اور جہاں کہیں پاؤ تو مار	
وَجَدْتُمُوهُمْ ۖ وَلَا تَتَّخِذُوا مِنْهُمْ	
ڈالو۔ اور نہ ان میں سے کسی کو دوست	
وَلِيًّا وَلَا نَصِيرًا ﴿٨٩﴾ إِلَّا الَّذِينَ	
بناؤ اور نہ مددگار۔ مگر جو لوگ کہ اس قوم سے	
يَصِلُونَ إِلَىٰ قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ	
سلوک کرتے ہیں کہ ان میں اور تم میں معاہدہ	
مِيثَاقٌ أَوْ جَاءُوكُمْ حَصِرَتْ صُدُورُهُمْ	
ہے یا وہ تمہارے ساتھ یا اپنی قوم کے ساتھ لڑنے سے تنگ دل ہو	
أَنْ يُقَاتِلُوكُمْ أَوْ يُقَاتِلُوا قَوْمَهُمْ ۚ	
تمہارے پاس آگئے ہوں (تو ان سے طلب کا مضائقہ نہیں)۔	
وَلَوْ شَاءَ اللّٰهُ لَسَلَّطَهُمْ عَلَيْكُمْ	
اور اگر اللہ تعالےٰ چاہتا تو تم پر ان کو غلبہ دیتا تو	
فَلَقَاتَلُوكُمْ ۚ فَإِنِ اعْتَزَلُوكُمْ	
وہ تم سے لڑتے، پھر اگر وہ تم سے کنارہ کریں اور	
فَلَمْ يُقَاتِلُوكُمْ وَأَلْقَوْا إِلَيْكُمُ السَّلَمَ	
تم سے نہ لڑیں اور تمہارے آگے صلح کا پیغام ڈالیں تو	
فَمَا جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ عَلَيْهِمْ سَبِيلًا ﴿٩٠﴾	
اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے ان پر الزام کا کوئی رستہ نہیں رکھا ہے۔	
سَتَجِدُونَ آخَرِينَ يُرِيدُونَ أَنْ	
عنقریب تم کو ایسے لوگ بھی ملیں گے کہ جو تم سے بھی امن میں رہنا چاہتے	
يَأْمَنُوكُمْ وَيَأْمَنُوا قَوْمَهُمْ ۖ كُلَّمَا	
ہیں اور اپنی قوم سے بھی امن میں رہنا چاہتے ہیں، (مگر)	
رُدُّوا إِلَى الْفِتْنَةِ أُرْكِسُوا فِيهَا ۚ	
جب فساد کے لئے بلائے جاتے ہیں تو اس میں کود ہی پڑتے ہیں۔	

وَدُّوا لَوْ تَكْفُرُونَ كَمَا كَفَرُوا فَتَكُونُونَ	
وہ چاہتے ہیں کہ جس طرح وہ کافر ہیں ویسے تم (بھی) کافر ہو جاؤ تاکہ برابر	
سَوَاءً ۖ فَلَا تَتَّخِذُوا مِنْهُمْ أَوْلِيَاءَ	
ہو جائیں پس تم ان میں سے کسی کو (بھی) دوست نہ بناؤ	

Marfat.com

فَاِنْ لَّمْ يَعْتَزِلُوْكُمْ وَيُلْقُوْٓا اِلَيْكُمُ السَّلَمَ
پھر اگر وہ تم سے کنارہ نہ کریں اور صلح پیش نہ کریں

وَيَكُفُّوْٓا اَيْدِيَهُمْ فَخُذُوْهُمْ وَ
اور اپنے ہاتھ نہ روکیں تو ان کو پکڑو اور

اقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ ۭ وَاُولٰۗىِٕكُمْ
جہاں کہیں پاؤ قتل کرو یہی وہ لوگ ہیں کہ

جَعَلْنَا لَكُمْ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ۝۹۱
جن پر خدا تعالےٰ نے تمھارے لئے صاف حجت قائم کردی ہے۔

ترکیب

لو تکفرون بتاویلِ مصدر مفعول ہے ودّوا کا، کما کفروا کی نعت ہے مصدر محذوف کی تا مصدریہ ہے ای کفرا ککفرہم۔ الا الذین استثناء ہے واقتلوہم سے بینکم وبینہم میثاق جملہ خبریہ صفت ہے قوم کی اوجاءوا عطف ہے یصلون پر حصرت صدورہم جملہ بتقدیر قد حال ہے فاعل جاؤکم سے ان یقاتلوکم لے ان یقاتلوکم متعلق حصرت سے ہے اویقاتلوا قومہم معطوف ہے ان یقاتلوکم پر فان اعتزلوکم شرط فلم یقاتلوکم الخ اس کی تفسیر فما جعل جملہ جواب فان لم یعتزلوکم شرط فخذوہم جواب شرط۔

تفسیر

ابھی فرمایا تھا کہ جس کو خدا تعالےٰ گمراہ کرے کیا تم اُس کو ہدایت کر سکتے ہو؟ اب یہاں یہ فرماتا ہے کہ تم تو اُن کی ہدایت چاہتے ہو اور وہ ازلی گمراہ خود تم کو ہی اپنے جیسا کافر بنانا چاہتے ہیں پھر اب تم اِن سے کوئی علاقہ محبت نہ رکھو کیونکہ اس میں ان کی محبّت سے تمھارے لئے دنیا و آخرت کا ضرر ہے۔ مگر جب وہ ایمان لاکر خدا تعالےٰ کی راہ میں ہجرت کریں تب اُن کے ایمان کا امتحان ہو چکا اب اُن سے محبّت اور دوستی کرنے کا مضائقہ نہیں۔ اِس کے بعد حکم عام دیتا ہے کہ اگر وہ پھر جاویں یعنی نہ اسلام لاویں نہ ہجرت کریں تو اُن کو جہاں پاؤ قتل کرو کیونکہ وہ آسمانی سلطنت کے باغی ہیں بظاہر اس حکم میں ہر ایک کافر سے جنگ کرنا پایا جاتا تھا خواہ اہلِ اسلام سے لڑتا ہو یا نہ ہو خواہ اس نے اسلامیوں سے عہد کیا ہو یا نہ ہو گویا ہر ایک کو زبردستی مسلمان بنانا چاہیئے حالانکہ پہلے حکم ہو چکا تھا کہ لااکراہ فی الدین قد تبیّن الرشد من الغی کہ دین میں کسی پر کچھ زبردستی نہیں ہدایت اور ضلالت خود واضح ہو چکی ہے اس لئے اس جگہ دو قوموں کا استثناء کرتا ہے اوّل الا الذین یصلون الخ وہ لوگ کہ جو اُس قوم سے عہد رکھتے ہوں کہ جس سے اہلِ اسلام سے باہمی عہد ہو مثلاً ایک ایسی قوم ہے کہ اس کا اہلِ اسلام سے عہد ہے کہ نہ ہم تم پر چڑھائی کریں گے نہ تم ہم پر یا ہم تمھارے مددگار نہ تم ہمارے۔ عرب کی کوئی قوم مسلمان ہو اور دارالاسلام میں بسبب اور کافروں کے نہ آسکے کہ وہ مانع آتے ہوں اور وہ قوم اُن سے عہد کرے سو وہ بھی مسلمانوں کے عہد میں ہیں اُن سے بھی لڑنا نہ چاہیئے اور اگر وہ مسلمان نہ ہوں اور یوں بھی اُن سے عہد کر لیں تب بھی اُن سے لڑنا نہ چاہیئے کیونکہ آیت کا حکم عام ہے۔ الغرض جس قوم سے اہلِ اسلام کا عہد ہو یا عہد والی قوم سے عہد ہو وہ حکمِ قتل و جہاد سے مستثنیٰ ہیں۔

اب رہی یہ بات کہ آنحضرت علیہ الصّلوٰۃ والسّلام کا کفّارِ عرب کی کس قوم کے ساتھ عہد تھا؟ بعض کہتے ہیں کہ اسلمی لوگوں سے، کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ مکرمہ سے ہجرت کرتے وقت ہلال بن عُویمر اسلمی سے عہد کر لیا تھا کہ نہ تُو ہم سے سرکشی کرنا نہ ہم تجھ پر چڑھائی کریں گے۔ اور جو تم سے پناہ لے گا ہم بھی اُس کو پناہ دیں گے۔ ابن عباسؓ کہتے ہیں وہ ہم عہد لوگ بنو بکر بن زید مناۃ تھے، مقاتلؒ کہتے ہیں کہ خزاعہ و خزیمہ بن عبد مناۃ سے عہد تھا، پس جو خود آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دامن تلے اور عہد میں آگئے ان سے

Marfat.com

کیونکر جنگ کی جاسکتی تھی۔ دوم اوجاؤ کم حصرت صدورہم کہ وہ تنگ آگئے ہوں گے نہ اہل اسلام تم سے لڑتے ہوں نہ تمہارے ساتھ ہو کر اپنی قوم سے لڑتے ہوں یعنی یک طرفہ ہوں پھر عام ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم یا اہل اسلام کے پاس آویں یا اپنے مقام ہی سے یہ بات اور امن قائم کرنا ظاہر کردیں اوجاؤکم کے یہی معنے ہیں۔ بیضاوی کے حاشیہ میں اس مقام پر لکھا ہے۔ المراد بالمجیئ الاتصال وترک المعاندۃ والمقاتلۃ لا حقیقۃ المجیئ ۔ اور یہ قوم جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں تنگ ہو کر آئی تھی بنو مدلج تھے ایسی قوموں سے بھی لڑنا نہ چاہیئے، خدا تعالیٰ کی شکرگزاری کرنا چاہیئے۔ کیونکہ خدا تعالےٰ چاہتا تو اُن کو تم پر مسلّط اور قادر کردیتا۔ پھر اسی فریق کی تشریح فرماتا ہے فان اعتزلوکم فلم یقاتلوکم کہ اگر وہ تم سے کنارہ کشی کریں اور لڑائی نہ کریں اور تم سے صلح اور امن کے خواہاں ہوں والقوا الیکم السلم تو اِن سے ہرگز نہ لڑو اُن پر خدا تعالےٰ نے تمہارے لئے کوئی حجت نہیں رکھی ہے۔ خلاصہ یہ کہ جو کفّار و مشرکین اہل اسلام سے نہ لڑیں یا معاہدہ کرلیں تو ان سے جنگ نہیں نہ ان کا قتل کرنا جائز ہے، ان کو آزادی ہے۔ لڑنے کا اور جہاں کہیں مل جائیں مارنے کا حکم خاص ان لوگوں سے ہے کہ جن کا حال ان جملوں میں بیان کیا جاتا ہے کہ ان لوگوں کے برعکس دوسرے چالاک اور بدمعاش تم کو عنقریب ایسے ملیں گے کہ جو صلح و امن یا اسلام تم سے ظاہر کرکے تم سے بھی امن میں رہنا چاہیں گے اور پھر اپنی قوم کے پاس جاکر اُسی کفر و سرکشی میں شریک ہو کر اُن سے بھی امن میں رہنا چاہیں گے بلکہ جب وہ اسلام کے مقابلہ میں جنگ کرنے کے لئے بلائے جاویں گے تو اس فتنہ و فساد میں کود پڑیں گے جیسا کہ اسد اور غطفان کی قوم نے کیا تھا پھر اگر ایسے لوگ اپنی شرارت سے باز نہ آویں اور تم سے کنارہ کشی نہ کریں اور صلح نہ کریں اور تم سے لڑنے سے ہاتھ نہ روکیں تو اُن کو جہاں پاؤ قتل کرو

ان کی عہد شکنی کی وجہ سے تمہارے لئے خدا تعالےٰ نے حجت قائم کردی ہے بلاشک اگر ایسے لوگوں سے یہ نہ کیا جاوے تو پھر کیا کیا جاوے۔

حتے یہاجروا۔ ہجرت جُدائی اور ترک کرنا ہے۔ حقیقۃً ہجرت وہ ہے کہ جس کی تشریح نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمائی ہے والمہاجر من ہاجر الےٰ ما نہی اللہ عنہ۔ رواہ البخاری کہ مہاجر وہ ہے کہ جو خدا تعالےٰ کی منع کی ہوئی باتوں کو چھوڑ دے۔ اس میں اُس شہر اور وطن کا رہنا بھی آگیا کہ جہاں کفّار کا ایسا غلبہ ہو کہ جو شرائع اسلام بآزادی ادا نہ کرنے دیں ایسی صورت میں وہاں سے ترک وطن کرنا اور مسلمانوں کے ملک میں چلا جانا ضروری ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے عہد میں جب تک کہ مکہ مکرمہ فتح نہ ہوا تھا اور وہاں کفّار کا غلبہ تھا وہاں سے ہجرت کرنا ضروری تھا اس کی بڑی تاکید کی جاتی تھی سو لوگ ہجرت کرکے مدینہ طیبہ میں آتے تھے پھر جب مکہ مکرمہ فتح ہوگیا تو فرمادیا کہ اب ہجرت کی کچھ ضرورت نہیں نیک نیتی اور جہاد چاہیئے ہندوستان آج کل اگرچہ عیسائیوں کے قبضہ میں ہے پہلے مسلمانوں کے قبضہ میں آکر دارالاسلام صدیوں تک رہ چکا ہے۔ اب دارالاسلام تو نہیں مگر یہ لوگ اب تک شرائع اسلام سے منع بھی نہیں کرتے اس لئے دارالحرب بھی نہیں بلکہ دارالامن ہے اس لئے ہجرت کرنا ضروری نہیں، واللہ اعلم ؂

وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ أَنْ يَقْتُلَ مُؤْمِنًا

اور کسی مومن کا (یہ) کام نہیں کہ وہ کسی مومن کو قتل کرے

إِلَّا خَطَأً ۚ وَمَنْ قَتَلَ مُؤْمِنًا خَطَأً فَتَحْرِيرُ

مگر غلطی سے، ہو تو (اور بات ہے) اور جو کوئی مومن کو خطاء قتل کر ڈالے تو

رَقَبَةٍ مُؤْمِنَةٍ وَدِيَةٌ مُسَلَّمَةٌ إِلَىٰ

اس کو ایک مسلمان غلام آزاد کرنا چاہیئے اور مقتول کے وارثوں کے

أَهْلِهِ إِلَّا أَنْ يَصَّدَّقُوا ۚ فَإِنْ كَانَ

پاس دیت پہنچانی چاہیئے (ہاں) اگر وہ خود معاف کردیں (تو خیر) پھر اگر وہ

Marfat.com

مِنْ قَوْمٍ عَدُوٍّ لَّكُمْ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَتَحْرِيرُ
(مقتول مومن) اس قوم کا ہو کہ جو تمھاری دشمن ہو تو مسلمان غلام
رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ۗ وَإِن كَانَ مِن
ہی آزاد کر دے، اور اگر وہ اس قوم سے ہو کہ
قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُم مِّيثَاقٌ فَدِيَةٌ
اس میں اور تم میں باہم معاہدہ ہے تو اس کے وارثوں
مُّسَلَّمَةٌ إِلَىٰ أَهْلِهِ وَتَحْرِيرُ رَقَبَةٍ
کو دیت دینی چاہیئے اور مسلمان غلام (بھی) آزاد
مُّؤْمِنَةٍ ۖ فَمَن لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ
کرنا چاہیئے۔ پھر جس کو میسر نہ ہو تو پے در پے دو
شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ تَوْبَةً مِّنَ
مہینے روزے رکھے خدا تعالےٰ سے معافی چاہنے
اللَّهِ ۗ وَكَانَ اللَّهُ عَلِيمًا حَكِيمًا ﴿٩٢﴾
کے لئے۔ اور اللہ تعالےٰ علم والا حکمت والا ہے۔
وَمَن يَقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَاؤُهُ
اور جو کوئی کسی مومن کو عمداً قتل کرے تو اس کی سزا
جَهَنَّمُ خَالِدًا فِيهَا وَغَضِبَ
جہنم ہے جس میں وہ ہمیشہ رہے گا اور (نیز) خدا تعالےٰ کا
اللَّهُ عَلَيْهِ وَلَعَنَهُ وَأَعَدَّ لَهُ عَذَابًا
غضب اس پر نازل ہوگا اور اس پر اس کی پھٹکار پڑے گی اور اس
عَظِيمًا ﴿٩٣﴾
کے لئے بڑا عذاب تیار ہے۔

ترکیب

ان یقتل اسم کان۔ المؤمن خبر لے ماشان المؤمن قتل المؤمن فی ای حال الا فی حال الخطأ اور ممکن ہے کہ الا بمعنے لکن ہو۔ ومن قتل شرط فتحریر خبر ہے مبتدا محذوف کی ای فالواجب وقیل خبرہٗ محذوف ای فعلیہ تحریر مضاف رقبۃ مؤمنۃ مضاف الیہ ودیۃ معطوف ہے تحریر پر جملہ جواب شرط الا ان یصدقوا استثناء منقطع ہے وقیل متصل والمعنے فالواجب دیۃ فی کل حال الا فی حال التصدق فان شرطیہ کان اس کا اسم المقتول من قوم خبر عدو لکم اس کی صفت وہو مومن جملہ حال ہے المقتول سے یہ سب شرط فتحریر الخ جواب۔

تفسیر

پہلی آیت میں اُن لوگوں کے قتل کی اجازت تھی کہ جو مسلمانوں میں آکر مسلمان اور کافروں میں جاکر اُن کے ساتھ ہو کر مسلمانوں کو قتل کرنے پر آمادہ ہو جاتے تھے۔ ایسے موقع میں کبھی وہ لوگ بھی آجاتے ہیں کہ جو صدقِ دل سے مسلمان ہیں اور اہلِ اسلام اُن کو کافر ہی سمجھتے ہیں سو ایسے لوگوں کے قتل سے منع کیا اور اس کے ضمن میں عموماً ایمانداروں کے قتل کرنے کا مسئلہ بھی بیان کرنا مناسب ہوا۔ فرماتا ہے کہ کسی مؤمن کو کسی مؤمن کا قتل کرنا درست نہیں مگر بھول چوک ہو تو معذور ہے۔ چنانچہ اس آیت کے نازل ہونے کا یہی سبب ہوا کہ اسلام میں دو ایک موقع ہو چکے تھے۔ عروہ ابن زبیرؓ سے روایت ہے کہ جنگِ اُحد میں ایسا اتفاق ہوا کہ حذیفہؓ ابن الیمانؓ کے والد یمانؓ بوقتِ جنگ ایک بھیڑ میں آگئے مسلمانوں نے ان کو کافر سمجھ کر اُن پر تلواریں مارنی شروع کر دیں گو حذیفہؓ کہتے رہے کہ میرے والد، مگر اس ہنگامہ میں کوئی نہ سمجھا یہاں تک کہ وہ قتل ہو گئے۔ پھر جب معلوم ہوا تو مسلمانوں کو سخت ملال ہوا۔ اس پر یہ آیت کفارہ بنانے کے لئے نازل ہوئی اور اس امر میں دیت کا بھی فیصلہ کر دیا۔ اس آیت میں یہ حکم ہے کہ جو کوئی کسی مسلمان کو خطأً نادانستہ قتل کر دے تو مقتول کے وارثوں کو دیت دی جائے اگر وہ معاف کر دیں تو مضائقہ نہیں اور ایک مسلمان غلام آزاد کرنا چاہیئے۔ دیت اس لئے کہ مسلمان کے خون کا جو بلا وجہ مارا گیا ہے

Marfat.com

معاوضہ نہ لینے کی کوئی وجہ نہیں چونکہ خطأً مارا گیا ہے اس لئے قاتل کو معاوضہ میں قتل کرنا خلافِ انصاف تھا مگر دیت یعنی خون بہا لینا مقرر کیا اور غلام آزاد کرنا اس لئے فرمایا کہ اگرچہ اس نے یہ کام قصداً نہیں کیا مگر بے احتیاطی کی گئی اس لئے جس طرح اس نے ایک مسلمان کو مارا اُس کے کفارہ میں مسلمان غلام کو آزاد کرے، گویا آزاد کرنا زندہ کردینا ہے کیونکہ غلامی انسان کی صفتِ مالکیت اور آزادی کو (جو اس کی فطرت میں رکھی ہے اور جو اس کی حیات کا مقتضی ہے) زائل کرتی ہے اور اس میں بنی نوعِ انسان پر احسان بھی ہے} پھر اگر وہ مقتول مسلمان جو نادانستہ مارا گیا ہے اُس قوم کا ہے کہ جس سے اہلِ اسلام سے معاہدۂ اور دوستی نہیں بلکہ دشمنی قائم ہے تو اس صورت میں صرف کفارہ میں مسلمان غلام ہی آزاد کرنا چاہیئے وارثوں کو دیت نہ دی جائے کیونکہ اس سے مخالفوں کو روپیہ کی مدد ملتی ہے اگرچہ ایسی صورت میں آیت میں صرف غلام آزاد کرنے کا ذکر ہے دیت دینے کا ذکر نہیں مگر معرضِ بیان میں سکوت کرنا نفی پر دلالت کیا کرتا ہے اور اگر وہ اُس قوم کا ہے کہ جس میں اور اہلِ اسلام میں باہم عہد ہے تو وہاں دیت وارثوں کو دی جائے اور مسلمان غلام بھی آزاد کیا جائے۔ اور جو غلام آزاد کرنے کا مقدور نہ ہو تو اس کی جگہ پے در پے دو مہینے کے روزے کفارہ میں رکھے اگر بیچ میں بجز عذرِ معمولی کے جو عورتوں کو لاحق ہوتا ہے روزہ ترک ہوگا تو پھر سرے سے دو مہینے پورے کرنے پڑیں گے اور دو مہینے روزے مقرر ہونے میں ایک سرِّ روحانی ہے جس کے بیان کی یہاں گنجائش نہیں۔ اس جگہ چونکہ مقتول کے لئے مومن کی قید نہیں اس سے بعض علماء نے ذمّی مقتول کا بھی یہی حکم نکالا ہے۔ اس حکم کے بعد کسی مسلمان کو قصداً قتل کرنے کی بابت فرماتا ہے ومن یقتل مؤمنا متعمدا الآیہ چونکہ قتلِ عمد کا حکم قصاص و دیت سورۂ بقرہ میں بیان ہو چکا ہے یا ایہا الذین آمنوا کتب علیکم القصاص فی القتلٰی الخ اس لئے یہاں صرف آخرت کی سزا بیان فرماتا ہے کہ وہ قاتل ہمیشہ جہنم میں رہے گا اور اس کے لئے لعنت اور غضبِ الٰہی اور اُس کو عذابِ عظیم ہے۔ ابن عباسؓ آیت کو ظاہر طور پر محمول کرکے قاتلِ عمد کے لئے ہمیشہ کا عذاب ثابت کرتے ہیں اور اس کی توبہ کو بھی غیر مقبول کہتے ہیں اور خوارج نے بھی اس آیت سے استدلال کیا ہے کہ قتلِ عمد گناہِ کبیرہ بالاتفاق ہے باوجود ے کہ اس کی سزا ابدی جہنم ہے۔ ثابت ہوا کہ کبیرہ کے مرتکب کے لئے ابدی جہنم ہے۔ جمہور علماء کہتے ہیں کہ اس قتلِ عمد سے مراد وہ ہے کہ جو جائز جان کر کیا جائے تو بیشک اُس کی یہی سزا ہے کیونکہ کبیرہ کا جائز جاننے والا کافر ہے اور کافر کی ابدی جہنم سزا ہے یا یہ کہ جزا تو اس کی یہی ہے مگر وہ کریم بوجہ ایمان کے قاتل کو بحکم آیۃ ویغفر ما دون ذلک لمن یشاء ابدی جہنم سے نجات دے گا۔ اب ہم آیت کا مطلب بیان کر چکے اس کے بعد چند ابحاث لکھتے ہیں جو احکامِ دیت اور قتلِ خطاء کے متعلق ہیں (۱) قتل کی پانچ قسم ہیں۔ پہلا قتلِ عمد تلوار وغیرہ ہتھیار سے جان کر قتل کرنا۔ اس میں قاتل مارا جائے گا خواہ کئی قاتل کیوں نہ ہوں بحکم آیت کتب علیکم القصاص اور آخرت کا گناہ بحکم آیت فجزاؤہ جہنم ہاں اگر مقتول کے وارث معاف کردیں یا دیت پر راضی ہو جائیں تو دیت دلائی جائے گی اور یہ قاتل اگر وارث کو قتل کریگا تو میراث سے بھی محروم ہوگا۔ دوسرا قتلِ خطاء مثلاً شکار سمجھ کر دُور سے کسی آدمی پر گولی چلادے اور وہ مرگیا یہ خطاء یعنی چوک قصد میں واقع ہوئی یا کسی مسلمان کو جنگ

---

۱ خواہ وہ لڑکا ہی کیوں نہ ہو بشرطیکہ اس کے والدین میں کوئی مسلمان ہو۔ یہ شافعیؒ، مالکؒ اور اوزاعیؒ ابوحنیفہؒ کا مذہب ہے۔ ابن عباسؓ اور حسنؒ اور شعبیؒ اور نخعیؒ کے نزدیک وہ غلام آزاد کیا جائے جو نماز پڑھتا اور روزہ رکھتا ہو

۲ گریہ صحیح نہیں کس لئے کہ مقتول مومن ہی کا ذکر چلا آتا ہے کان کی ضمیر بھی اسی کی طرف پھرتی ہے ۱۲ منہ

Marfat.com

میں کافر سمجھ کر مار ڈالا اور ایک خطا فعل میں بھی ہوتی ہے وہ یہ کہ نشانہ پر گولی چلاتا تھا کسی انسان کے لگ گئی اس کا حکم آیت میں بیان ہو چکا اس میں بھی میراث سے محروم رہتا ہے۔ احادیث سے ایک اور بھی قتل ان دونوں کے درمیان ثابت ہوا ہے جو شبہ بالعمد ہے۔ یہ قتل ابو حنیفہؒ کے نزدیک وہ ہے جو ان آلات سے واقع ہو جو قتل کے لئے موضوع نہ ہوں جیسا کہ لٹھ اور پتھر۔ صاحبینؒ اور امام شافعیؒ کے نزدیک یہ بھی قتل عمد ہے اور شبہ عمد یہ ہے کہ جس سے غالباً آدمی نہیں مرتا اس سے مارے جیسا کہ بغیر قصدِ ہلاک کے چھڑی یا مکہ مارے اور وہ مر جائے۔ شبہ عمد میں دیت مغلظہ اور کفارہ اور میراث سے محرومی ہے۔ چوتھا قتل خطا کے قائم مقام جیسا کہ سوتا ہوا آدمی کسی پر گر پڑے اور جس پر گرا ہے وہ مر جائے اس کا حکم بھی قتل خطا کا حکم ہے۔ پانچواں قتل بالسبب جیسا کہ رستہ میں کنواں کھودے اور اس میں کوئی گر کر مر جائے اس میں دیت ہے نہ کفارہ نہ حرمانِ میراث۔ امام شافعیؒ کہتے ہیں کہ کفارہ بھی اور حرمانِ میراث بھی ہے۔ (۲) دیت ودی سے مشتق ہے جیسا کہ شیۃ وشی سے واؤ حذف ہو گیا اس کے معنے معاوضہ کے ہیں مگر عرب میں صرف خون کے معاوضہ کو دیت کہا جاتا ہے یعنی خون بہا اس کی دو قسم ہیں مغلظہ یعنی سخت سو وہ شبہ عمد میں آتی ہے اس میں سو اونٹ چار قسم کے ہیں ۲۵ بنت مخاض ۲۵ بنت لبون ۲۵ حقہ ۲۵ جذعہ۔ امام شافعیؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک تین قسم کے لینے چاہئیں ۳۰ جذعہ ۳۰ حقہ ۴۰ ثنیہ حاملہ۔ دوسری مخففہ وہ قتل خطا میں آتی ہے اس میں سو اونٹ پانچ قسم کے ہیں ۲۰ بنت مخاض ۲۰ بنت لبون ۲۰ ابن مخاض ۲۰ حقہ ۲۰ جذعہ۔ یا ہزار دینار اور یہ نہ ہوں تو دس ہزار درہم۔ امام شافعیؒ بارہ ہزار درہم کہتے ہیں مسلمان اور ذمی کی برابر ہے خلافاً للشافعیؒ۔ یہ دیت تین سال میں بتدریج قاتل کے کنبہ اور قوم سے وصول کی جاتی ہے کہ جس کو عاقلہ کہتے ہیں کیونکہ وہ اس کے ہر ایک نفع و نقصان کے شریک ہیں اس ناگہانی حادثہ میں بھی ان کو شریک ہونا چاہیئے تاکہ آئندہ اس کو احتیاط پر مجبور کیا کریں۔ یہ مذہب جمہور کا ہے اور احادیثِ صحیحہ سے ثابت ہے مگر ابو بکر اصمؒ کے نزدیک خاص قاتل سے لینی چاہیئے۔ باقی قتل اور نقصان مال اور تاوان کے مسائل احادیث سے ثابت ہیں۔ واللہ اعلم

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا ضَرَبْتُمْ فِيْ

ایمان دارو! جب تم اللہ تعالےٰ کی راہ میں سفر کرو (یعنی جہاد

سَبِيْلِ اللّٰهِ فَتَبَيَّنُوْا وَلَا تَقُوْلُوْا

کو نکلو) تو تحقیق کر لیا کرو اور جو شخص تم کو

لِمَنْ اَلْقٰٓى اِلَيْكُمُ السَّلٰمَ لَسْتَ مُؤْمِنًا ۚ

سلام کرے اس کو زندگانی دنیا کا اسباب لینے کے لئے (یہ) نہ کہدیا کرو

تَبْتَغُوْنَ عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۡ فَعِنْدَ

کہ تو مسلمان نہیں۔ سو اللہ تعالےٰ

اللّٰهِ مَغَانِمُ كَثِيْرَةٌ ۭ كَذٰلِكَ كُنْتُمْ

کے پاس تو بہت ہی غنیمتیں ہیں۔ (پہلے تم (بھی تو) ایسے ہی تھے

مِّنْ قَبْلُ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ فَتَبَيَّنُوْا ۭ

(لیکن) پھر اللہ تعالےٰ نے تم پر فضل کر دیا، پس تحقیق کر لیا کرو،

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا (۹۴)

بے شک جو کچھ بھی تم کر رہے ہو اللہ تعالےٰ اس سے (خوب) واقف ہے۔

ترکیب

اذا ضربتم لے سافرتم للجہاد شرط فتبیّنوا جواب السّلام اور سلم دونوں سے آیا ہے اوّل کے معنے تحیّہ دوسرے کے معنے انقیاد بکلمۂ شہادۃ تبتغون حال ہے فاعل لاتقولوا

لہ بنتِ مخاض اُس اونٹ کو کہتے ہیں جو دوسرے برس میں ہو بنتِ لبون وہ جو تیسرے سال کا تحقہ یعنی بوجھ لادنے کے قابل ہو جو تھے برس میں ہو جذعہ جو پانچویں برس میں ہو ۱۲ منہ

۲ یعنی جو تمہارے سامنے آئے اس کو بے دریغ تہہ تیغ نہ کر دیا کرو دریافت کر لیا کرو کہ یہ کون ہے دشمن ہے یا دوست یا کوئی راہ گیر ۱۲ منہ

Marfat.com

سے کذٰلک خبر کنتم ضمیر انتم اس کا فاعل ان اللہ کو بالکسر جملہ مستانفہ ہونے کی وجہ سے پڑھا ہے اور بالفتح بھی معمول تبینوا کا بنا کر۔

تفسیر

قتلِ خطا کے بارے میں ابھی تہدید ہو چکی تھی اور یہ قتل ابتدائے اسلام میں مسلمانوں کو بیشتر جہاد میں پیش آتا تھا اس لئے یہاں جہاد میں ہوشیاری اور احتیاط کرنے کے لئے یہ آیت نازل فرماتی۔

بعض اہلِ اسلام کو جہاد میں یہ بات پیش آئی کہ جب دشمن پر انھوں نے قابو پایا تو اُس نے لا الٰہ الا اللہ جان بچانے کو کہدیا مگر صحابہؓ نے یہ سمجھا کہ یہ دل سے نہیں صرف جان بچانے کے لئے کہتا ہے اس کہنے پر بھی قتل کر دیا جس کی خبر جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو ہوئی اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سخت ناخوش ہوئے۔ چنانچہ بخاری اور مسلم نے اسامہ ابن زیدؓ سے روایت کیا ہے کہ ہم کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حُرقہ قبیلہ کی طرف بھیجا مجھے اُن میں سے ایک شخص مل گیا میں نیزہ سے اُس کو چوکنے لگا تو وہ لا الٰہ الا اللہ کہنے لگا انجام میں نے اس کو قتل کر دیا پھر آکر ہم نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اطلاع کی تو فرمایا کیا تو نے اس کو باوجود اس کہنے کے مار ڈالا؟ اُسامہؓ نے کہا اُس نے بچنے کے لئے کہا تھا۔ فرمایا تو نے اُس کا دل چیر کر کیوں نہیں دیکھ لیا یعنی تجھے اُس کے دل سے کیا کام احکام شرع ظاہری ہیں۔ اور مسلم کی روایت میں ہے کہ قیامت میں تو اس لا الٰہ الا اللہ کا کیا جواب دے گا؟۔ اسی طرح ایک روایت صحیحین میں مقداد بن اسودؓ کے بارے میں ہے۔ اس پر خدا تعالےٰ نے یہ آیت نازل فرمائی کہ جب تم جہاد میں باہر جاؤ (اللہ تعالےٰ کی راہ میں سفر کرنا عام ہے مگر یہاں مراد جہاد ہے) تو خوب تحقیق کر لیا کرو کہ یہ کون شخص ہے یہ نہیں کہ دُور سے ہی اس کا کام تمام کر دیا جاوے یا شبہ میں کسی کو قتل کیا جاوے۔ اور نیز جو تمہارے روبرو اسلام پیش کرے یعنی کلمۂ توحید کہے جیسا کہ روایتِ صحیحین سے پایا جاتا ہے یا صرف سلام کہے اور امان مانگے جیسا کہ ترمذی کی اُس حدیث سے پایا جاتا ہے کہ جس کو اس نے ابن عباسؓ سے روایت کیا ہے کہ قبیلۂ بنی سلیم کا ایک آدمی صحابہؓ کے پاس سے بکریاں لے کر گزرا اُس نے سلام کیا مگر اس کو صحابہؓ نے مارا جس پر یہ آیت نازل ہوئی کہ تم ایسے شخص کو یوں کہو تو مسلمان نہیں، کیا تم غنیمت کے لئے ایسا کرتے ہو اور دنیا کا مال چاہتے ہو جو عرض یعنی فانی ہے۔ سو اللہ تعالےٰ کے پاس بہت سی غنیمتیں ہیں اُن پر نظر رکھو۔ پہلے تم بھی تو کافر تھے اسی کلمہ کی بدولت خدا تعالےٰ کے فضل و احسان سے تم اسلام میں آئے ہو اس پر متنبہ ہونے کے لئے ان اللہ کان بما تعملون خبیرًا فرما دیا۔

جہاد میں جو اسلام ظاہر کرے قتل نہ کیا جاوے

لَا يَسْتَوِي الْقٰعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ	
وہ مسلمان جو بغیر کسی (معقول) عذر کے (جہاد سے) بیٹھ رہے	
غَيْرُ اُولِي الضَّرَرِ وَالْمُجٰهِدُوْنَ	
ہیں ان مجاہدوں کے برابر نہیں ہو سکتے جو اللہ تعالےٰ	
فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ؕ	
کی راہ میں اپنے مال اور جان سے جہاد کر رہے ہیں۔	
فَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجٰهِدِيْنَ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ	
اللہ تعالیٰ نے اپنے مال اور جان سے جہاد کرنے والوں کو (بلا عذر	
عَلَى الْقٰعِدِيْنَ دَرَجَةً ؕ وَكُلًّا وَّعَدَ	
بیٹھنے والوں پر درجہ میں فضیلت دی ہے۔ اور (یوں تو) اللہ تعالےٰ	
اللّٰهُ الْحُسْنٰى ؕ وَفَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجٰهِدِيْنَ	
کا نیک وعدہ سب (مسلمانوں) سے ہے۔ اور اللہ تعالیٰ نے مجاہدوں کو بیٹھنے والوں	
عَلَى الْقٰعِدِيْنَ اَجْرًا عَظِيْمًا ۙ دَرَجٰتٍ	
پر اجرِ عظیم کے اعتبار سے (بھی) فضیلت دی ہے (وہ اجرِ عظیم کیا ہے؟) بڑے	
مِّنْهُ وَمَغْفِرَةً وَّرَحْمَةً ؕ وَكَانَ	
بڑے درجے اور بخشش اور رحمت، اور اللہ تعالےٰ	

Marfat.com

اللّٰہُ غَفُوۡرًا رَّحِیۡمًا ﴿۹۶﴾

بخشنے والا مہربان ہے۔

ترکیب

من المؤمنین بیان ہے القاعدون کا غیر کو بالضم بھی پڑھا ہے کیونکہ یہ قاعدون کی صفت ہے اور بالفتح بھی کیونکہ یہ استثناء ہے قاعدون یا مؤمنین سے اور بالکسر بھی پڑھا ہے صفت مؤمنین کی بناکر درجۃً مصدر ہے بمعنے فضیلۃ تب یہ مفعول مطلق ہے اور تمیز بھی ہوسکتا ہے اور ظرف بھی لے فی درجۃ و منزلۃ وعد فعل اللّٰہ فاعل الحسنٰی مفعول ثانی کلاً مفعول اوّل درجات و مغفرۃ و رحمۃ اجرًا عظیمًا کا بیان ہے۔

تفسیر

جہاد میں چونکہ قتل خطا بھی پیش آجاتا تھا جس کے لئے کفارہ اور دیت کا ذکر ہوا اور نیز بعض وہ لوگ بھی کہ جنہوں نے لا الٰہ الا اللّٰہ کہدیا تھا مارے گئے تھے اور اس پر تہدید صادر ہوئی تھی اس سے کسی قدر مسلمانوں کے دل میں یہ خیال پیدا ہوا ہو کہ گھر بیٹھ کر عبادت و ریاضت کرنا ہی بہتر ہے کیونکہ اس میں ایسی بات پیش نہیں آتی مگر خداتعالٰے کو دنیا میں آسمانی سلطنت (کہ جس کی خبر انبیاء دیتے آئے ہیں) قائم کرکے دنیا کو بدی اور شرک سے پاک کرنا تھا اور یہ بات بغیر لشکر مجاہدین کے عالم اسباب میں ممکن نہ تھی اس لئے یہاں فرمادیا کہ بغیر ضرر یعنی مرض کے جو لوگ گھر میں بیٹھے رہتے ہیں وہ ان لوگوں کے برابر نہیں جو اپنے مال اور جان سے اللّٰہ تعالٰے کی راہ میں جہاد کرتے ہیں اس سے نفی مساوات کی تو ہوتی مگر مجاہدین کی بھی فضیلت بیان ہوتی تھی اس لئے فضل اللّٰہ المجاہدین الخ فرمایا کہ جو بغیر عذر کے گھر میں بیٹھ رہے ہیں ان کا تو کیا ذکر ہے مگر جو عذر سے بھی بیٹھتے ہیں ان پر بھی خداتعالٰے نے اللّٰہ تو کی راہ میں مال اور جان سے جہاد کرنے والوں کو درجہ میں فضیلت دی ہے مگر چونکہ عذر والے بھی دل میں اس کی نیت رکھتے ہیں صرف ناچاری سے شریک نہیں ہوسکتے اس لئے ان کے لئے بھی خداتعالٰے نے بہتری یعنی جنت و مغفرت کا وعدہ کیا۔ چنانچہ ترمذی نے روایت کی ہے کہ جب لا یستوی القاعدون الخ نازل ہوا تو عبداللّٰہ بن ام مکتومؓ جو نابینا تھے آنحضرت صلے اللّٰہ علیہ وسلم کے پاس آکر رونے لگے کہ یا حضرت! مجھے کیا حکم ہے؟ تب غیر اولی الضرر نازل ہوا اور وکلاً وعد اللّٰہ الحسنٰی سے ان کو بھی بوجہ نیت کے شریک کیا گیا مگر چونکہ مجاہدین ایک بھاری کام میں مصروف ہیں اور جان و مال کو اللّٰہ تعالٰے پر قربان کر رہے ہیں اس لئے ان کو مخصوص کرکے فرمایا وفضل اللّٰہ المجاہدین علی القاعدین اجرًا عظیمًا پھر اس اجر عظیم کی تفصیل فرماتا ہے درجٰت منہ ومغفرۃ ورحمۃ، کہ خداتعالٰے نے ان کو جنت کے درجات اور مغفرت مخصوصہ میں کہ جو وہاں کی فرحت ابدی ہے اور رحمت مخصوصہ میں جو اس کے دیدار کی تجلّی ہے خاص کرلیا ہے۔ مگر پھر اور ریاضت و عبادت والوں کی طرف بھی اشارہ کرکے وکان اللّٰہ غفورًا رحیمًا فرمادیا۔

اِنَّ الَّذِیۡنَ تَوَفّٰہُمُ الۡمَلٰٓئِکَۃُ ظَالِمِیۡۤ

بیشک جن کی فرشتے (ایسے حال میں) روح نکالتے ہیں کہ وہ اپنے اوپر

اَنۡفُسِہِمۡ قَالُوۡا فِیۡمَ کُنۡتُمۡ ؕ قَالُوۡا کُنَّا

ستم کر رہے ہیں ان سے پوچھیں گے کہ تم (دارالحرب میں پڑے پڑے) کیا کرتے تھے؟ وہ کہیں گے کہ ہم

مُسۡتَضۡعَفِیۡنَ فِی الۡاَرۡضِ ؕ قَالُوۡۤا

اس جگہ مجبور تھے، (فرشتے) کہیں گے کہ

اَلَمۡ تَکُنۡ اَرۡضُ اللّٰہِ وَاسِعَۃً فَتُہَاجِرُوۡا

کیا خداتعالٰے کی زمین کشادہ نہ تھی کہ تم اس میں کہیں چلے

فِیۡہَا ؕ فَاُولٰٓئِکَ مَاۡوٰىہُمۡ جَہَنَّمُ ؕ وَسَآءَتۡ

جاتے۔ سو وہ لوگ ہیں کہ جن کا ٹھکانا جہنم ہے، اور وہ (بہت ہی) بری

۱ حاشیہ صفحہ ۱۹۴ پر ملاحظہ کریں ۱۲

Marfat.com

مَصِيرًا ﴿٩٧﴾ إِلَّا الْمُسْتَضْعَفِينَ مِنَ

جگہ ہے، مگر جو مرد اور عورت اور لڑکے

الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ وَالْوِلْدَانِ لَا

(لڑکیاں) ایسے بے بس ہیں کہ نہ کوئی (نکلنے کا)

يَسْتَطِيعُونَ حِيلَةً وَّلَا يَهْتَدُونَ

حیلہ کر سکتے ہیں اور نہ ان کو کوئی رستہ

سَبِيلًا ﴿٩٨﴾ فَأُولَٰئِكَ عَسَى اللَّهُ أَن

ملتا ہے۔ سو ان کے لئے امید ہے کہ خدا تعالیٰ معاف کر دے

يَعْفُوَ عَنْهُمْ ۚ وَكَانَ اللَّهُ عَفُوًّا

(کیونکہ) اللہ تعالیٰ معاف کرنے والا (اور) بخشنے

غَفُورًا ﴿٩٩﴾ وَمَن يُهَاجِرْ فِي سَبِيلِ

والا ہے۔ اور جو کوئی اللہ تعالیٰ کی راہ میں ہجرت

اللَّهِ يَجِدْ فِي الْأَرْضِ مُرَاغَمًا كَثِيرًا

کرے گا (تو) اس کو زمین میں آسائش اور فراخ دستی (بھی)

وَسَعَةً ۚ وَمَن يَخْرُجْ مِن بَيْتِهِ

ملے گی۔ اور جو کوئی اپنے گھر سے ہجرت کر کے اللہ تعالیٰ

مُهَاجِرًا إِلَى اللَّهِ وَرَسُولِهِ ثُمَّ يُدْرِكْهُ

اور اس کے رسولؐ کی طرف نکلے پھر اس کو موت

الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ أَجْرُهُ عَلَى اللَّهِ ۗ

آپہونچے تو بیشک اس کا اجر تو اللہ تعالیٰ پر ثابت ہو چکا۔ اور

وَكَانَ اللَّهُ غَفُورًا رَّحِيمًا ﴿١٠٠﴾

اللہ تعالیٰ بخشنے والا (بڑا) مہربان (غفور الرحیم) ہے۔

ترکیب

ظالمی مضاف انفسہم مضاف الیہ یہ حال ہے ضمیر ہم سے جو توفہم میں ہے فیما جروا منصوب ہے جواب بن کر استفہام کا کیونکہ نفی بسبب استفہام کے اثبات ہو گی الا المستضعفین استثناء ہے اولئک ماوہم جہنم سے من الرجال والنساء والولدان، مستضعفین کا بیان ہے لایستطیعون اس سے حال مبینہ ہے۔ خبر ان قالوا وقیل فاولئک وقیل محذوف وہو بلکوا۔

تفسیر

مدینہ میں چونکہ لوگ ہجرت کر کے مجتمع ہو گئے تھے جو جہاد فرض ہونے کا باعث ہوا۔ اور جہاد کی رغبت پچھلی آیت میں بیان ہو چکی تھی اور بعض لوگ جو کہ مکہ میں یا اور شہروں میں ایمان تو لے آئے تھے مگر بسبب حب وطن کے ہجرت کر کے اس جماعت میں شریک ہونے سے پہلو تہی کرتے تھے اور نیز کفار کے شہروں میں وہ ادائے مراسم دینیہ سے بھی روکے جاتے تھے اس لئے ان آیات میں ہجرت کی تاکید اور بوقت مرگ یا بعد مرگ جو کچھ ملائکہ سے جواب وسوال ہو گا اس کا ذکر فرماتا ہے کہ جن ظالموں کی فرشتے جان قبض کرتے ہیں تو ان سے پوچھتے ہیں کہ تم کیا کیا کرتے تھے؟ یعنی دین میں کیا مدد کی؟ وہ اپنا عذر بیان کریں گے کہ ہم مجبوری سے یہاں رہتے تھے۔ وہ کہیں گے کہ کیا خدا تعالیٰ کی زمین تنگ تھی! کیوں ہجرت کر کے نہیں چلے گئے؟ (ظلم سے مراد گناہ ہے کیونکہ اس سے انسان اپنے نفس پر ظلم کرتا ہے جو اس کو عذاب کا مستحق بناتا ہے) پھر ان لوگوں کو اس عتاب سے مستثنیٰ کرتا ہے جو درحقیقت معذور ہوں، جیسا کہ بیمار یا عمر رسیدہ یا مقید مرد بچے عورت اور ہجرت نہ کرنے کے بیشتر یہی وجوہ سبب ہوتے ہیں۔ ایک یہ کہ پردیس میں یہ عافیت اور آرام جو وطن میں ہے جاتا رہے گا۔ اس کی نسبت

(حاشیہ ص۱۹۳) ان آیات میں ان لوگوں پر عتاب ہے جو ایمان لانے کے بعد اپنے گھروں اور مال پیچے اور مال واسباب میں پڑے رہتے ہیں اور مخالفوں کے خوف سے ارکان اسلام نہیں بجالا سکتے حالانکہ جہاں ارکان اسلام بجالانے کی ممانعت ہو وہاں سے نکل جانا فرض ہے اور اسی کو ہجرت کہتے ہیں۔ جہاں کہیں جس کو آزادی سے چلا جائے جس ایسے دنیا پسند مصلحت اندیش لوگوں سے بوقت مرگ فرشتے یوں پوچھیں گے اور ان کو ہجرت نہ کرنا اپنی جان پر ظلم کرنا تھا ۱۲ منہ

Marfat.com

خدا تعالیٰ وعدہ فرماتا ہے۔ یجد فی الارض مراغماً کثیراً وسعۃ کہ اس کو خدا تعالیٰ کشائش اور آرام دے گا۔ چنانچہ دیا۔ مراغم رغام سے مشتق ہے جس کے معنے خاک کے ہیں بولتے ہیں رغم انف فلان کہ خاک میں بھر گئی اس کی ناک یعنی شرمندہ و ذلیل ہوا۔ چونکہ مہاجر کا دار ہجرت میں کشائش پانا اس کے مخالفین کے لئے شرمندگی کا باعث ہے اس لئے اس کشائش کو مراغم کہا۔ دوم یہ کہ شاید ہم راستہ میں مرجاویں اس کی بابت فرماتا ہے ومن یخرج من بیتہ کہ جو اپنے گھر سے ہجرت کے لئے نکلے اور رستہ میں موت آجاوے تو اس کا اجر عند اللہ ثابت ہو چکا۔ ہجرت کا مسئلہ ہم بیان کر چکے ہیں کہ یہ اس ملک اور شہر میں کہ جہاں کفار کی وجہ سے شرائع اسلام کو آزادی سے ادا نہ کر سکے واجب ہے جیسا کہ قبل فتح اہل مکہ پر تھا۔

وَاِذَا ضَرَبْتُمْ فِی الْاَرْضِ فَلَیْسَ

اور (مسلمانو) جب کہ تم سفر میں ہو تو تم پر کچھ (بھی)

عَلَیْکُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَقْصُرُوْا مِنَ

گناہ نہیں کہ نماز میں قصر

الصَّلٰوۃِ ۖ اِنْ خِفْتُمْ اَنْ یَّفْتِنَکُمُ

کر دو[1] اگر تم کو اس بات کا خوف ہو کہ کافر

الَّذِیْنَ کَفَرُوْا ؕ اِنَّ الْکٰفِرِیْنَ کَانُوْا

تم کو ستائیں گے کیونکہ کافر (تو) تمہارے کھلم کھلا

لَکُمْ عَدُوًّا مُّبِیْنًا ﴿۱۰۱﴾ وَاِذَا کُنْتَ

دشمن ہیں۔ اور جب کہ (اے نبی ﷺ) آپ بھی ف

فِیْهِمْ فَاَقَمْتَ لَهُمُ الصَّلٰوۃَ فَلْتَقُمْ

(سفر میں) ان کے ساتھ ہوں پھر ان کے لئے نماز قائم کرو (یعنے امام

طَآئِفَةٌ مِّنْهُمْ مَّعَکَ وَلْیَاْخُذُوْٓا

بنو) تو چاہیئے کہ ان میں سے ایک گروہ تو آپ کے ساتھ کھڑا ہو اور وہ اپنے ہتھیار

اَسْلِحَتَهُمْ ۖ فَاِذَا سَجَدُوْا فَلْیَکُوْنُوْا

بھی ساتھ رکھیں پھر جب وہ سجدہ کر چکیں تو چاہیئے کہ وہ تمہارے

مِنْ وَّرَآئِکُمْ ۖ وَلْتَاْتِ طَآئِفَةٌ اُخْرٰی

پیچھے ہو جائیں اور وہ دوسرا گروہ کہ جس نے (آپ کے ساتھ) نماز

لَمْ یُصَلُّوْا فَلْیُصَلُّوْا مَعَکَ وَلْیَاْخُذُوْا

نہیں پڑھی ہے آئے (اور) آپ کے ساتھ نماز پڑھے اور چاہیئے کہ وہ بھی

حِذْرَهُمْ وَاَسْلِحَتَهُمْ ۚ وَدَّ الَّذِیْنَ

ہوشیار ہیں اور اپنے ہتھیار (بدستور) لئے رہیں، (اور) کافر تو چاہتے

کَفَرُوْا لَوْ تَغْفُلُوْنَ عَنْ اَسْلِحَتِکُمْ

ہیں کہ اگر تم اپنے ہتھیاروں اور اسباب سے

وَاَمْتِعَتِکُمْ فَیَمِیْلُوْنَ عَلَیْکُمْ مَّیْلَةً

غافل ہو جاؤ تو تم پر ایک ہی دفعہ ٹوٹ

وَّاحِدَةً ؕ وَلَا جُنَاحَ عَلَیْکُمْ اِنْ

پڑیں۔ اور تم پر (اس میں بھی) کچھ گناہ نہیں کہ اگر

کَانَ بِکُمْ اَذًی مِّنْ مَّطَرٍ اَوْ کُنْتُمْ

تم کو مینہ سے کچھ تکلیف ہو یا تم بیمار ہو تو

مَّرْضٰٓی اَنْ تَضَعُوْٓا اَسْلِحَتَکُمْ ۚ وَ

اپنے ہتھیار اتار کر رکھ دو، اور

خُذُوْا حِذْرَکُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ

اپنی ہوشیاری رکھو، بیشک اللہ تعالیٰ نے کافروں کے لئے

[1] قصر چار رکعت کی جگہ دو پڑھنا یہ قصر مسافر کے لئے درست ہے عام ہے کہ دشمن کا خوف ہو یا نہ ہو اور خوف کی قید احترازی نہیں بلکہ اتفاقی ہے ۱۲ منہ

ف اس کو صلوٰۃ الخوف کہتے ہیں جو جماعت کی فضیلت کے لئے اسلام میں قائم ہوئی خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے روبرو پیش آیا تھا اس کی مختلف صورتیں ہیں سب کا خلاصہ یہ ہے کہ امام کے ساتھ ایک گروہ مسلمین ایک رکعت پڑھ کر دشمن کے مقابلہ میں جا کھڑا ہو اور جو گروہ دشمن کے مقابلہ میں تھا وہ آکر امام کے ساتھ دوسری رکعت میں شریک ہو جائے اور ہر گروہ ایک ایک رکعت اپنے طور پر پڑھ لے اور نماز پڑھنے میں ہتھیار ساتھ رکھیں اور ہوشیار رہیں اور جب مقابلہ ہو اور اس کی بھی فرصت نہ ہو تو ہر حال میں اللہ تعالیٰ کو یاد کر لینا چاہیئے اور جو نماز قضا ہو گئی ہے اس کو بعد میں ادا کریں ۱۲ منہ

قصر اور صلوٰۃ خوف کا مسئلہ

Marfat.com

لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿۱۰۲﴾ فَاِذَا قَضَيْتُمُ
ذلت کا عذاب تیار کر رکھا ہے۔ پھر جب تم نماز سے
الصَّلٰوةَ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ قِيٰمًا وَّقُعُوْدًا
فارغ ہو چکو تو اللہ تعالےٰ کو یاد کرو کھڑے ہو کر اور بیٹھ کر
وَّعَلٰى جُنُوْبِكُمْ ۚ فَاِذَا اطْمَاْنَنْتُمْ
اور لیٹ کر، پھر جب تم کو اطمینان ہو جائے
فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ ۚ اِنَّ الصَّلٰوةَ
تو نماز قائم کرو، بیشک نماز ایمانداروں پر
كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ كِتٰبًا مَّوْقُوْتًا ﴿۱۰۳﴾
وقت پر فرض کی گئی ہے۔
وَلَا تَهِنُوْا فِى ابْتِغَآءِ الْقَوْمِ ۭ اِنْ
اور ان کے تعاقب کرنے میں ہمت نہ ہارو۔ اگر
تَكُوْنُوْا تَاْلَمُوْنَ فَاِنَّهُمْ يَاْلَمُوْنَ
تم تکلیف اٹھا رہے ہو تو وہ (بھی) تمہاری طرح سے تکلیف
كَمَا تَاْلَمُوْنَ ۚ وَتَرْجُوْنَ مِنَ اللّٰهِ
اٹھا رہے ہیں۔ اور تم کو (تو) اللہ تعالےٰ سے (وہ) امید
مَا لَا يَرْجُوْنَ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا
ہے جو ان کو نہیں۔ اور اللہ تعالےٰ خبردار
حَكِيْمًا ﴿۱۰۴﴾
حکمت والا ہے۔

ترکیب

واذا ضربتم شرط فلیس الخ جواب ان تقصروا اے فی ان تقصروا من الصلوٰۃ کا من زائدہ ہے عدوًا بمعنے اعداءً وقیل مصدر علےٰ فعول مثل القبول ولذا لم یجمع واذا کنت شرط قمت کنت پر معطوف فلتقم جواب لم یصلوا صفت ہے طائفۃ اُخرےٰ کی قیامًا وقعودًا او علےٰ جنوبکم یہ تینوں حال ہیں فاعل اذکروا اللہ سے موقوتًا ای مقدرا وقتہا فلا تؤخرعنہ (جلالین)

تفسیر

منجملہ ان چیزوں کے کہ جن کی مجاہد کو جہاد میں احتیاج ہے نماز کی کیفیت دریافت کرنا ہے کہ سفر میں کس طرح سے اور بوقت جنگ کیونکر ادا کرنی چاہیے۔ اس لئے خدا تعالےٰ ان آیات میں صلوٰۃ قصر و صلوٰۃ خوف کے متعلق مسائل بیان فرماتا ہے۔

واذا ضربتم سے لے کر عدوا مبینًا تک صلوٰۃ قصر کا مسئلہ مذکور ہے۔ قصر کے معنے لغت میں کم کرنے کے ہیں اور تخفیف کے خواہ کمیت میں خواہ کیفیت میں اس لئے اس مسئلہ میں علماء کے دو قول ہیں ایک طاؤس رح کا اور عبداللہ بن عباس رض سے بھی اس میں روایت ہے کہ قصر سے مراد بوقت جنگ اشارہ سے نماز پڑھ لینا ہے اور رکوع و سجود کی جگہ صرف اشارہ کر دینا اور نماز میں ہتھیار چلانا اور چلنا اور خون آلودہ کپڑوں سے نماز پڑھ لینا درست ہے کیونکہ رکوع و سجود میں دشمن کے غلبہ کا خوف ہے۔ اور صحابہ رض نے عین مقابلہ میں ایسا ہی کیا ہے مگر یہ قول قوی نہیں کس لئے کہ قصر بمعنے تغیر اس کے بعد دوسری آیت میں مذکور ہے اور وہ ایک جدا حکم ہے۔ دوسرا جمہور صحابہ رض و تابعین رح کا قول ہے وہ یہ کہ سفر کے وقت نماز کی تعداد رکعت میں کمی کی جائے ظہر و عصر و عشاء میں چار رکعت کی جگہ دو دو پڑھی جاویں مگر جابر بن عبداللہ رض اور ایک جماعت کے نزدیک سفر میں دو رکعت خوف کے وقت ایک رکعت پڑھی جائے۔ جمہور کے قول پر پہلے ابن امیہ وغیرہ کی بہت سی احادیث صحیحہ دلیل قوی ہیں دوم قصر کے معنے عرف صحابہ رض میں یہی تھے اور نیز من الصلوٰۃ سے بھی یہی بات پائی جاتی ہے۔ پھر جمہور ائمہ مجتہدین کے نزدیک مسافر کو رخصت ہے کہ وہ چار رکعت کی جگہ دو پڑھے خواہ دشمن کا خوف ہو یا نہ ہو وان خفتم ان یفتنکم الذین کفروا کی شرط اس لئے ہے کہ دشمن کے خوف کے وقت یہ قصر غالبًا

Marfat.com

واقع ہوتا ہے جیسا کہ لاتقربوا الصلوٰۃ کے بعد ان اردن تحصنا کی قید ہے اور نیز شرط کے وقت مشروط کا پایا جانا مفہوم ہوتا ہے یعنی اگر سفر میں خوف ہو تو قصر کرو یہ مفہوم نہیں ہوتا کہ شرط کے نہ پائے جانے سے مشروط نہ پایا جائے یعنی اگر سفر میں خوف نہ ہو تو قصر نہ کرنا ثابت نہیں ہوتا۔ علاوہ اس کے بہت سی احادیث صحیحہ سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہؓ کا حالت سفر میں بغیر خوف دشمن کے قصر کرنا پایا گیا ہے چنانچہ حارث بن وہبؓ سے بخاریؒ اور مسلمؒ نے روایت کی ہے کہ منیٰ میں باوجودے کہ ہم بہت تھے اور نہایت امن تھا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے دو رکعت پڑھائیں۔ اور اسی طرح صحیحین میں انسؓ سے مروی ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے جب کہ حج کے لئے مکہ آئے تھے عصر کی نماز ذی الحلیفہ میں دو رکعت پڑھی۔

داؤد ظاہری اور ان کے مقلدین کہتے ہیں کہ بغیر خوف کے سفر میں قصر درست نہیں۔ قرآن مجید میں اس بات کی بھی کچھ تشریح نہیں کہ کس قدر سفر پر قصر ہے اس میں دو منزل چار منزل کی کچھ قید نہیں بلکہ عرف پر چھوڑ دیا اور مطلقاً اذا ضربتم فرما دیا اس لئے داؤد ظاہری اور ان کے مقلد قاضی شوکانی نے اس کو مطلق قائم رکھ کر میل دو میل کے سفر پر بھی قصر کی اجازت دیدی۔ جمہور علماء کے نزدیک ان کی یہ رائے غلط ہے کس لئے کہ اگر نص کو بالکل مطلق رکھا جائے تو ایک محلہ سے دوسرے محلہ جانے میں بھی بحکم اذا ضربتم قصر کرنا چاہیئے حالانکہ اس کا اسلام میں کوئی بھی قائل نہیں اور اگر نص کو مقید کیا جائے تو ضرور وہی معنے مراد لئے جاویں گے جو پیغمبر علیہ السلام اور صحابہؓ نے اس لفظ سے سمجھے ہیں اور وہ ایک مقدار خاص ہے جس کو عرف میں سفر کہہ سکتے ہیں جس کے اندازہ میں علماء کے مختلف اقوال ہیں۔ شعبی اور نخعی اور سعید بن جبیرؒ کہتے ہیں کہ اقل مرتبہ تین روز کا راستہ ہونا چاہیئے اور یہی امام ابو حنیفہؒ کا قول ہے کیونکہ مسلمؒ نے حضرت علیؓ سے روایت کی ہے کہ مسافر کے لئے مسح خفین میں تین رات دن کا حکم ہے جس سے سفر کی اقل حد تین رات دن سمجھی گئی۔ امام مالکؒ اور امام شافعیؒ کے نزدیک اقل مرتبہ یہ سفر چار برد تک ہونا چاہیئے ہر ایک برد چار فرسخ کا اور ہر ایک فرسخ تین میل کا ان میلوں سے جو ہاشم جد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے قدم سے قائم کئے ہیں وہ میل بارہ ہزار قدم کا ہے۔ امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ یہ قصر رخصت ہے خواہ مسافر چار پڑھے خواہ دو۔ امام ابو حنیفہؒ فرماتے ہیں کہ قصر کرنا واجب ہے یہاں تک کہ اگر مسافر چار رکعت پڑھے اور دو کے بعد بقدر تشہد نہ بیٹھے گا تو نماز فاسد ہو گی کیونکہ بطے ابن امیہؒ سے مسلمؒ نے روایت کی ہے کہ میں نے قصر کے بارے میں حضرت عمرؓ سے پوچھا انہوں نے کہا میں نے بھی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے استفسار کیا تھا کہ اب تو امن ہو گیا قصر کی کیا ضرورت ہے؟ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ خدا تعالیٰ کا صدقہ ہے کہ جو تم کو عنایت ہوا سو تم اس کو قبول کرو۔ اس کے بعد واذا کنت فیہم فاقمت لہم الصلوٰۃ سے لے کر ان الصلوٰۃ کانت علی المؤمنین کتابا موقوتا تک صلوٰۃ خوف کا مسئلہ بیان فرماتا ہے۔ امام ابو یوسفؒ اور حسن بن زیادؒ کے نزدیک یہ حکم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مخصوص تھا کیونکہ اذا کنت فیہم کی قید موجود ہے جمہور کے نزدیک حکم عام ہے۔ صلوٰۃ الخوف کی صورت یہ ہے کہ امام قوم کے دو ٹکڑے کرے اور ان میں سے ایک گروہ کو ایک رکعت پڑھائے پھر جب یہ گروہ امام کے ساتھ ایک رکعت پڑھ چکے تو پھر کیا کرے۔ اس میں مختلف اقوال ہیں (ایک یہ) کہ یہ گروہ ایک رکعت کے بعد سلام پھیر کر دشمن کے مقابلہ میں چلا جائے اور جو دشمن کے مقابلہ میں تھے وہ آکر صرف ایک رکعت امام کے ساتھ پڑھ کر سلام پھیر دیں امام کی دو رکعت قوم کی ایک ایک ہو گی۔ یہ قول مجاہدؒ اور جابر بن عبید اللہؓ کا ہے۔

صلوٰۃ خوف

ف کس لئے کہ مفہوم مخالف کے اہل تحقیق قائل نہیں ۱۲

Marfat.com

(دوم) یہ کہ اول گروہ کو امام دو رکعت پڑھائے وہ سلام پھیر کر مقابلہ میں چلے جاویں اور جو مقابلہ میں تھے وہ آویں اُن کو بھی امام دو رکعت پڑھائے۔ یہ حسن بصریؒ کا قول ہے امام دو بار پڑھے گا (سوم) یہ کہ امام ایک گروہ کو ایک رکعت پوری پڑھائے اور پھر چپکا کھڑا رہے اور یہ لوگ اپنی دوسری رکعت از خود تمام کر کے سلام پھیر کر دشمن کے مقابلہ میں چلے جاویں اور جو مقابلہ میں تھے وہ اگر امام کے ساتھ رکعت اخیر میں شریک ہو جاویں اور جتنی دیر تک وہ دوسری رکعت جو فوت ہوئی تھی تمام نہ کر لیں امام تشہد میں بیٹھا رہے پھر امام سلام پھیرے یہ بھی امام کے ساتھ سلام پھیر دیں۔ یہ قول سہل بن ابی حثمہؓ کا ہے اور یہی مذہب امام شافعیؒ کا ہے (چہارم) یہ کہ ایک گروہ امام کے ساتھ ایک رکعت پڑھ کر مقابلہ میں چلا جائے اور سلام نہ پھیرے اور جو لوگ مقابلہ میں تھے وہ آ کر اخیر رکعت میں شریک ہو جائیں اور ایک رکعت پڑھ کر دشمن کے مقابلہ میں چلے جائیں پھر اوّل گروہ آ کر وہ جو ایک رکعت فوت ہوئی ہے اُس کو تمام کر کے دشمن کے مقابلہ میں چلے جائیں اور دوسرا گروہ آ کر اپنی نماز تمام کرے فرق یہ ہے کہ اول گروہ نے اول الصلوٰۃ کو پایا اور دوسرے نے اخیر کو۔ یہ عبداللہ بن مسعودؓ اور امام ابو حنیفہؒ کا قول ہے یہ سب صورتیں احادیث سے ثابت ہیں۔ رخصت کا دائرہ وسیع کرنے کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مختلف طور پر صلوٰۃ خوف ادا کی ہے۔ ان آیات سے یہ چاروں صورتیں ثابت ہو سکتی ہیں۔ اب ہم آیت کی تشریح کرتے ہیں، واذا کنت فیہم الخ اے نبیؐ! جب تم مسلمانوں کے لشکر میں ہو اور حالت خوف کی ہو جیسا کہ غزوۂ ذات الرقاع اور ذات نخل میں یہ معاملہ پیش آیا کہ لشکر اسلام کی پشت قبلہ کی طرف تھی تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بوقت نماز یہ حکم دیا کہ دو ٹکڑے ہو جائیں چنانچہ ایک دشمن کے سامنے رہا اور ایک نے نبی علیہ السلام کے ساتھ نماز پڑھی فلتقم طائفۃ منہم معک

ان کے دو گروہ ہو کر ان میں سے ایک گروہ نماز میں آپؐ کے ساتھ کھڑا ہو اور ایک دشمن کے سامنے ہو ولیأخذوا اسلحتھم یعنی جو لوگ نماز میں آپؐ کے ساتھ ہوں ہتھیار کھول کر نہ کھڑے ہوں جیسا کہ تلوار و خنجر و پیش قبض بندوق کیونکہ اگر حاجت پڑے تو وقت پیش نہ آوے اور ممکن ہے کہ یہ خطاب اُس جماعت کے لئے ہو کہ جو دشمن کے مقابلہ میں ہے اور راجح یہ ہے کہ دونوں کے لئے خطاب ہے۔ فاذا سجدوا فلیکونوا من ورائکم یعنی جو نماز میں نہیں ہیں اُن کو چاہیئے کہ حراست کے لئے نمازیوں کے پیچھے سے دشمن کے مقابلہ میں کھڑے ہوں یا جو لوگ نماز میں ایک رکعت پا چکے ہیں وہ اب جو نماز پڑھ رہے ہیں اُن کی حراست کے لئے دشمن کے سامنے کھڑے ہو دیں۔ ولتأت طائفۃ اُخریٰ لم یصلوا فلیصلوا معک یعنی وہ گروہ جس نے ہنوز نبی علیہ السلام کے ساتھ نماز نہیں پڑھی بلکہ وہ اوّل ہی سے مقابلہ میں تھے یعنی گروہ دوم وہ بقایا نماز میں نبی علیہ السلام کے ساتھ شریک ہو جاویں اور پھر اُن سب کو حکم ہے کہ ولیأخذوا حذرھم کہ اپنے بچاؤ کی چیزیں یعنی زرہ وغیرہ ساتھ لئے رہیں۔ بعض کہتے ہیں کہ حذر سے مراد ہوشیاری ہے۔ واسلحتھم جمع سلاح یعنی ہتھیار بھی نہ اُتاریں کیونکہ دوسری رکعت میں کفار کو معلوم ہو جائے گا کہ یہ نماز میں ہیں اور دفعۃً حملہ کرنا چاہیں گے جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ودّ الذین کفروا لو تغفلون عن اسلحتکم وامتعتکم فیمیلون علیکم میلۃً واحدۃً مگر اس کے ساتھ مرض یا بارش وغیرہ عوارض کی وجہ سے ہتھیار رکھ دینے کی بھی اجازت ہے جیسا کہ فرماتا ہے ولا جناح علیکم الخ۔ فاذا قضیتم الصلوٰۃ یعنی جب نماز سے فراغت پاؤ تو ذکر الٰہی سے غافل نہ ہو جاؤ بلکہ کھڑے بیٹھے لیٹے اللہ تعالیٰ کو یاد کیا کرو۔

لہ بارش میں ہتھیار بھیگ جاتے ہیں اور نیز کپڑے بھی ایسی حالت میں خصوصاً نماز کے وقت ہتھیار طبیعت کو گراں معلوم ہوتے ہیں ۱۲ منہ

Marfat.com

بعض کہتے ہیں اس سے مراد یہ ہے کہ اگر جنگ سخت ہو اور صلوٰۃ خوف کی بھی مہلت نہ ہو تو پھر جس حال میں ممکن ہو یاد الٰہی کرلو اور فاذا اطمأننتم فاقیموا الصلوٰۃ جب امن ہو جائے تو اس نماز کو جو جنگ میں فوت ہوئی قائم کرو۔ پھر آیت کو نماز کی تاکید پر تمام کرتا اور یہ بتلاتا ہے کہ یہ سب باتیں عارضی تھیں اصل یہ ہے کہ نماز کو ہمیشہ اس کے وقت پر قائم کیا کرو۔ کیونکہ ان الصلوٰۃ کانت علی المؤمنین کتابا موقوتا ای فرضا موقتا (کبیر) کمتوبا محدودا باوقات معلومۃ (مدارک) اس کے بعد پھر جہاد کی ترغیب دیتا ہے کہ تم سے اللہ تعالیٰ نے فتح و نصرت کا وعدہ کیا ہے اور اس سے تم کو وہ امید ہے جو کفار کو نہیں پھر کیوں انکی لڑائی سے سستی کرتے ہو ولا تہنوا الخ، وترجون الخ۔

إِنَّا أَنزَلْنَا إِلَيْكَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ
بیشک ہم نے (اے محمدؐ) آپ پر کتاب برحق نازل کی ہے

لِتَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ بِمَا أَرَاكَ اللَّهُ ۚ
جیسا کچھ خدا تعالیٰ نے تم کو بتایا ہے تمھی کے موافق لوگوں کے جھگڑے فیصلہ کیا کرو۔

وَلَا تَكُن لِّلْخَائِنِينَ خَصِيمًا ﴿١٠٥﴾ وَّ
اور دغابازوں کی طرف داری نہ کیا کرو ،

اسْتَغْفِرِ اللَّهَ ۖ إِنَّ اللَّهَ كَانَ غَفُورًا
اللہ تعالیٰ سے معافی مانگا کرو۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ بخشنے والا مہربان

رَّحِيمًا ﴿١٠٦﴾ وَلَا تُجَادِلْ عَنِ الَّذِينَ
ہے۔ اور جو لوگ اپنے آپ خیانت کر رہے ہیں آپ ان

يَخْتَانُونَ أَنفُسَهُمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ
کی طرف سے نہ جھگڑیں ، کیونکہ اللہ تعالیٰ کو کوئی بھی

مَن كَانَ خَوَّانًا أَثِيمًا ﴿١٠٧﴾ يَسْتَخْفُونَ
دغاباز گنہگار پسند نہیں۔ لوگوں سے تو

مِنَ النَّاسِ وَلَا يَسْتَخْفُونَ مِنَ
چھپ سکتے ہیں (مگر) اللہ تعالیٰ سے چھپ نہیں

اللَّهِ وَهُوَ مَعَهُمْ إِذْ يُبَيِّتُونَ مَا
سکتے کیونکہ جب وہ راتوں کو بیہودہ باتیں کیا کرتے ہیں اس وقت

لَا يَرْضَىٰ مِنَ الْقَوْلِ ۚ وَكَانَ اللَّهُ
بھی (اللہ تعالیٰ) ان کے ساتھ تھا۔ اور اللہ تعالیٰ نے ان کے

بِمَا يَعْمَلُونَ مُحِيطًا ﴿١٠٨﴾ هَا أَنتُمْ هَٰؤُلَاءِ
عمل کا احاطہ کر رکھا ہے۔ بھلا دیکھو تو دنیا میں

جَادَلْتُمْ عَنْهُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا فَ
تو تم ان کی طرف سے جھگڑتے ہو۔

فَمَن يُجَادِلُ اللَّهَ عَنْهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ
(لیکن) قیامت میں ان کی طرف سے کون جھگڑے گا۔

أَمْ مَّن يَكُونُ عَلَيْهِ وَكِيلًا ﴿١٠٩﴾ وَمَن
یا کون ان کا وکیل بنے گا۔ اور جس نے

يَعْمَلْ سُوءًا أَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهُ ثُمَّ
برا کام کیا یا اپنے نفس پر ظلم کر لیا پھر

يَسْتَغْفِرِ اللَّهَ يَجِدِ اللَّهَ غَفُورًا
اس نے اللہ تعالیٰ سے معافی چاہی (تو) وہ اللہ تعالیٰ کو (بہت) معاف کرنے

رَّحِيمًا ﴿١١٠﴾ وَمَن يَكْسِبْ إِثْمًا فَإِنَّمَا
مہربان پائیگا۔ اور جو کوئی گناہ کرتا ہے سو اپنی ہی (خرابی کے)

يَكْسِبُهُ عَلَىٰ نَفْسِهِ ۚ وَكَانَ اللَّهُ
لئے کرتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کو تو (سب کی) خبر

عَلِيمًا حَكِيمًا ﴿١١١﴾ وَمَن يَكْسِبْ
(اور) حکمت معلوم ہے۔ اور جو کوئی خطا یا گناہ کر کے

خَطِيئَةً أَوْ إِثْمًا ثُمَّ يَرْمِ بِهِ بَرِيئًا
پھر اس کو کسی بے گناہ کے ذمہ لگاتا ہے تو

حق میں برا کرتے ہیں کس لئے کہ اس کا وبال اور الزام کامل انہی پر پڑتا ہے ۱۲ منہ ف ان آیات میں مدینہ کے منافقوں کی طرفداری و حمایت پر عتاب ہو۔ منافق پڑے چرب زبان تھے ان کی باتوں سے بعض مسلمان انکی طرف سے کمال کیا کرتے تھے کہ ایسے نہیں کہ ان کو منع کیا جاتا ہے ۱۲ منہ

Marfat.com

فَقَدِ احْتَمَلَ بُهْتَانًا وَّإِثْمًا مُّبِينًا ﴿۱۱۲﴾

وہ بڑا بہتان اور صریح گناہ اُٹھاتا ہے۔

ترکیب

ارٰک کا مفعولِ اوّل ک اور مفعولِ ثانی محذوف ہے ای ارٰکہ یرم بہ کی ضمیر اثما کی طرف راجع ہے اور خطیئۃ حکم اثم میں ہے اور بعض کہتے ہیں یکسب سے جو کسب سمجھا جاتا ہے اُسی کی طرف پھرتی ہے۔

تفسیر

پچھلی آیتوں میں جہاد کے اندر نماز کا حال اور پھر جہاد کی ترغیب بیان ہوئی تھی جس سے مخالفوں پر حق و ناحق وقت بے وقت زیادتی کرنے کا خیال عام طبائع میں پیدا ہونے کا احتمال تھا کس لئے کہ عام طبائع میں یہ جبلّی بات ہے کہ جب ان کو جنگ کی طرف رغبت دلائی جاتی ہے تو اپنی طرف سے اور بھی شدت و سختی کرنے کی خواہش کیا کرتے ہیں۔ کیونکہ افراط و تفریط انسان کی طبیعت میں خمیر کی گئی ہے اس لئے اس کے بعد ان آیتوں میں اس بات کی تہدید کی گئی ہے کہ جہاد اور قتال اپنے موقع پر ہے باقی ہر ایک معاملہ میں مؤمن و کافر یگانہ و بیگانہ کا لحاظ نہیں بلکہ حق اور انصاف کو معاملات میں موافق قانونِ الٰہی یعنی کتاب اللہ کے ملحوظ رکھنا چاہیئے۔ ان آیات کا مطلب صاف سمجھ میں آنا ایک قصّہ یا واقعہ کے سُننے پر موقوف ہے جو آنحضرت علیہ الصّلوٰۃ والسّلام کے عہد میں ان آیات کے نازل ہونے سے پہلے گزرا جس پر یہ آیتیں نازل ہوئیں اور وہ قصّہ ان آیات کا سببِ نزول ہے اور وہ یہ ہے کہ مدینہ طیبہ میں طعمہ[ف] بن اُبیرق ایک شخص بظاہر مسلمان اور در پردہ خراب آدمی تھا اُس نے قتادہ[ل] بن نعمان کی زرہ چُرا کر ایک یہودی کے ہاں رکھدی اتفاق سے وہ زرہ اُس

ف جس کا نام زید بن سمین تھا ۱۲ ل قبیلہ بنی ظفر میں سے ہے ۱۲ حقانی

یہودی کے ہاں سے برآمد ہوگئی۔ یہودی نے کہا کہ میں نے چُرائی نہیں بلکہ میرے پاس طعمہ رکھ گیا ہے۔ طعمہ سے پوچھا تو وہ صاف انکار کر گیا اور قسمیں کھانے لگا کہ میں نے ہرگز نہیں چُرائی اور اس میں طعمہ کے بھائی بند اور اکثر مسلمان اس کو مسلمان سمجھ کر مددگار بن کر جھگڑنے لگے اور آنحضرت علیہ الصّلوٰۃ والسّلام کے روبرو بھی یہودی کو ملزم ٹھیرانے لگے اور چوری کی سزا کا وہی بیچارہ مستحق ٹھہرنے لگا۔ چونکہ بظاہر یہودی کے گھر سے مال برآمد ہوا تھا اور یہودی کے قول پر کوئی گواہ یا دلیل بھی نہ تھی کہ طعمہ نے اس کو دی ہے اس لئے آنحضرت علیہ الصّلوٰۃ والسّلام کا خیال بھی اس بات میں یہودی کی طرف تھا کہ غالباً اس نے چُرائی ہے کس لئے کہ وحی تو ہنوز اس امر میں نازل ہوئی نہ تھی کہ غیب کا حال منکشف ہوتا اس میں قریب تھا کہ یہودی کو قطع ید کی سزا دی جائے کہ یہ آیت نازل ہوئی جس کا خلاصہ مطلب یہ ہے۔ انا انزلنا الیٰ خصیما کہ ہم نے اے نبیؐ! آپؐ کے اوپر قرآن برحق اس لئے نازل کیا ہے کہ آپؐ لوگوں میں اس کے مطابق بما ارٰک اللہ (اے علک فیہ) فیصلہ کیا کریں اور خیانت کرنے والوں طعمہ وغیرہم کی طرف سے جواب دہی اور جھگڑا نہ کیا کریں بلکہ اس قصہ سے واستغفر اللہ خدا تعالےٰ سے معافی چاہو کیونکہ وہ غفور رحیم ہے۔ پھر اس حکم کی تاکید کرتا ہے۔ ولا تجادل عن الذین یختانون انفسہم کہ آپؐ ان خیانت کاروں کی حمایت نہ کریں (گنہگار یا چور غیر کی تو خیانت کرتا ہی ہے مگر دراصل اپنے نفس کی بھی خیانت کرتا ہے کہ اپنی نعمتِ جنّت و عیشِ آخرت کو برباد کرتا ہے) کس لئے کہ ان اللہ لا یحبّ من کان خوانا اثیما خدا تعالےٰ کو کسی دغاباز خائن گناہگار سے محبّت نہیں۔ خوّان مبالغہ کا صیغہ ہے اور اس سے طعمہ وغیرہ کی طرف اشارہ ہے اگرچہ بظاہر اُس نے ایک خیانت کی تھی مگر انکار کرنا اور کسی بے جُرم پر جُرم لگانا یہ بھی خیانت ہے۔ علاوہ اس کے بعض روایات سے ثابت ہے طعمہ ہاتھ

Marfat.com

کاٹنے کی سزا سے ڈر کر مرتد ہو کر چلا گیا اور پھر وہاں بھی اس نے کسی کے گھر میں نقب لگائی دیوار گر پڑی دب کر مر گیا۔ اس لئے اس کو خوّانًا اثیمًا کے الفاظ سے یاد کیا گیا۔ آگے ان کی خیانت کے ثبوت میں فرماتا ہے یستخفون من الناس کہ وہ اس امر کو شرم یا ڈر کے مارے چھپاتے ہیں مگر اس سے کیا ہوتا ہے ولا یستخفون من اللہ۔ خدا تعالےٰ سے نہیں چھپا سکتے اُس پر ہر راز منکشف ہے۔ پھر اس کا ثبوت دیتا ہے وھو معھم اذ یبیتون مالا یرضیٰ من القول کہ جب وہ رات کو نا پسند باتیں بناتے تھے تو وہ اُن کے ساتھ تھا۔ بیّت کے معنے ہم بیان کر چکے ہیں اور بیت کے شب گزارنے کے بھی ہیں جس سے اس مخفی بات کی طرف اشارہ ہے جو طعمہ نے زرہ برآمد ہونے کے وقت کی تھی۔ وہ یہ کہ رات کو ایک گوشہ میں بیٹھ کر طعمہ نے اپنے بھائیوں دوستوں سے یہ کہا کہ میں۔ یہودی کے ذمہ لگا دوں گا اور قسم کھا جاؤں گا تم بھی میری اس امر میں اعانت کرنا اس کے بعد عموماً ان مسلمانوں کو تنبیہ کرتا ہے جو طعمہ کے اس کی ظاہری دینداری کی وجہ سے طرفدار ہو گئے تھے ھا انتم ھٰؤلاء جادلتم عنھم فی الحیٰوۃ الدنیا۔ تم ان کی طرف سے دنیا میں تو جھگڑتے حمایت کرتے ہو مگر فمن یجادل اللہ عنھم یوم القیامۃ ام من یکون علیھم وکیلا۔ قیامت کو کون ان کی طرف سے جھگڑے گا اور کون ان کا وکیل بنے گا (بلکہ کوئی بھی نہیں) جب کہ تہدید فرما چکا تو اس کے بعد توبہ کی طرف ترغیب دلائی جاتی ہے اور ترغیب کے لئے تین طبقے کس حکمت بالغہ سے ذکر کئے جاتے ہیں (۱) ومن یعمل سوءًا او یظلم نفسہ ثم یستغفر اللہ یجد اللہ غفورًا رحیمًا۔ سوء سے مراد بُری بات ہے کہ جس سے دوسرے کو تکلیف پہنچے جیسا کہ طعمہ کا فعل چوری اور تہمت۔ اور ظلم نفس سے مراد وہ گناہ کہ جو اپنے نفس سے خاص ہو جیسا کہ زنا وغیرہ۔ اس آیت میں عموماً خدا تعالےٰ بندوں کو اذنِ عام دیتا ہے کہ جو گنہگار ہماری جنابِ عالی میں معافی چاہے گا تو ہم اُس کو معاف کر دیں گے ؎ این درگہ ما درگہ نومیدی نیست ؛ صد بار اگر توبہ شکستی باز آ ؛ بعض علماء کہتے ہیں کہ استغفار کے ساتھ توبہ بھی شرط ہے۔ (۲) ومن یکسب اثما فانما یکسبہ علیٰ نفسہ وکان اللہ علیما حکیمًا کہ اے بندے گنہگار! تیرے اس گناہ سے ہمارا کچھ ضرر نہیں ہوا بلکہ خاص تیرا ہی ضرر ہے پھر کیوں معافی نہیں چاہتا؟ اگر تو دل میں نادم اور پشیمان اپنے فعل سے ہو گا تو ہم علیم وحکیم ہیں معاف کر دینا ہماری علم وحکمت کا مقتضا ہے۔ (۳) ومن یکسب خطیئۃً او اثمًا ثم یرم بہ (ای بذلک الکسب) بریئًا فقد احتمل بھتانًا واثمًا مبینًا۔ خطیئۃ گناہ صغیرہ اثمًا کبیرہ۔ اس میں اس بات کو جتلایا جاتا ہے کہ گناہ کر کے دوسرے بے گناہ کی طرف منسوب کرنا جیسا کہ طعمہ نے کیا یہ کوئی برأت کی وجہ نہیں کہ اس سے آدمی عنداللہ اور عندالناس بری ہو جاوے بلکہ اس کی تدبیر وہی توبہ واستغفار ہے اور یہ جو گنہگار تدبیر سوچتا ہے یہ اس کے حق میں دُنیا اور آخرت میں مضر ہے۔ بہتان سے اشارہ دنیا کی ندامت اور اثم مبین سے آخرت کی ندامت کی طرف ہے۔

وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ وَرَحْمَتُهٗ

اور (اے نبی) اگر تم پر اللہ تعالےٰ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی تو

لَهَمَّتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْهُمْ اَنْ يُّضِلُّوْكَ

ان میں سے ایک جماعت نے تو آپ کے بہکانے کا قصد کر ہی لیا تھا۔

وَمَا يُضِلُّوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا

اور تم کو تو وہ کیا گمراہ کرنے گمراہ کرتے ہی آپ کو (گمراہ کرتے) اور نہ وہ

يَضُرُّوْنَكَ مِنْ شَيْءٍ ؕ وَاَنْزَلَ اللّٰهُ

تم کو کچھ ضرر ہی دے سکتے ہیں۔ اور اللہ تعالےٰ نے تم پر

عَلَيْكَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَكَ

کتاب اور حکمت نازل کی اور تم کو وہ باتیں سکھائیں کہ

Marfat.com

مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ ؕ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ

جن کو تم نہیں جانتے تھے۔ اور (اے نبی ؐ) تم پر اللہ تعالےٰ کا بڑا ہی

عَلَيْكَ عَظِيْمًا ﴿۱۱۳﴾ لَا خَيْرَ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنْ

فضل رہا ہے (تمہارے مقابلہ میں) ان کے اکثر مشورے بے کار

نَّجْوٰىهُمْ اِلَّا مَنْ اَمَرَ بِصَدَقَةٍ اَوْ مَعْرُوْفٍ

ہیں مگر اس کا کہ جو خیرات یا نیک بات کا یا لوگوں میں

اَوْ اِصْلَاحٍ بَيْنَ النَّاسِ ؕ وَمَنْ يَّفْعَلْ

باہم اصلاح کرنے کا مشورہ دے۔ اور جو ایسی باتیں خدا تعالےٰ

ذٰلِكَ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ فَسَوْفَ

کی مرضی حاصل کرنے کے لئے کرتا ہے سو ہم اس کو

نُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۱۱۴﴾ وَمَنْ يُّشَاقِقِ

عنقریب اجر عظیم دیں گے۔ اور جو کوئی ہدایت

الرَّسُوْلَ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدٰى

ظاہر ہونے کے بعد بھی رسول ؐ کی نافرمانی

وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ

کرتا اور مسلمانوں کے برخلاف طریقہ پر چلتا ہے

نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى وَنُصْلِهٖ جَهَنَّمَ ؕ وَ

تو ہم بھی اس کو اسی رستہ پر چلائے جائیں گے اور اس کو آگ میں لے کر ڈالیں گے اور

سَآءَتْ مَصِيْرًا ﴿۱۱۵﴾

وہ بہت ہی بری جگہ ہے۔

ترکیب

لہمت جواب لولا۔ مایضرونک من شیٔ من زائدہ ہے اور شیٔ بمعنی ضرر ہو کر مفعول مطلق ہے من نجواہم صفت ہے کثیر کی الا من امر استثناء۔ لاخیر فی کثیر من نجواہم سے ہے۔ نجوی مصدر ہے بمعنے مشورہ۔ اور من ذات اشخاص کے لئے تو استثناء منقطع ہوگا اور یہ بھی بلغاء کے کلام میں بکثرت مستعمل ہے اور نجوی کا اطلاق کبھی مشورہ کرنے والوں پر بھی ہوتا ہے جیسا کہ آیا ہے واذ ہم نجوی اس صورت میں استثناء متصل ہوگا موضع جر میں بھی اور نصب میں بھی۔

تفسیر

ان آیات میں بھی اسی واقعہ کی طرف بطور تکملہ اور تتمہ کے اشارہ فرماتا ہے کہ اگر خدا تعالےٰ کا تم پر فضل و رحمت نہ ہوتی تو ایک گروہ نے ان میں سے (یعنی طعمہ اور اس کے اقارب نے) اے نبی ؐ! تم کو بہکا دینے کا قصد ہی کر لیا تھا کہ آپ ؐ سے یہودی پر ظلم کرائیں لیکن ہمیشہ اس کا تم پر فضل رہا ہے۔ اس نے وحی اور الہام سے تم کو مطلع کیا اور وہ جو آپ ؐ کے بہکانے کا قصد کرتے ہیں دراصل وہ اپنے تئیں گمراہ کرتے ہیں آپ ؐ کا کچھ بھی ضرر نہ کر سکیں گے (اس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی عصمت کی طرف اشارہ ہے) اللہ تعالےٰ نے تم پر کتاب اور حکمت نازل کی اور بہت سے احکام و شرائع جو تم نہیں جانتے تھے تم کو بتلائے اس سے تم پر بڑا ہی فضل رہا ہے حقیقت میں انسان کو خدا تعالےٰ کی طرف سے نعمت وحی اور الہام اور کتاب اور حکمت کا ملنا اور پھر اقتدار پا کر یگانہ بیگانہ میں عدل و انصاف بھی قائم کرنا اور دنیا میں مکارم اخلاق کی تعلیم پر صبر و برداشت کرنا ایذائیں جھیلنا بھی بڑی نعمت ہے اور بڑا فضل ہے۔ طعمہ اور اس کے اقارب جو اس امر میں خفیہ سرگوشی کیا کرتے تھے جس کو نجوی کہتے ہیں اس کی نسبت فرماتا ہے کہ یہ سرگوشی اور خفیہ باتیں اسلام اور دین حق میں کچھ نہیں جو بات ہو کھلم کھلا اور صاف ہونی چاہیئے ہاں اگر نجوی سے کوئی خیر مقصود ہو تو مضائقہ نہیں۔ اس کے بعد خیر کی تین[1] قسم ذکر فرماتا ہے جو تمدن اور آخرت کے لئے تریاق کا حکم رکھتی ہیں کس لئے کہ خیر یا دوسرے کو نفع پہنچانے

[1] ان تینوں میں نجوی اچھا ہے صدقہ میں اس لئے کہ ظاہر کرنے میں لینے والے کو عار ہوگا نیک نصیحت میں اخفاء اس لئے بہتر ہے کہ ظاہر میں اس کی فضیحت ہے اصلاح باہمی میں اس لئے کہ ظاہر کرنے میں آتا ہے چڑھاؤ اصلاح کے باعث ہیں فوت ہو جاتے ہیں ۱۲

Marfat.com

میں ہے یا دفع ضرر میں اور خیر یا جسمانی ہے جیساکہ مال کا دینا
اس کی طرف امر بصدقۃ میں اشارہ ہے یا خیر روحانی۔ اس کی
دو قسم ہیں۔ تکمیل قوتِ نظریہ اور تکمیل قوتِ عملیہ یعنی علم
و عمل ان کے مجموعہ کی طرف او معروف میں اشارہ ہے یا
دفع ضرر کے لئے تو اس کا او اصلاح بین الناس میں اشارہ
ہے۔ اس کے بعد یہ بتلاتا ہے کہ ان میں بھی ریاکاری نہ ہو بلکہ
خاص لوجہ اللہ یہ باتیں ہونی چاہئیں۔ پھر رسول کی نافرمانی
اور مسلمانوں کی جماعت سے علیحدگی کی برائی کا بدنتیجہ بتایا
جاتا ہے کہ ایسے شخص کی سزا جہنم ہے جیساکہ طعمہ نے علیحدگی
اختیار کی اور مکہ مکرمہ میں مرتد ہو کر مر گیا۔ اس آیت میں
اجماعِ امت کے برحق ہونے کا ثبوت ہے اور یہ کہ اجماع کا
مخالف گنہگار ہے جیساکہ احادیث میں آیا ہے۔

إِنَّ اللَّهَ لَا يَغْفِرُ أَن يُشْرَكَ بِهِ وَ
بیشک اللہ تعالےٰ اس بات کو تو ہرگز نہیں بخشنے گا کہ اس کے ساتھ شریک کیا
يَغْفِرُ مَا دُونَ ذَٰلِكَ لِمَن يَشَاءُ ۚ وَ
جائے اور اس کے سوا جسے چاہے گا معاف کر دے گا اور
مَن يُشْرِكْ بِاللَّهِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلَالًا
جس نے اللہ تعالےٰ کا شریک ٹھہرایا تو وہ بڑی دور کی گمراہی میں
بَعِيدًا ﴿١١٦﴾ إِن يَدْعُونَ مِن دُونِهِ
پڑ گیا عـه وہ مشرکین تو اس کے سوا عورتوں ہی کو پکارا کرتے
إِلَّا إِنَاثًا ۚ وَإِن يَدْعُونَ إِلَّا شَيْطَانًا
ہیں۔ عـه اور کسی کو بھی نہیں پکارا کرتے مگر شیطان مردود
مَّرِيدًا ﴿١١٧﴾ لَّعَنَهُ اللَّهُ ۘ وَقَالَ لَأَتَّخِذَنَّ
کو عـه کہ جس پر خدا تعالےٰ نے لعنت کر دی ہے اور وہ کہہ چکا
مِنْ عِبَادِكَ نَصِيبًا مَّفْرُوضًا ﴿١١٨﴾ وَ
ہے کہ میں ضرور تیرے بندوں میں سے ایک حصہ معین اپنا مقرر کر لوں گا۔ اور
لَأُضِلَّنَّهُمْ وَلَأُمَنِّيَنَّهُمْ وَلَآمُرَنَّهُمْ
ضرور میں ان کو گمراہ کر کے ہی رہوں گا اور ان کو جھوٹی امیدیں دلاؤں گا اور حکم دوں گا کہ
فَلَيُبَتِّكُنَّ آذَانَ الْأَنْعَامِ وَلَآمُرَنَّهُمْ
جانوروں کے کان چیرا کریں۔ اور ان کو سکھاؤں گا کہ وہ اللہ تعالےٰ کی
فَلَيُغَيِّرُنَّ خَلْقَ اللَّهِ ۚ وَمَن يَتَّخِذِ
بنائی ہوئی صورت کو بدلیں۔ اور جس نے خدا تعالیٰ کو چھوڑ کر شیطان
الشَّيْطَانَ وَلِيًّا مِّن دُونِ اللَّهِ فَقَدْ
کو دوست بنا لیا تو وہ کھلم کھلا خسارہ میں پڑ گیا۔
خَسِرَ خُسْرَانًا مُّبِينًا ﴿١١٩﴾ يَعِدُهُمْ وَ
وہ ان کو وعدے دیا کرتا ہے اور
يُمَنِّيهِمْ ۖ وَمَا يَعِدُهُمُ الشَّيْطَانُ إِلَّا
امیدیں دلاتا ہے۔ اور شیطان کے جو وعدے انسے ہوتے ہیں تو صرف دھوکہ
غُرُورًا ﴿١٢٠﴾ أُولَٰئِكَ مَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ
ہی دھوکہ ہوتے ہیں۔ یہی وہ لوگ ہیں کہ جن کا ٹھکانا جہنم ہے۔
وَلَا يَجِدُونَ عَنْهَا مَحِيصًا ﴿١٢١﴾ وَالَّذِينَ
اور وہاں سے نکل جانے کا کوئی بھی رستہ نہ پائیں گے۔ اور جو ایمان لائے
آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ سَنُدْخِلُهُمْ
اور انہوں نے اچھے کام بھی کئے سو ان کو ہم جلد ایسے باغوں
جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ
میں داخل کریں گے کہ جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی وہ ان میں ہمیشہ
فِيهَا أَبَدًا ۖ وَعْدَ اللَّهِ حَقًّا ۚ وَمَنْ
رہا کریں گے۔ اللہ تعالےٰ کا وعدہ سچا ہے۔ اور اللہ تعالےٰ سے

عـه مشرکین عرب خیالی ارواح کو پکارتے تھے اور ان کو خدا تعالےٰ کی بیٹیاں
سمجھتے تھے جیساکہ ہندو دیویوں کو پوجتے ہیں ۱۲ عـه۲ باوجود خدا تعالیٰ کے
بندہ ہونے کے شیطان کے ہی حکم بردار ہوں گے ۱۲ عـه۳ شیطان جہاں بنی آدم کے
دل میں طرح طرح کے خیالات فاسدہ پیدا کر کے بہکایا کرے گا تو یوں ہوگا فلاں معبود
کو پکارو گے تو رستگاری ہوگی اولاد و مواشی میں ان کی نذر و نیاز کرو گے تو
برکت ہوگی۔ اسی قسم سے تھا جو وہ مکہ کے کافروں کے دل میں ڈالتا تھا کہ بتوں کی
نذر و نیاز کے لئے جانوروں کے کان چیر ڈالتے تھے اور داغ دے کر ان کی شکل بگاڑ دیتے
تھے اس سے مقصود یہ ہوتا تھا کہ یہ بتوں اور غیر اللہ کے نام سے مخصوص ہو جائیں۔
اب بھی جاہلوں بلکہ جاہل مسلمانوں میں بھی ایسے ہی دستور ہیں صرف فرق یہ ہے کہ
(باقی صفحہ ۲۰۴ پر)

Marfat.com

أَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ قِيلًا (۱۲۲)

زیادہ کون بات کا سچا ہے۔

ترکیب

اللہ اسم ان لایغفر خبر ان یشرک بہ مفعول ہے یغفر کا لمن کا لام یغفر سے متعلق ہے۔ اناثا جمع انثیٰ علے فعال ویراد بہ کل مالا روح فیہ من الاحجار والاصنام والشمس ویکون ان یقال انہم کانوا یعبدون الخبائث من الشیاطین والارواح الغیر المرئیۃ ویستعینون بہا وینادونہا فی کل شدۃ وغرۃ لذلک وصفت بہ شیطانا کی اور ممکن ہے کہ مستانفہ ہو جملہ بدعا کے لئے لاتخذن الخ مقولہ شیطان ہے۔

تفسیر

اگلی آیتوں میں گناہ کی معافی کی طرف اشارہ تھا یہاں اس بات کی تصریح ہے کہ گناہوں میں شرک ایسا سخت گناہ ہے کہ جس کی سزا ابدی جہنم ہے یہ بغیر توبہ کے ہرگز معاف نہیں ہوتا ہاں اگر اس کے سوا اور جس گناہ کو چاہے گا خدا تعالےٰ بغیر توبہ کے بھی اپنی رحمت سے بخش دے گا۔ پھر اس کی وجہ ذکر فرماتا ہے ومن یشرک الخ کہ اس عالم میں ہر ایک عاقل مخلوقات اور اس کے مصنوعات پر غور کرکے یہ کہہ سکتا ہے کہ اس تمام عالم اور اس کل کائنات کا پیدا کرنے والا ایک شخص ہے یعنی اللہ تعالےٰ اور ہر چیز نبی ولی فرشتہ جن چاند سورج اپنی ذات اور کمالات میں ہر دم اسی کے دست نگر اور محتاج ہیں پھر جو کوئی ممکنات میں سے کسی کو خدائی میں شریک کرے تو اس سے زیادہ

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۲۰۳) بتوں کی جگہ صلحاء واولیاء کرام کے نام سے لیا جاتا ہے ۱۲ منہ عہ کیونکہ انسان کی سعادت وشقاوت قوت نظریہ وعملیہ کی تکمیل وتخریب پر موقوف ہے اور قوت نظریہ ہی بڑی چیز ہے مرنے کے بعد علم وادراک ہی رہ جاتا ہے پھر جس نے قوت نظریہ کو اس درجہ خراب کیا کہ خدائے واحد کے ساتھ اوروں کو شریک کیا ہے تو اس سے بڑھ کر اور کیا گناہ ہو سکتا ہے کون گمراہ ہوگا جو راہ عقل سے ہزاروں کوس دور پڑا ہے ضلٰلا بعیدا۔ سو یہ بغاوت ہے اگر اس سے توبہ واستغفار نہ کرے گا تو یہ جرم ہے ہرگز عفو نہ ہوگا اور ضلٰلا بعیدا کی دوسری وجہ یہ ذکر کرتا ہے ان یدعون من الخ کہ یہ مشرک دو قسم کے لوگ ہیں بعض تو اپنے بزرگوں اور ملائکہ یا قوای مدبر عالم کو اپنے نزدیک ایک خیالی صورۃ پتھر یا پیتل یا کسی اور چیز کی بنا کے پوجتے ہیں اور جن کی یہ تصویریں ہیں ان کو بوقت پرستش یا بوقت دعا حاضر جانتے ہیں دوسرے وہ ہیں کہ تصویر یا بت تو نہیں بناتے بلکہ جن، بھوت، ملائکہ ارواح غیر مرئیہ کو عالم کا مدبر کارکن سمجھ کر ان کی پرستش کرتے اور نذر ونیاز کرکے ان کو پکارتے ہیں اور ان کو حاضر سمجھتے ہیں سو اول گروہ کی نسبت فرماتا ہے ان یدعون من دونہ الا اناثا کہ وہ بتوں کو پکارتے ہیں یعنی جن کو وہ حاضر سمجھ کر پکارتے ہیں وہ کہاں ہیں؟ یہ تو انھیں بتوں کو پکار رہے ہیں۔ عرب کے بت پرست اپنے خیالی معبودوں کو عورتوں کے نام سے نامزد کیا کرتے تھے جیسا کہ لات اللہ کی تانیث اور عزیٰ عزیز کی تانیث ہے۔ حسن رح کہتے ہیں کہ عرب میں ہر ایک قبیلہ کا ایک بت تھا جس کو وہ انثیٰ کہتے تھے انثیٰ بنی فلان اور اس میں عائشہ رض کی وہ قرأت ہے جس میں انثا کی جگہ اوثانا ہے۔ ہندوستان میں بھی کالی بھوانی، لاٹوں والی بہت سی عورتیں پوجی جاتی ہیں۔

دوسرے گروہ کی نسبت فرماتا ہے وان یدعون الا شیطانا مریدا کہ وہ گو اپنے نزدیک ان ارواح غیر مرئیہ جن بھوت ملائکہ کو پوجتے ہیں اور حاضر اور موجود جانتے ہیں مگر وہاں بجز شیطان کے کہ جس پر خدا تعالےٰ نے لعنت کی ہے اور زنا چوری جس قدر بداعمالیاں ہیں ہر چند بری ہیں مگر قوت عملیہ کا نقصان ہے جو بمقابلہ اس کے کچھ بھی نہیں اسی لئے ہر نجات کا مدار بھی تکمیل قوت نظریہ پر رکھا گیا ہے جس کا خلاصہ توحید واقرار رسالت ہے جو کوڑ مغز اس سے واقف نہیں وہ اعتراض کرتا ہے ۱۲

Marfat.com

نہیں ہوتا اور جو کچھ کبھی ان لوگوں کو کوئی بات معلوم ہو جاتی ہے سو وہ بھی اسی کے کرشمے ہوتے ہیں اس کے بعد شیطان کے چند اقوال نقل کرتا ہے اُس کی مذمت کے لئے۔ خواہ یہ بات شیطان نے زبانِ حال سے کہی ہو خواہ زبانِ مقال سے اس وقت میں کہی ہو جب کہ وہ آدمؑ کے سجدہ نہ کرنے سے راندہ کیا گیا تھا۔

(۱) لاتخذن من عبادک نصیبًا مفروضًا۔ فرض لغت میں قطع کو کہتے ہیں جس سے مراد مقدارِ معیّن ہے یعنی میں بندوں میں سے ایک جماعتِ معیّن کو اپنے حصّے میں لے لوں گا وہ میرے کہنے پر چلیں گے یہ وہ لوگ ہیں کہ جو اس کے وسواس اور خطرات کی پیروی کرتے ہیں۔

(۲) ولاضلنھم یعنے لوگوں کو راہ راست سے گمراہ کردوں گا۔

(۳) ولامنینھم کہ میں اُن کے دلوں میں طرح طرح کی آرزوئیں اور امیدیں دلاؤں گا اور جب انسان کے دل میں اس قسم کی بیجا آرزوئیں پیدا ہوتی ہیں تو ان سے حرص اور طولِ امل پیدا ہوتا ہے جو آدمی کو اخلاقِ ذمیمہ پر برانگیختہ کرتا ہے۔ اس لئے نبی علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ ابن آدم بوڑھا ہو جاتا ہے اور اس کی حرص اور خواہشیں جوان ہوتی جاتی ہیں یہ دونوں وصف انسان کے اندر نہایت بد اور تمام گناہوں کا سرچشمہ ہیں۔ کس لئے کہ طولِ امل کی وجہ سے دل میں اس بات کا خیال بھی نہیں آتا کہ کبھی مجھے اس دارِ فانی سے کوچ بھی کرنا ہے اس پر اس کی دلی امیدوں کا محیط ہونا جو کسی کو ساری عمر حاصل نہ ہوئی ہیں نہ ہوں گی اس کو خلق کی ایذا رسانی جھوٹ ظلم دغابازی وغیرہ باتوں میں مبتلا کرتا ہے کیونکہ یہ جانتا ہے کہ جس طرح سے ممکن ہو میری یہ آرزو حاصل ہو جائے پھر اُس کے دل میں نہ کسی کا وعظ اثر کرتا ہے نہ کوئی عبرتناک بات اثر کرتی ہے۔

(۴) ولآمرنھم فلیبتکن آذان الانعام۔ بتک کے معنے کاٹنے کے ہیں بولتے ہیں سیف بائک ای قاطع۔ یعنی لوگوں کو سکھاؤں گا کہ وہ بتوں کی قربانی کے لئے جانوروں کے کان کاٹا کریں گے۔ عرب کے بت پرستوں میں یہ بھی دستور تھا کہ وہ اپنے خیالی معبودوں کی نذر و نیاز اور قربانی کے لئے جانوروں کے کان کاٹ ڈالتے تھے اور یہ فعل اللہ تعالےٰ کی نظر میں نہایت فسق اور ناپاک تھا۔

(۵) ولآمرنھم فلیغیرن خلق اللہ کہ میں اُن کو یہ بات بھی سکھاؤنگا کہ وہ مخلوقِ الٰہی کو متغیر کریں گے۔

مفسّرین کے اس میں دو قول ہیں۔ اوّل سعید بن جبیرؓ و سعید بن المسیبؒ و حسنؒ و ضحاکؒ و مجاہدؒ و سدیؒ کا قول ہے کہ تغیّر خلق اللہ سے یہ مراد ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہر ایک انسان کی اصل فطرت میں راستی اور توحید پیدا کی ہے جیسا کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں وما من مولود الا یولد علی الفطرۃ الحدیث کہ ہر شخص اصلی حالت میں فطرتِ پیدا ہوتا ہے جس کو اسلام کہا جاتا ہے مگر پھر شیطانی خیالات اور قوّتِ وہمیّہ کی وجہ سے وہ کفر و بدعت میں پڑ کر مخلوقِ الٰہی میں تغیر کر دیتا ہے اور ممکن ہے کہ اس سے مراد حلال کو حرام اور حرام کو حلال کر دینا ہو دوم اس کو ظاہر معنے پر محمول کر کے اس سے یہ مراد لی ہے کہ انسان میں تغیّر یہ ہے کہ جینے کی اُمید سے اس کے کان یا ناک چھیدتے تھے اور عورتیں تزیّن کے لئے بالوں میں چٹلا لگاتی تھیں، دانتوں کو ریت کر باریک وہیں کرتی تھیں، مرد کو خصّی کرتے تھے، خواجہ سرا بناتے تھے اس میں ڈاڑھی منڈانا بھی آگیا اور جانوروں کے کان چیرتے تھے۔ اور اس سے یہ بھی مراد ہے کہ ارواحِ بشریّہ اس عالم میں بطورِ سفر کے اس لئے آئے ہیں کہ کمالات حاصل کر کے پھر اس عالمِ قدس میں جا ملیں اب غضبانی اور شہوانی اور وہمانی باتوں سے روح کو تیرہ و ناپاک کر دینا تغیّر خلق اللہ ہے۔

ان باتوں سے شیطان کی غرض ضرر اور مرضِ دینی پیدا کر دینا ہے سو وہ غالباً تشویش سے یا نقصان یا بطلان سے ہوتا ہے۔ پس تشویش کی طرف ولامنینھم میں اشارہ ہے۔ کیونکہ جس کے دل میں اس قسم کی آرزوئیں پیدا ہوتی ہیں وہ رات دن اسی تشویش میں ہوتا ہے کہ کسی طرح ان کو حاصل کروں۔ اور یہی مرضِ روحانی

Marfat.com

ہے اور نقصان کی طرف فلیبتکن آذان الانعام میں اشارہ ہے اور بطلان کی طرف ولآمرنہم فلیغیرن خلق اللہ میں اشارہ ہے کس لئے کہ تغیر سے وہ وصف جو مقصود ہوتا ہے باطل ہو جاتا ہے۔ اس کے بعد فرماتا ہے کہ جو خدا تعالےٰ کو چھوڑ کر شیطان کو دوست بناتا ہے وہ بڑے خسارہ میں رہتا ہے خدا تعالےٰ کو چھوڑ کر شیطان کو یار بنانا یہ ہے کہ اس کے وسواس پر عمل کرنا الہام الٰہی کی طرف متوجہ نہ ہونا اور نقصان کی وجہ ظاہر ہے کہ عالم آخرت میں اس کا انجام ابدی جہنم ہے۔ اس کے بعد امانی کو دفع کرنے کا علاج بتلاتا ہے اور اس کی حقیقت پر متنبہ کرتا ہے کہ وما یعدہم الشیطان الا غرورا غرور دھوکہ کو کہتے ہیں مثلاً کوئی کسی چیز کو لذیذ اور شیریں سمجھ کر منہ میں ڈالے اور وہ نہایت بدمزہ اور تلخ نکلے سو اسی طرح کے یہ شیطانی وعدے ہیں جو شیطان دل میں ڈالتا ہے کہ تو دنیا کے فراہم کرنے میں کوشش کر۔ سو وہ عمر ضائع کرتا ہے مگر پھر بھی سب باتیں حاصل نہیں ہوتیں اور جو ہوئیں موت کے وقت ان کی مفارقت سے نہایت رنج و الم ہوتا ہے۔ اسی طرح وہ کہتا ہے نہ قیامت ہے نہ خدا تعالےٰ نہ کوئی اعمال پر جزا و سزا دیتا ہے۔ رسولؐ صرف لوگوں کے سمجھانے کے لئے یہ باتیں بنایا کرتے ہیں۔ پھر جب مرنے لگتا ہے تو ہر ایک بات کو رسولؐ کے کہنے کے موافق دیکھتا ہے اور حسرت کرتا ہے۔ اس کے بعد اہل ایمان اور خدا تعالےٰ کے فرمانبرداروں کی عمدہ خو بیان فرماتا ہے والذین آمنوا وعملوا الصالحات سندخلہم جنت تجری الآیہ کہ یہ لوگ وہاں عالم خلد میں ہمیشہ سرور و راحت پاویں گے۔

لَيْسَ بِأَمَانِيِّكُمْ وَلَا أَمَانِيِّ أَهْلِ
نہ تو تمہاری ہی آرزوؤں پر کچھ موقوف ہے نہ اہل کتاب کی خواہشوں پر
الْكِتٰبِ ۭ مَنْ يَّعْمَلْ سُوْۗءًا يُّجْزَ بِهٖ
کچھ منحصر ہے۔ (بلکہ) جو کوئی برائی کرے گا اس کی سزا پاوے گا۔

وَلَا يَجِدْ لَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّ
اور نہ اللہ تعالےٰ کے مقابلہ میں کوئی اپنے لئے حمایتی پائے گا اور
لَا نَصِيْرًا ﴿۱۲۳﴾ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ
نہ مددگار۔ اور جو کوئی نیک عمل کرے گا (خواہ وہ) مرد ہو
مِنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰۗىِٕكَ
یا عورت اور وہ ایمان بھی رکھتا ہوگا سو وہ
يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُوْنَ
جنت میں داخل ہوں گے اور (ان پر) تل برابر ظلم نہ کیا
نَقِيْرًا ﴿۱۲۴﴾ وَمَنْ اَحْسَنُ دِيْنًا مِّمَّنْ
جاوے گا۔ اور اس سے کس کا بہتر دین ہو سکتا ہے کہ جس نے
اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ وَّاتَّبَعَ
اللہ تعالےٰ کے آگے سر جھکا دیا ہو اور وہ نیکی بھی کئے جاتا ہو اور وہ ملت
مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ۭ وَاتَّخَذَ اللّٰهُ
ابراہیمؑ کا جو یکطرفہ تھا پیرو بھی ہو اور اللہ تعالیٰ نے ابراہیمؑ کو
اِبْرٰهِيْمَ خَلِيْلًا ﴿۱۲۵﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِي
دوست بنا لیا ہے۔ اور اللہ تعالےٰ ہی کا ہے جو کچھ کہ
السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَكَانَ
آسمانوں میں ہے اور جو کچھ کہ زمین میں ہے۔ اور اللہ تعالےٰ (ہی)
اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيْطًا ﴿۱۲۶﴾ ع
کے قابو میں ہر چیز ہے۔

ترکیب

لیس کا اسم اور خبر دونوں محذوف اور بامانیکم خبر سے متعلق ہے ای لیس الامر منوطا بامانیکم من یعمل سوءا شرط یجز جواب ولا یجد معطوف ہے یجز پر من ذکر او انثی بیان ہے من کا ومن مبتدا احسن ممیز دینا تمیز ممن متعلق ہے احسن افعل التفضیل سے وہو محسن جملہ حال ہے فاعل اسلم سے واتبع معطوف ہے اسلم پر پھر یہ سب مجموعہ خبر ہے۔

ع ۱۸ ۱۱ ۱۵

Marfat.com

تفسیر

پہلی آیت میں تھا ولایعدنہم الشیطان الاغرورًا کہ ان لوگوں سے شیطان جو کچھ وعدہ کرتا ہے فریب کا کرتا ہے۔ عام ہے کہ شیطان سے ابلیس مراد ہو یا قوت وہمیہ اور اس کے وعدے دل میں خیالات باطلہ کہ جو ہر ایک قوم میں خلاف حق چلے آتے ہیں مثلاً عیسائیوں میں یہ ہے کہ تمام گناہ حضرت مسیح علیہ السلام اٹھا کر لے گئے۔ اب ہم شریعت اور حلال حرام کی قید سے آزاد ہیں۔ اسی طرح یہود میں یہ تھا کہ ہم انبیاء علیہم السلام کی اولاد اور خدا تعالےٰ کے بیٹے ہیں نجات اور بخشش کی کراۃ کے ہم ہی مستحق ہیں۔ یا ہندوؤں میں مشہور ہے کہ برہمن خدا تعالےٰ کے گھر اور کھتری کے مالک ہیں اور چار قوم برہمن چھتری ویش شودر کے علاوہ سب کچھ یعنی ناقابل نجات ہیں۔ یا مشرکین کے خیالات تھے کہ ہمارے یہ معبود ہم کو نجات دیں گے خواہ ہم کچھ ہی کیوں نہ کریں۔ یا یہ خیالات کہ نہ حشر ہے نہ دوزخ نہ جنت نہ ثواب وعقاب۔ یا بعض اہل اسلام کے یہ خیالات تھے کہ گو ہم کبائر کے مرتکب ہوں ہم پر کچھ سرزنش نہ ہوگی اسلام کی نوع سے ہم کو کچھ ضرر نہ ہوگا جیسا کہ مرجیہ عقیدہ رکھتے ہیں۔ ان سب کے جواب میں خدا تعالےٰ نے فیصلے کے طور پر یہ فرمایا ہے کہ نہ کچھ تمہارے خیالات پر ہے نہ اہل کتاب کے جو کوئی گناہ کرے گا اس کی سزا پائے گا اور اس سزا کے روکنے میں نہ ان کا کوئی حامی ہوگا نہ مددگار، نہ مسیح علیہ السلام نہ موسیٰ علیہ السلام نہ کوئی اور جو کوئی کسی قوم کا ہو نیکی کرے گا بشرطیکہ وہ ایمان بھی رکھتا ہو اس کو جنت ملے گی اور ان کے اجر سے کچھ بھی کم نہ کیا جائے گا۔ حقیقت میں یہی ایک بات انصاف اور قانون عقل کے موافق قرآن اور مذہب کے برحق ہونے کے لئے کافی ہے کیونکہ خدا تعالےٰ جب تمام عالم کا خدا ہے تو اس کو اپنے تمام بندوں سے نسبت مساوی ہے۔ انھیں حق اور روح افزا تعلیموں کی تلوار نے چند روز میں اگلے مذہب کو سرنگوں کر دیا۔ اور شرق سے غرب تک قوموں کی قومیں اپنے مذاہب باطلہ سے توبہ کر کے اسلام قبول کرتی گئیں اور جب کہ نجات اور حیات ابدی کا مدار ایمان پر ٹھہرایا تھا جو دراصل دین اسلام میں پایا جاتا ہے، اس کے بعد دین اسلام کے برحق ہونے پر دو دلیل کس لطف کے ساتھ بیان کرتا ہے کہ جن کے تسلیم کرنے میں کسی منصف مزاج کو انکار کی مجال نہیں۔ اوّل دلیل عقلی مقدمات یقینیہ پر مبنی ہے وہ یہ کہ ہر ایک دین حق کے دو جزو ہوتے ہیں اوّل عقائد صحیحہ توحید و نبوت و معاد کے متعلق دوم اعمال صالحہ عبادات و خیرات و صلہ رحمی۔ پس جس دین میں دونوں جزو موجود ہوں اس کے برحق ہونے میں کیا کلام ہے؟ اور اسلام میں یہ دونوں ہیں۔ اول کی طرف من اسلم وجہہ للہ میں اشارہ ہے اور دوسرے کی طرف وہو محسن میں اشارہ ہے یہ دو کیا مختصر سے جملے ہیں کہ جن میں سیکڑوں باریک معانی رکھے ہیں۔ مثلاً اسلم وجہہ للہ میں یہود و نصاریٰ و مشرکین کی طرف ایک لطف کے ساتھ الزام ہے کہ وہ خدا تعالیٰ کے آگے سر نہیں جھکاتے ہوئے ہیں بلکہ کہیں مسیح علیہ السلام کو خدا کہتے ہیں کہیں عزیرؑ کو کہیں کسی اور کو۔ دوسری دلیل مقدمات مسلّمہ اہل کتاب و مشرکین عرب پر مبنی ہے وہ یہ کہہ سکتے ہیں کہ اس کے نزدیک حضرت ابراہیم علیہ السلام خدا تعالےٰ کے برگزیدہ تھے جن کو بہ لفظ خلیل تعبیر کیا ہے اور ان کا مذہب برحق تھا۔ اب ہر شخص اپنے مذہب کو اسی کے مطابق کر کے دیکھے کہ کون موافق اور کون مخالف ہے اور اسلام کی بنیاد سراسر انہی پچھلے اصول پر رکھی گئی ہے اسی دلیل کی طرف واتبع ملۃ ابراہیم حنیفا میں اشارہ کر دیا۔ اور ابراہیم علیہ السلام کا وصف حلیف اور خلیل بیان فرما کر یہ بھی ظاہر کر دیا کہ وہ کچھ خدا تعالےٰ کے کارکن یا بیٹے نہ تھے کہ اختیاج کی وجہ سے ان کو خلیل بنایا تھا بلکہ محض ان کی عبودیت کی وجہ سے اس بات کی طرف وللہ مافی السموات ومافی الارض الخ میں اشارہ فرما دیا۔

Marfat.com

وَيَسْتَفْتُونَكَ فِي النِّسَاءِ ۖ قُلِ اللَّهُ

اور (اے نبی ﷺ!) وہ آپ سے عورتوں کے بارے میں پوچھتے ہیں، کہدو کہ اللہ تعالےٰ

يُفْتِيكُمْ فِيهِنَّ ۙ وَمَا يُتْلَىٰ عَلَيْكُمْ فِي

تم کو اُن کے بارے میں (بھی) اور ان یتیم عورتوں کے بارے میں جن کا حکم

الْكِتَابِ فِي يَتَامَى النِّسَاءِ اللَّاتِي لَا

تم کو کتاب میں سُنایا جاتا ہے جن کا حق تو تم ادا کرتا نہیں

تُؤْتُونَهُنَّ مَا كُتِبَ لَهُنَّ وَتَرْغَبُونَ

چاہتے اور ان سے نکاح کرتے

أَنْ تَنْكِحُوهُنَّ وَالْمُسْتَضْعَفِينَ

کی رغبت رکھتے ہو اور بے کس بچوں کے حق میں بھی (وہی) حکم

مِنَ الْوِلْدَانِ ۙ وَأَنْ تَقُومُوا لِلْيَتَامَىٰ

دیتا ہے (جو سُنایا جا چکا ہے)، اور یہ بھی (حکم دیتا ہے) کہ تم یتیموں کی کارگزاری

بِالْقِسْطِ ۚ وَمَا تَفْعَلُوا مِنْ خَيْرٍ فَإِنَّ

انصاف سے کرتے ہو۔ اور جو کچھ تم نیکی کرتے ہو سو اللہ تعالےٰ اس سے

اللَّهَ كَانَ بِهِ عَلِيمًا ﴿١٢٧﴾

(خوب) واقف ہے۔

ترکیب

ویتلےٰ معطوف ہے فیھنّ کی ضمیر[1] پر لے ویفتی فی یتلےٰ علیکم فی الکتاب میں فی یتلےٰ سے متعلق ہے اور فی یتمی النساء ای فی حکم یتمی النساء بھی یتلےٰ سے متعلق ہے کس لئے کہ دونوں کے معنے مختلف ہیں اوّل ظرفیہ ثانی بمعنی الباء یتمی النساء میں صفت کو موصوف کی طرف مضاف کر دیا ہے وترغبون حال ہے والمستضعفین معطوف ہے ضمیر مجرور پر جو فیھن میں ہے وَاَنْ بھی اُسی پر معطوف

ف عموماً عورتوں سے نکاح اور اُن کی میراث کا بھی حکم پہلے بیان ہو چکا اور یتیم لڑکیوں کے ساتھ نکاح کرنے کا حکم بھی بیان ہو چکا۔ فرماتا ہے کہ اب نئی بات اور کیا پوچھتے ہیں سب احکام اُن کے موافق بیان کر دیئے گئے اُن پر عمل کرو اور صغیر بچوں اور یتیموں کے معاملہ میں اُن کے کارپرداز تم اُن کے ولی ہو انصاف و ایمانداری سے بغیر اعادۃ الجار وذلک جائز عند الکوفیین۔

تفسیر

قرآن مجید میں یہ ایک پُر اثر بات ملحوظ رکھی گئی ہے کہ کچھ احکام بیان فرما کر اس کے بعد ترغیب و ترہیب و عدۂ وعید اور جلال کبریائی کی آیتیں نازل ہوتی ہیں تاکہ مخاطب کو اُن کے احکام کا نیک نتیجہ اور دنیا و آخرت میں تعمیل کا عمدہ ثمرہ معلوم ہو کہ رغبت ہو اور نیز اس حکم دینے والے کی عظمت بھی دل پر پڑے اس لئے اس سورۃ کے اوّل میں چند احکام بیان فرماتے تھے پھر اُن کے بعد ترغیب و ترہیب اور نیز کفار و منکرین کی عدم حکمی کا بدنتیجہ اور عالم آخرت کی خوبیاں اور ذات باری اور اس کے صفات کاملہ کا ذکر فرما کر پھر احکام بیان فرماتا ہے۔ اس آیت کے نازل ہونے کا یہ سبب ہے کہ عرب زمانہ جاہلیت میں نہ عورتوں کو حصّہ دیا کرتے تھے اور نہ اُن یتیم لڑکیوں کا جن کے وہ ولی وارث بن کر اُن سے مال و جمال کا خیال کر کے خود نکاح کر لیتے تھے) پورا حق ادا کرتے تھے اور نہ اُن کو اور لوگوں سے نکاح کرنے کی اجازت دیتے تھے نہ خود بر ضا و رغبت ان کا نکاح اُس شخص سے کرتے تھے کہ جس سے اُن کو رغبت ہو اس لئے یہ آیت نازل ہوئی۔ فرماتا ہے کہ اے نبی ﷺ! وہ مسلمان تم سے عورتوں کے بارے میں فتوٰی دریافت کرتے ہیں۔ چنانچہ عُیَیْنہ بن حِصن نے پوچھا تھا کہ یا حضرت ﷺ! ہم تو اس کو حصّہ دیا کرتے تھے جو لڑائی میں شریک ہوتا تھا۔ اب عورتوں کا حکم ہے، اللہ تعالےٰ فرماتا ہے کہ اللہ تم کو عورتوں کے لئے بھی حصّہ دینے کا فتوٰی یعنی حکم دیتا ہے اور جو کچھ کتاب یعنی قرآن مجید میں اُن یتیم عورتوں کے بارے میں تمھیں سُنایا گیا کہ جن تم نکاح کی تو رغبت رکھتے ہو مگر اُن کا حق و مہر پورا نہیں دیتے

سے کرتے رہو اور تنبیہ کر دی کہ جو کچھ تم نیک کام کرتے ہو خدا تعالےٰ سے مخفی نہیں ۱۲

[1] بعض کہتے ہیں مرفوع ہے بسبب ابتداء کے ۱۲ منہ

Marfat.com

اور بے کس بچّوں کے بارے میں بھی وہی حکم دیتا ہے جو پڑھ کر تم کو سُنایا گیا جس کا خلاصہ یہ ہے کہ یتیموں کے بارے میں عدل کرو اور اس کے سوا جو نیکی کروگے وہ سب اللہ تعالےٰ کو معلوم ہوگی کیونکہ وہ ہر ایک چیز سے واقف ہے **حاصل مطلب آیت** یہ ہے کہ اللہ تعالےٰ تم کو عورتوں کے لئے میراث کا فتوےٰ یعنی حکم دیتا ہے اور قرآن مجید میں پہلی آیتوں میں یتیم عورتوں اور بچّوں کے حق میں جو کچھ تمھیں سُنایا گیا یا اب سُنایا جاتا ہے اور وہ یہ ہے کہ تم یتیموں کے حق میں عدل و انصاف اور بہتری ملحوظ رکھو۔ یہی خدا تعالےٰ کا فتوای یعنی حکم ہے اسکی پابندی کرو پہلے احکام کو (جو اسی سورۂ نساء میں یتیموں کے حق میں نازل ہو چکے ہیں) یاد دلاتا ہے کہ اُن پر عمل کرو جس طرح کوئی کسی سے کوئی بات پوچھے اور وہ اس کے درجواب یہ کہدے کہ اس کا وہی جواب ہے جو ہم پہلے دے چکے۔ سورۂ نساء میں وہ حکم بیان ہو چکے ہیں اور یہاں بھی مجملاً ان تقوموا للیتٰمی بالقسط فرماتا ہے اور اس بات پر متنبہ کرتا ہے کہ جو کچھ تم نیکی اللہ تعالےٰ کے واسطے کروگے اس کا وہ تمھیں اجر دے گا یہ نہ سمجھو کہ یہ اُس کو معلوم نہیں کیونکہ وہ ہر بات جانتا ہے۔

وَاِنِ امْرَاَةٌ خَافَتْ مِنْۢ بَعْلِهَا نُشُوْزًا

اور اگر کوئی عورت اپنے خاوند کی بدمزاجی یا بے رغبتی سے

اَوْ اِعْرَاضًا فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَآ اَنْ

ڈرے تو ان دونوں پر کچھ گناہ نہیں کہ باہم

يُّصْلِحَا بَيْنَهُمَا صُلْحًا ؕ وَالصُّلْحُ خَيْرٌ ؕ

کچھ مصالحت کرلیں۔ اور صلح بہتر (چیز) ہے۔

وَاُحْضِرَتِ الْاَنْفُسُ الشُّحَّ ؕ وَاِنْ

اور ہر ایک شخص کے سامنے لالچ حاضر کیا گیا ہے (یعنی لالچ انسان کا طبعی مادہ ہے) اور اگر

تُحْسِنُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا

تم نیکی کرو اور پرہیزگاری اختیار کرو تو اللہ تعالیٰ کو تمھارے (سب)

تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿۱۲۸﴾ وَلَنْ تَسْتَطِيْعُوْٓا

عمل معلوم ہیں۔ اور تم عورتوں کے حقوق میں ہرگز

اَنْ تَعْدِلُوْا بَيْنَ النِّسَآءِ وَلَوْ حَرَصْتُمْ

برابری نہ کرسکو گے پڑے حرص کیا کرو

فَلَا تَمِيْلُوْا كُلَّ الْمَيْلِ فَتَذَرُوْهَا

پھر بالکل ہی پھر نہ جاؤ کہ اس کو اس طرح چھوڑ رکھو کہ گویا اُدھر میں

كَالْمُعَلَّقَةِ ؕ وَاِنْ تُصْلِحُوْا وَتَتَّقُوْا

لٹکتی ہے۔ اور اگر تم اصلاح اور پرہیزگاری کرو تو

فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۲۹﴾ وَ

بے شک اللہ تعالےٰ غفور رحیم ہے۔ اور

اِنْ يَّتَفَرَّقَا يُغْنِ اللّٰهُ كُلًّا مِّنْ سَعَتِهٖ ؕ

اگر وہ دونوں الگ ہو جاویں گے (تو) ہر ایک کو اللہ تعالیٰ اپنی فراخ دستی سے غنی کردیگا۔

وَكَانَ اللّٰهُ وَاسِعًا حَكِيْمًا ﴿۱۳۰﴾

اور اللہ تعالےٰ گنجائش والا حکمت والا ہے۔

ترکیب

وان شرطیہ امراۃ مبتدا خافت خبر اور صحیح یہ ہے کہ امراۃ خافت محذوف کا فاعل ہے اور یہ خافت اُس کی تفسیر ہے فلاجناح جواب احضرت کا مفعولِ اوّل الانفس ہے جو فاعل بنایا گیا اور الشح مفعول ثانی۔

تفسیر

عورتوں کے حقوق کا ذکر پہلی آیات میں آچکا ہے اس لئے یہاں بھی اُن کے بعض معاملات میں حکم دیا جاتا ہے۔ کبھی ایسا ہوتا ہے کہ مرد بدمزاج سخت گیر ہوتا ہے اور غالباً یہ سخت گیری اور بدمزگی اس سے پیدا ہوتی ہے کہ عورت اپنے حقوق اور مہر وغیرہ کا مطالبہ کرتی ہے۔ اس کی بابت ارشاد ہوتا ہے کہ اگر کسی عورت کو اپنے شوہر کی بدمزاجی اور بے اعتنائی کا خوف ہو تو اس میں بھی کچھ مضائقہ نہیں کہ باہم کچھ حقوق چھوڑ کر

Marfat.com

مصالحت کر لی جائے کس لئے کہ انسانی جبلّت ہے کہ وہ بخل کی طرف مائل ہوتا ہے مرد کو دینا ناگوار معلوم ہوتا ہے جب دینے میں کمی کی جاوے گی تو باہم رضامندی ہو جانا ممکن ہے مگر اس کے ساتھ مَردوں کو بھی تنبیہ کر دی کہ حقوق زائل کرنے کے بعد پھر وہی بدمزاجی اور اعراض نہ کریں وان تحسنوا وتتقوا فان اللہ کان بما تعملون خبیرًا۔ کہ اگر تم احسان اور نیکی کرو اور حقوق تلفی میں خدا تعالےٰ سے ڈرتے رہو تو تمھارے لئے بہتر ہے کس لئے کہ خدا تعالےٰ کو جو کچھ تم کرتے ہو معلوم ہے۔

دوسری بات موجب اعراض و بدمزگی یہ ہوتی ہے کہ مرد کو عورت کی صورت یا عمر کے سبب بے رغبتی پیدا ہو جاتی ہے اور اس کے دل میں دوسری عورت سے لگاؤ کرنے کا خیال پیدا ہو جاتا ہے مگر پہلی بیوی کو چھوڑنا جس سے ایک عرصہ تک گھرداری کی ہے اور اس کے بال بچّے بھی ہیں ایک سخت دلی اور بڑی خانہ خرابی اور بے لطفی بھی ہے اس کی نسبت بضرورت تعدّدِ ازواج کی ضمنًا اجازت تو دیتا ہے مگر اس کے ساتھ یہ بھی ارشاد ہوتا ہے کہ دو عورتوں میں حقوق کی مساوات لازم ہے اور یہ تم سے ہونی مشکل ہے ولن تستطیعوا ان تعدلوا بین النسآء ولو حرصتم کہ متعدد عورتوں میں تم سے برابری رکھنا ہرگز نہ ہو سکے گا گو تم کو دوسری عورت کی حرص ہو اکرے پھر ایسا نہ ہو کہ فلا تمیلوا کلّ المیل فتذروہا کالمعلّقۃ کہ تم ایک ہی کے ہو رہو اور دوسری کو اَدھر میں لٹکا ہوا رکھ چھوڑو نہ تو اُس کو طلاق ہی دو نہ اس کے حقوق ادا کرو پس وان تصلحوا وتتقوا اگر پہلی بیوی سے باہم مصالحت کر لو اور حق تلفی کرنے سے خدا تعالےٰ سے ڈرو تو خدا تعالےٰ معاف کرنے والا ہے۔ تمھاری بے اعتنائی اور حق تلفی کو جو اس عرصہ میں تم سے ہو چکی معاف کر دے گا وہ مہربان بھی ہے اس کو عورتوں اور اُن کی اولادِ صغار پر بھی رحم آتا ہے اور خیر اگر پہلی بیوی سے بحُسنِ سلوک پیش ہی نہیں آ سکتے تو ہر روزہ تکرار و باہمی حقوق تلفی سے تو یہی بہتر ہے کہ

حقوق میں برابری

بہ مجبوری طلاق ہو جائے، خدا تعالیٰ ہر ایک کا کارساز ہے مرد کو اور عورت کو بھی اپنے فضل و کرم سے مستغنی کر دیگا خدا تعالیٰ کے ہاتھ بڑی وسعت ہے وہ حکیم بھی ہے اس طلاق میں بھی کوئی نہ کوئی حکمت ملحوظ ہے شاید مرد کو اُس سے بہتر عورت مل جائے اور عورت کو اُس سے بہتر مرد مل جائے۔

وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ

اور اللہ تعالیٰ ہی کا ہے جو کچھ کہ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ کہ زمین میں ہے۔

وَلَقَدْ وَصَّيْنَا الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ

اور البتہ ہم نے جن کو تم سے پہلے کتاب دی ہے انہی کو اور (خاص) تم کو

مِنْ قَبْلِكُمْ وَاِيَّاكُمْ اَنِ اتَّقُوا اللّٰهَ ؕ وَ

(بھی) بتاکید کہدیا ہے کہ اللہ تعالےٰ سے ڈرتے رہا کرو، اور

اِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ

اگر تم کافر ہو جاؤ گے (تو اس کو کچھ بھی پروا نہیں کیونکہ) اللہ تم ہی کا ہے جو کچھ

وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَنِيًّا

کہ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ کہ زمین میں ہے، اور اللہ تعالیٰ بے پروا خوبیوں والا

حَمِيْدًا ﴿۱۳۱﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ

ہے، اور اللہ تعالےٰ ہی کا ہے جو کچھ کہ آسمانوں میں ہے اور

مَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۱۳۲﴾

جو کچھ کہ زمین میں ہے۔ اور کارسازی کے لئے اللہ تعالیٰ ہی بس ہے۔

اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ اَيُّهَا النَّاسُ وَ

لوگو! اگر خدا تعالیٰ چاہے تو تم کو سمیٹ لے جائے اور

يَاْتِ بِاٰخَرِيْنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى

دوسروں کو لے آئے، اور اللہ تعالےٰ اس پر قادر

ذٰلِكَ قَدِيْرًا ﴿۱۳۳﴾ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ

(بھی) ہے۔ جو کوئی دنیا کا بدلہ چاہتا ہے

ثَوَابَ الدُّنْيَا فَعِنْدَ اللّٰهِ ثَوَابُ

تو اللہ تعالےٰ کے پاس تو دنیا اور آخرت (دونوں) کا بدلہ

الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًا

موجود ہے۔ اور اللہ تعالیٰ (سب کی) سننا اور سب

Marfat.com

بصیرۃ ۱ ع (۱۳۲)

کچھ) دیکھتا ہے۔

ترکیب

وایاکم معطوف ہے الذین پر ان اتقوا اللہ بیان ہے وصیت کا اور ب محذوف ہے ان شرطیہ یشا کا مفعول محذوف ہے یذہبکم جواب اور یات اس پر معطوف۔

تفسیر

یہاں واسع ہونے کی دلیل اور کلمۂ سابق کا تتمہ ہے۔ وللہ مافی السمٰوٰت ومافی الارض کہ جو کچھ زمین و آسمان میں ہے سب اُسی کا ہے اُس کو کس چیز کی کمی ہے اور اسی جملہ کو ولقد وصینا الآیہ کے لئے تمہید اور دلیل بنا کر اور اپنی عظمت و کبریائی بتا کر یہ بات بتلاتا ہے کہ کچھ تمھیں کو شریعت اور احکام الٰہی پر چلنے کا حکم نہیں ہوا ہے بلکہ تم کو اور جو تم سے پہلے اہل کتاب ہیں ان کو بھی خدا تعالےٰ سے ڈرنے کا (جو تمام شریعت اور احکام الٰہی پر چلنے کے لئے محرک ہے) ہم نے بتاکید حکم دیا ہے۔ اور پھر یہ بھی ظاہر کرتا ہے کہ یہ حکم شریعت پر چلنے اور خدا تعالےٰ سے ڈرنے کا خاص تمھارے ہی فائدے کے لئے ہے (کیونکہ جن چیزوں میں روحانی اور جسمانی اور تمدن کے بارے میں سینکڑوں مصالح ہیں اُن کو فرض و واجب کیا ہے اور جن میں ہزاروں دنیا و آخرت کی خرابیاں ہیں اُن کو حرام و مکروہ قرار دیا ہے) ورنہ اللہ تعالےٰ کو کچھ بھی پروا نہیں نہ تو اس کو اس بات کی پروا ہے کہ تمھاری اطاعت سے اُس کی شوکت و حکومت بنی رہے گی کس لئے کہ فان للہ مافی السمٰوٰت ومافی الارض کہ آسمان و زمین کی ہر چیز کا وہ مالک ہے ہر شئ پر اس کا قبضہ ہے۔

ف عربوں میں جب دولت و سلطنت کے سبب وہ بات نہ رہی تو ترکوں کو اسلام کا حامی کھڑا کر دیا اور جانے اب کس قوم کو حامی بناتا ہے" منہ ؛

اور نہ اس بات کی کہ اس میں اس کا کوئی ذاتی نفع و نقصان ہے کس لئے کہ کان اللہ غنیاً حمیدًا وہ اپنی ذات و صفات میں کسی کا بھی محتاج نہیں بلکہ سب خوبیاں اُس کو بلا توسط غیر حاصل ہیں اور تم یہ بھی غرور دل میں نہ کرو کہ ہم ہی پر خدا تعالےٰ کی فرمانبرداری اور تسبیح و تقدیس کا انحصار ہے اگر ہم نہ کریں گے تو پھر اور کوئی اُس کی فرمانبرداری نہ کرے گا یا اس کے اسرار ربوبیت ظاہر نہ ہوں گے کیونکہ للہ مافی الخ یعنی وہ بڑا قادر اور کارساز ہے ایسی صورت میں وہ تم کو نیست و نابود اور ایک ایسی قوم فرمانبردار پیدا کر سکتا ہے کہ جو اُس کی شریعت اور اُس کے رستوں پر دل سے چلے گی وکان اللہ علےٰ ذٰلک قدیرًا۔ اس میں ضمنًا اس بات کی طرف بھی اشارہ ہے کہ دین الٰہی اور اُس کے جلال کبریائی زمین پر ظاہر کرنے میں کسی قوم اور کسی شخص پر انحصار نہیں۔ جب بنی اسرائیل نے از حد نافرمانی کی تو اس نے ان کو پامال کر کے حضرت مسیح علیہ السلام کے تابعداروں کو اور حواریوں کو سرفراز کیا پھر جب اُنھوں نے طرح طرح کی بدعتیں اختیار کیں اور شریعت سے انحراف کیا تو عرب کے ریگستان میں حضرت محمد علیہ السلام کو مبعوث کیا اور ایسی قوم سے کہ جو ہمیشہ لوگوں کی نگاہوں میں حقیر تھی روم و ایران کی سلطنتوں کو برباد کر کے روئے زمین پر آسمانی سلطنت کو نورافگن کر دیا۔ پھر فرماتا ہے کہ شریعت پر عمل کرنے کا نتیجہ صرف دنیا ہی کی بھلائی نہ سمجھنی چاہیئے جو کسی وقت دُنیا حاصل نہ ہو تو اس سے رُوگردانی کرو بلکہ اُس کا نتیجہ ثواب آخرت بھی ہے۔ خلوص نیت تم کو لازم ہے وہ تمھاری باتیں سُنتا تمھارے کام دیکھتا ہے۔ کلام میں کیا خوبیاں ہیں۔

(اوّل) وان یتفرقا یغن اللہ کلًا من سعتہ کے بعد وللہ مافی السمٰوٰت ومافی الارض کو ذکر کر کے اپنا واسع الوجود اور واسع الکرم ہونا ثابت کر دیا۔

(دوم) وان تکفروا کے بعد وللہ مافی السمٰوٰت ومافی الارض

Marfat.com

کو ذکر کر کے یہ بات بتلائی کہ اُس کو کسی کی طاعت و عبادت سے نہ کچھ نفع ہے اگر تمام عالم متّقی اور دیندار ہو جاوے تو اُس کی خدائی میں ذرّہ بھر بھی ترقی اور اُس کا کچھ بھی فائدہ نہیں نہ اُس کو کسی کے کُفر اور بُت پرستی اور فسق و فجور سے کچھ نقصان ہے اگر تمام جہان کے لوگ کافر و مشرک و فاجر ہو جائیں تو اس کے جلالِ کبریائی کا ذرّہ بھر بھی نقصان نہیں اس سے مقصود یہ ہے کہ خدا تعالےٰ کی شریعت اور احکامِ نبوّت صرف بندوں کی بھلائی اور فائدۂ دارین کے لئے ہیں۔ پھر اس سے اغماض کرنا اور سرتابی اور سرکشی کو شیوہ بنانا محض حماقت ہے۔ مثلاً کوئی مریض حکیم کے حکم کو نہ مانے اور بد پرہیزی کرے تو حکیم کا کیا نقصان کرتا ہے اپنی ہی جان پر ظلم و ستم کرتا ہے۔

خدا تعالےٰ کی نافرمانی کر کے کوئی قوم سرسبز نہیں رہی ہے یوں تو ہر زمانہ کے لوگ دنیا کی تمام خوبیاں اپنے ہی زمانہ میں منحصر جانتے آئے ہیں مگر آگے بھی بہت سربلند قومیں اس سرزمین پر جاہ و جلال کے پرچم اُڑا چکی ہیں جن کے آثارِ باقیہ اور حیرت انگیز یادگاریں دنیا کو حیرت دلا رہی اور اپنے بنانے والوں کی چند روزہ بقا پر اشکِ حسرت بہا رہی ہیں۔ ان کا جب فسق و فجور حد سے متجاوز ہوا غیب سے ایک ایسی بلا آئی کہ جس کا اُن کو سان و گمان بھی نہ تھا نہ کوئی شخص انکے عروج و اقبال کو دیکھ کر یہ خیال کر سکتا تھا کہ کبھی یہ قوم اس قدر بلندی سے اتنے عمیق گڑھے میں پھینکی جائے گی مگر خدا تعالےٰ کا قہر جلدی نہیں کرتا اس مہلت پر مغرور نہ ہونا چاہیئے۔

(سوم) ان یشأ یذہبکم ایہا النّاس و یأتِ بآخرین کے پیشتر وللہ مافی السمٰوٰت و مافی الارض کو ذکر کر کے شریعت سے انحراف کے بدنتیجہ کو مدلل کرتا ہے اور جب کہ ایک دلیل چند مدلولات پر دلالت کرے تو بہ نسبت اس کے اس کو ایک بار ذکر کیا جاوے یہ بہت خوبی رکھتا ہے کہ مکرر لایا جاوے ایک مدلول کے لئے ایک بار وللہ مافی السمٰوٰت و مافی الارض کو ذکر کیا پھر دوسرے مدلول کے لئے اسی کو ذکر کیا پھر تیسرے مدلول کے لئے اسی کلمہ کا اعادہ فرما کر کلام کو حُسن و خوبی میں یکتا کر دیا۔ کس لئے کہ جب ایک بار یہ کلمہ ذکر کیا گیا اور اس سے ایک مطلب یعنی صفتِ باری تعالےٰ مخاطب کے ذہن میں آئی اور پھر اُسی کلمہ سے دوسرے مقام پر دوسری صفت اور تیسرے مقام پر تیسری صفت ذہن نشین ہو گئی تو ذہن میں یہ بات بھی پیدا ہو گی کہ آسمان و زمین کا پیدا کرنا سینکڑوں اسرارِ جلیلہ اور مطالبِ شریفہ پر دلالت کرتا ہے اگر کوئی اس کی ذات و صفات کے لئے دلائل ڈھونڈے تو گویا یہ اُن کے لئے ایک بے نہایت خزانہ ہے اور جب کہ وہ یہ جانے گا تو خواہ مخواہ اس میں غور و فکر کرے گا جس سے مخلوق سے مُنہ پھیر کر خالق کی طرف مشغول ہونا پایا جاوے گا اور کُتبِ سماویہ سے اصل غرض بھی یہی ہے۔

واضح ہو کہ قانونِ شریعت پر عمل کرنے کی تاکید کے لئے تین باتیں نہایت مناسب ہیں (۱) اپنی ذات کا استغناء کہ اس میں ہمارا فائدہ نہیں بلکہ تمھارا ہے (۲) عدولِ حکمی کا بدثمرہ (۳) عمل کرنے کا نیک نتیجہ۔ سو اوّل بات کو وکان اللہ غنیا حمیدًا میں دوسری کو ان یشأ یذہبکم الخ میں تیسری کو فعند اللہ ثواب الخ میں بیان فرمایا۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ
ایمان والو! انصاف قائم کرنے کے لئے خدا تعالیٰ کی طرف کے
بِالْقِسْطِ شُهَدَآءَ لِلّٰهِ وَلَوْ عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ
گواہ بنے رہو اور گو تمھاری شہادت خود تمھارے
اَوِ الْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ ۚ اِنْ
یا تمھارے ماں باپ اور قرابت داروں کے خلاف ہی کیوں نہ ہو۔ اگر
يَّكُنْ غَنِيًّا اَوْ فَقِيْرًا فَاللّٰهُ اَوْلٰى
کوئی غنی یا فقیر ہے تو اللہ تعالےٰ خود اُن کا کارساز ہے (اُن
بِهِمَا قف فَلَا تَتَّبِعُوا الْهَوٰٓى اَنْ تَعْدِلُوْا
رعایت نہ کرو) پھر تم انصاف کرنے میں خواہش نفس کی پیروی نہ کرو

Marfat.com

وَاِنْ تَلْوٗٓا اَوْ تُعْرِضُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ
اور اگر تم دبی زبان سے گواہی دو گے یا انکار کرو گے تو بیشک اللہ تعالیٰ بھی
بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿۱۳۵﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ
تمھارے کام سے خبردار ہے۔ مسلمانو! اللہ تعالیٰ پر
اٰمَنُوْٓا اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ
اور اس کے رسولؐ پر اور اس کتاب پر جو اس نے
الَّذِيْ نَزَّلَ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ
اپنے رسولؐ پر نازل کی ہے اور اس کتاب پر جو پہلے نازل کر چکا
الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنْ قَبْلُ ۭ وَمَنْ يَّكْفُرْ
ہے ایمان لاؤ، اور جس نے اللہ تعالیٰ
بِاللّٰهِ وَمَلٰۗىِٕكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَ
اور اس کے ملائکہ اور اس کی کتابوں کا اور اس کے رسولوں اور قیامت
الْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًۢا بَعِيْدًا ﴿۱۳۶﴾
کے دن کا انکار کیا تو وہ بہت ہی دور بھٹک گیا۔

ترکیب

قوّامین لے قائمین خبر اوّل کونوا بالقسط خبر سے متعلق شہداء للہ خبر ثانی ولو علےٰ متعلق ہے فعل محذوف سے ای ولو کانت الشہادۃ علےٰ انفسکم ان یکن اس کا اسم محذوف ہے ای المشہود علیہ غنیاً او فقیراً خبر جملہ شرط فاللہ اولیٰ بہما جواب ان تعدلوا مفعول لہٗ تقدیرہٗ مخافۃ ان تعدلوا عن الحق اور ممکن ہے کہ فی مقدر ہو ای فی العدل و ان مصدریہ ہو۔

تفسیر

اس آیت سے پیشتر بہت سے احکام شریعت مذکور ہوئے تھے اور درمیان میں ان احکام پر عمل کرنے کی نئی نئی خوبیوں سے تاکید بھی تھی مگر یہاں دو باتیں بعد میں ایسی ذکر کیں جو شریعت پر چلنے والے کے لئے بمنزلہ دو آنکھوں کے ہیں یا بمنزلہ دو پاؤں کے ہیں کہ ان کے بغیر انسان اس رستہ کو طے نہیں کر سکتا۔

(اوّل) کونوا قوّامین بالقسط قوّام مبالغہ کا صیغہ ہے قائم کے لئے اور قسط بالکسر ... عدل یعنی عدالت کو خوب قائم رکھو۔ یہ ایک ایسا عام لفظ ہے کہ جس میں دنیاوی معاملات خانہ داری اور آپس کے تمام برتاؤ اور کل معاملات اپنے اور بیگانہ کافر و مومن حیوان و انسان کے متعلق اور دینی معاملات سخاوت رضا تسلیم صبر جن کی تفصیل سورۂ فاتحہ میں ہوئی شامل ہیں۔ اور درحقیقت جب انسان کے اندر صفت انصاف آجاتی ہے تو اس کی طبیعت اس کو خواہ مخواہ ان آسمانی قوانین پر چلنے کے لئے مجبور کرتی ہے۔

(دوّم) شہداء للہ کہ اللہ تعالےٰ کے گواہ بنے رہو دینی اور دنیاوی معاملات میں خدا تعالےٰ کے لئے شہادت ادا کرو۔ نیک کو نیک اور بد کو بد کہو اور جو سچی بات ہو اس کے بیان کرنے میں کچھ بھی پروا نہ کرو خواہ اس میں تمھارا نقصان ہو یا والدین یا کسی قرابت مند کا ہو۔ اس میں امیر و غریب کی کچھ بھی رعایت نہ کرو بلکہ اللہ تعالیٰ کی رعایت رکھو چونکہ شاہد کے لئے یہ ضروری ہے کہ عادل ہو اس لئے قوّامین بالقسط کو مقدّم کیا۔

قوّامین بالقسط اور شہداء للہ کے صفحے سے بظاہر اعمال صالحہ کی پابندی ضروری سمجھی جاتی ہے حالانکہ اس میں نظریات یعنی تکمیل عقائد کی بھی بہت ضرورت تھی اس لئے اس کے بعد یا ایہا الذین آمنوا آمنوا باللہ الخ بھی فرمایا اس میں تین چیزوں پر ایمان لانے کی تاکید ہے (۱) اللہ تعالیٰ پر یعنی اسکی ذات و صفات پر (۲) اس کے رسولوں پر جو اس کے وسائط ہیں (۳) کتاب خاص یعنی قرآن اور اس سے پیشتر جو کتابیں خدا تعالےٰ نے انبیاءؑ پر نازل کی ہیں۔ چونکہ انبیاءؑ اور کتابوں پر ایمان لانا اس بات کا مستلزم تھا کہ انسان ملائکہ پر بھی جو انبیاءؑ اور اللہ تعالےٰ میں واسطہ ہیں ایمان لاتے اور اسی طرح قیامت پر جو دار الجزاء ہے اس لئے ان کا ذکر نہ کیا مگر احتمال

Marfat.com

تھا کہ کوئی مؤوّل تاویل کر کے انکار کر دے تو دوسرے جملہ وَمَن یَّکفُر الخ میں ان تینوں چیزوں کے ساتھ ان دونوں کو ملا کر یہ کہدیا کہ جو ان چیزوں کا انکار کرے گا کافر اور گمراہ ہوگا۔

ف یا ایہا الذین آمنوا پھر ایمان کا حکم دینا یا آئندہ ایمان پر ثابت قدم رہنے کے لئے یا یہ کہ جو تقلیداً ایمان لاتے ہیں اُن کو تحقیقاً ایمان لانا چاہیئے یا اس سے مراد منافقین و یہود ہیں کہ بظاہر اپنے تئیں ایماندار کہتے تھے اُن کو نئے سرے سے ایمان لانے کا حکم ہوتا ہے۔

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا ثُمَّ كَفَرُوا ثُمَّ آمَنُوا
جو لوگ ایمان لائے پھر کافر ہو گئے پھر ایمان لائے

ثُمَّ كَفَرُوا ثُمَّ ازْدَادُوا كُفْرًا لَّمْ
پھر کافر ہو گئے پھر کفر (ہی) میں بڑھتے چلے گئے تو خدا تعالےٰ

يَكُنِ اللَّهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ
(بھی) ایسا نہیں کہ ان کو بخش دے اور ان کو راہ راست

سَبِيلًا ﴿١٣٧﴾ بَشِّرِ الْمُنَافِقِينَ بِأَنَّ لَهُمْ
دکھائے۔ (اے نبی ﷺ) منافقوں کو عذاب الیم کا مژدہ سنا دیجئے

عَذَابًا أَلِيمًا ﴿١٣٨﴾ الَّذِينَ يَتَّخِذُونَ
(اور) ان کو کہ جو ایماندروں کو چھوڑ کر

الْكَافِرِينَ أَوْلِيَاءَ مِن دُونِ الْمُؤْمِنِينَ ۚ
کافروں کو یار بناتے پھرتے ہیں۔

ع ۲۰ أَيَبْتَغُونَ عِندَهُمُ الْعِزَّةَ فَإِنَّ
کیا ان کے پاس عزت ڈھونڈھتے ہیں سو عزت تو سب اللہ

الْعِزَّةَ لِلَّهِ جَمِيعًا ﴿١٣٩﴾ وَقَدْ نَزَّلَ عَلَيْكُمْ
تعالےٰ ہی کے پاس ہے۔ حالانکہ وہ تم پر کتاب میں یہ بات

فِي الْكِتَابِ أَنْ إِذَا سَمِعْتُمْ آيَاتِ اللَّهِ
بھی نازل کر چکا ہے کہ جب تم آیات الٰہی کا انکار ہوتے

يُكْفَرُ بِهَا وَيُسْتَهْزَأُ بِهَا فَلَا تَقْعُدُوا
اور ان سے ٹھٹھا کرتے سنو تو ان لوگوں کے ساتھ

مَعَهُمْ حَتَّىٰ يَخُوضُوا فِي حَدِيثٍ غَيْرِهِ ۚ
نہ بیٹھو جب تک کہ وہ اور کسی بات میں نہ لگیں

إِنَّكُمْ إِذًا مِّثْلُهُمْ ۗ إِنَّ اللَّهَ جَامِعُ
(اور) اس وقت تم بھی ویسے ہی ہو جاؤ گے۔ ضرور اللہ تعالےٰ

الْمُنَافِقِينَ وَالْكَافِرِينَ فِي جَهَنَّمَ
منافقوں اور کافروں سب کو جہنم میں جمع

جَمِيعًا ﴿١٤٠﴾ الَّذِينَ يَتَرَبَّصُونَ بِكُمْ
کرے گا۔ (اور) ان کو جو تمہارے لئے برائی کے منتظر رہتے ہیں۔

فَإِن كَانَ لَكُمْ فَتْحٌ مِّنَ اللَّهِ قَالُوا
پھر اگر خدا تعالےٰ کی طرف سے تم کو فتح نصیب ہو جاتی ہے تو کہتے ہیں کہ

أَلَمْ نَكُن مَّعَكُمْ ۖ وَإِن كَانَ لِلْكَافِرِينَ
کیا ہم تمہارے ساتھ نہ تھے؟ اور اگر کافروں کے لئے (فتح) نصیب

نَصِيبٌ قَالُوا أَلَمْ نَسْتَحْوِذْ عَلَيْكُمْ
ہوتی ہے تو کہتے ہیں کہ کیا ہم تم پر غالب نہ آئے تھے

وَنَمْنَعْكُم مِّنَ الْمُؤْمِنِينَ ۚ فَاللَّهُ
اور تم کو مسلمانوں سے نہ بچا لیا تھا؟ پھر اللہ تعالےٰ

يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۚ وَ
ہی تم میں قیامت کے دن تمہارا اور ان کا فیصلہ کر دے گا۔ اور

لَن يَجْعَلَ اللَّهُ لِلْكَافِرِينَ عَلَى
ہرگز اللہ تعالےٰ کافروں کے لئے مسلمانوں پر (غلبہ کا) کوئی رستہ

الْمُؤْمِنِينَ سَبِيلًا ﴿١٤١﴾
پیدا نہ کرے گا۔

ترکیب

بان کا عذابا الیما اسم لہم خبر مجموعہ متعلق ہے بشر سے الذین صفت ہے المنافقین کی ان مخففہ ہے اسکا اسم محذوف ای انہ اذا سمعتم فعل با فاعل آیات اللہ مفعول یکفر بہا جملہ حال ہے آیات اللہ سے یستہزء بہا اس پر معطوف مجموعہ شرط فلا تقعدوا معہم جواب مجموعہ شرط

ان اپنے اسم وخبر سے مل کر مفعول ہوا نزل کا۔ اذاً ملغاۃ ہے کیونکہ ان کے اسم کم اور خبر مثلھم میں واقع ہے اور اسی لئے اس کے بعد فعل نہیں آیا نستحوذ برخلاف قیاس مستعمل تھا اسی طرح پر آیا اور قیاس نستحذ ہے۔

تفسیر

یہ بھی آیت سابق کا تتمہ ہے کہ ایمان لاکر اُس پر ثابت قدم رہنا چاہیئے نہ کہ کبھی ایمان لے آیا پھر کسی غرض سے کافر ہوگیا پھر جو کچھ مصلحت معلوم ہوئی مسلمانوں میں مل گیا پھر کسی غرض سے کافر ہوگیا اور پھر کفر میں ترقی کرتا گیا۔ ان کی سزا فرماتا ہے کہ خدا تعالےٰ ان کو معاف نہیں کرے گا اور نہ اُن کو راہِ حق کی ہدایت کرے گا۔ مفسرین کے اس آیت میں مختلف اقوال ہیں بعض کہتے ہیں کہ ان الذین آمنوا ثم کفروا الخ سے یہود کی طرف اشارہ ہے کہ وہ اوّل بار توراۃ اور موسیٰؑ پر ایمان لے آئے پھر چند مدّت کے بعد ملکِ کنعان میں غیر قوموں کی صحبت سے بُت پرستی اور فسق وفجور میں مبتلا ہوگئے پھر داؤد اور سلیمان علیہما السّلام کے عہد میں ایمان لائے بُت پرستی چھوڑی دین پر قائم ہوئے۔ پھر عُزیرؑ کے بعد سے لے کر مسیحؑ تک کفر میں پڑے رہے پھر حضرت محمّد علیہ السّلام کا انکار کرکے اور بھی زیادہ کفر میں ترقی کرگئے۔ بعض کہتے ہیں کہ اس سے منافقین کی طرف اشارہ ہے کہ وہ اوّل ایمان لائے پھر دل میں نفاق پیدا کرکے کافر ہوگئے پھر جہاں شوکتِ اسلام دیکھی ایمان لے آئے پھر جب کوئی شکست یا تکلیف دیکھی پھر گئے۔ مَیں کہتا ہوں کہ اس آیت سے وہ لوگ مراد ہیں کہ جن کے دل پر نُورِ ایمان کی تجلّی نہیں پڑی ایمان اور کفر کو اُنھوں نے ایک ہلکی سی بات سمجھ رکھی ہے کبھی اِدھر کبھی اُدھر ہوگئے اور ہنوز یقین کا آفتاب ان کے دل پر پَرتو افگن نہیں ہوا وہ ظلماتِ شکوک میں بھٹکتے پھرتے ہیں کبھی ایمان اور کبھی کفر میں پڑگئے خواہ یہود ہوں خواہ منافق یا کوئی اور کہ جس کے دل میں ایمان کی وقعت نہ ہو اور وہ ادنیٰ سبب سے ایمان سے برگشتہ ہوجائے۔

لم یکن اللہ لیغفر لھم اگر کوئی کہے کہ بغیر توبہ کے تو کوئی کفر بھی معاف نہیں ہوتا خواہ ایمان ملاکر کفر اختیار کرے یا نہ کرے پھر اس قید کی ضرورت کیا ہے اور توبہ کے بعد تو شرع میں ہر ایک قسم کا کُفر معاف ہے خواہ ہزار بار مُرتد ہوکر اسلام لائے ایمان مقبول ہوگا۔ اس کا جواب یہ ہے کہ یہاں وہ کفر مراد ہے جس سے توبہ نہ ہو اور اُن لوگوں سے وہی لوگ معین مراد ہیں کہ جو شقی ازلی ہیں جن کا علمِ الٰہی میں بغیر توبہ کے مرنا لکھا ہے اور اُن کا یہ ذکر اس لئے ہے کہ ایسے لوگ کہ جو جلدی سے کفر اور ایمان اختیار کرلیتے ہیں اُن کے نزدیک ایمان کی چنداں وقعت وعظمت نہیں ہوتی اور ایسے شخص غالباً کفر ہی کی حالت میں مرتے بھی ہیں۔

بشر المنافقین الخ اس میں منافقین کی طرف بھی اشارہ ہے کہ جو دنیا کے مقابلہ میں دین کی کچھ بھی پروا نہیں کرتے کبھی کرستان کبھی مسلمان۔

الذین یتخذون الکافرین اولیاء الخ میں ان منافقوں کا شیوہ بیان فرماتا ہے کہ وہ کفّار ومشرکین کا جاہ وحشم دیکھ کر ان سے جا ملتے ہیں اور ان کو اس لئے یار بناتے ہیں کہ ہم کو عزت وشوکت حاصل ہوگی۔ مدینہ کے منافق ایسا کیا کرتے تھے یہود کے پاس جاکر اسلام سے نفرت اور اُس پر تمسخر کرتے تھے جیسا کہ آگے آتا ہے اور اس سے مقصد یہ تھا کہ ان باتوں سے یہ مخالفین ہم کو اپنا سچّا دوست سمجھ کر ہماری عزت کیا کریں گے۔ اس کے جواب میں اللہ تعالےٰ فرماتا ہے فان العزۃ للہ جمیعا کہ عزّت تو خدا تعالیٰ کے ہی ہاتھ ہے جس کو وہ ذلیل کرنا چاہتا ہے کوئی بھی اس کو عزّت نہیں دے سکتا۔ چنانچہ ایسے لوگ ہمیشہ ان کی نظروں میں بھی ذلیل وحقیر ہی رہتے ہیں اور اس میں اس طرف بھی اشارہ ہے کہ جن کے ہاں یہ عزّت تلاش کررہے ہیں ان کو بھی ذلّت ہوجائے گی اللہ تعالےٰ اور اس کے مطیعوں کے لئے عزت برقرار رہے گی۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ مخالفین کی

Marfat.com

إِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَهُوَ
(اے نبی ﷺ) بیشک منافق (اپنے زعم میں) تو خدا تعالیٰ کو فریب دے رہے ہیں حالانکہ وہ
خَادِعُهُمْ ۚ وَإِذَا قَامُوْٓا إِلَى الصَّلٰوةِ
انہی کو دھوکہ دے رہا ہے اور جب کہ وہ نماز کے لئے کھڑے ہوتے ہیں تو
قَامُوْا كُسَالٰى يُرَآءُوْنَ النَّاسَ وَلَا
بادلے دل سے کھڑے ہوتے ہیں (صرف) لوگوں کے دکھانے کو اور اللہ
يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ إِلَّا قَلِيْلًا ﴿۱۴۲﴾ مُّذَبْذَبِيْنَ
تعالیٰ کو بہت ہی کم یاد کرتے ہیں، اس میں (یعنی کفر و ایمان میں)
بَيْنَ ذٰلِكَ لَآ إِلٰى هٰٓؤُلَآءِ وَلَآ
متردد ہیں نہ ان کی طرف ہیں
إِلٰى هٰٓؤُلَآءِ ۗ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ
ان کی ہی کی طرف ہیں۔ اور جس کو خدا تعالیٰ گمراہ کرے سو تم (اے نبی ﷺ)
تَجِدَ لَهٗ سَبِيْلًا ﴿۱۴۳﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
اس کے لئے رستہ نہ پاؤ گے، ایمان والو!
لَا تَتَّخِذُوا الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ
ایمانداروں کو چھوڑ کر کافروں کو دوست
دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۗ اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ
نہ بناؤ۔ کیا تم اپنے اوپر
تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ عَلَيْكُمْ سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ﴿۱۴۴﴾
اللہ تعالیٰ کا صریح الزام قائم کر لینا چاہتے ہو؟
إِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ فِي الدَّرْكِ الْاَسْفَلِ
بیشک منافق آگ کے سب سے نیچے کے درجہ میں
مِنَ النَّارِ ۚ وَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ نَصِيْرًا ﴿۱۴۵﴾
ہوں گے، اور تم کو ان کا کوئی بھی مددگار نہ ملے گا۔
إِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا وَاَصْلَحُوْا وَاعْتَصَمُوْا
مگر ان میں سے جنہوں نے توبہ کر لی اور وہ سنور گئے اور اللہ تعالیٰ کو مضبوط
بِاللّٰهِ وَاَخْلَصُوْا دِيْنَهُمْ لِلّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ
پکڑ لیا اور وہ اللہ تعالیٰ کے خالص فرمانبردار بھی ہو گئے سو وہ تو

شوکت خاک میں مل گئی۔ وقد نزّل علیکم الخ مکہ معظمہ میں بھی ہجرت سے پہلے مشرکین اپنی مجلسوں میں قرآن کی نسبت کفر بکتے اور ہنسی کیا کرتے تھے مسلمانوں کو اس بارے میں وہاں جانے کی بابت یہ حکم آیا تھا، واذا رأیت الذین یخوضون فی آیاتنا فاعرض عنہم حتے یخوضوا فی حدیث غیرہ کہ تم وہاں سے اُٹھ کر کھڑے ہو اکرو پھر جب مسلمان اور آنحضرت علیہ السلام مدینہ طیبہ میں تشریف لائے تو یہاں کے احبار نے بھی وہی طریقہ اختیار کیا (اور یہ بے دینوں کا قدیم دستور ہے کہ وہ انبیاء علیہم السلام اور اُن کی باتوں پر قہقہہ اُڑایا کرتے ہیں) اس پر خدا تعالیٰ منافقوں سے جو اُن کی خوشامد کے لئے اس مضحکہ میں شریک ہوتے تھے یہ فرماتا ہے کہ ہم پہلے بھی اس بارے میں حکم دے چکے ہیں کہ جہاں کہیں خدا تعالیٰ کی آیات پر ہنسی ہوتے دیکھو تو وہاں سے اُٹھ جاؤ ورنہ تم بھی ان کے ساتھ کفر میں شریک ہو مگر جو بے بسی سے اُٹھ نہ سکے تو وہ معذور ہے مگر دل میں ناراض ہونا شرط ہے۔

الذین یتربصون بکم، یہ ان منافقین کا دوسرا حال ہے کہ جب مسلمانوں کو فتح اور کامیابی ہوتی ہے تو کہتے ہیں کہ کیا ہم تمہارے ساتھ نہ تھے؟ یعنی تھے ہمیں بھی اس میں سے حصہ دو اور اگر کافروں کو کوئی دنیاوی کامیابی یا اسلام پر غلبہ پانے کا موقعہ ملتا ہے یعنی جب وہ کامیاب ہوتے ہیں تو کہتے ہیں کہ دیکھو ہم تم پر قابو پا سکتے تھے مگر پھر بھی ہم نے تمہاری مدد کر کے مسلمانوں کو تم سے روک دیا سو اس میں ہم کو بھی شریک کرو یعنی دونوں سے بلے رہتے ہیں اس کے جواب میں فرماتا ہے کہ ہم اس بات کا قیامت میں فیصلہ کر دیں گے اور آئندہ وعدہ فرماتا ہے کہ کافروں کو مسلمانوں پر خدا تعالیٰ کبھی سبیل یعنی غلبہ کی حجت اور فتح میں کوئی رستہ نہ نکالے گا (بشرطیکہ مسلمان اسلام پر قائم رہیں)۔

Marfat.com

مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۭ وَسَوْفَ يُؤْتِ اللّٰهُ
ایمانداروں کے ساتھ ہیں۔ اور عنقریب اللہ تعالےٰ ایمانداروں کو
الْمُؤْمِنِيْنَ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۱۴۶﴾ مَا يَفْعَلُ
اجر عظیم دے گا۔ اگر تم شکرگزاری
اللّٰهُ بِعَذَابِكُمْ اِنْ شَكَرْتُمْ وَاٰمَنْتُمْ ۭ
کرو اور ایمان لاؤ تو خدا تعالےٰ تم کو عذاب دے کر کیا کرے گا؟
وَكَانَ اللّٰهُ شَاكِرًا عَلِيْمًا ﴿۱۴۷﴾
اور اللہ تعالےٰ قدردان خبردار ہے۔

ترکیب

وھو خادعھم جملہ حال ہے اللہ سے کسالیٰ حال ہے فاعل قاموا سے اسی طرح یراؤن الناس بھی حال ہے مذبذبین منصوب علی الذم ہے اور ممکن ہے کہ فاعل یذکرون سے حال ہو آہمزۃ استفہام انکاری تریدون کا ضمیر انتم فاعل ان تجعلوا سلطانا مبینا مفعول اوّل تجعلوا للہ ثابت کے متعلق ہو کر مفعول ثانی اور العکس یہ جملہ مفعول ہے تریدون کا من النار حال ہے الدرک الاسفل سے مایفعل میں ما میں دو وجہ ہیں، اوّل یہ کہ یہ استفہام کے لئے ہو اور یفعل کا مفعول واقع ہو کر محل نصب میں ہو بعذابکم متعلق ہے یفعل سے دوم یہ کہ ما نافیہ ہو والمعنی لایعذبکم۔

تفسیر

یہ آیات بھی پہلی آیات کا تتمہ ہیں ان میں منافقین کے اوصاف باقی ماندہ بتلاتا ہے تاکہ مسلمان کو ان اوصاف سے اجتناب کرنے کا خیال رہے اور یہ جانیں کہ منافق کسی کی ذات نہیں جس میں یہ وصف ہیں وہی منافق ہے۔ (۱) ان المنافقین یخادعون الخ کہ وہ لوگ ایمان اور ظاہری طاعات کو خلوص اور امید ثواب کے لئے نہیں بلکہ مسلمانوں میں شریک ہونے کے لئے اور دنیا کے لئے کرتے ہیں جس سے یہ سمجھتے ہیں کہ ہم اللہ تعالےٰ کو فریب دے رہے ہیں گو ان کا یہ خیال نہ ہو مگر اس قسم کی کارروائی اس علام الغیوب کے روبرو اسی بات کو ظاہر کرتی ہے اور اس کا وبال چونکہ خدا تعالےٰ کی طرف سے ان پر دنیا و آخرت میں پڑنے والا تھا اس لئے خادعھم فرمایا یعنی یخادعون خادعھم بطور استعارہ کے بولے گئے ہیں۔ (۲) واذا قاموا الی الصلوٰۃ الخ۔ کسالیٰ، بضم الکاف وفتحہا جمع کسلان بمعنی سست، جیسا سکران کی جمع سکاریٰ آتی ہے۔ چونکہ منافقوں کو نماز سے نہ آخرت میں امید ثواب تھی نہ ترک سے خوف عقاب بلکہ ظاہرداری تھی سو ایسے کام میں قطعاً سستی اور کاہلی ہو اکرتی ہے اس لئے اس کو سستی سے ادا کرتے تھے۔ نماز میں سستی کئی طور سے ہوتی ہے، وقت پر جماعت سے نہ پڑھنا، مکروہ اوقات میں بلا رعایت شروط پڑھنا اور رکوع و سجود قیام و قرارت میں خشوع و خضوع ملحوظ نہ ہونا یوں ہی ٹھونگیں مارنا۔ ایک شخص نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے عہد میں اسی طرح نماز پڑھی تھی آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پھر پڑھ، تو نے نہیں پڑھی۔ اسی طرح کئی بار اس نے پڑھی اور آپ نے فرمایا آخر آپ نے سمجھا کہ اس طرح سے پڑھ۔ اہل حقیقت کے نزدیک نماز میں اگر سراسر حضور قلب اور محویت نہ ہو تو نماز نہیں۔ (۳) یراؤن الناس کہ وہ یہ نماز اور یہ سب باتیں ریاکاری یعنی لوگوں کے دکھانے کو کرتے ہیں اور خدا تعالےٰ کو کم یاد کرتے ہیں۔ کم یاد کرنے سے یہ مراد ہے کہ نماز میں صرف تکبیرات تو پڑھتے ہیں ورنہ چپ چاپ کھڑے رہتے ہیں یا نماز ہی کم پڑھتے ہیں۔ جب لوگوں کے ساتھ ہوئے تو پڑھ لی اور گھر میں ندارد۔ اور یہ بھی معنی ہیں کہ نماز کے باہر رات دن بجز دنیاوی باتوں کے منہ سے ذکر الٰہی نہیں نکلتا

لہ وہ تو اپنے زعم میں خدا تعالےٰ کو بعض کہتے ہیں لفظ رسول محذوف ہے یعنی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو فریب دے رہے ہیں یا بطور استعارہ کے ان کی حرکات کو فریب سے تعبیر کیا اور خدا تعالیٰ جو ان کو اس بدفعلی کی سزا دے رہا یا قیامت میں دے گا اس کو بطور استعارہ کے یا بطور مشاکلت کے خادعھم سے تعبیر کیا الفاظ کے لفظی معنی پر اعتراض کرنا بے عقلی ہے ۱۲ منہ

Marfat.com

اب بھی سیکڑوں لوگ نام کے مسلمان ہیں۔ اگر آپ چند روز بھی اُن کے پاس رہیں تو بجز دنیا کے بکھیڑوں کے اللہ تعالےٰ کا ذکر نہ سُنے گا۔

(۴) مذبذبین بین ذٰلک یعنی وہ حیرت اور شک میں ہیں جب اسلام کی روشنی دکھائی دے جاتی ہے تو اسلام کو حق جان کر اُس کی طرف مائل ہو جاتے ہیں۔ اور جب کسی ظاہری مصیبت اور فقر و فاقہ کی گھٹا اور اندھیری آجاتی ہے تو اس کے فوائد پر نظر نہیں کرتے اس کے اندیشوں کی گرج اور کڑک سے انکار کی اُنگلی گوشِ قبول و یقین میں رکھتے ہیں۔ بلا شک جب تک انسان کو نورِ یقین حاصل نہ ہو وہ آندھی میں پَر کی طرح اِدھر اُدھر اُڑتا پھرتا اور ڈانواں ڈول رہتا ہے یہ سخت بلا ہے۔ واہ رے یقین تیرے کیا کہنے ہیں ؎ بدر دیقین پرد ہ خیال + نماند سرا پردہ الّا جلال + بلا شک جو اس تردّد کے بیابان میں پڑا ایسا ہی گمراہ ہوا کہ اس کا کوئی ہادی نہیں ومن یضلل اللہ فلن تجدلہٗ سبیلاً سے یہی مراد ہے خدا تعالےٰ اس وادیٔ پُرخار سے بچاوے جب کہ خدا تعالےٰ منافقوں کے اوصاف بیان فرما چکا تو اس کے بعد مسلمانوں کو اُن کی عادت سے صراحۃً منع فرماتا ہے یا ایہا الذین آمنوا الخ کہ تم کفار کو دوست نہ بناؤ اور نہ ان منافقوں کو منہ لگاؤ کیونکہ یہ اللہ تعالےٰ سے محبّت نہیں رکھتے ان کی محبّت تم کو غفلت اور دنیا کی خواہش کی طرف کھینچے گی اور ایک دل دو طرف نہیں رہتا۔ خدا تعالےٰ سے تم غافل ہو جاؤ گے اور جب یہ ہو گا تو تم پر محبّتِ الٰہی میں الزام قائم ہو گا۔ اتریدون ان تجعلوا للہ علیکم سلطانا مبینا سے اسی طرف اشارہ ہے۔ اس کے بعد منافقوں کا انجام بتلاتا ہے ان المنافقین فی الدرک الاسفل من النار، درک بسکون الراء اور بعض کے نزدیک بفتح الراء بھی ہے۔ زجاج اِس کو فصیح کہتے ہیں۔ ابو حاتم کہتے ہیں کہ درک کی جمع اَدْرَاک جیسا کہ جمل اور اجمال، ادرک بھی جمع ہے جیسا کہ فلس کی افلس اور کلب کی اکلب۔ درک کے معنے قعر اور نہایت کے ہیں جیسا کہ دریا کی تہ۔

اور وجہ اس کی کہ منافق جہنم کی سب سے نیچے کی تہ میں ہوں گے یعنی سخت عذاب میں مبتلا ہوں گے یہ ہے کہ کفّار چونکہ ظاہر و باطن منکر اور مخالف ہیں ان سے اس قدر اسلام کو مضرّت نہیں جس قدر کہ ان سے ہے۔ دیکھئے بہت سے ایسے خبیثوں سے جو در پردہ کافر و بے دین اور ظاہر میں مسلمان ہیں کس قدر اسلام کو مضرّت پہنچی ہے ہزاروں بدعتیں انہی کی ایجاد ہیں تاویلاتِ رکیکہ کر کے یہی قرآنِ مجید کو اُلٹ پلٹ کرتے ہیں۔ تمام قرآنِ مجید میں یہ بات مرعی رکھی گئی ہے کہ ترہیب کے بعد ترغیب اور وعدہ کے بعد وعید اس لئے اپنی رحمتِ کاملہ سے اس کے بعد ان کے لئے توبہ کی ترغیب اس پر معافی کا وعدہ دیتا ہے الا الذین تابوا مگر چار باتیں شرط ہیں۔ اوّل تابوا کہ صدق دل سے توبہ کریں، دوم واصلحوا کہ نیک وقتی اختیار کریں جو کچھ علم و عمل میں فساد ہے اس کی اصلاح کریں، سوم واعتصموا باللہ کہ اللہ تعالےٰ کو مضبوط پکڑیں یعنی اُس کے دشمنوں اور دین کے مخالفوں کو چھوڑ کر اُسی کی ذات پر تکیہ کریں، چہارم واخلصوا دینہم کہ خلوص اور صدقِ نیت پیدا کریں کیونکہ تمام چیزوں کا مدار اسی پر ہے۔ اُن چار اوصافِ ذمیمہ کے مقابلہ میں یہ چار اوصافِ حمیدہ بیان فرمائے۔ پھر اسکے بعد ان کو برابر کی جماعت میں داخل کرتا ہے فاولئک مع المؤمنین اس کے بعد یہ بھی ظاہر فرماتا ہے کہ بندہ کو جو کچھ عذاب ہو گا اس کے اعمالِ بد کی وجہ سے ورنہ ہم نے اپنی مخلوق کو اس لئے نہیں پیدا کیا کہ ہم خواہ مخواہ اُن کو عذاب کریں یا ہم کو ان سے دلی نفرت ہے بلکہ اگر تم ایمان لاؤ اور شکر کرو تو ہم تمھیں عذاب کر کیا کریں گے؟ اور جو کوئی کچھ بھی نیکی کرتا ہے تو ہم قدردانی کرتے ہیں ؛

Marfat.com

تفسیر حقّانی

پارۂ لَا یُحِبُّ اللّٰہُ

لَا یُحِبُّ اللّٰہُ الْجَھْرَ بِالسُّوْٓءِ مِنَ
خدا تعالےٰ کو بُری بات کا ظاہر کرنا پسند نہیں
الْقَوْلِ اِلَّا مَنْ ظُلِمَ ؕ وَکَانَ اللّٰہُ
آتا مگر جن پر ظلم کیا گیا ہو۔ اور اللہ تعالےٰ (خود خوب)
سَمِیْعًا عَلِیْمًا ﴿۱۴۸﴾ اِنْ تُبْدُوْا خَیْرًا اَوْ
سُنتا جانتا ہے۔ اگر تم نیکی کو ظاہر کرو یا
تُخْفُوْہُ اَوْ تَعْفُوْا عَنْ سُوْٓءٍ فَاِنَّ اللّٰہَ
اُس کو چھپاؤ یا کوئی بُرائی معاف کرو تو اللہ تعالےٰ بھی معاف
کَانَ عَفُوًّا قَدِیْرًا ﴿۱۴۹﴾ اِنَّ الَّذِیْنَ
کرنے والا (اور) قدردان ہے۔ بیشک جو لوگ
یَکْفُرُوْنَ بِاللّٰہِ وَرُسُلِہٖ وَیُرِیْدُوْنَ
اللہ تعالےٰ اور اُس کے رسولوں کا انکار کرتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ
اَنْ یُّفَرِّقُوْا بَیْنَ اللّٰہِ وَرُسُلِہٖ وَ
اللہ تعالےٰ اور اُس کے رسولوں میں تفرقہ کریں اور
یَقُوْلُوْنَ نُؤْمِنُ بِبَعْضٍ ۙ وَّنَکْفُرُ
(یہ) کہتے ہیں کہ ہم بعض پر ایمان رکھتے ہیں اور بعض کا انکار
بِبَعْضٍ ۙ وَّیُرِیْدُوْنَ اَنْ یَّتَّخِذُوْا
کرتے ہیں اور وہ (یہ بھی) چاہتے ہیں کہ اس کے درمیان
بَیْنَ ذٰلِکَ سَبِیْلًا ﴿۱۵۰﴾ ۙ اُولٰٓئِکَ ھُمُ
ایک اور راستہ نکالیں۔ (سو) ایسے لوگ یقیناً

الْکٰفِرُوْنَ حَقًّا ۚ وَاَعْتَدْنَا لِلْکٰفِرِیْنَ
کافر ہیں۔ اور کافروں کے لئے ہم نے ذلت کا
عَذَابًا مُّھِیْنًا ﴿۱۵۱﴾ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰہِ
عذاب تیار کر رکھا ہے۔ اور جو لوگ اللہ تعالےٰ اور اُس کے
وَرُسُلِہٖ وَلَمْ یُفَرِّقُوْا بَیْنَ اَحَدٍ مِّنْھُمْ
رسولوں پر ایمان لائے اور اُنھوں نے ان میں سے کسی میں بھی تفرقہ نہ کیا
اُولٰٓئِکَ سَوْفَ یُؤْتِیْھِمْ اُجُوْرَھُمْ ؕ وَ
(سو) ان کو عنقریب اللہ تعالےٰ ان کا اجر دے گا۔ اور
کَانَ اللّٰہُ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا ﴿۱۵۲﴾ ع
اللہ تعالےٰ غفور رحیم ہے۔

ع ۲۱ ۱۱ ۱

ترکیب

بالسوء الجہر سے متعلّق ہے ای لایحب ان یجہر بالسوء من القول بیان ہے السوء کا اِلَّا مَن استثناء منقطع ہے موضع نصب میں، بعض کہتے ہیں کہ متصل ہے ای لایحب ان یجہر بالسوء احد الا من ظلم فلا بأس علیہ ان یجہر عن ظلم ظالمہ ویدعو علیہ عند الحکام۔ حقًّا مفعول مطلق ای حق ذٰلک حقا اور ممکن ہے کہ حال ہو اے اولٰئک ہم الکافرون غیر شک۔

تفسیر

منافقوں اور گنہگاروں کو توبہ و استغفار کرنے اور خدا تعالےٰ

Marfat.com

کی طرف رجوع کرنے کا اس خوبی اور عمدہ پیرایہ سے بیان ہوا تھا کہ جس سے طبائع سلیمہ پر عمدہ اثر پڑتا ہے مگر بعض لوگ اُن کے ایمان لانے اور خدا تعالےٰ کی طرف رجوع کرنے کے بعد بھی ان کے عیوب گزشتہ بیان کرکے طعن و طنز کیا کرتے ہیں اس لئے ان طعن و تشنیع کرنے والوں کی زبان بند کی جاتی ہے کہ لایحب اللہ الجہر الخ کہ خدا تعالےٰ کو بُرائی کا افشاء کرنا اور کسی کے عیوب ظاہر کرنا پسند نہیں مگر مظلوم کو اجازت ہے کہ وہ اُس کے ظلم وستم بیان کرے کیونکہ بغیر بیان کرنے کے چارہ بھی نہیں مگر دراصل اب بھی ان میں کوئی بات بد باقی ہے تو خدا تعالےٰ خود سمیع وعلیم ہے اور کو مناسب نہیں کہ اُس کی عیب جوئی کرے۔ اس میں اس طرف بھی اشارہ ہے کہ خود بھی اپنے گزشتہ عیوب لوگوں پر ظاہر نہ کرے اور نہ توبہ اس بات کی مقتضی ہے کہ کسی کے سامنے اپنا کچا چٹھا کھولے (جیسا کہ رومن کیتھولک عیسائیوں میں دستور ہے کہ پادری کے سامنے گزشتہ عیوب کا بوقتِ توبہ اقرار و اظہار کرایا جاتا ہے) کیونکہ خدا تعالےٰ خود جانتا ہے وہ ستّار ہے۔ اب توبہ کے بعد یہ بات ضرور باقی رہتی کہ اس پر کسی کے حقوق اٹھے یا اس نے لوگوں پر ظلم کئے تھے ان کے انتقام و مطالبہ کی بابت فیصلہ فرماتا ہے ان تبدوا خیراً الخ کہ اگر تم کوئی نیکی ظاہر کرکے کرو بشرطیکہ ریاکاری مقصود نہ ہو تو اس کے اظہار میں کوئی مضائقہ نہیں تاکہ دوسروں کو بھی رغبت ہو یا تم ان توبہ کرنے والوں کی بُرائیاں معاف کردو تو بہتر ہے کس لئے کہ خدا تعالےٰ بھی غفور ہے اور اس کے انتقام لینے پر بھی قادر ہے پھر جب تم کسی کو معاف نہیں کرتے تو آخر تم بھی خدا تعالےٰ کے گناہوں سے پاک نہیں۔ قدیر کا لفظ کس لُطف کے ساتھ معافی کی رغبت دلا رہا ہے جس میں تہدید کی شان بھی ہے اس کے بعد پھر ڈھیٹھ اور آپ کے سیاہ کاروں کی طرف رُوئے سخن کیا جاتا ہے کہ اپنی بُرائی پر اڑے ہوتے ہیں ان الذین یکفرون باللہ الخ کہ جو لوگ اللہ تعالےٰ اور اُس کے رسولؑ کا انکار کر رہے ہیں اور خدا تعالےٰ اور اُس کے رسولوں میں تفرقہ پیدا کر رہے ہیں اور وہ تفرقہ یہ ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ ہم بعض رسولوں کو تو مانیں گے یعنی انبیائے بنی اسرائیل کو کیونکہ وہ ہمارے ہیں بعض کو نہیں جو اُن کے غیر ہیں خصوصاً نبیٔ عربی کو کس لئے کہ یہ گنوار عربوں کے نبی ہیں ہم کو ان کی حاجت نہیں اور یہود تو حضرت مسیحؑ کو بھی نہیں مانتے اور ایک اور میانہ راستہ جدا پیدا کرنا چاہتے ہیں سو وہ مومن اور نیکوکار نہیں بلکہ اولئک ہم الکافرون حقا وہ یقینی کافر ہیں جن کے لئے ہم نے جہنم کا عذاب تیار کر رکھا ہے۔ اس میں یہود و نصاریٰ کا رد ہے جن کو منافقین مدینہ اپنا پیر و مرشد اور ان کو انبیائی سلسلہ کا کلیدبردار سمجھ کر ان کی باتوں کو بہت کچھ مانتے تھے ان کے مقابلہ میں حقیقی مومنوں کی مدح اور ان کا نیک نتیجہ بتلایا جاتا ہے کہ جو لوگ اللہ تعالےٰ اور اس کے رسولوں پر ایمان لائے اور برابر سب کو برحق مانتے ہیں تفرقہ نہیں کرتے ہیں وہ صرف حقیقی مومن ہی نہیں بلکہ ان کو ہم بہت جلد اُن کے ایمان اور نیکوکاریوں کا نیک بدلہ دیں گے اور ان کی لغزشوں کو بھی مٹا ڈالیں گے کیونکہ ہم غفور رحیم بھی ہیں جن کا یہ خیال ہے کہ خدا تعالےٰ جرم کی سزا دینے پر مجبور ہے جیسا کہ آریہ اور عیسائیوں کا کفارۂ مسیحؑ کے معاملہ میں اعتقاد ہے تو انھوں نے خدا تعالےٰ کو اس صفت سے معرّا کر دیا جو ایک بڑا ہی نقص ہے۔

يَسْئَلُكَ أَهْلُ الْكِتٰبِ أَنْ تُنَزِّلَ عَلَيْهِمْ

(اے نبیؐ!) اہل کتاب آپؐ سے سوال کرتے ہیں کہ آپؐ ان پر آسمان سے

كِتٰبًا مِّنَ السَّمَآءِ فَقَدْ سَأَلُوا مُوسٰى

کوئی کتاب اُتار لاویں سو وہ تو اس سے (بھی) بڑھ کر موسےٰؑ سے

أَكْبَرَ مِنْ ذٰلِكَ فَقَالُوا أَرِنَا اللّٰهَ

سوال کر چکے ہیں (جب کہ انھوں نے) کہا تھا کہ ہم کو کھلم کھلا خدا تعالےٰ

جَهْرَةً فَأَخَذَتْهُمُ الصّٰعِقَةُ بِظُلْمِهِمْ

دکھلاؤ پھر تو ان پر ان کے ظلم کی وجہ سے بجلی آ پڑی۔

ثُمَّ اتَّخَذُوا الْعِجْلَ مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ

پھر بھی نشانیاں آنے کے بعد بھی انھوں نے

Marfat.com

الْبَيِّنٰتُ فَعَفَوْنَا عَنْ ذٰلِكَ ۚ وَاٰتَيْنَا

بچھڑا بنایا پھر ہم نے یہ بھی معاف کر دیا تھا، اور موسےٰ

مُوْسٰى سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ﴿۱۵۳﴾

علیہ السلام کو کھلا ہوا غلبہ دیا۔

ترکیب

یسئلک کا فاعل اہل کتاب کہ مفعول اوّل ان تنزّل جملہ بتاویل مصدر مفعول ثانی اکبر صفت ہے مفعول محذوف کی اے سألوا شیئاً اکبر من ذٰلک جہرۃً عیاناً۔

تفسیر

گزشتہ آیات میں اہل کتاب کے افعال زشت کی مذمت تھی کہ وہ رسولوں میں تفرقہ کرتے ہیں بعض پر ایمان اور بعض سے انکار کرتے ہیں اس پر اپنے آپ کو مقدّس ایماندار بھی سمجھتے تھے۔ ان آیات میں ایک دوسری جہالت بیان کی جاتی ہے وہ یہ کہ یہود مدینہ معجزات و آیاتِ بیّنات دیکھ کر بھی ایمان نہ لاتے تھے اور عناد سے یہ کہتے تھے کہ اگر آپؐ نبی برحق ہیں تو ایک بار آسمان سے کوئی کتاب اُتروا دیجئے جس طرح کہ یکبارگی موسیٰ علیہ السلام پہاڑ سے الواح یعنی تختیاں خدا تعالیٰ کے ہاں سے لکھوا کر لائے تھے۔ غالباً اس سوال کی یہ وجہ معلوم ہوتی ہے (بقولِ شخصے خوئے بدرا بہانۂ بسیار) کہ قرآن مجید ان مصالح اور اسرار کی وجہ سے کہ جن کا ہم نے متعدّد مقام پر ذکر کیا ہے حسب حاجت تھوڑا تھوڑا نازل ہوتا تھا اور اس کی بھی یہ صورت تھی کہ جبرئیل علیہ السلام آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے قلب پر القاء کرتے تھے سوائے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اور کسی کو نظر نہ آتے تھے پھر آپؐ ان آیات کو لوگوں کو سناتے اور کاتبوں سے لکھوا دیتے تھے۔ اور حضرت موسیٰؑ کی نسبت یہ سن رکھا تھا کہ وہ پہاڑ سے لکھوا کر تختیاں لائے تھے جن کو سب بنی اسرائیل نے آنکھ سے دیکھا جس لئے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے یہ سوال کیا کہ آسمان سے لکھی لکھائی کوئی کتاب کیوں نہیں نازل ہوتی؟ چونکہ یہ سوال صرف سرکشی کی وجہ سے تھا اور عادت اللہ یوں ہی جاری ہے کہ ایسے سوالوں پر انکی خواہش پوری نہیں کی جاتی اس لئے یہ جواب دیا گیا کہ انکی عادت میں یہ سرکشی ہمیشہ سے چلی آتی ہے کیونکہ اس سے پیشتر انھوں نے یعنی ان کے بزرگوں نے خود موسےٰ علیہ السلام سے اس سے بھی بڑھ کر سوال کیا تھا کہ ہم کو کھلّم کھلا خدا تعالےٰ دکھلا دو جب ایمان لائیں گے حالانکہ خدا تعالےٰ کو کھلّم کھلا ان آنکھوں سے دیکھنا کسی بشر کی بھی قدرت نہیں لیکن یہ سوال بھی محض سرکشی سے تھا اس لئے غضبِ الٰہی نازل ہوا بجلی گر پڑی (یہ ماجرا کوہ طور پر واقع ہوا تھا اس کی تشریح سورۂ بقرہ کی تفسیر میں دیکھو) پھر فرماتا ہے کہ جبلی کج طبعوں کو کوئی معجزہ فائدہ نہیں دیتا ازلی گمراہ معجزات دیکھ کر بھی ویسے ہی گمراہ اور بدکار رہتے ہیں دیکھو ثم اتخذوا العجل من بعد ما جاءتہم البیّنات باوجودیکہ انھوں نے موسیٰ علیہ السلام کے معجزات مصر میں اور مصر سے نکل کر سفر میں دیکھے تختیاں بھی دیکھیں پھر بھی اس کے بعد سب سے بڑھ کر گمراہی اختیار کی یعنی بچھڑا بنا کر پوجا۔ مگر ہم نے اس پر بھی ان کو معاف کر دیا۔ اور موسیٰؑ کو سلطان مبین عطا کی تھی وہی ان کی نبوّت و رسالت کی مسکت دلیل تھی۔ اگرچہ سلطان مبین کی تفسیر میں علماء کے متعدّد اقوال ہیں کوئی معجزات کہتا ہے کوئی حکومت و غلبہ بتاتا ہے لیکن دراصل سلطان مبین نبیؑ کی ایک خاص شان ہوتی ہے جس کا اثر لوگوں پر پڑتا ہے جس لئے مخلوق ان کے حکم میں آجاتی ہے۔ یہ بات حضرت موسیٰ علیہ السلام کو خدا تعالےٰ نے دی تھی اس میں اشارہ ہے کہ یہی سلطان مبین خاتم المرسلین صلے اللہ علیہ وسلم کو دی گئی ہے جس سے عرب جیسے وحشی متکبّر سفاک خود بخود آپؐ کی طرف کھنچے چلے آتے ہیں ورنہ ان کے پاس کونسا لشکر و خزانہ تھا۔ پھر اس سے بڑھ کر اور کیا معجزہ ہو سکتا ہے جس کو وہ دن کے اندھے نہیں دیکھتے اور لکھی لکھائی کتاب

Marfat.com

آسمان سے اُتر نی چاہتے ہیں اگر ایسا ہوتا تو اس میں بھی صدہا نکتہ چینیاں کرتے اب ایسے رسول کا انکار اور تفرقہ موجب نار نہ ہوتو کیا ہوگا۔

ف کسی نبی پر کوئی کتاب آسمان سے اس طرح نازل نہیں ہوتی جیسا کہ یہود نے سوال کیا تھا بلکہ الہام کے ذریعہ سے نازل ہوتی ہیں وہ تختیاں جو موسیٰؑ کو طور سے لاتے تھے توراۃ نہ تھی بلکہ ان پر دس حکم لکھے ہوئے تھے جن کو موسیٰؑ نے توراۃ میں لکھوادیا تھا، واللہ اعلم۔

وَرَفَعْنَا فَوْقَهُمُ الطُّوْرَ بِمِيْثَاقِهِمْ وَ
اور ہم نے ان سے عہد مستحکم کرنے کے لئے ان پر کوہ طور بلند کیا اور
قُلْنَا لَهُمُ ادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا وَّقُلْنَا
ہم نے ان سے (یہ بھی) کہلا کر (شہر کے) دروازہ میں سجدہ کرتے ہوئے جانا اور ہم نے
لَهُمْ لَا تَعْدُوْا فِي السَّبْتِ وَاَخَذْنَا
ان سے (یہ بھی) کہدیا تھا کہ سبت کے دن زیادتی نہ کرنا اور ہم نے ان سے
مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ﴿۱۵۴﴾ فَبِمَا نَقْضِهِمْ
سخت عہد بھی لے لیا تھا۔ پھر ان کی عہد شکنی سے
مِّيْثَاقَهُمْ وَكُفْرِهِمْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَقَتْلِهِمُ
اور آیات الٰہی کے انکار کرنے سے اور ناحق
الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ وَّقَوْلِهِمْ قُلُوْبُنَا
انبیاءؑ کو قتل کرنے کی وجہ سے (ان پر قہر نازل کیا) اور اس قول سے کہ ہمارے
غُلْفٌ ؕ بَلْ طَبَعَ اللّٰهُ عَلَيْهَا بِكُفْرِهِمْ
دلوں پر غلاف ہیں، (خلاف نہیں) بلکہ اللہ تعالیٰ نے ان کے کفر کی وجہ سے ان کے دلوں پر مہر کر دی ہے
فَلَا يُؤْمِنُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۱۵۵﴾ وَّبِكُفْرِهِمْ
تھی اس لئے وہ کمتر ہی ایمان لاتے ہیں۔ اور ان کے کفر سے
وَقَوْلِهِمْ عَلٰى مَرْيَمَ بُهْتَانًا عَظِيْمًا ﴿۱۵۶﴾
اور مریمؑ پر بڑا بہتان باندھنے سے۔
وَّقَوْلِهِمْ اِنَّا قَتَلْنَا الْمَسِيْحَ عِيْسَى ابْنَ
اور ان کے اس کہنے سے (بھی) کہ مسیح بن مریمؑ رسول خدا کو
مَرْيَمَ رَسُوْلَ اللّٰهِ ۚ وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا
ہم نے قتل کر ڈالا۔ حالانکہ نہ اس کو انھوں نے قتل کیا نہ
صَلَبُوْهُ وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ ؕ وَاِنَّ
سولی دی بلکہ ان کو اشتباہ ہوگیا۔ اور جو
الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ ؕ
لوگ اس میں اختلاف کرتے ہیں وہ خود شک میں پڑے ہوئے ہیں۔
مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ اِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ ۚ
ان کو اس کا کچھ بھی یقین نہیں بلکہ صرف گمان کی پیروی کر رہے ہیں۔
وَمَا قَتَلُوْهُ يَقِيْنًا ﴿۱۵۷﴾ بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ
اور انھوں نے اس کو قطعاً قتل نہیں کیا۔ بلکہ اللہ تعالیٰ نے اس کو اپنی
اِلَيْهِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا
طرف اٹھالیا۔ اور اللہ تعالیٰ زبردست حکمت
حَكِيْمًا ﴿۱۵۸﴾
والا ہے۔

ترکیب

ورفعنا معطوف ہے آتینا پر الطور مفعول رفعنا کا فوقہم ظرف بمیثاقہم متعلق ہے رفعنا سے ای بسبب اخذ المیثاق علیہم۔ فبما نقضہم ما زائدہ ہے اور ب سببیہ متعلق ہے محذوف سے ای لعنا ہم بسبب نقضہم اور ثمن ہے کہ حرمنا سے متعلق ہو جو تین آیات کے بعد واقع ہے اور فبظلم بدل ہے اس نقضہم سے۔ میثاقہم مفعول ہے نقضہم کا وکفرہم وقتلہم وقولہم معطوف ہیں نقضہم پر وبکفرہم بھی مگر یہاں اعادہ جار کر دیا گیا وقولہم اور قولہم اتا بھی اسی پر معطوف ہیں بہتانا حال ہے قولہم سے وقیل مصدر۔ الا اتباع الظن استثناء متصل ہے یقینا صفت ہے محذوف کی ای قتلا یقینا وقیل مصدر امن غیر لفظ الفعل۔

تفسیر

یہ بھی آیات سابقہ کا تتمہ ہے اس میں یہود کی جہالتیں اور

Marfat.com

اس پر جو ان کو سزائیں ہوئی ہیں اُن کا ذکر فرماتا ہے۔ (۱) جب اُن سے اس بات پر عہد لیا گیا تھا کہ تم میرے سارے حکموں پر چلنا اور اُنھوں نے پہلو تہی کی تو کوہ طور ان پر اُٹھایا گیا۔ (۲) ان کو شہر اریحا فتح ہونے کے وقت یہ حکم دیا گیا تھا کہ اس نعمت کے شکریہ میں جب شہر کے دروازوں میں سے گزرو تو جھکتے اور عاجزی کرتے ہوئے جانا تجبّر نہ کرنا۔ اُنھوں نے اس کے برخلاف کیا۔ (۳) سبت کی تعظیم کا اور اس روز کاروبار نہ کرنے کا حکم مؤکّد دیا تھا اور اس پر اُن سے سخت عہد بھی لیا تھا مگر اُنھوں نے سبت کی تعظیم نہ کی داؤدؑ کے عہد میں اس کی اُن کو سزا ملی۔ ان واقعات کی تفصیل سورۂ بقرہ کی تفسیر میں ہو چکی ہے۔

اس کے بعد وہ جو ان پر وقتاً فوقتاً مصیبتیں نازل ہوئیں جیسا کہ فلسطیوں کا اُن پر غالب آنا، تابوت سکینہ کا چھن جانا کچھ لوگوں کی صورتیں مسخ ہو کر بندر کی شکل بن جانا جیسا کہ حضرت داؤد علیہ السلام کے عہد میں واقع ہوا اور پھر بخت نصر اور دیگر بادشاہوں کے ہاتھ سے قوم اور ملک اور یروشلم کا برباد ہونا، سلطنت اور اقبال کا جانا غیر قوموں کے ہاتھ میں قیدی اور غلام بننا وغیرہ حوادث جن کی تفصیل تاریخ بنی اسرائیل میں ہے) ان کا سبب بیان فرماتا اور ان نالائق حرکتوں کو بتا کر اس بات کی طرف اشارہ کرتا ہے کہ یہ خاندانی شریر ہیں لے نبیؐ! تم سے سرکشی کرنا کچھ نئی بات نہیں۔ منجملہ ان نالائق حرکات کے (۱) فبما نقضھم میثاقھم ہے یہ سب سے اوّل گناہ عظیم اُن سے سرزد ہوا کہ اُنھوں نے اپنے اس عہد کو جو موسیٰ علیہ السلام کے روبرو کیا تھا توڑ ڈالا۔ عہد احکام شرع کے بجالانے کا اور توحید پر قائم رہنے کا تھا اور یہ عہد اُنھوں نے موسیٰ علیہ السلام کے عہد میں بھی توڑا جو بچھڑا پوجا اور ان کے بعد ملک شام میں آ کر غیر قوموں کی صحبت سے بھی جب کہ وہ بت پرستی اور زنا کرنے لگے اور توراۃ کو پس پشت ڈال دیا تھا۔ ان واقعات کی تشریح کتاب تاریخ اور کتاب سموئیل میں موجود ہے۔

(۲) کفروا بآیات اللہ آیات سے مراد یا توراۃ کی آیات ہیں یا انبیاء علیہم السلام کے معجزات یا قضاء وقدر کی وہ نشانیاں جو ہمیشہ اس کی توحید پر دلالت کرتی ہیں جیسا کہ آسمان اور چاند اور سورج رات دن کا بدلنا پھر زمین کی چیزیں کرکس ڈھنگ سے پیدا ہوتی اور نشو ونما پاتی اور پھر فنا ہو جاتی ہیں جن میں غور و فکر کرنے سے انسان کو اپنی سعادت کا رستہ ملتا ہے۔ سو بنی اسرائیل نے اپنے اسی بت پرستی اور بدکاری کے زمانہ میں ان تینوں معنی کی آیت سے انکار اور کفر کیا یہ بھی اُن کتابوں سے بخوبی ثابت ہے۔

(۳) وقتلھم الانبیاء بغیر حق بنی اسرائیل میں جب بت پرستی اور بدکاری نے رواج پایا اور سیکڑوں برس یہی حالت رہی کبھی کسی نبیؑ اور نیک بادشاہ کی نصیحت اور کوشش سے درستی پر آ گئے پھر چند روز بعد انبیاءؑ کو ناحق قتل کر کے پھر ویسے ہی سرکش ہو گئے۔ سلیمانؑ کے بعد جب سلطنت بنی اسرائیل کے دو ٹکڑے ہو گئے اور ان میں سے ایک سلطنت جس کو اسرائیل کی سلطنت کہا جاتا تھا، اس کے اکثر بادشاہ سخت بے ایمان اور بت پرست بدکار گزرے ہیں انھیں ایام میں بہت انبیاءؑ اُن کے ہاتھ سے ناحق قتل ہوئے ہیں اور اخیر میں حضرت زکریاؑ اور حضرت یحییٰؑ کو ناحق قتل کیا اور حضرت مسیح علیہ السلام کو بھی اپنے زعم میں دار پر کھینچا۔

(۴) وقولھم قلوبنا غلف۔ قفال کہتے ہیں غلف اصل میں بہ تحریک لام جمع غلاف ہے تخفیف کے لئے ساکن کر دیا جیسا کہ کتبٌ رسلٌ۔ بکون تا، وسین اس تقدیر پر یہ بھی معنی ہوں گے کہ یہودی اپنے دلوں کو علم کا غلاف یا جزدان کہتے تھے جس کا مطلب یہ تھا کہ ہم کو بہت کچھ علم حاصل ہے اب ہم کو کسی کے وعظ کی کچھ ضرورت نہیں۔ چنانچہ حضرت مسیح علیہ السلام اور حضرت یحییٰ علیہ السلام اس بدبخت قوم کو خواب غفلت سے بیدار کرنا چاہتے تھے لیکن جب بھی اُن کے امام و کاہن لوگوں کو ان کے وعظ سننے سے منع کیا کرتے تھے اور

Marfat.com

ممکن ہے کہ غلف کی جمع ہو جس کے معنے غلاف میں لپٹا ہوا کیونکہ خصوصاً مدینہ طیبہ کے یہود یہ بھی کہتے تھے کہ ہمارے دلوں پر غلاف پڑے ہوتے ہیں ہم اے محمدؐ! آپ کی اس نصیحت کو ہرگز دل میں جگہ نہ دیں گے۔ اس کے جواب میں اللہ تعالےٰ فرماتا ہے بل طبع اللہ علیہا بکفرہم فلا یؤمنون الا قلیلاً کہ ان کے دل پر یہ غلاف ولاف کچھ نہیں صرف ان کے کفر کی وجہ سے اللہ تعالےٰ نے ان کے دلوں پر مُہر لگا دی ہے جس کی وجہ سے اُن میں ایمان نہیں جا سکتا مگر وہ قدرِ قلیل کہ جس کو وہ اپنے ادعاء کے بموجب ایمان کہتے ہیں یا یہ قلت باعتبار قلتِ افرادِ اہلِ ایمان کے ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ ان میں چونکہ کمتر لوگ ایمان لاتے ہیں اس لئے اس قوم میں کم ایمان پایا جاتا ہے اور یہ کمی اسی شامت سے ہے۔

(۵) وبکفرہم و قولہم علےٰ مریم بہتاناً عظیماً نالائق فعل اُن سے حضرت مسیح علیہ السلام کی ولادت کے وقت صادر ہوا تھا وہ یہ کہ حضرت مسیح علیہ السلام چونکہ بغیر باپ کے صرف اس کی قدرت کاملہ سے پیدا ہوئے تھے وہ اس کے منکر ہو گئے وبکفرہم سے اسی طرف اشارہ ہے۔ سو انھوں نے اس قدرت کاملہ کا انکار کیا اور حضرت مریمؑ پاک دامن پر زنا کی تہمت لگائی کہ اُس نے یہ حرامی بچہ جنا ہے اور اخیر تک اسی لئے یہود حضرت مسیح علیہ السلام کو بہ نظرِ حقارت دیکھتے رہے۔ بعض یہود کا یہ بھی گمان تھا کہ حضرت مسیح علیہ السلام یوسف نجار کے نطفہ سے پیدا ہوئے ہیں جن کی تقلید سے آج کل نیچری بھی یہی کہتے ہیں اور قرآن مجید کی بے جا تاویلیں کرتے ہیں مگر انجیل کی کیا تاویل کریں گے کہ جہاں روح القدس سے حاملہ پائے جانے کی تصریح ہے۔ گرچہ کسی پاکدامن عورت کو زنا کی طرف منسوب کرنا بہتان ہے مگر انھوں نے اس زنا کو ایک بڑے پاکدامن شخص یعنی زکریا علیہ السلام کی طرف منسوب کیا جیسا کہ عموماً یہود کا گمانِ بد تھا بہتانِ عظیم ہے اس لئے بہتان کے بعد لفظِ عظیم آیا۔

(۶) وقولہم انا قتلنا المسیح عیسےٰ بن مریم رسول اللہ، یہود حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو رسول اللہ نہ جانتے تھے مگر پھر رسول اللہ کہنا بطور تمسخر کے تھا جیسا کہ مکہ کے کفار آنحضرت علیہ السلام کو تمسخر سے کہتے تھے یا ایہا الذی نزّل علیہ الذکر انک لمجنون۔ اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ وہ حضرت مسیح علیہ السلام کو اور اُن کی والدہ ماجدہ کو بُرے الفاظ سے تعبیر کیا کرتے تھے، ساحر بن الساحرۃ فاعل بن الفاعلۃ کہتے تھے اس کے مقابلہ میں خدا تعالےٰ نے رسول اللہؐ کا وصف ذکر کیا، یہ بھی ان کا سخت گناہ اور اُن کی نسل در نسل بربادی اور خرابی کا باعث تھا۔ وہ بڑے تفاخر سے کہا کرتے تھے کہ ہم نے عیسیٰ مسیحؑ کو قتل کر ڈالا جس کا ردّ خدا تعالےٰ اس جملہ میں کرتا ہے وما قتلوہ وما صلبوہ ولکن شبّہ لہم کہ انھوں نے نہ اُن کو قتل کیا نہ سولی دی بلکہ اشتباہ واقع ہوا پھر اس اشتباہ کی اس آیت میں خود توضیح فرماتا ہے وان الذین اختلفوا فیہ لفی شک منہ مالہم بہ من علم الا اتباع الظن کہ جو اس بارہ میں اختلاف کر رہے ہیں خود اُن کو یقین نہیں بلکہ ظنی باتیں کرتے ہیں۔ ان الذین اختلفوا سے مراد عیسائی ہیں ان کے متقدمین میں اکثر تین فریق تھے۔ نسطوریہ، ملکانیہ، یعقوبیہ۔ اوّل فریق کا گمان یہ تھا کہ مسیحؑ کو صلیب جسم کے طور پر ہوئی ہے کہ روح کے طور پر اور یہ بات قرین قیاس بھی ہو سکتی ہے کس لئے کہ جس قدر مار پیٹ قتل وضرب کی تکلیفات ہیں صرف جسم عنصری پر واقع ہوتی ہیں روح کو نہ کوئی قتل کر سکتا ہے نہ مار سکتا ہے نہ دار پر کھینچ سکتا ہے اسکندریہ کے اسقف آریوس کا بھی اس کے قریب قریب عقیدہ تھا جس کی وجہ سے عیسائیوں میں بڑا اختلاف پڑا اور قسطنطین شاہ روم کو مجلس قائم کرنی پڑی جیسا کہ انگریزی رومن اردو عربی تواریخ کلیسیہ خصوصاً الدرۃ النفیسہ فی تاریخ کلیسیہ مطبوعہ بیروت سے واضح ہوتا ہے اور آریوس الوہیت مسیح کا بھی منکر تھا۔ دوسرا فرقہ صرف روح سے صلیب پانا بیان

Marfat.com

کرتا ہے۔ تیسرا فرقہ جسم اور روح دونوں سے صلیب پانا بیان کرتا ہے۔ بلکہ بعض فرقے یہ بھی کہتے ہیں کہ مسیحؑ کو صلیب نہیں ہوئی بلکہ کسی دوسرے شخص کو، یہودی جھوٹی شیخی مارتے ہیں۔ بعض علماء کہتے ہیں کہ خود یہود کو اختلاف تھا کیونکہ جب اُنھوں نے مسیحؑ کو مکان میں بند کیا تو اُن کو خدا تعالےٰ نے چھت پھاڑ کر آسمان پر اُٹھا لیا اور اُن کی شکل میں ایک یہودی کو کر دیا وہ دار پر کھینچا گیا۔ چونکہ اس کے افشار کرنے میں حضرت مسیحؑ کے کمالات کا اظہار تھا اس لئے یہود نے کہدیا کہ ہم نے خود مسیحؑ کو قتل کیا۔ یہ سدیؒ کا قول ہے اس کی تصدیق بھی اناجیل کے بعض فقروں سے ہوتی ہے جیسا کہ اوپر گزرا اور خود قرآن کی یہ آیت کہہ رہی ہے وما قتلوہ یقینًا بل رفعہ اللہ الیہ وکان اللہ عزیزًا حکیمًا۔

آج کل عیسائی حضرت مسیحؑ کے مصلوب ہونے کو اپنی کتابوں اور مؤرخوں کے اقوال سے زور دے کر ثابت کیا کرتے ہیں اور اس پر یہود کی گواہی بھی لاتے ہیں لیکن اس کا جواب پہلے ہو چکا اور اگر ہم اُن کے قول کو تسلیم بھی کر لیں تو قرآن مجید کی آیت ماقتلوہ و ماصلبوہ اور بل رفعہ اللہ الیہ کے معنے عیسائیوں کے اوّل گروہ کے مطابق بھی ہو سکتے ہیں کہ دراصل جو عیسٰی یعنی روح منوّر تھی نہ اس کو اُنھوں نے قتل کیا نہ سولی دی بلکہ وہ روح خدا تعالےٰ کے پاس پہنچی۔ مگر جمہور اہل اسلام اس کے قائل نہیں، واللہ اعلم۔

وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ	
اور اُس کی موت سے پہلے ہر اہل کتاب اس پر ایمان	
بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكُوْنُ	
لائے گا۔ اور وہ قیامت کے دن اُن پر	
عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا ﴿۱۵۹﴾	
گواہی دے گا۔	

ترکیب

ان بمعنے ما من اہل الکتاب خبر ہے مبتدا محذوف کی جو احد ہے تقدیرہ ما من اہل الکتاب احد۔ الا لیؤمنن استثناء متصل ہے۔

تفسیر

پہلی آیتوں میں یہود کے فضائح اور قبائح ذکر ہوئے تھے اور اس کی بھی تشریح تھی کہ اُنھوں نے مسیح علیہ السلام کے ساتھ جو کچھ ذلّت و خواری دینے کا ارادہ کیا تھا وہ اس میں ناکام رہے خدا تعالےٰ نے اُن کو اس کے بالعوض عزّت دی اُن کو آسمان پر بُلا لیا۔ اب اس کے بعد حضرت مسیح علیہ السلام کی ایک اور بڑی عزّت و شوکت کی خبر دی جاتی ہے ہر اہل کتاب ان کی موت سے پہلے ضرور ان پر ایمان لائے گا جبکہ ان کی شوکت اور جلال دیکھیں گے اور پھر قیامت کو وہ ان پر گواہی دیں گے قبل موتہ کی ضمیر میں علماء کے دو قول ہیں، ایک شہر بن حوشب وغیرہ کا وہ کہتے ہیں کہ موتہ کی ضمیر اہل کتاب کی طرف پھرتی ہے اس تقدیر پر یہ معنے ہوئے کہ ہر اہل کتاب اپنی موت سے پہلے ضرور اُن پر یعنی حضرت مسیح علیہ السلام پر ایمان لائے گا۔ اہل کتاب کا لغوی معنے کے لحاظ سے یہود اور نصاریٰ اور اہل اسلام سب پر اطلاق ہو سکتا ہے ان میں سے نصاریٰ اور اہل اسلام تو حضرت مسیحؑ پر موت سے پہلے اپنی زندگی میں ایمان رکھتے ہیں اور بہ لے بجز وہم بھی لیا جائے تو ان کے بارِ دیگر قربِ قیامت کے دنیا میں تشریف لانے پر بھی ان کا ایمان ہے۔

رہے یہود سو اُن کی نسبت یوں توجیہ کرنی پڑے گی جب وہ مرنے لگتے ہیں اور اُن کو ملائکہ موت نظر آتے ہیں تو حضرت مسیحؑ پر ایمان لاتے ہیں ہر چند وہ ایمان کچھ فائدہ نہیں دیتا۔ اس قول پر دو شبہ ہوتے ہیں۔ اوّل تو اس بات کے ثبوت کے لئے کوئی ثبوت مخبر صادق سے ہونا چاہیئے حالانکہ اس کا ثبوت نہیں اور جو احادیث پیش کی جاتی ہیں وہ مخدوش ہیں دوسرا شبہ یہ ہے کہ ایسے وقت تو عالم غیب کا پردہ اُٹھ جاتا ہے

Marfat.com

الرِّبٰوا وَقَدْ نُهُوْا عَنْهُ وَاَكْلِهِمْ
خوری سے بھی حالانکہ اس سے ان کو ممانعت کر دی گئی تھی اور اس سے
اَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ ؕ وَاَعْتَدْنَا
بھی کہ وہ ناحق لوگوں کے مال کھاتے تھے۔ اور ان میں سے ظالموں
لِلْكٰفِرِيْنَ مِنْهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۶۱﴾ لٰكِنِ الرّٰسِخُوْنَ
کے لئے تو ہم نے عذاب الیم تیار کر رکھا ہے۔ البتہ ان میں سے وہ جو علم
فِي الْعِلْمِ مِنْهُمْ وَالْمُؤْمِنُوْنَ يُؤْمِنُوْنَ
میں ثابت قدم اور مؤمن ہیں اس پر بھی ایمان رکھتے ہیں جو
بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ
تم پر (اے نبی ﷺ) نازل ہوا اور اس پر بھی کہ جو تم سے پہلے نازل ہو چکا ہے
وَالْمُقِيْمِيْنَ الصَّلٰوةَ وَالْمُؤْتُوْنَ
اور (وہ) نماز بھی قائم کرتے ہیں اور زکوٰۃ بھی
الزَّكٰوةَ وَالْمُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ
دیا کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ اور قیامت کے دن پر بھی ایمان
الْاٰخِرِ ؕ اُولٰٓئِكَ سَنُؤْتِيْهِمْ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۱۶۲﴾
رکھتے ہیں۔ ان لوگوں کو ہم عنقریب اجر عظیم دیں گے۔

ترکیب

فبظلم ب حرمنا سے متعلق ہے وبصدھم متعلق ہے حرمنا سے واخذھم اس پر معطوف اور اسی طرح اکلھم اور یہ سب مصادر فاعل کی طرف مضاف ہیں الراسخون مبتدا فی العلم اس سے متعلق منھم الراسخون سے حال والمؤمنون معطوف ہے الراسخون پر اور خبر اس کی یؤمنون ہے وقیل سنؤتیھم۔ والمقیمین منصوب علے المدح ہے ای اعنی المقیمین وقیل انہ معطوف علی ما وفیہ قیل والموتون معطوف علیہ المؤمنون معطوف پھر یہ

ہر منکر غیب کی باتوں کی تصدیق خواہ مخواہ کرتا ہے اس میں حضرت مسیحؑ کی کیا خصوصیت اور کیا فوقیت ثابت ہوئی۔

دوسرا قول یہ ہے کہ ضمیر موتہٖ کی حضرت مسیح علیہ السلام کی طرف پھرتی ہے جس کے یہ معنے ہوئے کہ حضرت مسیحؑ کی موت سے پہلے ان پر ہر اہل کتاب ایمان لائے گا اور اس میں اشارہ ہے کہ یہود جو سمجھتے ہیں کہ ہم نے ان کو مار ڈالا وہ جھوٹے مسیح تھے سو یہ ان کا قول غلط ہے وہ ہمارے پاس زندہ ہیں ان کے مرنے سے پہلے جب کہ وہ آسمان سے اتریں گے یہ منکر ایمان لائیں گے اور یہ حق ہے کہ حضرت مسیحؑ جب قیامت کے قریب نازل ہوں گے اور امام مہدی بھی ہوں گے سو اس وقت سوا دین حق کے اور کوئی دین دنیا پر غالب نہ ہوگا اس وقت یہود بھی اس جلال و شوکت کو دیکھ کر ایمان لے آئیں گے اور یہ معنے اس حدیث سے ثابت ہیں کہ جس کو بخاریؒ و مسلمؒ نے ابو ہریرہؓ سے نقل کیا ہے کہ قیامت کے قریب عیسیٰ ابن مریمؑ نازل ہوں گے صلیب[۲] توڑ ڈالیں گے خنزیر کو قتل کریں گے جزیہ موقوف کریں گے الخ پھر ابو ہریرہؓ نے اس کے ثبوت میں اسی آیت کو پڑھا۔

فَبِظُلْمٍ مِّنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ
پھر تو ہم نے یہودیوں کے ظلم کی وجہ سے کتنی ایک پاک چیزیں
طَيِّبٰتٍ اُحِلَّتْ لَهُمْ وَبِصَدِّهِمْ عَنْ
جو ان کو حلال تھیں حرام کر دیں اور اس سے بھی کہ وہ اللہ تعالیٰ کی
سَبِيْلِ اللّٰهِ كَثِيْرًا ﴿۱۶۰﴾ وَّاَخْذِهِمُ
راہ سے بہت کچھ روکتے تھے۔ اور ان کی سود

[۱] یہ دلیل ہے کہ حضرت مسیحؑ زندہ ہیں اور قرب قیامت جلال و شوکت سے تشریف لائیں گے اور ان کے آنے کا انکار کیا جائے اور موت ثابت کی جائے تو اس تقدیر پر آیت کی تکذیب لازم آتی ہے کس لئے کہ اہل کتاب میں سے یہودی ایک بھی حضرت مسیحؑ پر ایمان نہیں لاتے چہ جائیکہ ان کی زندگی میں جو تمام ہو چکی ۱۲ منہ

[۲] صلیب توڑنے اور خنزیر قتل کرنے سے یہ غرض ہے کہ دین نصرانی جس میں صلیب پوجی جاتی ہے چنانچہ رومن کیتھلک اب تک پوجتے ہیں اور سور کھایا جاتا ہے اس کو مٹا دیں گے اور دین الٰہی جو اسلام ہے اس کو قائم کریں گے اور جزیہ موقوف کرنے سے مراد یہ ہے کہ اس وقت دین حق ہر ایک کو قبول کرنا پڑے گا ۱۲ منہ

Marfat.com

الراسخون پر معطوف ہیں۔

تفسیر

یہود کے اوصافِ ذمیمہ کے بعد جو کچھ اُن پر سزائیں نازل ہوئیں ان کا ذکر کیا جاتا ہے۔ منجملہ اور سزاؤں کے ایک یہ بھی تھی کہ ان پر شریعت کا سخت گراں بوجھ ڈالا گیا بہت سی حلال چیزیں حرام کی گئیں جیسا کہ دوسری آیت میں اس کی تفصیل ہے۔ وعلی الذین ہادوا حرمنا کل ذی ظفر ومن البقر والغنم حرمنا علیہم شحومہما الا ما حملت ظہورہما او الحوایا او ما اختلط بعظم ذلک جزینہم ببغیہم وانا لصادقون۔ اور علت اس حرام کرنے کی اُنکی سرکشی اور ظلم اور اللہ تعالےٰ کے رستے سے رُکنا اور سُود کھانا باوجودیکہ اس سے ممانعت کی گئی تھی اور لوگوں کے ناحق مال کھانا ہے۔

واضح ہو کہ گناہ دو قسم کے ہیں ایک خلق اللہ پر ظلم کرنا دوسرے دینِ حق سے سرکشی کرنا۔ اوّل کی طرف فبظلم میں اشارہ ہے دوسرے کی طرف وبصدہم عن سبیل اللہ کثیرا میں۔ ظلم اور خونریزی یہود میں بہت کچھ تھی آج یہود کے قبیلے نے بنیامین کے قبیلہ پر چڑھائی کرکے ہزاروں کو تہ تیغ کر دیا کل دوسرے قبیلے نے اور کو ایسا ہی برباد کر دیا اور بیگانوں اور غیر قوموں کی تو اُن کے نزدیک جان اور مال مباح تھے۔

حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں بنی نضیر وبنی قریظہ جو یہود کے دو قبیلہ مدینہ طیبہ کے پاس رہتے تھے نہایت سفاکی کرتے تھے۔ اور دینِ حق سے سرکشی کا کچھ ٹھکانا ہی نہ تھا۔ خود حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عہد میں چالیس برس بیابانوں میں ہر روز معجزات وکرامات دیکھنے پر بھی کہیں بچھڑے کو پوجا، کہیں توراۃ کے احکام سے بلکہ خود موسیٰ علیہ السلام کے حکم سے سرتابی کی اور پھر ان کے بعد سے لے کر حضرت مسیح تک جو کچھ دینِ حق سے سرکشی کی کہ جس کی وجہ سے کُتبِ مقدسہ بھی ہاتھ سے جاتے رہے اور اخیر حضرت مسیح کو گرفتار کیا اور بزعم خود سولی پر چڑھایا، بیان سے باہر ہے۔ اور یہی حال آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے عہد تک اس قوم کا تھا۔ اُن پر وہ صاف صاف الزام قائم کئے جاتے ہیں جو اُن کے ظلم اور لوگوں کو گمراہ کرنے کے لئے کامل ثبوت ہے۔ اوّل یہ کہ اُن کے عوام (باوجودیکہ توراۃ میں سود کی سخت ممانعت تھی اور اب بھی پائی جاتی ہے) کھُلم کھُلا سود لیتے تھے اور اسی کو اپنی مرفہ الحالی کا باعث خیال کرتے تھے۔ مدینہ کے یہود سُود پر اس طرح سے لین دین کرتے تھے جیسا کہ آج کل سُود خور مہاجن کیا کرتے ہیں اس کی طرف واکلہم الربوا میں اشارہ ہے۔ دوم ان کے علماء وحکّام جو خاص لوگ تھے ان میں یہ بلا تھی کہ وہ رشوت لیتے تھے جس کی طرف واکلہم اموال الناس بالباطل میں اشارہ ہے۔ یہ دنیا کی سزا تھی جو ان جرائم کی پاداش میں اُن پر بہت سی حلال چیزیں حرام کردی گئیں دوسری آخرت کی سزا جس کی طرف واعتدنا للکافرین منہم عذابا الیما میں اشارہ ہے چونکہ کوئی قوم بُری سی بُری کیوں نہ ہو اس میں چند لوگ اچھے بھی ہوتے ہیں یہود میں بھی کچھ لوگ اچھے تھے اُن کی نسبت فرماتا ہے لکن الراسخون فی العلم منہم والمؤمنون۔ کہ جو لوگ اُن میں سے بڑے عالم اور علم میں ثابت قدم ہیں جن کو ان بشارات پر بھی نظر ہے کہ جو حضرت محمد علیہ السلام کی نسبت انبیائے سابقین نے بیان فرمائے ہیں وہ لوگ یؤمنون بما انزل الیک وما انزل من قبلک کہ جو کچھ اے نبیؐ تم پر نازل ہوا اور جو تم سے پہلے نازل ہوا سب پر ایمان رکھتے ہیں (یہ تکمیلِ قوتِ نظریہ کی طرف اشارہ ہے) اور اس کے ساتھ والمقیمین الصلوٰۃ والمؤتون الزکوٰۃ، وہ بدنی اور مالی عبادت نماز اور زکوٰۃ بھی بجالاتے ہیں (یہ قوتِ عملیہ کی تکمیل کی طرف اشارہ ہے) نماز آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے یہود میں بھی تھی نہ اس طور سے جیسا کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے لئے حکم ہوا،

Marfat.com

بلکہ صرف رکوع وقیام یا صرف سجود ودعاء اوقاتِ مخصوصہ میں تھی۔ اور نظریات میں جو کچھ مبدأ ومعاد پر ایمان لانا سب سے مقدم بات ہے گو وہ اجمالاً ما انزل الیک میں آ گئے تھے لیکن پھر تصریح کر دی تاکہ اس طرف اشارہ ہو کہ بعد مُردن انسان کے عمدہ علوم خصوصاً ذاتِ باری اور عالم آخرت کے متعلق اس کے ساتھ باقی رہتے ہیں اس لئے یہ بھی کہدیا والمؤمنون باللہ مبدءِ عالم پر اور والیوم الآخر معاد یعنی عالم آخرت پر ان کا یقین کامل ہے۔ اس کے بعد اُن کی جزاء ذکر فرماتا ہے اولٰئک سنؤتیہم اجرًا عظیمًا کہ ہم ان کو عنقریب اجرِ عظیم عطا کریں گے۔ حرمنا علیہم طیبٰت احلت لہم اس کے متعلق دو بحث ہیں۔ اوّل یہ کہ وہ کونسی پاک چیزیں ان پر حرام کی گئیں تھیں دوسرے یہ کہ کیوں پاک چیزیں خدا تعالےٰ نے بندوں پر حرام کیں حالانکہ مضرّ اور ناپاک چیزوں کو حرام کرنا چاہیئے تھا جیسا کہ خود فرماتا ہے یحل لہم الطیبٰت و یحرم علیہم الخبائث اور پھر یہ کس زمانہ میں ہوا۔

اوّل بات کی نسبت یہ تحقیق ہے کہ یہود پر اونٹ اور خرگوش حرام کیا گیا (۴) جو چار پائے جگالی کرتے ہیں یا کُھر اُن کے چرے ہوتے ہوتے ہیں اُن کو نہ کھاؤ۔ توراۃ سفر احبار باب ۱۱ اسی طرح چربی کی بھی ممانعت تھی جس کی تشریح اب تک یہود کی کتابوں میں موجود ہے۔ کل ذی ظفر سے کُھر چرے جانور مراد ہیں اور بھی چیزیں ممنوع تھیں جن کا ذکر ہم آگے کریں گے سو یہ پاک چیزیں اُن پر حرام کی گئیں۔ اور ان کو خدا تعالےٰ نے اس لئے ان پر حرام کیا کہ ان کے نفسِ سرکش کو ان چیزوں سے باوجود رغبت کے روکا جاوے تاکہ نفس کی تیزی ٹوٹے۔ اس کا نمونہ تھوڑا بہت اور شریعتوں میں بھی ہے اسلام نے بھی ایک اعتدال کے ساتھ نفس کی تیزی توڑنے کے لئے روزہ وغیرہ احکام صادر کئے ہیں ان چیزوں کو حضرت موسیٰ علیہ السلام کی معرفت حرام کیا اور اس کا اثر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ تک یہود پر داغِ ملامت کی طرح باقی تھا جس پر قرآن میں ان کو متنبہ کیا جاتا ہے۔

إِنَّآ أَوْحَيْنَآ إِلَيْكَ كَمَآ أَوْحَيْنَآ إِلَىٰ

ہم نے آپ کی طرف (بھی) اسی طرح وحی بھیجی ہے جیسا کہ نوحؑ کی طرف

نُوحٍ وَّالنَّبِيّٖنَ مِنۢ بَعْدِهٖ ۚ وَأَوْحَيْنَآ

اور اس کے بعد کے انبیاءؑ پر (بھیجی تھی)۔ اور ہم نے

إِلَىٰٓ إِبْرٰهِيمَ وَإِسْمٰعِيلَ وَإِسْحٰقَ وَ

ابراہیمؑ اور اسمٰعیلؑ اور اسحٰقؑ اور

يَعْقُوبَ وَالْأَسْبَاطِ وَعِيسٰى وَأَيُّوبَ

یعقوبؑ اور اس کی اولاد اور عیسیٰؑ اور ایوبؑ

وَيُونُسَ وَهٰرُونَ وَسُلَيْمٰنَ ۚ وَ

اور یونسؑ اور ہارونؑ اور سلیمانؑ کی طرف بھی وحی بھیجی تھی۔ اور

اٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُورًا ﴿۱۶۳﴾ وَرُسُلًا قَدْ

ہم نے داؤدؑ کو زبور دی تھی اور بہت سے رسولوں کا

قَصَصْنٰهُمْ عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ وَرُسُلًا

حال ہم تم سے پہلے بیان کر چکے ہیں اور بہت سے رسول ہیں کہ جن کا

لَّمْ نَقْصُصْهُمْ عَلَيْكَ ۭ وَكَلَّمَ اللّٰهُ

ذکر ابھی تک ہم نے تم سے بیان نہیں کیا، اور اللہ تعالیٰ نے موسیٰؑ سے تو

مُوسٰى تَكْلِيمًا ﴿۱۶۴﴾ رُسُلًا مُّبَشِّرِيْنَ وَ

باتیں بھی کی ہیں)۔ ہم نے رسولوں کو خوش خبری اور

مُنْذِرِيْنَ لِئَلَّا يَكُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَى

ڈر سنانے کو بھیجا تھا تاکہ رسولوں کے بعد لوگوں کے لئے کوئی

اللّٰهِ حُجَّةٌ ۢ بَعْدَ الرُّسُلِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ

بھی حجت اللہ تعالےٰ پر باقی نہ رہے۔ اور اللہ تعالےٰ

عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿۱۶۵﴾

زبردست حکمت والا ہے۔

ترکیب

کما اوحینا نعت ہے مصدر محذوف کی ما مصدریہ اور ممکن ہے کہ ما بمعنے الذی ہو کر مفعول بہ ہو تقدیرہ

Marfat.com

اوحینا ایک مثل الذی اوحینا الی نوح ممن بعدہ متعلق اوحینا کے اور ممکن ہے کہ النبیین سے متعلق ہو رسلاً منصوب فعل محذوف سے جس پر قصصنا دال ہے رسلاً بدل ہے اول رسلاً سے حجۃ اسم یکون۔ للناس خبر علی اللہ حال ہے حجۃ سے ممکن ہے کہ خبر علی اللہ ہو بعد الرسل ظرف ہو حجۃ کا اور ممکن ہے کہ اس کی صفت ہو۔

تفسیر

اہل کتاب خصوصًا یہود آنحضرت علیہ السلام کی نبوّت سے انکار کرتے تھے اصل منشاء تو اس کا یہ تھا کہ غیر قوم کے شخص کو تسلیم کرنے سے ناانصاف لوگوں کی طبائع گریز کیا کرتی ہیں۔ اور اپنے مذہب کا ترک کرنا (خواہ اس میں کیسی ہی خرابیاں پیدا ہوں حتےٰ کہ بُت پرستی کا مذہب ہی کیوں نہ ہو اور مصلح کا اتباع کرنا رسم اور الفت مذہب اور مخالفت قوم کی وجہ سے) سخت گراں معلوم ہوتا ہے۔ اور چونکہ مدّت سے اُن میں کوئی نبی بھی نہیں آیا تھا اور ان کے انبیاءؑ کے معجزات وکرامات ان میں مشہور تھے اور کچھ عجب نہیں کہ سیکڑوں بے اصل قصّے بھی اُن کی نسبت کرامت و اعجاز کی بابت مشہور ہوں۔ خصوصًا عیسائیوں میں بھی تخمیناً چھ سو برس سے مسیح علیہ السلام اور حواریوں کے بہت کچھ افسانے زبان زد تھے جیسا کہ ہر قوم میں مبالغہ کے ساتھ باتیں مشہور ہوا کرتی ہیں۔ اس سبب سے نبی یا رسول کے معنے اُن کے ذہن میں کچھ عجائب غرائب آدمی کے جم گئے ہوں گے کہ اس کے اُوپر لکھی لکھائی آسمان سے کتاب نازل ہوتی ہے اور فرشتے اُس کے پاس رات دن لوگوں کے رُوبرو آیا جایا کرتے ہیں اور جو معجزے لوگ اس سے طلب کرتے ہیں تو اُسی وقت دِکھا دیتا ہے۔ اس کو بیوی بچّوں سے کچھ تعلّق نہیں ہوتا۔ تمام خدائی کے اختیارات اُس کے قبضۂ قدرت میں ہوتے ہیں۔ جیسا کہ عرب کے جاہل سمجھتے تھے کہ نبیؐ کو کھانے پینے، بازاروں میں پھرنے سے کیا علاقہ؟ چونکہ یہ باتیں اُن کی تراشیدہ تھیں ان کا نبی میں پایا جانا کوئی شرط نہیں بلکہ نبی میں دو باتیں ہونی چاہئیں۔ ایک وحی کا آنا دوسرے معجزات حسب مرضیٔ الٰہی۔ اور چونکہ اہل کتاب حضرت نوحؑ اور اُن کے بعد حضرت ابراہیمؑ و اسحٰقؑ و یعقوبؑ اور اُن کی اولاد اور عیسٰیؑ اور ایوبؑ اور یونسؑ و ہارونؑ و سلیمانؑ و داؤدؑ کو مانتے اور نبی جانتے تھے ان پر برہان الزامی قائم کرتا ہے کہ جب تم ان کو نبی جانتے ہو اب بتلاؤ ان کے ثبوت پر تمہارے پاس کیا دلیل ہے بجز ان دو باتوں کے ان کے پاس اور کیا بات تھی جو محمد علیہ السلام کے پاس نہیں اس میں تو یہ اور وہ سب شریک ہیں اس کی طرف انا اوحینا الیک کما اوحینا الی نوح الآیہ میں اشارہ فرمایا ہے۔ لہٰذا معجزات سوان کا تو وہ وقتاً فوقتاً مشاہدہ ہی کرتے تھے کما اوحینا میں جو تشبیہ ہے وہ کیفیت نزول وحی میں بھی ہے کہ جس طرح اُن کے پاس ناموس اکبر (یعنی جبرئیلؑ) وحی لاتا تھا اسی طرح آنحضرت علیہ السلام کی طرف اُنفس وحی کی ہدایت افزا مضامین بھی ہیں۔ اور سب انبیاءؑ کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مقابلہ میں رکھ کر شریک وحی بتانا اس بات کی طرف بھی اشارہ کرتا ہے کہ اصل و بالذّات انبیاءؑ کے بھیجنے سے مقصود دخلق کی ہدایت ہوتی ہے اور معجزات تو صرف نبیؐ کی تصدیق کے لئے منکروں کے مقابلہ میں ہوتے ہیں اب دیکھو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے خلق اللہ نے کس قدر ہدایت پائی۔ عرب کی کیا حالت تھی، خراب چال چلن تھے، بُت پرستی اور توہمات کی پرستش، خونریزی، زنا جہالت کس درجہ تھی۔ پھر چند برس میں کایا پلٹ گئی۔ برخلاف اور انبیائے مذکورین کے کہ اُن سے تو اس قدر بنی اسرائیل کی بھی اصلاح نہیں ہوئی۔ اب اُن کو نبی کہنا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا بلا وجہ وجیہ انکار کرنا اگر وہی رسم کی پابندی نہیں تو اور کیا ہے؟۔

Marfat.com

فائدہ

(۱) الیٰ نوح کے بعد والنبیین من بعدہ میں اجمالاً سب نبیوں کا ذکر آگیا مگر ان میں سے بارہ نامور شخصوں کا ذکر کرنا کہ جو اہلِ کتاب اور عرب کے نزدیک مسلّم تھے نہایت مؤثر تھا اس لئے اُن کا ذکر کیا۔ حضرت اسمٰعیلؑ تو عرب کے نزدیک بعد ابراہیمؑ و نوحؑ کے مسلّم النبوۃ تھے اور ان کے سوا گیارہ شخصوں کو اہلِ کتاب بھی مانتے تھے مگر یہود حضرت عیسیٰؑ کو نہیں مانتے عیسائی سب کو مانتے ہیں اس لئے مِلا کر ذکر کیا۔

(۲) اسباط سبط کی جمع ہے بمعنی اولاد جس طرح عرب میں قبیلہ کا اطلاق خاندان کی شاخ پر ہوتا ہے بنی اسرائیل میں اس کی جگہ لفظ سبط بولا جاتا تھا اس سے ان کے خاندان کے انبیاءؑ مراد ہیں جن کو بمنزلۂ شخصِ واحد شمار کیا گیا ہے وحی زجاج کہتا ہے ایحاء اعلام علےٰ سبیلِ خفاء کو کہتے ہیں اس کی تحقیق مقدمہ میں ہو چکی۔ زبور بروزنِ فعول بمعنے مفعول اعنی کتاب جیسا کہ رسول و رکوب و حلوب۔ اور اس کی اصل زبرتُ بمعنی کتبتُ سے ہے۔ حضرت داؤد علیہ السلام کو بھی خدا تعالےٰ نے ایک کتاب دی تھی جس کا نام زبور تھا۔ اس میں مناجات اور دُعاء اور فروتنی اور احکامِ الٰہی اور شریعت پر پابندی کی ترغیب اور عمدہ عمدہ نصائح تھے۔ اس نام کی ایک کتاب اب بھی اہلِ کتاب کے پاس ہے جس کے ہر باب کو بلفظ زبور تعبیر کیا ہے اس میں خود انھیں کے علماء کا سخت اختلاف ہے کہ یہ کس کی تصنیف ہے؟ چونکہ بہ نسبت اور انبیاءؑ کے اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰؑ سے کلام زیادہ کیا تھا اِس لئے ان کا جداگانہ ذکر کیا۔

(۳) رُسُلاً قد قصصنٰھم علیک، اِس میں اس طرف اشارہ ہے کہ یہود اس بات پر غرّہ نہ کریں کہ ہمارے ہی خاندان میں خدا تعالےٰ نے انبیاءؑ بھیجے ہیں اور انھیں کے گھرانہ پر خدا تعالےٰ کی ہمیشہ نظرِ رحمت ہی رہی ہے جس لئے وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت سے انحراف کرتے ہیں بلکہ وان من امۃ الا خلا فیھا نذیر کہ کوئی ایسا گروہ نہیں اور کوئی ایسی قوم نہیں کہ جس میں کوئی نہ کوئی خدا تعالےٰ کی طرف سے ڈر سنانے والا نہ آیا ہو اس لئے یہاں بھی فرما دیا کہ چند رسولوں کا حال تو ہم نے اے نبیؐ تم سے بیان کیا اور بہت سے ایسے رسولؐ بھی ہیں جن کا حال تم سے بیان نہیں کیا اس سے مقصد یہ ہے کہ اس بات پر غور کرنا چاہیے کہ آخر ان تمام انبیاء علیہم السلام کا کیا کام تھا؟ اور کس لئے وہ بھیجے گئے تھے؟ پھر آپ ہی فرماتا ہے رُسُلاً مبشرین و منذرین کہ ان کو ہم نے نجات اور عالمِ آخرت کی خوشی سُنانے اور نافرمانی اور شرک و بدکاری کے بُرے نتیجہ سے ڈرانے کے لئے بھیجا تھا سو اب اے منکرو! تم اس علامت کو اس اخیر نبی محمد علیہ السلام میں دیکھو پائی جاتی ہے کہ نہیں؟ جب یہ بات سب سے بڑھ کر پائی جاتی ہے اور اُن کی تعلیم سب میں اعلیٰ درجہ کی ہے تو پھر نبی نہ ماننے کی کیا وجہ ہے؟ اور جن کو تم نبی مانتے ہو پھر اُن کے ثبوت کی کیا وجہ؟ جو دلائل تم اُن کے لئے قائم کرو گے سو وہ سب بدرجۂ کمال ان میں پائے جاتے ہیں۔ سبحان اللہ! آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی نبوّت پر کیا ہی عمدہ دلیل قائم کی ہے سب کے بعد اس سلسلۂ انبیاءؑ کے قائم کرنے کی وجہ بیان فرماتا ہے:۔ لئلا یکون للناس علی اللہ حجۃ بعد الرسل کہ قیامت کو رسولوں کے بعد پھر اس کے لئے کوئی حجت باقی نہ رہے کہ الٰہی تنہا عقل امورِ آخرت اور افعالِ حسنہ اور غیر حسنہ اور تیری رضامندی اور نارضامندی کے دریافت کرنے میں قاصر تھی، تُو نے رسول کیوں نہیں بھیجے۔ مطلق نبوت کے ثبوت کے لئے براہمہ اور آریوں کے مقابلہ میں کیا خوب دلیل ہے۔

لٰکِنِ اللّٰہُ یَشْھَدُ بِمَآ اَنْزَلَ اِلَیْکَ اَنْزَلَہٗ
(یہ معاند گو گواہی نہ دیں) لیکن اللہ تعالےٰ تو اپنے علم سے اس چیز پر کہ جو تم
بِعِلْمِہٖ ۚ وَالْمَلٰٓئِکَۃُ یَشْھَدُوْنَ ؕ وَکَفٰی
نازل کی ہے گواہی دیتا ہے اور فرشتے بھی شہادت دیتے ہیں۔ اور اللہ تعالےٰ کی

آنحضرتؐ کی نبوت کا ثبوت

Marfat.com

بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ﴿۱۶۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

گواہی بس ہے۔ بیشک جن لوگوں نے کہ انکار کیا

وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ قَدْ ضَلُّوْا

اور اللہ تعالےٰ کی راہ سے روکا وہ تو بڑی ہی گمراہی میں

ضَلٰلًا بَعِيْدًا ﴿۱۶۷﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

جا پڑے ہیں۔ بیشک جو کافر ہو گئے

وَظَلَمُوْا لَمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَ

اور انھوں نے ظلم (بھی) کیا ان کو اللہ تعالیٰ نہ بخشے گا اور

لَا لِيَهْدِيَهُمْ طَرِيْقًا ﴿۱۶۸﴾ اِلَّا طَرِيْقَ

نہ ان کو رستہ بتائے گا، مگر جہنم کا رستہ کہ جس میں

جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا اَبَدًا ؕ وَكَانَ

وہ ہمیشہ رہا کریں گے (بتائے گا)۔ اور یہ

ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ﴿۱۶۹﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ

(بات) خدا تعالےٰ پر (بہت) آسان ہے۔ لوگو! تمھارے پاس

قَدْ جَآءَكُمُ الرَّسُوْلُ بِالْحَقِّ مِنْ رَّبِّكُمْ

تمھارے رب کی طرف سے رسول برحق آ چکا ہے، سو تم ایمان

فَاٰمِنُوْا خَيْرًا لَّكُمْ ؕ وَاِنْ تَكْفُرُوْا

لاؤ (اگر) اپنی بہتری چاہو۔ اور اگر تم انکار کرو گے (تو) کیا

فَاِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

پروا ہی) اللہ تعالےٰ ہی کا ہے جو کچھ کہ آسمانوں اور زمین میں ہے۔

وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۱۷۰﴾

اور اللہ تعالےٰ خبردار حکمت والا ہے۔

ترکیب

اللہ مبتدا یشہد خبر بما اس سے متعلق والملئکۃ یشہدون جملہ کا عطف اول جملہ پر ہے کفٰی باللہ فعل با فاعل ب زائد بعلمہ حال ہے فاعل یشہد سے ای متلبسا بعلمہ الاطریق استثناء متصل ہے خٰلدین حال مقدرہ ہے خیرا لکم مفعول ہے فعل محذوف کا اے اقصدوا خیرًا۔

تفسیر

جب کہ یہ فرمایا تھا انّا اوحینا الیک تو اس پر بھی منکرین شبہ کرتے تھے اس کے جواب میں فرماتا ہے کہ اگر یہ یہود تمھاری نبوت کی شہادت نہیں دیتے تو نہ دیں یہ چند نفسانیت کے بھرے ہوئے جاہل پشتینی سرکش کیا چیز ہیں؟ خود خدا تعالےٰ اس چیز کی کہ جو تم پر نازل کی گئی ہے اور اس کے فرشتے گواہی دے رہے ہیں اور اسی کی گواہی بس ہے۔ انزلہ بعلمہ جب کہ خدا تعالےٰ نے اپنے نازل کئے پر شہادت دینا فرمایا تو اس کے بعد اس کی صفت بھی بیان کی گئی ہم نے اس قرآن کو کمال خوبی سے نازل کیا ہے، اپنے علم سے نازل کیا ہے کچھ یوں ہی بے سوچے سمجھے نازل نہیں کر دیا ہے جیسا کہ کہا کرتے ہیں کتبت بالقلم وقطعت بالسکین، میں نے اس کو قلم سے لکھا ہے نہ کسی اوزار سے اور چھری سے کاٹا ہے۔ اس کے بعد تمام حجت ختم کر کے ان ازلی گمراہوں اور جہنم کے اندھوں کا وصف بیان کرتا ہے کہ جو لوگ خود کافر ہو گئے محمد صلے اللہ علیہ وسلم اور قرآن مجید کا جو ہدایت کی دو آنکھیں ہیں انکار کر بیٹھے اور اس پر مزید یہ کہ شبہات وشکوک لوگوں کے دلوں میں ڈال کر اوروں کو بھی گمراہ کر دیا جیسا کہ یہود کہتے تھے کہ ایک بار کیوں قرآن نازل نہیں ہوا اور موسیٰ کی شریعت کبھی منسوخ نہ ہوگی اور ہمارے خاندان کے سوا غیر کو استحقاق نبوت نہیں وغیرہ وغیرہ۔ (اور اسی طرح آج کل کے پادری بھی طرح طرح کے شبہات ڈالتے ہیں) ایسے لوگ گمراہی کے اخیر درجہ پر پہنچ گئے ہیں قد ضلوا ضلالا بعیدًا۔ پھر ان کی نسبت فرماتا ہے کہ ان کافروں اور ظالموں کو خدا تعالےٰ معاف نہیں کرے گا کیونکہ یہ ازلی گمراہ ہیں اور اس لئے ان کو سوائے جہنم کے رستہ کے اور کوئی رستہ ہدایت کا نہیں دکھائیگا ان کو جب سوجھے گی تو اوندھی بات سوجھے گی۔ اور یہی جہنم کا رستہ ہے۔

Marfat.com

یہود کے شکوک وشبہات کا جواب دے کر تمام بنی آدم کو اعلان کرتا ہے کہ تمہارے رب کی طرف سے تمہارے پاس اُس کا پیغامبر حق بات قرآن وتوحید واحکام فطرت لے کر آیا ہے سو تم ایمان لاؤ اس میں تمہاری بہتری ہے اور اگر تم انکار کروگے تو ہم کو کچھ پروا نہیں کس لئے کہ آسمان وزمین کی بادشاہت ہمارے لئے ہے۔ آسمانوں میں لاکھوں قدوسی ہماری عبادت وتسبیح وتقدیس کر رہے ہیں۔ اللہ تعالےٰ عالم وحکیم ہے۔ شریعت اور الہام میں جو کچھ خوبیاں تمہارے لئے رکھی گئیں اُن کو وہی خوب جانتا ہے۔

* * * * * *

يَا أَهْلَ الْكِتَابِ لَا تَغْلُوا فِي دِينِكُمْ

اہل کتاب! اپنے دین میں حد سے نہ گزرو

وَلَا تَقُولُوا عَلَى اللَّهِ إِلَّا الْحَقَّ ۚ

اور نہ اللہ تعالےٰ کی نسبت کوئی بات بجز حق کے کہو۔

إِنَّمَا الْمَسِيحُ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ رَسُولُ

مسیح تو صرف عیسیٰ مریم کے بیٹے اور اللہ تعالےٰ کے رسول

اللَّهِ وَكَلِمَتُهُ ۚ أَلْقَاهَا إِلَىٰ مَرْيَمَ وَ

اور اُس کا کلمہ ہیں۔ جس کو مریم کی طرف ڈالا تھا اور

رُوحٌ مِّنْهُ ۖ فَآمِنُوا بِاللَّهِ وَرُسُلِهِ ۖ

اس کی طرف کی روح ہے۔ سو تم اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسولوں پر ایمان لاؤ،

وَلَا تَقُولُوا ثَلَاثَةٌ ۚ انتَهُوا خَيْرًا

اور تین نہ کہو۔ باز آؤ اپنی بہتری

لَّكُمْ ۚ إِنَّمَا اللَّهُ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ ۖ سُبْحَانَهُ

چاہو۔ معبود تو صرف ایک اللہ تعالیٰ ہی ہے۔ وہ (اس بات سے)

أَن يَكُونَ لَهُ وَلَدٌ ۘ لَّهُ مَا فِي

پاک ہے کہ اس کے کوئی اولاد ہو (اس کو اس کی کیا ضرورت ہے) جو کچھ

السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۗ وَكَفَىٰ

کہ آسمانوں میں ہے اور زمین میں سب اسی کا ہے۔ اور اللہ تعالےٰ کافی

بِاللَّهِ وَكِيلًا ﴿١٧١﴾

ہے کام بنانے والا۔

وقف لازم ۲۳ ع ۹ ۳

ترکیب

الا الحق یہ مفعول ہے تقولوا کا ای ولا تقولوا الا القول الحق المسیح مبتدا عیسیٰ بدل یا عطف بیان رسول اللہ خبر وکلمۃ اس پر معطوف القٰہا الی مریم کلمۃ سے حال اور عامل بمعنے کلمۃ وروح منہ معطوف ہے خبر پر یہ تین خبریں ہیں ثلثۃ خبر ہے مبتدا محذوف کی ای لا تقولوا الٰہنا ثلثۃ۔ انما اللہ مبتدا الٰہ واحد خبر۔

تفسیر

جب کہ یہود کے متعلق کلام ہوچکا تو اب نصاریٰ کی طرف التفات کیا جاتا ہے کیونکہ جس قدر یہود کو حضرت مسیحؑ کی نسبت تفریط تھی اُسی قدر عیسائیوں کو اُن کی نسبت افراط تھی اُن کو خدا تعالےٰ اور خدا کا بیٹا کہتے تھے۔

فرماتا ہے کہ اے اہل کتاب! اپنے دین میں غلو اور تعصب نہ کرو سب سے اول یہ ایک ایسی بات فرمائی کہ جس کے تسلیم کرنے میں کسی کو بھی تردّد نہیں ہوسکتا کس لئے کہ غلو اور تعصب عقلاً ممنوع ہے۔ یہ تمہید تھی اور بلاغت کا بھی مقتضیٰ وکمال بھی ہے اور اسی کو حسن الاستدلال کہتے ہیں کہ اوّلاً ایک ایسا مقدمہ پیش کیا جائے کہ جس کا مخاطب انکار نہ کرسکے پھر اُسی مسلّمہ مقدّمہ سے اس کو قائل کر دیا جائے۔ اس کے بعد دوسرا جملہ کی تائید میں بطورِ تمہید کے ارشاد ہوتا ہے کہ ولا تقولوا علی اللہ الا الحق۔ کہ اللہ تعالےٰ کی ذات وصفات کی بابت حق بات کے سوا اور کوئی بات نہ کہا کرو کس لئے کہ خدا تعالےٰ اور اُس کے صفات غیر محسوس ہیں وہاں وہم وخیال کو رسائی نہیں، اس کا مخلوق پر قیاس کرنا غلط قیاس ہے۔ اس کے بعد اصل مقصد میں کلام شروع ہوتا ہے اور اُن کو ان عقائد فاسدہ سے روکا جاتا ہے جو وہم وخیال پر بنے تھے جس لئے ان میں غلو بھی تھا اور حق کے یہی خلاف بھی تھا۔ اس جملہ میں

Marfat.com

یہود و نصاریٰ دونوں کی طرف رُوئے سخن ہے ان کو خدا تعالےٰ کی قدرتِ کاملہ کا کرشمہ نہ سمجھنا اور عادت کے خلاف توالد سے حرامی سمجھ لینا بھی خلافِ حق اور غلو ہے اور اسی بات سے اُن کو خدا تعالےٰ کا بیٹا سمجھ لینا بھی خلافِ حق اور غلو ہے بلکہ انما المسیح عیسی ابن مریم الخ مسیح جس کو عیسیٰ کہتے ہیں وہ مریم کے بیٹے ہیں نہ کہ خدا تعالےٰ کے اور اس کے رسول ہیں اور نہ خدا تعالےٰ نہ اُس کے فرزند نہ حرامی اور اس کا کلمہ بھی ہیں جس کو مریم کی طرف بھیجا تھا اور اسی کی طرف کی رُوح بھی ہیں۔ اس جگہ حضرت مسیحؑ کے چند وصف بیان فرمائے۔ پہلا وصف یہ کہ وہ ابنِ مریم ہیں یہ بات چونکہ سب کے نزدیک مسلّم تھی مگر باپ کا نام نہ بیان کیا کس لئے کہ یہ امر متنازع فیہ تھا یہود ان کو معاذ اللہ حرامی کہتے تھے عیسائی ان کو خدا اور خدا کا بیٹا کہتے تھے اور یہ عقیدہ حواریوں کے بعد عیسائیوں میں غالباً پولوس کے اشارات سے پیدا ہوا تھا۔ دوسری صدی عیسوی میں اکثر کلیسائیوں میں یہ عقیدہ ذہن نشین ہوگیا تھا اور ان میں ہزاروں سچے دیندار جو قدیم طریق حواریوں کے پابند تھے اس کو نہ مانتے تھے چنانچہ آریوس وغیرہ محققین نے اسکندریہ میں اس عقیدہ کا بڑے زور سے بطلان کیا اور اس کے بعد بھی یونی ٹیرین وغیرہ فریق منکر ہیں مگر زیادہ تر گروہ پولوس کے مُریدوں کا پھیل گیا جن کا یہ عقیدہ تھا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد میں کلیسائی عرب کا بھی یہی عقیدہ تھا) قرآن مجید نے دونوں قوموں کو غلط ٹھہرایا اور امر حق کو ظاہر کر دیا کہ نہ وہ حرامی تھے نہ خدا تعالےٰ کے فرزند بلکہ وہ اس کے کلمہ اور اس کی طرف کی رُوح تھے جو محض کلمہ کُنْ کے کہنے سے پیدا ہوگئے تھے اور اس نے اپنی قدرتِ کاملہ سے ان کو مریمؑ کے پیٹ سے بے باپ کے پیدا کر دیا تھا۔[1] کلمۃ وروح منہ کے یہی معنے ہیں۔ دوسرا وصف رسول اللہ کہ وہ خدا تعالیٰ کے رسول ہیں۔ اس میں یہود کا بھی ردّ ہے کہ وہ ان کو خدا تعالےٰ کا رسول نہیں سمجھتے تھے بلکہ معاذ اللہ جھوٹا اور جادوگر کہتے تھے اور نصاریٰ کا بھی ردّ ہے کیونکہ وہ اُن کو خدا کہتے تھے کہ خدا تعالےٰ نے مریمؑ کے پیٹ میں حلول کیا ہے اور وہ انسانی صورت میں ظاہر ہوا ہے جس طرح کہ ہندو اوتاروں کی نسبت یہ عقیدہ رکھتے ہیں اور یہ ردّ اس لئے ہوا کہ رسول ہونا تو عیسائی بھی تسلیم کرتے ہیں اور تمام بشریت کی باتیں کھانا پینا، عبادت کرنا سب ان میں مانتے ہیں اور یہ بدیہی بات ہے کہ صفاتِ بشریہ خواہ عمدہ ہوں جیسا کہ رسالت و عبادت خواہ ادنیٰ ہوں جیسا کہ کھانا پینا اوصاف الوہیت کے برخلاف ہیں جیسا کہ غلامی من حیث غلامی اور خاوندی من حیث خاوندی دونوں وصف ضد ہیں جس طرح کہ آگ اور پانی کے اوصاف حرارت و بُرودت۔ اور یہ بھی بدیہی ہے کہ اوصافِ متضادہ ایک ذات میں جمع نہیں ہو سکتے جس سے لازم آیا کہ وہ خدا نہیں ہو سکتے کس لئے کہ انتفاءِ لازم سے انتفاءِ ملزوم ہو جایا کرتا ہے۔ تیسرا وصف کلمۃ کہ وہ خدا تعالےٰ کا کلمہ ہیں۔ انجیل یوحنا کے اوّل میں یوں ہے[2] ابتداء میں کلام تھا اور کلام خدا کے ساتھ تھا اور کلام خدا تھا۔

(۲) یہی ابتداء میں خدا کے ساتھ تھا[3] سب چیزیں اس سے موجود ہوئیں۔ اس کے معنے جس طرح عیسائی سمجھتے ہیں اس سے تو یہ کلام بے معنے ہو جاتا ہے کیونکہ وہ تھا کی ضمیر حضرت مسیحؑ کی طرف پھیرتے ہیں جس کے معنے کہ ابتداء میں مسیح کلام تھا

---

[1] نیچری کہتے ہیں کہ مسیحؑ کا بغیر باپ کے پیدا ہونا قرآن سے بھی ثابت نہیں میں کہتا ہوں عقلاً بھی ممکن ہے اور نقلاً بھی ثابت ہے۔ عقلاً تو یوں کہ آپ نے مٹی سے سیکڑوں جاندار پیدا ہوتے بارہا دیکھے ہوں گے پھر مریمؑ کے پیٹ میں ذی رُوح کے پیدا ہو جانے سے کیا محال لازم آسکتا ہے۔ اور نقلاً یوں کہ علاوہ

[2] انجیل متی کے قرآن مجید کی بھی متعدد آیات سے مطلب ثابت ہوتا ہے۔ از انجملہ یہی آیت ہے کیونکہ کلمۃ القاہا الخ مریم کے یہی معنے ہیں کہ خدا تعالےٰ نے اس کلمہ کو مریمؑ کی طرف ڈالا نہ کہ یوسف نجار یا کسی اور نے پھر اس سے زیادہ کیا صراحت ہو گی؟ دوم۔ روح منہ بھی (باقی بر صـ ۲۳۴)

ابطال تثلیث

Marfat.com

اور یہ ظاہر ہے کہ کلام خدا خدا نہیں ہو سکتا۔ مگر چونکہ قرآن مجید نے حضرت مسیحؑ کو کلمہ کہا اس کی تفسیر سے آیت یوحنا کا بھی صحیح مطلب نکل آتا ہے۔ کلمہ اصطلاح میں اس لفظ کو کہتے ہیں کہ جو کسی معنے مفرد کے لئے وضع کیا جاوے خواہ وہ اسم ہو خواہ فعل خواہ حرف اس صورت میں کلمہ کُن اعنی ہو جا بھی کلمہ ہے کیونکہ صیغۂ امر ہے اور اگر اس کے فاعل انت کا لحاظ کر لیا جاوے تو یہی کلام بھی ہو جاوے گا کیونکہ کلمات سے مرکب کا نام کلام ہے بشرط اسناد۔ اس تقدیر پر کلمہ اور کلام تھا میں کچھ فرق نہ رہا مگر اس کلمہ یا کلام سے یہ کلمہ و کلام مراد نہیں جو زبان سے ادا کئے جاتے ہیں بلکہ کلام نفسی اور امر تکوینی جو اُس کا ایک وصف یعنی خدا تعالےٰ نے کُن کہا اور اس کلمہ یعنی حکم کو مریمؑ کی طرف ڈالا جس سے حضرت مسیحؑ پیدا ہو گئے غرض کہ وہ صرف کلمۂ کُن سے بلا توسط اسباب پیدا ہوئے ہیں اس لئے باعتبار اطلاق السبب علی المسبب حضرت مسیحؑ کو کلمہ کہا جاتا ہے۔ اور یوحنا جو کہتا ہے کلام خدا کے ساتھ تھا اس سے وہ سبب یعنی وصف باری تعالےٰ مراد لیتا ہے نہ کہ مسبب یعنی حضرت مسیحؑ اور یہ صاف ہے کہ اُس کا وصف ازل میں اس کے ساتھ تھا اور بقول حکماء اُس کے وصف عین ذات ہیں لہٰذا کلام خدا بھی ہو سکتا ہے اور پھر تمام عالم کی تکوین اسی وصف سے ہوئی مگر عیسائیوں کو یہ دھوکہ ہو گیا کہ وہ دونوں جگہ کلام سے ایک مراد یعنی سبب لیتے اور پھر غلط کر دیتے ہیں جس سے تعارض کلام میں پیدا ہوتے ہیں۔ چوتھا وصف روح منہ، اس کے چند معانی ہیں (۱) عرب کی عادت تھی کہ جب وہ پاکیزگی اور طہارت و لطافت میں کسی چیز کی صفت کرتے تھے تو اُس کو رُوح کہتے تھے یعنی چونکہ مسیحؑ کو بغیر باپ کے محض نفخ جبرئیل علیہ السلام سے خدا تعالےٰ نے پیدا کیا تھا تو اس لطافت کے واسطے اُن کو روح اللہ کہتے تھے اور منہ اضافت تفصیل کے لئے ہے جیسا کہ بولتے ہیں نعمۃ من اللہ۔ اور بادشاہ جس نوکر کی مدح کرنا چاہتے ہیں تو کہتے ہیں ہمارا نوکر یعنی خاص اور معزز نوکر ورنہ یوں سب ہی روح اللہ ہیں۔ (۲) چونکہ حضرت مسیحؑ لوگوں کی حیات اُخرویہ کا باعث تھے اس لئے اُن پر روح کا اطلاق ہوا جس طرح کہ قرآن مجید کو روح کہا گیا وکذٰلک اوحینا الیک روحًا من امرنا (۳) روح و ریح عرب کی زبان میں قریب المعنے ہیں جس کو ہندی میں پھونک کہتے ہیں یا سانس چونکہ جبرئیل علیہ السلام کے پھونکنے سے مسیحؑ پیدا ہوئے تھے اس لئے اُن کو روح کہتے ہیں۔ ان چاروں اوصاف کے بعد پھر تصریح کرتا ہے کہ اٰمنوا باللہ ورسولہ کہ اللہ تعالےٰ اور اُس کے رسول مسیحؑ پر ایمان لاؤ (جو اُن کو خدا کہتے ہیں در اصل وہ رسالت کے منکر ہیں اسی طرح جو حرامی کہتے ہیں وہ بھی رسالت کے منکر ہیں) ان سب کے بعد امر حق کی تصریح کرتا ہے ولا تقولوا ثلاثۃ کہ تثلیث سے باز آؤ کیونکہ انما اللہ الٰہ واحد کہ وہ ذات واحد لاشریک ہے جب تثلیث کے قائل ہوئے کہ خدا اور روح القدس اور عیسیٰؑ مل کر ایک خدا ہو تو توحید کہاں رہی کس لئے کہ اگر یہ تینوں ذوات مستقلہ ہیں تو پھر ایک ہونا گویا جمہوری خدائی قائم کرنا ہے اگر غیر مستقلہ ہیں تو ان تینوں میں سے جس کو اب یعنی باپ کہتے ہو جس سے خدا تعالےٰ مراد ہے وہ بھی معاذ اللہ غیر مستقل ہو جاوے گا۔ تثلیث کے بطلان کے بعد مسیحؑ کی ابنیت کو باطل کرتا ہے سبحانہٗ ان یکون لہٗ ولد، وہ اس بات سے پاک ہے کہ کوئی اس کا بیٹا ہو کس لئے ابطال ابنیت کہ لہٗ ما فی السمٰوٰت وما فی الارض کہ آسمان و زمین میں جو کچھ ہے سب اُسی کا ہے۔

(حاشیہ متعلقہ ص ۲۳۳) اسی مطلب کو ادا کر رہا ہے اگر یہ نہیں تو پھر ان کی کیا خصوصیت تمام لوگ روح منہ ہیں۔ از انجملہ ان مثل عیسیٰ عند اللہ کمثل آدم میں امکان عقلی کی طرف بھی اشارہ ہے کیونکہ یہود حضرت آدمؑ کا بغیر باپ بلکہ بے ماں کے بھی صرف قدرت کاملہ سے پیدا ہونا مانتے تھے اس پر خدا تعالےٰ فرماتا ہے کہ جس نے آدمؑ کو بغیر ماں باپ کے پیدا کیا اس نے مسیحؑ کو بھی بغیر باپ کے پیدا کر دیا جو اوّل سے آسان تر ہے پھر جب اس کو مانتے ہو تو اس کو کیوں نہیں مانتے؟ معرض نزاع میں بغیر دلیل کے یہودی منکروں کے روبرو یوں کہدینا کہ عیسیٰؑ

ؑ بے باپ کے پیدا ہوئے جیسا کہ نیچری اصلاح دیتے ہیں عین حمق تھا۔ حقانی

Marfat.com

لَنْ يَّسْتَنْكِفَ الْمَسِيْحُ اَنْ يَّكُوْنَ عَبْدًا
مسیح کو خدا تعالےٰ کا بندہ ہونے سے ہرگز کچھ (بھی) عار نہیں
لِّلّٰهِ وَلَا الْمَلٰٓئِكَةُ الْمُقَرَّبُوْنَ ۭ وَمَنْ
ہے اور نہ ملائکہ مقربین (بھی) کو (عار ہے)۔ اور جو
يَّسْتَنْكِفْ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَيَسْتَكْبِرْ
کوئی اُس کی بندگی سے عار اور سرکشی کرتا ہے
فَسَيَحْشُرُهُمْ اِلَيْهِ جَمِيْعًا ﴿۱۷۲﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ
سو وہ عنقریب ان سب کو اپنے پاس اکٹھا کرے گا۔ پھر جو ایمان لائے اور
اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَيُوَفِّيْهِمْ
اُنھوں نے نیک کام بھی کئے سو وہ اُن کو اُن کا بدلہ
اُجُوْرَهُمْ وَيَزِيْدُهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ۚ
پورا پورا دے گا۔ اور اپنے فضل سے اُن کو اور زیادہ (بھی) دے گا۔
وَاَمَّا الَّذِيْنَ اسْتَنْكَفُوْا وَاسْتَكْبَرُوْا
لیکن جو عار اور تکبر کرتے ہیں
فَيُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۙ وَّلَا يَجِدُوْنَ
سو اُن کو عذاب الیم میں مبتلا کرے گا۔ اور نہ اُن کو اللہ
لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّ
تعالےٰ کے مقابلہ میں کوئی حمایتی ہوگا اور
لَا نَصِيْرًا ﴿۱۷۳﴾
نہ مدد گار۔

ترکیب

ان یکون اے عن ان یکون ولا الملئکۃ موصوف المقربون صفت مجموعہ کا عطف المسیح پر ہے اور کلام میں حذف ہے ای ان یکونوا عبیدًا۔

تفسیر

سب اُسی کا ہے اُس کو ضعف و پیری بے کسی کہاں جو بیٹے کی ضرورت پڑے بلکہ کفٰی باللہ وکیلا کہ وہ اپنے تمام کام کرنے کے لئے کافی ہے پھر بیٹے کی کیا حاجت؟۔ ان آیات میں جس طرح اس صاف مطلب کی طرف اشارہ ہے اسی طرح ایک باریک دلیل کی طرف بھی اشارہ ہے کہ لہٗ مافی السمٰوٰت الخ سب کچھ ..... اس کی خاص ملک ہے اگر کوئی بیٹا ہوگا تو ضرور باپ کا مثل ہوگا اور باپ تو کبھی نہ مرے گا سو بیٹے کے لئے بھی کوئی جُداگانہ آسمان وزمین اور وہاں کی بادشاہی چاہیئے ورنہ باپ کا مثل نہ رہے گا اور جو اُس میں وہ بھی شریک ہوگا تو یہ تخصیص کہ لہٗ مافی السمٰوٰت وما فی الارض میں لہٗ کے مقدم کرنے سے سمجھی جاتی ہے فوت ہو جاوے گی حالانکہ اس کو عقل تسلیم کر چکی ہے۔ اس کے بعد ایک اور صاف طور سے مسیحؑ کی الوہیت باطل کرتا ہے اور عیسائیوں کو جو وجہ اشتباہ پیش آتی تھی اس کو بھی بیان فرماتا ہے لن یستنکف المسیح الخ کہ مسیحؑ کو اُس کی عبادت سے ہرگز عار نہ تھا کیونکہ تم خود مقرّ ہو کہ وہ رات بھر زیتون کی پہاڑی پر اس کی عبادت کیا کرتے تھے اور یہ بھی ظاہر ہے کہ یہ عبادت ناسوتی مرتبہ میں نہ تھی بلکہ لاہوتی اور ملکوتی مرتبہ میں کس لئے کہ روحانیت میں مسیحؑ ملائکہ مقربین سے بڑھ کر نہ تھے جو نہ ماں سے پیدا ہوئے ہیں نہ باپ سے، نہ کبھی کھاتے ہیں نہ پیتے پھر جب اُن کو عار وانکار نہیں تو ان کو کیوں ہونے لگا؟ علاوہ اس کے جو کوئی اُس کی عبادت سے عار وانکار کرتا ہے وہ پکڑا بھی جاتا اور اُس کے بارگاہِ جلال میں حاضر کیا جاتا ہے۔ پس جب عبادت کرتا پایا گیا تو وہ خدا نہ تھے بلکہ اس کے بندے۔ چونکہ عبادت سے عار کرنے کا ذکر آگیا اس لئے دربار کبریائی میں سُرخ رُوئی اور سزایابی کا بیان فرماتا ہے اور ایمان اور عبادت کی رغبت کس خوبی سے دلاتا ہے کہ جو ایمان لایا اور اُس نے اچھے کام بھی کئے تو ہم ان کا پورا بدلہ دیں گے اور اس پر اپنی طرف سے علاوہ بدلہ کے اور بھی اپنے فضل سے زیادہ دیں گے۔ اور جو ہم سے عار وانکار کرتے ہیں ہم اُن کو عذاب الیم میں مبتلا کریں گے پھر نہ اُن کو اس رنج والمی کے قید خانہ سے بھاگنے کی جگہ ملے گی

لہ استنکاف انکار اور عیب سمجھنا، عار کرنا ۱۲ منہ

Marfat.com

نہ کوئی حمایتی کھڑا ہوگا نہ طرفدار۔ ومن یستنکف میں ایک لطیف سا اشارہ اس طرف بھی ہے کہ خواہ مسیحؑ ہو خواہ کوئی اور پیغمبر یا فرشتہ کس نے جان پائی ہے کہ جو ہماری غلامی اور بندگی سے سرتابی کرے۔ منصبِ خدائی تو درکنار ذرّہ بھر سرتابی کی بھی کسی کو مجال نہیں۔

يَا أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاءَكُمْ بُرْهَانٌ

اے لوگو! تمھارے پاس تمھارے رب کی طرف سے

مِّن رَّبِّكُمْ وَأَنزَلْنَا إِلَيْكُمْ نُورًا

دلیل آچکی ہے اور ہم تمھاری طرف چمکتی ہوئی روشنی بھی نازل

مُّبِينًا ﴿١٧٤﴾ فَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا بِاللَّهِ

کرچکے ہیں (قرآن) پھر جو اللہ تعالےٰ پر ایمان لائے

وَاعْتَصَمُوا بِهِ فَسَيُدْخِلُهُمْ فِي

اور انھوں نے اس کے دین کو مضبوط پکڑ لیا سو ان کو عنقریب اپنی رحمت

رَحْمَةٍ مِّنْهُ وَفَضْلٍ وَيَهْدِيهِمْ

اور فضل میں داخل کرے گا۔ اور ان کو اپنی طرف

إِلَيْهِ صِرَاطًا مُّسْتَقِيمًا ﴿١٧٥﴾

(پہنچنے) کا سیدھا رستہ بھی دکھائے گا۔

ترکیب

من ربکم صفت ہے برہان کی فسیدخلہم جواب اما صراطا موصوف مستقیما صفت مجموعہ مفعول ثانی ہے یہدی کا

تفسیر

جب کہ خدا تعالےٰ منافقین اور کفارِ عرب اور یہود و نصاریٰ وغیرہم باطل فرقوں پر حجت قائم کرچکا اور ان کے شبہات باطلہ کا جواب باصواب دے چکا تو اعلانِ عام کرکے تمام بنی آدم کو حضرت محمد علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نبوت پر ایمان لانے کا حکم دیتا ہے کہ یا ایہا الناس قد جاءکم برہان من ربکم کہ لوگو! تمھارے پاس خدا تعالےٰ کی برہان آچکی ہے۔ برہان سے مراد آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام ہیں کیونکہ برہان کہتے ہیں دلیل کو آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام کا وجودِ مبارک اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا بیان اور معجزات اور رویہ تمام عالم کے لئے خدا تعالےٰ کی طرف سے حجتِ قاطعہ ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم مجسم حق تھے آپ کے بعد پھر آپ کے برخلاف طریقہ اختیار کرنا صریح حق کا خلاف کرنا ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے نہ تنہا اپنے وعظ و پند سے بنی آدم کی ڈوبتی کشتی کو تھام لیا بلکہ اپنے ایک ایک حرکات و سکنات کو ہدایت و نیک روی، برد باری، صلہ رحمی، خدا پرستی کے لئے سچا نمونہ بنا دیا۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے عہد سے پہلے کتب تواریخ کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ گمراہی اور ہر ایک قسم کی بدکاری اور شرک سے دنیا کی تمام قومیں آلودہ تھیں لیکن جب اس آفتاب ہدایت نے طلوع کیا تو عالم کو منور کردیا۔ اور نہ صرف نبی برحق تمھارے پاس آئے بلکہ ہم نے اس کے ساتھ اس سلسلۂ ہدایت کو ہمیشہ قائم کرنے کے لئے انزلنا الیکم نورا مبینا صاف نور اور کھلا ہوا یعنی قرآن مجید بھی نازل کیا ہے۔ قرآن مجید کا نور مبین ہونا بھی دنیا کے منصف اور روشن دماغوں نے تسلیم کرلیا ہے جس قدر آج کل دنیا میں الہامی کتابیں کہلاتی ہیں اگر کوئی ذرا انصاف کرکے ان سے قرآن کے مضامین روح افزا توحید و عبادت عالم آخرت کی رغبت خدا تعالےٰ کی تنزیہہ و تقدیس نیک روی تمدن کے اصول وغیرہ کو مقابلہ کرکے دیکھے گا تو بے ساختہ نور مبین ہونے کا مقر ہوجاوے گا وہ جو سیکڑوں برس میں حضرت موسیٰؑ و عیسیٰؑ کی کتابنے دنیا میں خدا پرستی نہ پھیلا سکی تھی جو چند برسوں میں قرآن مجید نے اطراف عالم کے بت پرستوں دہریوں، تہموث پرستوں درندوں کو فرشتہ بنا دیا یہ بات تاریخ سے بخوبی ظاہر ہوسکتی ہے۔

اس کے بعد یہ فرماتا ہے کہ ہم نے دنیا میں برہان اور نور مبین بھیجدیا پھر جو اس کو مان کر اللہ تعالےٰ پر ایمان لائیں گے اور اس کو مضبوط پکڑیں گے یعنی اس کی ذات پر تکیہ اور توکل کریں گے

Marfat.com

یا یہ مراد کہ شریعت محمدیہ اور قرآن کو جس نے مضبوط پکڑا دیہ اس لئے فرمایا کہ صرف ایمان لانا کافی نہیں بلکہ اُس پر قیام اور استقامت بھی ہو) اُن کو اللہ تعالےٰ اپنی رحمت اور فضل میں داخل کرے گا اور اپنی طرف آنے کا سیدھا رستہ دکھائیگا۔ رحمت اور فضل سے مراد جنت اور حیاتِ جاودانی ہے۔ کیونکہ جنت اُس کی رحمت کا مظہر ہے اور فضل میں ولدینا مزید کی طرف اشارہ ہے ویہدیہم کے ساتھ الیہ یعنی اپنی طرف ہدایت کرنا اس بات کو ظاہر کر رہا ہے کہ انبیاء علیہم السلام اور کتابیں اُس معشوقِ حقیقی کے کہ جو پردۂ حسی میں ہے پیامبر ہیں ؛

يَسْتَفْتُونَكَ ۖ قُلِ اللَّهُ يُفْتِيكُمْ فِي

(اے نبی ﷺ!) وہ تم سے حکم پوچھتے ہیں (سو) کہدو اللہ تعالیٰ تم کو کلالہ کے بارے میں

الْكَلَالَةِ ۚ إِنِ امْرُؤٌا هَلَكَ لَيْسَ لَهُ

حکم دیتا ہے کہ اگر کوئی ایسا شخص مرے کہ اس کی کوئی اولاد (نہ)

وَلَدٌ وَلَهُ أُخْتٌ فَلَهَا نِصْفُ مَا تَرَكَ ۚ

ہو اور بہن ہو تو اس بہن کے لئے آدھا ترکہ ہے۔

وَهُوَ يَرِثُهَا إِن لَّمْ يَكُن لَّهَا وَلَدٌ ۚ

اور اگر بہن کے کوئی لڑکا ہو تو وہ بھائی اس کا وارث ہوگا۔

فَإِن كَانَتَا اثْنَتَيْنِ فَلَهُمَا الثُّلُثَانِ

پھر اگر دو بہنیں ہوں تو ان کو (ترکہ میں سے) دو تہائی

مِمَّا تَرَكَ ۚ وَإِن كَانُوا إِخْوَةً رِّجَالًا

ملیں گے۔ اور اگر (کلالہ کے وارث) کئی بہن بھائی مرد

وَنِسَاءً فَلِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْأُنثَيَيْنِ ۗ

وعورت ہوں تو مرد کو دو عورتوں کے حصے کے برابر ملے گا۔

يُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمْ أَن تَضِلُّوا ۗ وَاللَّهُ

اللہ تعالےٰ تم سے بیان کرتا ہے تاکہ تم گمراہ نہ ہو جاؤ۔ اور اللہ تعالےٰ

بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ﴿١٧٦﴾

ہر شے سے واقف ہے۔

ترکیب

فی الکلالۃ متعلق ہے یفتی سے امروا مرفوع بسبب فعل کے کہ جس کی تفصیل ہلک کر رہا ہے لیس لہ ولد جملہ ضمیر ہلک سے حال ہے۔ اسی طرح ولہ اخت فلہا الخ جواب ان۔

تفسیر

جس طرح اس سورہ کے اوّل میں احکام بیان فرماتے گئے ہیں اسی طرح اس کو تمام بھی مسائل ہی پر کیا تاکہ اوّل کو آخر کے ساتھ ربط ہو جائے۔ کلالہ کے بارے میں اوّل بھی اس سورہ میں حکم ہوا تھا جو سردی کے موسم میں نازل ہوئی تھی اور پھر یہاں بھی اور یہ گرمی کے موسم میں آیت نازل ہوئی۔

کلالہ اُس میّت کو کہتے ہیں کہ جو نہ ماں باپ چھوڑ کر مرے نہ اولاد اور اُس وارث کو بھی کہتے ہیں کہ جو نہ میّت کے ماں باپ میں سے ہوں نہ اولاد میں سے یہ کل سے مشتق ہے جس کے معنے بوجھ کے ہیں چونکہ اس قسم کے شخص کو آدمی اپنی کفالت اور وراثت میں بوجھ اور بارِ طبع سمجھتا ہے اس لئے اس کو کلالہ کہتے ہیں۔ (۱) اس آیت میں کلالہ سے وہ میّت مراد ہے جو صرف ایک بہن چھوڑ کر مرے اُس کی بہن کے لئے نصف ملے گا۔ گرچہ آیت میں لیس لہ ولد ہے کہ میّت کے اولاد نہ ہو۔ مگر بحکم اجماع ماں باپ بھی نہ ہوں تب بہن اگر اکیلی ہے تو نصف لے گی۔

(۲) اگر اسی طرح لاولد بہن مرے اور اس کے ماں باپ بھی نہ ہوں تو بھائی کُل مال کا وارث ہوگا۔

لہ کلالہ وہ مرد یا عورت کہ جو نہ ماں باپ چھوڑے نہ اولاد صرف بہن بھائی وارث چھوڑے ایسی صورت میں اگر بھائی مرجائے تو اس کی ایک بہن کو آدھا ترکہ اور اگر دو یا دو سے زیادہ ہوں تو سب کو دو تہائی اور اگر بہن بھائی ملے جلے ہوں تو مرد کو دو چند عورت سے اور اگر بہن مرجائے تو سب بھائی کا ہے بشرطیکہ اس کا شوہر نہ ہو ۱۲ منہ

Marfat.com

(۳) اور اگر اس قسم کے میت کے دو بہنیں ہوں تو دو تہائی مال اُن کا باقی اور وارثوں کا۔

(۴) اگر کئی بہن بھائی یا ایک بہن ایک بھائی کلالہ نے چھوڑے تو فللذکر مثل حظ الانثیین دوسرا حصہ بھائی کا اور اکہرا بہن کا قرار پاوے گا اور باہم اس حساب سے تقسیم ہو جائے گی۔ اس جگہ بہن بھائی سے عینی یا علاتی مراد ہیں جیسا کہ حضرت ابوبکر صدیق رضؓ نے فرمایا، کیونکہ اخیافی بہن بھائی کا حق چھٹا حصہ ہے جو پہلے آچکا۔ اس کے بعد تمام شرائع بیان کرنے کی حکمت بیان فرماتا ہے کہ تم گمراہ نہ ہو جاؤ اس لئے ہم احکام بیان کرتے ہیں اور ان کے اسرار بھی ہم جانتے ہیں کیونکہ واللہ بکل شئی علیم وہ ہر چیز جانتا ہے جو کچھ وہ فرماتا ہے ٹھیک فرماتا ہے۔

تفسیر سورۂ مائدہ ع

یہ مدینہ میں نازل ہوئی اس میں ایک سو بیس ۱۲۰ آیتیں ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ تعالیٰ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَوْفُوْا بِالْعُقُوْدِ

اے ایمان والو! عہدوں کو پورا کیا کرو۔

اُحِلَّتْ لَكُمْ بَهِيْمَةُ الْاَنْعَامِ اِلَّا مَا يُتْلٰى

تمہارے لئے چرنے والے چار پائے حلال کر دیئے گئے سوا اُن کے کہ

عَلَيْكُمْ غَيْرَ مُحِلِّي الصَّيْدِ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ

جن کو تم سے بیان کیا جائے گا نہ یہ کہ احرام باندھ کر شکار کو حلال سمجھو۔

ع اس سورہ کو مائدہ کہتے ہیں مائدہ کے معنے ہیں خوان۔ اس میں اُس خوان کا ذکر ہے جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوا تھا۔ شروع سورۃ سے یہ بتلایا جاتا ہے کہ ہمارا خوان نعمتِ دنیا پر بسیط ہے تم ہر روز اُسی سے کھاتے پیتے ہو تم کو اس نعمت کے شکر یہ میں اپنے عہد پورے کرنے چاہئیں۔ اوّل عہد یا عقد ازلی ہے دوم عقل کا عہد وہ جس فطرت پر چلنے کا حکم دے اس پر چلو ہماری فطرت کو کھا کر نفس کی بگ ڈھیلی

إِنَّ اللّٰهَ يَحْكُمُ مَا يُرِيْدُ ①

بے شک اللہ تعالیٰ جو چاہتا ہے حکم دیتا ہے۔

ترکیب

احلت فعل مجہول بہیمۃ الانعام مفعول مالم یسم فاعلہ الا مایتلٰے محل نصب میں ہے بوجہ استثناء از بہیمۃ الانعام کے غیر حال ہے ضمیر مجرور سے جو علیکم یا لکم میں ہے محلے اسم فاعل مضاف ہے مفعول کی طرف جو الصید ہے۔ دراصل محلین تھا نون اضافت کی وجہ سے ساقط ہو گیا الصید مصدر ہے بمعنی مفعول۔

تفسیر

سورۂ نسآء میں بیشتر احکام معاملات بیان ہوتے تھے جن کی زیادہ ضرورت تھی۔ اس کے بعد کھانے پینے اور حلال وحرام چیزوں کے متعلق احکام بیان کرنا بھی عین حکمت تھا اور لطف یہ کہ اس سورۂ مائدہ میں کہ جس کا نام حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام پر مائدہ یعنی دسترخوان یا نعمت نازل ہونے کے بیان سے مائدہ رکھا گیا حرام حلال چیزوں کا بیان کرنا گویا یہ بتلا دینا ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام کے بعد پولوس وغیرہ نے سب ناپاک چیزوں کو حلال بتا کر جو شریعت انبیاء نہ چھوڑی وہ۔ تیسرا رسول و کتاب کا عہد جو تم کو بدمست ہونے سے روکتا ہے اور مائدہ کے بدنتائج سے بچاتا ہے تاکہ تمہیں اُس جہان میں بھی ویسی مائدہ نصیب ہو پھر یہ خدا تعالیٰ کی نعمتیں کھا کھا کر شتر بے مہار بھی نہ بن جاؤ اور بُرا بھلا کچھ نہ دیکھو۔ آنکھیں بند کر کے بال مکھی کھانے لگو کیونکہ اس کی مضرت تمہاری رُوح اور جسم دونوں کو پہنچے گی اس لئے ہم رحیم وحکیم تم کو آپ ہی بتاتے ہیں کہ تم کو اس مائدہ سے یہ چیزیں کھانی چاہئیں اور ان ان سے پرہیز کرنا چاہیے۔ اسی لئے سب سے اول اوفوا بالعقود فرما کر آئندہ اوامر ونواہی کی تکمیل کے لئے عقود کا ایک ایسا جامع لفظ فرمایا جو ہاہی عہد وعقود کو بھی شامل ہو کہ نعمتیں کھا کر انسان خرمستیاں کرنے لگتا ہے اور جس قدر جو رو جفا ہوتے ہیں یہ سب پیٹ بھرائی کے نتائج ہیں دباقی پ

Marfat.com

علیہم السلام کو درہم برہم کیا فطرتِ الٰہی کو محرف کر دیا ہے۔ اس سورۃ میں سب سے پہلا حکم عقود کا پورا کرنا ہے۔ عقود عقد کی جمع ہے جس کے معنے گرہ لگانا یعنی خواہ ایک جسم کو دوسرے جسم سے خوب ملا کر باندھنا جس طرح دو رسّی کے ٹکڑوں کو گرہ لگاتے ہیں خواہ کسی بات یا معانی میں گرہ لگانا۔ اس لفظ کے تعبیر کرنے میں اس بات کی پابندی اور التزام مقصود ہوتا ہے اور یہی بات عہد میں بھی ہوتی ہے۔ عقد اور عہد قریب المعنے ہیں جن سے محاورۂ قرآن میں خدا تعالےٰ کی شریعت مراد لی جاتی ہے اور امر و نواہی و معاملات و عبادات جیسا کہ وَاَوْفُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ۔ بعض عرفاء نے فرمایا ہے کہ اس جگہ دونوں میں یہ فرق ہے کہ عہد سے مراد وہ جو قضائے ازل میں خدا تعالیٰ نے ارواح سے اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ قَالُوْا بَلٰى سے توحید کا اقرار کرایا تھا جس کی پابندی فطری طور پر ہر فرد و بشر پر بذریعۂ رسولِ عقل لازم و واجب ہے اور دنیا میں ہر فرد بشر جب آتا ہے تو اسی فطرت پر پیدا ہوتا ہے اور اسی فطرت کو اسلام کے ساتھ تعبیر کیا جاتا ہے اور یہی بارِ امانت ہے۔ اور عقد عالمِ ظہور میں آکر شریعت کی بجا آوری ہے جو اس عہد کے پورا کرنے کا سبب ہے۔ پس عہد عقد سے مقدم ہے یا ایہا الذین آمنوا کے بعد اوفوا بالعقود کا مطالبہ کر کے پھر اُحلّت لکم الآیہ میں احکام حلال و حرام کا بیان فرمانا ایک اعلیٰ درجے کی فصاحت و بلاغت کو کام میں لانا ہے۔

نقل ہے کہ فیلسوف کندی سے اُس کے یاروں نے کہا کہ آپ بڑے حکیم ہیں ہمارے لئے ان مسلمانوں کے قرآن کے مانند کوئی کتاب بنا دیجئے تاکہ ان کا دعوائے اعجاز رد ہو جائے۔ اس نے کہا بہتر۔ دو ایک سورتوں کے برابر تو ضرور بنا دوں گا۔ اس کام کے لئے چند روز تخلیہ میں بیٹھ کر آخر باہر نکل کر کہا بھائی اس کا مثل مجھ سے بن نہیں سکتا۔ میں نے جو قرآن کھول کر دیکھا تو پہلے میری نظر سورۂ مائدہ پر پڑی جس کی اس آیت نے مجھے حیران کر دیا اس تھوڑے سے جملہ میں وفاءِ عہد کا مطالبہ کرتا اور عہد شکنی سے منع کرتا پھر تحلیلِ عام کے بعد استثناء کر کے اپنے علم و قدرت اور اُن کے رموزِ مصلحت کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ دو سطروں میں ایسا کوئی کر سکتا ہے؟ اُحِلَّتْ لَكُمْ الخ **دوسرا حکم** ہے، اس آیت میں حکم دیتا ہے کہ تمہارے لئے بجز اُن جانوروں کے کہ جن کو ہم اگلی آیت (حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ وَالْمُنْخَنِقَةُ وَالْمَوْقُوْذَةُ وَالْمُتَرَدِّيَةُ وَالنَّطِيْحَةُ وَمَآ اَكَلَ السَّبُعُ اِلَّا مَا ذَكَّيْتُمْ وَمَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ الآیۃ) میں بیان کریں گے۔ بہیمۃ الانعام یعنی چار پائے حلال ہیں مگر یہ بھی حالتِ احرام یا حرم میں حلال نہیں پھر ان کے حلال اور ان کے حرام ہونے کی وجہ اِنَّ اللّٰهَ يَحْكُمُ مَا يُرِيْدُ میں فرماتا ہے کہ ہمیں اپنی مخلوقات کا اختیار ہے جس چیز میں مصلحتِ عباد اور اُن کے فوائد دیکھتے ہیں اجازت دیتے ہیں ہم پر یہ اعتراض کرنا (کہ وہ جانوروں کے کھانے کی اجازت دے کر اپنے بندوں کو ظلم اور دُکھ دینے کی اجازت کیوں دیتا ہے؟ جیسا کہ بعض ہنود کہتے ہیں) عبث ہے۔ رہا بے زبان جانوروں پر تکلیف پہنچنا بوقتِ ذبح و شکار سو یہ ویسی ہی تکلیف ہے جو عمرِ طبعی سے بڈھا ہو کر بیماری کے دُکھ اُٹھا کر

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۲۳۸) جو آقا کی پوری نمک حرامی ہے جس کا نتیجہ عالمِ آخرت میں نعماء روحانی و جسمانی سے بے نصیبی ہے اس کے بعد جو کھانی چاہئیں وہ نعمتیں ارشاد فرمائیں احل لکم الخ سے کہ تمہارے لئے نباتات اور فواکہ تو حلال ہی ہیں جیسا کہ ہم نے سورۂ بقرہ میں فرمایا تھا خَلَقَ لَكُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مگر اب ہم تم کو گوشت کی بھی اجازت دیتے ہیں جو بوجہ مشابہت معتدی کے لذیذ اور مفید غذا ہی ہے پس چار پائے عموماً تمہارے لئے حلال ہیں مگر وہ نہیں کہ جن کو ہم ابھی بیان کریں گے کس لئے کہ ان میں تمہارے لئے سخت مضرت ہے جس کو ہم حکیم خوب جانتے ہیں اِنَّ اللّٰهَ يَحْكُمُ مَا يُرِيْدُ میں اس طرف اشارہ ہے اور یہ حلال جانور بھی ہر وقت تمہارے لئے حلال نہیں یعنی جب چاہو ان جنگل کے وحشیوں کا شکار کر کے نفس کو تازہ کیا کرو بلکہ حالتِ احرام میں جب کہ ایک خاص لباس پہن کر ہمارے دربار میں حاضر ہونے کا قصد کرو یا دربار کے حدود یعنی حرم میں داخل ہو جاؤ تب ہمارے ادب سے نفس کی باگ روکو اور ان کا شکار نہ کرو یہ تم کو نفس اور خواہشِ نفسانی کو زیر کرنے کے لئے ایک ریاضت کی تعلیم دی جاتی ہے بے شک جس کا نفس جس پر غالب آگیا اور وہ جدھر لے جاتا ہے چلا جاتا ہے اس میں اور گدھے وغیرہ حیوانوں میں کچھ بھی فرق نہیں بے شک سعادتِ انسانی نفس کے مقہور کرنے میں ہے ۱۲ منہ

Marfat.com

از خود مرنے میں ہوتی ہے اور اگر ہی ہے تو پھر کوئی سبز درخت یا گھانس بھی نہ کاٹی جائے نہ پھل توڑے جائیں کیونکہ نفسِ نباتیہ کو بھی تکلیف دینا ویسا ہی ہے اور یہ بات انتظام عالم میں خلل انداز ہے۔ بہیمۃ مشتق ہے ابہم الامر علے فلان اذا اشکل سے جس کے معنے ہیں بے عقل جاندار، جس کو ہندی میں پشو کہتے ہیں یعنی چار پائے اور انعام، اونٹ، بکری، گائے، نعومۃ بمعنے نرمی سے مشتق ہے اس تقدیر پر بہیمۃ بمنزلہ جنس اور انعام بمنزلہ نوع کے ہے تب بہیمۃ الانعام کی اضافت بتقدیر من ہوگی بیان کے لئے جیسا کہ خاتم فضۃ میں ہے یعنی وہ بہائم جو از قسم انعام ہیں یا دونوں سے ایک مراد ہے تب اضافت تاکید کے لئے ہوگی جیسا ذات الشیٔ اور نفسہ میں ہے۔ اس لفظ میں گائے، بھینس، اونٹ، بھیڑ، بکری، جنگل کے قابل شکار جانور ہرن، چکارا وغیرہ وہ سب شامل ہیں جو کچلیاں اور ناخن یعنی پنجے نہیں رکھتے اور انسان پر حملہ نہیں کرتے اس میں بجز شیر، بھیڑیئے وغیرہ درندوں کے سب چارپائے شامل ہیں۔ اور پرند غیر شکاری اور غیر انعام گھوڑا، گورخر وغیرہ سووہ اور آیت قُلْ لَّآ اَجِدُ فِیْمَآ اُوْحِیَ اِلَیَّ مُحَرَّمًا الآیۃ یا حدیث یا قیاس سے حلال ہیں۔ بہیمۃ الانعام کو خدا تعالےٰ نے حلال کر دیا مگر ان میں دو قید لگائیں: **اول** اِلَّا مَا یُتْلٰی عَلَیْکُمْ یعنی ان میں سے وہ جانور جو آیندہ ذکر ہوں گے جیسا کہ بُت کا ذبیحہ سو حرام ہیں **دوم** غَیْرَ مُحِلِّی الصَّیْدِ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ، یعنی اُن بہائم میں جو شکار کئے جاتے ہیں حالتِ احرام یا حرم میں وہ بھی شکار کرنے درست نہیں اور جو قابل شکار نہیں ہیں حالتِ احرام یا حرم میں ان کے کھانے کا کچھ مضائقہ نہیں جیسا کہ بھیڑ، بکری، اونٹ، گائے۔ وانتم حرم یعنی جب کہ تم احرام باندھے ہوئے ہو خواہ حج کے لئے خواہ عمرہ کے لئے، بولتے ہیں احرم بالحج والعمرۃ فھو محرم وحرم۔ جیسا کہ کہتے ہیں اجنب فھو مجنب وجُنُب۔ اور احرم اس وقت پر بھی اطلاق کیا جاتا ہے کہ جب کوئی حرم میں داخل ہو یعنی حرم مکہ معظمہ میں۔ پس حُرُم کے معنے حرم میں داخل ہونے والے کے بھی ہوتے۔ اس لئے حرم مکہ معظمہ میں بھی ادیاً شکار حرام ہے جس طرح کہ حالتِ احرام میں حرم مکہ میں اور اس سے باہر بھی شکار کرنا حرام ہے اُحِلَّتْ لَکُمْ بَھِیْمَۃُ کے حلال ہونے سے مراد اُس کا گوشت کھانا اور اُس کے چمڑے اور ہڈی اور چربی سے ہر ایک قسم کا انتفاع حاصل کرنا ہے۔

ف بعض اہل طریقت نے حرم و احرام میں شکار نہ کرنے سے بارگاہِ تقرّب میں مستلذات کی طرف متوجّہ ہونے یا خواطر نفوس کے شکار کے حرام ہونے کی طرف اشارہ ہونا بھی بیان کیا ہے۔

وقف لازم

یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحِلُّوْا شَعَآئِرَ

اے ایمان والو! بے حرمت نہ کرو اللہ تعالےٰ

اللّٰہِ وَلَا الشَّھْرَ الْحَرَامَ وَلَا الْھَدْیَ

کی نشانیوں کو اور نہ عزت والے مہینے کو اور نہ ہدی کو

وَلَا الْقَلَآئِدَ وَلَآ آٰمِّیْنَ الْبَیْتَ الْحَرَامَ

اور نہ قلائد کو اور نہ بیت الحرام کے قصد کرنے والوں کو

یَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنْ رَّبِّھِمْ وَرِضْوَانًا

جو اپنے رب کا فضل اور خوشنودی حاصل کرنے کو جاتے ہیں۔

وَاِذَا حَلَلْتُمْ فَاصْطَادُوْا وَلَا یَجْرِمَنَّکُمْ

اور جب احرام کھولو تو (بیشک) شکار کرو۔ اور کسی قوم کی دشمنی

شَنَاٰنُ قَوْمٍ اَنْ صَدُّوْکُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ

کہ انھوں نے تم کو مسجد الحرام سے روک دیا تھا تم کو زیادتی

الْحَرَامِ اَنْ تَعْتَدُوْا وَتَعَاوَنُوْا عَلَی

کرنے پر آمادہ نہ کرے۔ اور ایک دوسرے کی نیک کام اور

الْبِرِّ وَالتَّقْوٰی وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَی

پرہیزگاری میں مدد کیا کرو، اور گناہ اور زیادتی پر

ف حرم اور احرام میں حلال جانوروں کے شکار کی ممانعت مذکور ہوئی تھی اس لئے اسی مناسبت سے اور جو جو افعال حرم احرام کے منافی اور خلافِ ادب ہیں اُن کو بھی منع فرماتا ہے فَقَالَ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا الخ ان آیات میں اول تو عموماً جملہ ارکان و فرائض و احکام شرعی خصوصاً احکام حج کی بجاآوری کی تاکید فرماتی

Marfat.com

الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ ۖ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ

مدد نہ کیا کرو۔ اور اللہ تعالےٰ سے ڈرتے رہا کرو۔

اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝۲

بے شک اللہ تعالےٰ کا سخت عذاب ہے۔

ترکیب

ولا القلائد معطوف ہے ولا الہدی پر اے لاتحلوا القلائد جمع قلادۃ[1] اور مراد قلادہ پہننے والے جانور ہیں نہ کہ صرف قلادوں کی تحریم مراد ہے۔ ولا آمین اے ولا تحلوا قتال آمین اے قاصدین البیت الحرام۔ یبتغون موضع حال میں ہے ضمیر آمین سے یجرمنکم بالفتح والضم اور یہ دونوں لغت ہیں یقال جرم واجرم فاعل اس کا شنان مصدر ہے جیساکہ غلیان اور نزوان۔ ان صدوکم ان مفتوحہ مصدریہ ہے والتقدیر لان صدوکم ای لاجل ان صدوکم وقیل بکسر النون وہی شرطیۃ۔

تفسیر

پہلی آیت میں حرم یا احرام میں شکار کرنے کی ممانعت تھی اس لئے اس کے بعد بیت الحرام کے ادب اور اُس کی تعظیم اور اُس کی رونق اور آبادی کے متعلق ادب ملحوظ رکھنے کے مسائل بیان کرنا گویا کلام سابق کو تمام کر دینا ہے۔

اس کا شانِ نزول یوں ہے کہ آنحضرت علیہ الصلوٰۃ و السلام نے ہجرت سے چھٹے سال مکہ معظمہ کا قصد عمرہ کے لئے کیا جب مع صحابہؓ آنحضرت علیہ السلام مکہ مکرمہ کے متصل ایک مقام حدیبیہ پر آکر خیمہ زن ہوئے تو مکہ مکرمہ کے مشرکین قریش نے جنگ کی تیاری کر دی اور یہ کہا کہ ہم آپؐ کو ہرگز کعبہ کا طواف نہ کرنے دیں گے نہ شہر مکہ میں آنے دیں گے۔ آپؐ نے فرمایا صاحبو! میں جنگ کرنے کے لئے نہیں آیا، اچھا تم نہیں چاہتے تو میں واپس چلا جاتا ہوں۔ باہم ایک عہدنامہ ہو گیا اور آنحضرت علیہ السلام مع صحابہؓ واپس چلے آئے مگر صحابہؓ کو اُن کی سرکشی سخت ناگوار معلوم ہوئی آخر یہ بھی عرب کے بہادر اور شیر دل لوگ تھے خصوصاً جب کہ ایک محرک مذہبی اور جوش دینی بھی مؤید ہو تو پھر مخالفین کی کیا حقیقت سمجھتے تھے؟ اس عرصہ میں اسلام اور بھی ترقی کر گیا اور مخالفوں پر بہت کچھ اقتدار آتشی شریعت اور آسمانی بادشاہت کی وجہ سے ہو گیا اُنھوں نے بھی حج کے لئے آنے والے مشرکین کو روکنا اور اُن کے ہدایا اور قافلوں پر دست درازی شروع کی۔ چونکہ اسلام ایک حقانی اور آسمانی مذہب ہے اس میں ضد میں آکر بدلہ لینے اور غیروں کے نیک کاموں میں دست انداز ہونے سے کیا علاقہ؟ اس لئے آٹھویں سال یہ آیات مسلمانوں کو اس دست اندازی سے روکنے کے لئے نازل ہوئیں۔ ان آیات میں خدا تعالےٰ ان چند باتوں سے منع کرتا ہے:۔

اوّل لاتحلوا شعائر اللہ۔ شعائر جمع شعیرۃ کی ہے۔ ابن فارسؒ کہتے ہیں شعارۃ کی جمع ہے اور شعیرۃ بروزن فعیلۃ بمعنے مفعلۃ اور اشعار کے معنے اعلام یعنی خبر دینے کے ہیں۔ شعور سے مشتق ہے۔ اور مشاعر کا مفرد مشعر ہے یعنی وہ مواضع جن میں خدا تعالےٰ کی طرف سے علامات و برکت و عزت رکھی گئی ہیں۔ یا وہ اوقات کہ جن میں اُس کے وہ فرائض ادا کئے جاتے ہیں جو اُس کے برگزیدوں کی یادگار ہیں جیساکہ ارکان حج۔ پہلی تقدیر پر مشاعر اور شعائر سے مراد صفا و مروہ کی پہاڑی جس پر حضرت ہاجرہؓ کو اُس کی رحمت کا کرشمہ دکھایا گیا تھا۔ ان کی بے حرمتی نہ کرو کیونکہ ایام جاہلیت میں عامۃ العرب ان کا طواف نہیں کرتے تھے۔ یہ فراءؒ کا قول ہے۔

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۲۴۰) مخالفت کی ممانعت ہے کہ ان کو خلاف ورزی کر کے بے حرمت نہ کرو جو مائدۂ الٰہی کے کھانے والے کے لئے پوری نمک حرامی ہے۔ شعائر اللہ میں سب آگئے۔ اس کے بعد بالخصوص چند چیزوں سے ممانعت فرماتا ہے

شہر حرام، ہدی، قلائد وغیرہ کی بے حرمتی سے ۱۲ منہ

[1] پٹہ جو جانوروں کے گلوں میں ڈالا جاتا ہے ۱۲ منہ

Marfat.com

دوسری تقدیر پر عام فرائض مراد ہیں حسن بصریؒ فرماتے ہیں شعائر اللہ دین اللہ۔ بعض علماء کہتے ہیں کہ یہاں مخصوص چیزیں مراد ہیں یعنے جو چیزیں حالتِ حل میں حلال ہیں وہ حرم میں اس کی تعظیم کے لئے حرام کر دی گئی ہیں۔ وہ شعائر اللہ ہیں ان کو حلال نہ جانو۔ شکار نہ کرو۔ اور جو چیزیں ارکانِ حج ہیں ان کو بجالاؤ، ترک کر کے بے حرمتی نہ کرو۔ کیونکہ اعتبار عموم لفظ کا ہے نہ خصوص سبب کا۔ بعض کہتے ہیں وہ جانور مراد ہیں جو خانۂ کعبہ میں قربانی کے لئے نیاز اللہ کے طور پر ذبح ہونے کو بھیجے جاتے تھے۔ جن کو ہدی کہتے ہیں۔ چونکہ عرب میں یہ رسم قدیم تھی مشرکین بھی ایام حج میں ایسا کرتے تھے۔ جن پر مسلمانوں نے اُن کے مقابلہ میں آکر دست درازی شروع کی تھی جیسا کہ ابن عباسؓ نے فرمایا ہے اور گو لفظ شعائر اللہ عام ہے تمام فرائض اور دیگر شعائر کو شامل ہے مگر قرینۂ کلام اسی کا مؤید ہے۔

دوم ۔ ولا الشہر الحرام۔ شہر مہینے کو کہتے ہیں۔ حرام بمعنے محترم یعنی جو مہینے خدا تعالےٰ کے نزدیک محترم ہیں۔ اور وجہ احترام ملأ اعلےٰ کو ان ایام میں بندوں کی عبادات و تقربات کی طرف زیادہ التفات ہونا ہے۔ الشہر اگرچہ لفظ مفرد ہے مگر جنس ہے ایک مہینے پر بھی اس کا اطلاق ہو سکتا ہے اور کئی پر بھی۔ عرب میں قدیم دستور چلا آتا تھا کہ اور مہینوں میں باہم جنگ و جدل مار دھاڑ کرتے تھے مگر ان چار مہینوں میں کوئی کسی کو کچھ نہ کہتا تھا وہ چار یہ ہیں ذوالقعدہ، ذوالحجہ، محرم، رجب۔ قرآن میں ایک جگہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اِنَّ عِدَّةَ الشُّهُوْرِ عِنْدَ اللّٰهِ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ يَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ مِنْهَآ اَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ط یعنی بارہ مہینوں میں سے یہ چار محترم ہیں۔ اس آیت میں عام مفسرین کے نزدیک چاروں مراد ہیں۔ بعض کہتے ہیں صرف ذی الحجہ کیونکہ زیادہ کاروبار حج کے اس میں ادا ہوتے ہیں۔ مسلمان بھی مشرکین کو ان مہینوں میں روک ٹوک کرتے لگے تھے اس لئے اس کی ممانعت کی گئی کہ ان مہینوں کو بھی حلال نہ سمجھو یعنی ان میں ایسے اُمور کو حلال نہ جانو۔ **ف** عام مفسرین کہتے ہیں کہ یہ آیت منسوخ ہے کیونکہ اس میں مشرکوں سے ان مہینوں میں جنگ کی ممانعت ہے اور ناسخ اس کی یہ آیت ہے: وَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ کہاں کہیں مشرکین کو پاؤ قتل کر ڈالو۔ مگر محققین کہتے ہیں یہ آیت منسوخ نہیں کس لئے کہ اوّل آیت میں مشرکین کی بابت کوئی حکم نہیں کس لئے کہ قطع نظر سبب نزول کے اخیر کا جملہ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ صاف یہی کہہ رہا ہے کہ مشرکین کی ہدی اور خاص اُن سے ان ایام میں تعرض نہ کرو۔ اصل بات یہ ہے کہ ان دونوں آیتوں میں کچھ تعارض ہی نہیں نسخ کیسا؟ کس لئے کہ آیت وَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ کے یہ معنے نہیں کہ جہاں کہیں کسی مشرک کو پاؤ مار ڈالو کس لئے کہ جو مشرکین اسلام کے ساتھ مصالحت رکھتے اور امن میں ہیں وہ ہرگز قتل نہیں اور آیت ولا الشہر الحرام میں انھیں مشرکین سے تعرض نہ کرنے کی ممانعت ہے جو اسلام سے پُرخاش اور جنگ قائم نہیں رکھتے اور بجرم اسلام کسی مسلمان کو ایذا دینا گوارا نہیں کرتے۔

رہی یہ بات کہ اس تقدیر پر تو شہر حرام کی کیا خصوصیت، ہر مہینے میں ان سے تعرض نہ کرنا چاہیئے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ حقیقت میں یہی بات ہے مگر اُس زمانے میں مشرکین اور دیگر قبائل عرب باہمی مار دھاڑ سے بجز ان مہینوں کے امن سفر میسّر نہ آتا تھا اور وہ ان ہی مہینوں میں کعبہ میں نذر و نیاز لایا کرتے تھے اس لئے شہر حرام کی تخصیص کرنی پڑی، واللہ اعلم عند اللہ۔

سوم۔ ولا الہدی۔ امام واحدیؒ کہتے ہیں کہ ہدی وہ نذر و نیاز ہے جو اللہ تعالےٰ کے لئے کعبہ میں بھیجی جاتی ہے اونٹ اور گائے اور بکری۔ اس کا مفرد ہدیہ ہے بسکون دال۔ یعنی ان چیزوں سے بھی تعرض نہ کیا کرو۔ گرچہ شعائر اللہ میں یہ بھی شامل ہیں مگر تعمیم کے بعد تخصیص تاکید و اہتمام کے لئے ہے۔

چہارم۔ ولا القلائد۔ یہ قلادہ کی جمع ہے اور مراد اس سے وہ ہدی ہیں کہ جن کے گلے میں کوئی قلادہ یعنی پٹہ اس لئے

Marfat.com

ڈال دیا جاتا تھا کہ یہ اللہ تعالےٰ کی نیاز ہے پھر اس سے کوئی ایام جاہلیت میں تعرض نہ کرتا تھا۔ ایسی قربانیوں کے گلے میں عرب کے لوگ بھی کوئی بالوں کی رسّی بٹ کر ڈال دیتے تھے۔ کبھی اس کے جسم میں ذرا سا چرکا دے کر نشان بھی کر دیتے تھے۔ ہدی کے بعد قلائد کا ذکر بھی وہی تعمیم کے بعد تخصیص ہے۔

پنجم۔ ولا آمین البیت الحرام۔ اعمش نے آمی البیت الحرام بھی پڑھا ہے اضافت کی وجہ سے ن ساقط کر کے۔ امت بمعنے قصدت سے مشتق ہے یعنی کعبہ کے قصد کرنے والوں کو جو حج وعمرہ کے لئے آتے ہیں نہ چھیڑو۔ عام مفسرین نے اس جملہ کو بھی آیت فلا یقربوا المسجد الحرام بعد عامہم ہذا سے منسوخ کہا ہے۔ یعنے مشرکین کو خانۂ کعبہ میں آنے کی اس آیت میں ممانعت ہوگئی۔ پہلے جملہ سے اجازت ثابت ہوتی تھی۔ لیکن اگر یوں کہا جائے کہ یہاں بھی نسخ نہیں تو ممکن ہے۔ کس لئے کہ اس جملہ میں صرف یہ بات ہے کہ جو کوئی مسلمان یا مشرک خانۂ کعبہ کو آئے تو اس سے تعرض نہ کرو۔ یہ اور بات ہے کہ اب ان کو اس آیت میں آیندہ آنے کی ممانعت کر دی دونوں باتوں میں کچھ مخالفت نہیں۔

ف یبتغون الخ یہ جملہ مفسرین کے نزدیک آمین کی صفت ہے بر سبیل حال۔ پھر ان کا حج وعمرہ میں جب کہ آمین سے مشرکین مراد لیا جائے فضل اور رضائے الٰہی کے تلاش کرنے کے یہ معنے ہیں کہ بذریعۂ تجارت نفع چاہتے تھے جو فضل ربّی ہے اور اپنے اعتقاد میں حج وغیرہ سے اس کی رضا حاصل کرتے تھے۔ واذا حللتم الخ یعنے شکار کی ممانعت حرم واحرام میں ہے اور جب تم حلال ہو جاؤ یعنی احرام کھول دو یا حرم سے باہر نکل جاؤ تب شکار کرنا مضائقہ نہیں۔ یہ امر وجوب کے لئے نہیں بلکہ اباحت کے لئے ہی بہ قرینۂ اس بات کے کہ نہی کے بعد آیا ہے۔

ششم۔ ولا یجرمنکم شنآن۔ جرم بمعنے کسب تھا جب لا اس کے ساتھ لگا تو معنے لا یحملنکم کے ہوگئے وقیل لا یکسبنکم بغض قوم ان تعتدوا الحق لے الباطل شنآن کے معنے بغض

کے ہیں۔ مرد کو شنآن اور عورت کو شنآنہ کہا کرتے ہیں۔ یعنی تم کو جو انھوں نے مسجد الحرام سے روک دیا ہے اس بغض میں آکر تعدّی نہ کرو کیونکہ بُری بات کے بدلے میں بُرائی نہ کرنا چاہیئے بلکہ جو کوئی نیکی کرے اس میں مشارکت کرنی چاہیئے۔ اسی لئے اس کے بعد یہ (امر) صادر فرما دیا وتعاونوا علی البرّ والتقوٰی ولا تعاونوا علی الاثم والعدوان، اس میں نیکی میں شرکت اور اعانت کرنے اور بدی سے بچنے کا حکم دیا۔ امام احمدؒ اور عبد بن حمیدؒ اور بخاریؒ نے اپنی تاریخ میں وابصہ کے ذریعہ سے آنحضرت علیہ السلام سے بر (نیکی) اور اثم (گناہ) کی تفسیر میں یہ نقل کیا ہے کہ جس پر دل ٹکے وہ نیکی ہے اور جو دل میں کھٹکے وہ بدی ہے۔ حقیقت میں دل آئینۂ غیب ہے۔ سب کے بعد آیت کو واتقوا اللہ پر تمام کیا۔ کیونکہ تمام عملیات کا دارو مدار تقوٰی یعنی خوف خدا پر ہے اور خوف خدا قائم کرنے کے لئے ان اللہ شدید العقاب فرمایا۔

حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ

حرام کر دیا گیا ہے تم پر مُردار اور خون اور سُور کا

الْخِنْزِيرِ وَمَا أُهِلَّ لِغَيْرِ اللَّهِ بِهِ وَ

گوشت اور وہ جانور جس پر کہ اللہ تعالےٰ کے سوا اور کا نام پکارا گیا اور

الْمُنْخَنِقَةُ وَالْمَوْقُوذَةُ وَالْمُتَرَدِّيَةُ

جو گلا گھٹنے سے مرجائے اور جو لاٹھی یا پتھر کے مارنے سے مرجائے اور جو اوپر سے گر کر مر جائے

وَالنَّطِيحَةُ وَمَا أَكَلَ السَّبُعُ إِلَّا مَا

اور جو سینگ مارنے سے مرجائے اور وہ جانور جس کو درندے نے پھاڑا کھایا ہو مگر (وہ حلال ہے) جس کو

ف یہاں اُن چند چیزوں کا بیان ہے کہ جن کی نسبت فرمایا تھا کہ ان کو ہم ابھی بیان کریں گے ان کو اس خوان دنیا میں سے نہ کھانا (۱) مُردار (۲) خون (۳) سور کا گوشت۔ ان کی حُرمت توریت میں بھی ہے اور ان کا اخلاق اور جسم پر بُرا اثر پڑتا ہے۔ (۴) بُتوں کے نام پر جو جانور چھوڑا گیا اس لئے کہ اس میں حکمی نجاست ہے۔ (۵) گلا گھونٹا ہوا۔ (۶) چوٹ سے مرا ہوا (۷) گر کر مرا ہوا (۸) سینگ سے مرا ہوا (۹) درندوں کا پھاڑا ہوا اگر زندہ پا کر ذبح نہ کیا گیا ہو (۱۰) بتوں پر ذبح کیا ہوا (۱۱) گوشت یا اور کسی چیز کا پاسے ڈال کر تقسیم کرنا (باقی ص ۲۴۴ پر)

Marfat.com

ذَكَّيْتُمْ ۗ وَمَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ وَ

ہم نے ذبح کر لیا اور وہ جانور جو بتوں پر ذبح کیا گیا اور

اَنْ تَسْتَقْسِمُوْا بِالْاَزْلَامِ ۭ ذٰلِكُمْ

حرام ہے فال کے تیروں سے تقسیم کرنا۔ یہ گناہ کی

فِسْقٌ ۭ اَلْيَوْمَ يَىِٕسَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

بات ہے۔ آج کافر تمہارے دین سے ناامید

مِنْ دِيْنِكُمْ فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِ ۭ

ہو گئے، پھر ان سے نہ ڈرو اور مجھ سے ڈرو۔

اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ

آج میں نے تمہارے لئے تمہارا دین کامل کر دیا اور تم پر اپنی

عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ

(کل) نعمت پوری کر دی اور میں نے تمہارے لئے مذہب

الْاِسْلَامَ دِيْنًا ۭ فَمَنِ اضْطُرَّ فِيْ

اسلام پسند کیا۔ ہاں جو بھوک کے مارے

مَخْمَصَةٍ غَيْرَ مُتَجَانِفٍ لِّاِثْمٍ ۙ

بے قرار ہو جائے گناہگاری کا قصد نہ ہو

فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۳

تو اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے۔

ترکیب

حُرِّمت فعل مجہول المیتۃ مفعول مالم یسم فاعلہ والدم اور لحم الخنزیر اور ما اہل اور المنخنقۃ والموقوذۃ والمتردیۃ والنطیحۃ وما اکل السبع وما ذبح وان تستقسموا سب اس پر معطوف ہیں فمن اضطر شرط ہے محل رفع میں بسبب مبتدا ہونے کے غیر حال ہے فان اللہ جواب شرط اور عائد محذوف ہے الے لہ۔

تفسیر

یہاں سے ان حرام چیزوں کا بیان شروع ہوتا ہے کہ جن کا پہلی آیت اِلَّا مَا یُتْلٰی علیکم میں بیان کرنے کا اشارہ فرمایا تھا۔ اور یہ وہ چیزیں ہیں کہ جو حلال چیزوں سے مستثنیٰ کی گئی تھیں اور وہ گیارہ چیزیں ہیں (۱) المیتۃ یعنی مُردار، بیضاوی رح فرماتے ہیں والمیتۃ ما فارقہ الروح من غیر تذکیۃ کہ میتہ اُس جانور کو کہتے ہیں کہ جس کی روح بغیر ذبح کئے نکل جائے۔ اس میں کسی جانور کی خصوصیت نہیں خواہ چرند ہو خواہ پرند۔ عرب کے محاورہ میں خصوصًا جب کہ قرآن مجید نازل ہو رہا تھا میتہ کو اسی عام معنی پر اطلاق کرتے تھے اس میں بہیمہ کی کوئی خصوصیت نہیں کیونکہ اگر میتہ سے خاص بہیمہ ہی مراد ہوتا تو خود حضرت پیغمبر علیہ السلام کہ جن پر قرآن نازل ہوا ہے اور جن سے بہتر کوئی شخص قرآن کے معانی و مطالب نہیں جان سکتا میتہ میں مچھلی اور ٹڈی کو شامل کر کے پھر اس سے مستثنیٰ نہ کرتے۔ دیکھو آپ فرماتے ہیں احل لنا میتتان ودمان فاما المیتتان فالحوت والجراد واما الدمان فالکبد والطحال، کہ خدا تعالیٰ نے ہمارے لئے دو میتہ اور دو خون حلال کر دیئے دو میتہ سے مراد مچھلی اور ٹڈی اور دو خون سے مراد کلیجی اور تلی ہے۔ اس حدیث کو امام شافعی رح اور امام احمد بن حنبل رح اور ابن ماجہ اور دار قطنی رح اور بیہقی رح وغیرہ نے روایت کیا ہے اور اسی کی مؤ

بقیہ حاشیہ ص۲۴۳) جیسا کہ عرب کا دستور تھا کہ وہ تیروں کے پاسے ٹال کر تقسیم بھی کرتے تھے اور اسی پر سفر اور نکاح وغیرہ کاموں میں کاربند تھے۔ یہ جوا ہے جو بازی اور اس قوم کے لئے جو دنیا کی قوموں کی رہبر بنائی جائے بدنما ہے ان گیارہ چیزوں کی حرمت بیان فرما کر ارشاد فرماتا ہے کہ اب کفار کو تمہارے دین کی طرف سے ناامید ہو گئی۔ کیونکہ اب مسلمانوں کا دستور و قانون مرتب ہو گیا ان کو کفار کے رسم و رواج سے بے نیازی ہو گئی اور یہ قانون بھی مکمل ہے اس میں دست اندازی کا کوئی موقعہ نہیں رہا ایسی حالت میں جب کہ کفار کی امیدیں اسلام سے پھر جانے کی جاتی رہیں تو طبعی

بات ہے کہ وہ ستاویں گے پر تم اے مسلمانو! ان سے کچھ خوف نہ کرو خدا تعالیٰ سے ڈرتے رہو، کس لئے کہ خدا ترس کی ہیبت مخالف پر پڑتی ہے۔ یہ جملہ معترضہ تھا۔ اس کے بعد پھر انہیں حرام اشیاء میں کلام کرتا ہے کہ اگر کوئی بھوک سے مرتا ہو اور کچھ نہ ملے اور شکم پری اور نفس کی خواہش مقصود نہ ہو تو خدا تعالیٰ معاف کرنے والا ہے اگر کھالے ۱۲ منہ

Marfat.com

ایک اور حدیث ہے جس کو اصحابِ سُنن اور احمدؒ اور جماعتِ محدثین نے اسنادِ مختلفہ سے روایت کیا ہے کہ سمندر کا پانی پاک اور اُس کی میتۃ یعنی بغیر ذبح کی ہوئی مچھلی حلال ہے اور جس مفسّر نے المیتۃ کے اوّل لفظ البہیمۃ کو موصوف مقدر مانا ہے تو فرد غالب کا لحاظ کیا ہے نہ کہ حصر۔ اس آیت میں بعبارۃ النص اس بات کی تصریح ہے کہ جس جانور کو خواہ پرند ہو مُرغی وغیرہ یا کوئی چرند بہائم گائے، بکری جب تک ذبح نہ کیا جائے حرام ہے بجز مچھلی اور ٹڈی کے اور کوئی جانور ذبح سے مستثنیٰ نہیں ہو سکتا اور سب سے بڑھ کر یہ ہے کہ خود اللہ تعالےٰ نے فرما دیا ولا تاکلوا مما لم یذکر اسم اللہ علیہ کہ جس پر خدا تعالےٰ کا نام نہ لیا جاوے جو ذبح میں لیا جاتا ہے اس کو نہ کھاؤ اس میں پرند کی کوئی خصوصیت نہیں۔ لفظِ ما عرب کی زبان میں عام ہے اپنے معنی پر قطعاً دلالت کیا کرتا ہے اِس سے صرف مچھلی اور ٹڈی ہی مستثنیٰ ہو سکتی ہیں کہ جن کو کسی خاص وجہِ الہامی سے خود پیغمبر علیہ السّلام نے مستثنیٰ کیا۔ اب جو بعض محرّفینِ کلامِ الٰہی نے نصاریٰ کی خوشامد سے آیتِ مذکورہ سے جاہلانہ اگر مگر ملا کر پرند خصوصاً مرغی کو بغیر ذبح کے حلال کیا اور گلا گھونٹی مرغی کو المنخنقۃ سے باطل تاویل کر کے حلال بنایا ہے اور اُس کو طعامِ اہلِ کتاب بنا کر مباح کیا ہے محض لغو اور سراسر بے دینی اور علمِ قرآن و حدیث سے محض ناواقفی ہے۔ اوّل تو آیات کے عموم کو بلاوجہ وجیہ خاص کرنا اور پھر آج کل کے انگریزوں کو جو اکثر عیسائی نہیں بلکہ ملحد اور دہریہ ہیں اہلِ[1] کتاب قرار دینا اور پھر اُن کے طعام کو عام رکھنا نہ اس میں سے شراب کو مستثنیٰ کرنا نہ سُور کو نہ مُردار کو ایک جاہلانہ گفتگو ہے جس کی طرف کوئی مسلمان سلف سے لے کر خلف تک کان بھی نہیں لگا سکتا۔

(۲) الدم یعنی خون۔ صاحبِ کشاف فرماتے ہیں کہ عرب میں یہ بھی دستور تھا کہ وہ خون کو جما کر توے پر بھون لیا کرتے تھے یا تل لیا کرتے تھے پھر اُس کو کھاتے تھے مگر وہ خون جس کا کھانا اس آیت میں حرام کر دیا ہے دَم مسفوح ہے یعنی وہ خون جو بہہ سکتا ہے یا بہایا گیا۔ اس سے وہ خُون جو کہیں گوشت پر لگا رہتا ہے یا کلیجی اور تلّی مستثنیٰ ہے۔

(۳) لحم الخنزیر۔ یعنی سور کا گوشت۔ اس میں اُس کی چربی اور بال کھال سب شامل ہیں۔

(۴) ما اہل لغیر اللہ۔ یہ وہ جانور جو خدا تعالےٰ کے سوا کسی اور کے نام پر پکارا گیا ہو۔ ایامِ جاہلیت میں مشرکین اپنے بُتوں کے نام پر جانور چھوڑ دیتے تھے جس طرح اب تک ہندو دیوی دیوتاؤں کے نام پر سانڈ چھوڑتے ہیں جن کو وہ لوگ ادباً چھیڑتے نہ تھے۔ ان کا بُتوں کے نام پر چھوڑنا اہلال لغیر اللہ ہے جس سے وہ جانور شریعتِ محمدیہؐ میں بُت پرستی کی تحقیر کے لئے ناپاک اور حرام قرار دیا گیا۔ مگر عام مفسرین کا یہ قول ہے کہ صرف اُس کا نام پکارنے سے وہ جانور اس مرتبہ میں نہیں پہنچ گیا کہ اب جو کوئی اللہ تعالیٰ کے نام سے اُس کو ذبح کرے تب بھی وہ حرام ہی رہے بلکہ مراد یہ کہ جو بُتوں کے نام پر ذبح کیا جائے جیسا کہ جاہلیت کا دستور تھا اور پھر اس میں اور ما ذُبح علے النصب میں یہ فرق ہوگا کہ اوّل میں خاص بُتوں کا نام لے کر ذبح کرنا دوسرے میں بُتوں کے لئے ذبح کرنا نام لیں یا نہ لیں۔ یہ بحث سورۂ بقرہ میں ہو چکی ہے اُس کو وہاں دیکھنا چاہیئے۔

(۵) المنخنقۃ۔ یعنی جو جانور گلا گھونٹنے سے مر جائے۔ خنق

---

[1] اہلِ کتاب اور اُن کے طعام سے جو کہ حلال کیا گیا ہے کیا مراد ہے؟۔ اس کی تفسیر آگے چل کر ہم خوب بیان کریں گے۔ مگر مختصراً یہ ہے کہ اہلِ کتاب سے مراد یہود ہیں جو توریت اور شریعتِ موسویہؑ کی پابندی کا دعویٰ کرتے ہیں اور عیسائی بھی جو توریت اور انجیل اور شریعتِ عیسویہؑ کی پابندی کے مدعی ہیں یہ اور بات ہے کہ وہ اس ادعا میں کامل ہیں یا ناقص، سچے ہیں یا جھوٹے نہ کہ وہ ملحد کہ اُن کو برائے نام عیسائی کہا جاتا ہے اور دراصل وہ اپنے اس مذہب کو بھی ہیچ و پوچ سمجھتے ہیں نبوت اور الہامِ الٰہی پر قہقہہ اُڑاتے ہیں جیسا کہ فرنگستان کے اکثر لوگ۔ اور اُن کے طعام سے مراد وہ چیزیں ہیں کہ جن میں شریعتِ محمدیہؐ کے برخلاف چیزیں نہ ہوں خصوصاً وہ کہ جن کو نص نے ممنوع نہ کیا ہو ۱۲ منہ

Marfat.com

اور اختناق گلا گھٹنا، اس کی تین صورتیں ہیں۔ اوّل یہ کہ ایام جاہلیت میں بغیر ذبح کرنے کے یوں بھی جانور کا گلا گھونٹ کر مار ڈالتے تھے پھر اُس کو کھاتے تھے۔ دوم یہ کہ کسی رسّی کے پھندا لگ جانے سے گلا گھٹ کر مرجاوے۔ سوم یہ کہ درختوں کی ٹہنیوں میں گردن پھنس جانے سے گلا گھٹ کر مرجاوے تینوں صورتوں میں یہ جانور چونکہ بغیر ذبح کئے مرا ہے میتہ یعنی مُردار ہے سو یہ بھی حرام ہے (تفسیر کبیر) اس میں اس کی کوئی قید نہیں کہ اگر وہ جانور مرغی ہے اور کسی جنٹلمین کے گورے گورے ہاتھوں سے اُس کی گردن مروڑی گئی ہے تو وہ حلال ہے۔ اور جس کو حرام کھانے، شراب پینے سے کچھ نہ ہو تو پھر کیا ضرورت ہے کہ زمین آسمان کے قلابے ملا کر قرآن میں تحریف کرکے اُس کو حلال بھی بنادے۔

(۶) الموقوذۃ، وقذ ہا بمعنے ضرب، یعنی جس جانور کو لٹھ سے یا پتھر سے مار دیا جاوے جیسا کہ عرب کا دستور تھا یہ بھی ذبح نہ ہونے کی وجہ سے میتہ اور حرام ہے اور وہ جانور کہ جو بندوق کی گولی سے مارا جاوے وہ بھی موقوذہ میں شمار ہے۔ شکار کھیلنے میں شریعت نے یہ اجازت دی ہے کہ شکار اگر ہاتھ آکر ذبح نہ ہوسکے تو بسم اللہ پڑھ کر دھاردار چیز نیزہ یا تیر پھینک کر مار دینے سے اگر اُس کا جسم کٹ کر خون نکلے خواہ کہیں لگے وہ جانور حلال ہے۔ اسی طرح شکاری کتے کا بسم اللہ پڑھ کر چھوڑنا بھی ذبح میں داخل ہے اگر اس کی گرفت میں وہ جانور مرجائے گا حلال ہوگا، مگر جو چیز شکار پر پھینکی جائے دھاردار ہو ابن عمرؓ اور امام مالکؒ اور امام ابو حنیفہؒ اور شافعیؒ اور سفیان ثوریؒ وغیرہم کا یہی فتوے ہے۔ مگر بعض علماء نے بسم اللہ کہہ کر گولی کے مارنے سے جو مرجاوے اُس کو بھی حلال بتایا ہے اور دلیل اس پر عدی بن حاتمؓ کی وہ حدیث ہے کہ جس کو بخاریؒ اور مسلمؒ نے روایت کیا ہے کہ یارسول اللہ ﷺ! میں تیر سے شکار کھیلا کرتا ہوں اس میں کیا فرماتے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا جب دھار کی طرف سے لگ کے تو کھا اور جو اُس کے عرض کی سے مرے تو مت کھا۔ اور گولی میں کٹنا نہیں پایا جاتا بلکہ بارود کے زور سے ٹوٹنا اور اُس میں دھار ہے۔ ہاں قاضی شوکانیؒ اس میں اختلاف کرتے ہیں۔

(۷) المتردیۃ، تردی کہتے ہیں اُوپر سے نیچے گر پڑنے کو، جو جانور پہاڑ یا کسی درخت یا چھت پر سے گر کر مرجاوے اس کو متردیہ کہتے ہیں یہ بھی بہ سبب ذبح نہ ہونے کے میتہ میں شمار ہے۔

(۸) النطیحۃ بروزن فعیلۃ بمعنے مفعولۃ، نطح کہتے ہیں سینگ مارنے کو، نطیحہ وہ جانور جو دوسرے جانور کے سینگ مارنے سے مرجاوے یہ بھی بسبب ذبح نہ ہونے کے میتہ ہے۔

(۹) ما اکل السبع، وہ جانور کہ جس کو کسی درندے نے پھاڑ کھایا ہو اور وہ اُسی حالت میں بغیر ذبح کئے مرگیا ہو وہ بھی حرام ہے (الّا ما ذکیتم) یہ سب اقسام کی طرف راجع ہے یعنی موقوذہ اور متردیہ اور نطیحہ اور جس کو درندے نے پھاڑ کھایا حرام ہیں مگر جب کہ تم ان کو زندہ پالو اور ذبح کرلو تب درست ہیں ذکوٰۃ کلام عرب میں ذبح کے لئے آتا ہے اور لغت میں بمعنے تمام اور تیزی طبع کے بھی آتے ہیں (الذکوٰۃ) شرع میں شاہ رگوں اور حلقوم کو کاٹ کر خون نکالنا (یہ اُس جانور کے لئے جو ذبح کیا جاوے) اور نحر کرنا ہے اور جس پر ذبح کی قدرت نہ ہو تو اُس کی بسم اللہ کہہ کر کوئی نچیں کاٹنا یا زخمی کردینا ذکوٰۃ ہے۔ اور جس آلہ سے ذکوٰۃ واقع ہوتی ہے وہ جمہور کے نزدیک بجز ناخن اور دانت کے ہر دھاردار چیز ہے جیسا کہ احادیث صحیحہ میں آیا ہے۔

(۱۰) ما ذبح علی النصب، یعنی وہ جانور جو نصب کے لئے ذبح

لہ اس کو کلب تعلیم کردہ کہتے ہیں اور اس میں باز اور چیتا بھی شامل ہے یعنی جو قابل تعلیم ہوں اور نجس العین نہ ہوں ان سے شکار کرنا درست ہے۔ بسم اللہ کہہ کے چھوڑنا ذبح کرنا ہے مگر اس شکار میں زخم ہو کر خون نکلنا چاہئے اور بعض روایت میں خون نکلنا کچھ شرط نہیں جیسا کہ امام شافعیؒ کا مذہب ہے۔ (درالمختار) ۱۲ منہ

لہ بعد جو اُس کی لکڑی یا چھڑے رمح سے تیر کا پھل لگے۔

الموقوذۃ شکار میں جانور مارے جانے کا بیان

ف ذبح کا بیان

Marfat.com

کیا جائے۔ نصب اُن گھڑت پتھروں کو کہتے ہیں کہ جن کو مشرکین پُوجتے اور نذر و نیاز کے لئے کھڑا کر لیتے ہیں اور اصنام وہ جن میں صورت کھُدی ہو۔ ایامِ جاہلیت میں مشرکینِ عرب کہیں تو ترشے اور کھُدے ہوتے پتھر کھڑے کر لیتے تھے اور کبھی ایسے ہی اُن گھڑت پتھر کھڑے کر کے اُن پر اپنے دیوی دیوتاؤں کے نام سے قربانیاں کرتے اور کچھ خون اُن پر بھی چھڑک دیتے تھے جیسا کہ اب تک ہندوؤں میں دستور ہے اس کو بھی خدا تعالےٰ نے نجس قرار دیا اور حرام کر دیا۔

(۱۱) وان تستقسموا بالازلام، یعنی فال کے تیروں سے تقسیم کرنا۔ ازلام زلم کی جمع ہے جس کے معنے برابر کرنے کے ہیں۔ چونکہ ایامِ جاہلیت میں تیر رکھ چھوڑتے تھے جن سے پاسے کے طور قربانی کے گوشت اور دیگر چیزوں کی تقسیم اس طور سے کرتے تھے جو ایک قسم کا جُوا ہوتا تھا اس کو بھی حرام کر دیا۔ مثلاً کسی تیر پر تین حصے کسی پر دو حصے کسی کو خالی قرار دے کر ان کو کسی کپڑے کی تھیلی میں سے ہاتھ ڈال کر نکالتے تھے اگر جس پر دو حصے مقرر تھے وہ نکل آیا تو وہ دو حصے لے گیا اور جس کے لئے خالی نکلا تو وہ محروم رہا اور اسی طرح کسی تیر پر لکھا تھا کہ کسی پر نہ کر کسی کو خالی رکھا یہ جس کام کو کرنا چاہتے تو اسی طرح سے ان تیروں کو نکالتے اگر وہ تیر نکلا کہ جس پر کرنا لکھا تھا تو اُس کام کو کرتے ورنہ ترک کرتے اور جو خالی تیر نکلتا تو بارِ دیگر اس عمل کو کام میں لاتے تھے اگرچہ آیت میں عموماً ان سب قسم کی لغو حرکات کو حرام کر دیا مگر یہاں گوشت کی اسی طرح سے تقسیم کرنے کی طرف اشارہ ہے جو وہ اپنے بُتوں کے چڑھاوے کے گوشت کو تقسیم کرتے تھے۔ اور قرعہ میں جس کو شرع نے جائز رکھا ہے اور اس پاسے اندازی میں بڑا فرق ہے۔ قرعہ حصصِ مساویہ پر ڈالا جاتا ہے اس میں کسی کو مضرت نہیں پہنچتی نہ کچھ عیب جوئی مقصود ہوتی ہے۔ ف جن چیزوں کو اس آیت میں حرام کیا ہے ان کی تین قسم ہیں اوّل وہ کہ اُن کی ذات میں ایسی خباثت دائمی پائی جاتی ہے کہ انسان کے اخلاق اور رُوح پر بُرا اثر پیدا کرتی ہے اور وہ میتہ اور دم اور لحم خنزیر ہے۔ دوم وہ کہ ان جانوروں کو بُتوں کے نام اور اُن کی نیاز کے لئے ذبح کیا گیا ہے اور یہ خباثت ان میں عارض ہو گئی ہے ورنہ بذاتِ خود ان جانوروں میں کوئی قباحت نہیں۔ سوم وہ کہ ان میں عارضی قباحت ہے مگر ان کی اصلاح ممکن ہے۔ دوم قسم میں اہل لغیر اللہ جو زیادہ نجس ہے اور ماذبح علی النصب قسمِ سوم میں داخل ہے اور گیارہویں قسم کوئی جداگانہ نہیں بلکہ ان ہی کے گوشت کی بُری تقسیم ہے پھر ان تینوں قسموں کو کس خوبی اور لحاظ مراتب سے خدا تعالےٰ نے مقدم اور مؤخر کیا ہے کہ بیان سے باہر ہے اس کے بعد الیوم سے لے کر رضیت لکم الاسلام دینا تک جملہ معترضہ کے طور پر یہ بات بتلائی ہے کہ ابتدائے اسلام میں نہ تو بعض مصالح کی وجہ سے ان اشیاء کی حلّت و حرمت بیان ہوئی تھی اور نہ مخالفین کے جور و ظلم سے شرائع اسلام پر عمل کرنے کی آزادی تھی اس لحاظ سے کہ کفار اس چشمۂ غیبی کو اپنے تعصّب کے لیتے اور مٹی سے روکنا چاہتے تھے اور مسلمانوں کو بار دیگر اپنے مذہب میں پھر آنے کی طرف مجبور کرتے تھے آخر وہ چشمۂ غیبی اس روک سے اور بھی چاروں طرف ایسا پھُوٹ نکلا کہ اب مخالفین کو اُس کے بند کرنے کی اُمید بھی باقی نہ رہی اور تمام کمال شرائع ظاہر کر دیئے گئے۔ اے اہلِ اسلام! اب تم کو کسی کا خوف نہیں رہا، اس بات پر میرا شکر کرو۔ اس کے بعد فمن اضطر سے لے کر غفور رحیم تک یہ بات بیان کرتا ہے کہ یہ جانور جو ہم نے حرام کئے ہیں اسی حالت میں ہیں کہ جب ان سے بچ کر ملائکت میں نہ پڑ سکو اور جب ایسی حالت ہو کہ جس کو اضطرار اور مخمصہ سے تعبیر کیا جاتا ہے اور اس شخص کی نیت حرام خوری کی بھی نہ ہو صرف بھوک

ع مخمص یا خمیص پیر کے تلوے کے گڑھے کو کہتے ہیں۔ بھوک میں پیٹ میں گڑھا پڑتا ہے اس لئے بھوک کو مخمصہ کہتے ہیں ۱۲ منہ

Marfat.com

سے جان بچانا یا سخت دشمن سے جان بچانا مقصود ہو تو اس کے لئے ان چیزوں کی اجازت ہے مگر اس کے ساتھ غفور رحیم کے لفظ سے اس طرف بھی اشارہ کر دیا کہ یہ حالتِ اجازت بھی خطرہ سے خالی نہیں مگر وہ تم کو معاف کر دے گا۔

يَسْـَٔلُونَكَ مَاذَآ أُحِلَّ لَهُمْ ۖ قُلْ أُحِلَّ

(اے نبی ﷺ) وہ آپ سے پوچھتے ہیں کہ ان کے لئے کیا حلال کیا گیا ہے؟ کہدو تم کو پاکیزہ

لَكُمُ ٱلطَّيِّبَٰتُ ۙ وَمَا عَلَّمْتُم مِّنَ ٱلْجَوَارِحِ

چیزیں حلال ہیں اور شکار بھی سکھائے ہوئے شکاری

مُكَلِّبِينَ تُعَلِّمُونَهُنَّ مِمَّا عَلَّمَكُمُ

جانوروں کو کہ جن کو تم وہ طریقہ سکھاتے ہو جو تم کو خدا تعالیٰ نے سکھایا ہے۔

ٱللَّهُ ۖ فَكُلُوا۟ مِمَّآ أَمْسَكْنَ عَلَيْكُمْ وَ

(حلال ہے) پس جو کچھ وہ تمہارے لئے شکار پکڑیں تو اس کو کھا لیا کرو اور

ٱذْكُرُوا۟ ٱسْمَ ٱللَّهِ عَلَيْهِ ۖ وَٱتَّقُوا۟

اس پر اللہ تعالیٰ کا نام لیا کرو، اور اللہ تعالیٰ سے ڈرتے

ٱللَّهَ ۚ إِنَّ ٱللَّهَ سَرِيعُ ٱلْحِسَابِ ﴿٤﴾

رہو۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ جلد حساب لینے والا ہے۔

ٱلْيَوْمَ أُحِلَّ لَكُمُ ٱلطَّيِّبَٰتُ ۖ وَطَعَامُ

آج تمہارے لئے پاک چیزیں حلال کر دی گئیں۔ اور اہل کتاب

ٱلَّذِينَ أُوتُوا۟ ٱلْكِتَٰبَ حِلٌّ لَّكُمْ ۖ وَطَعَامُكُمْ

کا کھانا بھی تمہیں حلال ہے۔

وَطَعَامُكُمْ حِلٌّ لَّهُمْ ۖ وَٱلْمُحْصَنَٰتُ

اور تمہارا کھانا انہیں حلال ہے۔ اور ایماندار

مِنَ ٱلْمُؤْمِنَٰتِ وَٱلْمُحْصَنَٰتُ مِنَ ٱلَّذِينَ

پاک دامن عورتیں اور ان لوگوں کی پارسا عورتیں بھی کہ جن کو

أُوتُوا۟ ٱلْكِتَٰبَ مِن قَبْلِكُمْ إِذَآ

تم سے پہلے کتاب دی گئی ہے (وہ بھی حلال ہے) جب کہ

ءَاتَيْتُمُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ مُحْصِنِينَ

ان کے مہر ادا کر دو اور تم کو پاکدامنی بھی

غَيْرَ مُسَٰفِحِينَ وَلَا مُتَّخِذِىٓ أَخْدَانٍ ۗ

مقصود ہو نہ یہ کہ مستی نکالنا اور خفیہ آشنائی کرنا۔

وَمَن يَكْفُرْ بِٱلْإِيمَٰنِ فَقَدْ حَبِطَ

اور جس نے ایمان کی باتوں سے انکار کیا اس کا کیا کرایا غارت ۵

عَمَلُهُۥ وَهُوَ فِى ٱلْـَٔاخِرَةِ مِنَ ٱلْخَٰسِرِينَ ﴿٥﴾

ہوا اور وہ آخرت میں بھی خسارہ پانے والوں میں ہو گا۔

ترکیب

وما بمعنے الذی والتقدیر صید ما علمتم۔ من الجوارح حال ہے ہاتے مخذوفہ سے یا ما سے جوارح جمع جارحۃ اے الکواسب یعنی شکار کرنے والے جانور جیسا کہ کتا اور باز مکلبین بالتخفیف والتشدید حال ہے ضمیر علمتم سے تعلمونھن جملہ مستانفہ بھی ہو سکتا ہے اور ضمیر مکلبین سے حال بھی ہو سکتا ہے طعام الذین مبتدا حلّ لکم خبر وطعامکم مبتدا حل لہم خبر والمحصنٰت معطوف ہے الطیبات پر اذا اٰتیتموھن ظرف ہے حلّ کا محصنین حال ہے ضمیر مرفوع اٰتیتموھن سے غیر صفت ہے محصنین کی ولا متخذی اس پر معطوف ہے۔

تفسیر

یہ بھی پہلی آیت کا تتمہ ہے و ایام جاہلیت میں عرب کی قومیں باوجودے کہ بعض چیزوں کو پاک اور ستھری سمجھتی تھیں مگر اپنے واہی شبہات سے ان کا کھانا حرام جانتے تھے (حالانکہ شریعت نے جن چیزوں کو حرام کیا ہے وہ یا تو ناپاک اور گندی ہیں یا ان میں بت پرستی کی وجہ سے عارضی ناپاکی آ گئی ہے) جیسا کہ بحیرہ اور سائبہ سو اس لئے وہ پیغمبر علیہ السلام سے سوال کرتے تھے ان کے جواب میں فرمایا کہ سب پاک اور ستھری چیزیں تمہارے لئے حلال ہیں اس میں نہ افراط ہے نہ تفریط وما علمتم یعنے کھانے پینے کی نہ صرف یہی پاک چیزیں تمہارے

Marfat.com

حلال ہیں بلکہ تمھارے تعلیم کئے ہوئے شکاری کتوں کے وہ شکار بھی تمھارے لئے حلال ہیں کہ جو وہ تمھارے لئے پکڑتے ہیں۔ اس آیت سے تمام اُمّت کا اس بات پر اتفاق ہے کہ جس کتے کو شکار کرنا سکھایا جائے، اور امتحان ہو جاوے کہ وہ ہمارے کہنے سے مُنہ شکار پر ڈالتا اور منع کرنے سے رُک جاتا ہے۔ (تُعَلِّمُونَهُنَّ مِمَّا عَلَّمَكُمُ اللّٰهُ سے اسی طرف اشارہ ہے) اور خود نہیں کھاتا، بشرطیکہ اس کو بسم اللہ کہہ کے چھوڑا ہو جیسا کہ واذکروا اسم اللہ علیہ سے مستفاد ہے، اُس کا کھانا بغیر ذبح کئے بھی درست ہے گویا یہ اُس کا پکڑ کر اُس کو پھاڑنا ذبح کرنا ہے۔ اس میں بعض نے اُس کے پھاڑنے کی بھی قید لگائی ہے۔ بعض کہتے ہیں اس کی کچھ قید نہیں۔ اس قدر تو قرآن کی عبارت سے صاف طور سے معلوم ہوتا ہے۔ آئندہ آیت کے الفاظ پر بحث کر کے علماء نے اپنے اجتہاد اور اخبار سے اختلاف کیا ہے۔ (۱) من الجوارح، اس کو جمہور نے جرح واجترح بمعنے اکتسب سے لیا ہے اور اس کی تائید اس آیت سے ہوتی ہے والذین اجترحوا السیّات لے اکتسبوا وقال وتعلم ما جرحتم بالنہار لے تکسبتم یعنی کمانے والے جانور اس میں کتے کی کوئی خصوصیت نہیں بلکہ چیتا اور باز اور صقر بجز نجس العین جانوروں کے جو قابل تعلیم ہیں سب شامل ہیں اور ان کے شکار میں زخم کرنے کی بھی کوئی قید نہیں، مگر بعض علماء نے جرح کو زخم کے معنے میں لے کر یہ بات ثابت کی ہے کہ اس شکار میں اُن کے پکڑنے سے زخم ہو کر خون بھی نکلنا چاہیئے اور جو خون نہ نکلے گا تو اُس کو بغیر ذبح کے کھانا درست نہیں ہوگا۔ (۲) مکلّبین، جمع مکلّب کی ہے اور مکلّب اُس شخص کو کہتے ہیں جو شکاری جانوروں کو شکار کرنا سکھاوے اور چونکہ کتا سب میں زیادہ اس صنعت کو قبول کرتا ہے اس لئے اس کو کلب سے لیا گیا اور مراد عام ہے جس میں اور جانور بھی شامل ہیں اور نیز عرب میں ہر ایک درندہ پر لفظ کلب کا اطلاق ہوتا تھا خواہ مجازاً خواہ حقیقۃً۔ اور ضحاکؒ اور سدیؒ اور ابو جعفرؒ نے لفظ کلب جس کے معنے کتا ہیں نقل کر کے اُس کو کتے کے شکار میں مخصوص کیا ہے اور دیگر جانوروں کے شکار کو بغیر ذبح کے نادرست قرار دیا ہے۔ عبداللہ بن عمرؓ کی بھی یہی رائے تھی۔ اور پھر کتوں میں سے کالے کتے کے شکار کو حسنؒ اور قتادہؒ اور نخعیؒ اور ابن راہویہؒ نے مستثنیٰ کیا ہے کہ اس کو حضرت پیغمبر علیہ السلام نے بلفظ شیطان تعبیر کیا ہے۔ اُس کا شکار بھی درست نہیں مگر جمہور نے عام رکھا ہے اور ان ہی کے دلائل قوی ہیں (۳) جمہور کے نزدیک بقید لفظ مما امسکن علیکم۔ اور حدیث عدی بن حاتمؓ سے کہ جس کو بخاریؒ اور مسلمؒ نے روایت کیا ہے یہ بات ثابت ہے کہ جو شکاری کتا شکار پکڑ کر آپ کھانے لگے اُس کا شکار بغیر ذبح کے درست نہیں کیونکہ قرآن مجید اور حدیث میں یہ لفظ ہے کہ "جو تمھارے لئے پکڑے" مگر اب اُس نے اپنے لئے پکڑا اور نیز اوّل صورت میں تو وہ بمنزلہ ایک آلہ یا حربہ کے تھا اور جب اُس نے اپنے لئے ایک فعل خلاف منشاء شکاری کیا تو وہ ایک مستقل ہو گیا پھر کُتے کے مارے کو بغیر ذبح کے کیونکر کھایا جاوے۔ اوّل صورت میں وہ کتا بمنزلہ چھری کے تھا مگر بعض علماء جیسا کہ عطاء بن ابی رباحؒ اور اوزاعیؒ اور سلمان فارسیؓ اور سعد بن ابی وقاصؓ یہ کہتے ہیں کہ امسکن علیکم کے منافی نہیں کہ کچھ شدّت گرسنگی میں اس نے بھی کھا لیا ہو اس لئے یہ شکار بھی درست ہے اس صورت میں بھی کُتے کا شکاری کے لئے شکار مارنا پایا جاتا ہے اور اس کی سند میں وہ حدیث پیش کرتے ہیں کہ جس کو ابو داؤدؒ نے ابو ثعلبہؓ سے اور نسائیؒ نے عمرو بن شعیبؒ عن ابیہ عن جدّہٖ سے روایت کیا ہے کہ آنحضرت علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ جب تم کُتے کو بسم اللہ پڑھ کر چھوڑو تو شکار کو کھا لو گو وہ بھی اس میں سے کھا لے۔

اس آیت کا **شانِ نزول** یہ ہے کہ عدی بن حاتمؓ شکاری تھے انھوں نے آنحضرت علیہ السلام سے یہ مسئلہ پوچھا

Marfat.com

تھا اُس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ اور نیز احادیث میں اکثر ان ہی کے سوال کے مطابق شکار کے مسائل ذکر فرمائے گئے ہیں۔ تیر سے بسم اللہ پڑھ کر شکار مارنا یا کسی اور دھار دار چیز سے اسی پر قیاس کیا گیا ہے اور اس بارے میں احادیث صحیحہ بھی وارد ہیں جیسا کہ عدی بن حاتمؓ کی وہ حدیث جو صحیحین میں ہے وہ کہتے ہیں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! میں تیر سے بھی شکار کیا کرتا ہوں آپؐ نے فرمایا اگر دھار سے مرے اور زخم ہو تو کھا اور جو اُس کے عرض یعنی بغیر دھار کے دوسری طرف سے لگ کر اُس کے صدمہ سے مرے تو نہ کھا کیونکہ وہ موقوذہ ہے۔ واذکروا اسم اللہ علیہ، جمہور مفسّرین کے نزدیک اللہ تعالےٰ کا نام اُس پر لینے سے کُتّا چھوڑتے وقت بسم اللہ کہنا مراد ہے اور حدیثِ عدیؓ جو صحیحین میں ہے اُسی کی مؤید ہے ان ارسلت کلبک وسمیت فاخذ فکل مگر بعض علماء نے اس سے کھانے کے وقت بسم اللہ کہنا مراد لیا ہے علامہ قرطبیؒ اسی کو اُن احادیث سے کھانے کے وقت جو بسم اللہ کہنے کے بارے میں آئی ہیں ترجیح دیتے ہیں۔ مگر یہ وہم ہے کیونکہ کھانے کے وقت بسم اللہ کہنا اور حکم ہے اور تیر چلاتے یا شکاری کُتا چھوڑتے وقت بسم اللہ کہنا جُداگانہ حکم مؤکّد ہے۔ احلّ لکم الطیبات کا اعادہ گویا طعام اہل الکتاب حل لکم کے لئے نہ صرف تمہید بلکہ اس بات کا اعلان بھی ہے کہ اہل کتاب کا ہر کھانا تمہارے لئے حلال نہیں بلکہ صرف طیبات کہ جن میں شرعی یا عرفی کوئی ناپاکی یا بدمزگی نہ ہو۔

طعام اہل کتاب میں جمہور مفسّرین کے تین قول ہیں۔ (۱) اُن کے ذبائح (۲) اُن کے ہاں کی روٹی اور میوے وغیرہ وہ چیزیں جن میں ذبح کی حاجت نہیں پڑتی اور یہ قول بعض ائمہ زیدیہ سے منقول ہے (۳) عموماً ذبائح و دیگر مطعوماتِ طیبہ۔ اوّل قول قوی ہے بقرینۂ مقام۔

اہل کتاب سے جمہور کے نزدیک یہود و نصاریٰ مراد ہیں اور بعض کہتے ہیں کہ خاص بنی اسرائیل۔ مجوس جمہور کے نزدیک اہل کتاب نہیں آنحضرت علیہ السلام نے مقام ہجر کے مجوسیوں سے جزیہ لیا تھا جیسا کہ صحیح بخاری میں ہے۔ اب ہم کو اس بات کا بتلانا ضروری ہے کہ اس آیت میں جو طعام اہل کتاب کو حلال قرار دیا ہے اس سے ان کا ہر قسم کا کھانا مراد نہیں کہ جس میں گلا گھونٹی مرغی بھی شامل ہو چند وجوہ سے:

اوّل احل لکم الطیبات، یہ جملہ سب سے اوّل اعلان کر رہا ہے کہ جن چیزوں کو شرع نے نجس یا رجس قرار دیا ہے وہ مسلمانوں کو کسی حالت میں بجز اضطرار کے درست نہیں کیونکہ ان میں قبح ذاتی ہے جو کسی وقت دور نہیں ہوتا یہ عقل میں نہیں آسکتا کہ جس چیز کو ناپاک قرار دے کر مسلمانوں کے لئے حرام کرے وہ ناپاک چیز اہلِ کتاب کے ہاتھ میں جا کر پاک ہو جاوے مسلمانوں کے دسترخوان پر سؤر، شراب، منخنقہ حرام اور ناپاک ہو اہل کتاب کے دسترخوان پر رکھنے سے پاک ہو جاوے۔ اور شراب اور سؤر اور منخنقہ وغیرہ چیزوں کو خدا تعالیٰ ناپاک اور اُن کے کھانے کو اس سے پہلی آیت میں فسق فرما چکا ہے۔

دوم سلف سے خلف تک کسی مسلمان نے طعام اہل کتاب کو عام مراد نہیں رکھا ہے کہ اس میں سؤر اور شراب بھی شامل ہوں پھر جب یہ نہیں تو منخنقہ جو منصوصاً حرام ہے اس میں کیونکر شامل ہو سکتا ہے۔ **سوم** آیتِ مذکورہ سے جس نے ذبائح مراد لئے ہیں اُس کے نزدیک تو منخنقہ ذبائح میں داخل نہیں اور نیز ذبائح بھی حضرت علیؓ اور ابن عمرؓ اور عائشہؓ صدیقہ و دیگر کبار صحابہؓ کے نزدیک وہ حلال ہیں جو اللہ تعالےٰ کا نام لے کر ذبح کئے گئے ہوں نہ وہ کہ جو مسیحؑ اور عزیرؑ کے نام سے بقرینۂ آیت وما اہل لغیر اللہ بہ اور بھی صحیح اور احوط ہے۔ اور جس نے عام مراد لیا ہے تو عام سے ہر قسم کے طعام مراد نہیں بلکہ ذبائح اور دیگر خوردنی چیزیں جو ناپاک لذاتہٖ حرام نہیں۔ **چہارم** یہود کے نزدیک قدیم سے اب تک ذبح کرنے کا دستور ہے اور حضرت مسیح علیہ السلام اور اُن کے حواری شریعتِ موسویہ کی پابندی کیا کرتے تھے کسی روایت سے

Marfat.com

ثابت نہیں ہوتا کہ انھوں نے سؤر یا شراب یا گلا گھونٹی مرغی کا استعمال کیا ہو۔ ہاں رومیوں اور دیگر اقوام جو یونوس کے تراشیدۂ مذہب میں آتی تھیں اُن کے ہاں ان کا دستور ہو تو ہو مگر آنحضرت علیہ السلام اور صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم نے برائے نام عیسائیوں کے ذبیحہ کو بھی درست نہیں جانا ہے چہ جائے کہ اُن کے ہاں کی وہ ناپاک اور نجس چیزیں جن میں گلا گھونٹی مرغی بھی شامل ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ اور دیگر صحابہ رضی اللہ عنہم عرب کی قوموں میں سے **بنو تغلب** اور **تنوخ** اور **جذام** اور **لخم** اور **عاملہ** وغیرہا قبائل عرب متنصرہ کے ہاتھ کا ذبیحہ کھانے کی اجازت نہ دیتے تھے صرف اس لئے کہ یہ لوگ برائے نام عیسائی ہیں پھر آج کل کے ملاحدۂ یورپ تو ہرگز عیسائی شمار نہ ہوں گے۔ فقیر کے نزدیک ان لوگوں کے ساتھ طیبات کا مل کر کھانا بھی خالی از فتنہ و فساد نہیں۔ وطعامکم حل لہم گرچہ یہود و نصاریٰ مسلمانوں کے کھانے کو حلال سمجھتے تھے اور سمجھتے ہیں مگر پھر حل لہم کہنے سے یہ اشارہ ہے کہ طرفین میں اباحتِ ذبائح حاصل ہے نہ کہ اباحتِ مناکحت جس کو اس جملہ میں واضح فرماتا ہے والمحصنٰت من المؤمنات یعنی مسلمان پارسا عورتیں تمھارے لئے نکاحاً حلال ہیں والمحصنٰت من الذین اوتوا الکتاب من قبلکم یعنی اہلِ کتاب کی پارسا عورتوں سے بھی نکاح کرنا حلال ہے۔ جمہور کا اس پر اتفاق ہے مگر ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اہلِ کتاب کی عورتوں سے جب نکاح درست ہے جب کہ وہ مسلمان ہو جاویں۔ جمہور کے نزدیک بغیر مسلمان ہوئے نکاح درست ہے کیونکہ عورت زیردست ہے، امید ہے کہ اس کی صحبت سے اسلام میں آجائے برخلاف مرد کافر کے خواہ اہلِ کتاب ہو خواہ کوئی اور ہو مسلمان عورت کا نکاح اُس سے درست نہیں جیسا کہ پہلے گزرا۔ اکثر فقہاء کتابیات کو جن سے نکاح درست ہے ذمیات میں منحصر کرتے ہیں۔ سعید بن المسیب رضی اللہ عنہ اور حسن کے نزدیک اس کی کچھ قید نہیں۔ مجوس اہلِ کتاب میں داخل نہیں مگر ابو ثور کے نزدیک داخل ہیں۔ پھر ان سب کے نکاح میں مہر ادا کرنا پارسائی اور ہمیشہ کو ساتھ رکھنے کا قصد ملحوظ ہونا شرط ہے جیسا کہ فرماتا ہے اذا آتیتموہن اجورہن الآیہ۔

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا قُمْتُمْ اِلَى
اے ایمان والو! جب کہ تم نماز کے لئے
الصَّلٰوةِ فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ وَاَیْدِیَكُمْ
اٹھا کرو تو اپنے مُنہ اور کہنیوں تک اپنے ہاتھ
اِلَى الْمَرَافِقِ وَامْسَحُوْا بِرُءُوْسِكُمْ
دھو لیا کرو اور اپنے سر کا مسح کر لیا کرو
وَاَرْجُلَكُمْ اِلَى الْكَعْبَیْنِ ؕ وَاِنْ
اور اپنے پاؤں بھی ٹخنوں تک (دھو لیا کرو) اور اگر
كُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوْا ؕ وَاِنْ كُنْتُمْ
ناپاک ہو تو نہا لیا کرو۔ اور اگر تم
مَّرْضٰٓى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ اَوْ جَآءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ
بیمار ہو یا بر سر سفر ہو یا کوئی تم میں سے
مِّنَ الْغَآئِطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ فَلَمْ
پاخانہ پھر کر آوے یا تم میں سے کسی نے عورت کو چھوا ہو پھر تم کو
تَجِدُوْا مَآءً فَتَیَمَّمُوْا صَعِیْدًا طَیِّبًا
پانی نہ ملے تو پاک مٹی کا قصد
فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَاَیْدِیْكُمْ مِّنْهُ ؕ
کرو اور اس سے اپنے مُنہ اور اپنے ہاتھوں کا مسح کر لیا کرو۔
مَا یُرِیْدُ اللّٰهُ لِیَجْعَلَ عَلَیْكُمْ مِّنْ حَرَجٍ
اللہ تعالیٰ نہیں چاہتا کہ تم پر کوئی تنگی کرے
وَّلٰكِنْ یُّرِیْدُ لِیُطَهِّرَكُمْ وَلِیُتِمَّ نِعْمَتَهٗ
لیکن وہ تو تم کو پاک رکھنا چاہتا ہے اور تم پر اپنی نعمت پوری
عَلَیْكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝۶
کیا چاہتا ہے، تاکہ تم شکر کیا کرو۔

لہ یعنی اُن اہلِ کتاب کی عورتوں سے نکاح درست ہے جو مسلمانوں کی رعیت اور زیرِ فرمان ہوں اور ان کو ذمی کہتے ہیں۔ کہ ان کے مال و جان کی حفاظت کا اسلام نے ذمہ لے لیا ہے ۱۲ منہ

Marfat.com

ترکیب

اذا شرطیہ فاغسلوا جواب الی المرافق الیٰ بمعنے مع متعلق ہے اغسلوا سے برؤسکم باء زائدہ ہے وقیل للالصاق و ارجلکم بالنصب اس لئے کہ اس کا عطف وجوہکم پر ہے اے فاغسلوا ارجلکم اور بالجر اس طور سے کہ اس کو رؤس پر معطوف کیا جائے اور حکم دونوں کا مختلف ہو اور اس کو جر جوار کہتے ہیں یعنی سر کا مسح ہو اور پاؤں دھونے چاہئیں۔ اور اس قسم کا جر قرآن مجید اور کلام شعراء میں واقع ہے۔ وان کنتم شرط فتیمموا الخ جواب۔

تفسیر

اس سورۃ میں اوّل اوفوا بالعقود کہہ کر وفاء عہد کا حکم دیا تھا مگر اس سے ضمناً یہ بات بھی نکلتی تھی کہ جب تم بندے ہو کر عہد کو پورا کرنے پر مجبور کئے جاتے ہو تو میں ربّ العالمین زیادہ تر اپنے اس عہد کے پورا کرنے کا مستحق ہوں جو میں نے اپنے بندوں سے کیا ہے۔ چونکہ اللہ تعالےٰ کا عہد بندوں سے یہ تھا کہ ان کو منافع دنیا و یہ مباح کردے اور عالم آخرت میں ان کو جنت میں رکھے۔ سو سب سے اوّل منافع دنیا کی بابت ذکر کیا جس کی انسان کو ہر وقت ضرورت پڑتی ہے اور جو حسنات عقبےٰ کا ذریعہ ہیں) اُس نے اپنا عہد وفا کیا۔ منافع دنیا یا کھانے پینے کی چیزیں ہیں یا مناکحت کے متعلق اور مقدم کھانا پینا ہے اس لئے اول کھانے پینے کی چیزوں کی اباحت اور حلت بیان فرما کر پھر حلال عورتوں کا ذکر کیا کہ جن سے نکاح کی اجازت دی گئی۔ اس کے بعد وہ بندوں سے اُن کے عہدِ عبودیت کو پورا کراتا ہے اور عبودیت میں سب سے اوّل درجہ نماز ہے اور نماز بغیر وضوء درست نہیں کس لئے کہ کثافتِ جسمانیہ کا اثر نفس پر پہنچتا ہے یہ تجربہ کی بات ہے اس لئے وضوء کے بارے میں فرماتا ہے یا ایہا الذین آمنوا اذا قمتم الی الصلوٰۃ الخ۔

یا یوں کہو دنیا میں بندہ ہمیشہ نہیں رہے گا آخر اس کو سفر درپیش ہے کہیں جانا ہے کہ جہاں سے پھر آنا نہیں۔ سو وا کہتا ہے رخصت دے باغباں کہ ذرا دیکھ لیں چمن + جاتے ہیں واں جہاں سے پھر آیا نہ جائے گا + اور آسمانی کتاب انسان کے فوائد دنیا و دین کے لئے نازل ہوا کرتی ہے پس جس طرح اس نے سب سے اوّل اس دنیا کے فوائد کو حلال حرام چیزیں کھانے پینے کے متعلق اور نکاح کے متعلق بیان فرما کر معاش کی اصلاح کر دی کیونکہ سچ پوچھو تو دنیا ان ہی دو چیزوں سے عبارت ہے اور باقی سب جھگڑے اور بکھیڑے ان ہی کے لئے ہیں۔ اسی طرح اُس نے عالم جاودانی اور فضائے نورانی کی تدبیر عبادتِ الٰہی تعلیم فرمائی اور عبادتِ اعلیٰ نماز ہے جو پنج وقتہ اس کے دربار کی حضوری ہے اور یہ بغیر طہارتِ جسمانی یعنی وضوء کے ٹھیک نہیں اس لئے وضوء کا حکم دیا فاغسلوا وجوہکم وایدیکم فرمایا جس میں اس طرف بھی اشارہ ہے کہ اے بندے! تو کبتک دُنیائے فانی کے لذائذ کھانے پینے عورتوں سے صحبت کرنے میں مصروف رہے گا۔ اِس ظلمت کدہ کی اس شہوانی سیاہی سے ہاتھ مُنہ دھو کر صاف پاک ہو کر اپنے اصلی مقام پر آ اور شہوات سے ہاتھ دھو۔ اذا قمتم الی الصلوٰۃ اس سے مراد یہ ہے کہ جب نماز کا ارادہ کرو، کیونکہ قیام الی الصلوٰۃ سے وضوء مقدم بالاتفاق ہے اس آیت سے وضوء کا فرض ہونا ثابت ہے مگر اس سے یہ نہیں ثابت ہوتا کہ ہر نماز کے لئے جداگانہ وضوء کرنا چاہیئے بلکہ ایک وضوء دوسری نماز کے وقت تک قائم رہے تو کافی ہے وضوء جدید ضروری نہیں جیسا کہ داؤد ظاہری کا مذہب ہے کیونکہ مسلمؒ و احمدؒ و اہل سُنن نے بریدہؓ سے روایت کیا ہے کہ آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام ہر نماز کے لئے جداگانہ وضوء کیا کرتے تھے اور فتح مکہ کے روز صرف ایک وضوء سے کئی نمازیں خفین پر مسح کر کے پڑھیں۔ عمرؓ نے عرض کیا کہ آج آپ نے وہ بات کی جو پہلے نہیں کیا کرتے تھے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے عمرؓ! میں نے اس کو

Marfat.com

عمداً کیا ہے۔ اور بخاریؒ اور احمدؒ اور اہلِ سننؒ نے عمرو بن عامر انصاریؓ سے روایت کیا ہے کہ انس بن مالکؓ فرماتے تھے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم ہر نماز کے لئے جُداگانہ وضو کرتے تھے، وہ کہتے ہیں مَیں نے پوچھا پھر تم کیا کرتے ہو؟ کہا کہ ہم تو جب تک حدث نہ ہو کئی نمازیں ایک ہی وضوء سے پڑھ لیتے ہیں۔ ہاں باوجود وضوء ہونے کے اگر دوسرے وقت میں وضوء کرلیگا تو مستحب ہے۔ فاغسلوا وجوہکم یہ وضوء کا **اوّل فرض ہے** اس میں تمام امت کا اتفاق ہے اب رہے غسل وجہ (یعنی مُنہ) کے معنے اور کیفیت کہ جس کو قرآن نے عرفِ اہلِ زبان پر چھوڑ دیا البتہ اس میں علماء کے مختلف اقوال ہیں۔ غسل لغت میں کسی عضو پر پانی بہانے کو کہتے ہیں نہ کہ محض تر کرنے کو۔ اقل مرتبہ غسل میں یہ بات ہے کہ کچھ قطرات ٹپکیں اس تقدیر پر اگر کسی نے برف کے ڈلے کو مُنہ یا اور اعضاء پر وضوء میں پھرایا پس اگر ہوا کی گرمی یا جسم کی گرمی سے برف پگھل کر ٹپکے تو وضوء ہو گیا ورنہ نہیں۔ آیت میں دو بار یا تین بار دھونے کی کوئی قید نہیں بلکہ باعتبار معنی لغوی کے ایک بار بھی اعضاءِ وضوء کو دھوویگا تو وضوء ہو جاوے گا۔ اور اسی لئے بخاری اور ترمذی اور ابن ماجہ اور نسائی اور ابوداؤد نے روایت کیا ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے وضوء میں اعضاء کو گاہے صرف ایک بار بھی دھو کر یہ بتلا دیا ہے کہ اس قدر وضوء میں فرض ہے۔ وجہ جو مواجہۃ سے لیا گیا ہے جس کے معنے سامنے کے ہیں مُنہ کو کہتے ہیں یعنے ماتھے کے بالوں سے لے کر ٹھوڑی تک اور دونوں کانوں تک اس لئے آنکھ کے اندر پانی پہنچانا جمہور کے نزدیک کچھ ضروری نہیں اِلّا عند ابن عباسؓ۔ اور اسی طرح کان اور ڈاڑھی کے درمیان جو خالی جگہ ہے وہ بھی مُنہ میں شمار ہے اس کا دھونا بھی جمہور کے نزدیک فرض ہے مگر امام ابو یوسفؒ کہتے ہیں کہ وہ مُنہ نہیں اُس کا دھونا بھی کچھ ضروری نہیں۔ اسی طرح جس کی ہلکی ڈاڑھی ہو اس کو بالوں کی جڑ تک پانی پہنچانا ضروری نہیں۔ کیونکہ بجائے جلد کے بال ہیں صرف ان کا دھونا کافی ہے۔

شافعیؒ کہتے ہیں چونکہ بال ہلکے ہیں جڑوں میں پانی پہنچانا چاہیئے مگر گھنی ڈاڑھی میں بالاتفاق بالوں کی جڑ دھونا ضروری نہیں ہاں خلال کرنا مستحب ہے جیسا کہ ابن ماجہ اور ترمذی نے روایت کیا ہے: کان النبی صلے اللہ علیہ وسلم یخلل لحیتہ، اور جس قدر ڈاڑھی نیچے لٹکی ہوئی ہے اور جو کانوں سے اُوپر تک اُٹھی ہوئی ہے آیا اُس کا دھونا بھی واجب ہے کہ نہیں؟ امام ابو حنیفہؒ اور امام مالکؒ فرماتے ہیں نہیں کیونکہ اس پر وجہ کا اطلاق نہیں ہوتا۔ امام شافعیؒ کہتے ہیں کہ واجب ہے۔ مگر اُس حدیث سے کہ جس کو مسلم اور احمد نے روایت کیا ہے دھونا مستحب ہے۔

وضوء کا اوّل فرض

وایدیکم الی المرافق یہ وضوء کا **دوسرا فرض** ہے۔ یعنی دونوں ہاتھوں کا مرافق (جمع مرفق اعنی کہنی) تک دھونا فرض ہے۔ جمہور کے نزدیک کہنیوں کو بھی دھونا چاہیئے۔ امام مالکؒ اور امام زفرؒ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالےٰ نے کہنیوں تک فرمایا ہے کہنیں اس میں شامل نہیں۔ جمہور کہتے ہیں اِس مقام پر مابعد اور ماقبل الیٰ ہم جنس ہونے کی وجہ سے غایۃ مغیا میں داخل ہے آیت میں اس کی بھی کچھ تشریح نہیں کہ پہلے دائیں ہاتھ کو دھوئے یا بائیں کو مگر مسنون یوں ہے کہ اوّل دائیں کو پھر بائیں کو دھوئے اور پہنچوں سے دھوتا ہوا کہنیوں تک آوے نہ کہ کہنی سے پانی ڈال کر پہنچوں تک پہنچاوے کیونکہ یہ مکروہ خلاف حدیث ہے اس لئے بعض علماء نے کہا ہے کہ یہ درست نہ ہو گا۔

وضوء کا دوسرا فرض

وامسحوا برؤسکم یہ **تیسرا فرض** وضوء کا ہے۔ مسح کہتے ہیں ہاتھ تر کر کے کسی چیز پر لگانا اور لغت میں عموماً چھونا ہے۔ اس آیت میں کچھ تصریح نہیں کہ آدھے سر کا مسح کرے یا کُل کا یا چوتھائی کا۔ اس لئے علمائے کرام و مجتہدینِ عظام کے اس میں مختلف اقوال ہیں، امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور اسی طرح امام شافعیؒ اور اکثر علماء کے نزدیک کُل سر کا مسح کرنا ضروری نہیں کس لئے کہ اول تو برؤسکم میں ب بعضیت کا فائدہ

وضوء کا تیسرا فرض

Marfat.com

دیتی ہے بولتے ہیں مسحت یدی بالمندیل کہ میں نے اپنے ہاتھوں کو رومال سے مسح کیا۔ اس میں یہ کچھ ضروری نہیں کہ تمام رومال کا مسح کیا ہو بلکہ بعض اجزاء کے مسح پر بھی یہ قول صادق آسکتا ہے۔ **دوم** اگر ب کو زائدہ بھی تسلیم کرلیویں تب باعتبار عرف اہل زبان کے تمام سر کا مسح کرنا نہیں سمجھا جاتا یہ مسح مطلق ہے پھر امام شافعیؒ نے اس کو مطلق ہی رکھا ہے حتیٰ کہ اگر سر کے چند بالوں کا مسح بھی کرلے گا تو جائز ہوگا۔ مگر امام ابوحنیفہؒ نے اس کو ان احادیث سے جو مسح بعض رأس کے لئے آئی ہیں چوتھائی سر مراد لیا ہے۔ اور امام مالکؒ نے اپنے قرائن اور اُن احادیث سے کہ جن میں تمام سر کا مسح کرنا پایا گیا ہے کل سر کا مسح کرنا مراد لیا ہے۔ احادیث صحیحہ میں کل سر کا مسح کرنا بھی آیا ہے اور بعض کا بھی۔ اگرچہ یہ بحث علماء کی مدنظر میں تھی مگر سب کے نزدیک تمام سر کا مسح کرنا مسنون اور احوط ہے۔ اوزاعیؒ اور ثوریؒ اور امام احمدؒ کے نزدیک اگر بجائے سر کے کوئی عمامہ پر مسح کرلے گا تو درست ہوگا کیونکہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے بعض اوقات ایسا کیا ہے جیسا کہ عمرو بن اُمیہ ضمری اور بلال اور مغیرہ بن شعبہ اور سلمان اور ..... ثوبان رضوان اللہ علیہم سے روایات آئی ہیں جن کو بخاری اور احمد اور ترمذی اور ابن ماجہ وغیرہ نے اپنی کتابوں میں روایت کیا ہے مگر امام شافعیؒ اور ابو حنیفہؒ اور اکثر علماء کے نزدیک یہ کافی نہ ہوگا اور آنحضرت علیہ السلام کا یہ فعل اس بات پر محمول ہوگا کہ آپ نے عمامہ کو ہاتھ سے اُٹھا کر سر کا مسح کیا۔ راوی نے یہی سمجھ لیا کہ صرف عمامہ پر مسح کیا۔ دیکھو صحیحین میں مغیرہ بن شعبہؓ سے یوں منقول ہے ان النبی صلعم توضأ فمسح بناصیتہ وعلی العمامۃ الخ (ترجمہ:۔ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے وضو کرکے اپنے ماتھے اور عمامہ پر مسح کیا)۔ اور نیز قرآن مجید میں سر کا مسح کرنا مشرح ہوچکا ہے نہ کہ عمامہ کا اور نیز وہ صحیح احادیث کہ جن میں اس بات کا بیان ہے کہ آنحضرت علیہ السلام نے وضو کرکے دکھایا اور فرمادیا کہ اس طرح کے وضو کے بغیر خدا تعالیٰ نماز قبول نہیں کرتا اُن میں سر کا مسح کرنا پایا گیا ہے۔ **ف** امام ابوحنیفہؒ فرماتے ہیں کہ گردن بھی سر میں شمار ہوتی ہے اس پر بھی مسح کرنا مستحب ہے جیسا کہ کانوں کا۔ اور مسح رقبہ میں چند احادیث بھی وارد ہیں۔

وارجلکم الی الکعبین **چوتھا فرض** وضو کا ہے، یعنی ٹخنوں تک پاؤں دھونا۔ ارجل رجل کی جمع ہے جس کے معنے پاؤں کے ہیں اور کعب ٹخنے کو کہتے ہیں۔ کعب کے لغت میں معنی بلندی اور ارتفاع یا اُبھار کے ہیں اور اسی لئے عرب میں اُن عورتوں کو کہ جن کے سینے اُبھرے ہوئے ہوتے ہیں کواعب کہتے ہیں۔ اس لئے پاؤں میں جو دونوں طرف اُبھری ہوئی ہڈی دکھائی دیتی ہیں اُن کو کعبین کہتے ہیں۔ جمہور اہل لغت کا یہی قول ہے۔ مگر شیعہ امامیہ کے نزدیک کعب اُس گول ہڈی کو کہتے ہیں کہ جس پر پنڈلی کی ہڈی آکر جُڑی ہے وہ ٹخنے سے نیچے کی طرف کسی قدر اسی جانب میں یعنی اندر کے رُخ ایک چھوٹی سی ہڈی معلوم ہوتی ہے کیونکہ کعب جوڑ کو کہتے ہیں اور اسی لئے عرب اونٹ کے مفاصل کو کعوب کہا کرتے ہیں اور محمد بن حسن رحمہ اللہ کا بھی یہی قول ہے اور اصمعیؒ بھی اس کو پسند کرتے تھے۔ مگر کعبین صیغہ تثنیہ تو یہ چاہتا ہے کہ ہر پاؤں میں دو دو کعب ہوں سو یہ بات صرف ٹخنوں ہی صادق آسکتی ہے نہ کہ شیعہ کی ہڈی پر کیونکہ ہر پاؤں میں ایک ہے علاوہ اس کے اہل زبان خصوصاً وہ لوگ کہ جن کی زبان میں قرآن مجید نازل ہوا ہے کعبین ٹخنوں کو کہتے تھے۔ ارجلکم کو نافعؒ و ابن عامرؒ و حفصؒ و کسائیؒ و یعقوبؒ اور اعمشؒ نے با لنصب پڑھا ہے اور حسن بصریؒ کی بھی یہی قرات ہے اس لئے ارجلکم کا عطف وجوہکم وایدیکم پر ہوگا جس کے بارے میں بہت احادیث آئی ہیں منجملہ اُن کے یہ ہے:۔ عن عبداللہ بن عمر قال تخلف عنا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم فی سفرہ فادرکناہ وقد ارہقنا العصر

Marfat.com

فجعلنا نؤضأ ونمسح علی ارجلنا قال فنادی بأعلی صوتہ ویل للاعقاب من النار مرتین او ثلاثا متفق علیہ۔ عبداللہ بن عمرؓ کہتے ہیں کہ ایک سفر میں ہم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے پیچھے رہ گئے سو ہم آپؐ سے آملے اور عصر کا وقت تنگ ہوگیا تھا ہم وضو کرکے پاؤں پر مسح کرنے لگے تب آپؐ نے باآواز بلند پکار کر فرمایا کہ ایڑیوں کو عذاب نار کی خرابی ہے، دو بار یا تین بار فرمایا۔ ازانجملہ یہ ہے:۔ عن ابی ہریرۃ ان النبی صلے اللہ علیہ وسلم رأی رجلاً لم یغسل عقبہ فقال ویل للاعقاب من النار رواہ مسلم۔ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو دیکھا کہ اُس نے وضوء میں اپنی ایڑی کو نہیں دھویا تب اُس کے لئے فرمایا کہ ایڑیوں کو آگ کا عذاب ہے۔ اسی طرح اور بہت سی صحیح احادیث پاؤں کے دھونے کے لئے وارد ہیں۔ اور ابن کثیر وابو عمرو وحمزہ نے ارجلکم کے لام کو بالکسر پڑھا ہے بقاعدۂ جرّ جوار اور شعرائے عرب کے کلام میں اور نیز قرآن میں متعدد جگہ جرّ جوار پایا جاتا ہے جیسا کہ سورۂ ہود میں ہے عذاب یوم محیط۔ اور سورۂ واقعہ میں ہے حور عین۔ اور عرب کہا کرتے ہیں (جحر ضب خرب) جس سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ اس کا رؤسکم پر عطف نہیں بلکہ رؤسکم قریب ہونے کی وجہ سے جر میں شریک ہے نہ کہ مسح کرنے میں۔ علاوہ اس کے مسح میں کوئی حد نہیں بخلاف غسل کے اور پاؤں میں الی الکعبین کی حد لگادی گئی ہے لیکن شیعہ امامیہ اس کو رؤسکم پر معطوف سمجھ کر سر کی طرح پاؤں کا بھی وضوء میں بجائے غسل کے مسح کرنا بتلاتے ہیں اور اپنے اس قول پر کچھ دلائل بھی پیش کرتے ہیں کہ جن کے نقل کرکے جواب دینے کی یہاں گنجایش نہیں۔ مگر اس بات کو تو شاید منصفین امامیہ بھی تسلیم کرتے ہوں گے کہ خدا تعالیٰ نے جو وضوء میں اعضاء کا دھونا فرمایا ہے صرف پاکیزگی اور رفع کثافت کے لئے جو بارگاہِ کبریائی میں بوقت مناجات روح پر تازگی پہنچانے کا ایک فطری سبب ہے اور بہ نسبت ہاتھ مُنہ کے پاؤں زیادہ تر زمین پر ٹکتے ہیں کہ جہاں نجاست وکثافت کا محل وموقع ہے پھر کیا وجہ کہ پاؤں جیسے عضو خسیس کو سر جیسے عضو رئیس کے برابر کیا جائے اور دونوں کو مسح کا حکم دیا جائے، حالانکہ سر بیشتر نجاسات وکثافات سے محفوظ رہتا ہے سر پاؤں کو یکساں سمجھنا بے سروپا بات ہے علاوہ اس کے غسل تو مسح سے بھی بڑھ کر ہے اور اُس کا کام بھی دے سکتا ہے برخلاف مسح کے پھر احتیاط تو غسل ہی میں ہے۔ یہ وضوء کے چار فرض تھے جن کا بیان ہوا باقی نیت کرنا اور مسواک کرنا اور تین بار ہر عضو کا دھونا اور داہنی طرف سے شروع کرنا اور ترتیب کو ملحوظ رکھنا کہ اوّل ہاتھ پھر مُنہ الخ اور بغیر خشک ہونے ایک عضو کے دوسرے کو دھونا جس کو توالی کہتے ہیں اور سب سے اوّل ہاتھ پہنچوں تک دھونا، پھر کلی مسواک کرنا پھر ناک میں پانی ڈالنا اس کے بعد مُنہ دھوکر وضوء اخیر تک تمام کرنا، یہ سب باتیں پیغمبر علیہ السّلام کے قول وفعل سے ثابت ہیں جو سُنّت ومستحب شمار ہوتی ہیں جن میں صدہا اسرار روحانی رکھے ہوئے ہیں۔ اب کوئی ان چیزوں میں سے کسی کو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی مواظبت یا آیت میں استنباط وخوض سے واجب وفرض بھی کہدیتا ہے اور یہی وجہ ان جزئیات میں اختلاف کی ہے ورنہ اصل میں کچھ اختلاف نہیں اور جب کہ اسلامیوں نے اپنے پیارے اور برحق پیغمبرؐ کی ہر ایک بات کا اتباع کرنا چاہا اور ہر ایک بات کی تہہ کو پہنچنے کا قصد کیا اور قرآن مجید میں جو باتیں مطلقاً تھیں ان کی تحدید وتعیین کرنی پڑی تو ایسی صورت میں ان جزئیات میں اختلافِ رائے ہونا ایک ضروری

لہ ازانجملہ ترتیب وضوء میں یہ بھی حکمت ملحوظ ہے کہ اول ہاتھوں پر پانی ڈالنے سے حادثہ بارد معلوم ہوجاتا ہے پھر کُلّی کرنے سے اُس کا مزہ اور کیفیت معلوم ہوجاتی ہے پھر ناک میں پانی لینے سے اُس کی بُو بھی معلوم ہوجاتی ہے اس سے نہ صرف اُس پانی کی طہارت بلکہ اُس کا مضر ونافع ہونا بھی معلوم ہوجاتا ہے اس کے بعد اُس کو مُنہ پر ڈالا جاتا ہے اور وضوء کیا جاتا ہے اگر دفعۃً مُنہ دھونے کا حکم ہوتا تو یہ بات معلوم نہ ہوتی۔ علاوہ اس کے اسی ترتیب سے یہ اعضاء استعمال میں لئے جاتے ہیں جن کو اسی کے موافق کثافت اُٹھانی پڑتی ہے جس کا ازالہ وضوء میں کیا جاتا ہے ۱۲ منہ

Marfat.com

بات تھی۔ کوئی بات ہو جب۔ اُس میں موشگافی کی جاتے گی اختلافِ آراء ہوگا۔ سو یہ کچھ باعث نقصانِ ملت نہیں بلکہ علماء کے کمالِ علم کی دلیل ہے۔ جب خدا تعالےٰ طہارتِ صغرا یعنی وضوء کے بیان سے فارغ ہو چکا تو طہارتِ کبرےٰ یعنی غسل اور یہ نہ ہو سکے تو تیمم کا بیان فرماتا ہے، وان کنتم جنبا فاطہروا اس آیت میں جنابت والے کے لئے طہارت یعنی غسل کا حکم دیتا ہے کہ جس کی شرح قولاً و عملاً نبی علیہ السلام نے بیان فرمادی کہ پہلے نجاست دھوئے پھر وضوء کرکے تین بار تمام جسم پر پانی بہائے اور پاؤں بعد میں وہاں سے اٹھے۔ کہ دھوئے اگر جگہ اچھی نہیں۔ اور جس عورت کے بال ایسے گندھے ہوئے ہوں کہ اُن کے کھولنے میں دقت ہو تو صرف بالوں کے اُوپر ہی سے پانی ڈال دینا کافی ہے بالوں کی جڑ تر کرنی ضروری نہیں۔ یہ بیان صحاح ستہ کی کتابوں میں موجود ہے۔ امام ابو حنیفہؒ لفظ فاطہروا سے جس میں تاکید طہارت پائی جاتی ہے، غسل میں کُلی کرنا ناک میں پانی دینا بھی ضروری تصوّر کرتے ہیں۔ جنابت کہ جس پر غسل کرنا واجب ہے دو باتوں سے پائی جاتی ہے اوّل یہ کہ احتلام ہو کر خواب میں مَنی برآمد ہو جس کا اثر کپڑے یا بدن پر معلوم ہو جیسا کہ حدیث (انما الماء بالماء) سے ثابت ہے۔ دوم یہ کہ عورت سے صحبت کی جائے خواہ انزال ہو یا نہو جیسا کہ حدیث (اذا التقی الختانان وجب الغسل) سے ثابت ہے جمہور کا یہی مذہب ہے مگر زید بن ثابتؓ و معاذؓ و ابو سعید خدریؓ کہتے ہیں کہ بغیر انزال کے غسل واجب نہیں۔ اس کے بعد وضوء اور غسل کے قائم مقام بوقتِ ضرورت تیمم کا حکم دیتا ہے وان کنتم مرضےٰ الخ جمہور صحابہؓ کے نزدیک تیمم نہ صرف اُس کے لئے جائز ہے کہ جو وضوء پر قادر نہیں بلکہ حالتِ جنابت میں جو مرض یا پانی نہ ملنے کی وجہ سے غسل پر قادر نہ ہو اس کو بھی تیمم درست ہے جیسا کہ حدیث عمران بن حصینؓ وغیرہ سے ثابت ہے (صحیحین) مگر ابن مسعودؓ اور حضرت عمرؓ ابتداء میں جنبی کے لئے تیمم کافی نہیں سمجھتے تھے پھر اس سے رجوع کیا۔ اس کے بعد یرید اللہ بکم الیسر الخ سے اپنے احکام میں رحمت و طہارتِ روحانی و جسمانی اور دیگر فوائد مرعی رکھنے کی طرف اشارہ فرماتا ہے۔

وَاذْكُرُوا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَمِيثَاقَهُ

اور اللہ تعالےٰ کے احسان کو یاد کرو جو تم پر ہے اور اس کے اُس

الَّذِي وَاثَقَكُمْ بِهٖٓ اِذْ قُلْتُمْ سَمِعْنَا وَ

عہد کو بھی جو تم سے لیا گیا ہے۔ جب کہ تم نے کہا ہم نے سُن لیا اور

اَطَعْنَا ۫ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ

مان لیا۔ اور اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو۔ کیونکہ وہ دل کی

بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

باتیں جانتا ہے۔ اے ایمان والو!

اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ لِلّٰهِ شُهَدَاۗءَ

اللہ تعالےٰ کے لئے انصاف سے گواہی دینے کو کھڑے

بِالْقِسْطِ ۡ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ

ہو جایا کرو، اور کسی قوم کی دشمنی سے انصاف کو

عَلٰٓي اَلَّا تَعْدِلُوْا ۭ اِعْدِلُوْا ۣ هُوَ

ترک نہ کرو۔ (اور) عدل کیا کرو۔ (کیونکہ) یہی بات

اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى ۡ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ

پرہیزگاری سے قریب تر ہے۔ اور اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔ کیونکہ

اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝

اللہ تعالےٰ تمہارے کام سے خبردار ہے۔

ترکیب

اذ قلتم ظرف ہے واثقکم کا قولہ امنا للہ خبر ہے کونوا کی شہداء سورۂ نساء میں اس کی ترکیب آچکی ہو کی ضمیر اعدلوا سے جو عدل سمجھا جاتا ہے اس کی طرف پھرتی ہے۔

Marfat.com

تفسیر

جب کہ خدا تعالےٰ یہ احکام بیان فرما چکا تو اس کے بعد وہ بات بیان فرماتا ہے کہ جس سے ان احکام پر ثابت قدمی ہوتی ہے اس کی دو قسم ہیں۔ **اوّل** اللہ تعالےٰ کی نعمتوں کی کثرت کس لئے کہ نعمت احسانات کا ایک ایسا مضبوط رشتہ ہے کہ جو انسان کے دل کو اپنے منعم کی طرف باندھ لاتا ہے اس بات کو واذکروا نعمۃ اللہ میں ذکر فرمایا۔ اور چونکہ خدا تعالےٰ کی نعمتوں کی تعداد اور شمار ممکن نہیں کس لئے کہ حیات اور تندرستی اور عقل اور ہدایت اور بلاؤں سے محفوظ رکھنا دنیا اور آخرت کی خوبیوں کا عطا کرنا بیشمار نعمتیں ہیں جیسا کہ خود فرماتا ہے وان تعدّوا نعمۃ اللہ لا تحصوہا۔ یہ نعمائے اگرچہ ایسی ہیں کہ کوئی بھی ان کو نہیں بھول سکتا مگر انسان کی ایک جبلّی عادت ہے کہ وہ یا تو بکثرت اور پے در پے انعام و احسانات کو ایک امر معتاد سمجھ لیتا ہے۔ دیکھئے جو لوگ ریگستانِ خشک کے رہنے والے ہیں وہ سرد پانی کو جو کہیں نصیب ہو جاتا ہے کیسی نعمتِ الٰہی سمجھتے ہیں۔ اور جو سرسبز ملک اور ایسے باغوں کے رہنے والے ہیں کہ جن میں نہریں چلتی ہیں اور وہ اپنے عمدہ مکانات میں خس کی ٹٹیوں میں بیٹھ کر بجز برف کے اور کچھ نہیں پیتے وہ اُس کو کیا نعمت سمجھتے ہیں؟ اور یا ایک نعمت کے عام ہو جانے سے وہ اس کو چنداں نعمت نہیں سمجھتا۔ اگر کسی شخص کی آنکھ پھوٹ جائے پھر دیکھے وہ اس کے درست ہو جانے کو کس قدر نعمت سمجھتا ہے اور چونکہ ابتداءً ہر شخص کو خدا تعالیٰ نے دو آنکھیں دی ہیں تو یہ جانتا ہے کہ اُہ میری کیا خصوصیت ہے سب ہی کو دو آنکھیں ملی ہیں۔ پس انسان پر ایسی حالت کا طاری ہو جانا اُس کی نعمتوں کا بھول جانا ہے کیونکہ کثرتِ ظہور باعثِ نسیان ہو گئی اور اسی لئے کہا گیا ہے سبحان من احتجب عن العقول بشدّۃ ظہورہ واختفےٰ عنہا بکمال نورہ۔

دوم وہ بات کہ جس کے سبب سے انسان تکلیفِ احکام کی برداشت کرتا ہے عہد و پیمان قول و قرار ہے اس کو اس جملہ میں ذکر فرماتا ہے و میثاقہ الذی واثقکم بہ، اس عہد و میثاق سے یا تو وہ عہد و میثاق مراد ہے جو صحابہؓ نے آنحضرت علیہ السلام سے بیعتِ رضوان وغیرہا مواقع میں کیا تھا کہ ہم سختی و نرمی میں ہمیشہ خدا تعالےٰ کے اوامر و نواہی کی پابندی کریں گے اور رسولؐ سے عہد کرنا گویا خدا تعالیٰ سے عہد کرنا ہے جیسا کہ خود فرماتا ہے ان الذین یبایعونک انما یبایعون اللہ کیونکہ رسولؐ دنیا میں خدا تعالےٰ کا خلیفہ ہے۔ مجاہدؒ اور کلبیؒ اور مقاتلؒ وغیرہ علماء کہتے ہیں کہ اس سے مراد وہ عہد ہے کہ جو بندوں نے روزِ ازل خدا تعالےٰ سے کیا تھا۔ سُدیؒ فرماتے ہیں کہ انعامِ الٰہی اور اُس کی عبودیت کا مقتضےٰ یہ عہد و میثاق ہے کہ جس پر دلائلِ عقلیہ قائم ہیں اور یہ بہت ٹھیک ہے کیونکہ انسان کی یہ حالتِ احتیاج و حدوث جو اس کو ہر دم اُس کا دست نگر کر رہی ہے یہی ایک باہمی عہد نامہ ہے جس پر بندے کی طرف سے مُہر ہے کہ ہمیشہ ہم تیرے احکام و شریعت کی پابندی کریں گے۔ اس کے بعد اجمالاً اُس تکلیفِ عبادت کو بیان فرماتا ہے کہ جو دو نوع میں منحصر ہے اوّل تعظیم امر اللہ دوم ترحم علےٰ خلق اللہ۔ اوّل بات کی طرف کونوا قوامین للہ میں اشارہ کرتا ہے کہ اس کی توحید اور تعظیم دنیا میں رواج دینے کے لئے اور مکارم اخلاق کی تعلیم کے لئے تمام لوگوں کے لئے قولاً اور فعلاً معلّم و ذمہ دار ہو جاؤ۔ چنانچہ صحابۂ کرامؓ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلّم کے فیضِ صحبت سے ایسے ہی ہو گئے تھے ہر ذرّہ آفتاب ہو گیا تھا۔ دوسری بات کی طرف شہداء بالقسط میں اشارہ کرتا ہے اور چونکہ قیام لامر اللہ کے لئے بعض لوگوں کی بیجا کاوش اور ناحق کی سرکشی اس بات کی طرف اُبھارا کرتی ہے کہ ان شریروں کی گوشمالی کی جائے جو بسا اوقات شفقت و ترحم سے دُور کر کے اصل منصبِ قیومیت میں فرق ڈالتی ہے اس لئے ولا یجرمنکم الخ بھی فرما دیا۔ اور دوسرے مرتبہ کے لئے انصاف شرط تھا اس لئے

Marfat.com

اعدلوا بھی فرما دیا۔ اور سب کے لئے اللہ تعالےٰ سے ڈرنے کی تاکید بھی فرما دی واتقوا اللہ۔ اور اس مقام سے انّ اللہ خبیر بما تعملون کا وہ تعلق ہے جو مُہر کو عہد نامہ سے ہے۔

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

اللہ تعالیٰ نے اُن کے لئے جو ایمان لائے اور انھوں نے اچھے کام کئے

لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝٩ وَالَّذِيْنَ

بخشش اور اجرِ عظیم کا وعدہ کر لیا ہے۔ اور جنھوں نے

كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ

کفر کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا وہی لوگ

اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ۝١٠ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

جہنم میں رہنے والے ہیں۔ اے ایمان والو!

اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ

تم اللہ تعالےٰ کے احسان کو یاد کرو جو تم پر کیا ہے جب کہ

هَمَّ قَوْمٌ اَنْ يَّبْسُطُوْٓا اِلَيْكُمْ

ایک قوم (اہل مکہ) نے تم پر دست درازی کا

اَيْدِيَهُمْ فَكَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ ۚ وَ

ارادہ کیا تو خدا تعالیٰ نے اُن کے ہاتھوں کو تم سے روک دیا اور

اتَّقُوا اللّٰهَ ۭ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ

اللہ تعالیٰ سے ڈرا کرو۔ اور ایمان والوں کو اللہ تعالےٰ ہی پر

الْمُؤْمِنُوْنَ ۝١١ ع

توکل کرنا چاہیئے۔

ترکیب

وعد کا فاعل اللہ الذین الخ مفعولِ اوّل لہم مغفرۃ جملہ دوسرے مفعول محذوف کے قائم مقام اذہم ظرف نعمۃ اللہ علیکم کا اور علی اللہ فلیتوکل سے متعلق ہے۔

تفسیر

اوامرِ الٰہی کے بجالانے کے اسباب ذکر فرما کر دو اور سبب ذکر کرتا ہے جو انسان کو خدا تعالےٰ کی اطاعت و محبت پر اُبھارتے اور اُس کی منہیات سے باز رکھتے ہیں۔ گویا یہ جملہ کلام سابق کے لئے تتمہ ہے۔ اوّل سبب اطاعت و محبّت کا آئندہ خیر کا امیدوار کرنا ہے کس لئے کہ احسانات سابقہ ہی پر انسان کی نظر بس نہیں کرتی بلکہ آیندہ کی بھلائی اور امید پر بہ نسبت انعام سابق کے زیادہ تر آمادۂ اطاعت ہوتا ہے پس اس بات کو وعد اللہ الذین سے اجر عظیم تک بیان کیا یعنی جو ایمان لاکر اعمال صالح کرے گا اُس سے خود خدا تعالےٰ وعدہ کرتا ہے کہ اس کو بخشے گا اور نہ اسی پر بس کرے گا بلکہ اپنے پاس سے اجرِ عظیم عطا فرماوے گا جو عالمِ قدس کی حیاتِ ابدی ہے چونکہ ایمان مقدم ہے اس لئے اوّلاً آمنوا کہا اور ایمان کے بعد عملِ صالح گویا وہ ایمان کی رونق ہے اس لئے اس کے بعد عملوا الصّٰلحٰت فرمایا اور ان دونوں کے مقابلہ میں دو ہی وعدے فرمائے اوّل مغفرت دوم اجرِ عظیم دوسری بات کہ جس سے انسان خدا تعالیٰ سے ڈر کر بُری باتوں سے بچتا ہے خوفِ سزا ہے پس اس کو والذین کفروا الخ میں بیان فرما دیا کہ جو کُفر کرکے ہماری آیتیں جھٹلائے گا جہنم میں رہے گا جس سے بڑھ کر پھر کوئی اور سزا نہیں۔

اس کے بعد خدا تعالےٰ پھر مسلمانوں کو اپنی نعمت اور احسان خاص یاد دلاتا ہے تاکہ شکر گزاری کیا کریں سو اس کو یا ایہا الذین سے شروع کیا کہ تم کو ایک قوم کی دست اندازی سے محفوظ رکھا۔ اس دست اندازی سے محفوظ رکھنے کی تفسیر میں علماء مفسرین کے دو قول ہیں ایک یہ کہ اس سے کسی خاص واقعہ کی طرف اشارہ نہیں بلکہ عموماً اہلِ اسلام کی اُس ابتدائی حالت کی طرف اشارہ ہے جس میں کہ کفّار مشرکین چاروں طرف سے ان پر چڑھائیاں کرتے اور مار دھاڑ کرتے تھے جس سے خدا تعالےٰ نے اُن کو محفوظ رکھا اسلامیوں کو غلبہ دیا۔ دوسرا یہ کہ اس سے کسی خاص واقعہ کی طرف اشارہ ہے جو ہجرت سے پانچویں سال وقوع میں آیا وہ یہ کہ صحابہؓ اور آنحضرت علیہ السّلام کسی جنگ سے واپس آکر بمقام عُسفان ظہر کی نماز میں مصروف تھے کفّار نے اس بات

Marfat.com

تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ فَمَنْ كَفَرَ
جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی۔ پھر جس کسی نے تم میں
بَعْدَ ذَٰلِكَ مِنْكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَاءَ
سے اس کے بعد کفر کیا تو وہ سیدھے رستے سے گمراہ
السَّبِيلِ ﴿١٢﴾ فَبِمَا نَقْضِهِمْ مِيثَاقَهُمْ
ہوا۔ پھر ہم نے ان کے عہد توڑ ڈالنے کی وجہ سے ان پر
لَعَنَّاهُمْ وَجَعَلْنَا قُلُوبَهُمْ قَاسِيَةً ۚ
لعنت کردی اور ان کے دلوں کو سخت کردیا کہ
يُحَرِّفُونَ الْكَلِمَ عَنْ مَوَاضِعِهِ ۙ
الفاظ (توراۃ) کو ان کے موقعوں سے بدلا کرتے تھے،
وَنَسُوا حَظًّا مِمَّا ذُكِّرُوا بِهِ ۚ وَلَا تَزَالُ
اور جس سے ان کو نصیحت دی گئی تھی اس کا ایک (بڑا) حصہ بھلا بیٹھے۔ اور آپ کو ان میں
تَطَّلِعُ عَلَىٰ خَائِنَةٍ مِنْهُمْ إِلَّا قَلِيلًا
سے چند لوگوں کے سوا سب کی نت نئی خیانت ہی معلوم ہوتی رہے گی
مِنْهُمْ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاصْفَحْ ۚ إِنَّ
پس ان کو معاف کرو اور درگزر کرو،
اللَّهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ ﴿١٣﴾
اللہ تعالےٰ احسان کرنے والوں سے محبت رکھتا ہے۔

ترکیب

منہم نقیبًا کی صفت لمن شرط لاکفرن جملہ جواب فبما نقضہم ب لعنّاہم سے متعلق ہے اور ما مصدریہ ہے یحرفون جملہ مستانفہ اور ممکن ہے کہ حال ہو الا قلیلاً استثناء ہے خائنۃ سے۔

تفسیر

پہلے ذکر ہوا تھا واذکروا نعمۃ اللہ علیکم ومیثاقہ الذی واثقکم بہ کہ اے اہل اسلام خدا تعالےٰ کے عہد کو یاد کرو۔ اب یہاں یہ بات بتلائی جاتی ہے کہ یہ عہد کچھ تم ہی سے نہیں لیا گیا تھا

سے مطلع ہوکر یہ قصد کیا کہ اب اگلی نماز عصر میں موقع کو ہاتھ سے جانے نہ دو اُن پر اس حالت میں دفعۃً آکر اور سب کو قتل کر ڈالو۔ اس بات سے خدا تعالےٰ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو مطلع کردیا۔ بعض کہتے ہیں کہ اس میں اس واقعہ کی طرف بھی اشارہ ہوسکتا ہے کہ قبیلہ بنی نضیر میں آنحضرت علیہا الصلوٰۃ والسلام مع خلفاء اربعہؓ دیت میں امداد کرنے کے لئے تشریف لے گئے تھے۔ یہود بنی نضیر نے آپؐ کو ایک ایسی جگہ بٹھلایا کہ جس کے اوپر سے بھاری پتھر ڈال کر قتل کرنے کا قصد کر رکھا تھا خدا تعالیٰ نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اس سے مطلع کردیا۔ بعض کہتے ہیں کہ حدیبیہ کے قصّہ کی طرف بھی اشارہ ہوسکتا ہے کہ جو قریش سے جنگ ہوتے ہوتے رہ گئی۔ اصل یوں ہے کہ اس قسم کے معجزات آنحضرت علیہ السلام سے کئی بار واقع ہوئے۔ اس آیت میں اُن میں سے ہر ایک کی طرف اشارہ ہوسکتا ہے سب میں خدا تعالےٰ کے فضل خاص کا جلوہ اہل اسلام پر تھا جس کا یاد کرنا مسلمانوں کو شکر گزاری کے لئے ایک عمدہ بات ہے۔

وَلَقَدْ أَخَذَ اللَّهُ مِيثَاقَ بَنِي إِسْرَائِيلَ
اور بے شک اللہ تعالےٰ نے بنی اسرائیل سے (بھی) عہد لیا تھا
وَبَعَثْنَا مِنْهُمُ اثْنَيْ عَشَرَ نَقِيبًا ۖ وَ
اور ان میں سے بارہ نقیب کھڑے کردیئے تھے۔ اور
قَالَ اللَّهُ إِنِّي مَعَكُمْ ۖ لَئِنْ
اللہ تعالےٰ نے فرمادیا تھا کہ میں تمہارے ساتھ ہوں۔ اگر
أَقَمْتُمُ الصَّلَاةَ وَآتَيْتُمُ الزَّكَاةَ
تم نماز پڑھتے رہو گے اور زکوٰۃ دیتے رہو گے
وَآمَنْتُمْ بِرُسُلِي وَعَزَّرْتُمُوهُمْ وَ
اور میرے رسولوں پر ایمان لاتے رہو گے اور ان کی مدد کرتے رہو گے اور
أَقْرَضْتُمُ اللَّهَ قَرْضًا حَسَنًا لَأُكَفِّرَنَّ
اللہ تعالےٰ کو اچھی طرح قرض دیتے رہو گے تو ضرور میں تمہاری
عَنْكُمْ سَيِّئَاتِكُمْ وَلَأُدْخِلَنَّكُمْ جَنَّاتٍ
برائیاں تم سے دور کردوں گا اور تم کو ایسے باغوں میں داخل کروں گا کہ

Marfat.com

جس کی پابندی کی تم کو تاکید کی جاتی ہے بلکہ تم سے پہلے انبیاء علیہم السّلام اور اُن کے متبعین سے بھی ایسا کیا گیا تھا عادۃ اللہ یوں ہی جاری ہے۔ اور نیز یہ بھی بتلایا جاتا ہے کہ عہدِ خدائی کے برخلاف کرنے سے بنی اسرائیل نے نہایت سختی اور ذلت اُٹھائی ہے دیکھو کہیں تم ایسا نہ کیجیو کہ پھر تم کو بھی ذلّت اُٹھانا پڑے اور نیز یہود کے بدخصائل سے جو عہد شکنی کے بعد ظہور میں آئے بتلا کر متنبہ کرتا ہے: اخذ اللہ میثاق بنی اسرائیل و بعثنا الخ یہ حضرت موسیٰ علیہ السّلام کے عہد کا وہ واقعہ ہے جب کہ حضرت موسیٰؑ اور بنی اسرائیل بیابانوں میں ٹکراتے ٹکراتے دشتِ فاران میں پہنچے تو خدا تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السّلام کو حکم دیا کہ تو بنی اسرائیل کے بارہ اسباط یعنی قبائل میں سے ایک ایک سردار نقیب[1] یعنی جاسوس بنا کر کنعان کی اس سرزمین بھیج کہ جس کے دینے کا میں نے تم سے عہد کیا ہے۔ چنانچہ حضرت موسیٰؑ نے ہر سبط سے یہ بارہ[12] سردار نقیب بنا کر بھیجے۔ روبن کے فرقہ میں سے شموع بن زکور اور شمعون کے فرقہ میں سے سافت بن حوری اور یہوداہ کے فرقہ میں سے کالب[3] بن یفنہ اور اشکار کے فرقہ میں سے اجال[4] بن یوسف اور افرائیم کے فرقہ میں سے ہوسیع[5] بن نون جس کا نام حضرت موسیٰؑ نے یوشع رکھا تھا اور بنیامین کے فرقہ میں سے فلتی بن رفو اور زبلون کے فرقہ میں سے جدی ایل بن سودی اور دان کے فرقہ میں سے عمی ایل[8] بن جملی اور آشر کے فرقہ میں سے ستور ابن میکائیل اور نفتالی کے فرقہ میں سے نحبی[10] بن وفسی اور جد کے فرقہ میں سے جوایل[11] بن ماکی اور یوسف یعنی منسی کے فرقہ میں سے جدی[12] بن سوسی۔

وَمِنَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّا نَصٰرٰٓى اَخَذْنَا

اور جو لوگ کہ (یہ) کہتے ہیں کہ ہم نصاریٰ ہیں اُن سے بھی ہم نے

مِيْثَاقَهُمْ فَنَسُوْا حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُوْا

عہد لیا تھا پھر تو وہ بھی اس کا ایک حصہ بھول گئے کہ جس کی نصیحت

بِهٖ ۠ فَاَغْرَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَ

دی گئی تھی، سو ہم نے ان میں قیامت تک عداوت اور

الْبَغْضَآءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ؕ وَسَوْفَ

کینہ ڈال دیا۔ اور عنقریب

يُنَبِّئُهُمُ اللّٰهُ بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ﴿۱۴﴾

اللہ تعالیٰ ان کو بتلائے گا کہ وہ کیا کیا کرتے تھے۔

يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلُنَا

اے اہل کتاب! تمہارے پاس ہمارا وہ رسولؐ آچکا ہے جو

يُبَيِّنُ لَكُمْ كَثِيْرًا مِّمَّا كُنْتُمْ تُخْفُوْنَ

تم کو بہت سی وہ باتیں بتلاتا ہے کہ جن کو تم کتاب میں سے

مِنَ الْكِتٰبِ وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ ؕ قَدْ

چھپاتے تھے، اور بہت سی باتوں سے درگزر بھی کرتا ہے، تمہارے

جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّكِتٰبٌ

پاس اللہ تعالیٰ کی طرف سے نور اور روشن کتاب

مُّبِيْنٌ ﴿۱۵﴾ يَّهْدِيْ بِهِ اللّٰهُ مَنِ اتَّبَعَ

آچکی۔ جس سے اللہ تعالیٰ اُن لوگوں کو جو اُس کی رضامندی

رِضْوَانَهٗ سُبُلَ السَّلٰمِ وَيُخْرِجُهُمْ

کے تابع ہوں گے سلامتی کے رستے بتلاتا اور ان کو اپنہ بھیروں سے

مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ بِاِذْنِهٖ وَ

نور کی طرف لاتا ہے اپنے اور

يَهْدِيْهِمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۱۶﴾

ان کو راہ راست دکھاتا ہے۔

[1] زجاج کہتے ہیں نقیب بروزنِ فعیل۔ نقب بمعنی کھودنے اور چھیدنے کرنے سے مشتق ہے۔ چونکہ جو لوگ کسی قوم کی طرف جاسوسی اور تفتیش کے لئے جاتے ہیں وہ ہر امر کی تفتیش کرتے کھود کر بات نکالتے ہیں اس لئے اُن کو نقیب کہتے ہیں جس کی جمع نقباء آتی ہے۔ اور نقیب قوم کے مصالح اور فوائد ملحوظ رکھنے والے کو بھی کہتے ہیں ۱۲ منہ

ف یہود کی بربادی کے دو ہی سبب تھے جن کو یہاں بیان فرمایا اوّل کتاب اللہ کی تحریف اپنے مطلب کے موافق بنانا دوم کتاب اللہ کا بھلا دینا اس کو پس پشت ڈال کر اور چیزوں میں مصروف ہونا۔ مسلمان جو ترقی کے وسائل تلاش کرتے ہیں اُن کو ادھر بھی خیال کرنا چاہیے ۱۲ منہ

Marfat.com

لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ
بے شک وہ تو کافر ہی ہو گئے کہ جنھوں نے (یہ) کہدیا کہ
هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ ۭ قُلْ فَمَنْ
بے شک مسیح بن مریم ؑ اللہ ہی ہے۔ (اے نبی ﷺ! ان سے) کہدو پھر
يَّمْلِكُ مِنَ اللّٰهِ شَيْـــًٔا اِنْ اَرَادَ اَنْ
اللہ تم کے مقابلہ میں کسی کا کیا مقدور ہے۔ اگر وہ مسیح ابن مریم اور اس کی
يُّهْلِكَ الْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗ وَ
ماں اور سب زمین کے رہنے والوں کو ہلاک کرنا
مَنْ فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ۭ وَلِلّٰهِ مُلْكُ
چاہے۔ اور آسمان اور زمین
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۭ يَخْلُقُ
اور جو کچھ ان میں ہے سب اللہ ہی کے لئے ہے۔ جو چاہتا ہے
مَا يَشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝۱۷
پیدا کرتا ہے۔ اور اللہ تعالےٰ ہر چیز پر قادر ہے۔

ترکیب

ومن الذین الخ اخذنا سے متعلق ہے بینھم اغرینا کا ظرف ہے یبین جملہ حال ہے رسولنا سے سبل السلام مفعول ثانی ہے یھدی کا من اتبع مفعول اوّل اور یخرجھم کی ضمیر فاعل اللہ کی طرف رجوع کرتی ہے اس کا عطف یھدی پر ہے ان اراد شرط فمن یملک جملہ دال بر جزا۔

تفسیر

یہ بارہ نقیب حبرون میں آئے اور وہاں سے ملک کی سرسبزی اور خوبی اور وہاں کے لوگوں کی خصوصاً بنی عناق اور عمّوری اور عمالیق اور حتّی اور یبوسی لوگوں کی قد آوری اور بہادری دیکھ کر واپس آئے اور بنی اسرائیل کو نہایت تشویش اور خوف میں ڈال کر ڈرا دیا۔ مگر کالب اور یوشع بن نون نے لوگوں کو تسلی اور خدا تعالےٰ کی مدد کا بھروسہ دیا جیساکہ اللہ تعالےٰ فرماتا ہے قال رجلان من الذین یخافون الآیہ۔ (توریت سفر عدد باب ۱۳) اس عہد کے علاوہ کہ وہاں کے لوگوں کی قدآوری اور بہادری نہ بیان کریں، یہ بھی عہد خدا تعالےٰ نے بنی اسرائیل سے لیا تھا کہ تم اُس ملک میں جاؤ تو میری شریعت اور احکام پر عمل کرنا جیساکہ سفر عدد کی ۱۵ و دیگر فصول سے ثابت ہے اور خدا تعالےٰ نے اُن سے یہ عہد کیا تھا کہ میں تم کو اُس سرزمین میں بساؤں گا کہ جہاں باغ اور نہریں جاری ہیں سو اوّل تو اس عہد کو ان نقیبوں نے توڑ ڈالا کہ جس پر خدا تعالےٰ نے غصّہ ظاہر فرما کر یہ فرمایا کہ میں اس خبیث گروہ کو بجز ان دو شخصوں کے اس سرزمین میں جانے نہ دوں گا۔ بیس برس کی عمر سے لے کر اور زیادہ تک کے لوگ بیابانوں میں وبا اور دشمنوں کی تلواروں سے فنا کئے گئے پھر حضرت موسیٰ علیہ السّلام کے بعد حضرت یوشع بن نون کے عہد میں یہ ملک خدا تعالےٰ نے بنی اسرائیل کو عطا کیا پھر ان ملکوں پر قبضہ و اقتدار پاکر بنی اسرائیل نے اُس عہد نامہ کو کہ جو یوشع کی معرفت تازہ کیا گیا تھا (کتاب یشوع اوّل باب ورش) بنی اسرائیل نے بُت پرستی اور شریعت کو ترک کرنے سے توڑ ڈالا جس طرح طرح کے مصائب اور غیر بادشاہوں کے ہاتھ سے ذلت اور رسوائی اُن پر پڑی جیساکہ کتاب تاریخ اور کتاب سموئیل سے ثابت ہے۔ اس کے بعد خدا تعالیٰ نبی علیہ السلام کو فرماتا ہے ولا تزال تطلع علےٰ خائنۃ منھم کہ اس خبیث گروہ میں اب تک وہی آثار بدبختی باقی ہیں جن پر وقتاً فوقتاً آپ مطلع ہوتے رہتے ہیں مگر ان میں عبداللہ بن سلام رضؓ جیسے چند نیک بھی ہیں سو آپؐ ان بدبختوں سے درگزر کیجئے اس کے بعد نصاریٰ نے جو کچھ خدا تعالےٰ سے عہد کر کے اُس کے برخلاف کیا اور اس کی سزا باہمی عداوت جو اُن پر پڑی اس کو بیان فرماتا ہے۔ نصاریٰ سے عہد کا لینا حضرت عیسیٰ

Marfat.com

علیہ السلام کی معرفت ہوا تھا۔ انجیل یوحنا کے ۱۴ باب ۱۵ اور ۱۶ میں ہے "اگر مجھے پیار کرتے ہو تو میرے حکموں پر عمل کرو۔" اور پھر آنحضرت علیہ السلام کی تشریف آوری کی خبر دے کر آپ پر ایمان لانے کی تاکید کی تھی اور آنحضرت علیہ السلام کی بہت کچھ مدح فرمائی تھی جیسا کہ اسی کتاب کے اسی باب سے ثابت ہے جس کے بعض جملے یہ ہیں "اس جہان کا سردار آتا ہے اور مجھ میں اس کی کوئی چیز نہیں"۔ اور اسی کتاب کے ۱۶ باب میں توصاف فارقلیط کے آنے کی خبر ہے جو لفظ احمد کا ترجمہ ہے

مگر نصاریٰ نے باوجود اس کے کہ فارقلیط کے منتظر تھے جب فارقلیط آنحضرت علیہ السلام ظاہر ہوئے تو انکار کر دیا، حضرت مسیح علیہ السلام کے عہد کو توڑ ڈالا۔ فاغرینا بینہم العداوۃ یہود و نصاریٰ میں عداوت مذہبی قائم ہوئی اور قائم رہے گی۔ بعض علماء کہتے ہیں کہ اس سے مراد خود نصاریٰ کی باہمی عداوت ہے اور یہی ٹھیک ہے۔ سو بموجب تشیین گوئی خدا تعالیٰ کے نصاریٰ فرقوں میں جیسی کچھ عداوت پیدا ہوئی اور اب ہے بیان سے باہر ہے۔ تاریخ کلیسا سے معلوم ہو جاوے گا کہ باہم صرف مذہبی امور میں ان میں کس قدر قتال و جدال واقع ہوا ہے!

اس کے بعد تمام اہل کتاب یہود و نصاریٰ سے خطاب کر کے فرماتا ہے قد جاءکم رسولنا الخ کہ تمہارے پاس ہمارا وہ رسول آچکا جو تم پر ان باتوں کو ظاہر کرتا ہے کہ جن کو تم چھپایا کرتے تھے یعنی آنحضرت علیہ السلام کے ظہور کے متعلق اور نیز رجم وغیرہ احکام کے متعلق اور جن باتوں کے ظاہر کرنے بغیر کچھ حرج نہیں ان میں تم سے درگزر کرتا ہے یا یوں کہو کہ احکام فطرت اور ملت میں جس قدر تم نے تحریفات کر رکھی ہیں وہ سب کی اصلاح کرتا ہے۔ اس کے بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو نور اور قرآن مجید کو کتاب مبین بیان فرما کر یہ بات ظاہر کرتا ہے کہ قرآن نے جو کچھ مذہب انبیاء میں تحریفات واقع ہوگئیں تھیں سب کی اصلاح کر دی، ہر بات کو جس کی ضرورت تھی بیان کر دیا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم یا مذہب اسلام آسمانی نور ہے مگر یہ بات ہے کہ اس آفتاب جہاں تاب کی روشنی سے وہی مستفید ہو سکتا ہے کہ جس کو خدا تعالیٰ نے توفیق ازلی کی آنکھیں عطا کی ہیں یہدی بہ اللہ من اتبع رضوانہ میں اسی طرف اشارہ ہے اور اس قید سے یہی مطلب ہے۔

پھر اس کے بعد وہ جو نصاریٰ نے مذہب عیسوی میں تحریف کر کے اس کو بگاڑ دیا تھا اس میں سے سب سے اوّل اور بڑھ کر فساد اعتقاد تثلیث والوہیت مسیح تھا اس کو کس خوبی کے ساتھ ان آیات میں ردّ فرماتا ہے لقد کفر الذین قالوا الخ۔ اس عقیدے کے بطلان پر تین دلائل قائم کرتا ہے (۱) فمن یملک سے جمیعاً تک۔ اس میں ضمناً حضرت مسیح علیہ السلام کے واقعہ گرفتاری و قید کی طرف اشارہ کر کے ان کا محکوم و مسخر امر الٰہی ہونا ظاہر کرتا ہے، جو خدائی کے برخلاف ہے اس سے مسیح کی خدائی باطل ہوئی۔ (۲) للہ ملک السموٰت والارض اس میں اپنی غنائے ذاتی کو ظاہر کر کے بیٹے بنانے کی ضرورت کو رفع کرتا ہے (۳) یخلق ما یشاء، اس میں ان کے بغیر باپ کے پیدا ہونے سے جو لوگوں کے دل میں ان کے لئے خدا تعالیٰ کا بیٹا ہونے کا خیال پیدا ہوتا ہے اس کو دور کرتا ہے کہ یہ کچھ مشکل بات نہیں ہم جس طرح چاہیں پیدا کر سکتے ہیں۔

وَقَالَتِ الْيَهُودُ وَالنَّصٰرٰى نَحْنُ اَبْنٰٓؤُا

اور یہود اور نصاریٰ نے کہدیا کہ ہم (تو) اللہ تعالیٰ کے بیٹے

اللّٰهِ وَاَحِبَّآؤُهٗ ؕ قُلْ فَلِمَ يُعَذِّبُكُمْ

اور اس کے پیارے ہیں۔ پوچھو پھر تم کو کیوں تمہارے گناہوں

بِذُنُوْبِكُمْ ؕ بَلْ اَنْتُمْ بَشَرٌ مِّمَّنْ خَلَقَ

عذاب دیا کرتا ہے؟ بلکہ تم بھی ویسے ہی آدمی ہو اس کی مخلوق میں سے

يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ

اور) وہ جس کو چاہے بخشے اور جس کو چاہے عذاب دے

وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

اور آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان میں ہے سب اللہ تعالیٰ کے قبضہ

Marfat.com

مَا بَيْنَهُمَا ۚ وَإِلَيْهِ الْمَصِيرُ ﴿١٨﴾ يَا أَهْلَ

میں ہے، اور اسی کی طرف سب کو جانا ہے۔ اے اہل

الْكِتَابِ قَدْ جَاءَكُمْ رَسُولُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ

کتاب! تمھارے پاس ہمارا وہ رسول آچکا ہے کہ جو تمھیں رسولوں کے

عَلَىٰ فَتْرَةٍ مِّنَ الرُّسُلِ أَن تَقُولُوا

بند ہو جانے کے بعد بتاتا ہے اس لئے کہ تم یہ نہ کہو کہ

مَا جَاءَنَا مِن بَشِيرٍ وَلَا نَذِيرٍ ۖ فَقَدْ

ہمارے پاس کوئی بشارت دینے والا آیا اور نہ کوئی ڈر سنانے والا، سو لو

جَاءَكُم بَشِيرٌ وَنَذِيرٌ ۗ وَاللَّهُ عَلَىٰ

تمھارے پاس بشیر اور نذیر بھی آگیا۔ اور اللہ تعالیٰ تو

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿١٩﴾

ہر بات پر قادر ہے۔

ترکیب

نحن الخ جملہ مقولہ ہے قالت الیہود الخ کا علیٰ فترۃ موصوف من الرسل اس کی صفت مجموعہ حال ہے ضمیر یبین سے اور ممکن ہے کہ لکم کی ضمیر سے حال ہو۔

تفسیر

پہلی آیتوں میں یہود و نصاریٰ کی عہد شکنی کا بیان تھا جس سبب سے اُن پر آسمانی بلائیں نازل ہوتیں۔ یہاں یہ بات ظاہر کی جاتی ہے کہ جس قوم پر سے خدا تعالیٰ کا سایہ اُٹھ جاتا ہے تو اُس کی عقل میں بھی فتور آجاتا ہے وہ نقصان کی صورتوں میں نفع ڈھونڈھتی ہے وہ نافرمانی اور سرکشی کر کے جس کا بدلہ سخت عذاب ہے نہ صرف انعام کا ہی مستحق سمجھتی ہے بلکہ وہ خدا کے بیٹے اور محبّ ہونے کی بھی مدعی ہو جاتی ہے جس کے سبب غرور میں آکر خدا تعالیٰ کے احکام اور اُس کے فرستادوں سے بمقابلہ پیش آتی ہے۔ بائبل میں چند مواقع پر خدا تعالیٰ کے مطیعوں پر بیٹے کا لفظ بولا گیا ہے۔ انجیل میں بھی حضرت مسیحؑ نے کئی ایک جگہ ایسا فرمایا ہے خصوصاً یہود کو تو اُن دعووں پر جو حضرت ابراہیمؑ و اسحٰقؑ سے کئے گئے تھے بہت کچھ گھمنڈ تھا اس لئے وہ باوجود اس سرتابی اور خدا تعالیٰ کے احکام سے روگردانی کے نبی اُمّیؐ کے مقابلہ میں جس کا ظاہر ہونا اُن کے انبیاء علیہم السلام کی معرفت مشتہر کیا گیا تھا اس کلمۂ نحن ابناء اللہ الخ کو زبان پر لاتے تھے۔ اُس کے جواب میں صرف ایک موٹی سی بات سے خدا تعالیٰ اُن کو رد کرتا ہے کہ اس بات کا تو تم کو بھی اقرار ہے کہ ہماری سرتابی اور گناہوں کی وجہ سے ہم پر بیشمار مصیبتیں خدا تعالیٰ نے نازل کی تھیں (بخت نصر اور دیگر سلاطین نے کیا کچھ کیا) اور کرتا ہے اور آخرت میں بھی گناہوں پر عذاب ہوگا پھر جب تم خدا کے بیٹے اور اُس کے محبوب ہو تو ایسا کیوں ہوا؟ محبوب بیٹے سے کوئی ایسا کرتا ہے؟ یہ بات آں حضرت علیہ السلام کے عہد کے یہود و نصاریٰ نے کہی تھی اور گو بظاہر آج کل کے یہود و نصاریٰ ایسا نہیں کہتے مگر ان کے دل میں اپنی جماعتوں کی نسبت اب تک اسی کے قریب قریب خیال ہے۔ اس کے بعد اس خیال کے بطلان پر تین دلیلیں قائم کرتا ہے۔ (۱) بل انتم بشر الخ کہ تمھاری پیدائش اور دیگر انسانوں کی پیدائش میں کچھ بھی فرق نہیں پھر تم میں کیا فوقیت ہے؟ (۲) یغفر الخ کہ اُس کی مغفرت اور اُس کا عذاب اُس کے اختیار میں ہے تم بھی اُس میں شامل ہو پھر تمھارے اس دعوے نے کیا نتیجہ پیدا کیا ہے؟ (۳) للہ ملک السموٰت الخ کہ وہ واجب الوجود مستغنی اور ہر ایک چیز کا مالک ہے بیٹا بنانا ثمرۂ احتیاج و حدوث ہے؛ اس کے بعد تمام اہل کتاب کو آنحضرت علیہ السلام کی بعثت اور آپؐ کی رسالت کی ضرورت سے مطلع کرتا ہے (علیٰ فترۃ من الرسل) کہ حضرت موسیٰؑ کے بعد دیگر انبیاءؑ دین الٰہی کی اصلاح کے لئے پے در پے آئے پھر حضرت مسیح علیہ السلام کے بعد سے آنحضرت علیہ السلام کے عہد تک جو تخمیناً چھ سو برس تک کا زمانہ ہے

Marfat.com

جس قدر اس مذہب میں خرابیاں پڑ گئی تھیں وہ خود ان ہی کے مؤرخین کے اقوال سے ثابت ہیں۔ اس خرابی کی اصلاح کرنے والا ایسے مواضع اختلافات میں حق بیان کرنے والا بھیجنا اس کی رحمت کا مقتضی ہے جیسا کہ اوّل زمانے میں انبیاءؑ کا بھیجنا مقتضیٰ رحمت تھا تاکہ پھر کوئی یہ عذر نہ کرے کہ اتنے عرصے میں ہمارے پاس کوئی بشیر و نذیر نہیں آیا۔

وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اذْكُرُوْا
اور (یہ واقعہ بھی) یاد دلاؤ جب کہ موسیٰؑ نے اپنی قوم سے کہا کہ اے قوم!

نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ جَعَلَ فِيْكُمْ
اللہ تم کی نعمت یاد کرو جو تم پر ہے جب کہ تم میں انبیاءؑ پیدا

اَنْۢبِيَآءَ وَجَعَلَكُمْ مُّلُوْكًا ۖ وَّاٰتٰىكُمْ
کیے اور تم کو بادشاہ بنایا اور تم کو وہ کچھ

مَّا لَمْ يُؤْتِ اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۰﴾
دیا کہ جو جہان میں کسی کو بھی نہیں دیا۔

يٰقَوْمِ ادْخُلُوا الْاَرْضَ الْمُقَدَّسَةَ
اے قوم! اس پاک زمین میں داخل ہو جاؤ کہ جو اللہ نے

الَّتِيْ كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ وَلَا تَرْتَدُّوْا
لکھ دی ہے۔ اور اپنی پیٹھ

عَلٰٓى اَدْبَارِكُمْ فَتَنْقَلِبُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿۲۱﴾
پھیر دو ورنہ خسارہ کے ساتھ الٹے آؤ گے۔

قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِنَّ فِيْهَا قَوْمًا جَبَّارِيْنَ ۖ
وہ بولے اے موسیٰؑ! وہاں تو جبّار لوگ ہیں۔

ف یہ (واذ قال موسیٰ الخ) اس وقت کا تذکرہ بنی اسرائیل کو یاد دلایا جاتا ہے جب کہ بنی اسرائیل ظلم کو عبور کر کے عرب کے مغربی و شمالی بیابانوں میں خیمہ زن تھے اور عمالیق قوم کے ملک سے ان کو گزرنا تھا اس لئے ان سے مقابلہ کی ٹھہر رہی تھی حضرت موسیٰؑ ہمت دلاتے اور یہ نامرد ہمت ہارے جاتے تھے اور موسیٰؑ سے کفر بکتے جاتے تھے جس کی سزا میں چالیس ۴۰ برس تک بیابانوں میں ٹکرا کر مرنا نصیب ہوا۔ موسیٰؑ نے کہا مجھ میں اور ان میں فرق کر دے یعنی تیرے عتاب میں ہم شامل نہ ہوں ۱۲ منہ

وَاِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَا حَتّٰى يَخْرُجُوْا مِنْهَا ۚ
اور ہم تو وہاں ہرگز داخل نہ ہوں گے جب تک کہ وہ نہ نکل جاویں گے۔

فَاِنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَا فَاِنَّا دٰخِلُوْنَ ﴿۲۲﴾
پھر اگر وہ نکل جائیں گے تو ہم داخل ہو جائیں گے۔

قَالَ رَجُلٰنِ مِنَ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ
(مگر ان) دو خداترسوں نے کہ جن پر خدا تعالیٰ نے فضل کیا تھا

اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمَا ادْخُلُوْا عَلَيْهِمُ
(یہ) کہا کہ تم ان پر دروازے کی طرف سے حملہ کر کے گھس جاؤ

الْبَابَ ۚ فَاِذَا دَخَلْتُمُوْهُ فَاِنَّكُمْ
پھر جب تم داخل ہو جاؤ گے تو تم ہی غالب

غٰلِبُوْنَ ۚ وَعَلَى اللّٰهِ فَتَوَكَّلُوْٓا اِنْ
رہو گے۔ اللہ تعالیٰ ہی پر توکل کرو اگر تم ایمان

كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۲۳﴾ قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى
رکھتے ہو۔ انھوں نے کہا اے موسیٰؑ!

اِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَآ اَبَدًا مَّا دَامُوْا فِيْهَا
ہم تو وہاں ہرگز کبھی بھی داخل نہ ہوں گے جب تک کہ وہ لوگ وہاں ہوں گے

فَاذْهَبْ اَنْتَ وَرَبُّكَ فَقَاتِلَآ اِنَّا
سو تو اور تیرا خدا جا کر لڑے ہم تو

هٰهُنَا قٰعِدُوْنَ ﴿۲۴﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّيْ
یہیں بیٹھے ہوئے ہیں۔ موسیٰؑ نے کہا اے رب! مجھ کو

لَآ اَمْلِكُ اِلَّا نَفْسِيْ وَاَخِيْ فَافْرُقْ
بجز اپنے اور اپنے بھائی کے اور کسی کا (بھی) اختیار نہیں پھر تو ہم

بَيْنَنَا وَبَيْنَ الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۲۵﴾
میں اور نافرمان لوگوں میں فیصلہ کر دے۔

قَالَ فَاِنَّهَا مُحَرَّمَةٌ عَلَيْهِمْ اَرْبَعِيْنَ
خدا تعالیٰ نے کہا اب یہ زمین چالیس برس تک ان کو نصیب

سَنَةً ۚ يَتِيْهُوْنَ فِي الْاَرْضِ ۗ
نہ ہوگی۔ یہ لوگ جنگل میں بھٹکتے پھریں گے۔

Marfat.com

فَلَا تَاْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۲۶﴾

سو آپ نافرمان قوم پر کچھ رنج نہ کریں۔

ترکیب

یٰقَوْمِ اذْكُرُوْا اور یٰقَوْمِ ادْخُلُوا مقولے ہیں قَالَ مُوْسٰى کے علیٰ ادبارکم حال ہے فاعل تَرْتَدُّوْا سے فَتَنْقَلِبُوْا مجزوم ہے اس لئے کہ جواب نہی ہے۔ مِنَ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ رَجُلَانِ کی صفت ہے۔ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمَا دوسری صفت ہے مَا دَامُوْا الخ بدل ہے اِذًا سے اَرْبَعِيْنَ سَنَةً ظرف ہے مُحَرَّمَةٌ کا۔ تَاْسَ کا الف واو سے بدل ہے۔

تفسیر

پہلی آیت میں بنی اسرائیل کے عہد کا ذکر تھا اور اُس کے ساتھ تبعًا نصاریٰ کے عہد اور فترت[1] میں بعثت کا ذکر فرما کر پھر اُس عہد کے بنی اسرائیل کا ذکر فرماتا ہے کہ موسیٰ علیہ السلام نے ان سے کیا فرمایا اور انھوں نے اُس کے جواب میں کیا کہا اور کیا کیا؟

ف وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ یہ اسی دشتِ فاران کا تذکرہ ہے جب کہ بارہ[12] نقیب ملکِ شام سے لوٹ کر آئے اور بجز دو شخصوں کے اوروں نے بنی اسرائیل کو ڈرا کر نامرد کر دیا۔ اب حضرت موسیٰؑ اُن سے فرماتے ہیں اور جنگل میں کھڑے ہوئے سرکش قوم کو سمجھا رہے ہیں کہ اے قوم! تم خدا تعالےٰ کے احسانات کو یاد کرو اوّل تو یہ کہ تمھاری قوم میں خدا تعالےٰ نے بہت سے انبیاءؑ پیدا کئے۔ حضرت ابراہیمؑ و اسحٰقؑ و اسمٰعیلؑ و یعقوبؑ

[1] فترۃ کے معنے ہیں بند ہونا اس سے مراد وہ زمانہ ہے کہ جس میں حضرت مسیح علیہ السلام کے بعد سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تک کوئی اولوالعزم نبی برپا نہ ہوا۔ یہ تخمیناً پانسو برس کا زمانہ ہے اس عرصہ میں دینِ عیسوی بھی بگڑتے بگڑتے بالکل بدل گیا تھا یہود اور مجوس اور بت پرستوں کا تو کچھ پوچھنا ہی نہیں۔ اس ظلمت کدہ میں عرب سے آفتاب جلوہ گر ہوا لوگوں کو اندھیریوں سے نکال کر روشنی میں لایا ۱۲ منہ

اور موسیٰؑ اور ہارونؑ اور وہ ستر[70] آدمی جو کوہِ طور پر گئے تھے۔ دوم تم کو خدا تعالےٰ نے بادشاہ بنادیا یعنی پہلے تم فرعونیوں کی قید میں تھے اب آزاد ہو۔ حقیقت میں آزادی سے بڑھ کر اور کیا سلطنت ہوگی؟ اور ممکن ہے کہ اُن کے آئندہ اقتدار وسلطنت کو بلفظِ ماضی تحقیق کے لئے تعبیر کیا ہو۔ سوم تم کو وہ چیزیں دیں جو اب تک کسی کو نہیں دیں۔ دریائے قلزم سے خشک پار اُتارنا، فرعونیوں کو تھالے روبرو غرق کر دینا، جنگل میں پتھر سے پانی کے بارہ[12] چشمے نکالنا، ابر کا سایہ کرنا، کھانے کو منّ وسلویٰ دینا۔ یہ احسان یاد دلا کر اُن کو ارضِ مقدسہ یعنی ملکِ فلسطین کے چلنے کا حکم دیتے ہیں جس میں خدا تعالیٰ نے میووں اور سرد پانیوں کی برکتیں رکھی ہیں اور یہ بھی کہ تم پھر واپس منصر جانے کا قصد نہ کرو ورنہ خسارہ میں پڑ جاؤ گے۔ یہ تمام گفتگو توریت سفر عدد کے ۱۴ باب میں خوب تفصیل سے بیان ہے جس کے بعض جملے یہ ہیں "تب ساری جماعت چلّا کے روئی اور لوگ اُس رات بھر رویا کئے پھر سارے بنی اسرائیل موسیٰؑ اور ہارونؑ پر گڑ گڑائے کہ اے کاش ہم مصر میں مر جاتے الخ خداوند کس لئے ہم کو اس زمین میں لایا الخ تب اُنھوں نے ایک دوسرے کو کہا کہ آؤ اپنا ایک سردار بنائیں اور مصر کو پھر چلیں۔ موسیٰؑ اور ہارونؑ تمام بنی اسرائیل کے مجمع کے سامنے زمین پر اوندھے گر پڑے اور نون کے بیٹے یشوعؑ اور یفنہ کے بیٹے کالب نے جو اُس زمین کی جاسوسی کرنے والوں میں سے تھے اپنے کپڑے پھاڑے اور ساری جماعت بنی اسرائیل کو کہا کہ وہ زمین جہاں ہم جاسوسی کے لئے گئے تھے خوب زمین ہے اگر ہم سے خداتعالیٰ راضی ہے تو ہم کو اس زمین پر لے جائے گا الخ مگر تم خداوند سے بغاوت نہ کرو اور نہ تم وہاں کے لوگوں سے ڈرو وہ تو تمھاری خوراک ہیں ان کا سایہ اُن سے جا چکا ہے (قَالَ رَجُلَانِ الخ کی یہ پوری تفسیر ہے) تب ساری جماعت نے چاہا کہ اُن پر پتھراؤ کرے اُس وقت جماعت کے خیمہ میں سارے بنی اسرائیل کے سامنے خدا تعالیٰ کا جلال نمایاں ہوا۔ خداوند نے موسیٰؑ کو فرمایا کہ یہ

Marfat.com

لوگ کب تک مجھے غصّہ دلائیں گے اور کب تک میری نشانیوں کا جو اُنھیں دکھائیں یقین نہ کریں گے میں اُنھیں وبا سے ماروں گا اور انھیں خارج کروں گا ان کے بدلے تجھے اور قوم دوں گا۔ موسیٰ نے کہا اگر یہ خبر مصر والے سُنیں گے تو کہیں گے کہ خدا تعالےٰ نے ان کو بیابان میں ہلاک کر دیا سو میں تیری منّت کرتا ہوں کہ تو اپنی رحمت سے اس امت کا گناہ بخش دے۔ خداوند نے فرمایا میں نے تیرے کہنے سے بخشا پر مجھے اپنی حیات کی قسم جیسا کہ تم نے غصّہ دلایا اور سنا کے کہا میں تم سے ویسا ہی کروں گا تمھاری لاشیں سب کی بیس برس والے سے لے کر اُوپر والے تک جنھوں نے میری شکایتیں کیں اس بیابان میں گریں گی تم بیشک اس زمین پر نہ پہنچو گے جس کا میں نے تم سے وعدہ کیا ہے بجز یوشع اور کالب کے اور تمھارے لڑکوں کے جن کے حق میں تم کہتے ہو کہ وہ لُٹ جائیں گے میں اُن کو داخل کروں گا اور تمھاری لاشیں اس بیابان میں گریں گی اور تمھارے لڑکے اس بیابان میں چالیس برس تک بھٹکتے پھریں گے اُن دِنوں کے شمار کے موافق جن میں تم اُس زمین کی جاسوسی کرتے تھے جو چالیس دن ہیں دن دیکھے ایک سال ہوگا" انتہیٰ ملخصًا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ اکثر لوگ تو اس واقعہ کے اگلے روز عمالیق کے ہاتھ سے قتل ہوئے جو باوجود ممانعت موسیٰ علیہ السّلام کے پہاڑ پر ان سے لڑنے کو چڑھے چلے جاتے تھے اور وہ دشمن جاسوس اور پھر اور سب لوگ اس قرن کے وقتاً فوقتاً وبا اور قتل سے ہلاک ہوئے حتّٰی کہ اس چالیس برس کے عرصہ میں حضرت موسیٰ علیہ السّلام اور ان سے پہلے ان کے بھائی ہارون علیہ السّلام بھی یردن ندی کے اِسی پار جان بحق ہوئے۔ پھر جب یہ چالیس برس گزر گئے اور یہ لوگ تمام ہوگئے اور حضرت موسیٰ علیہ السّلام کے قائم مقام ان کا بھانجا اور خلیفہ یوشع بن نون ہوا تو خدا تعالیٰ نے نئی نسل اسرائیل کو وہاں کا ملک عطا کیا۔ عمالیق اور دیگر اقوام شام پر یوماً فیوماً بنی اسرائیل فتح پاتے رہے خدا تعالیٰ کا وعدہ پورا ہوگیا۔

تیہ تاہ یتیہ تیہًا و توہًا۔ سرگردانی۔ تیہاء اُس زمین کو کہتے ہیں جس میں آدمی کو رستہ نہ ملے۔ یہ زمین کہ جس میں بنی اسرائیل بھٹکتے پھرے وہ ہے کہ جس کو ہم نے سورۂ بقرہ میں ایک نقشہ میں دکھایا ہے اعنی بحر قلزم سے مشرق کی طرف عبور کر کے بیابانِ قادسیہ اور عرب کا شمالی اور مغربی گوشہ دریائے یردن تک یعنی شام کے کنارہ تک۔ یہ کئی سو کوس کا میدان ہے وہاں اُس زمانہ میں کہیں کہیں پہاڑوں اور شاداب جگہوں میں کچھ قومیں بھی رہتی تھیں جن سے بنی اسرائیل سے جنگ وجدل کا اتفاق پڑ جاتا تھا۔ خدا تعالےٰ کی قدرت تھی شام کے ملک میں پہنچنا چاہتے تھے مگر دو چار منزل چل کر پھر بھول بھٹک کر وہیں آجاتے تھے۔

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَأَ ابْنَيْ آدَمَ بِالْحَقِّ ۘ

اور (اے نبی ﷺ!) ان لوگوں کو آدمؑ کے دونوں بیٹوں کا قصہ ٹھیک طور سے سُنا دو۔

إِذْ قَرَّبَا قُرْبَانًا فَتُقُبِّلَ مِنْ أَحَدِهِمَا

جب کہ دونوں نے (اللہ تعالےٰ کے لئے) نیاز گزرانی سو ایک کی قبول ہوئی اور دوسرے کی

وَلَمْ يُتَقَبَّلْ مِنَ الْآخَرِ ۚ قَالَ لَأَقْتُلَنَّكَ ۖ

قبول نہ ہوئی۔ (تب اپنے دوسرے سے کہا) میں تجھے مار ڈالوں گا۔

قَالَ إِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللَّهُ مِنَ الْمُتَّقِينَ ﴿٢٧﴾

اس نے کہا اللہ تعالےٰ تو صرف پرہیزگاروں کی نیاز قبول کیا کرتا ہے۔

لَئِنْ بَسَطْتَ إِلَيَّ يَدَكَ لِتَقْتُلَنِي مَا

اگر تو میرے قتل کرنے کے لئے ہاتھ بڑھائے گا تو

أَنَا بِبَاسِطٍ يَدِيَ إِلَيْكَ لِأَقْتُلَكَ ۖ

میں تیری طرف تیرے قتل کرنے کے لئے ہرگز ہاتھ نہ بڑھاؤں گا۔

إِنِّي أَخَافُ اللَّهَ رَبَّ الْعَالَمِينَ ﴿٢٨﴾

میں تو اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہوں جو تمام جہان کا رب ہے۔

إِنِّي أُرِيدُ أَنْ تَبُوءَ بِإِثْمِي وَإِثْمِكَ

میں چاہتا ہوں کہ میرا اور اپنا گناہ تو ہی سمیٹے

(حاشیہ صفحہ ۲۶۵ پر ملاحظہ فرمائیں)

Marfat.com

فَتَكُوْنَ مِنَ اَصْحٰبِ النَّارِ ۚ وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا
پھر تو ہی دوزخی بنے۔ اور ظالموں کی یہی
الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۹﴾ فَطَوَّعَتْ لَهٗ نَفْسُهٗ قَتْلَ
سزا ہے۔ سو اس کے دل کو اپنے بھائی کا مار ڈالنا پسند
اَخِيْهِ فَقَتَلَهٗ فَاَصْبَحَ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۳۰﴾
آیا۔ سو اس کو مار ڈالا تب وہ خود برباد ہو گیا۔
فَبَعَثَ اللّٰهُ غُرَابًا يَّبْحَثُ فِى الْاَرْضِ
پھر اللہ تعالےٰ نے کوّا بھیجا جو زمین کو بدینے لگا
لِيُرِيَهٗ كَيْفَ يُوَارِىْ سَوْءَةَ اَخِيْهِ ؕ
تاکہ اس کو دکھاوے کہ اپنے بھائی کی لاش کیونکر چھپانی چاہیئے۔
قَالَ يٰوَيْلَتٰٓى اَعَجَزْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِثْلَ
وہ بولا کہ ہائے شامت کیا میں اس کوّے کے برابر بھی
هٰذَا الْغُرَابِ فَاُوَارِىَ سَوْءَةَ اَخِىْ ۚ
نہ ہو سکا کہ اپنے بھائی کی لاش چھپاتا۔
فَاَصْبَحَ مِنَ النّٰدِمِيْنَ ۚ﴿۳۱﴾
پھر تو وہ پچھتانے لگا۔

ترکیب

نبا مضاف ابنی مضاف الیہ مضاف آدم مضاف الیہ مجموعہ مفعول واتل۔ بالحق حال ہے فاعل اتل سے اذ ظرف ہے نبا کا بانی معطوف علیہ واثمک معطوف متعلق ہیں تبوء بھنے ترجع کے جو تاویل ان مصدریہ جملہ مفعول ہے ارید کا جو خبر ہے انّ کی کیف حال ہے ضمیر یواری سے اور جملہ محل نصب میں لیریہ کے۔

تفسیر

پہلی آیت میں یہود و نصاریٰ کا عہد توڑنا بیان ہوا تھا اور نیز بزرگوں کی اولاد اور انبیاء علیہم السلام کی طرف منسوب ہونے کی وجہ سے وہ نحن ابناء اللہ واحبارہ کہتے تھے۔ اس کلمہ کو بھی نقل کیا تھا جو در اصل دونوں قوموں کی بربادی کا باعث ہوا یہود کو اس کلمہ سے تفاخر ہوا جس سے حضرت مسیح علیہ السلام کو بزعم خود قتل کر ڈالا اور پھر یہی بلا نصاریٰ میں پیدا ہو گئی انھوں نے بھی اس تفاخر اور حسد میں آکر نبی آخر الزماں (صلے اللہ علیہ وسلم) کا انکار کیا جو قتل سے بھی بڑھ کر ہے۔ اب ان آیات میں خدا تعالےٰ حضرت آدم علیہ السلام کے دو بیٹوں کا قصہ بیان فرما کر یہ بات جتلاتا ہے کہ تفاخر سے حسد پیدا ہوتا ہے جو دوسرے شخص میں کوئی خوبی و کمال دیکھ کر اس کی ایذا اور قتل پر آمادہ کرتا ہے جو اس کے لئے دارین کی رسوائی کا باعث ہو جاتا ہے اور پھر یہ بزرگ زادہ ہونا اس کے کچھ بھی کام نہیں آتا۔ جیسا کہ قابیل کے کچھ کام نہ آیا ابد تک لعنتی ہوا۔

اپنے آدم سے مراد ہابیل اور قابیل کے قصہ کی طرف اشارہ ہے۔ اس قصے کو توریت موجودہ سفر پیدائش کے ۴ باب میں بیان کیا ہے کہ "آدم اپنی جورو حوّا سے ہم بستر ہوا وہ حاملہ ہوئی اور قائن کو جنی (عربی میں اس کو قابیل کہتے ہیں) پھر اس کے بھائی ہابیل کو جنی اور ہابیل بھیڑ بکری کا چرواہا اور قائن کسان تھا۔ چند روز کے بعد یوں ہوا کہ قائن اپنے کھیت کے حاصل میں سے خداوند کے لئے ہدیہ لایا۔ ہابیل اپنی پہلوٹھی اور موٹی بھیڑ بکریوں میں سے لایا۔ اور خداوند نے ہابیل کو اور اس کے ہدیہ کو قبول کیا۔ پر قائن کو اور اس کے ہدیہ کو قبول نہ کیا۔۔۔۔۔

(حاشیہ ۲۶۶) لہ یعنی میرا کیا قصور جو تو مجھے نیاز قبول نہ ہونے سے مارنا چاہتا ہے۔ نیاز پرہیزگاروں کی قبول ہوا کرتی ہے سو یہ تیرا قصور ہے کیوں حسد کرتا ہے۔ یہاں سے حسد کی برائی بیان ہو رہی ہے جس میں یہود و نصاریٰ مبتلا تھے اور نبی آخر الزماں صلے اللہ علیہ وسلم سے بمقابلہ پیش آرہے تھے ۱۲ منہ

Marfat.com

وقف النبی صلعم

مِنْ اَجْلِ ذٰلِكَ ۚ كَتَبْنَا عَلٰى بَنِيْٓ
اس سے ہم نے بنی اسرائیل پر یہ بات لکھ دی کہ جو
اِسْرَآءِيْلَ اَنَّهٗ مَنْ قَتَلَ نَفْسًۢا بِغَيْرِ
کوئی کسی جان کو بغیر معاوضہ کسی جان کے یا بغیر
نَفْسٍ اَوْ فَسَادٍ فِي الْاَرْضِ فَكَاَنَّمَا
زمین پر فساد کرنے کے قتل کرے گا تو گویا اس نے
قَتَلَ النَّاسَ جَمِيْعًا ؕ وَمَنْ اَحْيَاهَا
سب کو قتل کر ڈالا۔ اور جس نے کسی کو بچالیا تو
فَكَاَنَّمَآ اَحْيَا النَّاسَ جَمِيْعًا ؕ وَلَقَدْ
گویا اس نے سب کو بچالیا۔ اور بے شک
جَآءَتْهُمْ رُسُلُنَا بِالْبَيِّنٰتِ ۫ ثُمَّ اِنَّ
اُن کے پاس ہمارے رسول نشانیاں لے کر آئے، پھر اس کے بعد
كَثِيْرًا مِّنْهُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ فِي
بھی بہت سے لوگ ان میں سے زمین میں بیہودگیاں
الْاَرْضِ لَمُسْرِفُوْنَ ﴿۳۲﴾
کرتے پھرتے ہیں۔

ترکیب

من اجل متعلق ہے کتبنا سے علی بنی اسرائیل بھی کتبنا سے متعلق ہے انہ جملہ الی جمیعا مفعول ہے کتبنا کا۔ اس جملہ میں انہ کی ضمیر شان ہے اور من شرطیہ بغیر نفس حال ہے ضمیر قتل سے ای من قتل نفسا ظالما۔ او فساد معطوف ہے نفس پر فکانما جملہ جواب شرط بعد ذلک ظرف ہے لمسرفون کا۔

تفسیر

اس لئے قائن نہایت غصہ اور ترش رو ہوا اور خداوند نے قائن سے کہا تجھے کیوں غصہ آیا اگر تو اچھا کرتا تو کیا مقبول نہ ہوتا الخ۔ اور جب وہ دونوں کھیت میں تھے تو قائن اپنے بھائی ہابیل پر اٹھا اور اسے مار ڈالا تب خداوند نے کہا تیرا بھائی کہاں ہے؟ اس نے کہا کیا میں اس کا نگہبان ہوں۔ پھر اس نے کہا کہ تو نے کیا کیا تیرے بھائی کا خون زمین سے تجھے پکارتا ہے اور اب تو زمین سے لعنتی ہوا الخ۔ سو قائن خداوند کے حضور سے نکل گیا اور عدن کے پورب کی طرف نود کی زمین میں جا رہا۔ پھر آدم اپنی جورو سے ہم بستر ہوا اور وہ ایک بیٹا جنی اور اس کا نام سیت (یعنی شیث) رکھا" انتہی ملخصا۔ قابیل اپنے بھائی کو قتل کر کے اپنی پیٹھ پر لادے پھرتا تھا۔ اس سے پہلے کسی کو دفناتے نہ دیکھا تھا جو دفناتا۔ اس لئے خدا تعالیٰ نے دو کوے بھیجے جو باہم لڑے اور ایک نے ایک کو مار کر پنجوں سے زمین کرید کر دبا دیا۔ اس پر قابیل کو دیکھ کر سخت ندامت ہوئی کہ اے افسوس میں تو اس کوے کے برابر بھی نہیں ہو سکا یعنی مجھے دفنانا نہ آیا اور نیز کوے نے جانور ہو کر بعد مردن دوسرے پر رحم کیا جو اس کی لاش کو تہ خاک کیا میں نے اپنے بھائی کے ساتھ انسان ہو کر کیا کیا؟

من اجل ذلک سے یہ مراد نہیں ہے کہ قابیل کے قتل کرنے سے بنی اسرائیل پر قصاص مقرر کر دیا کیونکہ اس کے قتل سے بنی اسرائیل کو کیا خصوصیت ہے بلکہ ذلک سے اشارہ مفاسد قتل کی طرف ہے کہ چونکہ قتل ناحق میں یہ کچھ خرابی ہے اس لئے جب توریت اور شریعت نازل ہوئی تو بنی اسرائیل پر ہم نے قصاص مقرر کر دیا جنھوں نے باوجود اس کے انبیاء علیہم السلام کو قتل کیا۔

فکانما قتل الناس جمیعا سے یہ مراد نہیں ہے کہ ایک شخص کے قتل ناحق کا گناہ بنی اسرائیل پر جمیع بنی آدم کے قتل کے برابر مقرر ہو گیا تھا۔ کیونکہ یہ عدالت الٰہی سے بعید ہے بلکہ تشبیہ صرف عظمت قتل عمد میں ہے کہ جس بدبخت نے اپنی خواہش نفسانی اور حسد سے ایک آدمی کو ناحق قتل کیا سو اس سے تمام بنی آدم کا قتل ناحق کچھ بعید نہیں اگر یہ ان پر موقع پاتا تو ان سے

Marfat.com

بھی ایسا ہی کرتا۔ جس نے چوری سے باغ کا ایک پھل توڑا اُس نے گویا سب کو توڑا اور ایک کو زندہ رکھنے سے سب کو زندہ رکھنے کا اسی پر قیاس کر لیجئے۔

إِنَّمَا جَزٰٓؤُا الَّذِينَ يُحَارِبُونَ اللّٰهَ وَ

جو لوگ اللہ تعالےٰ اور اُس کے رسولؐ سے لڑائی

رَسُولَهُ وَيَسْعَوْنَ فِي الْأَرْضِ فَسَادًا

کرتے اور زمین میں فساد پھیلاتے ہیں

أَنْ يُقَتَّلُوٓا أَوْ يُصَلَّبُوٓا أَوْ تُقَطَّعَ

(سو) اُن کی یہی سزا ہے کہ اُن کو قتل کیا جاوے یا سولی دی جاوے یا اُن کے

أَيْدِيهِمْ وَأَرْجُلُهُمْ مِنْ خِلَافٍ أَوْ

ہاتھ اور پاؤں اِدھر اُدھر سے کاٹ دیئے جائیں یا

يُنْفَوْا مِنَ الْأَرْضِ ذٰلِكَ لَهُمْ

ملک سے نکال دیئے جائیں۔ یہ تو اُن کی دنیا میں

خِزْيٌ فِي الدُّنْيَا وَلَهُمْ فِي الْآخِرَةِ

رُسوائی ہے، اور آخرت میں تو اُن کو بڑی (سخت)

عَذَابٌ عَظِيمٌ ﴿٣٤﴾ إِلَّا الَّذِينَ تَابُوا

عذاب ہے۔ مگر جنھوں نے کہ تمھارے

مِنْ قَبْلِ أَنْ تَقْدِرُوا عَلَيْهِمْ فَاعْلَمُوٓا

قابو پانے سے پہلے (ہی) توبہ کر لی۔ سو تم جان لو کہ

أَنَّ اللّٰهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ ﴿٣٥﴾

اللہ تعالےٰ (بڑا) غفور رحیم ہے۔

ترکیب

جزاء مضاف الذین مضاف الیہ یحاربون اللہ معطوف علیہ ویسعون معطوف الذین کا صلہ جملہ مبتدا ان یقتلوا مع اُس کے عواطف کے مجموعہ خبر ذٰلک مبتدا لہم خزی جملہ خبر۔

تفسیر

پہلی آیت میں قتل ناحق کی سخت مذمت تھی اب اس آیت میں اس قتل کی سزا بیان فرمائی جاتی ہے اور نیز یہ کہ کونسا جُرم کس سزا کو چاہتا ہے؟ جمہور کے نزدیک یہ آیت عُرَینیوں[ع] کے حق میں نازل ہوئی جو کہ مُرتد ہو کر قتل اور ڈاکے کے مرتکب ہوئے تھے پھر وہ گرفتار کر کے لائے گئے اور اُن کے ہاتھ پاؤں کاٹ کر اُن کی آنکھوں میں گرم سلائیاں پھیر کر اُن کو دھوپ میں ڈال دیا گیا وہیں تڑپ کر مر گئے۔ اس فعل کی ممانعت کے لئے یہ آیت نازل ہوئی جس میں حد مقرر کر دی گئی۔ امام مالکؒ اور ابو حنیفہؒ اور شافعیؒ اور ابو ثورؒ اور دیگر مجتہدین فرماتے ہیں کہ یہ آیت اُن اہل اسلام کے حق میں ہے جو بادشاہِ اسلام سے باغی ہو کر راہزنی اور فساد کرنے لگیں بقرینہ الا الذین تابوا۔ اپنی تفسیر میں علامہ قرطبیؒ فرماتے ہیں کہ گو یہ آیت کسی کے حق میں نازل ہو مگر عموم الفاظ کا لحاظ کیا جاوے گا خصوص سب کو نہ دیکھا جاوے گا اس لئے ہر ایک ڈاکو اور راہزن پر یہ حکم جاری ہو گا خواہ وہ مسلمان ہو خواہ کافر اس میں کسی کا بھی خلاف نہیں۔ الذین یحاربون اللہ خدا تعالےٰ سے لڑائی کرنا اس مقام پر بقول ابن عباسؓ و سعیدؒ بن المسیب و مجاہدؒ و عطاءؒ و حسن بصریؒ و ابراہیم نخعیؒ وغیرہم شاہِ اسلام کے مقابلہ میں ہتھیار اُٹھانا اور مسافروں کو چھیڑنا، لُوٹنا، مارنا ہے نہ کہ چوری اور زنا وغیرہ معاصی کہ ان جرائم کی اور سزا مقرر ہے پس جو شخص جمعیت بہم پہنچا کر ایسا کرے خواہ شہر میں رہ کر خواہ جنگل میں رہ کر (مگر امام ابو حنیفہؒ فرماتے ہیں کہ یہ سزا اُن شخصوں کے لئے ہے جو شہروں میں نہ ہوں کیونکہ شہر میں رہنے والے پر حکومت ہر وقت قابو پا سکتی ہے وہ بمنزلہ چور کے ہے) شاہِ اسلام کو بقول ابن عباسؓ و

ع عُرَینہ عرب کی ایک قوم ہے ان میں سے مدینہ میں آ کر چند لوگ مسلمان ہوئے چونکہ مرض استسقاء میں مبتلا تھے آپ نے اُن کو جہاں ہیت لال کے اُونٹ چرتے تھے بھیج دیا کہ وہاں تندرست ہو جائیں جب تندرست ہو گئے تو نیت میں فرق آیا اُونٹوں کے چرانے والوں کو قتل کر کے اُونٹ لے کر چل دیئے۔ مدینہ میں خبر ہوئی تو وہ گرفتار کر کے لائے گئے

ع ان کے لئے یہ سزا دی گئی تھی جس پر یہ آیت نازل ہوئی ۱۲ منہ

Marfat.com

مجاہدؒ و علی بن ابی طلحہؒ و حسن بصریؒ وغیرہم قابو پاکر اختیاراً ہے خواہ قتل کر ڈالے خواہ دار پر کھینچے خواہ جانب مخالف سے ہاتھ پاؤں کاٹ کر چھوڑ دے خواہ جلاوطن کر دے اس کو اختیار ہے ان چاروں سزاؤں میں سے جونسی چاہے دے کیونکہ کلمۂ او تخییر کے لئے ہے مگر جمہور کے نزدیک او تخییر کے لئے نہیں بلکہ یہ سزائیں جرائم پر منقسم ہیں اگر وہ صرف قتل کے مرتکب ہوتے ہیں تو اُن کو صرف قتل کرنا چاہیئے اور اگر قتل کے ساتھ مال بھی لُوٹا ہے تو قتل کر کے عبرت کے لئے سولی پر بھی لٹکا دیا جائے اس صورت میں ہاتھ پاؤں کاٹ پھر قتل کیا جائے اور سولی پر بھی تشہیر کے لئے لٹکا دیا جائے اور اگر صرف مال لُوٹا ہے تو ایک طرف کا ہاتھ اور دوسری طرف کا پاؤں کاٹ کر چھوڑ دیا جائے اور اگر صرف لوگوں کو خوف ہی دلایا ہے تو نفی کی جائے یعنی اس کو قید کیا جائے۔ شافعیؒ فرماتے ہیں اس کے معنے جلاوطن کے ہیں یعنی جلاوطن کر دیا جائے۔ الّا الذین تابوا من قبل الخ یعنی اگر وہ لوگ گرفتار ہونے سے پہلے اس فعل بد سے توبہ کر لیں تو ان سے یہ حد ساقط ہو جائے گی ہاں حقوق عباد خواہ مالی ہوں خواہ جانی اس کا عوض عدالت ان سے ضرور لوگوں کو دلائے گی، وھٰذا ہو القوی۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَابْتَغُوْٓا
اے ایمان والو! اللہ تعالےٰ سے ڈرتے رہو اور اُس تک
اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ وَجَاهِدُوْا فِيْ سَبِيْلِهٖ
وسیلہ ڈھونڈو اور اس کی راہ میں جہاد کرو
لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۳۵﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
تاکہ تم فلاح پاؤ۔ بے شک کافروں کے پاس
لَوْ اَنَّ لَهُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا وَّ
اگر زمین میں جو کچھ ہے (وہ) سب اور اس کے ساتھ اتنا ہی
مِثْلَهٗ مَعَهٗ لِيَفْتَدُوْا بِهٖ مِنْ عَذَابِ
اور بھی ہو تاکہ اس کو دے کر وہ قیامت کے عذاب سے چھوٹ

يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَا تُقُبِّلَ مِنْهُمْ ۚ وَلَهُمْ
جائیں (اور اس کو تاوان میں دیں) تو ہرگز ان سے قبول نہ کیا جائے گا اور اُن کو
عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۳۶﴾ يُرِيْدُوْنَ اَنْ
عذاب الیم ہی ہوگا۔ وہ چاہیں گے کہ ہم آگ سے
يَّخْرُجُوْا مِنَ النَّارِ وَمَا هُمْ بِخٰرِجِيْنَ
نکل جاویں اور وہ اُس سے ہرگز نہ نکل
مِنْهَا ۡ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿۳۷﴾
سکیں گے اور اُن کے لئے (تو) ہمیشہ کا عذاب ہے۔

ترکیب

الیہ الوسیلۃ ممکن ہے کہ ابتغوا سے متعلق ہو اور جائز ہے کہ خود الوسیلۃ سے کیونکہ یہ بمعنے المتوسل بہ ہے۔ الذین کفروا صلہ و موصول اسم ان لو ان شرط ما تقبل بجواب مجموعہ خبر ان۔

تفسیر

اس سے پہلی آیت میں اُن مفسدوں اور باغیوں کی مذمت تھی جو خدا تعالےٰ سے لڑتے تھے اور رسولؐ اور قرآن کے حکم سے جو خدا تعالےٰ کی طرف پہنچنے کا وسیلہ اور حبل المتین ہے چھوڑ کر دائرۂ اطاعت سے باہر ہوتے تھے جس کا نتیجہ دنیا اور آخرت میں رسوائی اور خواری ہے۔ اس مقام پر ان کے برخلاف اس وسیلۂ الٰہی کو اختیار کر کے ہر ایک قسم کی نیکی اور بھلائی کرنے کی ترغیب دلائی جاتی ہے اور اس کے برخلاف کرنے میں آخرت کا انجام بد بتایا جاتا ہے۔ واضح ہو کہ جمیع احکام الٰہی دو قسم میں منحصر ہیں قسم اوّل بُری باتوں کا ترک کرنا اور یہ سب سے مقدّم ہے کیونکہ انسان جب تک بُری باتوں کو ترک نہیں کرے گا تو اُس کے لوحِ دل پر ضرور ایک ایسا اثر پیدا ہو گا جو اُس کو نیکیوں سے روکے گا اور اپنی ہی طرف کھینچے گا علاوہ اس کے جب کسی لوح پر کوئی عمدہ نقش کھینچنا چاہتے ہیں تو اوّل

جانی زادی

Marfat.com

اس کو صاف کر لیتے ہیں پھر کچھ لکھتے ہیں ؎ چاہیئے تجھ کو اگر وصل صنم + دل کو خالی غیر سے کر یک قلم ؛ اس لئے سب سے مقدم اس قسم کی طرف واتقوا اللہ میں اشارہ کیا۔ **دوسری قسم** اچھی چیزوں کا عمل میں لانا عبادت، سخاوت، رحم دلی، بردباری، صبر، وشکر، رضا و تسلیم وغیرہ ان سب کی طرف وابتغوا الیہ الوسیلۃ میں اشارہ فرمایا۔ پس یہ کرنا اور نہ کرنا افعال میں بھی معتبر ہے۔ نہ کرنے میں منہیات اور کرنے میں مامورات شامل ہیں اور اسی طرح اخلاق میں بھی اخلاقِ رذیلہ، تکبر، عجب (خود پسندی) ریا کو ترک کرنا چاہیئے۔ بردباری، رضا و تسلیم کو عمل میں لانا چاہیئے۔ اور اسی طرح افکار میں بھی ترک اور عمل معتبر ہیں۔ جن افکار کا ترک لازم ہے وہ بُرے خیالات ہیں جو انسان کے لئے بُری باتوں کی طرف محرک ہوتے ہیں اور اچھے خیالات کو عمل میں لانا چاہیئے جو حسنات کی طرف محرک ہیں اور اسی طرح یہ ترک اور فعل مقام تجلی میں بھی معتبر ہے۔ ترک التفات الی غیر اللہ کرنا چاہیئے۔ فعل کیا ہے اُس کی ذات پُر انوار میں مستغرق رہنا۔ اہل ریاضت ترک کو تخلیہ اور کبھی صحو اور محو اور نفی اور فنا کہتے ہیں اور ان سب میں نفی مقدم ہوا کرتی ہے اس لئے کلمۂ توحید لا الٰہ میں نفی مقدم ہے اثبات الا اللہ مؤخر۔ وسیلہ ہر قسم کے اچھے کام ہیں اور قرآن مجید اور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام اور بزرگانِ دین بھی خدا تعالیٰ کی طرف کا وسیلہ ہیں۔ ارشاد اور فیض سے انسان خیرات کی طرف راغب ہوتا ہے اور ان ہی کی برکت سے خدا تعالیٰ کا طالب بنتا ہے۔ اور جب کہ حسنات اور سعادات کا عمل میں لانا کوئی آسان[1] بات زبانی جمع خرچ نہ تھا اس لئے اس کے بعد جاہدوا فی سبیلہ بھی فرمایا۔ حضرات انبیاء علیہم السلام باایں علوِ مرتبت راتوں رویا کرتے اور آنسوؤں کے موتی اُس جمال جہاں آرا کی یاد میں پرویا کرتے تھے۔ صحابہؓ اور بزرگانِ دین کی جان کاہیاں مشہور ہیں۔ اس میں طالبانِ ذات کے بلند مرتبہ کی طرف اور لعلکم تفلحون میں طالبانِ عقبیٰ کی طرف اشارہ ہے۔ ان الذین کفروا میں ان لوگوں کا انجام کار بیان ہوتا ہے جو اس عالم فانی کے لذائذ حسیہ پر فریفتہ ہو کر اس عالم جاودانی کو بھول بیٹھتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے وسیلہ کو چھوڑ خدا سے توڑ بیٹھتے ہیں۔

وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوْٓا

اور جو کوئی مرد یا عورت چوری کرے تو اُن کے ہاتھ کاٹ

اَيْدِيَهُمَا جَزَآءًۢ بِمَا كَسَبَا نَكَالًا مِّنَ

ڈالو خدا تعالیٰ کی طرف سے اُن کے فعل کی (یہی) جزا

اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۳۸﴾ فَمَنْ

ہے۔ اور اللہ تعالیٰ زبردست حکمت والا ہے۔ پھر جو

تَابَ مِنْۢ بَعْدِ ظُلْمِهٖ وَاَصْلَحَ فَاِنَّ

کوئی اپنے ظلم کے بعد توبہ کرلے اور سُدھر جاوے تو اللہ تعالیٰ (بھی)

اللّٰهَ يَتُوْبُ عَلَيْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ

اُس کو معاف کرتا ہے۔ بے شک اللہ تعالیٰ غفور

رَّحِيْمٌ ﴿۳۹﴾ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ

رحیم ہے۔ کیا تو نہیں جانتا کہ اللہ تعالیٰ ہی کے لئے

مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ يُعَذِّبُ

ہے آسمان اور زمین کی بادشاہت۔ جس کو چاہتا ہے

مَنْ يَّشَآءُ وَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ

عذاب کرتا ہے اور جس کو چاہتا ہے بخشتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۴۰﴾

ہر بات پر قادر ہے۔

ترکیب

والسارق معطوف علیہ والسارقۃ معطوف مبتدا سیبویہ کے نزدیک بوجہ ف کے فاقطعوا خبر نہیں ہو سکتا پس خبر فیما یتلیٰ علیکم محذوف ہے اور کہتے ہیں

[1] مولانا اوحد الدین کرمانی فرماتے ہیں ؎ تا دیدۂ و دل خون نہ کنی پنجاہ سال ؛ ہرگز نہ دہندت رہ از حال بقال ؛ ۱۲ منہ

Marfat.com

فاقطعوا۔ کیونکہ الف لام السّارق میں بمنزلۂ الّذی کے ہے پس یہ مشابہ شرط ہے ف کا خبر میں آنا درست ہوگیا جزاء فاقطعوا کا مفعول لہٗ ہے وقس علیہ نکالا۔ فمن تاب شرط فان اللہ جواب۔

تفسیر

باغیوں اور لٹیروں کی سزا بیان کرنے کے بعد چور کی سزا بیان کرنا گویا اس بیان کا تکملہ کر دینا ہے۔

والسارق والسارقۃ۔ اگرچہ قرآن مجید میں عموماً احکام میں خطاب مردوں کی طرف ہے عورتیں تبعًا ان احکام میں شامل ہیں مگر اس آیت میں محض اس حکم کی تاکید ظاہر کرنے کی غرض سے سارق مرد چور اور سارقۃ چور عورت دونوں کو ذکر کیا۔

سرقہ لغت میں چوری کو کہتے ہیں یعنی کسی کا مال جو حفاظت میں رکھا ہو چھپا کر لے جانا یہاں تین باتیں ہیں۔ ایک مال جس کی چوری کی گئی اُس کی اس آیت میں کوئی قید نہیں کہ کس قدر مال چرانے پر سزا دی جائے اس لئے بعض علماء نے جیسا کہ ابن زبیرؓ اور ابن عباسؓ و حسن بصریؒ ہیں اس کو مطلق رکھا ہے مگر جمہور علماء مجتہدین کہتے ہیں کہ مال کا لفظ ایک وسیع لفظ ہے ہر شخص اور ہر قوم اور ہر زمانے کے لحاظ سے اس کے معنے میں تفاوت ہو سکتا ہے متموّل ملکوں میں دو پیسے چار پیسے کچھ مال نہیں۔ یہی دو چار پیسے مفلس لوگوں میں مال گنے جاتے ہیں علیٰ ہذا القیاس اس لئے ایسے اختلاف معنی کے وقت عرب کا عرف عام خصوصًا قریش کا دستور دیکھنا چاہیئے کہ وہ کس کو مال کہتے تھے کیونکہ شریعت محمدیہ علیٰ صاحبہا الصّلوٰۃ والسّلام میں اکثر اُن ہی کے رواج و عادات کا زیادہ لحاظ کیا گیا ہے۔ یہ بات تو اُن کی عادت دیکھنے سے قطعاً معلوم ہوتی ہے کہ ایک دو مٹھی اناج یا کسی قدر چھوارے یا دو ایک انگور کے خوشے ان کے ہاں ایسا مال نہ سمجھا جاتا تھا کہ جس کے چھپا کر لے جانے کو چوری کہا جائے ایسی قلیل چیزوں کو اجازت بے اجازت لے کر کھا لیا کرتے تھے۔

پس اس مقدار کا اندازہ امام ابوحنیفہؒ اور ثوریؒ نے بعض احادیث و اقوال صحابہؓ اور اُن کے معاملات پر غور کر کے دس درہم قرار دیا ہے اس قدر جو کوئی چرائے گا تو یہ سزا پائے گا اس سے کم کی چوری پر یہ سزا نہیں دی جائے گی۔ اور امام مالکؒ و احمدؒ و اسحاقؒ نے تین درہم یا ربع دینار کی تعداد قائم کی ہے اور ابن ابی لیلےٰؒ نے پانچ درہم اور امام شافعیؒ نے ربع دینار معین کیا ہے۔ ہر ایک کے دلائل اس تعداد کے لئے بسوطات میں مذکور ہیں مگر داؤد اصفہانی اور خوارج نے آیت کو مطلق رکھ کر ذرا سی چیز کی چوری پر بھی سزا قائم رکھی ہے حتیٰ کہ کوڑی دو کوڑی کے چور کو بھی قطع ید کا حکم دیتے ہیں۔

دوسری بات اس فعل کے لئے یہ ہے کہ یہ مال جس کو چرایا ہے مالک کی حفاظت میں ہو کیونکہ رستہ پر پڑی ہوئی چیز کا اُٹھا کر لے جانا عُرف میں چوری نہیں مگر داؤد ظاہری یہاں بھی خلافِ جمہور کرتے ہیں اور حفاظت کو کوئی شرط نہیں سمجھتے

تیسری بات سرقہ میں یہ ہے کہ لوگوں سے چھپا کر لے جائے کہ عادتًا لوگ اُس کو دیکھیں تو پکڑ لیں۔ اب اگر وہ بالکل لوگوں کے سامنے سے لے گیا ہے تو اس کو بھی چوری نہیں کہیں گے بلکہ غصب یا سینہ زوری۔ اور اگر ایسے موقع سے لے گیا ہے کہ اس کو لوگوں نے نہ دیکھا اور معلوم نہیں کر سکے جیسا کہ کیسہ بُر یا گرہ کٹ عام مجمعوں میں لوگوں کے روبرو کاٹ لیتے جیب کترے لیتے ہیں یہ بھی عُرف میں چوری کے علاوہ دوسرا فعل گنا جاتا ہے ان دونوں صورتوں میں چوری کی سزا نہ دی جائے گی بلکہ اور سزا ملے گی بعض علماء مجتہدین فرماتے ہیں کہ بلاشک غصب کی صورت میں تو چوری نہیں کیونکہ اخفا نہیں پایا جاتا جو چوری کے معنے میں لیا گیا ہے۔ ہاں دوسری صورت میں چوری کے ہر ایک بات اور زیادہ ہو گئی کہ وہ سب کی آنکھوں میں خاک ڈال کر لے گیا سو یہ اعلیٰ درجہ کی چوری ہے اس لئے یہ سزائے سرقہ کا مستوجب سمجھا جائے گا۔ ان تینوں باتوں پر بہت سے مسائل مبنی ہیں فاقطعوا ایدیہما یہ سزا ہے چور کی کہ اُس کا ہاتھ

Marfat.com

دیا جائے۔ آیت میں اس کی بھی کچھ تصریح نہیں کہ کونسا ہاتھ کاٹا جائے اور کہاں تک کاٹا جائے؛ مگر جمہور نے آنحضرت علیہ السلام کے عہد کی سزا سے یہی ثابت کیا ہے کہ اوّل بار چوری کرنے سے پہنچے تک داہنا ہاتھ کاٹ ڈالنا چاہیئے اور نیز جب ایک بار چوری کرے تو داہنا کاٹ دیا جائے اور دوبارہ کرے تو بایاں پاؤں کاٹ دیا جائے۔ اور امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ اگر تیسری بار چوری کرے تو بایاں ہاتھ اور چوتھی بار کرے تو دایاں پاؤں بھی کاٹ ڈالنا چاہیئے۔ امام ابوحنیفہؒ اور سفیان ثوریؒ وغیرہ علماء دو بار یک قطع کا حکم دیتے ہیں باقی پھر قطع نہیں بلکہ حبس۔

یہ سزا آنحضرت علیہ السلام نے اپنی حیات میں دی ہے جیسا کہ احادیثِ صحیحہ میں بکثرت وارد ہے اور نیز آپؐ کے بعد خلفائے اربعہ سے خلفائے بنو العباس تک بھی اس قانونِ الٰہی پر عملدرآمد رہا ہے۔ شاہانِ اسلام ہندوستان و دیگر بلاد اپنے تمام علماء و قضاۃ کے فتوے کے بموجب اس پر عمل کرتے آئے ہیں کتبِ تواریخ شاہد عدل ہیں اور اس میں حکمت بھی ہے کیونکہ جس ہاتھ سے اُس نے یہ بدکام کیا تھا اس کی سزا میں ایسی نعمت سے محروم کر دینا پورا انصاف ہے اور اس میں بھی کوئی شک نہیں کہ یہ سزا اس جرم کے انسداد کے لئے اکسیرِ اعظم کا حکم رکھتی ہے۔ اور کیوں نہ ہو آخر جس نے قرآن نازل کیا ہے وہ حکیم و علیم ہے جس کے علم و حکمت کے آگے بندوں کے علم و دانش کو کیا نسبت ہے؛ کوئی تو حکمت سمجھی ہے جو ایسا حکم جاری کیا ہے۔ ہاں یہ اور بات ہے کہ کوئی شخص الہام کو فرضی ڈھکوسلا سمجھے یا اپنی عقل کو خدا تعالےٰ کے علم پر ترجیح دے۔ آج کل یورپ نے علوم میں ترقی کی مگر الحاد اور بدکاری حد سے زیادہ ترقی کر گئی ہے۔ اُن کے رسم و رواج خواہ کیسے ہی قبیح[1] ہوں اُن کے مُریدوں کے نزدیک تہذیب کا معیار قرار دیتے گئے ہیں۔ اس لئے اُن کے مُرید تمام شریعت کو ان ہی کے رسم و رواج کے مطابق کرنے کی تدبیریں کرتے ہیں۔ اور اسی کو اعانتِ اسلام کہتے ہیں۔ چنانچہ ایک صاحب اس سزا کی یہ توجیہ کرتے ہیں" ص۲۰۳ مگر جب کہ ملک میں تسلط ہو اور قید خانوں کا انتظام موجود ہو تو قرآن مجید کی رُو سے اس سزائے بدنی کا دینا (یعنی چور کا ہاتھ کاٹنا) کسی طرح جائز نہیں"۔ حضرت نے قرآنوں کی سزا کو جو (ینفوا من الارض) ایک صورتِ خاص میں ہے یعنی قید کرنا مؤخر سمجھ لیا حالانکہ مقدم ہے اس کے بعد آیت السارق الخ موجود ہے جس میں بجز ہاتھ کاٹنے کے چور کی اور کوئی سزا ہی بیان نہیں ہوئی اس کو چور کی سزا قرار دیا ہے اور بے سند چوروں کے اشعار اور اُن کے خیالات نقل کر کے تمام کتبِ تواریخ کے برخلاف یہ نتیجہ نکالا ہے کہ "صحابہؓ کے عہد میں ہاتھ نہیں کاٹے گئے بلکہ قید کیا گیا ہے"۔ حالانکہ اگر قید کئے گئے ہوں گے تو وہ ڈاکو جن سے ملک کو دہشت ہوگی نہ کہ چور اور لطف یہ کہ آپ بھی اقرار کرتے جاتے ہیں کہ ڈاکوؤں کو قید کیا گیا ہے مگر دونوں کو خلط کر دینے سے اور ملا کر بیان کرنے سے شاید بمقابلہ بے شمار احادیثِ صحیحہ و اجماعِ جمہور مسلمین اپنے خیال میں اپنی کامیابی سمجھتے ہیں۔ جزاءً بما کسبا سے یہ بات صاف معلوم ہوتی ہے کہ چور کا ہاتھ کاٹنا ہی اُس کے فعلِ بد کی سزا ہے اس تقدیر پر اگر مال موجود نہیں رہا تو اُس سے تاوان لینا درست نہیں جیسا کہ امام ابوحنیفہؒ وغیرہ سفیان ثوریؒ و احمدؒ و اسحاقؒ فرماتے ہیں لیکن امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ خواہ مال مسروق موجود ہو یا نہ ہو چور سے باوجود اس سزا کے وہ قیمت لیا جائے گا۔ مالکؒ فرماتے ہیں کہ اگر مقدور ہے تو واپس لیں گے ورنہ نہیں۔ واللہ عزیز حکیم میں اس سزا کی حکمت کی طرف اشارہ ہے۔ اصمعیؒ کہتے ہیں کہ ایک اعرابی کے سامنے بھول کر میں نے اس جملہ کی جگہ غفور رحیم پڑھ دیا اُس نے

[1] باوجود اس کے اہلِ یورپ کیا بدنی سزا نہیں دیتے بید مارتے پھانسی دیتے ہیں اور چونکہ چور کی بابت یہ سزا نہیں تو دیکھئے اُن کی عملداری میں چوری کا کیسا بازار گرم ہے۔ بدمعاش لوگ جیل خانہ کو اپنا گھر سمجھتے ہیں اس کی انھیں کیا پروا ہے اور عیسائی تو کوئی اُس کی بابت اعتراض نہیں کر سکتا کیونکہ بائبل میں

ادنیٰ ادنیٰ جرموں پر قتل کرنا جلا دینا موجود ہے ۱۲ منہ

Marfat.com

چونک کر کہا یہ کس کا کلام ہے؟ میں نے کہا اللہ تعالےٰ کا۔ اس نے کہا یوں نہ ہوگا پھر میرے یاد آیا تو عزیز حکیم پڑھا کہنے لگا اب ٹھیک ہے کیونکہ غفور رحیم قطع ید کے مناسب نہیں۔ فمن تاب کے متعلق تفسیر ہو چکی۔ الم تعلم الخ میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ توبہ قبول کرنا ہمارے اختیار میں ہے اور نیز ایسا حکم دینا بھی۔ اپنے بندوں کے لئے ہمارے لئے کچھ ظلم نہیں ہم مالک ہیں۔

يٰٓاَيُّهَا الرَّسُوْلُ لَا يَحْزُنْكَ الَّذِيْنَ

اے رسولؐ! آپؐ ان لوگوں سے کہ جو کفر میں دوڑ

يُسَارِعُوْنَ فِي الْكُفْرِ مِنَ الَّذِيْنَ

پڑتے ہیں کچھ غم نہ کریں (وہ منافق ہیں) جو اپنے منہ سے تو (یہ)

قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِاَفْوَاهِهِمْ وَلَمْ تُؤْمِنْ

کہتے ہیں کہ ہم ایمان لائے اور ان کے دل میں

قُلُوْبُهُمْ ۚ وَمِنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا ۚ

ایمان نہیں۔ اور کچھ وہ یہودی (بھی) ہیں

سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ سَمّٰعُوْنَ لِقَوْمٍ

جو جھوٹی بات بہت سنتے ہیں اور ان لوگوں کے کان بھرتے

اٰخَرِيْنَ ۙ لَمْ يَاْتُوْكَ ۭ يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ

ہیں جو ہنوز آپؐ کے پاس نہیں آئے۔ الفاظ کو ان کے بعض مواقع

مِنْۢ بَعْدِ مَوَاضِعِهٖ ۚ يَقُوْلُوْنَ اِنْ

سے بدل ڈالتے ہیں[1] (اور لوگوں سے) کہتے ہیں تم کو یہ (حکم محرف)

اُوْتِيْتُمْ هٰذَا فَخُذُوْهُ وَاِنْ لَّمْ تُؤْتَوْهُ

ملے تو لے لو اور اگر یہ نہ ملے تو اس

فَاحْذَرُوْا ۭ وَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ فِتْنَتَهٗ

سے بچو۔[2] اور جس کو کہ خدا تعالےٰ خراب کرنا چاہے تو

فَلَنْ تَمْلِكَ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ شَيْـــًٔا ۭ اُولٰۗىِٕكَ

اس کے لئے اللہ پر تیرا کچھ بس نہیں چل سکتا۔ یہی وہ لوگ ہیں

الَّذِيْنَ لَمْ يُرِدِ اللّٰهُ اَنْ يُّطَهِّرَ

کہ جن کے دلوں کا پاک کرنا خدا تعالےٰ نے نہیں

قُلُوْبَهُمْ ۭ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ ۚ وَّلَهُمْ

چاہا۔ ان کو دنیا میں (بھی) رسوائی ہے اور ان کو

فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۴۱﴾ سَمّٰعُوْنَ

آخرت میں (بھی) رسوائی ہے۔ بڑے جھوٹ

لِلْكَذِبِ اَكّٰلُوْنَ لِلسُّحْتِ ۭ فَاِنْ جَاۗءُوْكَ

کے سننے والے (اور) بڑے حرام خور۔ پھر اگر تمہارے پاس آویں تو

فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ اَوْ اَعْرِضْ عَنْهُمْ ۚ وَ

ان میں فیصلہ کر دو، یا ان سے کنارہ کشی کرو۔ اور

اِنْ تُعْرِضْ عَنْهُمْ فَلَنْ يَّضُرُّوْكَ شَيْـــًٔا ۭ

اگر آپؐ ان سے کنارہ بھی کریں گے تو وہ آپؐ کا کچھ بھی بگاڑ نہ سکیں گے۔

وَاِنْ حَكَمْتَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ

اور اگر آپؐ ان میں فیصلہ کریں تو انصاف سے

بِالْقِسْطِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ

کرنا۔ کس لئے کہ خدا تعالےٰ کو انصاف کرنے والوں

الْمُقْسِطِيْنَ ﴿۴۲﴾

سے محبت ہے۔

ترکیب

الذین یسارعون الخ فاعل لایحزن ک مفعول۔ من الذین قالوا الذین یسارعون کا بیان۔ ومن الذین ہادوا معطوف ہے من الذین قالوا پر۔

تفسیر

پہلی آیات میں شرائع اور احکام بیان ہوئے جن کی مخالفت کرنا دو قوموں سے متوقع تھا اس لئے نبی علیہ السلام کو تسلی کے طور پر فرماتا ہے کہ ان کفر میں کوشش کرنے والی قوموں من الذین قالوا امنا الخ منافقین اور من الذین ہادوا یہود سے

[1] احکام توریت ۱۲ [2] یعنی اگر محمد صلے اللہ علیہ وسلم تم کو بعینہ وہی حکم دیں (جیسا کہ بدل کر انھوں نے دیا) تو مان لو ورنہ نہیں ۱۲ منہ

Marfat.com

کچھ رنج و غم نہ کرو کیونکہ امرِ حق کی مخالفت ان کا شیوہ ہو گیا ہے۔ سَمّٰعُوْنَ کی یہ دو خصلتیں ہیں اوّل سَمّٰعُوْنَ کہ وہ جھوٹی باتیں بہت جلد قبول کرتے ہیں جو کوئی اسلام کی مذمت میں ان سے کیسی ہی بے اصل بات کیوں نہ کہے اس کو مان لیتے ہیں یا یہ معنے کہ آپ سے جو زیادہ سنتے ہیں نہ عمل کرنے کے لئے بلکہ للکذب جھٹلانے کے لئے۔ دوم سَمّٰعُوْنَ کہ جو قومیں ہنوز آپ کے پاس نہیں آئیں ان کو دور سے ہی یہ لوگ بہکاتے اور اسلام سے بدگمان کرتے ہیں۔ یہ باتیں ان کی کفر میں کوشش کرنا ہے جس سے آنحضرت علیہ السلام کو ملال خاطر ہوتا تھا۔ یہود کے دو وصف بد یہ ہیں اوّل یحرّفون الکلم کہ جو بات حلال و حرام کے متعلق خدا تعالیٰ نے قائم کر دی ہے اس کو بھی یہ اپنی خواہش نفسانی سے بدل ڈالتے ہیں۔ دوم یقولون کہ لوگوں سے کہتے ہیں اگر نبی تمہاری خواہش کے مطابق حکم دے تو لو ورنہ نہیں۔ (توریت سفر احبار باب ۲۰ ورس ۱) ان جملوں کے متعلق مفسرین نے یہ قصہ نقل کیا ہے کہ خیبر کے یہود میں سے دو معزز مرد و عورت نے زنا کر لیا تو حکم تورات (جو سنگسار کرنا یا قتل کرنا ہے) ان کو شاق معلوم ہوا اس لئے باہم قیل و قال ہو کر یہ بات ٹھہری کہ آنحضرت علیہ السلام جو کچھ فرمائیں اس پر عمل کیا جائے۔ چنانچہ آپ کے پاس آئے اور آپ نے بھی یہی حکم دیا جس کے انکار پر وہ نسخہ منگایا گیا جس کو یہود توریت سمجھتے تھے اس میں بھی یہی نکلا۔ فرماتا ہے کہ یہ گمراہ ازلی ہیں آپ کہاں تک فہمائش کر سکتے ہیں اور نیز ان کے دل پاک کرنا اس کی تقدیرِ ازلی نے نہ چاہا ان کو دنیا اور آخرت میں رسوائی اور عذابِ الیم ہے۔ فان جاؤک اس آیت میں صاف ہے کہ اگر وہ آپ کے پاس آویں تو آپ اے نبی! مختار ہیں اعراض کریں یا حکم دیں اگر حکم دیں تو انصاف سے دیں۔ نخعیؒ اور شعبیؒ و قتادہؒ و عطاءؒ و ابو بکر اصمؒ کہتے ہیں کہ یہی اختیار تمام احکام میں کفار کی نسبت باقی ہے۔ ابن عباسؓ اور حسن بصریؒ و مجاہدؒ و عکرمہؒ فرماتے ہیں کہ حاکم اسلام کو جب کہ اس کے پاس کفار کا جھگڑا آوے خواہ وہ اہلِ ذمہ ہوں یا نہ ہوں بموجب آیت وان احکم بینھم بما انزل اللہ قانونِ آسمانی کے موافق فیصلہ کرنا چاہیئے مگر بجز نیا چرہ یہ کسی مسلمان کا قول نہیں کہ کفار میں اُن کے قانون کے موافق حاکمِ اسلام فیصلہ کرے۔

وَكَيْفَ يُحَكِّمُونَكَ وَعِنْدَهُمُ التَّوْرٰىةُ

اور (اے نبی ﷺ!) وہ آپ کو کس طرح ثالث بنائے حالانکہ اُن کے پاس تو خود توراۃ ہے کہ

فِيهَا حُكْمُ اللّٰهِ ثُمَّ يَتَوَلَّوْنَ مِنْ بَعْدِ

جس میں اللہ تعالیٰ کا حکم ہے پھر وہ اُس کے بعد بھی پھر جاتے

ذٰلِكَ ۭ وَمَآ اُولٰۗىِٕكَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ ۝۴۳

ہیں۔ اور (سچے سے) وہ ایماندار ہی نہیں۔

اِنَّآ اَنْزَلْنَا التَّوْرٰىةَ فِيْهَا هُدًى وَّنُوْرٌ ۚ

توراۃ ہم نے نازل کی تھی اس میں اللہ تعالیٰ کی ہدایت اور نور تھا۔

يَحْكُمُ بِهَا النَّبِيُّوْنَ الَّذِيْنَ اَسْلَمُوْا

خدا تعالیٰ کے فرمانبردار نبیاءؑ یہود کو اسی پر چلنے کا حکم

لِلَّذِيْنَ هَادُوْا وَالرَّبّٰنِيُّوْنَ وَالْاَحْبَارُ

دیتے آئے ہیں اور (نیز) ان کے مشائخ اور علماء بھی

بِمَا اسْتُحْفِظُوْا مِنْ كِتٰبِ اللّٰهِ وَكَانُوْا

کیونکہ وہ کتاب اللہ کے امانت دار بنائے گئے اور اس پر

عَلَيْهِ شُهَدَاۗءَ ۚ فَلَا تَخْشَوُا النَّاسَ وَ

محافظ بھی تھے۔ پھر (اے یہود!) تم لوگوں سے نہ ڈرو اور

اخْشَوْنِ وَلَا تَشْتَرُوْا بِاٰيٰتِيْ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۭ

مجھ سے ڈرو اور میری آیات کو تھوڑی سی قیمت پر فروخت نہ کرو۔

وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰۗىِٕكَ

اور جو کوئی اللہ تعالیٰ کی نازل کی ہوئی (کتاب کا) حکم نہ دے سو وہی

ع ۶

لہ یعنی حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بعد جو انبیاء بنی اسرائیل گزرے ہیں سلیمانؑ، داؤدؑ، الیاس، الیسعؑ، عزیرؑ، یحییٰؑ، زکریاؑ، عیسیٰؑ علیہم السلام سب توریت کے پابند تھے جب بخت نصر وغیرہ کے حوادث میں توریت جاتی رہی تو ان ہی بزرگوں نے جو کچھ جس کو یاد رہ سکا ہم پہنچا کر اس کے احکام کو منضبط کیا یا اس معنی سے اس کی امانت دار اور محافظ تھے۔ اور ان کے سوا یہود کے باقی یعنی مشائخ تارکِ دنیا اور احبار علماء بھی اسی کی تعلیم کرتے تھے جس کو

Marfat.com

هُمُ الْكٰفِرُوْنَ (۴۴)

کافر ہیں۔

ترکیب

کیف ضمیر یحکمونک فاعل سے حال ہے وعندہم خبر التوراۃ مبتدا جملہ موضع حال میں ہے فیہا ہدًی ونور جملہ حال ہے التوراۃ سے اسی طرح یحکم بہا۔ للذین ہادوا کا لام یحکم سے متعلق ہے والربّانیون اور والاحبار معطوف ہیں النبیون پر بما اے بسبب الذین استحفظوہ اے استودعوہ اعنی استحفظہم اللہ ایاہ۔ من کتاب حال ہے ما سے۔

تفسیر

اس جگہ خدا تعالےٰ نبی علیہ السلام سے یہود کے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس جھگڑا لانے اور فیصلہ پر راضی ہونے پر تعجب ظاہر فرماتا ہے کہ یہ لوگ باوجود یکہ توریت کے معتقد ہیں اور اُس میں احکام الٰہی ہیں اور اُس کو خاص اللہ تعالےٰ نے نازل کیا تھا جس پر انبیاء علیہم السلام اور مشائخ و علماء چلتے تھے مگر اُس کے حکم سے اعراض کر کے اے نبیؐ! آپ کو حکم بنانا کہ جس کے منکر ہیں کمال تعجب کی بات ہے یعنی ان کے قلوب ایسے خراب ہوگئے ہیں کہ جس کتاب کو برحق سمجھتے ہیں اُس کے احکام پر نہ چلنے کے لئے اُس کو چھوڑ کر مخالف کے پاس جاتے ہیں پس جن کی اپنی کتاب توریت کی نسبت یہ حالت ہو تو اُس قوم کا نبیٔ عربی کے مقابلہ میں حق سے چشم پوشی کرنے میں کیا کچھ حال نہ ہوگا؟ وما اولئک بالمؤمنین میں اسی طرف اشارہ ہے کہ دراصل ان کا توریت پر ایمان ہی نہیں۔ اس کے بعد توریت کی مدح فرماتا ہے کہ جس کے وہ دراصل منکر ہیں (۱) انّا انزلنا التوراۃ کہ توریت کو ہم نے نازل کیا ہے وہ کسی شخص کی تصنیف کردہ کتاب نہیں بلکہ منزّل من اللہ ہے جو خاص حضرت موسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی تھی جیسا کہ ایک جگہ فرماتا ہے ولقد آتینا موسی الکتاب، اے التوراۃ۔ اور بہت جگہ ایسا ہی آیا ہے۔ (۲) فیہا ہدًی ونور، ہدًی سے مراد شرائع واحکام اور نور سے مراد توحید وتنزیہہ باری تعالےٰ اور نبوّت اور معاد کا بیان۔ (۳) یحکم بہا النبیون کہ موسیٰ علیہ السلام کے بعد سے لے کر حضرت عیسیٰ علیہ السلام تک جس قدر انبیاء علیہم السلام آئے ہیں احکام وشرائع میں سب کے سب توریت پر چلتے تھے۔ ان کے لئے کوئی جُداگانہ شریعت نہ دی گئی تھی گویا وہ سب دینِ مُوسوی کے مجدّد تھے۔ پھر انبیاء علیہم السلام کی صفت میں الذین اسلموا کا جملہ لانا اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ وہ تمہاری طرح منحرف نہ تھے بلکہ مطیع تھے۔ اور یہ بھی کہ وہ یہود و نصاریٰ نہ تھے بلکہ مسلمان جس سے یہ بات پیدا ہوئی کہ تمام انبیاء علیہم السلام بجز چند احکام کے سب متفق اور ملقب باسلام تھے۔ للذین ہادوا کا لام یحکم سے متعلق مانا جاویگا تو یہ معنے ہوں گے کہ انبیاء علیہم السلام احکام توریت پر چلنے کا یہود کو حکم دیتے تھے۔ احبار، حِبر بالکسر کی جمع ہے (قرار) ابو عبیدہؒ کہتے ہیں کہ حَبر بفتح الحاء ہے اور یہ تحبیر بمعنی تحسین سے مشتق ہے۔ چونکہ علم بڑی زینت ہے اس لئے یہود میں حبر کہتے تھے۔ ربّانی لوگ بمنزلہ مجتہدین کے ہوتے تھے اور احبار بمنزلہ عام علماء کے۔ یا ربّانیین درویش، احبار علماء۔ بما استحفظوا من کتاب اللہ یہ احبار کا صلہ بھی ہوسکتا ہے کہ وہ کاہے کے عالم تھے یعنی اُس چیز کے جو کتاب اللہ یعنی توریت میں سے حافظ کئے گئے تھے۔ یا یحکم سے متعلق کیا جاوے کہ جو کچھ

---

(۱) یہاں سے صاف ثابت ہوا کہ جو کتاب موسیٰؑ کے بعد توریت کے نام سے تصنیف کی گئی وہ ہرگز توریت نہیں اور یہ مجموعہ جو آج کل اہل کتاب کے ہاں توریت کہلاتا ہے قطعًا موسیٰؑ کے بعد تصنیف ہوا سو یہ بھی قطعًا وہ توریت نہیں کہ جس کے اوصاف قرآن میں مذکور ہیں جن کو پادری مغالطہ دینے کے لئے اس پر منطبق کر کے مسلمانوں کو اس کے تسلیم کرنے پر مجبور کیا کرتے ہیں ۱۲

ان کو توریت میں سے یاد کرایا گیا تھا اس کا حکم دیتے تھے (کبیر)۔ یعنی نہ صرف انبیاءؑ ہی توریت پر یہود کو چلنے کا حکم دیتے آئے ہیں بلکہ ان کے بعد مشائخ اور علماء بھی اسی پر چلاتے تھے۔ بعد میں جو یہود نے توریت میں تحریف کرنی شروع کی تھی غالباً اس کے دو سبب تھے ایک خوفِ حکام کہ اگر ان کے برخلاف یہ احکام بیان کریں گے تو ہم کو ایذا دیں گے۔ اس کے دوسرا جواب فرماتا ہے فلا تخشوا الناس واخشون کہ لوگوں سے نہ ڈرو بلکہ خاص مجھ سے کیونکہ نافع وضار میں ہوں۔ دوسرا سبب طمع تھا کہ لوگوں کی خواہش کے موافق کم زیادہ کرکے حکم دیتے تھے تاکہ لوگ اُن کو کچھ دیا کریں۔ اس کے جواب میں فرماتا ہے ولا تشتروا بآیاتی ثمناً قلیلاً کہ دنیا چند روزہ اور بہت بے حقیقت ہے اس کے لئے میری امانت میں خیانت نہ کرو اس کے بعد بطورِ تہدید کے فرماتا ہے ومن لم یحکم الخ کہ جو بدبخت خدا تعالیٰ کی نازل کی ہوئی کتاب پر حکم نہ دے وہ کافر ہے۔ عکرمہؓ کہتے ہیں خلافِ ما انزل اللہ حکم کرنے سے جو کافر ہوتا ہے تو اس صورت میں کہ دل سے بھی اس کا منکر ہو ورنہ دل میں حق جاننے اور زبان سے حق کہنے پر جو کوئی خلاف کتاب اللہ کسی دنیاوی غرض سے فیصلہ کرے گا کافر نہ ہوگا بلکہ فاسق۔ یہاں سے وہ انگریزی نوکر ہاں جن میں خلافِ قرآن حکم دیا جاتا ہے ممنوع وحرام سمجھی گئیں بلکہ جو قرآن کے مقابلہ میں ایکٹ کو دل سے پسند کرکے حکم دے گا تو بموجب آیتِ مذکورہ کافر ہو جائے گا۔ ف لارڈ ولیم میور نے اپنی کتاب شہادت قرآنی میں اس آیت کے جملہ وعندہم التوراۃ اور اسی قسم کی دیگر آیات سے جو توریت کی مدح میں وارد ہیں یا توریت پر عمل نہ کرنے سے اہلِ کتاب پر الزام ہے یہ بات ثابت کی ہے کہ آج کل جو اہلِ کتاب کے پاس توریت ہے وہی اصلی توریت بلا تغیر موجود ہے اور نیز اُن کے ایک قدیم مربی نے جو درپردہ ان ہی کے حامیٔ مذہب ہیں صحیح بخاری اور فوز الکبیر سے یحرفون کی تفسیر میں تحریف معنوی مراد نہیں نقل کرکے اس بات پر بڑا زور دیا ہے کہ یہ توریت بلا تحریف وہی اصلی توریت ہے اور نیز اس کی سند میں بعض اقوال بے تمک بھی نقل کرکے اس توریت کے ایک جملہ کے منکر کو بھی خواہ وہ مخالف قرآن ہی کیوں نہ ہو کافر بتلایا ہے۔ مگر یہ سب دھوکا ہے اوّلاً تو یوں کہ التوراۃ سے مراد مجازاً یہ مجموعہ ہے کہ جس میں اصلی توریت کے بھی بیشتر مضامین موجود ہیں باعتبار تسمیۃ الکل باسم الجزء کیونکہ مدعی بھی اس بات کا انکار نہیں کرسکتا کہ اس مجموعہ پر لفظ توریت مجازاً اطلاق ہوا ہے کس لئے کہ اصلی توریت انطیوکس و بخت نصر وغیرہ کے حوادث میں تلف ہوگئی۔ یہ مجموعہ تاریخ و مسائل بعد میں مشائخوں نے جمع کیا ہے علاوہ اس کے توریت تو وہ ہے کہ جو خاص حضرت موسیٰؑ پر نازل ہوئی تھی اور اس مجموعہ میں سینکڑوں مضامین وہ ہیں کہ جو بعد موت موسیٰ علیہ السلام کے درج کئے گئے۔ چنانچہ کتاب استثناء کا اخیر باب جس میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کی موت اور قبر کے مفقود ہونے کا حال درج ہے۔ اور جو شئے مرکب ہو ایک سے اور اس کے غیر سے وہ نہیں رہتی۔ سکنجبین جو شہد و سرکہ سے مرکب ہے نہ وہ سرکہ کہلاتی ہے نہ شہد الا مجازاً پس مجازاً توریت کہنے سے اس مجموعہ کا اصلی ہونا کیونکر لازم آگیا۔ ثانیاً یوں کہ اگر ہم اس بات کو تسلیم بھی کرلیں کہ آنحضرت علیہ السلام کے عہد تک وہی اصلی تورات یہود عرب کے پاس موجود تھی اور وہ اس میں تحریف نہیں کیا کرتے تھے بلکہ صرف بیان کرتے وقت اُلٹ پلٹ کردیتے تھے بنا بر تحریف معنوی اور پھر اس توریت کی پیغمبر علیہ السلام نے نہایت مدح وعزت بھی کی تھی جیسا کہ مدعی ثابت کرتا ہے اور اس سے بھی ہم قطع نظر کرلیں کہ آنحضرت علیہ السلام حضرت عمرؓ پر توریت کے

ف عوام یہود بہر حال اپنے منافع تجارت وزراعت میں سے تھوڑا سا حصہ صدقتاً اپنے علماء کو دیا کرتے تھے جس کی وجہ سے وہ حق کو چھپاتے اور ان کے مظالم وظلمات باتوں کے درست ہونے پر جھوٹی روایتیں گھڑ گھڑ تا ویلیں کیا کرتے تھے۔ صرف اس خیال سے کہ اگر ہم اس لمہ حق کو ظاہر کریں گے جیسا کہ توریت میں مذکور ہے تو ہمارا سالانہ صدقہ کہیں بند نہ ہو جائے جس کے جواب میں لاتشتروا بآیاتی فرمایا ۱۲ حقانی

Marfat.com

اوراق پڑھنے سے نہایت پُرغضب ہوئے تھے جیسا کہ دارمی نے بسند صحیح نقل کیا ہے اور اس سے بھی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے (لا تصدقوا اہل الکتاب) فرمایا ہے جیسا کہ صحیح بخاری میں موجود ہے تب بھی اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ یہ جو آج کل یہود و نصاریٰ کے پاس مجموعۂ صحیح و غلط روایات ہے کہ جس کو وہ توریت کہتے ہیں وہی اصلی توریت ہو۔ اگر اصلی ہو گا تو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے عہد تک یہود عرب کے پاس ہو گا نہ کہ یہ جو قطعاً حضرت موسیٰؑ کے بعد تصنیف ہوا جس کا مخالف بھی انکار نہیں کر سکتا اور یہی مذہب جمہور علمائے اسلام کا ہے اور اس بات پر تمام فرقۂ اسلامیہ متفق ہیں کہ توریت وہی تھی جو موسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی نہ کہ وہ جو بعد میں بنائی گئی، واللہ اعلم۔

گرچہ آپ کو مقدمۂ تفسیر سے یہ بات بخوبی معلوم ہو گئی ہو گی کہ یہ جو آج کل یہود و نصاریٰ کے پاس توریت ہے یہ ایک مجموعہ ہے صحیح اور غیر صحیح مرویات کا نہ کہ وہ توریت جو حضرت موسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی تھی لیکن اس مقام پر اور بھی اس امر کا تحقیق کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے۔

واضح ہو کہ جب اس توریت کو دیکھا جاتا ہے تو بے شمار مقدمات سے یہ صاف معلوم ہوتا ہے کہ کسی نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی موت کے بعد اس کو ترتیب دیا ہے **منجملہ** اُن کے کتاب استثناء کے ۳۴ باب کی یہ عبارت ہے۔ سو موسیٰؑ خداوند کا بندہ خداوند کے حکم کے موافق موآب کی سرزمین میں مر گیا اور اُسے اسی موآب کی ایک وادی میں بیت فغور کے مقابل گاڑا پر آج تک کوئی اُس قبر کو نہیں جانتا اور موسیٰؑ اپنے مرنے کے وقت ایک سو بیس برس کا تھا کہ نہ اُس کی آنکھیں دُھندلائیں اور نہ اُس کی تازگی جاتی رہی۔ سو بنی اسرائیل موسیٰؑ کے لئے موآب کے میدان میں تیس دن تک رویا کئے اور اُن کے رونے پیٹنے کے دن موسیٰ کے لئے آخر ہوئے۔ اور نون کا بیٹا یوشع دانائی کی روح سے معمور ہوا کیونکہ موسیٰؑ نے اپنے ہاتھ اُس پر رکھے تھے اور بنی اسرائیل اُس کے شنوا ہوئے اور جیسا خداوند نے موسیٰؑ کو فرمایا تھا اُنھوں نے ویسا کیا اب تک بنی اسرائیل میں موسیٰؑ کی مانند کوئی نبی نہیں اُٹھا جس سے خداوند آمنے سامنے آشنائی کرتا ان سب نشانیوں اور عجائب اور عزائب کی بابت جن کے کرنے کے لئے فرعون اور اُس کے سب خادموں اور اُس کی ساری سرزمین کے سامنے خداوند نے مصر کی سرزمین میں بھیجا تھا اور اُس قوی ہاتھ اور بڑے ہیبت کے سب کاموں کی بابت جو موسیٰؑ نے تمام بنی اسرائیل کے آگے کر دکھائے۔ اب کوئی کہہ سکتا ہے کہ یہ عبارت جس پر توریت کا خاتمہ ہو گیا ہے حضرت موسیٰ علیہ السلام تو کیا اُن کے کسی معاصر کے ہاتھ کی بھی لکھی ہوئی ہے؟ ہرگز نہیں بلکہ یہ بہت عرصہ کے بعد جب کہ موسیٰؑ کی قبر کا نشان بھی مٹ گیا جو بنی اسرائیل میں قرنوں اور صدیوں زیارت گاہ خاص و عام رہ چکی ہو گی۔ اور لطف یہ ہے کہ اس تمام توریت میں کسی جگہ بھی نہیں پایا جاتا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام لکھ رہے ہیں بلکہ یہ کوئی دوسرا مؤرخ اُن کا حال تحریر کر رہا ہے اور جیسی یہ عبارت ہے اسی قسم کے اور صدہا مقامات ہیں کہ جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بعد صدہا سال والے شخص کے لکھے ہوئے معلوم ہوتے ہیں اس بات کا خود اہل کتاب کو بھی اقرار ہے کہ یہ مقامات توریت میں کسی اور شخص نے بعد میں لکھے ہیں اور بلا سند حضرت عزیر علیہ السلام کا نام بتاتے ہیں۔ فرض کر لو کہ یہ عبارتیں حضرت عزیر علیہ السلام نے بعد میں زیادہ کر دیں مگر جب کہ حضرت عزیر علیہ السلام نبی تھے غلط باتیں کیونکر لکھتے؟ پھر وہ جو سینکڑوں مقامات غلط فاحش ہیں کہ جن کے غلط ہونے کا اہل کتاب کے مفسرین کو بھی اقرار ہے (جیسا کہ عدن سے جیحون و سیحون کا نکلنا اور خدا سے یعقوبؑ کا کشتی لڑنا اور آدمؑ کو پیدا کر کے پچھتانا اور اُس سے خائف ہونا حضرت لوط علیہ السلام کا شراب پی کر اپنی دونوں بیٹیوں سے زنا کرنا حضرت ہارون علیہ السلام کا بنی اسرائیل سے بچھڑا بچوانا۔ یا تاریخی واقعات میں غلطیاں ہیں

Marfat.com

وہ تو کسی طرح کلام الٰہی نہیں ہو سکتے نہ غیر لوگوں کے کلام حضرت موسیٰؑ پر منزّل توریت ہو سکتے ہیں۔ پس جب اس آج کل کی توریت میں غلط باتیں بھی ہیں اور موسیٰؑ کے علاوہ اور اشخاص کے کلام بھی مندرج ہیں تو یہ مجموعہ جو مرکب ہے کلام اصلی اور غیر اصلی سے ہرگز وہ اصلی توریت نہیں۔ اگر کوئی شخص کچھ مضامین قرآن مجید کے اور کچھ اور باتیں دیگر لوگوں کی لے کر کوئی کتاب مرکب کرے تو یہ مجموعہ ہرگز قرآن نہ شمار ہوگا۔ پس اسلامی عقیدہ کے بموجب یہ مجموعہ ہرگز توریت نہیں کما لا یخفیٰ۔

(۲) اصل حال یہ ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بعد حضرت سلیمان علیہ السلام کے عہد کے اندر اندر جانے کس وقت فلسطیوں اور مصر کے بادشاہوں کی غارت گری میں جو کئی بار بنی اسرائیل پر واقع ہوئی توریت مفقود ہو گئی کیونکہ جب حضرت سلیمان علیہ السلام نے اس صندوق کو کھولا کہ جس میں توریت دھری تھی (جیسا کہ کتاب استثناء کے ۳۱ باب ۲۶ ورس سے صندوق میں موسیٰؑ کا کتاب دھرنا پایا جاتا ہے) تو بجز پتھر کی دو لوحوں کے جو کوہ حورب سے موسیٰؑ لائے تھے اور کچھ نہ نکلا جیسا کہ اوّل کتاب السلاطین کے ۸ باب ورس ۹ میں مذکور ہے۔ یہ واقعہ حضرت مسیح علیہ السلام سے تخمیناً ہزار برس پیشتر کا ہے۔ اس کے بعد بنی اسرائیل میں سلطنت کے دو ٹکڑے ہو گئے اور اسرائیلی بادشاہ اکثر بت پرست اور بدکار ہونے لگے کہ ہیکل کو بھی جلا یا اور جو کچھ اس مقدس مقام میں تبرکات تھے سب کو لوٹ کھسوٹ کر برباد کر دیا بلکہ خود ہیکل میں بت رکھ دیئے پھر حضرت سلیمانؑ سے تخمیناً چار سو برس بعد یوشیاہ بن آمون کے عہد میں حلقیاہ کاہن نے کہیں ہیکل کے کسی کونے میں دبے ہوئے کئی سو برس کے بوسیدہ اوراق اٹھا کر یہ دعویٰ کیا کہ مجھ کو دبی ہوئی توریت دستیاب ہو گئی جس کو سن کر یوشیاہ پڑا رویا۔ پھر یہ مجموعہ بھی جس کو حلقیاہ نے مرتب کیا تھا اور جو بنی اسرائیل میں توریت سمجھا جانے لگا تھا بوکد نیصر یعنی بخت نصر کی دوبارہ چڑھائی میں بالکل نیست و نابود ہو گیا یہاں تک کہ جب بنی اسرائیل ستر برس کی اسیری کے بعد شہر بابل سے شام میں آئے تو ان کے پاس توریت تو کیا کوئی مذہبی کتاب بھی نہ تھی بلکہ وہ تو سرے سے اپنی زبان قدیم کو بھی بھول گئے تھے اور کلدانی زبان بولتے تھے۔ اس کے بعد مشہور کرتے ہیں کہ حضرت عزیر علیہ السلام نے پھر از سر نو توریت کو مرتب کیا مگر اس کا کوئی ثبوت نہیں ایک بے سند بات ہے بلکہ خود عزیر علیہ السلام کی کتاب مجموعۂ بائبل میں شمار کرتے ہیں وہ بھی بقول محققین شمسون صادق کی تصنیف ہے جو حضرت مسیح علیہ السلام سے تخمیناً تین سو برس پیشتر تھا۔ خیر یہ بھی سہی کہ حضرت عزیرؑ نے پھر توریت کو مرتب کیا مگر آکس یعنی انٹیوکس سُریا کے بادشاہ نے حضرت مسیحؑ سے ایک سو اکہتر برس پیشتر ساڑھے تین برس تک اور شلیم اور ہیکل کو ایسا برباد و نیست و نابود کر دیا کہ ہزارہا آدمیوں کو تہ تیغ کر دیا اور شہر اور ہیکل کو جلا دیا، ڈھونڈ ڈھونڈ کر تمام کُتب دینیۂ یہود کو جلا یا جیسا کہ مقابیین کی پہلی کتاب کے باب اوّل میں اس کا اقرار ہے اور یہ ظاہر ہے کہ بجز ہیکل کے توریت اور کہیں نہیں رہتی تھی سو وہ عزیر علیہ السلام کا مرتب کردہ نسخہ بھی معدوم ہو گیا اس کے بعد یہوداہ مقابیین نے مسیحؑ سے ایک سو پینسٹھ برس پیشتر ہیکل کی تعمیر کی اور سُن سُنا کر ایک مجموعۂ احکام و قصص بھی مرتب کیا اور نام توریت رکھا اس کا ایک نسخہ ہیکل میں رہتا تھا (مفتاح الکتاب صفحہ ۱۳۵) اور یہی نسخہ حضرت مسیحؑ کے عہد تک باقی تھا۔ اس کے بعد حضرت مسیحؑ سے تخمیناً چالیس برس بعد روم کے بادشاہ طیطس نے اور شلیم پر چڑھائی کر کے تمام شہر کو نیست و نابود کر دیا ہیکل اور اس نسخہ کو جلا دیا لاکھوں آدمیوں کو تہ تیغ کر کے اس نقلی توریت کو بھی صفحۂ عالم سے نیست و نابود کر دیا جس کا تمام یہود و نصاریٰ کو

Marfat.com

بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ

جس کو اللہ تعالےٰ نے نازل کیا ہے تو وہی

الظّٰلِمُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَقَفَّيْنَا عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ

ظالم ہے۔ اور ہم نے (ان انبیاءؑ کے) قدم بقدم

بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ

عیسیٰؑ مریمؑ کے بیٹے کو چلایا جو اپنے سے پہلے (کتابوں)

يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرٰىةِ ۖ وَاٰتَيْنٰهُ الْاِنْجِيْلَ

کی تصدیق کرتے تھے توریت (دیؔ) کی۔ اور ہم نے اُن کو انجیل دی تھی

فِيْهِ هُدًى وَّنُوْرٌ ۙ وَّمُصَدِّقًا لِّمَا

جس میں ہدایت اور نور تھا۔ اور (وہ انجیل) اپنے سے

بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَهُدًى

اگلی چیزوں کی تصدیق کرتی تھی توریت (دیؔ) کی اور پرہیزگاروں

وَّمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۴۶﴾ وَلْيَحْكُمْ

کے لئے ہدایت اور نصیحت (بھی) تھی۔ اور انجیل

اَهْلُ الْاِنْجِيْلِ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْهِ ۭ

والوں کو چاہیئے کہ جو کچھ اللہ تعالیٰ نے اس میں نازل کیا اسکے مطابق

وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ

اور جو کوئی اس چیز کا حکم نہ دے کہ جس کو اللہ تعالیٰ نے نازل کیا ہے سو وہی

هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۴۷﴾

بدکار ہیں۔

ترکیب

وکتبنا اے فرضنا ان النفس تقتل بالنفس خبر انّ جملہ مفعول کتبنا والعین معطوف ہے النفس اسم ان پر اور اسی طرح پر الانف اور الاذن اور السنّ اور الجروح معطوف ہیں فمن تصدّق شرط فھو کفارۃ لہٗ جواب بعیسیٰ متعلق ہے قفینا سے۔

تفسیر

توریت کی مدح فرما کر اُس کے بعض احکام کا بیان۔ یہود پر

طلال رہا۔ بعض کہتے ہیں کہ طیطس اس کو روم میں لے گیا۔ اس کے ۶۵ برس بعد آدرین قیصر شاہِ روم نے جو بُت پرست تھا یہودیوں کی سرکشی دیکھ کر اور شلیم شہر اور ہیکل پر ہل چلوا دیئے اور پیٹر بُت کا مندر بنا دیا اور شلیم کا نام اپنے خاندان کی یادگار پر ایلیا رکھ دیا۔ اس کے بعد اور بھی بربادیاں اہل کتاب پر سخت سخت آئیں مگر پھر امن پاکر ایک مجموعہ مرتب احکام وقصص کا مشائخ یہود نے کیا اور اُس کا نام تورات رکھا اگرچہ پھر عمداً یا سہواً اس میں بھی صدہا غلطیاں اور تحریفات ہوئیں مگر آنحضرت علیہ السّلام کے عہد میں یہودِ عرب کے پاس یہی نسخہ تھا۔ اب اگر بعض علمائے اسلام کا یہ قول مان لیا جائے کہ یہودِ مدینہ تحریفِ لفظی نہ کرتے تھے تو کیا اس سے یہ نسخہ موسیٰؑ کی اصل توریت ہو گیا؟

مولوی رحمۃ اللہ صاحب اپنی کتاب اظہار الحق کے صفحہ ۱۴۲ جلد اوّل میں فرماتے ہیں ان التوراۃ الاصلی وکذا الانجیل الاصلی فقدا قبل بعثۃ محمد صلی اللہ علیہ وسلم والموجودان الآن بمنزلۃ کتابین من التفسیر مجموعین من الروایات الصحیحۃ والکاذبۃ اس کے بعد علمائے اسلام کے اقوال اور احادیث اس بات کی تائید میں کئی صفحہ تک درج فرماتے ہیں، فمن شاء فلیرجع الیہ۔

وَكَتَبْنَا عَلَيْهِمْ فِيْهَآ اَنَّ النَّفْسَ بِالنَّفْسِ ۙ

اور ہم نے (اُس) توریت میں اُن پر یہ بات لکھ دی تھی کہ جان کے بدلے جان ہو

وَالْعَيْنَ بِالْعَيْنِ وَالْاَنْفَ بِالْاَنْفِ

اور آنکھ کے بدلے آنکھ اور ناک کے بدلے ناک

وَالْاُذُنَ بِالْاُذُنِ وَالسِّنَّ بِالسِّنِّ ۙ

اور کان کے بدلے کان اور دانت کے بدلے دانت

وَالْجُرُوْحَ قِصَاصٌ ۭ فَمَنْ تَصَدَّقَ

اور زخموں کے بدلے ویسے ہی زخم، اور جو کوئی اس بدلہ کو معاف کر دے

بِهٖ فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَّهٗ ۭ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ

تو یہ اُس کے لئے کفارہ ہے۔ اور جو کوئی نہ چلے اس حکم پر کہ

Marfat.com

تعریضاً کرتا ہے کہ دیکھو تم ان احکام کے بھی پابند نہیں جس طرح یہود نے زنا کی سزا میں یہ کر رکھا تھا کہ غریب کو قتل کرتے تھے اور امیر یا ذی عزت کو صرف تشہیر کر کے چھوڑ دیتے تھے۔ اسی طرح قصاص کے بارے میں شریف کو غیر شریف کے بدلے میں قتل نہیں کرتے تھے۔ مدینہ کے آس پاس یہود کے دو گروہ رہتے تھے ایک بنی قریظہ، دوسرا بنی نضیر۔ بنی نضیر ذرا اپنی کسی قوت پر نازاں تھے اس لئے اگر کوئی بنی قریظہ میں سے کسی بنی نضیر کو قتل کرتا تھا تو اُس کے بدلے میں قاتل کو برابر قتل کرتے تھے اور جو بنی نضیر کا کوئی شخص بنی قریظہ کے کسی شخص کو قتل کر ڈالتا تھا تو قاتل صرف دیت لے کر چھوڑ دیا جاتا تھا۔ اور عرب کے قبائل میں بھی یہی جہالت تھی کہ شریف کو وضیع کے بدلے میں قتل نہیں کرتے تھے اس لئے ان آیات میں توریت کے قصاص کے متعلق احکام بیان فرما کر اُن کو خوابِ غفلت سے بیدار کرتا ہے۔

وکتبنا علیہم فیہا، اس توریت میں بھی یہ حکم ہے سفر استثناء کے ۱۹ باب ۲۱ ورس میں یہ ہے: اور تیری آنکھ مروت نہ کرے کہ جان کا بدلہ جان، آنکھ کا بدلہ آنکھ، دانت کا بدلہ دانت، ہاتھ کا بدلہ ہاتھ اور پاؤں کا بدلہ پاؤں ہوگا۔

اور سفر خروج کے ۲۱ باب ۲۴-۲۵ ورس میں یوں ہے: اور آنکھ کے بدلے آنکھ، دانت کے بدلے دانت اور ہاتھ کے بدلے ہاتھ اور پاؤں کے بدلے پاؤں، جلانے کے بدلے جلانا زخم کے بدلے زخم، چوٹ کے بدلے چوٹ۔

عُلمائے اسلام نے اُصولِ فقہ میں اس آیت سے یہ بات ثابت کی ہے کہ پہلے انبیاء علیہم السلام کی جس قدر شریعتیں منسوخ نہیں ہیں امتِ محمدیہ کو انھیں ماننا چاہیئے بشرطیکہ اُن شرائع کو قرآن نے یا پیغمبر علیہ السلام نے نقل کیا ہو کیونکہ کتبِ سابقہ محرف ہوگئیں اُن پر وثوق نہیں ہو سکتا (نورالانوار) چونکہ قصاص کے اس مسئلہ کو خداوند تعالےٰ نے بحوالہ توریت شریف ذکر فرمایا ہے سو یہی حکم اسلام میں بھی جاری ہے۔

ہر عضو کے بدلے دوسرے کا وہی عضو کاٹا جاوے گا۔ آنکھ کے بدلے آنکھ، دانت کے بدلے دانت، ہاتھ کے بدلے ہاتھ، والجروح قصاص اور زخم کے بدلے زخم دیا جاوے گا۔ مگر جس زخم کے دینے سے موت کا خوف ہو یا اُس زخم کا طول وعرض وعمق معلوم نہ ہو سکے تو ان صورتوں میں زخم دینے والے کو ایسا زخم دینا متعذر سمجھ کر اس سے تاوان لیا جاوے گا جس کو شرع میں ارش کہتے ہیں باقی اس ارش کی مقدار اور اُس کے متعلق دیگر مسائلِ جزئیہ جو ائمہ دین نے قرآن واحادیث سے استنباط کر کے نکالے ہیں کتبِ فقہ میں کمال تشریح کے ساتھ مذکور ہیں جو چاہے وہاں دیکھ لے۔

امام ابوحنیفہؒ اور اکثر اہلِ علم نے اس آیت سے یہ بات ثابت کی ہے کہ خواہ کوئی مسلمان دوسرے مسلمان کو قتل کرے خواہ کسی کافر ذمّی کو قتل کرے یا کسی غلام یا عورت کو قتل کرے خواہ بڈھے یا لڑکے یا بیمار کو قتل کرے ان سب کے بدلے میں قاتل کو قتل کیا جاوے گا کس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے جان کے بدلے جان فرمائی ہے اور جانیں سب کی برابر ہیں اور یہی بات اصولِ سلطنتِ آسمانی کے موافق ہے اور تمدن کے لئے بھی نہایت نافع ہے فمن تصدّق بہ فہو کفارۃ لہٗ یعنی جو شخص اپنے ہاتھ یا کسی عضو کے کاٹ دینے والے کو یا زخم لگانے والے کو معاف کر دے اور اپنا بدلہ نہ چاہے تو یہ اُس معاف کرنے والے کے گناہوں کا کفارہ ہے خدا تعالےٰ اس کے بدلے میں اُس مظلوم کے گناہ معاف کر دے گا۔ بعض کہتے ہیں کہ لہٗ کی ضمیر قاتل کی طرف پھرتی ہے کہ یہ معاف کرنا زخم کرنے والے کے لئے کفارہ ہو گیا۔ اب اس سے کچھ بدلہ نہ لیا جاوے گا مگر معنی اوّل سیاقِ عبارت سے نہایت مناسبت رکھتے ہیں۔

اِس مقام پر ایک اور بحث ذکر کرنے کے قابل ہے وہ یہ کہ اگر مظلوم نے یا اُس کے وارثوں نے قاتل یا زخم دینے والے سے دست برداری کر لی معاف کر دیا تو اس صورت میں حاکم کو بھی اُس کو انتظاماً کوئی سزا دینے کا مجاز ہے یا نہیں؟ یہ تو بالاتفاق ہے کہ ایسی

Marfat.com

صورت میں قاتل قتل سے اور زخم دینے والا زخم سے محفوظ رہے گا مگر تہدیداً قید یا کوئی اور سزا بھی حاکم کے اختیار میں ہے؟ ایک جماعت کہتی ہے کہ نہیں کیونکہ اب اس پر کوئی مطالبہ باقی نہیں رہا۔ مگر محققین کہتے ہیں کہ حاکم کو بھی تہدیداً سزا دینے کا اختیار ہے نہ مقتول و مجروح کے حقوق کی وجہ سے بلکہ امن عام میں خلل پیدا کرنے کی وجہ سے قتل و زخم کی سزا سے کم سزا مالی یا جسمانی قید وغیرہ کا مجاز ہے۔ جب توریت کی ایسی حالت اور یہود کی ایسی نوبت تھی تو اُن کی اصلاح کے لئے خدا تعالےٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کو انجیل شریف دے کر بھیجا اس لئے فرماتا ہے وقفینا علےٰ اٰثارہم بعیسےٰ ابن مریم الخ عیسیٰؑ کی مدح میں مصدّقًا لما بین یدیہ من التورٰیۃ فرمایا کہ وہ اپنے سے پہلی کتاب توریت کی تصدیق کرتے تھے۔ اس مقام پر اہل کتاب کہتے ہیں کہ گو توریت کا حوادثِ مذکورہ میں کچھ ٹھیک نہیں رہا تھا مگر جب کہ مسیحؑ نے اس کی شہادت دی تو توریت گم شدہ پائی گئی۔ میں کہتا ہوں کہ کہیں سے یہ بات ثابت نہیں ہوتی کہ حضرت مسیح علیہ السّلام نے توریت کو ہاتھ میں لے کر یہ کہا ہو کہ یہ وہی اصلی توریت ہے بلا تغیر جو حضرت موسیٰؑ پر نازل ہوئی تھی کسی موقعہ پر اس کی بعض آیات سے استدلال کرنا یا توریت کو منجانب اللہ کہنا اور اس کی مدح فرمانا سو ایسا حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے ضرور کیا ہوگا مگر اس سے مجموعہ کا اصلی اور بلا کم و بیش توریتِ موسیٰؑ ہونا لازم نہیں آتا۔ اور کسی شئی کی تصدیق کا یہ نہیں چاہتا کہ اس چیز کا وجود خارج میں بھی موجود ہو بلکہ وجودِ ذہنی کافی ہے۔ مثلاً آج جو ہم حضرت موسیٰ علیہ السّلام کی تصدیق کریں تو اس سے یہ لازم نہ آئے گا کہ موسیٰ علیہ السّلام شام میں موجود بھی ہوں۔ مگر مسیحؑ کے بعد جو حوادث قیاصرۂ روم کی طرف سے پڑے ان میں تلف ہو جانے کے بعد پھر موجود ہونے کی کوئی دلیل نہیں۔ واٰتینٰہ الانجیل اس میں صاف بیان ہے کہ انجیل وہ کتاب آسمانی ہے کہ جو حضرت عیسیٰ علیہ السّلام پر نازل ہوئی تھی جس میں یہ پانچ وصف تھے فیہ ہدیً و نور و مصدقًا لما بین یدیہ من التورٰیۃ و ہدیً و موعظۃ کہ اس میں ہدایت اور نور اور تصدیق اور نصیحت تھی اور اسی انجیل پر اہل اسلام کا ایمان ہے۔ پس یہ جو آج چار شخصوں کی تاریخیں جو حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کے بعد لوگوں نے اُن کے حالات میں لکھیں جن کو انجیل متےؔ انجیل مرقس۔ انجیل لوقا۔ انجیل یوحنا کہتے ہیں حضرت مسیح علیہ السّلام کی وہ انجیل نہیں کہ جو اُن پر نازل ہوئی تھی کیونکہ یہ کتابیں حضرت مسیحؑ کے روبرو بھی نہیں لکھی گئیں بلکہ بہت زمانہ بعد۔ علاوہ اس کے خود عیسائیوں کے فرقوں میں بہت سی مختلف انجیلیں کہ جن کی تعداد سَو سے زیادہ ہے اس بات پر صریح دلیل ہے کہ ہر شخص اپنی تصنیف کو انجیل کہا کرتا تھا۔ حضرت مسیحؑ کی انجیل اگر اُن کے پاس سے حوادثِ قیاصرہ میں گم نہ ہو جاتی تو ان تصانیف کی بنا نہاد انجیل کچھ ضرورت نہ پڑتی۔

خود ان چاروں کتابوں کی بھی تسلیم اور عدم تسلیم میں باہم بہت کچھ اختلاف رہا ہے کیونکہ پہلی صدیوں ہی میں جعلی انجیلوں کی تصانیف کا بازار گرم تھا اس لئے عیسائیوں کا پولوس مقدّس اس بات کی بہت کچھ شکایت کرتا ہے کہ لوگوں نے خداوند کی انجیل کو پلٹ دیا وہ اپنی ایک اور انجیل بتاتا ہے اور اُس کے سوا اور انجیلوں کے سُننے والے پر لعنت کرتا ہے پھر ان چاروں انجیلوں میں بھی جو کچھ تحریفات اور کم اور بیشیاں ہیں اُن کا بھی خود عیسائی علماء کو اقرار ہے۔ پادری فنڈر، گریسباخ وغیرہ کے حوالہ سے ہزاروں سہو اور اغلاط کا اختتام مباحثۂ دینی اکبر آباد میں مُقرر ہے۔ پس جب ان کا یہ حال ہے تو پولوس وغیرہ حواریوں کے خطوط تو کسی طرح بھی علمائے اسلام کے عقیدہ کے بموجب حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کی انجیل نہیں ہو سکتے۔

واضح ہو کہ آنحضرت علیہ السّلام کے عہد میں عرب کے

بعض قبائل عیسائی تھے جیسا کہ یمن میں اور نجران میں بنی حارث اور یمامہ میں بنی حنظلہ اور تیماء میں بنی طے اور تغلب وغیرہ قومیں گران سب کے پاس فرقہ ملیتکیوں اور ایبونیوں اور سُریانی اور مصری اور ارمنی عیسائیوں کی اناجیل تھیں نہ کہ یہ اناجیل سو اُن کی تو کسی طرح قرآن میں تصدیق نہیں کیونکہ اسی ضعف زمانہ میں ایبونی اور مانیکیز وغیرہ فرقے تھے جن کو یہ فرقہ پرا جو سولھویں صدی عیسوی میں پیدا ہوا خود بدعتی اور گمراہ بتلاتا ہے۔ ولیکم اہل الانجیل یعنی جو دلائل تمھاری کتابوں میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت پر دالّ ہیں تم اُن کے مطابق حکم دو ورنہ تمھارے دعوے کے موجب تم فاسق ہو۔ کافر اور فاسق اور ظالم تین وصف خدا تعالےٰ کے حکم پر عمل نہ کرنے والے کے بلا لحاظ حقوق اللہ وحقوق العباد فرمائے۔

وَأَنزَلْنَا إِلَيْكَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا

اور (اے نبی ہم) آپ پر (بھی ہم) کتاب برحق نازل کی ہے جو اپنے سے

لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ الْكِتَابِ وَمُهَيْمِنًا

پہلی کتاب کی تصدیق کرتی ہے اور اس پر نگہبان (بھی)

عَلَيْهِ فَاحْكُم بَيْنَهُم بِمَا أَنزَلَ اللَّهُ

ہے سو آپ اُن میں جو کچھ اللہ تعالےٰ نے نازل کیا اُسی سے فیصلہ کیجئے

وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَاءَهُمْ عَمَّا جَاءَكَ مِنَ

اور آپ اس حق رستہ کو چھوڑ کر جو آپ کے پاس آیا ہے اُن کی خوشی پر نہ

الْحَقِّ ۚ لِكُلٍّ جَعَلْنَا مِنكُمْ شِرْعَةً وَمِنْهَاجًا ۚ وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ لَجَعَلَكُمْ أُمَّةً

چلنا۔ ہم نے تم میں سے ہر ایک کے لئے ایک دستور اور رستہ مقرر کر دیا ہے۔ اور اگر خدا تعالےٰ چاہتا تو تم سب کو ایک ہی گروہ

وَاحِدَةً وَلَٰكِن لِّيَبْلُوَكُمْ فِي مَا آتَاكُمْ

کر دیتا لیکن جو کچھ تم کو دے رکھا ہے اس میں تمھاری آزمائش کرنا چاہتا ہے

فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرَاتِ ۚ إِلَى اللَّهِ مَرْجِعُكُمْ

سو تم نیکیوں میں پیش قدمی کرو۔ اللہ تعالیٰ ہی کی طرف تم سب کو

جَمِيعًا فَيُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ ﴿٤٨﴾

پھر کر جانا ہے سو تم کو وہ باتیں کہ جن میں جھگڑا کیا کرتے تھے آپ بتا دے گا۔

وَأَنِ احْكُم بَيْنَهُم بِمَا أَنزَلَ اللَّهُ

اور یہ بھی ہے کہ آپ اُن میں اس کے موافق فیصلہ کر دیجئے کہ جو اللہ نے نازل کیا ہے

وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَاءَهُمْ وَاحْذَرْهُمْ

اور ان کی خواہشوں پر نہ چلنا اور ان سے بچتے رہنا ایسا نہ

أَن يَفْتِنُوكَ عَن بَعْضِ مَا أَنزَلَ

ہو کہ وہ کسی حکم سے کہ جو اللہ تعالیٰ نے آپ کی طرف نازل کیا ہے آپ کو

اللَّهُ إِلَيْكَ ۖ فَإِن تَوَلَّوْا فَاعْلَمْ أَنَّمَا

بہکا دیں۔ پھر اگر (اس پر بھی) نہ مانیں تو یاد رکھیے کہ اللہ

يُرِيدُ اللَّهُ أَن يُصِيبَهُم بِبَعْضِ

کو انھیں اُن کے بعض گناہوں سے کسی بلا میں مبتلا کرنا

ذُنُوبِهِمْ ۗ وَإِنَّ كَثِيرًا مِّنَ النَّاسِ

منظور ہے اور بہت سے لوگ تو بدکار ہی

لَفَاسِقُونَ ﴿٤٩﴾ أَفَحُكْمَ الْجَاهِلِيَّةِ يَبْغُونَ ۚ

ہیں۔ کیا وہ (اب) جاہلیت کا حکم چاہتے ہیں؟

وَمَنْ أَحْسَنُ مِنَ اللَّهِ حُكْمًا

اور ایمانداروں کے لئے کون شخص اللہ تعالےٰ سے اچھا حکم

لِّقَوْمٍ يُوقِنُونَ ﴿٥٠﴾

دینے والا ہو سکتا ہے؟

ترکیب

بالحق حال ہے الکتاب مفعول انزلنا سے مصدّقًا و مہیمنًا بھی حال ہیں عما جاءک موضع حال میں ہے ای عادلًا عما جاءک ولکن لیبلوکم لام متعلق محذوف ہے۔

تفسیر

چونکہ توریت کی بربادی کے بعد خدا تعالیٰ نے انجیل نازل کی تھی اسی طرح انجیل کے معدوم ہو جانے اور حضرت مسیحؑ

Marfat.com

مِنْهُمْ ۚ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ
انہی میں سے ہوگا۔ بے شک اللہ تعالیٰ ظالموں کو ہدایت نہیں کیا

الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۱﴾ فَتَرَى الَّذِيْنَ فِيْ
کرتا۔ پھر تم دیکھتے ہو کہ جن کے دل میں مرض

قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ يُّسَارِعُوْنَ فِيْهِمْ
ہے (یعنی نفاق) اُن سے دوڑ دوڑ کر ملتے ہیں

يَقُوْلُوْنَ نَخْشٰٓى اَنْ تُصِيْبَنَا دَآئِرَةٌ ؕ
(اور آپس میں) کہتے ہیں کہ ہم کو خوف ہے کہ ہم پر کوئی گردش نہ آجاوے۔

فَعَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّاْتِيَ بِالْفَتْحِ اَوْ اَمْرٍ
سو عنقریب اللہ تعالیٰ اپنے ہاں سے فتح لاتا ہے یا کوئی اور بات

مِّنْ عِنْدِهٖ فَيُصْبِحُوْا عَلٰى مَآ اَسَرُّوْا
جس پر تو اپنے دل کی پوشیدہ باتوں پر

فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ نٰدِمِيْنَ ﴿۵۲﴾ وَيَقُوْلُ
پچھتانے لگیں گے۔ اور ایمانداروں

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَهٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ
کہنے لگیں گے کہ یہی وہ لوگ ہیں کہ

اَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ ۙ اِنَّهُمْ
جنہوں نے اللہ تعالیٰ کی سخت قسمیں کھا کر کہا تھا کہ ہم تمہارے ساتھ

لَمَعَكُمْ ؕ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فَاَصْبَحُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿۵۳﴾
ہیں۔ ان کی کمائی اکارت گئی سو وہ خسارہ میں پڑ گئے۔

آزمایش الٰہی ہے اس کے بعد امت محمدیہ کے تیز رَو سواروں کو فرماتا ہے کہ ہاں میدان صاف ہے لو دوڑو سعادت کے جھنڈے لے اڑو ؎ وہ گوئی توفیق وسعادت درمیان افگندہ اند ؎ کس بہ میدان درنمی آید سواران را چہ شد؟ فاستبقوا الخیرات ؎ اب لگے احکام کی آرزو کرنا پرانی لکیر کا فقیر ہونا یہ ضد ہے جس کا ثمرہ مرنے کے بعد معلوم ہوجائیگا فینبئکم بما کنتم فیہ تختلفون اس کے بعد آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو جدید شریعت پر استقامت کی تاکید فرماتا ہے اور یہود و نصاریٰ کے داؤ گھات سے بچنے کا حکم دیتا ہے ۱۲ منہ

کے دین میں افراط و تفریط ہوجانے کے سبب قرآن مجید نازل کیا جس میں خدا تعالیٰ نے تمام کتب سابقہ کے مضامین و مطالب ہدایت افزا کو جمع کر دیا اس لئے فرماتا ہے انزلنا الیہ چونکہ قرآن توریت و انجیل کی اس بات میں تصدیق کرتا ہے کہ وہ برحق اور من اللہ تھیں اور اُن کے عمدہ مضامین قرآن میں ہیں اس لئے وہ اُن کا مہیمن یعنی محافظ ہے کیونکہ جب وہ مضامین قرآن میں آئے تو اب اُن میں کسی طرح کی تبدیل و تحریف ممکن نہیں۔

اس کے بعد آنحضرت علیہ السلام کو قرآن کے اتباع کی تاکید کرتا ہے اور تینوں اُمتوں میں جو وقتاً فوقتاً احکام جُدا گانہ بھیجے اُن کی مصلحت فرماتا ہے لکل جعلنا منکم شرعۃ و منہاجا، شرع ماخوذ ہے شروع فی الشئی سے و ہو الدخول فیہ، شریعت کلام عرب میں گھاٹ کو کہتے ہیں۔ شریعۃ بروزن فعیلۃ وہ امور کہ جن کو خدا تعالیٰ نے بندوں پر مقرر کر دیا ہے۔ منہاج کھلا ہوا رستہ۔ بعض کہتے ہیں دونوں سے ایک چیز مراد ہے بعضے کہتے ہیں کہ شریعت سے مراد احکام ظاہریہ اور منہاج سے طریقت یعنی اس کے مکارم (کبیر)

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْيَهُوْدَ
ایمان والو! یہود و نصاریٰ کو دوست

وَالنَّصٰرٰٓى اَوْلِيَآءَ ۘ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ
بنایا کرو۔ وہ (تو) آپس میں ایک دوسرے کے

بَعْضٍ ؕ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاِنَّهٗ
دوست ہیں۔ اور جو کوئی تم میں سے اُن سے رفاقت کرے گا تو وہ بھی

لہ انبیاء علیہم السلام کا اصول مذہب ایک ہے اس لئے یکے بعد دیگر تین کتابیں نازل ہوئیں جو ایک دوسرے کی تصدیق و تجدید کرتی ہیں۔ توریت، انجیل، قرآن، مگر مصالح وقت کے لحاظ سے احکام بدلتے ہے لکل جعلنا منکم شرعۃ و منہاجا میں اسی طرف اشارہ ہے خدا تعالیٰ چاہتا تو ایک ہی دستور العمل رکھتا اختلاف نہ ہونے دیتا مگر بندوں کی آزمائش کے لئے میدان نہ رہتا، پچھلے لوگوں کو پہلی امت کے سخت احکام کی پابندی میں عذر ہوتا اب جب کہ ہر ایک زمانہ کے لوگوں کو اُن کے موافق احکام عطا فرمائے تو اب جو کوئی کوشش نہ کرے اُس کا قصور ہے ہی

ترکیب

الیہود والنصاریٰ لاتتخذوا کا مفعول اوّل اولیاء مفعول ثانی الذین فتریٰ کا مفعول اوّل یسارعون مفعول ثانی فیصبحوا معطوف ہے یأتی پر۔

تفسیر

چونکہ خدا تعالیٰ سے نافرمانی کرنا اور فسق و فجور اور شرک و کفر ایک مرض روحانی ہے جو بیشتر ایسے لوگوں سے دلی میل جول رکھنے سے متعدی ہوجاتا ہے اس لئے یہود و نصاریٰ کی خرابیاں بیان فرما کر ان سے دلی میل جول کی ممانعت کرتا ہے بقولہ یاایہا الذین آمنوا الخ اولیاء تک کلام تمام ہوگیا۔ بعضہم اولیاء بعض الگ جملہ ہے یعنی وہ کفر و نفاق میں ہمجنس ہیں ان کی باہم محبت قرینِ قیاس ہے مگر تم ان سے محبت نہ کرو اور جو ایسا کرے گا تو انہیں میں شمار ہوگا۔ روایت ہے کہ عبادۃ ابن الصامت نے آنحضرت علیہ السلام کے رُوبرو حاضر ہوکر یہود کی دوستی قدیم سے دست برداری کی مگر وہیں عبداللہ ابن اُبی منافق بھی کھڑا تھا۔ اُس نے کہا ہم ایسا نہیں کرسکتے کیونکہ اُن سے ترک کرنے میں کسی مصیبت کا اندیشہ ہے جس پر یہ آیت نازل ہوئی (کبیر)۔ اور فتریٰ الذین سے منافقوں کی گفتگو کا ذکر ہے کہ وہ اُن سے دوڑ کر ملتے اور کہتے ہیں کہ ہم کو مصیبت کا اندیشہ ہے فعسی اللہ سے اس کا جواب دیتا ہے کہ عنقریب خدا تعالےٰ اپنے رسولؐ اور مسلمانوں کو اُن کے دشمنوں پر فتحیاب کرے گا اور اپنا حکم ازلی جو سلطنتِ آسمانی کے غلبہ اور ظہور کا ہے پردۂ خفا سے عرصۂ ظہور میں لاوے گا تو اُس وقت اپنے دل کی پوشیدہ باتوں پر (کہ اس رسولؐ کو کبھی غلبہ نہ ہوگا چند روز میں اُن مخالفین کے ہاتھ سے اُن مسلمانوں کا یہ جوش و خروش سرد ہوجاوے گا۔ ہم کیوں اپنے قدیمی دوستوں سے بگاڑیں) بڑے نادم ہوں گے۔ اور مسلمان متعجب ہوکر کہیں گے کہ لوصاحب یہ منافقین بڑی سخت قسمیں کھا کر کہا کرتے تھے کہ ہم تمہارے ساتھ ہیں اور مخالفوں سے اندر خانہ کیسا میل جول ان کی شوکت پر بھروسہ رکھ کر کرتے تھے۔ چنانچہ جنگ احزاب کے بعد مسلمانوں نے منافقوں کو سخت ملامت کی اور خدا تعالےٰ کی یہ پیشین گوئی پوری صادق ہوگئی۔ چند روز میں اسلام کا غلبہ ہوگیا مخالفوں کی تمام شوکت مٹ گئی۔ حبطت یعنی منافقوں کا ایمانِ ظاہر کچھ کام نہ آوے گا۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَنْ يَّرْتَدَّ مِنْكُمْ

ایماندارو! جو کوئی تم میں سے اپنے دین سے برگشتہ

عَنْ دِيْنِهٖ فَسَوْفَ يَاْتِى اللّٰهُ بِقَوْمٍ

ہوجاوے گا تو بہت جلد اللہ تعالیٰ ایک ایسی قوم موجود کرے گا کہ

يُّحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗٓ اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ

جن کو وہ دوست رکھے گا اور وہ اس سے محبت کریں گے۔ مسلمانوں سے نرم

اَعِزَّةٍ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ يُجَاهِدُوْنَ

کافروں سے سخت ہوں گے، اللہ تعالیٰ کی راہ میں

فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا يَخَافُوْنَ لَوْمَةَ

جہاد کریں گے اور کسی ملامت کرنے والے کی کچھ بھی پروا

لَآئِمٍ ۭ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ

نہ کریں گے۔ یہ اللہ تعالےٰ کا فضل ہے جس کو چاہے عنایت

يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝۵۴ اِنَّمَا

کرے۔ اور اللہ تعالےٰ گنجائش دینے والا خبردار ہے۔ تمہارا

وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَالَّذِيْنَ

دوست تو صرف اللہ تعالےٰ اور اس کا رسولؐ اور وہ

اٰمَنُوا الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَ

ایماندار ہیں کہ جو نماز پڑھتے اور

يُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ رٰكِعُوْنَ ۝۵۵

زکوٰۃ دیتے اور جھکے رہتے ہیں۔

Marfat.com

ترکیب

من یرتد شرط مکمل من کی صفت یا حال۔ فسوف یجیہم اور یحبونہٗ اذلۃ اعزۃ یجاہدون لا یخافون قوم کی صفت جو مفعول ہے یاتی کا۔

تفسیر

اس سے پہلی آیت میں کفار سے دلی میل جول سے ممانعت کے بعد یہ فرمایا تھا کہ جو اُن سے ملے گا وہ اُنھیں میں سے ہو جاوے گا یعنی مرتد ہو گا۔ اب اس آیت میں مُرتدوں کے حالات بیان کرتا ہے۔ من یرتد، ارتداد کے معنے پھر جانا۔ جو لوگ دینِ اسلام سے پھر جاتے ہیں ان کو مرتد کہتے ہیں۔ صاحب کشاف نے لکھا ہے کہ مُرتدوں کے گیارہ گروہ تھے جن میں سے تین آنحضرت علیہ السلام کے روبرو ہوئے تھے (۱) بنو مدلج ان کا سردار ذوالخمار اسود عنسی ساحر تھا جس نے اطرافِ یمن میں قبضہ کر کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عمال کو نکال دیا تھا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے معاذ بن جبل رضؓ اور یمن کے رئیسوں کی طرف لکھا آخر یہ شخص فیروز دیلمی کے ہاتھ سے قتل ہوا اس کے قتل کی خبر اُسی روز آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دی تھی گو وہاں سے خبر دو ۲ مہینے بعد آئی تھی۔ (۲) بنو حنیفہ مسیلمہ کذاب کی قوم ملک یمامہ میں جس نے نبوت کا دعویٰ کیا تھا۔ (۳) بنو اسد طلیحہ بن خویلد کی قوم جس نے نبوت کا دعویٰ کیا اور شکست کھا کر ملک شام میں بھاگ گیا تھا مگر اخیر میں پھر توبہ کر کے سچا اسلام اختیار کر لیا تھا۔ اور ساتویں قوم میں حضرت ابوبکرؓ کے عہد میں مرتد ہو گئی تھیں۔ فزارہ عیینہ ابن حصن کی قوم۔ غطفان قرۃ بن سلمہ قشیری کی قوم۔ بنو سلیم فجاۃ بن عبد یالیل کی قوم۔ بنو یربوع مالک بن نویرہ کی قوم اور بعض لوگ بنی تمیم کے جو سجاح بنت منذر کے مُرید ہو گئے تھے اس عورت نے بھی نبوت کا دعویٰ کیا تھا اور مسیلمہ سے نکاح کیا تھا۔ کندہ اشعث بن قیس کی قوم۔ اور بحرین میں بنو بکر بن وائل حطم بن زید کی قوم۔ اور عمرؓ کے عہد میں غسان کے لوگ جبلہ کے مُرتد ہو جانے سے مُرتد ہو گئے تھے۔ جبلہ نے ایک شخص کے طمانچہ مارا تھا حضرت عمرؓ نے قصاص کا حکم دیا اس نے ہزار ہا روپے معاوضہ میں دینا چاہا مگر مدعی نے کہا کہ میں بدلہ ہی لوں گا اس خوف کے مارے وہ مُرتد ہو کر روم چلا گیا۔ اس آیت میں خدا تعالےٰ اس وقت کے مسلمانوں سے تہدید کے طور پر فرماتا اور وعدہ کرتا ہے کہ اسلام کا مدار تم پر نہیں اگر تم میں سے کوئی مرتد ہو جاوے گا تو وہ ایک اور ایسی قوم لاوے گا جس میں یہ وصف ہوں گے۔ (۱) یہ کہ اللہ تعالےٰ اُن سے اور وہ اللہ تعالیٰ سے محبت رکھیں گے۔ (۲) ایمانداروں کے حق میں نرم خدا تعالےٰ کے دشمنوں سے گرم ہوں گے دبنا اور تقیہ تو کجا؟ (۳) اللہ تعالےٰ کی راہ میں جہاد کریں گے۔ (۴) کسی کی ملامت اور بُرا کہنے کی امرِ حق کے اظہار میں کچھ بھی پروا نہ کریں گے۔ اب دیکھنا چاہیئے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد عرب کی اس قدر قومیں مُرتد ہو گئی تھیں اُن کے مقابلہ میں خدا تعالےٰ کونسی قوم کو لایا تھا اور اس کا کون سردار تھا جس کے ہاتھ پر یہ وعدہ پورا ہوا جو تاریخ اسلام سے واقف ہے بے ساختہ کہدے گا کہ ان مرتدوں کے مقابلہ میں صحابہ رضؓ انصار و مہاجرین اور اہل یمن کے لوگ اُٹھے تھے جنھوں نے ان سب مُرتد قوموں کو پست کر دیا تھا اور ان کے سردار اور خلیفہ حضرت ابوبکرؓ تھے۔ اب اس آیت سے جس طرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کی اس پیشین گوئی کے پورا ہونے سے تصدیق ہوتی ہے۔۔۔۔

وَمَنْ يَّتَوَلَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَالَّذِيْنَ

اور جو کوئی اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولؐ اور ایمانداروں کا دوست ہے ۵

اٰمَنُوْا فَاِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْغٰلِبُوْنَ ۝ ٥٦

بن کر رہے گا تو اللہ تعالیٰ کا لشکر ہی غالب رہے گا۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الَّذِيْنَ

ایمان والو! جنھوں نے تمھارے دین کو

Marfat.com

اتَّخَذُوا دِينَكُمْ هُزُوًا وَّلَعِبًا مِّنَ
ٹھٹھا اور کھیل مقرر کر رکھا ہے (لیتے) وہ لوگ کہ
الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَ
جن کو تم سے پہلے کتاب دی گئی ہے ان کو اور کافروں کو دوست
الْكُفَّارَ أَوْلِيَآءَ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ إِنْ
نہ بناؤ، اور اللہ تعالے سے ڈرتے رہو اگر
كُنْتُمْ مُّؤْمِنِينَ ﴿٥٧﴾ وَإِذَا نَادَيْتُمْ إِلَى
تم مؤمن ہو۔ اور جب تم نماز کے لئے اذان
الصَّلٰوةِ اتَّخَذُوهَا هُزُوًا وَّلَعِبًا ۚ
دیتے ہو تو وہ اس سے ہنسی اور مسخر پن کرتے ہیں۔
ذٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْقِلُونَ ﴿٥٨﴾
یہ اس لئے کہ وہ بے عقل قوم ہے۔

ترکیب

ومن مبتدا متضمن شرط اللہ اور رسولہ اور والذین آمنوا یتول کا مفعول فان حزب اللہ خبر لاتتخذوا ہی انتم ضمیر اس کی فاعل الذین موصول اتخذوا فعل دینکم مفعول اوّل ہزؤا ولعبا مفعول ثانی من الذین اوتوا الکتاب من قبلکم الذین کا بیان یہ تمام صلہ والکفار اس پر معطوف یہ سب مفعول اوّل یا ایہا الذین آمنوا لاتتخذوا کا اولیاء مفعول ثانی۔

تفسیر

اسی طرح حضرت ابوبکرؓ کی خلافت بھی برحق ثابت ہوتی ہے۔ اگر شیعہ یہ کہیں (کہ اس گروہ کا سردار اور اس وعدہ کی تکمیل کے مہتمم حضرت علیؓ تھے اور لوگوں کا حضرت علیؓ کو خلیفہ نہ کرنا اور اُن کا حق تلف کرکے ابوبکرؓ کو خلیفہ بنانا اور فاطمہؓ کا حق بلاغِ فدک نہ دینا ارتداد ہے اس وجہ سے جنہوں نے ابوبکرؓ کو خلیفہ بنایا وہ سب مُرتد ہوگئے) تو ہم پوچھتے ہیں کہ حضرت ابوبکرؓ کی خلافت تمام انصار و مہاجرین کے مشورہ سے ہوئی تھی اگر یہ سب اس وجہ سے مرتد ہوگئے تو پھر ان مُرتدوں کو حضرت علیؓ نے کب پست کیا اور خدا تعالےٰ نے کب اپنے وعدہ کو سچا کیا اور وہ کون سی قوم معین اسلام پیدا ہوئی تھی؟ بلکہ برخلاف اس کے حضرت علیؓ ہمیشہ ابوبکرؓ و عمرؓ کی خلافت میں شریک رائے رہے اور ان عرب کی مُرتد قوموں پر چڑھائی کرنے میں اُن کے دل سے شریک رہے اور کسریٰ و قیصر کی سلطنتیں برباد کرکے اسلام کے قبضہ میں کرنا اور اسلام کی بے نہایت ترقی کا پایا جانا سب ابوبکرؓ و عمرؓ کی خلافت اور حضرت علیؓ کی وزارت میں متحقق ہوا۔ رہا یہ احتمال کہ حضرت علیؓ دل سے شریک نہ تھے اوّل تو لا یخافون لومۃ لائم کے خلاف ہے دوم پھر اس ارتداد کے مقابلہ میں بجائے مقابلہ کے مدد کرنا معاذ اللہ خدا تعالےٰ کے وعدہ کو جھوٹا کر دینا ہے۔ پس معلوم ہوا کہ وہی ارتداد مراد ہے جو در اصل اسلام سے پھرنا تھا اور جس کو سب ارتداد کہہ سکتے ہیں نہ کہ علیؓ کو اوّل مقدّم خلیفہ نہ بنانا کیونکہ اس کو خود حضرت علیؓ نے ہی ارتداد نہیں قرار دیا بلکہ وہ اُن لوگوں کو مسلمان سمجھتے رہے منا کحت امامت صلوٰۃ نماز جنازہ تمام باتوں میں ان سے متفق رہے۔ اس کے بعد کافروں کی ولایت اور حمایت میں لپٹنے کی ترغیب دلاتا ہے اور اللہ تعالےٰ کی جماعت کے لئے انجام کار غلبہ کا وعدہ دیتا ہے بقولہ انما ولیکم اللہ ورسولہ والذین آمنوا۔ پھر مؤمنین کے یہ چند اوصاف ذکر کرتا ہے یقیمون الصلوٰۃ کہ وہ نماز قائم کرتے ہیں یہ بدنی اور روحانی عبادت کا اصل اصول ہے ویؤتون الزکوٰۃ کہ وہ زکوٰۃ دیتے ہیں یہ مالی عبادت کا رُکن اعظم ہے وہم راکعون ابومسلمؒ کہتے ہیں کہ رکوع سے مراد خضوع ہے کہ وہ یہ باتیں نہایت خشوع و خضوع سے کرتے ہیں۔ بعض نے اس کو یؤتون الزکوٰۃ سے حال بنا کر حالتِ نماز میں اللہ تعالیٰ کے لئے

Marfat.com

جَآءُوْكُمْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا وَقَدْ دَّخَلُوْا
وہ تمہارے پاس آتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم ایمان لائے حالانکہ وہ

بِالْكُفْرِ وَهُمْ قَدْ خَرَجُوْا بِهٖ ؕ وَ
کفر کے کر آئے اور وہی لے کر نکلے بھی۔ اور

اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا كَانُوْا يَكْتُمُوْنَ ﴿۶۱﴾
اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے جس کو وہ چھپاتے ہیں۔

وَتَرٰى كَثِيْرًا مِّنْهُمْ يُسَارِعُوْنَ فِى
اور آپ تو ان میں سے بہت سے لوگوں کو دیکھیں گے کہ وہ

الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَاَكْلِهِمُ السُّحْتَ ؕ
گناہ اور ظلم اور حرام خوری میں دوڑ کر پڑتے ہیں۔

لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۶۲﴾
البتہ وہ بہت ہی برا کر رہے ہیں۔

انگوٹھی دینا حضرت علیؓ کی نسبت روایت کیا ہے۔ ومن یتول یہ اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسولؐ اور ایمانداروں کے ساتھ دوستی کرنے والوں کے حق میں بشارت دیتا ہے کہ فان حزب اللہ ہم الغالبون کہ انجام کار خدا تعالیٰ کا گروہ غالب رہے گا سو ایسا ہی ہوا۔ پھر اس کے بعد منافقوں کے ساتھ محبت کرنے سے اُن کے چند اوصاف ذمیمہ بیان کر کے ممانعت کرتا ہے کہ اُنھوں نے دین کو کھیل کود سمجھ رکھا ہے اور جب کہ اذان کہی جاتی ہے تو اُس پر ٹھٹھا کرتے ہیں چنانچہ مدینہ کے منافق اور یہود اذان سُن کر واہی تباہی باتیں بنایا کرتے تھے۔ فرماتا ہے کہ یہ اس لئے کہ یہ احمق ہیں ورنہ نماز و اذان میں عقلاً کوئی بُرائی نہیں۔

قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ هَلْ تَنْقِمُوْنَ مِنَّآ
کہدو کہ اے اہل کتاب! کیا تم ہم سے اسی بات کا بدلہ لیتے ہو کہ

اِلَّآ اَنْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْنَا
ہم اللہ تعالیٰ پر اور وہ جو ہماری طرف نازل ہوا اس پر اور جو کچھ

وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلُ ۙ وَاَنَّ اَكْثَرَكُمْ
ہم سے پہلے نازل ہوا اُس پر ایمان لے آئے ہیں۔ اور اس لئے بھی کہ تم میں سے

فٰسِقُوْنَ ﴿۵۹﴾ قُلْ هَلْ اُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ
بہت لوگ فاسق ہیں۔ (اے نبیؐ! سو ان سے) کہدو کہ کیا تو میں تم کو جو اللہ کے

مِّنْ ذٰلِكَ مَثُوْبَةً عِنْدَ اللّٰهِ ؕ مَنْ
نزدیک بدتر لوگ ہیں وہ سُنا دوں۔ (یہ وہ ہیں) جس پر

لَّعَنَهُ اللّٰهُ وَغَضِبَ عَلَيْهِ وَجَعَلَ
اللہ تعالیٰ نے لعنت کی اور اس پر غصہ ہوا اور ان میں سے

مِنْهُمُ الْقِرَدَةَ وَالْخَنَازِيْرَ وَعَبَدَ
بندر اور سؤر بنا دیئے اور (وہ لوگ کہ) جنھوں

الطَّاغُوْتَ ؕ اُولٰٓئِكَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّ
نے شیطانوں کو پوجا انہی لوگوں کا بُرا ٹھکانا ہے اور

اَضَلُّ عَنْ سَوَآءِ السَّبِيْلِ ﴿۶۰﴾ وَاِذَا
(یہی لوگ) سیدھے رستہ سے گمراہ ہیں۔ اور جب کہ

ترکیب

وان اکثرکم فاسقون جملہ معطوف ہے ان امنا پر مثوبۃ تمییز ہے بشرٍ سے من لعنہ اللہ جملہ بدل ہے بشرٍ سے وعبد اگر ماضی کا صیغہ مانا جاوے تو اس کا عطف لعنہ اللہ پر ہے ورنہ القردۃ پر۔

تفسیر

یہود و نصاریٰ جو اسلام کی عبادت و اذان پر ٹھٹھا کرتے تھے۔ اب اُن سے بطور الزام کے کہا جاتا ہے کہ کیوں صاحبو! ہم پر ٹھٹھا کرنے کا یہی باعث ہے کہ ہم اللہ تعالیٰ پر اور جو کچھ اس نبیؐ اور اس سے پہلے انبیاءؑ پر نازل کیا ایمان رکھتے ہیں اور تم میں سے اکثر نماز و روزہ سے غافل اور فاسق ہیں۔ سو یہ تو کوئی عیب اور بُرائی کی بات نہیں ہاں عیب اور بُرائی کے قابل وہ لوگ ہیں کہ جن پر خدا تعالیٰ نے لعنت کی اور اُن کی صورتوں کو بندر اور سؤر کی صورتوں میں مسخ کیا اور اُنھوں نے طاغوت یعنی

Marfat.com

شیطان کی پرستش یعنی پیروی کی۔ چونکہ یہود میں یہ تینوں باتیں پائی جاتی تھیں اور اس کو وہ تسلیم کرتے تھے اس لئے تعریضاً اُن پر اس قابلِ عیب بات کا اشارہ کیا۔

بندر اور سور بنانا اُس واقعہ کی طرف اشارہ ہے جو حضرت داؤد علیہ السلام کے عہد میں یہود پر سبت کے روز شکار کرنے کی وجہ سے گزرا تھا کہ خدا تعالےٰ نے اُن کے جبروں کو طاعون کے مرض میں مبتلا کر کے ایسا سُوجا بھلا دیا تھا کہ بعض کی بندر کی صورت اور بعض کی سور کی صورت معلوم ہوتی تھی آخر تین روز کے اندر اندر اسی میں ہلاک ہو گئے اس کا بیان اُوپر گزر چکا۔ عبد الطاغوت میں یہود کی اُس بت پرستی اور فسق و فجور کی طرف اشارہ ہے کہ جو بُخت نصر کے عہد سے پہلے اور اُس کے پیچھے اُن میں توریت اور شریعت کے ترک کرنے سے واقع ہوئی۔ چونکہ یہود کا حُسنِ ایمانی بالکل جاتا رہا خدا پرستی اور نیک بختی اور فسق و فجور اُن کے نزدیک کچھ بھی وزن نہیں رکھتا تھا اس لئے وہ اغراضِ دُنیا کے واسطے جب آنحضرت علیہ السلام کی مجلس وعظ و پند میں آتے تو ایمان ظاہر کرتے تھے مگر جب اُٹھ کر جاتے تھے تو دامن و آستین جھاڑ کر ویسے کے ویسے ہی اُٹھتے تھے اُن کی اس حالت سے خدا تعالیٰ خبر دیتا ہے کہ واذا جاءوکم قالوا امنا الخ یعنی اس قوم کے شجرِ کہنہ میں اصلاح کی قابلیت ہی نہ رہی یہ اس قابل ہے کہ اس کو زمین پر سے بالکل کاٹ دیا جاوے کہ اس کے کانٹے اور بُرے پھلوں سے اور بنی آدم کا مزاج روحانی خراب نہ ہو سو ایسا ہی ہوا۔

لَوْلَا يَنْهٰهُمُ الرَّبّٰنِيُّوْنَ وَالْاَحْبَارُ	
اُن کے درویش	اور علماء اُن کو بُری بات اور
عَنْ قَوْلِهِمُ الْاِثْمَ وَاَكْلِهِمُ السُّحْتَ ؕ	
حرام کھانے سے	کیوں نہیں روکتے؟
لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ﴿۶۳﴾ وَقَالَتِ	
البتہ وہ بہت ہی بُرا کرتے ہیں۔	اور یہودیوں نے
الْيَهُوْدُ يَدُ اللّٰهِ مَغْلُوْلَةٌ ؕ غُلَّتْ	
کہ دیا کہ اللہ تعالےٰ کا ہاتھ تنگ ہے۔	تنگ ہو جاویں
اَيْدِيْهِمْ وَلُعِنُوْا بِمَا قَالُوْا ۘ بَلْ	
اُنہی کے ہاتھ اور لعنت پڑے اُن کے اس کہنے پر۔	بلکہ
يَدٰهُ مَبْسُوْطَتٰنِ ۙ يُنْفِقُ كَيْفَ يَشَآءُ ؕ	
اُس کے دونوں ہاتھ کشادہ ہیں۔	جس طرح چاہتا ہے خرچ کرتا ہے۔
وَلَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَّآ اُنْزِلَ	
اور جو کچھ آپ پر آپ کے ربّ کی طرف سے نازل ہوا وہ تو اُن میں سے بہتوں	
اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ؕ وَ	
کو اور بھی سرکشی	اور کفر کا باعث ہوگا۔ اور
اَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ	
ہم نے اُن میں قیامت تک آپس کی عداوت	اور کینہ
اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ؕ كُلَّمَآ اَوْقَدُوْا	
ڈال دیا ہے۔	وہ جب کبھی آتشِ جنگ سلگاتے ہیں
نَارًا لِّلْحَرْبِ اَطْفَاَهَا اللّٰهُ ۙ وَيَسْعَوْنَ	
تو اللہ تعالےٰ اُس کو بجھا دیتا ہے۔	اور وہ زمین میں فساد
فِى الْاَرْضِ فَسَادًا ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ	
کرنے کے لئے دوڑتے پھرتے ہیں۔	اور خدا تعالےٰ مفسدوں کو پسند
الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۶۴﴾ وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْكِتٰبِ	
نہیں کرتا۔	اور اگر اہلِ کتاب ایمان لاتے
اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَكَفَّرْنَا عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ	
اور پرہیزگاری کرتے تو ہم اُن سے اُن کی بُرائیاں دُور کرتے	
وَلَاَدْخَلْنٰهُمْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿۶۵﴾ وَلَوْ	
اور اُن کو نعمت کے باغوں میں داخل کرتے۔	اور اگر
اَنَّهُمْ اَقَامُوا التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ وَ	
وہ توریت اور انجیل کو	اور اُس کو جو اُن کی طرف اُن کے رب کی
مَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِمْ مِّنْ رَّبِّهِمْ لَاَكَلُوْا	
طرف سے نازل کیا گیا ہے	(پورا پورا مانتے) تو کھا پا رہتے

وقف لازم

Marfat.com

مِنْ فَوْقِهِمْ وَمِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ ؕ مِنْهُمْ
اپنے اوپر اور پاؤں کے نیچے سے (یعنی آسمان وزمین سے) اُن میں سے
اُمَّةٌ مُّقْتَصِدَةٌ ؕ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ
ایک جماعت تو راہ راست پر ہے۔ اور بہت سے اُن میں سے بُرے کام
سَآءَ مَا يَعْمَلُوْنَ ﴿٦٦﴾
کر رہے ہیں۔

ترکیب

واکلہم السحت مصدر مضاف ہے مفعول کی طرف وکذا قولہ عن قولہم الاثم۔ ماکانوا یعملون جملہ بتاویلِ مصدر فاعل بئس۔ لیزیدنّ کا فاعل ماانزل الخ کثیرًا مفعولِ اوّل طغیانًا وکفرًا مفعول ثانی غلّت الخ جُملہ بددُعا کے لئے ولوان شرط لکفرنا جواب ولواہم اقاموا شرط لاکلوا جواب شرط۔

تفسیر

پہلے جملہ میں اُن کے عوام پر عتاب تھا کہ وہ حرام خوری اور بے دینی میں مبتلا ہو رہے ہیں یہاں اُن کے علماء اور درویشوں پر تنبیہ ہوتی ہے کہ پھر یہ لوگ کیوں اُن کو ایسی بُری باتوں سے منع نہیں کرتے؟ اور جب جس قوم کے علماء اور عوام کا یہ حال ہوگا تو وہ قوم کیونکر فلاح اور سعادت کا مُنہ دیکھ سکتی ہے؟ اس لئے نصیحتًا فرماتا ہے کہ لبئس ماکانوا یعملون۔ پھر ماکانوا یعملون کی تفصیل کرتا ہے، وقالت الیہود ید اللہ مغلولۃ یہ بات غالبًا مدینہ کے آس پاس کے رہنے والے بعض شریروں نے کی تھی نہ کہ کُل یہود نے اور اس کُفر کے کلمہ کہنے کا باعث علمائے اسلام نے یہ بیان کیا ہے کہ جب قرآن میں یہ آیت نازل ہوئی من ذاالذی یقرض اللہ قرضًا حسنًا کہ کون شخص ہے جو اللہ تعالےٰ کو قرضِ حسن دیوے؟ یہودی بے ادبوں نے اُس کا مطلب نہ سمجھ کر یہ کلمہ جواب میں کہدیا۔ یا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم اور صحابہؓ کا فقر و فاقہ دیکھ کر تمسخر کے طور پر یہ کہدیا ہو۔ یا اس لئے کہ یہود کی سلطنت و شوکت کا زوال خیال میں آگیا ہو۔ غلّت ایدیہم ولعنوا بما قالوا یہ جُملہ بددُعا کے طور پر اس کے جواب میں فرمایا بل یداہ بسوطتان ہاتھوں کا بند ہونا اور کُشادہ ہونا کنایہ ہے بُخل اور جُود سے زبانِ عرب میں سخی کو مبسوط الید کہتے ہیں۔ آیت میں اگرچہ خدا تعالےٰ کے لئے لفظِ ید آیا ہے اور اسی طرح اور بہت جگہ ید اور وجہ کا اطلاق ہوا ہے مگر جمہور اہلِ اسلام آیاتِ تنزیہ پر لحاظ کرکے اس بات پر متفق ہیں کہ خدا تعالےٰ جسم اور جسمانیت اور اُن کے لوازمات حدوث و امکان سب سے پاک اور منزّہ ہے شرح عقائدِ نسفی اور شرح مواقف اور شرح مقاصد وغیرہ کُتبِ کلام میں اس کی تصریح ہے۔ پھر ہاتھ اور مُنہ اور ساق سے کیا مراد ہے؟ متقدمین فرماتے ہیں کہ یہ الفاظ چونکہ قرآن واحادیثِ صحیحہ میں اس کی نسبت وارد ہیں اور ان کے معنے متبادر جو ہمارے ذہن میں آتے ہیں وہ اس کی ذاتِ پاک کے لائق نہیں اس لئے ہم ان الفاظ کے معانی کو اُس کے سپرد کرتے اور الفاظ پر ایمان رکھتے ہیں **متکلّمین** کہتے ہیں کہ ان الفاظ کا اطلاق مجازًا ہوا ہے چنانچہ اس جگہ خدا تعالےٰ کے ہاتھ کشادہ ہونے سے محاورۂ عرب کے موجب اُس کا جواد، کریم ہونا مُراد ہے اور یہی حال تمام الفاظ کا ہے (کبیر) اور صحیح تر بھی یہی ہے۔ ولیزیدنّ کثیرًا منہم الخ یہاں یہ بات بتلاتا ہے کہ یہود نے جو اقرضوا اللہ قرضًا حسنًا پر اعتراض کرکے ید اللہ مغلولۃ کہدیا اور ایسی کُفر کی باتیں مُنہ سے بکنے لگے کچھ تعجب کی بات نہیں کیونکہ شریر اور بدنہادوں کا قاعدہ ہے کہ اُن کو جس قدر نصیحت کیجئے وہ اسی قدر ضد میں آکر اور بھی کُفر بکنے لگتے ہیں جوں جوں قرآن مجید میں اُن کے لئے نصائح نازل ہوتے رہیں گے اُسی قدر اُن کا انکار اور ضد کرکے یہ کُفر اور سرکشی میں آگے قدم رکھیں گے کیونکہ ان میں صلاحیت نہیں رہی ہر ایک شخص اپنی خواہش نفسانی کا بندہ ہے اور اس کے حسب

Marfat.com

کوئی سدِّ راہ ہوتا ہے اُس سے بجنگ وجدال پیش آتا ہے کینہ وعداوت ظاہر کرتا ہے کس لئے کہ اتفاق کا باعث اتحاد مقصود ہے اور اختلاف وعداوت کا سبب اختلافِ اغراض ومقاصد ہے سو اس حالت کو خدا تعالےٰ اپنا آسمانی قہر جتلا کر یہ فرماتا ہے والقینا بینہم العداوۃ والبغضاء الےٰ یوم القیمۃ اور کچھ باہمی عداوت اور بُغض پر منحصر نہیں بلکہ یہ حق کے مقابلہ میں بھی بار بار آتش فتنہ و فساد سُلگاتے ہیں جس کو خدا تعالےٰ اپنی رحمت کے پانی سے بُجھا دیتا ہے کلما اوقدوا نارا للحرب اطفاہا اللہ پھر جب اُس سے ناکام رہتے ہیں تو اور طرح طرح کے فساد اُٹھاتے پھرتے ہیں ویسعون فی الارض فسادا الخ۔ پھر اُن کے دائمی بیان فرما کر یہ بات بتلاتا ہے کہ جو کچھ خرابیاں اُن پر پڑیں ذمائم بیان فرما کر یہ بات بتلاتا ہے کہ جو کچھ خرابیاں اُن پر پڑیں دارین کی برکات سے محروم ہوگئے۔ خصوصاً یہود دُنیاوی ذلتوں میں گرفتار کئے گئے۔ بخت نصر اور انٹیوکس اور طیطس وغیرہ کے حوادث میں مبتلا ہوئے یہ سب بلا اُن پر اس سبب سے ہے کہ انھوں نے توریت وانجیل پر عمل نہیں کیا ولو ان اہل الکتاب آمنوا واتقوا الخ ولو انہم اقاموا التوراۃ والانجیل الخ اگر یہ آسمانی کتابوں پر عمل کرتے تو ان پر برکتوں کے دروازے کھُل جاتے اور اپنے اُوپر اور نیچے سے کھاتے یعنی ہر طرف اور ہر طرح سے ان پر رزق میں وسعت اور کشایش ہوجاتی۔ یا اُوپر سے کھانا آسمانی بارش سے آمدنی یا درختوں کے پھل مُراد اور نیچے سے کھانے سے یا زمین کی پیداوار نباتات یا زمین کی اور آمدنی۔ مگر اُنھوں نے ایسا نہ کیا۔ توریت کو یہود نے ایسا چھوڑا کہ عالم سے ہی معدوم کر دیا۔ اسی طرح اپنی اپنی تصانیف کے لئے انجیل شریف کو کھو دیا۔ یہ کلام بالذات تو اُسی زمانہ کے لوگوں سے ہے جنھوں نے توریت وانجیل کی موجودگی میں اُن پر عمل نہ کیا اور تبعاً آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد کے یہود ونصاریٰ سے جیسا کہ اوّل سورہ میں اذ انجیکم من آل فرعون وغیرہ میں اُن کے خاندان کی نعماء کا اُن پر ہونا ظاہر کیا ہے۔ اور اگر خصوصاً آنحضرت علیہ السّلام کے عہد کے یہود ونصاریٰ سے، خطاب ہو تو توریت وانجیل سے مُراد اُن کے احکام ہیں۔ چنانچہ تفسیر کبیر میں لکھا ہے "اقامۃ التوراۃ والانجیل اقامۃ احکامہا وحدودہا"۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے عہد میں گو توریت وانجیل اصلی موجود نہ تھی مگر اُن کے احکام تو اس فرضی توریت وانجیل میں بیشتر موجود تھے اس لئے وہ بھی عمل نہ کرنے سے موردِ الزام ہوئے۔

یہاں سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد میں توریت وانجیل اصلی کا موجود ہونا سمجھ لینا اور پھر اس سے آج کل کے فرضی مجموعہ کو وہی توریت وانجیل بتانا محض کم فہمی ہے اور دھوکہ ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ

اے رسول! جو کچھ آپؐ پر آپ کے ربّ کی طرف سے نازل کیا گیا اس کو

مِنْ رَّبِّكَ ۭ وَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا

پہنچا دو۔ اور اگر یہ نہ کیا تو آپؐ نے اُس کا کچھ

بَلَّغْتَ رِسَالَتَهٗ ۭ وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ

بھی پیغام نہ پہنچایا۔ اور اللہ تعالےٰ آپؐ کو لوگوں (کے شر) سے

النَّاسِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ

محفوظ رکھے گا۔ بے شک اللہ تعالےٰ کافروں کو رہنمائی نہیں

الْكٰفِرِيْنَ ۝۶۷ قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ

کرتا۔ (اے نبیؐ! ان سے) کہدو کہ اے اہل کتاب!

لَسْتُمْ عَلٰي شَيْءٍ حَتّٰى تُقِيْمُوا التَّوْرٰىةَ

تم جب تک توریت

وَالْاِنْجِيْلَ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ

ربّ کی طرف سے نازل کیا گیا ہے (سب کو) قائم نہ رکھو گے تو تم کسی طریقہ

رَّبِّكُمْ ۭ وَلَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَّآ

پر بھی نہیں۔ اور البتہ اُن میں سے بہتوں کو اُس کلام سے کہ جو آپؐ کی طرف

اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّ

آپؐ کے ربّ کے پاس سے نازل ہوا ہے اور بھی سرکشی اور بڑھ

كُفْرًا ۚ فَلَا تَاْسَ عَلَي الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝۶۸

جائے گا۔ سو آپؐ کافروں پر کچھ بھی افسوس نہ کریں۔

Marfat.com

ترکیب

بلغ فعل با فاعل ما انزل الخ صلہ و موصول اس کا مفعول۔ وان لم تفعل شرط فما بلغت جواب واللہ مبتدا یعصمک خبر حتے غایۃ ہے تستم کی۔

تفسیر

یہود و نصاریٰ کی خرابیاں بیان فرما کر آنحضرت علیہ السلام کو تبلیغ وحی میں بلغ کے ساتھ تاکید فرمائی جاتی ہے کہ اگر آپ کسی کے خوف واندیشہ سے تبلیغ دین میں کچھ کوتاہی کریں گے تو عہدِ رسالت کے ذمہ دار ہوں گے۔ چونکہ عرب کی مشرک قوموں سے تو کہ ہی سے بسبب توحید ظاہر کرنے کے مخالفت سخت ہو گئی تھی وہ شب و روز نبی علیہ السلام اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی جماعت کی ایذاء اور تکلیف دہی میں سرگرم تھے اس لئے جب اُن کے ظلموں کی برداشت نہ ہو سکی مکہ مکرمہ چھوڑ کر مدینہ طیبہ میں رہنا اختیار کیا یہاں یہود و نصاریٰ کے گروہ زور آور اور سرکش تھے یہ بھی امرِ حق کے ظاہر کرنے سے جو ان کی طبائع کے خلاف اور رسمی مذہب کے برخلاف تھا سخت دشمن ہو گئے۔ رہے بیچارے انصار اور چند غریب اور مفلس مہاجرین سو وہ بظاہر تمام قبائل عرب اور یہود و نصاریٰ کے دفع ظلم و ستم پر پورے قادر نہ تھے ایسی صورت میں انسانی طبیعت کا مقتضیٰ ہے کہ ذرا لب بند کرے۔ مگر چونکہ آپ اُس کے رسول برحق اور نبی موعود تھے جن کے آنے پر تمام قوموں کی بھلائی اور نجات منحصر رکھی گئی تھی اس لئے خدا تعالےٰ نے تاکید سے بلغ ما انزل فرمایا اور لوگوں کے خوف اور دہشت کی بابت آپ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حفاظت کا ذمہ لیا کہ واللہ یعصمک من الناس۔ اور ایسی حالت میں جس کا عشر عشیر حضرت مسیح علیہ السلام اور زکریا و یحییٰ علیہما السلام پر نہ تھی تب وہ کفار کی گزند سے محفوظ نہ رہے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا محفوظ رہنا خصوصاً ایسے ملک میں کہ جہاں کوئی حاکم بھی ظالموں کے لئے دار و گیر کرنے والا نہیں ایک بڑی دلیل منجانب اللہ ہونے کی ہے مگر کافروں کی آنکھوں پر ازلی پردہ ہے۔ اور اُس سے دیکھ نہیں سکتے ان اللہ لا یہدی القوم الکافرین کے یہی معنے ہیں۔ اس کے بعد ما انزل الیک من ربک کی قسم خاص کو جو اُس وقت ضروری التبلیغ تھی یہود و نصاریٰ کے گمانِ فاسد کو ایسے طور پر غلط کرنے کے لئے کہ جس کو وہ بھی تسلیم کر لیں یہ ارشاد ہوا قل یا اہل الکتاب الخ کہ جب تک تم توریت و انجیل اور خدا تعالےٰ کے تمام نوشتوں پر نہ چلو گے فلاح و سعادت کا مُنہ نہ دیکھو گے۔ یہ مقدمہ مسلّم ہے۔ رہا ان کتابوں پر چلنا سو وہ ان کی تحریفات و تخریبات کی وجہ سے بجز قرآن مجید کے کہ جو اُن کتابوں کا محافظ و مہیمن ہے یعنی سچا خلاصہ مع ترمیم الٰہی ممکن نہیں۔ سو بغیر قرآن و نبی علیہ السلام راہِ ہدایت ملنی ممکن نہیں۔ مگر یہود و نصاریٰ اس بات کو کب ماننے والے تھے بلکہ سرکشی اور عناد کرنے والے ولیزیدن الخ اس لئے آپ کو تسلّی دیتا ہے کہ پھر تم بھی کچھ اُن کی اس حالت پر رنج و افسوس نہ کرو فلا تاس الخ۔

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَالَّذِينَ هَادُوا	بے شک جو کوئی مسلمان اور یہودی
وَالصَّابِئُونَ وَالنَّصَارَىٰ مَنْ آمَنَ	اور صابی اور نصرانی اللہ تعالےٰ اور قیامت کے
بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا	دن پر ایمان لائے اور اچھے کام بھی کرے
فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ	تو اُس پر نہ کچھ خوف ہے اور نہ وہ کچھ غمگین ہو گا۔
لَقَدْ أَخَذْنَا مِيثَاقَ بَنِي إِسْرَائِيلَ	البتہ ہم نے بنی اسرائیل سے عہد لیا تھا
وَأَرْسَلْنَا إِلَيْهِمْ رُسُلًا ۖ كُلَّمَا جَاءَهُمْ	اُن کے پاس رسول بھی بھیجے تھے، جب کوئی رسول اُن کے پاس

Marfat.com

رَسُوْلٌ بِمَا لَا تَهْوٰٓى اَنْفُسُهُمْ ۙ فَرِيْقًا
وہ احکام لے کر آیا جو اُن کے دل کو ناپسند ہوئے، تو رسولوں کے
كَذَّبُوْا وَفَرِيْقًا يَّقْتُلُوْنَ ﴿۷۰﴾ وَ
ایک فریق کو جھٹلایا اور کتنوں کو قتل کرنے لگے۔ اور
حَسِبُوْٓا اَلَّا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ فَعَمُوْا
یہ سمجھ لیا تھا کہ کچھ خرابی نہ آئے گی سو وہ اندھے
وَصَمُّوْا ثُمَّ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ثُمَّ
اور بہرے بن گئے پھر اللہ تعالیٰ نے ان پر عنایت کی تو پھر
عَمُوْا وَصَمُّوْا كَثِيْرٌ مِّنْهُمْ ۭ وَاللّٰهُ
ان میں سے بہت سے اندھے اور بہرے بن گئے۔ اور جو کچھ وہ
بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ﴿۷۱﴾
کر رہے ہیں (اس کو) اللہ تعالیٰ دیکھ رہا ہے۔

ترکیب

من امن شرط فلا خوف الخ جواب جملہ خبران والصابئون مبتدا اس کی خبر محذوف جیسا کہ فانی وقیار بہا لغریب ای فانی لغریب وقیار بہا کذالک کلما جار شرط ہم جار کا بسبب متعدی ہونے کے مفعول اوّل بما لا تہوی مفعول ثانی رسول فاعل فریقا الخ جملہ جواب۔

تفسیر

چونکہ یہود و نصاریٰ کو یہ گمان تھا کہ نجات یہودی یا نصرانی کے بعد اور کو نہیں ہوگی اور اب تک دونوں فریق کو یہی گمان ہے جیسا کہ ہنود کا گمان ہے حالانکہ یہ گمان بالکل غلط ہے۔ اس کا ابطال کرنا منصب خاتم النبوۃ کا فرض تھا۔ اگر یوں ابطال کرتے کہ تمہارا گمان غلط ہے تو چنداں مؤثر نہ ہوتا بلکہ وہ یہ طعن کرتے کہ یہ نبیؐ حضرت موسیٰؑ اور حضرت عیسیٰؑ کی اتباع سے منع کیا کرتا ہے کیسا نبی ہے؟ بلکہ ایک ایسی مسلّم بات بیان کی کہ جس کی تسلیم کے بغیر کسی عقلمند آدمی کو چارہ نہیں ہے جس سے خود بخود اُن کے عقیدۂ فاسدہ کا ابطال ہو جاتا ہے۔ وہ یہ کہ خدا تعالیٰ نے انسان کو دو قوتیں عنایت کی ہیں جن کی تکمیل سے اُس کی نجات ہے۔ ایک قوتِ نظریہ، اس کی تکمیل یہ ہے کہ اشرف الموجودات حق سبحانہ کو مع صفات خصوصاً صفت اقامۂ حشر و نشر جزا و سزا جانے۔ دوسری قوتِ عملیہ اس کی تکمیل یہ ہے کہ خالق کی تعظیم و عبادت کے بعد خلق کی نفع رسانی۔ اس لئے اعلانِ عام کے طور پر فرماتا ہے کہ خواہ کوئی یہودی ہو خواہ نصرانی، خواہ مسلمان ہو خواہ صابی جو ان دونوں قوتوں کی تکمیل کرے گا اوّل کی طرف من امن باللہ والیوم الآخر میں اور دوسری کی طرف وعمل صالحاً میں اشارہ کیا) وہ نجات کے دونوں حصّوں کو حاصل کرے گا۔ اوّل یہ کہ اس کو وہاں کے عقوبات سے کچھ خوف نہ ہوگا۔ دوم یہ کہ وہاں کے نعماء کے مقابلہ میں دنیا کی نعمتیں ہاتھ سے جانے پر کچھ حزن نہ کرے گا۔ چونکہ اس تکمیل کا نام اسلام ہے اس لئے اُن کے مقابلہ میں نجات کا انحصار اسلام پر کرنا بہت ٹھیک بات ہے اس کے بعد یہود کی قدیم سرکشی بیان فرما کر یہ بات بتلاتا ہے کہ جو ایسی سرکش اور گمراہ قوم ہو اور اس گمراہی کو تسلیم بھی کرتی ہو نبی معہود کی اطاعت نہ کرے اور اپنی سرکشی میں نجات کا دعویٰ کرے بایں خواری توقعِ ملک داری کا مضمون ہے اور وہ قدیم سرکشی یہ ہے لقد اخذنا یعنی باوجود یکہ بنی اسرائیل سے عہد لے لیا تھا اس پر پے در پے انبیاء بھی بھیجتے رہے مگر جب کسی نے اُن کے برخلاف کہا تو اُس کے قتل و تکذیب کے درپے ہو گئے جیسا کہ زکریا و یحییٰ و عیسیٰ علیہم السّلام کے ساتھ کیا اور لطف یہ ہے کہ باوجود اس قتل و تکذیب کے صرف نسل یعقوبؑ و ابراہیمؑ سے ہونے کی وجہ سے یہ سمجھتے تھے کہ اُن پر کوئی بلا نازل نہ ہوگی۔ اصل یہ ہے کہ وہ اندھے بہرے ہو جاتے تھے پھر خدا تعالیٰ اُن کو کسی نبیؐ کی معرفت متنبہ کرتا تھا ثم تاب اللہ علیہم مگر چند روز بعد پھر وہ اندھے بہرے ہو جاتے تھے نہ حق کو دیکھتے تھے نہ کسی حق گو کی سنتے تھے۔ یہ خدا تعالیٰ کا بڑا قہر اور باعث ہلاکتِ دارین ہے۔

Marfat.com

لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ
بے شک وہ کافر ہو چکے جنھوں نے (یہ) کہا کہ خدا تو

كَانَا يَاْكُلٰنِ الطَّعَامَ ۭ اُنْظُرْ
دونوں کھانا کھایا کرتے تھے۔ دیکھو

الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ ۭ وَقَالَ الْمَسِيْحُ
مریم کا بیٹا ہے۔ حالانکہ خود مسیحؑ (یہ) کہہ چکا ہے

كَيْفَ نُبَيِّنُ لَهُمُ الْاٰيٰتِ ثُمَّ انْظُرْ
ہم ان کو کیسے دلائل بیان کرتے ہیں۔ پھر دیکھو

يٰبَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّيْ
اے بنی اسرائیل! اللہ تعالےٰ کی عبادت کیا کرو جو میرا اور تمھارا دونوں کا

اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ۝۷۵
وہ کیسے بہکے چلے جاتے ہیں۔

وَرَبَّكُمْ ۭ اِنَّهٗ مَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ
رب ہے۔ کیونکہ جو کوئی اللہ تعالےٰ کا شریک ٹھہراتا ہے تو ضرور

حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ وَمَاْوٰىهُ النَّارُ ۭ
اس پر اللہ تعالیٰ نے جنت حرام کر دی اور اس کا ٹھکانا جہنم ہے۔

وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ۝۷۲ لَقَدْ
اور بے انصافوں کا کوئی مددگار نہیں۔ بے شک

كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ ثَالِثُ
وہ کافر ہو چکے جنھوں نے کہ اللہ تعالےٰ کو تین میں کا تیسرا

ثَلٰثَةٍ ۘ وَمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّآ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۭ
کہا۔ حالانکہ بجز ایک اللہ تعالےٰ کے اور کوئی معبود نہیں۔

وَاِنْ لَّمْ يَنْتَهُوْا عَمَّا يَقُوْلُوْنَ لَيَمَسَّنَّ
اور اگر وہ جو کچھ کہتے ہیں اس سے باز نہ آویں گے تو ضرور ان میں

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝۷۳
سے کافروں کو عذاب الیم پہنچ کر رہے گا۔

اَفَلَا يَتُوْبُوْنَ اِلَى اللّٰهِ وَيَسْتَغْفِرُوْنَهٗ ۭ
پھر وہ کس لئے اللہ تعالےٰ کی طرف رجوع نہیں کرتے اور اس سے معافی نہیں چاہتے

وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۷۴ مَا الْمَسِيْحُ
حالانکہ اللہ تعالےٰ بخشنے والا مہربان ہے۔ مسیحؑ ابن مریم

ابْنُ مَرْيَمَ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ
تو صرف رسولؑ ہے۔ جو اس سے پہلے بھی

مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ۭ وَاُمُّهٗ صِدِّيْقَةٌ ۭ
بہت سے رسولؑ ہو چکے ہیں۔ اور اس کی ماں پاک دامن ہے۔

ف سچی بندی

ترکیب

ثالث ثلاثۃ۔ ای احد ثلثۃ۔ اور ایسے موقع میں بجز اضافت کے اور کوئی صورت جائز نہیں و ما من الٰہ من زائد اور الٰہ موضع مبتدا میں ہے اور خبر محذوف ہے ای و ما للخلق الٰہ الا اللہ بدل ہے الٰہ سے لیمسن جواب ہے قسم محذوف کا اور یہ قائم مقام ہے جواب شرط کے جو ان لم ینتہوا ہے منہم موضع حال میں ہے الذین سے قد خلت موضع رفع میں صفت رسول کی کانا یاکلان آخر اس کا اعراب میں کوئی محل نہیں۔

تفسیر

بلغ ما انزل کے بعد مجملاً اہل کتاب کو لستم علی شیٔ حتی تقیموا التوراۃ والانجیل کہہ کر پھر تفصیلاً ہر ایک عقیدۂ فاسدہ پر کلام کرتا ہے۔ چونکہ عیسائی اپنے دین کو حضرت موسیٰؑ کے دین کا عطر اور پچھلے نبی کا آراستہ کردہ اور روحانی مذہب خیال کرتے تھے۔ یہ خیال اس وقت تک صحیح تھا جس وقت کہ اس مقدس مذہب میں تحریف و تبدل نہ ہوئی تھی مگر چونکہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے تھوڑے ہی عرصے کے بعد پولوس اور اس کے مریدوں کی افراط و تفریط سے اس دین میں ایسا خلط ہوا کہ کچھ کا کچھ ہو گیا جس کی اصلاح اور درستی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھوں پر منحصر تھی اس لئے سب سے اوّل ان کی اوّل غلطی اعتقاد ظاہر فرماتا ہے

Marfat.com

اور یہ اعتقاد حد درجہ کی تاریکیٔ روح کا باعث تھا اس لئے اس کو لفظِ کفر سے تعبیر کیا (الوہیتِ مسیحؑ کو) لقد کفر الذین قالوا ان اللہ ہو المسیح ابن مریم۔ عیسائیوں کے اکثر فریق خصوصاً کلیسائے عرب بلکہ آج کل کے رومن کیتھولک اور پراٹسٹنٹ حضرت مسیح علیہ السلام کو اِلٰہ یعنی خدا کہتے ہیں کہ خدا تعالےٰ نے دنیا کے گناہ معاف کرنے کے لئے حضرت مریم کے پیٹ سے بشکلِ مسیحؑ ظہور کیا۔ جیسا کہ ہندوؤں کا اعتقاد اوتاروں کی نسبت ہے کہ ایشر یعنی خدا تعالےٰ شیر اور انسانوں کی صورت میں ظاہر ہوا۔

اس لغو اعتقاد کے ابطال پر دلائل کی ضرورت نہ سمجھ کر صرف مسیح علیہ السلام کے قول پر بس کیا کہ جس سے الوہیت کی نفی اور عبودیت کا ثبوت پایا جاتا ہے۔ وقال المسیح الخ کہ مسیحؑ نے بنی اسرائیل سے کہا تھا کہ اللہ تعالےٰ کی عبادت کرو جو میرا اور تمھارا دونوں کا خدا ہے کیونکہ جو اُس کے سوا اور کو پوجے گا وہ مُشرک ہوگا کہ جس پر جنّت حرام اور جہنّم اُس کا ٹھکانا ہے۔ انجیل مرقس کے ۱۲ باب ۲۹ ورس میں ہے: "یسوع (مسیحؑ) نے اُس سے جواب میں کہا کہ سب حکموں سے اوّل یہ ہے کہ اے اسرائیلی سُن! وہ خداوند جو ہمارا خدا ہے ایک ہی خداوند ہے اور تُو اپنے خداوند کو سارے دل و جان و عقل و قوّت سے پیار کر" (یعنی اُس کی خالصاً عبادت کر) انتہےٰ ملخصاً۔

یہ مضمون اس جگہ پُورا پایا گیا۔ رہا انّہ من یشرک باللہ دوسرے مواضع سے ثابت ہے اور ممکن ہے کہ ناقلِ انجیل نے یہ جُملہ سہواً ترک کیا ہو، یہ نقلِ کلامِ مسیحؑ نہ ہو اور اس مطلب کے مؤیّد اور بھی جُملے اناجیلِ موجودہ میں پائے جاتے ہیں جن سے مسیحؑ کا بندہ ہونا پایا جاتا ہے بلکہ خود اُن کا عبادت کرنا، روزہ رکھنا ان اناجیل میں مذکور ہے۔ پس اگر خدا ہوتے تو عبادت کس کی کرتے؟ اور اپنا خداءِ واحد کیوں بتلاتے؟ بلکہ خود خدائی کے مدّعی ہوتے سو ایسا کہیں نہیں۔ پس ثابت ہوا کہ یہ قول غلط ہے لوگوں نے افراطِ محبّت سے پیدا کر لیا ہے۔

عیسائیوں کا دوسرا عقیدۂ بد تثلیث کا تھا اور اب بھی ہے کہ جس کو وہ موجبِ نجات سمجھتے ہیں اس کو بھی خدا تعالےٰ نے بلفظِ کفر تعبیر کیا لقد کفر الذین قالوا ان اللہ ثالث ثلٰثۃ۔ عیسائی (نہیں بلکہ پولوسی) کہتے ہیں کہ جوہرِ واحد[1] کے تین اقنوم (حصّے) ہیں، اب، ابن، روح القدس۔ اور یہ تینوں مل کر ایک خدا ہوا۔ جیسا کہ آفتاب کا اطلاق قرص اور شعاع اور حرارت پر ہوتا ہے۔ اب سے مراد اللہ اور ابن سے کلمہ یعنی حضرت مسیحؑ۔ اور رُوح سے حیات یا جبرئیلؑ۔ اور عرب کے عیسائی بجائے رُوح القدس کے تیسرا اقنوم حضرت مریمؑ کو قرار دیا کرتے تھے۔ اس کو تثلیث کہتے ہیں۔ اس سے خدا تعالیٰ منع کرتا اور عذابِ الیم کا خوف دلاتا ہے۔

اب اس خراب اور فاسد عقیدے کے بُطلان پر چند ادلّہ قائم کرتا ہے۔ (۱) ما من الٰہ الا الٰہ واحد الخ یہ بات کہ خدا ایک ہے تمام انبیائے سابقین اور عقل اور خود مسیحؑ کی شہادت سے ثابت ہے جو اناجیلِ مروّجہ میں بھی اب تک پائی جاتی ہے اور تثلیث اس توحید کی صریح نقیض ہے پس اس کے بطلان میں اب کیا کلام باقی ہے؟ اس کے جواب میں بعض پادری کبھی ان تینوں اقانیم کو صفات کہتے ہیں کبھی مراتبِ اجمال و تفصیل قرار دیتے ہیں مگر ان کے وجود مستقل ماننے اور باہم علّت و معلول قرار دینے نے سب توجیہات کو باطل کر رکھا ہے۔ (۲) ما المسیح ابن مریم الا رسول کہ اور رسولوں سے مسیحؑ میں کوئی بات زائد نہ تھی پھر جب وہ خدا یا خدائی کا جزو نہیں تو یہ کیونکر ہو گئے؟ اگر بغیر باپ کے پیدا ہونا تو آدمؑ بغیر باپ اور ماں کے

ابطالِ تثلیث

ابطالِ الوہیتِ مسیحؑ

[1] ان تینوں اقنوم کو بعض نے وجود، حیات، علم کے ساتھ تعبیر کیا ہے۔ سیل نے مقدمہ ترجمۂ قرآن میں لکھا ہے کہ عرب میں ایک فرقہ تھا جس کو لیزیدیتس کہتے ہیں وہ بھی مریم کو تثلیث میں بجائے روح القدس داخل کرتا تھا۔ جس طرح کہ میریا نائٹ کہلانے والے لوگ داخل کرتے تھے۔ قرآن مجید میں آیا ہے اتتخذونی و امّی الٰہین الآیۃ انھیں لوگوں کے اعتقاد کے رد میں ہے۔ فرقہ ابیونی اس تثلیث کا [illegible] تھا اور سنہ ۲۰۰ عیسوی میں مارتمن فرقہ بھی منکرِ تثلیث تھا (رومن تاریخ کلیسا) (باقی صفحہ ۲۹۶ پر)

Marfat.com

پیدا ہوتے تھے۔ اگر مُردہ زندہ کرنا تو حضرت الیاسؑ کا لڑکے کو زندہ کرنا (اول کتاب السّلاطین ۱۷ باب) اور حضرت الیشعؑ کے معجزات ۲ کتاب السّلاطین میں بہت کچھ موجود ہیں۔ اگر خدا تعالیٰ کا بندہ کہلانا تو اس لفظ کا اطلاق اور بھی سیکڑوں پر بائبل میں ہوا ہے جیسا کہ انجیل متی باب ۶ و دیگر مقامات سے ثابت ہے۔ اگر آسمانوں پر اُٹھایا جانا تو حنوخ کا کتاب پیدائش کے ۵ باب میں اور الیاسؑ کا کتاب دوم السّلاطین کے ۲ باب میں۔ اور کوئی وجہ خصوصیت پائی نہیں جاتی (۳) وامہ صدیقۃ کانا یاکلان الطّعام جس کی ماں ہوگی تو وہ ضرور حادث ہوگا۔ اور حادث نہ خدا ہے نہ خدائی کا جزو۔ اور حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کی ماں مریمؑ تھی۔ دوم دونوں کا کھانا کھانا اس بات کی دلیل ہے کہ وہ بھوک اور پیاس کو دفع نہ کر سکتے تھے، کھانے کے محتاج تھے، اور اللہ تعالےٰ کسی کا محتاج نہیں۔ اور یہ تاویل کچھ مفید نہیں کہ مسیحؑ میں الوہیت اور انسانیت جمع تھی۔

قُلْ أَتَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ مَا

(اے نبیؐ! ان سے) کہو کیا تم اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر ایسی چیزوں کو پوجتے ہو کہ

لَا يَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَلَا نَفْعًا ۚ وَاللَّهُ

جو نہ تمھیں ضرر دے سکتی ہیں نہ کچھ نفع۔ حالانکہ اللہ تعالےٰ

هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ﴿٧٦﴾ قُلْ يَا أَهْلَ

ہی سُننا جانتا ہے۔ (اور) کہو کہ اے اہل

الْكِتَابِ لَا تَغْلُوا فِي دِينِكُمْ غَيْرَ

کتاب! اپنے دین میں ناحق کی زیادتی نہ

الْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعُوا أَهْوَاءَ قَوْمٍ قَدْ

کرو اور نہ اس قوم کی خواہشوں پر چلو کہ جو اس سے پہلے

(بقیہ حاشیہ ۲۹۵) چنانچہ فرقہ یونی ٹیرین اب تک منکر ہے۔ یہ خراب عقیدہ اریوس کے انکار اور اتھانیشیس کے اصرار اور قسطنطین بادشاہ روم کی حمایت اور شہر نائس میں کمیٹی کے مجبوراً فتوے سے زیادہ رواج پا گیا گو اس کے بعد بھی اسی عقیدہ پر سالہا سال باہم جنگ و جدال رہا۔ یہ بلاپولس اور اُس کے گروہ نے حواریوں کے خلاف ہو کر پھیلائی تھی ۱۲ منہ

ضَلُّوا مِن قَبْلُ وَأَضَلُّوا كَثِيرًا وَضَلُّوا

خود گمراہ ہو چکی اور بہت سے لوگوں کو گمراہ کر چکی اور

عَن سَوَاءِ السَّبِيلِ ﴿٧٧﴾ لُعِنَ

سیدھے رستے سے بہک چکی ہیں۔ بنی اسرائیل

الَّذِينَ كَفَرُوا مِن بَنِي إِسْرَائِيلَ

میں سے کافروں پر تو داؤدؑ اور عیسیٰ ابن مریمؑ کی زبان سے

عَلَىٰ لِسَانِ دَاوُودَ وَعِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ ۚ

لعنت کر دی گئی ہے۔

ذَٰلِكَ بِمَا عَصَوا وَّكَانُوا يَعْتَدُونَ ﴿٧٨﴾

یہ اُن کی نافرمانی اور حد سے گزرنے کے سبب ہے۔

كَانُوا لَا يَتَنَاهَوْنَ عَن مُّنكَرٍ فَعَلُوهُ ۚ

وہ لوگ جس بُرے کام کو کرتے تھے اُس سے باز نہیں آتے تھے۔

لَبِئْسَ مَا كَانُوا يَفْعَلُونَ ﴿٧٩﴾

بہت ہی بُرے کام تھے جو وہ کیا کرتے تھے۔

ترکیب

مالا یملک ما نکرہ موصوفہ یا بمعنی الّذی مفعول تعبدون۔ لا تغلوا فعل لازم ہے اور غیر الحق صفت ہے مصدر محذوف کی اے غلوا غیر الحق اور جائز ہے کہ حال ہو ضمیر فاعل سے اے لا تغلوا مجاوزین الحق۔ من بنی اسرائیل حال ہے الّذین کفروا سے علےٰ لسان داؤد متعلّق ہے لعن سے۔

تفسیر

اب ایک اور دلیل یہود و نصاریٰ و مشرکین کے مقابلہ میں ایسی ذکر فرماتا ہے کہ جس سے اللہ تعالےٰ کے سوا تمام چیزوں کا معبود ہونا باطل ہوتا ہے۔ وہ یہ کہ معبود وہ ہونا چاہیے جو نفع و ضرر کا مالک ہو اور یہی بات ہے کہ جس سے کسی کی عبادت اور اطاعت کی جاتی ہے اور حضرت مسیح علیہ السّلام اور عزیر علیہ السّلام اور مشرکین کے فرضی خدا نہ کسی کو نفع دے

Marfat.com

أَنفُسُهُمْ أَن سَخِطَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ وَفِي
آگے بھیجا وہ یہ کہ اللہ تعالیٰ ان پر غصہ ہوا اور وہ
الْعَذَابِ هُمْ خَالِدُونَ ﴿٨٠﴾ وَلَوْ كَانُوا
عذاب ہی میں ہمیشہ رہیں گے۔ اور اگر وہ اللہ تعالیٰ
يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالنَّبِيِّ وَمَا أُنزِلَ
اور نبی ﷺ پر اور جو کچھ اُس پر نازل ہوا ایمان لاتے تو
إِلَيْهِ مَا اتَّخَذُوهُمْ أَوْلِيَاءَ وَلَٰكِنَّ
اُن کو دوست نہ بناتے۔ لیکن
كَثِيرًا مِّنْهُمْ فَاسِقُونَ ﴿٨١﴾ لَتَجِدَنَّ أَشَدَّ
ان میں سے بہت تو بدکار ہیں۔ ایمان والوں سے زیادہ
النَّاسِ عَدَاوَةً لِّلَّذِينَ آمَنُوا الْيَهُودَ
عداوت رکھنے والے آپؐ کو یہودی
وَالَّذِينَ أَشْرَكُوا ۖ وَلَتَجِدَنَّ
اور مشرک ملیں گے۔ اور اُن سب میں ایمان والوں سے
أَقْرَبَهُم مَّوَدَّةً لِّلَّذِينَ آمَنُوا الَّذِينَ
زیادہ محبت کرنے والے آپؐ کو وہ لوگ ملیں گے جو کہتے
قَالُوا إِنَّا نَصَارَىٰ ۚ ذَٰلِكَ بِأَنَّ مِنْهُمْ
ہیں کہ ہم نصاریٰ ہیں۔ یہ اس لئے کہ ان میں اہل علم
قِسِّيسِينَ وَرُهْبَانًا وَأَنَّهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُونَ ﴿٨٢﴾
اور درویش بھی ہیں اور وہ تکبر بھی نہیں کرتے۔

سکتے ہیں نہ ضرر کیونکہ جب وہ اپنے ضرر کو دفع نہیں کرسکے (مسیح نے بقولِ نصاریٰ صلیب پر چیخ چیخ کر جان دی اور ایلی ایلی پکارا کئے) تو اور کا ضرر کیا دفع کریں گے۔ قل اتعبدون سے ہوالسمیع العلیم تک اس دلیل کی طرف اشارہ ہے۔ پھر اہلِ کتاب سے خطاب کرتا ہے کہ تم اپنے دین میں غلو یعنی زیادتی نہ کرو اور اپنے سے پہلے گمراہ قوموں کی پیروی نہ کرو جو خود بھی گمراہ ہوچکیں اور لوگوں کو گمراہ کرتی تھیں جیسا کہ حرّان، بابل اور نینوا کے بُت پرست اور دراصل انھیں قوموں کے رسم و رواج نے اہلِ کتاب کو تباہ کیا۔ ادھر یونان اور روم کی بُت پرست قوموں کی صحبت نے عیسائیوں کو خراب کیا اس کے بعد بنی اسرائیل کے اُوپر جو انبیاء علیہم السّلام کی طرف سے پھٹکار پڑی اس کو جتلا کر یہ بات ظاہر کرتا ہے کہ یہ قوم قدیم سے سرکش اور کج رائے ہے۔ لُعِنَ الَّذِینَ، جمہور مفسّرین کے نزدیک بنی اسرائیل کے سرکشوں پر داؤد علیہ السّلام کی زبان سے لعنت کرنے سے مراد اصحاب السّبت پر لعنت کرنا ہے جنھوں نے ہفتہ کے روز ایلہ کے قریب سمندر کے کنارہ زمانۂ داؤد علیہ السّلام میں شکار کیا جس سے ان پر پھٹکار پڑی۔ اور حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کی زبانی اُن یہود پر لعنت ہوئی کہ جو مائدہ کا معجزہ دیکھ کر بھی ایمان نہ لائے۔ یعنی حضرت داؤد علیہ السّلام کے زمانہ سے حضرت عیسیٰ علیہ السّلام تک یہ حالت تھی کہ نافرمان اور حد سے تجاوز کرنے والے اور جس بُرے کام کو کرتے تھے لایتناہون (تفاعل من النہی لایَنہیٰ بعضھم بعضاً) کہ ایک دوسرے کو منع نہ کرتا تھا (یا بمعنے الا ینتہاء) کہ اُس میں کمی نہ کرتے تھے۔ پھر جب اُن کی اُس عہد میں یہ کیفیت تھی تو اب نبیٔ آخرالزماں صلے اللہ علیہ وسلم کے عہد میں تو جس قدر سرکش اور بدباطن یہ قوم ہوگئی تھی ظاہر ہے۔

تَرَىٰ كَثِيرًا مِّنْهُمْ يَتَوَلَّوْنَ الَّذِينَ
آپؐ (تو) اُن میں سے بہتوں کو دیکھتے ہیں کہ کافروں سے دوستی کرتے
كَفَرُوا ۚ لَبِئْسَ مَا قَدَّمَتْ لَهُمْ
ہیں۔ بہت ہی بُرا ہے جو کچھ کہ اُنھوں نے اپنے لئے

ترکیب

ان سخط آن بتاویل مصدر خبر ہے مبتدا محذوف کی جو ہو ہے اور ممکن ہے کہ یہ بدل ہو ما قدّمت کا جو محلاً منصوب ہوگا، وہٰذا ارجح۔ ما اتخذوہم جواب ہے ولو کانوا یؤمنون کا عداوۃ منصوب ہے بوجہ تمیز ہونے کے اشدّ سے۔ للّذین اٰمنوا متعلق ہے عداوۃ سے الیہود معطوف علیہ والّذین اشرکوا معطوف مجموعہ مفعول ہے لتجدنّ کا۔ للّذین متعلق ہے مودّۃ سے الّذین قالوا انّا نصٰرٰے جملہ

Marfat.com

مفعولِ ثانی ہے لتجدنّ کا بانّ ثابت کے متعلق ہو کر خبر ہے ذٰلک کی۔

تفسیر

جب کہ خدا تعالےٰ یہود کے اسلاف کا حال بیان کر چکا تو اب خود اُن کا حال بیان کرتا ہے وہ یہ کہ تریٰ کثیرا منھم مدینہ کے یہود کعب بن اشرف وغیرہ مشرکین عرب کو جوش دلا کر اسلام کے مقابلہ میں اُبھارتے تھے اور باوجود یکہ توحید اور اقرار نبوّتِ موسیٰؑ اور تصدیق توریت میں اسلام ان کا ہم زبان تھا مگر اپنے خبثِ باطنی سے ان کے مقابلہ میں مشرکین عرب سے یاری کرتے تھے۔ پھر فرماتا ہے کہ اگر وہ اپنے نبیؐ پر بھی بصدق دل ایمان لاتے تو ہرگز ایسا نہ کرتے۔ اس کے بعد یہود و نصاریٰ کا اس امر میں فرق بیان فرماتا ہے لتجدنّ اشدّ الناس کہ اگرچہ یہود سے نصاریٰ کا کفر بڑھ کر ہے (کیونکہ یہود سے تو صرف نبوّت میں کلام ہے مگر نصاریٰ تو آدمی کو خدا کہتے ہیں) لیکن باایں ہمہ ان میں ایک قسم کی خدا ترسی اور خوفِ آخرت اور دُنیا سے نفرت پائی جاتی ہے کیونکہ ان میں قسیّس و رُہبان بھی ہیں جو نہایت نرم دل ہوتے ہیں مگر یہود میں سراسر حُبِّ جاہ ہے جو تمام سخت دلیوں اور عداوتوں کا سرچشمہ ہے پس اسلام کا سب سے سخت تر دشمن لے نبی علیک السّلام آپؐ یہود کو پائیں گے اور کافروں میں نرم اور رحم دل اسلام کے لئے عیسائیوں کو پائیں گے۔ پھر آگے ان عیسائیوں کی رحم دلی اور خدا ترسی کا ذکر فرماتا ہے کہ جب وہ کلام الٰہی سُنتے ہیں تو حق جان کر رونے لگتے ہیں اور خدا تعالےٰ سے دُعا کرتے ہیں کہ ہم کو بھی نیک لوگوں کی جماعت میں داخل کر دے۔ اس کے بعد خدا تعالےٰ اُن کے لئے ثوابِ آخرت، جنت کا وعدہ اور تکذیب و کفر کرنے والوں کے لئے جہنم کی سزا ذکر کرتا ہے ؏

Marfat.com

تفسیرِ حقّانی

پارۂ وَاِذَا سَمِعُوْا

وَاِذَا سَمِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَى الرَّسُوْلِ

اور جب وہ چیز سنتے ہیں کہ جو رسولؐ پر نازل ہوئی تو (اے مخاطب!)

تَرٰٓى اَعْيُنَهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ مِمَّا

تو اُن کی آنکھوں کو آنسو بہاتے دیکھے گا حق شناسی کی

عَرَفُوْا مِنَ الْحَقِّ ۚ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا

وجہ سے۔ (اور وہ) دُعاء بھی کرتے ہیں کہ اے ربّ! ہم ایمان لائے

فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۸۳﴾ وَمَا لَنَا لَا

ہم کو بھی گواہوں میں لکھ رکھ۔ (اور یہ بھی کہتے ہیں) اور ہم اللہ تعالیٰ پر

نُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَمَا جَآءَنَا مِنَ الْحَقِّ ۙ وَ

اور جو کچھ حق بات ہمیں پہنچی اس پر کیونکر نہ ایمان لاتے، حالانکہ

نَطْمَعُ اَنْ يُّدْخِلَنَا رَبُّنَا مَعَ الْقَوْمِ

ہم توقع رکھتے ہیں کہ ہمارا رب ہم کو نیک جماعت میں

الصّٰلِحِيْنَ ﴿۸۴﴾ فَاَثَابَهُمُ اللّٰهُ بِمَا قَالُوْا

ملائے۔ پھر اللہ تعالیٰ اُن کو اس کہنے پر ایسے باغ بدلے

جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ

میں دے گا کہ جن کے نیچے نہریں جاری ہیں ان میں وہ ہمیشہ

فِيْهَا ؕ وَذٰلِكَ جَزَآءُ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۸۵﴾

رہیں گے۔ اور یہی جزاء ہے نیک بختوں کی۔

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ

اور جن لوگوں نے کفر کیا اور ہماری آیتیں جھٹلائیں وہی

اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿۸۶﴾ ع

دوزخی ہیں۔

ترکیب

واذا سمعوا معطوف ہے خبر اَنّ پر جو لایستکبرون ہے اور ممکن ہے کہ جملہ مستأنفہ ہو گو معنیً اُس کو ماسبق سے علاقہ ہو۔ ترٰی کو اگر رؤیۃ عین سے لیا جاوے تو تفیض حال ہوگا و نطمع حال و عاملہ حال الحال الاولیٰ ولکن مقیّد بالحال الاولیٰ بتقدیر نحن او عطف علیٰ لانؤمن او حال من فاعل لانؤمن۔

تفسیر

جمہور مفسّرین اس بات پر متفق ہیں کہ واذا سمعوا سے آخر تک عام عیسائیوں کے حق میں نہیں بلکہ نجاشی اور اُس کے متّبعین کے حق میں ہے پس جب یہ ہے تو لتجدنّ الخ اسلام کی نسبت رحم دل اور بامروّت ہونا بھی انھیں کے حق میں ہے کیونکہ سب کلام متصل ہے۔ یہ بات بھی یقین کرنے کے قابل ہے کہ مذہب عیسوی میں رحم دلی اور نرمی کا ایک بڑا بھاری حصّہ ہے۔ مذہب کی پابندی کے لحاظ سے عیسائیوں کے نزدیک محمدیوں کو بُرا کہنا بھی جائز نہیں چہ جائیکہ اُن کو ستانا اور اُن سے عداوت رکھنا۔ کس لئے کہ اسلام میں حضرت عیسیٰؑ پر ادب سے ایمان لانے کی اور حواریوں کی تعظیم کی اور انجیل شریف کے تصدیق کی نہایت تاکید ہے اور عیسائیوں کے نزدیک مسیحؑ پر ایمان لانے والا

Marfat.com

مستحق نجات ہے اور اس سے برادرانہ برتاؤ کرنا لازم ہے۔ ہاں جو لوگ کہ برائے نام عیسائی ہیں اور پورے ملحد ہیں یا وہ مسلمانوں سے مقابلہ کرتے کرتے سخت دل ہو گئے ہیں جیسا کہ پادریانِ حال، البتہ وہ تو مسلمانوں سے بجائے مودّت کے عداوت اور سختی برتتے ہیں۔

یہی لوگ تو ہیں کہ جنھوں نے صلاح الدین ایوبیؒ کے عہد میں جب کہ عیسائیوں نے متفق ہو کر بیت المقدس چھوڑانے کے لئے مسلمانوں سے برسوں تک سخت خونخوار لڑائیاں کیں اور ایک بار باوجود امن مانگنے کے ہزاروں مرد وزن اسلام کو نہایت بے رحمی سے قتل کیا اس معرکہ کو حرب الصلیب[1] کہتے ہیں یہ لڑائی مدتوں تک رہی تھی کتب تواریخ میں اس کا مفصل ذکر ہے۔ مگر ان کے خلاف جب صلاح الدینؒ نے بیت المقدس کو پھر واپس لیا تو کسی عیسائی کو ایذا تک نہیں دی بلکہ جو لڑنے کو جمع ہو کر آئے تھے اُن کے زخمیوں کے علاج کے ان کو ضرورت کی چیزیں عطا کیں۔ اور اس سے بڑھ کر جو عیسائیوں کی سخت دلی اور مسلمانوں پر بے حد ظلم اور زیادتی دیکھنی منظور ہو تو وہ اسپین یعنی اندلس[2] کے اُس معرکہ کو دیکھے جب کہ عیسائیوں نے پادریوں کی ہدایت سے اندلس کے مسلمانوں پر حملہ کر کے اُن کو مغلوب کیا اور اس کے بعد ایک حکمنامہ جاری کیا کہ جو عیسائی ہو جائے گا تو امن پائے گا ورنہ قتل کیا جائے گا۔ چنانچہ ایسا ہی کیا گیا ہزاروں مرد وزن مسلمان بھوک اور پیاس اور سردی کے مارے بن آئی مر گئے جو عیسائیوں کی تلوار سے بچے تھے۔ سینکڑوں گھروں کو مع اُس کے مکینوں کے آگ لگا دی گئی سینکڑوں عورتوں کو بے عزّت کر کے سپاہیوں نے قتل کیا ہزاروں معصوم بچوں کے اُن کے ماں باپ کے روبرو اپنے ہتھیاروں کو سرخ کیا بوڑھے سے لے کر جوان تک بیمار سے تندرست تک کون تھا کہ جس پر ظلم کی تلوار نہ دھری گئی ہو جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ سینکڑوں برسوں کے رہنے والے مسلمانوں کو یک لخت ملک سے بدر کر دیا۔ مقابر و مساجد کو گرا دیا۔ اِس کے برخلاف اہلِ اسلام نے اپنے علماء کی ہدایت سے آج تک کسی ہندو یا عیسائی یا موسائی کے ساتھ ایسا نہیں کیا صرف ایک حد تک جنگ قائم رکھی جس میں بچے اور عورتیں مستثنیٰ تھیں اور امن کے بعد یا اسلام یا اطاعت ظاہر کرنے کے بعد کسی کو بھی کچھ مضرت نہیں دی گئی جس پر مسلمانوں کے مذہب کو بلا کو اور سفاک اور بے رحم اور لڑاکا اور بدخُو اور ٹرّا کہتے ہیں۔ بغور نظر کی جاتی ہے تو آیاتِ مذکورہ میں عیسائیوں کے ایک خاص گروہ کی یہ مدح ہے جس سے مفسّرین نے نجاشی اور اس کی قوم مراد لی ہے۔

مکہ معظّمہ میں جب مشرکوں کے ہاتھ سے اہلِ اسلام پر نہایت سختی پہنچنی شروع ہوئی کہ کوئی دھوپ میں ڈال کر کوڑوں سے پیٹا جاتا ہے کسی کو قتل کیا جاتا ہے کسی کو زخم لگاتے جاتے ہیں گوشت کاٹا جاتا ہے یہاں تک عمار بن یاسرؓ اور اُس کے والدین کو عذاب دیا جا رہا تھا کہ اتنے میں ابوجہل بھی آنکلا اس بدبخت نے سمیّہ والدۂ عمارؓ کی پیشاب گاہ میں نیزہ ایسا چلایا کہ وہ شہید ہو گئیں۔

ایسی حالت میں ۸۲ ایماندار کہ جن میں تیرہ ۱۳ عورتیں اور باقی مرد حضرت عمرؓ بن الخطاب و جعفرؓ بن ابی طالب وغیرہ تھے دریائے قُلزم پار اُتر کر ملک حبشہ میں ہجرت کر گئے۔ اس ملک کا بادشاہ

---

[1] حضرت عمرؓ کے عہد سے اور شلیم اور بیت المقدس اہلِ اسلام کے قبضہ میں چلا آتا تھا۔ پھر پطرس (پیٹر) راہب کی اشتعال سے یورپ کے بادشاہوں نے جمع ہو کر دسویں صدی عیسوی میں بیت المقدس پر حملہ کیا اور شہر کو لے لیا اور چالیس ہزار مسلمانوں کو جن میں بچے اور بیمار عورتیں اور بڈھے بھی تھے سب کو بے رحمی سے قتل کیا۔ (کتاب جان ڈیون پورٹ مطبوعہ ۱۸۷۰ء صفحہ ۱۰۳) گبن ۱۸۸ء میں جب صلاح الدین ایوبیؒ نے یہ شہر واپس لیا تو کسی کے ساتھ بدسلوکی نہ کی۔ بلکہ آسائش دی یہ لڑائی تخمیناً دو سو برس اہلِ اسلام اور اہلِ یورپ عیسائیوں میں رہی۔

[2] یہ ملک خلیفہ ولید شاہ دمشق کے سپہ سالار طارق غلام نے کہ جس کے نام سے جبل الطارق (انگریزی میں جبرالٹر) مشہور ہے ۹۲ھ میں فتح کیا اور عبدالرحمٰن ابن معاویہ بن ہشام بن عبدالملک بن مروان ۱۳۹ھ میں اس کا اوّل بادشاہ ہوا۔ قرطبہ اس ملک کا دارالسلطنت تھا جس میں ایک مسجد تھی کہ جس کے ہزار سے زیادہ ستون تھے علامہ قرطبی اور ابن العربی وغیرہ ہزارہا علماء و فضلاء اس ملک میں (بقیہ صفحہ ۳۰۱ پر)

Marfat.com

اصحمہ نام نجاشی لقب عیسائی مذہب کیلسا افریقہ کے عقائد کا آدمی تھا۔ وہ یا تو اُن اناجیل سے کہ جن کا اب عیسائیوں میں مفقود ہونا مُسلّم ہے جیسا کہ متی کی عبرانی انجیل یا انہی اناجیل میں اس وقت تک لفظِ احمد تغیّر نہ ہوا ہوگا فارقلیط و معین وکیل جواب بنایا گیا ہے نہ بنایا گیا ہوگا یا اور صحائف کی وجہ سے وہ مدّت پیشتر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے ظاہر ہونے کا منتظر تھا اور مجملاً یہ جانتا تھا کہ یہ اخیر نبیؐ عرب کے قبائل سے مبعوث ہوگا۔ اس بات کی طرف اُس کے کان لگے ہوتے تھے کہ صحابہؓ کی یہ جماعت اُس کے مُلک اور اُس کے خاص شہر میں تاجروں کی موافق کشتیوں پر سوار ہوکر پہنچے اور اُن کے بعد میں کفّارِ قریش نے نجاشی کے لئے ہدیہ اور خط دے کر عبداللہ بن الجمیعہ اور عمرو ابن العاص کو بھیجا کہ یہ جماعت نئے مذہب کی پیدا ہوئی ہے یہ لوگ مسیحؑ کو خدا نہیں بلکہ خدا کا بندہ کہتے ہیں ان کو مقیّد کرکے ہمارے پاس واپس بھیج دیجئے تاکہ یہ آپ کے مُلک میں شورش نہ برپا کریں۔

اس مراسلہ کے بعد نجاشی نے اپنے ارکین سلطنت و علماء و فضلاء کی ایک مجلس قائم کی اور اُس جماعتِ صحابہؓ کو بھی ان دونوں ایلچیوں کے روبرو طلب کرکے مسلمانوں سے پوچھا کہ تم میں سے اپنے نبیؐ کا زیادہ قرابت دار کون ہے؟ حضرت جعفر طیارؓ نے فرمایا میں ہوں۔ نجاشی نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا تمام حال استفسار کیا، مہاجرین پر ظلم و ستم کا برپا ہونا بھی معلوم کیا۔ اس کے بعد پوچھا کہ محمدؐ (صلے اللہ علیہ وسلم) نبی پر کوئی آسمان سے کتاب بھی نازل ہوتی ہے؟ اُنھوں نے عرض کیا ہاں۔ کہا کچھ پڑھ کر سناؤ۔ (چونکہ عرب وحبش میں چنداں

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۰۲) گزرے ہیں یورپ کا نیا فلسفہ انہی علماء اسلام کا ایجاد ہے آخر یہ ملک یورپ کے حسن و دولت کا چشمہ اہل اسلام بادشاہوں کی نالائقی اور عیش پسندی اور اُن کے کارپردازوں کی حماقت اور خود غرضی اور ملک والوں کے فسق و فجور کی شامت سے ۱۶۱۰ء میں عیسائیوں کے ہاتھ آگیا۔

فاصلہ نہیں اور نیز نجاشی عربی جانتا تھا اس لئے باہم عربی میں تکلّم ہوا کرتا تھا) جعفر طیارؓ نے سورۂ مریم پڑھنی شروع کی یہ پڑھتے جاتے تھے نجاشی اور اُن کے ارکانِ دولت زار زار کلام الٰہی سُن کر رقّت سے روتے جاتے تھے اور یہ باتیں مُنہ سے کہتے تھے کہ جن کو خدا تعالےٰ نے ان آیات میں نقل فرمایا۔ پس نجاشی مسلمان ہوگیا اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلّم کے پاس ہدیے بھیجے اور صحابہؓ کی بڑی خاطر و تواضع کرتا رہا۔ اس کے بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلّم کا نامۂ مُبارک بھی اُس کے پاس پہنچ گیا۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحَرِّمُوْا طَيِّبٰتِ

ایمان والو! ان پاکیزہ چیزوں کو کہ جو اللہ تعالیٰ نے تمھارے لئے

مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ لَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ

حلال کر دی ہیں حرام نہ ٹھیراؤ اور نہ حد سے بڑھو، کیونکہ

لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ۝۸۷ وَكُلُوْا مِمَّا

اللہ تعالیٰ کو حد سے تجاوز کرنے والے پسند نہیں۔ اور اللہ تعالیٰ کی دی

رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا ۠ وَّاتَّقُوا اللّٰهَ

ہوئی حلال اور پاکیزہ چیزوں میں سے کھایا کرو، اور اُس اللہ تعالیٰ سے

الَّذِيْٓ اَنْتُمْ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ۝۸۸ لَا يُؤَاخِذُكُمُ

ڈرا کرو کہ جس پر تمھارا ایمان ہے۔ اللہ تعالیٰ تم کو تمھاری

اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْٓ اَيْمَانِكُمْ وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ

لغو قسموں پر تو پکڑتا نہیں (ہاں) اُن قسموں پر گرفت کرے گا کہ

بِمَا عَقَّدْتُّمُ الْاَيْمَانَ ۚ فَكَفَّارَتُهٗٓ اِطْعَامُ

جن کو تم نے مستحکم کیا ہے۔ سو اس کا کفارہ دس مسکینوں

عَشَرَةِ مَسٰكِيْنَ مِنْ اَوْسَطِ مَا تُطْعِمُوْنَ

کو اوسط درجہ کا کھانا کھلا دینا ہے کہ جس کو تم گھر والوں کو

اَهْلِيْكُمْ اَوْ كِسْوَتُهُمْ اَوْ تَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ ۭ

کھلاتے ہو یا اُن کو کپڑے پہنانا یا ایک غلام آزاد کرنا۔

فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ ۭ ذٰلِكَ

پھر جس کو میسّر نہ ہو تو تین دن روزہ رکھے، یہ

Marfat.com

كَفَّارَةُ أَيْمَانِكُمْ إِذَا حَلَفْتُمْ ۚ وَاحْفَظُوا

تمھاری قسموں کا کفارہ ہے جب کہ تم قسم کھا بیٹھو اور اپنی قسموں

أَيْمَانَكُمْ ۚ كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمْ

کو قائم رکھو۔ اللہ تعالےٰ تم کو اپنی آیتیں یوں

آيَاتِهِ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ﴿٨٩﴾

بتلاتا ہے تاکہ تم شکر کرو۔

ترکیب

حلالاً میں تین وجہ ہوسکتی ہیں اوّل یہ کہ کلوا کا مفعول ہو اس صورت میں مما حال ہوگا۔ دوم یہ کہ ممارزقکم سے حال ہو کیونکہ یہ بمعنے الذی ہے۔ سوم یہ کہ صفت ہو مصدر محذوف کی اے اکلاً حلالاً۔ باللغو فی ایمانکم ممکن ہے کہ حال ہو باللغو سے اے باللغو کائناً فی ایمانکم اور ممکن ہے کہ یؤاخذکم سے متعلق ہو اطعام مصدر مضاف ہے مفعول کی طرف من اوسط صفت ہے مفعول کی۔

تفسیر

چونکہ ان سے پہلی آیات میں نصاریٰ میں قسیس ورہبان ہونے کی وجہ سے ان کی مدح تھی جس سے دل میں رہبانیت کی خوبی کا خطرہ گزرتا تھا اور دراصل رہبانیت (یعنی حلال اور پاک اور لذت کی چیزوں کا کھانا پینا ترک کر بیٹھنا بنکاح وغیرہ مستلذات کو اپنے اوپر حرام کرلینا) عنداللہ کوئی عمدہ چیز نہیں کچھ خدا تعالےٰ کو بندے کی حالت ترقی اور اس کے کھانے پینے سے چڑ نہیں ہے اور نہ اُس کا یہ مقصد کہ اُس کو اپنی نعمتوں سے تر سادے محروم رکھے۔ ہاں اس میں کوئی شبہ نہیں کہ لذاتِ جسمیہ میں مبتلا رہنا بندی کو معارفِ عقلیہ سے باز رکھتا ہے اور اسی لئے پہلی اُمتوں میں یہ ریاضت اور نفس کشی مروج ہوتی تھی تاکہ بہیمیت

لہ بشرطیکہ حانث ہوجاؤ یعنی ان قسموں میں پورے نہ اُترو صرف قسم کھانے پر کفارہ نہیں بالاتفاق ۱۲ منہ ۲ یہ لغو اور عموس کے معنے کی تعیین اور کفارہ کا زور ٹوٹے۔ مگر شریعت محمدیہ علی صاحبہا السلام میں تقرب الٰہی اور بہیمیت کے مغلوب کرنے کا ایک ایسا عمدہ برقی آلہ قرار پایا ہے جو طرفۃ العین میں اس کو کہیں سے کہیں پہنچا دے اور وہ استغراق فی ذات اللہ ہے جس کے مواضع صلوٰۃ و ادعیہ ہیں اور جس قدر ریاضت شریعت نے اس آلۂ برقی کے ساتھ مناسب سمجھی اُس کو قائم بھی رکھا ہے چنانچہ روزۂ رمضان وغیرہ لیکن ہر شخص کو ان پاک اور لذت کی چیزوں کے حرام کرلینے کا اختیار نہیں دیا اس لئے فرمایا لا تحرموا وکلوا الخ۔ اور ان چیزوں کے حرام کرنے کا طریقہ قسم کھانا بھی ہوتا تھا کہ کسی چیز کے کھانے پر قسم کھا بیٹھے جس طرح ہنود میں آن کر لیتے ہیں اس لئے قسم کے مسائل اور ایسی بے فائدہ قسموں میں کفارہ دے کر اس قسم سے باہر ہوجانے کا حکم بھی ذکر کیا۔ لایؤاخذکم اللہ باللغو (۱) یمین لغو کا کچھ کفارہ نہیں (۲) یمین منعقدہ پر جب کہ حانث ہو یعنی قسم توڑ دے اس کا کفارہ ہے دس بھوکوں کو کھانا کھلانا اوسط درجہ کا یا اُن کو کپڑا پہنانا۔ یا ایک غلام آزاد کرے۔ (۳) یا تین روزے رکھے (۴) اچھی قسموں پر تا بمقدار قائم رہنا چاہیے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّمَا الْخَمْرُ وَ

اے ایمان والو! شراب اور

الْمَيْسِرُ وَالْأَنْصَابُ وَالْأَزْلَامُ رِجْسٌ

جوا اور بت اور پانسے تو محض گندے

مِنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ فَاجْتَنِبُوهُ

(اور) شیطانی کام ہیں سو ان سے بچتے رہو

میں اس بات کی بحث کہ دو وقت کا کھانا کھلانا چاہیئے یا ایک وقت اور ان کو غلہ دیا جاوے تو کس قدر دس شخصوں کو یا ایک شخص کو دس روز تک اور پھر کپڑا جو پہنایا جاوے تو کس قدر ہو اور جو غلام کر آزاد کیا جاوے تو مسلمان ہو۔ اور روزے پے در پے ہوں یا بتفریق۔ یہ سب مسائل ائمہ کے اجتہاد اور احادیث واقوال صحابہؓ وتابعینؒ سے ثابت ہیں اور ان باتوں میں علماء کا اختلاف ہے۔ اس بحث کو تفسیر سورۃ بقرہ میں دیکھو۔

Marfat.com

لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۹۰﴾ اِنَّمَا يُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ

تاکہ تمہارا بھلا ہو۔ شیطان تو یہی چاہتا ہے کہ شراب

اَنْ يُّوْقِعَ بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ

اور جُوئے سے تم میں دشمنی اور

فِي الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ وَيَصُدَّكُمْ عَنْ

بُغض ڈالے اور تم کو ذکر الٰہی

ذِكْرِ اللّٰهِ وَعَنِ الصَّلٰوةِ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ

اور نماز سے روک دے۔ پھر تم (اب بھی) باز آتے

مُّنْتَهُوْنَ ﴿۹۱﴾ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا

ہو (یا نہیں) اور اللہ تعالےٰ اور رسولؐ کی اطاعت کرو

الرَّسُوْلَ وَاحْذَرُوْا ۚ فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ

اور (برے کاموں سے) بچتے رہو۔ پھر اگر نہ مانو تو

فَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا عَلٰى رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ

جان لو کہ ہمارے رسولؐ پر صرف احکام کھول کر پہنچا دینا

الْمُبِيْنُ ﴿۹۲﴾ لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

ہی ہے۔ جو لوگ ایمان لائے اور نیک

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جُنَاحٌ فِيْمَا طَعِمُوْٓا

کام کئے تو جو کچھ کہ وہ (پہلے) کھا چکے اس میں ان پر کچھ بھی گناہ نہیں

اِذَا مَا اتَّقَوْا وَّاٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

جب کہ وہ (آئندہ) پرہیزگار ہو گئے اور ایمان لائے اور نیک کام کرنے لگے

ثُمَّ اتَّقَوْا وَّاٰمَنُوْا ثُمَّ اتَّقَوْا وَّاَحْسَنُوْا ۗ

پھر وہ (ممنوعات سے) ڈرے اور ایمان پر (قائم) رہے پھر وہ پرہیزگار اور نیک ہو گئے۔

وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۹۳﴾

اور اللہ تعالےٰ کو نیک لوگوں سے محبت ہے۔

ترکیب

رجس موصوف من عمل الشیطٰن صفت خبر ہے

انما الخمر کی فی الخمر والمیسر متعلق ہے یوقع سے ویصدّ

اُس پر معطوف ہے عن ذکر اللہ جار یصدّ سے متعلق

وعن الصلوٰۃ اُس پر معطوف۔

تفسیر

یہود و نصاریٰ سے مناظرہ ختم کر کے احکام شروع کئے توبہ اُن کی تیسری قسم ہے اوّل تو لا تحرّموا۔ دوم قسم کے مسائل۔ لا تحرّموا میں اس بات کی طرف وہم کیا جا سکتا تھا کہ شراب بھی تو ایک مزہ دار چیز ہے اسی طرح جُوا بھی سو یہ بھی حلال ہوں اس لئے تصریح کر دی کہ یہ چیزیں طیبات میں داخل نہیں اس لئے رجس اور عمل شیطانی ہیں۔ خمر شراب۔ میسر جُوا۔ انصاب اَن گڑھت پتھر کہ جن کو ایّام جاہلیت میں پُوجتے تھے صنم تو تراشی ہوئی مُورت اور نصب اَن گڑھت پتھر، ازلام پانسے تیروں سے جُوئے کی طور بُتوں کی قربانی کا گوشت تقسیم کرتے۔ اور کبھی اُن سے فال لے کر کاروبار کرتے تھے ان کی زیادہ تشریح اس سورہ کے اوّل میں ہو چکی۔

عرب میں شراب نہایت درجہ کی مرغوب چیز تھی اس لئے اس کو تدریجاً حرام کیا۔ اوّل تو یسئلونک عن الخمر الخ فرمایا جس پر بعض نے پینا ترک کیا بعض نے نہیں۔ پھر لا تقربوا الصلوٰۃ وانتم سکاریٰ نازل ہوا جس سے بوقتِ صلوٰۃ سب نے استعمال ترک کیا۔ پھر جب یہ آیت نازل ہوئی تو آپ کے قرائن زبان سے اس کو صحابہؓ نے سخت حرام سمجھ کر مطلقاً ترک کیا اور اس کی حُرمت پر اُمّتِ محمدیہؐ کا اتفاق ہو گیا۔ صاحب کشّاف کہتے ہیں کہ اس آیت میں شراب کی حُرمت چند در چند وجوہ سے مؤکد کر دی ہے اوّل جملہ کو انّما کے ساتھ صادر کیا۔ دوم اس کو بُت پرستی کے ساتھ ملا دیا۔ سوم اس کو رجس یعنی ناپاک کہا۔ چہارم عمل شیطان فرمایا کہ جو تمام خرابیوں کا سرچشمہ ہے۔ پنجم اس سے بچنے کا حکم دیا۔ ششم اس کے اجتناب میں فلاح کا واقع ہونا بیان فرمایا تو از کجا میں فلاح کہاں؟ ہفتم اس کی علّت تحریم انسان کا اپنے حواس سے معطّل ہو جانا جو اس کی معاش و معاد میں مخل ہے معاش میں تو باہمی رنجش اور عداوت کے پیدا کر دینے اور

Marfat.com

معاد میں نماز اور یاد الٰہی سے غافل کر دینے سے۔ اس کے بعد اطیعوا اللہ سے لے کر المبین تک اور بھی اس حکم کی تاکید کر دی۔ اب لفظ حرام کا اطلاق اس کی حرمت کے لئے کچھ ضروری نہ تھا۔ شراب کے جب اس قدر قبائح بیان ہوئے تو صحابہؓ کو ان لوگوں پر نہایت تاسف ہوا جو اس سے پہلے اُس کو استعمال میں لاتے تھے اس لئے اُن کی تسلی کو یہ آیت لیس علی الذین نازل ہوئی کہ ایسی حالت میں اُن پر کچھ گناہ نہیں یعنی جب توبہ کر لی کفر کو ترک کیا پھر کبائر پھر صغائر سے باز آئے اب اس سے پہلے فعل میں اُن پر کچھ گرفت نہیں۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَيَبْلُوَنَّكُمُ اللَّهُ

ایمان والو! اللہ تعالےٰ تم کو ایک ذرا سے شکار کے معاملہ

بِشَيْءٍ مِّنَ الصَّيْدِ تَنَالُهُ أَيْدِيكُمْ وَ

میں آزماتا ہے کہ جس پر تمھارے ہاتھ اور نیزے پہنچ سکتے

رِمَاحُكُمْ لِيَعْلَمَ اللَّهُ مَن يَخَافُهُ

ہوں تاکہ اللہ تعالےٰ کو معلوم ہو کہ کون اُس سے بن دیکھے

بِالْغَيْبِ ۚ فَمَنِ اعْتَدَىٰ بَعْدَ ذَٰلِكَ

ڈرتا ہے۔ اور پھر جو اس کے بعد بھی دست درازی کرے تو اس

فَلَهُ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿٩٤﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ

کے لئے عذاب الیم ہے۔ ایمان والو!

آمَنُوا لَا تَقْتُلُوا الصَّيْدَ وَأَنتُمْ حُرُمٌ ۚ

احرام کی حالت میں شکار نہ مارا کرو،

وَمَن قَتَلَهُ مِنكُم مُّتَعَمِّدًا فَجَزَاءٌ مِّثْلُ

اور جس نے اُس کو تم میں سے قصداً مار ڈالا تو جیسا کہ اُس نے مارا ہے

مَا قَتَلَ مِنَ النَّعَمِ يَحْكُمُ بِهِ ذَوَا عَدْلٍ

ویسا ہی چارپایوں میں سے جس کو تم میں سے دو منصف مقرر کر دیں بدلے

مِّنكُمْ هَدْيًا بَالِغَ الْكَعْبَةِ أَوْ كَفَّارَةٌ

میں نیاز بنا کر کعبہ پہنچا دینا چاہیئے یا کفارہ میں

طَعَامُ مَسَاكِينَ أَوْ عَدْلُ ذَٰلِكَ

محتاجوں کو کھانا کھلا دے یا اُس کے برابر

صِيَامًا لِّيَذُوقَ وَبَالَ أَمْرِهِ ۗ عَفَا

روزے رکھے تاکہ اپنے کام کی سزا چکھے، جو کچھ ہو چکا

اللَّهُ عَمَّا سَلَفَ ۖ وَمَنْ عَادَ فَيَنتَقِمُ

اللہ تعالےٰ نے درگزر کی۔ اور جو کوئی پھر کرے گا تو اللہ تعالےٰ

اللَّهُ مِنْهُ ۗ وَاللَّهُ عَزِيزٌ ذُو انتِقَامٍ ﴿٩٥﴾

اس سے بدلہ لے گا۔ اور اللہ تعالےٰ زبردست بدلہ لینے والا ہے۔

ترکیب

بالغیب ممکن ہے کہ حال ہو من سے یا ضمیر فاعل یخافہ سے ای یخافہ غائباً عن الحق اور ممکن ہے کہ بمعنے فی ہو۔ وانتم حرم حال ہے ضمیر فاعل لاتقتلوا سے متعمداً حال ہے ضمیر فاعل قتلہ سے فجزاء خبر ہے مبتدا محذوف کی ای فالواجب جزاء مثل اس کی صفت یا بدل اور مثل یہاں بمعنی مماثل۔ من النعم صفت ہے جزاء کی۔

تفسیر

جس طرح لاتحرموا کے بعد شراب و قمار کو بسبب اُن کی ذاتی قباحت کے مستثنیٰ کیا تھا اسی طرح حالت احرام و حرم میں شکار کو محض تعظیم کعبہ و حج کے لئے ممنوع فرمایا۔ یہ احکام کی دوسری قسم ہے۔ اوّل بطور تمہید کے یا ایہا الذین سے عذاب الیم تک فرمایا کہ اے اُمّتِ محمدیہ تمھاری آزمائش ایک تھوڑی سی بات یعنی شکار سے کی جاتی ہے کہ جس پر تمھارا ہتھیار و ہاتھ پہنچ سکتا ہے اور پھر تم ہماری تعظیم کے لحاظ سے دست کشی کرتے ہو کہ نہیں؟ مقاتل بن حیان رضؓ کہتے ہیں کہ حدیبیہؓ کے سال یہ آزمائش ایسی ہوئی کہ پرند و چرند شکار صحابہؓ کے ڈیروں میں گھسا چلا آتا تھا یا ایہا الذین امنوا سے لے کر ذو انتقام تک یہ چند حکم دیتا ہے

لہ یعنی مسکینوں کی برابر روزے رکھے جتنے مسکین کو اس کی قیمت میں کھانا بھلا سکتا تھا اگر مقدور نہ ہو تو اُتنے روزے رکھے ۱۲ منہ

Marfat.com

(۱) یہ کہ حرم کعبہ کے اندر اور حالتِ احرام میں کیونکہ انتم حرمٌ دونوں کو شامل ہے) شکار نہ کرو۔ امام ابوحنیفہؒ وغیرہ علماء کہتے ہیں کہ صید یعنی شکار زبانِ عرب میں وحشی جانور کو کہتے ہیں خواہ کھانے میں آتا ہو یا نہ آتا ہو۔ اس تقدیر پر بھیڑیا، گیدڑ وغیرہ کے شکار کی بھی حرم میں ممانعت ہوگی اور جو ان کو مارے گا تو وہ تاوان دے گا جس کا ذکر دفعہ ۲ میں آتا ہے۔ ہاں چیل، کوّا، سانپ، بچھو، ہڑکا یا کتا جن کو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے خمس فواسق فرما کر ان کے قتل کی حلّ و حرم میں بضرورت اجازت دی ہے مستثنیٰ ہیں۔ امام شافعیؒ شکار کھانے کے قابل جنگلی جانوروں کو کہتے ہیں۔ مگر دریائی شکار کی ممانعت بالاتفاق نہیں جیسا اگلی آیت میں آتا ہے۔ (۲) یہ کہ جو کوئی ایسی حالت اور ایسی جگہ میں شکار کو قصداً قتل کر ڈالے تو اس کے بدلے میں اسی کا مثل چارپایہ کہ جس کو اہلِ اسلام کے دو منصف مقرر کر دیں ہدی بنا کر کعبہ یعنی حرم میں پہنچا دیوے کہ وہاں وہ ذبح کر کے فقراء کو دی جائے (۳) یا اس کی قیمت سے اناج خرید کر مساکین کو تقسیم کر دیا جائے، (۴) یا ہر مسکین کے کھانا کھلانے کے بدلے میں ایک روزہ رکھے۔

أُحِلَّ لَكُمْ صَيْدُ الْبَحْرِ وَطَعَامُهُ مَتَاعًا
(احرام میں) دریائی شکار کرنا اور اس کا کھانا تمھارے اور مسافروں کے
لَّكُمْ وَلِلسَّيَّارَةِ ۚ وَحُرِّمَ عَلَيْكُمْ صَيْدُ
فائدہ کے لئے حلال کیا گیا ہے۔ اور تم پر جنگل کا شکار حرام ہے جب تک
الْبَرِّ مَا دُمْتُمْ حُرُمًا ۗ وَاتَّقُوا اللَّهَ الَّذِي
کہ تم احرام میں ہو۔ اور اس اللہ تعالیٰ سے ڈرو کہ جس کے
إِلَيْهِ تُحْشَرُونَ ﴿٩٦﴾ جَعَلَ اللَّهُ الْكَعْبَةَ
پاس جمع کر کے لائے جاؤ گے۔ اللہ تعالیٰ نے کعبہ کو جو معزز گھر ہے
الْبَيْتَ الْحَرَامَ قِيَامًا لِّلنَّاسِ وَالشَّهْرَ
لوگوں کے لئے امن کی جگہ بنا دیا۔ اور حرمت والے
الْحَرَامَ وَالْهَدْيَ وَالْقَلَائِدَ ۚ ذَٰلِكَ
مہینوں کو اور نیاز کے جانور اور گلے میں پٹے پڑے ہوئے جانوروں کو (بھی مامون

لِتَعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ
تم کو معلوم ہو کہ اللہ تعالیٰ آسمانوں اور زمین کی سب چیزیں
وَمَا فِي الْأَرْضِ وَأَنَّ اللَّهَ بِكُلِّ
اور اللہ تعالیٰ ہر بات سے آگاہ
شَيْءٍ عَلِيمٌ ﴿٩٧﴾ اعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ شَدِيدُ
ہے۔ جان رکھو کہ اللہ تعالیٰ سخت عذاب
الْعِقَابِ وَأَنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿٩٨﴾
دینے والا ہے اور یہ (بھی) کہ اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہے۔
مَا عَلَى الرَّسُولِ إِلَّا الْبَلَاغُ ۗ وَاللَّهُ
رسول پر تو صرف احکام کو پہنچا دینا ہے، اور جو کچھ تم ظاہر
يَعْلَمُ مَا تُبْدُونَ وَمَا تَكْتُمُونَ ﴿٩٩﴾
کرتے ہو اور جو کچھ خفیہ کرتے ہو سب کو اللہ تعالیٰ جانتا ہے۔
قُل لَّا يَسْتَوِي الْخَبِيثُ وَالطَّيِّبُ وَ
(اے نبیؐ! ان سے) کہہ دو ناپاک اور پاک برابر نہیں ہو سکتا اور گو (اے انسان)
لَوْ أَعْجَبَكَ كَثْرَةُ الْخَبِيثِ ۚ فَاتَّقُوا
تجھ کو ناپاک کی کثرت بھلی کیوں نہ لگے۔ پس اے عقلمندو!
اللَّهَ يَا أُولِي الْأَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ﴿١٠٠﴾
اللہ تعالیٰ سے ڈرو تاکہ تم فلاح پاؤ۔

ترکیب

اُحِلَّ فعل مجہول صیدالبحر معطوف علیہ وطعامہٗ معطوف مجموعہ مفعول مالم یسم فاعلہٗ متاعًا مفعول لہٗ ہے احلّ کا حُرُمٌ جمع حرام کمتاب وکُتب ای ذوحرم ای احرام۔ الکعبۃ مفعول اوّل قیامًا مفعول ثانی اور اگر جعل بمعنے خلق ہو تو

لہ کعبہ میں ذبح ہونے کے لئے ایام حج میں اونٹ وغیرہ قربانی کے گلے میں نشانی کے لئے پٹہ باندھ دیتے تھے پھر اس کو کوئی نہیں چھیڑتا تھا ایسے جانور کو قلائد کہتے ہیں یعنی اللہ تعالیٰ نے کعبہ کو اور چند مہینوں کو اور قلائد کو لوگوں کے واسطے قیام یعنی امن اور تعظیم کی چیز بنا دیا۔ اس لئے کعبہ میں اور محترم مہینوں میں کوئی کسی کو نہیں چھیڑتا اسی طرح ہدی اور قلائد کو بھی ۱۲ منہ

Marfat.com

قیاماً حال ہوگا۔ اور بیت الحرام بدل ہے الکعبۃ سے والشہر الحرام والہدی والقلائد معطوف ہیں الکعبۃ پر۔

تفسیر

یہ چار باتیں اُس کے فعل کا تاوان ہیں جیسا کہ فرمایا لیذوق وبال امرہٖ۔ امام مالکؒ وابو حنیفہؒ وشافعیؒ وجمہور کے نزدیک اُس کو ان تین باتوں میں اختیار ہے جو چاہے کرے سب میں سزا محقق ہے۔ امام احمدؒ وزفرؒ کہتے ہیں نہیں بلکہ ہر ایک بات اپنے موقع پر کرے اوّل ہدی مثل بھیجے اور نہ ہو سکے تو قیمت کو یا اس کا غلہ تصدق کرے اور یہ بھی نہ ہو سکے تو روزے رکھے۔

ابن عباسؓ سے بھی ایسا ہی منقول ہے اور جو کچھ علماء کا اپنے اجتہاد سے ان چیزوں کے قیود میں اختلاف ہے اس کو بیان کرتا ہوں۔ قصداً اُس نے قتل کیا یا بے قصد، اس سے مرگیا جمہور کے نزدیک اس پر تاوان واجب ہوگا اور قصداً کی قید علی السبیل عادت ہے۔ داؤد ظاہری کہتے ہیں کہ قید قصد معتبر ہے بے قصد سے کچھ لازم نہیں آئے گا اُس نے کسی کو شکار بتلایا اور اُس نے مار ڈالا تو یہ فعل اس کی طرف بھی منسوب ہوگا اور اُس کو تاوان دینا پڑے گا جیسا کہ حدیث ابو قتادہؓ سے ثابت ہوتا ہے۔ امام شافعیؒ کہتے ہیں کہ جزا خاص اُسی کے قتل کرنے پر مرتب ہوگی قتل اگر شکار کو زخمی ہی کیا ہے کہ جس سے اس کی قیمت میں کمی تصور ہو سکتی ہے تو جمہور کے نزدیک اس نقصان کا اندازہ کر کے صدقہ دینا پڑے گا۔ داؤد ظاہری کے نزدیک بغیر قتل کے جزا لازم نہیں کیونکہ جزا قتل پر مرتب ہے جمہور کے نزدیک زخم بھی قتل کی ایک شاخ ہے اسی کا مثل ہے۔ مماثلت تو ضرور ہونی چاہیئے مگر اس میں اختلاف ہے کہ مماثلت قیمت میں ہو یا صورت میں مماثلت ہونی چاہیئے جیسا کہ ہرن سے بکری اور نیل گائے سے گائے صورت میں مماثل ہے۔ پھر یہ مماثلت جمہور کے نزدیک جو دو عدلوں پر مفوض ہے موضع قتل کے لحاظ سے دیکھی جائیگی کہ اس موضع میں اس کا مماثل قیمۃً یا صورۃً یہ جانور شمار ہوتا ہے یا نہیں؟ شعبیؒ کہتے ہیں کہ اندازہ قیمت بازار کے لحاظ سے ہونا چاہیئے۔ کیونکہ یہی پہنچایا جائے گا۔ قیمت سے جو اناج تقسیم کیا جائے ابو حنیفہؒ فرماتے ہیں کہ اگر گیہوں ہو تو ایک شخص کو ایک دن کا طعام نصف صاع دے اور امام شافعیؒ ایک مُدّ کہتے ہیں مُدّ کا وزن صاع سے کم ہے اور نصف صاع سیر بھر سے کچھ زیادہ کا ہے۔ اس تقدیر پر امام شافعیؒ کے نزدیک جس قدر مُد ہوں اور امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک جس قدر صاع ہوں اُسی قدر روزہ رکھے۔

اس کے بعد فرماتا ہے کہ اگر یہ معاملہ کسی سے پہلے ہو چکا ہے تو اللہ تم معاف کرے گا اور جو آئندہ پھر کرے گا تو خدا تعالےٰ اُس سے انتقام لے گا۔ حرم اور احرام میں شکار کرنے والوں کو جو کچھ آخرت میں ہوگا سو ہوگا مگر دُنیا میں بھی ایسے لوگ بلاء آسمانی میں مُبتلا ہو گئے ہیں۔ اس کے بعد اُحلّ لکم صید البحر سے احرام وحرم میں دریائی شکار کی اجازت عطا فرماتا ہے۔

صید البحر عام ہے خواہ وہ کھانے کی چیزیں ہوں یا نہ ہوں جیسا کہ صدف نکالنا یا بعض بحری جانوروں کو اُس کے دانت یا ہڈیوں کے لئے شکار کرتے ہیں۔ اور طعام سے مراد کھانے کی چیزیں جو کچھ دریا سے شکار کیا جاتا ہے اُس کی تین قسم ہیں ایک مچھلیاں سو یہ سب قسم کی حلال ہیں۔ دوم مینڈک سو یہ سب قسم کے حرام ہیں علاوہ ان کے جو کچھ ہے وہ تیسری قسم میں شمار ہے سو امام ابو حنیفہؒ تو اُن کو حرام فرماتے ہیں اور ابن ابی لیلےٰؒ اور اکثر فقہاء حلال سمجھتے ہیں اس لفظ طعامہ سے اور امام ابو حنیفہؒ دلائل خارجیہ سے طعام کو مچھلی میں منحصر کرتے ہیں۔ بحر سمندر کو کہتے ہیں مگر بالاتفاق عام مُراد ہے خواہ دریا ہو خواہ حوض کبیر خواہ کنواں (ک)۔ وحُرّم علیکم صید البر ما دمتم حُرُماً، بری اور بحری جانوروں میں یہ فرق ہے کہ بحری تو وہی جانور ہیں کہ جو پانی میں پیدا ہوں اور وہیں زندہ رہ سکتے ہوں۔ اور جو خشکی میں پیدا ہوتے اور پانی میں رہتے ہیں یا کبھی خشکی میں بھی رہا کرتے ہیں سو وہ سب بری جانور ہیں جیسا کہ مینڈک

Marfat.com

اور سرطان گوہ اور بگلا ان جنس کے قتل کرنے میں مُحرم کو جزاء لازم ہوگی۔ اس بات پر تو سب کا اتفاق ہے کہ محرم کو صید برّی حرام ہے مگر اور کسی کا شکار کیا ہوا بھی اُس کے لئے حلال ہے کہ نہیں؟ اس میں چند اقوال ہیں۔ اوّل یہ کہ وہ بھی حرام ہے یہ حضرت علیؓ و ابن عباسؓ و ابن عمرؓ و سعید بن جُبیرؒ و اسحاقؒ کا قول ہے بدلیل آیت مذکورہ۔ دوسرا یہ کہ حلال ہے بشرطیکہ کسی مُحرم نے یا کسی نے مُحرم کے لئے نہ مارا ہو اور یہ مذہب امام شافعیؒ کا ہے۔ سوم یہ کہ گو مُحرم کے لئے شکار کیا گیا ہو مگر اس کی شرکت سے نہ مارا گیا ہو مُحرم کے لئے حلال ہے بدلیل حدیث ابی قتادہؓ یہ امام ابو حنیفہؒ وغیرہ کا قول ہے۔ احرام و حرم و شکار کے مسائل کے بعد کعبہ کی اور اُس کی ہدی اور ماہِ حج کی عزت و حرمت بیان فرماتا ہے جعل اللہ الکعبۃ الخ کہ ہم نے کعبہ اور ماہِ حرام کو لوگوں کے قیام کا باعث بنایا کہ اس جگہ اور اُن ایام میں کوئی کسی سے تعرض نہیں کرتا۔ عرب کے قبائل اور مہینوں میں لڑتے اور کٹتے مگر ان ایام میں اور اس جگہ کوئی کسی کو کچھ نہیں کہتا تھا اس سے تجارت اور باہمی وہ منافع جن پر تمدّن کا مدار ہے حاصل ہوتے تھے۔ اسی طرح ہدی اور قلائد کو بھی نہیں چھوتے تھے سو یہ مکّہ کے فقراء کے قیام کا باعث ہوگیا۔ سو ایسی عمدہ تدبیر کرنا (کہ لوگوں کے دلوں میں کعبہ اور مناسکِ حج کی عظمت پیدا کرکے وہاں کے لوگوں اور وہاں کے آجانے والوں کے لئے باعثِ امن اور سببِ آبادی مکہ کردیا) بڑے علیم و خبیر کا کام ہے تاکہ تم کو بھی اللہ تعالےٰ کے صفات علم و رحمت کا حال معلوم ہوجائے ذٰلک لتعلموا الخ اعلموا ان اللہ شدید العقاب (صفتِ غضب کے لئے آیا) ان اللہ غفور رحیم رحمت کے لئے)۔ اس کے بعد منہیات سے روکتا ہے۔ اوّل تو اس بے پروائی کے جُملہ سے کہ ہمارے رسولؐ پر تو صرف پہنچا دینا ہے ذمہ داری تم پر ہے ما علی الرسول الخ۔ دوم یہ کہ ہم ہر چھپی کھلی بات جانتے ہیں ہمارے سامنے گناہ کرنا؟ واللہ یعلم الخ۔ سوم یہ کہ جس چیز سے تم کو منع کیا جاتا ہے

دراصل اس میں خباثت ہوتی ہے اور جس کا حکم دیا جاتا ہے اُس میں خوبی ہوتی ہے سو دونوں برابر نہیں گو ناپاک چیز بکثرت ہو۔ اس کے بعد فاتقوا اللہ یا اولی الالباب سے فرمانبرداری کی تمام حکمتوں کی طرف اشارہ کرکے تاکید فرماتا ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَسْـَٔلُوْا عَنْ

ایمان والو! بہت سی باتیں نہ پوچھا کرو کیونکہ اگر وہ تم پر

اَشْيَآءَ اِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ ۚ وَاِنْ

کھولی جاویں تو تم کو رنج ہوگا۔ اور اگر

تَسْـَٔلُوْا عَنْهَا حِيْنَ يُنَزَّلُ الْقُرْاٰنُ تُبْدَ

قرآن کے نازل ہوتے وقت ان کو پوچھو گے تو وہ تم کو (آپ) معلوم

لَكُمْ ۭ عَفَا اللّٰهُ عَنْهَا ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ

ہوجاویں گی، اللہ تعالیٰ نے ان سے درگزر کیا۔ اور اللہ تعالیٰ معاف کرنے والا

حَلِيْمٌ ۝۱۰۱ قَدْ سَاَلَهَا قَوْمٌ مِّنْ قَبْلِكُمْ

بردبار ہے۔ تم سے پہلے (بھی) ایک گروہ نے ان کو پوچھا تھا

ثُمَّ اَصْبَحُوْا بِهَا كٰفِرِيْنَ ۝۱۰۲ مَا جَعَلَ

پھر تو وہ اُن سے انکار کرنے لگے۔ خدا تعالیٰ نے نہ تو

اللّٰهُ مِنْۢ بَحِيْرَةٍ وَّلَا سَاۗىِٕبَةٍ وَّلَا

بحیرہ ہی مقرر کیا ہے اور نہ سائبہ اور نہ

وَصِيْلَةٍ وَّلَا حَامٍ ۙ وَّلٰكِنَّ الَّذِيْنَ

وصیلہ اور نہ حام ہی مگر کافر لوگ

كَفَرُوْا يَفْتَرُوْنَ عَلَي اللّٰهِ الْكَذِبَ ۭ

اللہ تعالےٰ پر جھوٹ باندھتے ہیں۔

وَاَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ۝۱۰۳ وَاِذَا قِيْلَ

اور ان میں سے اکثر لوگ تو بیوقوف ہی ہیں۔ اور جب کہ ان سے (یہ)

لَهُمْ تَعَالَوْا اِلٰي مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَاِلَى

کہا جاتا ہے کہ اُس چیز کی طرف کہ جس کو اللہ تعالیٰ نے نازل کیا ہے اور

الرَّسُوْلِ قَالُوْا حَسْبُنَا مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ

رسولؐ کی طرف آؤ تو کہتے ہیں کہ ہم کو تو وہی کافی ہے کہ جس پر ہم نے اپنے

Marfat.com

اٰبَآءَنَا ؕ اَوَلَوْ كَانَ اٰبَآؤُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ

باپ دادا کو پایا ہو، اور گو کہ ان کے باپ دادا کچھ بھی نہ جانتے ہوں

شَيْـًٔا وَّلَا يَهْتَدُوْنَ ﴿۱۰۴﴾

اور نہ راہِ راست پر آرہے ہوں۔

ترکیب

ان تبد شرط تسؤکم جواب جملہ محلِ جر میں ہے صفت اشیاء کی ہوکر۔ من قبلکم سألہا سے متعلق ہے من بحیرۃ من زائدہ اور جعل بمعنے وضع سو یہ اُس کا ایک ہی مفعول ہوگا اور بمعنی سمّی ہو تو ایک مفعول محذوف ہوگا الے ماسمّی اللہ حیوانا بحیرۃ حسبنا مصدر بمعنے اسم الفاعل مبتدا ماوجدنا جملہ خبر اولوکان وصلیہ واذا قیل شرط قالوا جواب۔

تفسیر

پہلے فرمایا تھا کہ ماعلی الرّسول الاّ البلاغ جس میں صاف اشارہ اس بات کا تھا کہ امرِ شریعت میں تم کو از حد تکلیفات کرنا اور بال کی کھال نکالنا اور رسول سے دریافت نہ کرنا چاہیئے اور حاجت سے زیادہ پوچھنا نہ چاہیئے۔ چنانچہ اوّلاً مشرکین نے رسولؐ کو جانے کیا سمجھ کر بات بات پر معجزات اور خدائی اقتدارات کے ظہور کا سوال کرنا شروع کیا کہ لن نؤمن لک حتی تفجر لنا من الارض ینبوعًا الخ۔ اس کے بعد اہل اسلام میں سے کسی نے رسولؐ کو مطلقاً غیب دان سمجھ کر دنیاوی بکھیڑے پوچھنے شروع کئے۔ عبداللہ بن حذافہ سہمیؓ نے پوچھا کہ حضرتؐ میرا باپ کون ہے؟ (لوگوں کو ان کے باپ میں کلام تھا)۔ کسی نے دینی مسائل میں ایسے سوالات کئے۔ چنانچہ اقرعؓ بن حابس نے پوچھا کہ یا حضرتؐ! حج ہر سال واجب ہے یا ایک بار؟ (مسلم) اس لئے ادب سکھانے کے لئے یہ آیات نازل ہوئیں۔ تم ایسے سوالات نہ کیا کرو کیونکہ ظاہر ہو جانے پر تم کو بُرا لگے گا۔ معجزات کا حسبِ خواہش ظہور تو منکر کی ہلاکی کا باعث ہوتا ہے جیسا کہ قومِ صالحؑ نے ناقہ کا سوال کیا پھر اُن پر آفت آئی۔ بنی اسرائیل نے رویتِ خدا کا سوال کیا ان پر بجلی گری۔ اور اسی طرح بہت لوگوں نے انبیاء علیہم السّلام سے سوالات کئے ظاہر ہونے پر منکر ہوگئے، قد سألہا قوم الخ۔ اور اگر آپؐ کہتے کہ تیرا باپ یہ نہیں تو اس کے لئے کیسی شرمناک بات ہوتی۔ اور حج کو ہر سال کے لئے فرض کر دیتے تو بڑی دِقت ہوتی۔ اسی لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا ہے کہ وہ شخص بڑا بدنصیب ہے کہ جس کے سوال کرنے سے کوئی حلال چیز حرام ہو جائے یعنی شارع سے پوچھو گے کوئی حکم اُس پر قائم ہو جاوے گا پھر ترک میں عذاب ہوگا اور بغیر پوچھے ایک گول بات تھی۔ اس مضمون کی احادیث بکثرت وارد ہیں ہاں قرآن مجید نازل ہوتے وقت بعض مسائلِ ضروریہ خود تم پر ظاہر ہو جاویں گے۔ جس طرح سوالات سے منع کیا تھا اسی طرح از خود حلال چیزوں کو حرام بنانے اور از خود مذہب و زندگانی انسانی انسان کی آزادی کے برخلاف حکم گھڑ لینے سے منع کرتا ہے بقولہ ماجعل اللہ الخ۔ عرب میں ملّتِ ابراہیمیہ کا متغیّر کرنے والا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلّم سے تخمیناً تین سو برس پیشتر ایک شخص عمرو بن لحی خزاعی مکّہ مکرّمہ کا بادشاہ ہوگیا تھا۔ اُس بیوقوف نے سینکڑوں چیزیں از خود حرام اور بہت سی حلال کر دیں مکّہ معظّمہ میں بُت بھی اُس نے قائم کئے تھے۔ چونکہ ایسی بدرسمی یہ بدنصیب اُمراء اور سلاطین ایجاد کیا کرتے ہیں اور عام لوگ تو بے تحقیق ان کو پسند کرنے لگتے ہیں۔ ہندوستان میں رنڈی بچانا، ساچق، باجا گاجا، شادی غمی کی رسوم یہ سب اُمراء و سلاطین کی ایجاد ہیں۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ ۚ

ایمان والو! تم اپنی فکر کرو، کوئی گمراہ ہوا کرے

لَا يَضُرُّكُمْ مَّنْ ضَلَّ اِذَا اهْتَدَيْتُمْ ؕ

تمہارا کچھ نہیں بگاڑ سکتا جب کہ تم ہدایت پر رہو۔

Marfat.com

إِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيعًا فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا
اللہ تعالیٰ ہی کے پاس تم سب کو پھر کر جانا ہے سو وہ تم کو آپ بتلا دے گا

كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿١٠٥﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا
کہ تم کیا کیا کرتے تھے۔ ایمان والو! جب کہ تم میں سے

شَهَادَةُ بَيْنِكُمْ إِذَا حَضَرَ أَحَدَكُمُ
کسی کے سامنے موت آوے وصیت کے وقت

الْمَوْتُ حِينَ الْوَصِيَّةِ اثْنَانِ ذَوَا عَدْلٍ
آپس کی گواہی کے لئے دو معتبر آدمی تم میں سے ہونے

مِنْكُمْ أَوْ آخَرَانِ مِنْ غَيْرِكُمْ إِنْ أَنْتُمْ
چاہئیں یا اور دو غیروں میں سے ہوں اگر تم

ضَرَبْتُمْ فِي الْأَرْضِ فَأَصَابَتْكُمْ
سفر میں ہو اور تم پر موت کی مصیبت

مُصِيبَةُ الْمَوْتِ ۚ تَحْبِسُونَهُمَا مِنْ
پڑ جاوے، سو ان دونوں گواہوں کو

بَعْدِ الصَّلٰوةِ فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ إِنِ
اگر تم کو شک ہو تو نماز کے بعد کھڑا کرو پھر وہ اللہ تعالیٰ کی قسم

ارْتَبْتُمْ لَا نَشْتَرِي بِهٖ ثَمَنًا وَّلَوْ كَانَ
کھائیں کہ ہم اس سے کوئی معاوضہ لینا نہیں چاہتے گو وہ[1] قرابت دار

ذَا قُرْبٰى ۙ وَلَا نَكْتُمُ شَهَادَةَ اللّٰهِ إِنَّا
ہی کیوں نہ ہو۔ اور نہ ہم اللہ تعالیٰ کی گواہی چھپائیں گے (اگر) ایسا کریں گے

إِذًا لَّمِنَ الْآثِمِينَ ﴿١٠٦﴾ فَإِنْ عُثِرَ
تو ہم گنہگار ہیں۔ پھر اگر معلوم ہو جاوے کہ

عَلٰى أَنَّهُمَا اسْتَحَقَّا إِثْمًا فَآخَرٰنِ
ان دونوں نے گناہ کمایا ہے (یعنی گواہی میں کمی زیادتی کی ہے) تو ان کی

يَقُومٰنِ مَقَامَهُمَا مِنَ الَّذِينَ اسْتَحَقَّ
جگہ اور دو شخص میت کے قرابت مندوں میں سے کھڑے ہو کر کہ جن کا حق دبایا

عَلَيْهِمُ الْأَوْلَيٰنِ فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ
گیا ہے اللہ تعالیٰ کی قسم کھائیں کہ ہماری گواہی ان کی

لَشَهَادَتُنَا أَحَقُّ مِنْ شَهَادَتِهِمَا وَ
گواہی سے سچی ہے اور ہم نے کچھ تجاوز نہیں

مَا اعْتَدَيْنَا ۖ إِنَّا إِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِينَ ﴿١٠٧﴾
کیا ہے، (اگر) ایسا کیا ہو تو ہم ظالم ہیں۔

ذٰلِكَ أَدْنٰى أَنْ يَّأْتُوا بِالشَّهَادَةِ عَلٰى
یہ اس لئے کہ قرین قیاس ہے کہ وہ اصل اصل گواہی

وَجْهِهَا أَوْ يَخَافُوا أَنْ تُرَدَّ أَيْمَانٌ بَعْدَ
دیں۔ یا ان کو خوف ہو کہ وارثوں کی گواہی کے بعد ہماری گواہی رد

أَيْمَانِهِمْ ۗ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاسْمَعُوا ۗ
کر دی جاوے گی، اور اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور (اس کے احکام) سنو۔

وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِينَ ﴿١٠٨﴾ ع
اور اللہ تعالیٰ فاسقوں کو ہدایت نہیں دیتا۔

ع ۱۴ ۸ ۴

[1] خلاصہ یہ کہ وصیت کے وقت جب کہ مرنے لگے تو اپنے مال کے لئے جو اس کو کسی کے سپرد کرنا چاہتا ہے یا اس میں سے کسی کے لئے کچھ وصیت کرنا چاہتا ہو کہ اس میں سے اتنا فلاں کو دیا جاوے آپس کے دو گواہ کرنے چاہئیں اور اگر سفر میں موت سامنے آوے اور آپس کے نہ ملیں تو غیر سہی پھر موقع پر نماز کے بعد وہ دو گواہ یہ کہہ کر اللہ کی قسم کھائیں کہ ہم کو کوئی لالچ نہیں گو جس کے حق میں یہ شہادت ہے ہمارا قرابت دار ہی کیوں نہ ہو اور جو ہم ایسا کریں تو گنہگار ہیں پھر اگر یہ شہادت ٹھیک ہو تو خیر ورنہ میت کے دو قرابت والے کھڑے ہو کر جن کو میت کے مال اور حال پر پوری واقفیت ہے یہ کہہ کر قسم کھائیں کہ ہماری گواہی ان کی گواہی سے ٹھیک ہے اور ہم نے ان سے ذرا بھی فرق نہیں کیا اور جو ایسا کیا ہو تو ہم ظالم ہیں۔ اس سے یہ ہوگا کہ پہلے دو گواہ خوف آخرت سے یا گواہی رد ہو جانے کے سبب دنیا کی رسوائی سے پوری پوری گواہی ادا کریں گے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد میں ایک اسی قسم کا واقعہ گزرا ہے وہ یہ کہ ایک صحابی رض سفر میں مرنے لگے اور انھوں نے اپنا مال دو نصرانیوں کے سپرد کیا اور ان کو گواہ اس کا بنایا کہ میرے وارثوں کو یہ دینا۔ مال میں سے انھوں نے ایک چاندی یا سونے کا کٹورا اڑا کر جب اور مال وارثوں کو دیا اور قسم کھا گئے کہ یہی تھا۔ وارثوں کو کٹورے کا حال معلوم تھا فہرست میں بھی تھا وہ کٹورا کہیں بکتے ہوئے پکڑا گیا۔ اس پر جھگڑا ہوا تب وارثوں میں سے دو نے ان کے مقابلہ میں قسم کھا کر گواہی دی کہ یہ کٹورا میت کا ہے اور ان گواہوں نے جھوٹ بولا آخر وہ ان سے دلوایا گیا ان دو نصرانیوں میں ایک تمیم بھی تھے جنھوں نے اسلام لانے کے بعد اپنی خیانت کا اقرار کیا۔ بعض علماء فرماتے ہیں کہ (باقی صفحہ ۳۱۰ پر)

Marfat.com

ترکیب

علیکم یہاں اسم فعل ہے جس سے انفسکم کو نصب ہوا والتقدیر احفظوا انفسکم شہادۃ مبتدا مضاف بینکم مجازًا مفعول مضاف الیہ اذا حضر اس کا ظرف حین الوصیۃ موت کا یا حضر کا ظرف وجاز ذلک اذ کان المعنی حضر اسباب الموت اثنان خبر ذوا عدل منکم اس کی صفت او آخران خبر معطوف من غیرکم اس کی صفت اور اسی طرح تحبسونہما مگر ان کے درمیان ان انتم الخ جملہ معترضہ آگیا۔ لانشتری الخ جواب قسم جو یقسمان ہے ان ارتبتم جملہ معترضہ ولوکان، ولانکتم بھی جواب قسم میں داخل ہے استحق کو معروف پڑھا جاوے تو الاولیان فاعل ہوگا اور مفعول محذوف ای وصیتہما اور جو مجہول پڑھا جاوے تو فاعل ضمیر اثم ہے لتقدم ذکرہ وعلیہم یا اپنی اصل پر ہو جیسا کہ وجب علیہ یا بمعنے فی ای استحق فیہم الوصیۃ۔

تفسیر

منجملہ اور خرافات کے اُس نے بحیرہ وغیرہ مقرر کئے تھے اس لئے خدا تعالےٰ فطرت کی سادگی باقی رکھنے کے لئے فرماتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے یہ بحیرہ سائبہ مقرر نہیں کئے ہیں بلکہ مفتریوں نے افترا کر لیا اور احمق جہلاء اُن کے مقلد ہو گئے ہیں یہاں تک کہ اگر اُن سے کلام الٰہی کی طرف رجوع کرنے کو کہا جاتا ہے تو کہتے ہیں صاحبو! ہمارے باپ دادا کا طریقہ ہم کو کافی ہے اور کوئی کہے باپ دادا رنڈے احمق ہی کیوں نہ ہوں (اس قسم کی تقلید شرعًا حرام ہے ایسی تقلید انسان کو شقی الدارین کر دیتی ہے)۔ بحیرۃ بروزن فعیلہ بحر بمعنی شق سے مشتق ہے بحرتا ناقتہ اذا شق اذنہا۔ ابو عبیدہ اور زجاج نے کہا ہے کہ جاہلیت میں جب کوئی اونٹنی پانچ بچے دیتی اور آخر نر ہوتا تو اُس کے کان چیر کر آزاد کر دیتے تھے نہ کوئی اس پر سوار ہوتا تھا نہ بوجھ لادتا تھا نہ ذبح کرتا تھا۔ اُس کو بُتوں کے نام پر چھوڑ دیتے تھے اُس کو نہ کوئی پانی سے روکتا تھا نہ کھیت سے۔ سائبۃ بروزن فاعلۃ من ساب اذا جری۔ یہ وہ اونٹنی تھی کہ جس کو مشرکین بُتوں کے نام پر جب سفر سے سلامت آتے یا بیماری سے تندرست ہوتے تھے چھوڑ دیتے تھے۔ فراء نے کہا ہے کہ جس اونٹنی کے دس بچے پیدا ہوتے تھے اُس کو بُتوں کے نام پر متبرک سمجھ کر چھوڑ دیتے تھے۔ وصیلۃ بمعنی موصلۃ۔ عرب میں جب کوئی اونٹنی مادہ بچہ دیتی تو اُس مادہ کو اپنے لئے رکھتے اور جو نر بچہ دیتی تو اس کو اپنے بُتوں کی نذر کرتے اور دونوں ایک ساتھ ہوتے تو کہتے کہ اس نے اس کو اُس کے بھائی سے ملا دیا تب یہ نر بُتوں کے لئے ذبح نہ کیا جاتا۔ حام وہ نر اونٹ ہوتا تھا کہ جس کے بچے کا بچہ لدنے کے قابل ہو جاتا تھا تب اُس کو چھوڑ دیتے تھے گویا اُس نے اپنی پیٹھ کو بچا لیا حمی ظہرہ لے حفظ عن الرکوب۔

قولہ یٰٓاَیُّہَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا عَلَیْکُمْ اَنْفُسَکُمْ الخ کہ یہ جہال جو تمہارا کہنا نہیں مانتے تو تم کچھ پروا نہ کرو تم اپنی فکر کرو کسی کا گمراہ ہونا تمہارے لئے کچھ مضر نہیں جو کرے گا بھرے گا۔ ہاں حتی المقدور وعظ و نصیحت میں کمی نہ کرو۔ یہاں سے یہ نہیں نکلتا کہ ہم کسی کو نصیحت نہ کریں بلکہ ابو داؤد اور ترمذی اور نسائی و ابن ماجہ و ابن جریر و دار قطنی وغیرہم نے روایت کیا ہے کہ ابو بکر رضی خدا تعالےٰ کی حمد و ثنا کے بعد لوگوں سے فرمایا کہ تم اس آیت کو غیر معنی پر محمول کرتے ہو حالانکہ میں نے نبی علیہ السلام سے سنا ہے کہ جب لوگ کسی بُری بات کو دیکھ کر اُس کو دور نہ کریں گے تو خدا تعالیٰ عنقریب سب پر بلائے عام نازل کرے گا۔ ایمان و جان کی حفاظت کے بعد جو علیکم انفسکم کے ساتھ تھی مال کی حفاظت کا حکم دیتا ہے بقولہ یا ایہا الذین اٰمنوا شہادۃ بینکم، شانِ نزول اس آیت کا یہ ہے کہ تمیم داری اور اُس کا بھائی عدی عیسائی تھے بدیل عمرو بن العاص کے

(بقیہ حاشیہ ۳۰۹) یہ حکم منسوخ ہو گیا آیت میراث سے یعنی جب میراث کا مسئلہ نہ تھا مورث کو کم زیادہ دینے کا اختیار تھا جب یہ وصیت ضروری اور شہادت لابدی تھی مگر محققین لکھتے ہیں کہ سپردگی اور غیر ورثہ کے لئے وصیت کرنے میں اب بھی اس کی ضرورت ہے واللہ اعلم ۱۲ منہ

Marfat.com

غلام مسلمان مہاجر کے ساتھ مل کر ملکِ شام میں تجارت کو گئے وہاں جاکر بدیل کا وقت اخیر آیا تو کل اسباب کی فہرست لکھ کر اسباب میں خفیہ رکھدی اور اسباب کو ان دونوں بھائیوں کے حوالہ کیا اور وصیت کی کہ میرے ورثہ کو دیدینا۔ اس اسباب میں ایک چاندی کا پیالہ بھی تھا جس پر سنہری کام تھا جس کی قیمت تین سو مثقال تھی وہ تو مرگیا اور انھوں نے مدینہ طیبہ میں آکر سب اسباب دیدیا اور پیالہ رکھ لیا۔ وارثوں نے فہرست دیکھ کر پیالہ کا مطالبہ کیا تب یہ قضیہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور یہ آیت نازل ہوئی جس کا خلاصہ مطلب یہ ہے کہ اے مسلمانو! جب تم سفر پر ہو اور کسی کو موت کے آثار معلوم ہونے لگیں تب وہ اپنے مال کی بابت کچھ وصیت کرنا چاہے تو اپنے لوگوں میں سے دو شخص معتبروں کو وصیت کردے اور ان کو گواہ بنالے اور اپنے نہ ملیں تو غیروں میں سے دو گواہ کرلے پھر اگر کچھ نزاع نہ ہو اور جو کچھ مال و اسباب یا وصیت وہ ادا کریں اور وارث بلا نزاع سچ جان کر قبول کرلیں تو خیر ورنہ ان دونوں گواہوں سے نماز کے بعد کھڑا کرکے قسم لی جائے کہ اللہ تم کی قسم ہم اس قسم سے دنیا کی کوئی غرض نہیں رکھتے گو کوئی رشتہ داری کیوں نہ ہو یعنی جھوٹ نہیں بولتے اگر اس قسم کے بعد کوئی خیانت نہ ظاہر ہو تو خیر ورنہ میت کے زیادہ قرابتیوں میں سے (کہ جن کو ان وصیوں نے مستحق کردیا جن کا حق دبایا گیا) دو شخص اُٹھ کر قسم کھاجاویں کہ ہمارا کہنا سچ ہے اور ہم حق سے تجاوز نہیں کرتے (پس اگر قسم کھاجاویں گے تو جس قدر مال کا وصیوں سے ان کو دعویٰ ہے دلایا جائے گا) چنانچہ تمیم اور اس کے بھائی سے بعد نماز عصر کے آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام نے قسم لی کہ ہم نے اس مال میں کچھ خیانت نہیں کی قسم کے بعد دونوں کو بری کردیا گیا۔ عرصہ کے بعد وہ پیالہ کہیں سے بکتا ہوا پکڑا گیا پھر یہ قصہ آنحضرت علیہ السلام کے روبرو پیش ہوا آپ نے عمرو ابن العاص اور مطلب بن ابی رفاعہ سے جو بدیل کے زیادہ قرابتدار تھے قسم لی اور وہ پیالہ انھیں کو دلایا۔ تمیم نے مسلمان ہوکر اقرار کیا کہ بیشک میں نے جھوٹی قسم کھائی تھی اور حق وہی تھا جو کیا گیا۔ "اپنے لوگوں میں سے ورنہ غیروں میں سے دو گواہ کرلو" عام مفسرین کہتے ہیں کہ اپنے سے اہلِ اسلام مراد ہیں اور غیر سے اس جگہ اور مذہب والے پس اگر اپنے مذہب کے آدمی ایسے وقت نہ ملیں تو غیر مذہب کے دو عدل یعنی سچے آدمی گواہ یا وصی کرلئے جاویں و بہ قال ابن عباسؓ و ابو موسیٰؓ و سعید بن جبیرؒ و سعید بن المسیبؒ و شریحؒ و ابن جریجؒ و ابراہیمؒ و حسن بصریؒ اور زہریؒ اور جمہور فقہاء کہتے ہیں کہ اپنے سے مراد قرابت دار اور غیر سے مراد غیر قرابت دار کیونکہ کافر عادل نہیں اس کی گواہی معتبر نہیں یہ حکم وصیت اکثر فقہاء کے نزدیک آیت میراث سے منسوخ ہے یعنی اس کی کچھ ضرورت نہیں رہی فتامل واللہ اعلم۔

يَوْمَ يَجْمَعُ اللّٰهُ الرُّسُلَ فَيَقُوْلُ مَاذَآ

جس دن اللہ تعالےٰ رسولوں کو جمع کرکے پوچھے گا کہ تم کو کیا جواب دیا

اُجِبْتُمْ ؕ قَالُوْا لَا عِلْمَ لَنَا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ

گیا تھا۔ وہ کہیں گے ہم کو کچھ بھی خبر نہیں۔ تو ہی بڑا

عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿۱۰۹﴾ اِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسَى

غیب دان ہے۔ جب کہ اللہ تعالےٰ عیسیٰؑ مریمؑ کے

ابْنَ مَرْيَمَ اذْكُرْ نِعْمَتِيْ عَلَيْكَ وَعَلٰى

بیٹے سے فرمائے گا کہ تم میرے اس احسان کو یاد کرو جو تم پر اور تمھاری ماں

وَالِدَتِكَ ۘ اِذْ اَيَّدْتُّكَ بِرُوْحِ

پر کیا تھا۔ جب کہ میں نے روح القدس سے تمھاری مدد کی،

الْقُدُسِ ؕ تُكَلِّمُ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ وَ

تو تم لوگوں سے (ماں کی) گود میں اور بڑی عمر میں بھی باتیں

وقف لازم

ع۱۵ نمازِ عصر بعض نے کہا ظہر بعض نے عام رکھا ہے۔ ان اوقات میں دعا قبول ہوتی ہے جھوٹ بولنے سے انسان ڈر جاتا ہے ۱۲ منہ ع۱۶ روح القدس سے مراد اکثر کے نزدیک حضرت جبرئیل علیہ السلام ہیں بعض کہتے ہیں کہ ایک اور معزز فرشتہ ہے ۱۲ منہ

Marfat.com

كَهْلًا وَّمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ وَاِذْ عَلَّمْتُكَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ
کرنے لگے۔ اور جب کہ میں نے تجھیں کتاب اور حکمت

وَالتَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ ۚ وَاِذْ تَخْلُقُ
اور تورات اور انجیل سکھائی، اور جب کہ تم گارے سے

مِنَ الطِّيْنِ كَهَيْـَٔةِ الطَّيْرِ بِاِذْنِيْ فَتَنْفُخُ
پرندوں کی صورت میرے اذن سے بناتے تھے پھر اُن میں پھونک مارتے

فِيْهَا فَتَكُوْنُ طَيْرًا بِاِذْنِيْ ۚ وَتُبْرِئُ
تو وہ میرے حکم سے پرند ہو جاتے تھے اور تم مادرزاد اندھے

الْاَكْمَهَ وَالْاَبْرَصَ بِاِذْنِيْ ۚ وَاِذْ
اور کوڑھی کو میرے حکم سے اچھا کرتے تھے۔ اور جب کہ

تُخْرِجُ الْمَوْتٰى بِاِذْنِيْ ۚ وَاِذْ كَفَفْتُ
تم مُردوں کو (قبروں سے) میرے حکم سے باہر لا کھڑا کرتے تھے، اور جب کہ میں نے

بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ عَنْكَ اِذْ جِئْتَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ
بنی اسرائیل کو تم سے روکا جب کہ تم اُن کے پاس نشانیاں لے کر آئے

فَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ اِنْ هٰذَآ
تو اُن میں سے منکروں نے کہدیا کہ یہ تو محض کھلا ہوا

اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝۱۱۰ وَاِذْ اَوْحَيْتُ اِلَى
جادو ہے۔ اور (یاد کرو) جب کہ میں نے حواریوں کے

الْحَوَارِيّٖنَ اَنْ اٰمِنُوْا بِيْ وَبِرَسُوْلِيْ ۚ
دل میں ڈالا کہ مجھ پر اور میرے رسول پر ایمان لائیں،

قَالُوْٓا اٰمَنَّا وَاشْهَدْ بِاَنَّنَا مُسْلِمُوْنَ ۝۱۱۱
تو حواریوں نے کہا کہ ہم ایمان لائے اور گواہ رہو کہ ہم فرمانبردار ہیں۔

اِذْ قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ
جب کہ حواریوں نے کہا اے عیسیٰ ؑ! مریم ؑ کے بیٹے

هَلْ يَسْتَطِيْعُ رَبُّكَ اَنْ يُّنَزِّلَ عَلَيْنَا
کیا تمھارا رب ہم پر آسمان سے کوئی خوان

مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ ۭ قَالَ اتَّقُوا اللّٰهَ
اُتار سکتا ہے۔ (عیسےٰ نے) کہا اللہ تعالےٰ سے ڈرو[1]

اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝۱۱۲ قَالُوْا نُرِيْدُ
اگر تم کو ایمان ہے۔ (حواریوں نے) کہا ہم چاہتے ہیں کہ

اَنْ نَّاْكُلَ مِنْهَا وَتَطْمَئِنَّ قُلُوْبُنَا
اُس میں سے کھائیں اور ہمارے دلوں کو اطمینان ہو

وَنَعْلَمَ اَنْ قَدْ صَدَقْتَنَا وَنَكُوْنَ
اور ہم کو معلوم ہو کہ تم نے ہم سے سچ کہا تھا اور ہم بھی

عَلَيْهَا مِنَ الشّٰهِدِيْنَ ۝۱۱۳ قَالَ عِيْسَى
اس پر گواہ ہو جاویں۔ عیسےٰ مریم ؑ کے بیٹے

ابْنُ مَرْيَمَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا
نے دعا کی کہ اے اللہ! ہمارے رب ہم پر آسمان سے خوان

مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا
نازل کر دے کہ وہ ہمارے اگلے اور پچھلوں

لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ ۚ وَارْزُقْنَا
کے لئے عید اور تیری طرف سے نشانی ہو جائے۔ اور ہم کو روزی دے

وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝۱۱۴ قَالَ اللّٰهُ
اور تو ہی بڑا روزی دینے والا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا

اِنِّيْ مُنَزِّلُهَا عَلَيْكُمْ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ
میں اس کو تم پر نازل تو کرتا ہوں پر جو اس کے بعد بھی تم

بَعْدُ مِنْكُمْ فَاِنِّيْٓ اُعَذِّبُهٗ عَذَابًا
میں سے کوئی ناشکری کرے گا تو میں اُس کو ایسی سزا دوں گا کہ جہان بھر

لَّآ اُعَذِّبُهٗٓ اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ۝۱۱۵
میں کسی کو بھی نہ دوں گا۔

ترکیب

یوم یجمع کا عامل لایہدی ہم الی الحجۃ اور ممکن ہے کہ مفعول بہ ہو اسمعوا کا اور اذکر بھی عامل ہو سکتا ہے۔ ماذا موضع رفع میں ہے اجبتم کا مفعول ہو کر اور حرف جر یہاں محذوف ہے

[2] حواریوں نے کہا امتحان مقصود نہیں بلکہ اس نعمت میں سے کھانا چاہتے ہیں اور یہ بھی کہ وہ ہمارے اطمینان قلبی اور تیری تصدیق کا باعث ہو گا ۱۲ منہ

[1] کیونکہ اس میں خدا تعالیٰ کی قدرت کا امتحان ہے جو بڑی گستاخی ہے ۱۲ منہ

Marfat.com

لے بماذا اجبتم اذ قال اللہ بدل ہے یوم سے اور اذکر بھی محذوف ہو سکتا ہے اذ ایدتک اس کا عامل نعمتی ہے تکلم الناس حال ہے کاف ایدتک سے فی المہد ظرف ہے تکلم کا من الطین تخلق سے متعلق ہے الطیر مصدر بمعنے فاعل ہے اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اس کی اصل طیرۃ تھی جیسا کہ سیدۃ پھر تخفیف ہو گئی اذ جئتہم ظرف ہے کففت کا واذ اوحیت معطوف ہے اذ ایدتک پر ان آمنوا مصدر ہو کر مفعول ہے اوحیت کا اذ قال الحواریون اس کا حال اذکر ہے یستطیع بمعنے یقدر ان ینزل الخ جملہ اس کا مفعول یا یستطیع کی تفسیر تکون کی عیدا خبر وآیۃ اس کا معطوف جملہ صفت مائدۃ۔

تفسیر

خدا تعالےٰ کی قرآن مجید میں عادت ہے کہ جہاں چند احکام و شرائع بیان فرماتے ہیں اس کے بعد یا تو ذات کے متعلق یا کچھ انبیاءؑ کے احوال یا قیامت کے حالات اور آخرت کے درجات کا بھی ساتھ ہی ذکر فرماتا ہے تاکہ یہ اُن احکام کے لئے مؤکد ہو جائے۔ یوم یجمع اللہ الرسل یہ قیامت کا حال ہے کہ ہم رسولوں سے یوں پوچھیں گے اور وہ یہ کہیں گے لا علم لنا کہ امر واقعی اور دل کی بات تو تُو ہی جانتا ہے۔ اور ظاہری قیل و قال کا جو ہمیں علم ہے سو وہ تیرے علم کے آگے بمنزلہ لاشئ کے ہے۔ پس اس آیت میں اور جئنا بک علیٰ ہٰؤلاء شہیدا میں کچھ تعارض نہیں۔ اذ قال اللہ یعیسیٰ ابن مریم یہاں سے حضرت عیسیٰؑ کا حال شروع ہوتا ہے کہ قیامت کو ہم اُن سے یہ سوال کریں گے اور اپنی نعمتیں یاد دلا کر کہیں گے کہ کیا تُو نے لوگوں سے کہا تھا کہ مجھ کو اور میری ماں کو خدا بنا لیجیو؟ اُس پر عیسیٰ علیہ السلام نہایت عاجزی سے اپنی برأت بیان کریں گے۔ اس ذکر سے غرض عیسائیوں کا خیال باطل غلط کرنا ہے کہ جو عیسیٰؑ کو خدا اور خدائی کا حصہ دار سمجھتے ہیں اور حضرتؑ کے معاصر عیسائی مریمؑ کو بھی خدا سمجھتے تھے۔ عیسےٰؑ تو قیامت کو لرز کر یوں عذر کریں گے کہ میں نے اُن سے ایسی بات نہیں کہی نہ میں کہہ سکتا تھا تو قادر ہے خواہ معاف کرے خواہ عذاب دیوے۔ اذکر نعمتی علیک وعلیٰ والدتک۔ یہاں سے وہ جو کچھ خدا تعالےٰ نے عیسیٰؑ پر احسان کئے تھے یاد دلائے جاتے ہیں اور اشارتاً یہ بات جتلائی جاتی ہے کہ اگر وہ خدا یا اس کے بیٹے ہوتے تو اُن کو ان احسانات کی حاجت کیا تھی؟ غرض کس لطف سے ابتداءِ ولادت سے لے کر اُن کی موت تک کا حال جو عبودیت پر دال ہے واذ ذکر کہہ کے گنواتا اور بتاتا ہے کہ یہ سب باتیں جو اُن پر گزری ہیں اُن سے قیامت میں سوال کیا جاوے گا۔

(۱) اذ ایدتک بروح القدس الخ یہ سب سے اوّل احسان ہے جو حضرت مسیحؑ پر کیا تھا کہ روح القدس سے اُن کی تائید کی تھی جس سے وہ لڑکپن میں بھی کلام کرتے تھے کہ جس وقت عادتاً لڑکے نہیں بول سکتے ورنہ پھر تائید روح القدس کی اور کلام کرنے کی خصوصیت کیا ہے؟ روح سے مراد جبرئیلؑ القدس سے ذاتِ باری تعالیٰ۔ جبرئیلؑ کی تائید یہ تھی کہ یہ ہر وقت اپنی ملکیت کا اثر اُن کی بشریت پر ڈالتے رہتے تھے جس سے اُن سے معجزات سرزد ہوتے تھے۔ بعض کہتے ہیں کہ ارواح کے درجات متفاوت ہیں خدا تعالیٰ نے حضرت عیسیٰؑ کو پاک روح عطا کی تھی جس کے آثار ہمیشہ جسمانیت اور بہیمیت پر غالب رہتے تھے سو یہ تائید تھی کہ لڑکپن میں کلام کرنا اور انی عبداللہ کہنا انجیل طفولیت[1] میں ثابت ہے اور آج اُس کو مسلّم الثبوت نہ کہنے سے اُس کے جمیع واقعات کی تکذیب نہیں ہو سکتی خصوصاً جب کہ انجیل یوحنا کے اخیر باب میں تصریح ہے کہ مسیحؑ نے جو کچھ

[1] یہ دو انجیلیں ہیں اوّل انجیل طفولیت عیسائیوں کے فرقہ ناسٹکس میں دوسری صدی میں مسلّم تھی۔ اور جو ایشیا و افریقہ کے اکثر گرجاؤں میں پڑھی جاتی اور جس پر عقائد کا مدار تھا وہ یہی انجیل تھی اور بعد میں یوسیبس اور اتھانشیس وغیرہ عیسائیوں کے مستند علماء بھی ان سے سند پکڑتے تھے ۱۲ ؛ ؛ ؛ ؛

Marfat.com

کام کئے ہیں آج اگر وہ سب لکھے جاویں تو دنیا میں نہ سما سکیں۔ اور کہلاً یعنی اخیر عمر میں قریب قیامت پھر آکر کلام کریں گے۔

(۲) واذ علمتک الکتاب والحکمۃ والتوراۃ والانجیل، کتاب کا بیان توریت وانجیل ہے سو حضرت عیسیٰ علیہ السلام ان دونوں کتابوں کو اور حکمتِ الٰہیہ اسرار و رموز کو جانتے تھے جیسا کہ لوقا کی انجیل کے ۴ باب ۲ رس ۱۶-۱۷ سے ثابت ہے۔

(۳) واذ تخلق من الطین کھ مٹی کے جانور بنا کے ان میں پھونکنا اور ان کا زندہ ہو کر اڑ جانا یہ معجزہ بھی آپ کا انجیل طفولیت میں موجود ہے۔

(۴) وتبرئ الاکمہ والابرص باذنی، اندھوں اور کوڑھیوں کا شفا دینا بھی لوقا کے ۱۷-۱۸ باب میں مذکور ہے۔

(۵) واذ تخرج الموتیٰ باذنی، مُردہ کا زندہ کرنا بھی لوقا کی انجیل کے ۸ باب میں مذکور ہے۔ یہ اخیر تینوں باتیں بڑے کام کی تھیں اس لئے سب میں باذنی کا لفظ بھی زیادہ کر دیا تاکہ یہ خیال نہ ہو کہ یہ کام مسیحؑ اپنی قدرت سے نہیں بلکہ خدا کے قادر کی قدرت و اجازت و مدد سے کرتے تھے ان باتوں سے ان کو خدا یا خدا تعالےٰ کا بیٹا سمجھ لینا خلافِ عقل ہے۔

(۶) واذ کففت بنی اسرائیل، خدا تعالےٰ نے بنی اسرائیل یعنی یہود کے شر سے مسیح علیہ السلام کو محفوظ رکھا جب کہ مسیحؑ نے ان کو معجزات دکھائے اور انھوں نے جادو بتلایا اور قتل کا قصد کیا تو خدا تعالےٰ نے ان کو محفوظ رکھا زندہ آسمان پر اُٹھا لیا۔ یہودیوں کا درپے قتل ہونا اناجیلِ اربعہ میں مصرح ہے۔

(۷) واذ اوحیت الی الحواریین، جو لوگ حواریوں کی نبوت کے قائل ہیں وہ وحی سے وحی انبیاءؑ مراد لیتے ہیں اور جو ان کو نبی نہیں سمجھتے تو بمعنے الہام یعنی القاء فی القلب۔ خدا تعالےٰ نے حواریوں کے دل میں حضرت عیسیٰؑ پر ایمان لانے کی توفیق پیدا کی سو وہ ایمان لائے۔ جیسا کہ اناجیل سے ثابت ہے۔

(۸) اذ قال الحواریون یا عیسیٰ ابن مریم، یہ اُس وقت کے واقعہ کی طرف اشارہ ہے جب کہ حضرت عیسیٰؑ نے دریائے طبریاس کے پاس دُعا کی تو خدا تعالےٰ نے پانچ روٹیوں اور دو تلی ہوئی مچھلیوں سے پانچ ہزار آدمیوں کو شکم سیر کر دیا۔ یہ برکت دینا آسمان یعنی عالم غیب سے مائدہ نازل کرنا ہے جیسا کہ انجیل یوحنا کے ۶ باب میں مذکور ہے۔ باقی یہ حواریوں اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی گفتگو گو ان کتابوں میں نہ ہو مگر کوئی کہہ سکتا ہے کہ جو کچھ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور حواریوں میں گفتگو ہوئی تھی وہ سب ان چاروں انجیلوں میں موجود ہے۔

بعض مفسرین کہتے ہیں کہ مائدہ[1] کا نازل ہونا اس معجزہ مذکور کے علاوہ دوسرا واقعہ ہے جو اناجیل اربعہ میں مذکور نہیں پھر اس کی کیفیت میں مختلف اقوال ہیں کہ یہ ایک ایسے محل کا قصہ ہے کہ جہاں حواریوں کے پاس کھانے پینے کو کچھ نہ تھا تب انھوں نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے عرض کیا کہ کیا اللہ تعالےٰ ایسا کر سکتا ہے؟ اس پر حضرتؑ نے خفا ہو کر فرمایا کہ اگر تم کو ایمان ہے تو اللہ تعالےٰ سے ڈرو۔ پھر انھوں نے عرض کیا کہ محض اطمینان اور اپنے کھانے کے لئے یہ سوال ہے ورنہ اُس کی قدرت میں کچھ کلام نہیں۔ تب حضرت عیسیٰؑ نے بھی دُعا کی کہ الٰہی! آسمان سے مائدہ نازل کر کہ ہمارے اوّل آخر کے لئے عید یعنی باعثِ خوشی ہو اور تیری طرف کی نشانی ہو۔ خدا تعالیٰ نے فرمایا میں مائدہ نازل کرتا ہوں مگر اس کے بعد جو ناشکری کرے گا اُس کو عذاب دوں گا جو جہان میں کسی کو نہ دوں گا۔ اس پر آسمان سے سرخ دسترخوان کہ اُس کے اُوپر بھی ایک بدلی اور نیچے بھی ایک بدلی تھی نازل ہوا اس کو کھول کر دیکھا تو اُس میں تلی ہوئی مچھلی اور پانچ روٹیاں اور ترکاریاں رکھی ہوئی تھیں۔ بعض کہتے ہیں کہ ہر قسم کی نعمتیں اس میں تھیں پھر بعض کہتے ہیں کہ یہ بات صرف ایک بار ہوئی۔ بعض کہتے ہیں کہ چالیس روز تک نازل ہوتا رہا ایک دن بیچ کر کے آتا تھا۔ پھر جب لوگوں نے سحر اور نظر بندی کی بدگمانی کی تو

[1] زجاج کہتا ہے مائدۃ بروزن فاعلۃ من مادید اذا تحرک فکانہا تمید علیہا۔ ابن انباریؒ کہتے ہیں کہ مائدہ کو اس لئے مائدہ کہتے ہیں کہ وہ بمعنی عطیہ ہے ۱۲ منہ

تَعْلَمُ مَا فِي نَفْسِي وَلَآ أَعْلَمُ مَا فِي
تو میرے دل کی بات جانتا ہے اور میں نہیں جانتا تیرے دل میں،
نَفْسِكَ ۚ إِنَّكَ أَنتَ عَلَّامُ الْغُيُوبِ ﴿١١٦﴾
کیا ہے؛ بے شک تو ہی بڑا غیب داں ہے۔
مَا قُلْتُ لَهُمْ إِلَّا مَآ أَمَرْتَنِي بِهِۦٓ أَنِ
میں نے تو اُن سے وہی کہا تھا جس کا تو نے مجھے حکم دیا تھا وہ یہ کہ
ٱعْبُدُوا۟ ٱللَّهَ رَبِّي وَرَبَّكُمْ ۚ وَكُنتُ
اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو جو میرا اور تمھارا رب ہے۔ اور میں اُن کا
عَلَيْهِمْ شَهِيدًا مَّا دُمْتُ فِيهِمْ ۖ فَلَمَّا
نگہبان رہا جب تک کہ اُن میں رہا۔ پھر جب کہ
تَوَفَّيْتَنِي كُنتَ أَنتَ ٱلرَّقِيبَ عَلَيْهِمْ ۚ
تُو نے مجھے وفات دی تو اُن پر تو ہی نگہبان رہا۔
وَأَنتَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ ﴿١١٧﴾ إِن
اور تُو ہی ہر چیز کا نگراں ہے۔ اگر
تُعَذِّبْهُمْ فَإِنَّهُمْ عِبَادُكَ ۖ وَإِن
تُو اُن کو عذاب دے تو پھر وہ تیرے بندے ہیں۔ اور اگر
تَغْفِرْ لَهُمْ فَإِنَّكَ أَنتَ ٱلْعَزِيزُ ٱلْحَكِيمُ ﴿١١٨﴾
تو اُن کو معاف کرے تو پھر تو ہی زبردست حکمت والا (بھی) ہے۔
قَالَ ٱللَّهُ هَٰذَا يَوْمُ يَنفَعُ ٱلصَّٰدِقِينَ
اللہ تعالیٰ فرمائے گا یہ وہ دن ہے کہ جس میں سچوں کو اُن کا سچ (ہی)
صِدْقُهُمْ ۚ لَهُمْ جَنَّٰتٌ تَجْرِي مِن
نفع دے گا۔ اُن کے لئے ایسے باغ ہیں کہ جن کے نیچے نہریں
تَحْتِهَا ٱلْأَنْهَٰرُ خَٰلِدِينَ فِيهَآ أَبَدًا ۖ رَّضِيَ
بہہ رہی ہیں وہ اُن میں ہمیشہ (ہمیشہ) رہا کریں گے۔ اللہ تعالےٰ

اُن کے سُور کے مُنہ ہوگئے تین روز کے بعد تڑپ تڑپ کر مر گئے۔

ایسا ہونا ممکن ہے مگر یہ قصص نہ تو قرآن میں ہیں نہ نبی علیہ السلام سے ان کا کچھ ثبوت ہے مؤرخوں کے اقوال ہیں۔ مگر حسن بصریؒ اور مجاہدؒ کہتے ہیں کہ جب لوگوں نے ناشکری پر سخت عذاب آنے کی سُنی تو پھر درخواست نہ کی اس لئے مائدہ نازل نہ ہوا کیونکہ اگر ہوتا تو اُس کے نازل ہونے کا دن نصاریٰ میں عید کا دن ہو جاتا حالانکہ نہیں ہے قرآن مجید سے بھی صرف دعا کرنا ثابت ہے۔

فقیر کے نزدیک مائدہ کا نازل ہونا پایا گیا جیسا کہ اُس کا پتہ انجیل یوحنا سے لگتا ہے[1] اور عیسائیوں کے پاس بے اندازہ دنیا کا جمع ہونا اسی کا ثمرہ ہے۔ نیچری مفسّر نے ان معجزات کے مٹانے پر بہت کچھ ہاتھ پاؤں مارے ہیں اور جب کہ آیاتِ قرآنیہ کی کوئی تاویل ہی نہ ہو سکی تو کہیں بے تک ف عطف ف تفریع کا جھگڑا لے بیٹھے۔ کہیں یہ کہدیا کہ مفسرین کو یہود و نصاریٰ کی تقلید کی عادت ہے، غرض بے تک ہذیان ہے جس کی بنیاد نہ کسی دلیل عقلی پر ہے نہ نقلی پر بلکہ صرف اس بات پر کہ معجزہ کا وجود ممکن نہیں سو اس کا جواب مقدمہ میں ہو چکا اعادہ کی ضرورت نہیں۔

وَإِذْ قَالَ ٱللَّهُ يَٰعِيسَى ٱبْنَ مَرْيَمَ ءَ
اور جب کہ عیسےٰ مریم کے بیٹے سے اللہ تعالےٰ پوچھے گا کہ کیا
أَنتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ ٱتَّخِذُونِي وَأُمِّيَ
تو نے لوگوں سے کہا تھا کہ اللہ تعالےٰ کے سوا مجھے اور میری
إِلَٰهَيْنِ مِن دُونِ ٱللَّهِ ۖ قَالَ سُبْحَٰنَكَ
ماں کو دو خدا بنا لو۔ وہ کہیں گے تو پاک ہے
مَا يَكُونُ لِيٓ أَنْ أَقُولَ مَا لَيْسَ لِي
مجھے کیا ہوا تھا کہ میں وہ بات کہتا جس کا مجھے کچھ بھی حق نہ تھا۔
بِحَقٍّ ۚ إِن كُنتُ قُلْتُهُۥ فَقَدْ عَلِمْتَهُۥ ۚ
اگر میں نے (یہ) کہا ہوگا تو تجھ کو معلوم ہوگا۔

[1] اس سے عوام عیسائیوں کے عقیدے کے بطلان کی طرف اشارہ ہے کہ جو حضرت مریمؑ کو بھی خدا سمجھتے تھے یا تثلیث کا ایک اقنوم مُراد لیتے تھے ۱۲ منہ [2] تجھے کوئی منع نہیں کر سکتا ۱۲ منہ

Marfat.com

اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ

اللہ ان سے خوش ہوگا اور وہ اس سے خوش ہوں گے۔ یہی ہے بڑی

الْعَظِيْمُ ﴿۱۱۹﴾ لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

کامیابی۔ آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان میں ہے سب پر

وَمَا فِيْهِنَّ ؕ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۲۰﴾ ع

اللہ تعالیٰ ہی کی حکومت ہے۔ اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

ترکیب

اذ قال اس کا عامل اُذکر۔ اتّخذونی بمعنے صیّرونی ہوکر دو مفعول چاہتا ہے اوّلی اور امّی دوم۔ الٰہین من دون اللہ اس کی صفت ان اقول فاعل یکون۔ لی خبر۔

تفسیر

یہ وہ کلام ہے کہ جو حضرت عیسیٰ علیہ السّلام سے قیامت کے روز کیا جائے گا۔ جس پر وہ عاجزی سے کہیں گے کہ مَیں ہرگز ایسی بات نہیں کہہ سکتا تھا۔ میں نے تو خاص تیری ہی عبادت کرنے کا حکم دیا تھا اور اپنی زندگی بھر یہی کہتا رہا پھر میرے بعد کی تجھے خبر ہے۔ اب آپ کو اختیار ہے اگر عذاب کرے تو تیرے بندے ہیں اور معاف کرے تو تو بڑا حکیم زبردست ہے۔

پھر فرماتا ہے کہ آج کے دن سچّوں کا سچ کام آوے گا کہ ان کے لئے رُوحانی اور جسمانی جاودانی بہشت ملے گی جس میں ہمیشہ رہیں گے اور نیز خدا تعالےٰ ان سے راضی وہ اُس سے راضی ہیں یہ بڑی مراد اور سب باتوں کا مآل کار بھی یہی ہے۔ ف

سورۃ کو بندوں کے عہد پورا کرانے سے شروع کیا تھا پھر جس کا تتمّہ بیان احکام اور یہود و نصاریٰ کے عقائدِ باطلہ کا بطلان خصوصاً عیسائیوں کے اعتقادِ تثلیث کا رد، سو یہ تمام باتیں اس سورۃ میں ذکر کی گئیں اور پھر آخر میں اس عالم کی فنا اور حشر کا برپا ہونا اور انبیاءؑ سے سوال کرنا اور صادقوں کا اپنے صِدق کے بدل میں سعادتِ ابدی پانا بیان کرنا گویا اس عہدنامہ کا نتیجہ سامنے قائم کر دینا ہے پھر سورۃ کو للہ ملک السمٰوٰت الخ کے ساتھ ختم کرنا یعنی خدا تعالیٰ کی کبریائی و عظمت پر سخن تمام کرنا کیا ہی لطف رکھتا ہے اور اس اثنار میں اپنے چند وہ وصف بیان فرمائے جو تمام سورۃ کے مضامین کے لئے خبر ہیں کیونکہ للہ ملک السمٰوٰت میں اُس کی ذات وصفاتِ کاملہ کا ثبوت جس کے ضمن میں نقائص تثلیث و تثنیہ کا ردّ اور علیٰ کلّ شئی قدیر میں اور بھی مخالفین کے عقائدِ باطلہ کا فساد کھول دیا۔ سُبحان اللہ! ان اسرار کا بیان کرنا طاقتِ بشریّہ سے باہر ہے۔ (ولہ الحمد دائماً)

سورۃ انعام

مکّہ میں نازل ہوئی مگر وما قدروا اللہ تین آیتیں اور قل تعالوا تین اور آیتیں مکّہ میں نازل نہیں ہوئیں۔ اس کی ایک سو پینسٹھ یا چھیاسٹھ آیتیں ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ

سب تعریفیں اللہ تعالیٰ ہی کو ہیں جس نے آسمانوں اور

الْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ ؕ

زمین کو پیدا کیا اور اندھیرا اور اُجالا بنایا۔

ثُمَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ ﴿۱﴾

پھر بھی کافر (بتوں کو) اپنے رب کے برابر کرتے ہیں۔

هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ طِيْنٍ ثُمَّ قَضٰۤى

وہی ہے کہ جس نے تم کو مٹی سے پیدا کیا پھر (ہر ایک کی) میعاد

اَجَلًا ؕ وَاَجَلٌ مُّسَمًّى عِنْدَهٗ ثُمَّ اَنْتُمْ

مقرر کی[1] اور میعاد اُس کے نزدیک مقرر ہے[2] پھر بھی تم شک میں

تَمْتَرُوْنَ ﴿۲﴾ وَهُوَ اللّٰهُ فِي السَّمٰوٰتِ

پڑے ہوئے ہو۔ اور وہی اللہ ہے (یعنی قادر متصرف) آسمانوں

[1] یعنی ہر ایک کی موت کا ایک وقت مقرر کر رکھا ہے زندگی معیّن ہے ۱۲ منہ [2] اور ایک میعاد یعنی قیامت کی جس میں فنا کلی ہوگی اس کے نزدیک مقرر ہے جیسا کہ افراد و رجال کی

[3] فنا جزئی کا وقت مقرر تھا ۱۳ منہ

Marfat.com

وَفِي الْأَرْضِ ۖ يَعْلَمُ سِرَّكُمْ وَجَهْرَكُمْ

اور زمین میں ہے۔ تمھاری چھپی اور کھلی باتیں جانتا ہے

وَيَعْلَمُ مَا تَكْسِبُونَ ﴿٣﴾ وَمَا تَأْتِيهِمْ

اور جو کام کرتے ہو اُس کو بھی جانتا ہے۔ اور جب کوئی آیت اُن کے

مِّنْ آيَةٍ مِّنْ آيَاتِ رَبِّهِمْ إِلَّا كَانُوا

رب کی آیتوں میں سے اُن کے پاس آتی ہے تو اُس سے مُنہ ہی

عَنْهَا مُعْرِضِينَ ﴿٤﴾ فَقَدْ كَذَّبُوا بِالْحَقِّ

پھیر لیتے ہیں۔ جب حق (قرآن) اُن کے پاس آگیا تو

لَمَّا جَاءَهُمْ ۖ فَسَوْفَ يَأْتِيهِمْ أَنبَاءُ

اُن کو جھٹلا کر رہے۔ ابھی اُنھیں اس کی حقیقت معلوم ہو جائے گی کہ

مَا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ﴿٥﴾ أَلَمْ يَرَوْا

جس کو ٹھٹھوں میں اُڑایا کرتے تھے۔ کیا وہ نہیں

كَمْ أَهْلَكْنَا مِن قَبْلِهِم مِّن قَرْنٍ

دیکھتے کہ ہم نے اُن سے پہلے کتنی ایسی قوموں کو ہلاک کر دیں کہ جن کو

مَّكَّنَّاهُمْ فِي الْأَرْضِ مَا لَمْ نُمَكِّن لَّكُمْ

ہم نے زمین پر ایسا بسایا تھا کہ جو ہم کو بھی ویسا نہیں بسایا۔

وَأَرْسَلْنَا السَّمَاءَ عَلَيْهِم مِّدْرَارًا وَجَعَلْنَا

جس پر ہم نے برسانے کے لئے بادل چھوڑ رکھے تھے، اور

الْأَنْهَارَ تَجْرِي مِن تَحْتِهِمْ

اُن کے نیچے نہریں جاری کر دی تھیں

فَأَهْلَكْنَاهُم بِذُنُوبِهِمْ وَأَنشَأْنَا

پھر اُن کو اُن کے گناہوں کے سبب ہلاک کر دیا اور اُن کے بعد

مِن بَعْدِهِمْ قَرْنًا آخَرِينَ ﴿٦﴾

اور قومیں پیدا کر دیں۔

ترکیب

جعل بمعنے خلق۔ الذین الخ مبتدا یعلمون خبر بربھم اس سے متعلق ہو مبتدا اللہ خبر یعلم خبر ثانی اور ممکن ہے کہ اللہ جو سے بدل ہو یعلم خبر فی السموٰت، اللہ سے متعلق ہو یعنے جو معبود ہے۔

تفسیر

یہی وہ سورۃ ہے کہ جو سب کی سب ایک بار نازل ہوئی۔ سورۂ بقرہ اور سورۂ نساء اور سورۂ مائدہ تو مدینہ طیبہ آنے کے بعد اور یہ اُن سے پہلے مکہ مکرمہ میں نازل ہو چکی تھی۔ مکہ میں مشرکین عرب کے مقابلہ میں خدا تعالےٰ کا وجود اُن صفاتِ قاہرہ کے ساتھ بیان ہوتا تھا کہ جن سے تمام عالم میں اُسی کا قبضہ و تصرف ثابت ہو، مرکر دوبارہ زندہ ہونے کے جو منکر تھے اُن کے مقابلہ میں حشر و نشر کا اثبات ہوتا تھا اور جو خدا تعالےٰ کے وجود کے منکر تھے صرف دہر کو پیدا اور فنا کرنے والا جانتے تھے اُن کے مقابلہ میں اُس کا وجود اس کے آثارِ قدرت و جبروت کے نشانوں سے ثابت کیا جاتا تھا اور نیز عرب یا مکہ کے مشرکوں کو جو اپنی دولت و راحت پر گھمنڈ تھا اور باوجود اس کفر اور بدکاری کے اُس کے عذاب سے کچھ بھی ڈرتے نہ تھا، اُن کے مقابلہ میں اُن سے پہلے کی قوموں کی حد افزوں شوکت و قدرت اور پھر آیاتِ الٰہی کے انکار سے اُن کی ہلاکت بیان کی جاتی تھی۔ چنانچہ اس سورۃ اور ان آیات میں انھیں مضامین کی رعایت ہے اور یہی کلام کی خوبی بھی ہے اور منصبِ الہام کا یہی فرض ہے کہ جس خرابی کو دیکھے اُسی کی اصلاح کی تدبیر کرے۔ پس الحمد للہ سے والنور تک اوّل امر کا اثبات ہے جس لئے مشرکوں پر طعن کیا جاتا ہے کہ باوجودیکہ آسمانوں اور زمینوں اور نور و ظلمت کا خالق اسی کو جانتے ہیں مگر پھر بھی اُس کے ساتھ بُتوں یا اور خیالی معبودوں کو ملا کر اُس کے برابر کرتے ہیں۔ ہو الذی سے اپنا حشر پر قادر ہونا بیان کیا جاتا ہے یہ بات بتلا کر کہ جس نے تم کو اوّل بار مٹی سے پیدا کیا کیا وہ

لہ قرآن کی آیت یا معجزہ یا اس کے جلال و کبریائی کی نشانی زلزلہ کڑک قحط و با وغیرہ جب کفار کے سامنے پیش ہوتی ہے تو اس میں غور و تامل نہیں کرتے مُنہ پھیر لیتے ہیں ۱۲ منہ ع یہ حاشیہ ص ۳۱۸ پر ملاحظہ کریں۔

Marfat.com

دوبارہ نہیں زندہ کرسکتا پھر شک کیا؟ وہو اللہ سے تیسری بات کا ثبوت کرتا ہے کہ دہر یا افلاک خود اس کے حکم کے مسخر ہیں ان میں شب و روز اُس کے تصرّفات دیکھتے ہو پھر اگر یہ اللہ تعالےٰ کا فعل نہیں تو اور کس کا ہے؟ دہر کیسا؟ ومایا یہ تم سے چوتھی بات کی طرف اشارہ کرتا ہے کہ ان سے پہلے لوگ بھی ایسا کر چکے ہیں پھر ان کی تو کیا ہستی ہے اُن کو بھی ہم نے غارت کر دیا اور ان کی جگہ اور قومیں پیدا کر دیں۔

وَلَوْ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ كِتٰبًا فِيْ قِرْطَاسٍ

اور اگر ہم آپ پر کوئی کتاب کاغذوں پر بھی لکھا ئی بھیجتے

فَلَمَسُوْهُ بِاَيْدِيْهِمْ لَقَالَ الَّذِيْنَ

پھر وہ اُس کو اپنے ہاتھوں سے ٹٹول بھی لیتے تب بھی منکر

كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝۷

یہی کہتے کہ یہ تو صریح جادو ہے۔

وَقَالُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ مَلَكٌ ۭ وَ

اور کافروں نے کہا نبیؐ پر کوئی فرشتہ کیوں نہیں بھیجا گیا؟ اور

لَوْ اَنْزَلْنَا مَلَكًا لَّقُضِيَ الْاَمْرُ ثُمَّ لَا

اگر ہم فرشتہ بھیجتے تو کام ہی تمام ہو جاتا پھر اُن کو مہلت بھی

يُنْظَرُوْنَ ۝۸ وَلَوْ جَعَلْنٰهُ مَلَكًا لَّجَعَلْنٰهُ

نہ ملتی۔ اور اگر ہم اس کو فرشتہ بناتے تو انسان ہی کی

رَجُلًا وَّلَلَبَسْنَا عَلَيْهِمْ مَّا يَلْبِسُوْنَ ۝۹

صورت بناتے اور جو شبہ وہ (اب) کر رہے ہیں اس میں ہم (پھر) ان کو ڈال دیتے۔

وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ

اور تم سے پہلے بھی (بہت سے) رسولوں کی ہنسی اڑائی گئی ہے

(بقیہ حاشیہ صـ۳۱۷) چونکہ آدم مٹی سے اور اُن سے سب آدمی پیدا ہوئے یا انسان نطفہ سے پیدا ہوتا ہے جو غذاؤں سے حاصل ہوتا ہے اور غذائیں زمین کی پیداوار انجام مٹی ہیں اس لئے اُس کا مٹی سے پیدا ہونا بیان فرمایا ۱۲ منہ ۱؎ یعنی عیاناً فرشتہ اگر تصدیق کرتا تو ہم لٹتے۔ جواب دیتا ہے کہ اگر فرشتہ آتا تو فیصلہ ہی ہو جاتا کس لئے کہ فرشتہ آنے کے بعد انکار کرنا اور یہ فرشتہ میں بھی شبہ کرتے عادت اللہ کے موافق ہلاکی کا باعث ہے ۱۲ منہ ۲؎ کس لئے کہ فرشتہ کو اس کی صورتِ اصلی پر دیکھنے کی ان میں صلاحیت نہیں کیونکہ وہ نورِ مجرد ہے اور یہ آنکھیں عالم ناسوت دیکھنے کو بنائی گئی ہیں پھر جب وہ آدمی بن کر آتا تو وہی شبہات اس کے حق میں پیدا ہوتے کہ اس کے فرشتہ ہونے کی کیا دلیل ہے؟ ۱۲ منہ

فَحَاقَ بِالَّذِيْنَ سَخِرُوْا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا

پھر ہنسی اڑانے والوں پر (وہی) بلا آپڑی کہ جس کی وہ

بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝۱۰

ہنسی اڑایا کرتے تھے۔

ترکیب

فی قرطاس ثابت کے متعلق ہو کر صفت ہوئی کتاباً کی اور خود کتاب بمعنی مکتوب سے بھی متعلق ہو سکتا ہے مایلبسون ما بمعنی الذی جملہ مفعولِ للبسنا۔ ماکانوا بہ الخ۔ فاعلِ حاق۔

تفسیر

ان چاروں باتوں کے بعد ایک پانچویں بات اور بھی قابل اثبات تھی۔ وہ یہ کہ مکّہ مکرمہ کے کافر آنحضرت علیہ السّلام کی نبوّت کا انکار اس شبہ سے کرتے تھے کہ فرشتہ آتا ہوا اُس کے پاس کیوں نہیں دکھائی دیتا۔ اور قرآن کا انکار اس بناء پر کرتے تھے کہ آسمان سے لکھی لکھائی کتاب ایک بار کیوں نہ نازل ہوگئی؟ یہ بار بار الہام کیسا اور نزول رُوح القدس کیا؟ اس کے جواب میں خدا تعالےٰ اس کی اصل حکمت سے درگزر کر کے بوجہ ان کے افہام کے قاصر ہونے کے صرف ایک عام فہم بات ذکر فرماتا ہے کہ اگر قرآن لکھا لکھایا نازل ہوتا تو اُس کو بدرجۂ اوّلی یہ لوگ سحر مبین کہدیتے اور اگر فرشتہ آتا تو دو خرابیاں پیش آتیں۔ اوّل یہ کہ عادت اللہ یوں جاری ہے کہ جب ملائکہ آتے ہیں تو پھر کام ہی تمام ہو جاتا ہے (جیسا کہ لوطؑ کی بستی میں ملائکہ آئے اوّل بار حضرت ابراہیم علیہ السّلام اُن کو دیکھتے ہی گھبرا گئے کہ اب اس بستی پر بلا نازل ہوتی ہے جس میں

میرا بھتیجا لوط بھی ہے)۔ دوم یہ کہ ملائکہ اجسام لطیفہ ہیں ان کے بغیر اس کے کہ وہ کسی آدمی وغیرہ محسوس چیز کی شکل میں متشکل ہوں نظر آنے کی کیا صورت ؟ ایسی حالت میں شبہ کرنے والوں کا شبہ پھر قائم ہو جاتا اُس کا کیا اعتبار کہ یہ فرشتہ ہے یا کوئی کہیں سے آدمی چلا آیا ہے ؟ پس جب یہ دونوں شبے غلط تو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی نبوّت اور قرآن مجید کا کلام الٰہی ہونا درست رہا۔ اس کے بعد یہ ظاہر کرتا ہے کہ یہ باتیں اُن کی ازراہ تمسخر ہیں جس کا نتیجہ پہلی اُمتیں خوب دیکھ چکی ہیں

قُلْ سِيرُوا فِي الْأَرْضِ ثُمَّ انْظُرُوا
(اے نبیؐ! ان سے) کہدو کہ ملک میں چلو پھرو ، پھر دیکھو کہ
كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِينَ ﴿١١﴾
جھٹلانے والوں کا کیسا انجام ہوا۔
قُلْ لِمَنْ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۖ
پوچھئے کہ آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے کس کا ہے ؟
قُلْ لِلَّهِ ۚ كَتَبَ عَلَىٰ نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ۚ
کہدیجئے اللہ کا۔ اُس نے اپنے اوپر رحمت کرنا لازم کر لیا ہے۔
لَيَجْمَعَنَّكُمْ إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ لَا رَيْبَ فِيهِ ۚ
وہ ضرور تم کو قیامت کے دن جمع کرے گا جس میں کچھ بھی شک نہیں۔
الَّذِينَ خَسِرُوا أَنْفُسَهُمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿١٢﴾
جنھوں نے اپنے آپ کو خسارہ میں ڈال رکھا ہے پھر بھی وہ ایمان نہیں لاتے۔
وَلَهُ مَا سَكَنَ فِي اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ ۚ وَهُوَ
اور اُسی کا ہے جو کچھ کہ رات اور دن میں رہتا ہے۔ اور وہی
السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ﴿١٣﴾ قُلْ أَغَيْرَ اللَّهِ
سُنتا (اور) جانتا ہے۔ کہدو کیا اللہ تعالےٰ کے سوا کو
أَتَّخِذُ وَلِيًّا فَاطِرِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ
جس نے آسمان اور زمین بنائے کوئی اور کارساز بناؤں۔
وَهُوَ يُطْعِمُ وَلَا يُطْعَمُ ۗ قُلْ إِنِّي
حالانکہ وہی کھلاتا ہے اور اُس کو کوئی نہیں کھلاتا۔ کہدو مجھ کو

أُمِرْتُ أَنْ أَكُونَ أَوَّلَ مَنْ أَسْلَمَ
حکم ہوا ہے کہ سب سے اوّل میں ہی فرمانبرداری کروں ،
وَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ﴿١٤﴾ قُلْ
اور یہ بھی (حکم ہوا ہے) کہ ہرگز مشرکوں میں سے نہ ہونا۔ کہدو
إِنِّي أَخَافُ إِنْ عَصَيْتُ رَبِّي عَذَابَ
اگر میں اپنے رب کا حکم نہ مانوں تو مجھے بڑے دن کے عذاب کا
يَوْمٍ عَظِيمٍ ﴿١٥﴾ مَنْ يُصْرَفْ عَنْهُ
ڈر ہے۔ جس سے اُس دن وہ عذاب ٹل گیا تو
يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمَهُ ۚ وَذَٰلِكَ الْفَوْزُ
اُس پر بڑی مہربانی ہوئی۔ اور یہ صریح
الْمُبِينُ ﴿١٦﴾
کامیابی ہے۔

ترکیب

ما بمعنے الّذی مبتدا لمن خبر قل للہ ای ھو للہ یعجمعنکم کلام مستانف یا الرحمۃ سے بدل اور لام جواب قسم محذوف الّذین خسروا مبتدا فھم لا یؤمنون اُس کی خبر اور چونکہ مبتدا میں معنی شرط تھے اس لئے ف خبر میں آئی لاکونن عطف علی امرت ای قیل لی لاکونن او علی قل۔ ان عصیت شرط جوابہٗ محذوف یدلّ علیہ اخاف عذاب یوم مفعولِ اخاف والشرط معترض۔

تفسیر

پھر فرماتا ہے کہ دنیا میں پھر کر دیکھو کہ انبیاءؑ کے جھٹلانے والوں کا کیا انجام کار ہوا۔ نینوا اور بابل اور عمورا اور صیدا کیسے کیسے شہر تھے اُن کے لوگ کس لُطف و آرام سے زندگی بسر کرتے تھے اُن کی دولت و حشمت کیسی تھی ؛ اُن کے تجملات دُنیا کیا کیا تھے ؛ پھر اُن کی بُت پرستی اور انبیاءؑ کے انکار و گستاخی سے اُن کو کیسا برباد کیا کہ سوائے ٹیلوں کے اور کچھ نظر

Marfat.com

نہیں آتا۔ چونکہ ان کفّار و مشرکین کو اس بات میں بھی کلام تھا کہ اُن بستیوں کو اُن کے گناہوں سے خدا تعالےٰ نے غارت کیا ہے؟ اس بات پر یقین دلاتا ہے کہ تم بتلاؤ کہ آسمان وزمین کی سب چیزوں پر کس کا اختیار ہے یعنی خاص اللہ تعالےٰ کا پس اُس سے یہ کیا بعید ہے؟ پھر تسلّی دیتا ہے کہ ہمارے اس ہلاک کرنے سے کوئی ہم کو قہّارِ محض نہ سمجھے بلکہ ہم نے اپنے اُوپر بندوں کے لئے رحمت کرنا لازم کر لیا ہے دنیا میں تم اُس کا ظہور دیکھ رہے ہو اور یہ فانی اور اُس کے نعماءِ فانیہ کیا ہیں؟ تم کو ہم قیامت میں جمع کریں گے نعماءِ ابدیہ کے لئے (عجب کلام ہے کہ لمن ما سے ذاتِ باری کا اور کتب سے صفات کا اور لیجمعنکم سے آخرت کا ثبوت کس لطف کے ساتھ کیا ہے؟) مگر بدنصیب لوگ پھر بھی ایمان نہیں لاتے۔ اس کے بعد اوّل بطورِ تمہید کے اللہ تعالےٰ کا جمیع مخلوقات پر قادر و مسلّط ہونا بیان کرتا ہے ولہ ما سکن الخ کہ جس طرح زمانہ اُس کے ہاتھ میں ہے اسی طرح زمانیات بھی یعنی جس پر کہ رات دن آتا ہے پھر سمیع علیم ہونا جتلاتا ہے جو معبودیت کے اوصافِ مختصہ میں سے ہے اس کے بعد اُن بت پرستوں پر ایک کوڑا سا پڑتا ہے کہ جب اللہ تعالیٰ ایسا ہے اور فاطر السمٰوٰت ہے سب اُس کے قبضہ میں ہے تمام مخلوق اُس کی محتاج ہے ہو یطعم اور وہ کسی کا محتاج نہیں ولا یطعم، کیا اس کو چھوڑ کر اور معبود کر لوں؟ پھر حکم ہوتا ہے کہ سُنا دے کہ سب سے پہلے مجھے توحید پر چلنے کا حکم ہوا ہے (اگر یہ بُری بات ہے تو سب سے اوّل مجھ پر عائد ہو گی) اور اگر میں بھی اس کا خلاف کروں تو مجھے عذابِ یومِ عظیم کا ڈر ہے کہ جس سے بچنا بڑی مُراد پانا ہے۔

وقف لازم　وقف لازم　باختلاف

وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ

اور (بندے) اگر اللہ تعالےٰ تجھ کو کوئی دُکھ دے تو پھر اُس کو بجز اُس کے کوئی

لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ؕ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ بِخَيْرٍ

بھی دفع نہیں کر سکتا۔ اور اگر تجھے کوئی بھلائی پہنچائے تو

فَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۷﴾ وَهُوَ

وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ اور وہی

الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ ؕ وَهُوَ الْحَكِيْمُ

اپنے بندوں پر غالب ہے۔ اور وہی حکمت والا

الْخَبِيْرُ ﴿۱۸﴾ قُلْ اَيُّ شَيْءٍ اَكْبَرُ

خبردار (بھی) ہے۔ پوچھو کس کی گواہی بڑی معتبر

شَهَادَةً ؕ قُلِ اللّٰهُ قف شَهِيْدٌۢ بَيْنِيْ وَ

ہے۔ کہدو مجھ میں اور تم میں اللہ تعالےٰ گواہ

بَيْنَكُمْ قف وَاُوْحِيَ اِلَيَّ هٰذَا الْقُرْاٰنُ

ہے۔ اور میری طرف یہ قرآن اس لئے نازل ہوا ہے کہ

لِاُنْذِرَكُمْ بِهٖ وَمَنْۢ بَلَغَ ؕ اَئِنَّكُمْ

اس سے تم کو اور جس کو یہ پہنچے (اُس کو) بھی ڈراؤں۔ کیا تم اس بات کی

لَتَشْهَدُوْنَ اَنَّ مَعَ اللّٰهِ اٰلِهَةً اُخْرٰى ؕ

گواہی دے سکتے ہو کہ اللہ تعالےٰ کے ساتھ اور بھی معبود ہیں؟

قُلْ لَّآ اَشْهَدُ ۚ قُلْ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ

کہدو کہ میں تو اس بات کی گواہی نہیں دے سکتا۔ کہدو وہ تو صرف ایک ہی معبود

وَّاحِدٌ وَّاِنَّنِيْ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ﴿۱۹﴾

ہے۔ اور میں تمہارے شرک کرنے سے بیزار ہوں۔

اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا

جن کو ہم نے کتاب دی ہے وہ اُس کو ایسا ہی پہچانتے ہیں[1] جیسا کہ

يَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَهُمْ ۘ اَلَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا

اپنی اولاد کو پہچانتے ہیں۔ جن لوگوں نے اپنے آپ کو خسارہ میں

اَنْفُسَهُمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۲۰﴾

ڈال رکھا ہے سو وہ ایمان نہیں لاتے۔

ترکیب

وان یمسسک　شرط　فلا کاشف　جواب　ہو　مبتدا

[1] یعنی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو خوب پہچانتے ہیں اُن نشانیوں اور علامات سے جو ان کی کتابوں میں یا زبانی منقول تھیں ۱۲ منہ۔ ف۔ اور جن کو تم اس شریک ٹھہراتے ہو میں اس سے بری ہوں۔

Marfat.com

القاہر خبر فوق یا خبر ثانی ہے یا بدل ہے خبر سے یا حال ہے۔ ای شئی مبتدا اکبر خبر شہادۃ تمیز اللہ مبتدا خبر محذوف ای اکبر شہادۃ۔

تفسیر

واضح ہو کہ انسان جو خدا تعالےٰ کے سوا کسی اور معبود کو پوجتا ہے تو اُس کو نافع و ضار سمجھ کر اور طبائع عامہ میں جو بُت پرستی نے رواج پایا تو اُسی امیدِ نفع و خوفِ نقصان سے کہ یہ معبود ہم کو اولاد و تندرستی فراخ دستی دیتے ہیں اور جو اُن کی نذر و نیاز نہیں کرتا تو اُس کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ پھر اس پر جاہلوں میں سینکڑوں جھوٹے افسانے جو اُن کے خیال کے مؤید ہیں مشہور ہوتے ہیں۔ یا کسی کے اندر ایسے کمالاتِ ذاتیہ یا صفاتیہ تصوّر کرکے جو خدا تعالےٰ کے اوصاف کے ہم پہلو ہوتے ہیں۔ عیسائی جو حضرت عیسیٰؑ کو خدا سمجھتے ہیں اسی لئے۔ اور کبھی محض کسی کے قول اور کسی معتبر کی شہادت سے کہ فلاں قابل پرستش ہے۔ چنانچہ مشرکین بہت سی چیزوں کو محض اپنے باپ دادا کے کہنے سے پُوجتے تھے پہلی بات کی نسبت فرماتا ہے وان یمسسک اللہ کہ نافع و ضار اللہ تعالےٰ کے سوا اور کوئی نہیں کیونکہ اس کے سوا جو ہے ممکن جو اپنی ذات و صفات میں ہر دم اُس کا دست نگر ہے جس کا اثر ہر روز ہم اپنی حالت سے محسوس کرتے ہیں۔ دوسری بات کی نسبت فرماتا ہے وھو القاہر یعنی تمام صفاتِ الوہیت کاتین یا تین اصل اصول ہیں، اوّل قدرتِ تامّہ کہ اس کا سب پر زور ہو اُس پر کسی کا زور نہ چلے۔ دوم علم کہ ہر چیز کو جانتا ہو۔ سوم حکیم کہ تمام کائنات میں سلسلۂ نظام اُسی کا رکھا ہو سو یہ تینوں باتیں اس میں پائی جاتی ہیں۔ اوّل کی طرف ھوالقاہر فوق عبادہ دوسرے کی طرف الخبیر میں تیسرے کی طرف ھوالحکیم میں اشارہ کردیا۔ تیسری بات کی طرف قل ای شئی اکبر شہادۃً الخ میں اشارہ کرتا ہے کہ اللہ تعالےٰ سے زیادہ کس کی شہادت ہے؟ سو اُس نے تو اس بات کی شہادت دیدی ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا اور کوئی معبود ہی نہیں اور نیز یہ بھی کہ یہ قرآن مجید اس نے وحی کیا ہے تمھارے اور جس کو یہ قیامت تک پہنچے ڈر سُنانے کو اور اس بات کو اپنی کتابوں میں دیکھ کر اور اس نبیٔ آخرالزّماںؐ کے اوصاف سُن کر اہلِ کتاب ایسا یقین جانتے ہیں کہ جیسا کوئی اپنی اولاد کو پہچانتا ہو۔

وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ

اور اُس سے بڑھ کر کون ظالم ہے کہ جو اللہ تعالےٰ پر جھوٹ

كَذِبًا أَوْ كَذَّبَ بِآيَاتِهِ ۚ إِنَّهُ لَا يُفْلِحُ

باندھے یا اُس کی آیتوں کو جھٹلائے۔ بات یہ ہے کہ ظالموں کو

الظَّالِمُونَ ﴿٢١﴾ وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيعًا

فلاح نہیں ہوتی۔ اور جس دن کہ ہم ان سب کو اکٹھا کریں گے

ثُمَّ نَقُولُ لِلَّذِينَ أَشْرَكُوا أَيْنَ شُرَكَاؤُكُمُ

پھر مشرکوں سے کہیں گے کہ تمھارے وہ معبود کدھر ہیں کہ جن کا

الَّذِينَ كُنْتُمْ تَزْعُمُونَ ﴿٢٢﴾ ثُمَّ لَمْ تَكُنْ

تمھیں گھمنڈ تھا۔ پھر اُن کی کچھ بھی

فِتْنَتُهُمْ إِلَّا أَنْ قَالُوا وَاللَّهِ رَبِّنَا

چالاکی نہ چلے گی۔ بجز اس کے کہ وہ کہیں گے قسم ہے اللہ تعالےٰ اپنے رب کی

مَا كُنَّا مُشْرِكِينَ ﴿٢٣﴾ انْظُرْ كَيْفَ كَذَبُوا

ہم تو کسی کو (بھی) شریک بناتے تھے۔ (اے نبیؐ!) دیکھو اپنے اوپر آپ کیسا

عَلَىٰ أَنْفُسِهِمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَا كَانُوا

جھوٹ بولے اور اُن کی وہ سب فتنہ پردازیاں جو کیا کرتے تھے گئی

يَفْتَرُونَ ﴿٢٤﴾ وَمِنْهُمْ مَنْ يَسْتَمِعُ

گزری ہو جائیں گی۔ اور ان میں سے ایسے بھی ہیں جو آپ کی طرف کان

إِلَيْكَ ۚ وَجَعَلْنَا عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ أَكِنَّةً

لگاتے ہیں اور ان کے دلوں پر ہم نے اس کے نہ سمجھنے کے لئے پردے

لہ یہ دوسرا جو بیان فرمایا اس سے کُل اہلِ کتاب مراد نہیں بلکہ دسی جو اس جاننے کے قابل تھے۔ بہت سے یہود یوں نے اقرار کیا کہ محمد صلے اللہ علیہ وسلم کی نبوّت جاری کتابوں سے ثابت ہے موسیٰؑ اور عیسیٰؑ انھیں کی خبر دے گئے ہیں ۱۲ منہ ۔ یعنی جب تو قرآن پڑھتا ہو سُنتے ہیں مگر ان کے دلوں پر پردے پڑے ہیں سمجھتے نہیں (باقی صفحہ ۳۲۲ پر)

Marfat.com

اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ؕ
ڈال دیتے ہیں، اور اُن کے کانوں میں (بھی) ٹکڑا ڈال رکھا ہے۔

وَاِنْ يَّرَوْا كُلَّ اٰيَةٍ لَّا يُؤْمِنُوْا بِهَا ؕ
اور اگر وہ سب طرح کی نشانیاں بھی دیکھ لیں تب بھی آیات پر ایمان نہ لاویں۔

حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْكَ يُجَادِلُوْنَكَ يَقُوْلُ
یہاں تک کہ جب آپؐ کے پاس آتے ہیں تو آپؐ سے جھگڑا کرتے ہیں۔ منکر یہ کہنے

الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ
لگتے ہیں کہ یہ تو صرف اگلے لوگوں کے قصے (کہانیاں)

الْاَوَّلِيْنَ ﴿۲۵﴾ وَهُمْ يَنْهَوْنَ عَنْهُ وَ
ہیں۔ اور وہ اس سے اوروں کو بھی روکتے ہیں اور

يَنْـَٔوْنَ عَنْهُ ۚ وَاِنْ يُّهْلِكُوْنَ اِلَّآ
خود بھی رُکتے ہیں۔ اور وہ اپنے آپ ہی کو ہلاک کر رہے

اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۲۶﴾ وَلَوْ تَرٰٓى
ہیں اور اُن کو کچھ بھی خبر نہیں۔ اور آپؐ ان کو اس وقت

اِذْ وُقِفُوْا عَلَى النَّارِ فَقَالُوْا يٰلَيْتَنَا
دیکھیں جب وہ جہنم کے کنارے پر کھڑے کئے جائیں گے تو کہیں گے کاش ہم کو دنیا

نُرَدُّ وَلَا نُكَذِّبَ بِاٰيٰتِ رَبِّنَا وَنَكُوْنَ
میں پھر بھیجا جائے اور ہم اپنے رب کی آیتیں نہ جھٹلائیں اور ایمان لانے والوں میں سے

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۲۷﴾ بَلْ بَدَا لَهُمْ مَّا
ہو جاویں۔ (ان کی یہ حسرت ایمان کی رغبت سے نہ ہوگی) بلکہ جس کو وہ

كَانُوْا يُخْفُوْنَ مِنْ قَبْلُ ؕ وَلَوْ رُدُّوْا
پہلے سے چھپاتے تھے وہ اُن کے آگے آئی (اس کی بُرائی اُن پر کھل گئی)۔ اور اگر وہ واپس بھی بھیجے جائیں تو

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۲۱) اور جو کوئی سمجھائے تو کانوں میں ٹیٹیاں ہیں اس کی نہیں سنتے۔ اور جو آنکھوں سے اس کی قدرت کی نشانیاں دیکھتے ہیں تو ایمان نہیں لاتے ۱۲ منہ

۱ یعنی اب تو بڑے اتراتے پھرتے ہیں مگر جب لے جا کر جہنم کے کنارہ پر کھڑے کر دیئے جائیں گے اور اس وقت حسرت سے کہیں گے کاش ہم کو پھر دنیا میں بھیجا جائے کہ وہاں جا کر ہم اپنے رب تعالیٰ کی آیات نہ جھٹلائیں اور ایمان لے آئیں۔ اس وقت اے پیغمبرؐ! تو ان کو دیکھے تو ان کی حقیقت معلوم ہو کہ کیا حالت ہوگی ۱۲ منہ ۲ یعنی ان کی یہ حسرت وہاں بھی ایمان کی رغبت سے نہ ہوگی بلکہ بُرے کاموں کا بدنتیجہ دیکھ کر ڈریں گے اور اس سے بچنے

لَعَادُوْا لِمَا نُهُوْا عَنْهُ وَاِنَّهُمْ
پھر بھی وہی کریں گے جس سے وہ منع کئے گئے تھے اور بیشک وہ

لَكٰذِبُوْنَ ﴿۲۸﴾ وَقَالُوْٓا اِنْ هِيَ اِلَّا
جھوٹے ہیں۔ اور وہ کہتے ہیں کہ ہماری تو صرف یہی دنیا کی

حَيَاتُنَا الدُّنْيَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوْثِيْنَ ﴿۲۹﴾
زندگانی ہے اور ہم مرنے کے بعد اُٹھائے نہ جائیں گے۔

وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ وُقِفُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ ؕ قَالَ
اور اگر آپؐ اُن کو اس وقت دیکھیں کہ جب وہ اپنے رب تعالیٰ کے سامنے کھڑے کئے جاویں گے، وہ فرمائے گا

اَلَيْسَ هٰذَا بِالْحَقِّ ؕ قَالُوْا بَلٰى وَ
کیا یہ حق نہیں؟ کہیں گے ہم کو اپنے رب تعالیٰ کی قسم ہاں (حق ہی)

رَبِّنَا ؕ قَالَ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا
فرمائے گا تو لو اب اپنے کفر کے بدلہ میں

كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۳۰﴾ ع
عذاب (کا مزہ) چکھو۔

ترکیب

فتنتہم کو مرفوع بھی پڑھا ہے تکون کا اسم بنا کر ان قالوا خبر وجاز العکس۔ ان یفقہوہ مفعول لہ ہے ای کراہۃ ان یفقہوہ۔ وقرا معطوف ہے اکنۃ پر حتے اذا اپنے جواب یقول سے مل کر محل نصب میں ہے حتے کا اس جگہ لفظوں میں کچھ عمل نہیں صرف معنی غایۃ دیتا ہے۔ یجادلونک حال ہے ضمیر فاعل جاءوک سے الاساطیر جمع ہے بعض کہتے ہیں اس کا واحد اسطورۃ ہے بعض کہتے ہیں اسطار اور اسطار سطر بہ تحریک الطاء کی جمع ہے اور سطر بسکون الطاء کی جمع سطور آتی ہے اور اسطر بھی۔ ولو تری کا جواب محذوف ہے ای لتری امرا عظیما۔

تفسیر

اہل کتاب کو مشرکین عرب پڑھا لکھا قابل سند سمجھا کرتے تھے کے لئے یہ آرزو کریں گے ۱۲ منہ ۳ یعنی دوبارہ جی اُٹھنا ۱۲ منہ

Marfat.com

اور وہ بجز چند اہل انصاف کے جیسا کہ عبداللہ بن سلام، جب مشرکوں سے ملتے تو بجائے ادائے شہادت کے جان بوجھ کر تکذیب ہی کر جاتے تھے۔ اس پر خدا تعالےٰ فرماتا ہے جو خدا تعالےٰ پر جھوٹ باندھے (یعنی نبی نہیں اور نبوت و الہام کا دعوی کر بیٹھے جیسا کہ تم حضرت محمد علیہ السلام کی نسبت اے اہل مکہ خیال کرتے ہو) اور اسی طرح جو اللہ تعالےٰ کی آیات کی تکذیب کرے جیسا کہ اہل کتاب اور تم کر رہے ہو کون زیادہ ظالم ہے؛ یعنی جو نبوت کا جھوٹا دعوے کرے وہ بھی ظالم ہے اور جو سچے نبیؐ اور خدا تعالےٰ کی آیات کا انکار کرے وہ بھی ظالم ہے اب دونوں فریق میں سے ناحق کی یہ پہچان ہے کہ ظالم کو فلاح نہ ہوگی۔ اگر یہ نبیؐ جھوٹا ہے تو حسب وعدۂ الٰہی جیسا کہ توریت میں مذکور ہے یہ خود خراب خستہ ہو جاوے گا، قتل کیا جاوے گا اس کی جماعت تتر بتر ہو جاوے گی یہ کامیاب نہ ہوگا۔ اور جو تم ناحق پر ہو تو یہ کامیاب ہوگا اور تم ذلیل و مقہور ہو جاؤ گے حالانکہ بالفعل تمھاری ذلت کا بظاہر اس نبیؐ کی جماعت کے ہاتھ سے جو نہایت پست حالت میں ہے کوئی سامان نہیں۔

سبحان اللہ! اس سے بڑھ کر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی صداقت کے لئے اور کیا پیشین گوئی ہوگی جس کے مطابق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سرسبز اور کامیاب ہوتے گئے مخالفین ذلیل و خوار ہو گئے نہ تنہا عرب کے مخالفین کو بلکہ اُس وقت روئے زمین پر جو دو سلطنتیں قابض تھیں روم و ایران اُن کو بھی نبیؐ کے پیروؤں کے پاؤں میں ڈال دیا۔

اس کے بعد حشر میں جو کچھ مشرکین کے ساتھ معاملہ ہوگا اُس کا ذکر فرماتا ہے بقولہ ویوم نحشرہم جمیعًا الخ قولہ ماکانوا یشترون کہ حشر کو ہم سب کو جمع کر کے مشرکین سے پوچھیں گے کہ تمھارے وہ معبود کہاں ہیں کہ جن کو تم پوجتے اور اُن پر بڑا بھروسہ رکھتے تھے سو وہاں بجز اس کے اور کچھ جواب نہ بن آئے گا کہ قسم کھا کر کہیں گے کہ ہم تو دنیا میں کسی کو خدا تعالےٰ کا شریک نہ کرتے تھے، اپنی عادت کے موافق وہاں بھی کیسا جھوٹ بولے اور وہاں اُن کے یہ سب ڈھکوسلے غلط ہو جائیں گے۔ سبحان اللہ کس خوبی کے ساتھ شرک کی مذمت کی ہے۔ ومنہم من یستمع ایک بار ابوسفیان اور ولید بن مغیرہ و نضر بن حارث اور عقبہ و عتبہ و شیبہ و امیہ بن خلف و حارث بن عامر و ابوجہل بڑے بڑے سرکش کافر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا قرآن سننے آئے۔ آپؐ اُس وقت سبح سبح پڑھ رہے تھے کان لگا کر سننے لگے۔ سن کر ایک نے کہا یہ تو اگلے لوگوں کی کہانیاں ہیں۔ فرماتا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ خدا تعالیٰ نے اُن کے دلوں پر پردے ڈال دیئے ہیں کہ جس سے کوئی کیسی ہی کھلی اور حق بات کیوں نہ ہو اُن کی سمجھ میں نہیں آتی اور اُن کے کان میں بھی قدرتی ثقل ہے گویا کہ یہ حق سن ہی نہیں سکتے (الٰہی توبہ جب قہر الٰہی کا پردہ دل اور آنکھوں اور کانوں پر پڑ جاتا ہے پھر ہزار معجزے دکھاؤ جب بھی نہیں مانتا۔ حضرت مسیحؑ کے یہود نے کیا کچھ معجزے دیکھے مگر ایمان نہ لائے) اور اسی پر بس نہیں کہ خود نہیں مانتے بلکہ لوگوں کو بھی روکتے ہیں پھر اُن کا حشر میں تأسف کرنا اور جہنم کے کناروں پر کھڑے ہو کر رونا اور دنیا میں دوبارہ آنے کی آرزو کرنا کہ اب ایسا نہ کریں گے۔ بیان فرماتا ہے اور اس حسرتناک پیش آنے والے دن کی کیفیت کا نقشہ دل پر کھینچتا ہے کہ جس سے انسان کی روح کپکپا اُٹھتی ہے۔ ان جملوں میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی نبوت اور عالم حشر کا ثبوت عجب لطف کے ساتھ کیا گیا ہے جس لئے یہ کلام اوّل کے بعد آیا۔

قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِلِقَآءِ اللّٰهِ ؕ

بیشک وہ تو خرابی میں پڑ گئے جنھوں نے اللہ سے ملنے کو جھوٹ جانا[1]

حَتّٰۤى اِذَا جَآءَتْهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً

یہاں تک کہ جب اُن پر وہ گھڑی اچانک آ پہنچے گی

قَالُوْا يٰحَسْرَتَنَا عَلٰى مَا فَرَّطْنَا فِيْهَا ۙ

کہیں گے افسوس ہماری کوتاہی پر جو ہم نے (قیامت کے بارہ میں) کی

[1] یعنے یہ انکار قیامت اسی وقت تک ہے کہ قیامت نہیں آتی پھر جب اچانک آ گئی تو حسرت کریں گے اور پچھتا رہے ہوں گا۔ ۱۲ منہ

Marfat.com

وَهُمْ يَحْمِلُونَ أَوْزَارَهُمْ عَلَىٰ ظُهُورِهِمْ ۖ
اور وہ اپنے بوجھوں کو اپنی پیٹھوں پر اٹھائے ہوں گے۔

أَلَا سَاءَ مَا يَزِرُونَ ﴿٣١﴾ وَمَا الْحَيَاةُ
دیکھو بہت ہی برا بوجھ ہوگا جس کو وہ اٹھائے پھریں گے۔ اور دنیا کی زندگی

الدُّنْيَا إِلَّا لَعِبٌ وَلَهْوٌ ۖ وَلَلدَّارُ
ہے کیا مگر کھیل اور تماشہ۔ اور پرہیزگاروں کے لئے

الْآخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِينَ يَتَّقُونَ ۗ أَفَلَا
آخرت کا گھر بہت ہی بہتر ہے۔ پھر تم کیا

تَعْقِلُونَ ﴿٣٢﴾ قَدْ نَعْلَمُ إِنَّهُ لَيَحْزُنُكَ
نہیں سمجھتے۔ (اے نبی مو!) ہم جانتے ہیں کہ آپ کو ان کی

الَّذِي يَقُولُونَ فَإِنَّهُمْ لَا يُكَذِّبُونَكَ
باتوں سے رنج ہوتا ہے سو وہ آپ کو تو نہیں جھٹلاتے

وَلَٰكِنَّ الظَّالِمِينَ بِآيَاتِ اللَّهِ يَجْحَدُونَ ﴿٣٣﴾
بلکہ وہ ظالم اللہ تعالےٰ کی آیتوں کا انکار کر رہے ہیں۔

وَلَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّن قَبْلِكَ
اور آپ سے پہلے بھی بہت سے رسول جھٹلائے جا چکے ہیں

فَصَبَرُوا عَلَىٰ مَا كُذِّبُوا وَأُوذُوا حَتَّىٰ
پر وہ ان کے جھٹلانے اور ایذاؤں پر صبر کرتے رہے۔ یہاں تک کہ

أَتَاهُمْ نَصْرُنَا ۚ وَلَا مُبَدِّلَ لِكَلِمَاتِ
ان کے پاس ہماری مدد آگئی۔ اور اللہ تعالیٰ کی باتیں کوئی بدل نہیں

اللَّهِ ۚ وَلَقَدْ جَاءَكَ مِن نَّبَإِي الْمُرْسَلِينَ ﴿٣٤﴾
سکتا۔ اور البتہ آپ کو رسولوں کا (کچھ) حال معلوم بھی ہو چکا ہے۔

تفسیر

قیامت کے منکروں کو ایک اور طور سے نادم کیا جاتا ہے کہ یہ لوگ جو اللہ تعالےٰ سے ملنے کے منکر ہیں خسارہ میں پڑ گئے کیونکہ جب وہ ساعتِ موت، جو قیامتِ کبریٰ کا مقدمہ ہے، یکایک آجائے گی تو حیرت کریں گے اس وجہ سے کہ قیامت کا تو ان کو یقین ہی نہیں اور قاعدہ ہے کہ جس چیز کا یقین نہیں ہوتا اس کے لئے کوئی سامان کافی نہیں کیا جاتا ایسی حالت میں وہ دنیا کی لذات اور یہاں کی آسایش و کامیابی کے لئے ہی دوڑ دھوپ کرتا ہے آخرت کے لئے کوئی سامان نہیں کرتا ایسی حالت میں موت کا آجانا گویا ایک ایسے عظیم الشان مہم کا پیش آجانا ہے کہ جس کے لئے کچھ بھی سامان نہیں کیا گیا ایسے وقت میں کس قدر تاسف ہوتا ہے یا حسرتنا علےٰ ما فرطنا فیہا۔ دوم وہم یحملون اوزارہم علےٰ ظہورہم کہ وہ جو انھوں نے گناہ کمائے ہیں اور یا جو کچھ حسرت و افسوس کا انبار ہے سب کا بوجھ ان کی پیٹھ پر لدا ہوگا جو نہایت برا بوجھ ہے۔ بعض علماء فرماتے ہیں کہ انسان کے اعمال مرنے کے بعد متشکل ہو کر نظر آویں گے برے اعمال اس پر کریہہ شکل میں سوار ہوں گے اچھے اعمال کے مراکب حسنہ پر یہ سوار ہوگا، اور وہ اس کے جلیس و انیس و رفیق ہو جاویں گے۔ بس اس سے زیادہ کون سے نقصان کی صورت ہے کہ عمر چند روزہ جو سعادتِ جاودانی حاصل کرنے کے لئے ملی تھی اس کو شقاوتِ جاودانی حاصل کرنے میں صرف کر دیا گویا پانی خریدنے کو نکلے تھے ان داموں سے زہر خرید کر پی لیا۔ قد خسروا چونکہ یہ کوتاہ نظر جو قیامت کا انکار کرتے ہیں تو محض اس وجہ سے کہ لذائذ دنیا میں ایسے مدہوش ہیں کہ جیسے لڑکے کھیل کود میں مصروف ہو کر اپنے اصلی مقاصد سے غافل ہو جاتے ہیں اس لئے فرماتا ہے کہ ما الحیوٰۃ الدنیا یہ دنیا کھیل کود ہے یعنی جس طرح کھیل کود کا تھوڑا سا وقت ہوتا ہے جس کے بعد وقت ضائع کرنے پر افسوس ہوتا ہے۔ یہی حال دنیا کا ہے اور دار آخرت باقی اور وہاں کے لذائذ باقی ہیں۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو جو مشرکین قیامت اور وہاں کے حساب و کتاب کی بابت جھٹلاتے تھے آپ کو بمقتضائے بشریت رنج ہوتا تھا قد نعلم الخ میں خدا تعالےٰ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تسلی کرتا ہے کہ ہمیں

لہ وزر کی جمع اوزار ہے جس کے معنے بار۔ چونکہ وزیر بادشاہ کے تمام کاروبار اٹھاتا ہے اس لئے اس کو بھی وزیر کہتے ہیں ۱۲ منہ

Marfat.com

ان کا جھٹلانا اور آپ کا رنجیدہ ہونا معلوم ہے وہ درحقیقت آپ کو نہیں بلکہ اللہ تعالےٰ کی آیتوں کو جھٹلا رہے ہیں (رسولؐ کی تکذیب دراصل اُسی کی تکذیب ہے جس کا وہ رسول ہے) سو آپؐ صبر کیجئے پہلے انبیاء علیہم السّلام کو بھی لوگوں نے جھٹلایا اور ایذائیں دی ہیں پھر خدا تعالےٰ کا وعدہ مقررہ جو کسی سے ٹل نہیں سکتا آگیا وہ ہلاک ہوئے۔

وَاِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكَ اِعْرَاضُهُمْ

اور اے نبیؐ! اگر آپ پر ان کا منہ پھیرنا شاق گزرتا ہے تو

فَاِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ تَبْتَغِيَ نَفَقًا فِي

آپ سے ہو سکے تو کوئی زمین میں سرنگ تلاش کرکے

الْاَرْضِ اَوْ سُلَّمًا فِي السَّمَآءِ فَتَاْتِيَهُمْ

یا آسمان کے لئے سیڑھی پیدا کرکے ان کو کوئی نشان

بِاٰيَةٍ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَمَعَهُمْ عَلَى الْهُدٰى

لا دیجئے۔ اور اگر اللہ تعالےٰ چاہتا تو ان سب کو ہدایت پر جمع کر دیتا

فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿۳۵﴾ اِنَّمَا

پھر آپؐ ہرگز نادان نہ بن جاتا کہ عذاب کی جلدی کرنے لگو) مانئے تو

يَسْتَجِيْبُ الَّذِيْنَ يَسْمَعُوْنَ ؕ وَالْمَوْتٰى

وہی ہیں جو (دل سے) سُن سکتے ہیں (کفار مُردے ہیں) اور مُردوں کو تو اللہ

يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ ثُمَّ اِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ﴿۳۶﴾

ہی زندہ کرے گا پھر وہ اس کی طرف پھر کر لائے جائیں گے۔

ترکیب

ان شرطیہ اعراضھم کبر کا فاعل فان استطعت شرط ان تبتغی مفعول استطعت۔ فتاتیھم جواب۔ یہ دونوں شرط اور جواب مل کر شرط اوّل کی جزا ہوئے۔

تفسیر

آنحضرت علیہ السّلام کی نبوّت میں جو کفّار کو تامّل ہوتا تھا اُس کے چند خیالی سبب تھے۔ منجملہ اُن کے ایک یہ تھا کہ وہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے وقتاً فوقتاً امتحان کے طور پر معجزات کا سوال کرتے تھے اور عادت اللہ یوں جاری نہیں کہ لوگوں کے کہنے پر معجزہ ظاہر کیا جاوے اس لئے جب بوقتِ صلیب یہود نے حضرت مسیحؑ سے معجزہ طلب کیا تو صاف انکار کیا (انجیل) چنانچہ ایک بار حارث بن عامر بن نوفل بن عبدمناف چند کفار قریش کے ساتھ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہو کر کسی معجزہ کا خواستگار ہوا جس کا ظاہر کرنا خدا تعالےٰ نے نہ چاہا اس لئے وہ جماعت اس وقت ایمان نہ لائی۔ یہ بات آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو (اس لئے کہ آپؐ کی کمال رغبت تھی کہ کسی طرح یہ قوم جو ہلاکت کے دریا میں غوطہ کھا رہی ہے نجات پائے) شاق معلوم ہوئی اس پر یہ آیت نازل ہوئی (کبیر)۔ فرماتا ہے اگر تجھے اے نبیؐ! ان کا اعراض کرنا شاق معلوم ہوتا ہے تو ہوا کرے خدا تعالےٰ کو ان کی گمراہوں کی کچھ بھی خاطر نہیں۔ تو اُن سے ایمان کی طمع نہ کر اور مرضیٔ الٰہی بغیر ان کو نشان دکھانا محال ہے (اس کو آسمان تک سیڑھی بنانے اور زمین میں سرنگ لگانے کے ساتھ تعبیر کیا ہے جو عادتاً محال ہیں) پھر تسلّی دیتا ہے کہ اللہ تعالےٰ ہی کو منظور نہیں ورنہ وہ چاہتا تو سب کو راہِ راست پر کر دیتا (وہ قادرِ مختار ہے جو چاہے کرے)۔

پھر اپنی نامرضی کی وجہ بیان فرماتا ہے کہ ان میں ہدایت کی صلاحیت ہی نہ رہی یہ گمراہ ازلی ہیں ان کی حیاتِ روحانی جاتی رہی اس کو انما یستجیب الخ کے ساتھ تعبیر فرماتا ہے کہ ان میں سُننے کی اور ماننے کی لیاقت ہی نہ رہی جیسا کہ مُردوں

لہ اگر تیرے دل میں بنی آدم کی ہمدردی کا جوش ہے اور تجھے ان کا منکر رہنا ناگوار گزرتا ہے تو جو تدبیر تجھ سے ہو سکے کر گزر زمین میں سرنگ لگا یا آسمان پر سیڑھی اور ان کی خواہش سے ان کو معجزہ دکھا مگر جب بھی وہ نہ مانیں گے ازلی گمراہ ہیں یہاں ایسا ہی متفطن تھا ۱۲ منہ ۲ یعنی جو دل سے سُن سکتے ہیں وہی ایمان لاتے ہیں اور یہ زندہ دلوں کا کام ہے اور منکر مُردہ دل ہیں پھر مُردوں کو دنیا میں کیا ہدایت ہوگی ان کو تو اللہ تعالےٰ ہی قیامت میں زندہ کریگا ۱۲ منہ

Marfat.com

میں یہ طاقت نہیں رہی ہاں اب ان مُردوں کا زندہ کرنا اسی کے اختیار میں ہے سو وہ دنیا میں تو زندہ نہیں کرے گا نہ ان کو یہ صلاحیت ایمان عطا فرمائے گا ہاں صرف حشر کے روز زندگی باقی ہے سو وہ اُس روز زندہ کرے گا پھر اُسی وقت یہ لوگ مجبوراً اللہ تعالےٰ کی طرف رجوع کریں گے دُنیا میں تو کرتے نظر نہیں آتے۔ جیسا کوئی حاکم کہے کہ یوں تو ہمارے پاس نہیں آتے مگر گرفتار ہو کر آویں گے۔

وَقَالُوْا لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ

اور (کافر) یہ بھی کہتے ہیں کہ اس پر اُس کے رب کی طرف سے کوئی نشانی کیوں

رَّبِّهٖ ؕ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ قَادِرٌ عَلٰٓى اَنْ

نازل نہ کی گئی؟ کہدو کہ اللہ تعالیٰ نشانی نازل کرنے پر تو قادر ہے لیکن

يُّنَزِّلَ اٰيَةً وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۷﴾

ان میں سے بہت سے جانتے ہی نہیں یہ

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِى الْاَرْضِ وَلَا

اور جتنے حیوانات زمین پر چلتے پھرتے ہیں اور جتنے پرندے

طٰٓئِرٍ يَّطِيْرُ بِجَنَاحَيْهِ اِلَّآ اُمَمٌ اَمْثَالُكُمْ ؕ

اپنے دونوں بازوؤں سے اُڑتے پھرتے ہیں سب تمھارے ہی جیسے گروہ ہیں[1]

مَا فَرَّطْنَا فِى الْكِتٰبِ مِنْ شَىْءٍ ثُمَّ

ہمنے کتاب میں کوئی بات نہیں چھوڑی، پھر وہ سب (کے سب) اللہ تعالےٰ کے

اِلٰى رَبِّهِمْ يُحْشَرُوْنَ ﴿۳۸﴾ وَالَّذِيْنَ

پاس اکٹھے کئے جاویں گے۔ اور جو ہماری آیتیں جھٹلاتے

كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا صُمٌّ وَّبُكْمٌ فِى الظُّلُمٰتِ ؕ

ہیں وہ بہرے اور گونگے ہیں اندھیرے میں پڑے ہوئے۔

مَنْ يَّشَاِ اللّٰهُ يُضْلِلْهُ ؕ وَمَنْ يَّشَاْ

جس کو اللہ تعالیٰ چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے۔ اور جس کو چاہتا ہے

يَجْعَلْهُ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۳۹﴾ قُلْ

راہ راست پر لاتا ہے۔ کہہ دیجیو تو

اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ اَوْ

اگر تم پر اللہ تعالےٰ کا عذاب آپڑے یا وہ گھڑی

اَتَتْكُمُ السَّاعَةُ اَغَيْرَ اللّٰهِ تَدْعُوْنَ ۚ

آجائے تو کیا تم اللہ کے سوا کسی اور کو پکارو گے

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۴۰﴾ بَلْ اِيَّاهُ

اگر سچے ہو (تو بتاؤ)۔ بلکہ اسی کو

تَدْعُوْنَ فَيَكْشِفُ مَا تَدْعُوْنَ اِلَيْهِ

پکارو گے پھر اگر چاہے تو جس مصیبت کے دُور کرنے کے لئے اُس کو

اِنْ شَآءَ وَتَنْسَوْنَ مَا تُشْرِكُوْنَ ﴿۴۱﴾

پکارو گے اُس کو دُور بھی کرے اور جن کو اُس کا شریک کرتے ہو ان کو بھول جاؤ۔

ترکیب

فرّاء نے کہا ہے ارایت کا لفظ عرب میں دو معنی میں استعمال ہوتا ہے ایک رؤیۃ العین جب کسی کو کہے گا ارایتک تو اس سے مراد ارائت نفسک ہے یہ مثنی و مجموع ہوتا ہے ارایتکما ارایتکم۔ دوسرے معنے ارایتک اخبرنی جب ان معنی میں استعمال ہوگا تو تاء مفتوحہ لاویں گے ہر حال میں ارایتک ارایتکما ارایتکم ارایتکنّ۔ بصریوں کے نزدیک ارائتک میں کاف جو ضمیر ثانی ہے اس کا کوئی محل اعراب نہیں بلکہ یہ حرف صرف خطاب کے لئے ہے۔ فرّاء کہتے ہیں کاف تاکید کے لئے نہیں۔

تفسیر

منکرینِ نبوّت کے شبہات کی یہ چوتھی قسم ہے۔ وہ کہتے تھے کہ

[1] کہ معجزہ نازل نہ کرنے میں کیا کیا مصلحت ہیں ۱۲ منہ [2] یعنے جس طرح بنی آدم کے گروہوں کے جداجدا نام اور اقسام ہیں اسی طرح ان کے بھی چیونٹی سانپ بچھو، چیل چڑیا کوّا ابہر ایک جنس اور نوع جُدا ہوا اسی طرح ان کی بھی رزق اور اجل مقرر ہے اور اسی طرح ان کو بھی اُن کے انواع کے مفید علوم الہام ہوتے ہیں حشرات الارض زمین میں مناسب مواقع پر بلے اور سوراخ بناتے ہیں پرند اُونچے اُونچے درختوں میں کس خوبی سے گھونسلے بناتے ہیں کہ جس سے عقلاء کی عقل دنگ ہو جاتی ہے پھر جب حیوانات پر ہماری یہ عنایت ہو تو نوعِ انسان کو ہم امورِ آخرت سے کیونکر بے بہرہ چھوڑ دیتے جو اللہ کے عقلاء کی عقل پوری رہنمائی نہیں کر سکتی ہر اس لئے ہم نے انبیاء بھیجے اور سب سے اخیر اس نبی علیہ السلام کو بھیجا پھر بار بار کیا ان کے نشانیاں اور معجزے مانگتے ہو ۱۲ منہ [3] کتاب یعنی لوح محفوظ ۱۲ منہ

Marfat.com

اگر آپ نبی برحق ہیں تو ہمارے کہنے کے موافق کیوں معجزہ نہیں دکھاتے؟ اس کے جواب میں فرماتا ہے کہ خدا تعالےٰ اس پر بھی قادر ہے مگر اس قسم کے معجزات انجام کار منکروں کے قطع و برید کا باعث ہو جاتے ہیں اور نیز عادت اللہ بھی یوں جاری نہیں اور ایسے معجزات کا کچھ فائدہ بھی نہیں ہوتا کیونکہ ایسے منکر پھر بھی ایمان نہیں لاتے پھر بنوّت نہ ٹھیری بھان متی کا تماشا ٹھیرا۔ ان سب باتوں کی طرف اس جملہ میں اشارہ کرتا ہے ولٰکن اکثرہم لایعلمون۔ وما من دابۃ اس بگڑ ان کے شبہات کا رد کر کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کا اثبات کرتا ہے۔ رد اس طرح سے کہ زمین پر چلنے والوں اور ہوا پر اُڑنے والے پرندوں کو خیال کرو کہ اُن پر ہماری کیسی رحمت ہے پھر اگر ایسے معجزات، میں تمہارے لئے رحمت ہوتی تو ہم ہرگز دریغ نہ کرتے کیونکہ ہم کو قدرت ہے اور قدرت کا ثبوت بھی ان چرند پرند مخلوقات میں غور کرنے سے ظاہر ہے کہ چیونٹی سے لے کر ہاتھی تک اور چڑیا سے لے کر باز سیمرغ تک جس نوع کو دیکھو گے اُس کے انتظامات اور آفرینش میں اُس کی قدرت کی نشانی دکھائی دے گی اور ثبوت اس طرح پر کہ ان تمام انواع واقسام حیوانات کو غور کر کے دیکھو تو وہ بھی تمہاری مثل ہیں کھانے میں پینے میں چلنے میں لڑنے میں ملاپ میں بچوں کی پرورش اور گھر بنانے میں پھر جب اس رحیم کریم نے ان حیوانات کو بغیر ایک معلّم اور سردار کے خالی نہیں چھوڑا۔ باوجودیکہ ان میں بھی ایک پیشرو ہے چیونٹیوں میں بھی ایک پیشرو ہے علی ہذا القیاس تو پھر وہ اس اشرف انواع حیوان یعنی انسان کو بغیر معلّم روحانی کے کیونکر خالی چھوڑتا اور اس زمانہ میں کہ تمام عالم میں گناہوں کی اور کفر و بت پرستی کی گھٹا چھائی ہوئی ہے اس معلّم کی زیادہ ضرورت ہے اور اس وقت میں بجز محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے تم کو اور کون دکھائی دیتا ہے۔ ماقبل سے لے کر صراط مستقیم تک یہ بات بتلاتا ہے کہ قرآن مجید میں ہر ایک قسم کے اسرار اور دلائل و دلیعت رکھے گئے ہیں مگر کفار اندھے بہرے ہیں ان کو وہاں تک رسائی نہیں۔ ایک فطری بات سے اپنی ذات کا نشان دیتا ہے کہ ان ملحد اور مشرکوں سے پوچھو کہ جب کوئی سخت مصیبت کا وقت آتا ہے تو روح کا میلان اپنی اسی حیثیت اصلی کی طرف ہوتا ہے اگر مبالغہ نہ ہو اس حالت میں اُسی کو پکارتے ہیں پھر وہی خلاصی دیتا ہے۔

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا إِلَىٰ أُمَمٍ مِّن قَبْلِكَ

اور البتہ ہم نے آپ سے پہلی اُمتوں کی طرف بھی رسول بھیجے ہیں

فَأَخَذْنَاهُم بِالْبَأْسَاءِ وَالضَّرَّاءِ لَعَلَّهُمْ

سو ہم نے اُن پر گیوں کو خوف اور مرض میں مبتلا کیا کہ (کہیں) عاجزی

يَتَضَرَّعُونَ ﴿٤٢﴾ فَلَوْلَا إِذْ جَاءَهُم

کریں۔ پھر جب کہ اُن پر ہمارا عذاب آیا تو

بَأْسُنَا تَضَرَّعُوا وَلَٰكِن قَسَتْ قُلُوبُهُمْ

کیوں نہ عاجزی کی لیکن اُن کے دل تو سخت ہو گئے تھے

وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطَانُ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿٤٣﴾

اور شیطان نے اُن کے (بد) کاموں کو (اُن کی نگاہ میں) آراستہ کر دکھایا تھا۔

فَلَمَّا نَسُوا مَا ذُكِّرُوا بِهِ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ

پھر جب کہ اُنھیں جس کی نصیحت کی گئی تھی اُسے بھول گئے ہم نے بھی اُن پر ہر

أَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ حَتَّىٰ إِذَا فَرِحُوا

چیز کے دروازے کھول دیئے۔ یہاں تک کہ جو نعمتیں اُن کو دی گئی

بِمَا أُوتُوا أَخَذْنَاهُم بَغْتَةً فَإِذَا هُم

تھیں ان پر اترانے لگے تو ہم نے ان کو یکایک پکڑ لیا پھر تو وہ ناامید

مُّبْلِسُونَ ﴿٤٤﴾ فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِينَ

ہو گئے۔ پس ظالم قوم کی جڑ کاٹ دی گئی۔

ظَلَمُوا ۚ وَالْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿٤٥﴾

اور سب تعریفیں اللہ تعالیٰ ہی کے لئے ہیں جو تمام عالم کا رب ہے۔

ترکیب

فلولا کلمہ تحضیض ہے۔ اذ جاءہم ظرف ہے تضرعوا کا زیّن جملہ معطوف ہے قست قلوبہم پر۔ ما کانوا جملہ مفعول ہے زیّن کا ہم اس سے متعلق ہے۔

Marfat.com

تفسیر

پہلے ذکر تھا کہ شدائد میں کفار بتوں کو چھوڑ کر اُس کی طرف رجوع کرتے ہیں پھر وہ اپنی رحمت سے اُن کی مصیبت دُور کر دیتا ہے (غالباً مکہ مکرمہ یا عرب کے بُت پرست ایسا کرتے تھے کیونکہ وہ اللہ تعالےٰ اور اُس کی قدرتِ کاملہ کے بھی قائل تھے البتہ بُتوں اور تھانوں اور دیگر خیالی معبودوں کو خدا تعالےٰ کی طرف کارکُن سمجھ کر پُوجتے اور اُن کو پکارتے تھے جیسا کہ اکثر ہندو کرتے ہیں)۔ اب یہاں یہ بات بتاتا ہے اے نبی علیک السّلام ان سے بھی بڑھ کر سیاہ دل قومیں گزری ہیں کہ وہ مصیبت کے وقت بھی خدا تعالےٰ کو پکارنا بھُول گئے تھے پھر جب اُن کی یہ حالت ہوئی اور انبیاء علیہم السّلام کے تمام وعظ و نصیحت کو بالائے طاق رکھدیا تو پھر اُن پر اپنی رحمت کے دروازے کھول دیئے، غلّے اور میوے ہیں کہ خوب پیدا ہوتے ہیں تجارت اور صنعت میں کامیابی ہے الغرض ہر ایک قسم کی خوشی اور کامیابی دی گئی (جیسا کہ آج کل اہلِ یورپ اور ان کے ہم خیال لوگوں کو ہے) یہ اس لئے کہ سختی سے وہ خدا تعالےٰ کی طرف رجوع نہ ہوئے کاش اس راحت اور سرُور میں ہی اس کی طرف رجوع کریں مگر یہ بھی نہ ہوا کیونکہ اُن کے دل سیاہ ہوگئے تھے وہ اس سختی اور تنگدستی کے زمانہ کو اور پھر اس راحت و سرُور کے عہد کو اپنے گناہوں پر خدا تعالےٰ کی طرف سے تنبیہ و آزمایش خیال نہیں کرتے تھے بلکہ اپنی سوءِ تدبیری اور خوش تدبیری کا نتیجہ کہتے تھے اُن کے محقّق خُدا تعالےٰ کو وہی چیز خیال کرنے لگے کہ صاحب ہم نے یوں کوشش کی اور یہ کیا اور یوں تدبیر کی تو یوں راحتیں ہم کو نصیب ہوئیں اور ایسا نہ کیا تھا تو تنگدستی بدرقبالی تھی اس میں خدا تعالےٰ نے کیا کر دیا اور خدا کیسا۔ جیسا کہ آج کل دہریوں کے خیالات فاسدہ ہیں (مانا کہ عالمِ اسباب میں بندہ کی خوش تدبیری اور تدبیری کو دخل ہے مگر ارضی و سماوی راحت و مصیبت میں کیا دخل ہے اور نیز خوش تدبیری اور بدتدبیری اُدھر سے ہے) پس جب اُن کی یہ حالت ہوئی تو اُن پر خدا تعالےٰ کی طرف سے ناگہانی بلا نازل ہوئی اور وہ قومیں ہلاک ہوگئیں۔ ایسی راحت و سرور کی حالت میں بلا آنا بھی غضب ہے ولقد ارسلنا الخ پھر ان پر بیماری اور قحط اور بے امنی کی بلائیں بھی نازل ہوئیں لعلھم یتضرّعون تاکہ عاجزی اور خدا تعالےٰ کی طرف رجوع کریں۔ التضرّع التخشع وھو الانقیاد وترک التمرد۔ ولکن قست قلوبھم اُن کے دل سخت ہو گئے تھے جن میں الحاد و شہوت و تکبّر کے سوا اور کچھ نہ تھا اس پر زیّن لھم الشیطٰن الخ شیطان نے افعالِ بد کو اُن کی آنکھوں میں خوب چُبھا دیا تھا کہ وہ ان کو بہت اچھا سمجھتے تھے فلمّا نسوا پھر جب وعظ و نصیحت کو بھُول گئے تو فتحنا علیھم ابواب کل شیٔ ان پر راحت اور سرور کے دروازے کھول دیئے امتحان و آزمائش کے لئے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے گناہ کرنے پر جب انسان کو سزا نہ ملے بلکہ راحت و آسایش پیش آوے تو اُس کو قہرِ الٰہی سے ڈرنا چاہیئے (معالم) کیونکہ یہ ایسی راحت ہے جس طرح پھانسی دینے سے پہلے اُس کو ہر قسم کے کھانے پینے کی رخصت دیتے ہیں۔ پھر قطع دابر القوم خدا تعالےٰ نے اُن کی جڑ کاٹ دی سینکڑوں نشان اُن کے اُجاڑ شہروں کے اب تک پائے جاتے ہیں یہ ہلاکت کبھی زلزلہ سے ہوئی جیسا کہ کئی سو برس ہوئے کہ اٹلی میں کئی شہر اور ہزاروں آدمی غارت ہو گئے اور کبھی کسی قہّار بادشاہ کے ہاتھ سے اور کبھی آسمان سے پتھر برسانے سے اور کبھی وبا، اور قحط سے۔

قُلْ اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ اَخَذَ اللّٰهُ سَمْعَكُمْ

(اے نبی ﷺ!) کہو تم دیکھو تو سہی اگر اللہ تعالےٰ تمہاری شنوائی

لہ بابل اور نینوا کو اس وقت کی ترقی اور ترقّی میں لندن اور پیرس سے کچھ کم نہ تھے مگر اُن پر کیا موقوف ہے ہزاروں جگہ زمین کھود نے کے بعد شاہی محل اور سلطانی بارگاہوں کے نشان برآمد ہوتے ہیں بہت سے شہر پہاڑ میں سے ایک قسم کا دھات سا گرم مادہ بہنے سے دفعتاً ہلاک ہو گئے ہیں اُس کے غضب سے ڈرنا چاہیئے۔ چند روز ہوئے کشمیر میں بہت لوگ زلزلہ سے ہلاک ہوئے ۱۲ منہ

Marfat.com

وَاَبْصَارَكُمْ وَخَتَمَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ مَّنْ
اور بینائی چھین لے اور تمھارے دلوں پر مہر کردے تو اللہ تعالیٰ
اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِهٖ ؕ اُنْظُرْ كَيْفَ
کے سوا کوئی (اور بھی) معبود ہے جو تم کو انھیں لاکر دیوے۔ دیکھو ہم کیونکر طرح
نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ ثُمَّ هُمْ يَصْدِفُوْنَ ﴿۴۶﴾
طرح سے دلیلیں بیان کرتے ہیں پھر بھی وہ منہ پھیرے لیتے ہیں۔
قُلْ اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ
کہو تم دیکھو تو سہی اگر تم پر عذاب الٰہی یکایک
اللّٰهِ بَغْتَةً اَوْ جَهْرَةً هَلْ يُهْلَكُ
یا کھلم کھلا آپڑے تو ظالموں کے سوا کوئی اور بھی
اِلَّا الْقَوْمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَمَا نُرْسِلُ
ہلاک ہوگا؟ اور ہم رسولوں کو
الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّا مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ ۚ
تو صرف خوشی اور ڈر سنانے کو بھیجا کرتے ہیں۔
فَمَنْ اٰمَنَ وَاَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ
پھر جو کوئی ایمان لائے اور نیک ہو جائے تو اس پر نہ کچھ خوف ہے
وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا
اور نہ وہ غم کرے گا۔ اور جن لوگوں نے ہماری آیتیں
بِاٰيٰتِنَا يَمَسُّهُمُ الْعَذَابُ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿۴۹﴾
جھٹلائیں ان کو ان کی بدکاری کی وجہ سے عذاب پہنچے گا۔
قُلْ لَّآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَآئِنُ
(اے نبی!) کہدو! میں تم سے یہ نہیں کہتا کہ میرے پاس اللہ تعالیٰ کے خزانے
اللّٰهِ وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَآ اَقُوْلُ لَكُمْ
ہیں اور نہ یہ کہ میں غیب داں ہوں اور نہ میں تم سے یہ کہتا ہوں کہ
اِنِّيْ مَلَكٌ ۚ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ ؕ
میں فرشتہ ہوں۔ میں تو صرف اسی کا پیرو ہوں جو مجھے الہام ہوتا ہے۔
قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ؕ
پوچھو کیا اندھا اور آنکھوں والا برابر ہو سکتا ہے؟

اَفَلَا تَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۵۰﴾ ع
پھر تم کیوں نہیں سوچتے؟

ترکیب

ان اخذ اللہ شرط من الٰہ جملہ جواب ارأیتکم میں کاف کوئی اسم مستقل نہیں جس کو ارأیت کا معمول بنایا جاوے بلکہ وہ حرف خطاب ہے بعض کہتے ہیں اس کا مفعول محذوف ہے ارأیتکم عبادتکم الاصنام۔

تفسیر

وہ ملحد جو کامیابی اور ناکامی کو اپنی تدبیر کا نتیجہ سمجھتے ہیں اُن کا جواب دیتا ہے کیونکہ ارضی و سماوی بلیات میں تو کسی کو کلام ہی نہیں کہ وہ عالم غیب سے ہیں۔ وہ یہ کہ انسان کی تمام صنعت اور دانش اور تدابیر کے آلات کان اور آنکھ اور دل ہے اگر ان میں فتور ہے تو پھر کچھ نہیں اور یہ سب اُسی کی نعمت ہے اس میں بندہ کو کیا دخل ہے اس کی طرف اس میں اشارہ کرتا ہے قل ارأیتم ان اخذ اللہ سمعکم الخ اور مشرکین پر بھی ایک چابک مارتا ہے کہ بھلا یہ چیزیں تمھارے کون سے معبود کے قبضہ میں ہیں؟ پھر ایسی کھلی کھلی نشانیاں دیکھ کر بھی بہکے جاتے ہیں پھر قل ارأیتکم ان اتاکم الخ سے یہ بات بتلاتا ہے کہ ہم جس طرح فرادیٰ فرادیٰ ہر شخص کے بلا پر قادر ہیں اسی طرح قوموں کو عذاب سے جہرۃ کہ اُس کے پہلے سے علامات دکھا کر اور بغتۃ کہ بے علامات کے یکایک آفت بھیج کر بھی ہلاک کر سکتے ہیں کہ جس کے ظالم ہی مستحق ہیں۔ یہاں تک منکرین ذات الٰہی اور نبوت کے شبہات کا جواب دیا جو وہ اپنی دنیاوی نعماء کے گھمنڈ پر طرح طرح کے معجزات طلب کرنے کے پیرایہ میں شبہات کرتے تھے۔ اس کے بعد انبیاء علیہم السلام کے بھیجنے کی اصل غرض ظاہر کرتا ہے وما نرسل المرسلین الخ کہ رسول صرف دنیا میں نیک و بد کام کے نتائج خیر و شر سے مطلع کرنے کو آتے ہیں، باقی معجزات سو وہ ہمارے اختیار

Marfat.com

میں ہیں جب مناسب جانتے ہیں ظاہر کر دیتے ہیں۔ پھر اس کے بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے جو منکرین کہتے تھے کہ اگر آپ نبی برحق ہیں تو ہمیں بہت سا مال دید بجئے یا زمین کے مدفون خزانے بتلا دیجئے۔ اور بعض یہ شبہ کرتے تھے کہ پھر آپ کیوں کھاتے پیتے ہیں، اُن کے جواب میں فرماتا ہے قل لا اقول کہ ان سے کہدے نہ تو میرے پاس خزانے ہیں نہ میں غیب داں ہوں کہ تم کو دفائن بتلاؤں نہ میں فرشتہ ہوں کہ جو نہ کھاؤں نہ پیوں۔ انسان ہوں اس کی وحی اور الہام کا پابند ہوں۔

اللّٰهُ بِاَعْلَمَ بِالشّٰكِرِيْنَ ﴿۵۳﴾ وَاِذَا جَآءَكَ

کرنے والوں کو نہیں جانتا۔ اور جب کہ آپ کے پاس

الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِنَا فَقُلْ سَلٰمٌ

وہ لوگ آویں کہ جو ہماری آیتوں پر ایمان لاتے ہیں تو اُن سے کہو سلامتی

عَلَيْكُمْ كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ۙ

ہو تم پر تمہارے رب نے اپنے اُوپر مہربانی کرنا لازم کر کے،

اَنَّهٗ مَنْ عَمِلَ مِنْكُمْ سُوْٓءًا بِجَهَالَةٍ ثُمَّ

یہ بات مقرر کر دی ہے کہ جو کوئی تم میں سے نادانستگی سے کوئی بُرا کام کر بیٹھے

تَابَ مِنْ بَعْدِهٖ وَاَصْلَحَ فَاَنَّهٗ غَفُوْرٌ

پھر اس کے بعد توبہ کرلے اور نیک ہو جاوے، تو اللہ تعالیٰ بخشنے والا (اور)

رَّحِيْمٌ ﴿۵۴﴾ وَكَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ

مہربان ہے۔ اور ہم یوں (اپنی) آیتیں کھول کر بیان کرتے ہیں (تا کہ لوگ

وَلِتَسْتَبِيْنَ سَبِيْلُ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۵۵﴾

سمجھیں) اور تا کہ گنہگاروں کا رستہ (صاف) معلوم ہو جاوے۔

ترکیب

یخافون کا مفعول ان یحشروا جملہ لیس لہم ضمیر فاعل یحشروا سے حال ہے غدوۃ کی اصل غدوۃ ہے۔ العشی کو بعض مفرد کہتے ہیں بعض جمع عشیۃ یریدون حال ہے من شیٔ سے من زائدہ اور شیٔ مبتدا ہے علیک اس کی خبر من حسابہم صفت شیٔ اس پر مقدم ہو گئی اس لئے حال ہو گئی فتطردہم جواب ہے ما نافیہ کا اس لئے منصوب ہو گیا گویا کہ یہ جواب النہی ہے ای لا تطردہ۔

تفسیر

پہلے تھا کہ انبیاء علیہم السلام خدا تعالیٰ کی طرف سے خوشی اور ڈر سنانے کو آتے ہیں اس لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اس جگہ ڈر

وَاَنْذِرْ بِهِ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْ يُّحْشَرُوْٓا

اور (اے نبی!) اس قرآن سے اُن لوگوں کو ڈر سناؤ کہ جو اپنے رب کے پاس حاضر

اِلٰى رَبِّهِمْ لَيْسَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ وَلِيٌّ

ہونے سے ڈرتے ہیں حالانکہ اُسکے سوا اُن کا نہ کوئی حمایتی ہوگا اور نہ سفارش

وَّلَا شَفِيْعٌ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿۵۱﴾ وَلَا تَطْرُدِ

کرنے والا تا کہ وہ بچتے رہیں۔ اور (اپنے پاس سے)

الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَ

اُن لوگوں کو نہ نکالئے جو اپنے رب سے صبح و شام مناجات کرتے

الْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ ؕ مَا عَلَيْكَ

ہیں (اور) اسی کی رضامندی ڈھونڈتے ہیں۔ نہ آپ پر اُن کا

مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ وَّمَا مِنْ

کچھ حساب ہے اور نہ آپ کا ہی کچھ حساب

حِسَابِكَ عَلَيْهِمْ مِّنْ شَيْءٍ فَتَطْرُدَهُمْ

اُن پر ہے سو اگر آپ اُن کو دھتکار دیں گے تو آپ ظالموں

فَتَكُوْنَ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۲﴾ وَكَذٰلِكَ

میں سے ہو جاویں گے۔ اور ہم نے ایک کا

فَتَنَّا بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لِّيَقُوْلُوْٓا اَهٰٓؤُلَآءِ

دوسرے سے ان ہی سے امتحان کیا ہے تا کہ وہ یہ کہیں کہ

مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنْ بَيْنِنَا ؕ اَلَيْسَ

کیا یہی وہ لوگ ہیں کہ جن پر اللہ نے ہم میں سے عنایت کی ہے۔ کیا اللہ تعالیٰ شکر

ع ۶

Marfat.com

سُنانے کا حکم ہوتا ہے۔ اور خوف کو اس لئے یہاں ترجیح دی کہ منافع حاصل کرنے سے جو خوشی کا محل ہے اپنے نفس سے مضرت کا دُور کرنا جو محل خطر ہے مقدم اور ارجح ہے۔ اور خوف سُنانے میں اُن لوگوں کو مخصوص کیا کہ جو خدا تعالےٰ کے پاس حاضر ہونے کے دن سے ڈرتے ہیں کہ جہاں اُس کے مقابلہ میں نہ کوئی حمایتی ہوگا نہ سفارشی اس لئے کہ دراصل خطر تاک باتیں سُن کر یہی لوگ پرہیز کیا کرتے ہیں اور جس کو قیامت کا یقین ہی نہیں وہ اس وعظ و پند اور خطرناک باتوں سے منتفع کم ہوتا ہے۔

اور اس میں اثباتِ حشر کی طرف بھی ایک عجیب لُطف کے ساتھ ایما ہے اور منکرینِ حشر پر وہ تعریض ہے جو نفس پر اثر کرتی ہے۔ بعض مفسّرین کہتے ہیں کہ الّذین یخافون الخ سے مراد کُفّار ہیں کیونکہ ڈر تو خدا تعالےٰ کے پاس جانے سے انھیں کو ہونا چاہیئے سو اُن کا ڈر انا زیادہ مقصود ہے اور قوی یہ ہے کہ آیت میں عموم ہے۔ ولاتطرد الّذین چونکہ انذار کا حکم اُن کے لئے تھا کہ جو قیامت پر ایمان رکھتے اور اپنے ربّ کے پاس حاضر ہونے سے اپنے قصورِ اعمال کی وجہ سے ڈرتے ہیں۔ اور جب کہ یہ سورۃ نازل ہوئی اُس وقت مکّہ مکرّمہ میں بیشتر غُربا اور فُقرا ہی قیامت پر ایمان لانے والے اور اللہ تعالےٰ سے ڈرنے والے تھے جن کو مکّہ کے دولتمند اور رئیس کفار بنظرِ حقارت دیکھتے تھے اور خدا تعالےٰ کی بادشاہت میں داخل ہونے کا مستحق نہ سمجھتے تھے بلکہ وہاں سے نکالے جانے کے قابل دنیا پر قیاس کر کے۔ اس لئے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ حکم ہوا کہ تم اُن پاک بازوں کو کہ جو صبح اور شام اللہ تعالےٰ کو اللہ ہی کے لئے پکارتے اور یاد کرتے ہیں عام ہے کہ نماز پڑھنے یا دُعا کرنے یا ذکر کرنے سے ہو یعنی یہ گروہ طالبانِ مولیٰ ہے۔ ان کی حقارت و ذلّت ظاہری کا لے مخاطب! تجھ سے کچھ حساب نہیں اور نہ آپ کا کچھ محاسبہ اُن سے ہے یعنی یہ کسی کا کیا لیتے ہیں اور کسی کو کیا دُکھ دیتے ہیں جو اُن سے اعراض کیا جائے اور جو ان سے اعراض کرے گا تو خود خسارہ میں پڑے گا اور دولتِ دنیا اور اُس کے اسبابِ مفاخر ہمارے ہاں کوئی عزّت و امتیاز کی علامت نہیں۔ یہ دنیا میں ایک دوسرے کی آزمائش کے لئے ہے تاکہ غریب کو دیکھ کر امیر شکر بھی کرتا ہے کہ نہیں اور تاکہ متکبّر لوگ ان فُقرا کو دیکھ کر طعن کی راہ سے یہ کہیں کہ کیا وہ یہی ہیں کہ جن پر ہم میں سے خدا تعالےٰ نے احسان کیا ہے کہ ان کو دینی بزرگی دی؟ یا یوں کہو کہ مفلس لوگ اغنیا کو دیکھ کر یہ کہیں کہ خدا تعالےٰ نے ان کو نعمت دی ان کو شکر ہم کو صبر کرنا چاہیئے اور جو شکر کرے گا تو وہ خدا سے مخفی نہ رہے گا۔ پھر اس جماعت کی نسبت حکم دیتا ہے کہ اے نبیؐ! جیسا یہ تیرے پاس آویں تو آپ اُن کو سلام کہیں اور یہ مژدہ سُنائیں کہ خدا تعالےٰ نے تمھارے لئے اپنی ذات پر مہربانی کرنی لازم کر لی ہے کہ اگر تم میں سے کوئی شخص نادانستگی سے گناہ کر لے گا پھر اُس کے بعد تائب اور صالح ہو جائے گا تو خدا تعالےٰ معاف کر دے گا۔ نہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلّم نے اس گروہ کو اپنے پاس سے نکالا تھا نہ نکالنے کا قصد کیا تھا بلکہ یہ حکم صرف اُن متکبّرین کے مقابلہ میں دیا گیا ہے تاکہ اُن کی عزّت و حُرمت ثابت ہو۔ عطاءؒ نے کہا ہے کہ اس جماعت کے لئے یہ آیت نازل ہوئی۔ ان میں خُلفائے اربعہ رضہ اور بلال و سالم و ابو عبیدہ و مصعب بن عمیر و جعفر ابن ومنظعون و عمار بن یاسر و ارقم بن ابی ارقم و ابو سلمۃ بن عبد الاسد ہیں، رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔ سلمانؓ اور خبابؓ فرماتے تھے کہ یہ ہمارے لئے نازل ہوئی ہے، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہم فُقراء کے ساتھ نہایت اُنس و محبّت کے ساتھ بیٹھتے تھے۔

چونکہ یہ سورۃ باتفاق مفسّرین مکّہ میں یکبارگی نازل ہوئی اس لئے اس کی ہر ہر آیت کے لئے ایک جُداگانہ شانِ نزول ہونا خیال میں نہیں آتا کہ فلاں آیت یہ ہوا تھا تو نازل ہوئی اور فلاں اس میں۔ اس لئے ان آیات کے صاف صاف معنی ہم نے اُوپر بیان کر دیئے جس میں کوئی قصّہ طلب بات نہیں کہ جس کے لئے کوئی خاص شانِ نزول تلاش کرنا پڑے۔ لیکن مفسّرین نے ولاتطرد الّذین آیۃ کے لئے مختلف شانِ نزول نقل کئے ہیں۔

Marfat.com

تفسیر کبیر میں عبداللہ بن مسعودؓ سے نقل کیا ہے کہ مکہ مکرمہ میں ایک بار آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس قریش کے معززوں کی ایک جماعت گزری اور آپؐ کے پاس اس وقت صہیبؓ اور بلالؓ اور عمارؓ و خبابؓ وغیرہم فقرار حاضر تھے ان کو دیکھ کر قریش نے کہا کہ آپؐ نے کیا انھیں کو پسند کر لیا؟ اب ہم ان کے مطیع بنیں اگر آپؐ ان کو دھت کار دیں تو شاید ہم لوگ آپؐ کے تابع ہو جاویں۔ آپؐ نے اس سے انکار کیا۔ پھر کہا اچھا جب ہم آویں تب ان کو اُٹھا دیا کریں۔ اس پر آپؐ نے کفار قریش کے ایمان لانے کے لئے ہاں کر دی، جس پر یہ آیت نازل ہوئی۔

معالم التنزیل میں اقرع بن حابس تمیمی و عُیینہ بن حصن فزاری کا قصہ لکھا ہے کہ انھوں نے یہ بات چاہی تھی۔ اور ممکن ہے کہ انھوں نے بھی تنفر کیا ہو۔ فقیر کے نزدیک اس شان نزول کے معنے وہ ہیں جو مقدمہ تفسیر میں ذکر ہوئے کہ مکہ مکرمہ کے سرداروں نے یا اور متکبروں نے فقرار المسلمین کے ساتھ مل کر بیٹھنا پسند نہ کیا اس پر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے دل میں ان آیات نازل شدہ کا القار ہوا۔ گویا یہ القار ہونا نازل ہونا ہے۔ اس تقدیر پر سب روایات میں بشرط ثبوت توافق ممکن ہے، واللہ اعلم۔

ف ابن عامر والغدوۃ و العشی کو اس جگہ اور سورہ کہف میں واو اور ضمہ غین سے پڑھتے ہیں اور باقی بالالف پڑھتے ہیں جیسا کہ زکوٰۃ و صلوٰۃ کو نکرہ سمجھ کر۔

عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَكَذَّبْتُمْ بِهٖ ؕ مَا
کے ہاں کی ایک دلیل پر ہوں حالانکہ تم اُسے جھٹلا چکے ہو۔ جس کی

عِنْدِيْ مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ ؕ اِنِ الْحُكْمُ
تم جلدی کرتے ہو وہ میرے پاس نہیں۔ بیشک حکم تو اللہ ہی کا

اِلَّا لِلّٰهِ ؕ يَقُصُّ الْحَقَّ وَهُوَ خَيْرُ
ہے۔ جو حق بیان فرماتا ہے اور وہ سب سے عمدہ فیصلہ

الْفٰصِلِيْنَ ﴿۵۷﴾ قُلْ لَّوْ اَنَّ عِنْدِيْ
کرنے والا ہے۔ کہدو اگر میرے اختیار میں وہ بات ہوتی

مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ لَقُضِيَ الْاَمْرُ بَيْنِيْ وَ
کہ جس کی تم جلدی کر رہے ہو تو مجھ میں اور تم میں فیصلہ ہی

بَيْنَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۸﴾
ہو چکا۔ اور اللہ تعالےٰ ظالموں کو خوب جانتا ہے۔

وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَاۤ اِلَّا
اور اسی کے پاس غیب کی کنجیاں ہیں جن کو بجز اُس کے اور کوئی نہیں

هُوَ ؕ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ؕ وَمَا تَسْقُطُ
جانتا۔ اور اُس کو خشکی اور تری کی سب چیزیں معلوم ہیں۔ اور کوئی ایسا پتہ

مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِيْ
نہیں جھڑتا کہ جس کو وہ نہ جانتا ہو اور نہ کوئی ایسا دانہ زمین کی

ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ
اندھیریوں میں ہے اور نہ کوئی ایسی تر اور خشک چیز ہے کہ کتاب

اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿۵۹﴾ وَهُوَ الَّذِيْ
مبین میں نہ ہو (یعنے لوح محفوظ میں)۔ اور وہی تو ہے جو رات کو

يَتَوَفّٰىكُمْ بِالَّيْلِ وَيَعْلَمُ مَا جَرَحْتُمْ
تمھیں مردہ کرتا ہے۔ اور تم نے جو کچھ دن میں کیا ہے اُس کو بھی

بِالنَّهَارِ ثُمَّ يَبْعَثُكُمْ فِيْهِ لِيُقْضٰۤى اَجَلٌ
جانتا ہے پھر تم کو دن میں اُٹھا بٹھاتا ہے تاکہ وعدۂ مقررہ پورا

مُّسَمًّى ۚ ثُمَّ اِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ ثُمَّ يُنَبِّئُكُمْ
ہو۔ پھر تم کو اُسی کی طرف پھر کر جانا ہے پھر وہ تم کو بتلائے گا کہ

قُلْ اِنِّيْ نُهِيْتُ اَنْ اَعْبُدَ الَّذِيْنَ
(اے نبیؐ!) ان سے کہدو کہ بیشک مجھے ان چیزوں کے پوجنے سے ممانعت کر دی

تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ قُلْ لَّاۤ
گئی ہے جن کو تم اللہ تعالےٰ کے سوا پکارتے ہو (اور یہ بھی) کہدو میں تمھاری

اَتَّبِعُ اَهْوَآءَكُمْ ۙ قَدْ ضَلَلْتُ اِذًا وَّ
خواہشوں کی پیروی کرنے والا نہیں۔ (اگر ایسا کروں) جب تو میں گمراہ ہو چکا اور

مَاۤ اَنَا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ﴿۵۶﴾ قُلْ اِنِّيْ
ہدایت پانے والوں میں سے نہ رہا۔ کہدو میں تو اپنے رب

Marfat.com

بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۶۰﴾

تم کیا کیا کرتے تھے۔

ترکیب

اوّ ای ان اتبعتہا گویا قد ضللت و ما انا جواب ہیں شرط محذوف کے۔ مفاتح جمع مَفتح بالفتح کی جس کے معنے خزانہ کے ہیں اور مِفتح یا مِفتاح بمعنے کلید اس کی جمع مفاتیح آتی ہے الّا فی کتاب ای الّا ہو فی کتاب۔

تفسیر

پہلے فرمایا تھا کہ ہم آیتیں بیان کرتے ہیں تاکہ گنہگاروں کا طریقہ معلوم ہو جائے کیونکہ جو آیاتِ الٰہی کے خلاف طریق ہے وہ گنہگاروں کا راستہ ہے۔ اب یہاں وہ گنہگاروں کا راستہ بتلاتا ہے کہ ان مشرکوں سے کہدو مجھے اللہ تعالےٰ کے سوا اور کسی چیز کے پوجنے کی ممانعت کر دی گئی ہے اور ان سے یہ کہدو کہ یہ بلا دلیل و برہان جو تم نے اپنے اوہام باطلہ سے سینکڑوں معبود بنا رکھے ہیں میں تمہارا اس امر میں کہنا نہ مانوں گا اگر ایسا کروں تو گمراہ ہو جاؤں اور یہ بھی کہ توحید پر جو میں قائم ہوں میرے پاس خدا تعالےٰ کی طرف کی دلیل ہے کہ جس کو تم نہیں جانتے وہ یہ کہ اس کے سوا جو کچھ ہے محتاج ہے پھر محتاج کا پوجنا کس عقل کا حکم ہے۔

آنحضرت علیہ السلام ان کی بُت پرستی پر ان سے عذابِ الٰہی کا آنا ذکر فرمایا کرتے تھے اس کو سن کر وہ جھوٹ جان کر یہ کہتے تھے کہ اچھا ابھی وہ عذاب آ جائے۔ چونکہ خدا تعالےٰ کے ہاں ہر بات کا وقت مقرر ہے اس کی مصلحت اور اس کے حکم کی وجہ سے اور نیز انتظام عالم بھی یہ نہیں کہ جہاں بندوں نے سرکشی کی ان پر آسمان پر سے پتھر برسا کر ان کو ہلاک کر دے۔ اس لئے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم دیتا ہے کہ ان سے کہدو ما عندی ما تستعجلون کہ جس کی تم جلدی کر رہے ہو وہ میرے قبضہ میں ہوتی تو مجھ میں اور تم میں ابھی فیصلہ ہو جاتا یہ سب باتیں اللہ تعالےٰ ہی کے حکم میں ہیں جو ہر چیز کی مصلحت جانتا اور اسی کے موافق کارروائی کرتا ہے ان الحکم الّا للہ یقصّ الحقّ و ہو خیر الفاصلین اس کے حکم و تحمل سے یہ نہ خیال کرو کہ وہ تمہیں بھول گیا یا وہ تم سے واقف نہیں بلکہ واللہ اعلم بالظّٰلمین کہ وہ خوب جانتا ہے۔ پھر اپنی غیب دانی ظاہر فرماتا ہے وعندہٗ مفاتح الغیب، مَفتح بالفتح خزانہ اس سے استعارہ ہے مکانِ غیب کی طرف گویا وہ ایک خزانہ ہے جس میں امورِ غیب سربمہر رکھے ہوئے ہیں کہ جن تک بجز اُن خزانہ کے مالک حق سبحانہ کے اور کسی کی رسائی نہیں یہ معنے ہوئے کہ عندہٗ خزائن الغیب اور بالکسر بمعنی مفاتح یہ معنے ہوں گے اے عندہٗ ما یتوصّل بہ من خزائن الغیب یعنی سب ممکنات پر اسی کو قدرت ہے جیسا کہ اس آیت میں ہے وان من شیٔ الّا عندنا خزائنہ و ما ننزّلہٗ الّا بقدر معلوم تمام عالم خواہ جواہر خواہ اعراض سب کا فاعل یعنی پیدا کرنے والا وہی ہے اور فاعلِ مختار کو اپنے مصنوعات کا علم ہونا ضروری بات ہے۔ یا یوں کہو وہ تمام مخلوقات کا مبدء ہے اور مبدء کا علم آثار کے علم کو مقتضی ہے جس سے اس کا تمام عالم کا عالم ہونا لازم آیا۔ یہ ایک ایسا حکم عقلی ہے کہ جس پر احاطہ کرنا عقولِ صافیہ کا کام ہے۔ عالم حس کے باہر جس قدر بطون ہیں وہ ہمارے لحاظ سے سب عالم غیب ہیں پھر ان میں جو کچھ ہے اس کا کوئی اندازہ نہیں۔ پھر اس حکم عقلی کی توضیح کے لئے عقولِ عامہ کے سمجھانے کے واسطے چند نمونے بیان کرتا ہے (۱) یعلم ما فی البرّ والبحر کہ وہ خشکی اور تری کی سب چیزیں جانتا ہے۔ جب انسان برّ یعنی جنگل اور اس کی وسعت اور اس کے پہاڑوں اور غاروں اور بے شمار درختوں اور جڑی بوٹیوں کو تختۂ خیال پر رکھ کر نظر کرے گا اور پھر سمندر کی وسعت اور اس کی بے شمار مخلوقات کا تصوّر کرے گا اور سب کو اس کے بحرِ علم کا ایک قطرہ سمجھے گا تو کسی قدر مفاتح الغیب کے معنے ذہن نشین ہوں گے۔ (۲) ما تسقط من ورقۃ الّا یعلمہا

Marfat.com

کہ بری چیزوں کا علم اجمالی نہیں بلکہ ہر ایک پتے کو بھی جانتا ہے تو اور بھی ذہن میں وسعت ہوگی (۳) ولا حبۃ فی ظلمات الارض کہ بھلا جو چیزیں تمھیں دکھائی دیتی ہیں اور ظاہر ہیں اُن کا علم تو ہے ہی وہ تو زمین کے اندر مخفی چیزیں بھی جانتا ہے یہاں سے عالم غیب کی طرف ذرا سا رُخ کیا (۴) ولا رطب ولا یابس الا فی کتاب مبین کہ اس سے بھی آگے بڑھو تمام کائنات اور جو کچھ کہ ہو چکا ہے یا آئندہ ہوگا وہ سب کتاب مبین میں ہے کتاب مبین لوح محفوظ یعنی اُس کے علم کا ایک مرتبہ یہ عجب نورانی تختہ ہے کہ جس میں تمام کائنات کا عالم ظہور میں آنے سے پیشتر ہی نقشہ کھینچ گیا ہے یعنی ازل میں، پھر اُسی کے مطابق ہو رہا ہے اس کے بعد عالم حشر میں جمع کرنے اور مار کر زندہ کرنے اور وہاں جزا و سزا دینے پر قادر ہونا انسان کی روزمرہ حالت سے ثابت کرتا ہے جو اُس کی ان باتوں پر قدرت رکھنے کا پورا پورا فوٹو ہے یا عکسی تصویر۔ اور وہ انسان کا ہر روز مرنا اور صبح کو زندہ ہو جانا یعنی جاگنا اور سونا ہے۔ سوتے میں گو روح کی جسم سے مفارقت نہیں ہوتی مگر عالم حس سے منہ پھیر کر عالم خیال میں اپنی مدرکات کی سیر کرنے اور اُن کے نتائج دیکھنے میں جیسا کہ خواب میں ہوتا ہے موت کے ساتھ کہ اُس وقت اس عالم سے غفلت اور دوسرے عالم میں اپنے کئے کو دیکھنا اور اُدھر متوجہ ہوتا ہے پوری پوری تشبیہ ہے سو اس کو ہو الذی یتوفکم الخ میں بیان کرتا ہے۔ اعجاز بیان اس کو کہتے ہیں ف

وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ وَيُرْسِلُ

اور وہی اپنے بندوں پر بالادست رہے اور وہ تم پر

عَلَيْكُمْ حَفَظَةً ۚ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَ اَحَدَكُمُ

(فرشتے) نگہبان بھیجا کرتا ہے۔ یہاں تک کہ جب تم میں سے کسی کی موت

الْمَوْتُ تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا وَهُمْ

آجاتی ہے تو اس کو ہمارے بھیجے ہوئے (فرشتے) قبض کر لیتے ہیں اور وہ

لَا يُفَرِّطُوْنَ ﴿٦١﴾ ثُمَّ رُدُّوْٓا اِلَى

کمی نہیں کرتے۔ پھر وہ اللہ تعالےٰ کے آگے حاضر

اللّٰهِ مَوْلٰىهُمُ الْحَقِّ ۭ اَلَا لَهُ الْحُكْمُ

کئے جاتے ہیں جو اُن کا برحق مالک ہے۔ دیکھو اسی کا حکم ہے

وَهُوَ اَسْرَعُ الْحٰسِبِيْنَ ﴿٦٢﴾

اور وہ بہت جلد حساب لینے والا ہے۔

ترکیب

ویرسل ممکن ہے کہ جملہ مستانفہ ہو اور یہ بھی کہ یتوفکم پر معطوف ہو۔ مولٰھم الحق دونوں اللہ تعالیٰ کی صفت ہیں الحکم مبتدا لہٗ خبر مقدم وھو اسرع الخ جملہ لہٗ ضمیر سے حال بھی ہو سکتا ہے اور معطوف بھی جملہ مقدمہ۔

تفسیر

اس جگہ اور دوسری طرح سے اپنی قدرت اور حساب و حشر کا برحق ہونا بھی انسان کی حالت اندرونی و بیرونی سے ثابت کرتا ہے تاکہ اس بے صبرے انسان کو جو بن دیکھے خدا تعالیٰ پر اور بن مرنے کے بعد کے حالات پر تردد کرتا ہے یقین ہو جاوے (۱) وھو القاہر فوق عبادہ کہ اُس کا اپنے بندوں پر قبضہ و اقتدار ہے جب انسان اپنی ابتدائے آفرینش کو دیکھتا ہے کہ ایک پانی کا قطرہ تھا پھر رحم میں اُس کے ہاتھ پاؤں و دیگر اعضاء درست کرنا، ہر چیز اُس کے موقع پر لگانا، قوٰی عطا کرنا اور پھر کشاں کشاں اُس کو باہر لانا اور ہر طرح کے کمالات جسمانی و روحانی سے مزین کرنا اور پھر بے اختیار اُس کو کشاں کشاں دوسرے عالم کی طرف منزل بمنزل لے جانا جب تک اس عالم کے مناسب طے کرتا تھا اور وہ منازل اس کی حیات کے لیل و نہار ہیں تو اُس پر اس کی طرف کے نگہبان مقرر تھے یعنی ملائکہ جو اُس

Marfat.com

بلیات سے محفوظ رکھتے تھے جیسا کہ ایک جگہ آیا ہے لہ معقبات من بین یدیہ ومن خلفہ یحفظونہ من امر اللہ او ما یلفظ من قول الا لدیہ رقیب عتید وان علیکم لحافظین کراماً کاتبین اور وہ اُس کے اعمال بھی لکھتے ہیں اور اُس کے قولِ بد نیہ بھی نگہبانِ الٰہی ہیں۔

(۲) اور جب دوسرے عالم کی سڑک پر آیا تو حتے اذا جاء احدکم الموت توفتہ رسلنا اُس کے اس جسم سے تعلقات منقطع کرنے کے لئے اور اُس جسم سے (جس کی حفاظت گلنے سڑنے سے رُوح کرتی تھی اور رُوح کے کمالات کا جسم آلہ تھا) تعلّق بستہ کو کاٹنے کے لئے ملائکہ کا آنا۔ (۳) اور پھر اُس کو مولیٰ حق کے پاس لے جانا اُس کے قبضہ واقتدار اور بندہ کے عجز کی پوری دلیل ہے اس سفر کا اور اس میں انسان کی بے کسی اور اضطراری کا ہر شخص مقرّ ہے آخر کوئی تو ہے جو اُس کا دل چاہے یا نہ چاہے مگر اُس کو جوان پھر بڈھا کرتا ہے اُس کے سفر کے یہی منازل ہیں کہ جس میں بے اختیار گھسٹا جاتا ہے۔ اگر کہو انسان کے قوای جب کم تھے صغر سنی تھی اور جب زیادہ ہوتے گئے جوانی شروع ہوئی اور جب کم ہونے شروع ہوتے تو بڑھاپا آیا اور جب کم ہو گئے یا کوئی عارضہ پیش آگیا چراغ ٹھنڈا ہو گیا (اور یہی موت ہے اور ذی نفس تمام حیوانات بلکہ نباتات میں بھی ہے) تو اُس پر یہ کہا جاوے گا کہ آخر ان قوای میں کسی کا تصرّف ہے کون کم زیادہ کرتا ہے کون کمی زیادتی کے اسباب ہم پہنچاتا ہے ضرور وہ اس کے جسم سے باہر اور شخص سے سوا ہے بجز اللہ تعالےٰ کے اور کوئی نہیں کہ جس کی طرف تمام علل واسباب کا سلسلہ تمام ہوتا ہے۔ ردّ کا لفظ یہ بتلا رہا ہے کہ خدا تعالےٰ کے ہی پاس سے آیا تھا جو پھر وہیں چلا ہے۔ اس کے قبضہ کے بعد الا لہ الحکم گویا دلیل پر نتیجہ مرتب کر دیا ہے حکم فطری اور شرعی سب اُسی کو ہیں۔ اور اسرع الحاسبین میں انسان کی اس مہلتِ چند روزہ کی بے ثباتی کی طرف اشارہ ہے۔

لہ ان آیات میں وجود ملائکہ پر تصریح ہے کیونکہ اعمال کا لکھنا قوای کا کام نہیں ا منہ ف خفیۃ ضد آشکارا، یہ عام قرّاء کا مذہب ہے۔ عاصم کی روایت میں کسرہ ہے یہاں بھی اور اعراف میں بھی۔ خیفۃ اول اخفاء سے دوم خوف سے ہوگا۔ معالم ۱۲ منہ

قُلْ مَنْ يُّنَجِّيْكُمْ مِّنْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَ

(اے نبیؐ! ان سے) پوچھو کون ہے جو جنگل اور دریا کی اندھیریوں

الْبَحْرِ تَدْعُوْنَهٗ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ۚ

سے بچاکر لایا کرتا ہے جس سے نہایت عجز اور چپکے چپکے دعاء کیا کرتے ہو۔

لَئِنْ اَنْجٰىنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ

(اور کہتے ہو) اگر تو نے ہم کو اس بلا سے بچا دیا تو ضرور ہم تیری شکر گزاری

الشّٰكِرِيْنَ ﴿۶۳﴾ قُلِ اللّٰهُ يُنَجِّيْكُمْ مِّنْهَا

کیا کریں گے۔ (سو ان سے) کہدو اللہ تعالیٰ ہی تم کو اُس بلا سے اور

وَمِنْ كُلِّ كَرْبٍ ثُمَّ اَنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ﴿۶۴﴾

ہر بے چینی سے نجات دیا کرتا ہے پھر بھی تم شریک ٹھہراتے ہو۔

قُلْ هُوَ الْقَادِرُ عَلٰٓى اَنْ يَّبْعَثَ عَلَيْكُمْ

کہدو وہی اس بات پر (بھی) قادر ہے کہ تم پر اُوپر سے

عَذَابًا مِّنْ فَوْقِكُمْ اَوْ مِنْ تَحْتِ

یا تمھارے پاؤں کے نیچے سے کوئی عذاب

اَرْجُلِكُمْ اَوْ يَلْبِسَكُمْ شِيَعًا وَّيُذِيْقَ

بھیجے کھڑا کردے یا تم میں نااتفاقی ڈال دے اور ایک کو دوسرے کی

بَعْضَكُمْ بَاْسَ بَعْضٍ ؕ اُنْظُرْ

لڑائی کا مزہ چکھادے۔ دیکھو

كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّهُمْ

ہم کیونکر پھیر پھیر کر اُن سے آیتیں بیان کر رہے ہیں تاکہ وہ

يَفْقَهُوْنَ ﴿۶۵﴾

سمجھیں۔

ترکیب

تدعونہ موضع حال میں ہے ضمیر مفعول سے جو ینجیکم میں ہے اسی طرح تضرّعاً وخفیۃً، بعض نے خفیۃً کو خیفۃ بھی پڑھا ہے من الخوف۔ من فوقکم او من تحت متعلق یبعث۔

Marfat.com

تفسیر

یہ اُن دلائل میں سے جو اُس کے کمالات و قدرت اور رحمت پر دلالت کرتے ہیں ایک اور قسم ہے عرب کے مشرکین جنگلوں اور سمندر میں تجارت کے لئے سفر کیا کرتے تھے پھر جب وہ جنگل کی اندھیریوں میں جو رات اور ابر اور درختوں کی وجہ سے زیادہ ہوا کرتی ہے راہ بھول جاتے یا کسی مصیبت میں گرفتار ہوتے تھے۔ اسی طرح سمندر میں رات اور ابر کی اندھیریوں میں جب دریا میں طوفان آتا اور گویا موت کے دروازہ پر پہنچ جاتے تب اُس وقت نہایت گریہ وزاری سے خدا تعالیٰ کو پکارتے اور دعاء کرتے کہ اگر اب کے اس سے بچا دیا تو ہمیشہ شکر کیا کریں گے۔ اس حال کو خدا تعالےٰ یاد دلا کر فرماتا ہے کہ ایسی حالت میں اور اسی طرح ہر بے قراری کے وقت وہی نجات دیتا ہے پھر تم اُس کے ساتھ اوروں کو شریک بناتے ہو؟

مقصود یہ ہے کہ ایسی شدت کے وقت انسان فطرتی طور پر اپنے اصلی مرکز اور حقیقی معبود کی طرف رجوع کرتا ہے کیونکہ اُس وقت عوارض وہمانیہ دُور ہو جاتے ہیں پس اگر دراصل صرف ایک وہی مدبر عالم اور کارساز نہیں ہے تو اُس کی طرف ایسی بے قراری میں رجوع کیوں ہے اور اس رجوع کے بعد مشکل کشائی کیوں ہے؟ اس آیت میں شرک منفی کے رد کی طرف بھی اشارہ ہے کس لئے کہ ایسی حالت میں چار باتیں ہوتی ہیں۔ دعاء، تضرع، اخلاص بالقلب جیسا کہ خفیہ سے ثابت ہے۔ ہمیشہ شکر گزاری کرنے کا وعدہ جیسا کہ لئن انجٰنا من ہٰذہ لنکونن من الشاکرین سے ثابت ہے اور جب انسان اس تہلکہ سے نجات پا کر اپنی اُس حالت کو بھول گیا اور اسباب ظاہرہ کی طرف منسوب کیا تو شرک ہوا۔ قل ہو القادر علےٰ الخ یہاں حالت حضر سے اپنی قدرت و یکتائی پر دلیل قائم کرتا ہے کہ تم یہ نہ سمجھو کہ جنگل اور دریا ہی میں اُس کے قبضہ میں تھے حضر میں نہیں، بلکہ وہ حضر میں بھی تم کو کئی طور سے ہلاک کرنے پر قادر ہے یا تو اوپر سے یعنی آسمان سے کوئی عذاب نازل کرے پھر پتھر برسا دے، ژالہ باری کرے، بجلی سے تباہ کر دے یا نیچے سے عذاب بھیج دے، زلزلہ خسف، بہتیری باتیں ہیں یا تم میں باہم پھوٹ ڈال کر ایک دوسرے کا عذاب چکھا دے۔ باہم اتفاق عجب نعمت و برکت ہے گھر میں ہو تو گھر کا لطف قوم اور ملک اور ملت میں ہو تو اور بھی لطف اس کے خلاف میں ویسا ہی عذاب دیتا ہے۔ بخاری نے روایت کیا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تین چیزیں مانگیں جن میں سے دو ملیں ایک نہ ملی یہ بھی منظور ہوا کہ تیری اُمت پر کوئی غیر مسلط ہو کر استیصال نہ کرنے پاوے گا اور یہ بھی کہ قحط سے ہلاک نہ ہوں گے۔ مگر تیسری بات کہ آپس کی پھوٹ نہ ہو، یہ دعاء قبول نہ ہوئی۔ اس لئے عہد خلفاء رض سے لے کر پھوٹ شروع ہوئی وہ برکت جاتی رہی گو اور مذاہب میں بھی پھوٹ ہے۔ اس میں مذہبی اختلاف بھی آگیا۔ اس کی حکمت غامضہ ہے۔ **ف** عاصم حمزہ کسائی نے ینجیکم کو بالتشدید باقی نے بالتخفیف پڑھا ہے۔ نجا اور نجا ایک معنی میں آیا ہے۔ الشیع الشیعۃ کی جمع ہے جیسا کہ الشیاع ہے۔ شیعہ ایک دوسرے کے تابع، یلبسکم شیعا یخلط امرکم۔

وَكَذَّبَ بِهٖ قَوْمُكَ وَهُوَ الْحَقُّ ؕ قُلْ

اور آپ کی قوم نے تو اُس کو جھٹلا دیا حالانکہ وہ حق تھا۔ تو کہدو

لَّسْتُ عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ۝٦٦ لِكُلِّ نَبَاٍ

کہ میں تمھارا ذمہ دار نہیں ہوں۔ ہر ایک پیشین گوئی کا ایک

مُّسْتَقَرٌّ ۫ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝٦٧ وَ

وقت مقرر ہے۔ اور تم ابھی جان لوگے۔ اور

اِذَا رَاَيْتَ الَّذِيْنَ يَخُوْضُوْنَ فِيْٓ

جب کہ آپ ان لوگوں کو دیکھیں جو ہماری آیتوں میں

اٰيٰتِنَا فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ حَتّٰى يَخُوْضُوْا

نکتہ چینیاں کرتے ہیں تو اُن سے ٹل جاؤ جب تک کہ وہ کسی اور بات میں

فِيْ حَدِيْثٍ غَيْرِهٖ ؕ وَاِمَّا يُنْسِيَنَّكَ

نہ لگیں۔ اور جو کبھی آپ کو شیطان فراموش

Marfat.com

الشَّيْطٰنُ فَلَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّكْرٰى مَعَ
کرلے تو آپ یاد آنے کے بعد ظالموں کے ساتھ نہ
الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۶۸﴾ وَمَا عَلَى الَّذِيْنَ
بیٹھیں۔ اور پرہیزگاروں پر ان
يَتَّقُوْنَ مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ وَّلٰكِنْ
ظالموں کی کچھ بھی جواب دہی نہیں البتہ نصیحت کر دینا چاہیئے
ذِكْرٰى لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿۶۹﴾ وَذَرِ الَّذِيْنَ
شاید وہ ڈریں۔ اور (اے نبی ﷺ!) جنھوں نے
اتَّخَذُوْا دِيْنَهُمْ لَعِبًا وَّلَهْوًا وَّغَرَّتْهُمُ
کہ اپنا دین کھیل اور تماشا بنا رکھا ہے اُن کو چھوڑو اور اُن کو تو دنیا کی
الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَذَكِّرْ بِهٖٓ اَنْ تُبْسَلَ
زندگی نے دھوکے میں ڈال رکھا ہے اور اُن کو اس (قرآن) سے نصیحت کرتے رہو
نَفْسٌۢ بِمَا كَسَبَتْ ۚ لَيْسَ لَهَا مِنْ
تاکہ کوئی شخص اپنے اعمال میں پکڑا جائے اس کے لئے اللہ تعالیٰ کے سوا
دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ ۚ وَاِنْ
کوئی حمایتی اور نہ کوئی سفارش کرنے والا ہے۔ اور وہ
تَعْدِلْ كُلَّ عَدْلٍ لَّا يُؤْخَذْ مِنْهَا ۭ
جس قسم کا بھی تاوان دے گا تو اس سے قبول نہ کیا جاوے گا۔
اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ اُبْسِلُوْا بِمَا كَسَبُوْا ۚ
یہی ہیں وہ لوگ کہ جو اپنے اعمال میں گرفتار کئے جاویں گے۔
لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِيْمٍ وَّعَذَابٌ
اور اُن کو کھولتا ہوا پانی ملے گا اور اُن کے کفر کی وجہ سے
اَلِيْمٌۢ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ﴿۷۰﴾
ان کو (سخت) عذاب الیم ہوگا۔

ترکیب

لیست علیکم متعلق ہے وکیل سے۔ مستقرّ مبتدا لکلّ خبر من شیٔ من زائدہ ہے من حسابہم حال ہے والتقدیر شیٔ من حسابہم۔ ان تبسل مفعول لہٗ ہے ای مخافۃ ان تبسل

الابسال المنع ۱۲ ترتھن فی جہنم۔ بما کسبت (ابن عباسؓ) وقیل ان تبسل ای لان لا تبسل اے لا تسلم نفس للہلاک بما کسبت۔

تفسیر

ان خوف وعذاب کی باتوں کو سن کر بجائے تصدیق وعبرت کے مکہ مکرمہ کے مشرکین ان کی تکذیب کرکے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے عذاب آنے کا وعدہ لیتے تھے کہ اگر فلاں روز عذاب آیا تو ہم تیری مان لیں گے اور اسلام قبول کرلیں گے۔ اس کے جواب میں اللہ تعالےٰ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتا ہے کہ ان حق باتوں کو آپؐ کی قوم نے جھٹلا دیا (بعض کہتے ہیں کہ بہٖ کی ضمیر قرآن یا اسلام یا الیوم الموعود کی طرف پھرتی ہے) اور آپؐ پر ان کا ہدایت قبول کرانا لازم نہیں آپؐ ان کے ذمہ دار نہیں اور نہ ان کے کہنے پر عذاب یا قیامت کا آنا سو یہ بھی نہیں کیونکہ ہر بات اور ہر چیز کا ایک وقت مقرر ہے جو بہت سے مصالح اور انتظام عالم کے لحاظ سے ایک وقت پر منحصر ہے تمہاری جلدی اور نادانی سے خدا تعالیٰ ایسا نہیں کہ ابھی آسمان سے پتھر برسا کر یا آندھی یا زلزلہ کے صدمہ سے نسل قطع کردے۔

واذا رایت الذین یخوضون، مشرکین مکہ تکذیب کے سوا قرآن مجید اور ارکان اسلام کے ساتھ مستخر بھی کیا کرتے تھے۔ ایک احمق نے مستخر کی کوئی بات کہی دس بیس لڑکوں نے اس کے ساتھ قہقہہ لگایا۔ اس سے مسلمانوں کو جو اتفاقاً ان کی مجالس میں جا بیٹھتے تھے بڑا رنج ہوتا تھا اور طبیعت مکدّر ہوتی ... تھی اس لئے حکم آیا کہ تم وہاں نہ بیٹھو۔ اٹھ کھڑے ہو اکرو کیونکہ منع کرنے اور ردّ کی تو قدرت نہیں اب وہاں بیٹھ کر ان کی محفل میں شریک ہونا اور اسلام کا مضحکہ اڑوانا ناروا ہے یہاں تک کہ وہ اور باتوں میں لگ جاویں۔ یا یوں کہو کہ ان کی محفل میں نہ بیٹھو تاکہ اس کے بعد وہ اور دوسری بات میں مستخر نہ شروع کریں اور جو بھولے سے بیٹھ جاؤ تو جب یاد آجاوے تو

Marfat.com

اُن کے پاس سے اُٹھ کھڑے ہوا کرو۔

جب کُفّار کی یہ عادت تھی کہ وہ عموماً اپنے جلسوں میں اسلام کی ہجو کیا کرتے تھے اور ایسے جلسوں میں اہل اسلام کو اُن کے ساتھ شریک ہونے کی ممانعت ہوگئی تو اُن کو وعظ و نصیحت کیونکر ہو؟ اس بات سے اہل اسلام کو فکر ہوئی کہ ہمارا منصب وعظ ترک ہوا یہ لوگ جو معاصی و شرک کریں گے نہ ممانعت کرنے سے ہم سے بھی مواخذہ ہوگا اس لئے یہ فرمادیا وما علی الذین یتقون من حسابہم من شیٔ کہ پرہیزگاروں پر یعنی اہل اسلام پر اُن کفّار کا کچھ حساب دینا نہ ہوگا کیونکہ جو گناہ کرتا ہے وہی اُس کا بدلہ پاتا ہے اپنے بُرے اعمال کے خود ہی ذمہ دار ہیں نہ کہ اہل اسلام۔ ولکن ذکریٰ لعلہم یتقون ہاں جہاں تک ممکن ہو اُن کو نصیحت کردینی چاہیئے تاکہ وہ بھی پرہیزگاری اختیار کریں کُفر و بُت پرستی سے باز آویں۔ نصیحت کے لئے اُن کی مجالس میں شریک ہونے کی اجازت ہوئی۔

اس کے بعد اُن کُفّار کے دین کا لغو ہونا اور آخرت میں معذب ہونا ظاہر کرکے اُن سے بے اعتنائی اور آنکھوں میں اُن کی بے وقاری پیدا کرنے کا حکم دیتا ہے بقولہ وذر الذین اتخذوا دینہم لعبًا و لہوًا الخ کہ اُن لوگوں کو چھوڑ دو یعنی دل میں اُن کے تجمّل اور اُن کے برخلاف ہونے کو کچھ جگہ نہ دیوے تھوڑی سی زندگی ہے جس نے اُن کو دھوکہ میں ڈال رکھا ہے اُس پر رتجھے ہوئے ہیں پھر تو عالم آخرت میں انسان اپنے کئے سے ماخوذ ہوگا نہ وہاں کوئی خدا تعالےٰ سے زبردستی بچاسکے گا لیس لہا من دون اللہ ولیّ اور نہ کوئی سفارش کرسکے گا ولا شفیع اور جو کچھ تاوان یا بدلہ فدیہ دے کر چھوٹنا چاہے گا جیسا کہ دُنیا میں جُرمانہ بھگت کر جسمانی سزا سے بچ جاتے ہیں سو یہ بھی قبول نہ ہوگا وان تعدل کلّ عدل لا یؤخذ منہا پھر وہاں اُن کے لئے کیا ہے، شرابِ حمیم، جہنّم کا گرم کھولتا ہوا پانی پینے کو اور عذابِ الیم سدا جینے کو ہوگا۔ یہاں کی یہ چند روزہ زندگی اور عیش و نشاط وہاں کے عذاب اور رنج و ہموم دائمی کے مقابلہ میں عمر قیدی کے لئے رات کا احتلام ہے اس پر یہ غرور یہ غفلت۔

کفار کا نام لے کر ترک کرنے کا حکم نہ دیا کیونکہ پھر تو شخص خاص سے بحث ہوجاتی جو الہام اور نبوّت کے فیض عام کے منافی ہے بلکہ اُن کُفّار کے دو وصفِ بد ذکر کئے جس سے معلوم ہو کہ صرف انھیں وصفوں کی وجہ سے اُن سے حسد نفرت کا حکم دیا وہ یہ ہیں۔ (۱) اتخذوا دینہم لعبًا و لہوًا کہ اُنھوں نے کھیل کُود کو اپنا مذہب بنا رکھا ہے حالانکہ مذہب اور دین تو وہ باتیں ہونی چاہئیں جو اُس کی رُوح کو منوّر اور دُنیا میں اصلاح کریں اور جب عبادت شہوت پرستی ہوئی تو اُس شخص کی زبان کاری کا کیا ٹھکانا ہے، کس شائستہ طور سے کُفّار کے مذہب کا بطلان فرمایا اگر آپ غور کرکے دیکھئے گا تو کفّار کی ہر عبادت شہوت پرستی ہے۔ ہندوؤں کو دیکھئے بڑے بڑے معابد کے میلے و ہاں گانا اور ناچنا اور عورت مَردوں کا بے حیائی طور پر ملنا ہے اور کچھ نہیں بخلاف حج کے کہ وہاں بجز خدا تعالےٰ کی تسبیح و تقدیس کے اور کچھ نہیں۔ اسی طرح عبادت کیا ہے بھجن گانا بجانا، بھنگ پینا۔ اسی طرح عیسائیوں کے مذہب کو خیال کرلیجئے چونکہ یہ مذہب ابتداء سے حقانی تھا اس لئے اس میں کچھ آثار اُس کے بھی باقی ہوں تو موجودہ مذہب کی حقانیت کی دلیل نہیں ہوسکتی۔ (۲) غرتہم الحیوٰۃ الدّنیا۔ خدا تعالےٰ کی پناہ جب انسان دنیا کی زندگی پر فریفتہ ہوجاتا ہے تو گویا عالم آخرت سے اُس کی آنکھیں اندھی ہوجاتی ہیں۔ رات دن ہے کہ دُنیا کے حاصل کرنے میں مصروف ہے خواہ حرام طور سے ہو خواہ حلال سے اپنے مطلوب و معشوق کے حاصل کرنے میں نہ اُس کو ظلم کی پروا ہوتی ہے نہ اس بات کا دھیان آتا ہے کہ آخر تابہ کے یہاں ہوں گا، اب بُڈھا ہوکر پھر کیا جوان ہونا ہے جب دوسرے عالم کا دھیان ہی نہیں تو وہاں کا سامان کیسا؛ سو یہ بھی بڑی حرمانِ آخرت کی وجہ ہے۔ ہنود و نصاریٰ کو عموماً دیکھئے کس قدر دُنیا پر فریفتہ ہیں اور کس طرح حاصل کرتے ہیں۔ الحمد للہ! مسلمانوں میں اب تک عالم آخرت کا دھیان رہتا ہے

Marfat.com

الشَّهَادَةِ ۚ وَهُوَ الْحَكِيمُ الْخَبِيرُ ﴿٧٣﴾

جاننے والا ہے۔ اور وہی حکمت والا خبردار (بھی) ہے۔

ترکیب

من دون اللہ متعلق ہے ندعوا سے ما نکرہ موصوفہ یا موصولہ مفعول ندعوا و نردّ معطوف ہے ندعوا پر اور ممکن ہے کہ حال ہو۔ کالذی کاف حال ہے ضمیر نردّ سے ای مشبّہین للذی۔ فی الارض متعلق ہے استہوتہ سے حیران غیر منصرف ہے کس لئے کہ اس کا مؤنث حیریٰ ہے یہ حال ہے استہوتہ کی ضمیر سے لہٗ اصحاب جملہ مستانفہ بھی ہوسکتا ہے اور حیران کی ضمیر سے حال بھی وان اقیموا معطوف ہے لنسلم پر۔

تفسیر

وہ کفّار جو اسلام و توحید پر ہنستے تھے اب اُن کے مذہب بُت پرستی کو ردّ کرتا ہے جو دراصل قابلِ مضحکہ بات ہے۔ وہ یہ کہ کسی اطاعت و عبادت کی دو وجہ ہوتی ہیں ایک امیدِ نفع دوم خوفِ مضرّت اور اللہ تعالیٰ کے سوا جو کچھ عالم میں ہے ان دونوں کا اختیارِ کلّی نہیں رکھتا خصوصاً ہاتھ کے تراشیدہ بُت۔ اس لئے فرماتا ہے قل اندعوا من دون اللہ الخ کیا خدا تعالےٰ کو چھوڑ کر ایسی چیزوں کو پوجیں جو نہ نافع ہیں نہ ضار۔ پھر مضرّتِ بُت پرستی ظاہر فرما کر بُت پرستوں کی ہنسی پر تاسف کرنے کا حکم دیتا ہے نردّ علےٰ اعقابنا کہ کیا ہم پھر ویسے ہی گمراہ ہوجاویں۔ جس میں یہ تین باتیں ہوں پھر اس سے بدتر حال کوئی بھی نہیں ہوسکتا۔ (۱) کالّذی استہوتہ الشّیاطین فی الارض کہ اس کو شیاطین نے جنگل میں بہکا دیا ہو۔ استہوتہ مشتق ہے ہوٰی فی الارض سے جس کے معنے بلندی سے گڑھے میں گرنا و قیل من انتباعِ الہوے۔ قال ابن عباس کالّذی استغوتہ الغیلان فی المہامۃ فاضلوہ (معالم) یعنی جیسا کسی کو جنگل میں غولِ بیابانی راہ بھلا دیں۔ (۲) سو وہ حیران ہوجاوے۔

گمر بعض حمقاء یعنی نیا چرہ ترقیٔ مذہبِ اسلام دنیا کے وافر ہونے کو سمجھتے ہیں خواہ سُود کھانے سے ہی۔ کیوں نہ ہو اس عقل کا کیا ٹھکانا ہے؟ واللہ اعلم۔

قُلْ أَنَدْعُوا مِن دُونِ اللَّهِ مَا لَا يَنفَعُنَا

(اے نبی ان کو) پوچھو کیا ہم اللہ کو چھوڑ کر اس کو پکاریں کہ جو نہ ہم کو نفع دے سکے

وَلَا يَضُرُّنَا وَنُرَدُّ عَلَىٰ أَعْقَابِنَا بَعْدَ إِذْ هَدَانَا

اور نہ ضرر اور بعد اس کے کہ اللہ تعالےٰ ہم کو ہدایت کر چکا اُس

اللَّهُ كَالَّذِي اسْتَهْوَتْهُ الشَّيَاطِينُ

شخص کی طرح سے اُلٹے پاؤں لوٹائے جاویں کہ جس کو شیاطین نے

فِي الْأَرْضِ حَيْرَانَ لَهُ أَصْحَابٌ

جنگل میں بھلا کر بھٹکا کر دیا ہو۔ اس کے دوست اُسے پکار

يَدْعُونَهُ إِلَى الْهُدَى ائْتِنَا ۗ قُلْ

رہے ہوں کہ راہ راست ہماری طرف چلا آ۔ (اے نبی ﷺ!) کہو

إِنَّ هُدَى اللَّهِ هُوَ الْهُدَىٰ ۖ وَأُمِرْنَا

بیشک ہدایت تو اللہ ہی کی ہدایت ہے۔ اور ہم کو تو اللہ ربّ

لِنُسْلِمَ لِرَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿٧١﴾ وَأَنْ أَقِيمُوا

العالمین کی فرمانبرداری کا حکم کیا گیا ہے۔ اور یہ (بھی) کہ نماز پڑھا کرو

الصَّلَاةَ وَاتَّقُوهُ ۚ وَهُوَ الَّذِي إِلَيْهِ

اور اُس سے ڈرا کرو۔ اور اُسی کے پاس تم سب جمع کئے

تُحْشَرُونَ ﴿٧٢﴾ وَهُوَ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ

جاؤ گے۔ اور وہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو ٹھیک

وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ ۖ وَيَوْمَ يَقُولُ كُن

طور پر بنایا اور جس روز (ہوجانے کے لئے) فرمائے گا تو

فَيَكُونُ ۚ قَوْلُهُ الْحَقُّ ۚ وَلَهُ الْمُلْكُ

ہر چیز ہوجائے گی۔ اُس کا قول برحق ہے۔ اور اُسی کی بادشاہت ہوگی

يَوْمَ يُنفَخُ فِي الصُّورِ ۚ عَالِمُ الْغَيْبِ وَ

جس روز کہ صور پھونکا جائے گا۔ (اور) وہ چھپے اور کھلے کا

ف:- گر ہمیں کتب است ہمیں مُلّا و کار طفلاں تمام خواہد شد۔

Marfat.com

فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۷۴﴾ وَكَذٰلِكَ نُرِيْٓ

میں مبتلا دیکھتا ہوں۔ اور ہم اسی طرح سے ابراہیمؑ کو

اِبْرٰهِيْمَ مَلَكُوْتَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

آسمانوں اور زمین کی بادشاہت دکھانے لگے۔

وَلِيَكُوْنَ مِنَ الْمُوْقِنِيْنَ ﴿۷۵﴾ فَلَمَّا

تاکہ (وہ سمجھے) اور ان کو یقین کامل ہو جاوے۔ پھر جب کہ (ابراہیمؑ)

جَنَّ عَلَيْهِ الَّيْلُ رَاٰ كَوْكَبًا ۚ قَالَ هٰذَا

پر اندھیری رات آئی تو ستارہ کو دیکھ کر کہا یہ میرا رب

رَبِّيْ ۚ فَلَمَّآ اَفَلَ قَالَ لَآ اُحِبُّ الْاٰفِلِيْنَ ﴿۷۶﴾

ہے، پھر جب وہ ڈوب گیا تو کہا میں چھپ جانے والی چیزوں کو پسند نہیں کرتا۔

فَلَمَّا رَاَ الْقَمَرَ بَازِغًا قَالَ هٰذَا رَبِّيْ ۚ

پھر جب چاند کو چمکتے ہوئے دیکھا تو کہا یہ میرا رب ہے۔

فَلَمَّآ اَفَلَ قَالَ لَئِنْ لَّمْ يَهْدِنِيْ رَبِّيْ

پھر جب وہ (بھی) چھپ گیا تو کہا اگر میرا ربّ مجھے ہدایت نہ کرے گا

لَاَكُوْنَنَّ مِنَ الْقَوْمِ الضَّآلِّيْنَ ﴿۷۷﴾ فَلَمَّا

تو میں گمراہ لوگوں میں سے ہو جاؤں گا۔ پھر جب کہ

رَاَ الشَّمْسَ بَازِغَةً قَالَ هٰذَا رَبِّيْ هٰذَآ

آفتاب کو چمکتے دیکھا تو کہا یہ میرا رب ہے (کیونکہ) یہ سب سے بڑا

اَكْبَرُ ۚ فَلَمَّآ اَفَلَتْ قَالَ يٰقَوْمِ اِنِّيْ

ہے۔ پھر جب وہ بھی چھپ گیا تو کہا اے قوم! میں تمہارے

بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ﴿۷۸﴾ اِنِّيْ وَجَّهْتُ

ان معبودوں سے بیزار ہوں کہ جن کو تم شریک بناتے ہو۔ میں نے تو یک طرفہ ہو کر

وَجْهِيَ لِلَّذِيْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَ

اس کی طرف اپنا رُخ کر لیا کہ جس نے آسمانوں اور

الْاَرْضَ حَنِيْفًا وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۷۹﴾

زمین کو بنایا اور میں تو شریک کرنے والوں میں سے نہیں ہوں۔

وَحَآجَّهٗ قَوْمُهٗ ۚ قَالَ اَتُحَآجُّوْٓنِّيْ فِي

اور جب ان سے ان کی قوم جھگڑنے لگی، تو ابراہیمؑ نے کہا کیا تم مجھ سے اللہ (کے معاملہ) میں

قال الاصمعی یقال حار یحار حیرۃ وحیرا وزاد الفراء حیرانا وحیرورۃ دیکھو (۳) لہٗ اصحاب کہ اس کے یار اُس کو راہ راست کی طرف پکار رہے ہوں، مگر وہ اس بدحواسی میں اُن کی طرف بھی خیال نہ کرتا ہو۔ یہی حال بُت پرستوں کا ہے کہ آبائی رسوم اور مُلکی خیالات سے اُس ورطۂ ضلالت میں اس طرح پڑے ہیں۔

اس کے بعد فرماتا ہے کہ اس کے مقابلہ میں اور ایسی حالت میں اللہ تعالےٰ کی رہنمائی دراصل رہنمائی ہے تم حیران سرگردان بھٹکتے پھرو مگر ہم تو اس پر مامور ہیں۔ چونکہ ہدایتِ الٰہی کی دو شاخ ہیں اعتقاد کا درست کرنا اس کی طرف[1] تسلیم لربّ العالمین میں اشارہ کیا۔ دوم عمل اچھے کرنا اور اعمالِ صالحہ میں سب سے بڑھ کر نماز ہے اس لئے اس کے بعد ان اقیموا الصلوٰۃ فرمایا اور عموماً پرہیزگاری کے لئے القوہ کہدیا۔ مشرکین اللہ تعالےٰ کے مقابلہ میں اور چیزوں کو پوجتے تھے۔ اب ان اندھوں کو اللہ تعالےٰ کی ذات دو جملوں میں بتلائی جاتی ہے تاکہ عظمت ہو اوّل ہوالّذی الخ کہ اللہ تعالےٰ وہ ہے جس کے پاس جانا ہے نہ کہ بُتوں کے۔ پھر سمجھ لو کہ اُس سے کیا تعلّق ہے؟ یہ بلحاظِ مبدأیہ دوسرا جملہ ہے ہوالّذی خلق الخ کہ اُس نے سب کچھ بنایا تمہارے معبودوں نے کیا بنایا ہے؟ پھر اُن کو پوجنا حمق ہے۔ پھر چند اوصاف ممیزہ ذکر کرتا ہے (۱) یقول کن الخ جو چاہتا ہے فوراً ہو جاتا ہے (۲) قولہ الحق (۳) ولہ الملک الخ (۴) عالم الغیب والشہادۃ (۵) وہو الحکیم الخبیر پھر جو کچھ ان اوصاف کی ترتیب میں نکتے ہیں بیان سے باہر ہیں۔

وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ لِاَبِيْهِ اٰزَرَ اَتَتَّخِذُ

اور جب کہ ابراہیمؑ نے اپنے باپ آزر سے (یہ) کہا کہ کیا تم بُتوں کو

اَصْنَامًا اٰلِهَةً ۚ اِنِّيْٓ اَرٰىكَ وَقَوْمَكَ

خدا مانتے ہو؟ میں تو تم کو اور تمہاری قوم کو صریح گمراہی

[1] سر جھکانا بھی ربّ العالمین کے لئے ذکر کے ساتھ اور وصف کے ساتھ کیونکہ سر ولی النعمۃ کے آگے جھکا کرتا ہے اور ولی النعمۃ بھی عالم کا بلکہ عالمین کا کہ جس نے غیر معبودوں کی وقعت کھودی ۱۲ منہ

Marfat.com

اللّٰهِ وَقَدْ هٰدٰىنِ ؕ وَلَاۤ اَخَافُ مَا تُشْرِكُوْنَ
جھگڑتے ہو حالانکہ وہ مجھے ہدایت کر چکا۔ اور میں تمہارے معبودوں سے ہرگز

بِهٖۤ اِلَّاۤ اَنْ يَّشَآءَ رَبِّيْ شَيْـًٔا ؕ وَسِعَ رَبِّيْ
نہیں ڈرتا جن کو تم اس کا شریک بناتے ہو۔ مگر اس کے کہ میرا رب ہی کچھ چاہے۔ (تو ضرور ہو سکتا ہے) میرے

كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ؕ اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۸۰﴾
رب کے علم میں ہر چیز ہے۔ پھر تم کیوں نہیں سمجھتے ؟

وَكَيْفَ اَخَافُ مَاۤ اَشْرَكْتُمْ وَلَا تَخَافُوْنَ
اور جن کو تم نے اس کا شریک بنایا ہے ان سے میں کیوں ڈرنے لگا حالانکہ تم

اَنَّكُمْ اَشْرَكْتُمْ بِاللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ
اس بات سے نہیں ڈرتے کہ تم نے اللہ تعالیٰ کے ساتھ ان کو شریک کر رکھا ہے جن کے لئے

عَلَيْكُمْ سُلْطٰنًا ؕ فَاَيُّ الْفَرِيْقَيْنِ اَحَقُّ
اس نے تم پر کوئی بھی سند نہیں اتاری۔ پھر دونوں فریق میں سے کون زیادہ امن کا

بِالْاَمْنِ ۚ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۱﴾ اَلَّذِيْنَ
مستحق ہے (بتلاؤ) اگر تم جانتے ہو۔ جو کہ ایمان لائے

اٰمَنُوْا وَلَمْ يَلْبِسُوْۤا اِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ
اور انھوں نے اپنے ایمان میں کچھ بھی شرک نہیں ملایا

اُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْاَمْنُ وَهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۸۲﴾
انہی کے لئے امن ہے اور وہی ہدایت یافتہ بھی ہیں۔

ترکیب

اذ قال مفعول ہے اذکر کا آزر بدل ہے ابیہ سے اصناماً مفعولِ اوّل تتخذ کا آلھۃ مفعولِ دوم وکذالک محلاً منصوب ہے، ای کما ارینٰہ ضلال ابیہ وقومہ ارینٰہ ذلک ای ملکوت السمٰوٰت والارض۔

تفسیر

ان دلائل کے بعد حضرت ابراہیم علیہ السلام کے اس واقعہ سے جو ان کی قوم بت پرست اور ان میں گزرا مشرکین عرب کو الزام دیتا ہے کیونکہ عرب کی بہت قومیں حضرت ابراہیمؑ کی نسل سے ہیں اور ان کے علاوہ حضرت ابراہیم علیہ السلام تمام عرب اور یہود و نصاریٰ سب کے نزدیک مسلّم تھے (ایسا مسلّم آج کل بھی دنیا میں کوئی ہوگا؟) یہ سب اس ابُ الانبیاءؑ کے خلوص کا ثمرہ ہے) کہ دیکھو تمہارے بزرگ نے بُت پرستوں کو کس طرح قائل کیا پھر تم بت پرستی کرتے ہو؟

سورۂ بقرہ کی تفسیر میں ہم حضرت ابراہیم علیہ السلام کی تاریخ مفصّلاً بیان کر آئے ہیں کہ حضرتؑ شہر بابل یا اُس کے اطراف کے رہنے والے تھے جس کے کھنڈر اب تک بغداد سے چالیس۴۰ میل کے فاصلہ پر دُور تک سیاّحوں کو عبرتناک ٹیلوں میں دبے ہوئے معلوم ہوتے ہیں طوفان کے بعد قطعاً اور اُس سے پہلے غالباً بنی آدم کی آبادی سے ملک آرمینیا اور عراق اور ایران اور شام و ایشیاء کوچک وغیرہ ایشیا کا وسط حصّہ آباد ہوا تھا یہیں سے پھر تمام ملکوں میں بنی آدم پھیلتے گئے ہیں۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام کے والد کا نام تارح ہے آزر لقب ہوگا یا بالعکس اور یہ کہنا کہ "آزر اُن کے چچا تھے اور تارح باپ اس لئے کہ کسی نبی کا باپ مشرک نہیں گزرا ہے" محض تکلّف ہے۔ اور اس کے ردّ و اثبات میں کلام کو اس موقع پر طول دینا منصب تفسیر کے برخلاف ہے۔ حضرت ابراہیمؑ کے عہد میں بُت پرستی کا از حد رواج تھا حال کے زمانہ میں جو فرانس اور انگلینڈ کے لوگوں نے بابل اور نینوٰی کے بعض مقامات کو باجازتِ سُلطانِ روم خلد اللہ ملکہٗ کھودا ہے تو سنگِ مرمر کے عجیب و غریب تراشے ہوئے بُت مختلف صورتوں کے برآمد ہوئے ہیں جو وہاں بطورِ نمایش کے رکھے ہوئے ہیں۔

ابتدائے زمانہ سے ہی جب کہ لوگوں نے ظاہری آنکھوں سے دیکھا تو علیٰ حسب مراتب الفہم خیالی گھوڑے دوڑانے لگے یہ تو اکثر نے مانا کہ اللہ تعالےٰ صانع عالم ہے مگر اس کے ساتھ بعض جاہلوں نے ایک اور خالق مستقل مانا جو شرّ کا فاعل ہے۔ اور بعض[1]

[1] یعنی تمہاری دیوی دیوتا میرا کچھ نہیں کر سکتے۔ تم ڈرا کر دیں نہیں ڈرتا اگر خدا تعالےٰ ہی چاہے تو ضرر پہنچے ۱۲ منہ [2] (حاشیہ صـ۳۴۲ پر)

Marfat.com

لوگوں نے آگ کو بعض نے پانی کو اصل ٹھیرایا۔ اور ایک قوم نے خصوصاً اہلِ بابل و نینوا کے لوگوں نے جو دنیاوی علوم اور صنعتوں میں بڑے ہوشیار تھے افلاک اور ستاروں کو مدبّرِ عالم خیال کر رکھا تھا پھر اُن کے نام کے سونے اور چاندی اور دیگر دھاتوں اور پتھروں کے بُت اور عجائب غرائب اشکال مندروں میں رکھ چھوڑی تھیں جن کو وہ پُوجتے تھے اور اُن پر بعض اپنی اولاد کی قربانی کرتے تھے بعض اور جانوروں کی قربانی کرتے اور دیگر نذر و نیاز چڑھاتے تھے۔

اس ملک اور اُس قوم میں خدا تعالےٰ نے ابراہیم علیہ السّلام کو پیدا کیا۔ اُس وقت کے بادشاہ نمرود کو جو ضحاک تازی کا صوبہ دار تھا نجومیوں نے حضرتؑ کی خبر پہلے سے دی تھی وہ اُس خاندان کی حاملہ عورتوں کی احتیاط رکھتا تھا، لڑکوں کو قتل کر ڈالتا تھا اس لئے حضرت ابراہیم علیہ السّلام کو اُن کے والدین نے کسی غار یا تہہ خانہ میں چھُپا رکھا تھا جو سنِّ تمیز تک وہیں رہے۔ خداداد روشنی کب چھُپائے چھُپتی ہے۔ غار میں ہی ماں باپ سے قیل و قال شروع کر دی اذ قال سے لے کر فی ضلال مبین تک اس کا ذکر ہے۔ پھر جب زیادہ شہرہ ہوتا چلا اور آپؑ اُس غار سے لوگوں کے روبرُو باہر لائے گئے تو آفتاب غروب ہو چلا تھا۔ مگر جس طرح خدا تعالےٰ نے اُن کی نظروں میں ماں باپ کی وہ بُت پرستی حقیر و بے عزّت کر دکھائی تھی اسی طرح ملکوت السّمٰوٰت یعنی آسمانوں اور زمینوں کو اور اُن کے اندر جو کچھ اسرارِ حکمت تھے اُن کے دل پر منکشف کر دیئے تھے وکذٰلک نری ابراہیم ملکوت السّمٰوٰتِ الخ۔ رات جب زیادہ ہو گئی تو زُہرہ ستارہ چمکتا دیکھ کر وہ جو آپؑ کے اِرد گرد بہت سے بُت پرست حجتیں کرنے کو جمع تھے اُن سے تعریضاً یہ کہا ہٰذا ربّی کہ تمہارے خیال کے بموجب میرا یہ رب ہے؟ (کس لئے کہ اُن پر ملکوت السمٰوٰتِ منکشف ہو گئے تھے اور بدء الخلقت سے رُشد عطا ہوا تھا وہ حقیقۃً ستارہ کو رب کیونکر کہتے) پھر جب وہ غروب ہوا تو الزام دیا کہ ایسی چھُپ جانے والی چیزوں کو میں پسند بھی نہیں کرتا۔ پھر جب چاند نکلا تو کہا یہ رب ہے، جب وہ بھی چھُپ گیا تو اُن کے خیال قبول کرنے کی صورت میں تہذیباً اپنے آپ کو ہی گمراہ ہونا فرمایا (اس لئے کہ باوجود بڑے کے چھوٹے کو خدا بنانا اور بڑے کا بھی ڈوب جانا منافی اُلوہیت ہے) پھر جب صبح ہوئی اور آفتاب جگمگاتا ہوا نکلا تو کہا یہ سب سے بڑا ہے یہ رب ہے پھر جب شام کو وہ بھی غروب ہو گیا تو اُن کے اِلٰہِ اکبر کا بے بنیاد اور مجبور ہونا مشاہدہ کرا کے صاف صاف کہدیا کہ میں تو اُس کی طرف متوجّہ ہوتا ہوں کہ جس نے آسمان و زمین اور ان سب کو بنایا اور شرک سے بیزار ہوں۔ پھر تو لوگوں کے غول کے غول آنے اور اپنے بُتوں سے ڈرانے لگے آپؑ نے فرمایا مجھے اُن سے کچھ مضرت نہیں بلکہ میرے خدائے قادر سے تم کو ڈرنا چاہیئے۔

وَتِلْكَ حُجَّتُنَآ اٰتَيْنٰهَآ اِبْرٰهِيْمَ عَلٰى

اور یہ ہے ہماری دلیل جو ہم نے ابراہیمؑ کو اس کی قوم کے مقابلہ میں دی

قَوْمِهٖ ؕ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ ؕ

تھی۔ ہم جس کو چاہتے ہیں بلند مرتبہ کرتے ہیں۔

اِنَّ رَبَّكَ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿۸۳﴾ وَوَهَبْنَا

بیشک آپؑ کا ربّ حکمت والا خبردار ہے۔ اور ہم نے اس کو (ابراہیمؑ کو)

لَهٗٓ اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ ؕ كُلًّا هَدَيْنَا ۚ

اسحٰقؑ اور یعقوبؑ عنایت کئے۔ ہم نے اُن سب کو رہنمائی کی تھی۔

وَنُوْحًا هَدَيْنَا مِنْ قَبْلُ وَمِنْ ذُرِّيَّتِهٖ

اور اس سے پہلے ہم نوحؑ کو ہدایت دے چکے تھے اور اس کی نسل میں

دَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ وَاَيُّوْبَ وَيُوْسُفَ

داؤدؑ اور سلیمانؑ اور ایوبؑ اور یوسفؑ

اسی کا نمونہ ہے غرض جس نے جس چیز کو اپنے خیال میں بشریت سے بالا پایا خدا بنا لیا ۱۲ منہ

۲ (حاشیہ ص۳۴۱) کسی نے ملائکہ اور علویات کی خیالی صورت پر بُت تراشے پھر کسی نے بنی آدم میں سے انبیاءؑ و صلحاءؒ و ابرار یا شاہانِ ملک کو شریک خدائی سمجھا اور اُن کی کوئی صورت فرض کر کے بُت بنائے، لات، ہُبل، کرشن، رام سب

Marfat.com

وَمُوسٰى وَهٰرُوْنَ ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي

اور موسےٰ اور ہارون کو بھی (ہدایت دی)۔ اور ہم نیکوں کو یوں بدلہ

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۸۴﴾ وَزَكَرِيَّا وَيَحْيٰى وَ

دیا کرتے ہیں۔ اور زکریا اور یحییٰ اور

عِيْسٰى وَاِلْيَاسَ ؕ كُلٌّ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۸۵﴾

الیاس کو بھی (ہدایت دی) ہر ایک نیک لوگوں میں سے تھے۔

وَاِسْمٰعِيْلَ وَالْيَسَعَ وَيُوْنُسَ وَ

اور اسمٰعیل اور الیسع اور یونس اور

لُوْطًا ؕ وَكُلًّا فَضَّلْنَا عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۸۶﴾

لوط کو بھی۔ اور ہر ایک کو ہم نے جہان پر فضیلت دی تھی۔

وَمِنْ اٰبَآئِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ وَاِخْوَانِهِمْ ۚ

اور ان کے آباء و اجداد میں سے اور ان کی نسل میں سے اور ان کے بھائیوں میں سے بھی

وَاجْتَبَيْنٰهُمْ وَهَدَيْنٰهُمْ اِلٰى صِرَاطٍ

بعض کو برگزیدہ کیا اور سیدھا راستہ

مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۸۷﴾ ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ

دکھایا۔ (اے نبی!) یہ ہے اللہ تم کی ہدایت، اپنے بندوں

بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ وَلَوْ

میں سے جس کو چاہتا ہے اس پر چلاتا ہے۔ اور اگر

اَشْرَكُوْا لَحَبِطَ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۸۸﴾

وہ شرک کرتے تو جو کچھ وہ کیا کرتے تھے (سب) ضائع ہو جاتا۔

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ وَ

یہ ہیں وہ لوگ کہ جن کو ہم نے کتاب اور شریعت

الْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ۚ فَاِنْ يَّكْفُرْ بِهَا

عطا کی تھی۔ پھر اگر ان باتوں کو یہ لوگ نہ

هٰٓؤُلَآءِ فَقَدْ وَكَّلْنَا بِهَا قَوْمًا لَّيْسُوْا

مانیں تو ہم نے (ان باتوں کے تسلیم کرنے کے لئے) وہ لوگ مقرر کئے ہیں جو ان سے

بِهَا بِكٰفِرِيْنَ ﴿۸۹﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ

انکار ہی نہ کریں گے۔ یہ وہ لوگ ہیں کہ جن کو

هَدَى اللّٰهُ فَبِهُدٰىهُمُ اقْتَدِهْ ؕ قُلْ

اللہ تعالےٰ نے ہدایت دی تھی سو آپ ان ہی کے رستہ پر چلیں۔ (اے نبی!) ان سے کہدو

لَّآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا ؕ اِنْ هُوَ

میں تم سے اس بات پر کچھ بھی اجرت نہیں مانگتا۔ یہ تو صرف

اِلَّا ذِكْرٰى لِلْعٰلَمِيْنَ ﴿۹۰﴾

جہان بھر کے لئے نصیحت ہے۔

ع ۱۰ ۱۲

ترکیب

تلک مبتدا حجتنا موصوف اٰتینا ہا صفت مجموعہ خبر ہے۔ متعلق ہے محذوف سے ای حجۃ علیٰ قومہ درجات بالاضافۃ والتنوین اوّل صورت میں یہ مفعول ہے نرفع کا دوسری میں من مفعول ہے اور درجات یا ظرف ہے یا حرفِ جر محذوف ہے ای الی درجات۔ کُلًّا منصوب ہے ہدینا سے ومن اٰبائہم معطوف ہے کُلًّا پر ای وفضّلنا کُلًّا من اٰبائہم او وہدینا کُلًّا من اٰبائہم۔

تفسیر

فرماتا ہے کہ یہ حجتیں ابراہیم علیہ السّلام کو اُس کی قوم کے مقابلہ میں ہم نے دی تھیں۔ ہم جس کو چاہتے ہیں بلند مرتبہ کرتے ہیں۔ اس کے بعد حضرت ابراہیم علیہ السّلام کی نسل میں سے چودہ انبیاءؑ کا ذکر کیا اور اُن کے جدِ امجد حضرت نوحؑ علیہ السّلام کا بھی ذکر کیا تاکہ یہ معلوم ہو کہ یہ خُدا پرستی اور اتباعِ توحید کچھ حضرت ابراہیمؑ پر موقوف نہیں اُن سے پہلے اُن کے جدِّ امجد حضرت نوحؑ بھی موحّد و مخلص تھے اور پھر حضرت ابراہیم علیہ السّلام کے بعد بھی اُن کی نسل میں سے یہ لوگ کہ جن کی بزرگی عرب و دیگر بلاد میں مشہور ہے وہ بھی موحّد تھے مُشرک نہ تھے۔ مع ابراہیمؑ و نوحؑ کے یہ اٹھارہ شخص ہیں۔ نوحؑ، ابراہیمؑ، اسحٰقؑ، یعقوبؑ، داؤدؑ، سلیمانؑ، ایوبؑ، یوسفؑ، موسیٰؑ، ہارونؑ، زکریاؑ، یحییٰؑ، عیسےٰؑ، الیاسؑ، اسمٰعیلؑ، الیسعؑ، یونسؑ، لوطؑ علیہم السّلام۔ پھر فرماتا ہے کہ

Marfat.com

توحید کے سبب نہ صرف ان کو بلکہ ان کے بزرگوں اور بھائیوں اور اولاد کو برگزیدہ کیا اور ان کو راہ راست کی ہدایت کی کہ ان کا ملاً اعلےٰ میں بھی مرتبہ بلند ہے اور دنیا میں بھی اُن کی عزت و توقیر کی جاتی ہے اور اُن کے طریق پر لوگ چلتے ہیں۔

(یہاں سے عصمتِ انبیاءؑ ثابت ہوتی ہے)۔ اور اس کے بعد تین چیزیں جو اُنھیں دونوں کی شاخ ہیں عطا کرنا فرماتا ہے اوّل کتاب دوم حکم یعنے حکومت سوم نبوت۔ سیاست تین قسم پر ہے دنیاوی اور دینی اور روحانی۔ دینی سیاست علمائے دین کو ہوتی ہے جس کی طرف آتینٰھم الکتاب میں اشارہ ہے کیونکہ کتاب کا دیا جانا عام ہے خواہ خاص ان پر الہام ہوا ہو یا نیابتاً اُن کو ملی ہو جیسا کہ علماء کو ملتی ہے۔ دنیاوی سیاست کی طرف الحکم میں اور روحانی کی طرف النبوۃ میں اشارہ ہے۔ اور کبھی یہ تینوں ایک شخص کو حاصل ہوجاتی ہیں کبھی ایک ایک وصف ایک ایک میں پایا جاتا ہے۔ اس لئے ان اٹھارہ انبیاءؑ کے ذکر کے بعد دیگر کرنے میں انھیں اوصاف کا لحاظ کیا گیا ہے یا کچھ اُن کے صبر و شکر مصیبت و راحت کا بھی لحاظ ہو۔ **نوحؑ** کا مفصّل حال آگے آوے گا۔ **ابراہیمؑ** حضرت مسیحؑ سے تخمیناً دو ہزار برس پیشتر عراق میں پیدا ہوئے اور اہواز یا بابل اپنے وطن سے ہجرت کرکے اوّل اوّل حران میں آبسے جو آج کل بھی عراق میں اسی نام سے مشہور ہے جس میں اہل اسلام رہتے ہیں۔ پھر یہاں سے کوچ کرکے مع اپنے بھتیجے لوطؑ کے ملکِ شام کنعان میں آئے اور شہر نابلس سے کہ جس کو پہلے سکم کہتے تھے گزر کر بیتِ ایل یعنی یروشلم کے پاس اپنا خیمہ قائم کیا اور پھر یہاں سے عرب اور مصر میں گئے۔ عرب و شام میں حضرتؑ کی اولاد پھیلی۔ اسمٰعیلؑ سے عرب کی قومیں اور اسحٰقؑ سے شام میں بنی اسرائیل و دیگر قبائل ہوئے۔ شام میں حضرتؑ کی قبر ہے۔

اسحٰقؑ حضرت ابراہیمؑ کے بیٹے ہیں جو اسمٰعیلؑ سے چھوٹے تھے ملک شام میں ہی پیدا ہوئے اور وہیں انتقال ہوا **یعقوبؑ** اسحٰقؑ کے بیٹے ہیں۔ ومن ذرّیتہٖ کی ضمیر میں اختلاف ہے بعض کہتے ہیں کہ ابراہیمؑ کی طرف کرتی ہے اور صحیح تر یہ ہے کہ نوحؑ کی طرف رجوع کرتی ہے کیونکہ بقول محققین مؤرخین ایوبؑ حضرت ابراہیمؑ کی ذریت میں سے نہ تھے بلکہ عرب کے رہنے والے بعض کے نزدیک ابراہیمؑ سے بھی پیشتر تھے۔ داؤدؑ سلیمانؑ کے باپ یہ دونوں پیغمبر حضرت یعقوبؑ یعنی اسرائیل کی اولاد میں سے تھے۔ حضرت موسیٰؑ کے کئی سو برس کے بعد شام بلکہ اور ملکوں کے بھی حاکم ہوئے ہیں۔ یوسفؑ حضرت یعقوبؑ کے بیٹے ہیں جو بچپن میں اسیر ہوکر مصر میں جا بسے اور پھر وہاں بہت کچھ اعزاز پایا اور اپنے باپ اور اُس کی تمام اولاد کو مصر میں بُلا لیا جب سے تخمیناً چار سو برس تک بنی اسرائیل مصر میں رہے اور ہزار ہا ہزار ہا مرد و زن ہوگئے۔ پھر موسےٰؑ و ہارونؑ دونوں بھائی بھی وہیں پیدا ہوئے۔ مصر کے بادشاہ فرعون کو اُن کی سرکشی کا خوف ہوا تو اُن کو غلام بنایا اور طرح طرح کی تکلیفیں دینی شروع کیں۔ تب موسیٰ و ہارون علیہما السّلام تمام قوم کو لے کر پھر اپنے باپ دادا کے وطن قدیم ملک شام میں لے جانے کے لئے مصر سے نکلے۔ تقدیرِ اُلٰہی چالیس برس تک عرب کے جنگلوں میں سرگرداں رہے رستہ ہی میں انتقال ہوا راستہ ہی میں توریت نازل ہوئی وہیں معجزات کا ظہور ہوا۔ کوہِ سینا بھی اسی ملک عرب کے غربی و شمالی کنارہ میں ہے۔ **زکریاؑ**، بنی اسرائیل میں دو نبی گزرے ہیں ایک یحییٰ علیہ السلام کے والد جو حضرت عیسیٰؑ کے عہد سے قریب تھے ایک زکریاؑ عزیرؑ اور حجیؑ اور یرمیاہ علیہم السّلام کے

لہ نبوت کا اثر کتاب ہی اور اُس کی تعمیل کامل بغیر حکومت نہیں ہوتی۔ اسلام میں اوّل فیضِ نبوّت قرآن ہے پھر اس کی تعمیل کرانے کے لئے خدا تعالیٰ نے اسلامیوں کو شوکت و سلطنت دی جس کی وجہ سے قرآن کے احکام کو علماء بآزادی بیان کرتے تھے غلفائے راشدینؓ کے بعد نااہل جانشینوں کی وجہ سے فقط دنیاوی حکومت عیش و

آرام کرنے کے لئے حصوں میں بانٹ لی جب اس کی علّت غائی نہ رہی تو اس کا زوال پذیر ہونا ایک فطری بات تھی۔ انبیاءؑ میں داؤدؑ و سلیمانؑ کو چونکہ یہ تینوں وصف حاصل تھے اس لئے بیشتر اُن کا ذکر ہوا۔ علماء کرام نے ان تینوں لفظوں سے اور بھی عدد نکال لی ہیں جو ان کے فہم خداداد کا حصّہ ہے ۱۲ منہ

عہد میں تھے مسیحؑ سے تخمیناً پانچ سو برس پیشتر جنھوں نے بخت نصر کے حادثہ کے بعد دوبارہ پھر ہیکل کی تعمیر کی تھی۔ یحییٰؑ زکریاؑ کے بیٹے ہیں جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ہمعصر تھے یہ انبیاءؑ بنی اسرائیل کے خاتم ہیں۔ الیاسؑ کو ایلیا بھی کہتے ہیں یہ بخت نصر کے حادثہ سے پیشتر اُس عہد میں تھے جب کہ بنی اسرائیل کا بادشاہ **اخزیاہ** تخت نشین تھا مسیحؑ سے تخمیناً آٹھ سو چھیانوے برس پیشتر اس بادشاہ کے عہد میں حضرت الیاسؑ آسمان پر زندہ چلے گئے اور اُن کی جگہ اُن کا شاگرد حضرت یسعؑ نبی قائم ہوا (۲ سلاطین ۲ باب) یونسؑ علیہ السلام کو یونا بھی کہتے ہیں یہ مسیح علیہ السلام سے تخمیناً آٹھ سو باسٹھ برس پیشتر تھے ان کو شہر نینوا جانے کا حکم تھا یہ وہاں جانے سے پہلو تہی کر کے شہر ترسیس کو بھاگنے کے لئے یافث میں اُتر گئے اُن کا قصہ بھی آیندہ بیان ہوگا۔ ان بزرگوں کا ذکر کر کے فرماتا ہے کہ اگر یہ شرک کرتے تو خراب ہو جاتے۔ پھر حضرتؐ کو تسلی دیتا ہے کہ اگر ان باتوں کو یہ موجودین نہ مانیں گے تو کچھ پرواہ نہیں۔ ہم نے ان پر چلنے کے لئے اور قومیں تیار کر رکھی ہیں (وہ آیندہ آنے والی نسلیں ہیں اُمّتِ محمدیہؐ میں سے)۔ پھر فرماتا ہے کہ تو اُن کی اصول دین میں اور صبر و تحمل میں اے نبیؐ! پیروی کر۔ یہاں سے بعض نے جزئیاتِ شرائع بھی مُراد لئے ہیں وہ ضعیف جداً۔

وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖٓ اِذْ قَالُوْا

اور ان (یہود) نے جیسا کہ اللہ تعالیٰ کی قدر کرنی چاہیئے تھی کچھ بھی نہ کی جب کہ یہ کہدیا

مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى بَشَرٍ مِّنْ شَيْءٍ ؕ

کہ اللہ تعالیٰ نے کسی آدمی پر کچھ بھی نازل نہیں کیا۔

قُلْ مَنْ اَنْزَلَ الْكِتٰبَ الَّذِيْ جَآءَ

(اے نبیؐ! ان سے) پوچھو وہ کتاب کس نے اُتاری تھی کہ جس کو

بِهٖ مُوْسٰى نُوْرًا وَّهُدًى لِّلنَّاسِ

موسیٰؑ لائے تھے جو لوگوں کے لئے نور اور ہدایت تھی جس کو

تَجْعَلُوْنَهٗ قَرَاطِيْسَ تُبْدُوْنَهَا وَ

تم اوراق متفرق کر کے رکھتے ہو جن میں سے کچھ دکھاتے اور

تُخْفُوْنَ كَثِيْرًا ۚ وَعُلِّمْتُمْ مَّا لَمْ تَعْلَمُوْٓا

بہت سے چھپاتے ہو۔ اور تم کو (اس کے ذریعہ) وہ باتیں تعلیم کی گئیں

اَنْتُمْ وَلَآ اٰبَآؤُكُمْ ؕ قُلِ اللّٰهُ ۙ ثُمَّ

کہ جن کو تم کبھی جانتے نہ تھے نہ تمھارے باپ دادا۔ کہدو اللہ (ہی نے نازل کی تھی) پھر

ذَرْهُمْ فِيْ خَوْضِهِمْ يَلْعَبُوْنَ ﴿۹۱﴾ وَ

ان کو جھوڑو کہ بڑے اپنی بدگمانیوں میں کھیلتے رہیں۔ اور

هٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ مُّصَدِّقُ

یہ (قرآن بھی) وہ مبارک کتاب ہے کہ جس کو ہم نے نازل کیا جو اپنے سے پہلی (کتابوں)

الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَلِتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى

کی تصدیق کرتا ہے تاکہ (اے نبیؐ!) آپ اہل مکہ اور اس کے آس پاس

وَمَنْ حَوْلَهَا ؕ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ

والوں کو ڈر سُنا دیں۔ اور جو آخرت پر یقین رکھتے

بِالْاٰخِرَةِ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَهُمْ عَلٰى

ہیں وہ تو اس پر بھی ایمان لاتے ہیں اور وہی اپنی

صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ﴿۹۲﴾

نماز کے بھی پابند رہیں۔

ترکیب

حق مفعول مطلق قدر کا مضاف ہے اور دراصل وصف ہے کیونکہ تقدیرہٗ قدرہ الحق اس لئے یہ بھی منصوب ہے اذ قالوا ظرف ہے ماقدروا کا۔ قراطیس مفعول ثانی ہے تجعلون کا لے فی قراطیس تبدونہا قراطیس کی صفت وعلمتم (ایہا الیہود فی القرآن) جملہ موضع حال میں ہے یا جملہ مستانفہ۔ قل اللہ جواب ہے قل من انزل کا مصدق وصف ہے کتاب کا بغیر تنوین۔

تفسیر

پہلے فرمایا تھا کہ ان ہوالا ذکرٰے للعالمین کہ یہ عالم کے لئے

Marfat.com

نصیحت ہے جو خدا تعالےٰ کی طرف سے نازل کی گئی ہے ایسے موقع پر منکرین نبوّت کہدیا کرتے ہیں کہ خدا تعالےٰ نے کچھ بھی کسی بشر پر نازل نہیں کیا اسے کیا غرض کیا مطلب ؟ یا عقل کافی ہے وہی نیک و بد کی پہچان کر سکتی ہے جیسا کہ آج کل ملحد یا منکرین نبوت آریہ وغیرہم کہتے ہیں۔ اور کچھ عجب نہیں کہ اُس عہد میں بھی یہ مشرکین کہتے کہا ہو یا کسی موقع پر ضد میں آکر کسی یہودی نے کچھ کہدیا ہو جیسا کہ بغوی وغیرہ نے نقل کیا ہے کہ مالک بن صیف یہودی عالم نے مکہ میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلّم سے یہ اُس وقت کہا تھا جب کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلّم نے اُس سے قسم دے کر پوچھا کہ کیا توریت میں یہ بھی ہے کہ خدا تعالےٰ موٹی چیز کو پسند نہیں کرتا ؟ حالانکہ وہ حبر تھا جو یہود کا مال کھا کھا کر تُند یلا ہوگیا تھا اُس پر وہ غصّہ میں آگیا اور یہ کہدیا۔ یا کسی اور نے بھی ایسا کہا ہو۔ مگر اُس جواب سے غرض توحید اور مبدء و معاد ثابت کرنے کے بعد حضرت ابراہیم علیہ السّلام مسلّم الکل کے قول سے بھی ثابت کی گئی **نبوّت** اور کتاب کا برحق ہونا ثابت کرنا ہے جو قرآن مجید کے اجلّ مقاصد میں سے ہے۔ اور توریت کا موسیٰ علیہ السّلام پر نازل ہونا ایک ایسی بات تھی کہ جس کو سب مانتے تھے پس من شیٔ نکرہ جو مانا فیہ کے حیزّ میں آکر سالبہ کلیہ بن گیا ہے اس کے مقابلہ میں انزل علےٰ موسیٰ موجبہ جزئیہ جو قل من انزل الخ کا مفاد ہے پورا جواب الزامی و تحقیقی ہے یعنی اگر خدا تعالےٰ نے کسی پر کچھ بھی نازل نہیں کیا تو پھر توراۃ کو موسیٰ علیہ السّلام پر کس نے نازل کیا تھا جو لوگوں کے لئے نور اور ہدایت تھی کہ جس کو تم اے اہل کتاب ! متفرّق اجزاء میں کر رکھتے ہو کہ اُس میں سے بہت کچھ چھپاتے اور کم ظاہر کرتے ہو۔ یہاں سے معلوم ہوا کہ آنحضرت علیہ السّلام کے عہد میں یہود عرب نے توراۃ کو متفرّق اوراق میں اسی غرض سے چھوڑا تھا کہ اپنی خواہش کے موافق اوراق کو دکھاتے اور جو خلاف منشا تھے یا جن میں اسلام کی خبر تھی اُن کو نہ دکھاتے تھے جیسا کہ دارمی نے روایت کیا ہے۔ شاید حضرت عمرؓ انھیں اوراق میں سے چند ورق آنحضرت علیہ السّلام کے رُوبرو لاکر پڑھنے لگے تھے جن کو سُن کر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلّم پُر غضب ہوئے تھے۔ اب یہ بھی معلوم نہیں کہ اُن یہود کے پاس توریت کے پانچوں حصوں میں سے کئی حصّے تھے یا سب تھے یا اور عہد عتیق کی کتابیں تھیں کہ جن پر مجازاً توریت کا اطلاق ہوتا ہے۔

پھر اُس عہد میں کہ جب بخت نصر کا حادثہ گزرا اور پھر انتیوکس اور طیطوس کے عہد میں صفحۂ عالم خصوصاً یروشلم اور تمام یہود میں توریت نہ تھی تو اس عہد میں کہاں ہوگی ؟ وہ غالباً ایسی مجموعہ مرکب صحیح و غلط کو جو آج کل ہے توریت کہتے ہوں گے جس کو قرآن میں مجازاً توریت کہا۔ ولو سلّم اصلی جب ہوگا اب تو کہیں نہیں ملتا۔ وعلّمتم مالم تعلموا انتم ولا آباؤکم اس میں یہود کو خطاب ہے کہ توریت کے بہت سے معانی جو آنحضرت علیہ السّلام کی بعثت و شریعت کی پیشین گوئی کے متعلّق تھے کہ جن کو حضرتؐ کے ظہور سے پیشتر نہ تم سمجھ سکتے نہ تمھارے باپ دادا اب وہ تم کو بتلائے گئے۔ یا عرب کی طرف خطاب ہے کہ تم اور تمھارے باپ دادا جاہل تھے سو یہ علم شریعت و توحید و مبدء و معاد تم کو خدا تعالےٰ کی نازل کی ہوئی کتاب قرآن مجید کے سبب سے معلوم ہوئے پھر بھی کہتے ہو کہ خدا تعالےٰ نے کچھ بھی نازل نہیں کیا سو تم نے خدا تعالےٰ کی قدر نہ کی جو قدر کرنی چاہیئے تھی۔ قل اللہ، کہہ اللہ تعالےٰ نے کتابیں نازل کی ہیں اُن کو پڑھا یہود کو بکواس کرنے دو خصوصاً ھٰذا کتاب انزلناہ یہ کتاب نازل کی یعنی قرآن مجید جو مبارک بابرکت یعنی کثیر الفوائد ہے۔ قرآن مجید کی برکت ہے کہ جس سے عرب کی جاہل اور وحشی قومیں کیسی جلد کایا پلٹ ہوگئیں، کیسی انسانی اخلاق اور ملکی صفات میں تمام قوموں کے لئے پیشوا ہوگئیں، پستی سے اس ترقی کو پہنچیں کہ تھوڑے سے برسوں میں شرقاً غرباً بڑے بڑے سربسبز مُلکوں کے مالک اور اُن میں علوم و تہذیب پھیلانے کے سبب بن گئیں۔ دوم قرآن مصدّق الذی بین یدیہ کہ جو اُس سے پیشتر خدا تعالےٰ نے کتابیں نازل کیں اُن کی تصدیق کرتا ہے کہ وہ بھی

Marfat.com

منجانب اللہ تھیں اور اُن کے مضامین توحید واصول شرائع میں سرتاسر موافق ہیں۔ پھر قرآن مجید کے نازل کرنے کی وجہ بیان فرماتا ہے جس میں منکرینِ نبوّت کا جواب شافی ہے اور وہ یہ ہے کہ لتنذر ام القریٰ ومن حولہا تاکہ تم مکّہ اور اُس کے ارد گرد کے لوگوں کو خدا تعالےٰ کا اس سے ڈر سُنا دو۔

ام القریٰ یعنی گاؤں اور بستیوں کی ماں یا اصل عرب میں مکّہ کو کہتے تھے کس لئے کہ مکّہ میں حضرت ابراہیم علیہ السّلام کا اوّل معبد خانہ کعبہ ہے کہ جس کی طرف ایّام حج میں اور دیگر اوقات میں لوگ (اُس جذب باطنی سے جو بچے کو ماں کی طرف کھینچتا ہے) رجوع کیا کرتے ہیں۔

اس سے کوئی یہ خیال نہ کرے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلّم کی بعثت و نبوّت حجاز یا عرب ہی کے لئے تھی، کیونکہ اُمّ القریٰ کے گرد میں تمام عالم شامل ہے۔ اگر کوئی جغرافیہ پر غور کرے تو رُبع مسکون کے لئے مکّہ مکرمہ کو مرکز کہہ سکتا ہے جو یورپ اور ایشیا اور افریقہ کے مُلکوں کے لحاظ سے بیچا بیچ ہے اور نیز بہت آیات میں نبوّتِ عامہ کی طرف اشارہ ہو چکا ہے جیسا کہ لیکون للعٰلمین نذیرا۔

منکرینِ نبوت (جیسا کہ آج کل آریہ و برہمو وغیرہم) سے کوئی پُوچھے کہ جس صورت میں تم خُدائے قادر رحیم وکریم کا وجود تسلیم کر چکے ہو تو پھر بنی آدم میں سے ایک شخص کو اگر وہ اپنی رحمت خاصّہ سے ایسا ممتاز کرے کہ اُس پر الہام خاص ہو جو بوقتِ تخالف عقولِ عامہ حق کی طرف رہبری کرے یا جہاں عقل کو کامل رسائی نہیں اور ہے تو عقول عادات ورسوم اور تخیلات سے نجات نہیں پا سکتیں وہاں اُن کو راہ راست بتائے کیا یہ ممکن نہیں؟ جب ممکن ہے تو اُس کی فعلیت اُن کتابوں سے جو نازل ہوئیں کیوں مستبعد ہے؟ اچھا چاروں وید اگر الہیشر کا کلام ہیں تو کس کی معرفت الہیشر نے ان کو ظاہر کیا۔ کیا اُن کی پوٹ باندھ کر بنارس میں پھینک دیا تھا؟ پھر فرماتا ہے کہ جو قیامت پر یقین رکھتے اور زکوٰۃ دیتے نماز پڑھتے وہی خدا ترس قرآن پر ایمان لاتے ہیں۔

وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ
اور اُس سے بڑھ کر کون ظالم ہے جو اللہ تعالیٰ پر جھوٹ باندھے

كَذِبًا أَوْ قَالَ أُوحِيَ إِلَيَّ وَلَمْ يُوحَ
یا (یہ) کہے مجھ کو وحی آئی حالانکہ اس پر کچھ بھی وحی نہ آئی

إِلَيْهِ شَيْءٌ وَمَنْ قَالَ سَأُنْزِلُ مِثْلَ
ہو، اور (اُس سے بھی بڑھ کر کون ظالم ہے) جو یہ کہے کہ میں بھی وہ

مَا أَنْزَلَ اللّٰهُ ۗ وَلَوْ تَرٰى إِذِ الظّٰلِمُونَ
نازل کر سکتا ہوں جو اللہ تعالیٰ نے نازل کیا ہے۔ اور (اے نبی ﷺ!) کبھی آپ اس وقت دیکھیں

فِي غَمَرٰتِ الْمَوْتِ وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَاسِطُوٓا
جب کہ ظالم موت کی جان کنیوں میں گرفتار ہوں اور فرشتے اُن کی طرف اپنے

أَيْدِيهِمْ ۚ أَخْرِجُوٓا أَنْفُسَكُمُ ۖ الْيَوْمَ
ہاتھ بڑھا کر کہہ رہے ہوں کہ اپنی روح نکالو۔ آج

تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُونِ بِمَا كُنْتُمْ
تم کو ذلّت کا عذاب دیا جائے گا تمہاری ان باتوں سے

تَقُولُونَ عَلَى اللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ وَكُنْتُمْ
جو تم ناحق اللہ پر بنایا کرتے تھے اور اُس کی آیتوں سے

عَنْ آيَاتِهِ تَسْتَكْبِرُونَ ﴿٩٣﴾ وَلَقَدْ
سرکشی کیا کرتے تھے۔ اور (ہم یہ کہیں گے) تم

جِئْتُمُونَا فُرَادٰى كَمَا خَلَقْنٰكُمْ أَوَّلَ
ہمارے پاس ویسے ہی تنہا آئے جیسا کہ ہم نے تم کو اوّل بار پیدا کیا

مَرَّةٍ وَتَرَكْتُمْ مَا خَوَّلْنٰكُمْ وَرَآءَ
تھا اور جو کچھ ہم نے تم کو دیا تھا اس کو اپنے پیچھے چھوڑ

ظُهُورِكُمْ ۚ وَمَا نَرٰى مَعَكُمْ شُفَعَآءَكُمُ
آئے۔ اور اب ہم کو تمہارے وہ معبود بھی تمہارے ساتھ نہیں دکھائی

الَّذِينَ زَعَمْتُمْ أَنَّهُمْ فِيكُمْ شُرَكٰٓؤُا ۚ
نہیں دیتے کہ جن کو تم اپنے معاملات میں خدائی کا شریک سمجھتے تھے۔

لَقَدْ تَقَطَّعَ بَيْنَكُمْ وَضَلَّ عَنْكُمْ
ضرور تم میں جدائی ہو گئی اور تمہارے سب

Marfat.com

مَا كُنْتُمْ تَزْعُمُونَ ﴿۹۴﴾

گمان غلط ہو گئے۔

ترکیب

کذباً افترے کا مفعول بھی ہو سکتا ہے اور مفعول مطلق بھی اور مفعول لہٗ بھی۔ اوقال عطف ہے افترے پر ولم یوح الخ موضع حال میں ہے اذ ظرف ہے ترای کا الظالمون مبتدا اسکے بعد ظرف تکفرون۔

تفسیر

جس طرح نبوت اور الہام الٰہی کا انکار خدا تعالےٰ کی سخت ناقدری کرنا ہے اسی طرح خدا تعالےٰ پر جھوٹ باندھنا یا نبوت اور وحی کا جھوٹا دعوٰی کرنا بھی بڑا ظلم ہے جیسا کہ پیغمبر کے مقابلہ میں یہ کہدینا کہ میں بھی جیسا کچھ خدا تعالےٰ نے نازل کیا نازل کر سکتا ہوں بڑا ظلم ہے۔ ومن اظلم الخ انزل اللہ میں یہی بیان ہے۔

ایسی باتیں بھی نزول قرآن کے وقت لوگوں نے کہیں تھیں۔ چنانچہ قتادہؒ کہتے ہیں کہ مسیلمہ کذاب کچھ تک بندی سی کیا کرتا تھا جس پر اُس کو دعوٰی ہوا کہ اوحی الیّ مجھے وحی آتی ہے۔ اسی طرح صنعاء یمن میں اسود عنسی کو خبط ہو گیا تھا۔ اسی طرح مشرکین مکہ آیات سُن کر کہدیا کرتے تھے لو نشاء لقلنا مثل ہٰذا اور عبداللہ ابن سعد بن ابی سرح کے دل پر فیض صحبت سے (جو آنحضرت علیہ السلام کے کاتب وحی تھے جب یہ آیت آپ نے لکھوائی لقد خلقنا الانسان من سلالۃ من طین) اگلا فقرہ اس کے دل میں گزرا فتبارک اللہ احسن الخالقین جب آپ نے یہ پڑھا تو اس کے دل میں وسوسہ ہوا کہ یہ تو میں نے کہدیا تھا مرتد ہو کر چلا گیا اور جا کر کہنے لگا کہ قرآن کے برابر تو ہم بھی کہہ سکتے ہیں مگر بعد میں سمجھا کہ یہ فیض صحبت تھا اور ایک فقرہ سے کیا مساوات ہو سکتی ہے پھر ایمان لایا۔

اس کے بعد اس ظلم کا ثمرہ تفصیلاً ظاہر کرتا ہے کہ اُن کی موت کے وقت عجب حالت ہوگی جب کہ موت کی سختیوں میں گرفتار ہوں گے اور ملائکہ موت ہاتھ بڑھا کر کہیں گے کہ عالم آخرت کے شدائد دیکھ کر اب کہاں ہٹتے ہو، لاؤ اپنی روح خبیث کو نکالو۔ آج تم کو ذلت کا عذاب تمھاری اس ناحق کی گفتگو اور آیات سے تکبر کرنے پر ہوگا۔ اور یہ بھی کہا جائے گا کہ تمھاری روح کو جسم کے ساتھ دنیا میں کمالات روحانی اور اسباب جاودانی حاصل کرنے کے لئے پابستہ کیا تھا تم نے وہاں اُس کے برعکس کیا۔ جب مال وجاہ اور اسباب شہوت ولذات جسمانیہ میں اُس کو صرف کیا اب تم جیسے گئے تھے، ویسے ہی کورے کے کورے آئے اور جو کچھ مال وجاہ جمع کیا تھا سب پیچھے چھوڑ آئے لقد جئتمونا فرادٰی کما خلقنٰکم اوّل مرۃ کے یہ معنے ہیں اور یہ بھی کہا جائے گا کہ اب وہ تمھارے معبود دکھائی نہیں دیتے جن کی سفارش کا تمھیں بڑا بھروسہ تھا۔ سبحان اللہ عالم آخرت کا خصوصاً وقت موت کا نقشہ کس خوبی کے ساتھ لوح سامع پر کھینچا ہے۔

إِنَّ اللَّهَ فَالِقُ الْحَبِّ وَالنَّوٰى ۖ يُخْرِجُ

بیشک اللہ تعالیٰ ہی زمین سے دانہ اور گٹھلی (پھوڑ کر) نکالتا ہے۔ زندہ کو مُردہ

الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَمُخْرِجُ الْمَيِّتِ مِنَ

سے پیدا کرتا ہے اور مُردے کو زندہ سے نکالتا

الْحَيِّ ۚ ذٰلِكُمُ اللَّهُ فَأَنّٰى تُؤْفَكُونَ ﴿۹۵﴾

ہے۔ یہ ہو تمھارا اللہ تم پھر تم کہاں بہکے چلے جاتے ہو (ضرور اللہ ہی رب ہے)

فَالِقُ الْإِصْبَاحِ ۚ وَجَعَلَ الَّيْلَ سَكَنًا

صبح کو پھاڑ کر نکالنے والا ہے۔ اور اُس نے رات کو آرام کے لئے بنایا

میں کہ جہاں انسان کے ساتھ اس کے اعمال ومکاسب کے ساتھ آنا کاذکر ہے کچھ بھی منافات نہیں کیونکہ مال وجاہ کا چھوڑ آنا اور اعمال کا ساتھ لانا متافی نہیں اور کما کی تشبیہ صرف اس میں ہے ۱۲ منہ ۳ رات میں سے صبح کی پَو پھوٹتی ہے اُس کے حکم سے ۱۲

۱ اگر یہ روایت صحیح تسلیم کر لی جائے تو اس سے پادریوں کا قرآن کا مثل ثابت کرنا مدعی سُست گواہ چُست کا مضمون ہے ۱۲ منہ ۲ اس میں اور اُن آیات

Marfat.com

وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ حُسْبَانًا ؕ ذٰلِكَ
اور آفتاب و ماہتاب کو حساب کے لئے بنایا۔ یہ اندازہ رکھا

تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿۹۶﴾ وَهُوَ الَّذِيْ
ہوا ہے غالب خبردار کا۔ اور اسی نے بنائے

جَعَلَ لَكُمُ النُّجُوْمَ لِتَهْتَدُوْا بِهَا فِيْ
لئے ستارے بنائے تاکہ تم ان سے جنگل اور دریا کی اندھیریوں میں

ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ؕ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ
رستہ پاؤ۔ ہم نے اہل علم کے لئے آیتیں

لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۹۷﴾ وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَكُمْ
کھول کر بیان کر دیں۔ اور اسی نے تم کو ایک شخص سے

مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ فَمُسْتَقَرٌّ وَّ
پیدا کر دیا پھر (زمین پر) مقام بھی ہے اور

مُسْتَوْدَعٌ ؕ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ
(اس میں) سپردگی بھی ہے۔ ہم نے سمجھ داروں کے لئے آیتیں کھول کر

يَّفْقَهُوْنَ ﴿۹۸﴾ وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنَ
بیان کر دیں۔ اور وہی ہے کہ جس نے آسمان سے پانی

السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ نَبَاتَ كُلِّ
برسایا۔ پھر اس سے ہر قسم کی جڑی بوٹیاں

شَيْءٍ فَاَخْرَجْنَا مِنْهُ خَضِرًا نُّخْرِجُ مِنْهُ
نکالیں پھر ان میں سے بعض کو سبز نکالا کہ جس سے ہم گتھے ہوئے دانے

حَبًّا مُّتَرَاكِبًا ۚ وَمِنَ النَّخْلِ مِنْ طَلْعِهَا
نکالتے ہیں۔ اور کھجور کے گابھے میں سے

قِنْوَانٌ دَانِيَةٌ وَّجَنّٰتٍ مِّنْ اَعْنَابٍ
گچھے جھکتے ہیں اور انگور اور زیتون اور انار کے

وَّالزَّيْتُوْنَ وَالرُّمَّانَ مُشْتَبِهًا وَّ
باغ پیدا کئے کہ جو باہم صورت میں ایک دوسرے سے ملتے جلتے ہیں

غَيْرَ مُتَشَابِهٍ ؕ اُنْظُرُوْٓا اِلٰى ثَمَرِهٖٓ
اور مزے میں جدا۔ جب یہ پھلتے ہیں تو ان کا پھلنا اور پکنا تو

اِذَآ اَثْمَرَ وَيَنْعِهٖ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكُمْ
دیکھو۔ ان سب (باتوں) میں یقین لانے والوں کے لئے (اس کی

لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۹۹﴾
قدرت کی بڑی) نشانیاں ہیں۔

ترکیب

سکناً مفعول ہے جعل کا سکن وہ شئی کہ جس کی طرف انسان سکون پکڑے جیسا کہ گھر گویا رات گھر ہے والشمس معطوف ہے سکناً پر حسباناً جمع حسبانۃ اور مصدر بھی ہے فمستقر مصدر یا ظرف اور اسی طرح مستودع اس کی خبر لکم محذوف۔ جنّٰتٍ نبات پر معطوف ہے مفعول ہے اخرجنا کا قنوان بکسر قاف وضمّہا جمع قنو کصنو و صنوان من النخل اس کی خبر مشتبہا حال ہے الرّمان سے۔

تفسیر

اثبات نبوّت کے بعد اپنے وجود اور صفات پر وہ چند دلائل دلچسپ اپنی مخلوقات کے حالات سے بیان فرماتا ہے کہ جن میں غور کرنے سے عاقل کو خدا تعالےٰ کی ذات اور صفات کا جلوہ اسی طرح دکھائی دیتا ہے کہ جس طرح آئینہ میں مُنہ۔ یہ چیزیں گویا جمالِ باکمال کے لئے اہلِ بصیرت کو آئینہ پُر صفا ہیں اور وہ چند قسم ہیں (۱) فالق الحبّ والنوٰی حبّ حبّۃ کی جمع گھٹلی جیسا کہ آم، املی کھجور کی جُوار باجرہ وغیرہ نوی نواۃ کی جمع گٹھلی جیسا کہ آم، املی کھجور کی

۱؎ مستقر ٹھیرنے کی جا ظرف کا صیغہ یا بتقدیر مصدر اور اسی طرح مستودع سپرد گاہ یا سپردگی یہ انسان پر دو حالتیں یکے بعد دیگر آتی ہیں اوّل مستقر عالم ارواح تھا پھر وہاں سے رخصت ہو کر رحم میں آیا اوّل حالت کے لحاظ سے یہ سپردگی کا مقام ہوا پھر وہاں سے دنیا میں آیا یہ دوسرا ٹھہرنے کا مقام ہوا پھر یہاں سے کوچ کر کے قبر میں پہنچا یہ دوسرا مقام سپرد ہے پھر وہاں سے جنت یا دوزخ۔ ہر دو سہ معاً پہلے کے لحاظ سے مستودع ہے ۱۲ منہ ۲؎ یہ دلیل نباتات سوم متعلق ہے دوم قسم احوال علویات سے پانچویں جو آسمان کے حالات سے اور لطف یہ کہ سب میں انعام علی العباد ہے اور بھی ان دلائل خمسہ میں بلحاظ تقدیم و تاخیر اسرار ہیں ۱۲ منہ

Marfat.com

ہوتی ہے فلق پھاڑنا یا چیرنا۔ نباتات تخم یا گٹھلی سے پیدا ہوتے ہیں ان کو زمین میں دبایا اور پانی دیا جاتا ہے تو ان میں سے پھوٹ کر دو شاخ نکلتی ہیں ایک زمین کے اندر بیخ بن کر دوڑتی ہے ایک ہوا میں باہر آکر پھل پھول برگ نکالتی ہے سو حبّ نوی کو زمین میں اللہ تعالےٰ ہی پھوٹنے کے قابل کرتا ہے باوجودے کہ ایک ہی تخم ایک ہی کھیت ایک ہی طبیعت ہے پھر اس میں مختلف آثار کہ پتّے کی اور صورت پھل کی اور پھول کی اور سب کے جدا مزے جدا تاثیریں۔ اگر اس کی یہ قدرت کی کاریگری نہیں تو اور کیا ہے؟ (۲) زندہ سے مُردہ اور مُردہ سے زندہ پیدا کرنا جس میں انسانِ زندہ سے منی مُردہ چیز* سے انسان زندہ چیز اور عالم سے جاہل اور جاہل سے عالم پیدا کرنا بھی آگیا یہ بھی طبیعتِ جسمیہ کے برخلاف کام ہے (۳) رات سے صبح کا نکلنا اور رات کو آرام گاہ بنانا اور آفتاب و ماہتاب کو ایک خاص چال پر معیّن کرنا طبیعت اجرامِ علویہ کے برخلاف کام اُسی کا فعل ہے۔ (۴) ستاروں کو نور دے کر دریا اور جنگل کے سفر کا وسیلہ بنانا۔ عرب میں ستاروں کے حساب سے جنگل اور سمندر میں راہ طے کیا کرتے تھے۔ (۵) سب کو ایک شخص سے پیدا کر کے مختلف الحالات بنانا۔ (۶) مینہہ سے زمین پر عمدہ باغ پیدا کرنا جس کے پھولوں اور پھلوں اور اُن روشِ بالیدگی میں غور کرنے سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ پردۂ حسّی کے اندر کوئی صانع یہ کاریگریاں اور رنگینیاں کر رہا ہے۔

* اور منی مردہ چیز

وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ الْجِنَّ وَخَلَقَهُمْ

اور انھوں نے جنّوں کو اللہ تعالےٰ کا شریک بنا لیا حالانکہ وہ اللہ تعالےٰ کے پیدا کئے ہوئے

وَخَرَقُوْا لَهٗ بَنِيْنَ وَبَنٰتٍۭ بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ

ہیں اور اس کے لئے بے سمجھے بیٹے اور بیٹیاں بھی گھڑ لیں۔

سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ ع

وہ ان باتوں سے جو وہ بناتے ہیں پاک اور بالاتر ہے۔

۱۲ ع ۶ ۱۸

بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اَنّٰى

وہ آسمانوں اور زمین کا ایجاد کرنے والا ہے۔ جب اس کی

يَكُوْنُ لَهٗ وَلَدٌ وَّلَمْ تَكُنْ لَّهٗ صَاحِبَةٌ ؕ

کوئی بیوی ہی نہیں تو اولاد کہاں۔

وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ ۚ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ

اور اس نے ہر چیز پیدا کی اور وہ ہر بات جانتا

عَلِيْمٌ ﴿۱۰۱﴾ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ۚ لَآ اِلٰهَ

ہے۔ (لوگو!) یہ ہے اللہ تمھارا رب، اس کے سوا کوئی

اِلَّا هُوَ ۚ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ فَاعْبُدُوْهُ ۚ

معبود نہیں۔ (وہی) ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے سو اسی کی عبادت کرو،

وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ﴿۱۰۲﴾ لَا تُدْرِكُهُ

اور وہ ہر چیز کا نگہبان ہے۔ اس کو کوئی

الْاَبْصَارُ ۫ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ ۚ

آنکھ نہیں دیکھ سکتی اور وہ سب آنکھوں کو دیکھتا ہے۔

وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ﴿۱۰۳﴾

اور وہ باریک بین باخبر ہے۔

ترکیب

الجنّ جعلوا کا مفعولِ اوّل شرکاء مفعول ثانی للہ شرکاء سے متعلق ہے۔ بغیر علم فاعل خرقوا سے حال ہے۔ بدیع السمٰوات خبر ہے مبتدا محذوف کی ذٰلکم مبتدا اللہ خبر۔

تفسیر

تمام عالم نباتات سے لے کر فلکیات تک کو خاص اپنا پیدا کیا ہوا ثابت کر کے اور تمام عالم میں اپنا ہی تصرّف و قبضہ ظاہر کر کے اِن بیوقوفوں مُشرکوں پر طعن و تشنیع کرتا ہے جنھوں نے جنّوں کو یا اور شخصوں کو اس کا شریک بنایا تھا یا اب بھی بناتے ہیں۔

Marfat.com

عرب کے بعض فرقے اُن چیزوں کو جو آنکھ سے دکھائی نہیں دیتیں ملائکہ اور ارواحِ خبیثہ یا خاص جنّوں کو (چونکہ یہ چیزیں نظر نہیں آتیں اس لئے ان سب پر لفظ جن کا اطلاق ہوتا ہے) پوجتے اور اُن کے نام کی بوقتِ مصیبت دُہائی دیتے اور ان کو عالم میں کارکُن اور متصرّف سمجھتے تھے اور آتش پرستوں کی بھی اطرافِ یمن میں حکومت تھی وہ بھی بر تقلیدِ زردشت اس عالم کے دو خدا مستقل مانتے تھے خیر کے خالق کو یزدان ظلمات اور شر کے خالق کو اہرمن کہتے تھے یزدان کی فوج ملائکہ اور اہرمن یعنی ابلیس کی فوج کو شیاطین و جنّ قرار دیتے تھے اور ان میں جنگ و جدال کے قائل تھے۔ اِدھر نجران وغیرہ علاقوں میں نصاریٰ تھے جو حضرت مریمؑ کو خدا تعالےٰ کی بیوی اور حضرت مسیح علیہ السّلام کو اس کا بیٹا کہتے تھے یہ بھی بڑا شرک ہے۔ ان سب کے ردّ میں فرماتا ہے کہ بغیر سمجھے اُنھوں نے جنّوں کو خدا تعالےٰ کا شریک ٹھیرایا اور اُس کے لئے بیٹے بیٹیاں بھی گھڑلیں کہ عیسائیوں نے بیٹا اور مشرکین عرب نے ملائکہ کو بیٹیاں کہا سبحانہٗ و تعالےٰ عمّا یصفون خدا تعالےٰ اُن کی خانہ ساز باتوں سے پاک ہے۔ پھر اس پر چند دلائل ذکر فرماتا ہے (۱) بدیع السّمٰوٰت والارض کہ وہ بغیر کسی نمونہ کے آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنے والا ہے یعنی جو کچھ موجود ہے اس کا بنایا ہوا ہے پھر اہرمن کون ہے اور اس نے کیا بنایا ہے وہ کیا اس کی مخلوق سے باہر ہے اور ایسے قادرِ مختار کو بیٹے بیٹیوں کی کیا ضرورت ہے؟ جو وہ ہیں تو بتلاؤ اُنھوں نے کونسا آسمان کونسی زمین اور کیا پیدا کیا ہے؟ (۲) انّٰی یکون لہٗ ولد ولم تکن لہٗ صاحبۃ کہ وہ قدیم اور مستغنی ہے اُس کو بیوی کی کیا ضرورت ہے اور جب بیوی نہیں تو بچّے اور اولاد کیسی؟ (۳) وہ ان سب چیزوں کا خالق ہے اور والد خالق نہیں ہوتا وخلق کلّ شیٔ اگر وہ خالق نہیں تو یہ اولاد حادث ضرور ہے پھر محدث یا خالق کون ہے؟ پھر اپنے چند وہ اوصاف بیان کرتا ہے کہ جن سے اُس کا ان قبائح سے پاک ہونا ثابت ہوتا ہے۔ اوّل وہو بکلّ شیٔ علیم کہ ہر چیز کا اُس کو علم ہے سب کچھ جانتا ہے یہ بات اَوروں میں کہاں ہے۔ دوم وہو علےٰ کلّ شیٔ وکیل کہ وہ واجب الوجود ہے سب کا سلسلۂ احتیاج اس کی طرف تمام ہوتا ہے وہی سب کا محافظ وحاجت روا ہے۔ سوم لا تدرکہ الابصار کہ اُس کو اس عالم حسّی کی آنکھ جو محسوسات کے ادراک کے لئے مخصوص ہے دیکھ نہیں سکتی لیکن وہ ہر چیز کو دیکھتا ہے۔ یہاں سے یہ بات ثابت نہیں ہوتی کہ عالمِ قدس میں خدا تعالےٰ کا بندوں کو دیدار نہ ہوگا۔ علاوہ اس کے ادراک کی نفی ہے جو کُنہ پر موقوف ہے نہ کہ رؤیت کی جیسا کہ کتاب و سُنّت سے ثابت ہے۔

قَدْ جَآءَكُمْ بَصَآئِرُ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنْ

(لوگو!) تمھارے رب کی طرف سے تمھارے پاس بینائی تو آچکی [۱] پھر جو کوئی

اَبْصَرَ فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ عَمِیَ فَعَلَیْهَا ؕ

دیکھے تو اپنے بھلے کو، اور جو کوئی اندھا ہی بن جائے تو اپنے بُرے کو۔

وَمَاۤ اَنَا عَلَیْكُمْ بِحَفِیْظٍ ﴿۱۰۴﴾ وَكَذٰلِكَ

اور میں تم پر محافظ بھی نہیں ہوں۔ اور اسی طرح

نُصَرِّفُ الْاٰیٰتِ وَلِیَقُوْلُوْا دَرَسْتَ

پھیر پھیر کر ہم آیتیں بیان کرتے ہیں (تاکہ اُن پر حجت ہو) اور تاکہ وہ کہیں کہ آپ نے پڑھ کر

وَلِنُبَیِّنَهٗ لِقَوْمٍ یَّعْلَمُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ اِتَّبِعْ

سُنا دیا اور تاکہ ہم اُن کو اہلِ علم کے لئے واضح کر دیں۔ (اے پیغمبر!) آپ اس پر چلیں

مَاۤ اُوْحِیَ اِلَیْكَ مِنْ رَّبِّكَ ۚ لَاۤ اِلٰهَ

جو آپ کی طرف آپ کے ربّ کی طرف سے وحی کیا گیا ہے۔ بجز اس کے (اور) کوئی

اِلَّا هُوَ ۚ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِیْنَ ﴿۱۰۶﴾

معبود نہیں۔ اور مشرکوں سے کنارہ کرو۔

وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَاۤ اَشْرَكُوْا ؕ وَمَا جَعَلْنٰكَ

اور اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو وہ شرک نہ کرتے۔ اور ہم نے آپ کو (کوئی) ان کا

عَلَیْهِمْ حَفِیْظًا ۚ وَمَاۤ اَنْتَ عَلَیْهِمْ

محافظ مقرر نہیں کیا ہے۔ اور نہ آپ ان کے

[۱] یعنی وہ دلیلیں جن سے دل کی آنکھیں کُھلیں ۱۲ منہ

Marfat.com

بوکیل ۱۰۷

جواب رد ہی ہیں۔

ترکیب

من ربکم جار سے متعلق ہے فمن شرطیا مبتدا ابصر جواب یا خبر وکذلک کاف موضع نصب میں صفت ہے مصدر محذوف کی ای نصرف الآیات تصریفاً مثل ماتلوناہا ولیقولوا لام عاقبت ولیقولوا معطوف ہے محذوف پر ای کذلک نصرف الآیات لتلزمہم الحجۃ ولیقولوا۔ ولنبینہ، معطوف ہے لیقولوا پر۔ واللام علی الاصل والضمیر للآیات باعتبار المعنی او للقرآن (بیضاوی)

تفسیر

اپنی ذات و صفات و توحید پر دلائل بیان کرکے مشرکین کو اُن کی نادانی پر کہ وہ اور چیزوں کو اُس کے ساتھ شریک کرتے تھے الزام دے کر ایک اعلانِ عام دیتا ہے کہ جو کچھ بیان ہوا ہے خدا تعالےٰ کی طرف سے بصائر (جمع بصیرۃ ای الادراک التام) یعنی سوجھ بوجھ ہے کہ جس سے انسان کی آنکھیں کھل جاتی ہیں پھر اس کے بعد بھی جو کوئی اندھا ہے اور اُسی کفر و شرک کی اندھیری میں پڑا رہے تو اپنے لئے بُرا کرتا ہے اور جو کوئی اہل بصیرت ہو کر روشنی میں آئے گا تو اپنے فائدہ کے لئے۔ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم دیتا ہے کہ یہ بھی کہدو کہ میرا کام تو خبر دینا ہے میں تمہارا محافظ نہیں کہ خواہ مخواہ تمھیں ہدایت کرنا میرا ذمہ ہو۔ جب مبحثِ توحید کو تمام کر چکا تو اب آنحضرت علیہ السلام کی رسالت پر جو کچھ مشرکین و دیگر لوگوں کو شبہات تھے یکے بعد دیگرے ایک نصیحت آمیز کلام کے ضمن میں اُن کے جوابات دیتا جاتا ہے۔

ایک شبہ اُن کا قرآن مجید کے تدریجاً نازل ہونے پر تھا کہ یکبارگی بہ تمام و کمال کتاب آسمان سے کیوں نازل نہ ہوئی۔ یہ جو ٹکڑے ٹکڑے ہو کر وقتاً فوقتاً نازل ہوتا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ محمد صلے اللہ علیہ وسلم کسی سے سیکھ کر بیان کرتے ہیں درست، اصمعی اور ابو الہیثم کہتے ہیں کہ یہ درس سے مشتق ہے جس کے معنے پامال کرنا، قابو میں لانا۔ من درس الطعام اذا داسہ، یدرسہ دراساً والدراس الدیاس، ودرس الکلام من ہذا ای یدرسہ فیخفف علےٰ لسانہ (ک) اس سے مراد ہے پڑھنا۔ کیونکہ جو جس جملہ کو پڑھتا ہے وہ زبان پر رواں ہو جاتا ہے قابو میں آجاتا ہے۔ ابو عمرو و ابن کثیر نے دَارَسْتَ بالالف و نصب التاء پڑھا ہے اس کے معنے یہ کہ یہود وغیرہ سے پڑھ پڑھ کر حاصل کیا؛ اس شبہ[1] کا جواب دیتا ہے کہ کذلک نصرف الآ۔ تصریف الٹ پلٹ کر بیان کرنا جس سے مراد وقتاً فوقتاً بیان کرنا یہ دو وجہ سے ہے۔ ایک یہ کہ بار بار مختلف عنوانات سے بیان کرنے میں جو مضمون دلنشین ہوتا ہے ایک بار کہنے سے نہیں۔ اس میں بندوں پر کامل شفقت ہے اور الزام حجت کہ ازلی سعادتمند اس کو مفیدِ عباد جان کر قبول کریں اور ازلی گمراہ یہ شبہ کریں کہ لوگوں سے محمد (صلے اللہ علیہ وسلم) سیکھ کر بیان کرتا ہے۔ دوم یہ کہ اس میں اہل علم قوم کو خوب معلوم ہو سکتا ہے کہ جو شخص مختلف عنوان سے بار بار نئے نئے دلنشین پیرایوں میں احکام و ذات و صفات عوالم آخرت اور قصص انبیاء کو اس طرح بیان کرتا ہے کہ جس میں سر مو تفاوت نہیں یہ اسی لطیف الخبیر کا پرتو ہے کہ جس کو دنیا میں کوئی دیکھ نہیں سکتا اور جس کے علم سے کوئی چیز باہر نہیں۔

پھر فرماتا ہے کہ جو آپ پر لا الٰہ الا آہ توحید کا حکم ہو لے دہر اور ان کے جسم اور عالم کے تغیرات علویات سے لے کر سفلیات تک تا کہ ان پر حجت تمام ہو جائے اور آپ کہ اُٹھیں کہ اے پیغمبر! آپ نے ہم کو پڑھ کر سنایا اور اہل علم کو اور علم حاصل ہو یہ رحمت الٰہی ہے ۱۲ منہ

[1] خلاصہ جواب یہ ہے کہ ہر پھیر کر بیان کرنا ان وجوہ سے ہے (۱) کہ بار بار بیان کرنے سے لوگوں کی آسانی ہے (۲) منکرین پر اور بھی اتمام حجت ہے کہ بار بار سمجھایا جاتا ہے اور پھر بھی نہیں سمجھتے (۳) اہل علم کو بصیرت پیدا ہوتی ہے کہ باوجود بار بار بیان کرنے کے پھر بھی تفاوت نہیں پاتے اور ممکن ہر کہ کذلک نصرف الآیات سے مراد آثار قدرت ہوں کہ اپنی توحید اور یکتائی کی بار بار نشانیاں دکھاتے ہیں حوادث

Marfat.com

آپ اُس کے پابند رہو اور اُن جاہلوں سے کنارہ کشی کرو اُن کو خدا تعالیٰ ہی نے گمراہ کر رکھا ہے ورنہ وہ چاہتا تو ہدایت پر آجاتے شرک نہ کرتے۔ پھر اے پیغمبرؐ! نہ آپ پر اُن کی جواب دہی ہے نہ تو آپؐ اُن کے ذمہ دار ہیں۔ پڑے بکنے دیجئے۔ ازلی گمراہوں کی کس کس بات کا جواب دیا جائے؟

وَلَا تَسُبُّوا الَّذِينَ يَدْعُونَ مِنْ

(مسلمانو!) یہ مشرک خدا تعالیٰ کے سوا جن کو پکارتے ہیں اُن کو گالیاں نہ دیا کرو

دُونِ اللَّهِ فَيَسُبُّوا اللَّهَ عَدْوًا بِغَيْرِ

(تاکہ وہ بھی) اللہ تعالیٰ کو جہالت میں آکر گالیاں نہ دینے لگیں۔

عِلْمٍ ۗ كَذَٰلِكَ زَيَّنَّا لِكُلِّ أُمَّةٍ عَمَلَهُمْ ۖ

ہم نے یوں ہی ہر گروہ کی نظروں میں اُن کے عملوں کو مزین کر دیا ہے۔

ثُمَّ إِلَىٰ رَبِّهِم مَّرْجِعُهُمْ فَيُنَبِّئُهُم

پھر اُن کو اپنے رب کے ہاں پھر کر جانا ہے پھر وہ اُن کو بتا دے گا کہ وہ کیا

بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿١٠٨﴾ وَأَقْسَمُوا بِاللَّهِ

کیا کرتے تھے۔ اور انھوں نے اللہ تعالیٰ کی سخت (سخت)

جَهْدَ أَيْمَانِهِمْ لَئِن جَاءَتْهُمْ آيَةٌ

قسمیں کھا کر کہا تھا اگر ہمارے پاس کوئی نشانی آوے گی تو ہم اس پر

لَّيُؤْمِنُنَّ بِهَا ۚ قُلْ إِنَّمَا الْآيَاتُ

ضرور ایمان لے آئیں گے۔ کہدو نشانیاں تو اللہ تعالیٰ ہی

عِندَ اللَّهِ وَمَا يُشْعِرُكُمْ أَنَّهَا إِذَا

کے پاس ہیں اور تمھیں (اے مسلمانو!) کیا معلوم کہ جب وہ نشانیاں

جَاءَتْ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿١٠٩﴾ وَنُقَلِّبُ

اُن کے ہاں آویں تو بھی وہ اُن پر ایمان نہ لاویں۔ اور ہم اُن کے دلوں

أَفْئِدَتَهُمْ وَأَبْصَارَهُمْ كَمَا لَمْ يُؤْمِنُوا

اور آنکھوں کو پھیر دیں جیسا کہ وہ اوّل بار اُس پر ایمان

بِهِ أَوَّلَ مَرَّةٍ وَنَذَرُهُمْ فِي

نہ لائے تھے اور ہم اُن کو اُن کی گمراہی میں

طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُونَ ﴿١١٠﴾

بھٹکتے ہوئے چھوڑ رکھیں۔

ترکیب

فیسبّوا منصوب ہے جواب نہی ہو کر عدوًا یہ منصوب اس لئے ہے یا تو مصدر ہے من غیر لفظ الفعل لان السّبّ عدوان فی المعنی اور حال مؤکدہ بھی ہو سکتا ہے اور مفعول لہٗ بھی۔ بغیر علم بھی حال ہے کذالک موضع نصب میں ہے صفت ہے مصدر محذوف کی اے کما زیّنا لکلّ امّۃ عملھم زیّنا لھؤلاء عملھم۔ وما یشعرکم ما مبتدا یشعرکم خبر اور وہ دو مفعول کی طرف متعدی ہے اوّل انّھا ثانی محذوف تقدیرہٗ وما یشعرکم ایمانھم اوّل مرّۃ ظرف زمان ہے ونذرھم بسکون الرّاء وضمّھا۔

تفسیر

مشرکین کے ان بیہودہ شبہات پر مسلمان ہنس کر اُن کی بدعقلی کی دلیل اُن کی بُت پرستی سے پکڑتے ہوں گے اور کچھ عجب نہیں کہ اُن کے فرضی خداؤں کی خدائی باطل کرنے میں اُن کی بے بسی اور دیگر قباحت بھی بیان ہوتے ہوں گے کہ جن سے اُن معبودوں کی بے وقری ٹپکتی ہو گی جس کو مشرکین نے اپنے معبودوں کو گالیاں دینا مسلمانوں کی طرف سے سمجھ لیا۔ ہر چند وہ لوگ خدا تعالیٰ کے بھی قائل تھے مگر ان میں دہریئے تھے کہ جن سے خدا تعالیٰ کو خصوصًا ربّ محمدؐ منزّلِ قرآن کا نام لے کر دکھنا کیونکہ وہ منزّل قرآن شیطان کو خیال کرتے تھے) مقابل میں گالیاں دینا کچھ مستبعد نہیں تھا۔ سو ایسے حمقار کے مقابلہ میں پڑ کر گویا آپ خدا تعالیٰ کو بُرا کہلانا بلکہ خود بُرا کہنا ہے اس لئے اس آیت ولا تسبّوا اللہ میں اس کی ممانعت کر دی۔ حمقار اور بے دین زبان دراز لوگوں کے مقابلہ میں قرآن کی یہ آیت مدنظر رکھنی چاہیئے جو اس امر میں اصل الاصول ہے۔ واقسموا باللہ جہد ایمانھم یہ ان کا حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی نبوّت پر دوسرا شبہ تھا وہ یہ کہ ہماری خواہشوں کے موافق یہ نبیؐ کیوں معجزات

Marfat.com

نہیں دکھاتا؟ پھر اس پر وہ قسم کھا کھا کر زور دیتے تھے کہ بخدا ان میں سے کوئی بھی معجزہ اگر اُس نے دکھایا تو ہم ضرور ایمان لے آویں گے۔ واقسموا باللہ جہد ایمانہم لان جاءتہم آیۃ لیؤمنن بہا اس کے جواب میں فرماتا ہے قل انما الآیات عند اللہ کہ معجزات تو سب اللہ تعالےٰ کے پاس موجود ہیں وہ قادر ہے جب چاہے ظاہر کردے مگر ازلی گمراہوں کو اس سے کیا فائدہ ہوگا وہ جب بھی ایمان نہ لائیں گے وما یشعرکم انہا اذا جاءت لا یؤمنون۔ ابن کثیرؒ اور اہل بصرہ اور ابوبکر عاصم کوفی کی روایت انہا بکسر الف پڑھتے ہیں علے الابتداء اور کلام کو مایشعرکم پر تمام سمجھتے ہیں انہا اذا جاءت لا یؤمنون دوسرا جملہ ہے اور دیگر قراء بفتح الالف پڑھتے ہیں اور خطاب مؤمنین کے لئے قرار دیتے ہیں لا یؤمنون میں لا کو زائدہ کہتے ہیں۔ پھر اس وقت ایمان نہ لانے کی وجہ بیان فرماتا ہے ونقلب افئدتہم وابصارہم کما لم یؤمنوا بہ اوّل مرّۃ الخ چونکہ یہ لوگ اس سے پہلے شق القمر وغیرہ معجزہ دیکھ کر ایمان نہ ۔۔۔۔ لائے اور ایسے مواقع میں ازلی گمراہ اور ازلی نیکوں کا امتیاز ہوجاتا ہے۔ ازلی گمراہ ایسے معجزات دیکھ کر جب ایمان نہیں لاتے تو اُن کے دلوں اور آنکھوں پر مُہر ہوجاتی ہے پھر وہ کسی معجزے پر یقین نہیں کرتے تو اب ہم ان کے دلوں اور آنکھوں کو پلٹ دیں گے اب بھی وہ ایمان نہ لائیں گے۔ (ابن عباسؓ)۔

حقیقت میں جب انسان گناہ کرتا ہے تو اُس کے دل پر سیاہی پیدا ہوجاتی ہے جو آئندہ دیگر سخت معاصی کے ارتکاب کا باعث ہوتی ہے پھر کتنا ہی بڑا گناہ کیوں نہ ہو اُس کے دل میں کچھ بھی اٹک باقی نہیں رہتی۔ ہندوستان کے اوباشوں، رنڈی بازوں، رقص دیکھنے والوں کو دیکھ لیجئے۔ اس آیت میں صاف تصریح ہے کہ کفّار پہلے معجزات پر ایمان نہ لائے۔ اور اُن کی مرضی کے موافق معجزات ظاہر نہ کرنے کی وجہ بھی صاف ہوگئی پھر وہ جو بلادلیل اور بنا چوں معجزات کی نفی ان آیات سے کرتے ہیں کہ جن میں کفّار کی اقتراح کے موافق معجزات سرزد نہ ہونے کا ذکر ہے یہ ان کی کمال نادانی اور سُوء فہمی ہے ؂

Marfat.com

تفسیرِ حقانی

پارۂ ولو اننا

وَلَوْ اَنَّنَا نَزَّلْنَآ اِلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةَ

اور اگر ہم اُن کے پاس فرشتے (بھی) بھیج دیتے

وَكَلَّمَهُمُ الْمَوْتٰى وَحَشَرْنَا عَلَيْهِمْ كُلَّ

اور اُن سے مُردے بھی باتیں کر لیتے اور اُن کے سامنے سب چیزوں کو بھی

شَيْءٍ قُبُلًا مَّا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْٓا اِلَّآ اَنْ

لاکر کھڑی کر دیتے تو بھی تو وہ ایمان نہ لاتے مگر کہ یہ خدا تعالےٰ کو

يَّشَآءَ اللّٰهُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ يَجْهَلُوْنَ (۱۱۱)

منظور ہوتا لیکن ان میں سے بہت تو جہالت ہی کرتے ہیں۔

وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا شَيٰطِيْنَ

اور ہم نے ہر ایک نبی کے لئے اسی طرح سے (بڑے بڑے) آدمیوں اور جنوں

الْاِنْسِ وَالْجِنِّ يُوْحِيْ بَعْضُهُمْ اِلٰى

کو دشمن بنایا تھا کہ جو ایک دوسرے کو ملمع کار باتیں دھوکہ

بَعْضٍ زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُوْرًا ۭ وَلَوْ

دینے کو سکھایا کرتا تھا۔ اور اگر

شَآءَ رَبُّكَ مَا فَعَلُوْهُ فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُوْنَ (۱۱۲)

آپ کا رب چاہتا تو وہ یہ نہ کرتے سو آپ اُن کو اور ان کے ڈھکوسلوں کو چھوڑ دیجئے

وَلِتَصْغٰٓى اِلَيْهِ اَفْـِٕدَةُ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ

تاکہ اُن کی طرف اُن لوگوں کے دل جھکیں کہ جو آخرت پر یقین نہیں

بِالْاٰخِرَةِ وَلِيَرْضَوْهُ وَلِيَقْتَرِفُوْا

رکھتے اور تاکہ وہ اُن کو پسند کریں اور تاکہ وہ

مَا هُمْ مُّقْتَرِفُوْنَ (۱۱۳)

غلط کام جو کرتے ہیں کئے جاویں۔

ترکیب

ولتصغیٰ جمہور کے نزدیک لام مکسور ہے معطوف ہے غروراً پر اے لیغروا و لتصغیٰ۔ بعض کہتے ہیں کہ لامِ قسم ہے مکسور ہو گیا۔

تفسیر

ولو اننا نزلنا الیہم الملائکۃ الخ یعنے اُن کی خواہش کے موافق ہم اُن کے پاس ملائکہ بھی بھیجدیں اور مُردے اُن سے باتیں بھی کرلیں اور اُن کے سامنے مَری ہوئی چیزیں زندہ بھی ہو جائیں یعنی بڑے سے بڑا معجزہ بھی اُن کو دکھایا جاوے تو بھی وہ ایمان نہ لاویں مگر جس کو خدا تعالےٰ چاہے (اپنی رحمت کے صابون سے اُس کے دل کا میل دھوئے) وہ ایمان لے آوے۔ پھر جب ان از لی گمراہوں کا یہ حال ہے تو بھاڑ میں پڑیں ہمیں کیا پڑی جو ان کے تھا سامنے لاکر کھڑی کر دیں اور عالم غیب[1] جنت دوزخ اور دیگر چیزوں کو عیاناً دیکھ لیں تب بھی ایمان نہ لاویں کس لئے کہ اُن کے دل شقی ہو گئے اُس وقت اُن کو بھی ڈھٹ بندی اور شعبدہ ہی کہنے لگے معاذاللہ جب ازلی محرومی ظہور کرتی ہے اور انسانی فطرت دوسرا رنگ پیدا کر لیتی ہے پھر وہ نہیں پلٹتی اس میں ہادی اور ناصح کا کیا قصور اس بات کو حق سُبحانہٗ ان آیات میں بیان فرما رہے ہے ۱۲ منہ

[1] یعنی عالم غیب کی پوشیدہ چیزیں جن پر فی الحال یقین نہیں دیکھے ایمان لانا چاہیئے

Marfat.com

کہنے کے موافق معجزات دکھائیں۔ یہ جو جھک مارتے پھرتے ہیں پھر اکریں کیونکر وکذلک جعلنا لکل نبیّ عدوّاً شیاطین الانس والجنّ ہر نبی کے دشمن آدمی اور جنوں میں سے سرکش اور نافرمان ہوتے آئے ہیں جو وہ نبی کے برخلاف لوگوں کو ملمع کار باتیں سکھا کر گمراہ کیا کرتے ہیں سو اُن کا کہنا وہی مانتے ہیں جو یوم آخرت پر ایمان نہیں رکھتے اور وہی اُن سے خوش ہوتے ہیں۔

أَفَغَيْرَ اللَّهِ أَبْتَغِي حَكَمًا وَهُوَ الَّذِي

(اے نبی ﷺ ان سے) کہو کیا میں اللہ تعالیٰ کے سوا اور کسی کو منصف بناؤں

أَنْزَلَ إِلَيْكُمُ الْكِتَابَ مُفَصَّلًا ۚ وَ

حالانکہ اُس نے تو تمھارے پاس کھلی ہوئی کتاب بھیج دی ہے۔ اور

الَّذِينَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ يَعْلَمُونَ

جن لوگوں کو ہم نے کتاب دی ہے وہ تو یہ جانتے ہیں کہ (قرآن) آپ

أَنَّهُ مُنَزَّلٌ مِّن رَّبِّكَ بِالْحَقِّ فَلَا

کے رب کی طرف سے برحق نازل ہوا ہے۔ پھر (اے نبی ﷺ)

تَكُونَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِينَ ﴿١١٤﴾ وَتَمَّتْ

آپ شک کرنے والوں میں سے نہ ہو جانا۔ اور آپ کے

كَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقًا وَعَدْلًا ۚ لَّا مُبَدِّلَ

رب کی باتیں سچائی اور انصاف میں پوری ہو گئیں، کوئی بھی اُس کی بات

لِكَلِمَاتِهِ ۚ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ﴿١١٥﴾

کا بدلنے والا نہیں۔ اور وہی (ہر ایک کی) سننا (اور سب کی) جاننا ہے۔

وَإِن تُطِعْ أَكْثَرَ مَن فِي الْأَرْضِ

اور دنیا میں ایسے بھی بہت سے ہیں کہ (اے مخاطب) اگر تو ان کا کہنا مانے تو

يُضِلُّوكَ عَن سَبِيلِ اللَّهِ ۚ إِن

وہ تجھ کو اللہ تعالیٰ کے رستہ سے گمراہ کر دیں۔

يَتَّبِعُونَ إِلَّا الظَّنَّ وَإِنْ هُمْ إِلَّا

(صرف) خیالات پر چلتے ہیں اور وہ محض قیاس لڑاتے

يَخْرُصُونَ ﴿١١٦﴾ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ

ہیں۔ بے شک آپ کا رب خوب جانتا ہے کہ

مَن يَضِلُّ عَن سَبِيلِهِ ۚ وَهُوَ أَعْلَمُ

کون اُس کے رستہ سے بہکا ہوا ہے۔ اور وہ راہ راست پر

بِالْمُهْتَدِينَ ﴿١١٧﴾

چلنے والوں کو (بھی) خوب جانتا ہے۔

ترکیب

افغیر اللہ ابتغی کا مفعول حکماً اُس سے حال و یجوز العکس مفصلاً الکتٰب سے حال ہے اور بالحق ضمیر مرفوع منزّل سے۔ صدقاً وعدلاً تمیز ہیں اور مفعول لہٗ بھی اور حال بھی ہو سکتے ہیں ہو اعلم خبر ان من بمعنے الذی یا نکرہ موصوفہ موضع نصب میں فعل محذوف سے جس پر اعلم دلالت کرتا ہے اے یعلم من یضلّ یا من استفہامیہ مبتدا یضلّ خبر اور جملہ یعلم محذوف سے محل نصب میں

تفسیر

چونکہ پہلی آیتوں میں کفار کے اعتقادِ بد کو اور انکار نبوت اور شبہاتِ بیجا کو رد فرما کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور جملہ ایمانداروں کی تسلی کے لئے فرما دیا تھا کہ ان کی یہ سب باتیں شیطانی ملمع کاری ہے (زخرف القول) جو ان کے مادۂ فاسدہ سے ابخرات کی طرح اُٹھتی ہیں ایک دوسرے سے بیان کرتا ہے اور اُس کے دل میں جماتا ہے تم کو ان باتوں کی طرف خیال بھی نہ کرنا چاہیئے۔ اس پر بحکم "کس نگوید کہ دوغ من ترش است" کفار کا یہ عذر بھی ردّ ہوتا ہے کہ چلو ہم کسی کو سچ بتائیں وہ کیا کہتا ہے اس لئے فرماتا ہے کہ ان سے کہدو کہ کیا میں خدا تعالےٰ کو چھوڑ کر کسی اور کو سچ بتاؤں کہ جس نے مجھ پر وہ کتاب نازل کی کہ جس میں نیک و بد سعادت و شقاوت کو کھول کھول کر بیان کر دیا۔ اس کتاب کے برحق ہونے کی ایک دلیل تو خود یہی کتاب ہے جو آفتاب آمد دلیل آفتاب ہے کیونکہ الٰہیات اور احکام و قصص عبرت انگیز بصیرت خیز سعادت و شقاوت دارین کے اصول اس

Marfat.com

سچائی اور صفائی سے بیان کرنا خاتمۂ کتاب الٰہی ہے سو یہ سب باتیں قرآن مجید میں موجود ہیں اگر آنکھ ہو تو دیکھ لو اس کی طرف ہو الذی انزل الخ میں اشارہ فرمایا۔ اور اگر خود عقل خداداد نہ ہو اور کسی کی شہادت درکار ہو تو اہل کتاب دل میں اس کے برحق ہونے کے مقر ہیں کیونکہ وہ اپنی کتابوں میں جو مجموعہ صحیح و غلط روایات کا ہیں تاہنوز صدہا نشان قرآن مجید کے برحق ہونے کے پاتے ہیں۔ اس کی طرف والذین اتینا ہم میں اشارہ کیا۔ اس کے بعد ان شبہات کو بیخ و بیخ قرار دینے کے لئے فرماتا ہے کہ آپ کسی طرح سے شک میں نہ پڑیں شمشیر یقین سے سب کی قطع برید کر ڈالنا چاہیئے۔ اس میں خطاب آنحضرت علیہ السلام کی طرف ہے مگر مراد اور ہیں۔

اس کے بعد پھر اطمینان کرتا ہے کہ کتاب الٰہی کے دو حصے ہوتے ہیں ایک میں گزشتہ لوگوں کے واقعات اور آئندہ کے حالات جنت و دوزخ حساب و کتاب کی تشریح اور اپنی ذات و صفات کی توضیح ہوتی ہے سو اس حصے کی دلیل اصالت تو صدق ہے یعنی سچائی اور دوسرے حصے میں احکام روحانی و جسمانی سیاسی و نوامیسی ہوتے ہیں سو اس کی دلیل عدل یعنی افراط و تفریط سے پرہیز ہونا ہے حالانکہ تمت کلمت ربک صدقاً و عدلاً قرآن ان دونوں اوصاف صدق و عدل میں پورا ہے جس کو کوئی بدل نہیں سکتا کس لئے کہ وہ سمیع و علیم ہے مکذبین کی باتیں سنتا ہے ان کے دلوں کے راز جانتا ہے، ان کا کوئی داؤ اس سے مخفی نہیں پھر فرماتا ہے اے پیغمبر! آپ وحی کے مطابق چلیں ان کے کہنے سننے کی پروا نہ کریں کس لئے کہ یہ اندھے ہیں اگر آپ ان کے کہنے پر چلیں تو وہ خود آپ تو گمراہ ہیں تم کو بھی گمراہ کر دیں کس لئے کہ حقیقت الامر ان کو معلوم نہیں جو کچھ کہتے ہیں اٹکل اور قیاس سے کہتے ہیں احکام سے لے کر قصص تک اور عالم آخرت کے معاملہ سے لے کر صفات تک محض قیاسات باطلہ ہیں۔

فَكُلُوا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ	سو جس پر اللہ تعالےٰ کا نام لیا گیا ہے اس کو کھاؤ اگر
كُنْتُمْ بِاٰيٰتِهٖ مُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ وَمَا لَكُمْ اَلَّا	تم کو اس کی آیتوں پر یقین ہے۔ اور کیا وجہ کہ جس پر اللہ
تَاْكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ	تعالےٰ کا نام ذکر کیا جائے اس کو نہ کھاؤ
وَقَدْ فَصَّلَ لَكُمْ مَّا حَرَّمَ عَلَيْكُمْ اِلَّا	حالانکہ جو چیز تم پر حرام ہے اس کی تفصیل ہو چکی ہے مگر
مَا اضْطُرِرْتُمْ اِلَيْهِ ؕ وَاِنَّ كَثِيْرًا	وہ بھی جب کہ تم کو اس کی طرف ناچاری ہو جائے۔ اور (اے نبی ﷺ) بہت سے
لَّيُضِلُّوْنَ بِاَهْوَآئِهِمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ اِنَّ	لوگ تم کو بہکاتے ہیں (بوجھے) اپنی خواہشوں میں گمراہ کرنا چاہتے ہیں۔ بیشک
رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِالْمُعْتَدِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ وَ	آپ کا رب حد سے بڑھنے والوں کو خوب جانتا ہے۔ اور
ذَرُوْا ظَاهِرَ الْاِثْمِ وَبَاطِنَهٗ ؕ اِنَّ	رہے لوگو! چھپے اور کھلے سب گناہ چھوڑ دو۔ بے شک
الَّذِيْنَ يَكْسِبُوْنَ الْاِثْمَ سَيُجْزَوْنَ	جو لوگ گناہ کرتے ہیں وہ اپنے کئے کی عنقریب
بِمَا كَانُوْا يَقْتَرِفُوْنَ ﴿۱۲۰﴾ وَلَا تَاْكُلُوْا	سزا پاویں گے۔ اور جس پر خدا تعالےٰ کا نام
مِمَّا لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَاِنَّهٗ	نہ لیا گیا ہو اس کو نہ کھاؤ اور وہ گناہ (بھی)
لَفِسْقٌ ؕ وَاِنَّ الشَّيٰطِيْنَ لَيُوْحُوْنَ	ہے۔ اور بے شک شیاطین تو اپنے رفیقوں کے
اِلٰٓى اَوْلِيٰٓـئِهِمْ لِيُجَادِلُوْكُمْ ۚ وَاِنْ	دل میں تمہارے ساتھ جھگڑا کرنے کے لئے وسوسے ڈالا کرتے ہیں۔ اور اگر
اَطَعْتُمُوْهُمْ اِنَّكُمْ لَمُشْرِكُوْنَ ﴿۱۲۱﴾ ع	تم نے ان کا کہا مان لیا تو بیشک تم بھی مشرک
	ہو گئے۔

لہ یعنی جس ذبیحہ پر اللہ تعالےٰ کا نام لیا گیا اللہ اکبر کہہ کر ذبح کیا گیا ہے اس کے کھانے میں کچھ مضائقہ نہیں ۱۲ منہ

Marfat.com

ترکیب

وما استفہامیہ مبتدا لکم خبر الا تاکلوا حرف جر محذوف کے فی ان لا تاکلوا، حرف جر کے حذف ہونے کے بعد محل نصب میں ہے۔ وقد فصل جملہ حال ہے۔ ما اضطررتم الیہ ما موصولہ اضطررتم الیہ صلہ ما موضع نصب میں ہے جنس سے استثنا ہونے کے سبب معنیٰ کس لئے کہ اللہ تعالےٰ نے جس پر اللہ کا نام لیا جاوے اس کے کھانے سے پرہیز کرنے پر تنبیہ کی ہے جو اباحتِ اکل کو مطلقاً چاہتا ہے۔

تفسیر

منجملہ مزخرفات قولِ کفّار کے کہ جس کو شیاطینِ انس وشیاطینِ جنّ ملمع کار دیلیوں سے اُن کے دلوں میں ڈالا کرتے تھے ایک بات یہ بھی تھی کہ کفّار جس طرح اور ناپاک چیزوں کو کھاتے تھے جیسا کہ خون وغیرہ اسی طرح جو جانور کہ از خود مرجاتا تھا یا بُتوں پر چڑھایا جاتا تھا اور کسی طرح سے مرجاتا تھا اس کو کھالیا کرتے تھے اور ذبیحہ کو اپنا مارا سمجھ کر نہ کھاتے تھے اُس کی بابت حکم دیتا ہے فکلوا مما ذکر اسم اللہ کہ تم وہ جانور کھاؤ کہ جس پر وقت ذبح اللہ تعالےٰ کا نام لیا گیا ہے یعنی بسم اللہ کہہ کر ذبح کیا گیا ہو۔ پھر اس کی تاکید فرماتا ہے کہ ان کنتم بآیٰتہ مؤمنین کہ تم اُن کے شک ڈالنے کی طرف خیال نہ کرو، اگر تم کو اللہ تعالےٰ کی آیتوں کی طرف یقین ہے اس کے بعد پھر تاکید فرماتا ہے مالکم الا تاکلوا مما ذکر اسم اللہ علیہ کہ تم کفار کے ان شبہات کی طرف کہ اللہ تعالےٰ کی ماری ہوئی (یعنے مُردار) کو تو مُسلمان کھاتے نہیں اور اپنی ماری ہوئی (یعنی ذبیحہ) کو کھاتے ہیں یہ عجب بات ہے، خیال کرکے کیوں اُس کے کھانے میں تامّل کرتے ہو؟ یہ حرام نہیں کس لئے کہ قد فصّل لکم ما حرّم علیکم کہ جو چیزیں تم پر حرام کی ہیں اُن کی تفصیل وتشریح تو ہوچکی ہے۔ اس کے بعد کی آیت قل لا اجد فیما اوحی الیّ محرما علےٰ طاعم یطعمہٗ الآیہ، اس[1] کی تفسیر آگے آتی ہے اور نیز یہ بیان سورۂ مائدہ میں بھی ہوچکا ہے۔ حرّمت علیکم المیتۃ والدم ولحم الخنزیر الخ نزولاً گو یہ بعد ہے مگر ترتیب اصلی میں جو مطابق لوحِ محفوظ ہے مقدّم ہے۔ مگر وہ محرمات بھی حالتِ اضطرار میں مستثنیٰ ہیں الا ما اضطررتم الیہ۔ پھر کفّار کے شبہ کو ردّ کرتا ہے کہ وان کثیرا لیضلّون الخ کہ بہت سے دنیا میں شیاطین ہیں کہ وہ اپنی جہالت سے اُلٹی سیدھی باتیں بناکر لوگوں کو گمراہ کرتے ہیں۔ چنانچہ عرب میں سب سے پہلے یہ گمراہی عمرو بن لحی نے ایجاد کی تھی سو اُس کو یہ سرکش لوگ خوب معلوم ہیں وہ اُن کو سزا دے گا۔

اس کے بعد قاعدۂ کلّیہ کے طور پر ایک عام حکم دیتا ہے جو تمام شرائع کی اصل ہے اور بُتوں کے چڑھاوے اور مُردار چیزوں کے کھانے میں دل پر تاریکی پیدا ہونے کی طرف بھی اشارہ کرتا ہے وذروا ظاہر الاثم وباطنہ کہ ظاہر اور باطن کے سب گناہ چھوڑ دو گناہ ظاہری میں قرآتی زنا بالاعلان، مُردار خوری سب آگئے اور باطنی چھپ کر زنا کرنا، دِل پر بُرے خطرات کو جگہ دینا حسد وکبر کرنا کیونکہ ان ہر ایک کی سزا پاوے گا۔ اس کے بعد بالصّراحۃ مُردار کے کھانے سے منع کرکے بقولہ ولا تاکلوا مما لم یذکر اسم اللہ علیہ وانّہٗ لفسق۔ کفّار کے اس شبہ کا وحی شیطانی اور خطرۂ نفسانی ہونا ظاہر کرتا ہے بقولہ وان الشّیاطین الخ اور مسلمانوں کو متنبہ کرتا ہے کہ خدا تعالےٰ کی مرضی کے خلاف کسی حرام کو حلال اور حلال کو حرام جانتے ہیں کفار کا کہا مانو گے تو تم بھی مشرک ہوجاؤ گے وان اطعتموہم انکم لمشرکون کس لئے کہ دوسرے کو تعمیلِ حکم میں خدا تعالےٰ کی برابر جاننا یہ شرک فی الحکم ہے

فوائد

(۱) فکلوا مما ذکر اسم اللہ یعنی جو جانور حلال ہیں اُن کو اللہ تع

[1] سورۂ مائدہ جس میں حرام چیزوں کا ذکر ہے گو نزول میں مؤخر ہے مگر اصل ترتیب میں اس آیت سے مقدم ہوا اور نیز اس آیت کے بعد میں حرام چیزوں کا ذکر ہے اور اس قدر متاخر کو ایک متّصل اور مسلسل کلام میں یہ کہنا کہ تم کو بتا چکے ہیں درست ہے ۱۲ منہ

Marfat.com

کے نام (تکبیر) سے ذبح کیا جاوے تو کھاؤ یعنی تمہارے لئے دینی طور سے اُس کے کھانے میں اجازت و اباحت ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ یہ آیت اُس وقت نازل ہوئی جب کہ یہود نے آنحضرت علیہ السلام سے پوچھا کہ ہم مُردار نہیں کھاتے آپ مار کر کھاتے ہیں تب یہ نازل ہوئی، کما اخرج ابوداؤد والترمذی عن ابن عباس رضؓ۔

(۲) ولاتاکلوا مما لم یذکر اسم اللہ علیہ عطاءؒ کہتے ہیں کہ یہ حکم کچھ ذبیحہ ہی پر موقوف نہیں بلکہ ہر کھانے پینے پر بھی بسم اللہ ضروری ہے ورنہ وہ چیز حرام ہے مگر جمہور کے نزدیک اور چیزوں پر بسم اللہ امر مسنون ہے نہ کہ فرض کس لئے کہ اس آیت میں تمام سے جانور مراد ہیں۔ مگر جانور بھی حلال کہ جن کو کتاب و سُنّت نے حرام نہ کہا ہو۔ اور یہ بسم اللہ کہنا بھی ذبیحہ کو باحادیث صحیحہ جب درست کرتا ہے جب کہ مؤمن یا اہل کتاب نے ذبح کیا ہو۔

(۳) اہل علم کے نزدیک اس آیت سے وہ ذبیحہ کہ جس پر اللہ تعالےٰ کا نام نہ لیا گیا ہو خواہ جھٹکا کیا ہو یا گردن مروڑنے سے مارڈالا گیا ہو یا بُتوں کے نام سے ذبح ہوا ہو یا از خود اپنی موت سے مرا ہو، الغرض اس پر بوقتِ ذبح اللہ تعالےٰ کا نام پاک نہ لیا گیا پھر خواہ اس کو کسی نے مارا ہو اہل کتاب نے یا ملحد یا کسی اور نے وہ حرام ہے۔ اگر مسلمان سے بھی بوقتِ ذبح بسم اللہ کہنا ترک ہوجاوے خواہ عمداً خواہ سہواً علماء کا ایک گروہ کہتا ہے وہ بھی حرام ہے آیۂ لم یذکر اسم اللہ علیہ اُس پر صادق ہے۔ یہ ابن عمرؓ و نافع و شعبی و ابن سیرینؒ کا قول ہے اور ایک روایت سے مالک و احمد بن حنبلؒ کا بھی قول ثابت ہوتا ہے اور داؤد ظاہریؒ بھی اسی کے قائل ہیں۔ مگر علماء کا ایک دوسرا گروہ کہتا ہے اگر سہواً بسم اللہ کہنا ترک ہوگیا ہے تو اُس کا کھانا حلال ہے یہ حضرت علی رضؓ و ابن عباسؓ و سعید بن مسیبؒ و عطاءؒ و طاؤس و حسن بصری و عبدالرحمٰن ابن ابی لیلےٰ و ابوحنیفہؒ وغیرہ کا قول ہے اور مشہور امام احمدؒ و مالکؒ کا بھی یہی قول ہے وہ کہتے ہیں کہ سہواً ترک دراصل ترک نہیں بھُول چوک مسلمان کی معاف ہے۔ امام شافعیؒ وغیرہ فرماتے ہیں کہ اگر مسلمان عمداً بھی ترک کردے تو بھی ذبیحہ درست ہے کس لئے کہ آیت میں ذبح لغیر اللہ کی حرمت مذکور ہے۔ یہ قول اس آیت کے بظاہر مخالف ہے۔

أَوَمَن كَانَ مَيْتًا فَأَحْيَيْنَاهُ وَجَعَلْنَا
کیا وہ شخص جو مُردہ تھا پھر ہم نے اُس کو زندہ کردیا اور اُس کے لئے ایسی
لَهُ نُورًا يَمْشِي بِهِ فِي النَّاسِ كَمَن
روشنی کردی کہ جس سے وہ لوگوں میں چلتا ہو اُس شخص کے برابر ہوسکتا
مَّثَلُهُ فِي الظُّلُمَاتِ لَيْسَ بِخَارِجٍ مِّنْهَا
ہے جس کا حال یہ ہو کہ وہ اندھیریوں میں پڑا ہوا اُن سے نکل نہ سکتا ہو۔
كَذَٰلِكَ زُيِّنَ لِلْكَافِرِينَ مَا كَانُوا
ہم نے یوں کافروں کے لئے اُن کے کام مُزیّن کردیئے
يَعْمَلُونَ ﴿١٢٢﴾ وَكَذَٰلِكَ جَعَلْنَا فِي كُلِّ
ہیں۔ اور ہم نے اسی طرح ہر گاؤں میں وہاں کے خاستہ لوگ
قَرْيَةٍ أَكَابِرَ مُجْرِمِيهَا لِيَمْكُرُوا فِيهَا ۖ
سردار بنائے تاکہ وہاں مکر کیا
وَمَا يَمْكُرُونَ إِلَّا بِأَنفُسِهِمْ وَمَا
کریں۔ اور اُن کا مکر صرف اُنھیں کے لئے ہے حالانکہ وہ جانتے
يَشْعُرُونَ ﴿١٢٣﴾ وَإِذَا جَاءَتْهُمْ آيَةٌ
نہیں۔ اور جب اُن کے پاس کوئی معجزہ آتا ہے تو
قَالُوا لَن نُّؤْمِنَ حَتَّىٰ نُؤْتَىٰ مِثْلَ
کہتے ہیں کہ ہم ہرگز ایمان نہ لائیں گے جب تک کہ ہم کو بھی ویسی[1] ہی چیز
مَا أُوتِيَ رُسُلُ اللَّهِ ۘ اللَّهُ أَعْلَمُ
نہ ملے جیسی کہ اللہ تعالیٰ کے رسولوں کو دی گئی تھی۔ اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے جہاں
حَيْثُ يَجْعَلُ رِسَالَتَهُ ۗ سَيُصِيبُ
کہ اپنی پیغمبری قائم کرتا ہے۔ عنقریب گنہگاروں کو
الَّذِينَ أَجْرَمُوا صَغَارٌ عِندَ اللَّهِ وَ
خدا تعالےٰ کے ہاں کی ذلت اور

[1] یعنے وہی معجزات و نبوّت جو رسولوں کو عطا ہوئے ہیں جب تک ہم کو نہ ہوں گے ایمان نہ لائیں گے ۱۲ منہ

Marfat.com

عَذَابٌ شَدِيدٌ بِمَا كَانُوا يَمْكُرُونَ ﴿۱۲۴﴾

عذاب شدید پہنچے گا اُن کی مکاری کی وجہ سے۔

ترکیب

من مبتدا یمشی یہ موضع نصب میں ہے صفت ہے نورًا کی کمن خبر مثلہ مبتدا فی الظلمت خبر لیس بخارج حال ہے ضمیر مثلہ سے۔ اکابر مفعول اوّل فی کل قریۃ ثانی۔

تفسیر

پہلی آیت میں مسلمانوں کو کفّار کی اطاعت سے منع فرمایا تھا۔ یہاں اس کی وجہ بیان فرماتا ہے کہ قابلِ اطاعت تو وہ شخص ہے کہ جس کو خدا تعالےٰ نے موت ظلمات طبیعت سے بسبب انکشاف و تجلّیاتِ روحانیہ کے زندہ کیا ہو اور اُس کے ساتھ اس کے پاس خدا کی طرف کا ایک چراغِ ہدایت بھی ہو (قرآن) کہ جس کی روشنی میں وہ لوگوں کو لانا چاہتا ہے نہ وہ کہ جو طرح طرح کی اندھیریوں میں ایسا مبتلا ہو کہ جو اُن میں سے کبھی نکل ہی نہ سکے (کیونکہ نہ کفر و شرک کو بُرا جان کر ہادی کی تلاش کرے گا نہ ورطۂ ظلمت سے نکلے گا) سو اوّل صفت تو نبی کی ہے اور دوسری کافر کی پھر کیا یہ دونوں برابر ہو سکتے ہیں ہرگز نہیں پس قابلِ اتباع نبیؐ ہے نہ کہ کافر۔ پھر اُس کافر کی ظلمات سے باہر نہ آنے کی وجہ بیان فرماتا ہے کذٰلک زیّن للکافرین ما کانوا یعلمون کہ ان کی روحانیت میں قضاء و قدر نے خباثت کی طرف میلِ طبیعت رکھا ہے جس طرح کہ نجاست کے کیڑے کو نجاست کی طرف میلِ طبعی ہے وہ پاک چیز میں چھوڑ کر اسی پر رینگتا ہے، اسی طرح یہ بداعمال اُن کی آنکھوں میں خوشنما معلوم ہوتے ہیں پھر کیونکر ظلمات سے نکلیں؟ خدا تعالےٰ ایسی حالت سے بچائے۔ پھر فرماتا ہے کہ مکّہ کے سرداروں پر ہی کچھ موقوف نہیں کہ وہ مؤمنین اور نبیؐ کے مقابلہ میں لوگوں کو مکر و فریب سے گمراہی کی طرف کھینچتے ہیں بلکہ ہم نے جس جگہ اور جس گاؤں میں نبی بھیجے وہاں کے مکّاروں اور بدکاروں کو وہاں کی سرداری اور دنیاوی عزّت دی تاکہ وہ اپنے کام میں پوری کامیابی حاصل کر کے ابدی جہنم کے مستوجب ہو جاویں۔ (افسوس بعض کی دنیاوی ترقی اور کثرتِ مال و جاہ اُسی کی ہلاکیٔ آخرت کا باعث ہو جاتی ہے۔

مکہ مکرمہ کے کافر سردار ابوجہل اور ولید بن مغیرہ جب آنحضرت علیہ السّلام کا کوئی بڑا معجزہ دیکھتے تھے تو حسد و کبر کے مارے یہ حیلہ کرتے تھے کہ اس شخص میں کیا بات ہم سے زیادہ ہے؟ ہمیں کیوں نبی صاحبِ معجزات نہیں کیا گیا؟ ہم اس پر ایمان نہ لائیں گے۔ اس کے جواب میں فرماتا ہے کہ نبوّت کے لئے ازل میں نفوسِ قدسیہ پیدا کئے گئے ہیں وہیں مناسب جان کر وہ وحی اور نبوّت قائم کرتا ہے ؎

کلاہ خسروی و تاج شاہی ؛ بہر سر کے رسد حاشا و کلّا

سو عنقریب ان متکبّروں کو دنیا میں (جیسا کہ بدر کے دن یا فتح مکّہ میں ہوا) یا آخرت میں تکبّر کی عوض ذلّت اور نخوت کے بدلے میں عذابِ شدید ملے گا۔

فَمَنْ يُرِدِ اللَّهُ أَنْ يَهْدِيَهُ يَشْرَحْ

پھر جس کو اللہ تعالےٰ ہدایت دینی چاہتا ہے تو اُس کا سینہ

صَدْرَهُ لِلْإِسْلَامِ ۖ وَمَنْ يُرِدْ أَنْ

اسلام کے لئے کھول دیتا ہے۔ اور جس کو گمراہ کرنا چاہتا ہے

يُضِلَّهُ يَجْعَلْ صَدْرَهُ ضَيِّقًا حَرَجًا

تو اُس کا سینہ ایسا بھینچا ہوا تنگ کر دیتا ہے کہ گویا اُس کو

كَأَنَّمَا يَصَّعَّدُ فِي السَّمَاءِ ۚ كَذَٰلِكَ

آسمان پر چڑھنا پڑتا ہے۔ جو ایمان نہیں لاتے

يَجْعَلُ اللَّهُ الرِّجْسَ عَلَى الَّذِينَ لَا

اُن پر اللہ تعالےٰ ایسی ہی پھٹکار ڈال دیا

يُؤْمِنُونَ ﴿۱۲۵﴾ وَهَٰذَا صِرَاطُ رَبِّكَ

کرتا ہے۔ اور آپؐ کے ربّ کا سیدھا رستہ تو ہے

Marfat.com

مُسْتَقِيْمًا ۭ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ
(اسلام) ہے۔ ہم نے سمجھنے والوں کے لئے آیتیں کھول کر بیان
يَّذَّكَّرُوْنَ ﴿۱۲۶﴾ لَهُمْ دَارُ السَّلٰمِ عِنْدَ
کردی ہیں۔ ایمانداروں کے لئے ان کے ربّ کے پاس سلامتی کا
رَبِّهِمْ وَهُوَ وَلِيُّهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۷﴾
گھر ہے اور وہی ان کا کارساز ہوگا ان کے عملوں کے سبب جو وہ کیا کرتے تھے۔
وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ۚ يٰمَعْشَرَ
اور جس دن کہ اُن سب کو جمع کرکے (پوچھے گا) اے قوم جنّ!
الْجِنِّ قَدِ اسْتَكْثَرْتُمْ مِّنَ الْاِنْسِ ۚ
تم نے بہت سے آدمی اپنے کر لئے تھے۔
وَقَالَ اَوْلِيٰۗؤُهُمْ مِّنَ الْاِنْسِ رَبَّنَا
اور اُن کے انسان دوست عرض کریں گے کہ اے رب ہم میں سے (دنیا میں) ایک دوسرے
اسْتَمْتَعَ بَعْضُنَا بِبَعْضٍ وَّبَلَغْنَآ
سے فائدہ لیتا رہا (جنوں نے ہم سے نذر و نیاز لی ہم نے لوگوں سے دھوکہ دے کر کمایا) اور (اب)
اَجَلَنَا الَّذِيْٓ اَجَّلْتَ لَنَا ۭ قَالَ النَّارُ
ہم اپنے اس وقت کو پہنچ گئے جو تو نے ہمارے لئے مقرر کیا تھا (یعنے سزا کا وقت آگیا اب آپ کے
مَثْوٰىكُمْ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اِلَّا مَا شَاۗءَ اللّٰهُ ۭ
ہاتھ ہی) فرمائیگا تمہارا ٹھکانا دوزخ ہے اس میں ہمیشہ (ہمیشہ) رہوگے، مگر جب تک اللہ چاہے۔
اِنَّ رَبَّكَ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۲۸﴾ وَ
بے شک آپ کا رب تعالیٰ حکمت والا اور خبردار ہے۔ اور
كَذٰلِكَ نُوَلِّيْ بَعْضَ الظّٰلِمِيْنَ
ہم اسی طرح سے (وہاں بھی) ایک ظالم کو دوسرے کے ساتھ اُن کے ان اعمال کے
بَعْضًۢا بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۱۲۹﴾ ع
سبب جو وہ کیا کرتے تھے رفیق بنادیں گے۔

ترکیب

فمن شرط یشرح جواب حرجًا اے ضیّقًا بکسر الراء صفۃ وفتحہا مصدر وصف بہ مبالغۃ کانما فی موضع نصب او حال من الضمیر فی حرج مستقیمًا حال ہے صراط ربک سے والعامل

ہٰذا حرجًا بالفتح جمع حرجۃ وہی شدّۃ الضیق یصعد قرئ مخففًا من الصّعود ومشدّدًا واصلہ یتصعد ومعناہ یتکلّف مالا یطیق مرّۃً بعد مرّۃٍ۔

تفسیر

پہلے کافر کی مثال مُردہ اور اندھیریوں میں پڑے ہوئے کی اور مؤمن کی زندہ اور نُور میں چلنے والے کی بیان کی تھی۔ اب یہاں سے اس تعجب و استبعاد کو دور کرکے اس کی وجہ بیان فرماتا ہے کہ باوجود اس قدر معجزات و آیاتِ بیّنات کے پھر کیوں ایمان نہیں لاتے؟ وہ یہ کہ ایمان لانا اور کُفر میں پڑا رہنا یہ سب باتیں قضاء و قدر کے بس میں ہیں جس کو ہدایت کرنا چاہتے ہیں اس کی آنکھوں سے یہ تمام حجابات جو اس کو ایمان کی روشنی کے دیکھنے سے مانع آتے ہیں اُٹھا دیتے ہیں سو اسلام قبول کرنے پر بسہولت آمادہ ہوجاتا ہے اور جس کو اسی گمراہی میں پڑا رہنا چاہتے ہیں اُس کے دل سے یہ حجاب دُور نہیں ہوتے سو حیاتِ دُنیا اور اُس کے لذّات و شہوات پر ایسا غش ہوجاتا ہے کہ اسلام قبول کرنے کو جس میں لذّاتِ روحانیہ اور عالمِ باقی کی طرف رہنمائی ہے ایسا سخت اور مشکل جانتا ہے کہ جیسا کوئی آسمان پر چڑھنے کو۔ ہدایت عام ہے ہٰذا صراط ربک مستقیمًا اسلام خدا تعالیٰ کی سیدھی سڑک ہے جو دار السّلام تک پہنچتی ہے مگر اس پر چلنا ہر ایک کی تقدیر میں نہیں بلکہ سمجھ والوں کے لئے، پس جو اس پر چلیں گے اُن کے لئے دار السّلام ہے سلامتی اور امن کا گھر یعنی جنّت جو عند ربہم اس محبوبِ حقیقی کے پاس ہے اور وہو ولیّہم وہ وہاں اُن کا دوست بھی رہے گا بما کانوا یعملون نہ صرف زبانی جمع خرچ اور جھوٹے دعوے کی وجہ سے بلکہ اُن کے اعمالِ صالحہ اور کوشش سے جو حقیقی اسلام کی علامت ہے۔ اور اسلام سے دل تنگ ہونے والوں کے لئے یہ ہوگا کہ یوم یحشرہم الخ اُن سب کو جمع کرکے اُن کے بہکانے والے اور خُدائی کے مستحق بننے والے جنّ اور خبیثوں سے سوال ہوگا کہ تم نے بہت سے آدمیوں کو گمراہ اور

ع ۱۵ ۸ ۲

Marfat.com

خراب کیا تھا۔ اس بازپرس کے وقت اُن جنّوں اور خبیثوں کے دنیا ہی
یا یعنی ماننے والے یہ عذر کریں گے کہ دنیا میں باہمی رابطہ کرکے ہم میں
سے ایک نے دوسرے سے کام لیا جنّوں نے ہم کو بہکا کر اپنی نذر نیاز بھینٹ
اور پرستش پر آمادہ کرکے کام لیا اور ہم نے اُن سے غیب کی باتیں
دریافت کرنے اور دیگر تخویفات میں کام لیا تھا (ہندوستان میں
اب تک سینکڑوں ارواحِ خبیثہ اور جنّ بھوتوں کی پرستش ہو رہی
ہے ہندوستانیوں سے وہ خوب کام لے رہے ہیں اور سینکڑوں
برہمن جوگی اَتیت ساحر بھوت وغیرہ سے کرشمہ دِکھلانے اور
توہّمات بے جا پیدا کرکے ڈرانے میں کام لے رہے ہیں) اور اے
ربّ! ہم اپنے لکھے کو پہنچے یا یہ معنے کہ زندگی بھر ایسا کرتے رہے
ہم سے بیوقوفی ہوگئی ان جنّوں نے بہکا دیا۔ فرمائے گا جاؤ
تم دونوں کے لئے جہنم ٹھکانا ہے ہمیشہ وہیں رہو گے مگر جب
اللہ تعالےٰ چاہے تو نکالے سو وہ کیوں چاہے گا۔ پھر اس عذرِ
بارد کے ردّ کرنے کو ہر ایک جنّ و انس سے خطاب کرکے فرمائیگا
الم یاتکم رسلٌ منکم الخ کہ کیا تمھارے پاس ہمارے رسول نہیں آئے؟
جو تمھیں میں کے تھے جن سے بوجہ ہم زبان وہم قوم و موانست کے
نصیحت حاصل کرنا بہت آسان تھا جو تمھیں میری آیتیں سُناتے
اور آج کے دن سے خوف دلاتے تھے؛ اس کے بعد وہ اپنے کفر کا اقرار
کریں گے۔ ف علمائے اسلام میں سے جمہور بقرائن آیات ان اللہ
اصطفےٰ آدم الخ وغیرہا اس بات کے قائل ہیں کہ رسول صرف انسانوں
ہی میں سے مبعوث ہوئے ہیں۔ جنّوں کو بھی وہی تعلیم کیا کرتے
منکم جو یہاں آیا ہے سو اس سے یہ مراد نہیں کہ جنّ و انس کے
ہر ہر فریق میں سے رسول آئے بلکہ دونوں کے مجموعہ میں سے جو صرف
انسانوں پر صادق آسکتا ہے یا رُسل انس کے نائب رُسل جنّ تھے
جن پر رُسل کا لفظ مجازاً اطلاق ہوا۔ ضحاکؒ کے نزدیک جنّوں
میں سے بھی رسول ہوئے ہیں۔

يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اَلَمْ يَاْتِكُمْ

اے جنوں اور انسانوں کی جماعت کیا تمھارے پاس تمھیں میں سے

رُسُلٌ مِّنْكُمْ يَقُصُّوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِيْ وَ

رسول نہیں آئے جو تمھیں میری آیتیں سُنایا کرتے اور

يُنْذِرُوْنَكُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ؕ قَالُوْا

اس دن کے پیش آنے سے ڈرایا کرتے تھے۔ وہ عرض کریں گے

شَهِدْنَا عَلٰٓى اَنْفُسِنَا وَغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ

ہم اپنے اوپر آپ ہی گواہی دیتے ہیں اور اُن کو تو دنیا کی زندگی نے فریب

الدُّنْيَا وَشَهِدُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ

میں ڈال رکھا تھا اور وہ آپ ہی اپنے اوپر گواہی دیں گے کہ ہم

كَانُوْا كٰفِرِيْنَ ﴿۱۳۰﴾ ذٰلِكَ اَنْ لَّمْ

منکر تھے۔ یہ اس لئے کہ آپ کا رب لم

يَكُنْ رَّبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰى بِظُلْمٍ

کسی گاؤں کو (اُن کے) ظلم پر اُن کی بے خبری میں ہلاک کرنے

وَّاَهْلُهَا غٰفِلُوْنَ ﴿۱۳۱﴾ وَلِكُلٍّ دَرَجٰتٌ

والا نہیں۔ اور ہر کسی کو اپنے اعمال کے

مِّمَّا عَمِلُوْا ؕ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا

درجے ملیں گے۔ اور آپ کا رب تعالےٰ اُن کے کام سے بے خبر

يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۳۲﴾ وَرَبُّكَ الْغَنِيُّ ذُو الرَّحْمَةِ ؕ

نہیں۔ اور آپ کا رب تعالےٰ بے پروا رحمت والا ہے۔

اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ وَيَسْتَخْلِفْ مِنْ

اگر چاہے تو تم کو فنا کردے اور تمھارے پیچھے جس کو چاہے

بَّعْدِكُمْ مَّا يَشَآءُ كَمَآ اَنْشَاَكُمْ مِّنْ

قائم کرے جس طرح کہ تم کو اور لوگوں کی نسل

ذُرِّيَّةِ قَوْمٍ اٰخَرِيْنَ ﴿۱۳۳﴾ اِنَّ مَا تُوْعَدُوْنَ

سے پیدا کردیا۔ جس کام کے تم سے وعدہ کیا گیا ہے

لَاٰتٍ ۙ وَّمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿۱۳۴﴾

وہ آنے والا ہے اور تم ہرگز روک نہ سکو گے۔

ترکیب

یقصّون موضع رفع میں صفت ہے رُسل کی اور حال بھی

Marfat.com

ہو سکتا ہے ہٰذَا خبر ہے مبتدا محذوف کی یا یو کم کی صفت ان لم اَن مصدریہ یا مخففہ ہے اور لام محذوف ای لان لم یکن ربک وموضعہ نصب اوجر۔

تفسیر

اس کے بعد رسول بھیجنے کی وجہ بیان فرماتا ہے کہ ہم کسی گاؤں کو بھی غفلت کی حالت میں مُبتلائے عذاب نہیں کرتے بلکہ پیشتر رسولؑ یا اُن کے نائب صحابہؓ سے لے کر قیامت تک علمائے کرام بھیج کر متنبہ کر دیتے ہیں۔ اب یہ ظاہر کرتا ہے کہ دارِ آخرت میں جو کچھ سختی و نرمی جنّت و دوزخ اور اُن میں ثواب و عقاب کے متفاوت درجات ہوں گے اس میں کچھ ہماری کسی پر بے رحمی و ظلم و زیادتی یا کوئی ذاتی بُغض و نفرت نہیں بلکہ مما عملوا۔ اور ہم تو کسی کی عبادت و ریاضت کے محتاج بھی نہیں ہیں وربک الغنی اور نیز بالذّات ہم کو اپنی ہر مخلوق پر رحمت ہے ذوالرحمۃ اور اس رحمت سے یہ نہ سمجھو کہ وہ تمہاری سرکشی کی سزا دُنیا میں نہیں اور اپنے وعدۂ عذاب و ثواب دنیا و آخرت کو پُورا نہیں کر سکتا ان یشأ الخ وانّ ماتوعدون لآتٍ اور تم اُس کے آنے والے وعدہ کو روک نہیں سکو گے۔

قُلْ يٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّيْ
(اے پیغمبرؐ!) کہدو بھائیو تم اپنی جگہ عمل کرو میں اپنی جگہ (عمل)
عَامِلٌ ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ مَنْ تَكُوْنُ
کر رہا ہوں۔ سو تم کو ابھی معلوم ہو جاوے گا کہ کس کے لئے دارِ آخرت کا
لَهٗ عَاقِبَةُ الدَّارِ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۱۳۵﴾
انجام اچھا ہے۔ بے شک ظالموں کا تو بھلا ہو گا نہیں۔
وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ مِمَّا ذَرَاَ مِنَ الْحَرْثِ وَ
اور اللہ تعالیٰ ہی کی پیدا کی ہوئی کھیتی اور
الْاَنْعَامِ نَصِيْبًا فَقَالُوْا هٰذَا لِلّٰهِ
مواشی میں سے مشرکین اس کے لئے حصّہ لگا کر اپنے خیال سے کہتے ہیں کہ

بِزَعْمِهِمْ وَهٰذَا لِشُرَكَآئِنَا ۚ فَمَا كَانَ
یہ تو اللہ تعالیٰ کا ہے اور یہ ہمارے معبودوں کا۔ پھر جو اُن کے
لِشُرَكَآئِهِمْ فَلَا يَصِلُ اِلَى اللّٰهِ ۚ وَ
معبودوں کا ہو جاتا ہے وہ تو خدا تعالیٰ کو نہیں پہنچتا اور
مَا كَانَ لِلّٰهِ فَهُوَ يَصِلُ اِلٰى شُرَكَآئِهِمْ ؕ
جو اللہ تعالیٰ کا ٹھہرتا ہے وہ اُن کے معبودوں کو بھی پہنچ جاتا ہے۔
سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ﴿۱۳۶﴾ وَكَذٰلِكَ زَيَّنَ
کیا بُرا فیصلہ کر رہے ہیں۔ اور اسی طرح بہت سے مشرکوں کو
لِكَثِيْرٍ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ قَتْلَ اَوْلَادِهِمْ
تو اُن کے معبودوں نے اُن کی اولاد کا قتل کرنا پسند کرا دیا تھا
شُرَكَآؤُهُمْ لِيُرْدُوْهُمْ وَلِيَلْبِسُوْا
تاکہ ان کو خراب کر دیں اور اُن کے دین میں غلطی
عَلَيْهِمْ دِيْنَهُمْ ؕ وَلَوْ شَآءَ
ڈال دیں اور اگر اللہ تعالیٰ
اللّٰهُ مَا فَعَلُوْهُ فَذَرْهُمْ وَ
چاہتا تو وہ یہ بات نہ کرتے سو آپؐ اُن کو اور اُن کے
مَا يَفْتَرُوْنَ ﴿۱۳۷﴾
ڈھکوسلوں کو چھوڑ دیجئے۔

ترکیب

مکانتکم ای حالتکم من موصولہ مفعولِ تعلمون نصیبًا مفعولِ اوّل جعلوا للّٰہ اور ممّا ذرأ جعل سے متعلق من الحرث ما کا بیان شرکاؤہم فاعلِ زیّن قتل مصدر مضاف الی المفعول مفعولِ زیّن۔

تفسیر

انّ ماتوعدون لآتٍ فرما کر قیامت اور وعدۂ الٰہی کے منکروں کے مقابلہ میں آنحضرت علیہ السّلام کو بمزید وثوق یہ حکم ہوتا ہے کہ

Marfat.com

ان سے کہدو اچھا اگر تمھیں یقین نہیں تو تم جو کچھ کرتے ہو کئے جاؤ۔ اور جو میں کرتا ہوں وہ میں کئے جاتا ہوں۔ آپ معلوم ہوجائیگا کہ کس کے لئے دار آخرت اور وہاں کی خوبیاں ہیں اور اس کے ساتھ یہ حکم ناطق بھی سُنادیا کہ ظالموں کو فلاح نہ ہوگی۔

اس کے بعد کفّارِ عرب کی چند وہ حماقتیں بیان کرتا ہے کہ جن کو اُنھوں نے مذہب اور وسیلۂ نجات سمجھ رکھا تھا تاکہ معلوم ہو کہ اُن کی سرکشی اور بے جا حجتیں اُن کی بیوقوفی کا ثمرہ ہے۔

منجملہ اُن کے ایک یہ بات تھی کہ کھیتی اور چارپایوں میں سے باوجودیکہ اللہ تعالےٰ کے پیدا کئے ہوتے ہیں حصّہ لگا رکھتے تھے کچھ اناج اور کچھ جانوروں کو اللہ تعالےٰ کے حصّہ کا اپنے گمان کے بموجب قرار دیتے تھے اور کچھ اپنے بُتوں کے نام کا (جیساکہ بعض دیہات میں اناج اُٹھاتے وقت ڈھیریاں لگاتے ہیں کہ یہ اللہ تعالےٰ کے نام کی اور یہ مدار کی اور یہ سالار کی یہ قلندر کی اسی طرح جانوروں کرتے ہیں) اور اس پر لُطف یہ تھا کہ اگر اللہ تعالےٰ کی ڈھیری میں سے بُتوں کی ڈھیری میں جاملتا تھا تو نہ اُٹھاتے تھے اور اُن کی ڈھیریوں میں سے جو اللہ تعالےٰ کی ڈھیری میں آملتا تھا تو اُسے اُٹھاکر بُتوں کی ڈھیری میں ملا دیتے تھے کہ اُن کو زیادہ حاجت ہے اور خدا تعالےٰ کو کچھ حاجت نہیں۔ اس پر فرماتا ہے کہ کیا ہی بُرا فیصلہ ہے۔

منجملہ اُن کے ایک یہ بات تھی کہ اپنے فرضی معبودوں سے اولاد کا سوال کیا کرتے تھے اور جب کئی اولاد ہوتی تھیں تو اُن میں سے ایک کو اُس بُت خانہ کے پاس لے جاکر اُس بُت کے نام سے ذبح کر دیتے تھے جس طرح کہ ہنود بُتوں پر جانوروں کی بھینٹ چڑھاتے ہیں اور یہ رسم بابل اور نینوی میں بھی تھی اور پھر کہیں ایک دن مقرر ہوتا تھا کہ جس میں ایک قسم کی نذریں ادا ہوتی تھیں یعنی بے زبان معصوم بچے آگ میں ڈالے جاتے تھے کہیں ذبح کئے جاتے تھے۔ ہنود میں بھی یہ رسم تھی جن کی صحبت سے جاہل اہلِ اسلام ایک بیٹے کو بجائے ذبح کرنے کے اولیاء اللہ کی خانقاہوں میں چڑھا دیتے ہیں اور کہیں اولیاء اللہ کے نام سے اُن کے سر پر چوٹی رکھتے ہیں جس کو وہاں لے جاکر بوقتِ معیّن مونڈتے ہیں۔ ان بالوں کی نسبت فرماتا ہے وکذٰلک زیّن لکثیر الخ۔

وَقَالُوْا هٰذِهٖۤ اَنْعَامٌ وَّحَرْثٌ حِجْرٌ ۖ
اور وہ لوگ یہ بھی کہتے ہیں یہ مواشی اور کھیتی اچھوتی ہے ان کے

لَّا يَطْعَمُهَاۤ اِلَّا مَنْ نَّشَآءُ بِزَعْمِهِمْ وَ
خیال پر اس کو وہی کھائے جس کو وہ چاہیں اور

اَنْعَامٌ حُرِّمَتْ ظُهُوْرُهَا وَاَنْعَامٌ لَّا
بہت سے ایسے چارپائے بھی ہیں کہ جن پر چڑھنا اور لادنا حرام کر رکھا ہے اور ایسے

يَذْكُرُوْنَ اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا افْتِرَآءً عَلَيْهِ ۚ
بھی چارپائے ہیں کہ جن پر (وقتِ ذبح) اللہ کا نام نہیں لیتے اللہ تعالےٰ پر جھوٹ بنا کر

سَيَجْزِيْهِمْ بِمَا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۱۳۸﴾ وَ
وہ ان کو ابھی اُن کے جھوٹ کی سزا دے گا۔ اور

قَالُوْا مَا فِيْ بُطُوْنِ هٰذِهِ الْاَنْعَامِ
(یہ بھی) کہتے ہیں کہ جو بچہ ان چارپایوں کے پیٹ[1] میں ہے وہ تو

خَالِصَةٌ لِّذُكُوْرِنَا وَمُحَرَّمٌ عَلٰۤى اَزْوَاجِنَا ۚ
ہمارے مردوں کے لئے مخصوص ہے اور ہماری عورتوں پر حرام ہے۔

وَاِنْ يَّكُنْ مَّيْتَةً فَهُمْ فِيْهِ شُرَكَآءُ ۚ
اور اگر مُردا ہوا تو پھر اُس میں سب شریک ہیں۔

سَيَجْزِيْهِمْ وَصْفَهُمْ ۚ اِنَّهٗ حَكِيْمٌ
وہ ابھی ان کو ان باتوں کی سزا دے گا۔ بے شک وہ حکمت والا

عَلِيْمٌ ﴿۱۳۹﴾ قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ قَتَلُوْۤا
خبردار ہے۔ بیشک وہ خرابی میں پڑ گئے جو اپنی اولاد کو بیوقوفی

اَوْلَادَهُمْ سَفَهًۢا بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّحَرَّمُوْا
میں آکر جہالت سے قتل کر ڈالتے تھے اور اللہ تعالےٰ پر جھوٹ باندھ کر

مَا رَزَقَهُمُ اللّٰهُ افْتِرَآءً عَلَى اللّٰهِ ۚ
اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی چیزوں کو حرام کرتے تھے۔

قَدْ ضَلُّوْا وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ﴿۱۴۰﴾
ضرور وہ تو گمراہ ہی ہوگئے اور وہ ہدایت پانے کے لائق بھی نہ تھے۔

[1] ذبح کرتے وقت یہ وہ تھے کہ جن کو بتوں کے نام پر چھوڑ رکھا تھا ۱۲ [2] ذبح کے وقت گابھن چارپایوں کے پیٹ کے بچے پر کہا کرتے تھے ۱۲ منہ

Marfat.com

وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَ جَنّٰتٍ مَّعْرُوْشٰتٍ
اور وہی تو ہے کہ جس نے چھتری دار
وَّغَيْرَ مَعْرُوْشٰتٍ وَّالنَّخْلَ وَالزَّرْعَ
اور بغیر چھتری کے باغ اگائے۔
مُخْتَلِفًا اُكُلُهٗ وَالزَّيْتُوْنَ وَالرُّمَّانَ
اور کھجور اور کھیتی پیدا کی کہ جن کے مزے مختلف ہیں اور زیتون اور انار بھی جو کہ
مُتَشَابِهًا وَّغَيْرَ مُتَشَابِهٍ ۭ كُلُوْا
باہم (صورت میں) ملتے جلتے ہیں اور (مزے میں) نہیں ملتے۔ جب وہ پھل لائیں تو
مِنْ ثَمَرِهٖٓ اِذَآ اَثْمَرَ وَاٰتُوْا حَقَّهٗ
ان کے پھل کھاؤ (پیو) اور کٹنے کے دن اس کا حق ادا کر دیا کرو
يَوْمَ حَصَادِهٖ ۡ وَلَا تُسْرِفُوْا ۭ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ ۙ
کرو (زکوٰۃ) اور فضول خرچی نہ کیا کرو دیکھو کہ فضول خرچی کرنے والے پسند نہیں۔
وَمِنَ الْاَنْعَامِ حَمُوْلَةً وَّفَرْشًا ۭ كُلُوْا
اور چارپایوں میں سے اس نے کچھ بار کش (بلند قامت) بنائے اور کچھ زمین سے لگے ہوئے جو کہ
مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ
اللہ تعالیٰ نے تمہیں دے رکھا ہے اس میں سے کھاؤ اور شیطان کے قدموں پر مت
الشَّيْطٰنِ ۭ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۙ ۱۴۲
چلو۔ کیونکہ وہ تمہارا صریح دشمن ہے۔ (ہم نے)
ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ ۚ مِنَ الضَّاْنِ اثْنَيْنِ
آٹھ قسم کے جوڑے پیدا کئے ہیں بھیڑوں میں سے دو
وَمِنَ الْمَعْزِ اثْنَيْنِ ۭ قُلْ ءٰۗالذَّكَرَيْنِ
اور بکریوں میں سے دو۔ پوچھو کیا ان میں سے اللہ نے
حَرَّمَ اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ
نروں کو حرام کیا ہے یا ماداؤں کو یا ان دونوں ماداؤں
اَرْحَامُ الْاُنْثَيَيْنِ ۭ
کے پیٹ کے بچے کو۔

۱؎ یعنے ٹٹیوں پر اُن کی بیل چڑھتی ہے جیسے انگور وغیرہ ۱۲ منہ ۲؎ یعنے چھوٹے قد کے جیسا کہ بھیڑ بکری یا زمین پر ذبح کے لئے لٹانے کے قابل ۱۲ منہ ۳؎ صورت میں متشابہ اور لذت میں خلاف ۱۲ منہ

نَبِّـــُٔوْنِيْ بِعِلْمٍ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۱۴۳
مجھے سمجھ کر بتاؤ تو اگر تم سچے ہو۔
وَمِنَ الْاِبِلِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْبَقَرِ اثْنَيْنِ ۭ قُلْ ءٰۗالذَّكَرَيْنِ
اور اونٹ کے بھی دو (نر مادہ) اور گائے کے بھی دو (نر مادہ) پوچھو کیا ان میں سے نروں کو
حَرَّمَ اَمِ الْاُنْثَيَيْنِ اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ
حرام کیا ہے یا ماداؤں کو یا اس بچہ کو جو ان دونوں
اَرْحَامُ الْاُنْثَيَيْنِ ۭ اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَاۗءَ
ماداؤں کے پیٹ میں ہے۔ کیا جب کہ خدا تعالیٰ نے تمہیں
اِذْ وَصّٰىكُمُ اللّٰهُ بِهٰذَا ۚ فَمَنْ اَظْلَمُ
یہ حکم دیا تھا تم موجود تھے۔ پھر اس سے بڑھ کر کون ظالم
مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَي اللّٰهِ كَذِبًا لِّيُضِلَّ
ہے جو خدا تعالیٰ پر جھوٹی باتیں لوگوں کو ناسمجھی سے گمراہ کرنے
النَّاسَ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي
کے لئے بنائے۔ بے شک اللہ تعالیٰ ظالموں کو
الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۱۴۴
ہدایت نہیں دیا کرتا۔

ترکیب

لایطعمها موضع رفع میں صفت ہے حرث کی حجر بکسر حاء وسکون جیم اور بضم حاء وسکون جیم بھی جائز ہے اس کے معنی منع اور حرام افتراءً مفعول مطلق بھی ہوسکتا ہے کس لئے کہ ان کا قول سابق افتراء ہے ای یفترون افتراءً اور مفعول لہٗ بھی ہوسکتا ہے اول صورت میں علیہ قالوا سے متعلق ہوگا دوسرے میں نفس مصدر سے ما بمعنے الذی مبتدا خالصة خبر والتانیث لرعایۃ المعنے لان ما فی البطون انعام وقیل للمبالغۃ کعلامۃ والمعنے حلال وصفہم منصوب ہے مفعول لہٗ ہونے کی وجہ سے سفیاً مفعول لہٗ ہے یا تمیز مختلفاً حال مقدرہ ہے ایسا ہی متشابہاً حمولۃ وفرشاً معطوف ہیں جنّات پر ای وانشأ من الانعام حمولۃ صالحۃ للحمل

Marfat.com

علیہا کالابل وفرشا کالغنم لانہا کالفرش للارض لدنوہا منہا ثمانیۃ ازواج منصوب ہے جنات پر معطوف ہو کر یا بدل ہے کلوا محذوف ہے۔

تفسیر

کہ یہ ناپاک اور مکروہ فعل شیطان نے اُن کی آنکھوں میں خوشنما کردیا ہے لیلبسوا علیہم دینہم کہ اُن کے دین کو اپنی طرف کے حاشیہ چڑھا کر خراب کردے۔ ولیردوہم ارداء ہلاک کرنا قال اللہ تعالیٰ ردت لتردین اور تاکہ ان کو ہلاک و برباد کردے۔ دنیا و آخرت میں ایسی جاہل قومیں رُسوا و برباد ہوتی ہیں۔

منجملہ اُن کے ایک یہ تھا کہ اپنی کھیتی اور چارپایوں میں سے بُتوں کے نام چڑھاتے تھے (جیساکہ ہندوستان میں چڑھاوا چڑھتا ہے) اور اُس کو حجر[1] یعنے اچھوتا کہتے تھے کہ بجز پوجاریوں کے اور کسی کو کھانا درست نہ سمجھتے تھے اور عورتوں کے لئے بھی کھانے کی اجازت نہ تھی اور ان جانوروں پر تعظیماً سوار ہونا بھی بُرا اور حرام جانتے تھے اور انہیں میں سائبہ و بحیرہ وغیرہا بھی شامل ہیں جن کی تفصیل اُوپر گزری ہے۔ اور ان جانوروں پر بوقت ذبح اللہ تعالیٰ کا نام بھی نہ لیتے تھے بلکہ بُتوں کے نام سے ذبح کرتے۔ یا یہ معنے کہ ان کو کسی کارِ خیر میں صَرف نہ کرتے تھے۔ اور اس فعل کو خدا تعالیٰ کا حکم سمجھتے تھے افتراء علیہ، یہ سب افتراء تھا خدا تعالیٰ پر۔

منجملہ اُن کے ایک یہ بات تھی کہ ان سائبہ اور بحیرہ کے پیٹ سے اگر زندہ بچہ پیدا ہوتا تھا تو اس کو خالص اپنے مَردوں کے لئے حلال جانتے تھے اور عورتوں پر اُس کا کھانا حرام کر رکھا تھا اور جو مُردہ پیدا ہوتا تھا تو اُس کے کھانے میں مرد و زن سب شریک ہوجاتے تھے۔ اب اُن کے ان بیہودہ ڈھکوسلوں کے ردّ میں فرماتا ہے سیجزیہم وصفہم کہ اُن کے اس وصف یعنی خدا تعالیٰ پر جھوٹ باندھنے کی خدا تعالیٰ اُن کو عنقریب سزا دے گا اور وہ علیم ہے کوئی بات اُس سے مخفی نہیں حکیم۔ مہلت کسی مصلحت سے دے رکھی ہے۔ ان ناپاک باتوں میں سب سے بڑی بات اولاد کا قتل کرنا ہے پیشتر رد کرتا ہے قد خسر الذین قتلوا اولادہم الخ اور بعدہٗ ان چیزوں کا از خود حرام کرلینا تھا اس کی نسبت فرماتا ہے وحرموا مارزقہم اللہ اور یہ فعل اُن کا خدا تعالیٰ پر محض افتراء ہے اُس نے تو نہیں فرمایا اور خود اُن میں اس بات کی عقل نہیں قد ضلوا اور نہ اس بات کی قابلیت ہے وما کانوا مہتدین۔ وہو الذی انشأ جنّٰت الخ یہاں سے لے کر انیسویں رکوع[19] تک کھیتی اور مواشی کا اپنی رحمت و انعام سے پیدا کرنا اور بندوں کے لئے حلال ہونا ایسے عمدہ طور سے بیان فرماتا ہے کہ جس سے بُتوں کے مقابلہ میں خاص اللہ تعالیٰ کا ہی خالق الاشیاء ہونا اپنے بندوں کے فوائد کے لئے اُن چیزوں کا حلال و مباح کردینا ثابت ہوتا ہے۔

طریقِ اوّل ہو الذی سے لے کر لا یحب المسرفین تک یعنی ہر قسم کے باغ اور سب نباتات اللہ تعالیٰ کے پیدا کئے ہوئے ہیں سو تم شوق سے اُن کو کھاؤ کلوا من ثمرہ۔ البتہ دو[2] باتوں کی پابندی کرنی چاہیئے ایک تو واٰتوا حقہ یوم حصادہ، اس میں علماء کے تین قول ہیں اوّل ابن عباس رض وعطاء رح و ابن عمر رض و مجاہد رح و سعید رح وغیرہم کا کہ اس حق ادا کرنے سے مراد زکوٰۃ یعنے عُشر دسواں حصّہ یا چالیسواں حصّہ ہے اس کو بقدرِ امکان کٹنے کے روز ادا کرے ورنہ بعد میں۔ اور حصاد کھیتی اور پھلوں کے کٹنے کو کہتے ہیں اور گو مدینہ طیّبہ میں آکر دوسرے برس آیتِ زکوٰۃ نازل ہوئی مگر اس سے قبل واجب ہونا خصوصاً کھیتی و ثمار میں کچھ تعجّب نہیں اور ممکن ہے کہ یہ آیت بھی مدنیّہ ہو

---

[1] حجر بالکسر بمعنے المنع اور عقل کو بھی اسی لئے حجر کہتے ہیں کہ وہ قبائح سے منع کرتی ہے اور اسی لئے قاضی کے حکم امتناعی کو حجر کہتے ہیں اس سے مراد حرام کہ اور لوگ اس کے کھانے سے ممنوع کئے گئے تھے۔ حسن و قتادہ رح نے حُجر بضم الحاء بھی پڑھا ہی ۱۲ منہ

[2] اس میں اس طرف بھی اشارہ ہے کہ کسی چیز کا حلال یا حرام کرنا علّتِ مصلحت پر مبنی ہے سو یہ بات تو اللہ تعالیٰ ہی کا حصّہ ہے کیونکہ وہ علیم ہے نہ کہ یہ حمقاء عرب پھر ان کو حرام و حلال کرنے کا کیا منصب ہے ۱۲ منہ

عہ فطرت سلیمہ ملت اسماعیلیہ ... ۱۲ منہ

Marfat.com

امام ابوحنیفہ رح کے نزدیک اس آیت سے جس طرح ہر قسم کی پیداوار زمین کے عشر واجب ہے بلا قید زرع اسی طرح ہر مقدار پر بھی بلا قید خمسۃ اوسق عشر واجب ہے۔ جمہور پانچ وسق میں عشر کہتے ہیں۔ دوسرا علی بن حسین وعطاء و مجاہد و حماد کا قول، وہ یہ کہ علاوہ عشر و نصف عشر کے کٹنے کے روز جو غرباء و مساکین کھیت اور باغ میں آجاتے ہیں کچھ اُن کو بھی دینا چاہیئے کیونکہ زکوٰۃ تو مدینہ میں فرض ہوئی اور یہ آیت مکیہ ہے (اور یہی قوی ہے)۔ تیسرا قول سعید بن جبیر رح وغیرہ کا ہے کہ یہ حکم مکہ مکرمہ میں تھا مگر جب مدینہ طیبہ میں زکوٰۃ عشر یا نصف عشر مقرر ہوگیا تو یہ حکم منسوخ ہوگیا۔ دوسری بات یہ کہ اسراف یعنی فضول خرچی نہ کرو جس میں بتوں کے نام پر یا مصیبت میں دینا آگیا۔ اس کے بعد مواشی کی بابت ذکر فرماتا ہے۔ عرب میں چار قسم کے جانور لوگوں کے پاس زیادہ تھے بھیڑ، بکری، اونٹ، گائے تر اور مادہ ہر ایک کو لیا جاوے تو آٹھ قسم ہوتی ہیں جن کو ثمانیۃ ازواج کہا گیا۔ اب آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے فرماتا ہے کہ ان حمقاء سے پوچھیئے کہ ان میں سے خدا تعالےٰ نے نر کو حرام کیا ہے یا مادہ کو یا پیٹ کے بچہ کو (اما اشتملت علیہ ارحام الانثیین) اور کیا تم اس وقت موجود تھے۔ یا تم سے کہدیا ہے؟ جب یہ نہیں تو پھر کیوں خدا تعالےٰ پر جھوٹ باندھ کر حرام کہتے ہو؟۔

قُلْ لَّآ اَجِدُ فِيْ مَآ اُوْحِيَ اِلَيَّ مُحَرَّمًا

(اے نبی ﷺ ان سے) کہدو جو کچھ میری طرف وحی کیا گیا ہے میں تو اس (قرآن)

عَلٰي طَاعِمٍ يَّطْعَمُهٗٓ اِلَّآ اَنْ يَّكُوْنَ

میں کھانے والے کے لئے کوئی چیز حرام نہیں پاتا مگر مُردار

مَيْتَةً اَوْ دَمًا مَّسْفُوْحًا اَوْ لَحْمَ خِنْزِيْرٍ

یا بہا ہوا خون یا سؤر کا گوشت

فَاِنَّهٗ رِجْسٌ اَوْ فِسْقًا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ

کیونکہ وہ ناپاک ہے یا گناہ کا جانور جو اللہ کے سوا غیر کے نام سے پکارا گیا ہو

لہ چھواروں اور منقے میں تو جمہور کے نزدیک بھی تب کہ پانچ وسق تک پیدا

بِهٖ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ

اس پر بھی جو کوئی لاچار ہی ہوجاوے (اور کچھ کھالے) بشرطیکہ وہ نہ باغی ہو اور نہ حد

فَاِنَّ رَبَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۴۵﴾ وَعَلَى

آپ کا رب معاف کرنے والا مہربان ہے۔ اور یہود پر

الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا كُلَّ ذِيْ ظُفُرٍ ۚ

ہم نے ہر ایک ناخن والا جانور حرام کردیا تھا۔

وَمِنَ الْبَقَرِ وَالْغَنَمِ حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ

اور گائے اور بکریوں کی چربی بھی ان پر حرام کردی

شُحُوْمَهُمَآ اِلَّا مَا حَمَلَتْ ظُهُوْرُهُمَآ اَوِ

تھی مگر وہ چربی جو اُن کی پشت یا انتڑیوں پر لگی ہو یا جو

الْحَوَايَآ اَوْ مَا اخْتَلَطَ بِعَظْمٍ ۭ ذٰلِكَ

ہڈی سے ملی (لپٹی) ہوئی ہو۔ یہ ہم نے ان کو

جَزَيْنٰهُمْ بِبَغْيِهِمْ ۠ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿۱۴۶﴾

ان کی سرکشی کی سزا دی تھی اور ہم سچ کہتے ہیں۔

فَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقُلْ رَّبُّكُمْ ذُوْ رَحْمَةٍ

پھر اگر (اے رسول ﷺ) وہ آپ کو جھٹلاویں تو کہدو کہ تمھارا رب وسیع

وَّاسِعَةٍ ۚ وَلَا يُرَدُّ بَاْسُهٗ عَنِ

رحمت والا ہے (جو عذاب نازل نہیں کرتا) اور گناہ گار لوگوں سے اس کا عذاب

الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۱۴۷﴾

دُور ہونے والا نہیں۔

ترکیب

یطعمہٗ طاعم کی صفت محلاً مجرور الّا ان یکون استثناء ہے جنس سے اس کا موضع نصب ہے ای لا اجد محرّمًا الّا المیتۃ یعنے بالنصب خبر ہے یکون کی اسم الماکول محذوف او دمًا او لحم خنزیر اس پر معطوف اوفسقًا عطف ہے لحم خنزیر پر بعض کہتے ہیں موضع الاان یکون پر معطوف ہے اور فانہ رجس

ہو ۱۲ منہ سلہ یعنے قرآن ۱۲ منہ سلہ یعنی اُس کی رحمت جلد عذاب نازل ہونے سے روکے ہوئے ہے آخر تو عذاب آوے گا ہی جو کسی کے روکے رُکے گا نہیں ۱۲ منہ

سلہ دنبہ بھی اس میں شامل ہے ۱۲ منہ

Marfat.com

فاصل ہے احلّ فسقاً کی صفت ومن البقر معطوف ہے کل پر او الحوایا موضع نصب میں عطفاً علےٰ ما السفح الصب وقیل السیلان ویستعمل لازماً ومتعدیاً والفرق فی المصدر ففتح الاوّل المصدر السفوح وفی الثانی السفح۔ الحوایا الامعاء جمع حاویۃ کضاربۃ وضوارب وقیل جمع حاویاء مثل قاصعاء وقواصع وقیل جمع حویۃ۔

تفسیر

اب دوسرے طریق سے مشرکین کے قول کو ردّ کرتا ہے کہ جو انھوں نے دائرۂ معیشت تنگ کرنے کے لئے بہت سی چیزوں کو ازخود حرام کر رکھا تھا اور جس میں وہ اپنے معبودوں کی خوشنودی سمجھتے تھے وہ یہ کہ حرام کرنا کسی چیز کا خدا تعالےٰ کا کام ہے جو بندوں کی مصلحت پر نظر کرکے بذریعۂ وحی اُس کے حرام ہونے کی نبیؐ کی معرفت خبر دیتا ہے اس لئے یہاں نبیؐ کو فرماتا ہے کہ اُن سے کہدو کہ جو کچھ مجھ پر وحی کیا گیا یعنے قرآن اُس میں تو میں کھانے کی چیزوں میں سے بجز ان چار چیزوں کے اور کوئی حرام نہیں پاتا **اوّل** میتۃ یعنے مُردار اس میں نطیحہ اور متردّیہ اور درندوں کا پھاڑا ہوا اور لٹھ سے مارا ہوا یعنے بغیر ذبح کیا ہوا جانور بھی آگیا کیونکہ ہر ایک مُردار ہے۔ **دوم** دم مسفوح یعنے وہ خون جو بہہ کر جانوروں میں سے نکلتا ہے بوقت ذبح یا زخم یا کاٹنے سے۔ اور وہ خون جو گوشت کے ساتھ لگا ہوتا ہے یا جما ہوا جسم میں ہوتا ہے جیسا کہ تلّی اور کلیجی وہ حرام نہیں اس لئے اُس کو حضرت علیہ السّلام نے مستثنیٰ کر دیا جیسا کہ میتۃ سے مچھلی اور ٹڈی کو مستثنیٰ کر دیا۔ **سوم** لحم الخنزیر یعنی سُور کا گوشت۔ اب اُن کے حرام ہونے کی وجہ بیان فرماتا ہے فانہ رجس کہ یہ ناپاک ہے یعنی علّتِ حُرمت ناپاکی ہے جس سے پیغمبر علیہ السّلام نے اور بھی ناپاک جانوروں اور ناپاک چیزوں کو جو اس آیت میں مخفی تھیں ظاہر کر دیا۔ جانور ہزاروں ہیں کس کس کے نام لئے جاتے عام قاعدہ بتلا دیا کہ پرندوں میں جو چونچ اور چنگل سے شکار کرے اور صحرائی جانوروں میں جو درندہ ہو جس کی کچلیاں ہوں شیر، کتّا، بھیڑیا، گیدڑ وغیرہ اور اسی طرح ناپاک چیزوں میں گوہ، مُوت، شراب، داخل ہیں کیونکہ اس کو تو بالتخصیص قرآن میں ناپاک کہا ہے **چہارم** فسق یعنے وہ قربانیاں جو بُتوں کے نام سے ذبح کی جاویں۔ اس کے بعد مدینہ طیّبہ میں سورۂ مائدہ نازل ہوئی اس میں موقوذہ ومتردّیہ ونطیحہ کی حُرمت آگئی۔ حاصل کلام یہ ہے کہ اگر عموم کھانے کی چیزوں کی نسبت ہے تو اس کے بعد جو کچھ کتاب وسُنّت سے حرام ہو وہ بھی اس میں داخل ہے مگر بوقتِ اضطرار اُن کی بھی رخصت ہے فمن اضطر الخ۔ اس کے بعد یہ بات بتلاتا ہے کہ ہم نے یہود پر بھی ذی ظفر یعنی ناخن چری ہوئی چیزیں اور گائے بکری کی چربی حرام کر دی تھی اس کی تشریح پہلے ہو چکی۔ پھر فرماتا ہے کہ اگر وہ تیری تکذیب کریں اور عذاب کے خواستگار ہوں تو کہدو کہ وہ بڑا رحیم وحلیم ہے جلد باز نہیں مگر جب اس کا عذاب آتا ہے تو کوئی روک بھی نہیں سکتا۔

ابحاث

(۱) قل لا اجد الخ، یہ سورہ مکیہ ہے اس میں حصر کر دیا کہ کھانے پینے کی چیزیں جو شریعتِ محمدیہ علےٰ صاحبہا الصّلوٰۃ والسّلام میں حرام ہیں صرف یہی چار چیز ہیں پھر اسی بات کی متعدد مقاموں میں تاکید بھی کر دی چنانچہ سورۂ نحل میں فرماتا ہے انّما حرّم علیکم المیتۃ والدم ولحم الخنزیر وما اہلّ لغیر اللّٰہ بہٖ فمن اضطر غیر باغ ولا عاد فانّ اللّٰہ غفور رحیم اور کلمۂ انما حصر کے لئے آتا ہے ان دونوں مکّی سورتوں سے بھی صرف چار چیزوں کا حرام ہونا ثابت ہوا اور سورۂ بقرہ میں فرمایا انما حرم علیکم المیتۃ و

۱؎ یعنے کچھ تمہاری خصوصیت نہیں ہمیشہ سے مصلحتِ آلٰہیہ بندوں کو بعض مضرّ چیزوں سے جن کی مضرّت خواہ جسمانی ہو خواہ اخلاقی ہو روکتی رہی اشیائے مذکورہ بالا میں اخلاقی اور جسمانی مضرّت ہے اور نفس سرکش جو خواہشوں کے مرض میں گرفتار ہے اس کے لئے پرہیز ضروری ہے۔ حکیم روحانی کا یہ اہم کام ہے ۱۲ منہ

Marfat.com

الدم ولحم الخنزیر وما اہل لغیر اللہ بہ اور سورۂ مائدہ میں بھی فرمایا ہے احلت لکم بہیمۃ الانعام الا ما یتلی علیکم اور تمام مفسرین کا اتفاق ہے کہ یتلی سے مراد وہ ہے جو بعد میں فرمایا ہے اعنی حرمت علیکم المیتۃ والدم ولحم الخنزیر وما اہل بہ لغیر اللہ والمنخنقۃ والموقوذۃ والمتردیۃ والنطیحۃ وما اکل السبع الا ما ذکیتم۔ اور سورۂ مائدہ اور بقرہ مدینہ طیبہ میں نازل ہوئی ہیں ان سے بھی صرف انھیں چاروں چیزوں کی حرمت پائی جاتی ہے کیونکہ منخنقہ وغیرہا میتہ میں داخل ہیں جیسا کہ اسی کی تفسیر میں بیان ہو اکہ شریعت مصطفویہ میں اوّل سے آخر تک صرف انھیں چار چیزوں کو حرام قرار دیا ہے یہاں ایک شبہ پیدا ہوتا ہے کہ اگر یہی چار چیزیں حرام ہوں اور انھیں میں حصر ہو جائے تو نجاسات وقاذورات گوبر، موت اور شراب اور گھر کا پلا ہوا گدھا اور کتا اور تمام درند پرند وچرند اور دیگر وہ چیزیں جو کتب فقہ واحادیث میں حرام لکھی ہیں حلال سمجھی جاویں حالانکہ وہ اہل اسلام کے نزدیک حرام متصور ہوتی ہیں۔ اس کا **جواب** یہ ہے کہ اگرچہ یہ چار چیزیں حرام قرآن میں کی گئی مگر ان چاروں چیزوں کے ضمن میں اور چیزیں بھی ہیں جو انھیں چاروں سے سمجھی جاتی ہیں خواہ اُن کو پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے سمجھا اور اس کی تشریح فرمائی مثلاً انھیں آیات میں جو سور کو حرام کیا تو اس کی وجہ یہ فرمائی کہ فانہ رجس یہ ناپاک ہے بس اس ناپاکی کو کتے اور دیگر درندوں میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے دیکھ کر ہر ذی ناب اور ہر ذی مخلب کو بھی خنزیر کے ساتھ ملحق کر دیا اور اسی طرح شراب کو بھی نجس قرآن میں کہا ہے اور اسی وجہ سے قرآن میں اس کی نسبت فاجتنبوہ آگیا کہ اس سے بچو۔ الغرض نجاسات کو حرام کیا اور بطور نمونہ کے خنزیر کا ذکر کر دیا کیونکہ اس میں زیادہ نجاست ہے اور نیز عرب کی قومیں اس کا استعمال کرتی تھیں اور اسی طرح خون بھی نجاست کا دوسرے طور سے نمونہ ہے اور کلیۃً اس لئے ایک آیت میں یحل لہم الطیبات ویحرم علیہم الخبائث

بیان کر دیا جس طرح کہ منخنقہ اور متردیہ اور نطیحہ میتہ کے اقسام ہیں خواہ علماء صحابہ رض وتابعین رح ومن بعدہم مجتہدین نے سمجھ کر اُن کی تشریح کی ہو یا خود پیغمبر علیہ السلام نے خلاصہ یہ کہ یہ چار چیزیں اور بہت سی ناپاک چیزوں کا نمونہ ہیں کیونکہ علت نجاست بیان ہوتی ہے عام ہے کہ نجاست ظاہری ہو یا باطنی۔

(۲) وعلی الذین ہادوا حرمنا کل ذی ظفر میں علماء نے کلام کیا ہے۔ ابن عباس رض کہتے ہیں کہ اس سے اونٹ مراد ہے چنانچہ توریت کتاب احبار باب ۱۱ میں یہ عبارت ہے "مگر اُن میں سے جو جگالی کرتے ہیں یا کھُر اُن کے چرے ہوتے ہیں اُن کو نہ کھاؤ جیسا کہ اونٹ جگالی کرتا ہے پھر کھُر اُس کا چرا ہوا نہیں ہوتا سو وہ ناپاک ہے تمھارے لئے خرگوش الخ اور سافن اور سوّر الخ اور سب چار پائے جن کے کھُر دو حصّے ہوں پر پاؤں چرے ہوتے نہ ہوں اور نہ جگالی کرتے ہوں وہ ناپاک ہیں تمھارے لئے جو اُن کو چھوئے گا ناپاک ہوگا" چربی کی بابت بھی ایسا ہی لکھا ہے۔

سَيَقُولُ الَّذِينَ أَشْرَكُوا لَوْ شَاءَ اللَّهُ

مشرک ابھی کہنے لگیں گے کہ اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو نہ ہم شرک کرتے

مَا أَشْرَكْنَا وَلَا آبَاؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا

نہ ہمارے باپ دادا اور نہ ہم از خود کوئی چیز حرام

مِنْ شَيْءٍ ۚ كَذَٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِينَ

کرتے۔ اسی طرح ان سے پہلوں نے جھٹلایا

مِن قَبْلِهِمْ حَتَّىٰ ذَاقُوا بَأْسَنَا ۗ قُلْ

تھا یہاں تک کہ انھوں نے ہمارے عذاب کا مزہ چکھ لیا۔ (اے نبی ان سے) کہو

هَلْ عِندَكُم مِّنْ عِلْمٍ فَتُخْرِجُوهُ لَنَا ۖ

تمھارے پاس کچھ علم ہو (کتابی سند) تو اس کو ہمارے روبرو نکال کر لاؤ۔

إِن تَتَّبِعُونَ إِلَّا الظَّنَّ وَإِنْ أَنتُمْ

تم تو محض خیال کی پیروی کرتے ہو اور تم تو صرف اٹکلیں

Marfat.com

إِلَّا تَخْرُصُونَ ﴿۱۴۸﴾ قُلْ فَلِلَّهِ الْحُجَّةُ
دوڑاتے ہو۔ (ان سے کہدیجئے) پس اللہ تعالیٰ ہی کی دلیل قوی
الْبَالِغَةُ ۚ فَلَوْ شَاءَ لَهَدَاكُمْ أَجْمَعِينَ ﴿۱۴۹﴾
ہے پھر اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو تم سب کو ہدایت دیتا۔
قُلْ هَلُمَّ شُهَدَاءَكُمُ الَّذِينَ يَشْهَدُونَ
(یہ بھی ان سے) کہو تم اپنے ان گواہوں کو تو لاؤ جو تمہارے سامنے یہ گواہی دیں کہ اس بات کی
أَنَّ اللَّهَ حَرَّمَ هَٰذَا ۚ فَإِن شَهِدُوا
گواہی دیں کہ اللہ تعالیٰ نے (چیزیں) حرام کر دی ہیں۔ پھر اگر وہ گواہی دیں تو ان کے
فَلَا تَشْهَدْ مَعَهُمْ ۚ وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَاءَ
ساتھ آپ گواہی نہ دیں اور نہ آپ ان لوگوں کی خواہشوں پر چلیں
الَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا وَالَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ
کہ جنھوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا اور نہ وہ آخرت پر یقین کرتے
بِالْآخِرَةِ وَهُم بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُونَ ﴿۱۵۰﴾ ع
اور وہ اپنے رب کے برابر (اوروں کو) کرتے ہیں۔

ترکیب

ولا آباؤنا عطف ہے ضمیر پر جو اشرکنا میں ہے اور نحن کلمۂ تاکید قائم مقام کلمۂ لا کے جو اس مقصد فصل کو پورا کر رہا ہے ثم اسم فعل شہداءکم اس کا مفعول الذین موصول وصلہ اس کی صفت فان شہدوا شرط فلا تشہد جواب۔

تفسیر

ایسے جاہلوں کی ایک یہ بھی عادت ہے کہ وہ جب حجت میں

ف یعنے تمہارے پاس کوئی علمی سند ہو تو لاؤ پھر جب لا نہ سکے تو اللہ ہی کی دلیل غالب رہی ۱۲ منہ ف مشیت اور رضا میں فرق ہوتا ہے۔ دنیا میں بھی اس کی بہت مثالیں ہیں ہم بسا اوقات کسی وجہ خاص سے کوئی مکان گرانا یا گھر میں آگ لگانا یا کسی کو کچھ دینا چاہتے ہیں مگر مرضی کے خلاف۔ اسی طرح مرضیٔ الٰہی بھی ہے کہ سب نیک رستے پر چلیں جو حضرات انبیاء علیہم السلام کے وسیلہ سے دنیا میں بتایا گیا مگر انتظام

مغلوب اور ایسے افعال ذمیمہ کے ارتکاب پر ملزم کئے جاتے ہیں تو لاچار ہو کر یہ جواب دیا کرتے ہیں کہ اگر خدا تعالیٰ کو یہ بات پسند نہ ہوتی تو وہ نہ ہم سے سرزد ہونے دیتا نہ ہمارے باپ دادا سے کہ جن کی تقلید ہم کرتے آئے ہیں اس سے ثابت ہوا کہ خدا تعالیٰ کو یہ کام پسند ہے۔ اسی طرح مکہ کے کافروں نے کہا۔ سو اس بیہودہ عذر اور باطل حجت کو رد کرنے کے لئے قبل ان کے کہنے کے خود خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ عنقریب وہ ایسا کہیں گے کہ اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو ہم اور ہمارے باپ دادا نہ شرک کرتے نہ کسی چیز کو از خود حرام کرتے۔ اس کے رد میں فرماتا ہے کہ یہ تو انبیاءؑ کی تکذیب ہے جو وہ بذریعۂ الہام الٰہی ان افعال کو منع کرتے ہیں۔ سو یہ تکذیب انھیں پر موقوف نہیں اُن سے پہلے لوگ یونہی انبیاءؑ کی تکذیب کرتے چلے آتے ہیں یہاں تک کہ انھوں نے ہمارے عذاب کا مزہ چکھ لیا۔ پھر اس عذر کو دوسری طرح سے رد کرتا ہے کہ بتلاؤ تمہارے پاس اس بات کی دلیل ہے کہ خدا تعالیٰ تمہاری ان باتوں سے خوش ہے ہل عندکم من علم بلکہ کوئی سند نہیں صرف تم قیاس لڑاتے ہو۔ اس کے بعد اُن کو اس مشیت الٰہی کے بارے میں تحقیقی جواب دیتا ہے مگر پہلے بطور تمہید کے یہ فرماتا ہے للہ الحجۃ البالغۃ کہ خدا تعالیٰ کی دلیل اور حجت قوی اور پوری ہے۔ اور وہ جواب یہ ہے کہ دُنیا میں جس طرح بندے کو قضاء و قدر نے اپنے ازلی نوشتہ کا تابع کر رکھا ہے اسی طرح کچھ اختیار بھی دے رکھا ہے جس کو موقع پر استعمال میں نہ لانے سے بندے کو الزام دیا جاتا ہے یہ ہے حجت بالغہ اس لئے بہت سے لوگ دنیا میں برخلاف کرتے ہیں اور تقدیر الٰہی میں اُن کا جہنمی ہونا بھی لکھا ہے سو وہ اس لئے یہ افعال اُن کے اختیار کی وجہ سے اُن سے سرزد

عالم اور نوشتۂ ازلی سے چاہا بھی جاتا ہے کہ یہ گمراہ ہی رہیں اس نازک مسئلہ کو اب تک بھی روشن دماغ عمدہ طور سے بغیر غور و تامل نہیں سمجھ سکتے چہ جائیکہ مکہ کے جاہل بُت پرست مگر جب حجت میں عاجز ہو جاتے اور قائل ہونا پڑتا تو دھاندلی کرنے کے لئے یہ مسئلہ مشیت رضاء کا اُڑاتے جس کا جواب ان آیات میں دیا گیا ۱۲ منہ

Marfat.com

ہونے دیتا ہے تاکہ دنیا میں ہدایت یافتہ اور گمراہوں میں امتیاز رہے اس سے کچھ اُس کی خوشنودی اور رضامندی نہیں سمجھی جاتی ہاں اگر ہم چاہتے تو سب کو ہدایت دیتے فلوشاء لہدٰکم اجمعین یا یوں کہو کہ یہ تو قطعاً معلوم ہے کہ دنیا میں سب ہدایت پر نہیں کچھ گمراہ بھی ہیں پھر اُن گمراہوں کے افعال ذمیمہ کیونکر موافق مرضیٔ الٰہی سمجھے جاویں گے ؛ ہاں یہ ضرور ہے کہ وہ گمراہی اُسی کی مشیت ازلی سے ہے اگر چاہتا تو نہ ہوتی۔ پھر اُن کو اُن کے خیال پر اور بھی قائل کرتا ہے کہ اچھا تمہارا اس بات پر کوئی گواہ ہے کہ خدا تعالےٰ نے اُن بحیرہ وغیرہا چیزوں کو حرام کیا ہے ؛ فرماتا ہے کہ اگر کوئی گواہی بھی دے تو اے نبیؐ تم اُن کے ساتھ گواہی نہ دینا وہ قطعاً جھوٹے اور بدعقل ہیں اور اُن کی خواہشوں پر نہ چلنا جھوٹا ہونا تو اس لئے کہ کذبوا بآیاتنا اور بدعقل ہونا اس لئے کہ لایؤمنون بالآخرۃ الخ۔

قُلْ تَعَالَوْا أَتْلُ مَا حَرَّمَ رَبُّكُمْ عَلَيْكُمْ ۖ
(اور ان سے) کہو ادھر آؤ میں تمھیں وہ چیزیں سُنادوں جو تمھارے رب نے تم پر حرام کی ہیں

أَلَّا تُشْرِكُوا بِهِ شَيْئًا ۖ وَبِالْوَالِدَيْنِ
وہ یہ کہ اللہ تعالیٰ کا کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ اور ماں باپ کے ساتھ سلوک

إِحْسَانًا ۖ وَلَا تَقْتُلُوا أَوْلَادَكُمْ مِنْ
کرو۔ اور نہ تنگدستی کے ڈر سے اپنی اولاد کو قتل

إِمْلَاقٍ ۖ نَحْنُ نَرْزُقُكُمْ وَإِيَّاهُمْ ۖ وَ
کرو۔ ہم تم کو بھی روزی دیا کرتے ہیں اور اُن کو بھی اور

لَا تَقْرَبُوا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَ
نہ کسی بے حیائی کے پاس جاؤ خواہ ظاہر ہو خواہ

مَا بَطَنَ ۖ وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ
پوشیدہ۔ اور نہ اُس جان کو قتل کرو کہ جس کو اللہ تعالیٰ نے حرام کر دیا ہے

اللَّهُ إِلَّا بِالْحَقِّ ۚ ذَٰلِكُمْ وَصَّاكُمْ بِهِ
مگر حق پر۔ یہ ہے جس کا اللہ تعالےٰ نے تم کو حکم دیا

لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ ﴿١٥١﴾ وَلَا تَقْرَبُوا مَالَ
تاکہ تم سمجھو۔ اور یتیم کے مال کے پاس

الْيَتِيمِ إِلَّا بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ حَتَّىٰ يَبْلُغَ
جاؤ مگر اُس طریقے سے جو بہتر ہو جب تک کہ وہ اپنی جوانی کو نہ

أَشُدَّهُ ۚ وَأَوْفُوا الْكَيْلَ وَالْمِيزَانَ
پہنچے۔ اور انصاف کے ساتھ ناپ اور تول پورا

بِالْقِسْطِ ۖ لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا ۖ
کیا کرو۔ ہم کسی کو اُس کی طاقت سے زیادہ حکم ہی نہیں دیتے۔

وَإِذَا قُلْتُمْ فَاعْدِلُوا وَلَوْ كَانَ ذَا قُرْبَىٰ ۖ
اور جب کوئی بات کہو تو انصاف کرو اگرچہ کوئی قرابت دار ہی کیوں نہ ہو

وَبِعَهْدِ اللَّهِ أَوْفُوا ۚ ذَٰلِكُمْ وَصَّاكُمْ
اور اللہ تعالےٰ کے عہد کو پورا کرو۔ یہ ہے جس کا اللہ تعالےٰ نے تمھیں

بِهِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ ﴿١٥٢﴾ وَأَنَّ هَٰذَا
حکم دیا تاکہ تم یاد رکھو۔ اور یہ بھی کہ میرا

صِرَاطِي مُسْتَقِيمًا فَاتَّبِعُوهُ ۖ وَلَا تَتَّبِعُوا
یہی سیدھا راستہ ہے۔ سو اسی پر چلو۔ اور دوسرے

السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِكُمْ عَن سَبِيلِهِ ۚ
رستوں پر نہ چلنا کہ یہ رستے تم کو اُس کے رستہ سے (بھٹکا کر) پریشان کر دیں گے۔

ذَٰلِكُمْ وَصَّاكُم بِهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ﴿١٥٣﴾
یہ ہے جس کی اُس نے تم سے تاکید کی ہے تاکہ تم پرہیزگاری اختیار کرو۔

ترکیب

ما بمعنے الذی اور عائد محذوف ای ما حرمہ، اور مصدریہ بھی ہو سکتا ہے ان لاتشرکوا ان مفسرہ اور لا نہی کے لئے اور مصدریہ بھی ہو سکتا ہے تب لا زائد ہوگا لے حرم ربکم ان تشرکوا اور جملہ محل نصب میں ہوگا ما مخذوف سے بدل ہو کر

لہ بے حیائی، زنا اور اس کے دواعی ناچ رنگ شہوت انگیز قصے اور اشعار گانا گلوچ، ننگی تصاویر رکھنا دیکھنا یا خلوۃ کی باتیں سُننا، فحش بکنا۔ اس میں ظاہر بے حیائی ہے اور باطن دل میں بُرے خیالات کو جگہ دینا تصوراتِ فاسدہ اور شہوت انگیز سے لذت اٹھانا، ان سب سے بچنا چاہیئے کس لئے کہ یہ روح کو تاریک کرتی ہیں اور جس سے دنیا میں فساد اور فتنہ اور صدہا آفتیں برپا ہوتی ہیں ۱۲ منہ

Marfat.com

ماظہر، ومابطن فواحش سے بدل الاشتمال ہیں منہا موضع حال میں ہے۔ ذٰلکم مبتدا وصّاکم بہ خبر وان ہٰذا معطوف ہے ماحرّم پر لے واتلوا علیکم ان ہٰذا الخ جملہ محلاً منصوب فتفرق جواب نہی بکم موضع مفعول میں ہے۔

تفسیر

کھانے پینے کی چیزیں جو خدا تعالےٰ نے حرام کی ہیں اُن کو بیان فرما کر اب دوسرے طور پر اُن کی حرام کی ہوئی چیزوں پر تعریض کرتا ہے کہ اے نبی ﷺ ان سے کہو کہ آؤ تمھیں میں بتاؤں کہ خدا تعالےٰ نے تم پر کیا کیا چیزیں حرام کی ہیں یعنے حرام اور قابلِ رعایت تو یہ باتیں ہیں کہ جن میں معاد اور معاش کی صدہا حکمتیں اور ہزارہا بھلائیاں رکھی ہوئی ہیں۔ سو وہ تو باتیں ہیں جن کو بالترتیب ذکر فرماتا ہے (۱) الا تشرکوا الخ کہ خدا تعالےٰ کے ساتھ کسی چیز کو بھی شریک نہ کرو چونکہ عرب کی جاہل قومیں کہیں تو بتوں کو اور کہیں ستاروں کو اور کہیں جنّوں کو اور کہیں ارواحِ انبیاء و صلحاء کو خدائی اختیارات میں دخیل و حصّہ دار جانتی تھیں اور ان کو نافع وضارّ سمجھ کر پکارتی منّتیں مانتی تھیں یہ اُن کا شرک تھا۔ اس میں ہر قسم کے شرک کا اور ہر فرقہ کا رد ہے (۲) بالوالدین احساناً ماں باپ کے ساتھ نیکی کرو۔ خدا تعالےٰ کے بعد ماں باپ کا حق ہے (۳) اپنی اولاد کو قتل نہ کرو۔ عرب میں فقر و فاقہ کے خوف سے اولاد کو مار ڈالا کرتے تھے کہ اُن کے لئے کمانے کو کہاں سے لاویں گے۔ اور بیٹیوں کو زندہ زمین میں دفن کر دیتے تھے کہ اُس کا بیاہ شادی کیونکر کریں گے اور بیٹا کو ایک مصیبتِ ذات سمجھتے تھے اس لئے فرمایا کہ روزی کی تمھیں کیا فکر ہے ہم تمھیں اور ان کو بھی روزی دیتے ہیں اور اولاد کو بے تربیت چھوڑنا دینی و دُنیاوی مصالح کی تعلیم سے غافل رکھنا بھی مار ڈالنا ہے۔ ماں باپ کے بعد اولاد کا حق تھا اس لئے اس کے بعد اس کو ذکر کیا۔ (۴) فحش کام نہ کرو خواہ خفیہ ہوں خواہ ظاہر، اس میں زنا اور ناج گالی گلوچ وغیرہ سب آگئے (۵) جس جان کا مارنا خدا تعالےٰ نے منع کیا ہے اُسے نہ مارو یعنی ناحق خون نہ کرو۔ (۶) یتیم کا مال بغیر کسی وجہ شرعی کے نہ کھاؤ (۷) ناپ تول میں کمی نہ کرو (۸) جب کوئی بات کہو تو انصاف سے کہو خواہ اُس میں کوئی قرابت دار ہی کیوں نہ ہو یا غیر (۹) اللہ تعالیٰ کے عہد کو پورا کرو۔ توحید کا قائم رکھنا، رسالت کا اقرار اور ظاہراً و باطناً خدا تعالےٰ سے خوف کرنا۔ تہذیب اخلاق اور سیاست ملک اور تدبیر المنزل کے تمام اصل الاصول یہ ہیں۔ اس کے بعد فرماتا ہے کہ اس کی تمھیں خدا تعالےٰ نے وصیّت کی ہے اور دارالسّلام کا یہی سیدھا رستہ ہے اِدھر اُدھر نہ جاؤ ورنہ بہک جاؤ گے۔

ثُمَّ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ تَمَامًا عَلَى

پھر (سنو) ہم نے موسیٰ کو کتاب دی تھی تاکہ جو نیک ہے

الَّذِيْٓ اَحْسَنَ وَتَفْصِيْلًا لِّكُلِّ شَيْءٍ

اس کی تکمیل ہو جائے اور ہر ایک چیز کی تفصیل

وَّهُدًى وَّرَحْمَةً لَّعَلَّهُمْ بِلِقَآءِ رَبِّهِمْ

و ہدایت و رحمت ہو جائے تاکہ وہ اپنے رب کے ملنے پر ایمان

يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۵۴﴾ وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ

لائیں۔ اور یہ (قرآن) کتاب مبارک بھی ہم نے نازل

مُبٰرَكٌ فَاتَّبِعُوْهُ وَاتَّقُوْا لَعَلَّكُمْ

فرمائی ہے سو اس پر چلو اور پرہیزگاری کرو تاکہ تم پر رحم

تُرْحَمُوْنَ ﴿۱۵۵﴾ اَنْ تَقُوْلُوْٓا اِنَّمَآ اُنْزِلَ

کیا جائے۔ تاکہ تم نہ کہنے لگو کہ کتاب تو ہم سے پہلے

الْكِتٰبُ عَلٰى طَآئِفَتَيْنِ مِنْ قَبْلِنَا وَ

صرف دو قوموں پر نازل ہوئی تھی۔ اور

اِنْ كُنَّا عَنْ دِرَاسَتِهِمْ لَغٰفِلِيْنَ ﴿۱۵۶﴾

ہم تو ان کے پڑھنے پڑھانے سے بے خبر ہی رہے۔

اَوْ تَقُوْلُوْا لَوْ اَنَّآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا الْكِتٰبُ

یا یوں کہنے لگو کہ اگر ہم پر بھی کتاب نازل ہوتی تو ہم اُن سے

لہ یہود و نصاریٰ پر توریت و انجیل آئی اور ہم پر کوئی نہیں آئی ۱۲ منہ

Marfat.com

كُنَّا أَهْدَىٰ مِنْهُمْ ۚ فَقَدْ جَاءَكُمْ

زیادہ ہدایت پر ہو جاتے۔ لو تمہارے پاس بھی

بَيِّنَةٌ مِّن رَّبِّكُمْ وَهُدًى وَرَحْمَةٌ

تمہارے رب کے ہاں سے دلیل اور ہدایت اور رحمت آ چکی۔

فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّن كَذَّبَ بِآيَاتِ اللَّهِ

پھر اس سے بڑھ کر کون ظالم ہوگا جو اللہ تعالےٰ کی آیتیں جھٹلائے

وَصَدَفَ عَنْهَا ۗ سَنَجْزِي الَّذِينَ

اور ان سے کترائے۔ ہم ابھی اپنی آیتوں سے کترانے

يَصْدِفُونَ عَنْ آيَاتِنَا سُوءَ الْعَذَابِ

والوں کو برے عذاب کی سزا دیں گے، اس وجہ سے کہ

بِمَا كَانُوا يَصْدِفُونَ ﴿١٥٧﴾

وہ کترایا کرتے تھے۔

ترکیب

تماماً مفعول لہٗ علی الذی احسن جار متعلق ہے تماماً سے وتفصیلاً الخ تماماً پر معطوف ہذا مبتدا کتاب خبر ان تقولوا اے کراہۃ ان تقولوا وان کنا ان مخففہ واسمہا محذوف ای انا اوتقولوا ان تقولوا پر معطوف لوانا شرط لکنا الخ جواب جملہ مفعول تقولوا فمن مبتدا اظلم خبر ممن اس سے متعلق بآیات اللہ کذب کا مفعول۔

تفسیر

یہاں یہ بات بتلاتا ہے کہ ان اشیاء مذکورہ کا حرام کرنا کچھ نئی بات نہیں ہم ہمیشہ انبیاءؑ کی معرفت لوگوں کو اچھی بری باتوں سے خبر دیتے رہے ہیں۔ چنانچہ ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو ایک کتاب دی تھی یعنی توراۃ (یہاں سے صاف معلوم ہوا کہ جو کتاب بنام نہاد توراۃ موسیٰؑ کے بعد لوگوں نے جمع کی وہ ہرگز توراۃ نہیں جیسا کہ آج کل اہل کتاب کے پاس ایک مجموعہ توراۃ کہلاتا ہے) جو نیکوں کے لئے ناتمام نہ تھی بلکہ اور اس میں دینی باتیں سب تھیں اور اخلاق کی تعلیم میں ہدایت اور رحمت تھی تاکہ لوگوں کو خدا تعالےٰ کے پاس جانے کا اُس کتاب سے یقین ہو جائے اُس میں بھی اس قسم کے احکام تھے خصوصاً احکام عشرہ کہ جن میں سے سبت کی تعظیم نکال دی جائے تو یہی نو حکم رہ جاتے ہیں کو عنوان کا فرق ہے۔ تم تو اخی بیان کے لئے ہے یہ مراد نہیں کہ فلاں فلاں چیزیں حرام کر کے ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو توراۃ دی تھی بلکہ یہ مراد کہ اُن کے بیان کے بعد یہ کہتا ہوں کہ موسیٰ علیہ السلام کو ایسی کتاب دی تھی۔ عرب کا یہود و نصاریٰ سے مدت سے میل جول تھا اُن سے توریت وانجیل کا حال سُن کر دل میں آرزو کیا کرتے تھے کہ کاش ہم پر کوئی کتاب نبیؐ کی معرفت آتی تو ہم اُن سے بھی زیادہ ہدایت پر ہو جاتے اس لئے توراۃ مقدسہ کا ذکر کر کے فرماتا ہے وہٰذا کتاب انزلناہ لو یہ کتاب یعنی قرآن ہم نے نازل کر دیا ہے جو بڑی بابرکت کتاب ہے سو اس پر چلو اور پرہیزگاری اختیار کرو تاکہ تم پر خدا تعالےٰ کی رحمت ہو۔

اور اس کتاب سے تمہارا عذر بھی باقی نہ رہا کہ ہم سے پہلے دو قوموں یہود و نصاریٰ پر کتاب اُتری اور ہم کو بسبب غیر زبان ہونے کے اُن کے مطالب سے خبر نہ ہوتی اور اب اس بات کے کہنے کا موقع بھی نہ رہا کہ اگر ہم پر کتاب نازل ہوتی ہم بہت زیادہ ہدایت قبول کرتے کیونکہ اب تو تمہارے پاس خدا تعالےٰ کی طرف سے بینۃ یعنی دلیل واضح آچکی ہے کہ جس نے حق و باطل کو کھول دیا اور نیز دُنیاوی و دینی تعلیم و ترقی کے لئے یہ کتاب ہدیٰ یعنی سچا ہادی اور برحق مُرشد و رہنما اور عالم قدس کی بادشاہت حاصل کرنے کے لئے رحمت ہے مگر اُن ازلی بدبختوں نے اس کتاب نازل ہونے کے بعد اور سالہا سال کی آرزو حاصل ہونے کے بعد بھی اس کا انکار کیا اور اس سے رُک گئے ایسی صورت میں الزام دیتا ہے کہ بھلا اُس سے زیادہ کون ظالم و بدبخت ہے کہ جو اللہ تعالےٰ کی آیتوں کو جھٹلائے اور اُن سے رُکے حالانکہ اُس نے

Marfat.com

تو بلا غرض تم پر عنایت و رحمت کی ہے پس جو ایسی نعمت کی قدر نہیں کرتے اُن کو عنقریب عذاب پہنچے گا۔

هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ تَاْتِيَهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ

کیا وہ (یہی) انتظار کر رہے ہیں کہ اُن کے پاس فرشتے آویں

اَوْ يَاْتِيَ رَبُّكَ اَوْ يَاْتِيَ بَعْضُ اٰيٰتِ رَبِّكَ ؕ

یا آپ کا رب (آئے) یا اُس کی بعض نشانیاں (قیامت)۔

يَوْمَ يَاْتِيْ بَعْضُ اٰيٰتِ رَبِّكَ لَا يَنْفَعُ

جس دن آپ کے رب کی بعض نشانیاں آجاویں گی تو جو کوئی اس سے پہلے (

نَفْسًا اِيْمَانُهَا لَمْ تَكُنْ اٰمَنَتْ مِنْ قَبْلُ

ایمان نہ لایا تھا یا اپنے ایمان میں کچھ نیکی نہ کی تھی تو اس کا ایمان

اَوْ كَسَبَتْ فِيْٓ اِيْمَانِهَا خَيْرًا ؕ قُلِ انْتَظِرُوْٓا

اُس کو کچھ نفع نہ دے گا۔ (اے رسول! منکرین سے) کہدو (اچھا)

اِنَّا مُنْتَظِرُوْنَ ﴿۱۵۸﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ فَرَّقُوْا

انتظار کرو ہم بھی انتظار کر رہے ہیں۔ (اے رسول!) جنھوں نے اپنے دین میں پھوٹ ڈالی

دِيْنَهُمْ وَكَانُوْا شِيَعًا لَسْتَ مِنْهُمْ فِيْ

اور کئی فرقے بن گئے تو آپ کو اُن کی کسی بات سے (بھی) سروکار

شَيْءٍ ؕ اِنَّمَآ اَمْرُهُمْ اِلَى اللّٰهِ ثُمَّ يُنَبِّئُهُمْ

نہیں۔ اُن کا معاملہ اللہ تعالیٰ کے سپرد ہے پھر وہ اُن کو بتلاتے گا کہ

بِمَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿۱۵۹﴾ مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ

وہ کیا کیا کرتے تھے۔ جو کوئی نیکی کرکے آوے گا تو

فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا ۚ وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ

اُس کا دس گنا بدلہ پاوے گا۔ اور جو کوئی گناہ لے کر آوے گا تو

فَلَا يُجْزٰٓى اِلَّا مِثْلَهَا وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۱۶۰﴾

صرف اتنی ہی سزا پاوے گا اور ان پر (ہرگز) ظلم نہ کیا جاوے گا۔

قُلْ اِنَّنِيْ هَدٰىنِيْ رَبِّيْٓ اِلٰى صِرَاطٍ

(اے رسول! کافروں سے) کہدو میرے رب نے مجھ کو سیدھا رستہ بتادیا

مُّسْتَقِيْمٍ ۚ دِيْنًا قِيَمًا مِّلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ

ہے۔ صحیح مذہب ابراہیم حنیف کا دین

حَنِيْفًا ۚ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۶۱﴾

ہے۔ اور وہ شرک کرنے والوں میں سے نہ تھے۔

قُلْ اِنَّ صَلَاتِيْ وَنُسُكِيْ وَمَحْيَايَ

کہدو میری نماز اور میری قربانی اور میرا جینا

وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶۲﴾ لَا شَرِيْكَ

اور میرا مرنا سب خاص اللہ تعالیٰ ہی کے لئے ہے جو تمام جہان کا مالک ہے۔ جس کا کوئی

لَهٗ ۚ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۱۶۳﴾

(بھی) شریک نہیں۔ اور مجھے یہی حکم ہوا ہے اور میں سب سے اوّل حکم بردار ہوں۔

ترکیب

یوم کا عامل لاینفع ہے نفسًا مفعول ایمانہا فاعل لم تکن الخ او کسبت الخ دونوں جملہ صفت ہیں نفسًا کی خیرًا کسبت کا مفعول لست منہم خبر ان الذین۔ دینًا بدل ہے صراط سے جو معنیً منصوب ہے۔

تفسیر

جب معجزات و آیاتِ بیّنات سے مخالفوں کی ہر طرح کی تسلّی کی گئی تو حید کے مضامین نئے نئے عنوان سے بیان ہوئے عالمِ آخرت اور وہاں کی جزا و سزا کا نقشہ کھینچ دیا گیا مگر اس پر بھی کفار کا نہ ماننا اور اسی قدیم لکیر کا فقیر بنا رہنا حد درجہ کی سیاہ دلی ہے جس کی نسبت آخر کو یہی فرمانا پڑا کہ کیا اب تم اسی بات کے منتظر ہو کہ تمھارے پاس ملائکہ آویں یا خدا تعالیٰ آوے یا اُس کے

ایمان لانا مقبول ہوگا۔ آفتاب کا مغرب سے نکلنا۔ دجّال کا ظاہر ہونا دابّۃ الارض کا نکلنا۔ اہلِ سنّت کا اجماع ہے کہ جب عذاب الٰہی یا عالمِ آخرت کی نشانیاں انسان پر ظاہر ہوتی ہیں تو اُس وقت کسی کی توبہ قبول اور نہ حالتِ نزع کی توبہ قبول ہوتی ہے ۱۲ حقانی

ف جس وقت یہ ہر سہ علامات ظاہر ہو جائیں گی تو نہ تو توبہ قبول ہوگی نہ اُس وقت

Marfat.com

ہاں کی کوئی خاص نشانی آئے جب تم مانو گے پھر جب ایسا وقت آجائے گا تو تمھارا ایمان کچھ بھی فائدہ نہ بخشے گا کیونکہ جو کوئی اس وقت سے پہلے ایمان نہ لایا ہوگا یا اُس نے اپنے ایمان میں آکر کوئی نیکی نہ کی ہو تو ہرگز اس وقت کا ایمان معتبر نہ ہوگا۔ یہاں سے علمائے کرام نے یہ بات ثابت کی ہے کہ جب انسان کو عالم آخرت کے نشان نظر آنے لگیں اور وقت نزع شروع ہوجائے اس وقت کا ایمان ایمانِ یأس کہلاتا ہے معتبر نہ ہوگا۔ ایسا ہی جب کسی قوم پر اُس کے عذاب کے آثار نمودار ہوجاویں جن سے مراد بعض آیاتِ ربک ہیں وہ بھی مقبول نہیں کیونکہ یہ حالت اضطرار و مشاہدہ ہے ایمان بالغیب کا وقت جاتا رہا۔ فرماتا ہے کہ اچھا اُس وقت کا انتظار کرو میں بھی کر رہا ہوں۔ اس کے بعد آنحضرت علیہ السلام کو تسلی بخشتا ہے کہ گو آپؐ کا دل یہی چاہتا ہے کہ یہ ملّتِ ابراہیمیہ و فطرتِ اسلامیہ پر قائم ہوجاویں مگر جس نے کہ اس ملّت کو چھوڑ کر نئے نئے رستے نکالے اور اس میں تفریق کردی جیسا کہ کفّار نے کیا (اس میں ملّتِ اسلام میں نئے فرقے پیدا کرنے کی بھی مذمّت ہے) سو آپؐ پر اُن کا کچھ محاسبہ نہیں خدا تعالےٰ اُن سے آپ سمجھ لے گا۔ پھر وہاں کے محاسبہ اور جزاء کی کیفیت بیان فرماتا ہے کہ جو کوئی ایک نیکی کرے گا تو ہم اپنے فضل و کرم سے دس چند بدلہ دیں گے (عدد مقصود نہیں بلکہ زیادتی مراد ہے) اور جو کوئی بُرائی کرے گا تو اُس کا اسی قدر بدلہ پاوے گا۔ پھر آپؐ کو حکم دیتا ہے کہ اُن کو کہدو میں ملّتِ ابراہیمؑ پر قائم ہوں جو سیدھی راہ ہے جو کہ مشرک نہ تھا جس کو تم بھی مانتے ہو۔ اور میرا مرنا جینا نماز و قربانی سب اُسی کے لئے ہے کہ جس کا کوئی شریک نہیں۔ اور مجھے یہی حکم ہوا ہے اور میں سب سے اوّل اُس کے آگے سر جھکانے والا ہوں۔ ان کلمات سے کیا ہی عشق الٰہی ٹپکتا ہے۔

قُلْ أَغَيْرَ اللَّهِ أَبْغِي رَبًّا وَهُوَ رَبُّ

(اے پیغمبر ان سے) کہدیجئے کیا میں اللہ کے سوا کسی اور رب کو ڈھونڈوں حالانکہ وہ

كُلِّ شَيْءٍ ۗ وَلَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ

ہر چیز کا رب ہے۔ اور جو کوئی برائی کماتا ہے تو اُس کا وبال اُسی پر

إِلَّا عَلَيْهَا ۚ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ

ہے۔ اور کوئی شخص دوسرے کا بوجھ نہ

أُخْرَىٰ ۚ ثُمَّ إِلَىٰ رَبِّكُم مَّرْجِعُكُمْ

اُٹھائے گا۔ پھر تم کو اپنے رب ہی کے پاس جانا ہے

فَيُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ ﴿١٦٤﴾

پھر وہ تم کو وہ بات بتائے گا جس میں تم اختلاف کرتے تھے۔

وَهُوَ الَّذِي جَعَلَكُمْ خَلَائِفَ الْأَرْضِ

اور وہی تو ہے کہ جس نے تم کو زمین کا خلیفہ بنایا

وَرَفَعَ بَعْضَكُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَ

اور تم میں سے ایک کو دوسرے پر بلند مرتبہ کیا

لِّيَبْلُوَكُمْ فِي مَا آتَاكُمْ ۗ إِنَّ رَبَّكَ

تاکہ جو تم کو دیا ہے اس میں تمھارا امتحان کرے۔ آپؐ کا رب جلد عذاب

سَرِيعُ الْعِقَابِ ۖ وَإِنَّهُ لَغَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿١٦٥﴾

کرنے والا ہے۔ اور وہ غفور و رحیم (بھی) ہے۔

ترکیب

قل اغیر اللہ اس کی ترکیب ومن یبتغ غیر الاسلام میں گزر چکی۔ خلائف جمع خلیفۃ مفعول ثانی جعل کا فوق بعض رفع کا ظرف درجات کی ترکیب ترفع درجات میں بیان ہوچکی۔

تفسیر

مشرکین یا تو بتوں کو پوجتے اور اُن سے مدد مانگتے تھے یا ستاروں کو یا جنّوں کو یا ارواحِ انبیاءؑ و اولیاءؒ کو جیسا کہ عیسائی مسیحؑ کو خدا یا خدا کا بیٹا کہتے ہیں یا عناصر کو لیکن ہایں ہمہ سب خدا تعالےٰ کے قائل تھے اور ان چیزوں کو خدا تعالےٰ کی پیدا کی ہوئی چیزیں بھی جانتے تھے اور اب بھی مشرکین کا یہی حال ہے

Marfat.com

اب اُن سب کو ایک ایسی سے ساکت کرتا ہے اور اُس کو اِنَّ صلاتی ونسکی الخ لاشریک لہٗ کے بعد بطور دلیل کے لاتا ہے کہ جس کا کچھ جواب ہی نہیں اور اس عمدہ بیان پر سورہ کو تمام کرتا ہے وہ یہ کہ جب یہ سب چیزیں اُس کی پیدا کی ہوئی ہیں اور وہی سب کا رب اور قاضی الحاجات وقتاً فوقتاً ہے تو کیا اُس کے ساتھ اُس کی مخلوق کو شریک کیا جاوے۔ آقا کے رُتبہ میں نوکر کو اور بادشاہ کی رعیت کو شریک کرنا کس عقل کا کام ہے۔ قل اغیر اللہ ابغی ربّاً وھو ربّ کل شیٔ۔ پھر اُن کے ایک اور شبہ کو دفع کرتا ہے کہ اچھا میں جو تم کو توحید کی طرف بُلاتا ہوں اس میں ذاتی کیا فائدہ ہے اور نہ ماننے میں میرا کیا نقصان ہے؟ کیونکہ جو کوئی بُرائی کرتا ہے تو اپنے لئے کرتا ہے۔ کسی کے گناہ کا بوجھ کوئی نہیں اُٹھاوے گا۔ اس کے بعد ان کو ایک طور سے اطمینان بھی دلاتا ہے اور اس کے ضمن میں شرک کو بھی رد فرماتا ہے کہ آخر کار تم کو خدا تعالیٰ کے پاس جانا ہے۔ میرا جھوٹ سچ وہاں تم کو معلوم ہو جائے گا وہ تم کو تمھارے اختلاف کو بتاوے گا کہ کیا تھا؟ اور وہاں ان معبودوں میں سے کوئی بھی کام نہ آوے گا۔

مکہ مکرّمہ کے دولتمند مُشرک موحّدین مفلسین کو دیکھ کر یہ کہا کرتے تھے کہ دیکھو ہم اپنے معبودوں کی بدولت اس قدر مرفہ الحال ہیں یہ معبود خدا تعالےٰ کی طرف سے کارساز ہیں جس طرح دُنیا میں بادشاہ کا عملہ کارساز ہوتا ہے بغیر اُن کے بادشاہ کچھ نہیں کر سکتا مسلمانوں نے اُن کو چھوڑ دیا اس لئے افلاس و تنگدستی میں گرفتار ہیں (آج کل کے جاہل بھی یہی کہا کرتے ہیں کہ اگر فلاں کی نذر و مَنّت نہ کی جائے تو ہمارے مال و اولاد عزّت و آبرو میں فرق آجائے)۔ اس کے جواب میں فرماتا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہی نے تم کو خلیفہ کیا ہے یعنی ایک مرتا ہے اس کی جگہ دوسرا قائم ہوتا ہے اور انتظامِ دنیا کے لئے مال و جاہ عقل و صورت میں ایسے انقلاب کے وقت مختلف الدّرجات ہونا حکمتِ الٰہیہ کا مقتضےٰ ہے اگر سب دولتمند ہوں یا سب فقیر ہوں یا سب بیمار یا تندرست ہوں تو دنیا قائم نہ رہے اور نیز اُس میں تمھاری آزمایش بھی مقصود ہے کہ دیکھیں نعمتوں کے وقت کون ہماری طرف جُھکتا ہے لیبلوکم فی ما اٰتاکم اور مصائب میں صبر نہ کرے گا تو وہ سریع العقاب ہے اور جو شکر و صبر کرے گا تو انّہٗ لغفور رحیم۔ سو یہ بات اس لئے ہے نہ کہ تمھارے خام خیال کی وجہ سے جعلکم خلائف الارض میں اس طرف بھی اشارہ ہے کہ انبیاءؑ کے بعد محمّد علیہ السّلام اور اُن کی اُمّت سب کی جانشین ہے۔ اور نیز یہ بھی کہ انسانوں میں سے خدا پرست اُس کے خلیفہ ہیں۔ سُبحان اللہ کلام کو کس لُطف کے ساتھ شروع کیا تھا اور وسط میں کس خوبی کے ساتھ ان مقاصد کو ادا کیا اور پھر تمام کس عمدہ دلیل پر کیا، ولہ الحمد۔

سُورۂ اعراف مکّہ میں نازل ہوئی مگر یہ آیت وَسْئَلْهُمْ عَنِ الْقَرْيَةِ الآیہ اس میں دو سو چھ ۲۰۶ آیتیں چوبیس رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع اللہ تعالےٰ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

الٓمّٓصٓ ۚ ① كِتٰبٌ اُنْزِلَ اِلَيْكَ فَلَا يَكُنْ

یہ کتاب آپؐ پر نازل کی گئی ہے سو اس سے آپؐ کے دل میں

فِيْ صَدْرِكَ حَرَجٌ مِّنْهُ لِتُنْذِرَ بِهٖ وَ

تنگی نہ پیدا ہو تاکہ آپؐ اس کتاب سے لوگوں کو متنبّہ کریں اور

ذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ② اِتَّبِعُوْا مَآ اُنْزِلَ

ایمانداروں کو پند حاصل ہو۔ (لوگو!) اُسی پر چلو جو تم پر

اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَلَا تَتَّبِعُوْا مِنْ

تمھارے ربّ کی طرف سے نازل کیا گیا ہے اور اس کے سوا اور معبودوں کی پیروی

دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ③

نہ کرو۔ (لیکن) تم بہت ہی کم سمجھتے ہو۔

وَكَمْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا فَجَآءَهَا

اور ہم کتنی ایک بستیاں غارت کر چکے ہیں کہ جن پر راتوں رات

Marfat.com

بَاْسُنَا بَيَاتًا وَّهُمْ قَآئِلُوْنَ ۝۴ فَمَا
یا وہ پہر کو سوتے ہوئے ہمارا عذاب آ پڑا۔ پھر جب کہ
كَانَ دَعْوٰىهُمْ اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَآ
اُن پر (اچانک) ہمارا عذاب آ پڑا تو یہی پکارنے لگے کہ بے شک
اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ۝۵
ہم ہی زیادتی پر تھے۔

ترکیب

کتاب مبتدا محذوف کی خبر جو ذالک یا ھو ہے۔ اُنزل آخر اُس کی صفت فلایکن لفظوں میں حرج کے لئے نہی ہے اور معنیً مخاطب کے لئے لا تحرج یہ للتنذر کا لام انزل سے متعلق۔ وذکریٰ معطوف ہے کتاب پر اتبعوا سے من ربکم متعلق انزلکم۔ اولیاء مفعول لا تتبعوا کا من دونہ مفعول سے حال کم مبتدا من قریۃ بیان کم اہلکناھا خبر البیات اسم مصدر موضع حال میں ہے۔ بیاتاً لیلاً مصدر وقیع موقع الحال یقال بات بیتًا وبیاتًا۔ قائلون من القیلولۃ وھی النوم فی نصف النہار۔

تفسیر

فیضِ مبدء فیاض جوش زن ہے عرب کی قوتِ روحانی جو عرصہ سے مُردہ ہوگئی تھی آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے قُم باذن اللہ سے حرکت میں آرہی ہے گھر گھر چرچے ہورہے ہیں مکہ میں کھل بلی مچی ہوئی ہے۔ ایذاء وتکالیفِ عُشاقِ الٰہی کا بازار گرم ہے ایسی حالت میں لگاتار ہدایت افزا مضامین کا مدینہ برسانا اور اس سورۃ کا نازل ہونا نفوسِ بشریہ کو حرکت دینا ہے کہ جس میں مبدء ومعاد کی تشریح اور دُنیا کی بے ثباتی اور عالم قدس کے نازونعیم کی دوسری طرح پر عکسی تصویر کھینچی گئی ہو۔ اس لئے فرماتا ہے

المص ان چار حروف میں جو کچھ رموز واسرار نہانی ہیں اُن کو تو وہی عالم الغیوب جانتا ہے۔ یا اُس کا نبی محبوب مگر کتاب انزل الیک سے آنحضرت علیہ السلام کو دعوتِ عامّہ کے لئے اُبھارا جاتا ہے جس کی اتا سنلقی علیک قولا ثقیلاً پہلے سے خبر دی تھی۔ کہ اے نبیؐ! ہم نے آپ پر کتاب یعنی قرآن نازل کیا ہے پس آپؐ اس بات سے دل تنگ نہ ہوں کہ آپؐ اس سے لوگوں کو تنبیہ کریں اور بدکاروں کو ڈراویں اور یہ انذاروں کے لئے اُس سے پند حاصل ہو یعنی اس تبلیغ دعوتِ عامہ میں کچھ دل نہ ہاریئے۔ جب نبیؐ کو تبلیغ دین کا حکم دیا اور قولِ ثقیل سے دل تنگ نہ ہونے کی تاکید کی تو لوگوں کو اُس کی تعمیل پر مامور کیا اتبعوا الخ کہ تاریکی کا زمانہ گیا جس عہد مبارک کا انبیائے سابقین سے وعدہ اور فاران پہاڑ کی چوٹیوں سے خداوند کی جلوہ گری کا مدّت سے غلغلہ تھا وہ وقت آگیا پس اب تم لے لوگو! اسی کی پیروی کرو جو تمہارے اُوپر تمہارے رب کی طرف سے نازل ہوا پُرانے سڑے بُسے خیالات اور اپنے فرضی معبودوں کو چھوڑو۔ اس کے بعد اُن مغرور دولت وجاہ کو یہ بھی سُناتا ہے کہ تم اپنے مال وجاہ پر غرور نہ کرو کیونکہ بہت سی بستیاں ایسی ہیں کہ جن کو ہم نے یکایک ہلاک کردیا وہ رات کو سوتے تھے یا دوپہر کو قیلولہ میں تھے یکایک عذابِ الٰہی نے آلیا پھر اُس وقت بجز اُس کے کہ اپنے خطاکار ہونے کا اقرار کرنے لگے اور کچھ بن نہ پڑا۔

فَلَنَسْـَٔلَنَّ الَّذِيْنَ اُرْسِلَ اِلَيْهِمْ وَلَنَسْـَٔلَنَّ
سو ہم کو اُن سے بھی پوچھنا ہے کہ جن کے پاس رسول بھیجے گئے تھے اور رسولوں سے بھی
الْمُرْسَلِيْنَ ۝۶ فَلَنَقُصَّنَّ عَلَيْهِمْ بِعِلْمٍ
پوچھیں گے۔ پھر ہم اُن کو خوب (اچھی) طرح سے بتائیں گے

لہ المص۔ ان چاروں حروف میں اس طرف بھی لطیف اشارہ ہے۔ ا۔ ل۔ م۔ ص۔ الف سے اشارہ اللہ تعالیٰ کی طرف۔ لام سے لطفِ الٰہی کی طرف۔ میم سے محمد صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف۔ ص سے صمد یعنی بلندی ورفعت کی طرف۔ جس کا یہ مطلب ہو کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے لطیف خاص سے محمد صلے اللہ علیہ وسلم اور اُن کی امت کو دنیا واخرت میں سربلندی اور رفعت عطا کی ہے ۱۲ منہ

لہ لوط کی بستیوں پر بھی اور عاد وثمود کی قوم پر یوں ہی عذاب آیا۔ اس زمانہ میں بھی بعض شہروں میں شب کو زلزلہ شروع ہوا تو ہزاروں ہلاک ہوگئے۔ بعض جاپر شب سیلاب نے غارت کیا کیسے کیوں شہروں پر وبا آئی بہت کو ظالم بادشاہوں نے ہلاک کیا۔ غرض

Marfat.com

وَمَا كُنَّا غَآئِبِيْنَ ۝ ۷ وَالْوَزْنُ يَوْمَئِذِ

اور ہم کہیں دُور نہ تھے۔ اور اُس روز اعمال کا تولنا

نِ الْحَقُّ ۚ فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ

برحق ہے، پھر تو جن کی تولیں بھاری ہوں گی وہی کامیاب

هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ ۸ وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ

ہوں گے۔ اور جن کی تولیں ہلکی ہوں گی

فَاُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ

سو یہ وہی لوگ ہوں گے کہ جنھوں نے ہماری آیتوں[1] پر زیادتی کرکے

بِمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَظْلِمُوْنَ ۝ ۹

اپنے آپ کو خسارہ میں ڈال دیا تھا۔

ترکیب

الذین صلہ وموصول مفعول ہے لنسئلن کا بعلم لنقصنّ سے متعلق یا مفعول اس کا علیہم فعل سے متعلق والوزن مبتدا یومئذ ثابت کے متعلق ہوکر خبر الحق الوزن کی صفت ہے اور بھی احتمال ہے۔

تفسیر

رسول کو تبلیغ پر اور امت کو قبول پر مامور کرکے اوّل رسول کی مخالفت کا دنیاوی نتیجہ بیان فرمایا تھا کہ ہم اُن کو یکایک مبتلا بلا کردیں گے (مسلمانوں پر جو آج کل نحوست ہے وہ نافرمانی رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم کا نتیجہ ہے) اب یہاں آخرت کا نتیجہ بیان کرتا ہے اور ضمناً عالم آخرت میں پیش آنے والی حالتیں بھی بیان فرماتا ہے۔ **اوّل** یہ کہ ہم اُن لوگوں سے کہ جن کے پاس رسول یا اُن کے نائب آئے اور اُنھوں نے نہ مانا بازپُرس کریں گے اور رسول سے بھی سوال کریں گے کہ آیا تم نے تو کچھ کمی احکام پہنچانے میں نہیں کی تھی؟ گو ہم سب کچھ جانتے ہیں کیونکہ اس وقت بھی ہم موجود تھے مگر یہ سوال صرف تنبیہ کے لئے ہوگا۔ سو ہم ہر بات اُن پر کھول دیں گے جس کو وہ آج مخفی کرتے ہیں۔

بظاہر اِس آیت اور اس آیت میں فیومئذ لا یسئل عن ذنبہ انس ولا جانّ وقولہ ولا یسئل عن ذنوبہم المجرمون تعارض سا معلوم ہوتا ہے مگر در اصل کچھ بھی تعارض نہیں کیونکہ نہ پوچھنے سے مراد عزّت واحترام کا پوچھنا ہے اور یہاں پوچھنے سے مُراد بازپُرس کرنا ہے۔ مثلاً کوئی یوں کہے کہ حساب لیا جاوے گا، بازپُرس ہوگی، فلاں باتوں پر سوال ہوگا اور عذرات باطلہ میں تمھاری بات بھی نہ پوچھی جائے گی تو اس کلام میں کچھ بھی منافات نہیں۔ اور علاوہ اس کے پوچھنے کا موقع اور نہ پوچھنے کا اور محل ہے۔ **دوم** والوزن یومئذ الحق کہ اُس روز اعمال کا وزن ہوگا۔ حدیث میں آیا ہے کہ قیامت کو ترازوئے عمل قائم ہوگی ایک پلّے میں نیکی اور دوسرے میں بدی رکھی جاوے گی پس فمن ثقلت موازینہ جن کے اعمال نیک کی تولیں بھاری ہوں گی کہیں روزہ کہیں نماز کی کہیں صدقہ وخیرات کی فاولئک ہم المفلحون سو یہی فلاح پاویں گے، عالم قدس میں حیات ابدی کے مستحق ہوں گے جن کا مقام جنّت ہے اور جن کی نیکی کی تولیں ہلکی ہوں گی فاولئک الذین خسروا انفسہم سو وہ خسارہ میں پڑیں گے اور یہ خسارہ میں پڑنا اُنھوں نے اپنے ہاتھ سے کیا کہ جو آیاتِ الٰہی پر ظلم کیا یعنی اُن کی تکذیب کی یا اُن پر عمل نہ کیا۔

اس ترازو سے مراد دُنیا کی ترازو آٹا دال تولنے کی نہیں کہ اُس پر اعمال کا تولنا وجوہ اعراض غیر قائم بالذّات ہیں فلسفیوں کے کہنے سے) محال خیال کیا جاوے جس کی توجیہ میں اعمال کو مع اُن کاغذوں کے تولنا کہا جاوے کہ جن میں وہ اعمال ملائکہ نے لکھے تھے بلکہ اُس سے مراد ایک خاص موازنہ ہے جو اعمال کے ساتھ مخصوص ہے اسی طرح اِس آیت اور اس آیت میں فلانقیم لہم یوم القیمۃ وزنا کچھ بھی مخالفت نہیں کیونکہ جن کے اعمالِ صالحہ برباد ہوگئے اُن کے لئے کوئی وزن قائم ہوسکتا ہے؟

وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِي الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا

اور ہم نے تم کو زمین میں بسایا اور ہم نے تمھارے لئے

[1] آیتوں پر ظلم کرنا اُن کا جھٹلانا ہے ۱۲ منہ

Marfat.com

لَكُمْ فِيهَا مَعَايِشَ ۗ قَلِيلًا مَّا تَشْكُرُونَ ﴿١٠﴾

اس میں روزی کے اسباب پیدا کئے۔ تم کمتر شکر کرتے ہو۔

وَلَقَدْ خَلَقْنَاكُمْ ثُمَّ صَوَّرْنَاكُمْ ثُمَّ قُلْنَا

اور ہم نے تمہارے دادا آدمؑ کو) پیدا کیا پھر ہم نے تمہاری صورت بنائی پھر ہم نے

لِلْمَلَائِكَةِ اسْجُدُوا لِآدَمَ فَسَجَدُوا

فرشتوں کو حکم دیا کہ آدمؑ کے آگے جھکو پھر سب جھک پڑے

إِلَّا إِبْلِيسَ ۖ لَمْ يَكُن مِّنَ السَّاجِدِينَ ﴿١١﴾

مگر ابلیس جو جھکنے والوں میں سے نہ تھا۔

قَالَ مَا مَنَعَكَ أَلَّا تَسْجُدَ إِذْ أَمَرْتُكَ ۖ

(ہم نے) فرمایا کہ تجھ کو کس بات نے جھکنے سے منع کیا جب کہ میں نے تجھے حکم دیا۔

قَالَ أَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ ۖ خَلَقْتَنِي مِن نَّارٍ

عرض کیا میں اس سے بہتر ہوں۔ مجھے تو نے آگ سے پیدا کیا

وَخَلَقْتَهُ مِن طِينٍ ﴿١٢﴾ قَالَ فَاهْبِطْ

اور اس کو خاک سے بنایا۔ (فرمایا یہاں (جنت) سے نیچے

مِنْهَا فَمَا يَكُونُ لَكَ أَن تَتَكَبَّرَ فِيهَا

اتر جا پھر تیری کیا مجال ہے کہ جو تو یہاں پر شیخی

فَاخْرُجْ إِنَّكَ مِنَ الصَّاغِرِينَ ﴿١٣﴾ قَالَ

پس نکل جا بیشک تو ہی ذلیلوں میں کا ایک ذلیل ہے۔ عرض کیا کہ

أَنظِرْنِي إِلَىٰ يَوْمِ يُبْعَثُونَ ﴿١٤﴾ قَالَ

مجھے اس دن تک کی مہلت دے کہ جب تک کہ لوگ مرکر جی اٹھیں گے فرمایا (جا)

إِنَّكَ مِنَ الْمُنظَرِينَ ﴿١٥﴾ قَالَ فَبِمَا أَغْوَيْتَنِي

تجھے مہلت ہے۔ کہا پھر تو قسم ہے میں بھی جیسا کہ آپ نے مجھے

لَأَقْعُدَنَّ لَهُمْ صِرَاطَكَ الْمُسْتَقِيمَ ﴿١٦﴾

گمراہ کیا ہے میں (ان کی تاک میں) آپ کے سیدھے رستہ ہی پر بیٹھوں گا (تاکہ بہکاؤں)۔

ثُمَّ لَآتِيَنَّهُم مِّن بَيْنِ أَيْدِيهِمْ وَ

پھر میں ان کے سامنے اور ان کے پیچھے سے اور

مِنْ خَلْفِهِمْ وَعَنْ أَيْمَانِهِمْ وَعَن

دائیں اور

شَمَائِلِهِمْ ۖ وَلَا تَجِدُ أَكْثَرَهُمْ شَاكِرِينَ ﴿١٧﴾

بائیں سے آیا کروں گا۔ اور تو ان میں سے بھتیروں کو شکر کرنے والا نہ پاوے گا۔

ع ۱ ۱۷

ترکیب

معایش مفعول جعلنا جمع معیشۃ۔ الّا لا زائدہ ہے اور من جار حذف یہ مفعول ثانی ہے منع کا یا موضع حال میں اذ ظرف ہے تسجد کا منہا لے من الجنۃ وقیل من السموٰت فبما ب قسم کے لئے ما مصدریہ لاقعدن جواب قسم۔

تفسیر

پہلے اس سے لوگوں کو انبیاء علیہم السلام کی فرمانبرداری کا حکم دیا تھا اور مخالفت میں عذاب دنیوی سے بقولہ وکم من قریۃ اہلکناہا اور آخرت کے عذاب سے سوال ووزن کرنے سے ڈرایا تھا۔ انسان کی جبلی عادت ہے کہ وہ خوف اور نعماء واحسانات سے مسخر و مطیع ہوتا ہے اس لئے خوف مضرت دارین کے بعد بنی آدم پر ان کے بزرگ وجدّ امجد حضرت آدمؑ پر جو کچھ انعام واحسان کئے ہیں ان کو یاد دلاتا ہے اور لطف یہ ہے کہ تخویف میں عالم آخرت کا اور احسان یاد دلانے میں اس کی ابتداء کا بھی بیان کر دیا جو آسمانی کتاب کا ایک ضروری کام ہے۔ اور اس کو علم مبدأ ومعاد کہتے ہیں۔

ولقد مکنّاکم الخ۔ زمین پر بنی آدم کا بسانا اور سب چیزوں پر مسلط کرنا اور پھر قدرتی چیزیں جیسا کہ پھل، ترکاری، غلہ وغیرہ اور صنعت کے متعلق کئی شکر کپڑا وغیرہ ان کے لئے

لے ابلیس نے جی اٹھنے تک زندہ رہنے کی دعا مانگی اس میں یہ بات سوجھا تھا کہ میں موت سے محفوظ رہوں گا۔ مگر خدا تعالیٰ نے یہ وعدہ فرمایا کہ بلکہ ایک وقت خاص تک زندہ رہنے کی دعا قبول کی جو کہ خاص اللہ تعالیٰ ہی کو محفوظ ہے۔ ابلیس کی دعا قبول کرنا گویا اس کی تمام عبادت کا معاوضہ اس کی خواہش کے مطابق دینا ہے ۱۲ منہ

Marfat.com

مہیا کر دینا ایک ایسا احسان ہے کہ جس سے گردن اُٹھ ہی نہیں سکتی مگر انسان بہت کم شکر کرتا ہے نعمت میں مست ہو کر شہوات میں مصروف ہوتا ہے تکلیف میں گلہ شکوہ کرنے لگتا ہے۔

ولقد خلقناکم ثم صوّرناکم ثم قلنا للملائکۃ اسجدوا۔ یہاں سے اُن کے بزرگ اور جدّ امجد حضرت آدم علیہ السلام پر جو احسان واحترام کیا تھا اُس کو یاد دلاتا ہے کہ اُن کو عمدہ شکل پر

قَالَ اخْرُجْ مِنْهَا مَذْءُوْمًا مَّدْحُوْرًا ؕ
فرمایا یہاں سے ذلیل خوار ہو کر نکل جا۔
لَمَنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنْكُمْ
جو کوئی ان میں سے تیرے تابع ہوگا تو میں بھی تم سب سے جہنم
اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۸﴾ وَيٰۤاٰدَمُ اسْكُنْ اَنْتَ وَ
ہی بھر دوں گا۔ اور اے آدمؑ! تم اور تمھاری بیوی جنت
زَوْجُكَ الْجَنَّةَ فَكُلَا مِنْ حَيْثُ شِئْتُمَا
میں جا رہو پھر تم دونوں جہاں سے چاہو کھاؤ (پیو)
وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَا مِنَ
لیکن اس درخت کے پاس بھی نہ جانا (ورنہ تم) خرابی میں
الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۹﴾ فَوَسْوَسَ لَهُمَا الشَّيْطٰنُ
پڑ جاؤ گے۔ پھر شیطان نے اُن کے دل میں وسوسہ ڈالا
لِيُبْدِيَ لَهُمَا مَا وٗرِيَ عَنْهُمَا مِنْ سَوْاٰتِهِمَا
تاکہ اُن کو برہنہ کرے۔
وَقَالَ مَا نَهٰىكُمَا رَبُّكُمَا عَنْ هٰذِهِ الشَّجَرَةِ
اور (آکر) کہنے لگا کہ (اے آدمؑ وحوا) تمھارے رب نے جو تم کو اس درخت سے منع کیا ہے
اِلَّاۤ اَنْ تَكُوْنَا مَلَكَيْنِ اَوْ تَكُوْنَا مِنَ
تو اسی لئے کہ تم کہیں فرشتہ نہ ہو جاؤ یا ہمیشہ زندہ رہنے والوں میں سے
الْخٰلِدِيْنَ ﴿۲۰﴾ وَقَاسَمَهُمَاۤ اِنِّيْ لَكُمَا
نہ ہو جاؤ۔ اور اُن سے قسمیں کھا کھا کر کہا کہ میں تو تمھارا
لَمِنَ النّٰصِحِيْنَ ﴿۲۱﴾ فَدَلّٰىهُمَا بِغُرُوْرٍ ۚ
خیر خواہ ہوں۔ پھر تو اُن کو فریب دے کر (کھانے کی طرف) مائل ہی کر دیا

فَلَمَّا ذَاقَا الشَّجَرَةَ بَدَتْ لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا
جوں ہی انھوں نے درخت کو چکھا تو اُن کا ستر کھل گیا
وَطَفِقَا يَخْصِفٰنِ عَلَيْهِمَا مِنْ وَّرَقِ
اور لگے اپنے اوپر جنت کے پتے چپکانے
الْجَنَّةِ ؕ وَنَادٰىهُمَا رَبُّهُمَاۤ اَلَمْ اَنْهَكُمَا
اور اُن کے رب تو نے اُن کو پکار کر (کہا) کیا میں نے تم کو اس
عَنْ تِلْكُمَا الشَّجَرَةِ وَاَقُلْ لَّكُمَاۤ اِنَّ
درخت سے منع نہ کر دیا تھا اور یہ نہ کہدیا تھا کہ بے شک
الشَّيْطٰنَ لَكُمَا عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۲۲﴾ قَالَا
شیطان تم دونوں کا صریح دشمن ہے۔ انھوں نے عرض کیا کہ
رَبَّنَا ظَلَمْنَاۤ اَنْفُسَنَا ۫ وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا
اے ہمارے پروردگار! ہم نے آپ اپنی جانوں کو برباد کیا اور اگر تو ہم کو نہ بخشے گا
وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۲۳﴾
اور ہم پر رحم نہ کرے گا تو ہم برباد ہی ہو جائیں گے۔

ترکیب

مذءوم بالہمزۃ مشتق ہے ذامتہ، اذا عبتہ، سے اور بعض نے صرف وَ سے بغیر ہمزہ کے پڑھا ہے اس لئے ہمزہ کی حرکت ذال کو دے کر ہمزہ کو حذف کر دیا اور ممکن ہے کہ اس کی اصل مذیمًا کہی جاوے کس لئے کہ فعل اس سے ذام یذیم آتا ہے پس یٰ کو وَ سے بدل دیا جیسا کہ مکیل کو مکول اور مشیب کو مشوب کر لیتے ہیں، یہ اور اُس کا مابعد حال ہیں۔ لمن مبتدا قائم مقام قسم لاملئنّ خبر قائم مقام جواب قسم۔

تفسیر

پیدا کر کے فرشتوں کو سجدہ کرنے کا حکم دیا۔ سب نے سجدہ کیا مگر شیطان نے نافرمانی اور تکبّر کیا تو اُس کو ملعون کر دیا (اس میں)

لہ یعنی قسمیں کھا کر فریب دے کر آخر کار اُس درختِ ممنوع کے کھانے کی طرف مائل ہی کر لیا ۱۲ منہ

Marfat.com

سَوْاٰتِكُمْ وَرِيْشًا ؕ وَلِبَاسُ التَّقْوٰى
اور زیبائش بھی ہے۔ اور پرہیزگاری کا لباس ف
ذٰلِكَ خَيْرٌ ؕ ذٰلِكَ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ
یہ سب سے بہتر ہے۔ یہ اللہ تعالےٰ کی نشانیوں میں سے ہے
لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿۲۶﴾ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ لَا يَفْتِنَنَّكُمُ
تاکہ لوگ سمجھیں۔ لے بنی آدم! تم کو شیطان نہ بہکانے
الشَّيْطٰنُ كَمَآ اَخْرَجَ اَبَوَيْكُمْ مِّنَ
پائے جیسا کہ تمہارے ماں باپ کو جنت سے
الْجَنَّةِ يَنْزِعُ عَنْهُمَا لِبَاسَهُمَا لِيُرِيَهُمَا
کپڑے اُتروا کر نکلوا دیا تھا اُن کا ستر دکھانے کے
سَوْاٰتِهِمَا ؕ اِنَّهٗ يَرٰىكُمْ هُوَ وَقَبِيْلُهٗ
لئے۔ وہ اور اُس کی ذرّیت تم کو اُس جگہ سے دیکھتے
مِنْ حَيْثُ لَا تَرَوْنَهُمْ ؕ اِنَّا جَعَلْنَا
ہیں کہ تم جہاں سے اُن کو نہیں دیکھتے۔ ہم نے شیاطین کو اُن
الشَّيٰطِيْنَ اَوْلِيَآءَ لِلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۲۷﴾
لوگوں کا یار بنا دیا ہے کہ جو ایمان نہیں لاتے۔

آدم علیہ السلام اور اُن کی اولاد پر بھی احسان ہے کہ تمہارے ساتھ سرکشی اور حسد کرنے والے کو ہم نے یوں ذلّت دی اور اس طرف بھی اشارہ ہے کہ تم ذاتِ شریف ہو کہ پھر اپنے اُس قدیمی دشمن کا کہنا مانتے اور اپنے محسنِ حقیقی کی نافرمانی کرتے ہو اور یہ بات اے بنی آدم! کچھ تم ہی پر موقوف نہیں تمہارے جدِّ امجد بھی اُس کے داؤ میں آگئے تھے جن کو شیطان نے قسمیں دے کر ملمع کار باتیں بنا کر ایک درخت کے پھل کھانے پر برانگیختہ کیا کہ جس کے پاس جانے تک کی ممانعت کسی مصلحت سے ہم نے کر دی تھی سو اُنھوں نے کھایا جس سے اُن پر مصیبت پڑی، جنّت سے نکالے گئے، کپڑے اُتارے گئے آخر نافرمانی کا مزہ پایا۔ پھر آدمؑ روئے، توبہ کی تو معافی ہوئی۔ اے اولادِ آدمؑ! پھر بھی تم اُس عدوِّ مبین کا کہنا مانتے ہو اور جو جہالت سے گناہ ہو جائے تو اپنے جدِّ بزرگ آدمؑ کی طرح کیوں توبہ و استغفار نہیں کرتے؛ اور اس میں یہ بھی رمز ہے کہ نافرمانی کا نتیجہ شیطان نے کیسا پایا راندۂ درگاہ ہو گیا۔ پھر تم کس دلیری سے گناہ پر گناہ کرتے ہو اور ادنیٰ مرتبہ اپنے جدِّ امجد کے جلا وطن و خراب و خستہ ہونے کو بھی نہیں دیکھتے کیا تم اب زمین پر قرار پا کر ملک اور جاگیریں اور باغات و دیہات حاصل کر کے مطمئن ہو گئے ہو کہ معصیت سے یہ چھن نہ جائیں گے کیوں نہیں

قَالَ اهْبِطُوْا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ
(اللہ تعالیٰ نے) فرمایا نیچے اُتر جاؤ کہ تم میں ایک دوسرے کا دشمن ہے۔
وَلَكُمْ فِى الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ اِلٰى
اور تم کو ایک وقت تک زمین ہی پر ٹھہرنا اور برتنا
حِيْنٍ ﴿۲۴﴾ قَالَ فِيْهَا تَحْيَوْنَ وَفِيْهَا
ہے۔ (اور) فرمایا تمھیں یہیں زندگی بسر کرنی ہے اور یہیں
تَمُوْتُوْنَ وَمِنْهَا تُخْرَجُوْنَ ﴿۲۵﴾ يٰبَنِيْٓ
مرنا ہے اور اسی میں سے (قیامت کے دن) نکالے جاؤ گے۔ اے بنی آدم!
اٰدَمَ قَدْ اَنْزَلْنَا عَلَيْكُمْ لِبَاسًا يُّوَارِيْ
ہم نے تم پر ایسا لباس نازل کیا ہے جو تمہاری شرمگاہ چھپاتا ہے

ترکیب

بعضکم الخ جملہ حال ہے ضمیر فاعل اہبطوا سے لباسًا مفعول انزلنا یواری اس کی صفت وریشًا لباسًا پر معطوف ولباس منصوب ہو تو ریشًا پر معطوف ورنہ مبتدا ذلک جملہ خبر۔

تفسیر

ہم نے دنیا میں باہم ایک کو دوسرے کا دشمن بنا دیا ہے

لے آدم و حوا علیہما السلام ۱۲ منہ ف لباس التقوٰی، بقول سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ حسنِ خلق مراد ہے۔ اور بقول عروہ بن زبیرؓ اللہ تعالیٰ سے ڈرنا مراد ہے۔ بعضوں نے باکدامنی کہا ہے۔ زید بن علیؓ نے وہ چیزیں مُراد لی ہیں جن کو لڑائی میں اپنے بچاؤ کے لئے پہنتے ہیں۔ خواجہ حسن بصریؒ حیا مراد لیتے ہیں

ھ چونکہ حیا ہی سے پرہیزگاری کی توفیق حاصل ہوتی ہے ۱۲ حقانی

Marfat.com

وَاِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً قَالُوْا وَجَدْنَا
اور جب کوئی بے حیائی (کا کام) کرتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم نے اپنے
عَلَيْهَآ اٰبَآءَنَا وَاللّٰهُ اَمَرَنَا بِهَا ؕ قُلْ
باپ دادا کو اسی پر پایا اور اللہ تعالیٰ نے ہم کو اس کا حکم دیا ہے۔ آپ کہہ دیں
اِنَّ اللّٰهَ لَا يَاْمُرُ بِالْفَحْشَآءِ ؕ اَتَقُوْلُوْنَ
کہ اللہ تعالیٰ تو ہرگز بے حیائی کا حکم نہیں دیا کرتا۔ کیا تم اللہ تعالیٰ پر
عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۸﴾ قُلْ اَمَرَ
وہ باتیں لگاتے ہو جن کو تم جانتے بھی نہیں۔ (اور) کہدیجئے کہ میرے رب نے
رَبِّيْ بِالْقِسْطِ ۫ وَاَقِيْمُوْا وُجُوْهَكُمْ
تو انصاف کرنے کا حکم دیا ہے، اور یہ کہ نماز کے وقت (اس کی طرف) متوجہ
عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ
ہو جایا کرو، اور اسی کو پکارو خاص اسی کے فرمانبردار ہو کر
لَهُ الدِّيْنَ ؕ كَمَا بَدَاَكُمْ تَعُوْدُوْنَ ﴿۲۹﴾
جیسا کہ تم کو اوّل بار پیدا کیا اسی طرح بار دگر پیدا کئے جاؤ گے۔
فَرِيْقًا هَدٰى وَفَرِيْقًا حَقَّ عَلَيْهِمُ
ایک فریق کو ہدایت دی اور ایک فریق پر گمراہی ثابت
الضَّلٰلَةُ ؕ اِنَّهُمُ اتَّخَذُوا الشَّيٰطِيْنَ
ہو گئی۔ کیونکہ انھوں نے اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر
اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَيَحْسَبُوْنَ
شیاطین کو دوست بنالیا اور جانتے ہیں کہ
اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۳۰﴾ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ خُذُوْا
ہم ہدایت پر ہیں۔ اے بنی آدم! ہر نماز کے
زِيْنَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّكُلُوْا وَ
وقت اپنے آپ کو آراستہ کر لیا کرو اور کھاؤ اور
اشْرَبُوْا وَلَا تُسْرِفُوْا ۚ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ
پیو اور فضول خرچی نہ کرو۔ کیونکہ اس کو فضول خرچی کرنے

سو ایک پر دوسرے کو مسلط کر کے کیا ہم نہیں چھنوا سکتے؟) چونکہ آدم ؑ کے احسانات اس کی اولاد پر ہیں اس لئے آدم ؑ کے پیدا کرنے اور اس کی صورت بنانے کو مخاطبین کے پیدا کرنے اور صورت بنانے کے ساتھ اس رمز کے لئے تعبیر کیا ورنہ مراد بالذات آدم ؑ ہیں اس لئے ثم قلنا للملائکۃ اسجدوا سے انھیں کے خاص حال کو شروع کیا گو اس میں اس طرف بھی اشارہ ہو کہ اے بنی آدم ؑ! تمھارے لئے بھی ہم نے ملائکہ کو روزی پہنچانے تدبیر و تصرف کرنے میں مسخر کر دیا ہے جو ایک قسم کا سجدہ ہے۔

اس قصہ کو جداگانہ غرض کے لئے خدا تعالیٰ نے قرآن مجید کی ان سورتوں میں ذکر فرمایا ہے۔ (۱) سورۂ بقرہ (۲) اس سورہ میں (۳) سورۂ حجر (۴) سورۂ بنی اسرائیل (۵) سورۂ کہف (۶) سورۂ طٰہٰ (۷) سورۂ صٓ۔

ف (۱) جنت میں گناہ کرنے سے حضرت آدم ؑ و حوا کا لباس عزت اتار لیا گیا تھا جس پر وہ نہایت شرمندہ ہو کر جنت کے درختوں کے پتے اپنے بدن پر ڈھانکتے تھے۔ پھر دنیا میں خدا تعالیٰ نے آدم ؑ کو کپڑا بنانا سکھایا جس سے ستر ڈھانکنا میسر آیا۔ اس بات کو خدا تعالیٰ اپنی بڑی نعمت اور من آیات اللہ کہتا ہے اور لباس کا نازل کرنا فرما کر ایک اور لباس کی طرف اشارہ کرتا ہے یعنی پرہیزگاری کا لباس[1] بہتر ہے۔ اس کے بعد اولاد آدم ؑ کو متنبہ کرتا ہے کہ دیکھو اب تم شیطان کے بہکانے میں نہ آنا کہیں لباس تقوے تمھارا نہ اتار لے جس سے تم برہنہ ہو جاؤ شیطان اور اس کی ذریت تم کو دیکھتے ہیں اور وہ تم کو نظر نہیں آتے کیونکہ ان کا مادہ آتش لطیف چیز ہے جو محسوس بحس بصر نہیں۔ پھر فرماتا ہے کہ ان خبیثوں سے کافر ہی دوستی رکھتے ہیں[2]

[1] اس میں اس طرف بھی اشارہ ہے کہ جس لباس میں پرہیزگاری ہو یا جس میں گرمی جاڑے سے بچ سکے وہی عمدہ لباس ہے ۱۲ منہ [2] کیونکہ ناپاک کو ناپاک سے بوجہ مجانست رغبت ہوتی ہے ۱۲ منہ [3] یعنی نماز کے وقت پاک اور ستھرا لباس پہنا کرو ۱۲

ز اور یہ کہ نماز کے وقت اس کی طرف متوجہ ہو کر دو۔

Marfat.com

الْمُسْرِفِيْنَ ﴿۳۱﴾ ع

والے پسند نہیں۔

ترکیب

واذا شرط قالوا جواب واقیموا معطوف ہے محل القسط پر مثل اے امر ربی فقال اقسطوا واقیموا الدین منصوب ہے مخلصین سے۔ فریقا منصوب ہے ہدیٰ سے اور فریقا ثانی منصوب ہے فعل محذوف سے ای اضل یدل علیہ مابعدہٗ اور یہ جملہ حال ہے تعودون سے جملہ مستانفہ بھی ہو سکتا ہے۔ انہم جملہ قائم مقام دو مفعولوں کے۔

تفسیر

اب ان شیاطین کے مریدوں اور دوستوں کے خصائل بد ذکر کرتا ہے۔ منجملہ ان کے ایک یہ ہے کہ جب وہ کوئی فحش بات کرتے ہیں زنا یا مغلظات گالیاں یا اور سیکڑوں بے حیائی کے کام تو عقل کے اندھے اس کو اللہ تعالےٰ کا حکم اور باپ دادا کی عمدہ رسم بتاتے ہیں جس کے رد میں فرماتا ہے کہ کہدے خدا بری باتوں کا حکم نہیں دیا کرتا، ہاں اچھی باتوں اور انصاف کا حکم دیتا ہے اور یہ کہ نماز کے وقت اسی طرف متوجہ ہوا کرو اور خاص اسی کو پکارو۔ کیونکہ کما بدأکم تعودون جس طرح دنیا میں مؤمن یا کافر کر کے لوگ پیدا کئے گئے ہیں انھیں اعمال انھیں حالات میں آخرت میں دوبارہ جی اٹھیں گے اس لئے دنیا میں اس نے اپنے فضل وکرم سے ایک فریق کو ہدایت عطا کی ہے اور ایک گروہ گمراہ ہوگیا اور گمراہ وہ ہیں کہ جنھوں نے خدا تعالےٰ کو چھوڑ کر شیاطین کو اپنا دوست وکارکن بنا رکھا ہے اور پھر ایسے اندھے ہیں کہ الٹے اس گمراہی کو ہدایت سمجھتے ہیں۔ ویحسبون انہم مہتدون لباس کو زینت فرمایا تھا اس لئے اس زینت کو اس کے عمدہ موقع پر استعمال میں لانے کا حکم دیتا ہے کیونکہ جب دنیا میں امراء وسلاطین کے دربار میں بغیر لباس کے حاضر نہیں ہوتے تو نماز میں کہ خاص خدا تعالےٰ کا دربار ہے بغیر اس کے حاضر ہونا بے ادبی ہے اور اس میں مشرکین کی اس افراط وتفریط کا بھی رد ہے جس کو عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے نقل کیا ہے کہ بعض قبائل عرب برہنہ ہو کر طواف کعبہ کرتے تھے عورتیں رات کو برہنہ طواف کرتی تھیں اور مسجد منیٰ میں آکر کپڑے اتار ڈالتے تھے اور گھی وگوشت اچھی غذائیں کھانے بھی ان ایام میں ترک کر دیتے تھے۔ اس کے مقابلہ میں فرماتا ہے

قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِيْنَةَ اللّٰهِ الَّتِيْٓ اَخْرَجَ

(اے نبی ﷺ!) پوچھو کہ اللہ تعالےٰ نے جو آرایش اور پاک روزی اپنے بندوں

لِعِبَادِهٖ وَالطَّيِّبٰتِ مِنَ الرِّزْقِ ۭ قُلْ

کے لئے پیدا کی ہے اس کو کس نے حرام کیا ہے؟ (اور) کہدو

هِيَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا

یہ چیزیں ایمانداروں کے لئے دنیا کی زندگی میں ہیں آخرت

خَالِصَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ

میں تو خاص انھیں کی ہیں۔ عقلمندوں کے لئے ہم یوں

الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۳۲﴾ قُلْ اِنَّمَا

کھول کھول کر آیتیں بیان کرتے ہیں۔ (اور منکرین سے) کہدیجئے کہ

حَرَّمَ رَبِّيَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا

میرے رب نے تو صرف بے حیائی کے کام حرام کئے ہیں خواہ ظاہر

وَمَا بَطَنَ وَالْاِثْمَ وَالْبَغْيَ بِغَيْرِ الْحَقِّ

ہوں خواہ مخفی۔ اور گناہ اور ناحق کی زیادتی کو اور اس بات

وَاَنْ تُشْرِكُوْا بِاللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ

کو بھی کہ تم اللہ تعالیٰ کا ان چیزوں کو شریک بناؤ جن پر کوئی سند نہیں

۱ مجاہد وحسن رح کہتے ہیں کہ اس کے معنے یہ ہیں کہ جس طرح تم لاشئ تھے تم کو دنیا میں پیدا اپنی قدرت سے کر دیا اسی طرح پھر موت کے بعد تم کو زندہ کر دیگا منہ ۲ اس کے یہ معنے بھی ہو سکتے ہیں کہ جس طرح بھیجے وسالم دنیا میں پیدا ہوئے تھے اسی طرح قیامت کے دن دوسری بار اٹھو گے۔ حدیث میں آیا ہے جس حال میں جو کوئی مرا ہے اسی میں اٹھے گا، شرابی مست ومخمور، خدا پرست شاد ومسرور ۱۲ منہ ۳ یعنی یہ نعمائے ایمانداروں کے لئے دنیا میں حرام نہیں بلکہ مباح ہیں مقصود بالذات ۱۲ منہ

۴ ان کے لئے پیدا کی ہیں تبعاً کفار بھی فائدہ اٹھا لیتے ہیں قیامت میں تو ایمانداروں کا ہی حصہ ہے ۱۲ منہ

Marfat.com

سُلْطٰنًا وَّاَنْ تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ

کتاری اور اس بات کو بھی کہ تم اللہ تعالےٰ پر وہ باتیں

مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۳﴾

لگاؤ کہ جن کو تم جانتے بھی نہیں۔

ترکیب

والطیبات معطوف ہے زینۃ اللہ پر ہی مبتدا اس کی خبر میں تین احتمال ہیں اقوای یہ ہے کہ للذین ہے فی الحیوۃ متعلق ہے امنوا سے یا لفی الحیوۃ خبر اور للذین خالصۃ سے متعلق، اور خالصۃ حال ہے اور عامل اس میں للذین ہے یا فی الحیوۃ الدنیا اور خالصۃ کو مرفوع بھی پڑھا ہے خبر ثانی بنا کر۔ ماظہر و مابطن بدل ہیں الفواحش سے۔

تفسیر

کہ تم نماز کے وقت لباس پہنا کرو اور کھاؤ پیو فضول خرچی نہ کیا کرو یہ تمہارے لئے ہیں ان کو کس نے حرام کیا ہے؛ یعنی کسی نے بھی حرام نہیں کیا بلکہ یہ چیزیں اوّلاً و بالذات تو ایمانداروں کے لئے مخصوص ہیں بالتبع کفار بھی شریک ہیں۔ یا یہ معنے کہ دنیا میں مؤمن کافر سب شریک ہیں ؎ چہ دشمن برین خوان لغما چہ دوست ؛ مگر قیامت کے دن یہ ایمانداروں کے حصہ میں آئیں گے کفار محروم رہیں گے۔ پھر فرماتا ہے کہ یہ چیزیں تو اللہ تعالیٰ نے حرام نہیں کیں ہاں بے حیائی کی باتیں خواہ ظاہر ہوں خواہ مخفی اور گناہ جیسا کہ شراب پینا اور ناحق کی زیادتی اور خدا تعالےٰ کے ساتھ کسی کو شریک بنانا کہ جس پر کوئی دلیل بھی نہیں اور خدا تعالےٰ پر جھوٹی باتیں نا سمجھی سے لگانا حرام کی ہیں۔

(۱) زینت سے مراد جمہور مفسرین کے نزدیک لباس ہے کہ جس سے ستر عورت ہو سکے مرد کے لئے ناف سے گھٹنوں تک عورت کے لئے منہ ہاتھ پاؤں کے سوا کل بدن۔ عند کل مسجد زمان صلوٰۃ یا مکان صلوٰۃ۔ اس آیت سے یہ ثابت ہوتی کہ ہر نماز کے وقت ستر ڈھانکنا فرض ہے۔ اسی طرح مساجد میں بھی۔ عام اوقات میں ستر ڈھانکنا احادیث صحیحہ سے ثابت ہوتا ہے۔

(۲) بعض علماء کہتے ہیں کہ زینت میں ہر قسم کی تزیین شامل ہے کہ نہانا، خوشبو لگانا، عمدہ نفیس کپڑے پہننا اور اسی طرح الطیبات من الرزق ہر قسم کے لذیذ کھانے اور خوشگوار کو شامل ہے۔ بجز اس زینت اور ان کھانوں کے کہ جن کو کتاب و سنت نے منع کیا ہے۔

ف گناہ کی پانچ قسم ہیں اوّل وہ کہ جن کا اثر بدنسب پر پہنچتا ہے سو وہ زنا ہے جس کو الفواحش میں تعبیر کیا ہے دوم وہ کہ جن کا اثر عقل پر پہنچتا ہے وہ شراب ہے جس کو الاثم سے تعبیر کیا ہے سوم وہ جن کا اثر مال پر پہنچتا ہے اور جان پر بھی ان کی طرف البغی بغیر الحق میں اشارہ ہے۔ پنجم وہ کہ جن کا اثر بدا اس کی روح اور دین پر پہنچتا ہے ان کو ان تشرکوا الخ میں بیان کیا۔

وَلِكُلِّ اُمَّةٍ اَجَلٌ ۚ فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ

اور ہر قوم کے لئے ایک وقت (مقرر) ہے۔ پھر جب ان کا وقت آتا ہے تو وہ

لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿۳۴﴾

ایک ساعت اس سے نہ پیچھے ہٹ سکتے ہیں اور نہ آگے بڑھ سکتے ہیں۔

يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ

اے بنی آدم! جب کبھی تمہارے پاس تمہیں میں سے رسول آویں

يَقُصُّوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِيْ ۙ فَمَنِ اتَّقٰى وَ

(اور) تم کو میری آیتیں سنایا کریں (تو ماں لینا کیونکہ) پھر جو کوئی پرہیزگاری کرے گا اور

اَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ

سنور جاوے گا تو اس پر کچھ خوف ہوگا نہ وہ

يَحْزَنُوْنَ ﴿۳۵﴾ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا

کرے گا۔ اور جس نے ہماری آیتیں جھٹلائیں

وَاسْتَكْبَرُوْا عَنْهَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ

اور ان سے اکڑ بیٹھے تو وہی دوزخی

Marfat.com

النَّارِ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ﴿٣٦﴾ فَمَنْ أَظْلَمُ
ہوں گے۔ جو اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ پھر اس سے بڑھ کر

مِمَّنِ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا أَوْ كَذَّبَ
کون ظالم ہے جس نے اللہ تعالیٰ پر جھوٹ باندھا یا اس کی آیتوں

بِآيَاتِهِ ۚ أُولَٰئِكَ يَنَالُهُمْ نَصِيبُهُمْ مِنَ
کو جھٹلائے، یہ وہی ہیں کہ جن کو ان کا حصۂ نوشتۂ (ازلی) میں سے

الْكِتَابِ ۖ حَتَّىٰ إِذَا جَاءَتْهُمْ رُسُلُنَا
بھیج رہا ہے۔ یہاں تک کہ جب ان کے پاس ہمارے بھیجے ہوئے فرشتے

يَتَوَفَّوْنَهُمْ ۙ قَالُوا أَيْنَ مَا كُنْتُمْ تَدْعُونَ
ان کی روح قبض کرنے کو آویں گے تو کہیں گے (اب وہ) کہاں ہیں کہ جن کو تم اللہ

مِنْ دُونِ اللَّهِ ۖ قَالُوا ضَلُّوا عَنَّا وَ
تعالیٰ کے سوا پکارتے تھے؟ کہیں گے کہ وہ ہم سے غائب ہو گئے۔ اور

شَهِدُوا عَلَىٰ أَنْفُسِهِمْ أَنَّهُمْ كَانُوا
وہ اپنے اوپر اس بات کی گواہی دیں گے کہ بے شک ہم کافر

كَافِرِينَ ﴿٣٧﴾ قَالَ ادْخُلُوا فِي أُمَمٍ
تھے۔ فرمائے گا کہ تم بھی اور اُمتوں میں مل کر جو تم سے

قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ مِنَ الْجِنِّ وَ
پہلے گزر چکی ہیں جن اور انسان دوزخ میں

الْإِنْسِ فِي النَّارِ ۖ كُلَّمَا دَخَلَتْ أُمَّةٌ
جاؤ۔ جب ایک جماعت داخل ہو گی تو دوسری

لَعَنَتْ أُخْتَهَا ۖ حَتَّىٰ إِذَا ادَّارَكُوا فِيهَا
جماعت پر لعنت کرنے لگے گی۔ یہاں تک کہ جب سب کے سب جہنم میں مل کر

جَمِيعًا ۙ قَالَتْ أُخْرَاهُمْ لِأُولَاهُمْ رَبَّنَا
جمع ہو گئے تو پچھلے پہلوں کو کہیں گے اے ہمارے رب

هَٰؤُلَاءِ أَضَلُّونَا فَآتِهِمْ عَذَابًا ضِعْفًا
انھوں ہی نے تو ہم کو گمراہ کیا تھا سو ان کو دوزخ کا دوچند عذاب

مِنَ النَّارِ ۖ قَالَ لِكُلٍّ ضِعْفٌ وَلَٰكِنْ
دے۔ فرمائیگا کہ ہر ایک کو دوچند ہے لیکن تم کو

لَا تَعْلَمُونَ ﴿٣٨﴾ وَقَالَتْ أُولَاهُمْ لِأُخْرَاهُمْ
معلوم نہیں۔ اور پہلے پچھلوں کو کہیں گے کہ

فَمَا كَانَ لَكُمْ عَلَيْنَا مِنْ فَضْلٍ فَذُوقُوا
پھر تم کو ہم پر کیا فوقیت ہے سو تم بھی عذاب

الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْسِبُونَ ﴿٣٩﴾ إِنَّ
چکھو (اور اپنے کئے کا نتیجہ (بھاؤ)۔ بے شک

الَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا وَاسْتَكْبَرُوا
جنھوں نے ہماری آیتیں جھٹلائیں اور ان سے اکڑ کر بیٹھ گئے۔

عَنْهَا لَا تُفَتَّحُ لَهُمْ أَبْوَابُ السَّمَاءِ
نہ تو ان کے لئے آسمانوں کے دروازے کھولے جاویں گے

وَلَا يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ حَتَّىٰ يَلِجَ الْجَمَلُ
اور نہ وہ جنت میں داخل ہوں گے یہاں تک کہ سوئی کے ناکہ میں

فِي سَمِّ الْخِيَاطِ ۚ وَكَذَٰلِكَ نَجْزِي
اونٹ گھس جائے۔ اور ہم مجرموں کو ایسی ہی سزا دیا

الْمُجْرِمِينَ ﴿٤٠﴾ لَهُمْ مِنْ جَهَنَّمَ مِهَادٌ
کرتے ہیں۔ کہ ان کے لئے آگ کا بچھونا ہو گا

وَمِنْ فَوْقِهِمْ غَوَاشٍ ۚ وَكَذَٰلِكَ
اور (اوڑھنا) اوپر سے اوڑھنا ہو گا۔ اور ہم ظالموں کو ایسی ہی

نَجْزِي الظَّالِمِينَ ﴿٤١﴾
سزا دیا کرتے ہیں۔

ترکیب

امایاتینکم شرط منکم یقصون الخ رسل کی صفت یا حال
فمن اتقی شرط فلاخوف جواب جملہ جواب شرط اوّل
والذین الخ مبتدا اولئک جملہ خبر۔ فمن مبتدا اظلم خبر
ینوفونہم حال ہے رسلنا سے تا بمعنے الذی تدعون
میں ضمیر عائد اس کی طرف محذوف تقدیرہٗ تدعونہٗ فی النار
متعلق ہے ادخلوا سے۔ کلما دخلت شرط لعنت جواب
اذا ادّارکوا اصلہ تدارکوا تا کو دّ سے بدلا اور ساکن کرکے

Marfat.com

ادغام کر دیا پھر ہمزۂ وصل اور زیادہ کر دیا جمیعًا حال ہے فاعل اذّارکوا سے یہ سب شرط قالت الخ جواب وکذلک مفعول ہے نجزی کا۔

تفسیر

مسائل حلال وحرام بیان کرنے کے بعد کچھ آخرت کا حال بیان کرنا بھی ضروری تھا کہ جہاں اس دُنیا کے تمام افعال نیک و بد کا بدلہ دیا جاتا ہے۔ اور آخرت کی پہلی گھاٹی یا اوّل سیڑھی انسان کی موت ہے کہ پھر اس کے بعد سے وہاں کا دوسرا کارخانہ شروع ہوتا ہے اس لئے سب سے اوّل یہ فرمایا لکلّ امۃ اجل الخ کہ دنیا میں ہر ایک قوم کا ایک وقت معیّن ہے کہ جس کے افراد یکے بعد دیگرے فنا ہونے سے وہ قوم فنا ہو جاتی ہے (پچاس ساٹھ برس میں وہ دَور تمام ہو جاتا ہے) کل شاہِ جہاں کے لاکھوں سپاہی ہزاروں خادم تھے آج اُن میں سے ایک خدمتگار تو کیا اُن کی فوج میں سے کسی گھوڑے کی زین اور لگام بھی دکھائی نہیں دیتی نہ اس وقت کا کوئی موافق ہے نہ مخالف ہائے یہ سب کے سب کہاں چلے گئے اور اپنے عہد کی چیزیں بھی ساتھ لے گئے وہ شاندار دربار اور اُس کے اُمراء کہاں غائب ہو گئے؟ وہ اُن کے محل کے تجمّل اور اُن کے سامان کہاں چھُپ گئے؟ ؎ زمین کھا گئی نوجواں کیسے کیسے ؛ سو یہ ایک وقت ہر شخص کے لئے ایسا معیّن ہے کہ نہ کوئی اُس سے آگے بڑھ سکے نہ[1] پیچھے ہٹ سکے۔ اور اس میں اس طرف بھی اشارہ ہے کہ ہر قوم مخالف انبیاءؑ کے عذاب کے لئے ایک وقت معین ہے اُن کی جلدی سے پہلے نہیں ہو سکتا ہٹانے سے ہٹ نہیں سکتا۔

اب عالم آخرت کی سرگزشت شروع کرتا ہے اور وہاں کے عقاب و ثواب کا سبب بھی بتلاتا ہے کہ روزِ ازل ہم نے کہدیا تھا کہ اے بنی آدم! میں اپنے رسول تمھارے پاس بھیجوں گا وہ تمھیں میری آیات سُنائیں گے پھر جس نے تقویٰ اور اصلاح اختیار کیا تو اُن کے لئے کچھ خوف و غم نہیں اور جنھوں نے اُن کو جھُٹلایا سو وہ ہمیشہ جہنّم میں رہا کریں گے۔

اب وقتِ موت سے لے کر ہمیشہ تک کا اُن کا حال بیان فرماتا ہے کہ اُن کو اُن کی تقدیر کا لکھا پیش آتا ہے وہ یہ کہ بوقتِ نزع فرشتے جو اُن کی جان قبض کرنے کو آتے ہیں تو اُن سے پوچھتے ہیں کہ اب وہ تمھارے معبود کہاں ہیں جن کو تم اللہ تعالےٰ کا شریک کرتے تھے؟ جواب دیں گے کہ اب وہ کھوئے گئے اور اپنے کافر ہونے کا اقرار کریں گے۔ آسمانوں میں اُس کے انوار متجلّی ہیں اُس کی تجلّیات اجرام علویہ میں بے انتہاء ہیں، آفتاب ماہتاب ستارے سب نورانی چیزیں اسی لئے افلاک سے متعلّق ہیں۔ اسی لئے ملائکہ اور ارواحِ مقدّسہ کے لئے افلاک مسکن قرار پایا ہے اور بعد موت کے پاک روحیں اور نفوسِ مطہّرہ اسی دار البہجۃ والسرور و فضاء النور کی طرف صعود کرتی ہیں اور نفوسِ خبیثہ بعد مفارقتِ بدن کے عالمِ سفلےٰ یعنی اُس زمینِ تاریک و تار کی طرف اُن کی مناسبتِ طبعی سے پھینکے جاتے ہیں اس لئے فرماتا ہے: انّ الذین کذبوا بایاتنا و استکبروا عنہا لا تفتح لہم ابواب السماء الخ کہ کفار و متکبّرین کے لئے نہ آسمان کے دروازے کھُلتے ہیں نہ یہ جنت میں داخل ہوں گے[2]۔ جیسا کہ اُونٹ کا سوئی کے ناکہ میں داخل ہونا محال ہے

---

[1] کسی حکیم و فیلسوف نے موتِ طبعی کے دُور کرنے کی تو کیا بڑھاپا روکنے کی بھی تدبیر نہیں نکالی۔ اسی طرح اقبال و ادبارِ قومی کا بھی ایک وقت مقرر ہے جس طرح اقبال کسی کے زائل کرنے سے زائل نہیں ہو جاتا اسی طرح ادبار بھی کسی تدبیر سے نہیں رُک سکتا اور جو آجاوے تو جا نہیں سکتا یہ ہیں خدائی پیادے اور اُس کے احکام مبرم، بھلا کوئی اُن سے سرتابی تو کرے ۱۲ منہ

[2] آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ ایماندار کی روح کو ملائکہ آسمانوں کی طرف لے جاتے ہیں وہاں اُن کے لئے دروازہ افلاک کے کھُلتے ہیں (مشکوٰۃ) روح پاک اس تن کے قفس سے نکل کر سماوات کی طرف اس طرح دوڑتی ہے کہ جس طرح بلبل قفس سے نکل کر چمن کی طرف اُڑتی ہے ؎ توئی آں دستِ پرور مرغ گستاخ ؛ کہ بودت آشیاں بیروں ازیں کاخ + چرا زاں آشیاں بیگانہ گشتی ؛ چو دونان چغد ایں ویرانہ گشتی + بیفشاں بال و پر زآمیزشِ خاک ؛ بہ پرتا کنگرِ ایوانِ افلاک ؛ ارواحِ خبیثہ جو اس دنیا کے تنگ و تاریک کے لذائذ پر غش ہیں (اخلد الی الارض) وہ وہاں نہیں جانے پاتیں۔ بعض انبیاءؑ زندہ ہی آسمانوں پر چلے گئے ۱۲ منہ

Marfat.com

اسی طرح اُن کا اس عالم قدس میں۔ اس سے پہلی آیتوں قال ادخلوا فی اُمم قد خلت من قبلکم الخ میں حشر کے روز کا واقعہ بیان فرماتا ہے کہ اُن کے لئے حکم ہوگا ان کو اُن سے پہلے جو گمراہ اُمتیں گزریں ہیں اُن کے ساتھ ملاکر جہنم میں داخل کرو یہاں تک کہ جب سب وہاں جا پڑیں گے تو پچھلے لوگ خدا تعالےٰ سے عرض کریں گے کہ اے پروردگار! ہم کو تو اُن بڑے بزرگوں نے گمراہ کیا ہے بُری رسمیں چلا گئے تھے ہم اُن پر چلے اُن کو زیادہ عذاب دے۔ اُن کے مقتدا کہیں گے کہ اُن کو ہم پر کیا فوقیت ہے یہ بھی گمراہی میں شریک اور مساوی ہیں اُنھوں نے ہمارا کیوں اتباع کیا؛ حکم ہوگا کہ تم میں سے ہر ایک کو ہر اُن زیادہ عذاب ہے تم کو معلوم نہیں کہ دوسرے فریق کو بھی ایسا ہی روز افزوں عذاب ہو رہا ہے۔ پچھلی آیتوں میں اُن کی یہ اُمید بھی توڑ دی کہ کبھی تو نجات ہوگی۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَا
اور جو ایمان لائے اور اُنھوں نے اچھے کام کئے اور
نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ
ہم کسی کو اُس کی طاقت سے زیادہ حکم بھی نہیں دیتے وہی اہل جنت
الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۴۲﴾ وَنَزَعْنَا
ہیں۔ جو اُس میں ہمیشہ رہا کریں گے۔ اور اُن کے دلوں
مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ تَجْرِيْ مِنْ
کی رنجشوں کو بھی ہم دُور کر دیں گے اُن کے نیچے نہریں
تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ ۚ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ
بہتی ہوں گی۔ اور وہ کہیں گے کہ سب تعریفیں اُس اللہ تعالےٰ کے لئے
الَّذِيْ هَدٰىنَا لِهٰذَا ۫ وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ
ہیں کہ جس نے ہم کو اس کی رہنمائی کی۔ اور ہم تو کبھی راہ نہ پاتے
لَوْلَآ اَنْ هَدٰىنَا اللّٰهُ ۚ لَقَدْ جَآءَتْ
اگر اللہ تعالےٰ ہم کو ہدایت نہ کرتا[1] بے شک ہمارے پاس ہمارے رب کے
رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ۭ وَنُوْدُوْٓا اَنْ تِلْكُمُ
رسول حق دین (حق) لے کر آئے۔ اور (وہاں) اُن کو سنا دیا جائے گا کہ تم

اَلْجَنَّةُ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ
اس جنت کے وارث کئے گئے ہو اُن عملوں کی وجہ سے جو تم
تَعْمَلُوْنَ ﴿۴۳﴾
کیا کرتے تھے۔

ترکیب

والذین مبتدا اولئک الخ خبر لانکلف جملہ معترضہ ما موصولہ مع صلہ مفعول نزعنا۔ من غل اس کا بیان۔ تجری الخ جملہ حال صدورہم کی ضمیر سے والعامل معنی الاضافۃ وما کنا الخ جملہ حال ہے ان ہدانا بتاویل مصدر محل رفع میں ہے مبتدا ہو کر کس لئے کہ لولا کے بعد جو اسم واقع ہوتا ہے وہ ایسا ہی ہوتا ہے جواب لولا محذوف دلالت کرتا ہے اس پر لہتدی۔ ان تلکم ان مفسرہ ہے اور مخففہ بھی ہو سکتا ہے تب اس کا اسم محذوف ہوگا اور اس کے بعد کا جملہ خبر ہوگا تقدیرہ انہ تلکم الجنۃ یہ اوّل صورت میں بیان ہوگا ندارہ کا۔

تفسیر

جب کہ اہل شقاوت کا مآل کار بیان فرما چکا تو اُس کے بعد اہل سعادت کا حال بیان فرماتا ہے اگرچہ اوّل آیت میں اجمالاً اُن کا کچھ حال بیان کیا تھا کہ لاخوف علیہم ولاہم یحزنون جیسا کہ کافروں کا بھی اجمالاً حال کھول دیا تھا کہ اولئک اصحاب النار ہم فیہا خالدون۔ لیکن ہنوز کان مشتاق تھے کہ اصحاب النار اور اصحاب الجنۃ کی کچھ اور بھی تفصیل فرمائی جاوے اس لئے کفار کے حال کی تفصیل فرما کر مومنوں کے حال کی تفصیل فرماتا ہے۔ والذین آمنوا وعملوا الصلحت کہ جو ایمان لائے اور اُنھوں نے اچھے کام بھی کئے ہیں (اور چونکہ اچھے

[1] یعنے جنت میں آنے کا رستہ بتایا اگر وہ نہ چاہتا تو اُس کا رستہ نہ بتلاتا یوں ہی بھٹکتے بھٹکتے مرجاتے جہنم میں جا گرتے ۱۲ منہ

Marfat.com

کاموں کا ذکر آیا تو اُس کے ساتھ ہی جملہ معترضہ میں یہ بھی کہدیا کہ ہم کسی کو طاقت سے بڑھ کر تکلیف بھی نہیں دیتے یعنے جن اعمالِ صالحہ پر دارالخلد ملتا ہے وہ کچھ ایسے بھاری اور مشکل بھی نہیں) وہ اہلِ جنّت ہیں اور یہ بات بھی نہیں کہ جنت میں سے نکالے جانے کا یا موت کا کھٹکا لگا ہو بلکہ ہم فیہا خالدون کہ وہ وہاں ہمیشہ رہیں گے حیاتِ ابدی اُن کو نصیب ہوگی اور یہ بات بھی نہ ہوگی کہ وہاں درجاتِ متفاوتہ دیکھ کر کم رُتبہ والے کو بڑے رُتبہ والے پر رشک و حسد آوے اور پھر یہی کوفت قلبی اُس کے تمام عیش کو سرد کردے جیسا کہ دنیا میں بعض لوگوں کے پاس تندرستی فراخ دستی آرام کے سامان مہیّا ہوتے ہیں مگر پھر بھی کسی کے حسد و رشک میں یا کسی کاوش میں ایسا مبتلا ہوتا ہے کہ اُس کے یہ سب لذائذ اس کی آنکھوں میں ہیچ ہوجاتے ہیں اور وہ اُن سے متمتّع نہیں ہوسکتا برخلاف عالمِ قدس کے کہ نزعنا ما فی صدورہم من غلٍّ کہ ہم اُن کے دلوں کو بھی اس خباثت سے پاک کردیں گے کسی پر حسد[1] و رشک باہم کینہ و رنج کچھ نہ ہوگا دنیا کی رنجشیں بھی دُور ہوجاویں گی۔ تجری من تحتہم الانہار اُن کے عمدہ اور نفیس باغوں اور محلوں سے نہریں بہتی ہوں گی۔ اُس کے فضل و رحمت اور انواعِ مکاشفات اور ہر قسم کی سعادت روحانیہ کے چشمے اور انہار اُن کے قدموں کے تلے سے بہیں گے۔ اُن نازونعیم میں وہ ہمیشہ اللہ تعالےٰ کی ستایش کیا کریں گے وقالوا الحمد للہ الذی ہدانا و ما کنا لنہتدی لولا ان ہدانا اللہ الخ کہ سب طرح کی ستائش اُس اللہ تعالےٰ کے لئے ہے کہ جس نے ہم کو اُس کی رہنمائی کی یعنے ہمارے دل میں راہ راست کی طرف خواہش پیدا کی جو ہم کو اس دارالخلد میں لایا ع۔ انبیاءِ جنت کی سیدھی سڑک ہے جنت میں وہ تمام نعمتے آنکھی دیکھ کر کہ جن کی رسولوں نے خبر دی تھی تصدیق کریں گے اور کہیں گے کہ خدا تعالےٰ کے فرستادوں نے جو کچھ کہا تھا سب

وقف لازم

حق ہے پھر وہاں منادی آواز دے کر کہے گا کہ یہ جنت تمہارے اعمال کا بدلہ ہے جو اُس نے اپنے فضل سے تمہارے اعمال پر مرتب کیا، اللّٰھم ارزقنا الجنۃ بلا حساب۔

وَنَادٰٓى اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ اَصْحٰبَ النَّارِ

اور اہلِ جنت دوزخیوں سے پکار کر کہیں گے کہ

اَنْ قَدْ وَجَدْنَا مَا وَعَدَنَا رَبُّنَا حَقًّا

ہم نے تو جو کچھ ہمارے رب نے ہم سے وعدہ کیا تھا اُس کو حق پایا

فَهَلْ وَجَدْتُّمْ مَّا وَعَدَ رَبُّكُمْ حَقًّا

پھر کیا تم نے بھی جو کچھ تم سے تمہارے رب نے وعدہ کیا سچا پایا۔

قَالُوْا نَعَمْ ۚ فَاَذَّنَ مُؤَذِّنٌۢ بَيْنَهُمْ

وہ کہیں گے ہاں۔ پھر کوئی منادی اُن میں پکار کر کہے گا کہ

اَنْ لَّعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۴﴾

ظالموں پر اللہ تعالےٰ کی پھٹکار۔

الَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

وہ جو لوگوں کو اللہ تعالےٰ کے رستہ سے روکتے

وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ۚ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ

اور اُس میں کجی نکالتے تھے۔ اور وہ آخرت سے بھی

كٰفِرُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَبَيْنَهُمَا حِجَابٌ ۚ وَعَلَى

منکر تھے۔ اور دوزخ و جنت کے درمیان حجاب ہوگا۔ اور اعراف پر

الْاَعْرَافِ رِجَالٌ يَّعْرِفُوْنَ كُلًّا

ایسے لوگ ہوں گے کہ جو ہر فریق کو اُن کے آثار سے پہچانتے

بِسِيْمٰهُمْ ۚ وَنَادَوْا اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ

ہوں گے۔ اور وہ اہلِ جنت کو پکار کر کہیں گے کہ

اَنْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ ۚ لَمْ يَدْخُلُوْهَا وَهُمْ

السلام علیکم اور وہ ہنوز جنت میں داخل نہ ہوئے ہوں گے اور

يَطْمَعُوْنَ ﴿۴۶﴾ وَاِذَا صُرِفَتْ اَبْصَارُهُمْ

اُس کی آرزو میں ہوں گے۔ اور جب اُن کی نظریں دوزخیوں

[1] بہشت آنجا کہ آزارے نباشد ۱۲

تِلْقَآءَ اَصْحٰبِ النَّارِ ۙ قَالُوْا رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا
کی طرف پھریں گی تو کہیں گے کہ اے ہمارے رب! ہم کو
مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۷﴾ وَنَادٰٓى اَصْحٰبُ
ظالم لوگوں کے ساتھ میں نہ کیجیو۔ اور اعراف والے اُن لوگوں کو
الْاَعْرَافِ رِجَالًا يَّعْرِفُوْنَهُمْ بِسِيْمٰهُمْ
(دوزخیوں کو) کہ جن کو وہ اُن کے آثار سے پہچانتے ہوں گے پکار کر
قَالُوْا مَآ اَغْنٰى عَنْكُمْ جَمْعُكُمْ وَمَا كُنْتُمْ
(یہ) کہیں گے کہ نہ تو تمہارے جتھے ہی کچھ کام آئے اور نہ تمہارا
تَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۴۸﴾ اَهٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ
تکبر کرنا۔ کیا یہ وہی لوگ ہیں کہ جن کی نسبت
اَقْسَمْتُمْ لَا يَنَالُهُمُ اللّٰهُ بِرَحْمَةٍ ؕ
تم نے قسم کھا کر کہا تھا کہ اُن پر اللہ تعالیٰ کچھ بھی رحمت نہ کرے گا۔
اُدْخُلُوا الْجَنَّةَ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمْ وَ
(اے فقرائے اسلام) چلے جاؤ جنت میں نہ تم پر کچھ خوف ہے اور نہ
لَآ اَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ ﴿۴۹﴾ وَنَادٰٓى اَصْحٰبُ
تم کو کوئی رنج ہوگا۔ اور دوزخی اہل جنت
النَّارِ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ اَنْ اَفِيْضُوْا عَلَيْنَا
کو پکاریں گے کہ ہم پر کچھ پانی ڈال دو
مِنَ الْمَآءِ اَوْ مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ ؕ قَالُوْٓا
یا جو کچھ تم کو اللہ تعالیٰ نے دیا ہے (اُس میں سے کچھ دے دو) اہل جنت جواب
اِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَهُمَا عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿۵۰﴾
دیں گے کہ ان دونوں چیزوں کو اللہ تعالیٰ نے کافروں پر حرام کر دیا ہے۔
الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَهُمْ لَهْوًا وَّلَعِبًا
(اور اُن پر) کہ جنھوں نے اپنا دین کھیل اور کود بنا رکھا تھا اور اُن کو

وَّغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۚ فَالْيَوْمَ
زندگی دنیا نے فریب میں ڈال رکھا تھا۔ پس آج ہم بھی اُن کو
نَنْسٰىهُمْ كَمَا نَسُوْا لِقَآءَ يَوْمِهِمْ هٰذَا ۙ
ویسا ہی بھول گئے جیسا کہ وہ اپنے اس روز کے پیش آنے کو بھول گئے تھے
وَمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ ﴿۵۱﴾
اور جیسا کہ وہ ہماری آیتوں سے انکار کرتے تھے۔

ترکیب

نادٰی فعل اصحٰب الجنۃ فاعل اصحٰب النار مفعول ان مفسرہ جو بیان ندا کرتا ہے حقاً وجدنا کا مفعول ثانی ہے۔ ماوعد ربکم مفعول اوّل وعدکم بقرینہ اوّل کلام محذوف۔ بینہم اذّن یا مؤذّن سے متعلق۔ ان مفسرہ اذّن کی تفسیر کے لئے۔ الذین الظالمین کی صفت، یعرفون رجال کی* قالوا تفسیر ہے نادٰی اصحٰب الاعراف کی۔ اٰہؤلاء جملہ قالوا کا بیان ہے اور اشارہ ہے اہل الجنۃ کی طرف خطاب کفار سے ہے۔

تفسیر

اس جگہ اہل جنت و اہل دوزخ کی باہم گفتگو کا ذکر کرتا ہے کہ جس سے حسرت ٹپکتی ہے۔ کہ اہل جنت دوزخیوں سے پکار کر کہیں گے کہ لو جی ہم نے تو جو کچھ ہمارے رب نے ہم سے وعدہ کیا تھا برحق پالیا تم نے بھی جو کچھ تم سے وعدہ کیا تھا برحق پایا؟ وہ جواب دیں گے ہاں تب ایک فرشتہ آواز دے کر کہے گا کہ لعنت ہے خدا کی ظالموں پر جو لوگوں کو دنیا میں اللہ تعالیٰ کی راہ سے روکتے تھے اور اُس میں کجی نکالتے تھے اور آخرت کے بھی منکر تھے۔

ع ۵ ۸ ۱۲

ع تلقاء اصل میں مصدر ہے اور بکسر تاء بہت ہی کم مصدر آتے ہیں جیسا کہ تبیان۔ ہاں اسماء بہت ہیں جیسا کہ تمساح اور تمثال اور جگہ تلقاء منصوب ہے ظرف مکان ہونے کی وجہ سے بمعنی ناحیۃ ۱۲ منہ ۱ یعنے متکبر اور دولتمند کافروں سے جو بڑے اتراتے تھے اعراف والے کہیں گے ۱۲ منہ ۲ جو جنت میں غریب مسلمان ہیں ۱۲ منہ ۳ یعنی اہل اعراف اُن فقرائے اسلام سے کہ جن کے حق میں دنیا میں کفار نے قسمیں کھا کر یہ کہا تھا الزام دینے کے بعد یہ کہیں گے کہ خود اُن کافروں پر اللہ تعالیٰ کی رحمت نہیں ہوئی سو تم جنت میں بلا خوف داخل ہو جاؤ ۱۲ منہ ۴ یعنے پانی اور کھانے کو

Marfat.com

یہاں ایک شبہ ہوتا ہے کہ جنت تو عالم قدس ہے جو آسمانوں سے بھی بالا ہے اور جہنم سب سے نیچے کے طبقے میں ہے پھر یہ باہم بات چیت کیونکر ہو گی؟

اس کا جواب یہ ہے کہ اس عالم قدس میں بُعد و مسافت ادراک و ابصار کو مانع نہیں۔ وہ اپنی جنت کی کھڑکیوں سے مُنہ نکال کر وہیں بیٹھے بات چیت کر سکیں گے۔ وبینہما حجاب وعلی الاعراف رجال الخ اب یہاں سے اور بھی جنت و دوزخ کے حالات کی تصریح کرتا ہے کہ جس سے وہاں کی اچھی طرح کیفیت ناظر کو معلوم ہو تاکہ دنیا اور اس کے لذائذ فانیہ پر لات مار کر عالم باقی کا شوق دل میں جوش زن ہو اور وہاں کے عذاب دائمی سے دل میں خوف پیدا ہو۔ جنت اور دوزخ کے درمیان ایک حدّ فاصل حجاب ہو گا جس کا ذکر اس آیت میں بھی آیا ہے فضرب بینہم بسور لہٗ باب گو جنت اور دوزخ میں بہت کچھ فاصلہ ہے مگر تاہم عالم قدس اور عالم ظلمات کے درمیان ایک حدّ فاصل ضرور ہے جس کو حجاب اور دیوار سے تعبیر کیا ہے نہ یہ مراد کہ اُن کے درمیان کوئی اینٹ گارے کی ایسی دیوار چُنی ہو گی جیسی کہ آس پاس کے دو گھروں میں دیوار ہوتی ہے۔

اعراف، عرف کی جمع ہے جس کے معنے بلند مکان کے ہیں اور اسی لئے عُرف الدیک گھوڑے اور مُرغ کی چوٹی کو کہتے ہیں جو جسم میں مرتفع ہوتی ہے۔ علماء کے اعراف کے بیان میں دو قول ہیں (اوّل) جمہور کا قول ہے کہ اعراف سے اُس حجاب یا دیوار مذکور کی چوٹیاں مراد ہیں اور ابن عباسؓ سے بھی یہی منقول ہے (دوم) حسن بصریؒ اور زجاج کا ایک قول ہے اعراف بمعنی معرفۃ، علی الاعراف لے علی معرفۃ اہل الجنۃ والنار رجال یعرفون کل احد من اہل الجنۃ والنار بسیماہم (کبیر) کہ اہل جنت و دوزخ کے پہچاننے کے لئے خدا تعالےٰ ایسے لوگ وہاں مقرر کرے گا کہ جو ہر ایک کو اُن کے علامات سے پہچانتے ہوں گے۔ پھر اُس کی تفصیل میں چند قول ہیں، ایک جماعت یہ کہتی ہے کہ وہ اعلیٰ طبقہ کے لوگ ہوں گے کہ جو ملائکہ ہیں یا انبیاء علیہم السلام یا شہداءؓ غرض وہ لوگ ہوں گے جو دُنیا میں خدا تعالےٰ کے گواہ تھے جو ہر اہل خیر ایماندار متقی اور اہل شر مُشرک کافر فاسق کو پہچانتے تھے۔ قیامت کے روز اللہ تعالےٰ ان کو اعراف یعنی بلند مقامات پر بٹھلا کر ہر ایک اہل خیر و اہل شر کا انجام کار جنت و دوزخ دکھائے گا اور گویا وہ عدالت آسمانی میں ہر ایک اہل خیر و اہل شر کے لئے سچی سچی شہادت دینے کے لئے خدا تعالےٰ کے مقرر گواہ ہوں گے جو بلند کرسیوں پر بیٹھے ہوں گے جب تمام کا فیصلہ ہو چکے گا تب وہ جنّت میں جاویں گے لم یدخلوہا وہم یطمعون کے یہی معنے ہیں کہ قبل فیصلہ فریقین جنت میں نہ جائیں گے مگر اُس کا اُن کو یقین ہے کہ بعد میں داخل ہوں گے۔ طمع بمعنے یقین بھی آتی ہے کما فی قولہ تعالےٰ حکایۃً عن ابراہیم علیہ السلام والذی اطمع ان یغفر لی خطیئتی یوم الدین وذالک الطمع کان طمع یقین۔ سو وہ اہل جنت کو بطور مبارک باد کے کہیں گے سلام علیکم کہ تم پر خدا تعالےٰ کی سلامتی ہو۔ اور جب اُس مقام سے اُن کی آنکھ جہنمیوں کی طرف پھرے گی تو خدا تعالےٰ کی پناہ مانگیں گے کہ الٰہی! تو ہم کو اس ظالم گروہ سے دُور رکھیو۔ پھر اُن میں سے اُن لوگوں کو کہ جن کو وہ دنیا میں پہچانتے تھے باواز بلند یہ کہیں گے بطور ملامت و سرزنش کہ اے فلاں! اے فلاں! آج کے دن تمہاری جمیع مال وزر کہ جس کے لئے تم دین کو برباد کرتے تھے اور تمہاری وہ جمعیت لوکر چاکر لشکر فوج یار عوان برادری کے جتھے جن پر تم کو بڑا گھمنڈ تھا کچھ بھی کام نہ آئے۔ اہل جنت میں سے اُن غریب و مفلسوں کی طرف اشارہ کر کے (کہ جن کو کفّار دنیا میں اپنی شوکت و حشمت مال وجاہ سے ذلیل و حقیر سمجھتے اور اُن کی نسبت قسم کھا کر کہتے تھے کہ اللہ تعالےٰ اُن پر آخرت میں بھی کچھ رحمت نہ کرے گا) یہ کہیں گے کہ لو دیکھو یہی ہیں وہ کہ جن کی نسبت تم ایسا ایسا کہتے تھے۔ اے اہل جنّت! تم جنّت میں رہو نہ تم پر کچھ خوف ہے نہ کچھ غم ہو گا۔ بعض مفسّرین کہتے ہیں کہ ادخلوا الجنۃ اہل اعراف کی طرف خطاب ہے کہ

اعراف کی بحث

Marfat.com

فریقین کا فیصلہ ہو چکا تو اب تم بھی جنت میں چلو آرام کرو۔ تمھیں بھی نہ کچھ خوف ہے نہ غم کیوں کہ دوزخیوں کو دیکھ کر ڈرتے اور دعا کرتے تھے کہ کہیں ان میں نہ بلائے جائیں۔

دوسری جماعت یہ کہتی ہے کہ اہل اعراف وہ لوگ ہیں کہ جن کی نیکی اور بدی مساوی ہو گی نہ جنت کے قابل ہوں گے نہ دوزخ کے جیسا کہ اہل الصلوٰۃ جیسے فساق یا اطفال مشرکین یا جو بغیر اجانت والدین کے جہاد میں جا کر شہید ہوئے سو اُن کو خدا تعالےٰ جنت و دوزخ کے درمیان ایک بلند مکان پر جگہ دے گا کہ جو فریقین کا حال دیکھیں گے دوزخیوں کو دیکھ کر ڈریں گے اور پناہ مانگیں گے کہ الٰہی ان میں ہمیں داخل نہ کیجیو اور اہل جنت کو دیکھ کر ایک عجیب آرزو کے ساتھ اُن کو سلام کریں گے اور دل میں جنت کی آرزو رکھتے ہوں گے آخر اللہ تعالےٰ اُن کو اپنے فضل و کرم سے جنت میں جگہ دے گا۔ ادخلوا الجنۃ لا خوف علیکم ولا انتم تحزنون یہ قول حذیفہ اور ابن مسعود رضی اللہ تعالےٰ عنہما کا ہے اور بعض احادیث سے بھی ایسا ہی ثابت ہوتا ہے۔ اس پر عبارت قرآنیہ کے لحاظ سے اعتراض ہو سکتا ہے کہ آیات مذکورہ میں بعض الفاظ چسپاں نہیں ہوتے اوّل لفظ ان تکم الجنۃ اور تستمو ہا بما کنتم تعملون کہ جنت اعمالی کی وجہ سے ملے گی اور جب اُن کے اعمال جنت کے قابل نہیں تو فضل سے ملنا کیسا؟ دوم اصحاب الاعراف ہونا اس بات کو چاہتا ہے کہ یہ لوگ بلند مقام پر بٹھلائے جاویں گے جس سے عزت سمجھی جاتی ہے اور جب اُن کی نیکی بدی سے زیادہ نہ ہوئی بلکہ مساوی جس لئے یہ ہنوز جنت میں داخل نہ کئے گئے تو پھر یہ عزت کیسی؟ لیکن ان اعتراضوں کے جواب بھی بہت سہل ہیں اوّل کا یوں کہ اور تستمو ہا بما کنتم تعملون ایک قوم معین سے خطاب ہے نہ کہ سب سے۔ دوسرے کا جواب یہ ہے کہ بلند مقامات پر بٹھلانے سے تعظیم و شرف نہیں سمجھا جاتا بلکہ وہ ایک مرتبہ ہے جنت و دوزخ کے درمیان اور اس کی بلندی جہنم کے گڑھے سے ہے نہ کہ جنت سے، وفیہ مافیہ۔

اس کے بعد خدا تعالےٰ نے اہل جنت و اہل دوزخ کی ایک مسرتناک گفتگو نقل کرتا ہے جس کے سننے سے بدن کے روئیں کھڑے ہوتے ہیں وہ یہ کہ نادی اصحٰب النار اصحٰب الجنۃ ان افیضوا علینا من الماء او مما رزقکم اللہ، دوزخی جنتیوں سے نہایت عاجزی سے سوال کریں گے کہ جہنم کی گرمی اور اس کے شعلوں نے ہمارے دل بھون ڈالے پھر کچھ پانی ڈال دو یا جو کچھ خدا تعالےٰ نے تم کو دیا ہے اوپر سے وہی پھینک دو۔ اہل جنت اُن کے جواب میں کہیں گے ان اللہ حرمہما علی الکافرین کہ خدا تعالےٰ نے یہ چیزیں کافروں پر حرام کر دی ہیں۔ پھر آگے اُن کے صفات بیان کرتے ہیں۔ اوّل الذین اتخذوا دینہم لہوًا ولعبًا کہ جنھوں نے اپنا دین دنیا میں کھیل کود بنا رکھا تھا عمر گرانمایہ کو کس لہو و لعب میں صرف کیا۔ دوم غرتہم الحیوٰۃ الدنیا کہ اُن کی حیات دنیا نے ان کو دھوکے میں ڈال دیا تھا اُسی کے تجمّلات و لذائذ میں مصروف تھے فالیوم ننسٰہم کما نسوا لقاء یومہم ہذا الآیۃ سو آج ہم بھی اُن سے یونہی پہلو تہی کریں گے جیسا کہ وہ کرتے تھے۔

وَلَقَدْ جِئْنٰهُمْ بِكِتٰبٍ فَصَّلْنٰهُ عَلٰى

اور بے شک ہم نے ان کو وہ کتاب پہنچا دی ہے کہ جس کو ہم نے خبرداری سے

عِلْمٍ هُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۵۲﴾

کھول کر بیان کر دیا جو ہدایت اور رحمت ہے ایمانداروں کے لیے۔

هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا تَاْوِيْلَهٗ ؕ يَوْمَ

کیا وہ اس کے آنے ہی کا انتظار کر رہے ہیں۔ جس دن اس کا

يَاْتِيْ تَاْوِيْلُهٗ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ نَسُوْهُ

وقت آ جائے گا تو جو اس کو پہلے سے بھولے ہوئے ہیں کہنے

مِنْ قَبْلُ قَدْ جَآءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا

لگیں گے کہ تحقیق ہمارے رب کے رسول ہمارے پاس سچی بات لائے

بِالْحَقِّ ۚ فَهَلْ لَّنَا مِنْ شُفَعَآءَ فَيَشْفَعُوْا

تھے۔ پھر ہمارے معبودوں میں سے کوئی ہے کہ ہماری سفارش کرے

لَنَآ اَوْ نُرَدُّ فَنَعْمَلَ غَيْرَ الَّذِيْ كُنَّا

یا ہم واپس بھیجے جائیں تاکہ ہم جو کچھ کرتے تھے اس کے برخلاف

Marfat.com

نَعْمَلُ ؕ قَدْ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ

کریں۔ بے شک انھوں نے آپ اپنا ستیاناس کیا اور جو کچھ کہ وہ

مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۵۳﴾ ع

(دل سے) گھڑ لیا کرتے تھے سب گیا گزرا ہوا۔

ع ۶ ۱۳

ترکیب

بکتاب بذریعہ ب مفعول ثانی جئنا کا کیونکہ یہ بمعنے اتینا ہوگیا۔ فصّلناہ اُس کی صفت علیٰ علم بمعنے عالمین حال ہے فاعل فصّلنا سے ہدًی ورحمۃً کتاب سے حال ہیں یوم ظرف ہے یقول کا قد جاءت جملہ مقولہ ہے۔ اسی طرح فہل لنا۔ فیشفعوا منصوب ہے جواب استفہام کی وجہ سے۔ او نردّ مرفوع ہے معطوف ہے موضع من شفعاء پر۔

تفسیر

اہلِ جنّت کے درجات اور اہلِ دوزخ کے حالات اور اہلِ اعراف کے مقالات و کلمات کا ذکر عالمِ غیب کی ایسی خبر ہے کہ جس تک عقل کی بغیر مددِ الہامِ الٰہی ہرگز رسائی نہیں اور ایسی باتیں بیان کرنا ہادیٔ برحق کا اوّل کام ہے تاکہ انسان اپنے انجام سے خبر پاکر سعادت کی طرف مائل ہو۔ اس لئے ان آیات میں یہ بات ظاہر فرماتا ہے کہ اے لوگو! تم ان باتوں میں ہرگز شک نہ کرو کیونکہ ہم نے تمھارے پاس ایک ایسی کتاب یعنی قرآن بھیجا ہے کہ جس میں کمالِ علم سے ہم نے ہر ایک کی تفصیل کر دی۔ منجملہ اُن کے عالمِ آخرت کے یہ حال بھی ہیں کہ جن کو سُن کر منکرینِ حشر تکذیب کرتے ہیں کیونکہ جو شقی ازلی اور کور باطن ہیں اُن کو خدا تعالےٰ کے نوشتوں اور اُس کے فرستادوں پر یقین نہیں آتا سو اس کتاب سے اُن کو بے نصیبی ہے۔ یہ تو ایمانداروں کے لئے ہدایت اور رحمت ہے جو اُس کی برکتوں سے حصّہ پاتے اور اُس کی کسی بات میں بھی شک نہیں لاتے ہیں۔ برخلاف اُن بدنصیبوں کے جن کے دلوں کو حبِّ مال و جاہ اور خواہش لذائذِ جسمانیہ نے دنیا پر مائل کر دیا ہے اُن کے کان اس کا سُننا بھی پسند نہیں کرتے کہ یہ نعمتیں اور یہ یہ عیش و نشاط کے سامان چھوڑ کر کسی اور جہان میں جانا اور وہاں اپنے اعمال کی سزا پانا ہے اور پھر وہاں ہمیشہ رونا پیٹنا ہے نعمتوں کی جگہ زقوم، سرد پانی کی جگہ کھولتا پانی پینا اور دہکتی آگ میں جلنا ہے۔ اور سُنتے بھی ہیں تو کب یقین کرتے ہیں بلکہ یہی کہنے لگتے ہیں کہ جب دیکھیں گے تو مانیں گے ہل ینظرون الّا تاویلہ کے یہی معنے ہیں (تاویل مرجع اور کسی چیز کا انجام و مصیر من قولہم آل الشیٔ یؤل) ایسی خیالی باتیں اور ڈر کے سُنا ہی کرتے ہیں اس کے جواب میں فرماتا ہے۔ یوم یاتی تاویلہ الخ کہ جس روز اُس کتاب کی تاویل یعنی جو کچھ اس میں قیامت کے حالات کے متعلّق لکھا ہے ظاہر ہوگا اور وہ وقت آجائے گا تو پھر ایمان لانا ہی کیا فائدہ دے گا۔ تب تو اس کا مشاہدہ کر کے خود بخود وہ لوگ جو اس کو دنیا میں بھُولے ہوئے تھے یہ کہیں گے کہ ہمارے ربّ کے رسولوں نے جو کچھ کہا تھا برحق نکلا۔ پھر وہاں اصلاحِ نفس اور تکمیل کی مہلت کہاں؟ اس لئے اپنے اعمالِ بد کے بدنتیجہ کو پاکر یہ کہیں گے کہ ہائے آج کوئی ہے کہ ہماری سفارش کرے تاکہ ہم اس عذابِ ابدی سے نجات پاویں یا ہم کو دوبارہ دُنیا میں بھیجا جاوے کہ وہاں جاکر تکمیلِ نفس اور اسبابِ سعادت حاصل کریں مگر یہ نہ ہوگا اُنھوں نے آپ اپنے تئیں خسارہ میں ڈال دیا اور اب اُن کی وہ تمام من سمجھوتیاں جاتی رہیں۔ آنکھ کھُلی تو کچھ اور ہی دیکھا۔

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

(لوگو!) تمھارا رب وہی اللہ تعالیٰ ہے کہ جس نے آسمانوں اور زمین کو

وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى

چھ روز میں بنا دیا پھر عرش پر

عَلَى الْعَرْشِ قف يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ

جا بیٹھا۔ وہی رات کو دن کی پوشش بناتا ہے

يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا ۙ وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَ

جو اُس کے پیچھے پیچھے دوڑتی چلی آتی ہے اور اسی نے آفتاب اور چاند اور

ز ڈھانکتا ہے رات کو دن سے۔

عہ حاشیہ صفحہ ۳۹۳ پر ملاحظہ ہو۔

Marfat.com

النُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۭ بِاَمْرِهٖ ؕ اَلَا لَهُ
ستارے (بنائے) جو اس کے حکم کے پابند ہیں۔ دیکھو اسی کا کام ہے پیدا
الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ ؕ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ
کرنا اور حکم دینا۔ مبارک ہے اللہ تعالیٰ جو تمام جہان کا
الْعٰلَمِيْنَ ﴿۵۴﴾ اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا
پرورش کرنیوالا ہے۔ اپنے رب کو عاجزی سے اور آہستہ
وَّخُفْيَةً ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿۵۵﴾ ج
پکارو۔ کیونکہ وہ حد سے بڑھنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔
وَلَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ بَعْدَ
اور ملک میں اس کے درست ہوجانے کے بعد خرابی نہ
اِصْلَاحِهَا وَادْعُوْهُ خَوْفًا وَّطَمَعًا ؕ
کرو اور اسی کو خوف اور امید سے پکارو۔
اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۵۶﴾
کیونکہ اللہ تعالیٰ کی رحمت نیک لوگوں کے ساتھ لگی ہوئی ہے۔

ترکیب

ربکم اسم ان اللہ الخ خبر یغشی جملہ مستانفہ اس کا فاعل ضمیر راجع اللہ کی طرف۔ اللیل مفعول اول النہار مفعول ثانی۔ والشمس والقمر الخ معطوف ہیں السموات پر مسخرات ان سے حال ہے بامرہ مسخرات سے متعلق ہے تضرعا وخفیۃ حال ہیں فاعل ادعوا سے اسی طرح خوفا وطمعا۔ قریب مذکر آیا بلحاظ رحمۃ مؤنث کا صیغہ نہ آیا وزن فعیل ہونے کی وجہ سے۔

تفسیر

مسائل معاد کے بعد وہ دلائل بیان فرماتا ہے کہ جن سے اللہ تعالیٰ کا وجود اور اس کا ہر ایک چیز پر قبضہ و اقتدار ثابت ہو تاکہ مسائل معاد کی تقویت ہوجائے عہ اور قرآن علم مبدء کے بعد معاد اور معاد کے بعد مبدء اور مسائل نبوت اور توحید کو یکے بعد دیگرے لاتا ہے۔

ان ربکم اللہ آسمانوں اور زمین کے حالات و تغیرات حرکات و سکون اختلاف کواکب اس بات کو ثابت کر رہے ہیں کہ یہ چیزیں از خود نہیں ہیں ضرور ان کو کسی حکیم و علیم نے بنایا ہے (چھ روز میں)۔ معلوم ہوا کہ اس کائنات کا بنانے والا ہر صفت میں مخلوق سے نرالا اللہ تعالیٰ ہے۔ آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے کے بعد ثم استوی علی العرش عرش پر قائم ہوا۔ اس جملہ کو خدا تعالیٰ نے حسب موقع سات جگہ قرآن میں ذکر فرمایا ہے (۱) یہاں (۲) سورۃ یونس میں (۳) رعد میں (۴) طٰہٰ میں (۵) فرقان میں (۶) سجدہ میں (۷) حدید میں ؛ اور احادیث میں بھی اس قسم کے الفاظ جناب باری تعالیٰ پر اطلاق کئے گئے ہیں۔ اس لئے فرقہ کرامیہ وغیرہ میں اہل بدعت نے ان لفظوں کو حقیقی معنے میں تسلیم کرکے خدا تعالیٰ کے لئے عرش یعنی تخت پر بیٹھنا ثابت کیا ہے۔ اور ان کے مقلدین نے تو فی زماننا یہ غلو کیا ہے کہ عرش اور اس پر بیٹھنے کے معنے جو اجسام سے مختص ہیں تسلیم کرلئے ہیں حالانکہ یہ بالکل غلط فہمی ہے۔ اولاً تو یوں کہ اگر اس جملہ کو حقیقی معنے پر محمول کیا جاوے تو سورۃ انعام میں جو ہو اللہ فی السموات آیا اور اس کے بعد آپ ہی آسمانوں کی چیزوں کو اپنی ملک فرمایا بقولہ قل لمن ما فی السموات والارض قل اللہ جس سے آپ اپنی ملک ہونا لازم آتا ہے اور نیز اور آیات وجہ اللہ ویداللہ کو اور ان احادیث کو کہ جن میں خدا تعالیٰ کا مصلے کے سامنے ہونا اور کنوئیں میں ڈول ڈالتے وقت اسی پر گرنا آیا ہے حقیقت پر محمول کرنا پڑے گا جس سے عرش کی خصوصیت باطل ہوکر اور بہت سی جگہوں میں خدا تعالیٰ کا ہونا ثابت ہوگا جس کا کوئی بھی اہل اسلام قائل نہیں اور اگر ان کو آیات و صفات

عہ (حاشیہ ص۳۹۲) قال اللیث الحث الاعجال یقال حثثت فلانا فاحتث فہو حثیث ومحثوث ای مجد سریع یعنی حث کے معنے جلدی کرنا حثیث جلدی کرنے والا دوڑنے والا منہ عہ کیونکہ اللہ تعالیٰ تمام جہان زمین و آسمان کا پیدا کرنیوالا قادر و علیم موجود ہے تو اس نے جو کچھ انسان کے مرنے کے بعد ظہور میں آنے کا وعدہ کیا ہے وہ بھی حق ہے اور اس کا اس عالم میں جزا و سزا دینا ممکن اور قابل پذیرائی ہے ۱۲ منہ

Marfat.com

متشابہات قرار دے کر مجازی معنے پر محمول کریں گے تو اس جملہ کو بھی مجازی معنے پر محمول کرنے سے کون مانع ہے۔ ثانیاً یوں کہ علاوہ بیشمار دلائل عقلیہ کے (منجملہ اُن کے ایک یہ ہے کہ اگر خدا تعالےٰ عرش پر بیٹھا ہو تو اُس کے لئے جسمانیت ثابت ہو، دوم اگر استوےٰ کے معنے استقر کے لئے جاویں تو ثم کا لفظ اس بات کو ثابت کرے گا کہ آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے سے پہلے خدا تعالےٰ کس چیز پر بیٹھا تھا اور کاہے پر کھڑا ہوا تھا اور اب اگر ہر وقت عرش پر بیٹھا رہتا ہے اور عرش کی حرکتِ دوری سے کبھی نیچے کبھی اوپر ہونے کی تکلیف بھی اُٹھاتا ہے تو پھر پچھلی رات کو اُس سے نیچے کیوں اُتر آتا ہے؟ اور زمین پر نمازی کے سامنے کیوں آ کھڑا ہوتا ہے وغیر ذالک) بہت سے دلائل نقلیہ آیات واحادیث اُس کی تنزیہ وتقدیس پر دلالت کرتی ہیں جن سے اس جملہ کے معنے مجازی لینے پڑے۔ اس سے آیت میں اور دیگر مقامات میں ماسبق و مالحق کو خیال کیا جاوے تو صاف معنے اس کے یہ ہوں گے کہ اُس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا پھر وہ استوےٰ علے العرش اے حصل لہٗ تدبیر المخلوقات علیٰ ماشاء وارادالخ اے استویٰ علے العرش الملک والجلال (کبیر) تمام کائنات کی تدبیر و تصرف کی طرف متوجہ ہوا پھر عرش یعنی تخت ملک وجلال پر بیٹھا۔ قفال کہتے ہیں العرش فی کلامہم ہو السریر الذی یجلس علیہ الملوک ثم جعل العرش کنایۃ عن نفس الملک یقال ثل عرشہ اے انتقض ملکہ وفسد واذا استقام لہٗ ملکہٗ واطرد امرہٗ وحکمہٗ قالوا استوےٰ علے عرشہ و استقر علے سریر ملکہ۔ کیونکہ اس کے بعد فرماتا ہے یغشی اللیل النہار کہ وہ رات کو دن سے بدلتا ہے کہ رات کے پیچھے دن اور دن کے پیچھے رات دوڑتی چلی آتی ہے۔ اور آفتاب و ماہتاب و ستارے سب اُس کے حکم پر مسخر ہیں۔ ہر ایک ایک خاص بات پر مامور ہے جس سے وہ سرتابی نہیں کر سکتا۔ اس میں تمام عالم کا انتظام سربستہ ہے سو یہ بات بغیر قادرِ مطلق کے ممکن نہیں اتفاقی امور میں یہ انتظام کہاں؟ چونکہ عالم وجود کی دو قسم ہیں ایک جسمانیات خواہ علویات یا سفلیات وافلاک وکواکب وعناصر جو محسوس ہوتے ہیں جن کو خلق کہتے ہیں۔ دوسری روحانیات ملائکہ و ارواح ونفوس اور اُن کی تدابیر وانتظامات جو بظاہر انسان کو دکھائی نہیں دیتے جن کو عالم امر کہتے ہیں اس لئے اس کے بعد اوّل عالم کے انتظامات واختیارات کو الالہ الخلق میں دوسرے عالم کو جس کی خبر انبیاء نے دی ہے (کہ ہزاروں فرشتے آفتاب کو کھینچتے ہیں، بادلوں کو ملائکہ ہانکتے ہیں، علےٰ ہذا القیاس) والامر میں بیان فرمایا۔

بعد اس کے کہ اپنا خالق وقادر ہونا ثابت کر چکا بندوں کو تین حکم دیتا ہے جو اصولِ احکام ہیں۔ اوّل ادعوا ربکم کہ اپنے رب تعالیٰ کو پکارو آہستہ اور عاجزی سے یعنے خلوصِ دل سے نہ کہ غل مچا کر دکھانے کو۔ دوم زمین پر فساد نہ مچاؤ اس میں تمام حقوق العباد وحقوق اللہ آ گئے۔ سوم ادعوہ خوفاً وطمعاً کہ خوف بھی رکھو اور اس سے امید بھی رکھ کر اُسے پکارو اُس کی مرحمت اجابت کے لئے پاس کھڑی ہوئی ہے۔

وَهُوَ الَّذِي يُرْسِلُ الرِّيَاحَ بُشْرًا بَيْنَ

اور وہی تو ہے جو اپنی رحمت (بارش) سے پہلے خوش کرنے کو ہوائیں چلاتا

يَدَيْ رَحْمَتِهِ ۖ حَتَّىٰ إِذَا أَقَلَّتْ سَحَابًا

ہے۔ یہاں تک کہ جب ہوائیں بھاری بھاری بادلوں کو اٹھا

ثِقَالًا سُقْنَاهُ لِبَلَدٍ مَّيِّتٍ فَأَنزَلْنَا بِهِ

لاتی ہیں تو ہم ان کو کسی مردہ شہر کے لئے رواں کر دیتے ہیں پھر ہم اس ابر سے پانی

الْمَاءَ فَأَخْرَجْنَا بِهِ مِن كُلِّ الثَّمَرَاتِ

برساتے ہیں۔ پھر ہم اس سے ہر قسم کے پھل نکالتے ہیں۔

كَذَٰلِكَ نُخْرِجُ الْمَوْتَىٰ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ ﴿٥٧﴾

اسی طرح ہم مُردوں کو زندہ کر دیں گے تاکہ تم سمجھو

وَالْبَلَدُ الطَّيِّبُ يَخْرُجُ نَبَاتُهُ بِإِذْنِ

اور ستھری جگہ اپنے رب کے حکم سے اپنا سبزہ

عہ عطاء نے کہا ہے کہ آمین دعاء ہے اور دعاء کا آہستہ اور خفیہ کرنا بہتر ہے اس لئے آمین کا نماز میں خفیہ کہنا ہی بہتر ہے جیسا کہ امام ابو حنیفہؒ فرماتے ہیں ۱۲ منہ

لہ یعنے خشک زمین کی طرف ان بادلوں کو روانہ کر دیتے ہیں۔ خشک زمین کو مُردہ سے تعبیر کیا گیا ۱۲

Marfat.com

رَبِّهٖ ۚ وَالَّذِیْ خَبُثَ لَا یَخْرُجُ اِلَّا نَكِدًا ؕ

اُگاتی ہے۔ اور جو گندی ہے تو بجز حقیر چیز کے اور کچھ نہیں اُگاتی۔

كَذٰلِكَ نُصَرِّفُ الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ

یوں پھیر پھیر کر ہم شکر کرنے والوں کے لئے دلائل بیان

یَّشْكُرُوْنَ ﴿۵۸﴾

کرتے ہیں۔

لَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰی قَوْمِهٖ فَقَالَ یٰقَوْمِ

ہم نے نوح کو اُس کی قوم کی طرف بھیجا سو اُس نے کہا اے قوم!

اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَیْرُهٗ ؕ

اللہ تعالیٰ کی عبادت کیا کرو اُس کے سوا تمہارا اور کوئی معبود نہیں۔

اِنِّیْۤ اَخَافُ عَلَیْكُمْ عَذَابَ یَوْمٍ عَظِیْمٍ ﴿۵۹﴾

مجھے تمہاری نسبت بڑے دن کے عذاب کا خوف ہے۔

قَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِهٖۤ اِنَّا لَنَرٰىكَ فِیْ

اُس کی قوم کے سرداروں نے کہا ہم تو تجھے صریح گمراہی میں پڑا ہوا

ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ﴿۶۰﴾ قَالَ یٰقَوْمِ لَیْسَ

دیکھتے ہیں۔ (نوح نے) کہا اے قوم! میں تو کچھ بھی بہکا ہوا

بِیْ ضَلٰلَةٌ وَّلٰكِنِّیْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ

نہیں لیکن میں تو ایک رسول ہوں پروردگار عالم کی

الْعٰلَمِیْنَ ﴿۶۱﴾ اُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّیْ وَ

طرف سے۔ جو تم کو اپنے رب کے پیغام پہنچاتا

اَنْصَحُ لَكُمْ وَاَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا

تمہارا بھلا چاہتا ہوں اور خدا تعالیٰ کے ہاں کی میں وہ باتیں جانتا ہوں جو تم

تَعْلَمُوْنَ ﴿۶۲﴾ اَوَعَجِبْتُمْ اَنْ جَآءَكُمْ

نہیں جانتے۔ کیا تم کو اس بات سے تعجب ہوا کہ تمہارے پاس

ذِكْرٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَلٰی رَجُلٍ مِّنْكُمْ

تمہارے رب کی طرف سے نصیحت پہنچی تم ہی میں سے ایک شخص کی معرفت

لِیُنْذِرَكُمْ وَلِتَتَّقُوْا وَلَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۶۳﴾

تاکہ وہ تم کو متنبہ کرے اور تاکہ تم پرہیزگار ہو جاؤ اور تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔

فَكَذَّبُوْهُ فَاَنْجَیْنٰهُ وَالَّذِیْنَ مَعَهٗ

سو انھوں نے اُس کو جھٹلایا پھر ہم نے اُس کو (نوح کو) اور جو لوگ کہ اُس کے ساتھ کشتی میں

فِی الْفُلْكِ وَاَغْرَقْنَا الَّذِیْنَ كَذَّبُوْا

تھے بچا لیا اور جنھوں نے ہماری آیتیں جھٹلائیں اُن کو

ترکیب

بُشْرًا ب اور ش دونوں کے ضمہ سے یہ جمع ہے بشیر کی جیسا کہ قلیب و قلب اور تخفیف کے لئے بسکون شین بھی پڑھا گیا ہے اور بعض نے ب کی جگہ ن بھی پڑھا ہے یہ حال ہے الریاح سے سحاب جمع سحابۃ اور اس لئے اس کی صفت میں ثقال جمع کا صیغہ آیا۔ نکدًا کمتر و حقیر۔

تفسیر

اس کے بعد عالم سفلے سے اپنے وجود اور قدرت کاملہ پر دلائل بیان فرما کر انھیں دلائل سے دوسرے اہم مسئلہ حشر بالاجساد کو بھی ثابت کرتا ہے کہ جس طرح ہم اپنی قدرت سے سبزہ اُگاتے ہیں اسی طرح حشر کے روز تم کو زمین سے دوبارہ پیدا کریں گے اور اس بات کی طرف بھی اشارہ کرتا ہے کہ جس طرح ابر رحمت ہر جگہ یکساں برستا ہے مگر زمین کی قابلیت کے موافق نباتات اُگتے ہیں اچھے سے اچھے اور بُرے سے بُرے، اسی طرح قرآن مجید اور نبوّت کا ابر رحمت برابر فیض رساں ہے مگر جو زمین گمراہ ہیں جن میں مادہ ہدایت نہیں وہ اس سے فیضیاب نہیں ہو سکتے جن کو قابلیت ہے وہ فیضیاب ہوتے ہیں۔ ہواؤں میں تصرّف کرنا کہ کبھی شمالی اور تھوڑی دیر میں جنوبی چلانا پھر بادلوں کا اُٹھانا اور بلد میّت یعنی خشک شہر یا زمین سے طرح طرح کے نباتات ایک ہی پانی سے پیدا کرنا اسی کے یدِ قدرت کا کام ہے۔

ف اما البلد فکل موضع من الارض عامرا وغیر عامر خالٍ او مسکونٍ فھو بلد و

الطائف۔ منہ بلدۃ والجمیع البلاد والفلاۃ تسمی بلدۃ۔ قال الاعشی ؎ وبلدۃ مثل ظھر

الترس موحشۃ ؛ للجن باللیل فی حافاتھا جلب ؛ ۱۲ منہ

Marfat.com

ع ۱۵

بِاٰيٰتِنَا اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا عَمِيْنَ ﴿۶۴﴾

غرق کر دیا۔ کیونکہ وہ ایک اندھی قوم تھی۔

ترکیب

من الٰہ غیرہ من زائدہ الٰہ مبتدا لکم خبر غیرہ کو بالرفع پڑھا جاوے تو الٰہ کی صفت ہوگی علی الموضع یا وہ اس کے موضع سے بدل جیسا کہ لا الٰہ الا اللہ فی ضلال مبین مفعول ثانی لنراک اگر اس کو رویت قلبی لیا جاوے ورنہ حال۔ انتم کم جملہ مستانفہ اور محط المعجز رسول کی صفت بھی ہو سکتا ہے لان الرسول ہو الضمیر فی لکنی فی الفلک حال ہے ضمیر معہ سے۔

تفسیر

مسائل مبدء و معاد اور ان کے دلائل ظاہرہ و براہین باہرہ کے بعد پھر انبیاء علیہم السلام کے قصے ان چند فوائد کے لئے بیان فرماتا ہے۔ اوّل یہ کہ سرکشی اور انبیاء علیہم السلام سے سرتابی کچھ محمد علیہ السلام کی قوم کی ہی عادت خاصہ نہیں بلکہ ہمیشہ سے لوگ انبیاء کے ساتھ ایسا کرتے چلے آتے ہیں۔ دوم یہ کہ منکرین ہمیشہ سے انجام کار دنیا کی پھٹکار اور عذاب نار میں مبتلا ہوتے ہیں سو یہ بھی ہوں گے۔ سوم یہ کہ حضرت محمد علیہ السلام نے باوجود یکہ نہ کوئی کتاب پڑھی نہ کسی استاد موثق کی صحبت پائی پھر انبیاء علیہم السلام کے اس قدر مفصل صحیح صحیح حالات۔ بیان کرنا بطور مورخین بلکہ ان نتائج کے ساتھ کہ جن کے سننے سے روح کپ کپا اٹھتی ہے ایک معجزۂ عظیمہ ہے جس سے معلوم ہوا کہ یہ اسی علام الغیوب کا کام ہے جس کا یہ نبی ہادی کا ذانام ہے۔ اس میں آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نبوت

عہ کیونکہ آدمؑ کا قصہ اسی سورۃ میں بیان ہو چکا ہے ۱۲ منہ عہ یہ واقعہ تیرہ سو بھری (سنہ ۱۳۰۰) کا ہے جس کو اردو انگریزی اخبارات نے بار بار بیان کیا ہے ۱۲ منہ

کی بھی ایک بڑی بھاری اور مستحکم دلیل ہے اہل انصاف اور حق پسندوں کے لئے۔ ان آیات میں جو کچھ رموز و اشارات ہیں اور جو کچھ انبیاء علیہم السلام کا حسن تعلیم ہے وہ بیان سے باہر ہے اور نیز مطالب بھی ان آیات کے بہت صاف اور واضح ہیں کچھ شرح کی حاجت نہیں کہ نوح علیہ السلام نے اپنی قوم کو توحید شریعت الٰہی کی کئی سو برس تک تعلیم کی مگر بجز چند اشخاص کے قوم نے نہ مانا اس لئے ان پر طوفان آیا کہ سب کے سب پانی میں غرق ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ نے صرف نوح علیہ السلام اور ان کی اولاد اور ان چند ایماندروں کو اور کچھ جانوروں کو ایک کشتی میں کہ جس کو حضرت نوحؑ نے بامر الٰہی بنایا تھا بچا لیا۔ نوح علیہ السلام اور ان کی قوم غالباً ملک آرمینیا و ایشیائے کوچک میں آباد تھی۔ چنانچہ چند سال ہوئے کہ ان پہاڑوں کی چوٹیوں پر برف میں دبی ہوئی ایک کشتی دکھائی دیتی تھی جس کے دیکھنے کو دور دراز کے سیاح اور مورخ خصوصاً اہل یورپ آئے تھے۔ اس کشتی کی نسبت اکثر کا یہی گمان ہے کہ یہ نوحؑ کی کشتی ہے۔

وَاِلٰى عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا ۭ قَالَ يٰقَوْمِ

اور قوم عاد کی طرف ان کے بھائی ہودؑ کو (بھیجا)۔ اس نے کہا اے قوم!

اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ

اللہ کی عبادت کیا کرو اس کے سوا تمہارا کوئی معبود

اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۶۵﴾ قَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ

نہیں۔ پھر کیوں نہیں ڈرتے؟ اس کی قوم کے کافر سرداروں

كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖٓ اِنَّا لَنَرٰىكَ فِيْ

نے کہا ہم تو تجھے بیوقوفی میں پڑا دیکھتے

سَفَاهَةٍ وَّاِنَّا لَنَظُنُّكَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۶۶﴾

ہیں اور ہم تو تجھ کو جھوٹوں میں سے سمجھتے ہیں۔

قَالَ يٰقَوْمِ لَيْسَ بِيْ سَفَاهَةٌ وَّلٰكِنِّيْ

اس نے (ہود نے) کہا اے قوم! مجھ میں تو کچھ بھی بیوقوفی نہیں لیکن

Marfat.com

رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٦٧﴾ اُبَلِّغُكُمْ
میں تو پروردگار عالم کی طرف سے ایک رسول ہوں۔ کہ تم کو اس کے

رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَاَنَا لَكُمْ نَاصِحٌ اَمِيْنٌ ﴿٦٨﴾
پیغام پہنچاتا ہوں، اور میں تو تمھارا امانت دار خیر خواہ ہوں۔

اَوَعَجِبْتُمْ اَنْ جَآءَكُمْ ذِكْرٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ
کیا تم کو اس بات سے تعجب ہوا کہ تمھارے پاس تمھارے رب کی طرف سے

عَلٰى رَجُلٍ مِّنْكُمْ لِيُنْذِرَكُمْ ؕ وَاذْكُرُوْٓا
تمھارے ڈرانے کے لئے تمھیں میں کے ایک شخص کی معرفت نصیحت پہنچی۔ اور (اللہ کی ان

اِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَآءَ مِنْۢ بَعْدِ قَوْمِ نُوْحٍ
نعمتوں کو) یاد کرو جب کہ تمھیں قوم نوح کے بعد جانشین کیا

وَّزَادَكُمْ فِي الْخَلْقِ بَصْۜطَةً ۚ فَاذْكُرُوْٓا
اور تن توش میں بھی اور لوگوں سے زیادہ کیا۔ پس اللہ تعالیٰ کے

اٰلَآءَ اللّٰهِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿٦٩﴾ قَالُوْٓا
احسان یاد کرو تاکہ تم کو فلاح ہو۔ وہ بولے

اَجِئْتَنَا لِنَعْبُدَ اللّٰهَ وَحْدَهٗ وَنَذَرَ مَا
کیا تو ہمارے پاس اسی لئے آیا ہے کہ ہم اکیلے اللہ کی عبادت کیا کریں اور جس کو ہمارے

كَانَ يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَا ۚ فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ
باپ دادا پوجتے تھے اس کو چھوڑ دیں پھر تو جس سے ہم کو ڈراتا ہے دیدے

اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿٧٠﴾ قَالَ قَدْ
اگر سچا ہے تو لے آ۔ (ہود نے) کہا تم پر تو

وَقَعَ عَلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ رِجْسٌ وَّغَضَبٌ ؕ
تمھارے رب کی طرف سے بلا اور غضب آ گیا۔

اَتُجَادِلُوْنَنِيْ فِيْٓ اَسْمَآءٍ سَمَّيْتُمُوْهَآ
کیا تم مجھ سے ان ناموں میں جھگڑتے ہو کہ جو تم نے اور تمھارے باپ

اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ مَّا نَزَّلَ اللّٰهُ بِهَا
دادا نے رکھ لئے ہیں جن کی خدا تعالیٰ نے کوئی بھی سند نہیں

مِنْ سُلْطٰنٍ ؕ فَانْتَظِرُوْٓا اِنِّيْ مَعَكُمْ
اتاری۔ پس تم انتظار کرو میں بھی تمھارے ساتھ انتظار کر رہا ہوں گا

مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ﴿٧١﴾ فَاَنْجَيْنٰهُ وَالَّذِيْنَ
کیا انجام ہوتا ہے؟۔ پھر ہم نے اس کو اور اس کے ساتھیوں کو

مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَقَطَعْنَا دَابِرَ
تو اپنی رحمت سے بچا لیا اور ان لوگوں کی جڑ کاٹ ڈالی جنھوں نے

الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَمَا كَانُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿٧٢﴾
ہماری آیتیں جھٹلائیں تھیں اور وہ ماننے والے بھی نہ تھے۔

ترکیب

ہودًا بدل ہے اخاہم سے جو مفعول ہے فعل محذوف کا لے ارسلنا۔ ان جار کم تاویل مصدر مفعول ہے بجئتم کا من ربکم ذکر کی صفت یا حال۔ علےٰ رجل حال بھی ہو سکتا ہے لے نازلاً علےٰ رجل اوجار کم سے علےٰ المعنے متعلق بھی ہو سکتا ہے لانّہ فے المعنی نزل الیکم و فی الکلام حذف مضاف لے علیٰ قلب رجل اوعلےٰ لسان رجل۔ فے الخلق زادکم سے متعلق وحدہٗ مصدر حال ہے اللہ سے لے مفردا یا فاعل نعبد سے لے موحدین لہ و نذر معطوف ہے نعبد پر جو منصوب ہے انْ مقدرہ سے ماکان الخ نذر کا مفعول۔

تفسیر

یہاں سے دوسرا قصہ قوم عاد کا شروع ہوتا ہے۔ یہ ایک قوم بعد طوفان نوحؑ کے ملک عرب کے جنوبی حصّہ میں آباد تھی۔ یہ لوگ عاد بن عوص بن ارم بن سام بن نوحؑ کی اولاد میں سے تھے جو حضرت ابراہیم علیہ السّلام سے پیشتر تھا۔ عرب کا وہ جنوبی حصّہ کہ جس میں اُن کی سکونت تھی یمن کہلاتا ہے اس کا مسکن بمقام احقاف تھا کما قال تعالیٰ واذکر اخاعاد اذانذر قومہٗ بالاحقاف وقد خلت النذر اور یہ ایک ریگستان ہے جس کو رملِ عالج کہتے ہیں اُن کی وسعت آبادی عمان سے لے کر حضر موت تک تھی۔ لیکن یہ قوم نہایت شہ زور اور قد آور اور سرکش تھی، نہیں صرف نام ہی نام ہیں پھر اُن پر مجھ سے جھگڑتے ہو جن کی کوئی بھی سند نہیں ۱۲ منہ

لہ یعنی جو تم نے اور تمھارے بڑوں نے اپنے معبود بنا رکھے ہیں اُن کی اصل کچھ

Marfat.com

کما قال تعالیٰ واذکروا اذ جعلکم خلفاء من بعد قوم نوح وزادکم فی الخلق بسطۃ اس لئے اُن کی حکومت عرب کے اکثر حصّوں پر تھی اس قوم کو عادِ اُولےٰ بھی کہتے ہیں۔ یہ قوم بُت پرست تھی جنّ، بُتوں اور دیوتاؤں کی یہ پرستش کرتے تھے۔ منجملہ اُن کے ایک کا نام صدی اور ایک کا ہرد اور ایک کا ہبا۔ اس قوم کی ہدایت کے لئے خدا تعالےٰ نے اُنھیں کی قوم میں سے حضرت ہود علیہ السّلام کو نبی کرکے بھیجا جو عبداللہ بن رباح بن خلود بن عاد کے بیٹے تھے۔ انھوں نے سب سے اوّل اپنی قوم کو توحید کی تعلیم کی قال یٰقوم اعبدوا اللہ مالکم من الٰہ غیرہٗ اُس بدبخت اور متکبّر قوم نے اُن کو دیوانہ بتایا اور جھوٹا ٹھیرایا۔ اور کہا کہ کیا تیرے کہنے سے ہم اپنے سب معبودوں کو چھوڑ کر اکیلے خدا تعالےٰ کی پرستش کرنے لگیں گے اور اپنے باپ دادا کا دین چھوڑ دیں گے؟ اُس پر ہود علیہ السّلام نے اُن کو عذاب الٰہی سے خوف دلایا اور بہت کچھ سمجھایا مگر وہ کب ماننے والے تھے آخر یہی کہدیا کہ جس عذاب و قہر کا تُو وعدہ کرتا ہے اُسے لا تو سہی۔ اوّل بار خدا تعالےٰ نے اُن پر تین برس کا قحطِ شدید ڈالا جس سے وہ عاجز آگئے مگر ایمان تب بھی نہ لائے۔ اُس عہد میں عرب کی قوموں کا یہ دستور تھا کہ جب اُن پر کوئی سخت مصیبت آتی تو اپنے چند لوگوں کو مکّہ مکرّمہ میں خدا تعالےٰ سے دُعاء کرنے کو بھیجتے تھے اُس مقدّس جگہ میں اکثر دعاء قبول ہو جاتی تھی اس لئے اس قوم نے یہی کیا قیل بن عنز اور لقیم بن ہزال اور عبیل بن ضد اور مرثد ابن سعد کو (یہ شخص درپردہ حضرت ہود علیہ السّلام پر ایمان لے آیا تھا) مکّہ مکرّمہ بھیجا کہ وہاں جاکر اللہ تعالےٰ سے دُعاء کریں یہ لوگ مکہ مکرمہ میں آکر ایک شخص معاویہ بن بکر کے گھر پر ٹھہرے جو اُن کی قوم کا بھانجا اور نواسا تھا۔ اُس نے اُن کی خاطر تواضع کی مہینوں اُس کے گھر پر کھانے کھاتے، شراب پیتے رہے۔ اُس کی دو چھوکریاں گانے والیاں تھیں، اُن کا خوب ناچ دیکھتے رہے دُعاء وُعاء سب بھول گئے۔ وہاں یہ ہوا کہ خدا تعالےٰ نے ایک روز سیاہ ابر نمودار کیا جس کو وہ ریگستان کے قحط زدہ دیکھ کر بہت خوش ہوئے کہ ہٰذا عارض ممطرنا اس ابر سے ضرور پانی برسے گا۔ اور ابر کیا تھا قہرِ الٰہی تھا ایک سخت سیاہ آندھی اُٹھی ہوئی آتی تھی بل ہو ما استعجلتم بہ ریح فیہا عذاب الیم تدمّر کلّ شئی بامر ربّہا جب نزدیک آئی تو کیا دیکھتے ہیں کہ آدمی اُونٹ اور بڑے بڑے درخت چیلوں کی طرح آسمان میں اُڑ رہے ہیں۔ یہ دیکھ کر اپنے مکانوں اور امن کی جگہوں کی طرف دوڑے مگر قہرِ الٰہی سے کوئی کہاں بچ سکتا ہے۔ چھپّر اور مکان اُڑنے لگے، چھتیں اُڑ گئیں، دیواریں گر پڑیں کچھ تو وہیں تمام ہوئے اور جو گھبرا کر باہر نکلا تو آندھی کے طوفان نے بہت بلند اُٹھا کر پتھر یا زمین پر دے مارا گرتے ہی چُور چُور ہو گیا۔ یہ طوفانِ عظیم الشّان سات رات آٹھ دن برابر رہا کما قال اللہ تعالےٰ سخرہا علیہم سبع لیالٍ وثمانیۃ ایّام حسوماً (اے دائمۃ متتابعۃ) فترے القوم فیہا صرعےٰ کانہم اعجاز نخلٍ خاویۃ پھر تو وہ قوم عاد کے طویل القامۃ لوگ زمین پر کھجور کے پیڑوں کی طرح پچھڑے پڑے ہوئے تھے۔ حضرت ہود علیہ السّلام اور وہ لوگ جو اُن پر ایمان لائے تھے ایک جگہ محفوظ رہے اس تمام قوم کو اللہ تعالےٰ نے ہلاک کر دیا البتہ وہ لوگ جو اطرافِ مکّہ میں تھے بچ رہے جن کو عاد الآخرۃ کہتے ہیں (کذا قال العلامۃ الثعلبی[1] فی العرائس) اس کے بعد ایک شخص نے مکّہ مکرمہ میں اس واقعہ کی خبر دی وہ لوگ معاویہ کے پاس کھانا کھا رہے تھے اور باتیں کر رہے تھے کہ چاندنی رات میں شُتر سوار آتا ہوا دکھائی دیا جس نے آکر یہ جانکاہ حادثہ سُنایا اُنھوں نے پُوچھا ہودؑ کہاں ہے؟ اُس نے کہا وہ اور جو اُس پر ایمان لائے تھے زندہ و سالم سمندر کے کنارہ پر رہتے ہیں۔

قیل نے یہ سُنکر کہا کہ اب میں زندہ رہ کر کیا کروں گا جب کہ میری قوم ہی زندہ نہ رہی۔ اور مرثد نے اپنا ایمان ظاہر کر دیا اور یہ شعر کہے ؎ عصت عادٌ رسولہم فامسوا + عطاشاً ما تبلّہم السماءُ ؛ وسیّر وفدہم شہراً لیستحوا + فاردفہم مع العطش العناءُ ؛ بکفرہم بربہم جہاراً + علےٰ آثارہم عاد العفاءُ ؛ اس کے بعد وہ بھی

[1] ہو الامام العلامۃ ابو اسحٰق احمد بن محمد بن ابراہیم الثعلبی ۱۲ منہ

Marfat.com

حضرت ہود علیہ السلام سے جا ملا۔ بعض علماء کہتے ہیں کہ اس کے بعد ہودؑ مکہ معظمہ میں آرہے تھے ڈیڑھ سو برس کی عمر میں یہیں انتقال ہوا مطاف کعبہ میں مدفون ہیں۔ اطراف یمن میں اب تک سیاحوں کو پرانے آثار عبرت خیز دکھائی دیتے ہیں جو اس برباد شدہ قوم کی یادگار خیال کئے جاتے ہیں۔

وَإِلَىٰ ثَمُودَ أَخَاهُمْ صَالِحًا ۚ قَالَ يَا قَوْمِ
اور قوم ثمود کی طرف اُن کے بھائی صالحؑ کو بھیجا۔ (اس نے) کہا اے قوم!

اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُمْ مِنْ إِلَٰهٍ غَيْرُهُ ۖ
اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو کیونکہ اس کے سوا تمھارا اور کوئی معبود نہیں۔

قَدْ جَاءَتْكُمْ بَيِّنَةٌ مِنْ رَبِّكُمْ ۖ هَٰذِهِ
تمھارے پاس تمھارے رب کے ہاں سے دلیل بھی آچکی کہ یہ

نَاقَةُ اللَّهِ لَكُمْ آيَةً فَذَرُوهَا تَأْكُلْ
اللہ تعالیٰ کی اونٹنی تمھارے لئے نشانی (دینا) بھیجی گئی ہے) سو اس کو اللہ تعالیٰ کی

فِي أَرْضِ اللَّهِ وَلَا تَمَسُّوهَا بِسُوءٍ
زمین پر پڑی چرنے دو اور بُری طرح سے اس کو چھیڑنا بھی نہیں (ورنہ)

فَيَأْخُذَكُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿٧٣﴾ وَاذْكُرُوا
پھر تو تم پر عذاب الیم آپڑے گا۔ اور (اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو) یاد

إِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَاءَ مِنْ بَعْدِ عَادٍ وَبَوَّأَكُمْ
کرو جب کہ تم کو قوم عاد کے بعد جانشین کیا اور

فِي الْأَرْضِ تَتَّخِذُونَ مِنْ سُهُولِهَا قُصُورًا وَتَنْحِتُونَ الْجِبَالَ
تم کو زمین پر بسایا کہ تم نرم زمین میں محل بناتے ہو اور پہاڑوں میں کھود کر گھر بناتے

بُيُوتًا ۚ فَاذْكُرُوا آلَاءَ اللَّهِ وَلَا تَعْثَوْا
ہو۔ سو اللہ تعالیٰ کے احسانات یاد کیا کرو اور زمین میں فساد

فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ ﴿٧٤﴾ قَالَ الْمَلَأُ
مچاتے پھرو۔ اس کی قوم کے

الَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا مِنْ قَوْمِهِ لِلَّذِينَ
متکبر سرداروں نے غریب لوگوں سے جو ایمان لائے تھے

اسْتُضْعِفُوا لِمَنْ آمَنَ مِنْهُمْ أَتَعْلَمُونَ
(یہ) کہا کہ کیا تم صالحؑ کو اس کے رب کی طرف

أَنَّ صَالِحًا مُرْسَلٌ مِنْ رَبِّهِ ۚ قَالُوا
کا رسول جانتے ہو۔ انھوں نے کہا ہم تو

إِنَّا بِمَا أُرْسِلَ بِهِ مُؤْمِنُونَ ﴿٧٥﴾ قَالَ
جو کچھ اس کی معرفت بھیجا گیا ہے اس پر یقین کرتے ہیں۔ متکبروں نے

الَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا إِنَّا بِالَّذِي آمَنْتُمْ
کہا جس پر کہ تم ایمان لائے ہو ہم تو اس کے منکر

بِهِ كَافِرُونَ ﴿٧٦﴾ فَعَقَرُوا النَّاقَةَ وَ
ہیں۔ پھر تو انھوں نے اونٹنی کی کوچیں کاٹ ڈالیں اور

عَتَوْا عَنْ أَمْرِ رَبِّهِمْ وَقَالُوا يَا صَالِحُ
اپنے رب کے حکم سے سرکشی کی اور کہدیا کہ اے صالحؑ! اگر تو

ائْتِنَا بِمَا تَعِدُنَا إِنْ كُنْتَ مِنَ الْمُرْسَلِينَ ﴿٧٧﴾
رسولوں میں سے ہے تو جس چیز سے ہم کو ڈراتا ہے اس کو ہم پر لے آ۔

فَأَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَأَصْبَحُوا فِي دَارِهِمْ
پھر تو اُن کو زلزلے نے آلیا سو اپنے گھروں میں اوندھے پڑے

جٰثِمِينَ ﴿٧٨﴾ فَتَوَلَّىٰ عَنْهُمْ وَقَالَ يَا قَوْمِ
رہ گئے۔ پھر صالحؑ نے اُن سے اُلٹا پھر کر (یہ) کہا کہ اے قوم!

لَقَدْ أَبْلَغْتُكُمْ رِسَالَةَ رَبِّي وَنَصَحْتُ
بے شک میں تمھیں اپنے رب کا پیغام پہنچا چکا اور تمھیں نصیحت کر چکا تھا

لَكُمْ وَلَٰكِنْ لَا تُحِبُّونَ النَّاصِحِينَ ﴿٧٩﴾
لیکن تم تو نصیحت کرنے والوں کو پسند ہی نہیں کرتے تھے۔

ترکیب

من ربکم جار مجرور سے متعلق آیۃ حال ہے ناقۃ سے والعامل فیہ معنی الاشارۃ۔ تاکل مجزوم ہے کیونکہ جواب امر ہے جو فذروہا ہے فیاخذکم منصوب جواب نہی من سہولہا مفعول ثانی قصورًا اول تنحتون جو بمعنے تتخذون لیا جاوے تو الجبال مفعول ثانی ورنہ من محذوف مان کر اس کو فعل سے متعلق کیا جاوے۔

Marfat.com

اور بیوتاً کو مفعول قرار دیا جاوے۔ الملأ فاعل قال للذین اس سے متعلق لمن اٰمن بدل ہے للذین استضعفوا سے باعادۂ جار کقولک مررتُ بزید باخیک۔ اتعلمون الخ مقولہ بالذی کافرون سے متعلق ہے ان کنت شرط ائتنا بما تعدنا جملہ مقدم دال برجزاء جاثمین خبر فاصبحوا رسالۃ مفعول ثانی ابلغتُ کا۔

تفسیر

یہ تیسرا قصہ **قوم ثمود** کا بیان فرماتا ہے اس قوم نے جو ثمود بن عاد بن ارم بن سام بن نوحؑ کی اولاد تھی قوم عاد کے تھوڑے ہی دنوں بعد عرب کے شمالی و شرقی حصہ میں (جو مدینہ اور ملک شام کے درمیان ہے جس کو قدیم عرب **ملک حجر** کہتے تھے) نشو و نما پایا اور نمود شہرت حاصل کی تھی۔ ہجرت کے نویں سال جو آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام تبوک تک ہرقلیس شاہ روم کی خبر حملہ سن کر تیس ہزار لشکر لے کر گئے تھے تو رستہ میں قوم ثمود کے یہ مقامات بھی وادی القریٰ کے اطراف میں ملے تھے جہاں آپ نے حکم دیا تھا کہ یہ محل غضب الٰہی ہے یہاں کوئی نہ ٹھہرے اور اس سے پناہ مانگتا ہوا نکل چلے۔ قوم ثمود نے پہاڑ کھود کر عجیب و غریب مکانات بنائے تھے اور اسی طرح پہاڑوں کے نیچے نرم زمین میں بھی عجیب و غریب محل بنائے تھے۔ گرمی اور سردی کے جدا جدا مکانات تھے۔ اور یہ قوم نہایت مرفہ الحال تھی مگر بدنصیب بت پرست اور راہزن اور اعلاناً فاحش اور بدکار تھے۔ ان کی ہدایت کے لئے خدا تعالیٰ نے انھیں میں سے **حضرت صالحؑ** ابن عبید ابن حاذر ابن ثمود کو مبعوث کیا اور نبی بنا کر بھیجا۔ انھوں نے توحید و عبادت الٰہی کی تعلیم اور منادی کرنی شروع کی اور اپنی ایک اونٹنی کا معجزہ دکھا کر یہ کہا کہ یہ خدا تعالیٰ کی طرف سے تمہارے لئے نشانی ہے اس کو برائی سے نہ چھونا ورنہ عذاب الیم میں مبتلا ہو جاؤ گے۔ اس قوم کے دن بھی پورے ہونے کو تھے جو اپنے ہادی اور مصلح کے ساتھ بجائے اطاعت و فرمانبرداری کے تمسخر اور بدسلوکی سے پیش آئے اور اس اونٹنی کی کونچیں کاٹ کر کہا کہ لو اب لاؤ جس کا تم ڈر سناتے تھے۔ سو ان کو زلزلہ سے خدا تعالیٰ نے برباد کر دیا۔

ان آیتوں کا صرف اسی قدر مطلب ہے مگر یہ قصہ قرآن مجید میں کئی جگہ آیا ہے (اس لئے اس واقعہ اور عاد کے واقعہ کو عرب اپنے باپ دادا سے سنتے چلے آتے تھے اور گویا یہ واقعہ ان کی آنکھوں کے روبرو تھا) اس لئے ہم یہاں تین باتوں پر بحث کرنا مناسب جانتے ہیں تاکہ پھر آیندہ سمجھنے میں اشکال نہ رہے۔

(۱) وہ اونٹنی کس وجہ سے معجزہ تھی؟ قرآن مجید میں اس کی بابت کچھ تشریح نہیں مگر علماء نے اس کی وجہ مختلف بیان فرمائی ہے۔ بعض نے کہا اس وجہ سے کہ کفار نے حضرت صالحؑ سے یہ معجزہ طلب کیا تھا۔ چنانچہ اس قوم کے سردار جندعؓ بن عمرو نے کہا کہ اگر آپ فلاں پتھر میں سے ایک ایسی اونٹنی پیدا کر دیں جو خوب تیار ہو تو ایمان لاویں صالحؑ نے کہا اگر ایسا ہوا تو تم ایمان لاؤ گے۔ لوگوں نے اقرار کر لیا۔ صالحؑ نے خدا تعالیٰ سے دعاء کی اس سے ان کے دیکھتے دیکھتے ہی اس پتھر میں سے ایک عمدہ اونٹنی نمودار ہو گئی جو نہایت قدآور توانا تھی۔ یہ معجزہ دیکھ کر جندعؓ اور اس کی قوم کے چند آدمی تو ایمان لے آئے مگر اور لوگوں کو ذؤاب بن عمرو اور خباب نے بہکا دیا جو بتوں کے پوجاری تھے اور **شہاب** ابن خلیفہ کو بھی روک دیا جو اس قوم کا ایک معزز آدمی تھا چنانچہ اس امر میں کسی شاعر نے یہ شعر بھی کہے تھے ؎ وکانت عصبۃ من آل عمرو + الیٰ دین النبی دعوا شہابا + عزیز ثمود کلہم جمیعاً + فہمت ان یجیب ولو اجابا + لاصبح صالح فینا عزیزا + وما عدلوا بصاحبہم ذؤابا + ولکن الغواۃ من آل حجر + توالوا بعد رشدہم ذبابا +

بعض کہتے ہیں کہ اس سبب سے کہ جس روز وہ پانی پینے کو گھاٹ پر آتی تھی تو اس روز وہاں اور کوئی چارپایہ نہیں آتا تھا۔ اور اسی لئے ایک روز اس کے پانی پینے کا مقرر تھا تو دوسرا دن اور لوگوں کے مواشی کا جیسا کہ قرآن مجید میں آیا ہے لہا شرب ولکم شرب یوم معلوم۔

بعض کہتے ہیں کہ یہ وجہ تھی کہ جس قدر وہ پانی پیتی تھی اسی قدر

Marfat.com

دودھ لوگ اُس سے وہیں دوہ لیتے تھے، والعلم عند اللہ۔ مگر کوئی بات ہو ضرور وہ ایسی بات خلافِ عادت ہوگی کہ جس کی وجہ سے اس کو آیت اور کہیں ناقۃ اللہ کہا گیا ورنہ عام طور سے یا اسبابِ عادیہ میں سے کسی سبب یا صفت سے یہ اونٹنی ترجیح بلا مرجح اس لقب کا کیا استحقاق رکھتی تھی؟

(۲) اس کا بھی کچھ ذکر نہیں کہ اُس کی کوچیں کیوں کاٹیں اور کس نے کاٹیں؟ بلکہ صرف اس قدر آیا ہے کہ اُس قوم میں سے سب سے بدبخت نے اُس کی کونچیں کاٹیں، اس کی تفصیل علمائے مورخین نے یوں کی ہے کہ اس ناقہ سے لوگوں کے مواشی بھاگتے تھے جس سے اُن کو تکلیف ہوتی تھی اور نیز پانی بھی مواشی کے پینے میں کم آتا تھا اس قوم میں دو عورتیں ایسی تھیں کہ جن کے پاس سب سے زیادہ گائے بیل وغیرہ جانور تھے ایک کا نام عنیزہ بنت غنم تھا جو ایک بڑھیا عورت تھی اور اُس کی بیٹیاں جوان جوان نہایت خوب صورت تھیں اُس نے قُدار سے جو حرامی اور اپنی قوم میں شریر اور سینہ زور تھا یہ کہا کہ اگر تُو اس ناقہ کو مار ڈالے تو ان لڑکیوں میں سے جونسی پسند خاطر ہو میں تجھے دوں۔ اور ایک صدوق بنت محیا ابن مہر نہایت قبول صورت عورت تھی اُس کا خاوند صنیم بن ہراوہ حضرت صالحؑ پر ایمان لا چکا تھا اور اپنے مال میں سے اُس نے بہت کچھ مومنین کی پرورش میں صرف کیا تھا جب اُس کو خبر ہوئی تو نہایت ناراض ہوئی اور اس سے طلاق لے کر مصدع ابن مہرج ایک سرکش اور بدمعاش کی طرف ملتفت ہوئی کہ اگر تُو ناقہ صالحؑ کا کام تمام کرے تو میں تیرے کام میں آؤں۔ (کیا قدرتِ حق ہے ایک ہیں کہ دارِ آخرت کے مقابلہ میں اُس عورت کو چھوڑ بیٹھے دوسرے ہیں کہ دارِ آخرت کو چھوڑ کر اُس پر فریفتہ ہو گئے ؎ ایک ہم ہیں کہ ہوئے ایسے پشیماں بس + ایک وہ ہیں کہ جنھیں چاہ کے ارماں ہوں گے)۔ یہ دونوں بدمعاش آمادہ ہوئے اور اپنے ہمراہ اور سات بدمعاشوں کو شریک کیا کہ جنھوں نے ایک بار یہ تدبیر کی کہ رات میں صالح علیہ السلام کو گھر میں گھس کر مار ڈالو اور جو اُن کے اقارب پوچھیں تو مکر جاؤ،

کما قال تعالیٰ وکان فی المدینۃ تسعۃ رہط یفسدون فی الارض ولا یصلحون۔ پس سب سے اوّل قُدار نے تلوار سے ناقہ کے پاؤں زخمی کئے پھر دوسرے نے وار کیا تو زمین پر گر پڑی پھر سب نے مل کر ذبح کر ڈالا اور اس ناقہ کا بچہ یہ حال دیکھ کر آسمان کی طرف مُنہ اُٹھا کر زار زار روتا اور ڈکراتا تھا۔ اس کے بعد وہ اُس پہاڑ میں جا کر غائب ہو گیا۔ صالح علیہ السلام اس حال سے خبر پا کر سخت ملال کیا اور فرمایا کہ اے قوم! تمھارا وقت پُورا ہو گیا اب ضرور تم پر قہرِ الٰہی آتا ہے۔

(۳) قرآنِ مجید میں اُن کی ہلاکت کے بارے میں اس جگہ تو الرجفۃ یعنے زلزلہ ذکر ہوا ہے اور مقامات پر صیحۃ یعنی ایک سخت ہولناک آواز بیان ہوئی ہے۔ چنانچہ سورۂ ہُود میں یوں آیا ہے۔ فعقروہا فقال تمتعوا فی دارکم ثلثۃ ایام ذالک وعد غیر مکذوب۔ فلما جاء امرنا نجینا صالحاً والذین آمنوا معہ برحمۃ منا ومن خزی یومئذ ان ربک ہو القوی العزیز۔ واخذ الذین ظلموا الصیحۃ فاصبحوا فی دیارہم جاثمین۔ اور سورۃ الحاقۃ میں لفظ طاغیۃ آیا ہے واما ثمود فاہلکوا بالطاغیۃ۔ بعض ناواقفوں نے اس کو اختلافِ بیانی پر محمول کر کے قرآنِ مجید پر طعن کیا ہے۔ حالانکہ یہ اُن کی ناواقفی ہے۔ کیونکہ تینوں باتوں میں کچھ بھی اختلاف نہیں۔ کس لئے کہ اُس قوم پر دراصل زلزلہ شدید آیا تھا جس میں ہولناک آواز بھی تھی کہ جس سے روح پر صدمہ ہوتا تھا۔ سو اُن کو کبھی زلزلہ سے غارت کرنا اور کبھی آواز سے غارت کرنا فرمایا۔ کیونکہ دونوں باتیں اُن کی ہلاکت کا سبب ہوئی تھیں۔ اور لفظ طاغیۃ کے معنے حد سے گزرنے والی چیز کے ہیں سو وہ دونوں کو شامل ہے، زلزلہ کو بھی اور آوازِ خوفناک کو بھی۔ اس کی تفصیل مورخین نے یوں بیان کی ہے کہ ناقہ قتل ہونے کے بعد حضرت صالحؑ نے قوم سے کہا کہ لو اب تین روز تک تمھاری زندگی ہے اس میں دنیا کو برت لو تین روز کے بعد تم ہلاک ہو جاؤ گے۔ لوگوں نے تمسخر سمجھا اور اُس کی علامت پوچھی۔ فرمایا جمعرات کے دن جس کو تم مونس کہتے ہو علی الصباح تمھارے زرد مُنہ ہو جاویں گے،

Marfat.com

اور عروبہ[1] یعنے جمعہ کے روز سُرخ ہو جاویں گے اور پھر شبار یعنی ہفتہ کے روز سیاہ اور اتوار کے روز عذاب آوے گا۔ اور یہ بات بدھ کے روز کہی جس روز کہ اُنھوں نے ناقہ کو قتل کیا تھا۔ سو ویسا ہی ہوا اور اتوار کو ہنوز رات باقی تھی کہ زلزلۂ عظیم آیا اور اُس کے ساتھ نہایت ہیبتناک آواز نمودار ہوئی جس سے دوپہر تک بجز صالح علیہ السلام اور مؤمنین کے تمام قوم مرگئی جو گھروں میں اوندھے پڑے ہوئے تھے جن کے پاس حضرت صالحؑ نے آکر بڑی حسرت سے یہ کہا کہ اے قوم! میں نے تو تمھیں بہت کچھ سمجھایا لیکن تم کب سمجھتے تھے۔ اللہ تعالیٰ اپنے قہر و عذاب سے محفوظ رکھے، الامان بحرمۃ النبی الامی سید الانس والجان۔

ع ۱۰ ۱۲ ۱۷

وَلُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ

اور لوطؑ کو بھیجا جب کہ اُس نے اپنی قوم سے کہا تم کیا وہ بے حیائی کا کام

مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ اَحَدٍ مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۸۰﴾

کرتے ہو کہ جس کو تم سے پہلے جہان بھر میں کسی نے نہیں کیا۔

اِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ شَهْوَةً مِّنْ دُوْنِ

تم تو شہوت میں آکر عورتوں کو چھوڑ کر مردوں پر پلے پڑتے

النِّسَآءِ ؕ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ﴿۸۱﴾

ہو۔ بلکہ تم ایک بیہودہ قوم ہو۔

وَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا

اور اُس کی قوم کا بجز اس کہنے کے اور کچھ جواب نہ تھا کہ ان کو

اَخْرِجُوْهُمْ مِّنْ قَرْيَتِكُمْ ۚ اِنَّهُمْ اُنَاسٌ

اپنے گاؤں سے نکال دو۔ کیونکہ یہ لوگ پاکیزگی

يَّتَطَهَّرُوْنَ ﴿۸۲﴾ فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَهْلَهٗٓ اِلَّا

ڈھونڈھتے ہیں۔ پھر ہم نے اُس کو اور اُس کے کنبہ کو بچالیا مگر اس کی

امْرَاَتَهٗ ۖ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿۸۳﴾ وَ

بیوی کو کیونکہ وہ پیچھے رہ جانے والوں میں سے تھی۔ اور

حضرت لوطؑ کا تذکرہ

[1] ان کے محاورہ میں ایام کے یہ نام تھے ۱۲ منہ

اَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا ؕ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ

ہم نے اس قوم پر پتھر اور (گندھک کا) مینہ برسایا۔ پھر دیکھو تو گناہگاروں کا

عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۸۴﴾ ع

کیسا انجام ہوا؟

ترکیب

اذ قال اس کا عامل اذکر محذوف ما سبقکم جملہ حال ہے الفاحشۃ سے شہوۃ مفعول لہٗ ہے لتاتون کا یا مصدر موضع حال میں ہے۔ من دون النساء موضع حال میں ہے اے منفردین عن النساء بل اس جگہ ایک بیان سے دوسرے بیان کی طرف متوجہ ہونے کے لئے یا محذوف سے اضراب ہے اے ما عدلتم بل انتم مسرفون۔ جواب منصوب اس کا بیان آل عمران میں آچکا۔

تفسیر

یہ چوتھا قصہ حضرت لوط علیہ السلام کا ہے جو اپنے چچا حضرت ابراہیم علیہ السلام کے ساتھ حران میں آرہے تھے کسدیوں کے ملک سے جو بابل تھا اُن کے والد حاران اُن کی صغر سنی میں مرگئے تھے۔ پھر حران سے کوچ کرکے ملک کنعان میں سکم یعنی نابلس تک آئے اور بیت ایل کے پاس اپنا ڈیرا قائم کیا جب اس ملک میں قحط پڑا تو یہ سب ملک مصر کو چلے گئے وہاں جاکر لوطؑ اور ابراہیمؑ کے پاس مواشی اور نقد مال بہت کچھ جمع ہوا۔ تب پھر ملک کنعان میں واپس آئے۔ حضرت لوطؑ کو دریائے یردن کی ترائی کا ملک رہنے کو ملا اور وہ شہر صدوم میں جاکر رہے وہاں کے لوگ بت پرست اور نہایت بدکار تھے مردوں سے بدفعلی اُن میں رواج تھا۔ راستوں پر اور عام مجلسوں میں ناپاک اور گھنونے کام بے باکانہ کرتے تھے۔ حضرت لوطؑ اُن کو وعظ و پند کرتے تھے مگر یہ کب مانتے تھے اور اُن کے ساتھ عمورہ اور ضبیان اور دومہ کے لوگ بھی ایسے ہی بدکار تھے اور یہ بستیاں

Marfat.com

صدوم کے آس پاس تھیں وہاں کے بعض پہاڑوں میں گندھک کی کان تھی۔ جب حضرت لوطؑ اُن سے عاجز آئے اور بجائے توبہ کے اُن کی سرکشی حد سے بڑھ گئی تو تین فرشتے اوّل حضرت ابراہیم علیہ السلام کو امرد لڑکوں کی شکل میں دوپہر کے وقت جب کہ وہ خیمہ کے سامنے بیٹھے تھے نظر آئے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اُن کی مہمانی کی تیاری کی روٹیاں اور ایک بچھڑا پکا کر لائے لیکن اُنھوں نے نہ کھایا۔ تب حضرت ابراہیم علیہ السلام ڈر گئے کہ شاید دشمن ہوں۔ کیوں کہ دشمن اُس عہد میں اپنے مخالف کا کھانا نہیں کھاتا تھا۔ تب اُنھوں نے کہا کہ خوف نہ کرو ہم خدا تعالےٰ کے فرشتے ہیں صدوم کو غارت کرنے آئے ہیں۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کہا وہاں تو لوطؑ بھی ہے اور نیک لوگ بھی ہوں گے۔ اُنھوں نے کہا کہ لوطؑ کو محفوظ رکھیں گے اور وہاں پانچ شخص بھی نیک ہوں گے تو ہم غارت نہ کریں گے۔ پھر وہ وہاں سے چل کر صدوم میں شام کو شہر کے پھاٹک پر حضرت لوطؑ کو نظر آئے اور کہا ہم شب کو تیرے گھر مہمان رہیں گے۔ یہ خبر پاکر صدوم کے جوان سے بوڑھے تک حضرت لوطؑ کے گھر پر چڑھ آئے۔ حضرتؑ نے منّت کی اور کہا کہ اگر تمھیں میری بیٹیاں درکار ہوں تو اُن سے نکاح کر لو مگر میرے مہمانوں کو بے عزّت نہ کرو۔ آخر نہ مانا اور کواڑ توڑنے لگے۔ فرشتوں نے حضرت لوطؑ کو اندر کھینچ لیا اور پر جھاڑے جس سے وہ لوگ اندھے ہو گئے۔ فرشتوں نے حضرت لوط علیہ السلام سے کہدیا کہ علی الصباح یہ شہر غارت ہوگا تو اپنے کنبہ کو لے کر راتوں رات نکل جا، سو وہ نکل گئے مگر اُس کی بیوی جو کافرہ تھی پیچھے رہ گئی سو وہ نمک کا کھنبہ ہو گئی۔ اور صبح کو فرشتوں نے شہر کو اُلٹ دیا اور پھر گندھک اور آگ برسائی جس کا دھواں حضرت ابراہیم علیہ السلام نے دور سے اُٹھتے دیکھا، اس لئے اُن بستیوں کو المؤتفکات[عہ] کہتے ہیں۔

وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا ؕ قَالَ
اور مدین کی طرف اُن کے بھائی شعیبؑ کو بھیجا۔ اس نے کہا
يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ
اے قوم! اللہ تعالیٰ کی عبادت کیا کرو اس کے سوا تمھارا کوئی معبود
غَيْرُهٗ ؕ قَدْ جَآءَتْكُمْ بَيِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ
نہیں۔ تمھارے پاس تمھارے ربّ کی طرف کی حجّت آچکی ہے
فَاَوْفُوا الْكَيْلَ وَالْمِيْزَانَ وَلَا تَبْخَسُوا
پس ماپ اور تول کو پورا رکھو اور لوگوں کو اُن کی چیزیں
النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ وَلَا تُفْسِدُوْا فِى
کم کر کے نہ دیا کرو اور اصلاح ہو جانے کے بعد
الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ
ملک میں فساد نہ مچاؤ۔ یہ تمھارے لئے بہتر
لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۚ ﴿۸۵﴾ وَلَا تَقْعُدُوْا
ہے اگر تم کو ایمان ہے۔ اور تم ہر ایک
بِكُلِّ صِرَاطٍ تُوْعِدُوْنَ وَتَصُدُّوْنَ
(نیک) رستہ پر لوگوں کے دھمکانے کو اور جو اللہ تعالیٰ پر ایمان لایا اور
عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ بِهٖ وَتَبْغُوْنَهَا
اُس کو رستہ سے روکنے کو اور اس میں کجی پیدا کرنے کو نہ بیٹھا
عِوَجًا ۚ وَاذْكُرُوْٓا اِذْ كُنْتُمْ قَلِيْلًا
کرو۔ اور یاد کرو جب کہ تم کم تھے
فَكَثَّرَكُمْ ۪ وَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ
پھر تم کو بہت کر دیا۔ اور دیکھو مفسدوں کا کیسا
الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۸۶﴾
انجام ہوا۔
وَاِنْ كَانَ طَآئِفَةٌ مِّنْكُمْ اٰمَنُوْا بِالَّذِيْٓ
اور (جو کچھ احکام) مجھے دے کر بھیجا ہے اگر اس کو تم میں سے ایک گروہ نے
اُرْسِلْتُ بِهٖ وَطَآئِفَةٌ لَّمْ يُؤْمِنُوْا
مان لیا ہے اور دوسرے گروہ نے نہیں مانا ہے تو

عہ المنقلبات ۱۲ منہ

Marfat.com

فَاصْبِرُوْا حَتّٰى يَحْكُمَ اللّٰهُ بَيْنَنَا ۚ

صبر کرو یہاں تک کہ اللہ تعالےٰ ہم میں اور تم میں فیصلہ کردے۔

وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿۸۷﴾

اور وہی سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا ہے۔

ترکیب

ولا تبخسوا دو مفعول کی طرف متعدی ہے ایک الناس دوسرا اشیاءھم تو عدون و تصدّون حال ہیں ضمیر تقعدوا سے من امن تصدّون کا مفعول ۔ ابغی نقص۔ وان کان شرط فاصبروا جواب۔

تفسیر

یہ **پانچواں قصہ** حضرت شعیب علیہ السّلام کا ہے جو لوط کے واقعہ عبرت خیز کے بعد گزرا یہ مدین عرب کے شمالی و مغربی حصہ میں اُن بیابانوں میں ایک بستی ہے جہاں کہ حضرت موسیٰ علیہ السّلام قلزم کو عبور کرکے کوہ سینا اور اُس کے اطراف میں بنی اسرائیل کو لئے پھرتے تھے۔

مدین حضرت ابراہیم علیہ السّلام کے ایک بیٹے کا نام ہے جو ملکِ عرب میں آرہے تھے اس لئے اس بستی یا قبیلہ کو مدین کہتے تھے انھیں میں سے ایک شخص حضرت **شعیب** بن صیفون بن عیفا بن ثابت بن مدین بن ابراہیم علیہ السّلام کو نبی کرکے اُن میں بھیجا۔

ابن اسحٰق نے اُن کا نسب یوں بیان کیا ہے، شعیب بن میکائیل بن یشجر بن مدین بن ابراہیم) یہ وہی شعیبؑ ہیں کہ جن کے پاس حضرت موسیٰ علیہ السلام مصر سے بھاگ کر آئے تھے اور دس برس اُن کے ہاں رہے اور اُن کی صاحبزادی سے شادی کی جو پھر مصر کی طرف واپس جاتے وقت کوہ طور کے قریب خدا تعالےٰ کی تجلّی دیکھی اُن کو نبوّت ملی۔ شعیب علیہ السّلام کو یہودی محاورہ میں **یترو** بھی کہتے ہیں (ی۔ ت۔ ر۔ و) مدین اور اُس کے پاس ایک گنجان درختوں سے گھرا ہوا دوسرا گاؤں ایکہ بڑی شریر اور بُت پرست قوموں سے آباد تھا جو ناپ اور تول میں کمی بھی کرتے تھے اور معاملات میں دغابازی اُن کا عام دستور تھا۔ اور زمین پر ہر طرح سے فساد مچاتے پھرتے تھے۔ اور رستوں پر بیٹھ کر لوگوں کو ڈراتے اور رہزنی کرتے اور تکلیف دیتے تھے اور نیز لوگوں کو شعیبؑ کے پاس آنے سے بھی روکتے اور بہکا دیتے تھے کہ یہ دغاباز اور فریبی ہے اس کے آس پاس نہ جانا اور جاؤ تو اُس کا کہنا نہ ماننا۔ اور حضرتؑ کی تعلیم اور شریعت میں سیکڑوں جاہلانہ نکتہ چینیاں کرتے اور عیب لگاتے تھے۔ ان سب باتوں کو حضرت شعیب علیہ السّلام نے بڑے نرم لفظوں سے منع کیا اور توحید و خدا پرستی کی سب سے اوّل ہدایت کی کہ یٰقوم اعبدوا اللہ مالکم من الٰہ غیرہٗ۔ اور اس کے بعد اُن کو خدا تعالیٰ کا وہ احسان یاد دلایا جو اُن پر ہوا تھا کہ وہ لوگ پردیسی مدین کی نسل کے تھے جو بیگانے ملک میں آرہے تھے سو خدا تعالےٰ نے اُن کو بہت بڑھایا اذ کنتم قلیلاً فکثّرکم۔

Marfat.com

تفسیر حقانی

پارۂ قَالَ الْمَلَاُ ۹

قَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا
اس کی قوم کے سرکش سرداروں نے کہا کہ اے شعیبؑ!
مِنْ قَوْمِهٖ لَنُخْرِجَنَّكَ يٰشُعَيْبُ وَالَّذِيْنَ
ہم تجھ کو اور جو تیرے ساتھ ایمان لائے ہیں اُن کو
اٰمَنُوْا مَعَكَ مِنْ قَرْيَتِنَآ اَوْ لَتَعُوْدُنَّ
بھی اپنی بستی سے ضرور نکال دیں گے یا یہ کہ تم پھر ہمارے مذہب
فِيْ مِلَّتِنَا ؕ قَالَ اَوَلَوْ كُنَّا كٰرِهِيْنَ ﴿۸۸﴾
میں آ ملو۔ شعیبؑ نے کہا کیا ہمیں نفرت ہو تو بھی (آ ملیں)۔
قَدِ افْتَرَيْنَا عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اِنْ عُدْنَا
ہم نے اللہ تعالیٰ پر بڑا ہی جھوٹ باندھا اگر ہم تمہارے مذہب
فِيْ مِلَّتِكُمْ بَعْدَ اِذْ نَجّٰىنَا اللّٰهُ مِنْهَا ؕ وَ
میں آ ملیں بعد اس کے کہ اللہ تعالیٰ نے ہم کو نجات بھی دی ہو۔ اور
مَا يَكُوْنُ لَنَآ اَنْ نَّعُوْدَ فِيْهَآ اِلَّآ اَنْ
ہمیں نہیں لائق ہے کہ ہم پھر اس میں آ ملیں مگر ہمارا رب اللہ ہی چاہے
يَّشَآءَ اللّٰهُ رَبُّنَا ؕ وَسِعَ رَبُّنَا كُلَّ شَيْءٍ
(تو بے بسی ہے) اللہ تعالیٰ نے ہر چیز کو اپنے علم میں لے لیا
عِلْمًا ؕ عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ؕ رَبَّنَا افْتَحْ
ہے۔ اللہ تعالیٰ ہی پر ہم نے بھروسہ کر لیا ہے۔ اے رب! ہم میں

بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَاَنْتَ
اور ہماری قوم میں حق سے فیصلہ کر دے اور تو بہت ہی اچھا
خَيْرُ الْفٰتِحِيْنَ ﴿۸۹﴾ وَقَالَ الْمَلَاُ
فیصلہ کرنے والا ہے۔ اور (شعیبؑ کی) قوم کے کافر
الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ لَئِنِ
سرداروں نے کہا کہ اگر تم شعیبؑ کے تابع ہو گئے تو تم
اتَّبَعْتُمْ شُعَيْبًا اِنَّكُمْ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ﴿۹۰﴾
برباد ہی ہو جاؤ گے۔
فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ
پھر تو ان کو زلزلہ نے آ لیا سو وہ اپنے گھروں میں اوندھے
دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿۹۱﴾
پڑے رہ گئے۔

الجزء التاسع

مع ۴ عند المتقدمین

ترکیب

والذین ک مفعول پر معطوف۔ اولو کنا جملہ استفہام انکاری ان عدنا شرط قد افترینا جملہ دال بر جزا بعد عدنا سے متعلق۔ الا استثناء منقطع یا متصل اے الا وقت مشیئۃ اللہ اذا ان اور اس کی خبر میں متوسط جملہ جواب ان اتبعتم۔

تفسیر

حضرت شعیب علیہ السلام پر جو لوگ ایمان لے آئے تھے بیشتر

Marfat.com

وہ غریب تھے اس لئے ایک روز وہاں کے سرداروں نے متفق ہو کر حضرت شعیبؑ سے کہا کہ یا تو آپ مع اپنے متبعین کے پھر ہمارے مذہب و طریقہ کو اختیار کر لیں ورنہ ہمارے شہر سے نکل جاؤ (اگرچہ ابتدائے عمر سے حضرت شعیبؑ اُن کے ملّت و مذہب بُت پرستی کے شریک نہ تھے مگر نبوّت اور مُنادی سے پہلے اُن کو وہ اپنے مذہب و ملّت میں خیال کرتے تھے جس لئے پھر ملّت میں لَوٹ آنے کا حکم دیا) شعیبؑ نے کہا ہم کو اس مذہب سے نفرت ہو تو بھی آ ملیں یعنے ایسا کبھی نہ ہوگا اگر ایسا کریں تو گویا ہم نے خدا تعالےٰ پر بڑا ہی جھوٹ باندھا ہے۔

الَّذِينَ كَذَّبُوا شُعَيْبًا كَأَنْ لَّمْ يَغْنَوْا

جنھوں نے شعیبؑ کو جھٹلایا گویا کہ وہ کبھی وہاں بسے بھی نہ

فِيهَا ۚ الَّذِينَ كَذَّبُوا شُعَيْبًا كَانُوا

تھے۔ جنھوں نے شعیبؑ کو جھٹلایا وہی خراب

هُمُ الْخَاسِرِينَ ﴿٩٢﴾ فَتَوَلَّىٰ عَنْهُمْ وَ

ہوئے۔ پھر اُن سے (شعیبؑ نے) منہ پھیرا اور

قَالَ يَا قَوْمِ لَقَدْ أَبْلَغْتُكُمْ رِسَالَاتِ رَبِّي

(یہ) کہا کہ اے قوم! میں نے تم کو اپنے رب کے پیغام پہنچا چکا

وَنَصَحْتُ لَكُمْ ۖ فَكَيْفَ آسَىٰ عَلَىٰ

اور تمھیں نصیحت بھی کر چکا تھا۔ پھر اب منکروں پر میں کیا

قَوْمٍ كَافِرِينَ ﴿٩٣﴾

افسوس کروں۔

ترکیب

الذین الخ مبتدا کان لم الخ خبر یا کان لم حال ہے ضمیر کذبوا سے اور دوسرا الذین کذبوا بدل ہے فاعل یغنوا سے کانوا الخ خبر، کانوا کا اسم ضمیر متصل ہم الخاسرین خبر۔ الاسی شدّۃ الحزن اسے علےٰ ذٰلک فھو اسٍ۔

تفسیر

ہاں اگر تقدیر میں یونہی لکھا ہو اور اللہ تعالےٰ ہی چاہے تو اُس کا کچھ کہنا ہی نہیں (کیونکہ دل جو انسان کے تمام افعال کا محرّک ہے اُسی کے قبضۂ قدرت میں ہے چاہے اُس کو ہدایت کی طرف پھیر دے خواہ بدی کا داعیہ اُس میں ڈال دے خوف کا مقام ہے)۔

مگر وہ ہر بات کا علم رکھتا ہے ہمارا اُسی پر بھروسہ ہے۔

اس کے بعد شعیبؑ نے دعا کی اے اللہ! ہم میں اور ہماری قوم میں فیصلہ کر دے یہ بھی عذاب کے خواستگار ہیں۔

آخر اُس قوم کا بھی وقت قریب آگیا تھا خدا تعالےٰ نے اُن پر ایک دھواں سا اُٹھایا جس کی گرمی دِلوں کو کباب کرتی تھی (فاخذھم عذاب یوم الظلۃ انہ کان عذاب یوم عظیم) یہ دھواں جس کو ظلّہ سے تعبیر کیا ہے وہاں کی زمین اور پہاڑ کے اوخنۂ ناریہ تھے جو بوقتِ زلزلہ پیدا ہوتے تھے۔ اور ادھر خدا تعالےٰ نے زلزلہ بھیجا فاخذتھم الرّجفۃ کہ جس نے تھوڑی سی دیر میں ہلاک کر دیا پھر تو وہ اپنے گھروں میں اوندھے پڑے ہوتے تھے۔

ایسی آسمانی مصیبت کے وقت مہیب آواز بھی پیدا ہوتی ہے سو اوپر سے دھوئیں کا ابر آتشین اور نیچے سے زلزلہ عظیم اُس پر ہیبت ناک آواز بُری مَوت کا سامان ہے کہ جس کے تصوّر سے دل لرزتا ہے ایسی حالت میں انسان کی عادت ہے کہ وہ اپنا مُنہ چھپاتا پھرا کرتا ہے اور زمین کو پکڑتا ہے۔ سو اُس قوم نے بھی ایسا ہی کیا ہوگا جو اوندے کے اوندھے پڑے ہوتے جان نکل گئی۔ حضرت شعیبؑ اور اُن کے متبعین اس بلا سے محفوظ رہے۔ پھر شعیبؑ نے اُس قوم کو اوندھا پڑا اور اُن کے گھروں کو اُجاڑ اور بے وارث دیکھا کہ گویا کبھی اُن کے گھروں میں کوئی بسا ہی نہ تھا بڑی حسرت کے ساتھ تأسّف اور رنج کر کے یہ خطاب اُن مُردوں سے کیا اور کہا کہ اے قوم! میں تو تمھیں اللہ تعالےٰ کے احکام پہنچا چکا تھا اور تمھاری پوری خیر خواہی کی تھی مگر تم نے نہ مانا پھر اب تم پر کیا رنج کیا جائے۔

Marfat.com

مروی ہے کہ جب اُس آتشین بلا کو ایک شخص عمرو بن لحیٰ نے دیکھا تو یہ اشعار کہے ؎ یا قوم ان شیبا مرسل فذروا ؛ عنکم شمیرا و عمران بن شداد ؛ انی اری غیمۃ یا قوم قد طلعت ؛ تدعو بصوت علے حنانہ الوادی ؛ فانہ لن یرے فیہا ضواء غد ؛ الا الرقیم یمشی بین انجاد ؛ شمیر اور عمران اُن کے پوجاری تھے اور رقیم کُتے کا نام تھا۔ انجد اور ہوز اور حطی اور کلمن اور سعفص اور قرشت اُن کے بادشاہوں کے نام ہیں اور اُس عہد میں اُن کا بادشاہ کلمن تھا۔ یہ قصہ اس سورۃ و ہود و شعراء میں بیان ہوا ہے۔

وَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّبِيٍّ اِلَّآ اَخَذْنَآ

اور ہم نے جس بستی میں کوئی نبی بھیجا تو یہی کیا کہ وہاں کے لوگوں کو

اَهْلَهَا بِالْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ لَعَلَّهُمْ

سختی اور تکلیف میں مبتلا کیا تاکہ وہ عاجزی

يَضَّرَّعُوْنَ ﴿۹۴﴾ ثُمَّ بَدَّلْنَا مَكَانَ السَّيِّئَةِ

کریں۔ پھر ہم نے سختی کی جگہ راحت بدل دی

الْحَسَنَةَ حَتّٰى عَفَوْا وَّقَالُوْا قَدْ مَسَّ

یہاں تک کہ لوگ بڑھ گئے اور کہنے لگے کہ ہمارے باپ دادا

اٰبَآءَنَا الضَّرَّآءُ وَالسَّرَّآءُ فَاَخَذْنٰهُمْ

کو بھی سختی اور راحت پہنچی ہے پھر تو ہم نے اُن کو یکایک پکڑ

بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۹۵﴾ وَلَوْ اَنَّ

لیا کہ اُن کو خبر بھی نہ ہوئی۔ اور اگر بستیوں کے

اَهْلَ الْقُرٰٓى اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَفَتَحْنَا

لوگ ایمان لاتے اور ڈرتے تو ہم ان پر آسمانوں اور

عَلَيْهِمْ بَرَكٰتٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ

زمین کی برکتیں کھول دیتے۔

وَلٰكِنْ كَذَّبُوْا فَاَخَذْنٰهُمْ بِمَا كَانُوْا

لیکن انھوں نے تو جھٹلایا پھر تو ہم نے ان کو ان باتوں پر جو وہ کرتے

يَكْسِبُوْنَ ﴿۹۶﴾ اَفَاَمِنَ اَهْلُ الْقُرٰٓى

تھے پکڑ لیا۔ کیا بستیوں کے رہنے والوں کو اس بات کا

اَنْ يَّاْتِيَهُمْ بَاْسُنَا بَيَاتًا وَّهُمْ

خوف نہیں رہا کہ ان پر ہمارا عذاب راتوں رات آپڑے اور وہ

نَآئِمُوْنَ ﴿۹۷﴾ اَوَاَمِنَ اَهْلُ الْقُرٰٓى

سوتے ہوں۔ اور کیا بستیوں کے رہنے والے اس سے نڈر ہیں کہ

اَنْ يَّاْتِيَهُمْ بَاْسُنَا ضُحًى وَّهُمْ

ان پر ہمارا عذاب دن دھاڑے آپڑے اور وہ کھیلتے

يَلْعَبُوْنَ ﴿۹۸﴾ اَفَاَمِنُوْا مَكْرَ اللّٰهِ ۚ فَلَا

ہوں۔ کیا وہ اللہ تعالیٰ کے فتنہ سے بے خوف ہو گئے؟ پھر اللہ کے

يَاْمَنُ مَكْرَ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۹۹﴾

فتنہ سے نڈر تو وہی قوم ہوتی ہے کہ جو خرابی میں پڑنے والی ہوتی ہے۔

ع ۱۲

ترکیب

الحسنۃ مفعول ہے بدّلنا کا۔ حتی عفوا الخ عفوا اے کثروا وقالوا معطوف ہے عفوا پر مسّ کا الضرّاء والسرّاء فاعل آباءنا مفعول۔ فاخذنا عفوا پر معطوف بغتۃ منصوب ہے صفت مصدر محذوف کی ہو کر وہم لایشعرون حال ہے مفعول اخذنا سے ولو شرط لفتحنا جواب برکات مفعول فتحنا علیہم اس سے متعلق آ ہمزۂ استفہام و مفتوحہ عطف کے لئے اگر و کو ساکن پڑھیں گے تو اَوَ ایک کلمہ ہوگا جو تردید و تشقیق کے لئے آتا ہے۔ بیاتا اور ضحی حال ہیں ہم ضمیر مفعول سے۔

تفسیر

ان انبیاء کے قصص سُن کر (کہ جن میں منکرین پر نکال و عذاب الٰہی آنے کا ذکر ہے اور جن کی عرب کے لوگ دل سے تصدیق بھی کرتے تھے) آنحضرت علیہ السلام کے عہد کے کافروں کے دل میں یہ خیال پیدا ہو سکتا تھا کہ یہ عذاب الٰہی منکرین انبیاء پر شاید انھیں دو چار مواضع میں واقع ہوا ہے اور کہیں ایسی بات نہیں ہوتی جب ہر منکر پر یہ عذاب نہیں ہوا تو اب کیا

لہ عفا النبات والشعر والوبر اذا کثرت۔ ومنہ قولہ صلے اللہ علیہ وسلم واعفوا اللحی (اقرب)

Marfat.com

ضروری ہے کہ کہ اور عرب کے منکروں پر بھی واقع ہو؟۔
اس لئے فرماتا ہے کہ ایسی کوئی بستی یعنی آبادی نہیں کہ جہاں ہم نے کوئی نبی نہ بھیجا ہو اور وہاں کے لوگوں کو اوّلاً راحت و تکلیف کے ساتھ نہ آزمایا ہو تاکہ وہ اس راحت و مصیبت کو خدا تعالےٰ کی طرف سے سمجھ کر جھکیں عاجزی کریں۔ یعنی اوّل وہاں قحط اور وبا اور بے امنی پیدا کی اور اُس کے بعد ارزانی، تندرستی، امنیت بھی عطا کی۔ پھر بعد میں اور بھی راحت و فراخ دستی ایسی دی (کیونکہ مصیبت کے بعد راحت پانے سے انسان کا خاصّہ ہے کہ وہ اپنے منعم کی قدردانی اور شکرگزاری کیا کرتا ہے بشرطیکہ وہ انسان بھی ہو) کہ جس سے وہ اس پہلی مصیبت کو بالکل بھول گئے اور خوب پھلے پھولے اور یہ سمجھنے لگے کہ اجی یہ راحت و مصیبت کچھ گناہ اور فرمانبرداری انبیاء علیہم السّلام کی وجہ سے نہیں بلکہ یہ دَہر اور زمانہ کا مقتضیٰ ہے کہ کبھی ارزانی مال و اسباب کی برکت صحبت دامن ہو جاتا ہے کبھی اُس کے برخلاف ہوتا ہے اور یہ آج سے نہیں بلکہ ہمیشہ سے یوں ہی دستور چلا آتا ہے چنانچہ ہم سے پہلے ہمارے باپ دادا کو یہی باتیں پیش آئی ہیں

یہ خیال بھی ہمیشہ سے بے دینوں کو پیدا ہوتا آیا ہے آج کل بھی نئی روشنی کے ملحد ایسا ہی کہتے ہیں اور کامیابی اور ناکامی اپنی کوشش کی کامیابی اور ناکامی کا نتیجہ خیال کرتے ہیں اور اُس کی نظیر میں اکثر بے دینوں اور ملحدوں کے وہ شہر اور مُلک پیش کیا کرتے ہیں کہ جہاں باوجود ہر قسم کی بدکاری کے ہر قسم کے عیش و عشرت و اقبال مندی روز افزوں ہوتی ہے جیسا کہ یورپ کے شہر اور وہاں کے مُلک۔

مگر یہ خیال بالکل غلط ہے کیونکہ جس صورت میں یہ تسلیم کر لیا گیا ہے (اور ہم کو ضرور تسلیم کرنا چاہیئے) کہ اس جہان کا بانی بھی ہے جس نے ہر چیز کو پیدا کیا ہے اور پھر وہ معطّل یا عاجز بھی نہیں ہو گیا ہے بلکہ تمام عالم کی چیزیں اُسی موجودِ حقیقی کی طرف مستند ہیں۔ بیوقوف آدمی یہ خیال کر سکتا ہے کہ کپڑے کی مَل جو کپڑا بُن رہی ہے اور اس تیز حرکت سے اپنے تمام کام نہایت چستی سے کر رہی ہے وہ از خود کرتی ہے آپ ہی ہلتی ہے اس میں کوئی شریک نہیں۔ گردانشمند یہی کہے گا کہ نہیں بلکہ انجنیر ہی اُس کو دُخانی قوّت سے حرکت دے رہا ہے وہ جب اُن کے مبدء حرکات کو بند کر دیتا ہے تو سب بند ہو جاتی ہیں۔ اسی طرح اس عالم کے تصرّفات کو کوتاہ نظر اُن کے اسبابِ ظاہرہ کی طرف منسوب کرتا ہے مگر دانشمند سب کو مسبّب الاسباب کی طرف نسبت کرتا ہے پھر وہ صانع عالم جو کارکُن ہے ضرور اپنے بندوں کے افعالِ ناشائستہ سے ناخوش اور افعالِ حمیدہ سے راضی ہوتا ہے ایسی صورت میں انبیاء علیہم السّلام کا ہدایت کے لئے بھیجنا کوئی تعجب کی بات ہے؟ اور انبیاء کے نافرمانوں پر عذاب نازل کرنا کیا مشکل ہے عام ہے کہ وہ عذاب اسبابِ عادیہ کے وسیلہ سے ہو جیسا کہ زلزلہ اور پانی کی طغیانی اور ہوا کا طوفان یا بجلی کی کڑک یا زمین کا پھٹ کر لوگوں کا دفعۃً اس میں غرق ہو جانا یا پہاڑوں میں سے آتشین مادہ کا رواں ہو کر بہنا اور اس سے شہروں اور ملکوں کا غارت ہونا یا قحط شدید کا ہونا یا کسی سفاک قوم کا مُسلّط ہو کر استیصال کر دینا یا بغیر اسبابِ عادیہ کے ہو جیسا کہ فرشتوں کا بستیوں کو اُٹھا کر اُلٹ دینا۔ رہی یہ بات کہ ملحد اور بے دین کے شہر عیش و عشرت کے سامان سے بھرپور ہیں اُن پر کیوں عذاب نہیں آتا؟ سو یہ اُس کا حکم ہے جو اُس نے ایک وقت تک مہلت دے رکھی ہے آخر جب حد سے گزر جاتی ہے تو پھر وہ دفعۃً ان بلاؤں میں سے کہ جن کا ابھی ذکر ہوا کسی نہ کسی میں گرفتار کر کے غارت ہی کر دیتا ہے جیسا کہ خود فرماتا ہے فاخذنٰھم بغتۃ وھم لا یشعرون الخ۔ نینوا، عاد اور ثمود وغیرہ اور اُن کے بادشاہوں کے تجمّل اور سامانِ عیش اور اقبال کیا ان لوگوں کے سامان سے کم تھے؟ نہیں ہرگز نہیں۔

Marfat.com

ولو انّ اہل القرٰے آمنوا واتقوا لفتحنا علیہم برکات من السمآء والارض، یہاں یہ بات ظاہر کرتا ہے کہ وہ لوگ کہ جن پر اُن کے گناہوں کی نحوست نازل ہوئی اگر ایمان لاتے اور پرہیزگاری اختیار کرتے تو ہم اُن پر آسمانوں اور زمین کی برکتیں کھول دیتے آسمان کی برکتیں وقت پر پانی برسنا اور زمین کی برکات اچھی طرح نباتات کا اُگانا کھیتی اور درختوں میں عمدہ پھول اور پھل آنا۔ اس عالم میں جو کچھ ہو رہا ہے اُس کے دو سبب ہیں ایک فاعلی جو سماوات ہیں اُن کی تاثیریں زمین پر پہنچتی ہیں آفتاب کی گرمی اور ماہتاب کی رطوبت و برودت، علےٰ ہٰذا القیاس ہر ستارے اور ہر گردشِ فلکی کی ایک تاثیرِ خاص اس فاعلِ حقیقی نے رکھی ہے۔ دوسرا سبب مادی زمین اور عناصر ہیں جب اُن کی تاثیریں اُن پر پڑتی ہیں اور یہ حسبِ مادہ و استعداد اُن کو قبول کرتے ہیں تو عناصر کی ترکیب سے نباتات، جمادات، حیوانات، سب چیزیں پیدا ہوتی ہیں۔ اب برکت یہ ہے کہ خدا تعالیٰ ان اسباب کو بندوں کی فوائد کے موافق کرے اور بے برکتی اس کا برعکس اور یہ بات تو خاص اُس نے اپنے ہی دستِ قدرت میں رکھی ہے۔ یہ چیزیں پتّوں کی طرح سے اُس کے ہاتھ سے ہلتی ہیں۔ اب فرماتا ہے کہ جس طرح ہم مطیع کے لئے منعم ہیں برکات السمٰوات والارض اُس کو نصیب کرتے ہیں اسی طرح ہم عاصی و ناشکر کے لئے منتقم بھی ہیں۔ ہمارے عذابِ دُنیا و آخرت سے کسی کو نڈر اور بے خوف و خطر نہ ہونا چاہیئے افامن اہل القرٰے الخ کیونکہ ہمارا عذاب انسان کو یکایک آلیتا ہے اور ہمارے مکر یعنی تدابیر ناموافق عباد سے بھی نڈر نہ ہونا چاہیئے ہم جب چاہتے ہیں سب ظاہری اسباب و سامان کو منقلب کر دیتے ہیں اُسی کی تلوار اسی کو کاٹنے لگتی ہے۔

أَوَلَمْ يَهْدِ لِلَّذِينَ يَرِثُونَ الْأَرْضَ

کیا ان لوگوں کو کہ جو زمین کے مالکوں کے بعد اُس کے وارث بنتے

مِنْ بَعْدِ أَهْلِهَا أَنْ لَوْ نَشَاءُ أَصَبْنَاهُمْ

ہیں یہ بھی معلوم نہیں ہوا کہ اگر ہم چاہیں تو ان کو بھی اُن کے

بِذُنُوبِهِمْ ۚ وَنَطْبَعُ عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ فَهُمْ

گناہوں کی سزا دیں۔ اور ہم اُن کے دلوں پر مہر لگا دیں تب وہ

لَا يَسْمَعُونَ ﴿١٠٠﴾ تِلْكَ الْقُرَىٰ نَقُصُّ

سن بھی نہ سکیں۔ یہ ہیں وہ بستیاں کہ جن کی خبریں (اے نبیؐ)

عَلَيْكَ مِنْ أَنْبَائِهَا ۚ وَلَقَدْ جَاءَتْهُمْ

ہم تمھیں سنا رہے ہیں۔ اور بے شک اُن کے پاس اُن کے

رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنَاتِ ۚ فَمَا كَانُوا لِيُؤْمِنُوا

رسول معجزات لے کر آئے تھے۔ پھر جس کو وہ پہلے جھٹلا چکے تھے

بِمَا كَذَّبُوا مِنْ قَبْلُ ۗ كَذَٰلِكَ يَطْبَعُ

اس پر کب ایمان لانے والے تھے؟ یوں مہر کیا کرتا ہے

اللَّهُ عَلَىٰ قُلُوبِ الْكَافِرِينَ ﴿١٠١﴾ وَمَا

اللہ تعالےٰ کافروں کے دلوں پر۔ اور ہم نے تو

وَجَدْنَا لِأَكْثَرِهِمْ مِنْ عَهْدٍ ۚ وَإِنْ

اُن میں سے اکثر کو عہد کا پابند نہ پایا، اور اُن میں

وَجَدْنَا أَكْثَرَهُمْ لَفَاسِقِينَ ﴿١٠٢﴾

سے اکثر کو تو نافرمان ہی پایا۔

ترکیب

لم یہد یتبیّن للذین الخ اُس سے متعلق۔ اَنْ مخفّفہ اسم اُس کا محذوف انہ یہ جملہ فاعل ہے یہد کا اے لم یتبیّن لہم مشیئتنا و قدرتنا علےٰ اہلاکہم بذنوبہم من عہد میں من زائد اے ما وجدنا عہدًا لاکثرہم۔

تفسیر

یہاں تک منکرین کے قصّے اور ان پر عذابِ الٰہی نازل ہونے کے وقائع بیان فرمائے تھے اس کے بعد یہ بھی ظاہر کر دیا تھا کہ کچھ اُنھیں بستیوں پر حصر نہیں جن کا ہم نے حال بیان کیا۔ جہاں کہیں انبیاءؑ آئے وہاں یہی بات پیش آئی۔ اب یہاں اُن تمام تاریخی واقعات اور عبرت آمیز حادثات کا نتیجہ

Marfat.com

فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِينَ ﴿١٠٣﴾
پھر دیکھو مفسدوں کا کیسا انجام ہوا۔

وَقَالَ مُوسَىٰ يَا فِرْعَوْنُ إِنِّي رَسُولٌ
اور موسیٰؑ نے کہا اے فرعون! میں ایک رسول ہوں رب

مِّن رَّبِّ الْعَالَمِينَ ﴿١٠٤﴾ حَقِيقٌ عَلَىٰ
العالمین کی طرف سے۔ میں اس بات پر قائم ہوں

أَن لَّا أَقُولَ عَلَى اللَّهِ إِلَّا الْحَقَّ ۚ قَدْ
کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے بجز سچ کے اور کچھ نہ کہوں۔ بے شک

جِئْتُكُم بِبَيِّنَةٍ مِّن رَّبِّكُمْ فَأَرْسِلْ
تمھارے پاس تمھارے ربؑ کی طرف سے میں بڑی نشانی لایا ہوں سو تم میرے

مَعِيَ بَنِي إِسْرَائِيلَ ﴿١٠٥﴾ قَالَ إِن
ساتھ بنی اسرائیل کو جانے دے۔ اس نے کہا اگر

كُنتَ جِئْتَ بِآيَةٍ فَأْتِ بِهَا إِن كُنتَ
تو کوئی نشانی لایا ہے تو اس کو لے آ اگر تو

مِنَ الصَّادِقِينَ ﴿١٠٦﴾ فَأَلْقَىٰ عَصَاهُ فَإِذَا
سچا ہے۔ تب موسیٰؑ نے اپنا عصا ڈال دیا تو وہ

هِيَ ثُعْبَانٌ مُّبِينٌ ﴿١٠٧﴾ وَنَزَعَ يَدَهُ
وہیں اژدہا بن کر ظاہر ہو گیا۔ اور اپنا ہاتھ نکالا ہی تھا کہ

فَإِذَا هِيَ بَيْضَاءُ لِلنَّاظِرِينَ ﴿١٠٨﴾ قَالَ
دیکھنے والوں کو چمکتا ہوا نظر آیا۔ قوم فرعون

الْمَلَأُ مِن قَوْمِ فِرْعَوْنَ إِنَّ هَٰذَا
کے سرداروں نے کہا ہے شک یہ تو کوئی بڑا ماہر جادوگر

لَسَاحِرٌ عَلِيمٌ ﴿١٠٩﴾ يُرِيدُ أَن يُخْرِجَكُم مِّنْ
ہے۔ تم کو تمھارے ملک سے نکالنا چاہتا ہے

أَرْضِكُمْ ۖ فَمَاذَا تَأْمُرُونَ ﴿١١٠﴾ قَالُوا
پھر کیا رائے دیتے ہو۔ وہ بولے

أَرْجِهْ وَأَخَاهُ وَأَرْسِلْ فِي الْمَدَائِنِ
اس کو اور اس کے بھائی کو ابھی دیجئے اور شہروں میں ہرکارے

ظاہر کرتا ہے کہ کیا اُن لوگوں کو پہلے لوگوں کے حال سے عبرت پیدا نہیں ہوتی کہ اُن کو ہم نے اُن کی بدکاری کی وجہ سے ہلاک کر دیا، صفحۂ زمین سے مٹا ڈالا۔ اب یہ لوگ اُن کے وارث ہو گئے ہیں اُن کے عمدہ مکانات میں رہتے ہیں جس زمین کے لئے وہ لڑتے سر کٹواتے تھے اس کو میری میری کہتے تھے اب وہ اُن کے قبضہ میں ہے۔ اب اسی طرح سے یہ بھی سرکشی کرتے ہیں، بدکاری اور بُت پرستی سے باز نہیں آتے، رسولؑ سے مقابلہ کرتے ہیں۔ کیا ہم ان کو بھی اُسی طرح سے ہلاک نہیں کر سکتے؟ ان میں اُن سے کونسی بات زیادہ ہے، کونسی قوت مانع ہے؟ مگر یہ بیوقوف مغرور مست بادۂ غفلت نہیں سمجھتے۔ کیونکہ نطبع علےٰ قلوبہم ہم نے اُن کے دلوں پر مُہر کر دی فہم لایسمعون یعنے وہ ان باتوں کو اور اُن واقعات کو دل سے نہیں سُنتے (اگر دل سے سُنتے تو عبرت ہی کرتے؟)۔

پھر متنبہ کرتا ہے کہ وہ بستیاں ہیں کہ جن کا ہم تمھیں حال سُناتے ہیں یعنی عاد و ثمود و لوطؑ و شعیبؑ کی اُجڑی ہوئی بستیاں جو تمھیں سفرِ تجارت میں آتے جاتے ملتی ہیں اُنھیں کے تو یہ واقعات ہیں کہ اُن لوگوں کے پاس ہمارے رسولؑ معجزات لے کر آتے اور اُن کو خوب سمجھایا مگر وہ ایسے کب تھے کہ جس بات کا ایک بار انکار کر چکے پھر اُس پر ایمان لے آویں یعنی بڑے ہٹیلے۔ وجہ یہ ہے کہ خدا تعالےٰ نے اُن کے دلوں پر مُہر کر دی اور وہ کافروں کے دلوں پر ایسی ہی مُہر کر دیتا ہے۔ پھر فرماتا ہے کہ اکثر کو ہم نے اپنے عہد ازلی پر قائم نہ پایا اور اکثر کو بدکار ہی دیکھا۔

ثُمَّ بَعَثْنَا مِن بَعْدِهِم مُّوسَىٰ بِآيَاتِنَا
پھر اُن کے بعد ہم نے موسیٰ کو اپنی نشانیاں دے کر

إِلَىٰ فِرْعَوْنَ وَمَلَئِهِ فَظَلَمُوا بِهَا ۖ
فرعون اور اس کے سرداروں کی طرف بھیجا سو اُن لوگوں نے مجھوں کی بڑی بے ادبی کی۔

Marfat.com

حٰشِرِيْنَ ﴿۱۱۱﴾ يَاْتُوْكَ بِكُلِّ سٰحِرٍ عَلِيْمٍ ﴿۱۱۲﴾

بھیجدیجئے۔ کہ وہ تیرے پاس ہر ایک واقف کار جادوگر کو لے آویں۔

وَجَآءَ السَّحَرَةُ فِرْعَوْنَ قَالُوْٓا اِنَّ لَنَا

اور فرعون کے پاس جادوگروں نے آکر کہا کیا ہم کو کچھ انعام ملے گا

لَاَجْرًا اِنْ كُنَّا نَحْنُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿۱۱۳﴾ قَالَ

اگر ہم ہی غالب آ گئے۔ اس نے کہا

نَعَمْ وَاِنَّكُمْ لَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿۱۱۴﴾ قَالُوْا

ہاں اور تم کو تقرب بھی حاصل ہوگا۔ جادوگروں نے کہا

يٰمُوْسٰٓى اِمَّآ اَنْ تُلْقِيَ وَاِمَّآ اَنْ نَّكُوْنَ

اے موسیٰؑ یا تو تو ہی ڈال اور یا ہم ہی

نَحْنُ الْمُلْقِيْنَ ﴿۱۱۵﴾ قَالَ اَلْقُوْا ۚ فَلَمَّآ

ڈالتے ہیں۔ موسیٰؑ نے کہا تم ہی ڈالو، پھر جب انھوں نے

اَلْقَوْا سَحَرُوْٓا اَعْيُنَ النَّاسِ وَاسْتَرْهَبُوْهُمْ

ڈالا تو لوگوں کی نظربندی کردی اور لوگوں کو ڈرایا

وَجَآءُوْ بِسِحْرٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۱۶﴾

اور وہ بڑا جادو بنا لائے تھے۔

ترکیب

حقیق فعیل خبر مبتدا محذوف کی اے انا فاذا للمفاجاۃ یہ ظرف مکان کے لئے ہے ہی مبتدا ثعبان خبر ان ہذا یرید قال کا مفعول۔ لاجرا اسم ان لنا خبر جملہ دال برجزاء ان کنا یہ تمام جملہ مقولہ ہے قالوا کا فلما القوا شرط سحروا واسترہبوا جواب۔ وجاءو جملہ مستانفہ یا معطوفہ۔

تفسیر

یہ چھٹا قصہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا ہے چونکہ یہ بہت بڑا واقعہ ہے۔ اس لئے ان پہلے واقعات سے فصل دے کر بیان فرمایا یعنی ان واقعات کا نتیجہ تمام کرکے اس کو شروع کیا۔ گرچہ یہ قصہ متعدد مطالب کے ادا کرنے کے واسطے قرآن مجید میں متعدد جگہ آیا ہے لیکن اس جگہ بہت کچھ ذکر ہوا ہے۔ تفسیر سورۃ بقرہ میں ہم اس کو نہایت تفصیل کے ساتھ مع جغرافیہ مصر و قلزم و تیہ بیان کر چکے ہیں اس لئے اس جگہ اعادہ کرنا طول دینا ہے۔

(۱) **فرعون**، اس لفظ کو اہل لغت نے تفرعن سے مشتق بتایا ہے کہ جس کے معنے متکبر کے ہیں لیکن اصل یہ ہے کہ یہ فروہ سے لیا گیا جس کے معنے لغت قدیم مصر میں شہنشاہ اعظم کے ہیں۔ عربوں نے معرب کرکے فرعون بنایا اور اس کی جمع فراعنہ بنائی۔

فرعون کسی بادشاہ کا نام نہیں بلکہ شاہان مصر کا لقب ہے ہر بادشاہ کو فرعون کہتے تھے جو مصر میں حام بن نوحؑ کی نسل سے تھے جس طرح ہندوستان میں راجہ اور قدیم روم کے بادشاہوں کو قیصر کہتے تھے۔ سلطنت مصر کے چار دور ہیں۔

وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ اَلْقِ عَصَاكَ ۚ

اور ہم نے (اس وقت) موسیٰؑ کو وحی کی کہ تم بھی اپنا عصا ڈال دو۔

فَاِذَا هِيَ تَلْقَفُ مَا يَاْفِكُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ فَوَقَعَ

پھر تو جو کچھ وہ (سانگ) بنا رہے تھے سب کو یکایک نگلنے لگا۔ پس حق قائم

الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۱۸﴾

رہ گیا اور جو وہ کرتے تھے مٹ گیا۔

فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ﴿۱۱۹﴾

سو وہ یہاں پر مات کھا گئے اور ذلیل ہو کر الٹے پھر گئے۔

وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ﴿۱۲۰﴾ قَالُوْٓا اٰمَنَّا

اور جادوگر سجدے میں گر کر کہنے لگے کہ ہم رب العالمین پر

بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۲۱﴾ رَبِّ مُوْسٰى وَ

ایمان لے آئے۔ جو موسیٰؑ اور

هٰرُوْنَ ﴿۱۲۲﴾ قَالَ فِرْعَوْنُ اٰمَنْتُمْ بِهٖ

ہارونؑ کا رب ہے۔ فرعون نے کہا (کہیں) میرے حکم سے پہلے ہی

قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ۚ اِنَّ هٰذَا لَمَكْرٌ

اس پر ایمان لے آئے۔ یہ تو تمھارا ایک بڑا مکر ہے کہ جس کو

قصہ موسیٰؑ و فرعون

لہ فرعون اور اس کا دربار ۱۲ منہ ن پاکھنڈ

Marfat.com

مَّكَرْتُمُوْهُ فِي الْمَدِيْنَةِ لِتُخْرِجُوْا مِنْهَآ
تم نے (اس) شہر میں آکر گانٹھا ہے۔ تاکہ لوگوں کو شہر سے نکال کر
اَهْلَهَا ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۲۳﴾ لَاُقَطِّعَنَّ
لے جاؤ۔ سو تم کو ابھی معلوم ہوتے جاتا ہے۔ کہ میں تمہارے ہاتھ
اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ ثُمَّ
اور دوسری طرف کے پاؤں کٹوائے ڈالتا ہوں پھر
لَاُصَلِّبَنَّكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۲۴﴾ قَالُوْٓا اِنَّآ
تم سب کو سولی دیئے دیتا ہوں۔ وہ بولے کہ ہم کو تو
اِلٰى رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ ﴿۱۲۵﴾ ۚ وَمَا تَنْقِمُ
اپنے رب تعالیٰ کے پاس پھر کر جانا ہے۔ اور تو ہم سے اسی لئے بدلہ لیتا ہے
مِنَّآ اِلَّآ اَنْ اٰمَنَّا بِاٰيٰتِ رَبِّنَا لَمَّا جَآءَتْنَا
کہ ہم اپنے رب تعالیٰ کی آیتوں پر ایمان لے آئے جب کہ وہ ہمارے پاس آئیں۔
رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ ﴿ع﴾ ۱۲۶
اے ہمارے رب! ہم پر صبر انڈیل دے اور ہم کو مسلمان کر کے موت دے۔

۱۴ ع ۱۸ ۴

فسر ہم کو صبر عنایت کر

ترکیب

ان الق مفعول اوحینا فاذا مفاجات کے لئے ہی مبتدا تلقف خبر۔ صاغرین حال ہے انقلبوا سے قبل متعلق ہے آمنتم سے الی ربنا متعلق منقلبون سے

تفسیر

اوّل دور فراعنہ کا کہ جن کی سلطنت ایک ہزار چھ سو بائیس ۱۶۲۲ برس تک رہی ان میں اخیر بادشاہ سمنی توس[۲] تھا جس کو کمبیس شاہ ایران نے حضرت عیسیٰؑ سے پانچ سو پچیس ۵۲۵ برس پیشتر قتل کر کے اُن کے خاندان کو تمام کر دیا اور ایرانیوں کی سلطنت قائم ہوئی یہ دوسرا دور سکندر اعظم تک ایک سو چورانوے ۱۹۴ برس تک اُن کی سلطنت رہی پھر تیسرا دور بطلیموسیوں کا ہے جن کی سلطنت سکندر سے لے کر حضرت مسیحؑ سے تیس ۳۰ برس پیشتر تک رہی چوتھا دور رومیوں کا ہے جو مسیحؑ کے تیس ۳۰ برس قبل ولادت سے لے کر چھ سو انتالیس ۶۳۹ عیسوی تک رہی۔ اس کے بعد سے یعنی اٹھارہویں سال ہجری سے لے کر آج تک اہلِ اسلام کے قبضہ میں ہے (خدا تعالیٰ ہمیشہ رکھے)۔ حال کا بادشاہ توفیق بن اسمٰعیل ہے۔ یہ پانچواں دور ہے۔ پھر اس میں بھی مسلمانوں کے متعدد خاندان حکمراں رہے۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عہد میں خاندانِ فراعنہ سے امنوفیس دوم بادشاہ تھا جو حضرت مسیحؑ سے چودہ سو بانوے برس پیشتر بحر احمر یعنے قلزم میں مع اپنی فوج کے غرق ہوا۔ اس کے بعد مصر میں خاندانِ فراعنہ سے دوسرا بادشاہ قائم ہوا۔ بعض جو کہتے ہیں کہ بنی اسرائیل کو موسیٰؑ پھر مصر میں لے گئے اور اُن کی سلطنت قائم ہوئی، غلط بات ہے۔ ہرگز قرآن و احادیث سے یہ نہیں سمجھا جاتا۔

وَقَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ
اور قوم فرعون کے سرداروں نے کہا کہ کیا آپ موسیٰ علیہ السلام
اَتَذَرُ مُوْسٰى وَقَوْمَهٗ لِيُفْسِدُوْا
اور اس کی قوم کو اس لئے چھوڑتے ہیں کہ وہ ملک میں فساد
فِي الْاَرْضِ وَيَذَرَكَ وَاٰلِهَتَكَ ؕ
کرتے پھریں اور آپ کو اور آپ کے معبودوں کو چھوڑ بیٹھیں۔
قَالَ سَنُقَتِّلُ اَبْنَآءَهُمْ وَنَسْتَحْيٖ
(فرعون نے) کہا ہم ابھی اُن کے بیٹوں کو مارے ڈالتے ہیں اور اُن کی عورتوں کو
نِسَآءَهُمْ ۚ وَاِنَّا فَوْقَهُمْ قٰهِرُوْنَ ﴿۱۲۷﴾
زندہ رہنے دیتے ہیں۔ اور ہم اُن پر (ہر طرح) غالب ہیں۔
قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهِ اسْتَعِيْنُوْا بِاللّٰهِ
موسیٰؑ نے اپنی قوم سے کہا اللہ تعالیٰ سے مدد مانگو

[۱] یعنی بنی اسرائیل کو ۱۲ منہ [۲] یہ نام یونانی تاریخوں سے لئے گئے ہیں اگر عرب اور ایران کے نزدیک اُن میں تغیر ہو تو کچھ عجب نہیں چنانچہ مورخین اسلام نے موسیٰؑ کے عہد کے فرعون کا نام ولید بتلایا ہے کسی نے ابوالعباس بن ولید بن مصعب بن ریان کہا ہے ۱۲ منہ

Marfat.com

وَاصْبِرُوْا ۚ اِنَّ الْاَرْضَ لِلّٰهِ ۙ يُوْرِثُهَا
اور صبر کرو۔ کیونکہ زمین اللہ تعالےٰ کی ہے جو اپنے بندوں میں سے
مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ۭ وَالْعَاقِبَةُ
جس کو چاہے اس کا وارث بنادے۔ اور انجام (بخیر) پرہیزگاروں کا
لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۲۸﴾ قَالُوْٓا اُوْذِيْنَا مِنْ قَبْلِ
کا ہے۔ انھوں نے کہا ہم کو آپ کے آنے سے پہلے بھی
اَنْ تَاْتِيَنَا وَمِنْۢ بَعْدِ مَا جِئْتَنَا ۭ قَالَ
ایذائیں دی گئیں اور آپ کے آنے کے بعد بھی۔ موسےٰ
عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يُّهْلِكَ عَدُوَّكُمْ
نے کہا عنقریب تمھارا رب تمھارے دشمن کو ہلاک اور تم کو ملک
وَيَسْتَخْلِفَكُمْ فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرَ
میں خلیفہ کیا چاہتا ہے پھر دیکھے گا کہ تم کیا
كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۹﴾ ع
کرتے ہو۔

ترکیب

الملأ قال کا فاعل من قوم فرعون اس کی صفت آ ہمزہ استفہام کے لئے تذر کا فاعل انت موسیٰ وقومہ مفعول لیفسدوا تذر سے متعلق ویذرک منصوب معطوف ہے لیفسدوا پر جملہ مقولہ ہوا قال کا ان الارض جملہ محل علت میں ہے استعینوا سے ویستخلفکم منصوب معطوف ہے یہلک پر۔

تفسیر

(۲) یوسف علیہ السلام کے عہد میں حضرت یعقوبؑ مع تمام خاندان کے کنعان سے ملک مصر میں آرہے تھے یہاں اُن کی نسل بڑی پھولی پھلی ہزاروں اسرائیلی ہو گئے۔ اس عہد کے بادشاہ کو جو بڑا جبار و سرکش تھا یہ خوف پیدا ہوا کہ مبادا یہ پردیسی لوگ ہمارے ملک میں قابض ہو جاویں اس لئے اُس نے اِن کو سخت کاموں پر مامور کر رکھا تھا خصوصاً جب سے اُس کو نجومیوں نے یہ کہا تھا کہ اس قوم میں ایک شخص بڑا اقبال مند پیدا ہوگا جس سے تیرے ملک و اقبال میں فرق آجائے گا) تو اور بھی تکلیف دیتا تھا کسی سے کھیتی کراتا تھا، کسی کو کسی متبذل خدمت پر مامور کر رکھا تھا اور ایک عام حکم دے دیا تھا کہ جس اسرائیلی کے لڑکا پیدا ہو قتل کر ڈالا جائے۔ چنانچہ دائیاں اس خدمت پر مامور تھیں۔ الغرض ہر طرح سے بنی اسرائیل کو اپنے بس میں کر رکھا تھا۔ آخر بقولِ شخصے ؎ ہر ایک بات کی آخر کچھ انتہا بھی ہے، خدا تعالےٰ نے عمران اسرائیلی کے گھر میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کو پیدا کیا۔ اُن کی والدہ نے اُن کو دائیوں سے چھپانے کے لئے ایک تنور میں ڈال دیا کہ یہاں نہیں دیکھنے کے، اُن پر خدا تعالےٰ کا سایہ تھا تنور سرد ہو گیا مگر اگلے روز یہ مناسب جانا کہ ان کو کسی صندوق میں بند کر کے توکل بخدا دریائے نیل میں ڈال دیجئے مبادا خبر ہو جاوے تو میرے سامنے اس کو ہلاک کر دیں گے۔ چنانچہ وہ صندوق یا ٹوکرا بہتا بہتا بڑے دریا سے اُس کی اُس شاخ میں پڑ گیا جو فرعون کے محلوں میں سے ہو کر گزرتا تھا۔ فرعون کی بیٹی نے دیکھا تو اُٹھا لیا اور اپنی ماں کے پاس لائی۔ ماں نے فرعون سے اجازت لے کر اُس کو فرزندی میں رکھ کر پرورش کیا کیونکہ فرعون کے بیٹا نہ تھا اور قدرت خدا تعالےٰ کی دیکھو دودھ پلانے پر حضرت موسیٰ علیہ السلام کی والدہ ہی مقرر ہوئیں یہاں تک کہ موسےٰ بفضلہٖ الٰہی جوان ہو گئے اور فرعون کے بیٹے کہلاتے تھے ان کو اقتدارات وہی تھے جو شاہزادوں کے ہوتے ہیں۔ بنی اسرائیل کے بہت سے ظلم اُن کی وجہ سے اُن کی سفارش سے موقوف ہو گئے مگر فرعونی (کہ جن کو قبط کہتے تھے) اس بات کو اس پر محمول کرتے تھے کہ چونکہ موسیٰؑ نے بنی اسرائیل کی عورت کا دودھ پیا ہے اس لئے دودھ کا حق ادا کرنے کو اُن کے حالِ زار پر رحم کھاتا ہے اور اپنے حقیقی بھائی حضرت ہارون علیہ السلام سے بھی محبت و عزت سے پیش آتے تھے جن کو لوگ رضاعی بھائی

Marfat.com

سمجھتے تھے مگر بنی اسرائیل میں عموماً یہ بات معلوم تھی کہ موسےٰ ہارونؑ کے حقیقی بھائی عمران کے بیٹے ہیں اور موسےٰ کو بھی یہ معلوم ہو گیا تھا۔

وَلَقَدْ أَخَذْنَا آلَ فِرْعَوْنَ بِالسِّنِينَ وَ
اور ہم نے (فرعونیوں کو) برسوں کی خشک سالی اور میووں کی
نَقْصٍ مِّنَ الثَّمَرَاتِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُونَ (۱۳۰)
کمی میں گرفتار کر دیا تاکہ وہ نصیحت پکڑیں۔

فَإِذَا جَاءَتْهُمُ الْحَسَنَةُ قَالُوا لَنَا هَٰذِهِ ۚ
پھر جو کبھی ان پر فراغ دستی آتی تو کہتے یہ تو ہمارا ہی حق ہے۔

وَإِن تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ يَطَّيَّرُوا بِمُوسَىٰ
اور اگر سختی آپڑتی تو موسےٰ اور اُن کے ساتھ والوں کی نحوست
وَمَن مَّعَهُ ۚ أَلَا إِنَّمَا طَائِرُهُمْ عِندَ
بتاتے تھے۔ دیکھو نحوست تو اللہ تعالےٰ کے نزدیک انہیں کی ہے
اللَّهِ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ (۱۳۱)
لیکن اُن میں سے اکثر لوگ جانتے نہیں۔

وَقَالُوا مَهْمَا تَأْتِنَا بِهِ مِنْ آيَةٍ لِّتَسْحَرَنَا
اور (فرعونی) کہنے لگے جب کبھی تو (اے موسےٰ) ہمارے پاس کوئی نشانی
بِهَا فَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِينَ (۱۳۲)
ہمارے جادو کرنے کے لئے لائیگا تو ہم تجھ پر ایمان لانے کے نہیں۔

فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الطُّوفَانَ وَالْجَرَادَ
پھر تو ہم نے اُن پر طوفان اور ٹڈی
وَالْقُمَّلَ وَالضَّفَادِعَ وَالدَّمَ آيَاتٍ
اور جوئیں اور مینڈک اور خون بھیجا کھلی کھلی
مُّفَصَّلَاتٍ فَاسْتَكْبَرُوا وَكَانُوا قَوْمًا
نشانیاں بنا کر۔ سو وہ (اس پر بھی) کڑا ہی کئے اور وہ ایک
مُّجْرِمِينَ (۱۳۳) وَلَمَّا وَقَعَ عَلَيْهِمُ الرِّجْزُ
نافرمان قوم تھی۔ اور جب اُن پر عذاب آپڑتا تو
قَالُوا يَا مُوسَى ادْعُ لَنَا رَبَّكَ بِمَا
موسےٰ سے کہنے لگتے کہ اپنے رب سے ہمارے لئے اُس عہد کے
عَهِدَ عِندَكَ ۖ لَئِن كَشَفْتَ عَنَّا الرِّجْزَ
کیا ہو دعا کرو، اگر تم نے ہم سے عذاب دُور کر دیا تو ہم ضرور تم پر
لَنُؤْمِنَنَّ لَكَ وَلَنُرْسِلَنَّ مَعَكَ
ایمان لے آئیں گے اور آپ کے ساتھ بنی اسرائیل کو رخصت
بَنِي إِسْرَائِيلَ (۱۳۴) فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُمُ
کر دیں گے۔ پھر جب ہم اُن سے وہ عذاب ایک وقت
الرِّجْزَ إِلَىٰ أَجَلٍ هُم بَالِغُوهُ إِذَا هُمْ
تک کہ جس تک اُن کو پہنچنا تھا ٹال دیتے تھے تو فوراً عہد شکنی کرنے
يَنكُثُونَ (۱۳۵) فَانتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَأَغْرَقْنَاهُمْ
لگتے تھے۔ (آخر کار) ہم نے اُن سے بدلا لیا سو اُن کو دریا میں غرق
فِي الْيَمِّ بِأَنَّهُمْ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا وَ
کر دیا، کیونکہ وہ ہماری آیتیں جھٹلایا کرتے تھے اور
كَانُوا عَنْهَا غَافِلِينَ (۱۳۶) وَأَوْرَثْنَا
اُن سے غفلت کیا کرتے تھے۔ اور ہم نے اُس قوم کو
الْقَوْمَ الَّذِينَ كَانُوا يُسْتَضْعَفُونَ
جو کمزور خیال کی جاتی تھی
مَشَارِقَ الْأَرْضِ وَمَغَارِبَهَا الَّتِي
مشرق سے مغرب تک اُس سرزمین (شام) کا وارث کر دیا کہ جس میں ہم نے
بَارَكْنَا فِيهَا ۖ وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ
برکت دے رکھی تھی۔ اور آپ کے رب کی خوش خبری
الْحُسْنَىٰ عَلَىٰ بَنِي إِسْرَائِيلَ ۛ بِمَا
بنی اسرائیل پر پوری ہو گئی۔ ان کے صبر کی

لہ بماعہد عندک کے کئی معنے ہیں اوّل یہ کہ اُس عہد کے وسیلے سے جو تجھ سے خدا تعالےٰ نے کیا ہے۔ اور وہ عہد موسیٰؑ سے خدا تعالیٰ نے کیا تھا غالباً قبول کرنے کی بابت ہو گا کہ ہم تیری دُعا قبول کریں گے اور فرعونیوں کو موسیٰ علیہ السلام کا مستجاب الدعوات ہونا بارہا معلوم ہو چکا تھا۔ دوم یہ کہ ان چیزوں کے سہارے سے جو تیرے رتبے تیرے پاس رکھی ہیں وہ کیا چیزیں تھیں۔ بعض کہتے ہیں وہ کچھ اسمائے الٰہی حضرت موسیٰ علیہ السلام کو تعلیم کر رکھے تھے جب اُن کو ذکر کر کے دُعا کرتے قبول ہی ہوتی۔ اسماء و صفات کی تاثیر سے وہی منکر ہیں جو اس سرّ سے ناآشنا محض ہیں بعض کہتے ہیں کہ وہ (باقی صفحہ ۴۱۵ پر)

Marfat.com

صَبَرُوْا ط وَدَمَّرْنَا مَا كَانَ يَصْنَعُ

وجہ سے۔ اور جو کچھ فرعون اور اُس کی قوم بناتی اور بلند

فِرْعَوْنُ وَقَوْمُهٗ وَمَا كَانُوْا يَعْرِشُوْنَ ﴿۱۳۷﴾

عمارتیں بناتی تھی سب کو منہدم کر دیا۔ ؎

ترکیب

آل فرعون مفعولِ اخذنا۔ بالسنین، الاصل فی سنۃ سنہۃ فلاماہا ہاء وقیل لامہا واوٌ لقولہم سنوات واکثر العرب تجعلہا کالزیدون والبعض یجعل النّون حرف الاعراب وکسرت العین اعلامًا بانہا جمعت علی غیر القیاس، یہ اخذنا سے متعلق الطوفان (قیلؔ مصدر وقیل ہو جمع طوفانۃ) وہوالماء الکثیر المغرق والجراد جمع جرادۃ والقمّل والضّفادع والدّم مفعولِ ارسلنا آیات موصوف مفصّلات صفت مجموعہ حال ہے ہر واحد سے اور ثنا فعل با فاعل القوم مفعولِ اوّل مشارق الخ مفعولِ ثانی ماکان یصنع ما بمعنے الّذی اسم کان ضمیر جو راجع ہے ما کی طرف یصنع فعل فرعون فاعل جملہ خبر کان۔

تفسیر

(۳) فرعون کا شہر مصر یہ نہیں کہ جس کو آج کل قاہرۂ مصر کہتے ہیں بلکہ دریائے نیل کے پورب اور پچھم میں بسا تھا جو آمون نوبا نوامون اپنے ایک دیوتا کے نام سے آباد کیا تھا جس کے سَو پھاٹک اور دو ہزار مستحکم قلعے تھے جن میں بیٹھ کر دشمن سے بخوبی لڑ سکتے تھے۔ اس کے غربی حصّے میں

(بقیہ حاشیہ ۴۱۴) حضرت موسےٰ علیہ السّلام کے دل میں خدا تعالےٰ کی محبت اور اس کا سوز و گداز تھا جس کے سبب سے دُعائیں قبول ہوتی ہیں بلائیں ٹلتی ہیں ۱۲ منہ

ل یعنے بنی اسرائیل کو زبردستی بیگار میں پکڑ کر فرعون اور اُس کی قوم جو کچھ عمارتیں اور بلند محل بنواتے تھے سب برباد ہو گئے یہ بھی معنے ہو سکتے ہیں کہ فرعون اور اُس کی قوم جو کچھ اپنی حفاظت اور بنی اسرائیل کی محکومی کی بابت منصوبے باندھتے اور اُس کے

برُج اور بادشاہی محلوں کے نشان اور بڑے بڑے پتھر کے لمبے ستوُن جن کا طول ۲۰ گز قطر ۳ گز ہے اور ایک صحن میں بادشاہ کی ایک سنگِ مرمر کی تصویر جس کی بلندی ۲۲ گز اور وزن چوبیس ہزار آٹھ سو اُنتالیس من ہے ٹوٹے پھوٹے پڑے نظر آتے ہیں ستائیس میل کے دوری میں اس کے خرابات مسافروں کو دکھائی دیتے ہیں اس شہر کا مشرقی حصّہ بھی بہت بڑا ہے جس میں سیکڑوں بُت خانے دکھائی دیتے ہیں۔ فرعون کے محل کے نشان اور ٹوٹے پھوٹے برُج اب تک موجود ہیں اسی کے ایک حصّہ کا نام عمسیس تھا جہاں سے بنی اسرائیل نے کوچ کیا تھا اور ممفیس بھی اسی کو یا اُس کے کسی حصّہ کو کہتے تھے جس کو اہلِ اسلام منف کہتے ہیں یہ شہر بخت نصر اور کمبیسؔ شاہِ ایران کے ہاتھوں سے اُجاڑ ہوا اور پھر جب عمرو بن العاص رضؓ نے اس کو ہجرت سے اٹھارہویں سال حضرت عمر رضؓ کی خلافت میں فتح کیا اور ہرکلیوسؔ (ہرقل) شاہِ روم کے ہاتھ سے لیا تو یہ اور بھی برباد ہو گیا۔ حضرت عمر رضؓ کی اجازت سے عمرو بن العاص رضؓ نے نیل کی شرقی سمت میں فسطاط کی بنیاد ڈالی اور ایک مسجد بھی بنائی جس کا طول پچاس گز اور عرض تیس گز تھا۔ یہ شہر جدید خلفاء بنی العباس کے عہد میں مصر کا پایۂ تخت رہا چنانچہ جب کافورؔ جو اُن کی طرف سے یہاں کا حاکم تھا مر گیا تو قیروان سے ابو تمیم المعزؔ لدین اللہ اسماعیلیوں کے چوتھے خلیفہ نے اپنے غلام اور سپہ سالار قائد جوہرؔ کو مصر پر روانہ کیا اس نے آ کر جو بڑے لشکر جرّار کے ساتھ آیا تھا یہ ملک خلفاء عباسیہ کے قبضہ سے نکال لیا اور اپنے شیعہ مذہب کے موافق خطبہ پڑھوا دیا

محل چُنتے تھے سب گر گئے اُن کی کچھ تدبیر نہ چلی خدا تعالےٰ کا چاہا ہوا ہو کر رہا پڑا ہے منہ ع۲ یہ کافور اخشیدی وہ شخص ہے کہ جس کی دیوان متنبی میں یہ شاعر مدح لکھتا ہے یہ بنی العباس کا ایک آزاد کردہ تھا ۱۲ منہ ع۳ غالباً یہ کیخسرو ہے جس نے بخت نصر کے بعد بابل کو غارت کیا اور مصر پر بھی حملہ آور ہوا تھا ۱۲ منہ ع۴ ہرقل شاہِ روم کا ماتحت بادشاہ مقوقس اُن دنوں مصر کا حاکم تھا یا اُس کا بیٹا ۱۲ منہ

Marfat.com

اور فسطاط کو غارت کر دیا پھر چند روز کے بعد المعز لدین اللہ بڑے فوج کے ساتھ آیا اور سکندریہ پر قبضہ کرتا ہوا ۱۰ رمضان المبارک ۳۶۲ھ میں مصر میں داخل ہوا اور فسطاط کے پاس اور شہر قاہرہ[1] کی بنیاد ڈالی۔ پھر یوں فیوں قاہرہ کی رونق اور آبادی بڑھتی گئی۔ آخر جب سلاطین اسماعیلیہ کی سلطنتِ مصر سلطان صلاح الدین یوسف کے ہاتھ آئی تو اُس نے فسطاط اور قاہرہ اور قلعہ کے اردگرد آٹھ میل کے دور میں پختہ شہر پناہ بنوادی تھی۔ اس قاہرہ کو فرعون کا شہر کہنا بڑی غلطی ہے۔ چونکہ مصر فرعون کا شہر ہے اس لئے اُس کے تاریخی واقعات بیان کرنا مناسب مقام ہوا۔

(۴) الغرض حضرت موسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل کی حمایت میں سرگرم رہنے لگے اور جب سے کہ آپ ایک بار منف میں گئے اور وہاں ایک قبطی کو اسرائیلی سے لڑتے دیکھا اور اس کے ایک مُکا مارا اور وہ مرگیا تو فرعون کے لوگوں کو بھی معلوم ہوگیا کہ موسیٰ (علیہ السلام) اسرائیلی اور وہی شخص ہے جو ہماری سلطنت کی تخریب کا باعث ہوگا۔ اس لئے موسیٰ یہاں سے جان بچا کر مدین گئے اور وہاں سے لوٹتے وقت کوہ طُور کے حوالی میں اُن کو مصر جانے اور فرعون کو سمجھانے کا حکم ہوا۔ موسےٰ کو بہت مشکل سے فرعون تک رسائی ہوئی۔ وہاں جا کر کہا میں خدا تعالےٰ کی طرف سے تمہارے پاس آیا ہوں، جھوٹ بولنا میرا شیوہ نہیں، میں معجزات لے کر تیرے پاس آیا ہوں، تُو میرے ساتھ بنی اسرائیل کو اُن کے وطن شام میں جانے دے۔ فرعون نے کہا اچھا اگر تیرے پاس کوئی معجزہ ہے تو دکھا۔ موسیٰ نے اپنے ہاتھ کا عصا زمین پر ڈال دیا تو وہ سانپ بن کر لہرانے لگا جس سے فرعون اور اُس کا دربار ڈر کر بھاگ نکلا۔

پھر اُس کو ہاتھ میں لیا تو ویسی ہی لاٹھی ہوگئی۔ اس کے بعد دوسرا معجزہ یہ دکھایا کہ ہاتھ اپنی بغل میں دے کر جو باہر نکالا تو آفتاب کی طرح چمکنے لگا۔ یہ دو معجزے موسیٰ علیہ السلام کو وادی مقدس میں ملے تھے۔ فرعونیوں نے اُن کو جادو سمجھ کر اُن کے

وَجٰوَزْنَا بِبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ الْبَحْرَ فَاَتَوْا

اور بنی اسرائیل کو ہم نے دریا سے پار کر دیا تو وہ ایک ایسی

عَلٰی قَوْمٍ یَّعْکُفُوْنَ عَلٰٓی اَصْنَامٍ لَّهُمْ

قوم کے پاس پہنچے کہ جو اپنے بتوں کے گرد جمے بیٹھے تھے (۱۳۸)

قَالُوْا یٰمُوْسَی اجْعَلْ لَّنَآ اِلٰهًا کَمَا

(بنی اسرائیل نے کہا اے موسےٰ! ہمارے لئے بھی ایک معبود بنا دیجئے جیسے کہ

لَهُمْ اٰلِهَةٌ ؕ قَالَ اِنَّکُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُوْنَ (۱۳۸)

ان کے لئے معبود ہیں۔ (موسیٰ نے کہا تم بڑی جاہل قوم ہو۔

اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ مُتَبَّرٌ مَّا هُمْ فِیْهِ وَ

یہ لوگ (بُت پرست) جس دین میں ہیں وہ خود غلط ہے اور جو کچھ یہ کر رہے

بٰطِلٌ مَّا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ (۱۳۹) قَالَ

ہیں وہ بھی سب باطل ہے۔ (موسےٰ نے) کہا

اَغَیْرَ اللّٰهِ اَبْغِیْکُمْ اِلٰهًا وَّهُوَ فَضَّلَکُمْ

کیا اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی اور معبود تمہارے لئے تلاش کروں حالانکہ اُسی نے تو

عَلَی الْعٰلَمِیْنَ (۱۴۰) وَاِذْ اَنْجَیْنٰکُمْ

تم کو جہان پر بزرگی دی ہے۔ اور (یاد کرو) جب کہ ہم نے تم کو فرعون والوں

---

[1] یہ وہی قاہرہ ہے کہ جو آج کل شاہ مصر توفیق پاشا تابع سلطان عبدالحمید خان خلد اللہ ملکہ کا پایۂ تخت ہے مصر میں چند سال ہوتے عرابی پاشا سپہ سالار لشکر مصر نے بغاوت اختیار کی تھی نہر سویز کی حفاظت کی وجہ سے (جو انگریزوں اور فرانس کے لئے ہندوستان کا راستہ ہے) انگریزوں نے شاہ مصر کی اعانت کی اور اپنی فوج مصر میں بھیج دی جس سے محمد احمد سوڈانی نے جو مہدی کہلاتا ہے مقابلہ کیا اور انگریزوں اور مصریوں کو متواتر شکستیں دے کر افریقہ کا ایک بڑا حصہ لے لیا اور آئندہ مصر پر قبضہ کرنے کا قصد رکھتے ہیں دیکھئے کیا ہوتا ہے ۱۲ منہ

۲ مصر کے لوگ بُت پرست تھے اپنے دیوتاؤں کی مورتیں مندروں میں رکھ کر پرستش کرتے تھے بیل اور گائے کی بھی پرستش کرتے تھے اُس کے ذبح کرنے والے کو مار ڈالتے تھے اور بلی کو بھی پوجتے تھے اور اپنے بادشاہ کو سجدہ کرتے تھے اور اس کو بڑا دیوتا جانتے تھے جیسا کہ قدیم اہل ہند کا دستور تھا ایسی پرستش سے فرعون کا دماغ چل گیا تھا جو اپنے آپ کو ربّ اعلیٰ کہتا تھا ۱۲ منہ

Marfat.com

مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ
سے بچادیا جو تم کو بُری طرح کا عذاب دیتے
الْعَذَابِ ۚ يُقَتِّلُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ وَ
(اور) تمھارے بیٹوں کو قتل کرتے اور
يَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ ۭ وَفِيْ ذٰلِكُمْ
تمھاری عورتوں کو زندہ رکھتے تھے ، اور اس میں تو تمھارے
بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ ﴿۱۴۱﴾ ع
رب تعالیٰ کا بڑا احسان ہے۔

ترکیب

جاوزنا فعل بافاعل بارتعدیہ کے لئے بنی اسرائیل مفعول اوّل البحر مفعول ثانی کما لہم آلہۃ ما یا مصدریہ ہے اور بعد کا جملہ صلہ یا بمعنے الذی والعائد محذوف و آلہۃ بدل منہ تقدیرہٗ کالذی ہو لہم اور کاف اور جس پر یہ داخل ہے الٰہ کی صفت ہے اے الٰہا مماثلا للذی لہم۔ اغیر اللہ صفت ہے الٰہا مفعول التکلم مقدّم ہونے سے حال ہوگئی یسومونکم اور یقتلون الخ آل فرعون کی صفت۔

تفسیر

مقابلہ کے واسطے اپنے تمام جادوگروں کو جمع کرکے موسےٰ کا مقابلہ کرایا۔ جادوگروں نے نظر بندی کرکے اپنی رسّیوں اور لکڑیوں کے اسی طرح سے سانپ بنادیئے۔ جب موسیٰ نے اپنا عصا زمین پر ڈالا تو وہ اژدہا بن کر سب کو نگل گیا جس سے لاکھوں آدمی جو اُس میدانِ مقابلہ میں تھے ڈر گئے اور جادوگر حضرت موسیٰ علیہ السلام پر ایمان لے آئے اس پر فرعون سخت ناراض ہوا اور جادوگروں کو کہا کہ تم موسیٰ سے ملے ہوئے تھے تم نے باہم مشورت کرلی ہے تاکہ تم اس شہر سے بنی اسرائیل کو نکال کرلے جاؤ۔ اچھا ابھی تمھیں معلوم ہوجاتا ہے۔ حکم دیا کہ ان کے ہاتھ پاؤں کاٹ کر درختوں پر لٹکا کر سولی دیدو۔ جادوگروں نے کہا کچھ پروا نہیں ہم اللہ تعالےٰ پر ایمان لے آئے ہیں سو وہ ہم کو صبر عنایت کرے گا۔ اس کے بعد فرعونیوں نے صلاح دی کہ موسیٰ کو قتل کرڈالئے تاکہ زمین میں فتنہ برپا نہ کرے اور تیری اور تیرے معبودوں کی پرستش نہ چھوڑا دے۔ فرعون نے اور بھی بنی اسرائیل کو تکالیف دینی شروع کیں جس سے وہ چیخ اُٹھے موسیٰ نے کہا صبر کرو انجام کار نیک بختوں کو فلاح ہوتی ہے خدا تعالےٰ کا ملک ہے جسے چاہے دے وہ تمھارے دشمن کو عنقریب ہلاک کرکے زمین پر تمھیں حکومت دیا چاہتا ہے پھر دیکھئے تم کیا کرتے ہو؟ اس کے بعد کئی برس تک موسیٰ مصر میں فرعونیوں کو معجزات دکھلاتے رہے کبھی اولے برسے کبھی تمام پانی خون ہوگیا، مینڈکیاں در و دیوار پر چڑھ گئیں چھچھڑیوں نے ستایا لیکن یہ زیادہ تنگ ہوتے تھے تو فرعونی فرعون سے کہتے وہ موسےٰ کو بُلا کر وعدہ کرتا کہ اگر یہ بلا تو نے اپنے خدا تعالےٰ سے کچھ کہہ کر دُور کرادی تو ہم ایمان لے آئیں گے اور تیرے ساتھ بنی اسرائیل کو جانے دیں گے مگر جب وہ بلا دُور ہوتی تھی پھر ویسے کے ویسے منکر ہوجاتے تھے اخیر ایک بار مصر میں غریب سے امیر تک سب کا پہلوٹھا بیٹا مرگیا جس سے تمام مصر میں کہرام مچ گیا۔ لوگوں نے فرعون سے کہا شہر غارت ہوگیا ہے انھیں جہاں کہیں اپنی قربانی کرنے جاتے ہیں جانے دیجئے۔ بنی اسرائیل اعسیں سے مرد و زن مال و اسباب لے کر قربانی کے بہانے سے نکلے جب کئی منزل مشرقی جانب طے کی تو بحر قلزم پر آگئے خدا تعالےٰ نے اُن کو یہاں سے پار کردیا (اس جگہ غرق نہ کیا)۔

وَوٰعَدْنَا مُوْسٰى ثَلٰثِيْنَ لَيْلَةً وَّ
اور ہم نے موسےٰ سے تیس رات کا وعدہ کیا تھا اور
اَتْمَمْنٰهَا بِعَشْرٍ فَتَمَّ مِيْقَاتُ رَبِّهٖٓ
اُس کو دس ملا کر پورا کردیا سو اُس کے رب تعالیٰ کا وعدہ چالیس کا ہوا

Marfat.com

أَرْبَعِينَ لَيْلَةً وَقَالَ مُوسَى لِأَخِيهِ
رات کا پورا) ہوا۔ اور موسیٰؑ اپنے بھائی ہارونؑ کو (کوہ طور پر جاتے ہوئے)

هَارُونَ اخْلُفْنِي فِي قَوْمِي وَأَصْلِحْ وَ
کہہ گئے کہ میری قوم میں میری نیابت کرتے رہنا اور اصلاح کرنا اور

لَا تَتَّبِعْ سَبِيلَ الْمُفْسِدِينَ ﴿۱۴۲﴾ وَلَمَّا
مفسدوں کے رستہ پر نہ چلنا۔ اور جب کہ موسےٰ

جَاءَ مُوسَى لِمِيقَاتِنَا وَكَلَّمَهُ رَبُّهُ ۙ قَالَ
ہمارے وقت پر آئے اور اُس کے رب نے اُن سے کلام کیا۔

رَبِّ أَرِنِي أَنْظُرْ إِلَيْكَ ۚ قَالَ
تو موسیٰؑ نے عرض کیا کہ اے رب! مجھے دکھا کہ آپ کی طرف دیکھوں۔ فرمایا

لَنْ تَرَانِي وَلَٰكِنِ انْظُرْ إِلَى الْجَبَلِ فَإِنِ
تم مجھ کو ہرگز نہ دیکھ سکو گے ہاں پہاڑ کو دیکھو پھر اگر

اسْتَقَرَّ مَكَانَهُ فَسَوْفَ تَرَانِي ۚ فَلَمَّا
وہ اپنی جگہ قائم رہا تو تم بھی مجھے جلد دیکھ لوگے۔ پھر جب کہ

تَجَلَّىٰ رَبُّهُ لِلْجَبَلِ جَعَلَهُ دَكًّا وَخَرَّ
اُن کے رب نے پہاڑ پر تجلی کی تو اُس کو چور چور کر دیا اور موسےٰ

مُوسَىٰ صَعِقًا ۚ فَلَمَّا أَفَاقَ قَالَ سُبْحَانَكَ
غش کھا کر گر پڑے۔ پھر جب ہوش آیا تو کہنے لگے تو پاک ذات ہے

تُبْتُ إِلَيْكَ وَأَنَا أَوَّلُ الْمُؤْمِنِينَ ﴿۱۴۳﴾
میں نے تیرے حضور میں توبہ کی اور میں سب سے پہلے ایمان لانے والوں میں سے ہوں۔

قَالَ يَا مُوسَىٰ إِنِّي اصْطَفَيْتُكَ عَلَى
فرمایا اے موسیٰؑ! میں نے اپنی پیغمبری اور ہم کلامی سے لوگوں پر

النَّاسِ بِرِسَالَاتِي وَبِكَلَامِي ۖ فَخُذْ
تم کو بزرگی بخشی۔ سو جو میں نے

مَا آتَيْتُكَ وَكُنْ مِنَ الشَّاكِرِينَ ﴿۱۴۴﴾ وَ
تم کو دیا اس کو لے لو اور شکر گزاری کرتے رہو۔ اور

كَتَبْنَا لَهُ فِي الْأَلْوَاحِ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ
ہم نے (موسیٰؑ کے لئے) تختیوں پر ہر چیز کی نصیحت

مَوْعِظَةً وَتَفْصِيلًا لِكُلِّ شَيْءٍ فَخُذْهَا
اور ہر چیز کی تفصیل لکھ دی، پس اُن کو

بِقُوَّةٍ وَأْمُرْ قَوْمَكَ يَأْخُذُوا بِأَحْسَنِهَا
مضبوط ہو کر لو اور اپنی قوم کو حکم کرو کہ ان میں سے اچھی باتوں پر عمل کیا کریں۔

سَأُورِيكُمْ دَارَ الْفَاسِقِينَ ﴿۱۴۵﴾
میں تم کو ابھی بدکاروں کے گھر دکھاتا ہوں[1] (کہ کیسے اُجڑے پڑے ہیں)۔

ترکیب

اربعین کا نصب حال ہونے کی وجہ سے ہے اے تم بالغًا ہٰذا العدد۔ لیلۃ منصوب ہے تمیز ہونے کی وجہ سے لمیقاتنا لام بمعنے وقت قال ربّ الخ شرط یا جواب ہے لمّا جا موسیٰ کا موعظۃ وتفصیلاً مفعول کتبنا کا من کلّ شیٔ صفت ہے اُس کی جو مقدّم ہونے کی وجہ سے حال ہے۔

تفسیر

فرعون کا قصہ مجملاً اسی جملہ میں تمام کر دیا ودمّرنا ما کان یصنع فرعون وقومہ الخ)۔ قلزم کو عبور کر کے عرب کے ریگستانی اور کوہی بیابانوں قادسیہ وغیرہ میں آپڑے یہاں اسرائیلیوں نے جو لوگوں کو بت پرستی کرتے دیکھا تو مصریوں کی صحبت یافتہ تو تھے ہی مُنہ میں پانی بھر آیا کہ حضرت سے ہمارے لئے بھی ایسے معبود بنا دیجئے جیسے ان لوگوں کے لئے ہیں۔ حضرت موسیٰؑ نے ان کو اس بات پر بہت سرزنش کی کہ تم بڑے واہی لوگ ہو، اتخم قوم تجہلون اور کیا اللہ تعالےٰ کے سوا تمہارے لئے کوئی معبود تجویز کروں جس نے کہ تم کو لوگوں پر فضیلت عطا کی اور فرعون کے پنجہ سے نجات دی۔ ووٰعدنا موسےٰ، حضرت موسےٰ نے اس بیابان میں جب کہ کوہ طور کے پاس آئے خدا تعالیٰ سے احکام ملنے کی درخواست کی جو بنی اسرائیل کے لئے دستور العمل ہوں حکم ہوا کہ یہاں آکر تیس رات عبادت کر۔ پیچھے ہارونؑ کو خلیفہ بنا کر آپ کوہ طور پر گئے وہاں تیس کی جگہ چالیس راتیں لگ گئیں

[1] نافرمانی اور بدکاری کے سبب کیسے اُجڑے پڑے ہیں ۱۲

Marfat.com

اسی چلہ میں ایک بار حضرت موسیٰؑ کو دیدارِ الٰہی کا شوق ہوا کہ کاش میں آپ کو اپنی آنکھوں سے دیکھوں چونکہ یہ آنکھیں تو جسمانیات میں سے اجسام لطیفہ کو بھی نہیں دیکھ سکتیں جہاں کے آنکھ کی شعاعیں لطافت کی وجہ سے منعکس نہیں ہوتیں (آئینہ میں جب تک پیچھے کوئی چیز نہیں لگاتے قلعی نہیں کرتے شعاعیں منعکس نہیں ہوتیں بالکل آرپار نفوذ کرجاتی ہیں اس لئے صورت نہیں دکھائی دیتی) چہ جائے کہ خدا تعالےٰ کو دیکھ سکیں جو نہ جسم ہے نہ کثیف بلکہ سب سے زیادہ لطیف اس لئے جواب دیا کہ لن ترانی تو مجھے نہ دیکھ سکے گا اور حضرت موسیٰؑ کا اطمینان کرنے کو ایک بات بتلائی کہ پتھر تجھ سے زیادہ سخت ہے جس قدر انسان میں انفعال اور قابلیت ہے خصوصًا انبیاء علیہم السّلام میں ہے پتھر میں کہاں اور انسان کا ادراک کجا پتھر کجا انسان کی رُوح (جو عالمِ قدس کے حوضوں میں دھوئی ہوئی ہے جس میں خدا تعالےٰ سے تقرّب کی سخت مناسبت رکھی ہوتی ہے) ایک ایسی قابل اور منفعل ہے جیسی کہ بارود آگ کا اثر قبول کرنے میں۔ پس اے موسےٰؑ! میں عالمِ غیب کے پردہ کو ذرا سا اُٹھا کر اس پہاڑ ناقابل پر ایک یوں ہی سی تجلّی کرتا ہوں اگر وہ اس کی تاب لاسکا اور ٹھہرا رہا تو تُو بھی مجھے دیکھ لے گا پس جب یہ ٹھہر گئی تو خدا تعالےٰ نے پہاڑ پر تجلّی کی جس سے وہ پہاڑ ٹکڑے ٹکڑے ہوگیا یعنی خاص وہ مقام کہ جس پر تجلّی کی تھی نہ کہ کُل کوہِ طور۔ اس تجلّی میں حضرت موسیٰؑ بھی بےہوش ہوکر زمین پر گر پڑے۔ جب ہوش آیا اور حقیقتِ امر منکشف ہوئی اور اپنے سوال کا منشاء نادانستگی معلوم ہوا تو کہا الٰہی! میری توبہ پھر ایسا سوال نہ کروں گا سُبحانک اور تو آنکھوں کے ساتھ نظر آنے سے پاک ہے وانا اوّل المؤمنین اور بغیر آنکھوں کے دیکھے سب سے اوّل میں ایمان لانے والا ہوں **ف ۱**

جمہور اہل اسلام اس بات کے معتقد ہیں کہ قیامت کو اہلِ جنّت دیدارِ الٰہی کی دولت سے مشرّف ہوں گے اس کی عیاناً زیارت کریں گے مگر جس طرح آج کل فلسفی خیالات کے دریا رواں ہیں اسی طرح بنی العباس کے عہد میں تھے جب کہ علوم یونانیہ کا عربی میں ترجمہ ہوا اور منطق اور فلسفہ میں مسلمانوں نے توغل کیا تو ایک فریق خیالاتِ فیلسوفانہ کا پیرو ہوکر قرآنِ مجید کو اُس کے ساتھ مطابق کرنے لگا جن کو **معتزلہ** کہتے ہیں اُنھوں نے دیکھا کہ اگر کوئی خدا تعالےٰ کو دیکھے تو ضرور کسی جہت اور سمت میں دیکھے گا سو اُس کے لئے کوئی جگہ تجویز کرنی پڑے گی پھر جسم بھی ماننا پڑے گا اس لئے اُنھوں نے اس آیت کا سہارا پکڑ کر قیامت میں دیدارِ الٰہی کا انکار کردیا اور جس قدر آیات و احادیث دیدارِ الٰہی کے بیان میں وارد ہیں سب کی تاویل کردی۔ اگرچہ علمائے اہلِ سنّت نے بہت کچھ جواب دیا مگر ہم یہاں یہ کہتے ہیں کہ دنیا میں انسان کی نگاہ خاص محسوسات کے دیکھنے سے زیادہ تجاوز نہیں کرسکتی مگر جنّت جو عالمِ قدس ہے وہاں یہ حال نہ ہوگا وہاں کے اجسام روح سے بھی زیادہ لطیف ہوں گے وہاں ویسی ہی آنکھیں ملیں گی پھر اب اس عالم میں جب روحانی طور پر اہلِ صفاء خدا تعالےٰ کے دیدار سے مشرّف بلکہ ہر وقت اُسی کی درگاہِ قدُس میں حاضر رہتے ہیں اور جن کی آنکھوں میں عالمِ محسوسات ایسا لاشئ ہوگیا ہے کہ جس طرح آفتاب کے رُوبرُو رات کے تارے- عارف جدھر دیکھتا ہے اُس کو خدا ہی نظر آتا ہے ہر کاروبار میں اُسی کے یدِ قدرت دکھائی دیتے ہیں وللّٰہ درّ من قال **ف ۵**

بخدا غیرِ خدا در دو جہاں چیزے نیست ٭ بے نشان است کزو نام و نشان چیزے نیست ٭ پھر اُس عالم میں عام مؤمنین کیوں اُس کو نہیں دیکھیں گے۔ بلکہ ضرور دیکھیں گے۔

جب حضرت موسیٰ علیہ السّلام نے توبہ کی تو فرمایا کہ مَیں نے تجھ کو اپنے ساتھ کلام کرنے سے اور رسالت سے لوگوں پر فضیلت دی سو جو تجھ کو دیا جاوے اُس کو شکر کرکے لے لے یعنی اُس کو بس غنیمت جان۔ یہ کیا کم بات ہے کہ آپ اللہ تعالےٰ سے ہم کلام ہوتے ہیں۔ **ف ۲** خدا تعالےٰ نے جو حضرت موسیٰ علیہ السّلام سے

سفر خروج کے ۳۳ باب درس ۱۸ میں یہ سب قصہ مندرج ہے ۱۲ منہ

[illegible]

اہلِ سنت و معتزلہ کا اختلاف دیدارِ الٰہی میں - ف ۲

Marfat.com

کلام کیا تھا اس کی حقیقت بیان کرنے میں مختلف اقوال ہیں بعض کہتے ہیں انھیں حروف و اصوات سے اُس کا کلام تھا کہ جن سے باہم آدمی کلام کرتے ہیں اور پھر اُن میں سے محققین اُس کے حادث ہونے کے بھی قائل ہیں یعنے کلام خاص اور اُس کے حروف و الفاظ خاص گو حادث ہیں مگر وہ صفت کلام کہ جو اُن حروف والفاظ سے ادا ہوتی ہے قدیم ہے ہر شخص سے اُسی کے موافق کلام کرتا ہے کچھ عربی و عبرانی الفاظ کی قید نہیں بلکہ ملائکہ سے اُنھیں کے موافق۔ مگر حنابلہ و حشویہ اس کلام کلّی کے افراد کو بھی قدیم کہتے ہیں۔ پھر کرّامیہ اُن حروف والفاظ حادثہ کا محل ذاتِ باری تعالےٰ قرار دیتے ہیں۔ معتزلہ کہتے ہیں کہ اُس کا محل کوئی ذات مباین ذات اللہ ہے جیسا کہ شجر وغیرہ یعنی کسی درخت و پتھر میں سے کوئی آواز پیدا ہوتی تھی جس کے ساتھ خدا تعالےٰ حضرت موسیٰ علیہ السّلام سے کلام کرتا تھا۔ اہلِ سنّت والجماعت کہتے ہیں کہ وہ کلام اُس کی ایک صفت خاص ہے جو ازلی اور قدیم ہے جو ان حروف واصوات سے مغائر ہے۔ پھر اس بات میں کہ موسےٰ نے کیا سُنا تھا دو قول ہیں۔ ابو منصور ماتریدی کہتے ہیں کہ اصوات حروف تھے جو کسی درخت سے پیدا ہوتے تھے۔ اشاعرہ کہتے ہیں کہ بغیر اس کے موسیٰ علیہ السّلام اسی صفتِ حقیقیہ کو سُنتے تھے

فقیر کہتا ہے کہ خدا تعالےٰ کا کلام اپنے مخلصین سے اس بات کا محتاج نہیں کہ وہ حروف واصوات سے ہو بلکہ وہ روحانی طور سے ہے کہ جن کو کسی چیز کے ساتھ تشبیہ نہیں دے سکتے۔ دیکھو اشراقی لوگ بغیر صوت وحروف کے کیونکر کلام کرتے ہیں اور دوسرا اس کو کیونکر سُن لیتا ہے خواب میں کہ حواس ظاہرہ معطّل ہوتے ہیں نہ آنکھ دیکھتی نہ یہ کان سُنتے ہیں پھر کس طرح سے کلام ہوتا ہے؟ روحانیات اور لطیف چیزوں کا جُدا ہی معاملہ ہے۔ تختے اور پتھر میں سے آواز پیدا ہونے کا قائل ہونا ایک بے سند بات ہے کہ جس کو حقائق شناس پسند نہیں کرتے اور خدا تعالےٰ کا یہ کلام کچھ حضرت موسیٰؑ ہی پر منحصر نہ تھا بعد میں بھی انبیاء علیہم السّلام سے کلام ہوتا ہے اب بھی اولیاء اللہ سے کلام ہوتا ہے مگر سُننے کو کان درکار ہیں۔

ف الواح کی کیفیت۔

(۲) ف وکتبنا لہٗ فی الالواح آخر توراۃ موجودہ کے سفر خروج کے ۳۲ باب ۱۵ ورس میں ان لوحوں کی بابت لکھا ہے "موسےٰ پھر کر پہاڑ سے اُتر گیا اور شہادت کے دونوں تختے (لوحین جن کو الواح کہتے ہیں) اُس کے ہاتھ میں تھے دونوں طرف اِدھر اور اُدھر لکھے ہوئے تھے اور وہ تختے خدا کے کلام سے تھے اور جو لکھا ہوا سو خدا کا لکھا ہوا اور اُن پر کندہ کیا ہوا تھا۔" پھر اُسی باب میں آگے چل کر یہ لکھا ہے کہ جب حضرت موسیٰؑ نے بنی اسرائیل کو بچھڑے کی پرستش کرتے دیکھا اور اُن کے شور غل کی آواز سُنی تو اُن لوحوں کو پھینک دیا اور پہاڑ کے نیچے آکر توڑ ڈالا۔ پھر چونتیسویں باب کے اوّل ہی میں لکھا ہے۔ "پھر خداوند نے موسیٰ سے کہا کہ اپنے لئے پہلی لوحوں کے مطابق دو لوحیں پتھر کی تراش اور میں اُن لوحوں پر وہ باتیں جو پہلے لوحوں پر تھیں جنھیں تو نے توڑ ڈالا لکھوں گا۔ صبح کو تیار ہو جا اور سویرے کوہ سینا پر چڑھ اور میرے آگے وہاں پہاڑ کی چوٹی پر حاضر ہو۔" علمائے اہلِ کتاب کوہ طور پر چلّہ بھر روزہ رکھنے کے بعد حضرت موسیٰؑ کو صرف یہ دو پتھر کے تختے عطا ہونے کے قائل ہیں کہ جن پر دس احکام لکھے ہوئے تھے۔ بُت پرستی کی ممانعت۔ والدین کی تعظیم۔ یوم سبت کی عزّت وغیرہ اور اس کے بھی کہ اُن لوحوں کو موسےٰؑ نے ایک چوبی صندوق میں رکھوایا تھا (خروج باب ۴۰) مگر مفسّرینِ اسلام ان الواح سے مراد توراۃ لیتے ہیں اور اُس چالیس روز کے چلّہ اور روزہ کو جو کوہ سینا یا طور پر واقع ہوا نزول توراۃ کا باعث سمجھتے ہیں کس لئے کہ من کل شیٔ موعظۃ وتفصیلا لکل شیٔ اُن دو لوحوں کے دس حکموں پر صادق نہیں آتا اس لئے کہ جمیع مسائل ضروریہ کی تفصیل اور ہر قسم کی نصیحت ان میں نہیں جانوروں کی حلّت و حرمت اور شریعت کے مسائل اُن میں کہاں ہیں؟

ع یہ کلام وہ نہیں کہ جو انبیاءؑ پر نازل ہوا جیسا کہ توریت و قرآن مجید ۱۲ منہ

Marfat.com

اور نیز سفر استثنے کے ۲۷ باب کی ۸ آیت میں نسخہ فارسیہ مطبوعہ ۱۸۴۵ء و ۱۸۳۹ء میں یہ عبارت ہے "و بر آن سنگہا تمامی کلمات این توریت را بخط روشن بنویس" اور کتاب یشوع کے ۸ باب ۳۰ ورس مطبوعہ ۱۸۴۵ء میں لکھا ہے کہ بنی اسرائیل نے بموجب حکم موسیٰؑ کے ایک مذبح بنایا اور اُس کے پتھروں پر توریت کو لکھ دیا۔ اس سے معلوم ہوا کہ اصل توریت اُنھیں الواح میں تھی اور بہت بڑی کتاب نہ تھی جس کو مذبح کے پتھروں پر اُس عہد کے موافق کندہ کرنا ناممکن ہوتا گو بعد میں اہل کتاب نے (تمامی کلمات این توریت) کو شریعت کے ساتھ بدل دیا۔ مگر اصل عبارت سے مدعا ثابت ہے۔

هَلْ يُجْزَوْنَ إِلَّا مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿۱۴۷﴾ ع ۱۷

وہ بدلہ تو اُسی کا پاویں گے کہ جو کیا کرتے تھے۔

ترکیب

الذین یتکبّرون الخ مفعول ہے اصرف کا وان یروا شرط لایؤمنوا بہا جواب ذٰلک مبتدا باءنہم جملہ ثابت کے متعلق ہوکر خبر والّذین مبتدا کذّبوا فعل ضمیر فاعل راجع الّذین کی طرف بایاتنا مفعول کذّبوا معطوف علیہ ولقاء الاٰخرۃ اس پر معطوف تمام جملہ صلۂ الذین۔ حبطت خبر اور ممکن ہے کہ ہل یجزون ہو۔

تفسیر

پہلے تھا کہ میں تمھیں توراۃ دیتا ہوں جس میں ہر قسم کی نصیحت اور سب شریعت ہے اُس کو خوب مضبوط ہوکر لو اور میں ابھی تمھیں بدکاروں کے ملک میں لے جاتا ہوں یعنی شام اور اُس کے اطراف موآب وغیرہ میں جہاں حتّی اور عموری اور عمالیق بت پرست بدکار لوگ بستے ہیں ایسا نہ ہو کہ اُن کو دیکھ کر تمھارا بھی رنگ بگڑ جائے۔ اب یہاں فرماتا ہے کہ تم اپنی حالت ایمان کو جہاں تک ہو سکے قائم رکھیو کس لئے کہ بگڑتے کچھ دیر نہیں لگتی اور کون بگڑتے ہیں وہ جو دنیا میں تکبّر کرتے ہیں آپ کو اوروں سے اچھا جانتے اور اِتراتے ہیں۔ پھر وہ خدا تعالےٰ کے ہادی انبیاء علیہم السلام اور علماءؒ سے بھی سرکشی کرنے کے عادی ہو جاتے ہیں جس کا نتیجہ خدا تعالےٰ کی آیتوں سے رُوگردانی کرنا ہے۔ اور وہ جو ہر قسم کی آیات و معجزات دیکھ کر بھی نہیں مانتے اور وہ جو حق بات دیکھیں تو اُسے نہ مانیں بُری بات کے جھٹ سے پیرو ہو جائیں انبیاء علیہم السلام اور علماء سمجھاویں تو ہزاروں حجتیں اور جھوٹے عذرات پیش کریں، شیطانی کام میں جھٹ کود پڑیں مال اور جان سے دریغ نہ کریں۔ یہ تینوں خصلتیں انسان کی روح پر

سَأَصْرِفُ عَنْ آيَاتِيَ الَّذِينَ يَتَكَبَّرُونَ

میں اپنی آیتوں سے اُن کو (کہ لیتے اُن کے دل کو) پھیر دوں گا کہ جو زمین پر

فِي الْأَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ۖ وَإِنْ

ناحق کا تکبّر کیا کرتے ہیں۔ اور اگر وہ

يَرَوْا كُلَّ آيَةٍ لَا يُؤْمِنُوا بِهَا ۖ

سب نشانیاں بھی دیکھ لیں تو بھی ان پر ایمان نہ لاویں۔

وَإِنْ يَرَوْا سَبِيلَ الرُّشْدِ لَا يَتَّخِذُوهُ

اور اگر راہ راست دیکھیں تو اس کو رستہ نہ

سَبِيلًا ۖ وَإِنْ يَرَوْا سَبِيلَ الْغَيِّ

بنائیں۔ اور اگر ٹیڑھا رستہ دیکھیں تو

يَتَّخِذُوهُ سَبِيلًا ۚ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ

اُس پر چلنے لگیں۔ یہ اس لئے کہ اُنھوں نے

كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا وَكَانُوا عَنْهَا

ہماری آیتیں جھٹلائیں اور اُن سے غفلت کرتے

غَافِلِينَ ﴿۱۴۶﴾ وَالَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا

رہے۔ اور جنھوں نے کہ ہماری آیتیں اور قیامت کے

وَلِقَاءِ الْآخِرَةِ حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ ۚ

پیش آنے کو جھٹلایا تو اُن کے عمل ضائع ہو گئے۔

Marfat.com

اپنا اثر پیدا کرتی ہیں کہ پھر وہ دنیا میں جس قدر خدا تعالےٰ کی آیتیں ہیں خواہ اُس کی آیاتِ قدرتِ عالم اور اُس کے حالات و تغیّرات ہوں یا آیاتِ منزلہ کتابِ الٰہی کے جملہ جن سے عالمِ آخرت اور اُس کی ذات و صفات پر تنبّہ ہوتا ہے یا انبیاءؑ کے معجزات ہوں جو اُن کی صداقت کی دلیلیں ہیں اور نبیؑ کی تصدیق سعادتِ دارین کا وسیلہ ہے اُن میں سے کسی کو بھی نہیں مانتا اور اُس کی ایسی حالت ہو جانی خدا تعالےٰ کی طرف سے محرومی اور آیات سے روکا جانا ہے اور اسی لئے اس کا سبب ذٰلک بانہم کذبوا فرمایا اور اُس کے بعد اُن آیات کی تکذیب کرنے والے کی سزا بھی بیان کر دی کہ حبطت اعمالہم کہ اُن کے عمل برباد ہو جائیں گے کس لئے کہ عملِ خیر جو آخرت میں نفع دیتا ہے وہ جو خلوص پر مبنی ہو اور جب تکذیبِ آیات اللہ ہوئی تو خلوص کہاں ؟۔ گویا بنی اسرائیل کو ملکِ شام میں داخل ہونے سے پہلے اُن کی جبلّی کجی کی طرف اشارہ کر کے تنبیہ کرتا ہے کہ وہاں چل کر تم ایسے نہ ہو جائیو اور اس میں سب کے لئے عموماً تہدید بھی ہے۔

ف تم نے میرے بعد بہت ہی بُرا کیا

ف ڈال دیں

وَاتَّخَذَ قَوْمُ مُوْسٰى مِنْۢ بَعْدِهٖ مِنْ

اور موسیٰؑ کی قوم نے اُن کے بعد[1] اپنے زیور سے ایک بچھڑے کا ڈھانچا

حُلِيِّهِمْ عِجْلًا جَسَدًا لَّهٗ خُوَارٌ ؕ اَلَمْ

ڈھال لیا جس کی بیل کی سی آواز تھی۔ یہ نہ دیکھا کہ

يَرَوْا اَنَّهٗ لَا يُكَلِّمُهُمْ وَلَا يَهْدِيْهِمْ

نہ وہ اُن سے بات کر سکتا ہے نہ ان کو کوئی رستہ بتا سکتا

سَبِيْلًا ۘ اِتَّخَذُوْهُ وَكَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ﴿۱۴۸﴾

ہے۔ اس کو (خدا) بنا تو لیا اور وہ (بڑے) ظالم تھے۔

وقف لازم

وَلَمَّا سُقِطَ فِيْٓ اَيْدِيْهِمْ وَرَاَوْا

اور جب شرمندہ ہوئے اور سمجھے کہ ہم گمراہی میں

اَنَّهُمْ قَدْ ضَلُّوْا ۙ قَالُوْا لَئِنْ لَّمْ يَرْحَمْنَا

پڑ گئے۔ تو کہنے لگے کہ اگر ہمارا رب ہم پر مہربانی

رَبُّنَا وَيَغْفِرْ لَنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۱۴۹﴾

نہ کرے گا اور نہ ہم کو بخشے گا تو ضرور ہم خراب خستہ ہو جاویں گے۔

وَلَمَّا رَجَعَ مُوْسٰٓى اِلٰى قَوْمِهٖ غَضْبَانَ

اور جب کہ موسیٰؑ اپنی قوم کی طرف غصہ میں بھرے ہوئے افسوس کرتے

اَسِفًا ۙ قَالَ بِئْسَمَا خَلَفْتُمُوْنِيْ مِنْۢ

ہوئے لوٹے تو کہا تم نے میرے بعد کیا ہی جھک

بَعْدِيْ ۚ اَعَجِلْتُمْ اَمْرَ رَبِّكُمْ ۚ وَ

مارا۔ کیا تم اپنے رب کے حکم سے جلدی کر بیٹھے ؟ اور

اَلْقَى الْاَلْوَاحَ وَاَخَذَ بِرَاْسِ اَخِيْهِ

(موسیٰؑ) تختیاں پھینک کر اور اپنے بھائی (کے بال) پکڑ کر[2] اپنی طرف

يَجُرُّهٗٓ اِلَيْهِ ؕ قَالَ ابْنَ اُمَّ اِنَّ

کھینچنے لگے۔ اُس نے کہا اے میرے ماں جائے ! قوم نے

الْقَوْمَ اسْتَضْعَفُوْنِيْ وَكَادُوْا

مجھ کو ضعیف سمجھا اور مجھ کو مار ہی

يَقْتُلُوْنَنِيْ ۖ فَلَا تُشْمِتْ بِيَ الْاَعْدَآءَ

ڈالا ہوتا۔ سو مجھ پر دشمنوں کو نہ ہنسواؤ

وَلَا تَجْعَلْنِيْ مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۵۰﴾

اور نہ مجھ کو ظالم لوگوں میں ملاؤ۔

ترکیب

واتخذ فعل قوم موسےٰ فاعل عجلاً مفعول جسداً نعت یا بدل یا بیان۔ من حلیہم متعلق اتخذ سے حلی بضم الحاء وکسر اللام وتشدید الیاء وہو جمع اصلہ حلوی فقلبت الواو یاءً وادغمت فی الیاء الاخرےٰ ثم کسرت اللام اتباعاً لہا ویقرء بکسر الحاء فی ایدیہم مفعول مالم یسم فاعلہ سقط کا والتقدیر سقط الندم فی ایدیہم غضبان اور اسفاً حال ہیں موسےٰ سے اسی طرح یجرہ الیہ بھی۔ الاعداء مفعول ہے فلا تشمت کا۔

تفسیر

یہاں سے پھر وہی موسےٰؑ کا قصہ شروع ہوتا ہے جو کوہِ سینا پر

[1] یعنی جب کہ وہ کوہِ طور پر گئے تھے ۱۲ منہ [2] یعنی سر کے بالوں کو پکڑ کر کھینچنے لگے ۱۲ منہ

Marfat.com

گزرا جب کہ توراۃ لینے گئے اور چالیس ۴۰ روز تک وہیں رہے پیچھے ہارون علیہ السلام کو چھوڑ گئے تھے۔ بنی اسرائیل نے جب تیس ۳۰ روز گزر گئے یہ خیال کیا کہ حضرت موسیٰؑ مر گئے۔ چونکہ مصریوں کی صحبت سے بُت پرستی کے بڑے شائق تھے اور مصری لوگ بیل کو پُوجا کرتے تھے اس لئے اُنھوں نے بھی بچھڑا بنایا۔ سامری بنی اسرائیل میں سے ایک شخص سُنار اور اس کام میں بڑا ہوشیار تھا۔ اُس نے بنی اسرائیل کی استدعاء سے بنی اسرائیل سے سونے کے زیورات لے کر جو مصریوں سے لائے تھے ایک بچھڑا ڈھالا اور کہا تمھارا اور موسیٰؑ کا یہی خدا ہے۔

سورۂ طٰہٰ میں یہ قصہ اور بھی تفصیل سے ہے: قال فانا قد فتنا قومک من بعدک واضلھم السامریّ الخ۔ قالوا ما اخلفنا موعدک بملکنا ولکنا حمّلنا اوزارًا من زینۃ القوم فقذفنٰھا فکذٰلک القی السامریّ فاخرج لھم عجلاً جسدًا لہٗ خوار فقالوا ھٰذا الٰھکم والٰہ موسیٰ فنسی الخ۔ ولقد قال لھم ھارون من قبل یٰقوم انّما فتنتم بہ وانّ ربکم الرحمٰن فاتّبعونی و اطیعوا امری الخ۔ قال فما خطبک یا سامریّ۔ قال بصرت بما لم یبصروا بہ فقبضت قبضۃ من اثر الرسول فنبذتھا وکذٰلک سوّلت لی نفسی۔ باوجودے کہ حضرت ہارونؑ نے منع کیا مگر لوگوں نے سامری کے کہنے سے سونے کا بُت بنا ہی لیا۔ سامری سے پوچھا کہ تُو نے یہ کیا کیا۔ کہنے لگا کہ میں نے ایک ایسی چیز دیکھی جو اوروں نے نہیں دیکھی کہ میں نے رسولؑ کے پاؤں تلے کی ایک مُٹھی لے کر اس میں ڈال دی میرے دل کو یہی بھایا۔

(۱) مفسّرین کا اس پر اتفاق ہے کہ یہ فعل سامری کا تھا اور حضرت موسیٰؑ نے جو حضرت ہارونؑ کو سرزنش کی تو صرف اس پر کہ آپ نے اُن کو کیوں نہیں منع کیا۔ ہارون علیہ السلام نے عذر کیا کہ میں نے منع کیا مگر نہ مانا میرے قتل کے درپے ہو گئے اور نصِ قرآن سے بھی یہی ثابت ہے پس وہ جو آج کل کی

قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِاَخِيْ وَ

(موسیٰؑ نے) کہا اے میرے رب تو! مجھ کو اور میرے بھائی کو بخش دے اور

اَدْخِلْنَا فِيْ رَحْمَتِكَ ۖ وَاَنْتَ اَرْحَمُ

ہم کو اپنی رحمت میں شامل کر لے۔ اور تو ہی سب سے زیادہ رحم

الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۵۱﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوا

کرنے والا ہے۔ (اللہ تعالیٰ نے فرمایا) جنھوں نے بچھڑا بنایا اُن پر تو

الْعِجْلَ سَيَنَالُهُمْ غَضَبٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ

ابھی ان کے رب تعالیٰ کا غضب اور دنیا کی

وَذِلَّةٌ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۭ وَكَذٰلِكَ

رسوائی آتی ہے۔ اور ہم جھوٹ بنانے

نَجْزِي الْمُفْتَرِيْنَ ﴿۱۵۲﴾ وَالَّذِيْنَ عَمِلُوا

والوں کو یوں ہی سزا دیا کرتے ہیں۔ اور جنھوں نے بُرے کام

السَّيِّاٰتِ ثُمَّ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِهَا وَاٰمَنُوْٓا

کئے پھر اس کے بعد توبہ کر لی اور ایمان لے آئے تو

اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۵۳﴾

بے شک آپ کا رب تعالیٰ توبہ کے بعد معاف کرنے والا رحم کرنے والا بھی ہے۔

وَلَمَّا سَكَتَ عَنْ مُّوْسَى الْغَضَبُ

اور جب کہ موسیٰؑ کا غصہ فرو ہوا تو تختیوں کو

اَخَذَ الْاَلْوَاحَ ۚ وَفِيْ نُسْخَتِهَا هُدًى

اُٹھا لیا۔ اور اُن تختیوں پر خدا تعالیٰ سے

وَّرَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ هُمْ لِرَبِّهِمْ يَرْهَبُوْنَ ﴿۱۵۴﴾

ڈرنے والوں کے لئے ہدایت اور رحمت لکھی ہوئی تھی۔

ترکیب

الذین مع صلہ اسم ان۔ سینالھم الخ جملہ خبر والذین عملوا السیّات مبتدا انّ ربک جملہ خبر والتقدیر غفور لھم ورحیم بھم لما سکت شرط اخذ الالواح جواب ھدًی معطوف علیہ ورحمۃ معطوف لربّھم یرھبون سے متعلق للذین رحمۃ سے متعلق جملہ مبتدا مؤخر فی نسختھا ثابت

۱۸ ع ۴ ۸

چنا جوڑنے والوں کو

Marfat.com

کے متعلق ہو کر خبر ضمیر مؤنث الواحِ کی طرف راجع ہے یہ تمام جملہ حال ہوگا الواحِ سے۔

تفسیر

توریت میں ہے کہ ہارونؑ نے یہ کام کیا اگر تاویل پذیر نہیں تو محض غلط اور الحاقِ یہود ہے۔ حضرت ہارونؑ خدا تعالےٰ کے برگزیدہ سے یہ بُت پرستی بعید از قیاس ہے اور جو کوئی مسلمان کھُل کر یہ بات کہے وہ کافر منکرِ نصِ قرآن ہے۔ (۲) بچھڑا جو سونے کا سامری نے بنایا اس میں علمائے اسلام کے دو قول ہیں بعض کہتے ہیں کہ کسی صنعت سے اس کو مجوف ڈھالا تھا کہ ہوا کے سامنے رکھنے سے اُس سے گائے کے بچھڑے کی سی آواز نکلتی تھی جس سے اُن احمقوں نے نہ صرف اپنا خدا بلکہ موسیٰؑ کا بھی خدا اس سامری جاہل کے کہنے سے تسلیم کر لیا اور اُس کے اِرد گرد ناچنے گانے قربانی چڑھانے سجدہ کرنے لگے۔ بعض کہتے ہیں کہ سامری نے اس میں حضرت جبرئیلؑ کے گھوڑے کے پاؤں کی مٹی ڈال دی تھی جو اُس نے اُس وقت اُٹھائی تھی جب کہ حضرت جبرئیلؑ عبورِ قلزم کے وقت نمودار ہوئے تھے یا جب کوہ طور پر آئے تھے جس سے وہ حیوان ہو کر بولنے لگا جیسا کہ قرآن مجید میں اس کی تصریح ہے۔ فریق اوّل کہتا ہے کہ قرآن مجید میں صرف سامری کا عذر نقل کیا ہے کہ مَیں نے ایسا کیا اب کیا ضروری ہے کہ جس کسی کے قول کو قرآن حکایت کرے وہ قول فی نفسہٖ صحیح بھی ہو بُت پرستوں اور جُہلاء کے بہت قول نقل ہیں وما یہلکنا الا الدّہر وغیرہ تو پھر کیا اُن کا یہ کہنا سچ ہے؟ قرین قیاس ہے کہ سامری نے بنی اسرائیل سے فریب کیا ہو کہ اُس کو بنایا تو مجوّف ہو جس میں ہوا کے ذریعہ سے آواز پیدا ہوتی تھی اور کہدیا کہ یہ میں نے اُس میں رسول کے پاؤں کی مٹی ڈال دی ہے اور وہی بوقتِ ملامت حضرت موسیٰؑ سے کہدیا۔ اور قرآن مجید میں یہ نہیں کہ اُس مٹی کے ڈالنے سے وہ بولتا تھا یا سچ مچ کا بچھڑا بن گیا تھا۔ اگر قدم رسول[1] کا ایسا اثر ہوا تو کیا تعجب ہے رسولؐ سے مُردہ روحیں زندہ ہوتی ہیں اُن کی خاک پاسے اگر جماد حیوان ہو جائے تو کیا بعید ہے۔ (۳) حضرت موسیٰؑ نے فرمایا جنھوں نے بچھڑا بنایا اُن پر خدا تعالےٰ کا غضب اور ذلّت پڑے گی۔ چنانچہ اُن کی توبہ یہ قرار پائی کہ قتل کئے جاویں اور پھر وبا بھی آئی اور نیز چالیس برس بیابان میں حیران پھرے۔ ولما سکت، توریتِ موجودہ میں جو لوحوں کا ٹوٹ جانا اور بارِ دیگر کندہ کرا کے لانا لکھا ہے الحاق ہے کیونکہ ایسی کیا وہ کچّی مٹی کی تھیں جو گرتے ہی چکنا چور ہو گئیں پڑھنے اور دوسرے پتھر پر نقل کرنے کے قابل نہ رہی تھیں پس قرینِ قیاس وہی ہے جو قرآن سے سمجھا جاتا ہے کہ غصّہ میں ڈال دی تھیں غصّہ دُور ہوا تو اُٹھالیں۔ لوحیں اس لئے دی گئی ہوں گی کہ اُس عہد میں خصوصًا جنگل میں حضرت موسیٰؑ کے پاس کاغذ نہ ہوگا اور حفظ کا قرآنِ مجید کی طرح رواج نہ تھا ورنہ پتھر کی سِلیں ساتھ ساتھ لئے پھرنے کی کیا ضرورت پڑی تھی۔

وَاخْتَارَ مُوسٰى قَوْمَهٗ سَبْعِيْنَ رَجُلًا
اور موسیٰ نے اپنی قوم کے ستر آدمی ہمارے وقت مقررہ کے لئے منتخب
لِّمِيْقَاتِنَا ۚ فَلَمَّآ اَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ
کئے۔ پھر جب اُن کو زلزلہ نے آلیا تو موسیٰؑ نے کہا
قَالَ رَبِّ لَوْ شِئْتَ اَهْلَكْتَهُمْ مِّنْ
اے رب! اگر تو چاہتا تو پہلے ہی سے ان کو اور مجھے
قَبْلُ وَاِيَّاَىَ ۖ اَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ
ہلاک کر دیتا۔ کیا آپ ہم کو اس فعل پر ہلاک کریں گے کہ
السُّفَهَآءُ مِنَّا ۚ اِنْ هِىَ اِلَّا فِتْنَتُكَ ۖ
جو ہمارے احمقوں نے کیا ہے۔ یہ تو صرف تیری آزمائش ہے۔
تُضِلُّ بِهَا مَنْ تَشَآءُ وَتَهْدِىْ مَنْ
تو اس میں جس کو چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور جس کو چاہتا ہے

[1] رسولؐ سے مراد حضرت جبرئیلؑ ہیں ۱۲ منہ

Marfat.com

تَشَآءُ ط اَنْتَ وَلِيُّنَا فَاغْفِرْ لَنَا وَ

رہنمائی کرتا ہو۔ تو ہی ہمارا مالک ہے سو ہم کو معاف کردے اور

ارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الْغٰفِرِيْنَ ﴿۱۵۵﴾

ہم پر مہربانی کر اور تو ہی سب سے زیادہ معاف کرنے والا ہے۔

وَاكْتُبْ لَنَا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةً

اور ہمارے نام اس دنیا میں بھی بہتری لکھ دے

وَّفِي الْاٰخِرَةِ اِنَّا هُدْنَآ اِلَيْكَ ط

اور آخرت میں بھی ہم تیری طرف رجوع ہوئے۔

قَالَ عَذَابِيْٓ اُصِيْبُ بِهٖ مَنْ اَشَآءُ ج

فرمایا میں اپنا عذاب جس پر چاہتا ہوں ڈالتا ہوں۔

وَرَحْمَتِيْ وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ ط

اور میری رحمت بھی ہر چیز کو شامل ہے؛

ترکیب

اختار کا فاعل موسےٰ قومہ مفعول اوّل بواسطۂ حرف جر جو محذوف ہے اے من قومہ سبعین مفعول ثانی رجلاً اس کی تمیز اور ممکن ہے کہ سبعین قومہ سے بدل ہو والتقدیر سبعین رجلاً منہم حسنۃ مفعول ہے اکتب لنا کا وفی الآخرۃ معطوف ہے فی ہذہ الدنیا پر من اشاء مفعول ہے اصیب کا کل شیٔ وسعت کا مفعول۔ رجفۃ کے لغوی معنے ہیں زلزلہ کے جو بڑا سخت ہو بعض کہتے ہیں کہ اس سے مراد کڑک ہے۔

تفسیر

یہ اُسی بیان کا بقیہ ہے جب کہ حضرت موسیٰؑ مصر سے نکلنے کے بعد تیسرے مہینے بیابانِ سینا میں آئے اور بنی اسرائیل کے کوہِ سینا کے سامنے خیمے کھڑے کئے اور موسیٰؑ پہاڑ کے اوپر بُلائے گئے وہاں سے نیچے اتر کر بنی اسرائیل کے پاس آئے اور کہا کہ تم نہاؤ پاک صاف ہو تو تیسرے روز تم پر خدا تعالےٰ جلال ظاہر کرے گا۔ چنانچہ سب لوگ پہاڑ کے نیچے جا کھڑے ہوئے اور وہاں اُن پر خدا تعالےٰ کی تجلّی ہوئی اُس کے بعد خدا تعالےٰ نے موسیٰؑ سے کہا کہ تُو ہارونؑ اور ندب اور بنی اسرائیل کے ستّر بزرگوں کے ساتھ اُوپر چڑھ۔ تب حضرت موسیٰؑ ان لوگوں کو لے کر اُوپر گئے اور حضرت موسیٰؑ پہاڑ کی چوٹی پر گئے اور ایک بدلی نے پہاڑ کو ڈھانپ لیا اور کڑک شروع ہوئی اور خدا تعالےٰ کا جلال کوہِ سینا پر آیا اور حضرت موسیٰؑ و حضرت ہارونؑ چالیس رات دن رہے اور وہاں حضرت موسیٰؑ کو توریت دی گئی۔ (ملخصاً از سفر خروج باب ۲۴)۔

اس موقع کی بابت خدا تعالےٰ فرماتا ہے واختار موسےٰ قومہ سبعین رجلاً لمیقاتنا، اس میں مفسّرین کا اختلاف ہے کہ آیا اُن ستّر سرداروں کو بچھڑا پوجنے کے بعد معذرت کے لئے ہمراہ لے گئے تھے یا اوّل بار کا ذکر ہے؛ قوی یہی ہے کہ اوّل دفعہ کا معاملہ ہے اُن لوگوں کو ساتھ اس لئے لے گئے تھے کہ یہ بھی خدا تعالےٰ کی تجلّی دیکھ کر بنی اسرائیل کے سامنے جو کچھ حضرت موسیٰؑ نے پایا اُس کے برحق ہونے کی شہادت ادا کریں۔ مگر جب وہاں جا کر اُنھوں نے یہ کہا کہ ہم تو جب مانیں گے جب کہ خدا تعالےٰ کو عیاناً دیکھ لیں گے لن نؤمن لک حتےٰ نری اللہ جہرۃ فاخذتہم الصّاعقۃ، رجفۃ سے مراد صاعقہ ہے (لے الصاعقۃ او رجفۃ الجبل فصعقوا منہما ابوالسعود) تب حضرت موسیٰ علیہ السّلام نے عرض کیا کہ یہ بات ان بیوقوفوں سے سرزد ہوئی اس کی سزا میں ہم سے مواخذہ نہ کیجئے یوں تو آپ ہمیں پہلے ہی سے ہلاک کر سکتے تھے یہ تیری آزمائش ہے اس میں تو جس کو چاہے قائم رکھ کر ہدایت کرے۔ جس کو چاہے بے صبری میں مبتلا کر کے گمراہ کرے۔ تُو ہمارا ولی یعنی کارساز ہے اس کارسازی کی وجہ سے اوّل تو ہماری بیماریاں دُور کر دیجئے گناہ معاف کیجئے، فاغفرلنا اور پھر اُس کے اثر بد کو بھی عائد نہ ہونے دیجئے وارحمنا اور پھر ہم کو سعادت دارین سے بھی

Marfat.com

بہرہ ور کرو اکتب لنا الخ کیونکہ انا ہدنا الیک (ہدنا تبنا ورجعنا ایک قال اللیث الہود التوبۃ) ہم نے تیری طرف گناہ اور نافرمانی ترک کرکے رجوع کیا۔ اس کے جواب میں فرماتا ہے عذابی اصیب الخ کہ مجھ میں وصف غضب بھی ہے جس کو چاہوں اس میں مبتلا کروں اور میری رحمت اُس سے بھی بڑھ کر ہے۔

فَسَاَكْتُبُهَا لِلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ وَيُؤْتُوْنَ

سو اُس کو تو میں اُنھیں کے لئے لکھے دیتا ہوں کہ جو پرہیزگاری کرتے

الزَّكٰوةَ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِنَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۵۶﴾

اور زکوٰۃ دیتے اور وہ ہماری آیتوں پر ایمان رکھتے ہیں۔

اَلَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ النَّبِيَّ الْاُمِّيَّ

اُن کے لئے جو رسولؐ یعنی نبی اُمّی کی پیروی کریں گے جس کو

الَّذِيْ يَجِدُوْنَهٗ مَكْتُوْبًا عِنْدَهُمْ فِي

وہ اپنے ہاں توریت و انجیل میں لکھا ہوا

التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ يَاْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ

پائیں گے۔ جو اُن کو اچھی باتوں کا حکم دے گا

وَيَنْهٰىهُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُحِلُّ لَهُمُ

اور اُن کو بُری باتوں سے روکے گا اور پاک چیزیں اُن کے لئے

الطَّيِّبٰتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبٰٓئِثَ وَ

حلال کرے گا اور ناپاک چیزوں کو اُن پر حرام کرے گا اور

يَضَعُ عَنْهُمْ اِصْرَهُمْ وَالْاَغْلٰلَ الَّتِيْ

اُن سے بارگراں[1] کو اور اُن طوقوں کو جو اُن کے گلے میں پڑے تھے

كَانَتْ عَلَيْهِمْ ۭ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِهٖ وَ

اُتار ڈالے گا۔ پھر جو کوئی اُن پر ایمان لاوے گا اور

عَزَّرُوْهُ وَنَصَرُوْهُ وَاتَّبَعُوا النُّوْرَ

اُن کی عزت و مدد کرے گا اور اُس روشنی پر چلے گا

الَّذِيْٓ اُنْزِلَ مَعَهٗٓ ۙ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ

جو اُس کے ساتھ نازل کی جاوے گی سو وہی

الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۵۷﴾

کامیاب ہوں گے۔

ترکیب

الذین الخ یہ جملہ محلاً مجرور ہے کیونکہ صفت ہے للذین مجرور کی اور مبتدا بھی ہوسکتا ہے اور اس کی خبر یامرہم یا اولئک ہم المفلحون ہے النبی الامی الذی الرسول کی صفت مکتوبًا حال ہے یجدونہ کی ضمیر سے والمراد یجدون اسمہ عندہم مکتوبًا یا یجدون سے متعلق ہے۔ یامرہم اور ینہٰہم اور یحل اور یحرم اور یضع سب جملہ حال ہیں النبی سے یا مستانفہ ہیں فالذین مبتدا آمنوا الخ عزروہ ونصروہ واتبعوا اس کے صلہ اولئک الخ خبر

تفسیر

موجودات میں سے کوئی ایسی چیز نہیں کہ جس کو میری رحمت گھیرے ہوئے نہ ہو۔ ادنیٰ مرتبۂ وجود ایک ایسی نعمتِ عام ہے جس سے کوئی شے بھی محروم نہیں مگر اس کے بعد جو اور صدہا نعمتیں ہیں اُن کا تو کوئی حساب ہی نہیں۔ علاوہ اس کے بالذات اُس کے نزدیک کوئی چیز مبغوض نہیں اگر اُس کو نفرت ہے تو بالعرض بندوں کے بُرے افعال پر۔ اے موسیٰؑ! بنی اسرائیل اور نسل ابراہیمؑ کو اُس رحمتِ خاصہ سے کہ جس کا تو اپنی قوم کے لئے سوال کر رہا ہے کچھ خصوصیت نہیں بلکہ اس رحمت کو میں اُن لوگوں کے لئے لکھتا ہوں کہ جو یتقون ویؤتون الزکوٰۃ الخ یعنی جن لوگوں میں یہ اوصافِ مذکورہ ذیل پائے جاتے ہیں وہ اس رحمتِ سرمدی کے مستحق ہیں۔

واضح ہو کہ احکامِ الٰہی جو بندے کی سعادت کا ذریعہ ہیں دو قسم کے ہیں اوّل ترک کرنا یعنی جو باتیں اُس کے حق میں

[1] بارگراں وہ سخت احکام ہیں کہ جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کی شریعت میں اہلِ کتاب کے لئے تھے اور اسی طرح طوق وہ اُس کی نافرمانی کی پشکار یہ ہیں جو وقتاً فوقتاً اُن کے گلوں میں ڈالی گئیں ان سب باتوں کو رسولِ اُمّی یعنی محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم اپنی امت سے دور کردیں گے ۱۲ منہ

ع ۱۹

Marfat.com

بُری ہوں اور جن کا اثر بد اُس کی روح پر پہنچتا ہو اُن کو چھوڑ دینا اُن سے بچنا الگ رہنا جیسا کہ زنا، چوری، تکبر، حسد، قتلِ ناحق، خیانت، دغابازی، جھوٹ بولنا، ناپاک چیزوں کا کھانا، ماں باپ سے بدسلوکی کرنا، اقارب اور دوستوں سے بُرائی کرنا، وغیرہ، سوان کی طرف اجمالاً اس لفظ میں اشارہ کر دیا یتقون یعنی جو تقوٰے کرتے ہیں، بُری باتوں سے باز رہتے ہیں۔ دوم کرنا یعنی اچھی باتوں کو عمل میں لانا پھر عمدہ کاموں کی دو نوع ہیں۔ نوعِ اول وہ جو مال سے متعلق ہیں صدقہ وخیرات، اقارب کے ساتھ نیک سلوک اس کو یؤتون الزکوٰۃ میں بیان فرمایا اگر سب برّ واحسان کے کاموں میں مال صرف نہ کر سکے تو چالیسواں حصہ جس کو زکوٰۃ شرعی کہتے ہیں ادا کرنا ضرور ہے اسی لیے بعض علماء نے زکوٰۃ سے مراد اس جگہ زکوٰۃ فرض لی ہے۔ نوعِ دوم وہ افعال جو اُس کی ذات سے متعلق ہیں پھر اُن کی بھی دو قسم ہیں اوّل وہ جو قوتِ نظریہ یعنے علم سے متعلق ہیں جیسا کہ اللہ تعالےٰ اور قیامت ورسولوں پر ایمان لانا۔ دوم وہ جو قوتِ عملیہ سے متعلق ہیں سجدہ کرنا، روزہ رکھنا وغیر ذٰلک ان دونوں قسموں کی طرف والذین ھم بآیاتنا یؤمنون میں اشارہ ہے۔ نظریات تو ظاہر ہیں باقی عملیات اس سے اس طرح پر سمجھے جاتے ہیں کہ جب کوئی شے پائی جاتی ہے تو اُس کا مقتضٰے بھی پایا جاتا ہے اور آیاتِ الٰہی پر ایمان لانے کا مقتضٰے یہی ہے کہ اعمالِ صالحہ بھی کرے کس لئے کہ ایمانِ کامل کے اندر تینوں باتیں ہونی چاہئیں تصدیق بالجنان، اقرار باللسان، عمل بالارکان (اعضاء)۔ اس کے بعد حضرت موسیٰ علیہ السلام سے فرماتا ہے کہ اے موسیٰ! جس رحمتِ خاصہ کا تو خواستگار ہے تیرے عہد میں تو یہ اُس شخص کو حاصل ہوگی جس میں اوصاف مذکورۂ بالا ہوں گے اور نبیِّ آخر الزماں صلے اللہ علیہ وسلم کے عہد میں یہ اس کو نصیب ہوگی کہ جو نبیِّ اُمّیِّ پر ایمان لائے گا اور اُن کا اتباع کرے گا تاکہ فلاح نصیب ہو ورنہ اُس کا تقوٰی اور زکوٰۃ دینا کافی نہ ہوگا۔ اس جگہ نبیِّ آخر الزماں صلے اللہ علیہ وسلم کی حضرت موسےٰ سے نو صفتیں بیان فرمائیں (۱) وہ رسول ہوگا (۲) نبی ہوگا۔ رسول کے بعد نبی کا ذکر کرنا اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ وہ عام طور کا رسول نہ ہوگا بلکہ رسولوں میں نبی ہوگا۔ جس طرح کہ سادات کے سردار کو شیخ السّادات کہتے ہیں یا کہتے ہیں بادشاہوں کا سردار اور اس میں یہ بھی رمز ہے کہ رسالت میں شانِ توجہ الی المخلوق اور نبوّت میں شانِ توجہ الی الخالق غالب ہوتی ہے یا بالعکس۔ (۳) باوجود اس رسالت اور نبوّت کے وہ اُمّی ہوگا علومِ رسمیہ اور نوشت خواندِ رسمیہ حاصل نہ کی ہوگی مگر باوجود اس کے تمام علم الاوّلین والآخرین کا سرچشمہ ہوگا۔ حقیقت میں یہ ایک بڑا ظاہر معجزہ ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی علامتِ خاص ہے۔ (۴) کہ یہ لوگ اُس نبیِّ اُمّی کو توراۃ وانجیل میں لکھا ہوا پاویں گے۔ یہ ظاہر ہے کہ یہود ونصاریٰ کی دینی کتابوں میں کہ جن کو توریت وانجیل سمجھتے تھے اگر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا نام پاک نہ ہوتا تو آپ کو الزام دیتے اور آپ بھی باوجود خواستگاری ایمان قبول کرنے کے افترا نہ باندھتے جو باعثِ نفرت اور بداعتقادی ہوتا اُس وقت یہود ونصاریٰ کا اس امر میں الزام دینا اور گردن نیچے جھکا لینا بغیر اُس کے ممکن نہ تھا کہ یہود ونصاریٰ کے پاس توراۃ وانجیل میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا نام پاک اور صفات اور مولد سب کچھ لکھا ہوا تھا جیسا کہ اُس وقت کے بہت سے علمائے اہلِ کتاب کے اقرار اور شہادت سے ثابت ہوا ہے اور جب کہ انبیائے بنی اسرائیل نے اور اشلیم اور شام اور بیت المقدّس کی بابت چھوٹے حوادث کی خبر دی

لہ اُمّی بضمِّ ہمزہ منسوب بطرف اُمّ یعنے اصل، یعنی یہ شخص جس حال فطرت پر پیدا ہوا ہے اُس پر قائم ہے یا امۃ عرب کی طرف منسوب ہے جیسا کہ حدیث میں آیا ہے نحن امۃ امیّۃ لانکتب ولانحسب، یا اُمّ القرٰے کہ مکہ کی طرف منسوب ہیں، اور بفتح ہمزہ بھی آیا ہے یعنے قصد کیونکر آپ مقصود ہیں۔ مگر باوجود اس کے آپ کو خدا تعالےٰ نے وہ علوم عطا کئے تھے جو کسی کو بھی نہیں دیئے گئے۔ پھر آپ کو اُمّی کہنا اور یہود سے پوچھنے کا محتاج ثابت کرنا جیسا کہ بعض خفیہ کرسٹین لکھ چکے ہیں صریح کفر ہے ۱۲ منہ

Marfat.com

تو کیا اس عظیم حادثہ کی کوئی بھی خبر نہ دیتا کہ سیکڑوں برسوں تک شام اور بیت المقدس کے در و دیوار سے اسلام جلوہ گر ہے اور رہے گا پس ضرور خبر ہو گی حالانکہ آج کل ہم کو اس توریت و انجیل میں آنحضرت علیہ السلام کا نام پاک اور صفات نہیں ملتے جس سے معلوم ہوا کہ انھوں نے تحریف کر دی یا وہ اصل کتاب مفقود ہو گئی مگر آفتاب کہیں فانوس میں چھپ سکتا یا اس پر کوئی چادر کا پردہ ڈال سکتا ہے؟ دیکھو آج کل کی توریت سفر استثنا باب ۱۸ اور انجیل یوحنا باب ۱۴ اور دیگر صحائف سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے بشارات کس قدر جلوہ گر ہیں۔ انجیل مذکور کے مقام مذکور میں اور انجیل برنباس میں اس وقت تک آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا نام لکھا ہوا ہے اور لفظ فارقلیط کہ جو لفظ احمد کا ترجمہ ہے قدیم نسخوں میں صاف موجود ہے اور اس بحث کو ہم بارہا بحوالہ مکتوب مسلمۂ اہل کتاب ثابت کر چکے ہیں۔ (۵) یہ کہ وہ لوگوں کو نیک باتیں تعلیم کرے گا۔ (۶) یہ کہ وہ بری باتوں سے منع کرے گا۔ اس میں کوئی مورخ شک نہیں کرتا کہ عہد آدمؑ سے لے کر جس قدر آنحضرت علیہ السلام کے وعظ و پند نے دنیا میں اثر کیا عالم تاریک کو منور کر دیا بت پرستی کی جڑ کاٹ دی، درندوں کو ملکی صفات بنا دیا ایسا کسی کے وعظ نے اثر نہیں کیا پھر اس سے بڑھ کر اور کونسی دلیل نبوت کی ہو گی۔ مثلاً کوئی کاتب ہونے کا دعوی کر کے نہایت عمدہ لکھ کر دکھاوے تو اب بجز کوڑ مغز کے اور کون اس کے کاتب بلکہ خوش نویس ہونے میں شک کر سکتا ہے اس کا کمال ہی اس کی دلیل ہے ؎ آفتاب آمد دلیل آفتاب ۔ (۷) لوگوں کے لئے پاک اور ستھری چیزیں حلال کرے گا۔ (۸) ناپاک اور گندی چیزیں حرام کرے گا یعنی اس کی شریعت عقل سلیم کے فطرتی اصول پر مبنی ہو گی اہل عقول صافیہ کو آپ کی شریعت کے تسلیم کرنے میں ذرا بھی تردد نہ ہو گا ہر بات حکمت پر مبنی دیکھ کر۔ (۹) وہ بنی اسرائیل پر احکام سخت شریعت موسویہ کے بارگراں اور جو طوق ان کے گلوں میں پڑے ہوئے ہوں گے سب اتار دے گا۔

اور شریعت موسویہ کی سختی دیکھنی منظور ہو تو توریت موجودہ میں سے سفر احبار و سفر خروج و عدد دیکھے تو معلوم کرے گا کہ بنی اسرائیل کی گردنوں پر کیسے بھاری طوق ڈال کر ان کو مسخر کیا تھا اس کے بعد فرماتا ہے کہ پھر جو کوئی اس رسول اور اس کی کتاب پر جو نور ہے ایمان لائے گا اور رسولؐ کی عزت و مدد کرے گا تو فلاح پائے گا۔

قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ

(اے نبی ﷺ!) کہدو لوگو! میں تم سب کی طرف اللہ تعالےٰ کی طرف سے

اِلَيْكُمْ جَمِيْعًا الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ

بھیجا ہوا آیا ہوں کہ جس کے لئے آسمانوں اور زمین

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا

کی بادشاہت ہے۔ اس کے سوا اور کوئی معبود

هُوَ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۠ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ

نہیں وہی زندہ کرتا اور مارتا ہے؛ سو اللہ تعالیٰ اور اس کے

النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الَّذِيْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَ

اس رسول نبی امی پر ایمان لاؤ جو اللہ تعالےٰ اور اس کی

كَلِمٰتِهٖ وَاتَّبِعُوْهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۵۸﴾

باتوں پر ایمان رکھتا ہے اور اس کی پیروی کرو تا کہ تم کو رستہ ملے۔

وَمِنْ قَوْمِ مُوْسٰٓى اُمَّةٌ يَّهْدُوْنَ

اور موسےٰؑ کی قوم میں سے ایک ایسا بھی گروہ ہے کہ جو حق کی

بِالْحَقِّ وَبِهٖ يَعْدِلُوْنَ ﴿۱۵۹﴾

رہنمائی کرتا اور حق سے انصاف کرتا ہے۔

ترکیب

جمیعًا حال ہے الیکم سے الذی آخر جملہ صفت ہے اللہ کی جو مضاف الیہ ہونے کی وجہ سے مجرور ہے امۃ موصوف یہدون و یعدلون صفت مجموعہ مبتدا مؤخر من قوم موسےٰ خبر مقدم۔

Marfat.com

تفسیر

موسیٰ علیہ السّلام کے جواب میں فرمایا تھا کہ میں اس رحمت خاصّہ کو متّقیوں کے لئے مقرر کرتا ہوں شرط یہ قرار پائی تھی کہ وہ نبیٔ آخرالزّماں علیہ الصّلوٰۃ والسّلام کا بھی اتباع کریں کہ جس کا لقب نبیٔ اُمّی ہے۔ اب اس جگہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو حکم دیتا ہے کہ آپؐ اُس عہد کے مطابق سب بنی آدم کو خبر دیجئے کہ وہ نبیٔ اُمّی جس پر ایمان لانے پر حصولِ رحمت کا مدار ہے میں ہی ہوں۔ میں تم سب کی طرف نبی ہو کر آیا ہوں سو تم ایمان لاؤ اور اتباع کرو۔ الیکم جمیعاً جمہور اہلِ اسلام اس آیت سے یہ بات کہتے ہیں کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلّم تمام عالم کے لئے نبی ہیں۔ دنیا میں آپؐ کے ظہور کے بعد بموجب اُس وعدے کے جو کہ طور پر حضرت موسیٰ علیہ السّلام سے ہوا کسی کی کوئی طاعت قابل پذیرائی نہ ہوگی جب تک کہ وہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم پر ایمان نہ لائے گا جیسا کہ آپؐ نے بھی فرمایا ہے کہ کوئی یہودی یا نصرانی میری خبر پاکر جو مجھ پر ایمان نہ لائے گا جہنّم میں جائے گا، رواہ مسلم۔ یہاں سے یہ بات معلوم ہوتی کہ جن لوگوں کو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی خبر نہ پہنچی تو وہ معذور ہیں بشرطیکہ توحید پر قائم ہوں۔ یہاں سے یہود و نصاریٰ کا قول باطل ہوا جو کہتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم عرب کے نبی ہیں۔ یہ نبوّتِ عامّہ بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا خاص حصّہ ہے۔ الّذی لہٗ ملک السّمٰوٰت الخ یہ دعویٰ چونکہ بڑا بھاری دعویٰ ہے اس لئے اوّل تو اس کا امکان ثابت کرنا چاہتے کیونکہ بہت سے نبوّت کے قائل ہی نہیں جیسا کہ آج کل آریہ اور پھر بعد امکان کے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا ایسا ہونا اوّل بات کا ان لفظوں سے اثبات کیا۔ مگر یہ ثبوت تین باتوں پر موقوف تھا۔ اوّل یہ کہ اس جہان کا کوئی مالک و متصرف بھی ہو کیونکہ اگر خدا تعالیٰ نہیں تو پھر اُس کی طرف سے پیغام کیسا اور پیغمبری کیا؛ اس لئے اس بات کو الّذی لہٗ ملک السمٰوٰت والارض میں ثابت کیا کہ آسمانوں اور زمین کے حالات و تصرّفات میں نظر کرنے سے یہ تو ہر اہلِ عقل مانتا ہے کہ ضرور کوئی ان کا بنانے والا ہے جس کی ان پر بادشاہت ہے۔ دوم یہ کہ وہ آسمانوں اور زمین کا مالک ایک شخص ہو کیونکہ اگر کئی ہوں تو ممکن ہے کہ یہ رسول جو ایک خدا تعالیٰ کی عبادت کا حکم دیتا ہے دوسرے خدا کا بندہ ہو اور یہ احکام اُس کی مرضی کے برخلاف ہوں اس بات کو لا الٰہ الّا اللہ میں ثابت کیا۔ سوم یہ کہ عالم حشر و نشر بھی ہو جہاں رسول کی اطاعت و نافرمانی کا ثمرہ ظاہر ہوتا ہو کیونکہ اگر یہ نہیں تو مرنے کے بعد نیست ہو گئے رسول کو مانا تو کیا ملا اور نہ مانا تو کیا گیا اس لئے .... اس بات کو یحیٖ ویمیت میں ثابت کیا جو یہاں زندہ کرتا ہے وہ کیا دوبارہ نہیں کر سکتا؟۔

اس کے بعد آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلّم کے رسولِ برحق ہونے کے دلائل کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ نبوّت کا ثبوت معجزات سے ہے سو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلّم کے معجزات دو قسم پر ہیں ایک وہ جو آپؐ کی ذاتِ کریم میں ودیعت رکھے گئے ہیں وہ بہت سے ہیں۔ از انجملہ آپؐ کا اُمّی ہو کر تمام آسمانی کتب مبدء و معاد و احکام و قصص انبیائے سابقین کا بیان کرنا اس کی طرف رسولہ النّبیّ الاُمّیّ میں اشارہ ہے اور اس میں اُس وعدہ کی طرف بھی اشارہ ہے جو حضرت موسیٰؑ سے ہوا جس کا حضرت موسیٰؑ نے اپنی اُمّت کو اعلان کیا جیسا کہ سفر استثناء میں ہے۔ دوم وہ جو خارقِ عادت باتیں آپؐ سے سرزد ہوئیں جیسا کہ چاند کا شق کرنا، اُنگلیوں سے پانی کا چشمہ جاری ہونا، جن کو کلماتِ الٰہی کہا جاتا ہے اُن کی طرف یؤمن باللہ وکلمٰتہٖ میں اشارہ مع لحاظ تقدیم اہمّ بالذّات ایمان باللہ کے ہے اس کے بعد اتبعوہ فرمانا کلام کو مدلّل کر کے نتیجہ نکالنا ہے۔ پھر بنی اسرائیل کی طرف التفات کرتا ہے کہ ان میں سے بعض حق پرست اور منصف بھی ہیں جیسا کہ عبداللہ بن سلام وغیرہ سو انھوں نے بے تردّد اس رسول کو مان لیا۔

Marfat.com

وَقَطَّعْنٰهُمُ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ اَسْبَاطًا

اور بنی اسرائیل کے ہم نے بارہ۱۲ قبیلے الگ الگ

اُمَمًا ؕ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اِذِ

کر دیئے۔ اور حضرت موسےٰ کی طرف جب کہ اس کی قوم نے

اسْتَسْقٰىهُ قَوْمُهٗٓ اَنِ اضْرِبْ

اس سے پانی مانگا تو یہ وحی کی تھی کہ اپنا عصا پتھر

بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ۚ فَانْۢبَجَسَتْ مِنْهُ

پر مارو۔ (چنانچہ مارا) پھر تو اس سے بارہ۱۲

اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ؕ قَدْ عَلِمَ كُلُّ

چشمے پھوٹ نکلے۔ ہر ایک شخص کو اپنا اپنا

اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ ؕ وَظَلَّلْنَا عَلَيْهِمُ

گھاٹ معلوم ہو گیا۔ اور ان پر بادل کا سایہ

الْغَمَامَ وَاَنْزَلْنَا عَلَيْهِمُ الْمَنَّ وَ

کر دیا اور ان پر منّ و سلویٰ

السَّلْوٰى ؕ كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ ؕ

اتارا۔ (اور فرمایا) ہماری دی ہوئی پاک چیزوں میں سے کھاؤ (پیو)

وَمَا ظَلَمُوْنَا وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ

اور ہمارے تو ان پر کچھ بھی ظلم نہیں کیا لیکن وہی خود اپنی جانوں

يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۶۰﴾

پر ظلم کرتے رہے۔

ترکیب

قطعنا بمعنے صیّرنا، تب اثنتی عشرة ممیّز اسباطاً تمیز بلکہ بدل لانّہ جمع۔ اُمَماً دوسرا بدل مجموعہ مفعول ثانی ورنہ تقدیر یوں ہوگی فرقناہم فرقا۔ ان اضرب ان مصدریہ بھی ہوسکتا ہے اس تقدیر پر یہ مفعول اوحینا ہوگا اور بمعنے لے بھی ہوسکتا ہے تب یہ اوحینا کی تفسیر ہوگی اثنتا عشرة ممیّز عیناً تمیز یہ انبجست کا فاعل منہ اس سے متعلق النفسہم منصوب ہے یظلمون سے

الانبجاس الانفجار۔ والاسباط جمع السّبط ہو ولد الولد والمراد بہا القبائل۔

تفسیر

یہاں بنی اسرائیل پر جو کچھ اُس نے اُن بیابانوں میں انعام وعنایت کی اُن کا ذکر فرماتا ہے کہ باوجودیکہ اُنھوں نے قلزم کا معجزہ دیکھا جس میں اُن پر بڑی عنایت تھی کہ اُن کو اس سمندر کی کھاڑی سے خشک نکال دیا اور اُن کے مخالف اور دشمن کو اُن کی آنکھوں کے رُوبرُو مع فوج وحشم غرق کیا مگر پھر پار اُتر کر حضرت موسیٰؑ سے ایک اور معبود کی استدعاء کی اور پھر اُس کی غیبت میں جب کہ وہ کوہ سینا پر چالیس۴۰ روز غائب رہے تو سونے کا بچھڑا بنا کر پُوجا مگر اُس کے بعد بھی ہم نے ان پر یہ عنایت کی اور اُس پر وہ دن بدن یہ نافرمانیاں اور سرکشیاں کرتے تھے۔

یہ واقعات کوہِ سینا سے کوچ کرنے کے بعد ظہور میں آئے تھے۔ اس تمام قصّہ کی تفصیل سورۂ بقرہ میں بضمن تاریخ بنی اسرائیل بیان ہو چکی ہے وقطعنا ہم یعنی انتظام بنی اسرائیل کے لئے ہم نے اُن کے بارہ۱۲ فرقے مقرر کر دیئے ہر ایک کو اسباط کہتے تھے۔ حضرت یعقوب علیہ السّلام کے بارہ۱۲ بیٹے تھے اُن میں سے ہر ایک کی اولاد ایک سبط جُداگانہ تھا۔

واوحینا الےٰ موسیٰ یہ ایک بیابان کا ذکر ہے جہاں کہ بنی اسرائیل نے اپنے خیمے قائم کئے اور وہاں پانی نہ تھا نہ کوئی دریا تھا نہ چشمہ نہ کنواں نہ تالاب۔ لوگوں نے حضرت موسیٰ علیہ السّلام سے پانی کی درخواست کی تو ہم نے موسیٰ کی طرف وحی کی کہ اس پتھر پر اپنا عصا مار جس سے اس میں سے بارہ۱۲ چشمے بہنے لگے جس میں سے ہر ایک سبط نے جُداگانہ گھاٹ مقرر کر کے پانی پیا۔ یہ بات اُن بیابانوں میں دو۲ ایک بار وقوع میں آئی یہ نہیں کہ ہمیشہ اسی پتھر میں سے پانی پیا کرتے تھے اور اس کا بھی قرآن مجید سے کچھ ثبوت نہیں کہ بنی اسرائیل

Marfat.com

اُس پتھر کو ساتھ ساتھ لادے پھرتے تھے اور یہ کہ یہ وہ پتھر تھا جو حضرت موسیٰؑ کے کپڑے لے کر بھاگا تھا۔ وظللنا علیہم الغمام اُن بیابانوں میں سایہ دار درخت اور سایہ کا تمام قوم کے لئے سامان بھی کم تھا لوگوں کو سخت تکلیف تھی اس لئے خدا تعالےٰ نے اُن پر ابر قائم کر دیا کہ اُن کا خیمہ اُن کے ساتھ رہتا تھا وانزلنا علیہم المن والسلوٰی جب خدا تعالےٰ نے اس بیابان میں پانی اور قدرتی سائبان عطا کیا تھا تو وہاں نہ کھیتی ہوتی تھی نہ اناج بہم پہنچ سکتا تھا اُن کے کھانے کے لئے من وسلوٰی بھیجا جس کی تفسیر سورۂ بقرہ میں ہو چکی مگر اس پر بھی بنی اسرائیل کانوا انفسہم یظلمون اپنی ہی جانوں پر ستم ڈھاتے تھے جو نافرمانی پر نافرمانی کرتے تھے۔

وَاِذْ قِيْلَ لَهُمُ اسْكُنُوْا هٰذِهِ الْقَرْيَةَ

اور جب کہ اُن کو (بنی اسرائیل کو) حکم ہوا کہ اس گاؤں میں چل رہو۔

وَكُلُوْا مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ وَقُوْلُوْا حِطَّةٌ

اور وہاں (جا کر) جہاں جی چاہے کھاؤ (پیو) اور اُس کے دروازہ میں سے

وَّادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا نَّغْفِرْ لَكُمْ

سجدہ کرتے ہوئے جانا، تو ہم تمہارے سب گناہ

خَطِيْٓـئٰتِكُمْ ۭ سَنَزِيْدُ الْمُحْسِنِيْنَ ۝۱۶۱

معاف کر دیں گے۔ (اور) نیکوں کو ہم عنقریب زیادہ انعام دیں گے۔

فَبَدَّلَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ قَوْلًا

پھر تو اُن میں سے ظالموں نے جو کچھ اُن سے کہا گیا تھا اُس کو دوسری بات

غَيْرَ الَّذِيْ قِيْلَ لَهُمْ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ

سے بدل دیا تب ہم نے بھی اُن پر آسمان سے ایک بڑی بلا نازل

رِجْزًا مِّنَ السَّمَاۗءِ بِمَا كَانُوْا يَظْلِمُوْنَ ۝۱۶۲

کر دی (یہ ضرور) اُن کی بدکاریوں کی وجہ سے۔

ترکیب

قیل سے لہم متعلق ہے اسکنوا الخ جملہ مفعول مالم یسم فاعلہ ہذہ القریۃ صفت وموصوف مفعول فیہ حطۃ خبر ہے مبتدا محذوف کی لے امرنا حطۃ سجدًا حال ہے ادخلوا کے فاعل سے نغفر مجزوم ہے جواب امر کی وجہ سے قولاً بدل کا مفعول موصوف غیر الذی صفت یا حال قیل کا مفعول مالم یسم فاعلہ ضمیر ہے جو الذی کی طرف راجع ہے

تفسیر

یہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بعد کا قصہ ہے اُن کے خلیفہ یوشع ابن نون کا جب کہ وہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بعد ملک شام میں پہنچے اور یردن ندی کو عبور کیا۔ اس قریہ سے مراد شہر ریحو ہے جس کو اریحا بھی کہتے ہیں یہ شہر یروشلم سے بیس میل اور دریائے یردن سے ۹ یا سات میل کے فاصلہ پر آباد تھا اب اس جگہ یا اس کے متصل ایک چھوٹا سا قصبہ آباد ہے جس میں اعراب یعنی بدوی لوگ اکثر رہتے ہیں۔ اس شہر پر بنی اسرائیل سے اور کنعانیوں سے بڑی لڑائی ہوئی اور آخر بنی اسرائیل نے فتح پائی اور شہر کو غارت کر دیا۔

اسی شہر کے اس واقعہ کا خدا تعالےٰ یہاں ذکر فرماتا ہے کہ اُن سے یعنی بنی اسرائیل سے کہا گیا (غالباً حضرت موسیٰ علیہ السلام نے وصیت کی ہوگی) کہ جب تم اس شہر میں گھسو تو اُس کے پھاٹکوں میں سے سجدہ یعنی سرنگونی اور فروتنی کرتے اور خدا تعالےٰ سے اپنے جرموں کی جو تم نے میرے روبرو کئے ہیں معافی مانگتے گھسنا تاکہ ملک شام میں ہمیشہ تم پر خدا تعالےٰ کی نظر عنایت رہے اور تمہارے دشمن مغلوب رہیں۔ (یا خاص اُسی وقت یشوعؑ نے حکم دیا ہوگا)۔ مگر یہ جو وہاں پہنچے تو بجائے عاجزی اور فروتنی کے اِترانے لگے اور وہاں کی لوٹ چھپانے لگے جس کا چھپانا اُن پر سخت جرم تھا اصلی حکم کو بدل دیا اس لئے اُن پر آسمانی بلا نازل ہوئی یعنی جن لوگوں نے بنی اسرائیل کو شکست دے کر اُن لوگوں کو قتل

ف بجائے حطۃ کے حنطۃ کہنے لگے ۱۲

Marfat.com

کیا یہ واقعہ کتاب یشوع کے ۷ باب میں کسی قدر مذکور ہے:
تب یشوع اور سارے اسرائیلی بزرگوں نے کپڑے پھاڑے
اور خداوند کے عہد کے صندوق کے آگے شام تک پڑے
رہے اور اپنے سروں پر خاک ڈھری۔ اور یشوع بولا ہائے
اے خداوند مالک! تو اس قوم کو کس لئے یردن پار لایا الخ
تب خداوند نے فرمایا اُٹھ کھڑا ہو کس لئے یوں اوندھا
پڑا ہے؛ بنی اسرائیل نے گناہ کیا اور اُنھوں نے اُس عہد سے
جس کی بابت میں نے اُن کو حکم دیا عدول کیا کیونکہ اُنھوں
نے حرام چیزوں میں سے بھی کچھ لیا اور چوری بھی کی اور
ریاکاری بھی کی اور اپنے اسباب میں ہلا بھی لیا اس لئے
وہ دشمنوں کے مقابلہ میں ٹھہر نہ سکے لعنتی ہوئے۔

وَسْـَٔلْهُمْ عَنِ الْقَرْيَةِ الَّتِيْ كَانَتْ

اور (اے نبی ﷺ) آپ ان (یہود) سے اُس شہر والوں کا حال تو پوچھیئے جو

وقف لازم

حَاضِرَةَ الْبَحْرِ ۘ اِذْ يَعْدُوْنَ فِي

سمندر کے کنارہ آباد تھا۔ جب کہ وہ سبت کے دن حد سے

السَّبْتِ اِذْ تَاْتِيْهِمْ حِيْتَانُهُمْ يَوْمَ

بڑھنے لگے جب کہ اُن کے سبت کا دن ہوتا تو اُن کے پاس

سَبْتِهِمْ شُرَّعًا وَّيَوْمَ لَا يَسْبِتُوْنَ ۙ

مچھلیاں پانی پر تیرتیں اور جس دن سبت کا نہ ہوتا تو نہ

مع النصف

لَا تَاْتِيْهِمْ ۚ كَذٰلِكَ ۚ نَبْلُوْهُمْ

آتیں، یوں اُن کو ہم آزمانے لگے۔

بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿۱۶۳﴾ وَاِذْ قَالَتْ

اُن کی بدکاری کی وجہ سے۔ اور جب کہ اُن میں سے ایک

اُمَّةٌ مِّنْهُمْ لِمَ تَعِظُوْنَ قَوْمًا ۙ اللّٰهُ

جماعت نے کہا کہ کیوں اُن لوگوں کو نصیحت کرتے ہو کہ جن کو اللہ تعالیٰ

مُهْلِكُهُمْ اَوْ مُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا ؕ

ہی ہلاک کرنا یا سخت عذاب دینا چاہتا ہے۔

قَالُوْا مَعْذِرَةً اِلٰى رَبِّكُمْ وَلَعَلَّهُمْ

وہ بولے خدا تعالیٰ سے بری الذمہ ہونے کے لئے اور شاید کہ وہ

يَتَّقُوْنَ ﴿۱۶۴﴾ فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا بِهٖ

ڈر بھی جاویں پھر جب اُس نصیحت کو بھول گئے جو اُن سے کی گئی تھی تو ہم نے

اَنْجَيْنَا الَّذِيْنَ يَنْهَوْنَ عَنِ السُّوْٓءِ

لوگوں کو تو بچا لیا کہ جو برائی سے منع کرتے تھے

وَاَخَذْنَا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا بِعَذَابٍۭ

اور ظالموں کو اُن کی نافرمانی کی وجہ سے بُرے

بَـِٔيْسٍۢ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿۱۶۵﴾ فَلَمَّا

عذاب میں مبتلا کیا۔ پھر جب کہ

عَتَوْا عَنْ مَّا نُهُوْا عَنْهُ قُلْنَا لَهُمْ

وہ جس چیز سے منع کئے گئے تھے باز نہ آئے۔ تو ہم نے حکم دیا کہ

كُوْنُوْا قِرَدَةً خٰسِـِٕيْنَ ﴿۱۶۶﴾

پھٹکارے ہوئے بندر ہو جاؤ۔

ترکیب

اذ یعدون حاضرۃ کا ظرف بھی ہو سکتا ہے یہ اصل میں یعتدون تھا اب اس کو مخفف بھی پڑھ سکتے ہیں اور مشدد بھی۔ اذ تاتیہم ظرف ہے یعدون کا حیتان جمع حوت و کو تی سے بدل دیا گیا شرعا حال ہے حیتانہم سے یوم لایسبتون ظرف ہے لاتاتیہم کا معذرۃ مفعول لہٗ ہے ای وعظنا للمعذرۃ۔

تفسیر

یہ قصہ حضرت داؤد علیہ السلام کے عہد میں گزرا ہے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے بہت بعد جب کہ بنی اسرائیل ملک شام میں آگئے اور یہاں کی سلطنت اُن کی قوم میں ایک عرصہ سے قائم ہو گئی۔ یہ قصہ بھی سورۂ بقرہ کی تفسیر میں بیان ہو چکا ہے۔ عن القریۃ، اس قریہ سے مراد وہ گاؤں ہے جہاں یہ واقعہ گزرا ہے جس کو علمائے مورخین ایلہ کہتے ہیں اور اس گاؤں سے سوال کرنے سے مراد اُن لوگوں کے حال سے سوال

Marfat.com

وَقَطَّعْنٰهُمُ فِي الْأَرْضِ أُمَمًا ۚ مِنْهُمُ
اور بنی اسرائیل کو ہم نے زمین پر متفرق جماعتیں کرکے بھیجدیا۔ کچھ تو
الصّٰلِحُوْنَ وَمِنْهُمْ دُوْنَ ذٰلِكَ ۖ
ان میں سے نیک ہیں اور کچھ ان میں سے دوسری طرح کے بھی ہیں
وَبَلَوْنٰهُمْ بِالْحَسَنٰتِ وَالسَّيِّاٰتِ
اور ہم نے ان کو نعمتوں اور سختیوں سے (دونوں طرح سے) آزمایا
لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۱۶۸﴾ فَخَلَفَ مِنْ
تاکہ وہ (ہماری طرف) رجوع کریں۔ پھر ان کے بعد ایسے ناخلف
بَعْدِهِمْ خَلْفٌ وَّرِثُوا الْكِتٰبَ يَأْخُذُوْنَ
کتاب کے وارث ہوئے جو اس دنیائے خسیس کی
عَرَضَ هٰذَا الْأَدْنٰى وَيَقُوْلُوْنَ
چیزیں (ناجائز طور پر) لیتے جاتے، اور یہ کہتے جاتے ہیں کہ
سَيُغْفَرُ لَنَا ۚ وَإِنْ يَّأْتِهِمْ عَرَضٌ
ہم کو معاف ہی ہو رہے گا۔ اور اگر ایسا ہی اور اسباب (دنیا) ان کے پاس
مِّثْلُهٗ يَأْخُذُوْهُ ۭ أَلَمْ يُؤْخَذْ عَلَيْهِمْ
آجائے تو اُسے بھی لے کر رہیں۔ کیا ان سے کتاب میں یہ عہد نہیں
مِّيْثَاقُ الْكِتٰبِ أَنْ لَّا يَقُوْلُوْا عَلَى
لیا گیا تھا کہ خدا تعالےٰ کی نسبت سچ بات کے سوا اور کچھ نہ
اللّٰهِ إِلَّا الْحَقَّ وَدَرَسُوْا مَا فِيْهِ ۭ وَ
کہیں گے اور جو کچھ اس کتاب میں ہے اس کو پڑھ بھی چکے ہیں۔ اور
الدَّارُ الْأٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ ۭ
آخرت کا گھر بہتر ہے پرہیزگاروں کے لئے۔
أَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۶۹﴾ وَالَّذِيْنَ يُمَسِّكُوْنَ
کیا تم نہیں سمجھتے؟ اور جو لوگ کتاب کو خوب پکڑے
بِالْكِتٰبِ وَأَقَامُوا الصَّلٰوةَ ۭ إِنَّا
ہوئے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں تو ہم بھی

کرنا ہے اور سوال کس سے کرنے؟ بنی اسرائیل یعنی یہود سے جو آنحضرت علیہ السلام سے مقابل تھے۔ اور سوال کرنے کا جو حضرت کو حکم دیا تو یہ کوئی فرض واجب کی طور پر نہیں بلکہ وسلّم کے سے مقصود یہ ہے کہ یہ واقعہ یہود کو بخوبی معلوم ہے اس کا تواتر اُن کے ہاں چلا آتا ہے خواہ اُن سے پوچھ دیکھ وہ ہرگز انکار نہ کریں گے نہ یہ کہ آپ ضرور اُن کے پاس جاکر پوچھیے جس کے مطالبہ آپؐ پوچھنے بھی گئے ہوں بلکہ آپؐ کو خود یقین تھا پوچھنے کی کیا ضرورت؟ یہ ایک محاورہ کی بات ہے جس سے مقصود یہ کہ مخاطب کو بھی اس بات کا اقرار ہے۔ اور غرض اس قصّہ سے یہود کی پشتینی سرکشی ظاہر کرنا ہے جو وہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے بھی برسرِ پرخاش تھے۔ خلاصہ اس قصّہ کا یہ ہے کہ یہود کو سبت یعنے ہفتہ کے روز شکار اور دنیاوی کاروبار کی سخت ممانعت تھی اُس گاؤں کے لوگ سمندر کے کنارے بستے تھے، پانی کی نالیاں مچھلیاں آنے کے لئے کھود رکھی تھیں۔ سو ہفتہ کے روز مچھلیاں آتیں اور دِنوں میں نہ آتیں اُنھوں نے ہفتہ کے روز شکار کرنا شروع کیا۔ بعض لوگوں نے منع کیا اور بعض نے کہا ان لوگوں پر کوئی بلا آیا چاہیئے منع کرنے سے یہ نہ مانیں گے اُنھوں نے کہا بیشک مگر ہم تو بری الذمہ ہو جاویں۔ آخر جب کھلم کھلا سرکش ہو گئے تو اُن کے چہروں میں اس قسم کا ورم ہوا جس سے بندروں کی شکل معلوم ہونے لگی آخر اُسی میں تین روز بعد مر گئے۔

وَإِذْ تَأَذَّنَ رَبُّكَ لَيَبْعَثَنَّ عَلَيْهِمْ
(اور یاد کرو) جب کہ ان کے رب نے (بنی اسرائیل کو) اعلان کر دیا تھا کہ ان پر
إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ يَّسُوْمُهُمْ سُوْٓءَ
قیامت تک ایسے لوگ مسلط کرتا رہے گا کہ جو ان کو سخت تکلیف پہنچاتے
الْعَذَابِ ۭ إِنَّ رَبَّكَ لَسَرِيْعُ
رہیں گے۔ البتہ آپ کا رب جلد عذاب کرنے والا
الْعِقَابِ ۖ وَإِنَّهٗ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۶۷﴾
ہے۔ اور وہ معاف کرنے والا نہایت مہربان بھی ہے۔

لہ یعنے توریت میں عہد نہیں لیا ہے کہ سچ ہی کہیں گے رشوت نہ لیں گے انصاف کریں گے اس کو پڑھ چکے ہیں ۱۲ منہ

Marfat.com

لَا نُضِيعُ أَجْرَ الْمُصْلِحِينَ ﴿١٧٠﴾

نیکوں کا ثواب ضائع نہیں کرتے۔

ترکیب

تاذن بمعنے اذن اے اعلم الی یوم القیامۃ تاذن سے متعلق سوء العذاب مصدر مضاف ہے اُمماً مفعول ثانی ہے یا حال ہے منہم الصالحون اُمم کی صفت یا بدل دون ذلک ظرف یا خبر ورثوا الکتاب صفت ہے خلف کی یاخذون حال ہے ضمیر ورثوا سے ودرسوا معطوف ہے ورثوا پر الم یؤخذ جملہ معترضہ ہے۔ میثاق الکتاب مفعول مالم یسم فاعلہ یؤخذ کا ان لایقولوا الخ تفسیر ہے میثاق کی ولدار الآخرۃ مبتدا خیر الخ والذین مبتدا واقاموا اُس پر معطوف انا لانضیع خبر۔

تفسیر

ان خوفناک واقعات سُننے کے بعد یہودی یہ خیال کرتے تھے کہ یہ جو کچھ ہوا ہم سے پہلے لوگوں پر ہوا ہم پر نہ ہوگا بلکہ ہم سے خدا تعالےٰ کا عہد ہے کہ ہم کو ابد تک آبرومند کرے گا۔ اس خیال فاسد کو دفع کرتا ہے کہ یہ عہد نیکوں اور انبیاءؑ کے فرمانبرداروں کی نسبت ہے نہ کہ بدکاروں کے لئے کیونکہ واذ یاد کرو جس وقت تاذن ربک الخ خدا تعالیٰ نے انبیائے بنی اسرائیل کی معرفت یہ اعلان کر دیا تھا کہ اگر تم بدی کروگے تو وہ ابد تک تم کو تمھارے دشمنوں کے ہاتھوں میں دے دیگا جو تم کو سخت تکلیف میں مبتلا رکھیں گے۔ چنانچہ سفر استثناء کے گیارہویں باب ۲۸ ورس میں اور نیز ۸ باب ورس ۱۹ میں بھی موجود ہے۔ مگر بنی اسرائیل نے بدکاری کی اس لئے داؤدؑ کے بعد سے جو اُن پر دشمن مسلط ہونے شروع ہوئے آج تک ہیں کبھی بابل اور نینوی کے بادشاہوں نے بنی اسرائیل کو غلام بنایا، کہیں شاہان مصر نے برباد کیا پھر سکندر اعظم کے عہد سے لے کر آج تک یہودی محکوم و اسیر چلے آتے ہیں اور وقتاً فوقتاً اُن پر قہر الٰہی بھڑک اُٹھتا ہے جو لوگوں کے ہاتھوں سے سخت سخت اذیتیں پاتے ہیں۔ پھر اس کے ساتھ ہی یہ فرماتا ہے کہ سب بنی اسرائیل برابر نہ تھے وقطعناہم الخ اُن میں نیک بھی تھے اور بد بھی مگر اس کے بعد تو اکثر ناخلف وارث و مالک کتاب یعنی توراۃ کے بن گئے جو لوگوں سے دینی اُمور میں رشوت لیتے اور کہتے ہیں کہ خدا تعالےٰ معاف کرے گا مگر آئندہ بھی وہی قصد رکھتے ہیں یعنی باوجود اس لفافہ کی توبہ کے اگر پھر کوئی دے تو لینے کو موجود ہیں باوجودے کہ اُن سے عہد لیا گیا تھا کہ حق بیان کرنا مگر اب اپنی دنیاوی آمدنی فوت ہونے کے خوف سے امر حق یعنے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خبر کو چھپاتے ہیں اور آخرت کو دُنیا کے بدلے میں کھو بیٹھے ہیں حالانکہ دنیا سے آخرت کا گھر بہتر ہے جہاں سدا رہنا ہے لیکن یہ احمق سمجھتے نہیں۔ مگر اب بھی جو ان میں راہ راست پر قائم ہیں ہم اُن کے اجر ضائع نہ کریں گے۔ اس میں عبداللہؓ بن سلام وغیرہ خدا پرست اہل کتاب کی طرف اشارہ ہے۔

وَإِذْ نَتَقْنَا الْجَبَلَ فَوْقَهُمْ كَأَنَّهُ

اور جب کہ ہم نے بنی اسرائیل پر سائبان کی طرح پہاڑ

ظُلَّةٌ وَظَنُّوا أَنَّهُ وَاقِعٌ بِهِمْ

اُٹھایا اور انھیں گمان ہوا کہ وہ ان پر آہی پڑا۔

خُذُوا مَا آتَيْنَاكُمْ بِقُوَّةٍ وَاذْكُرُوا

(تو اُن سے کہا گیا) جو کچھ ہم نے[1] تم کو دیا اُس کو مضبوطی سے لو اور جو اس میں

مَا فِيهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ﴿١٧١﴾ وَإِذْ أَخَذَ

ہے اُس کو یاد کرو تاکہ تم پرہیزگار ہو جاؤ۔ اور جب کہ آپ کے

رَبُّكَ مِنْ بَنِي آدَمَ مِنْ ظُهُورِهِمْ

رب نے بنی آدم کی پشت سے اُن کی اولاد کو باہر

ذُرِّيَّتَهُمْ وَأَشْهَدَهُمْ عَلَىٰ أَنْفُسِهِمْ

نکالا اور انہی کو اُن پر گواہ بنا کر (یہ کہا)

۲۱ ع ۹ ۱۱

عہ قال فی الکشاف ای قلعناہ ورفعناہ کقولہ ورفعنا فوقہم الطور ۱۲ منہ نتق: فشاندن وجنبانیدن ۱۲ صراح منہ

[1] یعنی توریت اور اس کے احکام ۱۲ منہ

Marfat.com

أَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ ۖ قَالُوا بَلَىٰ ۛ شَهِدْنَا ۛ

کیا میں تمھارا رب نہیں ہوں؟ کہا کیوں نہیں۔ ہم گواہ ہیں۔

أَنْ تَقُولُوا يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِنَّا كُنَّا عَنْ

یہ اس لئے (کیا) تاکہ تم قیامت کے روز یہ نہ کہو کہ ہم کو تو اس کی

هَٰذَا غَافِلِينَ ﴿١٧٢﴾ أَوْ تَقُولُوا إِنَّمَا

خبر ہی نہ تھی۔ یا یہ کہنے لگو کہ شرک تو ہمارے باپ

أَشْرَكَ آبَاؤُنَا مِن قَبْلُ وَكُنَّا

دادا نے ہم سے پہلے کیا تھا اور ہم تو اُن کے بعد

ذُرِّيَّةً مِّن بَعْدِهِمْ ۖ أَفَتُهْلِكُنَا

اُن کی اولاد سے تھے۔ تو پھر (اے خدا تو) کیا تو ہم کو

بِمَا فَعَلَ الْمُبْطِلُونَ ﴿١٧٣﴾ وَكَذَٰلِكَ

بیہودہ لوگوں کے کام سے ہلاک کرتا ہے۔ اور ہم یوں کھول کر

نُفَصِّلُ الْآيَاتِ وَلَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ﴿١٧٤﴾

آیتیں بیان کرتے ہیں اور تاکہ وہ رجوع کریں۔

ترکیب

الجبل مفعول ہے نتقنا بمعنے رفعنا کا اور فوقہم اُس کا ظرف ہے وظنّوا جملۂ معترضہ یا معطوف ہے نتقنا پر یا حال۔ الخ۔ جملہ قائم مقام دو مفعولوں کے من ظہورہم بدل ہے بنی آدم سے بدل الاشتمال باعادۃ الجار ذرّیتہم اخذ کا مفعول الست بربکم بیان ہے اشہدہم کا ان تقولوا مفعول لہٗ ہے اشہد کا لے مخافۃ ان تقولوا اور اسی طرح او تقولوا جملہ محلِّ تعلیل میں ہے۔

تفسیر

اس جملہ معترضہ کے بعد پھر حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عہد کا یہ واقعہ (جو کوہ سینا کے پاس گزرا تھا) یہ بات بتلانے کے لئے بیان کرتا ہے کہ بنی اسرائیل سے اُن کے سر پر پہاڑ اُٹھا کر عہد لیا گیا تھا اس پر بھی وہ اُس عہد کے پابند نہ رہے۔ یہ قصہ بڑی تفصیل

کے ساتھ تاریخ بنی اسرائیل میں تفسیر سورۂ بقرہ کے ذیل میں بیان ہو چکا اعادہ کی ضرورت نہیں۔

واذ اخذ ربک من بنی آدم الخ چونکہ بنی اسرائیل سے عہد لینے کا ذکر آیا تھا اس لئے مناسب ہوا کہ بلا خصوصیت بنی اسرائیل اپنے اُس عہد کو بھی یاد دلائے جو اُس نے تمام بنی آدم سے لیا ہے تاکہ کوئی یہ خیال نہ کرے کہ عہد الٰہی کی پابندی صرف بنی اسرائیل پر ہے۔ اس عہد کی تفسیر میں علماء کے دو قول ہیں۔

اوّل جمہور مفسّرین اہل سنت کا ہے کہ یہ عہد حضرت آدم علیہ السلام کی تمام ذرّیت سے جو قیامت تک پیدا ہونے والی تھی اس طور سے لیا گیا تھا کہ خدا تعالےٰ نے آدمؑ کی پُشت سے تمام اولاد کو نکالا جو چیونٹیوں کی طرح سے نکل پڑے پھر اُن کو عقل اور گویائی عطا کر کے کہا کہ الستُ بربکم کہ کیا میں تمھارا خدا نہیں؟ سب نے کہا بلیٰ کیوں نہیں۔ پھر فرمایا کہ میں تم پر ساتوں آسمان اور ساتوں زمین اور تمھارے باپ آدمؑ کو گواہ کرتا ہوں تاکہ تم قیامت کو یہ نہ کہو کہ ہم کو خبر نہ تھی تم کو معلوم ہے کہ میرے سوا اور کوئی معبود نہیں تم میرا کسی کو بھی شریک نہ بنانا میں تمھارے پاس اس عہد کو یاد دلانے کے لئے اپنے رسول بھیجوں گا اور کتابیں نازل کروں گا، وہ تم کو میرا عہد یاد دلائیں گے۔ سب نے اقرار کیا اور کہا ہم گواہ ہیں کہ تو ہی ہمارا رب اور معبود ہے تیرے سوا اور کوئی نہ معبود ہے نہ رب ہے سب نے اقرار کر لیا (رواہ احمدؒ) اس مضمون کو آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام سے چند صحابہؓ نے اس آیت کی تفسیر میں نقل کیا ہے چنانچہ ابن عباسؓ اور اُبیّ بن کعبؓ سے امام احمدؒ نے اس مضمون کو روایت کیا ہے اور وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں اور ابو ہریرہؓ نے بھی آنحضرت علیہ السلام سے روایت کیا ہے جس کو ترمذیؒ نے اپنی کتاب میں بیان کیا۔ اور مسلم بن یسارؒ کہتے ہیں کہ عمر بن الخطابؓ سے کسی نے اس آیت کے معنے پوچھے، اُنھوں نے کہا آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام سے

لے جیسا بڑوں کو کرتے پایا ویسا ہم نے بھی کیا ۱۲ منہ

عہد الست کی تحقیق

Marfat.com

لوگوں نے پوچھا۔ آپؐ نے اُس میں یوں فرمایا، پھر یہی مضمون اخیر تک نقل کیا کسی قدر کمی زیادتی کے ساتھ۔ اس کو مالکؒ اور ترمذیؒ اور ابوداؤدؒ نے روایت کیا ہے۔ اسی طرح سے اور بھی محدثین نے مختلف عنوان سے اس آیت کی تفسیر میں روایات بیان کی ہیں۔ اور بڑے بڑے مفسرین اس پر متفق ہیں جیسا کہ سعید بن المسیبؒ اور سعید بن جبیرؒ اور ضحاکؒ اور عکرمہؒ اور کلبی۔

دوسرا قول جمہور معتزلہ کا ہے وہ کہتے ہیں کہ اس آیت کے صاف معنے یہ ہیں کہ خدا تعالےٰ نے بنی آدم کے ظہور یعنی پشتوں سے اُن کی ذرّیت اس طرح سے نکالی کہ وہ نطفہ پشت آبا میں تھے پھر اپنی ماؤں کے رحم میں آئے پھر اُن کو علقہ پھر مضغہ پھر کامل الخلقۃ بنا کر نکالا پھر عقل و حواس عطا کیا جس سے وہ اُس کی مصنوعات میں غور و فکر کر کے اُس کی وحدانیت پر دلائل قائم کرنے کے قابل ہوئے سو یہ دلائل گویا خدا تعالےٰ کی طرف سے عہد اور خود اُن کو اس بات پر گواہ بنانا ہے اور ان کی حالتِ احتیاج و حدوث گویا اُس عہد کو تسلیم اور قبول کرنا ہے۔ خدا تعالےٰ کا وہ دلائل پیدا کرنا گویا اقرار لینا اور اُن کا اس حالت میں ہونا زبانِ حال سے اقرار کر لینا اور گواہ بننا ہے۔

اس عہد کی رُو سے ہر عاقل توحید پر قائم رہنے کے لئے مامور ہے تاکہ کسی کو اس کے بعد یہ عذر باقی نہ رہے کہ "ہمارے باپ دادا شرک کرتے تھے وہی بُری رسمیں جاری کر گئے تھے ہم اُن کے بعد پیدا ہوئے اُنھیں کی پابندی کرتے ہے اگر گناہ کیا تو اُنھوں نے قصوروار ہیں تو وہ" کس لئے کہ ہر ایک شخص پر اُس عہد کی پابندی ضروری ہے جب تم کو عقل و ادراک ہے تو کیوں ایسی بُری باتوں میں جو تمہارے عہدِ خداوندی کے برخلاف ہیں اُن جاہلوں کی پابندی کرتے ہو۔ دنیا میں خدا تعالےٰ کے رسول اسی عہد کو یاد دلانے کے لئے آتے ہیں۔

دلائل معتزلہ کے یہ ہیں **اوّل** یہ کہ من ظہورہم بدل ہے بنی آدم سے پس اس صورت میں آیت کے یہ معنے ہوئے کہ بنی آدم کی پشتوں سے اُن کی ذرّیت نکال کر اُن سے عہد لیا نہ کہ آدمؑ کی پشت سے بلکہ آدمؑ کا تو اس میں کچھ ذکر بھی نہیں ہے اس کے علاوہ اگر آدمؑ کی پشت سے ذریت نکالنا مراد ہوتا تو من ظہورہم نہ فرماتا بلکہ من ظہرہ کیونکہ آدمؑ ایک شخص تھا جس کے لئے ضمیر مفرد چاہیئے نہ کہ جمع اور انما اشرک آباؤنا کہنا بھی ذریتِ آدمؑ کی نسبت صادق آسکتا ہے نہ کہ آدمؑ کی نسبت کیونکہ آدمؑ کا کون باپ دادا مشرک تھا؟

دوم عہد کسی اہلِ عقل و ادراک سے لیا جاتا ہے نہ کہ غیر اہلِ فہم و ادراک سے۔ پس اُس وقت اولادِ آدمؑ کو ضرور عقل و ادراک ہونا چاہیئے اگر ایسا ہوتا تو اس وقت بھی ہم کو یاد ہونا چاہیئے تھا حالانکہ کسی کو بھی یاد نہیں۔ علاوہ اس کے بنی آدم کروڑوں بلکہ ان گنت ہیں پھر اس قدر لوگ آدمؑ کی پشت سے چیونٹی کیا ذرّہ سے بھی کم فرض کئے جاویں تو بھی نکل نہیں سکتے کیونکہ اُن کے اجسام کا مجموعہ ایک پہاڑ ہونا چاہیئے تھا جو دنیا کے تمام پہاڑوں سے بڑا ہو۔ اور جو اب عالمِ وجود میں لوگ پیدا ہوئے ہیں ان کو ان ذرّات کا عین کہا جاوے تو بھی ممکن نہیں کیونکہ عین تو کیا یہ ذرّات ان انسانوں کے (جو اجسام مخلوق از مادّۂ منویہ ہیں) جزو بھی نہیں رہیں احادیث سو وہ اخبار احاد ہیں جو نصِ قرآنی اور بداہتہ عقل کے مقابلہ میں قابلِ التفات نہیں۔

اہلِ سُنّت

ان دلائل کا یہ جواب دیتے ہیں۔ اما الاوّل فجوابہ مراد خدا تعالےٰ کی یہ ہے کہ سلسلہ وار ہر ایک بنی آدم کی پشت سے اُن کی ذرّیت نکالی جو قیامت تک پیدا ہونے والی ہے مثلاً زید کو عمرو کی پشت سے اور عمرو کو اُس کے باپ خالد کی علےٰ ہذا القیاس تو لامحالہ اوپر کی طرف سے حضرت آدمؑ

Marfat.com

پر سلسلہ منتہی ہوگا چونکہ سب کا مبتدء آدمؑ ہیں تو گو صراحۃً آدمؑ کی پشت سے نکلنا نہ کہا مگر جب کہ اس طرح سے ایک دوسرے سے نکلنا کہا تو گویا سب کا آدمؑ کی پشت سے نکلنا کہا اس غرض کے لئے من ظہر آدم نہ کہا بلکہ من ظہور ہم فرمایا اور اسی لئے انما اشرک آباؤنا کہنا بھی بلحاظ مشرک نسلوں کے ان سلاسل میں سے صحیح ہوا۔

آمالثانی فجوابہ۔ واضح ہو کہ انسان درحقیقت نفس ناطقہ یا روح ہے اور گو حادث ہے مگر اجسام کے پیدا ہونے سے بہت پہلے سے ہے اور اس کا ادراک اس عالم حسّی میں بذریعہ آلات جسمانیہ کے ہے اور دوسرے عالم میں اُن کی کچھ احتیاج نہیں۔ جب یہ مقدّمہ مُمہّد ہو چکا تو اخذ من ظہورہم کی تفسیر ہے کہ گو ارواح جو جواہر بالقوہ اور نفوس صافیہ ہیں آدمؑ کے حدوث میں ہم قدم ہیں مگر دنیا میں ظہور تربیتی ہونے کی وجہ سے سب کا آدم علیہ السّلام پیش ہیں سو خدا تعالےٰ نے جب آدم علیہ السّلام کو دنیا میں بھیجا تو اُن کے ذریعہ سے تمام نفوس وارواح کو جو دنیا میں ظاہر ہونے والے تھے اور اُن کا ظہور جسم آدمی کے وسیلہ سے تھا آدمؑ کی پشت سے ترتیب وار نکالا۔ رہا اُن کا چیونٹیوں کے مانند ہونا سو یہ تشبیہ ہے بلحاظ حالت اجمالیہ کے جو اُن ارواح کو اُس وقت عارض تھی اور اسی لئے یہ بھی آیا ہے کہ اُن میں کچھ نورانی اور کچھ ظلماتی تھے۔ یعنی اہل سعادت کی روحیں منوّر تھیں اور اہل شقاوت پر ازلی تاریکی تھی۔ سو وہ دراصل اجسام عنصریہ نہ تھے کہ جن کا مجموعہ بڑے پہاڑ سے زیادہ فرض کر کے آدمؑ کی پشت سے نکلنا محال خیال کیا جاوے۔ رہی یہ بات کہ پھر ہم کو وہ عہد یاد کیوں نہیں اور جب یاد نہیں تو ایسے وقت کے عہد سے فائدہ ہی کیا ہوا؟

اس کا یہ جواب ہے کہ اس جسم سے جب نفوس متعلق کئے جاتے ہیں تو اس کے آثار اُس پر فائض ہوتے ہیں اور اس عالم میں روح جو عالم قدس کا نازپروردہ طائر ہے جب جسم عنصری کے پنجرے میں بند ہوتا ہے تو وہاں کے حالات بالکل بھول جاتا ہے اسی کی تدبیر وتصرّف میں مصروف رہتا ہے اور اسی لئے خاص دنیا کے سیکڑوں معاملات ہم بالکل بھول جاتے ہیں سو اس عہد کے تمسک کا یہ فائدہ ہے کہ جب انسان اُس عالم میں جاوے گا اور حجاب جسمانی اُٹھ جاوے گا تو اُس کو اپنی اگلی پچھلی سب باتیں یاد آجاویں گی سو یہ تمسک اُس عدالت میں پیش کیا جاوے گا اور یہ عذر مسموع نہ ہوگا کہ دنیا میں ہم کو اس سے آگاہی نہ تھی کیونکہ انبیاء علیہم السّلام اور اُن کے نائبین کہ جن میں سے ایک عقل سلیم بھی ہے اُس کو یاد دلا چکے ہیں۔

اور جو مراد معتزلہ عہد سے لیتے ہیں وہ بھی ہمارے قول کے منافی نہیں علاوہ اس کے اخذ صیغہ ماضی تو ہمارے ہی قول کی تائید کرتا ہے۔ ہذا تحقیق المقام والعلم عند اللہ العلام

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ الَّذِيْٓ اٰتَيْنٰهُ اٰيٰتِنَا

اور آپ اِن کو اُس شخص کا حال بھی سُنا دیں کہ جس کو ہم نے اپنی

فَانْسَلَخَ مِنْهَا فَاَتْبَعَهُ الشَّيْطٰنُ فَكَانَ

آیتیں دی تھیں سو وہ اُن سے نکل گیا پھر اس کے پیچھے شیطان پڑ گیا سو وہ

مِنَ الْغٰوِيْنَ ﴿۱۷۵﴾ وَلَوْ شِئْنَا لَرَفَعْنٰهُ

گمراہوں میں سے ہو گیا۔ اور اگر ہم چاہتے تو اُس کو اُن آیات کے سبب

بِهَا وَلٰكِنَّهٗٓ اَخْلَدَ اِلَى الْاَرْضِ

بلند مرتبہ کرتے لیکن وہ خود پستی کی طرف مائل ہو گیا

وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ ۚ فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ الْكَلْبِ ۚ

اور اپنی خواہش پر چلا۔ تو اُس کی کہاوت کتے کی کہاوت ہو گئی گو

اِنْ تَحْمِلْ عَلَيْهِ يَلْهَثْ اَوْ تَتْرُكْهُ

اگر تو اُس کو کھدیڑے تو بھی ہانپے اور جو اُس کو یوں ہی چھوڑے تو

زبان باہر نکالے

لہ بنی اسرائیل کو یہ قصہ معلوم تھا کہ باوجود آیات یعنی کرامات عطا ہونے کے نفس کی خواہش پر چل کر بلعم باعور نے یہ خلعت بزرگی اپنے تن سے اُتار ڈالا اور دین ودنیا میں خراب ہوا یہود کو عبرت پکڑنی چاہیئے کہ وہ رشوت اور دیگر خواہشوں میں آکر یہ کچھ کر رہے ہیں۔ منہ

عہ مشتق از لھث معناہ از تشنگی زبان بیرون آوردن صراح۔

Marfat.com

يَلْهَثْ ذٰلِكَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ

بھی ہانپتے[1] یہی حال اُن لوگوں کا (اہل مکہ کا) ہے کہ جنھوں نے ہماری

كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ فَاقْصُصِ الْقَصَصَ

آیتوں کو دانستہ جھٹلایا سو آپؐ اُن سے یہ حالات بیان کرتے

لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۱۷۶﴾ سَآءَ مَثَلًا

رہیے تاکہ وہ غور کریں۔ جن لوگوں نے ہماری

الْقَوْمُ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاَنْفُسَهُمْ

آیتوں کو جھٹلایا اور اپنی جانوں پر ستم ڈھایا اُن کی کیا ہی

كَانُوْا يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۷۷﴾ مَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ

بُری کہاوت ہے۔ جس کو اللہ تعالےٰ ہدایت دے سو

فَهُوَ الْمُهْتَدِيْ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَاُولٰٓئِكَ

وہی راہ پاتا ہے۔ اور جن کو گمراہ کرے تو وہی

هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۱۷۸﴾

تباہ کار ہیں۔

ترکیب

نبأ الذی جملہ مفعول اتل فمثلہ مبتدا کمثل الکلب خبر ان تحمل شرط یلہث جزا جملہ محل حال میں ہے ذلک مبتدا مثل القوم الذین الخ خبر ساء بمعنے بئس اس کا فاعل مضمر ہے جس کی تمیز مثلاً ہے القوم موصوف الذی موصول کذبوا الخ صلہ جملہ صفت یہ موصوف وصفت بحذف مضاف مخصوص بالذم اور وہ مضاف مثل ہے کس لئے کہ مخصوص بالذم جنس فاعل سے ہوتا ہے اور فاعل مثل ہے۔ وانفسہم الخ اما ان یکون معطوفاً علےٰ کذبوا فیدخل فی حیز الصلۃ بمعنے الذین جمعوا بین التکذیب بآیات اللہ وظلم انفسہم واما ان یکون کلاماً منقطعاً عن الکشاف۔

[1] یعنے کتّے کو بیٹھا رہنے دو تب بھی زبان لٹکا کر ہانپتا ہے اور جو دوڑایا جائے تو بھی ہانپتا ہے برخلاف اور حیوانوں کے کہ وہ دوڑنے میں ہانپتے ہیں یہی مثال ذلت و ہشت میں خدا تعالیٰ کے منکروں کی ہے وہ راحت و مصیبت دونوں

تفسیر

عہدِ الٰہی کا ذکر کرکے اس عہد کے توڑنے والوں کا حالِ پُر وبال سُناتا ہے تاکہ لوگوں کو عبرت ہو کہ جب مخصوص لوگوں پر عہد شکنی سے وبال آیا تو اور کسی کا کیا ٹھکانا ہے؛ فرماتا ہے کہ اے نبیؐ! تُو ان لوگوں کو اُس کا حال سُنا کہ جس کو ہم نے اپنی آیتیں، نشانیاں، کرامات یا علم کتاب الٰہی دیا اور وہ خواہش نفسانی کے تابع ہو کر عالم باقی سے رُکا اور عالم فانی اور دُنیائے دُوں کی طرف جُھک پڑا اور اُس کا کتّے کا سا حال ہو گیا کہ جو دوڑنے میں بھی ہانپتا ہے اور بیٹھا بھی ہانپتا ہے یعنی بغیر اضطراری حالت کے بھی گناہ کی طرف مائل ہے اور حالتِ اضطرار میں بھی۔ اس طرح ازلی گمراہ ہیں کہ گو اُن کو بسبب ضعف کے خواہش نہ ہو مگر تو بھی فسق و فجور میں مُبتلا ہوتے ہیں، بوقتِ غلبۂ نفس تو ہوتے ہی تھے۔

علمائے مفسّرین کے اُس شخص کی بابت کہ جس کا اس آیت میں ذکر ہے چند قول ہیں۔ ابنِ عباسؓ و ابنِ مسعودؓ و مجاہدؒ کہتے ہیں کہ اس سے بلعم باعور کی طرف اشارہ ہے کہ جب حضرت موسیٰؑ اور بنی اسرائیل موآب کے میدانوں میں نہر یردن کے اُس پار شہر یریحو کے مقابل اُترے تو بلق بن صفور جو موآبیوں کا بادشاہ تھا ڈرا اور اُس نے بلعم کے پاس قاصد بھیجے کہ آکر اُن پر بددُعا کر۔ اوّل اُس نے انکار کیا آخر آنے پر راضی ہوا اور راستہ میں اُس کی سواری کا گدھا بیٹھ گیا۔ جب اُس کو مارا تو خدا تعالےٰ نے اُس کو گویائی دی کہ میں از خود نہیں بیٹھا بلکہ فرشتہ مجھے روکتا ہے۔ بلعم بلق کے پاس گیا اور ایک پہاڑ پر چڑھ کر بنی اسرائیل کو دیکھا مگر اُس کے مُنہ سے بجائے لعنت کے کلماتِ برکت بنی اسرائیل کے حق میں بے ساختہ نکلے (یہ قصّہ توریت کتابِ عدد کے ۲۳ - ۲۴ باب میں مفصّلاً مذکور ہے)

حالوں میں ہانپتے رہتے ہیں نہ راحت میں شکر نہ مصیبت میں صبر نہ رزم احکام کی برداشت نہ گرم کی ۱۲ منہ

Marfat.com

اس آمادگی پر بلعم کی تمام کرامات و برکات جو خدا تعالیٰ نے اُس کو دی تھیں سلب ہوگئیں۔ بنی اسرائیل کو سُنایا جاتا ہے کہ جو مقبولِ الٰہی کا مقابلہ کرتا ہے اُس کا یہ انجام ہوتا ہے۔ اب تم محمد (صلے اللہ علیہ وسلم) کا مقابلہ کرتے ہو کہ جس کا دین تمام عالم میں پھیلنے والا ہے وہ چشمہ تو نہ بند ہوگا مگر تم بلعم کی طرح خاک ہوکر بہہ جاؤ گے۔ عبداللہ بن عمرؓ و سعید ابن المسیبؒ و زید بن اسلمؒ و ابو بروقؒ کہتے ہیں کہ امیہ ابن ابی الصلت کی طرف اشارہ ہے جو کُتبِ سماویہ سے واقف اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت سے ماہر تھا مگر حسد سے برگشتہ ہوگیا۔ قتادہؒ و عکرمہؒ و ابو مسلمؒ کہتے ہیں کہ یہ عام ہے اس میں ہر ایک شخص کی طرف اشارہ ہے کہ جس کو خدا تعالیٰ علم و ہدایت دے اور وہ خواہش نفسانی کا تابع ہوکر اُس کو چھوڑ دے۔ علماء کو بھی اس قصہ کو سُن کر پُر حذر رہنا چاہیئے۔ اللّٰھم ثبّتنا علی الہُدٰی۔

وَلَقَدْ ذَرَأْنَا لِجَهَنَّمَ كَثِيرًا مِّنَ
اور ہم نے بہت سے جنّ اور آدمی جہنم ہی کے لئے
الْجِنِّ وَالْإِنسِ ۖ لَهُمْ قُلُوبٌ لَّا
پیدا کئے ہیں۔ اُن کے دل ہیں کہ جن سے سمجھ نہیں
يَفْقَهُونَ بِهَا وَلَهُمْ أَعْيُنٌ لَّا
سکتے اور ان کی آنکھیں ہیں کہ جن سے
يُبْصِرُونَ بِهَا وَلَهُمْ آذَانٌ لَّا
دیکھ نہیں سکتے، اور اُن کے کان ہیں کہ جن سے
يَسْمَعُونَ بِهَا ۚ أُولَٰئِكَ كَالْأَنْعَامِ
سُن نہیں سکتے۔ وہ ایسے ہیں جیسے کہ چار پائے
بَلْ هُمْ أَضَلُّ ۚ أُولَٰئِكَ هُمُ الْغَافِلُونَ ﴿١٧٩﴾
بلکہ اُن سے بھی بدتر۔ یہی ہیں وہ بے خبر۔
وَلِلَّهِ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنَىٰ فَادْعُوهُ بِهَا
اور اللہ تعالیٰ کے سب ہی نام اچھے ہیں سو اُس کو اُنہی سے پکارو۔

وَذَرُوا الَّذِينَ يُلْحِدُونَ فِي أَسْمَائِهِ ۚ
اور اُنھیں چھوڑ دو جو اُس کے ناموں میں کجروی کرتے ہیں۔
سَيُجْزَوْنَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿١٨٠﴾
وہ ابھی اپنے کئے کا بدلہ پائیں گے۔
وَمِمَّنْ خَلَقْنَا أُمَّةٌ يَهْدُونَ
اور ہماری مخلوقات میں سے ایک ایسا بھی گروہ ہے کہ جو حق کی رہنمائی
بِالْحَقِّ وَبِهِ يَعْدِلُونَ ﴿١٨١﴾ ع
کرتا اور حق سے انصاف کرتا ہے۔

ع ۲۲

ترکیب

کثیرًا الخ مفعول ہے ذرأنا کا لجہنم اس سے متعلق من الجنّ والانس کثیرًا کا بیان لہم قلوب جملہ نعت ہے کثیرًا کی اولئک مبتدا کالانعام خبر وکذا مابعدہ الاسماء موصوف الحسنیٰ صفت مجموعہ مبتدا موخر للہ خبر مقدم الذین الخ جملہ مفعول ذروا کا وممّن الخ نکرہ موصوفہ یا بمعنے الذی جار متعلق ہے خلقنا سے جملہ خبر ہے امۃ موصوف یہدون الخ صفت مجموعہ مبتدا۔

تفسیر

پہلے فرمایا تھا من یہد اللہ فہو المہتدی ومن یضلل فاولئک ہم الخسرون۔ کہ جس کو خدا تعالیٰ گمراہ کرتا ہے وہی زیان کار ہوتا ہے یہاں یہ بات ظاہر کرتا ہے کہ خدا تعالیٰ کے گمراہ کرنے کے کیا معنے ہیں؟ یہ نہیں کہ وہ بُری باتوں کا حکم دیتا ہے شرک و کفر کی تعلیم کرتا ہے بلکہ یہ معنے کہ وہ ازل میں ہی ایسے بُرے پیدا ہوئے ہیں پھر دنیا میں جو وہ ظاہر ہوتے ہیں تو خدا تعالیٰ کی دی ہوئی قدرت و اختیار کو اچھے کام میں صرف نہیں کرتے۔ اس لئے اُن کی نسبت فرماتا ہے

ف اسمائے الٰہی میں کجروی۔

Marfat.com

ولقد ذرأنا لجہنم کثیرا من الجن والانس اور یہ کیوں جہنم کے لئے پیدا ہوئے ہیں اس لئے کہ اپنی ازلی گمراہی کے مقتضی سے اپنے اختیارات و قدرت خداداد کو کام میں نہیں لاتے کس لئے کہ آلاتِ مکاسب کو انھوں نے معطّل کر دیا۔ منجملہ اُن کے علوم وادراک کا چشمہ دل ہے سو لہم قلوب لایفقھون بہا وہ اپنے دلوں سے کچھ سمجھتے نہیں باوجودے کہ جانتے ہیں کہ یہ ہاتھ کے تراشے ہوئے بُت یا وہ اشخاص جن کے نام کے یہ بُت ہیں قضا و قدر میں کچھ اختیار نہیں رکھتے مگر پھر اُن کو پوجتے اور حاجت روا سمجھتے ہیں۔ عالم کے تغیّرات اور اس میں گوناگوں تصرّفات دیکھتے ہیں جس سے ہر اہلِ قلب یہ سمجھ سکتا ہے کہ کوئی قادر مختار پس پردہ اُن کو ہلا جُلا رہا ہے مگر وہ نہیں سمجھتے دنیا کی ہر چیز آنی جانی اور ہر عیش کو فانی دیکھتے ہیں۔ کیا خوب کہا ہے کسی نے ؎ دنیا کی عجب سرائے فانی دیکھی + ہر چیز یہاں کی آنی جانی دیکھی ؎ آکے جو جائے وہ بُڑھاپا دیکھا + جا کر جو نہ آئے وہ جوانی دیکھی ؎ عزیزانِ لختِ جگر کو اپنے ہاتھ سے سپردِ خاک کرتے ہیں۔ دنیا کے کامگاروں پر در و دیوار کو حسرت کی آنکھوں سے روتے دیکھتے ہیں عمدہ قلعہ اور شاہی مکانات کے خرابات دیکھتے ہیں پھر یہ نہیں سمجھتے کہ آخر ایک روز ہمیں بھی جانا ہے اور ہم پر بھی یہی دن پیش آنا ہے۔ اسی طرح آنکھیں ہیں کچھ نہیں دیکھتیں، کان ہیں حق نہیں سُنتے سو ایسے لوگ چارپائے بلکہ اُن سے بھی بدتر ہیں کیونکہ چارپایوں کو جس قدر قدرت عطا ہوئی اس کو اپنے محل پر کام میں لاتے ہیں۔ حضرت علیؓ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ ہر شخص کا ٹھکانا مقرر ہو چکا کسی کا دوزخ کسی کا جنت لوگوں نے عرض کیا کہ پھر لکھے پر تکیہ کر کے کچھ نہ کیا کریں۔ فرمایا کئے جاؤ جو شخص جس چیز کے لئے پیدا ہوا ہے اُس سے ویسے ہی عمل آسانی سے سرزد ہوتے ہیں اچھوں سے اچھے بُروں سے بُرے (متفق علیہ)۔ ان غافلوں کا ذکر کر کے مؤمنوں کو ذکرِ الٰہی کی ترغیب دیتا ہے اور اپنے اسماء سے یاد کرنے کا حکم کرتا ہے اور اپنے ناموں میں کجروی کرنے سے منع فرماتا ہے۔ ف تین قسم کی کجروی ہوتی ہے۔ ایک یہ کہ اللہ تعالےٰ کے پاک ناموں کا اوروں پر اطلاق کیا جاوے۔ دوم بُری صفات کے نام اُس کے لئے مقرر کئے جاویں۔ جیسا کہ نصاریٰ اُس کو اَب کہتے ہیں۔ سوم جو نام اُس کے شرع سے ثابت نہیں اور نامعلوم المعنیٰ ہوں اُن کا اطلاق کیا جائے۔

وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا سَنَسْتَدْرِجُهُمْ
اور جنھوں نے ہماری آیتیں جھٹلائیں ہم اُن کو ٹھہر ٹھہر کر لائیں
مِّنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۲﴾ وَاُمْلِيْ
پکڑیں گے کہ اُن کو خبر بھی نہ ہوگی۔ اور ہم اُن کو
لَهُمْ ۭ اِنَّ كَيْدِيْ مَتِيْنٌ ﴿۱۸۳﴾ اَوَ
ڈھیل دیتے جاتے ہیں، کیونکہ ہماری تدبیر مستحکم ہے۔ کیا
لَمْ يَتَفَكَّرُوْا ۣ مَا بِصَاحِبِهِمْ مِّنْ
وہ غور نہیں کرتے کہ اُن کا صاحب (پیغمبرؐ) دیوانہ
جِنَّةٍ ۭ اِنْ هُوَ اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۸۴﴾
نہیں۔ وہ تو محض کھلا کھلا ڈر سنانے والا ہے۔
اَوَلَمْ يَنْظُرُوْا فِيْ مَلَكُوْتِ السَّمٰوٰتِ
کیا انھوں نے آسمانوں اور زمین کے انتظام
وَالْاَرْضِ وَمَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ شَيْءٍ ۙ
اور خدا تعالےٰ کی پیدا کی ہوئی کسی چیز کی طرف نظر نہیں کی
وَّاَنْ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ قَدِ اقْتَرَبَ
اور اس کی طرف بھی کہ شاید اُن کی اجل قریب آ لگی
اَجَلُهُمْ ۚ فَبِاَيِّ حَدِيْثٍۢ بَعْدَهٗ
ہے۔ پھر اس کے بعد وہ کونسی بات پر ایمان
يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۸۵﴾ مَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَا
لاویں گے؟ جس کو خدا تعالےٰ گمراہ کرے پھر اس کو کوئی
هَادِيَ لَهٗ ۭ وَيَذَرُهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ
بھی ہدایت دینے والا نہیں۔ اور وہ اُن کو اُن کی گمراہی میں سرگرداں ہی

Marfat.com

يَعْمَهُونَ (۱۸۶)

چھوڑے رکھتا ہے۔

ترکیب

والذین الخ مبتدا سنستدرجہم خبر۔ من حیث اُس سے متعلق الی مبتدا محذوف کی خبر لہٗ انا الی اور ممکن ہے کہ تستدرج پر معطوف ہو کیدی اسم انّ۔ متین خبر مابصاحبہم ما نافیہ اور کلام میں حذف ہے تقدیر یہ اولم یتفکروا فی قلوبہم بہ جنۃ اور ممکن ہے کہ ما استفہام کے لئے ہو اور ممکن ہے کہ بمعنے الذی ہو۔ و ان مخففہ ہے کہ ان مخففہ ہو مثقلہ سے اور مصدریہ بھی ہوسکتا ہے اور دونوں صورتوں میں محل جر میں ہے عطفا علےٰ ملکوت۔ ان یکون عسیٰ کا فاعل اور یکون کا فاعل مضمر اور قد اقترب الخ خبر۔

تفسیر

پہلی آیتوں میں یہ کہہ کر کہ ہم نے جہنم کے لئے بہت سے جن و انسان پیدا کئے ہیں اخیر میں یہ بھی فرمایا تھا وممن خلقنا امۃ یہدون بالحق و بہ یعدلون کہ ہماری مخلوق میں سے نیک اور حق پسند بھی ہیں یعنی جنت کے لئے مخلوق ہوئے ہیں۔ اب یہاں یہ بات ظاہر کرتا ہے کہ وہ ازلی جہنمی جو ہماری آیتیں جھٹلایا کرتے ہیں یہ کچھ ضروری نہیں کہ ہم دنیا میں فوراً ان سے مواخذہ کریں تاکہ جہنمی اور جنتی کی یہ پہچان ہو کہ جو دنیا میں سختی ہے وہ جہنمی اور عتاب الٰہی میں گرفتار ہے اور جو ہر حال ہے وہ اُس کے نزدیک محبوب ہے سنستدرجہم من حیث لایعلمون اُن کو دنیا میں باوجود گناہ اور کفر کے نعمت و عیش ہر قسم کی کامیابی میں رکھ کر دفعۃً پکڑ لیں گے یعنی ایسی حالت ناز و نعیم میں ہوگا کہ موت آجائے گی یا تو یہاں عیش و عزت میں تھا یا دفعۃً وہاں عذاب و ذلت میں چاپڑا یا دنیا وی ناگہانی بلا میں گرفتار کیا جاوے کہ جس کی اُس کو خبر بھی نہ ہو۔

یہاں تک اُن لوگوں کے قصور فہم کا بیان تھا جو اپنی ازلی گمراہی کی وجہ سے اُس کے دلائل میں غور و فکر نہیں کرتے۔ اب یہاں سے اُن کے بیہودہ شبہات کا جواب ہے جو وہ معلم روحانی سرور کائنات علیہ الصلوٰۃ والسلام پر کرتے تھے۔ منجملہ اُن کے یہ تھا کہ وہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو دیوانہ کہتے تھے۔ اوّل تو اس وجہ سے کہ آپ کے افعال اُن کے افعال کے برخلاف تھے دُنیا و مافیہا کو چھوڑ کر طالب مولا ہونا اور لذائذ دنیا پر لات مارنا اور قوم کی تکالیف پر تحمل کر کے شب و روز اُن کی رہنمائی کی فکر میں رہنا۔ البتہ دُنیا داروں کی نظروں میں جنوں ہے۔ دوم تمام مُرادیں اور کُل دلی خواہشوں کی کامیابی دارِ آخرت پر محمول کرنا اور بھی دیوانگی معلوم ہوتی تھی اس لئے فرماتا ہے اولم یتفکروا ما بصاحبہم من جنۃ۔ الخ حالانکہ آپ کا عاقل ہونا بھی مسلّم تھا۔ وہ بات کہ جس سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو دیوانہ کہتے تھے سب سے بڑھ کر تعلیم توحید تھی اس لئے فرماتا ہے اولم ینظروا الخ کہ توحید کے امر میں تم آسمانوں اور زمین کی بادشاہت کو دیکھو بلکہ ہر چیز میں غور کرو غور کے بعد یہی معلوم ہوتا ہے کہ یہ تمام کائنات اُسی کے قبضۂ قدرت میں ہے۔ ایک ذرّہ کے حالات میں بھی غور کیجئے گا تو وہ سیکڑوں زبان سے اُس کی یکتائی کی گواہی دے گا۔ جب توحید و نبوت برحق ہیں تو اپنی بے ثباتی کی طرف بھی دیکھو کہ دفعتاً اجل نہ آجائے پھر سعادت حاصل کرنے کا کونسا زمانہ آئے گا۔ اصل یہ ہے کہ جس کو

عہ الاستدراج الاستغفال من الدرجۃ بمعنے الاستنزال درجۃ بعد درجۃ الاطلاء الاہمال واطالۃ المدّۃ ونقیضہ الاعجال والملی زمان طویل من الدہر ومنہ قولہ واہجرنی ملیاً ای طویلا ویقال ملوۃ وملاوۃ من الدہر ای زمان طویل فمعنے واملی لہم ای اہملہم واطیل لہم مدّۃ عمرہم لیتمادوا فی المعاصی وللاعاجلہم بالعقوبۃ ابو محمد عبدالحق رح من اکابر الرازی۔

Marfat.com

وہ گمراہ کرے کون ہدایت دے سکے۔

يَسْـَٔلُونَكَ عَنِ السَّاعَةِ أَيَّانَ مُرْسٰهَا

(اے رسول ﷺ) وہ آپؐ سے پوچھتے ہیں کہ قیامت کا کب وقت مقرر ہے۔

قُلْ إِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّي ۖ لَا يُجَلِّيهَا

تو کہدیجئے اُس کی خبر تو میرے رب ہی کے پاس ہے اس کے وقت کو تو

لِوَقْتِهَا إِلَّا هُوَ ۚ ثَقُلَتْ فِي السَّمٰوٰتِ

اُس کے سوا اور کوئی بھی ظاہر نہیں کرسکتا۔ وہ بھاری (حادثہ) ہے آسمانوں

وَالْأَرْضِ ۚ لَا تَأْتِيكُمْ إِلَّا بَغْتَةً ۗ

اور زمین میں۔ وہ تو تم پر اچانک ہی آجاوے گی۔

يَسْـَٔلُونَكَ كَأَنَّكَ حَفِيٌّ عَنْهَا ۗ قُلْ

آپؐ سے پوچھتے ہیں گویا کہ آپؐ اس کی تلاش میں ہیں۔ کہدیجئے کہ

إِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ وَلٰكِنَّ أَكْثَرَ

اُس کی خبر تو خاص اللہ تعالےٰ ہی کو ہے لیکن اکثر آدمی

النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ﴿١٨٧﴾

جانتے بھی نہیں۔

ترکیب

مرساہا مبتدا ایان خبر (اور یہ مبنی ہے اس لئے کہ یہ معنے استفہام اس میں پائے جاتے ہیں بمعنے متیٰ) اور موضع جر میں ہے بدل ہوکر الساعۃ سے تقدیرہٗ یسئلونک عن زمان حلول الساعۃ علمہا مصدر مضاف ہے مفعول کی طرف مبتدا عند ربی خبر۔

تفسیر

جب کہ کلام توحید و نبوت و قضاء و قدر میں آیا تو اس کے بعد معاد کا ذکر بھی مناسب ہوا کیونکہ مقصود بالذات قرآن میں یہی چار مطالب ہیں یا یوں کہو کہ پہلے آیات میں اجل کا قریب ہونا بیان کیا تھا جو بڑے کھٹکے کی بات تھی اس لئے تمام عالم کی اجل کا جس کو قیامت کہتے ہیں بیان کرنا بھی مناسب مقام معلوم ہوا تاکہ بندوں کے دلوں پر کھٹکا لگا رہے ہر وقت توبہ کرتے رہیں تو شۂ آخرت تیار رکھیں۔

یسئلونک، ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ یہود کے ایک گروہ نے آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام سے سوال کیا تھا کہ اے محمدؐ (صلے اللہ علیہ وسلم) ہم کو خبر دے کب قیامت آئے گی؟ تب یہ آیت نازل ہوئی۔ حسنؒ اور قتادہؒ کہتے ہیں کہ قریش نے آپؐ سے پوچھا تھا۔

مرساہا مصدر ہے بمعنے ارساء جیسا کہ ایک جگہ آیا ہے بسم اللہ مجریہا و مرسٰہا۔ ارساء بمعنے اثبات، کہتے ہیں رسی رسو اذا ثبت۔ مگر بھاری چیز کے ٹھہرنے کو ارساء کہتے ہیں جیسا کہ آیا ہے والجبال ارساہا چونکہ قیامت بھی سخت چیز ہے اس لئے اُس کے لئے بھی مُرساہا آیا۔ الساعۃ اسماء غالبہ میں سے ہے جیسا کہ النجم ثریا کو کہتے ہیں۔ قیامت کو اس لئے الساعۃ کہتے ہیں کہ دفعۃً آئے گی، یا حساب لوگوں کا ایک ساعت میں ہوجائے گا۔ قل انما علمہا عند ربی اسی طرح اور بہت سی آیات میں اُس کا وقت مخفی رکھا گیا ہے کقولہٖ تعالےٰ ان الساعۃ آتیۃ اکاد اُخفیہا۔ حدیث متفق علیہ میں بھی آیا ہے کہ جبرئیلؑ نے آپؐ سے وقتِ قیامت پوچھا، آپؐ نے فرمایا میں تم سے زیادہ واقف نہیں ہوں۔ لا یجلیہا لوقتہا الا ہو یہ جملہ سابق جملہ کی تاکید ہے التجلیۃ اظہار الشیٔ والتجلی ظہورہٗ اس کے اخفاء میں یہ مصلحت ہے کہ بندہ ہر وقت مستعد رہے۔ ثقلت الخ یہ وصف ہے الساعۃ کا جیسا کہ دوسری جگہ آیا ہے ان زلزلۃ الساعۃ شیٔ عظیم۔ اُس کے بھاری ہونے کی یہی وجہ ہے کہ آسمان پھٹ جائیں گے ستارے ٹوٹ پڑیں گے سب فنا ہوجائیں گے پھر ایسا دن ثقیل نہ ہو تو کیا ہو۔

سدیؒ کہتے ہیں کہ ثقلت بمعنے خفیت ای لم یعلم احد من الملائکۃ المقربین والانبیاء المرسلین متی یکون حدوثہا۔ لا تاتیکم الا بغتۃ۔ یہ پہلے جملہ کی تاکید اور الساعۃ کا وصف ہے۔ یسئلونک کانک حفی عنہا الحفی لطیف محسن کو کہتے ہیں۔

Marfat.com

ابن الاعرابیؒ کہتے ہیں حفی بی حفاوۃ وتحفی بی تحفیا، والحفی الکلام واللقاء الحسن ومنہ قولہ تعالےٰ انہ کان بی حفیا اے بارا لطیفا۔ یعنی تجھ سے وہ پوچھتے ہیں گویا کہ تو اُن پر بڑا مہربان ہے کہ مخفی نہ رکھے گا۔ یا حفی فعیل من الاحفاء و ہو الالحاف فی السوال ومنہ احفاء الشارب۔ یعنی آپؐ سے پوچھتے ہیں گویا کہ آپؐ اُس کی تلاش میں ہیں۔ قیامت کے قائل تمام اہل کتاب اور اہل اسلام ہیں۔ حکماء اور بُت پرست قومیں نہیں ؂

قُلْ لَّآ اَمْلِكُ لِنَفْسِيْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا

(اور یہ بھی) کہدیجئے میں اپنے لئے بھی نفع ونقصان کا مالک نہیں

اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ وَلَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ

مگر اس قدر کہ جتنا اللہ تو نے چاہا۔ اور اگر میں غیب دان ہوتا تو

الْغَيْبَ لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ ۚ

بہت کچھ فائدہ حاصل کر لیتا۔

وَمَا مَسَّنِيَ السُّوْٓءُ ؕ اِنْ اَنَا اِلَّا

اور مجھ کو کوئی نقصان نہ پہنچتا۔ میں تو ایمان لانے والی ۱۸۸

نَذِيْرٌ وَّبَشِيْرٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ع

قوموں کے لئے نذیر اور بشیر ہوں۔

هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ

وہی تو ہے کہ جس نے تم کو ایک شخص سے پیدا

وَّاحِدَةٍ وَّجَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا لِيَسْكُنَ

کیا اور اُسی سے اُس کی بیوی پیدا کی تاکہ اُس کے پاس آکر

اِلَيْهَا ۚ فَلَمَّا تَغَشّٰىهَا حَمَلَتْ حَمْلًا

آرام پائے۔ پھر جب کہ وہ اس سے لپٹ جاتا ہے تو ہلکا سا حمل لئے

خَفِيْفًا فَمَرَّتْ بِهٖ ۚ فَلَمَّآ اَثْقَلَتْ

پھرتی ہے۔ پھر جب کہ بوجھل ہو جاتی ہے تو (خاوند

دَّعَوَا اللّٰهَ رَبَّهُمَا لَئِنْ اٰتَيْتَنَا صَالِحًا

اور بیوی) اپنے رب اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے ہیں کہ اگر تو نے ہم کو اچھا (بچہ) دیا

لَّنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۱۸۹﴾ فَلَمَّآ

تو تیری شکر گزاری کیا کریں گے۔ پھر جب کہ وہ اُن کو

اٰتٰىهُمَا صَالِحًا جَعَلَا لَهٗ شُرَكَآءَ فِيْمَآ

(پورا پاٹھا بچہ) دیتا ہے تو خدا تعالیٰ کے دیئے ہوئے میں اللہ تعالیٰ کے اور

اٰتٰىهُمَا ۚ فَتَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۱۹۰﴾

حصہ دار بنا لیتے ہیں۔ سو اللہ تعالیٰ اُن کے حصہ دار بنانے سے برتر ہے۔

اَيُشْرِكُوْنَ مَا لَا يَخْلُقُ شَيْـًٔا وَّهُمْ

کیا وہ اُن کو حصہ دار بناتے ہیں جو کچھ بھی پیدا نہیں کر سکتے بلکہ خود پیدا

يُخْلَقُوْنَ ﴿۱۹۱﴾ وَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ لَهُمْ

کئے گئے ہیں۔ اور نہ اُن کی کچھ مدد کر سکتے ہیں

نَصْرًا وَّلَآ اَنْفُسَهُمْ يَنْصُرُوْنَ ﴿۱۹۲﴾

اور نہ خود اپنی کچھ مدد کر سکتے ہیں۔

وَاِنْ تَدْعُوْهُمْ اِلَى الْهُدٰى لَا

اور اگر تم اُن کو راہ راست کی طرف بُلاؤ تو وہ تمہارے پیچھے نہ

يَتَّبِعُوْكُمْ ؕ سَوَآءٌ عَلَيْكُمْ اَدَعَوْتُمُوْهُمْ

آویں۔ تو تم کو یکساں ہے کہ اُن کو بُلاؤ

اَمْ اَنْتُمْ صَامِتُوْنَ ﴿۱۹۳﴾

یا چپ رہو۔

ترکیب

اِلَّا مَا شَاءَ اللّٰهُ استثناء ہے جنس سے ولو کنت شرط لاستکثرت جواب وما نافیہ مسّنی آخر معطوف ہے لاستکثرت پر تتمۂ جواب ہے جعل بمعنے خلق زوجہا اس کا مفعول تغشّاہا شرط حملت آخر جواب فمرّت بہ تشدید راء سے پڑھا جاوے گا تو مرور سے مشتق ہوگا اور بالتخفیف الالف مارت من المرور ہوالذہاب والمجیٔ۔ فلمّا آتاہما آخر شرط جعلا لہ جواب شرکاء جمع شریک مفعول جعلا۔ فیما آتاہما جار متعلق فعل سے۔

Marfat.com

تفسیر

دوسرا شبہ منکرین کا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت پر یہ تھا کہ اگر آپ نبی برحق ہیں تو ہمارے کہنے کے موافق کیوں ہمارے دنیاوی مضرات دُور نہیں کر دیتے۔ قحط کھودو۔ ہم محتاج ہیں غنی کر دو۔ ہمارے فلاں عزیز و اقارب قریب مرگ ہیں یا مر گئے ہیں اُن کو تندرست یا زندہ کر دو۔ اور ہم کو کیوں غیب کی باتیں نہیں بتلا دیتے؛ ہم کو اس مال میں نفع ہوگا یا نقصان۔ مینہہ کب برسے گا؛ فلاں مفقود الخبر کہاں ہے؛ کب آئے گا؛ کوئی اُونٹ کھوئے گئے کو پوچھتا تھا کہ کہاں ہے؛ اور اسی قسم کے طعن کرتے تھے چنانچہ جب آپ غزوۂ بنی المصطلق سے واپس لوٹے تو رستہ میں ایسی آندھی آئی کہ جس سے لوگوں کے جانور بھاگ گئے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے رفاعہ کا مدینہ میں مرنا بھی بیان فرمایا کہ لو آج وہ مر گیا۔ اتنے میں اپنی ناقہ کو تلاش کرنے کا حکم دیا۔ یہ سُن کر عبداللہ ابن اُبی منافق نے ہنس کر کہا خوب مدینہ جو اس قدر دُور ہے وہاں کے آج کے واقعہ کی تو خبر دیتے ہیں مگر چار قدم پر اپنی ناقہ کا حال معلوم نہیں کہ کہاں ہے؛ اس کے بعد آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے خود فرمایا کہ فلاں جگہ فلاں درخت میں اُس کی مہار اٹکی ہوئی ہے، جاؤ لے آؤ۔ چنانچہ لوگ گئے تو وہیں پایا۔ اُن کے جواب میں یہ آیت نازل ہوئی قل لا املک الخ کہ نہ مجھے عالم قضاء و قدر میں اختیار ہے نہ میں غیب داں ہوں۔ میں تو صرف نذیر خدا تعالیٰ کے عذاب اور بُری باتوں کے بُرے نتائج سے ڈر سُنانے والا اور بشیر یعنی عالم آخرت کے ثواب اور نیکی اور فرمانبرداری کے عمدہ نتائج سے خوشخبری سُنانے والا ہوں۔

الا ماشاء اللہ میں بطور اعجاز و خرق عادات کے جس قدر نفع و ضرر کے اختیارات خدا تعالیٰ نے آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام کو عطا کئے تھے اُن کا استثناء ہے۔ اسی طرح وہ غیب کی باتیں بھی مستثنیٰ ہیں جو اعجاز و رسالت سے علاقہ رکھتے ہیں جیسا کہ سورہ جن میں فرماتا ہے فلا یظہر علی غیبہ احدا الا من ارتضی الخ۔ یہ کہنا کہ اس آیت سے آنحضرت علیہ السلام میں اور عام لوگوں میں بجز نذیر و بشیر ہونے کے کوئی تفاوت ثابت نہیں اگر بالفرض ہے تو آپ کے لئے یہی نذیر و بشیر ہونا ہے نہ آپ خرق عادات پر قادر تھے نہ پیش گوئیوں پر اور اسی لئے نہ قرآن میں آپ کے خرق عادات ہیں نہ پیشین گوئیاں" محض کم فہمی ہے کیونکہ آیت میں جو نفی قدرت و غیب دانی ہے تو وہی ہے کہ جس کو مخالفین نبی کے لئے ضروری سمجھتے تھے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے معجزات و پیشین گوئیاں بہت سی صادر ہوئی ہیں جن کے ذکر کی یہاں گنجائش نہیں۔ خلاصہ یہ کہ قدرت کاملہ اور علم محیط خاص اللہ تعالیٰ کے لئے ہے۔ میں بندہ ہوں خدائی میں شریک نہیں۔ رہی نبوت سو اصل مقصود بالذات تو اُس سے بندوں کو اُن کی بھلائی برائی پر واقف کر دینا ہے الہام اور وحی کے ذریعہ سے اور یہ گو کافر و مومن کے لئے ہے مگر منتفع چونکہ مومن ہیں اس لئے انھیں کا ذکر کیا گیا۔ ہو الذی خلقکم من نفس واحدۃ یہاں سے ھامتون تک پھر اثبات توحید میں کلام ہوتا ہے کس لئے کہ نبوت ثابت کی اور وہ اوصاف الوہیت جن کو لوگ غلطی سے نبی میں خیال کرتے تھے نبی سے سلب کئے گئے تو اُن اوصاف کا صحیح محل بیان کرنا کہ جس سے توحید اور مشرکوں کی بیوقوفی ثابت ہو جاوے عین مقصود قرآن ہے۔ یعنی یہ قدرت و کمال مجھ میں نہیں میں تو بندہ ہوں بلکہ یہ قدرت کاملہ اور علم بسیط اُس ذات پاک کے لئے ہے کہ جس نے تم سب کو (اُس میں میں بھی آگیا) ایک جان سے پیدا کر دیا۔ . . . . . یعنی حضرت آدمؑ سے۔ اور پھر اُس کی بیوی حواؑ کو بھی اُس سے نکالا۔ مشہور ہے کہ حضرت حواؑ کو حضرت آدمؑ کی بائیں پسلی سے پیدا کیا۔ بعض احادیث اور توریت سے بھی ثابت ہے مگر بعض محققین جیسا کہ امام رازیؒ اور علامہ ابو السعودؒ و دیگر مفسرین یہ کہتے ہیں کہ وجعل منہا

Marfat.com

میں مِنْ جزئیت کے لئے نہیں بلکہ جنسیت کے لئے یعنی یہ بات نہیں کہ حوّاؑ کو دراصل حضرت آدمؑ کی بائیں پسلی سے بنایا کہ ایک پسلی کی حوّاؑ بن گئی ہوں بلکہ یہ مراد ہے جنس آدمؑ سے حوّاؑ کو پیدا کیا کس لئے کہ اُنس جنسیت سے ہوتا ہے نہ کہ جزئیت سے اور نیز جو ایک ہڈی سے بنا سکتا ہے وہ ابتداءً کیا نہیں بنا سکتا؟

رہی روایت سو اس میں ایک کنایہ ہے یعنی عورت مرد کے پہلو میں رہتی ہے اس کو پسلی سے پیدا ہونے کے ساتھ تعبیر کیا۔ اور بائیں پسلی سے اشارہ ہے اس کے زیر دست ہونے کی طرف کیونکہ دایاں بائیں سے زبردست ہوتا ہے، والعلم عند اللہ۔

اس توجیہ کے بموجب تو بعض ملحدوں کے اس اعتراض کو گنجائش ہی نہ رہی کہ "حوّاؑ حضرت آدمؑ کا جب جزوِ بدن تھی تو بیٹی تھی پھر کس حکمت سے خدا تعالےٰ نے حضرت آدمؑ کو بیٹی کا خواستگار کیا۔ کیا اور عورت نہ دے سکتا تھا؟"

لیسکن الیہا یہ عورت کے پیدا کرنے کی غایت بیان فرماتا ہے کہ مرد کو عورت سے سکون حاصل ہوتا ہے یعنی دن کو ادھر اُدھر پھرتا ہے رات کو گردان کبوتر کی طرح پھر اپنے آشیانہ میں آرہتا ہے۔ اور سکون کے معنے راحتِ قلب کے بھی ہیں سو عورت سے بھی مرد کو راحتِ قلبی حاصل ہوتی ہے یہ اُس کے تمام غموم و ہموم کے لئے مُونس اور ہم پہلو رفیق ہے۔ آدمی کو کیا جانوروں کو بھی اپنے جوڑے سے دلی اُنس ہے فلمّا تغشّاہا الغشیان اتیان الرجل المرءۃ وقد غشاہا اذا علاہا۔ اس کے معنے عورت کو ڈھانک لینا یعنی صحبت کرنا کیونکہ جب مرد اُس پر پڑتا ہے تو اس کو ڈھانک لیتا ہے اور اسی رمز کے لئے ایک جگہ قرآن لباسٌ لکم وانتم لباسٌ لہنّ آیا ہے مگر اس شرمناک حالت کو کس لطف کے ساتھ کن عمدہ لفظوں میں بیان کیا ہے۔ بنی آدم کا فطرتی توالد و تناسل بیان ہوتا ہے تاکہ انسان کو اپنی ابتدائے حالت سے خبر ہو اور یہ بھی کہ اُس کو کس نے بنایا ہے آیا خدا تعالےٰ نے یا اُس کے نکمّے اور نکھٹو معبودوں نے؟

یعنی جب میاں بیوی جمع ہوتے ہیں تو حملت حملاً خفیفاً ثمرت بہ وہ حامل ہوتی ہے اور حمل خفیف ہوتا ہے جس سے وہ بخوبی چلتی پھرتی کاروبار کرتی ہے۔ والحَمل بالفتح وہ چیز جو عورت کے پیٹ میں یا درخت کے اوپر ہوتی ہے پھل پھول اور والحِمل بالکسر بوجھ جو پیٹھ پر لادا جاتا ہے فلمّا اثقلت دعوا اللہ ربہما الخ اور جب عورت بھاری ہو جاتی ہے تو خوف ہوتا ہے کہ دیکھئے کیا ہوتا ہے اس سے زندہ سلامت بھی رہتی ہے کہ نہیں اس لئے میاں بیوی دونوں خدا تعالےٰ سے دُعا کرتے ہیں کیوں نہ ہو شدّت کے وقت خدا تعالےٰ ہی یاد آتا ہے) کہ اگر تو نے ہم کو اچھا اور جیتا جاگتا بچہ دیا تو ہم تیری شکرگزاری کیا کریں گے۔ پھر جب خدا تعالےٰ اُن کو بامُراد بچہ دیتا ہے تو خوشی میں آکر خدا تعالےٰ کے ساتھ اُس کام میں اوروں کو بھی ملا لیتے ہیں، کوئی طبائع کی طرف منسوب کرتا ہے جیسا کہ دہریہ کوئی کسی ستارہ کے طلوع و غروب کی طرف، کوئی اپنے بُتوں اور دیوتاؤں کی طرف منسوب کرتا ہے، کوئی کہتا ہے فلاں کی نذر و نیاز مانی تھی تو خدا تعالیٰ نے یہ مراد دی۔

عام مفسّرین اس جگہ یہ کہتے ہیں کہ ان آیات میں حضرت آدمؑ و حوّاؑ کی طرف رُوئے سخن ہے اور ایک قصّہ بھی روایت کرتے ہیں کہ جب حضرت حوّاؑ حاملہ ہوئیں تو ابلیس نے آکر ڈرایا کہ تیرے پیٹ میں ایسی اور ایسی چیز ہے کیونکر باہر آئے گی اچھا اگر میرے دُعا کرنے سے بیٹا پیدا ہو اور سہولیت سے ہو تو اُس کا نام عبدالحارث رکھنا اور حارث شیطان کا ملائکہ میں نام تھا یعنی شیطان کا بندہ۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا اس بات پر خدا تعالےٰ فرماتا ہے کہ اُنھوں نے خدا تعالےٰ کا شریک بنایا۔ بعض نے یہ بھی روایت کی ہے کہ آدمؑ اپنی اولاد کے نام عبداللہ و عبدالرحمٰن خدا تعالےٰ کی عبدیت کے ساتھ رکھتے تھے اس میں اُن کے کئی بیٹے مر گئے۔ شیطان نے آکر کہا اگر تم عبدالحارث

لہ سمرہؓ سے حاکمؒ نے اس قصہ کو روایت کیا ہے اور نیز ترمذیؒ نے بھی مگر ان دونوں روایتوں میں کلام ہے جن کی تفصیل کی یہاں گنجائش نہیں اور کلام بڑے بڑے نقادِ حدیث نے کیا ہے ۱۲ منہ

Marfat.com

نام کھوتو جیئے گا، چنانچہ ویسا ہی کیا۔

متقدمین میں حسنؒ اور عکرمہؒ اور ابن کیسانؒ آیت کے وہی معنے بیان کرتے ہیں جو ہم نے بیان کئے کہ اس میں عام بنی آدم کی طرف اشارہ ہے جو شرک کرتے ہیں اور جنس زوج اور زوجہ کی طرف جعلا اور دعوا کی ضمیریں پھرتی ہیں جو قرینۂ مقام سے سمجھی جاتی ہیں حضرت آدمؑ وحوّاءؑ کا تو اس میں کہیں ذکر تک بھی نہیں اور اسی طرح متاخرین میں امام فخر رازیؒ وغیرہ محققین قاطبۃً اس قصہ کا ذکر کرتے ہیں بچند دلائل:

(۱) یہ کہ بعد میں تعالے اللہ عما یشرکون جمع کا صیغہ آیا جس سے معلوم ہوتا ہے کہ جماعت مراد ہے۔

(۲) یشرکون مالا یخلق کہا اگر شیطان نے ان کو بہکایا ہوتا تو ما کی جگہ لفظ من آتا جو ذوی العقول کے لئے آتا ہے۔

(۳) حضرت آدمؑ کو خدا تعالےٰ نے ہر چیز کے نام تعلیم کر دیئے تھے وعلّم آدم الاسماء کلّھا اور نیز ایک بار شیطان سے زک بھی پا چکے تھے پھر کیا ممکن تھا کہ اُس کا نام نہ معلوم ہوتا اور معلوم ہونے پر اُس لعین کو خدا تعالےٰ کا شریک کرتے۔ اور یہ قصہ بھی کسی سند صحیح سے ثابت نہیں نہ آدم علیہ السلام کے کسی بیٹے کا نام عبدالحارث کہیں دیکھنے میں آیا۔ ہاں عرب کے مشرکین عبد شمس، عبدالعزیٰ، عبد مناف، عبد قصی، عبداللات اپنی اولاد کے نام رکھتے تھے جس طرح کہ آج کل جمّال سالار بخش، مدار بخش نام رکھتے ہیں سو انھیں لوگوں کی طرف اشارہ ہے۔

إِنَّ الَّذِينَ تَدْعُونَ مِن دُونِ
جن کو تم خدا تعالیٰ کے سوا پکارتے ہو (وہ بھی تو) تم جیسے
اللَّهِ عِبَادٌ أَمْثَالُكُمْ فَادْعُوهُمْ
بندے ہیں سو ان کو پکار دیکھو اگر تم سچے ہو
فَلْيَسْتَجِيبُوا لَكُمْ إِن كُنتُمْ
تو چاہیئے کہ وہ تمھاری فریاد رسی

صَٰدِقِينَ ﴿١٩٤﴾ أَلَهُمْ أَرْجُلٌ يَمْشُونَ
کریں۔ کیا اُن کے پاؤں ہیں کہ جن سے چلتے
بِهَآ أَمْ لَهُمْ أَيْدٍ يَبْطِشُونَ بِهَآ
ہیں، کیا اُن کے ہاتھ ہیں کہ جن سے پکڑتے ہیں۔
أَمْ لَهُمْ أَعْيُنٌ يُبْصِرُونَ بِهَآ أَمْ
کیا اُن کی آنکھیں ہیں کہ جن سے دیکھتے ہیں، کیا
لَهُمْ ءَاذَانٌ يَسْمَعُونَ بِهَا ۗ قُلِ
اُن کے کان ہیں کہ جن سے وہ سنتے ہیں، (ان سے) کہہ دیجیے کہ
ٱدْعُوا شُرَكَآءَكُمْ ثُمَّ كِيدُونِ
اپنے سب معبودوں کو بُلا لو، پھر سب مل کر مجھ پر داؤ کرو
فَلَا تُنظِرُونِ ﴿١٩٥﴾ إِنَّ وَلِيِّيَ ٱللَّهُ
اور مجھے مہلت بھی نہ دو۔ میرا مددگار تو وہ اللہ تعالےٰ ہے کہ
ٱلَّذِى نَزَّلَ ٱلْكِتَٰبَ ۖ وَهُوَ
جس نے کتاب نازل کی، اور وہی
يَتَوَلَّى ٱلصَّٰلِحِينَ ﴿١٩٦﴾ وَٱلَّذِينَ
نیک بختوں کی مدد کیا کرتا ہے۔ اور جن کو تم اس کے
تَدْعُونَ مِن دُونِهِۦ لَا يَسْتَطِيعُونَ
سوا پکارتے ہو وہ نہ تو تمھاری مدد
نَصْرَكُمْ وَلَآ أَنفُسَهُمْ يَنصُرُونَ ﴿١٩٧﴾
کر سکتے ہیں اور نہ خود ہی اپنی مدد کر سکتے ہیں۔

ترکیب

عباد خبر ان امثالکم اس کی صفت فلیستجیبوا مجزوم ہے جواب امر فادعوا کی وجہ سے اور فادعوہم جملہ دال برجزاء ہے ان کنتم صادقین سے۔ الف استفہام کے لئے ارجل رِجل بالکسر کی جمع موصوف یمشون بہا اُس کی صفت مجموعہ مبتدا لھم خبر مقدم اسی طرح اس کے مابعد کے جملے ہیں اور یہ استفہام انکاری ہے کیدون اصل میں کیدونی تھا ی مفعول کو حذف کر کے کسرہ اُس کے

Marfat.com

قائم مقام چھوڑ دیا گیا ہے تاکہ حذفِ ی پر دلالت کرے۔

تفسیر

یہاں سے اُن کے معبودوں کی ایک اور حالت بیان فرماتا ہے کہ جس سے وہ قابلِ پرستش نہیں ہو سکتے وہ یہ کہ خدا تعالےٰ کے سوا جن چیزوں کو تم پُوجتے ہو مانا کہ ان پتھروں کے بُتوں کو نہیں پُوجتے بلکہ اُن کو کہ جن کی یہ فرضی مورتیں ہیں سو وہ بھی تمھاری طرح خدا تعالےٰ کے بندے ہیں حدوث و احتیاج میں تمھارے ہم پلّہ ہیں پھر ان میں کونسی بات الوہیّت کی ہے؟ اچھا اُن کو پُکارو دیکھیں وہ تمھیں جواب بھی دیتے ہیں کہ نہیں کہ اگر تم اپنے خیال میں سچّے ہو ورنہ محض غلط اوہام کی پرستش کرتے ہو اور اگر ان مورتوں اور تراشے ہوئے پتھروں کو پوجتے ہو تو یہ تو بالبداہۃ تم سے بھی زیادہ محتاج ہیں تمھارے ہاتھ پاؤں، آنکھ، کان بھی ہیں یہ تو ان سے بھی بے بہرہ ہیں۔ الہم ارجل یمشون بہا پھر جب اُن کے نہ پاؤں ہیں کہ جن سے چل سکیں اور چل کر تمھاری مدد کو پہنچیں نہ ہاتھ ہیں کہ جن سے تمھارے دشمن کو روک سکیں نہ تم کو کچھ دے سکیں، نہ آنکھیں ہیں کہ تمھارا حالِ زار دیکھ کر تم پر رحم کریں، نہ کان ہیں کہ تم جو اُن کے نام کی دُہائی دیتے ہو، جے پُکارتے ہو، الغیاث مچاتے ہو، اے فلاں میری مدد کیجیو، بوقتِ مصائب کہتے ہو اُٹھتے بیٹھتے یا اللہ کی جگہ یا فلاں پُکارتے ہو ان باتوں کو سُن سکیں۔

مشرکین کے خیالات میں یہ بات بھی جمی ہوئی تھی کہ اگر ہم اُن کو نہ پُوجیں اور اُن کی معمُولی نذر و نیاز ادا نہ کریں تو یہ ہم کو مضرّت پہنچاویں گے جیسا کہ ہندوستان میں شیخ سدّو، زین خان، کالی بھوانی سے بہت ڈرتے ہیں۔ اس خیال کے ردّ کرنے کو اپنے پیغمبرؐ کو فرماتا ہے کہ تم ان سے کہدو کہ سب سے زیادہ تو ان کا میں منکر اور مخالف ہوں۔ بھلا دیکھیں تو سہی کہ یہ میرا کچھ بھی نقصان کر سکتے ہیں تم ان سب کو پُکارو اور میرے نقصان کی ترغیب دو قل ادعوا شرکاءکم الخ پھر خود ہی فرماتا ہے کہ ان سے کہدو دیکھو میرا کارساز، مددگار وہ اللہ تعالےٰ ہے کہ جس نے کتاب نازل کی جس میں تمام عالم کی حیاتِ جاودانی و نفع دوجہانی ہے اور وہ کچھ میرا ہی کارساز و مددگار نہیں بلکہ سب نیک لوگوں کا مددگار ہے اُن پر بھی تمھارے معبودوں کا کچھ اثر نہیں چل سکتا انّ ولیّ اللہ الذی الخ بلکہ وہ لوگ کہ جن کو تم پُوجتے ہو نہ تمھیں کچھ مدد دے سکتے ہیں نہ اپنی آپ مدد کر سکتے ہیں۔ بقولِ نصاریٰ مسیحؑ کو یہود نے سولی دی کچھ نہ کر سکے اسی طرح اور بزرگ جن کو تم پُوجتے ہو موت اور مرض سے نجات نہ پا سکے۔

وَاِنْ تَدْعُوْهُمْ اِلَى الْهُدٰى لَا

اور اگر تم اُن (مشرکین) کو راہِ راست کی طرف بُلاؤ تو

يَسْمَعُوْا ؕ وَتَرٰىهُمْ يَنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ

سُنیں گے بھی نہیں، اور آپؐ اُن کو اپنی طرف تکتے ہوئے دیکھتے ہو

وَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ﴿۱۹۸﴾ خُذِ الْعَفْوَ

حالانکہ اُن کو کچھ بھی نہیں سُوجھتا۔ سو (اے نبیؐ!) آپؐ (ان سے) درگزر کرو

وَاْمُرْ بِالْعُرْفِ وَاَعْرِضْ عَنِ الْجٰهِلِيْنَ ﴿۱۹۹﴾

اور اچھی باتوں کا حکم دیتے رہو اور جاہلوں سے کنارہ کرو۔

وَاِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ

اور جو کبھی شیطان کی طرف سے آپؐ کے دل میں گدگدی پیدا ہو جائے (کہ بدلہ

نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ سَمِيْعٌ

لینا چاہیئے) تو اللہ تعالےٰ سے پناہ مانگ لیا کرو۔ کیونکہ وہ سُنتا (اور)

ف۱ حقیقت میں ہادیٔ برحقؐ کو مخالفوں نے چشمِ دل سے نہیں دیکھا تر ہم وہم لا یبصرون میں اب تعارض نہیں رہا یا یہ معنی کہ اے نبیؐ! کفّار تجھے تو دیکھتے ہیں حیرت و تعجّب سے کہ یہ شخص ہم کو ایک نئے رستہ کی طرف بُلاتا ہے مگر لا یبصرون اندھے ہیں اس رستہ کی خوبی اور اس کے برکات و انوار نہیں دیکھتے۔ اوّل معنے کی مناسب ایک نقل ہے کہ سلطان محمود غزنوی حضرت ابوالحسن خرقانی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ ابوالحسنؒ نے اثنائے تذکرہ میں فرمایا کہ جس نے بایزید بسطامیؒ کو دیکھا اس پر آتشِ دوزخ حرام ہے۔ محمود نے عرض کیا کیا شیخ قدس سرہٗ رسولِ کریمؐ سے

(باقی صفحہ ۴۴۸ پر)

Marfat.com

عَلِيْمٌ ﴿۲۰۰﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا اِذَا

جانتا ہے، پرہیزگاروں کو جب کبھی کوئی شیطانی خیال

مَسَّهُمْ طٰٓئِفٌ مِّنَ الشَّيْطٰنِ تَذَكَّرُوْا

چھو بھی جاتا ہے تو وہ فوراً متنبہ ہو جاتے ہیں پھر وہ

فَاِذَا هُمْ مُّبْصِرُوْنَ ﴿۲۰۱﴾

اسی وقت (راہ راست) دیکھنے لگتے ہیں۔

ترکیب

وان شرطیہ تدعو شرط لایسمعوا جواب ینظرون الیک مفعول ثانی وہم لایبصرون جملہ حال ہے فاعل ینظرون سے واما شرط فاستعذ باللہ جواب انہ الخ جملہ محل علت میں ہے فاستعذ سے الذین موصول اتقوا صلہ مجموعہ اسم ان۔ اذا مسہم شرط تذکروا جواب مجموعہ خبر ان النزغ الوسوسۃ وکذا الغرز والنخس والنسغ ؛

تفسیر

بت پرستی کرنے سے مشرکین کا حس باطن جاتا رہا ہے اور اسی لئے سچی بات ان کے دل تک نہیں پہنچتی یہاں اس کی تصویر کھینچی جاتی ہے کہ اگر تم ان کو ہدایت کی طرف بلاؤ تو وہ تمھاری بات ہی نہیں سنتے یعنی سماعت باطنی جاتی رہی باوجودیکہ اے نبیؐ تجھ کو وہ ظاہر میں دیکھتے ہیں حالانکہ نہیں دیکھتے، بصارت باطنی جاتی رہی (کاش جمال مصطفویؐ کو ذرا بھی دیکھ لیتے تو اس شمع عالم افروز کے نور سے بت پرستی کی تاریکی میں نہ پڑتے) للہ در من قال ؎ چشم باز و گوش باز واین ذکا + خیرہ ام بر چشم بندی خدا ؛ اس لئے جس نے آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام کو ایک بار دیکھ لیا اس پر آتش دوزخ حرام ہو گئی۔ مگر افسوس عرب کے منکرین کی کوری پر چراغ کے نیچے اندھیرا اس کو کہتے ہیں۔ جب ان کی یہ حالت زار ہے تو اے نبیؐ! خذ العفو وامر بالعرف واعرض عن الجاہلین معافی اور سہل گزاری اختیار کیجئے ملامت و تشدد نہ کیجئے۔ لیکن چونکہ آپؐ ہادی اور آپؐ کا کام ہدایت ہے، اچھی باتوں کا حکم دیئے جایئے، نصیحت کرتے رہیئے اور جو اس پر جاہل آپؐ سے ناخوش ہو کر ایذا کے درپے ہوں اور زبان طعن و تشنیع کھولیں تو ان سے اعراض کیجئے مقابلہ اور پرخاش نہ کیجئے (عرف اور عارفہ اور معروف اس کام کو کہتے ہیں کہ جس کا کرنا نہ کرنے سے معروف ہو) جب یہ آیت نازل ہوئی تو جبرئیلؑ سے آپؐ نے پوچھا۔ جبرئیلؑ نے فرمایا اس سے مراد یہ ہے کہ جو تجھ سے قطع تعلق کرے تو اس سے مل اور جو تجھ پر ظلم کرے تو معاف کر اور جو تجھے نہ دے تو اس کو دے۔ حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے ہیں کہ تعلیم مکارم اخلاق کے بارہ میں اس سے بڑھ کر اور کوئی جملہ ہو نہیں سکتا۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم اور آپؐ کے پیروؤں نے جو کچھ بدی کے بدلہ میں لوگوں سے ان کے ظلم و ایذا پر برداشت کر کے نیک سلوک کئے ہیں بیان سے باہر ہیں۔

اور جو کبھی بشریت سے دل میں ان کے برا کہنے اور ایذا دینے سے کچھ خیال آجاوے تو فاستعذ باللہ اللہ تعالےٰ سے پناہ مانگ

(بقیہ حاشیہ ص۴۴۷) بھی بڑھ گئے آپؐ کو کفار نے دیکھا مگر ان پر آتش جہنم حرام نہیں ہوتی۔ ابوالحسن نے فرمایا کہ کفار نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہی نہیں اگر دیکھتے تو کفر پر نہیں رہتے اور یہ آیت پڑھ دی۔ محمود سن کر حیران رہ گیا۔ آپ کی مراد یہ ہے کہ حقیقت محمدیہ علےٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کو کفار نے اپنی تیرہ باطنی سے نہیں دیکھا اس کو ابوبکرؓ وغیرہ نے دیکھا ۱۲ منہ ف ابن کثیر و ابو عمرو و کسائی طیف اور باقی طائف بالف پڑھتے ہیں۔ واحدی کہتے ہیں طیف کو بعض مصدر کہتے ہیں ابو زید کہتے ہیں کہ اس کی یوں گردان ہے طاف یطوف طوفا و طوافا اور بعض اس کو مشدد بھی پڑھتے ہیں جیسا کہ ہین و ہین و میت و میت اس کے معنے ہرنے پھرنے کے ہیں اور اسی لئے خواب مشوش کو طیف کہتے ہیں اور خیال کو بھی۔ ازہریؒ کہتے ہیں کہ کلام عرب میں طیف جنون کو کہتے ہیں اور غضب کو بھی کس لئے کہ غصہ میں انسان مجنون کے مشابہ ہو جاتا ہے اور وسوسہ کو بھی اور طائف بمعنے طیف ہے جیسا کہ عافیۃ اور عاقبۃ اس قسم سے کہ جن کے مصدر

۳ بروزن فاعل و فاعلہ آئے ہیں قال الفراء فی ہذہ الآیۃ الطائف والطیف سواء وہو ما کان کالخیال الذی یلم بالانسان ۱۲ منہ

Marfat.com

کیونکہ وہ سمیع و علیم ہے تیرے دل سے اس خیال کو دُور کرے گا اور چونکہ عام مسلمانوں کی حالت نبی کے مانند نہیں اُن کو شیطانی وسوسہ کا مس کرجانا کچھ مشکل نہیں اِنَّ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا اِذَا مَسَّهُمْ طٰٓئِفٌ مِّنَ الشَّیْطٰنِ تو اُن کو اللہ تعالیٰ کو یاد کرنا لازم ہے۔ جب کہ انسان کو کسی پر غصّہ آتا ہے تو اُس کو مغلوب اپنے آپ کو غالب سمجھ کر آتا ہے تب اُس پر عالمِ اجسام کے ظلمات طاری ہوجاتے ہیں مگر جب وہ اپنے آپ کو عاجز خدا تعالےٰ کو قادر سمجھتا ہے تو اس اندھیرے سے نکل جاتا ہے۔

وَاِخْوَانُهُمْ يَمُدُّوْنَهُمْ فِي الْغَيِّ

اور اُن کے بھائی تو اُن کو گمراہی میں گھسیٹے لئے جارہے ہیں

ثُمَّ لَا يُقْصِرُوْنَ ﴿۲۰۲﴾ وَاِذَا لَمْ

پھر وہ کمی نہیں کرتے۔ اور جب اُن کے پاس آپ

تَاْتِهِمْ بِاٰيَةٍ قَالُوْا لَوْلَا اجْتَبَيْتَهَا ؕ

کوئی آیت نہیں لاتے تو کہتے ہیں کیوں کوئی آیت گھڑ نہیں لاتے؟

قُلْ اِنَّمَآ اَتَّبِعُ مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ مِنْ

تو کہدیجئے میں تو اُسی پر چلتا ہوں کہ جو مجھ کو میرے رب تو کی طرف سے

رَّبِّيْ ۚ هٰذَا بَصَآئِرُ مِنْ رَّبِّكُمْ وَهُدًى

وحی کیا گیا۔ یہ (قرآن) تمھارے رب کی طرف سے بینائی ہے اور اس قوم

وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۲۰۳﴾

کے لئے جو ایمان لاتی ہے ہدایت اور رحمت ہے۔

ترکیب

اخوانہم مبتدا یمدونہم جملہ خبر واذالم الخ شرط قالوالولا جواب لولا ہلّا اجتبیتہا انشأتہا من قبل نفسک ذلک مقولتہم ما موصولہ یوحے الیّ جملہ صلہ مجموعہ مفعول ہے اتبع کا من ربّی یوحی سے متعلق ہذا مبتدا بصائر موصوف من ربکم صفت مجموعہ خبر وہدًی ورحمۃ خبر پر معطوف لقوم رحمۃ سے متعلق البصائر جمع بصیرۃ وہی المجج والبراہین۔

تفسیر

غضب کی حالت میں پرہیزگاروں کی یہ حالت بیان کی تھی کہ وہ جب خدا تعالےٰ کو یا اُس کے صفاتِ قاہرہ کو یاد کرتے ہیں تو اس تاریکی جسمانیت سے باہر آکر دفعۃً بینا ہوجاتے ہیں یعنی یکایک آنکھیں سی کھل جاتی ہیں برخلاف شیاطین کے بھائیوں کے یعنی غیر خداپرست لوگوں کے کہ غصّہ اور غضب کی کیا خصوصیّت ہے وہ جس بُری بات میں پڑتے ہیں تو اُن کے بھائی شیاطین خواہ جنّ ہوں خواہ انس اُن کو سرکشی میں اور بھی بڑھاتے ہیں یہاں تک کہ پھر کمی نہیں کرتے۔

یہ بات نہیں کہ اگر بشریّت سے کوئی خطا یا گناہ سرزد ہوگیا تو اُس کا تدارک کریں استغفار کریں، نادم ہوں، خدا تعالےٰ کو یاد کریں بلکہ اُس میں اصرار اور غلو کرتے کرتے حد کو پہنچا دیتے ہیں کہ رسول کے مقابلہ پر آمادہ ہوجاتے ہیں اور بعض کج بحثی کی نظر سے طرح طرح کے معجزات طلب کرنے لگتے ہیں اور جب اُن کی خواہش کے موافق رسول وہ معجزہ نہیں دکھاتا تو کہتے ہیں تو لا اجتبیتہا کہ تو از خود کیوں نہ بنالایا۔ یا تو نے خدا تعالےٰ سے اس کی درخواست کیوں نہ کی کیونکہ تو کہتا ہے کہ وہ میری دعا قبول کیا کرتا ہے۔

اس کے جواب میں فرمایا کہ اے نبیؐ! تو اُن سے کہدے میں تو صرف وحی الٰہی کا اتباع کرتا ہوں اپنی طرف سے کوئی درخواست نہیں کرسکتا۔ ہر امر میں جہاں ضرورت پڑتی ہے وحی کا منتظر رہتا ہوں نہ مجھے کچھ اس کی ضرورت ہے کہ تمھاری خواہشوں کی پیروی کروں۔ قرآن مجید ایک ایسا معجزہ ہے کہ جس کے برابر کوئی معجزہ نہیں جب تم اس کو نہیں مانتے تو پھر اور کس معجزہ کے قائل ہوگے؟

اور یہ قرآن تمھارے ربّ کی طرف سے بصائر یعنی بینائی ہے اور ہدایت اور رحمت۔ قرآن مجید کی مدح میں تین لفظ

Marfat.com

وارد ہوئے ہیں۔ بصائر، کیونکہ قرآن کی وجہ سے توحید اور نبوّت اور معاد کا حال معلوم ہوجاتا ہے اور انبیائے گزشتہ اور اُن کے مطیع اور نافرمانوں کا حال بھی آئینہ ہوجاتا ہے اس لئے اِس کو بصائر کہا تسمیۃ السّبب باسم المسبب۔ دوم ہدایت، معارفِ توحید و نبوت و معاد میں لوگوں کی دو قسم ہیں ایک وہ ہیں جو ان چیزوں کا گویا مشاہدہ کرتے ہیں اُن کو اصحابِ عین الیقین کہتے ہیں۔ دوم وہ جو ایسے نہیں بلکہ مستدل ہیں جن کو اصحابِ علم الیقین کہتے سو اوّل قسم کے لئے قرآن بصائر ہے اور دوم کے لئے ہدایت اور عامۃ المومنین کے لئے رحمت اور چونکہ تینوں فریق مومنین میں سے تھے اس لئے لقوم یؤمنون فرمایا۔

وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ

اور جب کہ قرآن پڑھا جائے تو اس کو سُنا کرو (خاموشی کے ساتھ)

وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۲۰۴﴾ وَاذْكُرْ

اور چپ رہا کرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔ اور یاد

رَّبَّكَ فِيْ نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَّخِيْفَةً وَّ

کرو اپنے رب کو دل میں گڑگڑا کر اور ڈر ڈر کر

دُوْنَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ بِالْغُدُوِّ

پکارنے سے کم چلا کر

وَالْاٰصَالِ وَلَا تَكُنْ مِّنَ الْغٰفِلِيْنَ ﴿۲۰۵﴾

صبح اور شام اور غافل نہ ہوجایا کرو۔

اِنَّ الَّذِيْنَ عِنْدَ رَبِّكَ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ

وہ لوگ جو آپ کے رب کے پاس ہیں اس کی عبادت سے

عَنْ عِبَادَتِهٖ وَيُسَبِّحُوْنَهٗ وَلَهٗ

سرتابی نہیں کرتے۔ اور اسی کی پاکی بیان کرتے اور اسی کو

يَسْجُدُوْنَ ﴿۲۰۶﴾ ع

سجدہ کیا کرتے ہیں۔

ترکیب

اذا قرئ شرط فاستمعوا جواب وانصتوا اس پر معطوف تضرّعًا وخیفۃً حال ہیں فاعل اذکر سے مصدر ہیں ودون الجہر معطوف ہے تضرّعًا پر والتقدیر متقصدین بالغدوّ متعلق ہے اذکر سے والاصال اس پر معطوف وہی جمع الجمع لانّ الواحد اصیل وفعیل لایجمع علٰی افعال بل علٰی فعل ثم فعل علٰی افعال فالواحد اصیل وجمعہ اُصل وجمعہ آصال۔ لایستکبرون خبر ان۔

تفسیر

جب کہ قرآن مجید کو بصائر اور ہدایت اور رحمت فرمایا تو اس کے بعد یہی حکم دیتا ہے کہ جب قرآن مجید پڑھا جاوے تو اُس کو چُپ ہوکر سُنو تاکہ تم اُس کو سمجھو اور اس کا بصائر اور رحمت و ہدایت ہونا تمہارے لئے متحقق ہو اور اسی لئے بعد اس کے تعلّکم ترحمون بھی فرمایا کیونکہ بغیر اُس کے قرآن مجید کے برکات سے حصّہ نہیں ملتا۔ آیت کے ظاہر الفاظ سے حکم عام سمجھا جاتا ہے کہ جب قرآن پڑھا جاوے اس کو چُپ ہوکر سُننا واجب ہے مگر علماء نے شان نزول کے لحاظ سے اُس کو خاص کیا ہے۔ اور اُن کے چند قول ہیں اوّل حسنؒ اور اہل ظاہر کا قول ہے کہ جب قرآن مجید پڑھا جاوے تو چُپ ہوکر سُننا چاہیئے خواہ رستہ چلتا سُنے خواہ مکتب میں خواہ امام پڑھے۔ یہ آیت کو عام رکھتے ہیں تخصیص نہیں کرتے۔ دوم یہ کہ نماز میں کلام کرنے کی ممانعت کے لئے آیت نازل ہوئی ہے اُس میں سکوت اور قرآن مجید سُننے کا حکم ہوا ہے قتادہؒ کہتے ہیں کہ ابتدائے اسلام میں عین نماز میں لوگ کلام کر لیا کرتے تھے اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ ابوہریرہؓ سے بھی یہی مروی ہے۔ سوم یہ کہ جب امام قرآن مجید آواز سے پڑھے تو مقتدیوں کے لئے سکوت کرکے سُننے کے لئے یہ آیت نازل ہوئی۔ چنانچہ ترمذی نے ابوہریرہؓ سے روایت کی ہے کہ ایک بار آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نماز جہری پڑھا رہے تھے فارغ ہوکر پوچھا کہ کیا کسی نے میرے ساتھ ابھی قرأت پڑھی ہے؟ ایک آدمی نے کہا ہاں یارسول اللہ! آپ نے فرمایا میں کہتا ہوں کیا وجہ ہے کہ میرے ساتھ قرآن پڑھنے میں کشمکش ہو رہی ہے۔ راوی نے کہا کہ جب سے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے یہ بات سُنی تو آپ کے ساتھ صلوٰۃ جہر میں

Marfat.com

قرأت پڑھنے سے رُک گئے۔ اس حدیث کو ترمذی نے حسن صحیح کہا ہے اور یہی مضمون ابن مسعودؓ و عمران بن حصینؓ و جابر ابن عبداللہؓ سے منقول ہے اور اسی طرح مسلم نے ایک حدیث روایت کی ہے کہ انما جعل الامام الخ جس کے اخیر میں آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام سے یہ بھی منقول ہے اذا قرئ فانصتوا کہ جب امام پڑھے تو مقتدی کو چُپ کرنا چاہیئے اور اسی طرح ترمذی نے جابر بن عبداللہؓ سے روایت کی کہ جو نماز میں الحمد نہ پڑھے گا اُس کی نماز نہ ہو گی مگر جب کہ امام کے پیچھے ہو۔ یہ حدیث اس حدیث کو بھی ترمذی نے حسن صحیح کہا ہے اور اسی حدیث کو امام طحاویؒ نے مرفوعاً روایت کیا ہے اور احمدؒ اور مالکؒ نے بھی اس حدیث کو روایت کیا ہے، اور دیگر محدثینؒ نے بھی اور اسی مضمون کی اور بہت سی احادیث امام محمدؒ و ابوبکر بن ابی شیبہؒ وغیرہ لوگوں نے روایت کی ہیں۔ لہٰذا اس آیت اور ان احادیث پر لحاظ کر کے امام ابو حنیفہؒ امام کے پیچھے مقتدی کو قرآن پڑھنے کی اجازت نہیں دیتے بلکہ سُننے اور سکوت کرنے کا حکم دیتے ہیں۔ اور صحابہؓ میں عبداللہ بن مسعودؓ و جابرؓ بن عبداللہؓ و ابن عمرؓ وغیرہم بھی امام کے پیچھے الحمد نہیں پڑھتے تھے۔ امام شافعیؒ اور بعض محدثینؒ آیت اور احادیث مذکورہ کو مخصوص کر کے امام کے پیچھے صرف الحمد پڑھنے کی تاکید کرتے ہیں نہ اس طرح سے کہ امام بھی پڑھے اور وہ بھی پڑھے بلکہ جب امام سکتہ کرے تو پڑھے۔ ترمذیؒ کہتے ہیں واختار اصحاب الحدیث ان لا یقرء الرجل اذا جہر الامام بالقرأۃ وقالوا یتبع سکتات الامام اور دلیل اُن کی حدیث ابوہریرہؓ ہے کہ من صلّٰی صلوٰۃ لم یقرء فیہا بام القرآن فہی خداج غیر تمام کہ جو نماز میں الحمد نہ پڑھے گا اُس کی نماز ناقص ہو گی۔ مگر محدثین خصوصاً امام احمدؒ نے جو امام حدیث ہیں اس حدیث کو حالت انفراد پر محمول کیا ہے یعنی الحمد کا پڑھنا جو ضروری ہے تو اس حالت میں ہے کہ جب اکیلا ہو، امام کے پیچھے نہیں۔ چنانچہ ترمذیؒ کہتے ہیں وامام احمد بن حنبل قال

معنے قول النبی صلے اللہ علیہ وسلم لا صلوٰۃ لمن لم یقرء بفاتحۃ الکتاب اذا کان وحدہ واحتج بحدیث جابر بن عبداللہ حیث قال من صلے رکعۃ لم یقرء فیہا بام القرآن فلم یصل الا ان یکون وراء الامام پس جب امام محدثین کے نزدیک اُس حدیث کے کہ جس سے الحمد پڑھنا ضروری ثابت کیا جاتا ہے یہ معنے ہوئے تو پھر اُس سے آیت خاص کرنا جو بقول بیہقی بالاجماع نماز کے بارے میں نازل ہوئی ہے محض تکلف ہے۔ اور اس آیت کیمہ کو سکوت بوقت خطبہ پر محمول کرنا جو مدینہ میں آ کر مشروع ہوا اور بھی تکلف ہے۔ نظر بریں آیت جماعت میں مقتدی کو سکوت کرنا اور دل سے قرآن مجید سُننا چاہیئے۔

واذکر ربک الخ جب کہ قرآن مجید کے سُننے کا حکم دیا جو ایک جماعت تھی تو اُس کے بعد بندہ کو از خود بھی ذکر الٰہی کرنے کا حکم دینا کلام سابق کا تتمہ بیان کر دینا ہے اور نیز قصص واحکام وعظ و پند بیان کر کے سورۃ کو ذکر الٰہی کے حکم پر تمام کرنا گویا تمام شریعت کا عطر کھینچ دینا ہے اور دنیا کے سب کاروبار کا آخر کار بتلا دینا ہے۔ ذکر خواہ بالقلب ہو خواہ باللسان خواہ قرآن مجید کے پڑھنے سے ہو خواہ اُس کا کوئی نام پاک ورد کرنے سے، علیٰ حسب مراتب سب ذکر الٰہی ہے۔ آیت میں اس ذکر کے لئے چند قیدیں لگائی ہیں۔ (۱) فی نفسک اس سے مراد یہ کہ جن الفاظ کو زبان سے ادا کرتا ہو اُن کے معانی سے واقف ہو دل سے بھی اُس کی طرف متوجہ ہو ورنہ ؎

برزبان تسبیح و در دل گاؤ خر ۔ این چنین تسبیح کے دارد اثر

(۲) تضرّع کے ساتھ یعنی عجز و نیاز ہو بلحاظ جلال خوف اور بلحاظ جمال امید بھی ہو۔ (۳) خیفۃ زجاج کہتے ہیں کہ اصل خوفۃ تھا واؤ کو یا سے بدل لیا لانکسار ماقبلہا۔ اس خوف کے مراتب ہیں کبھی اپنی تقصیر عبادت کا کہیں اس کی بے نیازی کا ؎ ار بے پروا و فریاد من بے اثر ۔ گہ زدل فریاد میدارم گہ از فریاد رس ۔ (۴) ودون الجہر من القول مراد یہ کہ مخافت اور جہر کے درمیانی طور سے ذکر ہو جیسا کہ آیا ہے ولا تجہر

Marfat.com

بصلاتک ولا تخافت بہا وابتغ بین ذالک سبیلا۔ حدیث میں آیا ہے کہ ایک بار صحابہ رضؓ چیخ چیخ کر تکبیر و تہلیل پہاڑوں پر چڑھتے اُترتے (کسی سفرِ جہاد میں) کرتے تھے فرمایا کہ تمھارا رب بہرا اور غائب نہیں ہے ع نعرہ کمتر زن کہ نزدیک ست یار ؎ یعنی اس قدر بلند آواز ہو کہ جس کو خود سُن سکے کیونکہ اس ذکر سے خیال متأثر ہوتا ہے اور خیال کے متأثر ہونے سے ذکرِ قلبی و روحانی میں قوّت حاصل ہوتی ہے اور ان ارکانِ ثلاثہ میں سے ہر واحد دوسرے سے قوی اور ہر ایک کے انوار دوسرے میں منعکس ہوتے ہیں اور ان انعکاسات سے بہت کچھ قوّت اور جلا اور انکشاف اور عالمِ اجسام کے ظلمات سے عالمِ انوار کی طرف ترقی حاصل ہوتی ہے۔ (۵) بالغدوّ والآصال غدو جمع غدوۃ آصال جمع اصل اور اصل کا واحد اصیل ہے۔ اوّل دن کو غدوۃ اور اخیر دن کو اصیل کہتے ہیں۔ یعنی صبح[1] اور شام ذکر کیا کر کیونکہ ان دونوں وقتوں میں انقلابِ لیل و نہار سے ایک عجیب تغیر پیدا ہوتا ہے جو اُس کی کمال قدرت کی دلیل ہے اور ان اوقات میں ملأ اعلیٰ کی توجّہ بھی بندوں کے قلوب کی طرف ہوتی ہے اور یہی وجہ ہے کہ اس وقت دعاء زیادہ قبول ہوتی ہے (۶) ولا تکن من الغافلین یعنی ہر وقت دل میں اُس کا دھیان رہے چلتے پھرتے، کھاتے بیٹھتے تاکہ ملائکہ سے مشابہ ہو جاوے۔

انّ الّذین الخ یہاں سے یہ بات بیان کرتا ہے کہ جب ملائکہ کا باوجود اس تقدّس کے یہ حال ہے کہ وہ اُس کی عبادت سے تکبّر نہیں کرتے اور تسبیح اور سجدہ کرتے رہتے ہیں پھر تم کو تو انسان ہو کر آلائشِ شہوات و ظلماتِ جسمانیہ سے پاک ہونے کے لئے اور بھی ذکرِ الٰہی میں مشغول ہونا چاہیئے۔ اس جملہ کو سُن کر سجدہ کرنا واجب ہے۔

[1] ذکر سے عام مراد ہے اور نماز کی فرضیت سے پہلے صرف صبح و شام ذکرِ الٰہی فرض تھا۔ بعض کہتے ہیں کہ ذکر سے مراد نماز ہے پھر نمازوں میں سے صبح و شام کی نماز کی تاکید خصوصیت سے یہاں اس لئے آئی کہ یہ دونوں وقت ملائکہ کے پہرہ بدلنے کے ہیں جیسا کہ احادیثِ صحیحہ میں آیا ہے اور بالخصوص صبح کی نماز کے لئے آیا ہے ان قرآن الفجر کان مشہودا مگر تعمیم اولیٰ ہے ۱۲ منہ

ن اور اپنی حالت کو درست کرو

تفسیر سورۃ انفال

مدنی ہے اور اس میں پچھتّر آیتیں ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَنْفَالِ ؕ قُلِ الْاَنْفَالُ

(اے رسولؐ) آپؐ سے مالِ غنیمت کا حکم دریافت کرتے ہیں۔ کہدو کہ مالِ غنیمت[2]

لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَ

تو اللہ تعالیٰ اور رسولؐ کا ہے، سو اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو اور

اَصْلِحُوْا ذَاتَ بَيْنِكُمْ ۪ وَاَطِيْعُوا

باہمی معاملات درست رکھو، اور اللہ تعالیٰ

اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗۤ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝۱

اور اُس کے رسولؐ کی فرمانبرداری کرو اگر تم ایمان رکھتے ہو۔

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ

مؤمن تو وہی ہیں کہ جب اللہ تعالیٰ کا ذکر کیا جاتا ہے تو

اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَاِذَا تُلِيَتْ

اُن کے دل کانپ اُٹھتے ہیں اور جب اُس کی آیتیں

عَلَيْهِمْ اٰيٰتُهٗ زَادَتْهُمْ اِيْمَانًا وَّعَلٰى

اُنھیں پڑھ کر سُنائی جاتی ہیں تو اُس سے اُن کا ایمان (اور) زیادہ (تر و تازہ)

رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ۝۲ الَّذِيْنَ

ہو جاتا ہے اور وہ اپنے رب پر بھروسہ رکھتے ہیں۔ وہ جو نماز پڑھتے

يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ

اور ہمارے دیئے ہوئے میں سے دیتے

يُنْفِقُوْنَ ۝۳ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ

ہیں، یہی وہ سچے مسلمان ہیں،

[2] اس آیت کو اگلی آیت فان للہ خمسہ الخ سے منسوخ قرار دینا ایک زائد بات ہے ۱۲ م (باقی صـ ۴۵۳ پر)

Marfat.com

حَقًّا ؕ لَهُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَ

(اور) انھیں کے لئے اُن کے رب تعالیٰ کے ہاں درجے

مَغْفِرَةٌ وَّ رِزْقٌ كَرِيْمٌ ۴

ہیں اور بخشش اور عزت کی روزی۔

ترکیب

عن الانفال یسئلون سے متعلق الانفال مبتدا للہ والرسول خبر المؤمنون مبتدا الذین موصول اذا ذکر شرط وجلت جواب جملہ صلہ واذا تلیت شرط وجواب مل کر جملہ معطوف ہے پہلے صلہ میں داخل مجموعہ خبر وعلیٰ ربہم جملہ یا حال ہے یا صلہ میں داخل بذریعہ عطف الذین یقیمون صلہ وموصول پہلے الذین سے بدل حقا مفعول مطلق ہے فعل محذوف سے عند ربہم درجات بمعنے اجر کا ظرف۔

تفسیر

یہ سورۃ ایام جنگ بدر میں مدینہ منورہ میں نازل ہوئی ہے جیسا کہ حسنؒ اور عکرمہؒ وجابر بن زیدؒ وعطاءؒ وغیرہم ائمہ تفسیر سے منقول ہے۔ ابو الشیخ وابن مردویہ ونحاسؒ نے ابن عباسؓ سے ایسا ہی نقل کیا ہے اور اس کو سورۃ بدر بھی کہتے ہیں۔ اس کی پچھتر یا چھہتر آیات ہیں۔

انفال نفل کی جمع ہے۔ نفل اور نافلہ اس کو کہتے ہیں جو اصل پر زائد چیز حاصل ہو۔ غنیمت کے مال کو اس لئے انفال کہتے ہیں کہ وہ برخلاف اور اُمتوں کے ایک نفع کی بات ثواب جہاد سے زائد (جو اصل ہے) خاص اس امت کو حلال ہے اُن کو حلال نہ تھا جیسا کہ اب تک عہد عتیق کے مختلف مقامات سے

(بقیہ حاشیہ ص۴۵۲) کس لئے کہ الانفال للہ والرسول کے معنے یہ ہیں کہ انفال کا حکم اللہ تعالیٰ ورسول ﷺ کے اختیار میں ہے سو یہ بات اگلی بات کے کہ اس کی یوں تقسیم ہونی چاہیئے کچھ منافی نہیں ف انفال میں اور دیگر معانی انعام وغیرہ کو اس جگہ مراد لینا

ثابت ہے اور نماز نفل کو بھی اس لئے نفل کہتے ہیں کہ وہ فرض سے زائد بات ہے۔ اور وہ جو جنگ میں سردار سپاہ اسلام کو انعام کے طور پر دیتا ہے اس کو بھی نفل کہتے ہیں۔ اس جگہ مراد مال غنیمت ہے جو کفار سے مقابلہ کے بعد لیا جاتا ہے جس کو لوٹ کہتے ہیں۔ اس کا سبب نزول یہ ہے کہ جنگ بدر میں جب مسلمانوں کو فتح نصیب ہوئی اور مشرکین کا مال قبضہ اہل اسلام میں آیا تو اُس کی تقسیم میں لوگوں کا اختلاف ہوا جو انہوں نے کہا ہمارا حق ہے ہم ہی نے شکست دی، بڈھوں نے کہا ہم تمہاری پشت پر تھے اس لئے لوگوں نے آنحضرت علیہ السلام سے پوچھا تب یہ سورۃ نازل ہوئی۔ اس میں غنیمت اللہ تعالیٰ اور رسول ﷺ کے لئے قرار پائی یعنی اللہ تعالیٰ کا مال ہے جس طرح وہ رسول ﷺ کو تعلیم کرے تقسیم کرے چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے سب کو برابر تقسیم کر دیا جیسا کہ حاکمؒ نے مستدرک میں روایت کی ہے۔ فرمایا اللہ تعالیٰ سے ڈرو آپس میں سلوک رکھو، غنیمت پر جھگڑا نہ مچاؤ ہر بات میں اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول ﷺ کا کہا مانو اگر ایمان رکھتے ہو۔ پھر آگے حقیقی ایمانداروں کا وصف بیان فرماتا ہے کہ اُن میں یہ پانچ ۵ باتیں ہوتی ہیں۔ اوّل جب کہ اللہ تعالیٰ کا ذکر کیا جاتا ہے تو محبت اور خوف کے مارے اُن کے دل کانپ اُٹھتے ہیں۔ دوم جب اُس کی آیتیں اُن کو سُنائی جاتی ہیں تو اور بھی سُنکر ایمان مستحکم ہو جاتا ہے۔ سوم وہ ہر کار و بار میں اللہ تعالیٰ پر بھروسہ رکھتے ہیں یہ تینوں وصف تو قوت نظریہ سے متعلق تھے قوت عملیہ کے متعلق، (۴) نماز پڑھتے ہیں (۵) اللہ تعالیٰ کے دیئے میں سے دیتے ہیں۔

كَمَآ اَخْرَجَكَ رَبُّكَ مِنْۢ بَيْتِكَ

(یہ حکم بھی بظاہر ایسا ہی ناگوار ہے) جیسا کہ آپ کے رب نے آپ کے گھر سے حکمت کے

بِالْحَقِّ ۖ وَاِنَّ فَرِيْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ

ساتھ باہر نکلنے کا آپ کو حکم دیا تھا اور مسلمانوں کی ایک جماعت تو اُس سے

ممکن ہے کہ مراد غنائم ہیں ۱۲ منہ

Marfat.com

لَكٰرِهُوْنَ ۝۵ يُجَادِلُوْنَكَ فِي الْحَقِّ بَعْدَ

ناخوش ہی تھی۔ حق ظاہر ہوجانے پر بھی تو (اے پیغمبر ہم

مَا تَبَيَّنَ كَاَنَّمَا يُسَاقُوْنَ اِلَى الْمَوْتِ

سے ایسا جھگڑ رہے تھے گویا کہ وہ موت کی طرف دھکیلے جاتے ہیں

وَهُمْ يَنْظُرُوْنَ ۝۶ وَاِذْ يَعِدُكُمُ

اور وہ اُس کو دیکھ بھی رہے ہیں۔ اور جب کہ اللہ تعالےٰ تم کو دو چیزوں

اللّٰهُ اِحْدَى الطَّآئِفَتَيْنِ اَنَّهَا لَكُمْ

میں سے ایک کا وعدہ دیتا تھا کہ یہ تم کو

وَتَوَدُّوْنَ اَنَّ غَيْرَ ذَاتِ الشَّوْكَةِ

اور تم یہ چاہتے تھے کہ جس میں کانٹا نہ لگے

تَكُوْنُ لَكُمْ وَيُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّحِقَّ الْحَقَّ

ملے اور اللہ تعالےٰ اپنے حکم سے حق کو حق کرنا

بِكَلِمٰتِهٖ وَيَقْطَعَ دَابِرَ الْكٰفِرِيْنَ ۝۷

اور کافروں کی جڑ کاٹنا چاہتا تھا۔

لِيُحِقَّ الْحَقَّ وَيُبْطِلَ الْبَاطِلَ وَلَوْ

تاکہ حق کو ثابت کرے اور باطل کو مٹا دے اور

كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝۸

مجرم بُرا مانا کریں۔

تفسیر

کما اخرجک، اس تشبیہ میں علمائے مفسرین کے چند اقوال ہیں از انجملہ سب سے راجح یہ ہے کہ یہ تقسیم بھی بظاہر مسلمانوں کو ایسی ہی ناگوار ہے جیسا کہ اے پیغمبرؐ اس جنگ کے لئے آپ کا بحکم الٰہی گھر سے نکلنا ناگوار تھا لیکن جس طرح وہاں اُن کی ناخوشی کا لحاظ نہیں کیا گیا ایسا ہی یہاں بھی لحاظ نہیں کس لئے حکمتِ الٰہی اور انجام کار کے عمدہ نتائج تک اُن کی عقلیں نہیں پہنچتیں۔ بندے تو بالفعل کی آسانی کو اور موجودہ فائدہ کو دیکھتے ہیں۔ اس جنگ کے لئے گھر سے نکلنے میں بظاہر تکلیف اور مشقت اور دشمنوں کی کثرتِ تعداد اور اپنی قلت کے سبب مارے جانے کا خوف تھا مگر اس قتال نے مشرکین مکہ کی جو اسلام میں سدِّراہ تھے کمر ہی توڑ ڈالی اسی طرح غنیمت میں شرعی تقسیم کا قائم کرنا آئندہ لشکر کشی اور فتوحات کے لئے بہت ہی مفید ہے۔ ان آیات میں جنگِ بدر کی طرف اشارہ ہے جس کی تفصیل یہ ہے کہ ہجرت کے دوسرے سال رمضان کی پہلی تاریخوں میں آنحضرت علیہ السلام کو خبر دی گئی کہ ابوسفیان شام سے ایک کاروانِ تجارت ساتھ لے کر آرہا ہے جس میں صرف چالیس آدمی ہیں اور بہت کچھ اسباب ہے اس کے تعاقب میں آنحضرت علیہ السلام تخمیناً تین سو انصار و مہاجرین لے کر نکلے۔ اُس کو بھی خبر لگ گئی تو وہ سمندر کے کنارے کنارے دوسرے رستہ ہولیا اور اُس نے ضمضم بن عمرو غفاری کو مکہ مکرمہ کی طرف دوڑا دیا کہ جلد میری مدد کو پہنچو ورنہ مسلمانوں نے گرفتار کرلیا۔ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ذفران کی وادی میں پہنچے تو قریش مکہ کے آنے کی خبر ملی جو ابوسفیان کی مدد کو آتے تھے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جبرئیلؑ کی معرفت اللہ تعالےٰ نے مجھ سے دو باتوں میں سے ایک کا وعدہ کرلیا ہے خواہ قافلہ کو گرفتار کرلو خواہ کفارِ مکہ پر فتح

ترکیب

کما صفت ہے مصدرِ محذوف کی اے ہذہ الحالۃ فی کراہتہم لہا مثل اخراجک فی حال کراہتہم وقد کان خیرا۔ پس یہ کما خبر ہوگی مبتدا محذوف کی جو ہذہ ہے وان فریقاً جملہ حال ہے ک اخرجک سے۔ یجادلونک الخ جملہ حال ثانی ہے کاما۔ جملہ صفت ہے مصدرِ محذوف کی۔ اذ یعدکم کا عامل اذکروا محذوف ہے۔ مفعولِ اوّل احدی الطائفتین مفعولِ ثانی یعد کا انہا لکم بدل ہے مفعول ثانی سے بدل الاشتمال۔

Marfat.com

حاصل کر لو تمہاری کیا مرضی ہے؟ حضرت ابوبکرؓ و عمرؓ نے عرض کیا جو بہتر ہو کیجئے۔ اسی طرح انصار کے سردار سعد بن معاذؓ نے کہا کہ ہم ہر حال میں آپؐ کے ساتھ ہیں۔ آپؐ نے فرمایا کفّار سے مقابلہ کرو ان سے پہلے چل کر میدانِ بدر میں پانی پر ڈیرہ ڈال دو۔ مگر بعض لوگوں نے عذر کیا کہ ہم لڑائی کا سامان لے کر نہیں آئے۔ ہم تخمیناً تین سو، وہ تقریباً ایک ہزار۔ آخر اکثر مسلمان آمادہ جنگ ہوئے اور بدر میں لڑائی ہوئی جس میں کفّار کو نمایاں شکست ہوئی۔ یہ تھا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے حق بات پر جھگڑنا جو حضرت جبرئیلؑ کی معرفت ظاہر بھی ہو چکی تھی اور یہ تھا اُن کا موت کی طرف کھینچ کر لے جانا۔ کیونکہ کثرت و شوکتِ قریش ادھر اپنی قلّت و ضعف موت کا ظاہری سبب تھا جو آنکھوں کے رُوبرُو تھا اس لئے ان باتوں میں سے قافلہ کا لوٹنا جس میں کھٹکا نہ تھا پسند تھا اور اللہ تعالےٰ کو تو کافروں کی جڑ کاٹنی اور اسلام کا بالا کرنا منظور تھا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ بہت سے کفّار مارے گئے، بہت سے گرفتار ہو کر آئے۔ ان آیات میں ان باتوں کا ذکر اور مسلمانوں کا گلہ ہے۔

إِذْ تَسْتَغِيثُونَ رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ

(اور یاد کرو) جب اپنے رب سے فریاد کرنے لگے سو وہ تمہاری فریاد کو

لَكُمْ أَنِّي مُمِدُّكُمْ بِأَلْفٍ مِّنَ الْمَلَائِكَةِ

پہنچا (وعدہ کیا) کہ میں لگاتار تمہاری ہزار فرشتوں سے مدد

مُرْدِفِينَ ﴿٩﴾ وَمَا جَعَلَهُ اللَّهُ إِلَّا

کروں گا۔ اور یہ تو اللہ تعالےٰ نے صرف تمہارے لئے

بُشْرَىٰ وَلِتَطْمَئِنَّ بِهِ قُلُوبُكُمْ ۚ وَ

مژدہ اور تمہارے دلوں کے اطمینان کے لئے کیا تھا۔ اور

مَا النَّصْرُ إِلَّا مِنْ عِنْدِ اللَّهِ ۚ إِنَّ

فتح تو اللہ تعالیٰ ہی کی طرف سے ہے۔ کیونکہ

اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ﴿١٠﴾ إِذْ يُغَشِّيكُمُ ع ۱۰ ۱۵

وہ زبردست (اور) حکمت والا ہے۔ (اور یاد کرو) جب کہ اللہ نے تم پر اپنی

النُّعَاسَ أَمَنَةً مِّنْهُ وَيُنَزِّلُ عَلَيْكُم

طرف کی تسکین (دینے) کے لئے تم پر اونگھ طاری کر رہا تھا اور تم پر آسمان

مِّنَ السَّمَاءِ مَاءً لِّيُطَهِّرَكُم بِهِ وَ

سے پانی برسا رہا تھا تاکہ تم کو اس سے پاک کرے اور

يُذْهِبَ عَنكُمْ رِجْزَ الشَّيْطَانِ وَلِيَرْبِطَ

شیطانی ناپاکی کو تم سے دور کر دے اور تاکہ تمہارے

عَلَىٰ قُلُوبِكُمْ وَيُثَبِّتَ بِهِ الْأَقْدَامَ ﴿١١﴾

دلوں کو مضبوط کرے اور اس سے تمہارے قدم جمائے۔

إِذْ يُوحِي رَبُّكَ إِلَى الْمَلَائِكَةِ أَنِّي

جب کہ آپ کا رب فرشتوں کو حکم دے رہا تھا کہ میں تمہارے ساتھ

مَعَكُمْ فَثَبِّتُوا الَّذِينَ آمَنُوا ۚ سَأُلْقِي

ہوں سو تم ایمانداروں کو ثابت قدم رکھو، میں ابھی

فِي قُلُوبِ الَّذِينَ كَفَرُوا الرُّعْبَ

کافروں کے دل میں رعب ڈالے دیتا ہوں

فَاضْرِبُوا فَوْقَ الْأَعْنَاقِ وَاضْرِبُوا

سو تم ان کی گردنوں پر مارو اور ان کے

مِنْهُمْ كُلَّ بَنَانٍ ﴿١٢﴾ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ

ہر ایک جوڑ پر مارو۔ یہ اس لئے کہ انہوں نے

شَاقُّوا اللَّهَ وَرَسُولَهُ ۚ وَمَن

اللہ تعالےٰ اور اس کے رسول سے مخالفت کی، اور جو کوئی

يُشَاقِقِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ فَإِنَّ اللَّهَ شَدِيدُ

اللہ تعالےٰ اور اس کے رسول سے مخالفت کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ (اس کو)

الْعِقَابِ ﴿١٣﴾ ذَٰلِكُمْ فَذُوقُوهُ وَأَنَّ

سخت عذاب پانے والا ہے۔ (کافروں سے کہو) لو یہ چکھو اور (یاد رہے) کہ کافروں

لِلْكَافِرِينَ عَذَابَ النَّارِ ﴿١٤﴾

کے لئے دوزخ کا عذاب (سخت) ہے۔

Marfat.com

ترکیب

اذ تستغیثون ممکن ہے کہ اذ اوّل سے بدل ہو اِنّی لے باقی جملہ تفسیر ہے استجاب کی یا بیان۔ مُردفین بفتح المیم وکسر الدّال واسکان الرّاء من اردف مفعولہٗ محذوف لے مردفین امثالہم، یہ حال ہے الملائکۃ سے ولتطمئنّ معطوف ہے بشریٰ پر لے ما جعلہ الّا لتطمئن

وما النصر الخ جملہ حال ہے فاعل جعل سے النعاس مفعول ثانی ہے یغشیکم کا منہ صفت ہے امنۃ کی جو حال ہے النّعاس سے یا مفعول لہٗ۔ وینزّل معطوف ہے یغشی پر ویذہب معطوف ہے یطہر پر وقس علیہ البواقی اذ یوحی بدل ہے اذ یغشیکم سے اور عامل ان کا استجاب ہے وقیل انی ممکم سے لے کر کلّ بنان تک یوحی کا بیان ہے۔ النعاس النوم الخفیف۔

تفسیر

پہلے فرمایا تھا کہ ان دو باتوں میں سے کہ جن کا ہم نے تم سے وعدہ کیا تھا یہ ایک بات یعنی احقاقِ حق وابطالِ باطل مقصود تھی کما قال لیحقّ الحقّ ویبطل الباطل اور یہ جنگ کرنے سے حاصل ہوتی تھی۔ جنگ ہوئی اور اس جنگ میں جو جو کفر کو مٹانے اور اسلام کو بالا کرنے کے لئے اُس نے اپنی قدرت کے کرشمے دکھائے اور مسلمانوں پر فضل وکرم کیا اُن کا ان آیات میں ذکر فرماتا ہے ہر ایک بات کو اذ اذ سے ذکر فرماتا ہے وہ موقع یاد دلا کر۔ فقال (۱) اذ تستغیثون، غوث مدد استغاثہ مدد طلب کرنا۔ آخر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم میدان بدر میں جا پہنچے۔ گرمی کے دن تھے اور بدر میں جو پانی تھا اُس کو اوّل آکر مشرکین مکّہ نے اپنے قبضہ میں کر لیا تھا۔ ادھر تو

لہ بعض مورخین کہتے ہیں کہ پانی پر تو اوّل ہی سے مسلمانوں نے قبضہ کر لیا تھا اگر کسی قدر بارش وقت پر ہو جانے سے مشرکین نے بھی اسی لئے پانی کا زیادہ خیال نہیں کیا تھا ۱۲ منہ

عظیم کی کثرت کہ وہاں مع ساز وسامان کہ مکّہ مکرّمہ کے تخمیناً ہزار بہادر جنگ جو تھے ادھر تخمیناً تین سو آدمی بھوکے پیاسے بے سروسامان۔ ایسی حالت میں مسلمان اپنے پروردگار سے مدد کے خواہاں ہوتے اور اُسی سے فریاد رسی کے اُمیدوار ہوئے چنانچہ حضرت ابن عباسؓ حضرت عمر بن الخطابؓ سے نقل کرتے ہیں کہ اس حالت کو دیکھ کر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکرؓ ایک خیمہ میں گئے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے رُو بقبلہ ہو کر ہاتھ اُٹھا کر نہایت عجز وانکسار سے دُعا کرنی شروع کی کہ الٰہی! تو اپنے وعدہ کو پورا کر اگر اہل حق کی یہ جماعت ماری گئی تو پھر زمین پر تیرا کوئی نام لینے والا نہ رہے گا۔ دُعا کرتے کرتے آپؐ کی ردائے مبارک مونڈھوں سے گر پڑی حضرت ابوبکرؓ نے اُٹھا کر آپؐ کے کندھوں پر ڈال دی اور ہاتھ تھام کر عرض کی کہ یا نبی اللہؐ! بس کیجئے آپؐ کی دُعا خدا تعالےٰ نے قبول کر لی وہ اپنا وعدہ ضرور پورا کرے گا تب یہ آیت اذ تستغیثون ربکم فاستجاب لکم انّی ممدّکم بالف من الملائکۃ مُردفین لے کر جبرئیلؑ نازل ہوئے یعنی فریاد قبول کر لی۔ آپؐ نے فرمایا دیکھو یہ جبرئیلؑ گھوڑے کی لگام تھامے ہوئے مسلح ہو کر آتے ہیں۔ مُردفین کے معنے یکے بعد دیگرے۔ چنانچہ اوّلاً ہزار فرشتوں کی مدد کا وعدہ ہوا تھا پھر تین ہزار ہو گئے پھر پانچ ہزار جیسا کہ آلِ عمران میں ہے۔ اس بات پر تو تمام مفسّرین کا اتفاق ہے کہ بدر کے روز آسمان سے مسلح ہو کر مسلمانوں کی مدد کو فرشتے نازل ہوئے جو مسلمانوں کو بھی دکھائی دیتے مگر اس میں اختلاف ہے کہ اُنھوں نے جنگ کی کہ نہیں؟۔ کُتب احادیث سے جنگ کرنا بھی ثابت ہے جیسا کہ صحیح مسلم میں ہے کہ ایک شخص ایک مشرک پر حملہ کرنے دَوڑا تو اُس کے مارنے سے پیشتر ہی وہ زمین پر مرا پڑا تھا اور اُس کے مُنہ پر کوڑے کا نشان تھا اور کوڑے کی آواز کے ساتھ یہ آواز بھی

Marfat.com

سُنائی دی تھی: اقدم حیزوم۔ بعض کہتے ہیں جنگ نہیں کی صرف مسلمانوں کے اطمینان کے لئے نازل ہوئے تھے جیسا کہ اس جملہ میں وما جعلہ اللہ الا بشریٰ الخ سے پایا جاتا ہے کہ یہ صرف تمہارے اطمینان کے لئے تھا ورنہ مدد تو اللہ تعالیٰ ہی کی طرف سے ہے۔ مگر یہ بات تو جب بھی پائی جاتی ہے کہ جب فرشتوں کا جنگ کرنا تسلیم کر لیا جائے۔

(۲) اذ یغشیکم الخ یہ بھی اسی روز کا دوسرا واقعہ ہے۔ جب خدا تعالیٰ نے مسلمانوں کو مضبوط کرنا چاہا تو خلافِ عادت اُن پر نیند مسلط کر دی اس نعاس یعنی نیند میں علماء کے دو قول ہیں۔ اوّل یہ کہ جنگ سے اول اُس رات کہ صبح کو جنگ ہوگی حق سبحانہٗ نے مسلمانوں کو راحت سے سُلایا جس سے ماندگی سفر کی دُور ہو گئی اور دل بھی صبح کو قوی تھے۔ ایسے قلق و اضطراب میں کہ موت سامنے دکھلائی دے رہی ہو نیند آنا انعام الٰہی ہے۔ دوسرا قول یہ ہے کہ بروقتِ جنگ ایک ایسی حالت طاری ہو گئی جس سے اطمینان اور دل سنبھل گئے یہ صاف معجزہ ہے عین صفِ جنگ میں سب کا اونگھنا خلافِ عادت ہے روایات سے اخیر قول کی تائید ہوتی ہے۔ حضرت علیؓ فرماتے ہیں کہ بجز رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ہم میں کوئی بھی ایسا نہ تھا کہ جو نیند کے مارے جُھک جُھک نہ پڑتا ہو۔ اس لئے اس کو امنۃ منہ کہنا بہت ہی ٹھیک ہے۔ امنۃ، امن و اطمینان دلانے والی اُس پر خدا تعالیٰ نے یہ فضل کیا (۳) کہ ینزل علیکم من السماء ماءً لیطہرکم بہ سایا جس سے چند فائدے حاصل ہوتے۔ اوّل لیطہرکم کہ مسلمان نہا کر پاک ہو گئے اور پانی پیا اور جانوروں کو پلایا اور ریت میں بھی قدم جمنے کے قابل ہو گئے۔ دوم یذہب عنکم رجز الشیطان وسوسہ شیطانی کہ بے پانی کے فتح مشکل ہے دُور کر دیا (رجز) وسوسہ مشقت۔ سوم لیربط علی قلوبکم مسلمانوں کے دل قوی کر دیئے جسمانی آسایش سے بھی اور آسمانی مدد کے آثار سے بھی۔ چہارم ویثبت بہ الاقدام قدم جما دیئے ظاہری طور پر بھی کیونکہ ریتے میں دھنسے جاتے تھے ایسی حالت میں جنگ میں دستواری ہوتی ہے اور یوں بھی ثابت قدمی ہو گئی۔ اس بارش میں بھی دو قول ہیں۔ بعض کہتے ہیں کہ اُس اونگھ کے بعد ایک بادل اُٹھا اور پانی برسا جس سے مسلمانوں کو بہت فائدہ پہنچا۔ دوم یہ کہ اس اونگھ سے پہلے بارش ہوئی۔ بدر میں جو پانی کی جگہ تھی اُس پر مشرکین نے اوّل سے قبضہ کر لیا تھا مسلمانوں کو پانی نہ ملنے سے بڑی تکلیف تھی اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے آسمانی پانی برسا دیا۔ (۴) اذ یوحی الخ یہ اُس روز کا چوتھا واقعہ ہے کہ خدا تعالیٰ نے فرشتوں کو وحی بھیجی کہ میں تمہارے ساتھ ہوں تم مسلمانوں کو ثابت قدم کرو یا بظاہر ان کے شریکِ حال ہو کیونکہ جب کوئی اپنے ساتھ ایک جماعت مددگار دیکھتا ہے تو دل قوی ہو جاتا ہے یا اس طور سے کہ جس طرح شیاطین کو دل میں وسواس ڈالنے کا قابو دیا گیا ہے اسی طرح ملائکہ کو نیک خیال پیدا کرنے کا بھی جس کو لمۃ والہام کہتے ہیں۔ سو ملائکہ نے مسلمانوں کے دل میں بہادری القاء کی، اور دلوں ہی کی قوت و ضعف پر فتح و شکست ہے۔ سألقی فی قلوب الذین کفروا الرعب یہ کلام بھی ملائکہ سے متعلق ہے کہ اُن سے یہ بھی کہا تھا سو ملائکہ نے کفار کے دل میں رُعب ڈال دیا اور اسی طرح فاضربوا الخ کا بھی ملائکہ کو حکم ہوا تھا کیونکہ ملائکہ کو طریقِ جنگ معلوم نہ تھا سو اُن کو بتلایا کہ ان مقامات پر مارو کہ اُن سے آدمی جلد نکما ہو جاتا ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ یہ مومنوں سے خطاب ہے، اور اس سے مقصود یہ کہ عضو یمیں سے لے کر جو گردن و سر ہے اخیر تک جہاں قابو پاؤ مارو۔ اس جنگ میں عین مقابلہ کے وقت آنحضرت علیہ السلام نے ریتے کی ایک مٹھی پھینکی اُن میں سے کوئی ایسا نہ تھا کہ جس کی دونوں آنکھوں میں نہ جا پڑا ہو اس موقع میں دلیرانِ اسلام نے مار مار کر ان کے ڈھیر کر دیئے ستر مارے گئے ستر مدینہ طیبہ میں قید ہو کر آئے باقی بھاگ گئے۔ ابوجہل وغیرہ بڑے بڑے

Marfat.com

سردارِ کفّار مارے گئے۔ کفر کا آج زور ٹوٹ گیا۔ عرب میں مسلمانوں کی آج دھاک مچ گئی۔ پھر اُن کی اُس رسوائی کا سبب بھی بیان کرتا ہے ذٰلِکَ بِاَنَّھُمْ کہ اُنھوں نے رسول کی نافرمانی کی تھی جس کا یہ مزا چکھا اور آئندہ جو نافرمانی کرے گا سزا پائے گا۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ
مسلمانو! جب کہ تم کفار سے (صف بصف) مقابل ہو جاؤ ۱۵

كَفَرُوْا زَحْفًا فَلَا تُوَلُّوْهُمُ الْاَدْبَارَ ۚ
لو اُن کو پیٹھ نہ دینا۔

وَمَنْ يُّوَلِّهِمْ يَوْمَئِذٍ دُبُرَهٗٓ
اور جو کوئی اُن کو اُس روز پیٹھ دے گا

اِلَّا مُتَحَرِّفًا لِّقِتَالٍ اَوْ مُتَحَيِّزًا اِلٰى
بجز اس کے کہ کوئی حیلۂ جنگ کرتا ہو یا لشکر میں پناہ لینے کو

فِئَةٍ فَقَدْ بَآءَ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَ
آتا ہو تو وہ خدا کا غضب لے کر پھرے گا اور اُس کا

مَاْوٰىهُ جَهَنَّمُ ۭ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝۱۶
ٹھکانا جہنم ہوگا۔ اور وہ (بہت ہی) بُری جگہ ہے۔

فَلَمْ تَقْتُلُوْهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ قَتَلَهُمْ ۠
پھر تم نے تو اُن کو قتل نہیں کیا ہے بلکہ اللہ تعالیٰ نے اُن کو قتل کیا۔

وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ
اور (اے محمدؐ!) آپ نے مٹی نہیں پھینکی جب کہ پھینکی تھی بلکہ اللہ تعالیٰ نے

رَمٰى ۚ وَلِيُبْلِيَ الْمُؤْمِنِيْنَ مِنْهُ
پھینکی تھی۔ اور (یہ) اس لئے کہ اللہ تعالیٰ مسلمانوں پر اپنی طرف سے

بَلَاۗءً حَسَنًا ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝۱۷
خوب احسان کیا چاہتا تھا بے شک اللہ تعالیٰ سُننے والا (اور) جاننے والا ہے۔

ذٰلِكُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ مُوْهِنُ كَيْدِ
بات یہ ہے اور اللہ تعالیٰ کو تو کافروں کا فریب بگاڑنا

لہ کفار نے مکہ سے نکلتے ہی دُعا کی تھی کہ الٰہی دونوں فریق میں سے جو حق پر ہو اُس کو فتح دے۔ اب اُن سے بطور طنز فرماتا ہے کہ فتح مل گئی ۱۲ منہ

الْكٰفِرِيْنَ ۝۱۸ اِنْ تَسْتَفْتِحُوْا فَقَدْ
تھا۔ (اے کافرو!) اگر تم فتح کے خواستگار تھے تو

جَاۗءَكُمُ الْفَتْحُ ۚ وَاِنْ تَنْتَهُوْا فَهُوَ
تو تمہارے پاس فتح بھی پہنچ چکی۔ اور اگر تم باز آؤ تو یہ تمہارے لئے

خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَاِنْ تَعُوْدُوْا نَعُدْ ۚ
بہت ہی بہتر ہے۔ اور اگر تم پھر کرو گے تو ہم بھی پھر مدد کریں گے۔

وَلَنْ تُغْنِيَ عَنْكُمْ فِئَتُكُمْ شَيْـــًٔا وَّ
اور تم کو تمہاری فوج کچھ بھی فائدہ نہ دے گی اگرچہ بہت ہی کیوں ۱۹

لَوْ كَثُرَتْ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝۱۹
نہ ہو۔ اور بے شک اللہ تعالیٰ تو ایمانداروں کے ساتھ ہے۔

ترکیب

اذا لقیتم شرط فلا تولّوا جواب جملہ ندا ہے زحفًا مصدر موضع حال میں وقیل ہو مصدر للحال المحذوفۃ ای تزحفون زحفا الادبار جمع دبر مفعول ثانی ہے تولّوہم کا ومن یولّہم شرط یومئذ ظرف دبرہ مفعول ثانی فقد باء جواب الّا متحرّفًا استثناء فی ہذہ الاحوال ای لا یجوز التولی فی ای حال الّا فی التحرف ای التعطف لقتال بان یریہم الکرّۃ کیدا ویریدالرجوع علیہم کرۃ او متحیزًا ای منضمًا الی فئۃ ای جماعۃ المسلمین۔ ذٰلکم ای الامر ذٰلکم۔

تفسیر

چونکہ اس جنگ بدر میں کامیابی بظاہر اسباب استقلال اور ثابت قدمی سے واقع ہوئی اس لئے ہمیشہ کے لئے مسلمانوں کو ہر ایک جنگ میں صبر و استقلال کا حکم دیتا ہے بقولہ یا ایّہا الذین آمنوا اذا زحف کے معنے آہستہ آہستہ قریب ہونا اصل میں زحف چوتڑوں کے بل چلنے کو کہتے ہیں۔ یہاں مراد لشکر سے دوسرے لشکر کا مقابلہ ہونا ہے

Marfat.com

اس آیت میں بجز دو صورتوں کے مقابلۂ کفار سے بھاگنا حرام قرار دیا گیا۔ ایک یہ کہ حیلہ اور داؤ مقصود ہو بظاہر تو بھاگنا معلوم ہو مگر الٹ کر مارنا مقصود ہو۔ دوم یہ کہ بھاگ کر اسلام کے لشکر میں آملنا مقصود ہو۔ جمہور کے نزدیک یہ حکم عام ہے مگر اگلی آیتِ تخفیف سے بھاگنا اس وقت میں حرام ہے کہ جب کافر برابر یا دو چند ہوں اور جب سہ چند یا اس سے بھی زیادہ ہوں تو اس صورت میں جان بچانے کے لئے بھاگنا جائز ہے۔ اور احادیثِ صحیحہ میں مقابلۂ کفار میں بھاگنا ان سات کبیرہ گناہ میں شمار ہوا ہے جو باعثِ ہلاکت ہیں۔ مگر ابو سعیدؓ و ابو نضرہؒ و عکرمہؒ و نافعؒ و حسنؒ و قتادہؒ و ضحاکؒ کہتے ہیں کہ یہ حکم خاص جنگِ بدر کے لئے تھا کیونکہ یہ اول جنگ تھی اور نیز یومئذٍ کی قید سے یہی سمجھا جاتا ہے۔ جمہور کے نزدیک یہ قول ضعیف ہے اور یومئذٍ سے مراد یوم الزحف ہے نہ یوم بدر اور نیز جنگِ بدر کے بعد یہ آیت اتری ہے اور اس کے لفظ عام ہیں۔ فلم تقتلوھم الخ مجاہدؒ کہتے ہیں کہ اس کے نزول کا سبب یہ ہوا کہ بدر کے بعد بعض کہتے تھے کہ میں نے یوں کیا، کوئی کہتا تھا کہ میں نے بہادری کی تھی۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی کہ یہ سب کچھ اس کے فضل سے ہوا بلکہ نبی علیہ السلام نے بھی جو بوقتِ مقابلہ ایک ریتے اور کنکروں کی مٹھی پھینکی تھی کہ جس سے وہ سب آنکھیں ملتے رہ گئے جس سے مسلمانوں نے ان کا کام تمام کیا یہ بھی ہمارے یدِ قدرت کا کام تھا۔ اس جملہ سے ہمیشہ کے لئے عجب اور انانیت کا خاتمہ کر دیا۔

ان تستفتحوا، عام مفسرین کے نزدیک کفار کی طرف خطاب ہے کہ تم جنگ سے پہلے کعبہ کا پردہ پکڑ کر کہتے تھے کہ اے اللہ تعالیٰ جو دینِ حق ہو اس کو فتحیاب کر۔ چنانچہ ابو جہل نے بھی ایسا ہی کیا تھا۔ سو تم نے فتح دیکھ لی بدر میں اسلام غالب رہا۔ اور اگر تم باز آؤ اور توبہ کرو تو تمہارے لئے بہتر ہے اور اگر تم پھر مقابلہ کرو گے تو ہم پھر اسلام کو فتحیاب کریں گے اور تمہاری کثرت و شوکت کچھ کام نہ آئے گی کیونکہ ہم ایمانداروں کے ساتھ ہیں۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ
مسلمانو! اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولؐ کی
وَرَسُوْلَهٗ وَلَا تَوَلَّوْا عَنْهُ وَاَنْتُمْ
فرمانبرداری کیا کرو، اور اس کو سن کر منہ مت پھیر لیا
تَسْمَعُوْنَ ﴿۲۰﴾ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ
کرو۔ اور تم ان لوگوں جیسے نہ ہو جاؤ جو یہ کہتے
قَالُوْا سَمِعْنَا وَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿۲۱﴾
ہیں کہ ہم نے سن لیا حالانکہ وہ نہیں سنتے۔
اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ عِنْدَ اللّٰهِ الصُّمُّ
خدا تعالیٰ کے نزدیک سب زمین پر چلنے والوں میں سے بدتر وہ حیوانات
الْبُكْمُ الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۲۲﴾ وَلَوْ
ہیں جو بہرے اور گونگے ہیں جو کچھ سمجھ نہیں رکھتے۔ اور اگر
عَلِمَ اللّٰهُ فِيْهِمْ خَيْرًا لَّاَسْمَعَهُمْ ؕ
اللہ تعالیٰ ان میں کچھ بہتری جانتا تو ان کو سنا ہی دیتا۔
وَلَوْ اَسْمَعَهُمْ لَتَوَلَّوْا وَّهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۲۳﴾
اور اگر ان کو سناتا بھی تو منہ موڑ کر الٹے پھر جاتے۔
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَجِيْبُوْا
مسلمانو! اللہ تعالیٰ اور (اس کے) رسولؐ کا کہا مانا کرو جب کہ وہ تم کو
لِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ اِذَا دَعَاكُمْ لِمَا
ایسی بات کی طرف بلاوے جو تم کو حیاتِ جاودانی
يُحْيِيْكُمْ ۚ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَحُوْلُ
بخشے۔ اور آگاہ رہو کہ اللہ تعالیٰ انسان کے دل پر
بَيْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِهٖ وَاَنَّهٗٓ اِلَيْهِ
مطلع رہتا ہے اور یہ بھی کہ تم اس کی طرف جمع
تُحْشَرُوْنَ ﴿۲۴﴾ وَاتَّقُوْا فِتْنَةً لَّا تُصِيْبَنَّ
کئے جاؤ گے، اور اس فتنہ سے بھی ڈرتے رہو کہ جو تم میں سے

ف معجزہ رمی تراب

Marfat.com

الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْكُمْ خَاصَّةً ۚ وَاعْلَمُوْٓا

خاص ظالموں ہی کو نہ پہنچے گا (بلکہ عام ہوگا) اور جان رکھو کہ

اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۲۵﴾

اللہ تعالےٰ سخت عذاب کرنے والا ہے۔

ترکیب

وانتم تسمعون جملہ حال ہے ولا تولّوا سے شرّ الدّواب اسم انّ الصّم البکم موصوف الذین موصول لایعقلون صلہ جملہ صفت مجموعہ خبر انّ اذا ظرف ہے استجیبوا کا للرسول جار اس فعل سے متعلق۔ وانہ معطوف ہے انّ اللہ پر مجموعہ معطوف اور معطوف علیہ مفعول واعلموا۔ لاتصیبنّ جملہ مستانفہ اور جواب ہے قسم محذوف کا لے واللہ لاتصیبنّ الظالمین خاصّۃ بل تعم، اور نہی بھی ہوسکتی ہے اور کلام معنے پر محمول ہوگا لے لاتدخلوا فی الفتنۃ فاتہا عقوبۃ عامۃ۔

تفسیر

فرمایا تھا انّ اللہ مع المؤمنین کہ اللہ تعالےٰ مسلمانوں کے ساتھ ہے۔ یہاں یہ بات بتلاتا ہے کہ خدا تعالےٰ کا تمہارے ساتھ ہونا کچھ تمہارے نام کے مسلمان کہلانے سے نہیں بلکہ ان شرائط سے ہے (۱) اطیعوا اللہ ورسولہ کہ اللہ تعالےٰ اور اُس کے رسولؐ کی فرمانبرداری کرو (۲) ولا تولّوا عنہ وانتم تسمعون کہ رسولؐ کا حکم سُن کر روگردانی نہ کرو۔ حقیقت میں جب تک مسلمانوں میں یہ دونوں باتیں رہیں خدا تعالےٰ کا سایہ اُن پر رہا دنیا کی سرسبز سلطنتیں باوجود بے سروسامانی کے اُن کے ہاتھ میں دیدیں۔ پھر اسی مضمون کی تاکید فرماتا ہے کہ تم اُن منافقوں جیسے نہ ہوجاؤ کہ جو زبان سے تو سمعنا کہتے ہیں اور دل سے نہیں سُنتے قضاوقدر نے ان میں حق کے سُننے اور ماننے کا مادہ ہی نہیں دیا جیسا کہ چارپایوں میں نہیں جو زمین پر چلنے والوں میں مذموم سمجھے جاتے ہیں وہ حق کے سُننے سے بہرے اور حق کے بولنے سے گونگے ہیں اس کے سوا عقل بھی نہیں جو باعث شرف ہے۔ اور خدا تعالیٰ نے جو اُن میں یہ قابلیت نہیں رکھی تو اس لئے کہ وہ ازلی گمراہ ہیں اگر سُنتے بھی تو اعراض کر جاتے۔

ولو علم اللہ فیہم الخ کی بابت بعض مفسّرین نے یہ بھی نقل کیا ہے کہ کفّار نے آنحضرت علیہ السّلام سے درخواست کی تھی کہ آپؐ **قصیّ بن کلاب** وغیرہ سیکڑوں برس کے مُردوں کو زندہ کردیں اگر وہ آپؐ کی نبوّت کی گواہی دیں گے تو ہم بھی مان لیں گے کیونکہ وہ عرب کے بزرگ ہیں۔ اس کے جواب میں یہ جملہ ہے کہ اگر ان میں قابلیت ہوتی تو خدا تعالےٰ ان کو سُنوا دیتا مگر اُن میں قابلیت نہیں اگر وہ زندہ بھی ہوں اور سُن بھی لیں تب بھی نہیں مانیں گے۔ اس کے بعد اُسی کی اطاعت کی تاکید فرماتا ہے اُس کا نفع بتلاکر اور عدول حکمی کا نقصان بتلاکر فقال لما یحییکم کہ اللہ تعالےٰ اور رسولؐ تم کو کسی عبث اور ضرر رساں بات کی طرف نہیں بُلاتے بلکہ اُس کی طرف جس میں تمہاری زندگانی ہے (یعنی قرآن کیونکہ یہ حیات روحانی کا باعث ہے اور ممکن ہے کہ جہاد خصوصًا مراد ہو کیونکہ اُس میں شہادت ملتی ہے جو حیات ابدی کا باعث ہے) کما قال ولا تقولوا لمن یقتل فی سبیل اللہ اموات بل احیاء۔ ولکن لاتشعرون اور نیز اس میں دشمن پر فتحیابی اور ثروت حاصل ہوتی ہے جو اصل زندگانی دنیا ہے مغلوب اور مقہور قوم کی زندگی کیا بلکہ موت ہے ؎ بُرے حال جیا تو خاک جیا۔ مرے جینے کا کچھ بھی مزا ہی نہیں ؛ یہ اطاعت کا فائدہ ہے اب خلاف کرنے میں نقصان بتلاتا ہے واعلموا الخ کہ نافرمانی کرکے غزہ نہ کرو کہ توبہ کرلیں گے دل اللہ تعالےٰ کے ہاتھ میں ہے وہ آدمی اور اُس کے دل کے درمیان آڑ ہوجاتا ہے یعنی اُس کام کے کرنے کی توفیق نہیں دیتا اور نیز ایک عام فتنہ پیدا کردیتا ہے جو نیک و بد سب کو مبتلا کردیتا ہے۔

لے حاشیہ ص۴۶۱ پر ملاحظہ ہو۔

Marfat.com

وَاذْكُرُوْٓا اِذْ اَنْتُمْ قَلِيْلٌ مُّسْتَضْعَفُوْنَ وَيَغْفِرَ لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ

اور (اس وقت کو) یاد کرو جب کہ تم زمین پر کم اور مغلوب اور تمھیں بخش دے گا۔ اور اللہ تعالےٰ بڑا فضل کرنے

الْعَظِيْمِ (۲۹)

والا ہے۔

فِي الْاَرْضِ تَخَافُوْنَ اَنْ يَّتَخَطَّفَكُمُ النَّاسُ فَاٰوٰىكُمْ وَاَيَّدَكُمْ بِنَصْرِهٖ

تھے (مکہ میں) ڈرا کرتے تھے کہ لوگ تمھیں اچک نہ لیں پھر اس نے تم کو جگہ دی اور اپنی مدد سے زور دیا

وَرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ (۲۶) يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

اور اچھی روزی دی تاکہ تم شکر کیا کرو۔ (۲۶) مسلمانو!

لَا تَخُوْنُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ وَتَخُوْنُوْٓا اَمٰنٰتِكُمْ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ (۲۷) وَاعْلَمُوْٓا

اللہ تعالےٰ اور رسول ؐ کی خیانت نہ کیا کرو اور نہ اپنی امانتوں میں خیانت کیا کرو حالانکہ تم (خوب) جانتے ہو (کہ خیانت بُری چیز ہے)۔ (۲۷) اور آگاہ رہو کہ

اَنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ (۲۸) يٰٓاَيُّهَا

تمھارے مال اور اولاد فتنہ ہیں اور یہ بھی کہ اللہ تعالےٰ کے پاس بڑا اجر ہے۔ (۲۸) مسلمانو!

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تَتَّقُوا اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّكُمْ فُرْقَانًا وَّيُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ

اگر تم اللہ تعالےٰ سے ڈرو گے تو وہ تمھیں فتح دے گا اور تمھاری بُرائیاں دور کر دے گا

ترکیب

وتخونوا یجوزان یکون مجزومًا عطفا علی الفعل الاوّل ای لا تخونوا اماناتکم وان یکون نصبًا علی الجواب بالواو۔ وانتم تعلمون جملہ حال ہے فاعل لا تخونوا سے وانّ اللہ معطوف ہے انما اموالکم پر معطوف اور معطوف علیہ اعلموا کے مفعول ہیں ان تتّقوا شرط یجعل لکم جواب۔

تفسیر

ان آیات میں اپنی نعمت اور مسلمانوں کی پہلی حالت جتلا کر جو اطاعت و توکّل پر محرک ہے اللہ تعالےٰ اور اُس کے رسول ؐ کی اور آپس کی خیانت سے منع فرماتا ہے جو باہمی اتفاق اور محبّت میں خلل انداز اور اسلام کی جماعت میں خلل پیدا کرنے والی چیز ہے اور خیانت کا باعث بیشتر اولاد اور مال کی محبت ہوتی ہے سو اُس کو فتنہ قرار دیتا ہے اور آخرت میں اجرِ عظیم کا وعدہ فرماتا ہے۔

اس کے بعد مسلمانوں سے خطاب کر کے فرماتا ہے کہ اگر تم اللہ تعالےٰ سے ڈرتے رہو گے، کفر و شرک و کبائر سے بچو گے تو ہم تمھارے لئے تین باتیں کریں گے۔ اوّل تم میں اور کافروں میں فرق کریں گے دنیا میں بھی اور آخرت میں۔ دنیا میں تمھارے دل منوّر، چہرے روشن، مکارمِ اخلاق، فتحمندی، غلبہ دیں گے، آخرت میں نجات جنّت اور اُن کے لئے اس کے برخلاف

(حاشیہ صفحہ ۴۶۰) ؎ یعنی خدا تعالےٰ کی نافرمانی سے دنیا پر مصائب نازل ہوتے ہیں جن میں نیک و بد سب ہی آجاتے ہیں جیسا کہ وبا اور قحط یا غیر قوموں کا محکوم ہونا یا آپس کی پھوٹ جس کا بُرا اثر نیکیوں پر بھی پہنچتا ہے چونکہ جب حضرت عثمان ؓ کے عہد میں لوگوں نے معصیت اختیار کی خلیفۂ برحق کو شہید کیا تو صحابہ ؓ میں عام فتنہ جنگ و جدل قائم ہوا جس میں حضرت علی ؓ اور حضرت عائشہ ؓ صدیقہ اور زبیر بن العوام ؓ بڑے بڑے جلیل القدر صحابہ ؓ مبتلا ہوئے اس لحاظ سے بعض مفسرین رحمہم اللہ کہا ہے کہ آیت صحابہ ؓ کے حق میں نازل ہوئی ہے اگر تسلیم بھی کیا جائے تو اس فتنہ کے مبتلاؤں کو بُرا سمجھنے کی کوئی وجہ نہیں کیونکہ آیت میں تصریح ہے کہ یہ فتنہ ظالم اور غیر ظالم سب پر پہنچے گا احادیث صحیحہ میں اس کی تصریح ہے ۱۲ منہ ف (فرقان سے اس جگہ مراد یوم بدر ہے چونکہ یوم بدر کو یوم فرقان بھی کہتے ہیں ۱۲ حقانی

Marfat.com

وَاِذْ يَمْكُرُ بِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِيُثْبِتُوْكَ
اور (اے نبی ﷺ یاد کرو) جب کہ کافر آپ پر داؤ کرتے تھے کہ آپ کو قید کریں

اَوْ يَقْتُلُوْكَ اَوْ يُخْرِجُوْكَ ۭ وَيَمْكُرُوْنَ
یا مار ڈالیں یا شہر سے نکال دیں۔ اور وہ داؤ کرتے تھے

وَيَمْكُرُ اللّٰهُ ۭ وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ ﴿۳۰﴾
اور اللہ تعالیٰ بھی داؤ کرتا تھا۔ اور خدا تعالیٰ خوب داؤ کرنا جانتا ہے۔

وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا قَالُوْا قَدْ سَمِعْنَا
اور جب کہ ان کو ہماری آیتیں سنائی جاتی ہیں تو کہتے ہیں (اچھا جی) سن لیا

لَوْ نَشَاۗءُ لَقُلْنَا مِثْلَ هٰذَآ ۙ اِنْ هٰذَآ
اگر چاہیں تو ہم بھی ایسا کہہ سکتے ہیں۔ یہ تو صرف پہلے لوگوں

اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۳۱﴾ وَاِذْ قَالُوْا
کے قصے ہیں (اور وہ وقت بھی یاد کرو) جب کہ انھوں نے یہ کہا کہ

اللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ هٰذَا هُوَ الْحَقَّ
اے اللہ تو اگر تیری طرف سے یہ (دین) حق ہے تو ہم پر

مِنْ عِنْدِكَ فَاَمْطِرْ عَلَيْنَا حِجَارَةً
آسمان سے پتھر برسا دے

مِّنَ السَّمَاۗءِ اَوِ ائْتِنَا بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۳۲﴾
یا ہم پر عذاب الیم بھیج دے۔

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ ۚ
اور اللہ تعالیٰ تو ایسا نہیں کہ ان کو عذاب دے اور آپ ان میں موجود بھی ہوں۔

وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ
اور اللہ تعالیٰ کو شایاں نہیں کہ وہ معافی مانگتے ہوں اور وہ (پھر) ان کو

يَسْتَغْفِرُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَمَا لَهُمْ اَلَّا يُعَذِّبَهُمُ
عذاب دے۔ اور اللہ تعالیٰ ان کو کس لئے عذاب نہ

اللّٰهُ وَهُمْ يَصُدُّوْنَ عَنِ الْمَسْجِدِ
کرے گا حالانکہ وہ لوگوں کو مسجد الحرام سے روکتے

الْحَرَامِ وَمَا كَانُوْٓا اَوْلِيَاۗءَهٗ ۭ اِنْ
ہیں اور یہ انکے متولی بھی نہیں،

فرقان کے معنے مجاہدؒ نے دنیا اور آخرت کی رستگاری اور مقاتل ابن حیانؒ نے دینی شبہات سے چھٹکارا اور عکرمہؒ نے نجات پانا خوفناک چیزوں سے بیان کئے ہیں۔ یہ مصدر ہے جیسا کہ رجحان۔ دوم تمھاری برائیاں چھپا دیں گے۔ سوم آخرت میں معاف کر دیں گے۔ اور واللہ ذو الفضل العظیم میں دنیا اور آخرت کی نعماء جلیلہ کی طرف اشارہ ہے۔ لا تخونوا اللہ الخ میں کسی خاص خیانت اور کسی شخص کا نام نہیں بلکہ عموماً ہر قسم کی خیانت کی ممانعت ہے خواہ مال کی ہو خواہ غنیمت کے مال کی خواہ آبرو اور کسی راز کی۔ مگر مفسرین نے اس کو بعض اشخاص کی خیانت اور ان کے واقعہ کی طرف بھی لگایا ہے۔ چنانچہ سدیؒ نے کہا کہ اس میں منافقوں اور بعض دیگر شخصوں کی طرف اشارہ ہے جو مشرکین سے میل و محبت رکھتے تھے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی باتیں جو جنگ سے متعلق ہوتی تھیں ان کے پاس پہنچا دیتے تھے۔ زہریؒ اور کلبیؒ کہتے ہیں کہ اس میں ابولبابہؓ رفاعۃ بن عبدالمنذر انصاریؓ کی طرف خطاب ہے کہ انھوں نے یہود بنی قریظہ کو اپنے حلق کی طرف اشارہ کرکے ان کا قتل کیا جانا بتلا دیا تھا جس کے جرم میں انھوں نے اپنے آپ کو مسجد نبوی کے ستون سے باندھ دیا تھا کہ جب میری توبہ ہوگی تو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم خود کھول دیں گے۔ چنانچہ سات روز کے بعد توبہ قبول ہوئی تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کھولا۔ بعض نے کہا ہے کہ حاطب بن ابی بلتعہؓ کی طرف اشارہ ہے جنھوں نے اہل مکہ کو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے ارادہ سے مطلع کر دینا چاہا تھا کہ آپ ان پر چڑھائی کرنا چاہتے ہیں، واللہ اعلم۔

ف ۱ یعنی قریظہ یہود کا ایک قبیلہ مدینہ کے پاس رہتا تھا انھوں نے باوجود معاہدے کے جنگ احزاب میں جب کہ مشرکوں نے مدینہ کا محاصرہ کر لیا تھا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے سخت بدعہدی کی تھی مشرکین کے جانے کے بعد آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے بنی قریظہ کا محاصرہ کیا۔ اکیس روز محاصرہ رہا جب وہ تنگ آئے تو آپ نے ابولبابہؓ کو بھیجا جو انھیں کی گڑھی میں رہتے تھے کہ باہر نکلو ہم تم سے کوئی اقرار نہیں کرتے۔ ابولبابہؓ نے اشارہ سے آپ کا ارادہ انھیں بتلا دیا۔ یہ خیانت تھی ۱۲ منہ

Marfat.com

اَوْلِيَآؤُهٗٓ اِلَّا الْمُتَّقُوْنَ وَلٰكِنَّ
متولی تو پرہیزگار ہی ہیں۔ لیکن بہت
اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۴﴾ وَمَا كَانَ
سے اُن میں سے جانتے بھی نہیں۔ اور بیت اللہ کے پاس
صَلَاتُهُمْ عِنْدَ الْبَيْتِ اِلَّا مُكَآءً وَّ
سیٹیاں اور تالیاں بجانے کے سوا اُن کی نماز ہی کیا
تَصْدِيَةً ؕ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ
تھی۔ (قیامت میں اُن سے کہا جائے گا) اپنے کفر کرنے کے
بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۳۵﴾
بدلہ میں عذاب چکھو۔

ترکیب

واذ یمکر اور اذ قالوا کا عامل عامۂ مفسرین کے نزدیک اذکروا ہے والارجح ماذکرنا فی مقدمۃ تفسیرنا۔ واذ شرط قالوا جواب شرط ان شرطیہ ہذا کان کا اسم الحق خبر ہو دونوں میں فاصل۔ من عندک الحق کی صفت فامطر الی عذاب الیم جواب شرط مجموعہ مقولہ ہے قالوا کا اللھم نداء اے یا اللہ ان لایعذبھم اے فی ان لایعذبھم فھو فی موضع نصب او جر۔ صلاتھم جمہور صلاۃ کو بالرفع اور مکاء کو بالنصب پڑھتے ہیں اور اعمش بالعکس پڑھتے ہیں مکاء کی ہمزہ و سے بدل ہے من مکا یمکو۔

تفسیر

ان آیات میں خدا تعالیٰ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے قیام مکہ کے زمانہ کی چند باتیں یاد دلاتا ہے جو مسلمانوں اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو تکلیف دیتی تھیں کہ ہم نے تم کو ان حوادث سے بچایا جیسا کہ یہ بیان کیا تھا کہ تم مکہ میں بہت کم اور نہایت کمزور تھے ہم نے تم کو مدینہ میں امن دیا تمہاری شوکت و قوت پیدا کی۔ **ازانجملہ** واذ یمکر بک ہے، جب قریش نے دیکھا کہ مدینہ طیبہ کے لوگ آنحضرت علیہ السلام پر ایمان لے آئے تو دل میں نہایت طیش کھا کر ایک مقام **دار الندوہ** میں قریش کے بڑے بڑے سردار عتبہ اور شیبہ ربیعہ کے بیٹے اور ابوجہل بن ہشام و ابوسفیان و طعیمہ بن عدی و نضر بن الحارث و امیۃ بن خلف و زمعۃ ابن الاسود و ابوالبختری بن ہشام و حکیم بن حزام وغیرہ جمع ہوئے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی نسبت تجویزیں کرنی شروع کیں۔ کسی نے کہا ان کو ایک مکان میں قید کردو کہ یہیں مرجائے، کسی نے کہا اس کو جلا وطن کردو، ابوجہل نے کہا کہ قبائل قریش سے ایک ایک جوان تلوار لے کر ایک بار اس کو مار ڈالے بنی ہاشم تمام قبائل قریش کے مقابلہ میں کچھ نہ کرسکیں گے آخر دیت پر فیصلہ ہوجاوے گا۔ یہ سب نے تسلیم کیا اور رات کو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا محاصرہ ٹھہرایا۔ جبرئیل نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو خبر دی۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم حضرت ابوبکرؓ کو ساتھ لے کر جبل ثور کے غار میں جا چھپے۔ حضرت علیؓ کو اپنے بستر پر سُلا گئے۔ صبح کو جو دیکھا تو حضرتؐ نہ ملے۔ پاؤں کے نشان دیکھتے ہوئے غار ثور تک پہنچے۔ اُس کے مُنہ پر مکڑی کا جالا دیکھ کر ہٹ گئے کہ اگر اس میں کوئی جاتا تو جالا نہ ہوتا اس بات کو اذ یمکر الخ میں یاد دلایا کہ اللہ تعالیٰ کا داؤ چل گیا ان کا رد ہوا۔ **ازانجملہ** اذا تتلیٰ الخ ہے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم جب قرآن مجید کی آیات سُناتے تو نضر بن حارث جو فارس اور حیرہ میں تجارت کو جاتا تھا اور وہاں سے رستم و اسفندیار کے قصے سُن کر آیا کرتا وہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے مقابلہ میں یہ کہتا تھا کہ ایسے قصے میں بھی بیان کرسکتا ہوں۔ **ازانجملہ** واذ قالوا اللھم ہے یہ بھی نضر بن حارث

ف یہاں سے یہ بات ثابت ہوئی کہ اہل اسلام میں سے مسجد الحرام یعنی خانۂ کعبہ کا مالک متولی ہمیشہ متقی فریق رہے گا اور آج تک یہی ہوا ہے ۱۲ منہ عہ المکاء بروزن فعال جیسا کہ الغناء۔ اور الرغاء من مکا یمکو اذا صفر والمکاء الصفیر۔ التصدیۃ من صدی یصدی تصدیۃ اذا صفق بیدیہ۔ کشاف ۱۲ منہ

Marfat.com

ع ۹
۱۸

کی طرف اشارہ ہے وہ یہ کہا کرتا تھا اور سأل سائل بعذاب واقع میں بھی اس کی طرف اشارہ ہے انس بن مالک رضؓ کہتے ہیں اذ قالوا اللّٰھم ابوجہل نے کہا تھا سو بدر کے روز عذاب دنیاوی پالیا۔ وما کان اللّٰہ ان کے قول کے جواب میں یہ فرمایا کہ بالفعل ہم ان کو دو سبب سے عذاب نہیں کرتے اوّل یہ کہ اے محمدؐ! آپ نبی الرحمۃ ان میں موجود ہو تو تمہاری موجودگی میں عذاب کیونکر آوے۔ دوم وہ خود یا بعض مسلمان مکہ میں خدا تعالیٰ سے معافی مانگ رہے ہیں۔ مگر ان دونوں باتوں کے بعد مالھم الا یعذبھم خدا تعالیٰ ان کو کیوں عذاب نہ کرے گا حالانکہ قابلِ عذاب یہ باتیں ان میں پائی جاتی ہیں اوّل یہ کہ ایمانداروں کو مسجد الحرام سے روکتے ہیں اور خود اس کے اہل نہیں کیونکہ اس کے اہل ایماندار ہیں۔ دوم ان کی عبادت مسجد الحرام کے پاس ایک لغو حرکت ہے سیٹیاں اور تالیاں بجانا جس سے مسلمانوں کی نماز میں خلل پڑتا ہے۔

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا يُنفِقُونَ أَمْوَالَهُمْ
کافر تو اپنا مال اس لئے خرچ کیا کرتے ہیں کہ لوگوں کو اللّٰہ تعالیٰ
لِيَصُدُّوا عَن سَبِيلِ اللَّهِ ۚ فَسَيُنفِقُونَهَا
کے رستے سے روکیں۔ سو ابھی اور بھی خرچ
ثُمَّ تَكُونُ عَلَيْهِمْ حَسْرَةً ثُمَّ يُغْلَبُونَ ۗ
کریں گے پھر تو وہ ان کے لئے حسرت و افسوس کا باعث ہوجائے گا پھر وہ مغلوب ہو کر رہیں گے
وَالَّذِينَ كَفَرُوا إِلَىٰ جَهَنَّمَ يُحْشَرُونَ ﴿٣٦﴾
اور کفر کرنے والے جہنم کی طرف ہانکے جائیں گے۔
لِيَمِيزَ اللَّهُ الْخَبِيثَ مِنَ الطَّيِّبِ وَ
تاکہ خدا تعالیٰ ناپاک کو پاک سے جدا کرے اور
يَجْعَلَ الْخَبِيثَ بَعْضَهُ عَلَىٰ بَعْضٍ
ایک ناپاک کو دوسرے پر دھر کر ڈھیر بنائے

فَيَرْكُمَهُ جَمِيعًا فَيَجْعَلَهُ فِي جَهَنَّمَ ۚ
پھر سب کو جہنم میں ڈال دے۔
أُولَٰئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ ﴿٣٧﴾ قُل
یہی ہیں زیاں کار۔ (آپ)
لِّلَّذِينَ كَفَرُوا إِن يَنتَهُوا يُغْفَرْ
کافروں سے کہدیں کہ اگر باز آجاویں تو ان کے گزشتہ قصور
لَهُم مَّا قَدْ سَلَفَ وَإِن يَعُودُوا
معاف کردیئے جاویں گے۔ اور جو پھر وہی کریں گے تو
فَقَدْ مَضَتْ سُنَّتُ الْأَوَّلِينَ ﴿٣٨﴾ وَ
پہلوں کا دستور بھی چلا آتا ہے۔ اور
قَاتِلُوهُمْ حَتَّىٰ لَا تَكُونَ فِتْنَةٌ وَيَكُونَ
ان سے اس وقت تک لڑو کہ کچھ بھی فتنہ (کفر) باقی نہ رہے اور بالکل
الدِّينُ كُلُّهُ لِلَّهِ ۚ فَإِنِ انتَهَوْا فَإِنَّ
اللّٰہ تعالیٰ ہی کی پرستش رہ جاوے۔ پھر اگر وہ باز آدیں تو
اللَّهَ بِمَا يَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ﴿٣٩﴾ وَإِن
اللّٰہ تعالیٰ ان کے کام دیکھ رہا ہے۔ اور اگر نہ مانیں تو
تَوَلَّوْا فَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ مَوْلَاكُمْ ۚ
(مسلمانو!) یاد رکھو اللّٰہ تعالیٰ تمہارا بھی کارساز ہے۔
نِعْمَ الْمَوْلَىٰ وَنِعْمَ النَّصِيرُ ﴿٤٠﴾
جو بہت ہی اچھا کارساز اور بہت ہی اچھا مددگار ہے۔

ترکیب

ینفقون اموالھم خبر ہے انّ کی لیصدّوا ینفقون سے متعلّق ویجعل کا الخبیث مفعولِ اوّل بعضہ اس سے بدل بدل البعض علیٰ بعض مفعول ثانی بواسطۂ جرائے بعض الخبیث علیٰ بعض او بعض الخبیث عالیاً علیٰ بعض۔ ان ینتھوا شرط یغفر جواب ما قد سلف مفعول مالم یسم فاعلہ

لہ کہ اگر یہی دین کہ جس کی طرف (محمد صلے اللّٰہ علیہ وسلم) بُلا رہے ہیں برحق اور تیری طرف سے ہے تو ہم پر آسمان سے پتھر برسادے یا اور کوئی عذابِ الیم نازل کردے لیکن تب بھی ہم اس کو نہ مانیں گے، اللّٰہ رے ضد ۱۲ منہ

۵ الرکم الجمع والضم یقال رکم الشئ یرکمہ اذا جمعہ والقیٰ بعضہ علیٰ بعض من باب نصر والرکام الرمل المتراکم والسحاب ونحوہ ۱۲ منہ (مختار الصحاح)

Marfat.com

یغفر کا فتنۃ اسم ہے کان تامہ کا کلّہ الدین کی تاکید یہ اسم اللہ خبر نعم المولےٰ مخصوص بالمدح اللہ محذوف۔

تفسیر

یہاں اُن کے قابل عذاب ہونے کی ایک اور بات بیان فرماتا ہے کہ وہ اپنے مال اللہ تعالےٰ کے رستے سے روکنے کے لئے خرچ کرتے ہیں۔ چنانچہ بدر کی جنگ میں ابو جہل وغیرہ قریش کے مالدار خدا پرستوں کے مقابلہ میں اُن کفّاروں کو کھانا دیتے تھے جن کو ہدم اسلام کے لئے میدان بدر میں لاتے تھے۔ پھر بطورِ پیشین گوئی کے فرماتا ہے کہ ابھی اور بھی خرچ کریں گے چنانچہ جنگ بدر کے بعد ابو سفیان نے مسلمانوں کے مقابلہ کے لئے بہت کچھ مال صرف کیا اور جنگِ اُحد میں لوگوں کو چڑھا لایا پھر اس خرچ کرنے کا ماٰل کار بتلاتا ہے کہ یہ اُن کے لئے آخرت میں یا اگر وہ مسلمان ہوگئے تو دنیا میں حسرت وافسوس کا باعث ہوجاوے گا۔ دوم وہ اس خرچ کرنے سے غالب نہ ہوں گے بلکہ دنیا میں مغلوب ہوں گے اور آخرت میں جہنّم میں جاویں گے سو ایسا ہی ہوا۔ اور یہ خرچ کرنا اُن کا اس لئے ہے تاکہ دُنیا میں خبیث اور طیّب یعنی کافر اور مومن میں امتیاز ہوجاوے یا پاک اور ناپاک مال میں امتیاز ہوجاوے۔ ناپاک شیطانی کاموں میں اور پاک رحمانی کاموں میں صرف ہوا کرتا ہے پھر اس کُل ناپاک کا تو وہ لگا کر جہنّم میں ڈال دیا جاوے گا اور اس تجارت میں اُن کو سخت خسارہ ہوگا کیونکہ نفع کے لئے صَرف کیا تھا اُلٹا نقصان دارین حاصل ہوا۔

اس کے بعد کفار کو اعلان دیا جاتا ہے کہ تم باز آؤ گے اور اسلام لاؤ گے تو تمھارے یہ گناہ کُفر کی حالت کے معاف ہوجائیں گے اور نہیں تو عادتِ الٰہی جاری ہے کہ وہ جماعت انبیاءؑ کو سرسبز کیا کرتا ہے۔ نمرود و فرعون سب ہلاک ہوئے۔ پھر مسلمانوں کو حکم دیتا ہے کہ تم ان سے جنگ کئے چلے جاؤ یہاں تک کہ فتنۂ کفر و معاصی مٹ جائے اور زمین پر راستی قائم ہوجاوے اگر اس میں وہ باز آگئے تو خیر ورنہ تم اطمینان رکھو خدا تعالےٰ تمھارا حامی و مددگار ہے اور وہ سب سے اچھا حامی و مددگار ہے کسی کی پروا نہ کرو۔

Marfat.com

Marfat.com

تفسیر حقانی

پارۂ واعلموا

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ

اور جان رکھو کہ جو کچھ تم غنیمت حاصل کرو

فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِي

تو اُس کا پانچواں حصّہ اللہ تعالیٰ اور رسولؐ اور قرابت

الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ

داروں اور یتیموں اور مسکینوں اور

السَّبِيْلِ اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ وَ

مسافروں کے لئے ہے اگر تم اللہ تعالیٰ پر ایمان لائے ہو اور

مَآ اَنْزَلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا يَوْمَ الْفُرْقَانِ

اس پر جو ہم نے فیصلہ کے دن جب کہ دو لشکر آپس کے تھے اپنے بندے پر

يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى

نازل کیا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۴۱﴾ اِذْ اَنْتُمْ بِالْعُدْوَةِ

قادر ہے۔ جب کہ تم پاس کے ناکے پر

الدُّنْيَا وَهُمْ بِالْعُدْوَةِ الْقُصْوٰى

اور وہ اُدھر کے ناکے پر تھے عہ

وَالرَّكْبُ اَسْفَلَ مِنْكُمْ ؕ وَلَوْ تَوَاعَدْتُّمْ

اور قافلہ تم سے نیچے اُتر گیا تھا۔ اور اگر تم آپس میں جنگ

لَاخْتَلَفْتُمْ فِي الْمِيْعٰدِ ۙ وَلٰكِنْ لِّيَقْضِيَ

کا وعدہ بھی کرتے تو وقت پر یکساں نہ پہنچتے۔ لیکن اللہ تعالیٰ کو تو

اللّٰهُ اَمْرًا كَانَ مَفْعُوْلًا ۙ لِّيَهْلِكَ

ایک کام کرنا تھا جو مقدر ہو چکا تھا۔ تاکہ جو ہلاک ہو تو حجت

مَنْ هَلَكَ عَنْۢ بَيِّنَةٍ وَّيَحْيٰى مَنْ

تمام ہو کر ہلاک ہو اور جو زندہ رہے تو

حَيَّ عَنْۢ بَيِّنَةٍ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ

حجت تمام ہو کر زندہ رہے، اور بے شک اللہ تعالیٰ

لَسَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۴۲﴾

سُنتا جانتا ہے۔

ترکیب

انما غنمتم ما بمعنے الذی والعائد محذوف من شیٔ حال من العائد المحذوف والتقدیر ما غنمتموہ قلیلاً وکثیراً یہ سب مبتدا فان للہ خمسہٗ جملہ خبر وفی الفاء وجہان احدہما انہا دخلت فی خبر الذی لما فیہا معنے الشرط والثانی وما عملت فیہ فی موضع رفع خبر مبتدا تقدیرہٗ فالحکم

عہ العدوۃ بضم العین فی موضعین وکذا بالفتح والکسر وقری بہما ایضا ہی شط الوادی وحافتہ عدت لان یتجاوز ہا ما فی الوادی من ماء وغیرہ وقال ابو عمرو ہی المکان المرتفع (ٹیلہ) والدنیا تانیث الادنی من الدنو لے القرب من المدینۃ والقصوٰی تانیث الاقصی من قصی یقصو ای البعد والمعنی انتم بالجانب القریب من المدینۃ وعدوکم بالجانب البعید ۱۲ منہ

Marfat.com

ان للہ خمسہ وآثانی ان الفاء زائدۃ وآن بدل من الاولے اذا تم بدل ہے یوم سے العدوۃ بالضم والکسر القصوے علے الاصل والقیاس ان تکون القصیا کالدنیا لانہا صفۃ تقلب واو ہا یاءً فرقا بین الاسم والصفۃ ؛

تفسیر

چونکہ کفار کے ساتھ جب تک کہ فتنہ نہ مٹ جائے جنگ کرنے کا حکم دیا تھا اور نصرت و مددِ الٰہی کا وعدہ ہوا تھا جس سے کفار پر فتح وغلبہ اور اُن کے مال پر قبضہ ہونا سمجھا جاتا تھا اس لئے اُس کے بعد اس مال کی تقسیم اور اُس کے حصّے بیان کرنے کی بھی ضرورت ہے اس لئے واعلموا انما غنمتم من شیءٍ ، الانفال للہ والرسول کے بعد اُس کی تصریح و تشریح کے لئے نازل کیا۔

واضح ہو کہ فیٔ اور غنیمت اکثر اہلِ علم کے نزدیک ایک ہی چیز ہے یعنی وہ مال کو جو غلبہ سے مسلمانوں کے ہاتھ آئے اور فیٔ بعض اہلِ علم کے نزدیک وہ مال ہے کہ جو بغیر جنگ وجدل کفار سے ہاتھ آئے جیسا کہ وہ مسلمانوں سے دب کر جزیہ دینا قبول کریں یا وہ محصول جو اُن سے لیا جاتا ہے یا اُن کے لاوارث مال۔ غنیمت کی تقسیم خواہ وہ کسی قدر ہو (مگر غیر منقول اسباب جامداد واملاک محققین[1] کے نزدیک اس سے مستثنیٰ ہیں وہ امام کے اختیارات میں رہیں گے جن کو وہ حسب ضرورت خرچ کرنے کا مجاز رکھتا ہے) اس آیت میں یوں تقسیم کی گئی کہ کُل مال کے پانچ حصّے کرکے اُن میں سے ایک حصّہ جس کو خُمس کہتے ہیں اللہ تم اور رسول اور رسول کے قرابت مندوں اور فقیروں اور یتیموں اور مسافروں کے لئے ہوگا۔ یعنی اُس خُمس کے پانچ حصّے کئے جاویں گے۔ مگر ابو العالیہ کہتے ہیں کہ اس کے چھ حصّے کئے جاویں گے پانچ تو یہی اور چھٹا اللہ تم کا حصّہ خانہ کعبہ کی تعمیر کے لئے ہوگا کیونکہ للہ بھی مذکور ہے۔ جمہور کے نزدیک لفظ اللہ محض تعظیم کے لئے افتتاح کلام میں آیا ہے جیسا کہ

[1] امام ابو حنیفہ بھی یہی فرماتے ہیں ۱۲ منہ

قل الانفال للہ والرسول میں آیا ہے کیونکہ تمام چیزیں اللہ تعالےٰ ہی کی ہیں اس کو حصّہ کی کیا حاجت ہے اور تعمیر کعبہ امام اور اہل اسلام کا فرض ہے اور نیز خیبر کے غنائم میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے لوگوں سے یہی فرمایا تھا کہ صاحبو! میرے لئے تو اس میں سے خُمس ہے سو وہ بھی تمھیں لوگوں کو لوٹ کر دیا جاتا ہے۔

آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا حصّہ آپ کے مصارف خانہ داری میں صرف ہوتا تھا اور ذوی القربےٰ کے حصّہ کو اپنے اقارب میں صَرف کرتے تھے۔ حضرت کے اقارب کی تفسیر میں کہ جن کو حصّہ دیا جاتا تھا اہلِ علم کے مختلف قول ہیں بعض نے سب قریش کو لیا ہے۔ مجاہد و علی بن حسین نے بنی ہاشم کو خاص کیا ہے۔ امام شافعیؒ کے نزدیک بنی ہاشم اور بنی المطلب مراد ہیں نہ بنی عبد شمس نہ بنی نوفل۔ کیونکہ جبیر بن مطعم وعثمان نے آکر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا تھا کہ آپ نے بنو المطلب کو دیا حالانکہ ہم اور وہ آپ سے قرابت میں مساوی ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ وہ اور بنی ہاشم ایک ہی ہیں یعنی انھوں نے جاہلیت میں اسلام کی مدد کی تھی (فی الصحیح) فقراء اور مسافرین اور یتامیٰ میں جمہور کے نزدیک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی قرابت اور غیر قرابت کی کچھ قید نہیں کوئی ہو۔ مگر امام زین العابدین رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے نزدیک ان میں بھی قرابت کی قید ہے۔

آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بعد اُس خُمس کی تقسیم میں عُلماء کے دو[2] قول ہیں۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا حصّہ جمہور کے نزدیک میں امام ابو حنیفہؒ اور شافعیؒ بھی ہیں اسلام کے مصارف اور اس کی ضرورتوں میں صرف ہوگا کیونکہ اب آپ کو کوئی ضرورت باقی نہیں رہی۔ چنانچہ اعمش نے ابراہیمؒ سے روایت کی ہے کہ حضرت ابو بکرؓ و حضرت عمرؓ آپ کا حصّہ ہتھیاروں اور اسباب جہاد کی خرید میں

[2] یعنے بعد وفات ۱۲ منہ

Marfat.com

صرف کرتے تھے۔ (معالم) بعض نے کہا کہ وہ ذوی القربٰے اور یتامیٰ اور مساکین اور ابن السبیل کو تقسیم ہوگا اسی طرح آپ کے اقارب کے حصّہ میں بھی اختلاف ہے امام شافعیؒ اور امام مالکؒ کہتے ہیں کہ بعد میں بھی آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے اقارب کو حصّہ ملے گا۔ مرد کو دوگنا عورت کو اکہرا۔ امام ابوحنیفہؒ اور دیگر علماء کہتے ہیں کہ اقارب کی خبرگیری بھی انسان کے ذاتی حوائج میں داخل ہے جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ذاتی حوائج بشریہ سے مبرّا ہوگئے تو یہ حقوق بھی ساقط ہوگئے۔ پس اُن میں سے غربا اور یتامیٰ کی پرورش بیت المال کے ذمہ ہے۔ اس تقدیر پر وہ خمس اس زمانہ میں مساکین ویتامیٰ وابن السبیل کو بیت المال کے ذریعہ سے وقتاً فوقتاً دیا جاوے گا۔ رہے غنیمت کے چار حصّے باقی اُن کی تقسیم آیت میں مذکور نہیں احادیث سے علماء نے اُن کا مجاہدین میں تقسیم کرنا ثابت کیا ہے۔ امام ابوحنیفہؒ نے اس طور سے کہ سوار کے لئے دو حصّے، پیدل کا ایک حصّہ۔ دیگر علماء نے تین حصے قائم کئے ہیں ایک گھوڑے کا دو اُس کی ذات کے۔

امام مالکؒ اور اکثر مالکیہ کہتے ہیں کہ امام کو اختیار ہے ہر حاجت اور ضرورت میں حسب مصلحت صرف کرے عہ اور کہتے ہیں کہ خلفائے اربعہؓ آپؐ کے بعد ایسا ہی کیا کرتے تھے کیونکہ ایسا نہ ہو تو امام کے پاس کوئی ذخیرہ کافی جمع نہ ہو جس کو بوقتِ ضرورت اُمورِ مُہمّہ میں صرف کیا جاوے اور نیز ایسی صورت میں سلطنتِ اسلام کا ضعف متصوّر ہے۔ گو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی حیات میں صحابہؓ کو چند مواقع پر ضرورت سمجھ کر اس طرح سے تقسیم کیا مگر اب موقع اور مصلحت اسی کی مقتضی ہے، واللہ اعلم۔ اسی طرح فَیٔ بھی اکثر کے نزدیک رائے امام کی طرف مُفوّض ہے اور یہی جمہور کا مسلک ہے اس کے بعد اس حکم تقسیم کو مؤکّد کرتا ہے کہ یہ جو ہم نے فرمایا ہے اس کو تسلیم کرو اور برحق جانو ان کنتم آمنتم باللہ وما انزلنا علےٰ عبدنا یوم الفرقان یوم التقی الجمعٰن اور اُس پر یقین کرتے ہو جو ہم نے اپنے بندہ محمد (صلے اللہ علیہ وسلم) پر فیصلہ کے دن (یعنی بدر کے روز جب کہ دو لشکر اسلام اور کفر کے ملے تھے) نازل کیا ہے وہ کیا نازل کیا تھا آیات اور ملائکہ اور وہ دن جمعہ کا روز رمضان کی سترہویں تھی اور اللہ تعالےٰ ہر چیز پر قادر ہے کہ جس نے باوجود قلّت کے تم کو فتح دی۔ پھر یوم الفرقان یعنے بدر کے دن کا بیان کرتا ہے اذ انتم بالعدوۃ الدنیا، عدوٰی ابن کثیر ونافع وابو عمرو اس کو بالکسر باقی قرّاء بالضم پڑھتے ہیں اور دونوں طرح سے درست ہے عدوٰی کنارہ اور جانبِ وادی کو کہتے ہیں اور اُس کی جمع عدی آتی ہے۔ دنیا تانیثِ ادنیٰ بمعنے قریب اس کی ضد قصوٰے جو اقصےٰ کی تانیث بمعنے بعید جیسا کہ اکبر کی تانیث کبریٰ ہے۔ عدوۃ الدنیا یعنی وادیٔ بدر کا وہ کنارہ جو مدینہ کے رُخ ہے اور عدوۃ القصوٰی وہ کنارہ جو مکّہ معظّمہ کی جانب ہے اس مدینہ کی طرف کے گوشہ میں لشکر اسلام پڑا تھا اور پرلے کونہ پر لشکر کفّار اور وہیں پانی بھی تھا والرکب قافلہ جس کے لئے مسلمان نکلے تھے اسفل منکم نشیب میں تھا یعنی سمندر کا کنارہ اس میدان سے تین میل کے فاصلہ پر چلا گیا تھا پھر فرماتا ہے اگر جنگ کا کوئی وقت معیّن کیا جاتا تو اے اہل اسلام! تم اپنی بے سروسامانی کی وجہ سے وقت معیّن پر نہ پہنچتے یہاں اتفاقاً تم کو اُن سے بھڑا کر کفر کا کام تمام کرا دیا تاکہ قدرتِ حق دیکھنے کے بعد جو کفر میں پڑ کر ہلاک ہو تو دیدہ ودانستہ یعنی حجّت دیکھ کر اور جو ایمان لائے تو حجّت دیکھ کر۔

اِذْ یُرِیْکَهُمُ اللّٰهُ فِیْ مَنَامِكَ
جب کہ (اے نبی ﷺ) آپؐ کے خواب میں اللہ تعالےٰ نے اُن کو کم کر کے دکھایا۔
قَلِیْلًا ؕ وَلَوْ اَرٰىكَهُمْ كَثِیْرًا لَّفَشِلْتُمْ
اور اگر اُن کو بہت کر کے تم کو دکھاتا تو تم بزدلی کرتے۔

عہ یعنے خمس کے بعد غنیمت کے چار حصّے ۱۲ منہ

نہمت ہار دیتے۔

Marfat.com

وَلَتَنَازَعْتُمْ فِي الْأَمْرِ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ
اور کام میں جھگڑا ڈال دیتے لیکن اللہ تعالےٰ نے
سَلَّمَ ۗ إِنَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ﴿٤٣﴾
بچالیا۔ کیونکہ وہ دلوں کے راز سے واقف ہے۔
وَإِذْ يُرِيكَهُمُوهُمْ إِذِ الْتَقَيْتُمْ فِي
اور جب کہ تم ان سے مقابل ہوئے تو ان کو تمھاری آنکھوں
أَعْيُنِكُمْ قَلِيلًا وَيُقَلِّلُكُمْ فِي أَعْيُنِهِمْ
میں کم کرکے دکھایا اور تم کو ان کی آنکھوں میں کم کرکے دکھایا
لِيَقْضِيَ اللَّهُ أَمْرًا كَانَ مَفْعُولًا ۗ وَ
تاکہ اللہ تعالےٰ ایک ہونے والی بات کو پورا کرے۔ اور
إِلَى اللَّهِ تُرْجَعُ الْأُمُورُ ﴿٤٤﴾ ع
سب کاموں کی انتہا اللہ تعالےٰ ہی کی طرف ہوتی ہے۔

ترکیب

اذ منصوب ہے باضمار اذکر یا بدل ثانی ہے یوم الفرقان سے یا متعلق ہے سمیع علیم سے یُری کا فاعل اللہ کُ مفعولِ اوّل ہُم مفعول ثانی قلیلاً مفعول ثالث فی فعل سے متعلق ولو شرط لفشلتم الخ جواب واذ معطوف ہے اذ اوّل پر یہ بھی بدل ہے۔

تفسیر

یہ بھی یوم الفرقان کے بیان کا تتمہ ہے۔ مجاہدؒ اور مقاتلؒ کہتے ہیں کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو خواب میں اللہ تعالےٰ نے بدر کا واقعہ دکھایا اس میں کفّار تھوڑے دکھائی دیئے آپ نے اس بات کی صحابہؓ کو خبر دی اس سے ان کو اور بھی جرأت مقابلہ کے لئے ہوئی۔ پھر جب مقابلہ کا وقت آیا اور دونوں طرف سے صفیں بندھیں تو اُس وقت بھی اللہ تعالےٰ نے مسلمانوں کی نگاہ میں کفار کو کم کرکے دکھایا۔ چنانچہ عبداللہ بن مسعودؓ کہتے ہیں کہ مخالفین ہم کو اس قدر کم دکھائی دیتے تھے کہ میں نے اپنے پاس کے ایک شخص سے پوچھا کہ کیا تو انھیں ستر سمجھتا ہے اُس نے کہا کہ سَو خیال کرتا ہوں۔ بعد میں معلوم ہوا کہ وہ ہزار تھے۔ مسلمانوں کی نظر میں بوقتِ مقابلہ کم کرکے دکھانا دو وجہ سے تھا۔ ایک یہ کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا خواب اور آپ کا فرمودہ غلط نہ نکلے۔ دوم یہ کہ مسلمانوں کو جرأت ہو رُعب دل میں نہ آوے۔

ویقللکم فی اعینہم اسی طرح کافروں کی نظروں میں مسلمان کم نظر آتے تھے۔ سدیؒ کہتے ہیں کہ بعض مشرکین نے کہا کہ قافلہ تو سلامت نکل گیا تم بھی واپس چلے چلو۔ ابوجہل نے یہ سُن کر کہا کہ محمد (صلے اللہ علیہ وسلم) اور اُس کے دوست آج تمھارے مقابلہ میں آئے ہیں ہم جب تک ان کا فیصلہ نہ کردیں گے واپس نہ جائیں گے وہ چند آدمی ہیں اُن کو قتل تو کیا کروگے پکڑ کر باندھ دو۔ اگر کافروں کی آنکھ میں مسلمان بہت دکھائی دیتے تو ہیبت کے مارے بھاگ جاتے مقابلہ نہ ہوتا مگر لیقضی اللہ امرًا کان مفعولاً۔ اللہ تعالےٰ کو تو ایک بات جو مقدّر ہوچکی تھی پوری کرنی تھی اور سب باتیں اُسی کے قبضہ میں ہیں۔

شبہ کیا خدا تعالیٰ نے پیغمبرؐ اور اُس کے اصحابؓ کو غلطی میں مبتلا کیا ہزار کو سَو کرکے دکھایا؛ نفس الامری واقعہ کو مخفی کیا۔ جہلِ مرکّب میں پھنسایا اور کیا عالمِ اسباب میں ایسا ممکن ہے؟ **جواب** یہ رؤیت باعتبار اُن کی قوّت و دلیری کے تھی سو اس لحاظ سے وہ اُسی قدر تھے یہ جہل مرکّب نہیں نہ غلطی ہے بلکہ چشمِ حقیقت بیں کو نفس الامر پر مطلع کیا اور کفّار کا غرور و عُجب مسلمانوں کی طاقتِ اصلی دیکھنے کے لئے حاجب ہوگیا، ان کو برعکس دکھائی دیا۔ دُنیا میں جس غلطی کرتی ہے خدا تعالےٰ قادرِ مطلق ہے انسان کے جمیع قویٰ اُسی کے قبضۂ قدرت میں ہیں رات دن دنیا میں یہی ہو رہا ہے۔ کسی کو کوئی چیز اچھی کرکے دکھاتا ہے اُسی کو دوسرے کی نظر میں مکروہ بناتا ہے جس قوم اور دولت کا خاتمہ کرنا چاہتا ہے

Marfat.com

اُن کی نظر میں مخالف کو کمزور دکھاتا ہے، مخالف کو اُن پر جرأت دلا کر مقابلہ کرا دیتا ہے اُن کا کام تمام ہو جاتا ہے۔ مسبّب اسباب کی ہر روز نئی شان ہے آنکھ ہو تو دیکھ لو۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا لَقِيْتُمْ فِئَةً

ایمان والو! جب تم کسی لشکر سے مقابلہ ہوا کرو تو ثابت قدم

فَاثْبُتُوْا وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ

رہا کرو اور اللہ تعالےٰ کو بہت یاد کیا کرو تاکہ تم فلاح

تُفْلِحُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَ

پاؤ۔ اور اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولؐ کی فرمانبرداری

رَسُوْلَهٗ وَلَا تَنَازَعُوْا فَتَفْشَلُوْا وَ

کیا کرو اور آپس میں نزاع نہ کرو ورنہ نامرد ہو جاؤ گے اور

تَذْهَبَ رِيْحُكُمْ ۚ وَاصْبِرُوْا ۭ اِنَّ

تمھاری ہوا اُکھڑ جائے گی اور برداشت کیا کرو، کیونکہ

اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۴۶﴾ وَلَا تَكُوْنُوْا

اللہ تعالےٰ برداشت کرنے والوں کے ساتھ ہے۔ اور تم اُن جیسے نہ ہو جاؤ

كَالَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ

جو اپنے گھروں سے اترانے اور لوگوں کے

بَطَرًا وَّرِئَاۗءَ النَّاسِ وَيَصُدُّوْنَ

دکھانے کے لئے نکلے۔ اور لوگوں کو اللہ تعالےٰ

عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا

کے رستے سے روکنے لگے۔ اور جو کچھ وہ کر رہے ہیں اللہ

يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ﴿۴۷﴾ وَاِذْ زَيَّنَ لَهُمُ

تعالیٰ کے علم میں ہے۔ اور جب کہ اُن کو شیطان نے

الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ وَقَالَ لَا غَالِبَ

اُن کے کام عمدہ کر دکھائے اور کہدیا کہ آج تم پر کوئی

لَكُمُ الْيَوْمَ مِنَ النَّاسِ وَاِنِّىْ جَارٌ

شخص غالب نہ ہوگا اور میں تمھارا ساتھی

لَّكُمْ ۚ فَلَمَّا تَرَاۗءَتِ الْفِئَتٰنِ نَكَصَ

ہوں، پھر جب دونوں لشکر مقابل ہوئے تو اپنے اُلٹے پاؤں

عَلٰى عَقِبَيْهِ وَقَالَ اِنِّىْ بَرِيْۗءٌ مِّنْكُمْ

چلتا بنا اور کہنے لگا کہ مجھے تم سے کچھ سروکار نہیں۔

اِنِّىْٓ اَرٰى مَا لَا تَرَوْنَ اِنِّىْٓ اَخَافُ

کیونکہ مجھے وہ نظر آتا ہے جو تمھیں نہیں سوجھتا، میں اللہ تعالیٰ سے

اللّٰهَ ۭ وَاللّٰهُ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۴۸﴾

ڈرتا ہوں، اور (چونکہ) اللہ تعالیٰ کی سخت مار ہے۔

ترکیب

فتفشلوا موضع نصب میں ہے کیونکہ جواب نہی ہے اور اسی طرح تذہب ہے بطرًا ورئاء الناس مفعول لہٗ خرجوا کا ویصدّون معطوف ہے معنی مصدر پر غالب مبنی ہے اسم لا کی وجہ سے لکم اسکی خبر الیوم معمول خبر ہے من الناس حال ہے ضمیر لکم سے فلمّا تراءت شرط نکص رجع جواب علےٰ عقبیہ حال ہے اے ہاربًا وقال معطوف ہے نکص پر ؛

تفسیر

فتح بدر کے سامانِ غیبی ذکر فرما کر اور یہ بات جتلا کر کہ اللہ تعالےٰ تمھارا مددگار ہے مسلمانوں کو یہ چند حکم دیتا ہے۔ اوّل یہ کہ جب تمھارا لشکرِ مخالفین سے مقابلہ ہوا کرے تو ثابت قدم رہا کرو اور اللہ تعالےٰ کو خوب یاد کیا کرو کیونکہ یہ فتح و ظفر اُس کی طرف سے ہے اور نیز اُس کی یاد سے ہر مشکل آسان ہو جاتی ہے للہ درّ من قال ؎ ہر چند پیر و خستہ دل و ناتواں شدم + ہر گہ کہ یاد روئی تو کردم جواں شدم ؛ اور مخالفین پر ہیبت پڑتی ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ اس سے مراد جنگ میں تکبیر اور نعرۂ اللہ اکبر بلند کرنا ہے بعض کہتے

ع ۶ ۲

عہ ریح ہوا مگر مراد اقبال و شوکت ہے شبہت الدولۃ وقت نفاذہا وتمشیۃ امرہا بالریح وہبو بہا یقال ہبت ریاح فلان اذا دانت لہ الدولۃ ونفذ امرہ ۱۲ منہ

Marfat.com

ہیں کہ عام ہے ذکرِ قلبی اور لسانی سب کو شامل ہے۔ دوم یہ کہ اللہ تعالےٰ اور اُس کے رسولؐ کی اطاعت کرو، آپس میں جھگڑا نہ کرو ورنہ نامردی پیدا ہو جاوے گی اور تمھاری ہوا بگڑ جاوے گی کیونکہ اتفاق میں جو فرادی قوتیں مجتمع ہو کر ایک اثر پیدا کرتی ہیں اختلاف میں وہ بات کہاں رہتی ہے؟ سوم یہ کہ جب اعداء کے مقابلہ کو نکلو تو لوگوں کو بہادری دکھلاتے اور تکبر کرتے نہ نکلو جیسا کہ جنگِ بدر کے لئے قریش ابوجہل وغیرہ نکلے تھے اکڑتے جاتے تھے کہ ہم یوں کریں گے، یہ کریں گے اور فتح پاکر وہاں شراب نوشی کریں گے اور ناچ دیکھیں گے۔ پھر ان متکبرین کے چند حالات بیان فرماتا ہے اوّل تو یہی کہ وہ بطراً اور ریاءً نکلے تھے۔ دوم یہ کہ لوگوں کو ہمیشہ اللہ تعالےٰ کے رستہ سے روکا کرتے تھے مکہ معظمہ میں غرباءِ مسلمین پر آفت برپا کر رکھی تھی سوم یہ کہ شیطان نے اُن کے بُرے اعمال اُن کی آنکھوں میں اچھے کر دکھائے تھے، اس بدی کو وہ نیکی سمجھتے تھے اور شیطان نے اُن سے بدر کے روز یہ بھی کہا تھا کہ میں تمھارا حمایتی ہوں تم پر کوئی غالب نہ آئے گا مگر جب کہ اُس نے ملائکہ جبرئیلؑ وغیرہ کو دیکھا تو یہ کہہ کر اُلٹا پھر گیا کہ میں تم سے الگ ہوں۔ بعض کہتے ہیں کہ اُس روز شیطان سراقہ بن مالک سردارِ بنی بکر بن کنانہ کی صورت میں ظاہر ہوا تھا۔ حسنؒ اور اصمؒ کہتے ہیں کہ بغیر کسی شکل میں ظاہر ہونے کے اُس نے دل میں کفار کے وسوسے ڈالے تھے۔

اِذْ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِيْ
جب کہ منافقین اور وہ کہ جن کے
قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ غَرَّ هٰٓؤُلَآءِ دِيْنُهُمْ ؕ
دلوں میں مرض ہے یہ کہہ رہے تھے کہ ان لوگوں کو تو (مسلمانوں کو) اُن کے دین نے مغرور کر رکھا ہے
وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ
حالانکہ جو اللہ تعالیٰ پر توکل کرتا ہے اللہ تعالےٰ زبردست حکمت والا ہے
عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۴۹﴾ وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ يَتَوَفَّى
(عنایت کرتا ہے)۔ اور اگر آپؐ اُس وقت دیکھیں جب کہ ملائکہ

الَّذِيْنَ كَفَرُوا الْمَلٰٓئِكَةُ يَضْرِبُوْنَ
کافروں کی جان نکالتے ہوں گے اُن کے منہ اور پیٹھ پر
وُجُوْهَهُمْ وَاَدْبَارَهُمْ ۚ وَذُوْقُوْا
مارتے ہوں گے اور (کہتے جاتے ہوں گے لو) دوزخ کا
عَذَابَ الْحَرِيْقِ ﴿۵۰﴾ ذٰلِكَ بِمَا
عذاب چکھو، یہ بدلہ ہے تمھارے
قَدَّمَتْ اَيْدِيْكُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ
ان کاموں کا جن کو تم نے آگے بھیجا تھا اور اللہ تعالےٰ تو بندوں پر (کچھ
بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿۵۱﴾ كَدَاْبِ اٰلِ
بھی) ظلم نہیں کرتا۔ فرعونیوں اور
فِرْعَوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ
اُن سے پہلوں جیسی گت ہوئی جنھوں نے
كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ
اللہ تعالیٰ کی آیتیں جھٹلائیں تھیں پھر اللہ تعالےٰ نے اُن کو اُن کے
بِذُنُوْبِهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ شَدِيْدُ
گناہوں پر پکڑ لیا۔ کس لئے کہ اللہ تعالےٰ قوت والا سخت عذاب
الْعِقَابِ ﴿۵۲﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ لَمْ يَكُ
کرنے والا ہے، یہ اس لئے کہ اللہ تعالےٰ تو کسی نعمت کو
مُغَيِّرًا نِّعْمَةً اَنْعَمَهَا عَلٰى قَوْمٍ حَتّٰى
جو کسی قوم کو عطا کرتا ہے بگاڑتا نہیں جب تک کہ وہ خود اپنی حالت کو
يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ
خراب نہیں کر لیتی، اور اللہ تعالےٰ
سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۵۳﴾ كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ
سننا جانتا ہے۔ فرعونیوں
وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَذَّبُوْا
اور اُن سے پہلوں جیسی گت ہوئی ہے۔ جنھوں نے اپنے رب تعالیٰ
بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ فَاَهْلَكْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ
کی آیتیں جھٹلائیں سو اُن کو ہم نے اُن کے گناہوں سے پکڑ لیا

لہ ورنہ حقیقی تو معنے مراد ہی ہیں کہ فرشتے اُن کے مونہوں اور پیٹھوں پر ماریں گے

Marfat.com

وَاَغْرَقْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ ۚ وَكُلٌّ
اور فرعونیوں کو غرق کر دیا اور وہ سب
كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ﴿۵۴﴾
ظالم تھے۔

ترکیب

اذ یقول ممکن ہے کہ معمولِ اذکروا ہو یا زیّن کا ظرف ہو۔ الذین کفروا مفعول ہے یتوفّی کا الملائکۃ فاعل ذوالحال یضربون حال وذوقوا لے یقولون معطوف ہوگا یضربون پر یہ بھی حال ہو کر ملائکۃ کا مقولہ ہوگا اور ممکن ہے کہ جملہ مستأنفہ ہو یعنی بعد موت کے ہم اُن سے کہیں گے۔

تفسیر

چونکہ تزیین شیطانی کا ذکر آیا تھا کہ شیطان نے مکہ مکرمہ کے کافروں کو یوں گمراہ کر رکھا تھا۔ یہاں یہ بات بتلاتا ہے کہ یہ تزیین کچھ انھیں میں منحصر نہیں بلکہ مدینہ کے منافق کہ جن کے دل میں مرضِ شک و نفاق ہے، بدر کے واقعہ کی نسبت مسلمانوں کو یہ کہتے تھے کہ ان کو ان کے دین نے مغرور کر دیا ہے۔ محمد (صلے اللہ علیہ وسلم) کے وعدوں پر تین سو تیرہ ٹوٹے پھوٹے مسلمان ہزار جنگجو اور بہادر قریش سے لڑنے چلے ہیں۔ اس کی نسبت خدا تعالےٰ جواب دیتا ہے کہ یہ غرور نہیں بلکہ خدا تعالےٰ پر توکّل ہے اور جو اس پر توکّل کرتا ہے تو وہ اُس کے لئے کافی ہو جاتا ہے کیونکہ وہ زبردست بھی ہے اور حکیم بھی۔ اس کے بعد ان منکرین کا وہ حال بیان فرماتا ہے جو موت کے وقت ہوگا کہ اے نبیؐ! یا اے دیکھنے والے اگر تو اُن کا وہ وقت دیکھے کہ جب فرشتے اُن کی جان نکالتے اور اُن کے مُنہ اور پیٹھ پر مارتے ہوں گے تو تجھے حیرت ہو۔ کفّار جب دُنیا سے جاتے ہیں تو ادھر اُن کو عالمِ آخرت کے ظلمات و عذاب میں جانے کا غم اُدھر لذّتِ دنیا کے چھوڑنے کا قلق ہوتا ہے۔ سو اُن کے مُنہ اور پیٹھ پر مارنے سے یہ بھی مراد ہو سکتی ہے اس حالت میں فرشتے یہ بھی کہیں گے کہ یہ تمہارے اعمال کے نتائج ہیں جو تم نے یہاں کے لئے بھیج رکھے تھے اللہ تعالےٰ نے تم پر ظلم نہیں کیا یعنی اس تزیین کی قلعی اُس وقت کھل جائے گی جس طرح کہ فرعونیوں اور اُن سے پہلوں پر کھل گئی۔ دنیا میں اُن کے عروج و اقبال جانے رہے اپنے گناہوں سے ہلاک ہوئے جو کوئی خدا تعالےٰ کی دی ہوئی نعمت کو پہلے آپ خراب نہیں کر لیتا تب تک از خود خدا تعالےٰ اس سے وہ نعمت نہیں لیتا یعنی جب اُس نعمت کی ناقدری کر کے بیجا صرف کرتا ہے تو پھر خدا تعالےٰ اُس سے چھین لیتا ہے جیسا کہ فرعونیوں اور اُن سے پہلوں کے ساتھ کیا اُن کو ہلاک کیا فرعونیوں کو قلزم میں غرق کیا تم اب بھی تزیینِ شیطانی سے نہیں بچتے ؛

إِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ عِنْدَ اللّٰهِ الَّذِيْنَ
بے شک زمین پر چلنے والوں میں سے اللہ تعالےٰ کے نزدیک وہ بدتر ہیں کہ
كَفَرُوْا فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ ﴿۵۵﴾
جنھوں نے کفر کیا سو وہ ایمان نہیں لاتے۔
الَّذِيْنَ عٰهَدْتَّ مِنْهُمْ ثُمَّ
(یہ) وہ لوگ ہیں کہ جن سے آپ نے عہد کیا تھا پھر وہ
يَنْقُضُوْنَ عَهْدَهُمْ فِيْ كُلِّ مَرَّةٍ
ہر بار عہد توڑ ڈالتے ہیں
وَّهُمْ لَا يَتَّقُوْنَ ﴿۵۶﴾ فَاِمَّا تَثْقَفَنَّهُمْ
اور ڈرتے نہیں۔ پھر جو کبھی آپ اُن کو لڑائی
فِي الْحَرْبِ فَشَرِّدْ بِهِمْ مَّنْ خَلْفَهُمْ
میں پائیں تو ایسی سزا دیں کہ جس سے اُن کے پیچھے والے دیکھ کر بھاگیں
لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَاِمَّا تَخَافَنَّ
تاکہ وہ عبرت حاصل کریں۔ اور جو آپ کو

Marfat.com

مِنْ قَوْمٍ خِيَانَةً فَانْبِذْ إِلَيْهِمْ عَلَىٰ
کسی قوم کی دغا کا اندیشہ ہو تو ان کے عہد کو ان کی طرف برابر پھینک ۵۸
سَوَاءٍ ۚ إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ الْخَائِنِينَ ﴿٤﴾
مارو۔ کیونکہ اللہ تعالےٰ کو دغاباز پسند نہیں کرتے۔
وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا سَبَقُوا ۚ
اور کافر یہ نہ سمجھ لیں کہ ہمارے قابو سے نکل گئے۔
إِنَّهُمْ لَا يُعْجِزُونَ ﴿٥٩﴾ وَأَعِدُّوا لَهُمْ
وہ ہرگز عاجز نہ کر سکیں گے۔ اور ان کے مقابلہ کے لئے جو
مَا اسْتَطَعْتُمْ مِنْ قُوَّةٍ وَمِنْ رِبَاطِ
کچھ قوت تم سے ہو سکے بہم پہنچاؤ۔ اور منجملہ اس کے گھوڑے
الْخَيْلِ تُرْهِبُونَ بِهِ عَدُوَّ اللَّهِ وَ
باندھنا ہے کہ جس سے تم اللہ تعالےٰ کے دشمنوں اور اپنے دشمنوں
عَدُوَّكُمْ وَآخَرِينَ مِنْ دُونِهِمْ ۖ
پر دھاک بٹھاؤ۔ اور ان کے سوا ان لوگوں پر بھی کہ جن کو
لَا تَعْلَمُونَهُمْ ۚ اللَّهُ يَعْلَمُهُمْ ۚ وَمَا
نہیں جانتے اللہ تعالےٰ ہی ان کو جانتا ہے۔ اور جو کچھ
تُنْفِقُوا مِنْ شَيْءٍ فِي سَبِيلِ اللَّهِ
تم اللہ تعالےٰ کی راہ میں خرچ کرو گے اس کا پورا بدلہ تمہیں
يُوَفَّ إِلَيْكُمْ وَأَنْتُمْ لَا تُظْلَمُونَ ﴿٦٠﴾
ملے گا اور تمہارا کوئی حق رہ نہ جاوے گا۔
وَإِنْ جَنَحُوا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا وَ
اور اگر وہ کافر صلح کی طرف جھکیں تو تم بھی جھکو اور
تَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ ۚ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ
اللہ تعالےٰ پر توکل کرو۔ کیونکہ وہ سنتا
الْعَلِيمُ ﴿٦١﴾ وَإِنْ يُرِيدُوا أَنْ
جانتا ہے۔ اور اگر وہ کافر آپ سے فریب

۵۸ وآخرین من دونہم لا تعلمونہم، مراد ایران وروم ودیگر بلاد کے وہ کافر ہیں کہ جن کو مسلمان اس زمانہ میں اچھی طرح جانتے بھی نہ تھے جیسا کہ کئی صدیوں سے فرانس وروس وانگلینڈ وغیرہ نئی طاقتیں پیدا ہو گئی ہیں جو اسلام

يَخْدَعُوكَ فَإِنَّ حَسْبَكَ اللَّهُ ۚ هُوَ
کرنا چاہیں گے تو آپ کا بھی اللہ تعالےٰ کارساز ہے۔ وہ ۶۲
الَّذِي أَيَّدَكَ بِنَصْرِهِ وَبِالْمُؤْمِنِينَ ﴿٦٢﴾
کہ جس نے آپ کو اپنی فتح اور مسلمانوں سے قوت دی۔

ترکیب

الذین کفروا خبر ان فاما شرط تثقفنہم تجدنہم چونکہ شرط کا کلمہ ان ما کے ساتھ مؤکد ہو گیا اس لئے اس کے بعد فعل کو نون تاکید کے ساتھ لانا مستحسن ہوا فشرّد جواب شرط فرق بہم اے بسببہم متعلق ہے شرّد سے من موصولہ خلفہم ثبت کے متعلق ہو کر اس کا صلہ یہ سب شرّد کا مفعول ہوا خیانۃ مفعول ہے تخافنّ کا فانبذ اطرح عہدہم علےٰ سواء حال ہے لے مستویاً سب جواب شرط من قوۃ ومن رباط الخیل ما کا بیان ہے الذین کفروا یحسبنّ کا فاعل سبقوا مفعول اور بعض نے تحسبنّ بھی پڑھا ہے ؛

تفسیر

کافروں کو کہا تھا کلّ کانوا ظالمین۔ اب ان ظالموں میں سے زیادہ تر راندہ درگاہوں کا ذکر اور ان کی عادت کا بیان فرماتا ہے کہ ان سے کیا برتاؤ کرنا چاہیئے ؛ ان الشرّ الدّواب کہ سب میں بدتر وہ کافر ہیں کہ جن میں دو وصف ہیں اوّل یہ کہ وہ اپنے کفر پر مُصرّ ہیں ایمان نہیں لاتے دوسرا یہ کہ وہ اپنے عہد کو ہر بار توڑ ڈالتے ہیں اس کی کچھ رعایت نہیں کرتے۔ اب ان سے کیا کرنا چاہیئے کہ اگر کہیں جنگ میں ہاتھ آجاویں تو ان کو ایسی سزا دے کہ جس کو سن کر ان کے بعد کے کفار پریشان ہو جاویں۔ یہ تو ان کا حال تھا کہ جنھوں نے کھلّم کھلا عہد توڑ ڈالا جیسا کہ بنو قریظہ یا جنھوں نے جھنڈے کو زمین پر گرا دینا چاہتے ہیں جیسا کہ حرب صلیب میں چاہا تھا امنہ

Marfat.com

قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ ؕ
کر سکتے تھے۔ مگر اللہ تعالےٰ نے اُن کے دل میں اُلفت پیدا کر دی۔
اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۶۳﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ
کیونکہ وہ زبردست (اور) حکمت والا ہے۔ (اے نبی ص)
حَسْبُكَ اللّٰهُ وَمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ
آپؐ کو اللہ اور جس قدر آپؐ کے پیرو مسلمان ہیں بس
الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۶۴﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ حَرِّضِ
کر لے ہیں۔ اے نبی ص! ایمانداروں کو جہاد کی
الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَى الْقِتَالِ ؕ اِنْ يَّكُنْ
رغبت دلاؤ۔ اگر تم میں سے بیس ۲۰
مِّنْكُمْ عِشْرُوْنَ صٰبِرُوْنَ يَغْلِبُوْا
بھی صابر (مستقل مزاج) ہوں گے تو دو سو ۲۰۰ پر غالب
مِائَتَيْنِ ۚ وَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ
آئیں گے۔ اور اگر تم میں سے سو ۱۰۰ ہوں گے تو
يَّغْلِبُوْۤا اَلْفًا مِّنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
کافروں کے ہزار پر غالب آویں گے
بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ﴿۶۵﴾ اَلْـٰٔنَ
اس لئے کہ وہ ناسمجھ قوم ہے۔ اب خدا تعالےٰ
خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ وَعَلِمَ اَنَّ فِيْكُمْ
نے تم پر تخفیف کر دی اور معلوم کر لیا کہ تم میں
ضَعْفًا ؕ فَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ مِّائَةٌ صَابِرَةٌ
ضعف ہے۔ سو اگر تم میں سے سو ۱۰۰ صابر ہوں گے تو
يَّغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ ۚ وَاِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ
دو سو ۲۰۰ پر غالب آویں گے۔ اور جو تم میں سے ہزار ہوں گے
اَلْفٌ يَّغْلِبُوْۤا اَلْفَيْنِ بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ
تو اللہ تعالےٰ کے حکم سے دو ہزار پر غالب آویں گے۔
وَاللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۶۶﴾
اور اللہ تعالےٰ صابروں کے ساتھ ہے۔

جنگِ بدر میں باوجود عہد کے کفار کو ہتھیاروں کی مدد دی پھر قائل ہونے کے بعد بھی جنگِ احزاب میں مخالفوں سے جا ملے اور جن سے عہد شکنی کا گمان ہوا اور اُس کی علامات پائی جاویں تو اُن کو آپؐ بھی صاف طور پر مطلع کر دیجئے کہ اب ہمارا تمہارا عہد باقی نہیں رہا تاکہ آپؐ پر عہد شکنی کا دھبہ نہ لگے۔ اور ایسے چالاک کافر یہ خیال نہ کریں کہ وہ ہمارے قابو میں ہیں ہم اُن سے عاجز نہیں مگر اے اہلِ اسلام بظاہر تم بھی اُن کے مقابلہ میں جہاں تک قوت بہم پہنچ سکے بہم پہنچاؤ۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے عہد میں علاوہ رباط الخیل یعنی جنگ کے لئے گھوڑے باندھنے کے تیر اندازی بھی عمدہ قوت تھی مگر اِس زمانہ میں بجائے اس کے عام مسلمانوں کو قواعد سکھلانا عمدہ و نو ایجاد توپیں اور بندوقیں اور دُخانی جہازات اور دیگر سامانِ حربیہ بہم پہنچانا عمدہ موقعوں پر قلعہ اور ریل اور تارِ برقی لگانا فرضِ کفایہ ہے۔ اس قوت کا فائدہ دشمنوں کو خوف دلانا ہے کیونکہ اعداء نہ کسی علم سے ڈرتے ہیں نہ کسی معاہدہ سے نہ کسی صنعت و حرفت سے نہ نئی روشنی کے لباس و عادات سے، وہ تو قوتِ جنگ سے ڈرتے ہیں جس میں یہ ہے اُسی کی عزت اُسی کے لئے عہد ہے۔ اس میں جو کچھ مسلمانوں کا صرف ہو اس کا اجر اللہ تعالےٰ کے ہاں سے پورا ملے گا پھر اس طاقت و شوکت کے بعد بھی اگر وہ صلح پر مائل ہوں تو صلح کر لیجئے اور اسلام پر بھروسہ رکھیے اُن کے کید و مکر آپؐ پر کچھ نہ چلیں گے اللہ تعالےٰ کافی ہے جس نے آپؐ کے بغیر اسباب ظاہرہ اپنی فتح اور مؤمنین سے بھی مدد کی ہے۔

وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ ؕ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا
اور (اے رسولؐ) اللہ ہی نے مسلمانوں میں باہم محبت پیدا کر دی۔ اگر آپؐ دنیا بھر کی
فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّاۤ اَلَّفْتَ بَيْنَ
سب چیزیں بھی خرچ کر ڈالتے تو بھی اُن کے دل میں اُلفت پیدا نہ

لہ اللہ تعالیٰ کی فتح ہر قسم کی کشائش جو نبی علیہ السلام کو میسر آئی یہ بڑی مدد تھی

Marfat.com

ترکیب

والف معطوف ہے ایّد پر حسبک لے کافیک مبتدا اللہ خبر ومن اللہ پر معطوف ان شرطیہ یکن تامہ عشرون فاعل منکم ان سے حال یہ شرط یغلبوا جواب شرط مائتین یغلبوا کا مفعول من الذین کفروا الفا کا بیان بانہم جملہ علت ہے یغلبوا کی ؛

تفسیر

اور اس نے اُن کے دل میں اُلفت دی جو کسی کے اختیار کی بات نہ تھی۔ جس وقت آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم عرب میں مبعوث ہوئے جس طرح تمام روئے زمین پر کفر و بُت پرستی کی تاریکی محیط تھی (کیونکہ اُس وقت خدا پرست رُوئے زمین پر یہود اور عیسائی خیال کئے جاتے تھے سو اُن کی جو کچھ حالت خراب تھی اور جس قدر اُن میں بُت پرستی تھی تواریخ سے ظاہر ہے) اسی طرح ملک عرب میں علاوہ بُت پرستی و زناکاری کے باہمی عداوت اور خانہ جنگی کا بھی کچھ حساب نہ تھا جہاں کسی نے ایک قبیلہ کے لڑکے کو ایک طمانچہ مار دیا دوسرا قبیلہ اُن پر چڑھ آیا پھر یہ آتش جنگ قرنوں تک فرو نہ ہوتی تھی۔ مدینہ کے رہنے والوں اوس اور خزرج دو قبیلوں میں صدیوں سے عداوت اور کشت وخون تھا پس جونہی مکہ مکرمہ میں اس آفتاب ہدایت نے طلوع کیا جس طرح تمام عالم کو منور کیا اسی طرح تمام عرب میں محبت اور اتفاق پیدا کر دیا۔ اگر یہ ایسا معجزہ نہیں کہ جو تمام معجزاتِ انبیاءِ سلف کا عطر ہے تو اور کیا ہے؟ اس نعمت کو خدا تعالےٰ ظاہر کرتا ہے اور عزیز حکیم میں اس مصلحت کی طرف اشارہ کرتا ہے کہ جس سے روم و ایران پر غلبہ دیا گیا اور آسمانی سلطنت کا جھنڈا قائم کیا گیا۔ ان عربوں کو آسمانی بادشاہت کا لشکر قرار دے کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی اور اپنی فوج کی مدد کا بھروسہ دلا کر دعوت عام اور مخالفین کے ساتھ جنگ قائم کرنے کا حکم دیتا ہے اور یہ بات بھی بتلاتا ہے کہ اس پاکباز جماعت کے دس، سو پر بھاری ہیں کیونکہ خاصانِ خدا تعالےٰ کی رُوح کی کہ جو نورِ الٰہی سے منور ہے باطنی طور پر مخالف پر بڑی ہیبت ہوا کرتی ہے بڑے بڑے بادشاہ اور دُنیا کے سردار اولیاء اللہ کی ہیبت میں دب جاتے ہیں)۔ مگر خدا تعالےٰ نے تمہارے ضعف پر نظر کر کے تم پر تخفیف کر دی کہ اگر اس پاکباز لشکر کے دس ہوں گے تو بیس پر اور سو دو سو پر بھاری ہوں گے۔ اس آیت سے یہ بات علماء نے ثابت کی ہے کہ ابتدائے اسلام میں خصوصاً بدر کی جنگ تک اپنے سے دہ چند کفار سے مقابلہ کرنے کا حکم تھا مگر اس کے بعد دو چند سے مقابلہ کرنے کا حکم باقی رہ گیا۔ بانہم قوم لایفقہون میں اس طرف بھی اشارہ ہے کہ وہ دارِ آخرت اور ثواب کو نہیں جانتے اس لئے تم سے برابری نہ کر سکیں گے ؛

مَا كَانَ لِنَبِيٍّ أَن يَكُونَ لَهُ أَسْرَىٰ

نبی کو جیبے تک زمین پر کافروں کا خون نہ بہانے کافروں کو صرف

حَتَّىٰ يُثْخِنَ فِي الْأَرْضِ ۚ تُرِيدُونَ

قیدی بنا کر رکھنا مناسب نہیں۔ مسلمانو! تم دنیا

عَرَضَ الدُّنْيَا ۖ وَاللَّهُ يُرِيدُ

کا مال واسباب چاہتے ہو۔ اور اللہ تعالیٰ (تم کو) آخرت (دینا)

الْآخِرَةَ ۗ وَاللَّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ﴿٦٧﴾

چاہتا ہے۔ اور اللہ تعالےٰ زبردست حکمت والا ہے

لَّوْلَا كِتَابٌ مِّنَ اللَّهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمْ

اگر خدا تعالےٰ کا پہلے سے نوشتہ (تقدیر) نہ ہوتا تو جو کچھ تم نے (بدر کے قیدیوں

فِيمَا أَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ ﴿٦٨﴾

سے) لے لیا ہے اس پر تمہیں بڑی سزا ملتی۔

فَكُلُوا مِمَّا غَنِمْتُمْ حَلَالًا طَيِّبًا ۖ وَ

(خیر) جو کچھ تم کو غنیمت ہاتھ لگی ہے اس کو حلال طیب سمجھ کر کھاؤ۔ اور

Marfat.com

اتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۶۹﴾ ع ۴

اللہ تم سے ڈرو (امید بھی رکھو) بیشک اللہ تعالےٰ بخشنے والا رحیم ہے۔

يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّمَنْ فِيْۤ اَيْدِيْكُمْ

اے نبی ﷺ! ان قیدیوں سے جو تمہارے ہاتھ میں ہیں (یہ)

مِّنَ الْاَسْرٰۤى ۙ اِنْ يَّعْلَمِ اللّٰهُ فِيْ

کہدو کہ اگر اللہ تعالےٰ کو تمہارے دل میں کچھ بھی نیکی معلوم

قُلُوْبِكُمْ خَيْرًا يُّؤْتِكُمْ خَيْرًا مِّمَّاۤ اُخِذَ

ہوگی تو تم کو اس سے بہتر دیدے گا کہ جو تم سے لیا گیا ہے

مِنْكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ

اور تم کو بخش دے گا۔ اور اللہ تعالےٰ بخشنے

رَّحِيْمٌ ﴿۷۰﴾ وَاِنْ يُّرِيْدُوْا خِيَانَتَكَ

اور اگر آپ سے (اے نبی ﷺ!) وہ دغا کرنی

چاہیں گے تو (کچھ پروا نہیں) اس سے پیشتر خود اللہ تعالیٰ سے دغا کرچکے ہیں

فَقَدْ خَانُوا اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ فَاَمْكَنَ

جس کے ان کو گرفتار کرا دیا۔ اور اللہ تعالیٰ خبردار حکمت والا

مِنْهُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۷۱﴾

ہے۔

ترکیب

ان یکون کا جملہ کان کا اسم کتاب مبتدا من اللہ صفتِ اوّل سبق صفتِ ثانی یا سبق خبر لمسکم جملہ جوابِ لولا۔ لمن لام قل سے متعلق ہے فی ایدیکم صلہ من الاسرٰے من کا بیان ان یعلم اللہ جملہ مقولہ ہے قل کا وان یریدوا معطوف ہے ان یعلم پر یا مستانفہ

تفسیر

بدر کی لڑائی سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ستر قیدی کفار کے لے کر مدینہ طیبہ میں آئے۔ اُن قیدیوں کی بابت کہ جن میں حضرت ﷺ کے چچا عباس رضؓ اور حضرت علی رضؓ کے بھائی عقیل رضؓ بھی تھے لوگوں سے رائے طلب کی گئی۔ ابوبکر رضؓ نے کہا فدیہ لے کر چھوڑ دیجئے آپؐ کی قوم ہے خدا تعالےٰ ان کو توفیقِ ہدایت دے گا۔ حضرت عمر رضؓ نے کہا قتل کرنا چاہیئے تاکہ کفر کا زور ٹوٹے۔ حضرت عبداللہ بن رواحہ رضؓ نے کہا آگ میں جلا دیجئے۔ آخر کار آنحضرت علیہ السلام کو ابوبکر رضؓ کی رائے پسند آئی۔ ہر ایک سے چالیس[۱] اوقیہ[۱] لے کر چھوڑ دیا۔ عباس رضؓ سے خود اُن کا اور اُن کے بھتیجے عقیل کا اور نوفل بن حارث کا تاوان لیا جس پر عباس رضؓ نے کہا کہ میں فقیر ہوگیا۔ آپؐ نے فرمایا وہ سونا جو تم گھر میں دبا کر آیا ہے کہاں ہے؟ چونکہ اُس کی کسی کو بھی خبر نہ تھی، یہ سنتے ہی عباس رضؓ اسلام لائے۔ کتبِ حدیث میں یہ مضمون پایا جاتا ہے۔

فدیہ لینا اور قتل کرنا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے لئے دونوں فعل مباح[۲] تھے اور اسی لئے لوگوں سے مشورہ لیا تھا لیکن زیادہ تر مناسبِ وقت اُن کا قتل کرنا تھا تاکہ پھر سرکشی نہ کرتے۔ اور انبیاء علیہم السلام پر ترکِ اَولیٰ پر بھی عتاب ہوتا ہے اس لئے یہ آیت نازل ہوئی کہ نبیؐ کو زیبا نہیں کہ قیدی بنا رکھے اور خوب قتل نہ کرے۔ کیا اے مسلمانو! تم فدیہ کی طرف مائل ہوئے جو دُنیا کا اسباب ہے اللہ تعالیٰ تو تمہارے لئے عالمِ باقی کی تیاری کر رہا ہے وہ حکیم اور زبردست ہے

گھر میں مدفون کر آئے ہو کہاں ہے؟ بکالو۔ یہ سُن کر عباس رضؓ مسلمان ہوگئے کیونکہ اس مدفون سونے کی خبر سوائے اُن کے اور اُن کی بیوی کے اور کسی کو نہ تھی ۱۲ حقانی

[۱] اوقیہ سونے کا ایک وزن تھا جس کے چالیس درہم ہوتے تھے درہم کچھ کم چار ماشے کا تھا ۱۲ منہ

[۲] امام کے اختیار میں چار باتیں ہیں یا قیدیوں کو فدیہ لے کر یا مفت چھوڑ دے یا مار ڈالے یا غلام بنا رکھے سب اہلِ اسلام کا اس پر اتفاق ہے بجز بعض بیوقوفوں کے وہ بتقلید یورپ غلام بنانا درست نہیں جانتے ۱۲ منہ (باقی صفحہ ۴۷۸ پر)

ف جب قیدی فدیہ لے کر چھوڑے جانے لگے تو جعفر رضؓ نے عباس رضؓ سے کہا کہ تم اپنے بھتیجے عقیل اور نوفل کا بھی فدیہ دے کر چھڑا لو۔ تو عباس رضؓ نے کہا اتنا نقد کہاں سے لاؤں؟ اس پر سردارِ دو جہاں ﷺ نے فرمایا وہ سونا جو

Marfat.com

مصلحت اور حکمتِ قتل کو خوب جانتا ہے اگر تقدیرِ الٰہی میں روزِ ازل نہ لکھا گیا ہوتا کہ تم اُن سے فدیہ لوگے پھر وہ تم پر چڑھائی کریں گے اور نیز یہ کہ اُن میں سے بہت لوگ اسلام لاویں گے اور یہ کہ تم کو فدیہ لینا درست ہے) تو تم کو اس فدیہ لینے پر عذابِ الیم ہوتا (عمرؓ کی رائے عالم بالا کے منشاء کے مطابق تھی) خیر اب جو کچھ تم نے اُن سے لیا ہے یا غنیمت میں لائے ہو وہ تمہارے لئے حلال طیّب ہے کھاؤ پیو اللہ تعالےٰ غفور رحیم ہے لیکن آئندہ ڈرتے رہو۔ اور اے نبیؐ! ان قیدیوں سے کہدو جو کچھ تم سے لیا گیا ہے اس پر تاسّف نہ کرو اگر تمہارے دل میں نیکی ہوگی اور تم اسلام لاؤ گے تو اس سے بہتر تم کو دلایا جائے گا[۱] (زمین کی سلطنتیں کسریٰ اور قیصر کے خزانے مسلمانوں کو ملنے ہیں) اور خدا تعالےٰ تمہارا یہ گناہ بھی معاف کردے گا وہ غفور رحیم ہے۔ اور اگر اے نبیؐ وہ تمہارے پاس سے جاکر پھر شرارت کریں گے تو کچھ پروا نہیں اوّل اللہ تعالےٰ سے شرارت کی تھی جس کا بدلہ یہ پایا کہ تمہارے ہاتھ میں قید ہوئے پھر اللہ تعالےٰ ہی اُن سے بدلہ لے لیگا وہ سب کچھ جانتا ہے ؛

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَهَاجَرُوا وَ

جو لوگ ایمان لائے اور ہجرت کر چکے اور

جٰهَدُوا بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنفُسِهِمْ

اُنھوں نے اللہ تعالےٰ کی راہ میں اپنے مال اور جان سے جہاد کیا

فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَالَّذِينَ آوَوا وَّ

اور وہ لوگ (انصار) کہ جنھوں نے (مہاجروں کو) جگہ

نَصَرُوا أُولَٰئِكَ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ

دی اور (اُن کی) مدد کی وہی ایک دوسرے کے رفیق ہیں اور

وَالَّذِينَ آمَنُوا وَلَمْ يُهَاجِرُوا مَا لَكُم

اور جو ایمان تو لائے اور انھوں نے ہجرت نہیں کی تو تم کو اُن کی

مِّن وَلَايَتِهِم مِّن شَيْءٍ حَتَّىٰ

رفاقت سے کچھ کام نہیں جب تک کہ وہ ہجرت نہ

يُهَاجِرُوا ۚ وَإِنِ اسْتَنصَرُوكُمْ فِي

کریں، اور اگر تم سے دینی امر میں مدد چاہیں تو

الدِّينِ فَعَلَيْكُمُ النَّصْرُ إِلَّا عَلَىٰ

تم ان کی مدد کرو مگر اُس قوم کے مقابلہ

قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُم مِّيثَاقٌ ۗ وَاللَّهُ

میں نہیں کہ اُن میں اور تم میں عہد ہو۔ اور اللہ تعالیٰ

بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ﴿٧٢﴾ وَالَّذِينَ

جو کچھ تم کر رہے ہو دیکھ رہا ہے۔ اور جو کافر ہیں وہ

كَفَرُوا بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ ۚ إِلَّا

ایک دوسرے کے مددگار ہیں۔ اگر

تَفْعَلُوهُ تَكُن فِتْنَةٌ فِي الْأَرْضِ وَ

تم یہ (باہمی) مدد نہ کروگے تو زمین پر فتنہ اور بڑا فساد

فَسَادٌ كَبِيرٌ ﴿٧٣﴾ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَ

پیدا ہو جائے گا۔ اور وہ جو ایمان لائے اور

هَاجَرُوا وَجٰهَدُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ

انھوں نے ہجرت کی اور اللہ تعالےٰ کے رستہ میں جہاد (بھی) کیا

وَالَّذِينَ آوَوا وَّ نَصَرُوا أُولَٰئِكَ

اور وہ کہ جنھوں نے جگہ دی اور مدد کی وہی

هُمُ الْمُؤْمِنُونَ حَقًّا ۖ لَّهُم مَّغْفِرَةٌ

ایماندار ہیں۔ اُنہی کے لئے بخشش

وَرِزْقٌ كَرِيمٌ ﴿٧٤﴾ وَالَّذِينَ آمَنُوا

اور عزت کی روزی ہے۔ اور وہ جو بعد میں ایمان لائے

ف بعض مفسرین کہتے ہیں کہ اس سے مہاجرین وانصار میں (باقی صفحہ ۴۷۹)

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۴۷۷) سلہ گو یہ حکمِ قتل سخت تھا مگر مصلحتِ وقت کے مناسب تھا اور ایسے مصلحتوں کو وہی خوب سمجھتے ہیں جو جنگ میں شریک ہوتے ہیں اور وہی ایسی مصلحت کا خیال کرکے باوجود رحم دل اور مہذّب ہونے کے کورٹ مارشل کا حکم دیتے ہیں۔ نبی علیہ السّلام چونکہ بالطبع رحیم وکریم تھے فدیہ لے کر چھوڑ دیا چونکہ دراصل مصلحتِ وقت کے خلاف تھا اس لئے ان آیات میں اس کی طرف اشارہ کرکے عتاب ہوتا ہے ۱۲ منہ

[۱] جب بحرین کا خراج آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں آیا تو عباسؓ سے کہا جس قدر تجھ سے اُٹھ سکے اُٹھالے اس فدیہ کے معاوضہ میں۔ پھر اسی طرح مالا مال ہوگئے

Marfat.com

مِنْ بَعْدُ وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا مَعَكُمْ
اور ہجرت کر بھی آئے اور تمھارے ساتھ ہوکر جہاد کیا

فَاُولٰٓئِكَ مِنْكُمْ ۭ وَاُولُوا الْاَرْحَامِ
سو وہ بھی تمھیں میں سے ہیں اور قرابت دار آپس میں ایک

بَعْضُهُمْ اَوْلٰى بِبَعْضٍ فِيْ كِتٰبِ
دوسرے کے زیادہ حق دار ہیں (بموجب) کتاب

اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝۷۵
الٰہی۔ بے شک اللہ تعالےٰ ہر چیز سے خبر دار ہے۔

ترکیب

الذین مع صلہ اسم ان والذین اس پر معطوف اولئک مبتدا بعضھم خبر جملہ خبر ان۔ والذین مبتدا مالکم الخ خبر ان استنصروکم شرط فعلیکم جواب الا لے ان لاتفعلوہ الضمیر یعود الی النصر وقیل الی الولایۃ شرط تکن جواب فتنۃ وفساد کبیر اسم ہیں کان تامہ کے والذین مبتدا اولئک الخ جملہ خبر۔ حقا کی ترکیب بیان ہوچکی۔ والذین مبتدا متضمن معنے شرط فاولئک جواب یا خبر۔

تفسیر

جب کہ بدر کے قیدیوں کو بشرط اطاعت عوض دینے کا وعدہ کیا اور ان کو دلاسا دیا تو ان آیات میں انصار و مہاجرین کو اجر آخرت کا دلاسا دیتا ہے یا یوں کہو کہ جب اُن قیدیوں کو عہد لے کر چھوڑا اور اُن میں سے بہت نے بدر کے موقع پر آسمانی مدد اور اسلام کا برحق ہونا دیکھا تھا اس لئے اسلام کی طرف مائل ہوتے اور نیز عرب کے قبائل نے بھی آنحضرت علیہ السلام سے عہد باندھنا شروع کیا اور عرب میں اس جنگ کی کرامات و اعجاز نے شہرت پائی جس سے مخالف قبائل خصوصاً

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۴۷۸) بھائی چارہ ہوگیا اور ایک دوسرے کے وارث ہوئے مثل قرابت داروں کے لیکن اولوالارحام بعضھم اولی ببعض سے یہ حکم منسوخ ہوگیا ہے۔

مکہ معظمہ کے رہنے والوں میں سے بہت سے مشرف باسلام ہونے شروع ہوئے مگر ان میں سے بعض تو ترک وطن کرکے آنحضرت علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئے کیونکہ اُس وقت ہجرت فرض تھی اور بہت ایسے تھے کہ جن سے جورو بچے گھر بار خویش و تبار نہ چھوٹ سکے اس لئے تو مسلمانوں اور دیگر قبائل کی بابت کوئی قاعدہ اتحاد و ہمدردی کا مقرر ہونا ضروری تھا پس ان آیات میں مع فضائل مہاجرین و انصار اس کو بیان فرمایا اور مسلمانوں کے مرتبے بھی ظاہر کردیئے۔ ہجرت اور نصرت اسلام کے اعتبار سے اُس عہد میں مسلمانوں کی چار قسم تھیں، **اوّل قسم** وہ ہیں کہ جو ابتدا میں حضرت صلے اللہ علیہ وسلم پر ایمان لائے اور ہجرت کرکے آپ کے ساتھ مدینہ میں آرہے جیسا کہ حضرت ابوبکرؓ حضرت عمرؓ۔ حضرت عثمانؓ۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ و حضرت ابوذرؓ وغیرہم۔ اس جملہ میں چار صفات کے ساتھ ذکر کیا، ان الذین آمنوا الخ **صفت اوّل** یہ کہ وہ اللہ تعالےٰ اور ملائکہ اور قیامت اور انبیاءؑ پر صدق دل سے ایمان لائے اب ان کے ایمان میں شک کرنا ضعف ایمان ہے۔ **صفت دوم** ہاجروا کہ انھوں نے اللہ تعالےٰ کی خوشنودی کے لئے خویش و اقارب وطن اور فرزند و زن سب کو چھوڑ دیا یہ بات اپنے آپ کو قتل کردینے سے کچھ کم نہیں، جلاوطنی، کالا پانی بھی پھانسی سے کچھ کم سزا نہیں سو جس طرح انھوں نے اپنے مذہب قدیم کو چھوڑا اسی طرح وطن قدیم سے بھی منہ موڑا۔ اور ہجرت میں قبائح اخلاقی و روحانی کے ترک کی طرف بھی اشارہ ہے۔ **صفت سوم و چہارم** جاہدوا باموالہم وانفسہم فی سبیل اللہ کہ انھوں نے اپنی جان سے اور مال سے اللہ تعالےٰ کی راہ میں جہاد کیا ہے۔ جان کو اللہ تعالےٰ کے لئے سخت تہلکوں میں ڈال دیا مگر نبی کریمؐ پر آنچ نہ آنے دی۔ مکہ مکرمہ میں جب کہ مخالفوں کی تلواروں سے خون ٹپکتا تھا خلفائے اربعہؓ نے رفاقت سے کبھی منہ نہیں موڑا نہ کبھی

Marfat.com

تفقہ کیا نہ کبھی آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا ساتھ چھوڑا بدر اور غارِ ثور ہر موقع میں ساتھ رہے اور مال کا تو کچھ ذکر نہیں کئی بار حضرت ابوبکر صدیق رضؓ نے گھر کا تار تار دیدیا۔ اس میں جہادِ روحانی کی طرف اشارہ ہے۔

دوسری قسم اُن سے دوسرے درجہ میں یہ لوگ ہیں والذین آووا ونصروا کہ جنھوں نے اہلِ اسلام کو جگہ دی اور اُن کی مدد کی یعنی انصار اُنھوں نے اپنی جان اور مال کو اسلام کی اعانت میں صرف کر دیا ہے۔ ان دونوں قسموں کی بابت فرماتا ہے اولئک بعضھم اولیاء بعض کہ آپس میں ایک دوسرے کا رفیقِ جان و مال بلکہ دین و ایمان کا ساتھی ہے۔ اور اولیاء میں جو ولایت ہے وہ ولایت نصرت و اتحاد ہے کہ ایک دوسرے سے اتحاد رکھے۔ بعض مفسرین نے ولایتِ ارث بھی مراد لی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ابتدائے اسلام میں انصار و مہاجرین میں سے ایک کو دوسرے کا دینی بھائی بنا کر وارث قرار دیدیا تھا کیونکہ مہاجرین کے اہلِ قرابت تو ہنوز وہاں آئے ہی نہ تھے مگر جب اسلام پھیل گیا اور مکہ مکرمہ فتح ہو گیا ہجرت کی ضرورت نہ رہی۔ آیتِ میراث یا انہی آیات کے اخیر جملہ واولوا الارحام بعضھم اولیٰ ببعض فی کتاب اللہ سے اہلِ قرابت میں میراث قائم کر دی۔ اور اسی جملہ سے امام ابوحنیفہ رحؒ نے ذوی الارحام کو وارث قرار دیا ہے۔ اور فی کتاب اللہ سے مراد لوحِ محفوظ ہے نہ کہ قرآن تاکہ حصص مقررہ مراد لے کر ذوی الارحام کو خارج کیا جاوے جیسا کہ امام شافعی رحؒ کرتے ہیں اور اگر ایسا کریں گے تو عصبات کا بھی خارج ہونا لازم آوے گا۔ یہ دونوں قسم کے مسلمان اسلام کے رئیس اور سردار اور مقتدا ہیں۔

تیسری قسم کے وہ مسلمان جو ایمان تو لائے مگر ہجرت کر کے مدینہ طیبہ میں نہ آئے جن کی نسبت فرماتا ہے والذین آمنوا ولم یھاجروا ان کے حق میں دو حکم دیتا ہے اوّل مالکم من ولایتھم من شیٔ کہ تم پر اُن کی حمایت کچھ ضروری نہیں کہ جب تک کہ یہ ہجرت نہ کریں۔ فتح مکہ سے پہلے ہجرت فرض تھی۔ بعض علماء کہتے ہیں کہ بعد میں بھی فرض ہے اُس جگہ سے کہ جہاں دین کو آزادی سے نہ ظاہر کر سکے۔ دوسرا حکم یہ کہ اگر وہ تم سے دینی امر میں مدد طلب کریں تو ضرور مدد دو کیونکہ وہ اہلِ ایمان ہیں مگر اُس قوم کے مقابلہ میں مدد نہ دو کہ جن سے تمھارا عہد ہو۔ اور اس حکم کی تائید کرتا ہے کہ کفار بھی باہم ایک دوسرے کے رفیق ہیں جنسیت کفر خواہ وہ یہود ہوں خواہ نصاریٰ خواہ مشرکینِ عرب سب کو تمھارے مقابلہ پر آمادہ کرتی ہے ایک دوسرے کا مددگار بن جاتا ہے اور اگر تم آپس میں مدد نہ کرو گے تو فتنہ و کفر اور بڑا فساد قائم ہو جاوے گا۔ اب ان دونوں پہلی قسموں کے مسلمانوں کی مدح فرماتا ہے والذین آمنوا الخ کہ وہ سچے مسلمان ہیں اور اُن کے لئے آخرت میں مغفرت اور جنت میں عزت کی روزی ہے (حیف ہے اُن متعصبین پر جو خلفائے اربعہ کو جھوٹے مسلمان اور قابلِ عذاب کہتے ہیں)۔

چوتھی قسم کے وہ مسلمان ہیں جو بعد میں ایمان لائے اور پھر ہجرت کر کے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اخیر جہادوں میں شریک ہوتے اُن کی نسبت فرماتا ہے کہ وہ بھی تمھیں میں شمار ہیں، واللہ اعلم بالصواب۔

سورۂ توبہ مدینہ میں نازل ہوئی۔ اس کی ۱۲۹ ایک سو اُنتیس آیات سولہ ۱۶ رکوع ہیں۔

بَرَآءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖٓ اِلَى

جن مشرکوں سے تم نے عہد (وپیمان) کر لیا تھا اب اللہ تعالےٰ اور رسول کی

لہ حقیقت میں آج کل جو مسلمانوں کی سلطنتیں معرضِ زوال میں ہیں اسی وجہ سے ہیں اندلس میں عیسائیوں نے تمام مسلمانوں کو متھور کیا مسلمانوں کے اور بادشاہ مدد کو نہ پہنچے اسی طرح حضرت سلطانِ روم پر چڑھائی ہوئی ایران و کابل نہ اُٹھے برخلاف اُن کے ایک ادنیٰ عیسائی کی مدد میں سب مدد کو آمادہ ہو جاتے ہیں۔ الخ (بقیہ حاشیہ صفحہ ۴۸۱ پر)۔

Marfat.com

الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝١ ثُمَّ لَمْ يَنْقُصُوْكُمْ شَيْـًٔا وَّلَمْ يُظَاهِرُوْا عَلَيْكُمْ

طرف سے ان کو صاف جواب ہے۔ کچھ بدعہدی بھی نہیں کی اور نہ تمہارے مقابلہ میں کسی کی مدد

اَحَدًا فَاَتِمُّوْٓا اِلَيْهِمْ عَهْدَهُمْ اِلٰى مُدَّتِهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ ۝٤

کی ہے تو اُن کے عہد کو ان کی مقررہ مدت تک پورا کرو۔ بے شک اللہ تعالےٰ پرہیزگاروں سے محبت رکھتا ہے۔

فَاِذَا انْسَلَخَ الْاَشْهُرُ الْحُرُمُ فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ وَخُذُوْهُمْ وَاحْصُرُوْهُمْ وَاقْعُدُوْا لَهُمْ كُلَّ مَرْصَدٍ ۚ فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَخَلُّوْا سَبِيْلَهُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝٥ وَاِنْ اَحَدٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ اسْتَجَارَكَ فَاَجِرْهُ حَتّٰى يَسْمَعَ كَلٰمَ اللّٰهِ ثُمَّ اَبْلِغْهُ مَاْمَنَهٗ ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْلَمُوْنَ ۝٦

ترکیب

براءۃ خبر ہے مبتدا محذوف کی ورسولہ عطف ہے اللہ پر الی متعلق ہے براءۃ سے من المشرکین بیان ہے

مزدی ترجمہ صاف جواب بہت مناسب ہے ۱۲ منہ

الذین کا اربعۃ اشہر ظرف ہے فسیحوا کا وان اللہ معطوف ہے انکم پر مفعول ہے واعلموا کا واذان معطوف ہے براءۃ پر فاذا شرط فاقتلوا الخ جواب فان تابوا شرط فخلوا الخ جواب وان شرط احد فاعل استجارک محذوف کا جس کی تفسیر استجارک ثانی ہے فاجرہ جواب حتی غایۃ ہے اجرہ کی ذلک مبتدا باانہم خبر۔

تفسیر

چونکہ اخیر انفال میں اہل عہد پر چڑھائی کرنے کی ممانعت تھی اور اس سورۃ میں تمام عہدوں کو ختم کر دیا ہے اور نیز ان دونوں کے مطالب بھی ملتے جلتے ہیں اس لئے دونوں سورتوں میں فصل کے لئے لوح محفوظ میں بسم اللہ نہیں گویا دونوں ایک ہی سورۃ ہیں گو نازل ہونے میں دونوں میں کئی برس کا فاصلہ ہے کس لئے کہ انفال دوسرے سال ہجری میں نازل ہوئی اور براءۃ کی بابت ابو الشیخ نے ابن عباسؓ سے نقل کیا ہے کہ یہ سورۃ مدینہ طیبہ میں فتح مکہ کے بعد نازل ہوئی ہے جو آٹھواں سال تھا۔ اس سورۃ کے تیرہ نام ہیں فاضحۃ، حافرۃ، مخزیۃ وغیرہا مگر دو نام زیادہ مشہور ہیں توبۃ اور براءۃ۔ اس سورۃ کی ابتداء میں بسم اللہ نہ لکھنے کی چند وجہ علماء نے بیان کی ہیں (۱) وہ جو ترمذی نے ابن عباسؓ سے نقل کیا کہ ہم نے پوچھا کہ بسم اللہ اس پر کیوں نہیں لکھی۔ جواب دیا کہ حضرتؐ پر جب کوئی آیت نازل ہوتی تھی تو کاتبوں سے اس کے موقع پر لکھوا دیتے تھے چونکہ ان دونوں کا مضمون یکساں تھا تو ہم نے دونوں کو ایک سورۃ سمجھ لیا مگر حضرتؐ نے نہیں فرمایا تھا کہ یہ دونوں ایک سورۃ ہیں۔ (۲) صحابہؓ کا ان دونوں سورتوں کے ایک ہونے میں اختلاف تھا بعض دونوں کو ایک، بعض دو کہتے تھے اس لئے بسم اللہ نہ لکھی گئی مگر فصل کے لئے خالی جگہ چھوڑ دی گئی۔ (۳) حاکم نے مستدرک میں ابن عباسؓ سے روایت کی ہے کہ میں نے حضرت علیؓ سے اس امر میں پوچھا۔ فرمایا کہ بسم اللہ امان کے لئے ہوتی ہے چونکہ اس سورۃ میں کفار کے لئے امن نہیں اس لئے بسم اللہ نہ لکھی گئی تاکہ آثار غضب الٰہی ظاہر ہوں۔ (۴) امام قشیریؒ کہتے ہیں کہ صحیح یہی ہے کہ جبرئیل علیہ السلام اس سورۃ کے ساتھ بسم اللہ نہ لائے اسی طرح لکھی گئی زیادتی نہ کی گئی (تیسیر القاری شرح صحیح البخاری) اور یہ جو مشہور ہے کہ اس سورۃ کا اوّل منسوخ التلاوۃ ہو گیا اس کے ساتھ بسم اللہ بھی ساقط ہوئی اس کو صاحب تیسیر وغیرہ نے ناپسند کیا ہے۔

براءۃ من اللہ الخ اس کے نازل ہونے کا یہ سبب ہے کہ آٹھویں سال مکہ مکرمہ فتح ہوا تو بہت سی قومیں اسلام لائیں اور بہت نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے عہد و پیمان کیا کہ ہم آپؐ سے اور آپؐ کے حلیفوں[1] سے جنگ نہ کریں گے مدد کے موقع پر مدد بھی دیں گے۔ اسی طرح آنحضرت علیہ السلام نے بھی ان سے عہد کر لیا تھا۔ جب نویں سال ہجری میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم شام کی طرف غزوۂ تبوک[2] کو تشریف لے گئے تو پیچھے بہت سی قوموں نے بدعہدی کی، منافقوں نے بہت افواہیں اڑائیں۔ وہاں سے لوٹنے کے بعد یہ سورۃ نازل ہوئی جس میں ان بدعہدوں کی اور غزوۂ تبوک میں شامل نہ ہونے والوں اور غلط باتیں اڑانے والوں کی سرزنش ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اس سال حاجیوں کا قافلہ سالار حضرت ابو بکرؓ کو کیا اور بعد میں حضرت علیؓ کو اپنے ناقہ پر سوار

---

[1] حلیف ہم سوگند۔ عرب میں دستور تھا کہ ایک دوسرے سے اتفاق و اتحاد کی بابت حلف کیا کرتا تھا اس کے بعد وہ حلیف کہلاتے تھے جو ایک دوسرے کے لئے خون بہانا اپنی نجابت کا جوہر جانتا تھا (منہ)

[2] تبوک عراق عرب میں ایک چشمہ ہے لوگوں نے مشہور کیا تھا کہ ہرقل شاہ روم کی طرف سے مدینہ منورہ پر حملہ کرنے کے لئے لشکر جرار آتا ہے اس کے مقابلہ کے لئے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم بیس ہزار آدمی لے کر وہاں تک گئے وہاں کچھ نہ پایا۔ پرچڑھائی (باقی صـ۴۸۳ پر)

Marfat.com

کر کے بھیجا کہ وہاں مجمع عام میں یہ آیات لوگوں کو سُنا دیں کہ آئندہ سے ہم سے کسی مشرک کا کوئی عہد باقی نہیں رہا پس حضرت ابوبکرؓ نے احکام حج تعلیم کئے۔ حضرت علیؓ نے یوم النحر کو جمرۃ العقبۃ کے پاس کھڑے ہو کر لوگوں کو اس سورۃ کی تیس یا چالیس آیات و بقول مجاہدؒ تیرہ آیات سُنا دیں اور کہدیا کہ سال آئندہ میں خانۂ کعبہ میں کوئی مشرک نہ آئے نہ کوئی برہنہ ہو کر طواف کرے جیسا کہ جاہلیت کا دستور تھا۔ اور ہر ایک عہد والے کا عہد تمام ہو گیا۔ لوگوں نے کہا اے علیؓ! اپنے بھائی سے کہدیجئے کہ ہم نے خود عہد کو پس پشت ڈال دیا اب تلوار ہے یا تیر۔

ان آیات میں اللہ تعالےٰ اور اُس کے رسولؐ کی طرف سے مشرکین معاہدین سے بیزاری اور برارت کی گئی ہے کہ اب ہمارا تمہارا کچھ عہد باقی نہیں رہا اور یہ کہ خواہ اُن کا عہد زیادہ مدّت کے لئے ہو خواہ کم کے لئے سب کو چار مہینے کے لئے مہلت دی گئی ان چار مہینوں کو اشہر حُرم فرمایا یعنے وہ مہینے کہ جن میں جنگ حرام ہے۔ علماء میں اختلاف ہے کہ اس جگہ اشہر حُرم سے کونسے چار مہینے مراد ہیں۔ بعض نے کہا ہے وہی چار مہینے مشہور ہیں کہ جن میں جنگ کرنی عرب میں ممنوع تھی یعنی ذی قعدہ، ذی الحجہ، محرم، رجب۔ پس جن کے لئے عہد معیّن نہ تھا اُن کے لئے حج اکبر کے دن سے لے کر محرم تک مہلت تھی اور جن کی مدّت چار مہینے یا زیادہ ہے اُن کے لئے پورے چار مہینے حج اکبر کے روز سے لے کر دسویں ربیع الثانی تک مہلت قرار پاتی تھی۔ حج اکبر کی تفسیر میں علماء کے چند قول ہیں عمرؓ اور ابن الزبیرؓ و ابن عباسؓ و عطاءؒ و طاؤسؒ و مجاہدؒ کہتے ہیں کہ عرفہ کا دن کیونکہ بڑے ارکان اسی روز ادا ہوتے ہیں اور بعض کہتے ہیں کہ نحر کا دن۔

(بقیہ حاشیہ ص۴۸۲) گرمی کے دنوں میں تھی اور صحابہؓ میں اخلاص بھی بہت تھا اس لئے اس کو جیش العسرۃ بھی کہتے ہیں اسی مقام کے قریب خالد بن ولیدؓ نے دومۃ الجندل کا محاصرہ کر کے وہاں کے نصرانی کو گرفتار کیا تھا ۱۲ منہ

پس اُس کے بعد کسی کا عہد باقی نہیں بجز اُن کے کہ جنھوں نے آپؐ سے عہد شکنی نہ کی تھی وہ بنو ضمرہ کنانہ کا ایک قبیلہ تھا پھر اس کے بعد جو کوئی کہیں مل جائے قتل کیا جائے یا غلام بنایا جائے اُن کا محاصرہ کیا جاوے اُن کے راستے روکے جاویں اگر توبہ کریں چھوڑ دیئے جائیں مگر ان میں سے جو کوئی کلام الٰہی سُننے کے لئے آوے وہ قتل نہ کیا جاوے بلکہ اُس کو جگہ میں پہنچا دیا جاوے جب کہ وہ کلام الٰہی سُن چکے۔ یہ خلاصہ احکام آیات ہے۔

كَيْفَ يَكُونُ لِلْمُشْرِكِينَ عَهْدٌ عِندَ
مشرکوں کا اللہ تعالےٰ اور اُس کے رسولؐ کے نزدیک کیونکر عہد
اللَّهِ وَعِندَ رَسُولِهِ إِلَّا الَّذِينَ
ہو سکتا ہے مگر اُن کا کہ جن سے تم نے
عَاهَدتُّمْ عِندَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۖ فَمَا
مسجد حرام کے پاس عہد کیا ہے۔ پھر جب تک
اسْتَقَامُوا لَكُمْ فَاسْتَقِيمُوا لَهُمْ ۖ
وہ عہد پر قائم رہیں تو تم بھی (اپنے عہد پر) قائم رہو۔
إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِينَ ﴿٧﴾ كَيْفَ وَ
کیونکہ خدا تعالےٰ پرہیزگاروں سے محبت رکھتا ہے۔ (اُن کا عہد) کیونکر (باقی
إِن يَظْهَرُوا عَلَيْكُمْ لَا يَرْقُبُوا فِيكُمْ
رہ سکتا ہے) حالانکہ اگر وہ تم پر قابو پاویں تو تمھارے لئے نہ قرابت کا لحاظ رکھیں
إِلًّا وَلَا ذِمَّةً ۚ يُرْضُونَكُم بِأَفْوَاهِهِمْ
نہ عہد کا۔ وہ تم کو اپنے منہ کی (بکنی چپڑی) باتوں سے خوش
وَتَأْبَىٰ قُلُوبُهُمْ وَأَكْثَرُهُمْ فَاسِقُونَ ﴿٨﴾
اور دل اُن کے پھرے رہتے ہیں۔ اور اکثر تو اُن میں سے فاسق ہی ہیں۔
اشْتَرَوْا بِآيَاتِ اللَّهِ ثَمَنًا قَلِيلًا
وہ اللہ تعالیٰ کی آیتوں کو تھوڑی سی قیمت پر بیچ چکے
فَصَدُّوا عَن سَبِيلِهِ ۚ إِنَّهُمْ سَاءَ
پھر لوگوں کو اُس کے رستہ سے روک چکے ہیں، بہت ہی بُرا ہے

Marfat.com

مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿٩﴾ لَا يَرْقُبُونَ

جو کچھ وہ کر رہے ہیں۔ وہ کسی ایمانداری کے لئے بھی نہ

فِي مُؤْمِنٍ إِلًّا وَلَا ذِمَّةً ۚ وَأُولَٰئِكَ

قرابت کا لحاظ رکھتے ہیں نہ عہد کا۔ اور یہی لوگ حد سے

هُمُ الْمُعْتَدُونَ ﴿١٠﴾ فَإِنْ تَابُوا وَ

گزرے ہوئے ہیں۔ پھر اگر وہ توبہ کریں اور

أَقَامُوا الصَّلَاةَ وَآتَوُا الزَّكَاةَ

نماز پڑھیں اور زکوٰۃ دیں

فَإِخْوَانُكُمْ فِي الدِّينِ ۗ وَنُفَصِّلُ

تو وہ تمہارے دینی بھائی ہیں۔ اور ہم جاننے والوں کے لئے

الْآيَاتِ لِقَوْمٍ يَعْلَمُونَ ﴿١١﴾ وَإِنْ

کھول کر آیتیں بیان کر رہے ہیں۔ اور اگر

نَكَثُوا أَيْمَانَهُمْ مِنْ بَعْدِ عَهْدِهِمْ

وہ اپنے عہد کے بعد بھی اپنی قسمیں توڑ ڈالیں

وَطَعَنُوا فِي دِينِكُمْ فَقَاتِلُوا أَئِمَّةَ

اور تمہارے دین پر طعن کریں تو پھر کفر کے سرداروں کو قتل

الْكُفْرِ ۙ إِنَّهُمْ لَا أَيْمَانَ لَهُمْ

ہی کر ڈالو کیونکہ ان کی کچھ بھی قسمیں نہیں ہیں

لَعَلَّهُمْ يَنْتَهُونَ ﴿١٢﴾

تاکہ وہ باز آویں۔

ترکیب

عہد اسم یکون اور خبر یا کیف ہے جو استفہام کے لیے مقدم کر دیا گیا ہے یا للمشرکین ہے اور عند دونوں صورتوں میں عہد یا یکون کا ظرف ہے یا عند اللہ ہے فما زمانیہ یا شرطیہ لہ فاستقیموا لہم مدۃ استقامتہم لکم او ان استقاموا لکم فاستقیموا یرضونکم حال ہے یا جملہ مستانفہ فان تابوا شرط فاخوانکم جواب۔

تفسیر

اس مقام پر ان کے عہد کو تمام کرنے کا سبب بیان فرماتا ہے کہ اللہ تعالےٰ اور اس کے رسولؐ کے نزدیک مشرکین کا عہد کیونکر باقی رہ سکتا ہے؟ بجز ان شخصوں کے کہ جن سے تم نے مسجد الحرام یعنے خانۂ کعبہ کے پاس سالِ حدیبیہ میں عہد کیا تھا۔ یعنی قریش کا ایک گروہ جس کو لوگوں نے بنوضمرہ بنو کنانہ کہا ہے جن کا پہلی آیات میں استثناء کیا گیا تھا۔ ان کے سوا اور کسی کا عہد باقی نہیں اور یہ بھی جب تک لینے عہد پر قائم رہیں تم بھی اپنے عہد پر قائم رہو۔

ان کے عہد پر قائم رہنے کی وجہ بجز مشرکین کہنے کے اور کوئی نہ بیان کی تھی جس میں اشارہ تھا کہ انسان کے تمام اخلاق اور سب خوبیوں کے غارت کرنے کے لئے ایک شرک کافی ہے جو جہل اور حبِّ دُنیا اور خود غرضی اور مالکِ حقیقی کی احسان فراموشی پر مبنی ہے۔ کیف وان یظہروا اب یہاں سے ان کی چند عاداتِ نامحمودِ عہد شکن کو ذکر کرتا ہے۔ (۱) یہ کہ اگر وہ تم پر قابو پاویں تو نہ قرابت کا لحاظ کریں نہ عہد کا۔ (۲) وہ زبانی تم سے چپڑی چکنی باتیں کرتے ہیں مگر دل میں کاوش رکھتے ہیں۔ (۳) ان میں اکثر فاسق ہیں اگرچہ سب کافر فاسق ہیں مگر بعض کافر اپنے مذہب کی رُو سے پرہیزگار بات کے پورے ہوتے ہیں مگر یہ عہد شکن ایسے بھی نہیں۔ (۴) انھوں نے تھوڑی سی دُنیا پر آیاتِ الٰہی کو بیچ ڈالا یعنے فوائدِ دنیا کو دین پر مقدم رکھا اس میں یہود بنی قریظہ کی طرف بھی اشارہ ہے جو بدعہدی میں شامل تھے۔ (۵) کسی مؤمن کے بارے میں نہ عہد کا لحاظ رکھتے ہیں نہ قرابت کا۔ پس اگر وہ توبہ کریں، نماز پڑھیں، زکوٰۃ دیں تو تمہارے دینی بھائی ہیں ورنہ مستوجبِ جنگ ہیں۔

أَلَا تُقَاتِلُونَ قَوْمًا نَّكَثُوا أَيْمَانَهُمْ

تم اس قوم سے کیوں نہیں لڑتے کہ جنھوں نے اپنی قسمیں توڑ ڈالیں،

Marfat.com

وَهَمُّوا بِإِخْرَاجِ الرَّسُولِ وَهُمْ بَدَءُوكُمْ
اور رسولؐ کے نکالنے کی فکر میں ہو گئے۔ اور انھوں نے پہلے تم سے

أَوَّلَ مَرَّةٍ ۚ أَتَخْشَوْنَهُمْ ۚ فَاللَّهُ
(چھیڑ) شروع کی۔ کیا ان سے ڈرتے ہو؟ سو ڈر تو اللہ تعالےٰ

أَحَقُّ أَنْ تَخْشَوْهُ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ ﴿١٣﴾
ہی کا چاہیئے اگر تم ایمان رکھتے ہو۔

قَاتِلُوهُمْ يُعَذِّبْهُمُ اللَّهُ بِأَيْدِيكُمْ
تم اُن سے جنگ کرو اللہ تعالےٰ ان کو تمھارے ہاتھوں سے عذاب دے گا اور

وَيُخْزِهِمْ وَيَنْصُرْكُمْ عَلَيْهِمْ وَيَشْفِ
اُن کو رسوا کرے گا اور تم کو ان پر غالب کرے گا اور مسلمانوں کی

صُدُورَ قَوْمٍ مُؤْمِنِينَ ﴿١٤﴾ وَيُذْهِبْ
ایک قوم کے دل ٹھنڈے کرے گا۔ اور اُن کے دل کی

غَيْظَ قُلُوبِهِمْ ۗ وَيَتُوبُ اللَّهُ عَلَىٰ
جلن نکالے گا۔ اور اللہ تعالیٰ جس کو چاہے گا توبہ نصیب

مَنْ يَشَاءُ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ﴿١٥﴾
کرے گا۔ اور اللہ تعالےٰ خبردار حکمت والا ہے۔

أَمْ حَسِبْتُمْ أَنْ تُتْرَكُوا وَلَمَّا يَعْلَمِ
کیا تم نے سمجھ لیا ہے کہ یوں ہی چھوڑ دیئے جاؤ گے اور ہنوز خدا تعالےٰ نے

اللَّهُ الَّذِينَ جَاهَدُوا مِنْكُمْ وَلَمْ يَتَّخِذُوا
تم میں سے ان کو تو معلوم ہی نہیں کیا کہ جنھوں نے جہاد کیا، اور اللہ تعالےٰ

مِنْ دُونِ اللَّهِ وَلَا رَسُولِهِ وَلَا
اور اس کے رسولؐ اور مسلمانوں کے سوا کسی کو دلی

الْمُؤْمِنِينَ وَلِيجَةً ۗ وَاللَّهُ خَبِيرٌ
دوست نہیں بنایا۔ اور اللہ تعالےٰ کو

بِمَا تَعْمَلُونَ ﴿١٦﴾
معلوم ہے جو کچھ کہ تم کر رہے ہو۔

ترکیب

قوماً موصوف نکثوا و ہموا صفتِ مفعول تقاتلون وہم الخ جملہ حال ہے تقاتلون سے اوّل مرّۃ منصوب ہے بدءوکم کا ظرف ہو کر فاللہ مبتدا احق الخ خبر ہے ان تخشوہ مبتدا سے پھر یہ جملہ خبر ہے مبتدا سے۔ پھر یہ جملہ دال برجزاء ان کنتم الخ سے۔ یعذب ویخزہم وینصر ویشف جواب امر ہیں جو قاتلوا ہے ویتوب جملہ مستانفہ ہے ان تترکوا جملہ مفعولِ حسبتم۔

تفسیر

ان آیات میں کفّار سے جنگ کرنے کی ترغیب ہے اور مسلمانوں کو اُن سے نہ جنگ کرنے میں عار دلایا جاتا ہے کہ تم اُن مشرکوں سے کیوں نہیں لڑتے کہ جنھوں نے عہد توڑ ڈالے۔ اور اُنھوں نے مکہ مکرمہ سے رسولؐ کے نکالنے کا قصد کیا تھا۔ دار الندوہ میں جمع ہو کر مشورہ کیا تھا جس کی تفصیل اُوپر گزری۔ اور انھوں نے پہلے تم سے چھیڑ کی۔ جمہور مفسرین کہتے ہیں کہ اس میں اُس بدعہدی کی طرف اشارہ ہے جو صلح حدیبیہ کے بعد اُن سے ظہور میں آئی جس کی تفصیل یہ ہے کہ ہجرت کے چھٹے سال آنحضرت علیہ السّلام نے عمرہ کے لئے مکہ کا قصد کیا آپ تخمیناً ستّو آدمیوں کے ساتھ روانہ ہوئے۔ جب مکّہ کے قریب ایک جگہ آئے جس کا نام حدیبیہ ہے جو مکہ مکرمہ سے تخمیناً نو میل براہ قدیم مدینہ کی جانب واقع ہے، تو مشرکین مکہ آمادۂ جنگ ہوئے اور مانع آئے آخر باہم صلح ہو گئی کہ نہ ہم تم پر چڑھائی کریں گے نہ تم ہم پر کرو اور نہ کوئی باہم ایک دوسرے کے حلیف کو ستائے۔ آپ وہیں سے مدینہ طیبہ واپس چلے آئے۔ اطراف مکہ میں قبیلہ بنو بکر قریش کے عہد میں آگیا اور خزاعہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلّم کے عہد میں آیا۔ ان دونوں میں مدّت سے عداوت تھی۔ ایک بار بنو بکر کا ایک شخص دف پر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی ہجو کر رہا تھا۔ خزاعہ کے ایک شخص نے منع کیا۔ اُس نے نہ مانا تو اُس کا دف توڑ ڈالا۔ اُس نے اپنی قوم سے فریاد کی۔ باہم دونوں قبیلوں کی لڑائی شروع

Marfat.com

ہوئی۔ بنو بکر نے قریش سے مدد طلب کی باوجود معاہدہ کے چند سفہائے قریش عکرمہ بن ابی جہل وصفوان بن امیہ وسہیل بن عمرو وغیرہم نے لباس بدل کر خزاعہ پر شبخون مارا۔ یہ وہ اوّل بار اُن کی عہد شکنی تھی جس پر خزاعہ کا سردار عمرو بن سالم مدینہ طیبہ میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی حضور میں فریادی آیا تب آپ نے آٹھویں سال ہجری میں مکہ پر لشکر کشی کرکے مکہ مکرمہ کو فتح کیا۔ فرماتا ہے کیا اُن سے ڈرتے ہو؟ ڈرنا تو اللہ تعالےٰ سے چاہیئے۔ اُن سے لڑو اللہ تعالےٰ اُن کو تمہارے ہاتھ سے مغلوب کرے گا جس سے ایمانداروں کے دل ٹھنڈے ہوں گے اور دل کا غبار نکلے گا اور اُن میں سے جس کو چاہے گا توبہ بھی نصیب کرے گا۔ چنانچہ اس پیشین گوئی کے مطابق ایسا ہی ہوا کفّارِ عرب مقہور و مقتول و مغلوب بھی ہوئے فتح مکّہ میں اور اُس کے بعد ہزاروں اسلام بھی لائے۔ ام حسبتم یہاں مسلمانوں کو متنبہ کیا جاتا ہے کہ یہ نہ ہوگا کہ جماعتِ اسلام میں آکر یوں ہی چھوڑ دیئے جاؤ اور امتحان نہ کیا جائے کہ مجاہد فی سبیل اللہ کون ہیں اور کس نے اللہ تعالےٰ اور اس کے رسول ؐ اور مومنین کے سوا غیر کو دلی دوست نہیں بنایا؟ یہ کسوٹی ہے تم اس پر کسے جاؤ گے جو اس پر کھرا رہا وہی حقیقی ایماندار ہے ورنہ منافق ہے۔ جہاد سے غرض قتال ہی نہیں بلکہ اخلاص۔

مَا كَانَ لِلْمُشْرِكِينَ أَن يَعْمُرُوا
مشرکوں کا کام نہیں کہ اللہ تعالےٰ کی مسجدیں آباد
مَسَاجِدَ اللَّهِ شَاهِدِينَ عَلَىٰ أَنفُسِهِم
کریں اور خود کفر کا اقرار بھی کرتے
بِالْكُفْرِ ۚ أُولَٰئِكَ حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ ۖ
جائیں۔ یہی ہیں جن کے عمل اکارت گئے۔
وَفِي النَّارِ هُمْ خَالِدُونَ ﴿١٧﴾ إِنَّمَا
اور دوزخ میں یہی ہمیشہ رہیں گے۔ اللہ تعالےٰ کی

يَعْمُرُ مَسَاجِدَ اللَّهِ مَنْ آمَنَ بِاللَّهِ
مسجدیں تو وہی آباد کیا کرتا ہے جو اللہ تعالےٰ پر اور قیامت پر
وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَأَقَامَ الصَّلَاةَ وَ
ایمان رکھتا اور نماز پڑھتا اور
آتَى الزَّكَاةَ وَلَمْ يَخْشَ إِلَّا اللَّهَ
زکوٰۃ دیتا ہو اور خدا تعالےٰ کے سوا کسی سے ڈرتا بھی نہ ہو۔
فَعَسَىٰ أُولَٰئِكَ أَن يَكُونُوا مِنَ
انہی سے توقع ہے کہ ہدایت
الْمُهْتَدِينَ ﴿١٨﴾ أَجَعَلْتُمْ سِقَايَةَ الْحَاجِّ
پاویں۔ کیا تم نے حاجیوں کا پانی پلانا
وَعِمَارَةَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ كَمَنْ آمَنَ
اور مسجد الحرام کا آباد کرنا اُس شخص کے برابر کردیا
بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَجَاهَدَ فِي
ہے کہ جو اللہ تعالےٰ پر اور قیامت کے دن پر ایمان لایا اور اس نے اللہ تعالیٰ کی
سَبِيلِ اللَّهِ ۚ لَا يَسْتَوُونَ عِندَ اللَّهِ ۚ
راہ میں جہاد کیا، وہ دونوں اللہ تعالیٰ کے نزدیک برابر نہیں ہوں گے۔
وَاللَّهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ ﴿١٩﴾
اور اللہ تعالےٰ ظالم قوم کو ہدایت نہیں دیتا۔
الَّذِينَ آمَنُوا وَهَاجَرُوا وَجَاهَدُوا
جو لوگ کہ ایمان لائے اور انہی نے ہجرت کی اور اللہ تعالےٰ کی
فِي سَبِيلِ اللَّهِ بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنفُسِهِمْ
راہ میں اپنی جان اور مال سے جہاد بھی کیا۔
أَعْظَمُ دَرَجَةً عِندَ اللَّهِ ۚ وَأُولَٰئِكَ
تو اُن کے خدا تعالےٰ کے نزدیک بڑے درجے ہیں۔ اور یہی ہیں کہ جو اپنی
هُمُ الْفَائِزُونَ ﴿٢٠﴾ يُبَشِّرُهُمْ رَبُّهُم
مرادوں کو پاویں گے۔ اُن کا خدا تعالیٰ اُن کو اپنی رحمت
بِرَحْمَةٍ مِّنْهُ وَرِضْوَانٍ وَجَنَّاتٍ
اور خوشنودی اور ایسے باغوں کا مژدہ دیتا ہے کہ

Marfat.com

لَهُمْ فِيهَا نَعِيمٌ مُّقِيمٌ ﴿٢١﴾ خَالِدِينَ فِيهَا
جن میں ناز و نعیم دائمی ہیں۔ وہ اُن میں ہمیشہ ہمیشہ رہا

أَبَدًا ۚ إِنَّ اللَّهَ عِندَهُ أَجْرٌ عَظِيمٌ ﴿٢٢﴾
کریں گے۔ بے شک اللہ تعالےٰ کے پاس بڑا اجر ہے۔

ترکیب

شاہدین حال ہے فاعل یعمروا سے ان یعمروا کان کا اسم للمشرکین خبر فی النار ظرف مقدم ہے تخصیص کے لئے من موصولہ آمن الخ صلۂ موصول سب فاعل یعمر سقایۃ مصدر کالعمارۃ وصحت الیاء لما کانت بعد ہا تاء التانیث والتقدیر اجعلتم اصحاب سقایۃ الخ مثل من آمن، الذین الخ مبتدا اعظم خبر۔

تفسیر

مکہ مکرمہ کے بُت پرست قدیم سے خانہ کعبہ کی تعمیر کرتے تھے اور ایام حج میں لوگوں کو پانی بھی پلایا کرتے تھے اسلام کے مقابلہ میں وہ اپنی نیکیوں پر فخر کرتے تھے کہ ہم مجاور بیت اللہ اور اُس کے خادم ہیں ہم سے بڑھ کر خدا تعالےٰ کے نزدیک کس کا رُتبہ ہے؟ پھر اس پر بھی محمد (صلے اللہ علیہ وسلم) ہم سے لڑنے اور عہد تمام کر دینے کا حکم دیتا ہے۔ چنانچہ یہود نے بھی اس بارے میں تصدیق کر کے یہی کہا تھا کہ تم ہی عند اللہ بڑے درجے رکھتے ہو۔ اس کے جواب میں یہ آیتیں نازل ہوئیں اور مسلمانوں میں سے بھی جو مکہ میں رہتے تھے اور ہجرت کر کے مدینہ طیبہ میں نہ آتے تھے مسلمانوں کی ہجرت اور جہاد فی سبیل اللہ اور اعانت رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم پر اپنے ان اعمال، تعمیر مسجد الحرام اور پانی پلانے کو فوقیت دیتے تھے۔ چنانچہ حضرت عباس رضؓ نے (حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے جواب میں جو اُنھوں نے ملامت کر کے ہجرت کی تاکید کی) یہی کہا تھا۔ فرماتا ہے کہ مشرکین کا کام مساجد الٰہی کی تعمیر کرنا نہیں کس لئے کہ وہ کفر کے مقر اور شرک کے مرتکب ہیں اور مساجد کی آبادی خواہ تعمیر عمارت خواہ اُس کی رونق اور وہاں رہ کر عبادت کرنا خلوص اور توحید پر مبنی ہے سو وہ اُن میں کہاں؟ بلکہ اُن کے کفر و شرک نے اُن کے اچھے کام تعظیم والدین، مہمان نوازی وغیرہ کو بھی اپنی تاریکی میں ڈھانک لیا اور اپنے شعلے سے جلا دیا اس لئے یہ ہمیشہ جہنم میں رہیں گے۔ یعنی اُن کے اس کام کا کچھ ثواب نہیں یا ان کا یہ کام کالعدم ہے۔ فرماتا ہے کہ مساجد کی تعمیر تو اُن لوگوں کا کام ہے جو اللہ تعالےٰ اور قیامت پر ایمان رکھتے نماز پڑھتے زکوٰۃ دیتے اور اللہ تعالےٰ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتے ہیں سو اُن کے لئے امید کی جاتی ہے کہ وہ ہدایت پر ہیں یعنی اُن کا راہ صواب پر ہونا قرین قیاس ہے۔ عسیٰ کلام الٰہی میں فائدہ یقین دیتا ہے یہ اُن کی پہلی نیکی کا جواب ہے رہا حاجیوں کا پانی پلانا کہ حضرت عباس رضؓ کو بھی فخر تھا اور جس کو وہ جہاد اور ہجرت کی برابر سمجھتے تھے اس کی نسبت فرماتا ہے کہ کیا یہ کام اللہ تعالےٰ اور قیامت پر ایمان لانے اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنے کی برابر ہو سکتا ہے؟ نہیں ہرگز نہیں یہ کام اُن کو سعادت کا رستہ نہیں دکھائے گا۔ سعادت تو جان اور مال اللہ تعالےٰ کی راہ میں صرف کرنے سے حاصل ہوتی ہے سو وہ ایمان اور جہاد فی سبیل اللہ ہے۔

واضح ہو کہ انسان کے لئے تین چیزیں ہیں روح، بدن، مال جب تک وہ ان تینوں کو مہذب اور درست نہ کرے گا سعادت کا منہ نہ دیکھے گا۔ روح کی تہذیب یہ ہے کہ اللہ تعالےٰ اور قیامت پر ایمان لائے، مبدء و معاد ذکر کرنے سے یہ غرض کہ جو اُن کے وسائل ہیں ملائکہ اور اللہ تعالےٰ کی کتابیں اور اُس کے رسول پر ایمان لانا موقوف علیہ ہے بغیر اُن کے مبدأ و معاد پر ایمان قائم ہو ہی نہیں سکتا۔ یہ قوت نظریہ کی تکمیل ہے اور جب روح منور ہو جاتی ہے تو وہ اپنے جنس طبعی عالم نور اور عالم سرور کی طرف بے خود ہو کر کھنچتی ہے اور اپنے ساتھ اس جسم اور اس کے مایۂ عیش اور شہوات کے اور مال کے

Marfat.com

صرف کرنے کا موقع بنی نوع کی نفع رسانی اور اُن کو ورطۂ ہلاکتِ جاودانی سے نکال کر کرسیٔ سعادت پر بٹھلانے میں ہے اور اپنے محبوبِ حقیقی کا نام پاک زمین پر روشن کرنے میں اور اس رستہ میں جو سدِّ راہ ہیں اُن کے دُور کرنے میں ہے اور اس کا نام جہاد ہے۔ **جہاد** کیا ہے گویا جلتوں کو آگ میں سے نکالنا یا ڈوبتوں کو تھامنا ہے اس میں جان اور بدن اور مال تینوں صَرف ہوتے ہیں اور اُن کی پوری تہذیب اور آراستگی ہوتی ہے اور یہ لوگ گویا ہمیشہ کے لئے توحید اور حق پرستی کا نشان زمین پر چھوڑ جاتے ہیں یا سعادت کا مدرسہ یا حیاتِ جاودانی کا چشمہ جاری کرتے ہیں جس کے صلہ میں اُن کو سعادتِ عظمیٰ اور حیاتِ جاودانی عطا ہوتی ہے اس لئے اوّل اُن کے مساعیٔ جمیلہ کو بیان فرماتا ہے آمنوا و ہاجروا وجاہدوا فی سبیل اللہ یہ تین کام ہوئے ایمان لانا، ہجرت کرنا، جہاد کرنا۔ اب اُن کے نتائج ذکر فرماتا ہے اولٰئک اعظم درجۃ عند اللہ کہ اُن کا درجہ خدا تعالےٰ کے نزدیک بہت بڑا ہے یہ ایک بات ہوئی واولٰئک ہم الفائزون اور وہی کامیاب اور بامراد ہیں یہ دوسری بات ہوئی یبشرہم ربہم برحمۃ منہ کہ اُن کا رب اپنی رحمت کی اُنھیں بشارت دیتا ہے (اپنی رحمت اور اُن کا رب تم جو کچھ مقامِ عشق میں لُطف دے رہا ہے بیان سے باہر ہے) یہ تیسری بات ہوئی جس میں تین چیزیں ہیں اوّل رضوان اپنی خوشنودی کی بشارت کہ اللہ تعالےٰ اُن سے ہمیشہ خوش رہے گا۔ دوم جنّت یعنی ایسے باغ ملیں گے کہ جن میں نعیم و نازِ دائمی ہیں۔ سوم اُس میں ہمیشہ رہا کریں گے۔ یہ تین انعام تو اُن کے تین مساعیٔ جمیلہ کے بدلہ میں تھے مگر اپنی طرف سے خدا تعالےٰ ایک اور بڑھ کر انعام کا مژدہ سُناتا ہے وہ کیا اجرِ عظیم اس کی تفسیر میں علماء کے بہت اقوال ہیں۔ از انجملہ یہ کہ اجرِ عظیم دیدارِ الٰہی ہے جس سے بڑھ کر اور کوئی اجر نہیں۔ اس بشارت میں خلفائے اربعہ رضؓ بدرجۂ اوّلے شامل ہیں۔ اب ان فضائل اور ان اوصاف کے مقابلہ میں تعمیرِ مسجد اور حاجیوں کو پانی پلانا

فضائل خلفائے اربعہ رضؓ

کیا ہے۔ فرض کرو کہ کسی نے سونے کی مسجد بنائی اور شربت اور دودھ کی سبیل لگائی پھر کیا یہ کام ابقائے اسلام اور احیائے ملّتِ خیر الانام کے حق میں اشاعتِ علوم اور بنائے مساجد اور جہاد فی سبیل اللہ کے برابر ہو سکتا ہے؟ ہرگز نہیں۔ آج کل جو مسلمانوں کا ستارہ پستی پر ہے یہی وجہ ہے کہ اُن کو نیکی بھی نہیں آتی۔ ایک فریق جو حامیٔ قوم اور یارِ مددگار تھا تو اُنھوں نے دین اور اسلام کو سلام کر کے محض انگریزی تعلیم اور اُن کی وضع کو وسیلۂ ترقی جانا اوّل تو اس میں حصولِ دنیا نہیں اور جو ہو تو اسلام کی پروا نہیں مرتد ہی کیوں نہ ہو جائے پر کوئی نوکری مل جاتے۔ اگر ایسا ہو تو اسلامیوں کو کیا خوشی ہوگی۔ سیکڑوں عیسائی دولتمند ہیں ہوا کریں۔ نہ اُن کو خدا تعالیٰ کے کلام اور پیغمبر علیہ السّلام کے علوم باقی رہنے کی فکر نہ اس کی کوئی تدبیر۔ دوسرا فریق ایسا اُٹھا کہ اُس نے بدعات میں سرگرمی کرنا باعثِ اجرِ عظیم سمجھ لیا ہے اُن کے نزدیک ابقائے اسلام اور کارِ خیر ہے تو یہ ہے برخلاف اُن کے مخالفوں کی مفید کوششیں کیا غضب ڈھا رہی ہیں کہیں زنانہ مدارس ہیں، کہیں واعظ ملکوں میں پھرتے ہیں، کہیں تصانیف کا بازار گرم ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْٓا

ایمان والو! تم اپنے باپ اور بھائیوں کو

اٰبَآءَكُمْ وَاِخْوَانَكُمْ اَوْلِيَآءَ اِنِ

رفیق بناؤ

اسْتَحَبُّوا الْكُفْرَ عَلَى الْاِيْمَانِ ۭ وَ

وہ کفر کو ایمان سے عزیز رکھیں اور

مَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ

جو کوئی تم سے ان کی رفاقت کرے گا تو وہی

الظّٰلِمُوْنَ ۝۲۳ قُلْ اِنْ كَانَ اٰبَاۗؤُكُمْ

ظالم ہے۔ (اے نبی!) کہدو اگر تم کو اپنے باپ

Marfat.com

وَاَبْنَآؤُكُمْ وَاِخْوَانُكُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ وَعَشِيْرَتُكُمْ وَاَمْوَالُ ِۨاقْتَرَفْتُمُوْهَا

اور بیٹے اور بھائی اور بیویاں اور کنبہ اور وہ مال جو تم نے کمائے ہیں

وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا وَمَسٰكِنُ تَرْضَوْنَهَآ اَحَبَّ اِلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ

اور وہ تجارت کہ جس کے مندا ہو جانے سے ڈرتے ہو اور وہ مکانات کہ جنھیں تم پسند کرتے ہو تمھارے نزدیک اللہ تعالےٰ اور اس کے

وَرَسُوْلِهٖ وَجِهَادٍ فِيْ سَبِيْلِهٖ فَتَرَبَّصُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ؕ

رسول اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنے سے عزیز تر ہیں تو تم انتظار کرو یہاں تک کہ اللہ تعالےٰ اپنا عذاب لاوے۔ ۲۴

وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۲۴﴾

اور اللہ تعالےٰ بدکار قوم کو ہدایت نہیں دیتا۔

لَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ فِيْ مَوَاطِنَ كَثِيْرَةٍ ۙ وَّيَوْمَ حُنَيْنٍ ۙ اِذْ اَعْجَبَتْكُمْ كَثْرَتُكُمْ

البتہ بہت سے موقعوں میں اللہ تعالےٰ تمھاری مدد کر چکا ہے (خصوصاً) حنین کے دن جب کہ تم اپنی کثرت دیکھ کر اترائے

فَلَمْ تُغْنِ عَنْكُمْ شَيْـًٔا وَّضَاقَتْ عَلَيْكُمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ ثُمَّ

پھر تو وہ تمھارے کچھ بھی کام نہ آئی اور باوجود وسیع ہونے کے تم پر زمین تنگ آگئی پھر تم پیٹھ پھیر کر

وَلَّيْتُمْ مُّدْبِرِيْنَ ﴿۲۵﴾ ثُمَّ اَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَعَلَى

بھاگ نکلے۔ پھر خدا تعالےٰ نے اپنے رسول اور مسلمانوں پر (بھی) تسکین

الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَنْزَلَ جُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا

اور ایسے لشکر اتارے جن کو تم نہیں دیکھتے تھے

وَاَنْزَلَ جُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا وَعَذَّبَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ وَذٰلِكَ

اور کافروں کو سزا دی، اور یہ ہے

جَزَآءُ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۶﴾ ثُمَّ يَتُوْبُ اللّٰهُ

کافروں کا بدلہ۔ پھر اس کے بعد اللہ تعالےٰ نے

مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَ

جس کو چاہا توبہ نصیب کی۔ اور

اللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۷﴾

اللہ تعالےٰ معاف کرنے والا مہربان ہے۔

ترکیب

اولیاء جمع ولی مفعول لاتتخذوا ان شرط جملہ ماقبل دال برجزاء۔ احبّ خبر کان یہ تمام جملہ شرط فتربصوا جواب یوم حنین مواطن سے بدل جو نصرکم کا ظرف ہے۔ اذ کا عامل نصر ہے تغن کا فاعل ضمیر جو کثرت کی طرف راجع ہے۔

تفسیر

مسلمانوں کو کفّار سے اعلانًا جنگ کا حکم دیا گیا جہاں فریق مخالف میں سے اُن کو اپنے مال بچوں کنبہ برادری سے لڑنا پڑتا تھا ایک شخص مسلمان اور باقی کافر دشمن اسلام ایسی صورت واقع تھی۔ اور نیز عمومًا ہجرت کا بھی حکم صادر ہوا تھا جس میں کنبہ بھائی بند جگر کے ٹکڑے چھٹتے تھے، تجارت بگڑتی تھی، افلاس کا مُنہ دیکھنا پڑتا تھا۔ یہ ساری باتیں ایسی تھیں جو انسان کو فطرتی طور پر جہاد و ہجرت سے باز رکھتی تھیں مگر ملاءِ اعلےٰ میں دنیا پر راستی اور توحید کے انوار پھیلانے کا ذریعہ مسلمانوں کا مدینہ طیبہ میں مجتمع ہو کر جہالت اور کفر و بُت پرستی کی سیاہی کو آبِ شمشیر سے دھونا قرار پا گیا تھا اس لئے بتاکید حکم دیا گیا یا ایہا الذین آمنوا کہ اے گروہ مومنین! اگر تمھارے باپ اور بھائی کفر پسند کریں تو تم اُن کو دوست

Marfat.com

نہ بناؤ اور جو ایسا کرے گا وہ بے انصاف و ظالم ہوگا۔ اور اگر تم کو اپنے اقارب اللہ تعالےٰ اور رسولؐ اور اُس کی راہ میں جہاد کرنے سے بہتر اور محبوب معلوم ہوں تو دیکھو پھر خدا تعالےٰ کیا کرتا ہے یعنی تم پر بھی بلائے آسمانی نازل ہوتی ہے۔ اس کے بعد یہ بات بتلاتا ہے کہ تم اپنی کثرت و شوکت پر نازاں نہ ہو صرف مددِ آسمانی تمھارے ساتھ ہے جس نے تم کو بہت مواقع میں فتحمند کیا جہاں کہ تمھاری کچھ بھی قوت ظاہری نہ تھی اور خصوصاً جنگِ حُنین میں کہ جہاں تمھارے پاس بہت کچھ سامان اور بہت لشکر تھا جس پر تم کو ناز ہوا تھا باوجودے کہ تمھارے مخالف کم تھے وہاں تمھارا ناطقہ بند ہو چلا اور تم پر زمین تنگ ہوگئی تھی وہاں تمھاری کثرت کچھ بھی کام نہ آئی آخر پھر ہم نے تم پر مددِ غیبی بھیجی تمھارے دل میں جرأت ڈالی اور تمھاری مدد کو ایسی فوج ملائکہ کی اُتاری جس کو تم نہیں دیکھتے تھے جس سے مخالفین کو مقہور کیا اُن کے کفر کی وجہ سے پھر اس کے بعد خدا تعالےٰ نے توبہ نصیب کی بھاگنے والوں کو بھی جو جنگ سے بھاگے تھے اور نیز کفار میں سے بھی داخلِ زمرۂ اسلام ہوئے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْمُشْرِكُوْنَ

مسلمانو! مشرک تو بزے گندے

نَجَسٌ فَلَا يَقْرَبُوا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ

ہیں سو وہ اس سال کے بعد مسجد الحرام کے پاس نہ

بَعْدَ عَامِهِمْ هٰذَا ۚ وَاِنْ خِفْتُمْ

آنے پاویں۔ اور اگر تم کو تنگ دستی

عَيْلَةً فَسَوْفَ يُغْنِيْكُمُ اللّٰهُ مِنْ

کا ڈر ہے تو اللہ تعالےٰ چاہے گا تو تم کو اپنے فضل سے ابھی

فَضْلِهٖٓ اِنْ شَآءَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ

غنی کر دے گا۔ بے شک اللہ تعالےٰ خبردار حکمت

حَكِيْمٌ ۝۲۸ قَاتِلُوا الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ

والا ہے۔ اُن لوگوں سے بھی لڑو جو نہ اللہ تعالےٰ پر ایمان رکھتے

بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَلَا يُحَرِّمُوْنَ

ہیں اور نہ قیامت کے دن پر اور نہ حرام سمجھتے ہیں اس چیز کو

مَا حَرَّمَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَلَا يَدِيْنُوْنَ

کہ جس کو اللہ تعالےٰ نے اور اُس کے رسول نے حرام کیا ہے اور نہ دینِ حق کو

دِيْنَ الْحَقِّ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ

قبول کرتے ہیں اور اہل کتاب سے (لڑو) جب تک کہ

حَتّٰى يُعْطُوا الْجِزْيَةَ عَنْ يَّدٍ وَّهُمْ

وہ ماتحت ہو کر اپنے ہاتھ سے جزیہ نہ

صٰغِرُوْنَ ۝۲۹ وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ

دیویں۔ اور یہودی کہہ چکے ہیں کہ

ع ۴ کہ اُن کے نہ آنے سے تجارت بند ہو جاوے گی ۱۲ منہ

ل آٹھویں سال ہجری میں جب آنحضرت علیہ السلام نے مکہ فتح کیا تو دو ہزار اسّی قبیلے کے نو مسلم اور بہت سے انصار و مہاجرین جن کے مجموعہ کی تعداد میں مختلف اقوال ہیں کوئی دس ہزار کوئی بارہ ہزار کہتا ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مکہ مکرمہ سے حنین کی طرف چلے جو مکہ اور طائف کے درمیان ایک جگہ ہے جب کہ فتح کیا تو ہوازن اور ثقیف جو وہاں دو قبیلے تھے اُنھوں نے ازراہِ تکبر یہ کہا کہ محمدؐ نے کہ کو فتح کر لیا وہاں کے لوگ جنگ ناآشنا تھے، ہم سے لڑے تو معلوم ہو۔ لیجیے اُس سے پہلے ہم ہی اس پر گرتے ہیں۔ ہوازن کا سردار مالک بن عوف تھا ثقیف کا کنانہ بن عبد یالیل اُنھوں نے تخمیناً چار ہزار سپاہ جمع کر کے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے راستہ میں پہاڑ کی تنگ گھاٹیوں میں تیر اندازوں کو بٹھا رکھا تھا شنبہ کے روز شوّال میں کوچ کیا اور لشکرِ اسلام ان گھاٹیوں میں آیا تو مسلم تیروں کی تاب نہ لا کر بھاگ اُٹھے اُن کے ساتھ مسلمان بھی بھاگ پڑے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے ساتھ عباس رضؓ اور ابوسفیان بن حارث اور چند لوگ ٹھیرے ہے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک مشت خاک اُٹھا کر مخالفوں کی طرف پھینکی جس سے وہ آنکھیں ملنے لگے اور سب کی آنکھوں میں جا پڑی اور عباس رضؓ نے انصار و مہاجرین کو پکارا تو سب دوڑ پڑے اور ملائکہ آسمان سے ابلق گھوڑوں پر نمودار ہوئے کفار نے ہزیمت پائی مع مال و اسباب لشکرِ اسلام کے ہاتھ آیا ۱۲ منہ

Marfat.com

عُزَيْرُ ابْنُ اللّٰهِ وَقَالَتِ النَّصٰرَى
عزیرؑ اللہ تعالیٰ کا بیٹا ہے اور نصاریٰ کہہ چکے ہیں کو
الْمَسِيْحُ ابْنُ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ قَوْلُهُمْ
مسیحؑ اللہ تعالیٰ کا بیٹا ہے۔ یہ قول اُن کی مُنہ کی
بِاَفْوَاهِهِمْ ۚ يُضَاهِـُٔوْنَ قَوْلَ الَّذِيْنَ
باتیں ہیں اپنے سے پہلے کافروں کی برابر ہے
كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ ؕ قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ ۚ اَنّٰى
کیا چاہتے ہیں۔ خدا ان کو غارت کرے کہاں
يُؤْفَكُوْنَ ﴿۳۰﴾ اِتَّخَذُوْۤا اَحْبَارَهُمْ وَ
بہکے جاتے ہیں۔ انھوں نے اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر اپنے
رُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَ
احبار اور رہبانوں کو
الْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ ۚ وَمَاۤ اُمِرُوْۤا اِلَّا
مریمؑ کے بیٹے مسیحؑ کو بھی رب بنا لیا، اور اُن کو تو حکم یہی دیا گیا تھا
لِيَعْبُدُوْۤا اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا
کہ خدائے واحد کی پرستش کرتے رہیں۔ جس کے سوا اور کوئی خدا
هُوَ ؕ سُبْحٰنَهٗ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۳۱﴾
نہیں، وہ اُن کے شریک بنانے سے پاک ہے۔

ترکیب

نجس بفتح الجیم بمعنے ناپاکی نجاستہ العین مصدر ہے مگر مؤنث پر اطلاق ہوتا ہے۔ بکسر الجیم ناپاک نجاستہ حکمی خبر ہے المشرکون کی المسجد الحرام لایقربوا کا مفعول بعد متعلق ہے لایقربوا سے بدا عاہم سے بدل یا بیان ہے وان خفتم شرط فسوف اُغنیکم جواب ولا معطوف ہے باللہ پر یا عادۃ الجار

۱؎ یعنے بے اصل باتیں ہیں ۱۲ منہ ۲؎ پہلے بُت پرست قومیں بھی اپنے دیوتاؤں کو ایسا ہی سمجھتی تھیں۔ مصر کے لوگ اور روم کے باشندے اور کنعان کی قومیں سو اُنھوں نے اُن کی پیروی اختیار کی ہے حالانکہ انبیاء بنی اسرائیل کی معرفت خدائے واحد کی پرستش کا حکم ہوا تھا ۱۲ منہ ف اسلام میں بھی جو اپنے مشائخ اور اُن کی قبور سے

ولا یحرمون متعلق ہے لایؤمنون پر اور اسی طرح ولا یدینون۔ من بیان ہے الذین کا حتے غایۃ ہے قاتلوا کی۔

تفسیر

ان آیات میں دو حکم صادر فرماتے ہیں **اوّل** یہ کہ مشرکین اس سال کے بعد کہ جس میں یہ حکم سُنایا گیا ہے مسجد الحرام یعنی خانہ کعبہ میں نہ آنے پاویں کیونکہ وہ ناپاک ہیں۔ نجس کے لفظ سے بعض علماء ظاہریہ نے مشرکین کو نجس العین سمجھا ہے کہ اُن کا ہاتھ بھی کسی پاک چیز سے لگنا درست نہیں۔ اما میہ بھی اسی طرف گئے ہیں۔ مگر جمہور علماء اسلام اور ائمہ اربعہ کہتے ہیں کہ وہ نجس العین نہیں کیونکہ خدا تعالیٰ نے ان کا کھانا پینا حلال کیا اور اُن کے برتنوں سے مسلمانوں نے قرنِ اوّل میں پانی لیا اور پیا اُن کی نجاست باطنی ہے یعنی کفر اور شرک اور ظاہری بھی ہے تو بقول قتادہؒ یہ ہے کہ وہ غسلِ جنابت نہیں کرتے ناپاکی سے احتراز نہیں کرتے۔ مسجد الحرام کے سوا اور مساجد میں داخل ہونے کی بابت اختلاف ہے۔ اہلِ مدینہ جمیع مساجد سے منع کرتے ہیں۔ امام شافعیؒ و امام ابو حنیفہؒ فرماتے ہیں اور مساجد میں آنے کی ممانعت نہیں کیونکہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ثمامہ بن اثال کو اپنی مسجد میں باندھا تھا اور وفدِ ثقیف کو وہیں اُتارا تھا۔ امام ابو حنیفہؒ فرماتے ہیں کہ کعبہ میں بھی داخل نہ ہونے دینے سے یہ مراد ہے کہ زور و شوکت کے ساتھ نہ جاویں۔ لفظ نجس تو یہی کہہ رہا ہے کہ مقاماتِ مقدسہ میں نہ جانے پاویں اور اصح علماء کا عمل ہے۔ (ک) **دوسرا حکم** یہ ہے کہ زمین پر توحید و راستی پھیلاؤ، اس کے مخالفوں کی شوکت توڑو، یہ اسلام کا اعلےٰ کام ہے۔ پس جب اسلامیوں کو اُن سے مقابلہ کی قدرت

Marfat.com

ہو تو اول اُن کو ہدایت کی طرف بُلایا جاوے اور اگر نہ مانیں تو اُن کو اعلانِ جنگ کرکے اطاعتِ اسلام اور جزیہ[1] دینے پر مجبور کیا جاوے خواہ وہ کافر اہل کتاب ہوں یا مجوس خواہ کسی ملک کے ہوں۔ مگر امام ابوحنیفہؒ فرماتے ہیں کہ خاص عرب کے مشرکوں سے جزیہ نہ لیا جاوے یا وہ ملک چھوڑ دیں یا وہ اسلام قبول کریں اور عرب کے اہل کتاب سے جزیہ لینا جائز ہے۔ پھر جزیہ کی مقدار میں کلام ہے۔ عطاء اور یحییٰ ابن آدم و ابو عبید و ابن جریرؒ کہتے ہیں کہ شرع نے اس کی کوئی حد مقرر نہیں کی جیسا موقع ہو اور جو قرار پاجاوے لیا جاوے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو اہلِ یمن، اہلِ بحرین وغیرہ سے لیا وہ کوئی مقرر تعداد نہیں ہوئی مگر امام شافعیؒ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فعل کو حد معین کرکے ایک دینار اور امام ابوحنیفہؒ بارہ ۱۲، چوبیس ۲۴، اڑتالیس ۴۸ درہم علےٰ حسب استطاعت مقرر کرتے ہیں۔ اہلِ کتاب سے جنگ کرنا اور جزیہ یعنی رعیت بناکر ٹیکس لینا فرمایا تھا اب ان کی وہ حرکاتِ ناشائستہ بیان فرماتا ہے جن کے سبب یہ حکم دیا گیا۔ اوّل یہود سے شروع کیا کہ اُنھوں نے عزیر علیہ السلام کو خدا تعالےٰ کا فرزند کہا تھا۔ یہ سب یہود نے نہیں کہا تھا بلکہ ایک خاص فرقہ نے جو بقولِ بعض علماء یہود بنی قریظہ تھے اور پھر نصاریٰ کا حال بیان فرماتا ہے کہ انھوں نے مسیح علیہ السلام کو خدا تعالےٰ کا بیٹا قرار دیا۔ بجز بعض فریق نصاریٰ کے جملہ فرقوں کا آج تک یہی عقیدہ ہے۔ فرماتا ہے کہ یہ اُنھوں نے اپنے سے پہلے گمراہوں کی تقلید کی ہے وہ بھی اپنے معتقد علیہ بزرگوں کو بڑھاتے بڑھاتے خدا یا اُس کا بیٹا ہی بناکر چھوڑتے تھے۔ اُن پر اللہ تعالیٰ کی مار کہاں بہکے جارہے ہیں۔ خلافِ عقل و نقل بات پر اَڑ رہے ہیں اُس کے سوا اُن دونوں فرقوں نے ایک اور غضب ڈھا رکھا تھا۔ وہ یہ کہ یہود نے اپنے احبار یعنی مولویوں کو اور نصاریٰ نے راہبوں اپنے درویشوں کو اور مسیحؑ کو خدا بنا رکھا تھا۔ احبار و رہبان کو خدا بنانے کی

[1] جزیہ دینا ہی اُن کی ذلت ہے جیسا کہ امام شافعیؒ فرماتے ہیں نہ کہ اور زیادہ اہانت ۱۲ منہ

النصف

یہ صورت تھی کہ خلافِ عقل و خلافِ توریت و انجیل جو کچھ فتوے دیتے تھے اُس کو خدا تعالےٰ کے حکم کی برابر جانتے تھے۔ رومہ کے پوپ خدائی کرتے تھے۔

يُرِيدُونَ أَنْ يُطْفِئُوا نُورَ اللَّهِ
وہ چاہتے ہیں کہ اللہ تعالےٰ کے نور کو اپنے منہ سے بجھادیں
بِأَفْوَاهِهِمْ وَيَأْبَى اللَّهُ إِلَّا أَنْ
اور اللہ تعالےٰ تو اپنے نور کو پورا کئے بغیر
يُتِمَّ نُورَهُ وَلَوْ كَرِهَ الْكَافِرُونَ ﴿۳۲﴾
نہ رہے گا اور کافر پڑے بُرا مانا کریں
هُوَ الَّذِي أَرْسَلَ رَسُولَهُ بِالْهُدَىٰ
وہی تو ہے کہ جس نے اپنا رسولؐ ہدایت
وَدِينِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ
اور دینِ حق دے کر بھیجا تاکہ اس کو ہر دین پر غالب
كُلِّهِ ۙ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُونَ ﴿۳۳﴾ يَا أَيُّهَا
کرے اگرچہ مشرکوں کو ناگوار گزرے۔ ایمان
الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّ كَثِيرًا مِنَ الْأَحْبَارِ
والو! بہت سے احبار
وَالرُّهْبَانِ لَيَأْكُلُونَ أَمْوَالَ النَّاسِ
اور رہبان تو لوگوں کا فریب سے مال کھا رہے
بِالْبَاطِلِ وَيَصُدُّونَ عَنْ سَبِيلِ
ہیں اور لوگوں کو اللہ تعالےٰ کے رستہ سے روک رہے
اللَّهِ ۗ وَالَّذِينَ يَكْنِزُونَ الذَّهَبَ
ہیں۔ اور (یہ وہ) لوگ ہیں جو سونا اور چاندی گاڑ کر
وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُونَهَا فِي سَبِيلِ
رکھتے ہیں اور اس کو اللہ تعالےٰ کے رستہ میں خرچ نہیں
اللَّهِ ۙ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ أَلِيمٍ ﴿۳۴﴾ يَوْمَ
کرتے، سو اُن کو عذابِ الیم کا مژدہ سنا دو۔ جس دن کہ
يُحْمَىٰ عَلَيْهَا فِي نَارِ جَهَنَّمَ فَتُكْوَىٰ
اُس مال کو دوزخ کی آگ سے تپایا جائے گا پھر اُس سے اُن کی

Marfat.com

بِهَا جِبَاهُهُمْ وَجُنُوبُهُمْ وَظُهُورُهُمْ ط

پیشانیوں اور پسلیوں اور پیٹھوں پر داغ دیا جاوے گا۔

هٰذَا مَا كَنَزْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ فَذُوقُوا

(اور اُن سے یہ کہا جائے گا کہ) یہ وہ مال ہے کہ جس کو تم اپنے لئے گاڑ گاڑ کر

مَا كُنْتُمْ تَكْنِزُونَ ﴿۳۵﴾

رکھتے تھے، لو اپنے جمع کئے (ہوئے مال) کا مزہ چکھو!

ترکیب

ان یطفؤا مفعول یریدون یا اس کی تفسیر۔ لیاکلون خبر ہے ان کی ویصدون اس پر معطوف والذین مبتدا یکنزون خبر علیہا مفعول مالم یسم فاعلہ یحمی کا جو یوم کا معنے عامل ہے اے یعذب۔ فی یحمی سے متعلق جباہہم الخ مفعول مالم یسم فاعلہ تکوی کا۔ بہا تکوی سے متعلق اُس کا آلہ ہذا مبتدا ماکنزتم الخ خبر۔

تفسیر

کافروں کے پہلے تین عیب قابلِ جنگ و تقرر جزیہ بیان فرمائے تھے اوّل یہ کہ وہ دینِ الٰہی کے برخلاف چلتے ہیں اللہ تعالےٰ اور اُس کے رسولؐ پر ایمان نہیں رکھتے۔ دوم یہ کہ یہود نے عزیرؑ اور نصاریٰ نے مسیحؑ کو اللہ تعالےٰ کا بیٹا کہا۔ نصاریٰ تو اب تک مسیحؑ کو اللہ تعالےٰ کا بیٹا کہتے ہیں۔ یہود میں سے یہ بات سب نے نہیں کہی تھی بلکہ مدینہ طیبہ کے بعض یہود نے اور بعض شام کے یہود بھی ایسا کہتے تھے جس لئے اس حماقت کا قوم پر الزام دیا گیا ؎ چو از قومے یکے بیدانشی کرد ۔ نہ کہ را منزلت ماند نہ مہ را ۔ سوم یہ کہ وہ اپنے مشائخ اور درویشوں کے یہاں تک تابع ہوتے کہ اُن کو خدا تعالےٰ کی طرح حرام و حلال کرنے کا مجاز سمجھنے لگے باوجودے کہ ایسی باتوں کی ممانعت کی گئی تھی مگر نہ مانا پہلی قوموں کی مانند جاہل ہو گئے تاریکی میں پھنس گئے۔ اب یہاں یہ بات بتلاتا ہے کہ اللہ تعالےٰ نے جو اُن کو تاریکی میں سر ٹکرانے سے نجات دینے کے لئے ایک چراغِ ہدایت روشن کیا تو اُس کو پھونک پھونک کر بجھانا چاہتے ہیں اپنے مُنہ کی بیہودہ باتوں اور لغو اعتراضات سے پیش آتے ہیں پر کیا ہوتا ہے اللہ تعالےٰ تو اپنے نور کو پھیلا ہی کر رہے گا گو وہ اُس کو نہ چاہیں یعنی اُس نے اپنا رسول ہدایت اور دینِ حق دے کر بھیجا تاکہ سب غلط اور پُر اوہام مذہب پر غالب ہو کر بنی آدم کی ڈوبتی ہوئی کشتی کو تھام لے سو وہ دینِ حق کو غالب ہی کر کے رہے گا۔ چنانچہ صحابہؓ کے عہد میں ایسا ہو چکا یعنی وہ روشنی مشرق سے مغرب تک پھیل گئی اور عہد مہدی علیہ السلام میں پھر پھیلے گی۔ یہود و نصاریٰ کے عالم اپنی کتابوں میں تحریف کرنے کے عادی تھے وہ لوگوں کو طرح طرح کے شبہات میں مبتلا کرتے تھے جیسا کہ آج کل مشنری کرتے ہیں۔ اب مسلمانوں کو اُن کے فریب سے اُن میں ایک خباثت کا نشان بتلا کر مطلع فرماتا ہے کہ وہ مکارانہ فریبوں سے مال مارتے اور اُس کو جمع کرتے ہیں اللہ تعالےٰ کی راہ میں خود صرف کرنا نہیں جانتے جیسا کہ ہندوؤں کے برہمن اور پنڈت کرتے ہیں سو ایسے لالچیوں کی بات کا کیا اعتبار ہے؟ ایسے مال سے قیامت میں تپا کر اُن کے مُنہ اور پیٹھ اور پہلو پر داغ دیئے جاویں گے۔ اس آیت میں مسلمانوں کی طرف بھی اشارہ ہے کہ جو زکوٰۃ نہیں دیتے اور بعد زکوٰۃ دینے کے مال جمع کرنا جمہور کے نزدیک جائز ہے ؛

ف یہود و نصاریٰ کے احبار و رہبان جو کچھ جال پھیلاتے اور بہروپ بدلتے تھے سب مال و زر کے لئے تھا جس کا انجام جہنم میں داغ دیا جانا ہوگا یہود و نصاریٰ پر کیا موقوف ہے یہ مال و زر کی طمع ایسی بلا ہے کہ جس سے بشر بہ مشکل نجات پا سکتے ہیں۔ مسلمانوں کے بعض گروہ کو بھی اس مرضِ مہلک نے ہلاک کیا اور اولیاء کرام کا بہروپ بدل کر درویشوں، پیرزادوں نے وہ ڈھنگ بنائے ہیں کہ خدا کی پناہ، کہیں میلہ، کہیں نذر و نیاز کا طریقہ اور پھر اُس بزرگ کے خدائی اختیارات کی حکایات اور پھر اُن علماء سوء کا ان کی تاویلات کرنا اور علمی قلعی چڑھا کر رواج دینا، کہیں راگ رنگ کی مجالس کو اور جملہ لہو و لعب کو دین بنانا اور بحث میں علمی زور دکھانا۔ پھر پیر جی کا خلافِ شرع اپنی تعظیم و تکرمت کے احکام جاری کرنا ؎ سجدے کرانا، نذرانے وصول کرنا اور درپردہ شہوات و لذات کے مزے اُڑانا سب اگلے احبار و رہبانوں کی تقلید ہے۔ حق سبحانہٗ اپنے نبی پاک کی محبت اور اتباع نصیب کرے آمین ۱۲ منہ

پیشین گوئی در باب ظہور اسلام

Marfat.com

إِنَّ عِدَّةَ الشُّهُورِ عِندَ اللَّهِ اثْنَا عَشَرَ
جس دن سے اللہ تعالیٰ نے آسمانوں اور زمین کو بنایا ہے
شَهْرًا فِي كِتَابِ اللَّهِ يَوْمَ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ
اس دن سے اللہ تعالیٰ کے دفتر میں تو مہینوں کا شمار بارہ ۱۲
وَالْأَرْضَ مِنْهَا أَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ۚ ذَٰلِكَ
مہینے ہیں جن میں سے چار ادب کے مہینے ہیں۔ یہ سیدھا تو
الدِّينُ الْقَيِّمُ ۚ فَلَا تَظْلِمُوا فِيهِنَّ
سیدھا ہے، سو تم ان مہینوں میں اپنے نفسوں پر
أَنفُسَكُمْ ۚ وَقَاتِلُوا الْمُشْرِكِينَ كَافَّةً
ظلم نہ کرو (ناحق لڑکر) اور سب مشرکوں سے لڑو جس طرح کہ وہ
كَمَا يُقَاتِلُونَكُمْ كَافَّةً ۚ وَاعْلَمُوا أَنَّ
سب تم سے لڑتے ہیں۔ اور واضح رہے کہ اللہ تعالیٰ
اللَّهَ مَعَ الْمُتَّقِينَ ﴿٣٦﴾ إِنَّمَا النَّسِيءُ
پرہیزگاروں کے ساتھ ہے۔ مہینے کا ہٹا دینا صرف
زِيَادَةٌ فِي الْكُفْرِ ۖ يُضَلُّ بِهِ الَّذِينَ
کفر کی بدعت ہے جس سے کافر دھوکہ دیے جاتے ہیں کہ
كَفَرُوا يُحِلُّونَهُ عَامًا وَيُحَرِّمُونَهُ عَامًا
کسی سال میں تو اس کو (لونڈ کے مہینے کو) حلال اور کسی سال میں حرام
لِّيُوَاطِئُوا عِدَّةَ مَا حَرَّمَ اللَّهُ فَيُحِلُّوا
سمجھ لیتے ہیں تاکہ خدا تعالیٰ کے حرام کئے ہوئے مہینوں کی گنتی پوری
مَا حَرَّمَ اللَّهُ ۚ زُيِّنَ لَهُمْ سُوءُ أَعْمَالِهِمْ ۗ
کرکے جس کو اللہ تعالیٰ نے حرام کیا اس کو حلال بنالیویں۔ ان کی بدکرداریاں ان کو بھلی کرکے دکھائی گئی ہیں۔
وَاللَّهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكَافِرِينَ ﴿٣٧﴾
اور اللہ تعالیٰ کافروں کی قوم کو ہدایت نہیں دیتا۔

ترکیب

اثنا عشر ممیز۔ شہرًا تمیز یا خبر ہے ان کی عدۃ کے عدد الشہور اسم ان فی کتاب اللہ صفت ہے اثنا عشر کی یوم کتاب کا معمول ہے کیونکہ یہ مصدر ہے منہا الخ جملہ صفت ہے اثنا عشر کی اور یہ جملہ مستانفہ اور حال بھی ہو سکتا ہے النسی کی خبر زیادۃ فی الکفر اس کی صفت یضل صفت ثانی یحلونہ جملہ صفت ہے فاعل کفروا کی لیواطئوا اے لیوافقوا عدۃ اے عدد۔

تفسیر

پہلے فرمایا تھا کہ یہود و نصاریٰ نے اپنے احبار و رہبان کو خدا بنالیا یعنی حرام و حلال کرنے کا مجاز سمجھا۔ یہاں مشرکین عرب کی طرف خطاب ہوتا ہے کہ وہ کیا اس بات سے خالی ہیں؟ پھر ان باتوں میں سے ایک بات بیان فرماتا ہے جو جہاد و قتال سے مناسب تھی۔

وہ یہ کہ عہد حضرت اسماعیل علیہ السلام سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے عہد تک عرب کا یہ دستور تھا کہ وہ ان چار مہینوں کی نہایت تعظیم کرتے تھے۔ ان میں مار دھاڑ چڑھائی سب موقوف ہو جاتی تھی کوئی اپنے دشمن کو بھی نہ چھیڑتا تھا، امن عام ہو جاتا تھا اور وہ مہینے یہ تھے ذوالقعدہ، ذوالحجہ، محرم، رجب لیکن اس کے ساتھ ایک عجیب بدعت بھی ایجاد کر رکھی تھی کہ جب ان کو کسی سے لڑنے بھڑنے کی ضرورت آپڑتی تو ان میں سے ایک مہینے کو ہٹا دیتے تھے مثلاً محرم کو صفر کے عہد ڈال دیتے تھے اور باوجود یکہ لڑنا منع تھا محرم کو صفر قرار دے کر لڑتے بھڑتے۔ اور یہ ایجاد بعض کہتے ہیں کہ بنی کنانہ میں سے ایک شخص نعیم بن ثعلبہ کا تھا اس کے جانشینوں میں سے حضرت صلے کے عہد تک جنادہ بن عوف زندہ تھا۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں اس کا موجد عمرو بن لحی تھا جس کی نسبت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے اس کو جہنم میں اپنی انتڑیاں کھینچتے دیکھا۔ (صحیح مسلم)۔

اس کے رد میں خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ کتاب الٰہی یعنی لوح محفوظ میں تو جس دن سے آسمان و زمین پیدا کئے ہیں بارہ مہینے ہیں جن میں سے یہ چار حرام ہیں یعنی واجب الاحترام سو

Marfat.com

ان میں اے مسلمانو! زیادہ تر احتیاط کرو ظلم نہ کرو اور جب کفار تم سے لڑیں تو تم بھی اُن سے لڑو (النسیٔ مصدر کالحریق وقیل مفعول کالجریح من النسیۃ بمعنے التاخیر ومنہ النسیۃ فی البیع وقیل من النسیان علے معنی المتروک) اور مہینے کا ہٹا دینا کفر کی رسم ہے حرام کو حلال کرنے کے لئے۔ بعض کہتے ہیں کہ سردی گرمی کے موسم کا لحاظ کرکے قمری مہینوں کو شمسیوں کے مطابق کرتے تھے تاکہ حج موسم خاص میں آیا کرے۔ چنانچہ جس سال آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے حج کیا تو ہر مہینہ قمری اپنے اصلی موقع پر تھا تب آپؐ نے فرمایا کہ الا ان الزمان قد استدار کہیئتہ الحدیث (بخاری)۔ اکثر علماء کے نزدیک اسلام میں ان چار مہینوں کی کوئی خصوصیت باقی نہیں ہر مہینہ میں گناہ اور ظلم ممنوع ہے بعض کہتے ہیں کہ اُن کی زیادہ رعایت ہے اگر کافر ان میں چڑھائی نہ کریں تو ابتداءً مسلمانوں کو بھی ان مہینوں اور مسجد الحرام کے پاس جنگ نہ چاہیئے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَا لَكُمْ اِذَا قِيْلَ
ایمان والو! تمھیں کیا ہوا کہ جب تم کو
لَكُمُ انْفِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اثَّاقَلْتُمْ
خدا تعالےٰ کی راہ[1] میں باہر چلنے کو کہا جاتا ہے تو تم
اِلَى الْاَرْضِ ؕ اَرَضِيْتُمْ بِالْحَيٰوةِ
زمین پر لیٹے جاتے ہو۔ کیا آخرت کے بدلہ دنیا کی زندگی کو
الدُّنْيَا مِنَ الْاٰخِرَةِ ۚ فَمَا مَتَاعُ الْحَيٰوةِ
پسند کر بیٹھے ہو۔ سو آخرت کے مقابلہ میں
الدُّنْيَا فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا قَلِيْلٌ ﴿۳۸﴾ اِلَّا
دنیا کی آسایش ہے کیا بہت ہی کم۔ اگر
تَنْفِرُوْا يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۙ وَّ
تم باہر نہ نکلو گے تو خدا تعالےٰ تم کو دردناک عذاب دے گا اور
يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ وَلَا تَضُرُّوْهُ
تمھارے بدلہ اور لوگوں کو پیدا کر دے گا اور تم اُس کا کچھ بھی نہ بگاڑ

شَيْـًٔا ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۳۹﴾
سکو گے۔ اور اللہ تعالےٰ ہر چیز پر قادر ہے۔
اِلَّا تَنْصُرُوْهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللّٰهُ اِذْ
اگر تم رسولؐ کی مدد نہ کرو گے (تو کیا ہوگا) خود اللہ تعالیٰ اس کی مدد کر چکا ہے جبکہ
اَخْرَجَهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثَانِيَ اثْنَيْنِ
اُس کو کافروں نے (اس طرح) نکال دیا تھا کہ دو میں دوسرا یہی تھا
اِذْ هُمَا فِي الْغَارِ اِذْ يَقُوْلُ لِصَاحِبِهٖ
جب کہ وہ دونوں غار میں تھے اُس وقت وہ اپنے رفیق سے کہہ رہا تھا
لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا ۚ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ
کہ کچھ غم نہ کر کیونکہ اللہ تعالیٰ ہمارے ساتھ ہے۔ پھر خدا تعالےٰ نے اس پر
سَكِيْنَتَهٗ عَلَيْهِ وَاَيَّدَهٗ بِجُنُوْدٍ لَّمْ
اپنی تسکین نازل کی اور اُس کی ایک ایسے لشکر سے مدد کی کہ
تَرَوْهَا وَجَعَلَ كَلِمَةَ الَّذِيْنَ كَفَرُوا
جس کو تم نہیں دیکھتے تھے اور کافروں کی بات کو ہیٹا
السُّفْلٰى ؕ وَكَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا ؕ وَ
کر دیا۔ اور اللہ تعالےٰ ہی کی بات وَرْ ہے۔ اور
اللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۴۰﴾
اللہ تعالےٰ زبردست حکمت والا ہے۔

ترکیب

اثاقلتم الکلام فیہا مثل الکلام فی ادارأتم ماضی بمعنے مضارع اے مالکم تتثاقلون اور موضع اس کا نصب ہے اے ایُّ شیٔ لکم فی التثاقل من الآخرۃ فی موضع الحال اے بدلاً من الآخرۃ۔ ثانی اثنین حال ہے نصرہ کی ضمیر مفعول سے اے احد اثنین والآخر ابوبکر اذ بدل ہے پہلے اذ سے اذ یقول بدل ثانی ہے۔

تفسیر

ہجرت کے نویں سال آنحضرت علیہ السلام نے غزوۂ طائف سے

[1] جہاد میں۔

Marfat.com

واپس آتے ہی جنگِ تبوک کا اعلان کر دیا تھا کیونکہ شام سے ایک قافلہ نے آکر خبر دی تھی کہ ہرقل شاہِ روم کو اس کے خوشامدیوں نے یہ خبر دی ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا انتقال ہوگیا اور اُس کے ملک میں قحط ہے، لوگ پریشان بے سروسامان ہیں ایسے وقت میں اس کا ملک آسانی سے ہاتھ آسکتا ہے اس لئے اُس نے ایک شخص قباد کو چالیس ہزار فوج کا کمان افسر مقرر کیا اور عرب کے نصرانی قبائل لخم وجذام وعاملہ وغسان وغیرہ کو مدد کے لئے معین کیا۔ آنحضرت علیہ السلام نے یہ خبر پاکر لوگوں کو جہاد کے لئے آمادہ کیا اور مسلمان قبائلِ عرب میں نقیب بھیجدیئے کہ جلد مع ساز وسامان آویں۔ چونکہ اس سال قحط تھا اور وہ دن گرمی کے تھے اور کھجوروں کا موسم تھا اور سفر بھی دُور کا تھا اور شاہِ روم سے مقابلہ کی خبر تھی مسلمانوں میں نہایت تنگدستی تھی کہ فقرائے صحابہؓ میں دس کے پاس ایک سواری اور کرم خوردہ اور سڑی چھوہارے کے سوا خوراک نہ تھی منزلوں پانی نہ تھا اس لئے اس کو غزوۃ العسرۃ وجیش العسرۃ وغزوۂ فاضحہ بھی کہتے ہیں کہ جس میں منافقوں کی فضیحت ہوتی ان وجوہ سے لوگ خصوصاً منافقین آرام طلب چلنے سے درنگ کرتے تھے تب یہ آیت یاایہاالذین آمنوا نازل ہوئی جس میں مسلمانوں پر تہدید وتاکید شدید ہے اور یہ بھی بتلایا ہے کہ اگر تم رسول کی مدد نہ کروگے تو کیا ہوگا؟ اللہ تعالیٰ نے اُس سخت وقت میں مدد کی ہے کہ جب اُس کے پاس کوئی سامان بھی نہ تھا اور وہ واقعہ آنحضرت علیہ السلام کی ہجرت کا ہے جس کی تشریح صحیح بخاری ودیگر کتب میں بہت کچھ ہے جس کا خلاصہ جو آیت کے الفاظ سے متعلق ہے یہ ہے کہ جب مکہ میں کافروں کا ظلم وستم حد سے گزر گیا اور دار الندوہ میں جمع ہوکر آپ کے قتل کی تدبیر کی تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو مدینہ کی طرف ہجرت کر جانے کی اجازت ہوئی آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اس راز سے ابوبکرؓ کو مطلع کیا تو شب کو موقع پاکر دونوں صاحب جبلِ ثور میں جو مکہ مکرمہ سے تخمیناً تین میل ہے ایک غار میں آپ چھپے آپ کے ساتھ دوسرے صرف حضرت ابوبکرؓ تھے ثانی اثنین، اس جگہ تین رات رہے۔ کفارِ قریش ڈھونڈھتے ہوئے آئے اُن کے پاؤں اور پھرتے چلتے غار میں سے دکھائی دیتے تھے تو حضرت ابوبکرؓ نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی نسبت خیال کرکے کہ مبادا کہ گرفتار ہوجاویں غم کرتے تھے جس پر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے کہ کچھ غم نہ کر اللہ تعالیٰ ہمارے ساتھ ہے تب اللہ تعالیٰ نے اُس پر اطمینان نازل کیا اور ملائکہ کی فوج سے مدد کی جو کفار کو اُدھر سے اُن کے دل میں خیال واپسی پیدا کرکے واپس کرتے تھے۔ آخر کافروں کی بات پست ہوئی اور خدا تعالیٰ کا بول بالا ہوا وہ نور جو فاران کی چوٹیوں سے جلوہ گر ہوا تھا آخر کار تمام عالم میں پھیلا۔ وہ حکمت والا زبردست ہے۔

انْفِرُوا خِفَافًا وَّثِقَالًا وَّجَاهِدُوا
چلے اور بوجھل ہوکر (یعنی سامان اور بے سامانی کے حال میں) جہاد کے لئے حکم
بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ
اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں اپنے مال اور جان کے ساتھ جہاد
ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۴۱﴾
یہ تمہارے لئے (بہت) بہتر ہے اگر تم سمجھتے ہو۔
لَوْ كَانَ عَرَضًا قَرِيْبًا وَّسَفَرًا قَاصِدًا
اگر سہل دست شئے ہوتا اور سفر بھی کم ہوتا تو وہ
لَّاتَّبَعُوْكَ وَلٰكِنْ بَعُدَتْ عَلَيْهِمُ
آپ کے ساتھ ہولیتے لیکن اُن کو دور دراز کی مشقت دکھلائی
الشُّقَّةُ ؕ وَسَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَوِ اسْتَطَعْنَا
دی۔ اور وہ ابھی اللہ تعالیٰ کی قسمیں کھا کر کہیں گے کہ اگر ہم کو
لَخَرَجْنَا مَعَكُمْ ۚ يُهْلِكُوْنَ اَنْفُسَهُمْ ۚ
قدرت ہوتی تو آپ کے ساتھ نکلتے (جھوٹی قسمیں کھا کر اپنے آپ کو ہلاک کر رہے ہیں۔
وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۴۲﴾
اور خدا تعالیٰ جانتا ہے کہ وہ ضرور جھوٹے ہیں۔

Marfat.com

عَفَا اللّٰهُ عَنْكَ ۚ لِمَ اَذِنْتَ لَهُمْ حَتّٰى
اللہ تعالیٰ آپؐ کو معاف کرے۔ آپؐ نے اُن کو اجازت ہی کیوں دی

يَتَبَيَّنَ لَكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَتَعْلَمَ
یہاں تک کہ آپؐ کو سچے خود ہی ظاہر ہو جاتے اور جھوٹے کو (الگ)

الْكٰذِبِيْنَ ﴿۴۳﴾ لَا يَسْتَاْذِنُكَ الَّذِيْنَ
معلوم کر لیتے۔ جو اللہ تعالیٰ اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتے

يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ اَنْ
ہیں وہ تو تجھ سے مال اور جان سے جہاد کرنے میں آپؐ سے

يُّجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ؕ وَ
(گھر رہنے کی) اجازت نہیں مانگتے[1] اور

اللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالْمُتَّقِيْنَ ﴿۴۴﴾ اِنَّمَا يَسْتَاْذِنُكَ
اللہ تعالیٰ ہی پرہیزگاروں کو خوب جانتا ہے۔ آپؐ سے رخصت تو وہی

الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ
مانگا کرتے ہیں کہ جو نہ اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتے ہیں نہ قیامت

الْاٰخِرِ وَارْتَابَتْ قُلُوْبُهُمْ فَهُمْ فِيْ
پر اور اُن کے دل میں شک پڑے ہوئے ہیں سو وہی اپنے

رَيْبِهِمْ يَتَرَدَّدُوْنَ ﴿۴۵﴾ وَلَوْ اَرَادُوا
شک میں بھٹکتے رہتے ہیں۔ اور اگر باہر نکلنا چاہتے تو

الْخُرُوْجَ لَاَعَدُّوْا لَهٗ عُدَّةً وَّلٰكِنْ
اس کی کچھ تیاری بھی کرتے لیکن خود اللہ تعالیٰ ہی کو اُن کا

كَرِهَ اللّٰهُ انْۢبِعَاثَهُمْ فَثَبَّطَهُمْ وَقِيْلَ
اُٹھنا پسند نہ ہوا سو اُن کو بٹھلا دیا اور کہدیا گیا کہ اور بیٹھنے والوں کے

اقْعُدُوْا مَعَ الْقٰعِدِيْنَ ﴿۴۶﴾ لَوْ خَرَجُوْا
ساتھ تم بھی بیٹھے رہو۔ (اور اگر بٹھانے ساتھ

فِيْكُمْ مَّا زَادُوْكُمْ اِلَّا خَبَالًا وَّلَاۡ
نکلتے بھی تو تم میں کچھ خرابی ہی پیدا کرتے اور تم میں فتنہ

اَوْضَعُوْا خِلٰلَكُمْ يَبْغُوْنَكُمُ الْفِتْنَةَ ۚ
پیدا کرنے کے لئے کوشش کرتے۔

[1] کہ اجازت مانگ کر بہانہ بنا کر جہاد سے بیٹھ رہیں ۱۲ منہ

وَفِيْكُمْ سَمّٰعُوْنَ لَهُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ
اور تم میں اُن کے جاسوس بھی ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ ظالموں

بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۷﴾ لَقَدِ ابْتَغَوُا الْفِتْنَةَ
کو خوب جانتا ہے۔ اُنھوں نے پہلے بھی فتنہ پیدا کرنا

مِنْ قَبْلُ وَقَلَّبُوْا لَكَ الْاُمُوْرَ حَتّٰى
چاہا تھا اور آپؐ کے لئے (بہت کچھ) جوڑ توڑ

جَآءَ الْحَقُّ وَظَهَرَ اَمْرُ اللّٰهِ وَهُمْ
لگاتے رہے یہاں تک کہ سچا وعدہ آ گیا اور اللہ تعالیٰ کا حکم غالب ہو کر

كٰرِهُوْنَ ﴿۴۸﴾
اور وہ ناخوش ہی رہ گئے۔

ترکیب

خفافًا وّ ثقالًا حال ہیں ضمیر فاعل انفروا سے لوکان کا اسم محذوف ہے مادعوتہم الیہ عرضًا خبر جملہ شرط لاتبعوک جواب حتّٰی متعلق ہے محذوف سے اے ہلّا اخرتہم الٰی ان یتبیّن، والباقی واضح۔

تفسیر

آخر آنحضرت علیہ السلام کے پاس تیس ہزار لشکر جمع ہو گیا۔ بعض کہتے ہیں کہ ستّر ہزار۔ تو پنجشنبہ کے دن رجب کے مہینے میں نویں سال آپؐ نے کوچ کیا۔ ادھر منافق ہیں کہ ہر منزل سے اجازت لیتے اور بہانے بناتے اور پیچھے رہ جاتے ہیں۔ بہتوں نے مدینہ طیبہ ہی میں عذر کرنے شروع کر دیئے ہزاروں جھوٹی قسمیں کھانی شروع کیں کہ ہمیں یہ عذر ہے، یہ ضرورت ہے، ہم کو چلنے کی طاقت نہیں۔ بخدا اگر طاقت ہوتی تو ہم بھی آپؐ کے ساتھ چلتے۔ ان آیات میں خدا تعالیٰ مسلمانوں کو باہر نکلنے اور جہاد کرنے کا حکم دے کر اُن منافقوں کے عذرات بارد کو رد فرماتا ہے کہ اگر غنیمت ہاتھ لگتی اور پاس کا سفر ہوتا تو آپؐ کے ساتھ چلتے۔ وہ ابھی جھوٹی قسمیں کھائیں گے کہ

Marfat.com

الْحُسْنَيَيْنِ ۭ وَنَحْنُ نَتَرَبَّصُ بِكُمْ
کرتے ہو۔ اور ہم تمہارے حق میں اس بات کا انتظار کر رہے ہیں

اَنْ يُّصِيْبَكُمُ اللّٰهُ بِعَذَابٍ مِّنْ
کہ خدا تعالیٰ تم پر کوئی اپنی طرف کا عذاب بھیجے یا ہمارے

عِنْدِهٖٓ اَوْ بِاَيْدِيْنَا ۚ فَتَرَبَّصُوْٓا
ہاتھوں سے کوئی سزا دلائے۔ سو انتظار کرو

اِنَّا مَعَكُمْ مُّتَرَبِّصُوْنَ ﴿۵۲﴾ قُلْ اَنْفِقُوْا
ہم بھی تمہارے ساتھ انتظار کر رہے ہیں (اور یہ بھی) کہدیجئے کہ تم خوشی

طَوْعًا اَوْ كَرْهًا لَّنْ يُّتَقَبَّلَ مِنْكُمْ ۭ
سے دو یا بے دلی سے تمہاری خیرات تو ہرگز قبول نہ کی جائے گی۔

اِنَّكُمْ كُنْتُمْ قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿۵۳﴾ وَمَا
کیونکہ تم ایک فاسق قوم ہو۔ اور ان کی خیرات

مَنَعَهُمْ اَنْ تُقْبَلَ مِنْهُمْ نَفَقٰتُهُمْ
قبول نہ ہونے کی سوا اس کے اور کوئی وجہ نہیں کہ انھوں نے

اِلَّآ اَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَبِرَسُوْلِهٖ
اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کا انکار کر دیا ہے

وَلَا يَاْتُوْنَ الصَّلٰوةَ اِلَّا وَهُمْ كُسَالٰى
اور وہ نماز کو بھی آتے ہیں تو محض سستی سے

وَلَا يُنْفِقُوْنَ اِلَّا وَهُمْ كٰرِهُوْنَ ﴿۵۴﴾
اور کچھ دیتے بھی ہیں تو محض برے دل سے۔

اگر ہمیں قدرت ہوتی تو چلتے اور آپ سے اجازت مانگتے ہیں اگر آپ اجازت نہ دیتے تو خود پیچھے رہ جاتے ان کا جھوٹ سچ معلوم ہو جاتا اور بے ایمان لوگ اجازت مانگتے ہیں ایمانداروں کا کام نہیں۔ اگر آپ کے ساتھ جاتے بھی تو کیا کرتے جھوٹی خبریں اڑاتے جیسا کہ پہلے بھی کر چکے ہیں الخ۔ انفروا خفافا وثقالا، حسن رح وضحاک رح و مجاہد رح کہتے ہیں کہ اس کے معنے یہ ہیں کہ جوان اور بڈھے سب چلیں۔ بعض کہتے ہیں ہلکے سے مراد تنگدست اور بھاری سے غنی۔ بعض کہتے ہیں کہ سامان لے کر اور بے سامان بھی، پاپیادہ اور سوار یعنی ہر حال میں چلو۔

ترکیب

منہم خبر ہے من یقول کی اور جملہ معطوف ہے کلام سابق پر۔ ان تصبک شرط تسؤہم جواب الا ما فاعل یصیب کا ان یصبکم مفعول ہے نتربص کا بکم اس سے متعلق۔ ان تقبل کا مفعول مالم یسم فاعلہ نفقاتہم جملہ موضع نصب میں ہے بدل ہو کر مفعول منہم سے۔

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ ائْذَنْ لِّيْ وَلَا
اور ان میں سے بعض کہتے ہیں کہ مجھے رخصت دیجئے اور فتنہ میں نہ

تَفْتِنِّيْ ۭ اَلَا فِي الْفِتْنَةِ سَقَطُوْا ۭ
ڈالئے۔ دیکھو فتنہ[1] میں تو خود ہی پڑے ہوئے ہیں۔

وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ﴿۴۹﴾
اور بیشک کافروں کو جہنم نے گھیر رکھا ہے۔

اِنْ تُصِبْكَ حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ ۚ وَاِنْ
اگر آپ کو بھلائی پہنچتی ہے تو ان کو رنجیدہ کرتی ہے، اور جو آپ کو

تُصِبْكَ مُصِيْبَةٌ يَّقُوْلُوْا قَدْ اَخَذْنَآ
کوئی مصیبت پیش آتی ہے تو کہتے ہیں کہ ہم نے تو پہلے ہی سے اپنا

اَمْرَنَا مِنْ قَبْلُ وَيَتَوَلَّوْا وَّهُمْ
کام ٹھیک کر رکھا تھا اور خوشیاں کرتے ہوئے جاتے

فَرِحُوْنَ ﴿۵۰﴾ قُلْ لَّنْ يُّصِيْبَنَآ اِلَّا مَا
ہیں۔ کہدیجئے کہ جو کچھ اللہ تعالیٰ نے ہمارے لئے لکھ دیا ہے

كَتَبَ اللّٰهُ لَنَا ۚ هُوَ مَوْلٰىنَا ۚ وَعَلَى
اس کے سوا ہم پر کوئی مصیبت نہیں پڑے گی، وہی ہمارا کارساز ہے۔ اور اللہ تعالیٰ ہی

اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۱﴾ قُلْ
ہمارا کارساز ہے۔ اور اللہ تعالیٰ ہی پر ایمانداروں کو بھروسہ بھی کرنا چاہیئے۔ (اور) کہدیجئے

هَلْ تَرَبَّصُوْنَ بِنَآ اِلَّآ اِحْدَى
کہ تو ہمارے حق میں دو تو خوبیوں میں سے ایک نہ ایک کا انتظار

[1] یعنی رسول ﷺ کی نافرمانی کیا کم فتنہ ہے ۱۲ منہ

Marfat.com

تفسیر

منافقوں میں سے ایک شخص جدّ بن قیس تھا اس نے یہ عذر کیا کہ میں رُومی عورت دیکھ کر صبر نہیں کر سکتا مجھے فتنہ میں نہ ڈالئے۔ اجازت دیجئے، آپؐ نے ترش رُو ہو کر فرمایا اجازت ہے۔ ومنہم من یقول میں اسی کی طرف اشارہ ہے۔ باقی اُن کے حالات ترجمہ سے ظاہر ہیں۔ ہمارے لئے دو خوبیوں میں ایک تو ضرور ہے یا شہادت یا فتح وغنیمت۔ بعض منافق خود نہ جاتے تھے روپیہ اور سامان ہارے دل سے دیتے تھے اُن کی نسبت فرمایا یہ قبول نہ ہوگا۔ آخر جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ثنیۃ الوداع میں آکر لشکر کی ترتیب دی تو بڑا جھنڈا ابوبکر صدیقؓ کو دیا اور ایک نشان زبیرؓ بن العوام کو اور ہر قبیلہ کا ایک جُدا نشان مقرر کیا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم حضرت علیؓ کو پیچھے مدینہ طیبہ میں خبر گیری کے لئے چھوڑا۔ یہ لشکر ہرقل کے مقابلہ میں چلا اور مدینہ طیبہ اور شام کے درمیان جو تبوک ایک قلعہ یا پانی کا چشمہ تھا مدینہ طیبہ سے چودہ منزل جہاں ہرقل کے لشکر سے مقابلہ ہونے کی خبر تھی وہاں دو مہینے یا بقول بعض بیس روز یا بقول بعض بارہ روز قیام کر کے ہرقل کے لشکر کا انتظار کیا۔ چونکہ ہرقل کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے آثارِ نبوّت کُتبِ سابقہ سے معلوم تھے اور وہ پہلے سے معجزات وخرقِ عادات سُن چکا تھا اس لئے اس کا حوصلہ نہ پڑا۔ آنحضرت علیہ السلام سالماً غانماً مدینہ منوّرہ واپس تشریف لائے۔ اس معرکہ اور سفر میں لوگوں نے بہت سے معجزات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دیکھے اس لشکر کشی سے نہ تنہا عرب بلکہ اطراف وجوانب عرب میں بھی شوکتِ اسلام نمودار ہو گئی۔

فَلَا تُعْجِبْكَ أَمْوَالُهُمْ وَلَا أَوْلَادُهُمْ ۖ

پس آپؐ ان کے مال اور اولاد سے تعجب نہ کریں۔

إِنَّمَا يُرِيدُ اللَّهُ لِيُعَذِّبَهُم بِهَا فِي

خدا تعالیٰ یہی چاہتا ہے کہ اُن کو اس سے دنیا کی زندگی میں

الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ أَنفُسُهُمْ وَ

بھی عذاب دے اور مریں بھی تو بے ایمان ہی

هُمْ كَافِرُونَ ﴿٥٥﴾ وَيَحْلِفُونَ بِاللَّهِ

مریں۔ اور اللہ تعالیٰ کی قسمیں کھاتے

إِنَّهُمْ لَمِنكُمْ ۖ وَمَا هُم مِّنكُمْ وَلَٰكِنَّهُمْ

ہیں کہ ہم تو تم میں سے ہیں۔ حالانکہ وہ تم میں سے نہیں بلکہ وہ ایک قوم

قَوْمٌ يَفْرَقُونَ ﴿٥٦﴾ لَوْ يَجِدُونَ مَلْجَأً

(ظاہر و باطن میں) فرق رکھنے والی ہے۔ اگر ان کو کوئی پناہ کی جگہ یا کوئی

أَوْ مَغَارَاتٍ أَوْ مُدَّخَلًا لَّوَلَّوْا إِلَيْهِ

غار یا سر گھسانے کی جگہ مل جائے تو رسّیاں توڑاتے ہوئے اسی کی طرف دوڑ

وَهُمْ يَجْمَحُونَ ﴿٥٧﴾ وَمِنْهُم مَّن

پڑیں۔ اور کچھ ان میں سے ایسے بھی ہیں

يَلْمِزُكَ فِي الصَّدَقَاتِ ۖ فَإِنْ أُعْطُوا

جو آپؐ پر زکوٰۃ کی تقسیم میں الزام لگاتے ہیں۔ پھر اگر ان کو بھی اس میں سے ان کی

مِنْهَا رَضُوا وَإِن لَّمْ يُعْطَوْا مِنْهَا إِذَا هُمْ

خواہش کے موافق مل جائے تو خوش ہو جاتے ہیں اور اگر نہ ملے تو فوراً ہی بگڑ

يَسْخَطُونَ ﴿٥٨﴾ وَلَوْ أَنَّهُمْ رَضُوا مَا

بیٹھتے ہیں۔ اور اگر اسی پر راضی ہو جاتے کہ جو اللہ تعالیٰ

آتَاهُمُ اللَّهُ وَرَسُولُهُ ۙ وَقَالُوا حَسْبُنَا

اور اس کے رسولؐ نے دیا تھا۔ (اور یہ) کہتے کہ

اللَّهُ سَيُؤْتِينَا اللَّهُ مِن فَضْلِهِ وَ

ہم کو اللہ تعالیٰ کفایت کرتا ہے اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول ہم کو اپنے فضل سے

ف یعنی اس نافرمانی پر جو ان کو مال اور اولاد کی ترقی ہے اس سے حیرت نہ کرو کہ نافرمانی میں کیوں پھلتے پھولتے ہیں؟ یہ اس لئے کہ یہ اولاد اور مال ان کے لئے وبال ہے دنیا کا بھی کہ اس کے لغو ہونے پر جو لازمی بات ہے ان کو سخت صدمہ پہنچے اور آخرت کا بھی کہ مریں تو بدنصیب اسی دُھن میں بے ایمان ہی مریں ۱۲ منہ

Marfat.com

وَرَسُوْلُهٗٓ اِنَّآ اِلَى اللّٰهِ رٰغِبُوْنَ ﴿٥٩﴾ ع ۱۷ ۱۳

اور دے گا۔ ہم تو اللہ تعالےٰ ہی سے رغبت رکھتے (تو بہت بہتر ہوتا)۔

اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ وَالْمَسٰكِيْنِ

زکوٰۃ تو صرف فقیروں اور مسکینوں

وَالْعٰمِلِيْنَ عَلَيْهَا وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوْبُهُمْ

اور اس کے ملازموں کے لئے ہے اور جن کے دل پرچائے جاتے ہیں (ان کے لئے)

وَفِي الرِّقَابِ وَالْغٰرِمِيْنَ وَفِيْ

اور غلاموں کو آزاد کرانے کے لئے اور قرض داروں کے لئے اور خدا تعالےٰ کی

سَبِيْلِ اللّٰهِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۭ فَرِيْضَةً

راہ میں اور مسافروں کے لئے ہے۔ (یہ) اللہ تعالےٰ کی طرف سے

مِّنَ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿٦٠﴾

مقرر ہو چکا۔ اور اللہ تعالےٰ خبردار حکمت والا ہے۔

وَمِنْهُمُ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ النَّبِيَّ وَ

اور ان میں سے وہ بھی ہیں جو نبی ﷺ کو ایذا دیتے ہیں اور

يَقُوْلُوْنَ هُوَ اُذُنٌ ۭ قُلْ اُذُنُ خَيْرٍ

کہتے ہیں کہ وہ کانوں کا کچا ہے۔ (سو ان سے) کہدیجئے وہ تو تمہاری

لَّكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَيُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ

بہتری کو بہت جلد سنتا ہے (اور) اللہ پر یقین رکھتا ہے اور مسلمانوں کی بات مانتا ہے

وَرَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ ۭ وَ

اور جو تم میں سے ایمان لے آئے ہیں ان کے لئے رحمت ہے۔ اور

الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ لَهُمْ

جو اللہ تعالےٰ کے رسول ﷺ کو ستاتے ہیں ان کے لئے دکھ کی

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٦١﴾ يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ

مار ہے۔ وہ تمہارے لئے اللہ تعالےٰ کی قسمیں

لَكُمْ لِيُرْضُوْكُمْ ۚ وَاللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ

کھایا کرتے ہیں تاکہ تم کو راضی رکھیں، حالانکہ اللہ تعالےٰ اور اس کا رسول ﷺ بھی

اَحَقُّ اَنْ يُّرْضُوْهُ اِنْ كَانُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿٦٢﴾

راضی رکھنے کے زیادہ مستحق ہیں، اگر وہ ایمان رکھتے ہوں۔

ترکیب

تزھق منصوب ہے معطوف ہے یعذب پر ان مقدّر ہے۔ لو یجدون شرط ہے لوّلوا جواب منہم خبر مقدم ہے من یلمزک کی اذا مفاجات کے لئے ظرف زمان یہ ف کی جگہ جواب شرط میں واقع ہے ہم مبتدا یسخطون خبر اور یہ اذا کا عامل ہے للفقراء الصّدقات کی خبر والمساکین و مابعدہا اس پر معطوف اذن خبر ہے مبتدا محذوف کی لے ہو ویقرء بالاضافۃ والتنوین۔

تفسیر

اُن کے قبائح اور دارِ آخرت سے محرومی ذکر فرما کر ان کے مال و اولاد کا انجام کار ذکر کرتا ہے کہ جس پر بیشتر دنیا داروں کو ناز اور افتخار ہوتا ہے کہ اے دیکھنے والے تو ان کے مال و اولاد کو دیکھ کر تعجب و حیرت نہ کر، یہ ان کے لئے دنیا میں باعثِ عذاب ہوگا یا بایں معنے کہ اس کی محبّت میں گرفتار ہو کر مصائب میں مبتلا ہوں گے یا یہ اولاد کی موت اور ناسمجھی کی وجہ سے بھی ان کو رنج پہنچائے گی، مال میں رُوح لگی رہے گی۔ اب ان کے اور چند بدخصائل ذکر فرماتا ہے۔ اوّل یہ کہ وہ جھوٹی قسمیں کھاتے ہیں کہ ہم تم میں سے ہیں حالانکہ وہ جھوٹے ہیں اور حال یہ ہے کہ اگر ان کو کوئی پناہ کی جگہ مل جائے تو وہیں چلے جائیں۔ دوم یہ کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو تقسیم صدقات وزکوٰۃ وغنائم میں الزام لگاتے ہیں۔ وہ الزام چند وجہ سے تھے بعض اس وجہ سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو حسبِ حاجت وحسبِ مصالح جو لوگوں کو کم زیادہ دیتے دیکھتے تھے اس پر ان کو اعتراض تھا جیسا کہ صحیح بخاری میں ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم غنائم تقسیم کر رہے تھے کہ ایک شخص بنی تمیم میں سے جس کا نام حرقوص بن زہیر اور لقب ذوالخویصرہ تھا آیا اور کہا انصاف کیجئے الحدیث۔ اور بعض

Marfat.com

اس طور سے کہ زکوٰۃ لینا بے فائدہ بات ہے پیغمبر کو کیا پڑی جو لوگوں سے زکوٰۃ وصول کرے اور پھر اس کو تقسیم کرے (آج کل کے پوادر بھی یہی کہتے ہیں) اوّل تو ان کا یہ جواب دیا کہ یہ اعتراض اُن کا خود غرضی سے ہے اگر خود ان کو مل جائے تو خوش ہو جائیں ورنہ ناراض۔ دوسرا جواب اصلی یعنی اس کام کی مصلحت بضمنِ مصارف بیان فرمائی کہ ان صدقات کو حضرت صلے اللہ علیہ وسلم اپنے اور اپنے اقارب کے لئے نہیں لیتے بلکہ دنیا میں خدا تعالےٰ کے نائب بن کر اُس سے بیچاروں اور درماندوں کی حاجت روائی اور سلطنتِ آسمانی کا انتظام کرتے ہیں کیونکہ صدقات فقراء و مساکین وغیرہ ف آٹھ جگہ دیئے جاتے ہیں سوم یہ کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی نسبت بہت کچھ باتیں بناتے ایذا دیتے ہیں اور پھر کہتے ہیں کہ کچھ پروا نہیں محمد اُذن ہے یعنی جو سُنتا ہے باور کر لیتا ہے ہم انکار کر دیتے ہیں وہ اس کو بھی باور کر لیتے ہیں۔ منجملہ ان منافقوں کے ایک جلاس بن سوید اور نبتل بن حارث تھا۔ اس کے جواب میں فرماتا ہے کہ اس کا شنوا ہونا تمھاری بہتری کے لئے ہے؛ آگے وجوہِ بہتری فرماتا ہے یؤمن الخ:

اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّهٗ مَنْ يُّحَادِدِ اللّٰهَ وَ

کیا وہ نہیں جانتے کہ جو اللہ تعالےٰ اور اس کے رسولؐ کو ناخوش

رَسُوْلَهٗ فَاَنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدًا

کرتا ہے تو اس کے لئے دوزخ کی آگ ہے کہ جس میں

فِيْهَا ؕ ذٰلِكَ الْخِزْيُ الْعَظِيْمُ ﴿۶۳﴾ يَحْذَرُ

ہمیشہ رہے گا۔ یہ بڑی رسوائی ہے۔ منافق ڈر رہے

الْمُنٰفِقُوْنَ اَنْ تُنَزَّلَ عَلَيْهِمْ سُوْرَةٌ

ہیں کہ ان پر کوئی ایسی سورۃ نازل نہ ہو جائے جو ان کے

تُنَبِّئُهُمْ بِمَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ ؕ قُلِ

دل کی بات ظاہر کر دے۔ کہو

اسْتَهْزِءُوْا ۚ اِنَّ اللّٰهَ مُخْرِجٌ مَّا

ہنسا کرو۔ اللہ تعالیٰ وہ بات ظاہر ہی کر دے گا جس سے تم

تَحْذَرُوْنَ ﴿۶۴﴾ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ لَيَقُوْلُنَّ

ڈرتے ہو۔ اور اگر آپؐ ان سے پوچھیں گے تو کہدیں گے

اِنَّمَا كُنَّا نَخُوْضُ وَنَلْعَبُ ؕ قُلْ اَبِاللّٰهِ

کہ ہم تو صرف ہنسی دل لگی کرتے تھے۔ تو (اے نبیؐ) کیا ہنسی بھی

وَاٰيٰتِهٖ وَرَسُوْلِهٖ كُنْتُمْ تَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۶۵﴾

کرتے تھے تو اللہ تعالیٰ اور اس کی آیتوں اور اس کے رسولؐ ہی سے۔

لَا تَعْتَذِرُوْا قَدْ كَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ ؕ

بہانے مت بناؤ تم ایمان لا کر ضرور کافر ہو چکے۔

اِنْ نَّعْفُ عَنْ طَآئِفَةٍ مِّنْكُمْ نُعَذِّبْ

(اچھا) اگر ہم تم میں سے ایک گروہ کو معاف بھی کر دیں گے تو دوسرے گروہ

طَآئِفَةً ۢ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿۶۶﴾ ع ۸ ۷ ۱۴

کو اس لئے عذاب دیں گے کہ وہ تو مجرم ہی تھا۔

اَلْمُنٰفِقُوْنَ وَالْمُنٰفِقٰتُ بَعْضُهُمْ

منافق مرد اور منافق عورتیں سب آپس میں ایک

مِّنْۢ بَعْضٍ ۘ يَاْمُرُوْنَ بِالْمُنْكَرِ وَ

ہیں، جو بری باتیں (یعنی کفر) بتاتے اور

يَنْهَوْنَ عَنِ الْمَعْرُوْفِ وَيَقْبِضُوْنَ

اچھی باتوں سے (یعنی ایمان و اسلام لانے) روکتے ہیں اور اپنے ہاتھ سکیڑ

اَيْدِيَهُمْ ؕ نَسُوا اللّٰهَ فَنَسِيَهُمْ ؕ اِنَّ

لیتے ہیں۔ (خیرات نہیں کرتے)۔ اللہ تعالیٰ کو بھول گئے سو اللہ تعالیٰ بھی انھیں بھول گیا۔ کچھ

وقف لازم

ف آٹھ یہ ہیں فقیر[۱] مسکین[۲] اور مسکین فقیر سے بھی زیادہ محتاج ہے عاملین[۳] یعنی زکوٰۃ کے وصول کرنے والے ان کی تنخواہ اس میں سے دی جاتی ہے مؤلفۃ القلوب[۴] یعنی وہ لوگ کہ جن کو اسلام کی طرف ممنون احسان کر کے لایا جاتا تھا جیسا کہ ابو سفیان و حارث بن ہشام و سہل بن عمرو وغیرہ کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم دیتے تھے مگر اب ایسے لوگوں کو دینا کچھ ضروری نہیں ان کا حصہ ساقط ہو گیا۔ غلاموں[۵] کے آزاد کرانے میں۔ قرض داروں[۶] کو۔ فی سبیل اللہ[۷] یعنی جہاد اور مصالح ملکی میں اور مسافروں[۸] کو ان میں سے جس کی زیادہ ضرورت سمجھی جائے دیا جائے ۱۲ منہ

Marfat.com

الْمُنٰفِقِيْنَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿٦٧﴾ وَعَدَ

شک نہیں کہ منافق بڑے ہی بد ہیں۔ اللہ تعالےٰ

اللّٰهُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْكُفَّارَ

نے منافق مردوں اور عورتوں اور کفار سے

نَارَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ هِيَ حَسْبُهُمْ ۚ

دوزخ کا وعدہ کرلیا ہے وہ اس میں ہمیشہ رہا کریں گے یہی ان کو بس ہے۔

وَلَعَنَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿٦٨﴾

اور اللہ تعالیٰ نے ان پر پھٹکار کردی اور ان کے لئے عذاب دائمی ہے۔

كَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ كَانُوْٓا اَشَدَّ

جس طرح تم سے پہلے امتیں (ہلاک ہوئی) جو تم سے (بھی) بہت زیادہ

مِنْكُمْ قُوَّةً وَّاَكْثَرَ اَمْوَالًا وَّاَوْلَادًا ۭ

قوی اور (تم سے) زیادہ مال اور اولاد رکھتی تھی۔

فَاسْتَمْتَعُوْا بِخَلَاقِهِمْ فَاسْتَمْتَعْتُمْ

اپنا حصہ برت لگے۔ سو تم نے (بھی) اپنا حصہ

بِخَلَاقِكُمْ كَمَا اسْتَمْتَعَ الَّذِيْنَ مِنْ

برت لیا جیسا کہ تم سے پہلوں نے (بھی) اپنا حصہ

قَبْلِكُمْ بِخَلَاقِهِمْ وَخُضْتُمْ كَالَّذِيْ

پالیا۔ تم نے ہنسی کی جیسا کہ انھوں نے ہنسی

خَاضُوْا ۭ اُولٰۗىِٕكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ

کی تھی۔ یہی وہ ہیں کہ جن کی کمائی دنیا اور

فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ

آخرت میں کلیا میٹ ہو گئی۔ اور یہی خسارہ میں پڑے

عمہ المؤتفکات المنقلبات یقال افکہ فانفک ای قلبہ فانقلب والمادۃ تدل علی التحول والصرف ومنہ قولہ تعالےٰ یوفک عنہ من افک ۱۲

ف منافق کئی طرح کے تھے ایک تو بالکل اسلام کے منکر مگر کسی مصلحت سے اسلام قبول کرلیا تھا ہمیشہ تمسخر اور نئے نئے طعن کرتے تھے اور دوسرے شکی کہ کچھ اسلام کو بھی برحق جانتے تھے وہ کمبخت ان اوّل قسم کے منافقوں کے کہنے میں آکر ان کی باتوں میں شریک ہو جایا کرتے تھے پھر جب ان پر تنبیہ ہوتی تو جیلے بہانے اور عذر کرنے لگتے کہ یوں تھا اور یہ تھا۔ فرماتا ہے خیر اچھا اگر ہم نے تمہارے

الْخٰسِرُوْنَ ﴿٦٩﴾ اَلَمْ يَاْتِهِمْ نَبَاُ الَّذِيْنَ

ہوتے ہیں۔ کیا ان کے پاس اُن سے پہلوں کی خبریں

مِنْ قَبْلِهِمْ قَوْمِ نُوْحٍ وَّعَادٍ وَّ

نہیں آئیں؟ نوح کی اور عاد کی قوم کی اور

ثَمُوْدَ ۙ وَقَوْمِ اِبْرٰهِيْمَ وَاَصْحٰبِ

ثمود اور قوم ابراہیم کی اور مدین کے

مَدْيَنَ وَالْمُؤْتَفِكٰتِ ۭ اَتَتْهُمْ رُسُلُهُمْ

باشندوں کی اور ان کی کہ جن کی بستیاں الٹی گئیں۔ ان کے رسول ان کے پاس

بِالْبَيِّنٰتِ ۚ فَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ

معجزات لے کر آئے۔ پھر خدا تعالیٰ ان پر کاہے کو ظلم کرنے لگا تھا

وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿٧٠﴾

بلکہ وہ خود ہی اپنے اوپر ظلم کرتے تھے۔

وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ

ایماندار مرد اور عورتیں ایک دوسرے کے

اَوْلِيَاۗءُ بَعْضٍ ۘ يَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ

رفیق ہیں۔ اچھی باتیں

وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُقِيْمُوْنَ

اور بڑی باتوں سے منع کرتے ہیں اور نماز

الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَيُطِيْعُوْنَ

پڑھتے اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور اللہ تعالےٰ اور

اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۭ اُولٰۗىِٕكَ سَيَرْحَمُهُمُ

اس کے رسول کی فرمانبرداری کرتے ہیں۔ یہی ہیں کہ خدا تعالیٰ ان پر رحمت

عذرات قبول کرلے تو اس سے تو وہی لوگ معاف کئے جاویں گے جو دوسروں کے کہنے سننے میں آکر شریک ہو گئے تھے مگر وہ لوگ جو بانی مبانی اور دل میں اسلام کے بدخواہ ہیں ضرور ہی سزا پاویں گے اپنے جرم کے بدلہ میں۔ پھر فرماتا ہے کہ بعضھم من بعض کہ یہ سب آپس میں ایک ہیں "سگ زرد برادر شغال" سب کے طبع بد باطن ہیں اچھے کاموں کے بدلہ برے پسند کرتے ہیں، فرماتا ہے کہ ان کو دنیا اور آخرت میں عذاب ہے ان سے پہلی امتوں میں بھی ایسے تھے یہ بھی ان کی روش پر چل رہے ہیں پھر جو ان کا انجام ہوا ان کا بھی ہوگا۔

Marfat.com

اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۷۱﴾ وَعَدَ

کرنے والا ہے۔ بیشک اللہ تعالیٰ زبردست حکمت والا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے

اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ

نے ایماندار مردوں اور عورتوں سے ایسے باغوں کا وعدہ

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا

کر رکھا ہے کہ جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں اُس میں ہمیشہ رہا

وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ؕ وَ

کریں گے اور ہمیشہ کی بہشت میں اچھے مکانوں کا۔ بھی (وعدہ کر لیا ہے)۔ اور

رِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ اَكْبَرُ ؕ ذٰلِكَ هُوَ

اللہ تعالیٰ کی خوشنودی ان سب سے بڑھ کر (ہو گی)۔ یہ ہے بڑی

الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۷۲﴾

کامیابی۔

ترکیب

انہ جملہ قائم مقام دو مفعول یعلموا کے من شرطیہ موضع مبتدا میں فان جواب ان کا فتح مشہور ہے، یہ خبر ہے مبتدا محذوف کی اے فجزاؤہم ان لہم نار الخ اسم ان لہٗ اس کی خبر ان تنزل موضع نصب میں ہے یحذر کا مفعول ہو کر باللہ اور اُس کے معطوفات مجرور ہیں ب کے جو تستہزؤن سے متعلق ہے۔

تفسیر

ان آیات میں منافقین کے حالات ذکر کر کے اُن پر تہدید و تنبیہ کرتا ہے کہ ایسے لوگوں کے لئے ہمیشہ کا جہنم ہے جس میں وہ ہمیشہ رہا کریں گے۔ اور یہ بات بھی کہ اُن کے مرد و عورت یکساں ہیں جیسے مرد خبیث بے دین ہیں اسی طرح عورتیں بھی جو کہ منافق اور بے دین ہیں بُری باتوں کی تعلیم کرنے والیاں ہیں بھلی باتوں سے منع کرتی ہیں۔

منجملہ اُن کے حالات و اقوالِ ذمیمہ کے (جو وہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم اور صحابہ رضؓ مخلصین کے حق میں کہتے تھے جنگِ تبوک سے پیچھے رہ کر اعنی مدینہ طیبہ میں بیٹھ کر اور نیز فوج میں شامل ہو کر جو کہ شرما شرمی چلے گئے تھے) ایک یہ کہ وہ تخفیر اسلام کرتے اور گستاخانہ کلمات بکا کرتے تھے جن پر بسا اوقات آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم بذریعۂ وحی مطلع کئے جاتے تھے۔ پھر جب پوچھا جاتا تھا تو کہدیتے تھے کہ ہم تو ہنسی دل لگی کے طور پر کہتے تھے۔ پس جب وحی نازل ہوتی تھی تو آیات سے بہت ڈرتے تھے کہ کہیں وہ باتیں آشکارا نہ ہو جائیں اور ہمارے دل کے راز نہ کھل جائیں اس کی طرف یحذر المنافقون الخ میں اشارہ فرماتا ہے۔ فرماتا ہے کہ کیوں ناحق کے عذر کرتے ہو تم کافر ہو چکے اگر تمہارا ظاہری کچھ ایمان تھا بھی تو وہ رخصت ہوا۔ اسی جگہ سے علمائے اسلام کا اتفاق ہے کہ جو دینِ محمدیؐ کے ساتھ تمسخر کرتا ہے کافر ہو جاتا ہے۔ پھر فرماتا ہے کہ اچھا ہم اُن لوگوں کو جو صدقِ دل سے توبہ کرتے ہیں یا جن کے کلمات حدِ کفر تک نہ پہنچے تھے معاف کر دیں گے تو اُس کے برخلاف دوسرے گروہ منافقین کو جو دل سے توبہ نہیں کرتے، جھوٹے عذرات پیش کرتے ہیں ضرور عذاب کریں گے۔ از انجملہ یہ کہ وہ بُری باتیں سکھلاتے اچھی باتوں سے منع کرتے، اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرنے سے ہاتھ روکتے ہیں سو وہ اللہ تعالیٰ کو بھول گئے اللہ تعالیٰ اُن کو بھول گیا۔ یہ علےٰ سبیلِ مشاکلت فرمایا مُراد یہ کہ جس طرح اُنھوں نے اللہ تعالیٰ سے اعراض و بے اعتنائی کی اُسی طرح عالم آخرت میں اعراض و بے اعتنائی خدا تعالیٰ کی طرف سے ظہور میں آئے گی۔ جیسا کوئی بوئے گا ویسا کاٹے گا۔ اس کا بدل اور اس جُرم کی سزا اُن کے لئے بیان فرماتا ہے کہ وعد اللہ اُن کو ابدی جہنم ہے، اور لعنت اور عذابِ دائمی۔ ہر صفتِ بد کے مقابلہ میں ایک سزا۔

پھر ان بادۂ غفلت اور مے نخوت کے مستوں کو متنبہ فرماتا ہے کہ ذرا آنکھ کھول کر تو دیکھو کہ کدھر ہیں وہ صاحبانِ جاہ و حشم

Marfat.com

اور کہاں گئے وہ والیانِ فوج وخدم؟ وہ اُن کے نعیم وناز اور وہ اُن کے ماہ رویانِ خوش انداز، کہاں ہیں؟ وہ عمدہ مکان وباغِ جنت نشان کس طرف ہیں؟ دیکھو وہ تم سے زیادہ مال واولاد رکھتے تھے جس کے نشہ میں انبیائے الٰہی سے نافرمان ہوتے، اُن کی باتوں کو ٹھٹھول میں اُڑانے لگے تو شعلہ قہرِ الٰہی نے اُن کو نیست ونابود کردیا اور دریائے عدم کی موجوں میں ٹکراتے ٹکراتے قعرِ جہنم میں پہنچے اب بجز خرابات اور مکانوں کی بنیادِ شکستہ کے اُن کے حالِ زار پر کوئی رونے والا بھی نہیں۔ پھر تم بیچارے کیا ہو، چلو تم بھی چند روزہ مزے اُڑا چکے، اُن کی چال چل چکے، اب دیکھو کیا ہوتا ہے۔

اس کے بعد اپنے پاکباز بندوں کے لئے اُن کے افعالِ حمیدہ ایمان وصلوٰۃ وزکوٰۃ بیان کرکے اُن کے لئے عالمِ قدس میں حیاتِ جاودانی اور جنان الفردوس میں سرور وشادمانی کا وعدہ فرماتا ہے جس سے سعیدِ ازلی کا دل بے خود عالمِ قدس کی طرف کھچا جاتا ہے۔

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ

اے نبیؐ! کافروں اور منافقوں سے جہاد کرو

وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ ۭ وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۭ

اور اُن پر سختی کرو۔ اور اُن کا ٹھکانا جہنم ہے۔

وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝۷۳ يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ

اور (بہت ہی) بُرا ٹھکانا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی قسمیں کھاتے ہیں کہ

مَا قَالُوْا ۚ وَلَقَدْ قَالُوْا كَلِمَةَ الْكُفْرِ وَ

(یہ باتیں) ہم نے نہیں کہیں حالانکہ وہ ضرور کفر کا کلمہ کہہ چکے۔ اور

كَفَرُوْا بَعْدَ اِسْلَامِهِمْ وَهَمُّوْا بِمَا

اسلام لاکر کافر ہوچکے ہیں اور اس بات کا ارادہ کرچکے ہیں کہ جس کو

لَمْ يَنَالُوْا ۚ وَمَا نَقَمُوْٓا اِلَّآ اَنْ اَغْنٰىهُمُ

نہ پاسکے۔ اور یہ اُسی کا بدلہ نکالا کہ اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسولؐ

اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ فَاِنْ

نے اُن کو اپنے فضل سے غنی کردیا۔ پس اگر

يَّتُوْبُوْا يَكُ خَيْرًا لَّهُمْ ۚ وَاِنْ يَّتَوَلَّوْا

توبہ کریں تو اُن کے حق میں بہتر ہوگا۔ اور اگر نہ مانیں گے تو

يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ عَذَابًا اَلِيْمًا ۙ فِي

اللہ تعالیٰ اُن کو دُنیا اور آخرت میں دردناک عذاب

الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَمَا لَهُمْ فِي

دے گا۔ اور رُوئے زمین پر

الْاَرْضِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ۝۷۴ وَ

اُن کا نہ کوئی حامی ہوگا نہ مددگار۔ اور

مِنْهُمْ مَّنْ عٰهَدَ اللّٰهَ لَئِنْ اٰتٰىنَا مِنْ

کچھ اُن میں سے وہ بھی تو ہیں کہ جنھوں نے اللہ تعالیٰ سے عہد کیا تھا کہ اگر

فَضْلِهٖ لَنَصَّدَّقَنَّ وَلَنَكُوْنَنَّ مِنَ

ہم کو اپنے فضل سے دے گا تو ضرور خیرات کریں گے اور نیک ہوکر

الصّٰلِحِيْنَ ۝۷۵ فَلَمَّآ اٰتٰىهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ

رہیں گے۔ پھر جب کہ اُس نے اُن کو اپنے فضل سے دیا تو

بَخِلُوْا بِهٖ وَتَوَلَّوْا وَّهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ۝۷۶

اس میں بخل کیا اور مُنہ موڑ کر پھر گئے۔

فَاَعْقَبَهُمْ نِفَاقًا فِيْ قُلُوْبِهِمْ اِلٰى

پس اُس دن تک کہ وہ اُس سے ملیں اُن کے دلوں میں نفاق قائم کردیا

يَوْمِ يَلْقَوْنَهٗ بِمَآ اَخْلَفُوا اللّٰهَ مَا وَعَدُوْهُ

اس لئے کہ اُنھوں نے اللہ تعالیٰ سے وعدہ خلافی کی اور اس لئے کہ

وَبِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ ۝۷۷ اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا

جھوٹ بولا کرتے تھے۔ کیا وہ نہیں جانتے کہ

اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ سِرَّهُمْ وَنَجْوٰىهُمْ وَاَنَّ

اللہ تعالیٰ اُن کا بھید اور خفیہ مشورہ جانتا ہے۔ اور یہ کہ

اللّٰهَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ۝۷۸

وہ بڑا غیب داں ہے۔

ترکیب

ما قالوا جوابِ قسم یحلفون قسم کے قائم مقام۔ مانقموا

Marfat.com

کا مفعول ان اغناہم اللہ لے ومآ کر ہوا الاغناء اللہ ایاہم لکن بشرط لتصدقن جواب۔

تفسیر

ان آیات میں اُن گمراہانِ ازلی کے شجر حیات کو قطع و بُرید کر دینے کا حکم دیتا ہے کہ جن میں کسی قسم کا مادّۂ اصلاح باقی نہیں رہا۔ فقال جاہد الکفار والمنافقین واغلظ علیہم کہ ان لوگوں سے جہاد کر اور ان پر نرمی نہ کر جیسا کہ آپؐ کی عادتِ حمیدہ ہر شخص سے نرمی اور لُطف کی ہے۔ کفّار سے جہاد تلوار سے اور منافقین سے زبان سے کرو (ابن عباسؓ)۔ کیونکہ منافقین بظاہر مسلمان تھے اُن کے قتل نہ کرنے کی وجہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمائی تھی کہ عرب یہ کہیں گے کہ محمدؐ اپنے اصحاب کو قابو پاکر قتل کرتا ہے۔ یہاں سے ثابت ہوا کہ اس زمانہ میں ملحدین کے ساتھ بحث و مناظرہ کرنا بھی جہاد ہے۔ یحلفون باللہ الخ یہ بھی ان منافقوں کا ایک حال بیان ہوتا ہے کہ کلمۂ کفر کہہ کر مکر جاتے ہیں۔ ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم ایک روز ایک حجرہ کے سایہ میں بیٹھے فرما رہے تھے کہ تمہارے پاس ایک آدمی کرنجی آنکھوں کا آتا ہے جو شیطان کی طرح دیکھتا ہے اس سے بات نہ کیجیو۔ تھوڑی دیر بعد ایک شخص ایسا ہی آیا۔ آپؐ نے بُلا کر پوچھا کہ تُو اور تیرے دوست مجھے کس بات پر گالیاں دیا کرتے ہیں؟ وہ شخص اپنے یاروں کو جا کر لایا سب قسم کھا گئے کہ ہم نے گالیاں نہیں دیں۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی (معالم) وہمّوا بما لم ینالوا کے معنے علماء نے مختلف بیان کئے ہیں۔ سدی رحؒ کہتے ہیں کہ جنگِ تبوک میں منافقوں نے یہ قصد کیا تھا کہ مدینہ طیبہ میں جا کر عبداللہ بن اُبی کو تاج پہنا دیں گے سو یہ بات اُن کو نصیب نہ ہوئی۔ فرماتا ہے کہ یہ باتیں اس لئے کرتے ہیں کہ ان کو اللہ تعالےٰ اور رسولؐ نے غنائم سے غنی کر دیا پہلے مفلس تھے۔ ومنہم من عاہد اللہ اس میں بھی بعض منافقوں کی اللہ تعالےٰ سے وعدہ خلافی کا ذکر فرماتا ہے۔ مفسرین کہتے ہیں اس میں ثعلبۃ بن حاطب انصاری کی طرف اشارہ ہے اس نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے اس عہد پر دُعا کرائی تھی کہ اللہ تعالےٰ مجھ کو مال دے گا تو خیرات دوں گا اور نیکی کروں گا جب آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی دعا سے اُس کے پاس اونٹ بھیڑ بکریاں ہوگئیں کہ مدینہ طیبہ کے جنگل میں بھی نہ سما سکیں تو دُور لے گیا اور جمعہ جماعت ترک کر دی پھر جو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف سے دو شخص زکوٰۃ لینے گئے تو نہ دی اس پر یہ آیت نازل ہوئی پھر وہ لایا تو نہ آپؐ نے نہ ابوبکرؓ و عمرؓ نے اپنی حیات میں قبول کی۔

اَلَّذِيْنَ يَلْمِزُوْنَ الْمُطَّوِّعِيْنَ مِنَ	
(اے رسولؐ!) وہ جو باعتقادِ مسلمانوں کی خیرات میں طعن کرتے ہیں	
الْمُؤْمِنِيْنَ فِي الصَّدَقٰتِ وَالَّذِيْنَ	
اور وہ جو اپنی مزدوری	
لَا يَجِدُوْنَ اِلَّا جُهْدَهُمْ فَيَسْخَرُوْنَ	
کے سوا کچھ نہیں رکھتے اُن سے (بھی) ہنستے	
مِنْهُمْ ۙ سَخِرَ اللّٰهُ مِنْهُمْ ۖ وَلَهُمْ	
ہیں۔ اللہ تعالےٰ اُن سے ہنسے گا، اور ان کو عذاب	
عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۷۹﴾ اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ اَوْ	
الیم ہے۔ ان کے لئے اللہ تعالیٰ سے بخشش مانگو یا	
لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ۗ اِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ	
نہ مانگو۔ اگر آپؐ اُن کے لئے ستر بار بھی	
سَبْعِيْنَ مَرَّةً فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ۗ	
بخشش چاہیں گے تو بھی اللہ تعالےٰ اُن کو کبھی نہیں بخشے گا۔	
ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۗ	
یہ اس لئے کہ انھوں نے اللہ تعالےٰ اور اس کے رسولؐ کا انکار کیا۔	
وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۸۰﴾	
اور اللہ تعالےٰ بدکار قوم کو ہدایت نہیں کیا کرتا۔	
فَرِحَ الْمُخَلَّفُوْنَ بِمَقْعَدِهِمْ خِلٰفَ	
پیچھے رہ جانے والے (رسول اللہؐ سے) ٹل کر بیٹھنے پر خوش	

Marfat.com

رَسُوْلِ اللّٰهِ وَكَرِهُوْٓا اَنْ يُّجَاهِدُوْا
ہو گئے اور انھوں نے اللہ تعالےٰ کی راہ میں اپنے
بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
مال اور جان سے جہاد کرنا بُرا سمجھا
وَقَالُوْا لَا تَنْفِرُوْا فِي الْحَرِّ ۭ قُلْ نَارُ
اور کہدیا کہ گرمی میں نہ نکلو۔ (پس آپ) کہدیں کہ جہنم کی
جَهَنَّمَ اَشَدُّ حَرًّا ۭ لَوْ كَانُوْا يَفْقَهُوْنَ ۝۸۱
آگ تو سخت ہی گرم ہے۔ کاش وہ سمجھتے ہوتے۔
فَلْيَضْحَكُوْا قَلِيْلًا وَّلْيَبْكُوْا كَثِيْرًا ۚ
سو تھوڑا سا ہنس لیں اور بہت کچھ روئیں۔
جَزَاۗءًۢ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝۸۲ فَاِنْ
اُن کاموں کے بدلہ میں جو کیا کرتے تھے۔ اور اگر
رَّجَعَكَ اللّٰهُ اِلٰى طَاۗىِٕفَةٍ مِّنْهُمْ فَاسْتَاْذَنُوْكَ
خدا تعالیٰ آپؐ کو اُن کے[1] کسی گروہ کی طرف لائے پھر وہ آپؐ کے
لِلْخُرُوْجِ فَقُلْ لَّنْ تَخْرُجُوْا مَعِيَ
ساتھ چلنے کی اجازت مانگیں تو کہدینا کہ تم میرے ساتھ کبھی نہ
اَبَدًا وَّلَنْ تُقَاتِلُوْا مَعِيَ عَدُوًّا ۭ اِنَّكُمْ
چلو گے اور نہ میرے ساتھ ہو کر دشمن سے لڑو گے۔ کیونکہ اوّل
رَضِيْتُمْ بِالْقُعُوْدِ اَوَّلَ مَرَّةٍ فَاقْعُدُوْا
مرتبہ تم گھر میں بیٹھ رہنے پر راضی ہو گئے تھے سو اب بھی اور پیچھے رہ جانے
مَعَ الْخٰلِفِيْنَ ۝۸۳
والوں کے ساتھ تم بھی بیٹھے رہو۔

ترکیب

الذین مبتدا من المومنین المطوّعین کا بیان فی الصدقات متعلق ہے یلمزون سے والذین مبتدا فیسخرون خبر جملہ معطوف ہے اوّل الذین پر سخر اللہ منہم خبر سبعین منصوب علی المصدر والعدد یقوم مقام المصدر کقولک ضربتہ عشرین ضربۃ قلیلاً و کثیراً صفت ہیں مصدر محذوف کی۔

تفسیر

ان آیات میں منافقین کی عادتِ طعنہ زنی کو بیان کرتا ہے کہ جو اہلِ اسلام مقدور والے ہیں اُن پر بھی طعن کرتے ہیں کہ یہ ریاکار ہیں اور جو مفلس اور مزدور اپنی مزدوری میں سے صدقہ دیتے ہیں اُن پر بھی ہنستے ہیں۔ غزوۂ تبوک کے لئے جب تیاری کا حکم دیا اور لوگوں کو اس میں مال وزر سے مدد دینے کی ترغیب دی تو عبدالرحمٰن بن عوفؓ چار ہزار درہم لائے اور عرض کیا کہ آٹھ ہزار تھے چار اہل و عیال کے لئے باقی رکھے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اُن کو دُعائے برکت دی۔ پھر عاصم بن عدی عجلانی سَو وسق[2] کھجور کے لائے پھر ابوعقیل انصاریؓ اڑھائی سیر چھوارے لائے اور عرض کیا کہ رات بھر مزدوری کر کے ۵ سیر حاصل کئے تھے نصف گھر میں دیئے نصف یہاں حاضر کئے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ سب کے اُوپر رکھوا دیئے۔ منافقوں نے اشارے کرنے شروع کئے کہ وہ دونوں اس قدر لائے کہ اُن کا نام ہو اور یہ میاں اس لئے لائے کہ میرا بھی صدقہ دینے والوں میں ذکر ہو۔ اس قصّہ کی طرف ان جملوں میں اشارہ ہے الذین یلمزون الخ فرماتا ہے کہ ان سیاہ دلوں کے لئے اے نبیؐ! اگر آپؐ ستّر بار بھی مغفرت طلب کریں گے تو خدا تعالےٰ ان کو ہرگز نہ بخشے گا کیونکہ یہ کافر ہیں اور کافر کی بخشش نہیں۔ مدینہ طیبہ کے جو منافق جنگِ تبوک میں شریک نہ ہوئے تھے اور اپنے کھجور کے باغوں میں بیٹھ کر خوشیاں کرتے تھے اور لوگوں کو بھی جانے سے منع کرتے تھے کہ سخت گرمی ہے، اُن کی دو لوں باتوں کے جواب میں دو باتیں بیان فرماتا ہے۔ دنیا کی گرمی

[1] یعنی جہاد سے آپؐ اے پیغمبر علیہ السلام اگر صحیح وسالم ان منافقوں کے پاس واپس آویں اور یہ آپؐ کے ساتھ جانے کی اجازت مانگیں تو آپؐ اجازت نہ دیں ۱۲ منہ

[2] عرب میں ایک پیمانہ تھا جس میں کئی من غلہ آتا تھا ۱۲ منہ

Marfat.com

مقابلہ میں جہنم کی سخت گرمی ہے یعنی اگر یہ نہ برداشت کی تو وہ کیونکر برداشت کروگے جو تمہارے لئے مقرر ہو چکی ہے اور اس چند روزہ خوشی کے مقابلہ میں آخرت کے غموم و ہموم پر ہمیشہ رویا کروگے اب عقل ہے تو کم ہنسو بہت روؤ کہ بڑی مصیبت پڑے گی (ماضی کو بصیغۂ امر تعبیر کیا قطعی ہونے کے سبب سے) اُن کی ایک اور حیلہ گری کی پیشتر سے خبر دیتا ہے کہ اے نبیؐ! اگر تم تبوک سے واپس آؤ گے اِن کے ایک گروہ کی طرف جو اس وقت تک زندہ ملیں گے یا نفاق پر قائم رہیں گے تو وہ آپؐ سے کہیں گے اگر آپؐ چلیں گے تو ہم آپؐ کے ساتھ چلیں گے فاستاذنوک للخروج، حکم دیتا ہے کہ اُن سے کہدیجیو کہ تم ہرگز میرے ساتھ نہ چلو نہ میرے ساتھ ہو کر دشمن سے لڑو کیونکہ تم اوّل بار بیٹھ رہے سو بیٹھے رہو جیسا کہ اور بیٹھ رہتے ہیں۔ یہ نہایت عتاب ہے۔ یہ جملہ خبر ہے بمعنی نہی تاکید کے لئے۔

وَلَا تُصَلِّ عَلٰٓى اَحَدٍ مِّنْهُمْ مَّاتَ اَبَدًا

اور جو کوئی اُن میں سے مرجاوے تو (اے نبیؐ!) کبھی اُس کی نمازِ جنازہ نہ

وَّلَا تَقُمْ عَلٰى قَبْرِهٖ ؕ اِنَّهُمْ كَفَرُوْا

پڑھنا اور نہ اُس کی قبر پر (جا کر) کھڑے ہونا۔ کیونکہ انھوں نے اللہ تعالیٰ اور اُس کے

بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَمَاتُوْا وَهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿۸۴﴾

رسولؐ کا انکار کیا اور وہ بدکاری کرتے کرتے مر گئے۔

وَلَا تُعْجِبْكَ اَمْوَالُهُمْ وَاَوْلَادُهُمْ ؕ

اور آپؐ اُن کے مال اور اولاد پر تعجب نہ کریں۔

اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّعَذِّبَهُمْ بِهَا فِى

خدا تعالیٰ یہی چاہتا ہے کہ اُس سے اُن کو دنیا میں عذاب دے

الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ اَنْفُسُهُمْ وَهُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۸۵﴾

اور اُن کی جان بھی نکلے تو کفر ہی میں نکلے۔

وَاِذَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ اَنْ اٰمِنُوْا

اور جب کوئی سورۃ نازل ہوتی ہے کہ اللہ تعالیٰ پر ایمان

بِاللّٰهِ وَجَاهِدُوْا مَعَ رَسُوْلِهِ اسْتَاْذَنَكَ

لاؤ اور اُس کے رسولؐ کے ساتھ ہو کر جہاد کرو تو اُن میں سے مقدور والے

اُولُوا الطَّوْلِ مِنْهُمْ وَقَالُوْا ذَرْنَا نَكُنْ

آپؐ سے رخصت مانگنے لگتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہمیں تو چھوڑ جائیے کہ

مَّعَ الْقٰعِدِيْنَ ﴿۸۶﴾ رَضُوْا بِاَنْ يَّكُوْنُوْا

ہم بیٹھنے والوں کے ساتھ بیٹھے رہیں۔ انھیں تو عورتوں کے ساتھ رہنا

مَعَ الْخَوَالِفِ[1] وَطُبِعَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ

پسند آیا۔ اور اُن کے دلوں پر مُہر کر دی گئی سو وہ

فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ ﴿۸۷﴾ لٰكِنِ الرَّسُوْلُ

نہیں سمجھتے۔ لیکن رسولؐ اور جو اُس کے ساتھ

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ جٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ

ایمان لائے اُنھوں نے اپنے مال اور جان سے

وَاَنْفُسِهِمْ ؕ وَاُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْخَيْرٰتُ ز

جہاد کیا اور انھیں کے لئے خوبیاں ہیں۔

وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۸۸﴾ اَعَدَّ

اور یہی مراد کو پہنچنے والے ہیں۔ خدا تعالیٰ نے

اللّٰهُ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا

ان کے لئے بہشتیں تیار کی ہیں جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی وہ

الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ ذٰلِكَ

اُس میں ہمیشہ رہا کریں گے۔ یہی بڑی

الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۸۹﴾ ع

کامیابی ہے۔

ع ۱۱ ۹ ۱۷

ترکیب

منہم و مات دونوں احد کی صفت ہیں ابدًا ظرف ہے لا تصلّ کا اذا انزلت شرط استاذن جواب خوالف جمع خالفۃ وہے المرأۃ لہم اعدّ سے متعلق جنّٰت

[1] خوالف خالف کی جمع۔ گھر بیٹھنے والی عورتوں کو خوالف کہا کرتے ہیں کیونکہ یہ خلف یعنی بعد مردوں کے گھروں میں بیٹھی رہتی ہیں جب کہ وہ باہر چلے جاتے ہیں ۱۲ منہ

Marfat.com

موصوف تجری الخ صفت خالدین حال ہے ضمیر ہم سے۔

تفسیر

پہلی آیتوں میں منافقین کے لئے آنحضرت علیہ السلام کو استغفار سے منع کیا تھا۔ اب یہاں اُن کی نمازِ جنازہ اور اُن کی قبر پر دعا کے لئے کھڑا ہونے سے بھی منع فرماتا ہے جو انسان کے لئے نجات کا بڑا وسیلہ تھا یعنی مغفرت اور رسولؐ کی شفاعت کے دائرہ سے خارج کر دیا گیا۔

صحیح بخاری میں ہے کہ جب عبداللہ بن اُبیّ رئیس المنافقین مرگیا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اُس کی نماز جنازہ پڑھنے کے لئے لوگوں نے بُلایا، آپؐ پڑھنے کو کھڑے ہوئے تو حضرت عمرؓ نے عرض کیا کہ اس نے ایسا ایسا کہا ہے، آپؐ اس کی نماز نہ پڑھئے، ہٹ آیئے۔ آپؐ نے فرمایا مجھے اختیار دیا گیا ہے اور اگر یہ معلوم ہو کہ میرے ستّر بار سے زیادہ استغفار کرنے سے اللہ تعالےٰ اُس کو بخش دے گا تو میں اس سے بھی زیادہ استغفار کرتا۔ آپؐ نے نماز پڑھی اس کے بعد یہ آیت ولا تصل الخ نازل ہوئی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک تو یہ بات منظور تھی کہ منافقوں پر یہ حال کھُل جائے کہ اُن کا سردار خواستگارِ شفاعت ہوا جس سے اُن کے دل میں بھی اسلام کی حقیقت راسخ ہوگئی۔ دوسرے یہ کہ نفاق کی رسوائی ہو کہ اُن پر نماز و استغفار کا بھی حکم الٰہی نہیں۔ ولا تعجبک اموالہم یہاں سے لایفقہون تک ان کے مال و اسباب و اولاد کی بے ثباتی اور دارِ آخرت میں کارآمد نہ ہونا اور دُنیا میں مصیبت کا سبب ہو جانا بیان فرماتا ہے اور غزوۂ تبوک سے پیچھے رہ جانے والوں پر عتاب ظاہر کرتا ہے۔ اولاد و مال کا وبال ہونا اہلِ عقل پر مخفی نہیں بہت سے آدمیوں کو اولاد و مال کے وبال میں گرفتار دیکھا ہے اولاد کو پالا اور پرورش کیا جب وہ کسی لائق ہوئے یا بات چیت کرنے لگے طوطے کی طرح بولتے۔ بولتے چل دیئے، اب ماں باپ کے دل کا ناسور ہے کہ رات دن آنکھوں سے غم کے آنسو جاری ہیں، دنیا سیاہ ہوگئی۔ یا وہ ہوشیار ہو کر آوارہ اور بدچلن ہوئے، ماں باپ کی جان کے لیوا، خون کے پیاسے، الٰہی توبہ۔ اسی طرح مال کا حال ہے کہ کوئی مصیبت آپڑی تو اُس کو یاد کر کے عمر بھر روتے ہیں۔ اور یہ کچھ نہیں تو یہ ضرور ہے کہ اُن کی محبت میں دل چُور ہے، مرتے وقت ہر چیز کو آنکھ پھاڑ پھاڑ کر دیکھتا ہے۔ مولیٰ سے غافل ہو کر مرتا اور داغِ مفارقتِ دُنیا ساتھ لے کر جاتا ہے۔

وَجَآءَ الْمُعَذِّرُوْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ

اور کچھ دیہاتی بہانہ ساز بھی آئے تاکہ اُن کو بھی رخصت لے دی جائے

لِيُؤْذَنَ لَهُمْ وَقَعَدَ الَّذِيْنَ كَذَبُوا

(کہ گھر میں رہیں) اور جنھوں نے اللہ تعالےٰ اور اُس کے رسولؐ سے

اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ سَيُصِيْبُ الَّذِيْنَ

جھوٹ بولا ہے وہ تو بیٹھے ہی ہیں (کسی تک بھی نہیں) سو ابھی اُن میں سے کافروں کو

كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۹۰﴾ لَيْسَ

دردانگیز سزا ہوتی ہے۔ ضعیفوں پر

عَلَى الضُّعَفَآءِ وَلَا عَلَى الْمَرْضٰى وَ

کوئی الزام نہیں اور نہ بیماروں پر اور

لَا عَلَى الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ مَا يُنْفِقُوْنَ

نہ اُن پر کہ جن کو سفر خرچ میسّر نہیں (لشکر یا گھر بیٹھ کر بھی وہ اللہ تعالےٰ

حَرَجٌ اِذَا نَصَحُوْا لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ؕ مَا عَلَى

اور رسولؐ کی خیرخواہی کرتے ہوں۔ نیکوکاروں پر

لہ رخصت مانگتے تھے پیچھے رہ جانے کے لئے کہ جہاد میں یعنی جنگِ تبوک میں جانا پڑے جو گرمی اور افلاس کے زمانہ کی لڑائی تھی اور مقابلہ میں قیصرِ روم تھا جس کی دہشت ان کم اعتقادوں کے دلوں پر تھی یہ وقت بڑے امتحان کا تھا سچے ایماندار ہی پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جان نثاری کے لئے تیار ہوگئے اور ساتھ بھی گئے اور باقی جو دعوئ اسلام میں جھوٹے یا سُست تھے اور بُزدل یا آرام طلب تھے وہ بہانے اور حیلے سے رُخصت اور اجازت مانگنے لگے کہ چلنے میں ہمیں یہ عذر ہے کہ فلاں کام ضروری درپیش ہے۔ اس سورۃ میں اُنھیں لوگوں کا عتاب ہو رہا ہے اور اُن کے حیلے اور بہانے اور رُخصت (باقی صفحہ ۵۰۹ پر)

Marfat.com

الْمُحْسِنِيْنَ مِنْ سَبِيْلٍ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ
کوئی الزام نہیں۔ اور اللہ تعالےٰ معاف کرنے والا
رَّحِيْمٌ ﴿۹۱﴾ وَّلَا عَلَى الَّذِيْنَ اِذَا مَآ
مہربان ہے۔ اور نہ اُن پر بھی کچھ الزام ہے جب کہ وہ آپؐ
اَتَوْكَ لِتَحْمِلَهُمْ قُلْتَ لَآ اَجِدُ مَآ اَحْمِلُكُمْ
کے پاس آتے کہ آپ اُنھیں سوار کرائیں، آپؐ نے کہدیا کہ تمھارے سوار کرانے کو میرے پاس
عَلَيْهِ تَوَلَّوْا وَّاَعْيُنُهُمْ تَفِيْضُ مِنَ
کچھ نہیں۔ تو وہ آنکھوں سے آنسو بہاتے ہوئے اس رنج میں کہ اُن کو
الدَّمْعِ حَزَنًا اَلَّا يَجِدُوْا مَا يُنْفِقُوْنَ ﴿۹۲﴾
سفر خرچ میسّر نہیں واپس لوٹ گئے۔
اِنَّمَا السَّبِيْلُ عَلَى الَّذِيْنَ يَسْتَاْذِنُوْنَكَ
الزام تو صرف ان پر ہے جو باوجود مالدار ہونے کے آپؐ سے
وَهُمْ اَغْنِيَآءُ ۚ رَضُوْا بِاَنْ يَّكُوْنُوْا مَعَ
اجازت مانگتے ہیں۔ اُن کو تو عورتوں کے ساتھ رہنا پسند
الْخَوَالِفِ ۙ وَطَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ
آگیا، اور اُن کے دلوں پر اللہ تعالےٰ نے مہر کردی ہے
فَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۹۳﴾
اس لئے وہ نہیں جانتے۔ ۱؎

ترکیب

حرج اسم لیس۔ علی الضعفاء الخ خبر۔ اذا کا عامل حرج ہے۔ ولا علی الذین معطوف ہے علی المرضٰے پر اذا ما کا جواب تولوا قلت حال ہے فاعل تولوا سے۔

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۵۰۸) مانگنے پر اُن کی سُست اعتقادی اور بُزدلی اور آرام طلبی پر جو بمقابلہ دارِ آخرت کے درجات کے تھی تشنیع کی جارہی ہے اور اُن سچّے ایمانداروں، جانبازوں کی جنھوں نے دارِ آخرت اور خدا تعالےٰ اور رسولؐ کی خوشنودی حاصل کرنے میں کوشش کی مدح اور اُن کے درجات اور فضائل بیان ہورہے ہیں خلفاء اربعہؓ اور جلیل القدر صحابہؓ انصار و مہاجر انھیں میں داخل ہیں جن کو شیعہ زبردستی اسلام اور نیکی سے

من بیان ہے تفیض کا حزنًا مفعول لہٗ ہے تفیض کا۔

تفسیر

مدینہ طیبہ کے منافقوں کے سوا عرب کے دیگر قبائل میں سے بھی ایسے لوگ تھے جو جنگِ تبوک میں شامل نہ ہوئے تھے۔ ازانجملہ عامر بن الطفیل کے چند لوگ تھے آکر حضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے عذر کرنے لگے کہ ہم کو رخصت دیجئے۔ آپؐ نے فرمایا مجھے پہلے ہی سے تمھارا حال اللہ تعالیٰ نے بتلا دیا تھا اور بعض ایسے تھے کہ وہ عذر کرنے بھی نہیں آئے متکبّرانہ اپنے گھروں میں بیٹھے رہے اوّل فریق کی طرف وجاء المعذرون میں اور دوسرے کی طرف وقعد الذین میں اشارہ کرتا ہے۔ قسم ثانی کے لوگ منافق تھے اُن کی نسبت عذابِ الیم کا حکم سُنایا گیا۔ چونکہ پیچھے رہ جانے والے عذرات باطلہ پیش کرتے تھے اس لئے اس کے بعد اصلی عذر والوں کا ذکر کردیا کہ یہ لوگ نہ جاویں تو کچھ مضائقہ نہیں کیونکہ ان کا عذر صحیح ہے فقال لیس علی الضعفاء الخ، یہ چار قسم کے لوگ ہیں کہ جن کا عذر قبول ہے اور جن پر جہاد میں جانا فرض و واجب نہیں۔ اوّل ضعفاء اس کی تفسیر میں ابن عباسؓ وغیرہ نے فرمایا کہ ضعیف سے مراد ہے لنگڑے، لولے، اپاہج، بہت بوڑھے اور لڑکے اور عورتیں۔ دوم مرضٰے جمع مریض یعنی بیمار اب رہے مالی حالت کے معذور سو اُن کی بھی دو قسم ہیں ایک وہ جو لا یجدون ما ینفقون کہ نہایت تنگدست بے سروسامان ہیں خواہ وہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے حضور میں عذر آور ہوتے ہوں یا نہ ہوں۔ دوم وہ کہ اُن کا عذر اور وجہ معقول حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے روبرو بعد آپؐ کے،

خارج کرتے ہیں اور باہمی خلافت کے نزاع سے اُن کی ان تمام مساعیٔ جمیلہ پر پانی پھیرتے ہیں جو انصاف سے بعید ہے ۱۲ منہ ۲؎ اللہ تعالےٰ اور رسولؐ سے جھوٹ بولا یعنی اسلام کا دعویٰ جھوٹا کیا تھا یا اعانت و تائید اسلام کا اقرار جو بوقت اسلام لانے کے کیا جاتا تھا اُس میں جھوٹے نکلے وہ اپنے گھر ہی بیٹھ رہے عذر کرنے بھی نہیں آئے ۱۲ منہ

۱؎ کہ جہاد میں دنیا و آخرت کے کیا کیا فوائد ہیں ۱۲ منہ

Marfat.com

امام کے حضور) ثابت ہوگیا ہو جن کی طرف ولا علی الذین الخ میں اشارہ ہے۔ معقل بن یسار و صخر بن خنساء و عبداللہ ابن کعب انصاری و علبہ بن زید انصاری و سالم بن عمیر و ثعلبہ بن عنمہ و عبداللہ بن مغفل مزنی یہ سات شخص حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور عرض کیا کہ ہم کو سواری دیجئے، چونکہ سواری نہ تھی آپ نے فرمایا میرے پاس تمہارے لئے کوئی سواری نہیں تب وہ اپنی ناداری پر روتے ہوئے واپس چلے آئے ؛

Marfat.com

تفسیر حقانی

پارۂ یعتذرون ۱۱

يَعْتَذِرُونَ إِلَيْكُمْ إِذَا رَجَعْتُمْ إِلَيْهِمْ ۚ قُل لَّا تَعْتَذِرُوا لَن نُّؤْمِنَ لَكُمْ قَدْ نَبَّأَنَا اللَّهُ مِنْ أَخْبَارِكُمْ ۚ وَسَيَرَى اللَّهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُولُهُ ثُمَّ تُرَدُّونَ إِلَىٰ عَالِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٩٤﴾ سَيَحْلِفُونَ بِاللَّهِ لَكُمْ إِذَا انقَلَبْتُمْ إِلَيْهِمْ لِتُعْرِضُوا عَنْهُمْ ۖ فَأَعْرِضُوا عَنْهُمْ ۖ إِنَّهُمْ رِجْسٌ وَمَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ ﴿٩٥﴾ يَحْلِفُونَ لَكُمْ لِتَرْضَوْا عَنْهُمْ ۖ فَإِن تَرْضَوْا عَنْهُمْ

عذر (جب تم جہاد سے) لوٹ کر آؤ گے تو تمہارے آگے کریں گے۔ کہدو عذر نہ کرو ہم ہرگز تمہاری بات نہ مانیں گے تمہارے حالات تو اللہ تعالےٰ ہم کو بتا چکا ہے، اور ابھی تو اللہ تعالےٰ اور اس کا رسول تمہارے عمل دیکھے گا۔ پھر تم اُس جیتے اور کھلے جاننے والے کے پاس لوٹائے جاؤ گے پھر وہ تم کو بتا دے گا کہ تم کیا کیا کرتے تھے۔ تمہارے آگے جب کہ تم اُن کے پاس لوٹ کر آؤ گے تو اللہ تعالےٰ کی قسمیں کھائیں گے تاکہ اُن سے درگزر کرو۔ سو اُن سے منہ پھیر لینا۔ یقینہ وہ ناپاک ہیں اور اُن کا ٹھکانا جہنم ہے۔ (یہ) بدلہ ہے اس کا جو وہ کیا کرتے تھے (دنیا میں)۔ تمہارے خوش کرنے کے لئے

فَإِنَّ اللَّهَ لَا يَرْضَىٰ عَنِ الْقَوْمِ الْفَاسِقِينَ ﴿٩٦﴾

اللہ تعالےٰ تو بدکار قوم سے خوش ہونے کا بھی نہیں۔

الْأَعْرَابُ أَشَدُّ كُفْرًا وَنِفَاقًا وَأَجْدَرُ أَلَّا يَعْلَمُوا حُدُودَ مَا أَنزَلَ اللَّهُ عَلَىٰ رَسُولِهِ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ﴿٩٧﴾

گاؤں والے کفر اور نفاق میں بڑے سخت ہوتے ہیں اور وہ اس قابل ہیں کہ جو احکام اللہ تعالےٰ نے اپنے رسول پر نازل کئے ہیں ان کو نہ جانیں۔ اور اللہ تعالےٰ خبردار حکمت والا ہے۔

وَمِنَ الْأَعْرَابِ مَن يَتَّخِذُ مَا يُنفِقُ مَغْرَمًا وَيَتَرَبَّصُ بِكُمُ الدَّوَائِرَ ۚ عَلَيْهِمْ دَائِرَةُ السَّوْءِ ۗ وَاللَّهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ﴿٩٨﴾ وَمِنَ الْأَعْرَابِ مَن

اور بعض ایسے بھی ہیں کہ جو کچھ وہ خرچ کرتے ہیں اس کو تاوان سمجھتے ہیں اور تمہارے لئے بُرے زمانہ کے منتظر رہتے ہیں۔ اُنھیں پر بُرا زمانہ آوے۔ اور اللہ تعالےٰ سنتا اور جانتا ہے۔ اور کچھ بدّو ایسے بھی ہیں کہ جو اللہ تعالیٰ

لہ یعنی وہ دیہاتی جو تبوک میں شریک نہیں ہوئے یا عموماً گنوار جو جہالت کے کفر و نفاق میں بڑے سخت ہوا کرتے ہیں ۱۲ منہ ۔ عربی کی جمع عرب جیسا کہ یہودی کی یہود اور اعرابی جنگلی کو کہتے ہیں یعنی گنوار اس کی جمع اعراب یا اعاریب ۱۲ ک

Marfat.com

يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَيَتَّخِذُ

اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتے ہیں اور اپنے خرچ کرنے کو

مَا يُنْفِقُ قُرُبٰتٍ عِنْدَ اللّٰهِ وَصَلَوٰتِ

اللہ تعالےٰ کے نزدیک تقرّب اور رسولؐ کی دعا کا وسیلہ بھی جانتے

الرَّسُوْلِ ؕ اَلَآ اِنَّهَا قُرْبَةٌ لَّهُمْ ؕ

ہیں۔ ہاں یہ اُن کے لئے موجب تقرّب ہے۔

سَيُدْخِلُهُمُ اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ؕ اِنَّ

بہت جلد اللہ تعالےٰ اُن کو اپنی رحمت میں جگہ دے گا۔ بے شک

اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۹۹﴾ وَالسّٰبِقُوْنَ

اللہ تعالےٰ بخشنے والا مہربان ہے۔ اور مہاجرین و انصار میں سے جو

الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ

(نیک کاموں میں) پیش قدمی کرنے والے ہیں

وَالَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ ۙ رَّضِيَ

اور جو نیکی میں اُن کے پیرو ہیں اُن سب سے اللہ تعالےٰ

اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ وَاَعَدَّ لَهُمْ

راضی ہوگیا اور وہ اُس سے راضی ہوگئے۔ اور اُن کے لئے اللہ تعالےٰ

جَنّٰتٍ تَجْرِيْ تَحْتَهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ

نے ایسے باغ تیار کر رکھے ہیں کہ جن کے تلے نہریں جاری ہیں اُن میں

فِيْهَآ اَبَدًا ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۱۰۰﴾

ہمیشہ (ہمیشہ) رہا کریں گے۔ یہ ہے بڑی کامیابی۔

ترکیب

جزاء مفعول مطلق لے یجزون جزاء مفعول لہٗ بھی ہوسکتا ہے من الاعراب خبر ہے من کی مقرماً مفعول ہے یتخذ کا و یتربص کا مفعول الدوائر جمع دائرۃ ہے یہ معطوف ہے یتخذ پر السوء بالضم مصدر ہے و بالفتح بمعنے الفساد۔ السابقون مبتدا رضی اللہ عنہم الخ جملہ خبر ہے۔

لے پیش قدمی اسلام میں کہ سب سے اوّل ایمان لائے یا عموماً ہر نیک کام میں دوڑ پڑنا اور پیش قدمی کرنا اُن کا شیوہ ہے ۱۲ منہ

تفسیر

چونکہ جھوٹ بولنا، زمانہ سازی کرنا منافقوں کا کام ہے خدا تعالےٰ کو معلوم تھا کہ بوقتِ واپسی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ لوگ جھوٹی قسمیں کھائیں گے اور حیلہ بنائیں گے تاکہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم اور مسلمان اُن سے درگزر کریں اور راضی ہوجاویں۔ چنانچہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم واپس آئے تو ایسا ہی ہوا کہ جد بن قیس وغیرہ منتشر منافق آکر عذر کرنے لگے قسمیں کھانے لگے۔ اُن کی نسبت فرماتا ہے سیحلفون الخ پھر فرماتا ہے کہ ان ناپاکوں سے مُنہ پھیر لو یعنی مُنہ نہ لگاؤ اور اگر تم اُن کی قسمیں کھانے سے خوش بھی ہوگئے تو بدکار لوگوں سے خدا تعالےٰ خوش نہ ہوگا۔ الاعراب جنگل کے رہنے والے اہلِ بادیہ عرب کے قبائل جنگلوں میں رہا کرتے تھے بلکہ اب بھی ان کو بدو یا بدوی کہتے ہیں ان قبائل میں بھی دو قسم کے لوگ تھے ایک وہ جو شوکتِ اسلام سے دب کر مسلمانوں کا ساتھ دیتے اور اسلام ظاہر کرتے تھے اور صدقہ اور زکوٰۃ کو صرف ایک تاوان اور چٹی خیال کرتے تھے اور مسلمانوں کے بُرے وقت کا انتظار کرتے تھے کہ کہیں ان پر کوئی حادثہ پڑجائے جس کے جواب میں بطور بددُعا کے فرماتا ہے کہ انھیں پر کوئی گردش آوے یا خبر دیتا ہے جس کا ظہور بھی ہوا۔ اُن کی نسبت فرماتا ہے اشدّ کفراً و نفاقاً کہ یہ کفر و نفاق میں بڑے اشدّ ہیں اور بسبب جنگلی ہونے کے مجالست اور مکالمتِ اہلِ علم نصیب نہیں ہوتی۔ کتاب و سنّت اور احکامِ الٰہی سے جاہل ہیں جیسا کہ اسد اور غطفان اور تمیم، اور اُن کے برعکس بعض ایسے بھی تھے کہ اللہ تعالےٰ قیامت پر ایمان رکھتے تھے اور اپنے صدقہ و خیرات کو باعثِ ثواب اور رسولؐ کی دُعا کا وسیلہ جانتے تھے کیونکہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم صدقہ دینے والوں کے لئے دُعاءِ خیر و استغفار کرتے تھے جیسا کہ عبداللہ ذی البجادین

ف بمعاد بروزن کتاب موٹی لگی کو کہتے ہیں جس میں خط (باقی ص۵۱۳ پر)

Marfat.com

اور اُس کی قوم ان کو ومن الاعراب من یؤمن آخر میں ذکر کرتا ہے۔ اس کے بعد صحابہؓ انصار و مہاجرین کے محامد بیان فرماتا ہے جو اسلام کے رکن اور اسلامیوں کے پیشوا ہیں۔ اُن کی دو قسم ہیں اوّل سابقون اوّلون، سو مہاجرین میں سے تو حضرت ابوبکر صدیقؓ اور حضرت علی مرتضےٰؓ وغیرہم وہ لوگ ہیں جو جنگِ بدر میں شریک تھے سعیدؓ و قتادہؓ و ابن سیرینؒ کہتے ہیں وہ ہیں کہ جنھوں نے دونوں قبلوں کی طرف نماز پڑھی۔ شعبیؒ کے نزدیک بیعت رضوان والے۔ اور انصار میں سے عقبۂ اُولےٰ والے سات شخص اور عقبۂ ثانیہ والے ستّر اور اور پھر وہ جو مصعب بن عمیرؓ کی تعلیم سے مسلمان ہوئے۔ دوم وہ جو اتبعوہم باحسان یعنی اُن کے علاوہ اور صحابہؓ مہاجرین اور انصار۔ بعض کہتے ہیں اس میں وہ بھی شامل ہیں جو قیامت تک ایمان و ہجرت و نصرتِ دین میں ان کے پیرو ہیں اُن کے لئے دو وعدے کرتا ہے اوّل یہ کہ وہ اللہ تعالےٰ سے اور اللہ تعالےٰ اُن سے راضی۔ دوم یہ کہ وہ جنت میں ہمیشہ رہیں گے۔ اب شیعہ کو اس آیت کے بعد صحابہؓ مہاجرین و انصار سابقین اوّل کی نسبت بدگمانی نہ کرنا چاہیئے۔

وَمِمَّنْ حَوْلَكُمْ مِّنَ الْأَعْرَابِ
اور بعض تمھارے آس پاس کے بدو بھی
مُنٰفِقُوْنَ ۛ وَمِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ
منافق ہیں۔ اور بعض مدینہ (طیبہ) والے بھی
مَرَدُوْا عَلَى النِّفَاقِ ۖ لَا تَعْلَمُهُمْ ۭ
نفاق پر اڑے ہوئے ہیں۔ آپؐ ان کو نہیں جانتے
نَحْنُ نَعْلَمُهُمْ ۭ سَنُعَذِّبُهُمْ مَّرَّتَيْنِ
ہم ان کو جانتے ہیں۔ سو ابھی ہم اُن کو دوہری سزا دیں گے

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۵۱۲) پڑے ہوئے ہوں یہ عبداللہؓ صحابی کا لقب اس لئے ہوا کہ جب انھوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہونے کا قصد کیا تو صرف ایک چادر تھی جس کو پھاڑ کر اُن کی والدہ نے آدھی تہبند کی جگہ باندھ دی اور آدھی اوڑھا دی۔ ملخص از قاموس وغیرہ ۱۲ منہ

ثُمَّ يُرَدُّوْنَ اِلٰى عَذَابٍ عَظِيْمٍ ۝۱۰۱
پھر بڑے عذاب کی طرف لوٹائے جاویں گے۔

وَاٰخَرُوْنَ اعْتَرَفُوْا بِذُنُوْبِهِمْ خَلَطُوْا
اور کچھ اور بھی ہیں کہ جنھوں نے اپنے گناہ کا اقرار کر لیا ہے انھوں نے ملے
عَمَلًا صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَيِّئًا ۭ عَسَى اللّٰهُ
جلے کام کئے ہیں کچھ نیک اور کچھ بد۔ کچھ عجب نہیں کہ اللہ تعالےٰ
اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ
اُن کی توبہ قبول کر لے۔ کیونکہ وہ بڑا بخشنے والا (نہایت)
رَّحِيْمٌ ۝۱۰۲ خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً
مہربان ہے۔ ان کے مالوں کی زکوٰۃ لے لیا کرو کہ اس سے
تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيْهِمْ بِهَا وَصَلِّ
ان کو پاک و صاف کرو اور ان کے لئے دعائے خیر
عَلَيْهِمْ ۭ اِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ ۭ
بھی کرو۔ بے شک آپؐ کی دعا اُن کے لئے راحت ہے۔
وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝۱۰۳ اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا
اور اللہ تعالےٰ سُنتا جانتا ہے۔ کیا وہ (یہ) نہیں جانتے کہ
اَنَّ اللّٰهَ هُوَ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ
اللہ تعالےٰ ہی توبہ ہے کہ جو اپنے بندوں کی توبہ قبول کیا
عِبَادِهٖ وَيَاْخُذُ الصَّدَقٰتِ وَاَنَّ
کرتا اور صدقہ لیا کرتا ہے اور اللہ تعالےٰ
اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۝۱۰۴
بڑا توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے۔

ترکیب

منافقون مبتدا ومن خبر مقدم۔ مردوا اس کی صفت ومن اہل المدینۃ خبر ہے مبتدا محذوف کی اے ومن اہل المدینۃ قوم کذلک لا تعلمہم صفت ثانیہ وآخرون معطوف ہے منافقون پر اور ممکن ہے کہ مبتدا ہو اور اعترفوا صفت خلطوا خبر وآخر معطوف ہے عملاً پر۔

Marfat.com

تفسیر

باہر کے گنواروں ہی پر کچھ موقوف نہیں کہ وہ منافق اور حیلہ باز ہیں بلکہ بعض اہلِ مدینہ اور مدینہ طیبہ کے آس پاس کے گنوار جن کو کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا وعظ و پند سُننا بھی ممکن ہے اور اہلِ اسلام سے بیشتر میل جول رکھتے ہیں مردُوا علے النفاق نفاق پر اڑے ہوتے ہیں اور اس فن میں ایسے چالاک ہیں کہ باوجود فراستِ تامّہ کے اے نبیؐ! ان سے تم واقف بھی نہیں ہاں ہم اُن کو جانتے ہیں۔ مدینہ طیبہ کے منافق بنی اوس و خزرج میں سے تھے اور اردگرد کے قبیلہ مُزینہ و جُہینہ و اشجع و اسلم و غفار میں سے تھے آخر کار بہت سے تائب ہوگئے تھے فرماتا ہے کہ ہم ان کو دُگنا عذاب کریں گے کیونکہ کافروں سے بڑھکر ہیں۔ دُگنے عذاب کی تفسیر میں مختلف اقوال ہیں۔ مجاہدؒ کہتے ہیں کہ ایک قتل اور قید ہونا اور دوسرا عذابِ قبر۔ بعض کہتے ہیں کہ دیکھا دیکھی اسلام کے سخت کاموں میں شریک ہونا، زکوٰۃ دینا، شوکتِ اسلام کو دیکھنا، اُس کے احکام کی جبراً و کرہاً پابندی کرنا ایک عذاب ہے موت اور قبر کا دوسرا جہنم کا عذابِ عظیم کہ جس کی طرف لوٹ کر جائیں گے ان دونوں کے علاوہ ہے۔ وآخرون الخ اب یہاں سے اُن لوگوں کا ذکر فرماتا ہے کہ جو جنگ تبوک سے کچھ نفاق کی وجہ سے نہ بیٹھ رہے تھے بلکہ سُستی اور کاہلی سے جس پر وہ نادم اور تائب بھی ہوئے۔

ان کا جہاد میں نہ جانا بُرا کام تھا اور پھر توبہ و ندامت کرنا اچھا یا اور دیگر حسنات۔ نیک اور بد عمل کے مخلوط کرنے سے یہ مراد ہے۔ اُن کے حق میں تین باتیں ذکر فرماتا ہے اوّل عسی اللہ ان یتوب علیہم الخ کہ اللہ تعالےٰ ان کو معاف کرے گا یا اُن کی توبہ قبول کرے گا۔ لفظ عسیٰ کلامِ الٰہی میں تحقیق کے معنے دیتا ہے اور اس میں یہ بھی رمز ہے کہ بندہ کو اپنی توبہ اور ندامت پر ناز نہ کرنا چاہیئے بلکہ اُس سے قبولیت کی اُمید رکھے۔ دوم یہ کہ اے رسولؐ! ان کے مال سے صدقہ جو وہ دیویں تو قبول کرلے اِس سے وہ پاک ہوں گے یہ اُن کے گناہوں کا کفارہ اُن کے لئے باعثِ برکت ہوگا۔ عام ہے کہ زکوٰۃ ہو یا صدقۂ نافلہ ہو۔ اور اُن کے لئے دُعا کرو۔ سوم یہ کہ ایسے تائبین و نادمین کے لئے توبہ قبول کرنے کا اور اُن کے صدقات قبول کرنے کا وعدہ فرماتا ہے۔ مفسرین فرماتے ہیں کہ یہ چند آدمی تھے جو آرام طلبی کی وجہ سے شریکِ جہاد نہ ہوئے تھے پھر جب آپؐ مدینہ طیبہ کے قریب آپہنچے تو ندامت کے مارے انھوں نے اپنے آپ کو مسجدِ نبویؐ کے ستونوں سے باندھ دیا کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں کھولیں گے تو کھلیں گے۔ آپؐ نے مسجد میں آکر دیکھا پھر پوچھا۔ پس فرمایا کہ میں بھی جب ہی کھولوں گا کہ جب اللہ تعالےٰ احکم دیگا۔ چنانچہ کئی روز وہ بندھے رہے روتے رہے آخر یہ آیت نازل ہوئی تب کھُلے۔ پھر اُنھوں نے اُس کے کفارہ میں اللہ دیا۔ اُن میں ابو لبابہؓ بھی تھے۔

وَقُلِ اعْمَلُوا فَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ
اور (اے نبیؐ!) کہدو کام کئے جاؤ۔ ابھی اللہ تعالےٰ اور اُس کا رسولؐ اور
وَرَسُوْلُهٗ وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَسَتُرَدُّوْنَ
ایمان والے تمہارا کام دیکھ لیں گے۔ اور ابھی تم اُس کے پاس
اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ
واپس لوٹائے جاؤ گے جو چھپی اور کھلی باتیں جانتا ہے پس وہ تم کو بتلا دیگا کہ
بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ وَاٰخَرُوْنَ
تم کیا کیا کرتے تھے۔ اور بعض اور بھی ہیں کہ جو
مُرْجَوْنَ لِاَمْرِ اللّٰهِ اِمَّا يُعَذِّبُهُمْ وَ
حکمِ الٰہی کے انتظار پر رکھے گئے ہیں یا وہ ان کو عذاب کرے

عہ ان کی تعداد میں اختلاف ہے بعض کہتے ہیں کہ دس تھے بعض کہتے ہیں کہ سات تھے۔ ابو لبابہؓ نے عرض کیا کہ اس کے شکریہ میں اپنا گھر بار للہ دیتا ہوں۔ آپؐ نے فرمایا ثلث بہت ہے ۱۲ منہ

Marfat.com

أَمَّا يَتُوبُ عَلَيْهِمْ ۚ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ﴿١٠٧﴾ اللهِ وَرِضْوَانٍ خَيْرٌ أَمْ مَّنْ أَسَّسَ

یا معاف کرے۔ اور اللہ تعالےٰ سب کچھ جاننے والا ہے۔ وہ بہتر یا وہ جو اپنی بنیاد نرم ریتلے

بُنْيَانَهُ عَلَىٰ شَفَا جُرُفٍ هَارٍ فَانْهَارَ

کنارے کے کنارہ پر قائم کرے جو گرنے کو ہو۔ پھر وہ اس کو جہنم

بِهِ فِي نَارِ جَهَنَّمَ ۗ وَاللَّهُ لَا يَهْدِي

کی آگ میں (دھم سے) لے بھی گرے۔ اور اللہ تعالےٰ بے انصاف قوم کو

الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ ﴿١٠٩﴾ لَا يَزَالُ بُنْيَانُهُمُ

ہدایت نہیں دیتا۔ وہ بنیاد کہ جس کو انہوں نے

الَّذِي بَنَوْا رِيبَةً فِي قُلُوبِهِمْ إِلَّا

قائم کیا تھا ان کے دلوں میں ہمیشہ شک قائم کرتی رہے گی یہاں تک کہ

أَنْ تَقَطَّعَ قُلُوبُهُمْ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ

ان کے دل کے ٹکڑے ٹکڑے ہو جاویں۔ اور اللہ تعالےٰ علیم

حَكِيمٌ ﴿١١٠﴾

حکیم ہے۔

وَارْصَادًا لِّمَنْ حَارَبَ اللَّهَ وَ (ابو عامر) کے لئے کہ جو اللہ تعالےٰ اور اس کے رسول سے پیشتر لڑ چکا ہے ف

رَسُولَهُ مِن قَبْلُ ۚ وَلَيَحْلِفُنَّ إِنْ تباہ کی ہے۔ اور قسمیں کھانے لگیں گے کہ

أَرَدْنَا إِلَّا الْحُسْنَىٰ ۖ وَاللَّهُ يَشْهَدُ ہم تو محض خیر کا ارادہ کیا تھا۔ اور اللہ تعالےٰ گواہی دیتا ہے کہ

إِنَّهُمْ لَكَاذِبُونَ ﴿١٠٧﴾ لَا تَقُمْ فِيهِ وہ بالکل جھوٹے ہیں۔ آپ اس مسجد میں کبھی بھی جا کر

أَبَدًا ۚ لَّمَسْجِدٌ أُسِّسَ عَلَى التَّقْوَىٰ کھڑے نہ ہونا۔ (ہاں) وہ مسجد کہ جس کی اوّل ہی دن سے پرہیزگاری پر بنیاد رکھی

مِنْ أَوَّلِ يَوْمٍ أَحَقُّ أَن تَقُومَ فِيهِ ۚ گئی ہے اس لائق ہے کہ آپ وہاں کھڑے

فِيهِ رِجَالٌ يُحِبُّونَ أَن يَتَطَهَّرُوا ۚ ہوں۔ اس میں ایسے لوگ ہیں کہ جو پاک رہنا پسند کرتے ہیں۔

وَاللَّهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِينَ ﴿١٠٨﴾ أَفَمَنْ اور اللہ تعالےٰ کو (بھی) پاک رہنے والے پسند ہیں۔ بھلا جو اپنی

أَسَّسَ بُنْيَانَهُ عَلَىٰ تَقْوَىٰ مِنَ عمارت کی بنیاد اللہ تعالےٰ کے خوف اور اس کی رضامندی پر رکھے

ف اشارہ ہے ابو عامر کی طرف جو پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا دشمن تھا۔ قبیلہ بنی غنم نے اس مسجد کو بنایا اور ابو عامر کو اس کا امام بنانا چاہا لیکن ابو عامر مر گیا۔ یہی مسجد مسجد ضرار ہے ۱۲ حقانی

لہ امامت کریں ۱۲ منہ

ترکیب

وآخرون مرجون معطوف ہے وآخرون اعترفوا پر والذین معطوف ہے وآخرون مرجون پر لے ومنہم الذین اتخذوا اور ممکن ہے کہ مبتدا ہو والخبر افمن اسس الخ والعائد محذوف اے منہم۔ ضرارًا ممکن ہے کہ مفعول ثانی ہو اتخذوا کا وکذلک مابعدہٗ نعت المصادر کلہا واقعۃ موضع اسم الفاعل اے مضارا ومفرقا لمسجد مبتدا اسس الخ اس کی صفت احق ان تقوم لے بان تقوم الخ خبر۔

تفسیر

اب ان عذر کرنے والوں اور توبہ کرنے والوں اور دیگر بندگان

عہ شفا بالفتح کنارہ۔ جرف ندی کا وہ کڑا جو پانی کی کروں سے گر رہا ہو۔ ہار اس کا مصدر ہے جور ہے، بولتے ہیں کہ الجرف ہور جب کہ وہ کڑا اپنے پیچھے سے پھٹ جائے اسی کو جوف ہار بھی کہتے ہیں اور جب گر پڑے تو انہار ۱۲ حقانی

Marfat.com

کے لئے ترغیب وترہیب میں ایسی بات کہتا ہے کہ اگر کوئی اس کا لحاظ رکھے تو معاصی سے بچنے اور طاعتِ الٰہی کے اختیار کرنے میں ہمیشہ سرگرم رہے فقال وقل اعملوا الخ کہ تم اعمال کئے جاؤ آئندہ جو کچھ اسلام میں کوشش کروگے وہ اللہ تعالےٰ اور اُس کے رسولؐ اور ایمانداروں کو آپ معلوم ہوجائے گی۔ اور بعد مرنے کے اللہ تعالےٰ کے پاس جاؤ گے جو چھپی اور کھلی سب باتیں جانتا ہے تمہارا دلی خلوص، یا ظاہری اصلی عذر یا بناوٹ سب وہ تم کو بتلادے گا اُس سے کوئی بات مخفی نہیں۔

جہاد سے بیٹھ رہنے والوں کی تین قسم بیان فرمائیں۔ اوّل وہ منافق کہ جو مردود اعلے النفاق۔ دوم وہ جو توبہ کرگئے جن کو اس قول میں بیان فرمایا وآخرون اعترفوا بذنوبہم اور اُن کی توبہ قبول ہوئی۔ سوم وہ جو حالتِ توقف میں تھے جن کا اس آیت میں ذکر ہے وآخرون مرجون لامر اللہ ان کو حکم الٰہی کے انتظار میں رکھا گیا ہے کہ جیسا چاہے اُن کے حق میں حکم دے معاف کرے توبہ نصیب کرے یا عذاب دے۔ یہ وہ تین شخص ہیں کہ جن کا قصہ آگے آتا ہے کعب بن مالک و ہلال بن امیہ و مرارہ بن ربیع انھوں نے تو یہ میں مبالغہ نہیں کیا نہ عذر کیا جیسا کہ ابولبابہ اور اُس کے ساتھیوں نے کیا تھا۔ منافقین بجائے اعانتِ اسلام اُس کے مٹانے اور کسرِ شان میں بھی کوشش کرتے تھے منجملہ اُن باتوں کے جو وہ کرتے تھے ایک یہ بھی والذین اتخذوا مسجدا ضرارا الخ کہ اسلام اور مسجدِ تقویٰ کو ضرر اور مسلمانوں میں پھوٹ ڈالنے کے لئے کچھ اس میں بھی آنے لگیں گے اور خدا تعالےٰ کے دشمن ابوعامر راہب کے انتظار اور ٹھہرنے کے لئے ایک مسجدِ جدید بنائی تھی۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ ایامِ جاہلیت میں ایک شخص ابوعامر تھا اُس نے رومن کیتھولک عیسائیوں سے کچھ کتبِ قدیمہ توریت و انجیل پڑھ لی تھیں اور اُن کے مذہبِ باطل کے اوہام اور

مسجد ضرار کا بیان

لہ یہ قبا میں ایک پہلی مسجد تھی جو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری پر بنی تھی جس کو مسجد قوت الاسلام کہتے ہیں ۱۲ منہ

خیالاتِ خام اس کے دل پر نقشِ حجر ہوگئے تھے جس پر اُس کو عرب میں پیشوا بننے کا خبط سمایا تھا مگر جب نبیٔ آخر الزماں علیہ الصلوٰۃ والسلام مبعوث ہوئے تو پھر آفتابِ جہاں تاب کے مقابلہ میں ذرّہ کو کیا رتبہ؟ اس لئے رشک وحسد میں آکر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا مقابلہ کیا حالانکہ اُس کا بیٹا ابوحنظلہؓ اسلام میں وہ برگزیدہ تھا کہ جس کو ملائکہ نے غسل دیا تھا اُحد کی جنگ میں بھی ابوعامر نے یہ کہا تھا کہ جو قوم تیرے مقابلہ کے لائق ہے محمدؐ میں پاؤں گا اُن کے ساتھ ہوکر تجھ سے لڑوں گا۔ چنانچہ عرب کے قبائل کو اُبھارتا رہا۔ آخر جب قبیلہ ہوازن نے بھی اسلام سے شکست پائی تو اب یہ عرب سے ناامید ہوگیا اور شام کی طرف نکل گیا وہاں بھی کچھ منصوبے باندھتا رہا۔ وہیں سے اس نے مدینہ طیبہ کے منافقوں سے کہلا بھیجا کہ تم قوت اور ہتھیار بہم پہنچا رکھو اور ایک مسجد بھی بنا رکھو کہ میں قیصرِ روم کے ہاں سے ایک لشکر لاتا ہوں کہ جس سے محمد (صلے اللہ علیہ وسلم) اور اُس کے یاروں کو شکست دے کر مدینہ طیبہ سے نکال دوں گا۔ مدینہ طیبہ کے منافقوں میں سے بارہ کم عقلوں نے ایک مسجد انھیں اغراض فاسدہ سے بنائی جس کو اسلام میں مسجدِ ضرار کہتے ہیں یہ مسجد بمقابلہ اس مسجد کے بنائی تھی جو تقویٰ اور دینداری پر بنائی گئی تھی جس کو مسجدِ قوتِ اسلام کہتے تھے اس[1] تعمیر سے یہ لوگ ان دنوں میں فارغ ہوتے تھے کہ جب آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم جنگِ تبوک کے لئے سفر کرنے کی تیاری کرچکے تھے آخر خواستگار ہوئے کہ بطورِ تبرک آپؐ بھی ایک روز وہاں چل کر نماز پڑھا دیجئے۔ آپؐ نے فرمایا میں برسرِ سفر ہوں انشاء اللہ واپس آکر۔ پس جب واپس آئے تو اُن لوگوں نے آکر پھر درخواست کی۔ اتنے میں یہ آیتیں نازل ہوئیں جن میں مسجدِ ضرار کی برائی بیان ہوئی اور اُن کے راز سے آگاہی دی گئی جس پر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے مالک بن دخشم و معن بن عدی و عامر بن سکن وغیرہ کو

Marfat.com

فرمایا کہ جاکر اُس کو ڈھادو۔ چنانچہ اُنھوں نے اس کو جلادیا اور کوڑی بنادیا۔ لیکن وہ غضب الٰہی کے شعلہ اُس میں سے دِنوں تک نکلتے رہے۔ اب بھی قبا میں مسجد ضرار کی جگہ پر کوڑا کرکٹ پڑا رہا کرتا ہے۔ لمن حارب اللہ سے ابوعامر کی طرف اشارہ ہے۔

فرماتا ہے کہ یہ مسجد اُنھوں نے بنا تو ان وجوہ فاسدہ سے کی ہے مگر چونکہ جھوٹ کے عادی ہیں قسمیں کھانے لگیں گے کہ ہماری غرض تو اس سے یہ تھی کہ مینھ بوندی میں اور سردی گرمی میں آسانی ہو جہاں کے ٹھیرنے کی جگہ ہوجاوے۔ فرماتا ہے کہ اللہ تعالےٰ گواہی دیتا ہے کہ یہ جھوٹے ہیں اے نبی ؐ! آپ اس میں جاکر کھڑے بھی نہ ہوجئے جو مسجد کہ اوّل روز سے خدا ترسی پر بنائی گئی تمھارا کھڑا ہونا اس میں مناسب ہے۔ اُس مسجد کو کہ اوّل روز تقوٰی سے بنائی گئی بعض مسجد قبا قرار دیتے ہیں جہاں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم ہفتہ میں ایک بار تشریف لے جایا کرتے تھے جیسا کہ صحیح بخاری میں ہے اور اکثر علماء اس کو مسجد نبوی ؐ قرار دیتے ہیں جیسا کہ حدیث صحیح مسلم میں آیا ہے۔ اس مسجد کی مدح دو سبب سے ہے ایک یہ کہ تقوٰے سے بنائی گئی دوم یہ کہ اس میں ایسے لوگ، فیہ رجال یحبون ان یتطہروا، رہتے ہیں جو پاک رہنے کو پسند کرتے ہیں۔ بعض کہتے ہیں کہ عقائد فاسدہ اور اعمال سیئہ سے پاکی مراد ہے جو طہارت ظاہری کو بھی شامل ہے یعنی پاخانہ میں ڈھیلا لینے کے بعد پانی سے استنجا بھی کرتے ہیں جیسا کہ بعض آثار سے ثابت ہے۔ اس کے بعد ان دونوں مسجدوں کا موازنہ کرکے یہ ثابت کرتا ہے کہ کجا یہ اور کہاں وہ کہ جس کی بنیاد جہنم کے کنارہ پر ہو اور اس میں گر پڑنے کے قریب ہو دونوں برابر ہوسکتی ہیں؟ جہنم کے کنارہ پر بنائے جانے سے مراد نفاق اور بدنیتی سے بنایا جانا ہے۔ بعض کہتے ہیں اس میں استعارہ تبعیہ ہے تقوٰی اور رضوان کو دل میں بنیاد سے تشبیہ دی ہے اور پھر بنیاد کی تاسیس کا ذکر تخییل ہے یا یہ ایک تمثیل ہے اس بات کی کہ ایک نے تو اپنے دینی محل کو تقوٰی اور نیک اعمال اور اخلاص پر قائم کیا اور مستحکم بنیادوں پر اس محل کو چُنا اور دوسرے نے اس کو ریاکاری و کفر کے ریتلے کنارے پر قائم کیا جو گرنے کو ہو اور پھر لے کر دھم سے گر بھی گیا ہو جہنم کے عمیق گڑھے میں ڈال دیا ہو کیا دونوں برابر ہوسکتے ہیں؟ ہرگز نہیں۔

إِنَّ اللَّهَ اشْتَرَىٰ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ
بے شک اللہ تعالےٰ نے تو ایمانداروں کی جان اور مال کو
أَنفُسَهُمْ وَأَمْوَالَهُم بِأَنَّ لَهُمُ
جنت کے عوض میں خرید چکا ہے
الْجَنَّةَ ۚ يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ
کہ وہ اللہ تعالےٰ کی راہ میں لڑتے رہیں
فَيَقْتُلُونَ وَيُقْتَلُونَ ۖ وَعْدًا عَلَيْهِ
پس ماریں اور مارے جائیں۔ اس نے اپنے اوپر سچا
حَقًّا فِي التَّوْرَاةِ وَالْإِنجِيلِ وَالْقُرْآنِ ۚ
وعدہ قائم کر لیا ہے جو توراۃ اور انجیل اور قرآن میں لہ لکھا گیا ہے۔
وَمَنْ أَوْفَىٰ بِعَهْدِهِ مِنَ اللَّهِ
اور اللہ تعالیٰ سے زیادہ کون اپنے عہد کا پورا کرنے والا ہے
فَاسْتَبْشِرُوا بِبَيْعِكُمُ الَّذِي بَايَعْتُم
سو اس سودے پر جو تم نے کیا ہے خوشیاں
بِهِ ۚ وَذَٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ﴿١١١﴾
مناؤ۔ اور یہ بڑی کامیابی ہے۔

لہ توریت موجودہ کے بھی متعدد مقامات سے اللہ تعالےٰ کی فرمانبرداری کرنے پر اور مال وجان سے اُس کو عزیز رکھنے پر جس کو ان اللہ اشترٰی الخ سے تعبیر کیا ہے یہودی اور فلاح کے وعدے نکلتے ہیں جن کو اس اُمّت کے لئے جنت کے ساتھ تعبیر کیا ہے چنانچہ سفر استثناء کے ۲۸ باب میں ۱۴ ورس تک یہی بیان ہے اور ۳۲ باب ۶ ورس میں ان اللہ اشترٰی کا بعینہٖ مضمون موجود ہے انجیل متی کے ۵ باب ۲۹ ورس میں اس کی عوض پانی کا وعدہ ہے اور دیگر مقامات میں بھی ۱۲

Marfat.com

التَّآئِبُوْنَ الْعٰبِدُوْنَ الْحٰمِدُوْنَ السَّآئِحُوْنَ
(یہ وہ ہیں جو) توبہ کرنے والے عبادت کرنے والے شکر کرنے والے خدا تعالیٰ کی راہ میں سفر کرنے والے

الرّٰكِعُوْنَ السّٰجِدُوْنَ الْاٰمِرُوْنَ
رکوع کرنے والے سجدہ کرنے والے اچھی باتوں کے سکھانے

بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّاهُوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ
والے اور بری باتوں سے روکنے والے

وَالْحٰفِظُوْنَ لِحُدُوْدِ اللّٰهِ ؕ وَبَشِّرِ
اور احکام الٰہی کا لحاظ رکھنے والے ہیں۔ اور آپ ایمانداروں کو

الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۲﴾ مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِيْنَ
خوشخبری سنا دیں۔ نبی ﷺ اور ایمانداروں کو زیبا نہیں

اٰمَنُوْٓا اَنْ يَّسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِيْنَ وَلَوْ
کہ مشرکوں کے لئے بخشش کی دعائیں مانگا کریں گو وہ ان کے

كَانُوْٓا اُولِيْ قُرْبٰى مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ
قرابت دار ہی کیوں نہ ہوں، جب کہ ان کو معلوم ہو چکا ہو کہ وہ

لَهُمْ اَنَّهُمْ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿۱۱۳﴾ وَمَا
دوزخی ہیں۔ اور ابراہیم ؑ

كَانَ اسْتِغْفَارُ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ اِلَّا
کا اپنے باپ کے لئے بخشش مانگنا صرف ایک وعدہ سے تھا جو

عَنْ مَّوْعِدَةٍ وَّعَدَهَآ اِيَّاهُ ۚ فَلَمَّا
اس نے اس سے کر لیا تھا۔ پھر جب کہ اس کو

تَبَيَّنَ لَهٗٓ اَنَّهٗ عَدُوٌّ لِّلّٰهِ تَبَرَّاَ مِنْهُ ؕ
یہ معلوم ہو گیا کہ وہ خدا تعالیٰ کا دشمن ہے تو اس سے بیزار ہو گئے۔

اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَاَوَّاهٌ حَلِيْمٌ ﴿۱۱۴﴾
کیونکہ ابراہیم ؑ بڑے نرم دل (اور) بردبار تھے۔

ترکیب

بانّ الباء ہنا للمقابلۃ وعدًا مصدر لے وعدہم بذالک وعدًا حقًا اس کی صفت فی التورٰۃ الخ ثابت کے متعلق ہو کر صفت ثالث التائبون خبر ہے مبتدا محذوف کی لے

وہم التائبون ویجوزان یکون مبتدا والخبر الآمرون وما بعدہٗ وہو ضعیف۔

تفسیر

جب کہ جہاد سے کنارہ کشی کرنے کی وجہ سے منافقین کے قبائح اور فضائح اور اُن کے اقسام اور ہر قسم کی لائق سزا دُنیا و آخرت میں واقع ہونے والی بیان فرما چکا تو فضائل جہاد اور اُس کی حقیقت کی طرف پھر رجوع کرتا ہے پس فرماتا ہے ان اللہ اشتری الخ محمد بن کعب قرظی کہتے ہیں کہ مکہ مکرمہ میں لیلۃ العقبہ میں ستر انصار نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے بیعت کی تب عبداللہ بن رواحہ نے عرض کیا کہ اپنے لئے اور اللہ تعالیٰ کے لئے یا رسول اللہ جو چاہے ہم سے شرط کر لیجئے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے لئے یہ کہ اُسی کی عبادت کرو کسی کو اُس کا شریک نہ بناؤ اور میرے لئے یہ کہ جس چیز سے اپنے نفس اور مال کو محفوظ رکھو اُس سے مجھے بھی۔ لوگوں نے کہا جب ہم نے ایسا کیا تو کیا ملے گا؟ فرمایا جنت۔ لوگوں نے عرض کیا بہت فائدہ مند بیع ہے ہم اس کو ہرگز واپس نہ کریں گے۔ تب یہ آیت نازل ہوئی (معالم) اس آیت میں فرماتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جنت کے عوض میں ایمانداروں کی جان اور مال کو خرید لیا بائع روح و مشتری اللہ تعالیٰ مبیعہ جسم و مال قیمت جنت۔ پھر فرماتا ہے کہ خریدنے سے ہمارا کیا مطلب ہے یہ کہ تم جان و مال سے اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرو یہاں تک کہ مار دیا مر جاؤ۔ یعنی یہ جان و مال گو اللہ تعالیٰ ہی کا عطیہ ہے مگر اس کو اللہ تعالیٰ کی راہ میں صرف کرو اس کے بدلہ میں تم کو حیات جاودانی اور سعادت روحانی ملے گی۔ اس بات کو خرید و فروخت کے پیرایہ میں ادا کیا تاکہ یہ معلوم ہو کہ جنت کا طالب ہو کر جان و مال کو اپنا نہ سمجھے بلکہ اس کو بیچ چکے، مالک جہاں اس کے صرف کرنے کا حکم دے دریغ نہ کرے حقیقت میں کیا ارزاں سودا ہے کجا یہ مال و جسم فانی کہاں وہ حیات

Marfat.com

إِذْ هَدٰىهُمْ حَتّٰى يُبَيِّنَ لَهُمْ مَّا يَتَّقُوْنَ ۝
جب تک کہ اُن کو وہ باتیں بتلادے کہ جن سے وہ بچتے رہیں۔

إِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝١١٥
بے شک اللہ تعالےٰ کو ہر چیز معلوم ہے۔

إِنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ
اللہ تعالےٰ ہی کے لئے آسمانوں اور زمین کی بادشاہت ہے۔

يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۭ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ
(وہی) زندہ کرتا اور مارتا ہے۔ اور اللہ تعالےٰ کے سوا نہ کوئی تمھارا

اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ۝١١٦ لَقَدْ
حمایتی ہے اور نہ مددگار۔ البتہ

تَّابَ اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ وَالْمُهٰجِرِيْنَ
اللہ تعالےٰ نے نبیؐ اور جہاجرین اور انصار پر بڑا

وَالْأَنْصَارِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ فِيْ سَاعَةِ
فضل کیا جنھوں نے تنگ دستی کے وقت نبیؐ کا ساتھ

الْعُسْرَةِ مِنْ بَعْدِ مَا كَادَ يَزِيْغُ قُلُوْبُ
دیا بعد اس کے کہ ان میں سے ایک گروہ کے دل ڈگمگا ہی

فَرِيْقٍ مِّنْهُمْ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ ۭ إِنَّهٗ
چلے تھے پھر اس نے ان پر بھی رحم کیا (کہ ان کو سنبھال لیا)

بِهِمْ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝١١٧ وَّعَلَى الثَّلٰثَةِ
کیونکہ وہ ان پر نہایت نرم بہت مہربان ہے۔ اور ان تینوں پر بھی (مہربانی

الَّذِيْنَ خُلِّفُوْا ۭ حَتّٰى إِذَا ضَاقَتْ
کی) کہ جو پیچھے رہ گئے تھے۔ یہاں تک کہ باوجود فراخی کے ان پر

عَلَيْهِمُ الْأَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ وَضَاقَتْ
زمین تنگ ہو گئی تھی اور وہ اپنی جان سے بھی

عَلَيْهِمْ أَنْفُسُهُمْ وَظَنُّوْٓا أَنْ لَّا مَلْجَأَ
تنگ آ گئے تھے اور سمجھ گئے تھے کہ اس کے قہر سے

مِنَ اللّٰهِ إِلَّآ إِلَيْهِ ۭ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ
اُس کے سوا اور کہیں پناہ نہیں۔ پھر ان پر بھی رحمت کی (کہ ان کو توفیق دی)

جاودانی کہاں یہ دُنیا کا مال کہاں اُس کا جمالِ باکمال ؎
قیمتِ خود ہر دو عالم گفتہ + نرخ بالا کن کہ ارزانی ہنوز

پھر آگے اُن لوگوں کی تو صفت بیان فرماتا ہے جو اخلاقِ حمیدہ اور تنویرِ رُوح اور تمدّن اور باہمی اصلاح کا عطر ہیں۔

(۱) التائبون الآیۃ یعنے ہر قسم کی بُرائی سے جو بشریت سے صادر ہو گئی توبہ کرتے ہیں نہ کہ اس پر اَڑتے ہیں۔ (۲) عابدون اللہ تعالےٰ کی عبادت کرنے والے (۳) الحامدون خدا تعالےٰ کی ہر حال میں حمد کرتے ہیں جو کچھ اُس نے عنایت کیا ہے اُسی حالت میں اُس سے خوش ہیں۔ (۴) السائحون روزہ رکھنے والے کیونکہ روزہ میں جب انسان خواہشوں کے دروازے بند کر لیتا ہے تو اُس پر معارف کے دروازے کھل جاتے ہیں پھر وہ اس میں عالمِ جلال کی سیر کرتا ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ اس سے مراد خدا تعالےٰ کے لئے سفر کرنے والے ہیں طلبِ علم یا جہاد کے لئے یا ہجرت کے لئے من السیاحۃ۔ (۵-۶) رکوع اور سجدہ کرنے والے یعنی نماز پڑھنے والے تخصیص بعد التعمیم۔ (۷-۸) اس سے اپنی تکمیل پر بس نہ کرنے والے بلکہ اوروں کو بھی اس میں شریک کرنے والے یعنی بھلی باتوں کا حکم دینے والے بُری باتوں سے منع کرنے والے۔ (۹) الحافظون لحدود اللہ ہر امر میں احکامِ الٰہی کی رعایت رکھنے والے اس میں ہزاروں باتیں آگئیں۔ جہاد میں چونکہ مخالفین یگانہ لوگ تھے اُن سے لڑنا شاق تھا اس لئے اوّل اُن سے بیزاری ظاہر کر کے یہاں اُن کے لئے استغفار سے بھی منع کرتا ہے اور حضرت ابراہیمؑ نے جو اپنے باپ کے لئے استغفار کی تھی اس کی وجہ بیان فرماتا ہے کہ وہ ایک وعدہ کا پورا کرنا تھا جو اُس نے اپنے باپ سے کر لیا تھا مگر جب معلوم ہوا کہ کفر پر مُرا تو علیحدگی اختیار کی۔ خدا تعالےٰ کے سپاہی کو اپنے بیگانہ سے کچھ مطلب نہیں حکم کی تعمیل کرتے ہیں۔

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِلَّ قَوْمًۢا بَعْدَ
اور خدا تعالیٰ کا کام نہیں کہ کسی قوم کو ہدایت دینے بعد گمراہ کر دے

Marfat.com

لِيَتُوبُوا ۚ إِنَّ اللَّهَ هُوَ التَّوَّابُ

کہ توبہ کریں۔ بے شک اللہ تعالےٰ ہی بڑا توبہ قبول کرنے والا

الرَّحِيمُ ﴿۱۱۸﴾

مہربان ہے۔

ترکیب

ماکاد کا فاعل ضمیر شان والجملۃ بعدہ فی موضع نصب۔ وعلی الثلثۃ معطوف ہے النبی پر لے تاب علی النبیؐ وعلی الثلثۃ الذین الخ بمارحبت لے مع رحبہا۔ من اللہ خبر ہے لا کی لہٰذا اسم تھا الا الیہ استثناء ہے مثل لا الٰہ الا اللہ کے۔

تفسیر

اس سے پہلی آیت میں جو مشرکین کے لئے استغفار کی ممانعت تھی اور یہ کہا تھا کہ نبیؐ اور مسلمانوں کی یہ شان نہیں حالانکہ اس سے پہلے بہت لوگ اپنے اقارب مشرکین کے لئے جو مرگئے تھے استغفار کیا کرتے تھے اور بہت سے لوگ جو استغفار کرتے تھے اس ممانعت سے پیشتر مرچکے تھے اور جو زندہ تھے ان کو اپنے فعل پر سخت ندامت اور خوف تھا کہ ہم گمراہ ہوگئے۔ اس کے جواب میں تسلّی کے لئے فرماتا ہے وما کان اللہ لیضل الخ کہ اللہ تعالےٰ کی یہ شان نہیں کہ وہ کسی قوم کو ہدایت کرکے بغیر اُن باتوں کے بیان کئے کہ جن سے اُن کو بچنا چاہیئے گمراہ کردے یعنی چونکہ تم کو استغفار کی ممانعت بتلائی نہیں گئی تھی اگر اس سے پہلے تم نے اُن کے لئے استغفار کی تو اس سے تم گمراہ اور گناہ گار نہیں ہوئے اور ممنوعات کا بیان کرنا اُس کا کام ہے کیونکہ وہ ہر شے سے واقف ہے۔ مگر اس کے بعد اہل اسلام کے دل میں یہ کھٹکا تھا کہ اللہ تعالےٰ نے کفار عزیز واقارب بلکہ جمیع کفار کی دوستی سے منع کردیا اور سب سے لڑنے کا حکم دیا اور ہماری قدرت وطاقت معلوم ہے پھر اُن کی معاونت بغیر کیا ہوگا، اس کے دُور کرنے کو فرماتا ہے، اللہ تعالےٰ کے لئے آسمانوں اور زمین کی بادشاہت ہے وہی مارتا زندہ کرتا ہے، وہ قادرِ مطلق تم کو بس کرتا ہے اُسی کی اعانت تمھیں کافی ہے، اُس کے سوا تمھارا کوئی حمایتی مددگار نہیں، نہ اُن کی تمھیں کچھ حاجت ہے۔ اور نیز یہ جملہ انّ اللہ لہٗ ملک السمٰوٰت اُس کے ہر شے کے عالم ہونے کی دلیل بھی ہے کیونکہ جو ایسا قادر ہے وہ عالم بھی ہے بغیر علم کے یہ قدرت کاملہ ہو نہیں سکتی۔ اور نیز اس میں یہ بھی اشارہ ہے کہ سب ملک اُسی کے ہیں جس سے چاہے لے کر کسی اور کو دیدے۔ چنانچہ اُس نے صحابہؓ کو سلطنتیں دیں مخالفوں کو زیر کردیا۔

چونکہ مہاجرین وانصار نے اس جنگ میں نہایت شدت کی گرمی اور گرسنگی اُٹھائی اور طرح طرح کی تکالیف پائی تھیں تو ایسی حالت میں انسان کا مقتضائے طبعی ہے کہ اُس کے دل میں کچھ وسواس فاسدہ گزریں گو یہ کوئی گناہ نہیں مگر ایسے مقرّبین کے دل میں بے ساختہ ایسے خیالات کا گزرنا بھی عالم محبّت میں قابلِ گرفت ہے۔

جیسا کہ خود ہی اُن خیالات کی طرف اشارہ کرتا ہے من بعد ما کاد یزیغ قلوب فریق منھم کہ قریب تھا کہ اس شدّت کے وقت میں ایک فریق مومنین کا دل پھر جاوے واپسی اور پیچھے رہ جانے کا قصد کریں۔ اور نیز یوں بھی بشریت سے انسان کچھ کر گزرتا ہے لیکن اُن کا یہ کام کہ انھوں نے ایسے تنگ اور شدّت کے وقت رسولؐ کا ساتھ نہ چھوڑا اور آسمانی لشکر سے تخلّف نہ کیا نہایت قابل قدر ہے اللہ تعالےٰ کے نزدیک ہو اس کے انعام میں اُن کے لئے لقد تاب اللہ علی النبی والمہاجرین الخ ارشاد ہوا کہ خدا تعالےٰ نے ان کو خلعتِ معافی عطا فرمایا۔ چونکہ خدا تعالےٰ کی معافی اور رحمت کا واسطہ آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام تھے اس لئے اس میں سب سے اوّل آپؐ کو بھی شریک کرلیا اور ثم تاب علیہم

Marfat.com

کے لفظ کو پھر تاکید کے لئے اعادہ فرمایا جس طرح خوشی میں بادشاہ اپنے نوکر وفادار سے کہتا ہے ہم نے تم کو یہ چیز دی، اچھا دی۔

اس جنگ میں تین شخص سچے مسلمان محض آرام طلبی کی وجہ سے شریک نہ ہوتے تھے جن کی نسبت پہلے آیا تھا وَآخَرُونَ مُرْجَوْنَ لِاَمْرِ اللّٰہِ اب یہاں اس فیض رحمت کے طفیل میں ان پر بھی رحمت کرتا اور اُن کی توبہ قبول فرماتا ہے فقال وعلی الثلاثۃ۔ الَّذِیْنَ۔

اب ہم اُن تینوں صاحبوں کا قصہ صحیح بخاری سے بیان کرتے ہیں کہ جس سے ان پر زمین فراخ کا تنگ ہونا اور جان کا تنگ آجانا اور خدا تعالےٰ کے سوا کوئی ٹھکانا نظر نہ آنا معلوم ہو جاوے۔ یہ تو آپ کو پیشتر ہی معلوم ہو چکا ہے کہ یہ تین صحابی کعب بن مالک شاعر، مرارۃ بن الربیع، ہلال بن اُمیہ انصاری تھے۔ بخاری کعب رضؓ سے نقل کرتے ہیں کہ میں بجز موقع بدر کے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سے کبھی پیچھے نہیں رہا تھا اور میں لیلۃ العقبۃ میں شریک تھا۔ اس سال میرے پاس دو سواریاں بھی تھیں جو کبھی نہ ہوئی تھیں اور فراخ دست بھی تھا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اس غزوۂ تبوک کی تیاری کر دی اور لوگوں کو اعلان کر دیا مگر موسم وہ تھا کہ جس میں سایہ اور پھل اچھے معلوم ہوتے تھے لوگ تیاری کرتے تھے میں یہ کہتا تھا کہ کرلوں گا یہاں تک کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم اور سب لوگ چل دیئے مگر میں یہ خیال کرتا تھا کہ جا لے دو، دو روز بعد بھی جا کر اُن سے مل جاؤں گا۔ الغرض اسی شش و پنج میں رہ گیا۔ بعد آپ کے جب کہ میں مدینہ طیبہ میں دیکھتا تھا کہ یا تو منافق نہیں گئے یا صاحب عذر، تو میں اپنے دل میں نہایت غمگین ہوتا تھا یہاں تک کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم تبوک میں پہنچ گئے وہاں آپ نے لوگوں کے روبرو مجھے یاد فرمایا تو بنی سلمہ میں سے ایک نے کہا یا رسول اللہ! وہ اپنے عیش و آرام کی وجہ سے نہیں آیا۔ معاذ بن جبل رضؓ نے کہا تو نے بُرا کہا وہ شخص نیک ہے بس جب مجھ کو یہ خبر ملی کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم بہت ہی قریب آگئے تب مجھ کو فکر ہوئی کہ کیا حیلہ کروں جس سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی ناراضگی دُور ہو۔ سب سے مشورہ کرتا پھرا مگر دل میں قصد کیا کہ جھوٹ تو ہرگز نہ بولوں گا پس جب آپ تشریف لائے اور حسب عادت مسجد میں دو رکعت پڑھ کر صبح کو بیٹھے تو جو لوگ پیچھے رہ گئے تھے وہ اسّی کے قریب تھے آتے اور عذر کرنے لگے۔ آپ اُن کے ظاہر قول پر اعتبار کرتے جاتے اور اُن سے بیعت لیتے جاتے اور اُن کے لئے معافی مانگتے تھے اور اُن کے باطن کو اللہ تعالےٰ کے سپرد کرتے تھے اس میں میں بھی آیا اور میں نے سلام کیا، آپ نے غضب آلود تبسم سے فرمایا کہ آیئے۔ میں آکر آپ کے سامنے بیٹھ گیا۔ پوچھا کہ تم کس لئے نہیں گئے تھے؟ میں نے کہا کہ سچ ہی سے نجات ہے آپ کے سامنے جھوٹ نہیں بولنے کا، مجھے کوئی عذر نہ تھا۔ آپ نے فرمایا چلو اُٹھو تمہارے حق میں اب جو کچھ اللہ تعالےٰ فیصلہ کر دے۔ آپ نے فرمایا کہ اس نے سچ کہا۔ اور اسی طرح اُن دونوں کے لئے ہوا۔ لوگوں کو ہم سے کلام سلام سے منع کر دیا۔ وہ دونوں تو اپنے گھر میں بیٹھ گئے مگر میں نماز جماعت میں آکر شریک ہوتا اور آپ کو سلام کرتا اور دیکھتا تھا کہ جواب میں آپ کے لب مبارک بھی ہلتے ہیں؟ جب میں آپ کی طرف دیکھتا تو آنکھ چُرا جاتے اور جب میری آنکھ پھرتی تو گوشۂ چشم سے مجھے دیکھتے۔ کوئی شخص ہم سے بات یا سلام نہ کرتا تھا اسی عرصہ میں میں اپنے چچازاد بھائی ابو قتادہ رضؓ کے باغ میں گیا اُس سے بہت کچھ ترحم آمیز کلمات سے کلام کیا، مگر اُس نے جواب نہ دیا۔ تب تو ہم پر باوجود فراخی کے زمین تنگ ہو گئی۔ اس عرصہ میں پچاس راتیں گزر گئیں۔ پچاسویں رات کی صبح کو میں اپنے کوٹھے کی چھت پر تھا کہ کسی نے سلع پہاڑ سے پکار کر آواز دی کہ اے کعب رضؓ! بشارت ہو اور اسی طرح اُن کی طرف بھی لوگ دوڑے ہوئے بشارت دینے آئے، میرے پاس

Marfat.com

بھی ایک سوار آیا اور جس کی میں نے آواز پہلے سُنی تھی اُس کو اپنے کپڑے اُتار کر دیکھے۔ اُس روز کی خوشی کا کچھ بیان نہیں پھر میں مسجد میں گیا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس لوگ بیٹھے تھے وہ مجھے مبارک باد دینے لگے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو میں نے سلام کیا اور آپؐ کا خوشی میں چاند کی طرح منہ چمکتا تھا فرمایا کہ آج تجھے ایسی خوشی کا مژدہ ہو کہ جب سے پیدا ہوا ہے کبھی نہیں ہوئی ہوگی۔ پھر میں نے عرض کیا کہ میں اپنی توبہ میں اپنا تمام مالِ للہ دیتا ہوں۔ آپؐ نے فرمایا کہ کچھ رکھ بھی لے۔ انتہٰی ملخصاً مع تقدیم وتاخیر ما بینا سب ؛

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا

ایمان والو! اللہ تعالےٰ سے ڈرو اور سچے

مَعَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ مَا كَانَ لِاَهْلِ

ہو کر رہو۔ اہل مدینہ

الْمَدِيْنَةِ وَمَنْ حَوْلَهُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ

اور ان کے آس پاس کے بدّوؤں کو لائق نہ

اَنْ يَّتَخَلَّفُوْا عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ وَلَا

تھا کہ رسول اللہ (صلے اللہ علیہ وسلم) سے پیچھے رہ جاویں اور نہ

يَرْغَبُوْا بِاَنْفُسِهِمْ عَنْ نَّفْسِهٖ ؕ ذٰلِكَ

یہ کہ اپنی جان کو اس کی جان سے عزیز سمجھیں۔ یہ اس لئے کہ

بِاَنَّهُمْ لَا يُصِيْبُهُمْ ظَمَاٌ وَّلَا نَصَبٌ

ان کے لئے ہر پیاس اور ہر تکلیف اور بھوک ہیں

وَّلَا مَخْمَصَةٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا

جو اللہ تعالےٰ کی راہ میں ان کو پہنچتی ہے اور جن مقامات پر

يَطَـُٔوْنَ مَوْطِئًا يَّغِيْظُ الْكُفَّارَ وَلَا يَنَالُوْنَ

ان کا پھرنا کفار کو ناگوار گزرتا ہے اور جو کچھ دشمنوں سے وہ چھینیں

ع ۱۵

لہ یعنی پیچھے رہ جانا اس لئے نامناسب ہے کہ جہاد میں یہ کچھ فضائل ہیں کہ بھوک پیاس سفر کی ماندگی اور دشمن پر فتحیابی ہر حال میں ان کے لئے اجر اور یہ کام نیک ہے سعادت کے دفتر میں لکھا جاتا ہے پھر ایسے کام سے تخلف نازیبا نہیں تو اور کیا ہے ۱۲ ۲ برے کاموں سے ۱۲ منہ

مِنْ عَدُوٍّ نَّيْلًا اِلَّا كُتِبَ لَهُمْ بِهٖ

جھپٹ لیتے ہیں (ہر حال میں) ان کے لئے نیک عمل

عَمَلٌ صَالِحٌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ

لکھا جاتا ہے لہ۔ بے شک اللہ تعالےٰ نیکوں کا اجر ضائع

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۲۰﴾ وَلَا يُنْفِقُوْنَ نَفَقَةً

نہیں کرتا۔ اور جو کچھ بھی وہ صرف کرتے ہیں

صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً وَّلَا يَقْطَعُوْنَ

تھوڑا یا بہت اور جو میدان وہ طے

وَادِيًا اِلَّا كُتِبَ لَهُمْ لِيَجْزِيَهُمُ

کرتے ہیں سب (کا اجر) ان کے نام لکھا جاتا ہے تاکہ اللہ تعالےٰ

اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۱﴾

ان کے کام کا بہتر سے بہتر بدلہ عطا کرے۔

وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُوْنَ لِيَنْفِرُوْا كَآفَّةً

اور مسلمانوں کو یہ بھی مناسب نہیں کہ سب کے سب نکل کھڑے ہوا کریں

فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ

یوں کیوں نہیں کیا کہ ان کی ہر جماعت میں سے کچھ کچھ نکلتے

طَآئِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوْا فِي الدِّيْنِ وَ

تاکہ دین میں سمجھ پیدا کرتے اور

لِيُنْذِرُوْا قَوْمَهُمْ اِذَا رَجَعُوْٓا اِلَيْهِمْ

واپس جا کر اپنی قوم کو ڈراتے

لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُوْنَ ﴿۱۲۲﴾ ع

شاید وہ بھی بچتے رہیں۔

ترکیب

ان یتخلّفوا اسمِ کان لاہل المدینۃ خبر ذالک مبتدا باانہم جرظما فاعل لایصیب ولانصب اس پر معطوف ولایطئون لایصیبہم پر معطوف الا استثناء من کلّ واحدلے فی کل منہا کتب لہم عمل صالح فلولا ہلّا طائفۃ فاعلِ نفر۔

Marfat.com

تفسیر

اُن لوگوں کی توبہ قبول کرکے جو اُن کو صدق یعنی سچائی کی وجہ سے نصیب ہوئی تھی آیندہ اُور لوگوں کے لئے اللہ تعالےٰ سے ڈرنے اور صدق اختیار کرنے کا حکم دیتا ہے فقال اتقوا اللہ وکونوا مع الصادقین۔ صادقوں کے جو کچھ فضائل آتے ہیں بیان سے باہر ہیں۔ جب آدمی اپنے اللہ تعالےٰ سے سچا رہتا ہے تو دین و دنیا کی برکات نصیب ہوتی ہیں چونکہ صدق بھی نبوت کا ایک جزو اعظم ہے اس لئے صدیق کا مرتبہ نبی کے بعد ہے اور چونکہ صدق کا حاصل ہونا بغیر استقلال ان حوادثِ جانکاہ کے (کہ جو صادق اور کاذب کے لئے کسوٹی ہیں یعنی مُرشدِ کامل سرورِ کائنات کا ہر امر میں ساتھ دینا) ممکن نہ تھا اس لئے اس کے بعد مدینہ طیبہ کے آس پاس والوں اور خاص مدینہ والوں کو جو اُس وقت میں وہی اُس فیضِ تعلّم اور صحبتِ ہادیٔ برحق سے سرفراز تھے یہ فرماتا ہے ماکان لاہل المدینۃ الخ کہ مدینہ والوں اور اُس کے آس پاس کے اعراب کو کسی واقعہ میں رسولؐ سے پیچھے رہ جانا سزاوار نہیں اور نہ یہ بات کہ وہ اپنے نفس کو رسولؐ کے نفس سے عزیز سمجھیں یعنی جس مشقّت یا تکلیف کے کام کو رسولؐ کرے وہ وہاں آپ آرام طلبی اختیار کرکے بیٹھ رہیں کس لئے کہ اس کام میں جو کوئی تکلیف اُن کو پہنچے گی وہ اُن کے لئے ثواب اور اجرِ آخرت کا باعث ہوگی ذالک بانہم لایصیبہم ظمأ الخ صحیح یہی ہے کہ جب آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم فرماویں تو کسی کو جہاد سے باز رہنا درست نہیں اور بعد میں یہ بات حسبِ ضرورت ہے و ماکان المؤمنون لینفروا کافۃ الخ۔ حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ جب غزوۂ تبوک میں پیچھے رہ جانے والوں پر تشدّد ہوا تو پھر سب جانے لگے جس میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم اکیلے رہ جاتے تب یہ آیت نازل ہوئی کہ دو فریق ہو کر ایک تو جہاد میں جایا کرے اور ایک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس رہ کر مسائل دینیہ وحی نازل شدہ سیکھا کرے جب جہاد والے واپس آویں تو یہ لوگ اُن کو جو کچھ پیچھے سیکھا ہے بتا دیا کریں۔ یہ اس تقدیر پر کلام سابق کا تتمہ ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ جس طرح جہاد اور ہجرت فرض ہوئی اسی طرح تفقہ یعنی دینی مسائل سیکھنے کا بھی اس آیت میں حکم ہوا اور اسی کے لئے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے عہد میں مدینہ طیبہ آنا ہوتا تھا اور چونکہ سب لوگوں کا آنا موجب دشواری تھا اس لئے فرمایا کہ ایک گروہ جا کر سیکھ آئے اور اُن کو آکر سکھا دے تب یہ کلام مستقل ہے۔ بقدرِ ضرورت سیکھنا فرضِ عین اور زیادہ فرض کفایہ ہے ؛

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَاتِلُوا الَّذِيْنَ

اے ایمان والو! اپنے آس پاس کے کفار سے لڑو اور

يَلُوْنَكُمْ مِّنَ الْكُفَّارِ وَلْيَجِدُوْا فِيْكُمْ

چاہیئے کہ اُن کو تم میں کرارا پن معلوم

غِلْظَةً ۭ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ

ہو۔ اور معلوم رہے کہ اللہ تعالےٰ پرہیزگاروں کے

الْمُتَّقِيْنَ ۝۱۲۳ وَاِذَا مَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ

ساتھ ہے۔ اور جب کوئی سورۃ نازل ہوتی ہے

فَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ اَيُّكُمْ زَادَتْهُ

تو اُن میں سے ایک دوسرے سے پوچھتا ہے کہ اس نے تم میں سے کس کا

هٰذِهٖٓ اِيْمَانًا ۚ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

ایمان زیادہ کر دیا۔ لیکن وہ جو ایمان لا چکے ہیں سو اُن کا تو

فَزَادَتْهُمْ اِيْمَانًا وَّهُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ۝۱۲۴

ایمان زیادہ کر دیا اور وہی خوش بھی ہوتے ہیں۔

وَاَمَّا الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ

اور جن کے دلوں میں مرض[۳] ہے تو اُن کی خباثت پر اور خباثت

فَزَادَتْهُمْ رِجْسًا اِلٰى رِجْسِهِمْ وَمَاتُوْا

بڑھا دی۔ اور وہ مریں گے

[۱] یعنی اگر سب جانے کی مقابلہ کے لئے ضرورت ہو تو سب ورنہ بعض کا جانا کافی ہے ۱۲

[۲] یعنے منافق ۱۲ منہ

[۳] نفاق کا مرض ۱۲ منہ

Marfat.com

وَهُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۱۲۵﴾ اَوَلَا يَرَوْنَ اَنَّهُمْ
بھی تو کافر ہو کر۔ کیا وہ یہ بھی نہیں دیکھتے کہ
يُفْتَنُوْنَ فِيْ كُلِّ عَامٍ مَّرَّةً اَوْ مَرَّتَيْنِ
وہ ہر سال میں ایک یا دو بار آزمائے جاتے ہیں
ثُمَّ لَا يَتُوْبُوْنَ وَلَا هُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿۱۲۶﴾
پھر بھی نہ توبہ کرتے ہیں نہ سمجھتے ہیں۔
وَاِذَا مَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ نَّظَرَ بَعْضُهُمْ
اور جب کہ کوئی سورۃ نازل ہوتی ہے تو ایک دوسرے کو
اِلٰى بَعْضٍ ؕ هَلْ يَرٰىكُمْ مِّنْ اَحَدٍ ثُمَّ
تکتا ہے کہ کوئی ہمیں دیکھتا تو نہیں پھر اٹھ کر چل دیتے
انْصَرَفُوْا ؕ صَرَفَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ بِاَنَّهُمْ
ہیں۔ (رسول ؐ کی مجلس سے کیا پھرے) اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں ہی کو پھیر دیا
قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ﴿۱۲۷﴾ لَقَدْ جَآءَكُمْ
کس لئے کہ یہ نادان قوم ہے۔ (لوگو!) بیشک تمھارے پاس تمھیں
رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا
میں سے ایک ایسے رسول ؐ آ گئے کہ جس پر تمھاری تکلیف شاق گزرتی ہے
عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ
جس کو تمھاری بھلائی کا ہوکا ہے وہ مسلمانوں پر نہایت شفیق (اور)
رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲۸﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ
مہربان ہیں۔ پھر اگر اس پر بھی نہ مانیں تو کہدو کہ
حَسْبِيَ اللّٰهُ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ عَلَيْهِ
مجھ کو اللہ تعالیٰ کافی ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اسی پر میں نے
تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿۱۲۹﴾ ع
بھروسہ کر لیا ہے اور وہی عرش عظیم کا رب ہے۔

ع ۱۶ / ۷ / ۵

ترکیب

من الکفار الذین کا بیان غلظۃ بکسر الغین وضمہا مفعول لیجدوا فمنہم خبر من مبتدا جملہ جواب اذا ما ایمانا تمیز ہے زادت سے ہل یراکم اے یقولون ہل یراکم

من انفسکم رسول کی صفت اول عزیز علیہ ما عنتم صفت ثانی حریص علیکم صفت ثالث بالمؤمنین رءوف رحیم صفت رابع ۔

تفسیر

ان قوانین آسمانی کا ذکر فرما کر اور مسلمانوں کو آیندہ تخلف سے منع کر کے عام جہاد کا حکم دیتا ہے اور قریب والوں سے شروع کرتا ہے کہ پہلے پاس والوں سے پھر اوروں سے رفتہ رفتہ سب سے لڑو قاتلوا الذین یلونکم۔ اور چونکہ اس کام کے لئے سختی اور بہادری بھی شرط ہے اس لئے فرماتا ہے ولیجدوا فیکم غلظۃ کہ ذرا کرارا پن بھی دکھاؤ۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی بعثت ایسے تاریک زمانہ میں ہوئی کہ روئے زمین پر کفر و بدکاری کی کالی گھٹائیں چھائی ہوئی تھیں اور صدہا بنی آدم کا مزاج فطرتی بگڑ گیا تھا ان میں اصلاح کی قابلیت ہی نہ رہی تھی۔ ان کا وجود اس قابل تھا کہ نیست و نابود کر دیا جائے وہ شجر پُر زہر کشت بنی آدم سے اکھاڑ کر پھینک دیا جاوے اور ایسے زمانہ کی اگلے انبیاء حضرت عیسیٰ و حضرت موسیٰ خبر دیتے چلے آئے تھے اس وجہ سے خدا تعالیٰ نے جہاد کا جھنڈا بلند کیا کہ حتے المقدور سمجھایا جاوے اور جن میں مادہ اصلاح نہ ہو ان سے دنیا کو صاف پاک کر دیا جاوے۔ اس کام کا لشکر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی قوم قرار پائی۔ اور جنگ و قتال میں کبھی شوکت و غنیمت کا بھی خیال ہوتا ہے جو منشائے الٰہی کے برخلاف ہے اس لئے فرمایا کہ اعلموا ان اللہ مع المتقین اور تقوے ایک بڑا وسیع المعنے لفظ ہے جس میں ہر قسم کی منہیات سے بچنے کی طرف اشارہ ہے لیکن ان سب میں بڑھ کر نفاق ہے خصوصاً لشکر میں شمار ہو کر اور اس دفتر میں نام لکھوا کر اس لئے واذا ما انزلت سے لے کر بانہم قوم لا یفقہون تک نفاق اور منافقین کی مذمت اور ان کی بیہودہ حرکات ذکر فرما کر لوگوں کو متنبہ کر دیا۔ اور نفاق

Marfat.com

منشاء یہی تھا کہ وہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو عادات خورد و نوش جملہ انسانی باتوں میں اپنا مانند دیکھ کر باوجود معجزات دیکھنے کے آپؐ کی نبوّت اور وحی میں شک کرتے تھے جو محض حماقت تھی جیساکہ لایعقلون میں اشارہ ہے اس لئے اس سورۃ کے خاتمہ پر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے چند اوصاف حمیدہ ذکر فرمائے جن سے شک جاتا ہے۔ (۱) من انفسکم یعنی تمھیں میں کا رسول تمھارے پاس بھیجا جس کے حالات صدق وامانت وعفاف وصیانت ابتدائے عمر سے تمھیں معلوم ہیں کوئی غیر نہیں کہ جس سے واقف نہ ہوں اور نیز یہ کہ تمھارے ملک اور تمھاری قوم کا شخص ہے جو تمھارے لئے فخر اور حمیت ہے۔ انفس نفیس سے بھی لیا ہے یعنی تم سب میں سے افضل واشرف۔ (۲) عزیز علیہ ماعنتم کہ تمھارا دلی دردمند خیرخواہ (۳) حریص علیکم تمھاری بھلائی چاہنے کا نہایت خواہشمند کہ دنیا وآخرت کی خوبی تمھیں پہنچائے۔ (۴) بالمؤمنین رؤف رحیم کہ وہ مسلمانوں پر نہایت نرم اور مہربان ہے۔ فان تولّوا پس اگر اس پر بھی نہ مانیں تو کہدو کہ مجھے تمھاری کچھ پروا نہیں حسبی اللہ مجھے اللہ تعالےٰ کافی ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں اس پر میرا بھروسہ ہے اور وہ عرش عظیم کا مالک ہے۔

سورۂ یونس (علیہ السلام) مکیہ ہے اس کی ایک سو نو آیات گیارہ رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○
شروع اللہ تعالیٰ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔

الٓرٰ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ۝١
یہ آیتیں ہیں پُر حکمت کتاب کی۔

اَكَانَ لِلنَّاسِ عَجَبًا اَنْ اَوْحَيْنَآ اِلٰى
کیا لوگوں کو اس بات سے تعجب ہوا کہ ہم نے انھیں میں سے ایک

رَجُلٍ مِّنْهُمْ اَنْ اَنْذِرِ النَّاسَ وَبَشِّرِ
شخص کی طرف (یہ) وحی بھیجی کہ لوگوں کو عذاب سے ڈراؤ اور (ایمانداروں)

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ
کو بشارت دو کہ ان کا پایہ اُن کے رب تک نزدیک

عِنْدَ رَبِّهِمْ ۭ قَالَ الْكٰفِرُوْنَ اِنَّ
مضبوط ہے۔ کافر کہہ اُٹھے یہ تو صریح

هٰذَا لَسٰحِرٌ مُّبِيْنٌ ۝٢ اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ
جادوگر ہے۔ تمھارا رب تو اللہ تعالےٰ

الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ
ہے کہ جس نے چھ روز میں آسمانوں اور زمین کو

فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ
بنایا۔ پھر تخت پر بیٹھ کر انتظام

يُدَبِّرُ الْاَمْرَ ۭ مَا مِنْ شَفِيْعٍ اِلَّا مِنْۢ
کرنے لگا۔ کوئی سفارش نہیں کرسکتا مگر اُس کی

بَعْدِ اِذْنِهٖ ۭ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ
اجازت کے بعد۔ یہ ہے اللہ تم تمھارا رب تم

فَاعْبُدُوْهُ ۭ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ۝٣ اِلَيْهِ
سو اُسی کی عبادت کرو۔ کیا تم (پھر بھی) نہیں سمجھتے۔ اُسی کے پاس

مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا ۭ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ۭ اِنَّهٗ
تم سب کو پھر کر جانا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے سچّا وعدہ کیا ہے۔ وہی

يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ لِيَجْزِيَ
اوّل بار مخلوق کو پیدا کرتا ہے پھر وہی بار دیگر پیدا کرے گا تاکہ جو ایمان

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ بِالْقِسْطِ ۭ
لائے اور انھوں نے اچھے کام کئے اُن کو انصاف سے بدلہ دے۔

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ
اور جنھوں نے انکار کیا ہے اُن کے لئے کھولتا پانی اور عذاب

حَمِيْمٍ وَّعَذَابٌ اَلِيْمٌ ۢبِمَا كَانُوْا
الیم ہے اُن کے انکار کرنے کے

وقف النبی صلے اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

يَكْفُرُوْنَ ④ هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ الشَّمْسَ
بدلہ ہیں۔ وہی تو ہے کہ جس نے سورج کو چمکتا ہوا
ضِيَآءً وَّالْقَمَرَ نُوْرًا وَّقَدَّرَهٗ مَنَازِلَ
بنایا اور چاند کو روشن کردیا اور اس کی منزلیں[1] مقرر کردیں
لِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ ؕ
تاکہ تم کو برسوں کی گنتی اور حساب معلوم رہے۔
مَا خَلَقَ اللّٰهُ ذٰلِكَ اِلَّا بِالْحَقِّ ۚ يُفَصِّلُ
نہیں بنایا اللہ تعالیٰ نے یہ سب کچھ مگر تدبیر سے۔ وہ سمجھ داروں
الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ⑤ اِنَّ فِي اخْتِلَافِ ع ۱ ۶
کے لئے کھول کر نشانیاں بیان کرتا ہے۔ بے شک رات دن کے
الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمَا خَلَقَ اللّٰهُ فِي السَّمٰوٰتِ
بدلنے میں اور جو کچھ کہ اس نے آسمانوں اور زمین میں پیدا
وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَّقُوْنَ ⑥
کر رکھا ہے (اس میں) البتہ پرہیزگاروں کے لئے (بڑی) نشانیاں ہیں۔
اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا وَرَضُوْا
جو لوگ کہ ہم سے ملنے کی[2] امید نہیں رکھتے اور دنیا کی زندگی
بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَاطْمَاَنُّوْا بِهَا وَ
پر ریجھ گئے اور اسی پر مطمئن ہو گئے اور
الَّذِيْنَ هُمْ عَنْ اٰيٰتِنَا غٰفِلُوْنَ ⑦
وہ جو ہماری آیتوں سے غافل ہیں
اُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمُ النَّارُ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ⑧
ایسوں کا ٹھکانا جہنم ہے ان کاموں کے بدلے میں جو وہ کیا کرتے تھے۔
اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
بے شک جو ایمان لائے اور انھوں نے اچھے کام بھی کئے تو

يَهْدِيْهِمْ رَبُّهُمْ بِاِيْمَانِهِمْ ۚ تَجْرِيْ
ان کے ایمان کی وجہ سے ان کا رب تو ان کو رہنمائی کریگا (مقامات سعادت کی طرف) ان کے نیچے
مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ⑨
جنات النعیم میں نہریں بہتی ہوں گی۔
دَعْوٰىهُمْ فِيْهَا سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَتَحِيَّتُهُمْ
جہاں ان کی گفتگو سبحانک اللہم (یعنی اے خدا تو تیری ذات پاک ہے) اور ان کی باہمی دعائے خیر
فِيْهَا سَلٰمٌ ۚ وَاٰخِرُ دَعْوٰىهُمْ اَنِ الْحَمْدُ
سلام (علیک) ہوگی۔ اور ان کی آخر بات الحمد للہ رب العالمین[3]
لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ⑩ ع وَلَوْ يُعَجِّلُ
ہوگی۔ اور اگر اللہ تعالیٰ بھی ویسی
اللّٰهُ لِلنَّاسِ الشَّرَّ اسْتِعْجَالَهُمْ بِالْخَيْرِ
ہی سزا دینے میں جلدی کیا کرتا جیسا کہ لوگ اپنے فوائد کے لئے جلدی کیا کرتے ہیں
لَقُضِيَ اِلَيْهِمْ اَجَلُهُمْ ؕ فَنَذَرُ الَّذِيْنَ
تو ان کا وقت بھی پورا ہو چکا ہوتا۔ (لیکن) ہم ان لوگوں کو کہ جو ہم سے
لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ⑪
ملنے کی امید نہیں رکھتے ان کی گمراہی میں سرگرداں ہی چھوڑے رکھتے ہیں۔
وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ الضُّرُّ دَعَانَا
اور جب کہ انسان کو دکھ پہنچتا ہے تو لیٹے اور بیٹھے اور کھڑے ہم کو
لِجَنْۢبِهٖٓ اَوْ قَاعِدًا اَوْ قَآئِمًا ۚ فَلَمَّا
پکارتا ہے۔ پھر جب ہم اس کا
كَشَفْنَا عَنْهُ ضُرَّهٗ مَرَّ كَاَنْ لَّمْ يَدْعُنَآ
دکھ اس سے دور کر دیتے ہیں تو ایسا ہو کر چلتا ہے کہ گویا اس نے (کبھی) ہم کو
اِلٰى ضُرٍّ مَّسَّهٗ ؕ كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِلْمُسْرِفِيْنَ
اس دکھ کے رفع کرنے کے لئے جو اس کو پہنچا تھا پکارا ہی نہ تھا بیہودہ لوگوں کو کام ان کی (نگاہ میں)

[1] چاند کی منزلیں یہ ہیں کہ وہ نمودار ہونے کے بعد ہر روز تھوڑا تھوڑا چلتا آتا ہے یہاں تک کہ تیس ۳۰ یا انتیس ۲۹ دن میں پھر وہیں آنمودار ہوتا ہے۔ اس بات کی اہل تقویم و اہل نجوم نے یہ تشریح بیان کی ہے کہ آسمان کے بارہ ۱۲ حصے ہیں یعنی فرضی ٹکڑے جیسے خربوزہ کی پھانکیں جن کو برج کہتے ہیں اپنی ذاتی رفتار سے چاند ایک رات دن میں ایک برج کے نصف حصہ سے کم کو طے کرتا ہے جس طرح کہ آفتاب اپنی رفتار سے برس بھر میں ان بارہ ۱۲ برجوں کو طے کرتا ہے یہ مہینے بھر میں۔ اس سے موسمیں اور رات دن بدلتے ہیں جن سے دنیا بھر کے اسباب زندگی غلہ اور پھل پھول وغیرہ پیدا ہوتے ہیں اور اسی سے شمسی اور قمری مہینوں کا حساب قائم ہوا ہے۔ حقانی

[2] یعنی ان کو یقین نہیں کہ مرنے کے بعد خدا تعالیٰ کے سامنے جانا ہے ۱۲ منہ

[3] ہر قسم کی خوبیاں اللہ تعالیٰ ہی کو سزاوار ہیں جو تمام جہان کا پروردگار ہے ۱۲ منہ

Marfat.com

مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿١٣﴾ وَلَقَدْ أَهْلَكْنَا

یوں آراستہ کئے گئے ہیں۔ اور تم سے پہلے ہم بہت سی

الْقُرُونَ مِن قَبْلِكُمْ لَمَّا ظَلَمُوا وَ

امتوں کو ہلاک کر چکے ہیں جب کہ وہ ظلم کرنے لگے تھے۔ اور

جَاءَتْهُمْ رُسُلُهُم بِالْبَيِّنَاتِ وَمَا كَانُوا

اُن کے پاس اُن کے رسول معجزے (بھی) لے کر آئے تھے، اور وہ کیا ماننے

لِيُؤْمِنُوا كَذَٰلِكَ نَجْزِي الْقَوْمَ

والے تھے۔ ہم نافرمانوں کو یوں بدلہ دیا کرتے

الْمُجْرِمِينَ ﴿١٣﴾ ثُمَّ جَعَلْنَاكُمْ خَلَائِفَ فِي

ہیں۔ پھر اُن کے بعد ہم نے تم کو زمین پر

الْأَرْضِ مِن بَعْدِهِمْ لِنَنظُرَ كَيْفَ

جانشین کیا تاکہ ہم دیکھیں کہ تم کیسے کام

تَعْمَلُونَ ﴿١٤﴾ وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا

کرتے ہو۔ اور جب کہ اُن کو ہماری کھلی کھلی آیتیں سنائی

بَيِّنَاتٍ قَالَ الَّذِينَ لَا يَرْجُونَ لِقَاءَنَا

جاتی ہیں تو وہ لوگ کہ جن کو ہم سے ملنے کی امید نہیں یہ کہتے ہیں کہ اس کے

ائْتِ بِقُرْآنٍ غَيْرِ هَٰذَا أَوْ بَدِّلْهُ ۚ

سوا کوئی اور قرآن لے آیا اس کو بدل دے۔

قُلْ مَا يَكُونُ لِي أَنْ أُبَدِّلَهُ مِن

(سوائے رسول! آپ اُن سے) کہدیجئے میرا کیا مقدور کہ میں اس کو اپنی طرف سے

تِلْقَاءِ نَفْسِي ۖ إِنْ أَتَّبِعُ إِلَّا مَا يُوحَىٰ

بدل دوں۔ میں تو اسی کا تابع ہوں جو میری طرف وحی کیا

إِلَيَّ ۖ إِنِّي أَخَافُ إِنْ عَصَيْتُ رَبِّي

گیا۔ اگر میں اپنے رب کی نافرمانی کروں تو مجھے بڑے دن کے عذاب

عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ ﴿١٥﴾ قُل لَّوْ شَاءَ

سے ڈر لگتا ہے۔ کہو اگر اللہ تعالےٰ چاہتا تو میں

اللَّهُ مَا تَلَوْتُهُ عَلَيْكُمْ وَلَا أَدْرَاكُم بِهِ ۖ

اسے پڑھ کر نہ سناتا (اور) نہ اس کی تمھیں خبر کرتا۔

فَقَدْ لَبِثْتُ فِيكُمْ عُمُرًا مِّن قَبْلِهِ ۚ

کیونکہ میں تو اس سے پہلے تم میں ایک عمر گزار چکا ہوں،

أَفَلَا تَعْقِلُونَ ﴿١٦﴾ فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ

پھر تم کیا نہیں سمجھتے۔ سو اس سے بڑھ کر کون ظالم ہے جو اللہ

افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا أَوْ كَذَّبَ بِآيَاتِهِ ۚ

تعالیٰ پر جھوٹ باندھے یا اس کی آیتوں کو جھٹلا دے۔

إِنَّهُ لَا يُفْلِحُ الْمُجْرِمُونَ ﴿١٧﴾

بے شک نافرمانوں کو ہرگز فلاح نہ ہوگی۔

ترکیب

للناس کان سے متعلق ان اوحینا اسم عجبًا خبر ان انذر تفسیر ہے اوحینا کی وعد اللہ اور اسی طرح حقًا منصوب ہیں فعل محذوف کے مصدر ہو کر لآیات اسم ان فی اختلاف الیل خبر اور والنہار الیل پر معطوف وما الخ بھی یہ سب مجرور ہیں فی کے جو خبر میں شامل ہیں الذین اسم انّ والذین ہم اس پر معطوف اولئک خبر دعواہم مبتدا سبحانک اللّٰھم خبر استجابہم منصوب ہے بنزع خافض لے کاستجابہم۔

تفسیر

اس سورۃ میں چونکہ حضرت یونس علیہ السلام کا عبرت انگیز ایک نیا قصہ ہے اس لئے اسی نام سے یہ سورۃ صحابہؓ میں نامزد ہو گئی یہاں تک وہ سورتیں تھیں جو مدینہ طیبہ میں نازل ہوئیں تھیں جن میں نکاح طلاق میراث قصاص جہاد وسیاست کے احکام اور حلال وحرام چیزوں کا بیان تھا اب یہاں سے وہ سورتیں شروع ہوتی ہیں جو ہجرت سے پہلے آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام پر مکہ معظمہ میں نازل ہوئیں جبکہ مکہ معظمہ اور اس کے اطراف بلکہ پورے عرب بلکہ تمام دنیا پر گمراہی اور الحاد اور بدکاری اور بت پرستی اور اوہام باطلہ کے دریا

Marfat.com

موج زن تھے خاص عرب میں چند گروہ تھے (۱) وہ کہ جو سرے سے خدا تعالےٰ کے وجود ہی کے قائل نہ تھے صرف دہر اور طبائع اجسام کو موجد و مفنی خیال کرتے تھے وما یہلکنا الا الدہر نہ حشر و نشر نہ حساب کے قائل اور نہ سلسلۂ نبوت کے قائل تھے۔ (۲) خدا تعالےٰ کے تو قائل تھے مگر حشر بالاجساد اور سلسلۂ نبوت کے منکر تھے بتوں اور جنوں اور دیگر مخلوقات کی پرستش کو خدا تعالےٰ کی رضامندی کا ذریعہ اور دنیاوی کامیابی کا وسیلہ جانتے تھے جیسا کہ ہنود کا قول ہے، مانعبدہم الا لیقربونا الی اللہ زلفیٰ پھر ان چیزوں میں سے کسی کو اپنے زعم فاسد میں خدا تعالےٰ کا بیٹا یا بیٹی کسی کو غیب داں کسی کو اس کے کارخانہ کا مدار المہام خیال کرتے تھے جس کے جواب میں اس سورۃ میں اپنی نسبت یدبر الامر کہنا پڑا۔ (۳) کچھ حکیمانہ خیالات کے لوگ بھی تھے کہ نبوت کے منکر تھے اور عقل کو حسن و قبح کے ادراک میں کافی جانتے تھے الہام اور آسمانی کتابوں کے منکر تھے خصوصاً آدمی کا رسول ہو کر آنا بھی تعجب انگیز امر تھا کہ انسان باہم مساوی ہیں پھر ایک شخص کو خدا تعالےٰ سے ایسا قرب حاصل ہونا ایک امر خلاف عقل ہے خصوصاً آنحضرت علیہ السلام کو امی اور فقیر خیال کر کے اور بھی تعجب کرتے تھے۔ یہود اور نصاریٰ اور مجوس ان کے علاوہ تھے جو اطراف عرب عراق و یمن میں رہتے تھے اور اب بھی دنیا میں جس قدر گمراہ فریق ہیں وہ انھیں اقسام ثلثہ کی کوئی نہ کوئی شاخ ہیں۔ خدا تعالےٰ اس سورۃ میں ان تینوں فریق کا رد کرتا ہے اور ان کے اقوال و عقائد کا مفصلاً جواب دیتا ہے فقال الٓرٰ اس میں اس طرف اشارہ ہے کہ یہ قرآن بھی انھیں حروف سے مرکب ہے کہ جن سے اے فصحائے عرب تمہارے کلام مرکب ہوتے ہیں پھر اگر اس میں کوئی بات انسان کی قوت سے بڑھ کر نہیں تو پھر تم بھی معمولی فصاحت و بلاغت اور زبان دانی میں محمد (صلے اللہ علیہ وسلم) کے ہم قوم ہم ملک ہو ایسا تم بھی کہہ لاؤ۔ لیکن نہیں کہہ سکتے کس لئے کہ تلک آیات الکتاب المبین کہ یہ آیات کتاب مبین کی آیات ہیں کہ جو انسان کی سعادت و شقاوت اور عالم آخرت کا حال اور حرام و حلال، نجاست و پاکیزگی کے احکام اور قتل و میراث اور جملہ معاشرت کے قوانین بیان کرتی ہے کہ جو خاص الہام الٰہی کا کام ہے۔ سب سے اوّل قرآن مجید کا کلام الٰہی ثابت کرنا آئندہ مطالب کے لئے ضروری تھا اس لئے سب سے اوّل اسی بات کو ثابت کیا اس کے بعد مسئلۂ نبوت شروع کیا فقال اکان للناس عجباً ان اوحینا الیٰ رجل منہم کہ کیا لوگوں کو اس بات سے تعجب ہوا کہ ہم نے انھیں میں سے ایک شخص کی طرف (یعنی محمد صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف) وحی بھیجی اور وہ اس لئے کہ ان انذر الناس وبشر الذین آمنوا ان لہم قدم صدق عند ربہم کہ لوگوں کو ان کے برے اعمال اور برے عقائد کے برے نتائج سے جو دنیا میں اور بیشتر مرنے کے بعد پیش آتے ہیں ڈراوے اور ایمانداروں کو اس بات کا مژدہ سناوے کہ ان کے ربّ کے پاس ان کا راستی کا پایہ ہے وہ اس کے ہاں راستباز اور اجر عظیم کے مستحق ہیں۔ اس بات پر تعجب ہی نہیں کیا بلکہ قال الکٰفرون ان ہٰذا لسحر مبین کافر یہ بول اٹھے کہ یہ نبی تو کھلا جادوگر ہے۔

مسئلۂ نبوت پر جو کچھ منکرین کا شبہ اور اعتراض تھا تو یہی تھا اور اس کے سوا بطلان نبوت پر اور کوئی دلیل بھی نہیں رکھتے اور جب اغراض و مقاصد نبوت پر غور کیا جاوے جیسا کہ آیت میں مذکور ہوا تو یہ شبہ خود بخود کچر اور پوچ ہو جاتا ہے کیونکہ خدا تعالےٰ اپنی رحمت سے کیونکر بنی آدم کو وادیٔ ضلالت میں ٹکراتے چھوڑ دیتا یہاں تک کہ قرآن مجید کا کتاب الٰہی ہونا اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا نبی ہونا ثابت کر دیا تیسرے فریق کا جو ان کا ہم مشرب تھا ان کا بھی رد ہو چکا نبوت ثابت ہو گئی تو منصب نبوت کے پیرایہ میں فریق اوّل کا رد کرتا ہے فقال ان ربکم اللہ الذی الخ افلا تذکرون تک کہ تمہارا رب تو وہ ہے کہ جس نے چھ روز کے عرصہ میں آسمانوں اور زمین کو بنایا اور تخت حکومت پر بیٹھ کر ہر کام کی تدبیر و انتظام کرتا ہے یعنی یہ محسوسات از خود

Marfat.com

نہیں بن گئے ہیں یہ حادث ہیں اُن کے لئے محدث ضرور ہے اور محدث بھی علیم وحکیم جو ہر شئی کا انتظام شائستہ کرتا ہو اور وہی اللہ تعالےٰ ہے اس میں فریق اوّل کا بکمال خوبی ردّ ہے اور نیز اُن اوہام پرست قوموں کا بھی جو خُدائی کارخانہ میں اُس کی مخلوق کو ساجھی جان کر پُوجتے نذر و نیاز کرتے ہیں یہ اس لئے کہ سب چیزوں کو تو اللہ تعالےٰ نے بنایا اور پھر وہی سب کچھ تدبیر و تصرّف بھی جہان میں کرتا ہے پھر اُس کا کس بات میں شریک بن سکتا ہے اُنھوں نے کیا پیدا کیا ہے وہ کیا تدبیر و تصرّف جہان میں کرتے ہیں اس میں دوسرے فریق کا بھی ردّ ہے جو مخلوق پرستی کرتا ہے۔ یہاں تک تو مبدء کا ذکر تھا اب معاد کا ذکر کرتا ہے فقال الیہ مرجعکم جمیعًا کہ تم سب کو اُسی کے پاس پھر کر جانا ہے جدھر سے وجود عطا ہوا تھا اُس کی طرف پھر کر جاؤ گے اور بڑی دلیل اس کی یہ ہے وعداللہ حقًا کہ اللہ تعالےٰ نے سچّا وعدہ کر لیا ہے اور اللہ تعالےٰ بھی وہ کہ جس نے آسمان اور زمین بنائے نبیؐ بھیجا قرآن اُتارا اُس کے نزدیک اس کا ایفاء کیا بات ہے اور کیونکر جھوٹ ہو سکتا ہے۔ اور اے بنی آدم! کچھ تمھارے ہی وجود کا اعادہ نہ ہو گا بلکہ انّہٗ یبدء الخلق اُس نے مخلوق کو پیدا کیا یا کہو ہر وقت پیدا کرتا ہے کسی شے کا وجود ایسا نہیں کہ اس کو ایک آن بھی استقلال نصیب ہو بلکہ ہر لحظہ اُسی کی طرف محتاج ہے پھر جس نے یہ بساطِ مخلوق بچھایا ہے ثم یعیدہٗ وہی بار دگر نیست کے بعد ہست کر دیگا۔ یہ اس لئے لیجزی الّذین آمنوا الخ اوّل وجود کا رنگ وجود ثانی میں نمایاں ہو جائے جس کی تفصیل یہ ہے کہ ایمانداروں کو نیک بدلہ انصاف سے دے اور منکروں کو عذاب الیم اُن کے کُفر کا بدلہ ملے۔ یہاں حشر کا مسئلہ تھا اور اُس کے منکرین کی پُر اثر الفاظ میں تسکین کر دی گئی اس کے بعد جو کچھ مخلوق آسمانوں اور زمین کے درمیان ہے اُس کے اندر اپنی قدرت و کمال کے دلائل اپنے حیرت انگیز تصرّفات سے ثابت کر کے امکانِ حشر اور اپنے وجود اور صفات کا ثبوت اور شرک کا ردّ کرتا ہے فقال ھوالّذی جعل الشمس ضیاء الخ کہ وہی تو ہے کہ جس نے آفتاب کو روشنی عطا کی ورنہ مادّۂ اجسام تو ایک ہی ہے پھر یہ خصوصیت کہاں سے از خود آگئی ہے اور چاند کو اُس کی منازل پر روانہ کیا اُس میں اپنی قدرت بھی دکھا دی اور اُس سے بندوں کا فائدہ بھی کر دیا کہ برسوں کا اندازہ اور ہر شے کی عمر کا حساب اس سے ہوتا ہے اور اسی طرح رات دن کے بدلنے میں اور جو کچھ آسمانوں اور زمین میں اُس نے پیدا کیا ہے اُس میں خدا ترس کے لئے بہت نشانِ قدرت ہیں۔ آسمانوں کے اندر ہزاروں نیرّات اور بادل اور بجلی اور بارش اور اُن میں جو جو قدرت کی رنگینیاں ہیں حیرت بخش ہیں مگر نہ سب کے لئے بلکہ پرہیزگاروں کے لئے۔ کیونکہ جو لذائذ دنیا اور اُس کے نشے میں مست ہو کر اندھے ہو گئے ہوں ہم عن آیاتنا غافلون وہ تو ہماری آیاتِ قدرت سے غافل ہیں۔ اب یہاں سے پھر عالمِ آخرت کی کیفیت شروع ہوتی ہے فقال اولٰئک ماوٰھم النار کہ ان کا ٹھکانا آگ ہے نہ زبردستی سے بلکہ بما کانوا یکسبون انھیں کی بُری کرتوتوں سے اس کے مقابلہ میں نیکوں کا حال بیان فرماتا ہے انّ الّذین آمنوا کہ جو ایمان لائے اور ایمان ہی پر بس کر کے نہیں بیٹھ گئے بلکہ وعملوا الصالحات اُنھوں نے نیک کام بھی کئے ہیں یہدیھم اُن کا ربّ اُن کے ایمان کی برکت سے کیونکہ اصل وہی ہے اُن کو ایسے باغوں کی طرف رہنمائی کرے گا کہ جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی یہ اُن کے ایمان و اعمالِ صالحہ کی نہریں ہیں۔ اور وہ جنت میں خدا تعالےٰ کی تسبیح و تقدیس کیا کریں گے۔ دعوٰھم فیھا سبحٰنک اللّٰھمّ الخ۔ منکرینِ حشر جو دنیا کی نعماء میں مسرور تھے اس بیان پر یہ شبہ پیدا کیا کرتے تھے کہ اب کیوں خدا تعالےٰ ہم کو ہمارے بُرے کاموں کی سزا نہیں دیتا؟ حشر پر کیوں موقوف کیا ہے اس کے جواب میں فرماتا ہے ولو یعجل اللہ الخ کہ اگر خدا تعالےٰ لوگوں کی بُرائی کی سزا ایسی جلد دیا کرے کہ جیسا وہ نیکی یعنی بھلائی

Marfat.com

کے لئے جلدی کیا کرتے ہیں تو اُن کا فیصلہ کبھی کا ہو چکتا۔ ہم ایک وقت تک مہلت دیتے ہیں پر وہ اس میں بھی اپنی سرکشی ہی میں اندھے بنے رہتے ہیں تو یہ وزاری نہیں کرتے۔ اب فرماتا ہے کہ دنیا میں بھی ہم بُرائی کے بدلہ میں مصیبت بھیجدیا کرتے ہیں مگر اُس وقت تو انسان کھڑا اور پڑا ہم کو پکارتا ہے پھر جب اُس سے وہ مصیبت دُور کر دیتے ہیں تو پھر آنکھیں پھیر لیتا ہے گویا ہم سے کوئی سابقہ ہی نہیں پڑا تھا۔ یہ ہودہ لوگ اپنی ان باتوں پر خوش ہوتے ہیں ہم نے بھی اُن کی نظروں میں بیہودگی کو کُھبا رکھا ہے۔ اس کے بعد پہلی اُمتوں کا تذکرہ کرتا ہے جس سے یہ ثابت کرتا ہے کہ (۱) اوّل لوگوں کو بھی ہم نے کبھی دنیا میں اُن کی بدکاری سے ہلاک کر دیا ہے (۲) اور اوّل بھی رسول آئے تھے اُن سے بھی یہی معاملات پیش آئے تھے یہ کوئی نئی بات نہیں ہے فقال ولقد اہلکنا القرون الخ۔ اب یہ بتلایا جاتا ہے کہ اُن کے ہلاک کرنے کے بعد اُن کے جانشین برپا کئے تاکہ دیکھیں وہ کیا کرتے ہیں۔ اور کیا کرنے کے ذیل میں جو کچھ قریش مکہ محمد (صلے اللہ علیہ وسلم) کے ساتھ کرتے تھے اس کا ذکر کرتا ہے فقال واذا تتلیٰ علیہم ایٰتنا الخ کہ جب اُن کو ہماری آیاتِ روشن جن میں کچھ ابہام و اخفاء نہیں پڑھ کر سُنائی جاتی ہیں اور اُن میں اُن کی بُت پرستی اور بُرے کاموں کی مذمّت ہوتی ہے تو قرآن سے ناراض ہو کر کہتے ہیں کہ اس قرآن کے بدلے اور لا یا اس کو بدل ڈال کہ اُس میں یہ مذمت نہ ہو۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو حکم ہوتا ہے کہ اُن سے کہدو میں نہیں بدل سکتا۔ میں تو حکم کا تابع ہوں جو مجھے ارشاد ہوتا ہے تم سے کہتا ہوں اگر ذرا بھی بدلوں تو عذاب عظیم تیار ہے۔ اور تم نے یہ کیوں خیال کر لیا کہ میں اپنی طرف سے تمھیں سُناتا ہوں۔ میری تم میں ایک عمر گزر گئی ہے پہلے کبھی ایسا نہیں کیا افلا تعقلون پھر بھی تم نہیں سمجھتے۔ پس میں مامور من اللہ ہوں۔ خدا تعالےٰ پر کوئی بہتان باندھ کر نہیں لایا ہوں۔ کیونکہ جو ایسا کرتا ہے انہٗ لا یفلح المجرمون اور مجرموں کو کبھی فلاح نہیں۔ اگر تم دیکھو کہ مجھے فلاح اور فتح مُبین ہے تو یقین کر لینا کہ من اللہ ہوں۔ توریت سفر استثنےٰ کے ۱۸ باب میں ہے کہ "جو کوئی نبی" کوئی بات میرا نام لے کر اپنی طرف سے کہے گا وہ مارا جاوے گا" اب نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی روز افزوں کامیابی سے بڑھ کر اور کونسا صریح معجزہ اور آپ کی صداقت کا نشان ہو سکتا ہے، آمنّا بہٖ۔ ان آیات میں سعادتِ ازلیہ سے محروم ہونے والوں کی چار صفتیں ذکر فرمائیں۔ (اوّل) لا یرجون لقاءنا۔ حضرت ابن عباسؓ و مقاتلؒ و کلبیؒ کہتے ہیں کہ اس کے معنے ہیں کہ وہ حشر سے نہیں ڈرتے۔ بعض کہتے ہیں کہ الرّجاء الطمع و ہو محمولٌ علےٰ ظاہرہ لاوجہ لعدولہٖ کہ اس عالم فانی کے لذائذ حسیہ اکل و شرب و جماع وغیرہ میں یہاں تک مستغرق ہیں کہ اس خیال نے ہمارا شوق اُن کے دل سے بھلا دیا ایسوں کے خاسر ہونے میں کیا کلام ہے؟ بعد مرنے کے اُن کی جُدائی میں تڑپیں گے۔ دوم رضوا بالحیٰوۃ الدنیا، صفتِ اوّل میں اس طرف اشارہ تھا کہ ان کے دل میں لذّاتِ روحانیہ اور سعادتِ معارفِ ربانیہ کا شوق بھی نہیں اور اس میں اس طرف اشارہ ہے کہ لذائذ جسمانیہ پر غش ہیں اسی کو بس سمجھتے ہیں۔ کہا کرتے ہیں کہ دنیا ہر کار میں مقدّم ہے شب و روز اسی کے حاصل کرنے میں سرگرداں اور ہمہ وقت اسی پر شاداں و فرحاں رہتے ہیں۔ بڑے مستحکم مکان بنائے جاتے سیکڑوں برسوں کے پٹے لکھوائے جاتے ہیں ادھر چند روز کے بعد دم نکل گیا سب کچھ دھرا رہ گیا۔ سوم اطمانوا بہا کہ اس پر اطمینان بھی ہے کہ جس طرح اہل سعادت کو ذکر الٰہی سے اطمینان ہوتا ہے اسی طرح اُن کو حیاتِ دُنیا سے۔ چہارم والذین ہم عن آیاتنا غافلون کہ اُن کو خدا تعالےٰ کی آیاتِ قدرت اور آیاتِ کتاب سے محض غفلت ہے۔ محبتِ دُنیا نے عالم آخرت کی جگہ ہی دل میں باقی نہیں رکھی، موت کا نام سُن کر گھبراتے ہیں۔ اس کا نتیجہ ذکر فرماتا ہے اولٰئک ماوٰہم النار بما کانوا یکسبون

Marfat.com

ان چیزوں کی محبت بعد مفارقت بدن آتش جہنم بن کر جلائے گی اُن کے مقابلے میں اہل سعادت کے درجات ذکر کرتا ہے فقال (۱) ان الذین آمنوا۔ (۲) وعملوا الصالحات انسان کی دو قوت ہیں نظری اور عملی۔ پہلی قوت کی تکمیل تو ایمان اور معارف سے حاصل ہوتی ہے اور دوسری ہر قسم کا عمدہ کام کرنے سے سو اُن کی دونوں قوتیں کامل ہیں اور یہی سعادت کا پورا سامان ہے۔ آن مجمل لفظوں میں تمام حسنات کی طرف اشارہ ہے کہ جن کی تعلیم کے لئے انبیاء علیہم السلام بھیجے گئے ہیں۔ اُن کے درجات ذکر فرماتا ہے:

(۱) یہدیہم ربہم بایمانہم کہ اُن کے ایمان کی وجہ سے جو ایک نور اور چراغ ہدایت ہے اُس عالم میں جنت کی طرف رہنمائی کرے گا اور نیز دُنیا میں بھی ایمان ہر مراتب سعادت کی طرف ترقی کرنے کا محرک ہوتا ہے اور ذات حق اور دیگر اسرار معرفت کی طرف بھی یہی انسان کو کھینچ کر لے جایا کرتا ہے۔ (۲) تجری من تحتہم الانہار فی جنات النعیم کہ ناز و نعیم کے ایسے باغوں میں رہا کریں گے جہاں اُن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی۔ اُن کے معارف جاریہ اور اعمال صالحہ جن پر وہ اس عالم میں سوار ہیں وہاں انہار الطاف رحمانی کی صورت میں ظہور کریں گے۔ یہاں تک جنت اور نعماء جسمانیہ کی طرف اشارہ تھا اس کے بعد نعماء روحانیہ کا ذکر کرتا ہے۔ (۳) دعوٰہم فیہا سبحانک اللہم وتحیتہم فیہا سلام وآخر دعوٰہم ان الحمد للہ رب العالمین، ان تینوں جملوں کی تفسیر میں مفسرین نے بہت سے احتمالات بیان فرماتے ہیں۔ از انجملہ یہ کہ اوّل بار جب جنت میں وعدۂ الٰہی کے موافق نعماء دیکھیں گے تو سبحانک اللہم کہیں گے اور جب ایک دوسرے سے ملے گا تو سلام اور جب کلام تمام کر چکیں گے تو الحمد للہ رب العالمین کہیں گے اور اقوٰی یہ ہے کہ معارف الٰہی میں جب ترقی کریں گے تو سبحانک اللہم کہیں گے یعنی ملائکہ کی طرح اُس کے انوار و تسبیح و تقدیس میں مستغرق رہیں گے اور جب باہمی اختلاط ہوگا تو ایک دوسرے کو سلامتی کے ساتھ خطاب کرے گا اور وہاں کی لذائذ روحانیہ وجسمانیہ پر محفوظ ہو کر الحمد للہ رب العالمین کہیں گے یعنی شادی اور سرور میں ہوں گے، والعلم عند اللہ۔

وَيَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ مَا لَا يَضُرُّهُمْ
اور وہ اللہ تعالےٰ کے سوا اس چیز کو پوجتے ہیں کہ جو نہ اُن کو ضرر ہی دے سکے

وَلَا يَنفَعُهُمْ وَيَقُولُونَ هَٰؤُلَاءِ شُفَعَاؤُنَا
نہ نفع، اور کہتے ہیں کہ یہ تو اللہ تعالےٰ کے نزدیک ہماری سفارش

عِندَ اللَّهِ ۚ قُلْ أَتُنَبِّئُونَ اللَّهَ بِمَا
کرنے والے ہیں۔ (سو کہہ دیجئے) کہ کیا تم اللہ تعالےٰ کو وہ بات بتلاتے ہو

لَا يَعْلَمُ فِي السَّمَاوَاتِ وَلَا فِي الْأَرْضِ ۚ
کہ جس کو نہ وہ آسمانوں میں پاتا ہے نہ زمین میں۔

سُبْحَانَهُ وَتَعَالَىٰ عَمَّا يُشْرِكُونَ ﴿١٨﴾ وَمَا
(اُن سے کہدو کہ) وہ پاک اور بری ہے اُن کے شریک مقرر کرنے سے۔ اور (شروع میں)

كَانَ النَّاسُ إِلَّا أُمَّةً وَاحِدَةً فَاخْتَلَفُوا ۚ
لوگ ایک ہی گروہ کے تھے پھر مختلف ہو گئے۔

وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِن رَّبِّكَ لَقُضِيَ
اور اگر آپ کے رب کی طرف سے ایک بات[۵۲] نہ ہو چکی ہوتی تو جس میں کہ وہ

بَيْنَهُمْ فِيمَا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ﴿١٩﴾ وَيَقُولُونَ
اختلاف کر رہے ہیں اُن کا اس میں فیصلہ کر دیا گیا ہوتا۔ اور کہتے ہیں (کہ)

[۵۲] یعنی اُس کا کہیں بھی وجود نہیں فرضی بات ہے ۱۲ منہ [۵۳] یعنے حق و باطل کی حقیقت کا انکشاف کلی قیامت ہی پر منحصر ہے اگر یہ نہ ہوتا تو دنیا میں بھی کر دکھاتے ۱۲ منہ

Marfat.com

ع ۲

لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۚ

اُس کے رب کی طرف سے کوئی بڑا معجزہ کیوں نہ اترا؟

فَقُلْ اِنَّمَا الْغَيْبُ لِلّٰهِ فَانْتَظِرُوْا ۚ اِنِّيْ

تو کہدو کہ غیب کی خبر تو اللہ ہی کو ہے (لیکن) تم انتظار کرو تمہارے ساتھ

مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ﴿٢٠﴾ وَاِذَآ

میں بھی انتظار کر رہا ہوں۔ اور جب کہ لوگوں کو

اَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً مِّنْۢ بَعْدِ ضَرَّاۗءَ

مصیبت کے بعد جو اُن پر پڑتی ہے ہم رحمت کا ذائقہ چکھا دیتے ہیں

مَسَّتْهُمْ اِذَا لَهُمْ مَّكْرٌ فِيْٓ اٰيَاتِنَا ۭ

تو فوراً ہماری آیتوں میں حیلہ سازی کرنے لگتے ہیں۔

قُلِ اللّٰهُ اَسْرَعُ مَكْرًا ۭ اِنَّ رُسُلَنَا

(اے نبی م!) کہدو اللہ تو کا حیلہ تو بہت تیز ہے بیشک ہمارے بھیجے ہوئے (فرشتے)

يَكْتُبُوْنَ مَا تَمْكُرُوْنَ ﴿٢١﴾ هُوَ الَّذِيْ

تمہاری حیلہ گری لکھ رہے ہیں۔ وہی تو ہے جو تم کو جنگل

يُسَيِّرُكُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ۭ حَتّٰٓي اِذَا

اور دریا میں لئے پھرتا ہے یہاں تک کہ جب تم

كُنْتُمْ فِي الْفُلْكِ ۚ وَجَرَيْنَ بِهِمْ بِرِيْحٍ

کشتی میں ہوتے ہو اور موافق ہوا سے وہ کشتیاں ان کو

طَيِّبَةٍ وَّفَرِحُوْا بِهَا جَاۗءَتْهَا رِيْحٌ

لئے جارہی ہیں اور وہ خوش خوش ہیں کہ (دفعتاً) اُن کشتیوں پر تند

عَاصِفٌ وَّجَاۗءَهُمُ الْمَوْجُ مِنْ كُلِّ

ہوا چلنے لگی اور ہر طرف سے اُن پر پانی کی دھڑیں گرنے لگیں

مَكَانٍ وَّظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ اُحِيْطَ بِهِمْ ۙ

اور یقین ہو گیا کہ اب تو (برے) گھر گئے۔

دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ڬ

جب تو خالص اللہ تعالیٰ ہی کو مان کر اس کو پکارنے لگتے ہیں۔

لَىِٕنْ اَنْجَيْتَنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ

کہ اگر تو نے ہم کو اس بلا سے نجات دی تو ضرور ہم تیرا شکر کیا

الشّٰكِرِيْنَ ﴿٢٢﴾ فَلَمَّآ اَنْجٰىهُمْ اِذَا هُمْ

کریں گے۔ پھر جب وہ ان کو نجات دیدیتا ہے تو

يَبْغُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ۭ

زمین پر اترتے ہی ناحق کی سرکشی کرنے لگتے ہیں۔

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا بَغْيُكُمْ عَلٰٓي

لوگو! تمہاری سرکشی تمہاری ہی جان کا وبال ہے زندگی

اَنْفُسِكُمْ ۙ مَّتَاعَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۡ ثُمَّ

دنیا کے مزے ہیں لے لو۔ پھر تو لوٹ کر

اِلَيْنَا مَرْجِعُكُمْ فَنُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ

ہمارے ہی پاس آنا ہے تب ہم تمہیں بتائیں گے کہ تم کیا کیا

تَعْمَلُوْنَ ﴿٢٣﴾

کرتے تھے۔

ترکیب

مالایضرہم مفعول ہے یعبدون کا من دون اللہ مفعول کی صفت سبحانہ منصوب ہے مصدر ہو کر فعل محذوف کا واذا اذقنا شرط اذا مفاجاتیہ جواب اذاہم فلما کا جواب ؀

تفسیر

لایفلح المجرمون کے بعد اُن کے جرم صریح اور اعتقادِ قبیح کی تصریح فرماتا ہے کہ یعبدون الخ خدا تعالیٰ کے سوا ایسی بے سود چیزوں کی عبادت کرتے ہیں کہ نہ اُن کو کچھ نفع دے سکتی ہیں عبادت کرنے سے نہ نقصان ترک عبادت سے اور اپنے زعم فاسد میں اُن کا ان سے یہ نفع خیال کرنا بھی غلط ہے کہ ہٰؤلاء شفعاؤنا عند اللہ یہ ہماری خدا تعالیٰ کے ہاں سفارش کرتے ہیں ہم ان مورتوں یا اپنے بزرگوں سے مانگتے ہیں وہ اللہ تعالیٰ سے سفارش کرکے ہمارے مطالب دِلاتے ہیں کیونکہ اتنبئون اللہ الخ جب اللہ تعالیٰ ہی کے علم میں ایسے سفارشیوں کا وجود نہ آسمانوں میں

۱؎ اخیر نتیجہ کا ۱۲ منہ ۲؎ ریح عاصف ہی ذات عصف و قیل العصوف م مختص بالریح فلا حاجۃ الی الفارق و قیل الریح تذکر و تؤنث (ابو السعود) و معنی العصف السرعۃ یقال ناقۃ عاصف (کبیر) ۱۲ منہ

Marfat.com

ہے نہ زمین میں تو پھر تم کہاں سے خدا تعالےٰ کے سفارشی بنالائے ہو سبحانہ الخ یہ تمھارے سب خیالات فاسدہ ہیں اس قسم کے سفارشی اُس کے کارخانۂ قدرت میں شریک ٹھہرتے ہیں وہ شریکوں سے پاک اور بَری ہے۔ عرب کے مشرک (بلکہ ہند وغیرہ بلاد کے اب تک کے مشرکین) ایسی بدیہی البطلان باتو پر الزام کھا کر یہ کہدیا کرتے تھے کہ یہ دستور آج سے نہیں قدیم سے ہے اس کے جواب میں فرماتا ہے ماکان الناس الخ کہ تمھارا یہ کہنا غلط ہے کس لئے کہ ابتدائے آفرینش آدم سے مدت دراز تک سب اپنی فطرت کے موافق ایک ہی امت یعنی موحّد اور خدا پرست تھے یہ تو بعد میں کج رَووں نے فطرت الٰہیہ میں اختلاف کرکے بُت پرستی اور گمراہی نکالی ہے جن کی تم موروثیں پُوجتے ہو اُنھیں کو دیکھو کہ وہ اکثر موحّد اور خدا پرست تھے نہ وہ کسی کو پوجتے تھے نہ کسی قبر پر سجدہ کرتے تھے نہ اُن کی نذر و نیاز کرکے منتیں مانگتے تھے۔ نوشتۂ ازلی یوں ہے ورنہ ابھی فیصلہ ہوجاتا۔ عرب کے جاہلوں کی ایک یہ بھی عادت تھی کہ دل میں قائل ہوکر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے اپنی خواہش کے موافق معجزہ طلب کیا کرتے تھے چونکہ ایسے عنادیوں کے کہنے پر معجزہ ظاہر کرنا قانونِ[1] نبوت اور قاعدۂ قضاء وقدر کے خلاف ہے اُن کے قول لولا انزل علیہ آیۃ من ربّہ کے جواب میں انما الغیب الخ فرمایا گیا کہ یہ اُسی کے اختیار میں سے جانے وہ کب ظاہر کرے یہ غیب کی بات وہی جانتا ہے اور ممکن ہے کہ آیت سے مراد اُن کی وہ ہلاکی اور کفار کی مغلوبی ہو کہ جس کا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ان سے وعدہ کیا تھا سو وہ اس کا پوچھتے ہوں گے جس پر یہ فرمایا گیا۔ اس لئے اس کے بعد اُن سے وہ واقعے ایسے بیان کئے جاتے ہیں کہ جن میں آیت اللہ آنکھوں سے دیکھ کر منحرف ہوجاتے ہیں۔ اوّل کی طرف اذا ذاقت الناس الخ میں اشارہ ہے (رُسُلنا سے مراد ملائکہ ہیں جو انسان کے نیک و بد اعمال لکھتے ہیں)۔ دوم کی طرف ہو الذی یسیّرکم الخ میں دریائی سفر میں جب تم طوفان اور گرداب میں پھنستے ہو تو ہمیں کو خالص پکارتے ہو پھر منحرف ہوجاتے ہو یہ کیا کم نشانی ہے؟۔

إِنَّمَا مَثَلُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ أَنزَلْنٰهُ

زندگی دنیا کی مثال تو بس پانی کی سی ہے کہ جس کو ہم نے آسمان سے

مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْأَرْضِ

برسایا جس سے زمین سبز کی وہ بوٹیاں اس سے مل کر نکلیں کہ جن کو

مِمَّا يَأْكُلُ النَّاسُ وَالْأَنْعَامُ حَتّٰٓى

آدمی اور چارپائے کھاتے ہیں۔ یہاں تک کہ جب

إِذَآ أَخَذَتِ الْأَرْضُ زُخْرُفَهَا وَ

زمین اپنی تازگی پر آئی اور ہری بھری ہوگئی اور

ازَّيَّنَتْ وَظَنَّ أَهْلُهَآ أَنَّهُمْ قٰدِرُونَ

زمین والوں نے سمجھ لیا کہ اب یہ ہمارے قابو میں

عَلَيْهَآ أَتٰهَآ أَمْرُنَا لَيْلًا أَوْ نَهَارًا

آگئی (کہ یکایک) رات یا دن میں اس پر ہمارا حکم آپہنچا تو ہم نے اس کا

فَجَعَلْنٰهَا حَصِيدًا كَأَن لَّمْ تَغْنَ

ایسا ستھراؤ کردیا کہ گویا یہاں کل کچھ بھی

[2] یعنی پانی سے۔ پانی جب زمین میں پیوست ہوتا ہے تو اس امتزاج سے نباتات پیدا ہوتی ہیں جن کو انسان و بہائم کھاتے ہیں آسمان کا پانی بمنزلۂ زوج کے پانی کے اور زمین بمنزلۂ رحم اس کے ہے یہ اختلاط ان کے اختلاط کے مشابہ ہے نباتات کی روئیدگی انسانی توالد سے مشابہ ہے یا برعکس کہو کیونکہ مشابہت طرفین سے ہے اب جس طرح یہ نباتات لہلہاتی اور بہار پر آتی ہیں اسی طرح انسان بھی جوانی اور بالیدگی کے ایام میں لہلہاتا ہے پر جس طرح اس چند روزہ بہار کے بعد اس روئیدگی پر فنا کے آثار نمودار ہونے لگتے ہیں کہ زرد پڑتی گئی آخر گر پڑی اور ہوا میں ذرہ ذرہ ہوکر اُڑنے لگیں اور پاؤں میں روندی گئی اور خاک سے نکلی تھی پھر خاک میں جا ملی، آثار پیری نمودار ہونے لگتے ہیں آخر مرجاتا ہے اور خاک میں جا ملتا ہے اس کی زندگی کے عیش اور (باقی ص ۵۳۴ پر)

[1] چنانچہ حضرت مسیح علیہ السلام سے جب بوقت صلیب یہودیوں نے معجزہ طلب کیا تو نہ دکھایا جیسا کہ انجیل متی کے ۱۲ باب میں ہے پھر پادری صاحب اس آیت سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات کا انکار کیوں کرتے ہیں ۱۲ منہ

Marfat.com

بِالْاَمْسِ ؕ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ
نہ تھا۔ ہم اس طرح سے کھول کھول کر سوچنے والوں کے لئے (اپنی
لِقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۴﴾ وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا
قدرت کی) دلائل بیان کر رہے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ تم کو دار السلام
اِلٰى دَارِ السَّلٰمِ ؕ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ
(جنت) کی طرف بلا رہا ہے۔ اور جس کو چاہتا ہے سیدھا رستہ
اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۲۵﴾ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوا
دکھاتا ہے۔ نیکوں کو نیک بدلہ
الْحُسْنٰى وَزِيَادَةٌ ؕ وَلَا يَرْهَقُ وُجُوْهَهُمْ
ہے اور کچھ بڑھ کر بھی۔ اور نہ ان کے مونہوں پر سیاہی
قَتَرٌ وَّلَا ذِلَّةٌ ؕ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ
چڑھے گی اور نہ رسوائی۔ یہی ہیں جنت والے۔
هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۶﴾ وَالَّذِيْنَ كَسَبُوا
وہی اس میں ہمیشہ رہا کریں گے۔ اور جنھوں نے کہ برائیاں کمائی
السَّيِّاٰتِ جَزَآءُ سَيِّئَةٍۢ بِمِثْلِهَا ۙ وَ
ہیں ان کو ویسا ہی برائی کا بدلہ ملے گا۔ اور
تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ؕ مَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ
ان پر رسوائی طاری ہوگی۔ اللہ تعالیٰ سے ان کو کوئی بچانے والا
مِنْ عَاصِمٍ ۚ كَاَنَّمَآ اُغْشِيَتْ وُجُوْهُهُمْ
نہ ہوگا۔ گویا کہ ان کے چہروں پر سیاہ رات کا
قِطَعًا مِّنَ الَّيْلِ مُظْلِمًا ؕ اُولٰٓئِكَ
ایک ٹکڑا اڑھایا گیا ہے۔ یہی ہیں

(بقیہ حاشیہ ص ۵۳۳) اسباب کامرانی کا کہیں پتہ بھی نہیں ملتا۔ پھر اس بے ثبات عمر پر یہ سرکشی یہ نافرمانی۔ پھر جس طرح سال گزشتہ کی نباتات پھر سال آیندہ میں بارش ہوتے ہی زمین سے نکل پڑتی ہے اسی طرح قیامت کے روز ایک پانی برسے گا جو ماء الحیات کے نام سے موسوم ہوگا اس سے تمام انسان نباتات کی طرح زمین سے یکبارگی نکل پڑیں گے اور وہ حیات حیات ابدی ہوگی جہاں نیکی بدی کا ثمرہ ملے گا۔ انسان کی آسمانی بارش اور اس کی روئیدگی سے کیا ہی عمدہ مثال ہے گویا اس کی ابتداء سے انتہاء تک کی حالت کا اس کو مشاہدہ کرا دیا ۱۲ منہ

اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۷﴾
دوزخی جو اس میں ہمیشہ رہیں گے۔

ترکیب

کماء خبر مثل الحیوٰۃ، بہ الباء قیل للسبب اے اختلط النبات بسبب اتصال الماء بہ وقیل المعنے خالطہ نبات الارض۔ مما یاکل حال من النبات۔ اتٰہا جواب اذا۔ بالامس یراد بہ الزمان الماضی مطلقاً واذا ارید بہ الیوم الذی قبل یومک کان بغیر اللام۔ والذین کسبوا مبتدا اس کی خبر یا مالہم یا کانما اولٰئک جزاء سیئۃ جملہ معترضہ مبتدا بمثلہا خبر۔

تفسیر

پہلے فرمایا تھا کہ یہ دنیا جس میں تم سرکشی کرتے ہو متاع ہے یعنی برتنے کی ایک بے حقیقت چیز ہے۔ اب یہاں دنیا کی بے ثباتی بیان فرماتا ہے بارش کے پانی اور اس کی روئیدگی کے ساتھ تشبیہ دے کر، کہ جس طرح بارش سے زمین پر گھانس، اناج اگتا ہے اور اس کی سبزی دلکش ہوتی ہے جس کو دیکھ کر کھیتی والا خوش ہوتا ہے کہ اب ہم اس سے نفع حاصل کریں گے کہ یکایک اس پر اولے پڑ جاویں یا کوئی اور مصیبت آجاوے کہ کھیت صاف نظر آوے، اس وقت مالک کے دل میں کس قدر حسرت ہوتی ہے؟ اسی طرح انسان منی کے پانی سے عورت کے رحم میں پیدا ہوتا اور باہر آکر جوان رعنا ہوتا ہے، دنیا کی چیزیں بڑی بڑی امیدوں پر سمیٹتا پھرتا ہے کہ یکایک اجل کا پیغام آتا ہے پھر دنیا سے ایسا ناپید ہوتا ہے کہ گویا یہاں کبھی آیا ہی نہ تھا اس ہری گھانس کی طرح جس کی عمر طبعی چند ایام تھی چند برسوں کے بعد روندن ہو جاتا ہے کہیں ہڈی، کہیں سر کی کھوپڑی کہیں ٹانگ، کہیں ہاتھ پڑا پھرتا ہے پھر اس کی خاک ہو کر ذرہ اور غبار میں اڑتی پھرتی ہے۔ اس عالم میں اس کو ہزاروں حسرتیں

Marfat.com

اور اُس کے مرنے پر اُس کے اعزّہ کے دل میں داغ رہ جاتے ہیں اس کے بعد عالم باقی کی طرف رغبت دلاتا ہے کہ اللہ تعالےٰ تم کو دارالسّلام یعنی جنت کی طرف بُلا رہا ہے وہ سلامتی کا گھر ہے نہ وہاں کوئی دُکھ ہے نہ درد و گریہ بے خبر جس طرح ماں کے پیٹ کو عمدہ جگہ سمجھ کر اس فضا میں آنے پر روتا تھا اسی طرح اس تنگ تار دُنیا سے عالم نُور و سرور کی طرف جانے میں کوتاہی کر رہا ہے۔ پھر اس عالم کے لئے اس کشتِ دنیا میں عمدہ اور بُرے پھل بونے اور اُن کے نتائج پیدا ہونے کا ذکر کرتا ہے کہ لِلّذین اَحسنوا نیکوں کو نیکی اور زیادہ یعنی دیدارِ الٰہی اور بُروں کے لئے عذابِ دائمی اور رُو سیاہی ہے۔ ہائے غفلت! خدا تعالےٰ دارالسّلام کی طرف بُلا رہا ہے اور ہم دارالآلام میں پھنسے جاتے ہیں:

وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيعًا ثُمَّ نَقُولُ
اور جس روز کہ ہم اُن سب کو جمع کریں گے پھر شرک کرنے والوں کو

لِلَّذِينَ أَشْرَكُوا مَكَانَكُمْ أَنْتُمْ وَ
کہیں گے کہ تم اور جن کو تم شریک ٹھہراتے تھے یہیں

شُرَكَاؤُكُمْ ۚ فَزَيَّلْنَا بَيْنَهُمْ وَقَالَ
ٹھہرے رہو۔ پھر اُن میں ہم جُدائی کر دیں گے اور اُن کے

شُرَكَاؤُهُمْ مَا كُنْتُمْ إِيَّانَا تَعْبُدُونَ ﴿٢٨﴾
معبود کہیں گے کہ تم تو ہماری بندگی نہیں کرتے تھے۔

فَكَفَىٰ بِاللَّهِ شَهِيدًا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ
پس (اب) ہمارے اور تمھارے درمیان اللہ تعالےٰ ہی کی شہادت بس ہے

إِنْ كُنَّا عَنْ عِبَادَتِكُمْ لَغَافِلِينَ ﴿٢٩﴾
کہ ہم کو تو تمھاری عبادت کی خبر بھی نہ تھی۔

هُنَالِكَ تَبْلُو كُلُّ نَفْسٍ مَا أَسْلَفَتْ
وہاں ہر شخص جو کچھ اُس نے آگے بھیجا تھا جانچ لے گا،

وَرُدُّوا إِلَى اللَّهِ مَوْلَاهُمُ الْحَقِّ وَ
اور سب اللہ تعالےٰ کی طرف جو اُن کا مالکِ حقیقی ہے لوٹا کر لائے جائیں گے، اور

ضَلَّ عَنْهُمْ مَا كَانُوا يَفْتَرُونَ ﴿٣٠﴾
جو کچھ وہ منصوبے باندھتے تھے سب کھوئے جائیں گے،

قُلْ مَنْ يَرْزُقُكُمْ مِنَ السَّمَاءِ وَ
پوچھئے وہ کون ہے جو تم کو آسمان اور

الْأَرْضِ أَمَّنْ يَمْلِكُ السَّمْعَ وَ
زمین سے روزی پہنچایا کرتا ہے؟ وہ کون ہے کہ جس کے بس میں شنوائی اور

الْأَبْصَارَ وَمَنْ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ
بینائی ہے؟ اور وہ کون ہے جو زندہ کو مُردے سے اور مُردے کو

الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ
زندہ سے نکالتا ہے؟ اور وہ کون ہے جو ہر کام

وَمَنْ يُدَبِّرُ الْأَمْرَ ۚ فَسَيَقُولُونَ
کا انتظام کیا کرتا ہے؟ سو وہ عنقریب کہیں گے کہ

اللَّهُ ۚ فَقُلْ أَفَلَا تَتَّقُونَ ﴿٣١﴾ فَذَٰلِكُمُ
اللہ تعالےٰ۔ پس اُن سے کہو کہ کیوں نہیں ڈرتے؟ پھر یہی اللہ تعالےٰ

اللَّهُ رَبُّكُمُ الْحَقُّ ۚ فَمَاذَا بَعْدَ الْحَقِّ
تو تمھارا پروردگار برحق ہے۔ پھر حق کے بعد گمراہی کے سوا اور

إِلَّا الضَّلَالُ ۖ فَأَنَّىٰ تُصْرَفُونَ ﴿٣٢﴾
ہے کیا؟ پس کدھر پھرے چلے جا رہے ہو۔

كَذَٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى
آپ کے رب کا فرمان نافرمانوں پر یوں صادق ہو کر رہا کہ

الَّذِينَ فَسَقُوا أَنَّهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿٣٣﴾
وہ ایمان نہ لائیں گے۔

ترکیب

عامل یوم اذکر محذوف۔ مکانکم ظرف مبنی ہے لو توقوعہ موقع الامر لے الزموا وفیہ ضمیر فاعل انتم توکید لہٗ والکاف واللیم فی موضع جر عند قوم وعند آخرین الکاف للخطاب لا موضع لہا کالکاف فی ایاکم۔ وشرکاؤکم عطف علی الفاعل

تنبیہ: اب بھی جو نہیں مانتے تو نصیبۂ ازلی کی مار ہے ۱۲ منہ

Marfat.com

فزیلنا عین الکلمۃ واوالانہ من زال یزول وقیل ہو من زلت الشیٔ ازیلہ فعینہ یاء ؛

تفسیر

ویوم نحشرہم یہ بیانِ سابق کا تتمہ ہے یعنی اُن بُت پرستوں کے ساتھ حشر کے روز یہ کیا جاوے گا۔ جو لوگ دنیا میں اللہ تعالےٰ کے سوا اور کسی کو پُوجتے ہیں خواہ ملائکہ کو خواہ جنوں اور ارواحِ انبیاءؑ اور اولیاء اللہ کو خواہ عناصر اور کواکب کو خواہ اُن کے نام کی مورتیں بنا کر یا یونہی اُن کو پکارتے ہر کار میں اُن کو حاجت مشکل کُشا جانتے ہیں اُن کی نذر بھینٹ کرتے ہیں جیسا کہ مکّہ اور عرب کی قومیں کرتی تھیں سو یہ چیزیں اُن کے شرکاء یعنی فرضی معبود ہیں۔ اور بڑا حیلہ اُن کی پرستش کا یہ تھا کہ اُن چیزوں کو اللہ تعالےٰ کے پاس اپنا سفارشی خیال کرتے تھے۔ اب جو حشر کے دن ان سے اور اُن سے معاملہ درپیش ہوگا حق سُبحانہٗ اس کا ذکر فرماتا ہے کہ ہم سب کو یعنی عابدین و معبودین کو جمع کر کے یہ کہیں گے کہ ٹھہرو پھر اُن عابدین اور معبودین میں فرق کر دیں گے یعنے ان کو اُن سے الگ کر دے گا تاکہ ان کو وہ گمانِ فاسد کہ یہ ہمارے سفارشی ہیں غلط ثابت ہو جاوے اور اس سے بڑھ کر یہ ہوگا کہ وہ معبود خدا تعالےٰ کی قسمیں کھا کر کہیں گے اے مشرکین تم ہماری ہرگز عبادت نہ کرتے تھے (بلکہ اپنے شیطانی خیالات و وسواسات کی) اور ہم کو تمھاری عبادت کی خبر بھی نہیں۔ فرماتا ہے اس وقت ہر شخص کو حقیقتِ حال معلوم ہو جاوے گی، تبلوا الابتلاء الاختبار، قال تعالےٰ (وبلونٰہم بالحسنات والسیّئات) کہ اس نے دنیا میں کیا کیا تھا یہاں کھرا کھوٹا پرکھا جاوے گا اور جب یہ معلوم ہوگا تو رُدّوا الی اللہ الخ سب معبودوں کو چھوڑ اپنے حقیقی مولےٰ کی طرف پھیر کر لائے جائیں گے اور سب منصوبے بھول جائیں گے۔ قل من یرزقکم حشر کا واقعۂ جان گداز بیان فرما کر اُن کے فسادِ مذہب پر دلائل قائم کرتا ہے۔

دلیلِ اوّل یہ چار باتیں، کہ جو اُلوہیت کا خاصہ مختصہ اور عبودیت کے مقتضےٰ ہیں، کافر اور بُت پرست بھی اللہ تعالےٰ کے لئے مانتے تھے (۱) آسمان و زمین سے روزی دینا بارش کرنا آفتاب و ماہتاب کی گرمی سردی موافق رکھنا اولوں اور دیگر مصائب سے محفوظ رکھنا زمین سے یہ کہ اُس سے طرح طرح کی نباتات اُگانا اُن کا اچھا پھل پھول لانا (۲) امّن یملک الخ انسان کے حواس سمع بصر پر قادر ہونا اُن سے بندوں کو منتفع کرنا۔ (۳) ومن یخرج الخ مُردے سے زندہ کو پیدا کرنا اور اُس کے برعکس جیسا کہ درخت یا انسان کا تخم مُردہ چیز ہوتی ہے اُس سے سرسبز درخت یا چلتا پھرتا انسان پیدا کرنا پھر درخت میں سے وہ دانہ اور انسان سے وہی مُردہ منی پیدا کر دینا یہ اُلٹ پلٹ اُسی کا کام ہے۔ یا کافر سے مؤمن مؤمن سے کافر پیدا کرنا وغیرہ۔ (۴) من یدبّر الامر تمام نظامِ عالم کے کاروبار تندرستی، بیماری، فقیری، امیری۔ پھر فرماتا ہے کہ ان سے پوچھو یہ کس کے بس میں ہیں؟ وہ جب کہیں کہ اُسی کے، تو کہو قابلِ پرستش تو یہ اللہ تعالےٰ ہے نہ کہ جن کو تم پوجتے ہو ہدایت کے چھوڑنے کے بعد بجز گمراہی کے اور کیا ہے؟ پھر فرماتا ہے کہ باوجود اس کے جو وہ باز نہیں آتے تو یہی بات ہے کہ ازلی نوشتہ کی مار ہے ؛

قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّبْدَؤُا

(اے رسولؐ ان سے) پوچھیے تمھارے معبودوں میں سے بھی آیا کوئی ایسا

الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ؕ قُلِ اللّٰهُ يَبْدَؤُا

ہے کہ جو اول بار پیدا کر کے پھر بار دیگر پیدا کرتا ہو؟ کہدیجئے اللہ تعالیٰ ہی مخلوق کو

الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ﴿۳۴﴾

اوّل بار پیدا کرتا پھر وہی اُن کو لوٹائے گا پھر تم کدھر بہکے جا رہے ہو۔

قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّهْدِيْٓ

(پھر) پوچھیے تمھارے معبودوں میں سے کوئی ایسا بھی ہے جو حق کی

اِلَى الْحَقِّ ؕ قُلِ اللّٰهُ يَهْدِيْ لِلْحَقِّ ؕ

رہنمائی کر سکے۔ کہدو اللہ تعالیٰ ہی حق کی رہنمائی کیا کرتا ہے۔

ع المزایلۃ المفارقۃ والتزایل التباین ۱۲ منہ

Marfat.com

أَفَمَن يَهْدِي إِلَى الْحَقِّ أَحَقُّ أَن يُتَّبَعَ أَمَّن لَّا يَهِدِّي إِلَّا أَن يُهْدَىٰ ۖ فَمَا لَكُمْ كَيْفَ تَحْكُمُونَ ﴿٣٥﴾ وَمَا يَتَّبِعُ أَكْثَرُهُمْ إِلَّا ظَنًّا ۚ إِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِي مِنَ الْحَقِّ شَيْئًا ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ بِمَا يَفْعَلُونَ ﴿٣٦﴾ وَمَا كَانَ هَٰذَا الْقُرْآنُ أَن يُفْتَرَىٰ مِن دُونِ اللَّهِ وَلَٰكِن تَصْدِيقَ الَّذِي بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيلَ الْكِتَابِ لَا رَيْبَ فِيهِ مِن رَّبِّ الْعَالَمِينَ ﴿٣٧﴾ أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَاهُ ۖ قُلْ فَأْتُوا بِسُورَةٍ مِّثْلِهِ وَادْعُوا مَنِ اسْتَطَعْتُم مِّن دُونِ اللَّهِ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ﴿٣٨﴾ بَلْ كَذَّبُوا بِمَا لَمْ يُحِيطُوا بِعِلْمِهِ وَلَمَّا يَأْتِهِمْ تَأْوِيلُهُ ۚ كَذَٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ فَانظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الظَّالِمِينَ ﴿٣٩﴾

بھلا جو حق کی رہنمائی کرتا ہے اس کا کہا ماننا چاہیئے یا اُس کا جو اور کی رہنمائی تو کیا کرے گا؟ آپ ہی رہنمائی کا محتاج ہو۔ پھر تمھیں کیا ہو گیا؟ کیسا انصاف کر رہے ہو۔ اور ان میں سے اکثر تو خیالات ہی کے تابع ہیں۔ حالانکہ خیال حق کے مقابلہ میں کچھ بھی کام نہیں آتا۔ بے شک خدا تعالیٰ خوب جانتا ہے جو کچھ کہ وہ کر رہے ہیں۔ اور قرآن مجید ایسا نہیں کہ خدا تعالیٰ کے سوا از خود گھڑ لیا گیا ہو بلکہ اگلی (کتابوں) کی تصدیق اور تفصیل ہے اس میں کوئی شبہ نہیں (یہ) تمام جہان کے رب کی طرف سے ہے۔ کیا یہ کہتے ہیں کہ اس کو از خود بنا لیا ہے۔ کہو ایسی کوئی ایک سورۃ تم بھی لو بنا لاؤ اور جس کو چاہو خدا تعالیٰ کے سوا (مدد کے لئے) بلا لو اگر تم سچے ہو۔ بلکہ جس کو تم سمجھ نہ سکے اسے جھٹلانے لگے اور ابھی تو اُن کو اس کا موقع ہی نہیں آیا تھا ان سے پہلوں نے بھی اسی طرح جھٹلایا تھا پھر دیکھو ظالموں کا کیسا بُرا انجام ہوا۔

ترکیب

من آخ مبتدا من شرکائکم خبر جملہ استفہامیہ افمن یہدی مبتدا احق خبر ہذا القرآن اسم کان ان یفتری خبر ای افتراء من دون اللہ تفصیل مفعول لہ انزل محذوف کا۔

تفسیر

قل ہل من شرکائکم یہ **دوسری دلیل** ابطال شرک پر ہے۔ اس کی تشریح اور آیات میں ہے کہ وہ انسان کو نطفہ سے علقہ پھر مضغہ سے انسان کیونکر بناتا ہے اور آسمانوں اور زمین اور اُن کے اندر کی چیزوں کو کس طرح سے بنایا اور پھر کیونکر دوبارہ پیدا کرے گا؟ اس لئے یہاں اجمال اور استفہام پر اکتفاء کیا گیا۔ اور جو بات مخالف کے نزدیک ظاہر ہو اور اس میں غور کرنے سے یقین کر سکتا ہو تو فصحاء و بلغاء اُس کو بطور استفہام کے ذکر کرتے ہیں جس سے مخاطب کے دل پر بڑا اثر پڑتا ہے گو وہ اعادہ کے قائل نہ تھے اور حشر و نشر کے منکر مگر جب کہ

لہ الافتراء افتعال من فریت الادیم اذا قدرتہ للقطع ثم استعمل فی الکذب کما استعمل قولہم خلق فلان ہذا الحدیث فی الکذب ۱۲ منہ

۲ یعنی قرآن مجید میں دو طرح سے اعجاز ہے اوّل بلاغت و فصاحت سے سو اس پر بھی غور نہیں کیا کہ ہماری قدرت سے باہر ہے دوم اس میں آنے والی باتیں مذکور ہیں جیسا کہ مرنے کے بعد کا حال اور آنے والے مصائب یا فتوحات سو ان کو بھی بے دھڑک جھٹلا دیا اور ہنوز ان کے پورا ہونے کا وقت بھی انھیں نہیں بلا کہ وقت پر پورا نہ ہونے سے تکذیب کا مضائقہ نہ ہوتا ۱۲ منہ

Marfat.com

دلائل سے ثابت کر دیا گیا تو گویا اقرار کرایا اس لئے اس کو بھی اُن کے مسلّمات میں سے قرار دے کر استفہام میں داخل کیا گیا اور اس کا لطف اہل مناظرہ ہی جانتے ہیں۔ ہل من شرکائکم الخ یہ **تیسری دلیل** ہے۔ دوسری میں مخلوقات کے پیدا کرنے اور اُن کے اعادہ سے استدلال تھا اس میں اُن کی ہدایت سے استدلال ہے اُس میں مخلوق کے جسم سے استدلال تھا تو یہاں رُوح سے ہے کیونکہ بینائی شنوائی و دیگر حواس و ادراکات جو رُوح سے متعلق ہیں ہدایت میں کام آتے ہیں۔ ہدایت کا سلسلہ بڑا وسیع ہے ہر شخص انسان سے لے کر چرند و پرند بلکہ نباتات تک اس سے فیضیاب ہے۔ دُنیاوی امور اُس کی معاش کی اصلاح، مضرات کے دفع کرنے کی تدابیر وہی سُجھاتا ہے ہر نوع کو اس کے متعلق ہزارہا علوم اُس نے سکھائے ہیں حتّٰی کہ نہایت آبدار کپڑا ساکھ کی بنتی ہے، مکھیاں شہد نکالتی ہیں، انسان کیسی کلیں ایجاد کرتا اور کیا کیا بناتا ہے؟ اسی طرح امورِ آخرت اور خدا پرستی کی رہنمائی بھی اسی کا کام ہے۔ ہدایت عام ہے۔ وما کان ہٰذا القرآن الخ ان مطالب عالیہ کے بعد پھر اُن کے اس تعجب کو جو انہیں قرآن کی بابت تھا رفع کرتا ہے کہ قرآن کے یہ مطالب عالیہ خود اُس کے برحق ہونے کی دلیل بیّن ہونے وہیں اس بات کو ان چند دلائل سے ثابت کرتا ہے (۱) تصدیق الّذی بین یدیہ کہ محمّد علیہ السّلام مکہ میں پیدا ہوتے وہیں جوان ہوتے وہاں نہ کوئی اہلِ علم تھا نہ کوئی کُتب خانہ، نہ آپؐ نے کسی سے کچھ پڑھا تھا اُس کے لئے کہیں کا سفر کیا باوجود اِس کے ایسا قرآن اُن سے ظاہر ہونا کہ جس میں خدا تعالےٰ کی ذات و صفات و ملائکہ و دیگر اصولِ دینیّہ و قصصِ انبیائے سابقینؑ اس کثرت سے ہوں اور پھر بھی اُن اُمور میں پہلے انبیاءؑ اور اُن کی کتابوں سے مخالف نہ ہو بلکہ ان کا مصدّق یہ بات بغیر الہام ربّانی و وحیِ الٰہی ممکن نہیں۔ (۲) تفصیل الکتاب کہ یہ قرآن کتابِ فطری یا لوحِ محفوظ کی تفصیل ہے۔ بے شمار علوم الٰہیات و عملیات کا اس میں ٹھیک ٹھیک اور صحیح طور پر اور اُسی کے مطابق ہونا اس کے من اللہ ہونے کی دلیلِ بیّن ہے اسی لئے اس کی نسبت من ربّ العالمین کہنا بہت صحیح ہے۔ پھر فرماتا ہے کہ اب بھی اس کو جھوٹا کہیں تو ان سے کہدو کہ تم اس کی ایک سورۃ کے برابر تو بنا کر دکھا دو اور جس سے چاہو مدد بھی لے لو۔ پھر فرماتا ہے کہ ان کو اس کی حقیقت نہ معلوم ہوئی اس لئے اپنی نادانی سے جھٹلاتے ہیں اور قرآن مجید کی خبریں پورا ہونے کا تو ابھی وقت بھی نہ آیا تھا پہلے سے جھٹلا دیا پھر جھٹلانے والوں کا انجام بھی بہت ہی بُرا ہوتا ہے۔

وَمِنْهُمْ مَّنْ يُّؤْمِنُ بِهٖ وَمِنْهُمْ مَّنْ
اور کچھ تو ان میں سے اس کو مانتے ہیں اور کچھ ان میں سے
لَّا يُؤْمِنُ بِهٖ ؕ وَرَبُّكَ اَعْلَمُ بِالْمُفْسِدِيْنَ ﴿۴۰﴾
اس کو نہیں مانتے۔ اور آپؐ کا رب تو مفسدوں کو خوب جانتا ہے۔
وَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقُلْ لِّيْ عَمَلِيْ وَ
اور اگر آپؐ کو جھٹلائیں تو کہدو میرا عمل میرے لئے اور
لَكُمْ عَمَلُكُمْ ۚ اَنْتُمْ بَرِيْٓـُٔوْنَ مِمَّآ
تمہارا عمل تمہارے لئے۔ جو کچھ میں کر رہا ہوں تم اس کے ذمہ دار
اَعْمَلُ وَاَنَا بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۴۱﴾
نہیں اور نہ جو کچھ تم کر رہے ہو اس کا میں ذمہ دار ہوں۔
وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُوْنَ اِلَيْكَ ؕ اَفَاَنْتَ
اور کچھ ان میں سے آپؐ کی طرف کان بھی لگایا کرتے ہیں۔ پھر کیا آپؐ
تُسْمِعُ الصُّمَّ وَلَوْ كَانُوْا لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۴۲﴾
بہروں کو بھی سنا سکتے ہیں؟ اور گو وہ عقل بھی نہ رکھتے ہوں۔
وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّنْظُرُ اِلَيْكَ ؕ اَفَاَنْتَ
اور ان میں سے بعض ایسے بھی ہیں کہ آپؐ کو تاکا کرتے ہیں۔ پھر کیا آپؐ ایسے
تَهْدِى الْعُمْىَ وَلَوْ كَانُوْا لَا يُبْصِرُوْنَ ﴿۴۳﴾
اندھوں کو بھی راہ دکھا سکتے ہیں جو دیکھ بھی نہ سکتے ہوں۔

Marfat.com

إِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ النَّاسَ شَيْئًا وَّ
بے شک اللہ تعالےٰ تو کسی شخص پر کچھ بھی ظلم نہیں کرتا

لٰكِنَّ النَّاسَ أَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۴۴﴾
لیکن لوگ اپنی جانوں پر آپ ہی ظلم کر رہے ہیں۔

وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ كَأَنْ لَّمْ يَلْبَثُوْٓا إِلَّا
اور جس روز کہ وہ اُن کو (دوبارہ زندہ کرکے) جمع کرے گا تو گویا کہ (دنیا میں

سَاعَةً مِّنَ النَّهَارِ يَتَعَارَفُوْنَ بَيْنَهُمْ ۭ
کریں گے کہ) دنیا میں دو گھڑی بھی نہ رہے تھے مگر وں کی ایک گھڑی بھر ایک دوسرے کو پہچانیں گے بھی۔

قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِلِقَاۗءِ اللّٰهِ
جنھوں نے اللہ تعالےٰ کے سامنے جانے کو جھٹلایا وہ تو خرابی میں پڑ گئے،

وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ﴿۴۵﴾ وَإِمَّا نُرِيَنَّكَ
اور وہ ہدایت پر آنے والے بھی نہ تھے۔ اور اگر ہم آپ کو جس کا آپ اس

بَعْضَ الَّذِيْ نَعِدُهُمْ أَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ
میں سے وعدہ کر رہے ہیں کچھ دکھائی دیں (تو یہ بھی ہو سکتا) یا آپ کی عمر پوری

فَإِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ اللّٰهُ شَهِيْدٌ عَلٰى
پھر آنا تو سب کو ہمارے ہی پاس ہے۔ پھر جو کچھ وہ کر رہے ہیں اس پر اللہ تعالےٰ

مَا يَفْعَلُوْنَ ﴿۴۶﴾ وَلِكُلِّ أُمَّةٍ رَّسُوْلٌ ۚ
آپ گواہ ہے۔ اور ہر قوم کا ایک رسول ہوا ہے۔

فَإِذَا جَاۗءَ رَسُوْلُهُمْ قُضِيَ بَيْنَهُمْ
پھر جب اُن کے پاس اُن کا رسول آئے گا تو اُن کا انصاف سے فیصلہ

بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَ
کیا جائے گا۔ اور اُن پر (کچھ بھی) ظلم نہ کیا جائے گا۔ اور

يَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ إِنْ كُنْتُمْ
وہ پوچھتے ہیں کہ وعدہ کب ہوگا اگر تم سچے ہو تو (بتاؤ)۔

صٰدِقِيْنَ ﴿۴۸﴾ قُلْ لَّآ أَمْلِكُ لِنَفْسِيْ
(رسو) کہدو مجھے تو اپنے نقصان و نفع

ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا إِلَّا مَا شَاۗءَ اللّٰهُ ۭ
کا بھی اختیار نہیں مگر جس قدر کہ خدا تعالےٰ چاہتا ہے۔

لِكُلِّ أُمَّةٍ أَجَلٌ ۭ إِذَا جَاۗءَ أَجَلُهُمْ
ہر قوم کا ایک وقت مقرر ہے۔ جب اُن کا وقت آجاتا ہے پھر تو نہ

فَلَا يَسْتَأْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿۴۹﴾
ایک ساعت کی دیر کر سکتے ہیں اور نہ جلدی۔

ترکیب

كَأَنْ مخففہ من المثقلہ واسمہا محذوف ای کانہم۔ لم یلبثوا خبر ساعۃ ظرف لہ من النہار صفۃ لساعۃ وأما فیہ ادغام نون إن الشرطیۃ فی ما الزائدۃ وجواب الشرط محذوف ای فذاک ؛

تفسیر

باوجود ایسے دلائل قاہرہ و براہین باہرہ کے اُن منکرین میں سے کچھ تو دل میں ایمان لائے ہیں اور کچھ نہیں۔ یہ حالت بھی اُن کی اللہ تعالےٰ سے مخفی نہیں کہ دل میں قائل مگر عناد یا کسی غرضِ دُنیا سے اظہار نہیں کرتے پھر جب عناد اور ضد کی یہ نوبت ہے تو اے نبیؐ! اُن سے کہدو کہ اچھا اگر میں ناحق پر ہوں تو تمھیں میرے اعمال سے کیا، پھر کس لئے ایذا دیتے ہو؛ یعنی جاہلوں سے اعراض کرنا چاہیئے اور اس بات کا اے نبیؐ! کچھ ملال نہ کیجئے کہ وہ کیوں ایمان نہیں لاتے؛ کس لئے کہ وہ اس کے قابل ہی نہیں۔ خدا تعالےٰ نے اُن کو حواسِ سلیمہ آنکھ کان دیئے تھے مگر ضد اور شقاوتِ ازلی نے نکما کر دیا، ومنہم من یستمعون الخ کا یہی مطلب ہے۔ خدا تعالےٰ نے اُن پر ظلم نہیں کیا بلکہ اُنھوں نے خود اپنی جان پر ظلم کیا۔ اب یہ اس دنیا کی راحت اور حشمت اور مال و اسباب پر نازاں ہو کر حق سے اندھے بہرے بنے ہیں مگر حشر کے روز یہ دُنیا کا جینا و ہاں کے ابدی عذاب کے

لہ آیت کے یہ معنے ہو سکتے ہیں کہ ہر قوم کا ایک رسول ہے پھر جب قیامت میں رسول آئے گا اُس کے روبرو اُن کا فیصلہ انصاف سے کیا جائے گا اور ظلم نہ ہوگا ۱۲ منہ

Marfat.com

مقابلہ میں ایک ساعت کے برابر معلوم ہو گا۔ پھر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو تسلّی دیتا ہے کہ یہ بات کچھ آپؐ ہی کی امت پر منحصر نہیں ہمیشہ یوں ہی ہوتا آیا ہے۔ رسولوں کی نافرمانی کرنے والے برباد ہوتے ہیں۔ اس پر کافر کہتے تھے کہ اچھا وہ وقت کب آوے گا؟ اس کے جواب میں کہا، کہدو کہ میرے اختیار میں نہیں جب اللہ تعالٰے چاہے گا آوے گا تقدیم و تاخیر اس میں کچھ نہ ہو گی ؛

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُهٗ بَيَاتًا
(اے پیغمبر ان سے) کہدو دیکھو تو سہی اگر اس کا عذاب تم پر شبا شب یا دن میں
اَوْ نَهَارًا مَّاذَا يَسْتَعْجِلُ مِنْهُ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۵۰﴾
آپڑے (تو کون روک سکتا ہے) تو گنہگار اس کے لئے کیا جلدی مچا رہے ہیں۔
اَثُمَّ اِذَا مَا وَقَعَ اٰمَنْتُمْ بِهٖ ؕ آٰلْـٰٔنَ
کیا جب آ ہی پڑے گا تب اس پر ایمان لاؤ گے۔ (کہا جاوے گا) کیا اب ایمان لاتے ہو
وَقَدْ كُنْتُمْ بِهٖ تَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿۵۱﴾ ثُمَّ
اور تم تو اس کی جلدی کرتے تھے۔ پھر تو
قِيْلَ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذُوْقُوْا عَذَابَ
ظالموں کو یہی کہا جاوے گا کہ عذاب دائمی کا مزہ چکھو۔
الْخُلْدِ ۚ هَلْ تُجْزَوْنَ اِلَّا بِمَا كُنْتُمْ
صرف تم کو اسی کی سزا دی جاتی ہے کہ جو تم کیا
تَكْسِبُوْنَ ﴿۵۲﴾ وَيَسْتَنْۢبِـُٔوْنَكَ اَحَقٌّ
کرتے تھے۔ اور آپؐ سے پوچھتے ہیں کہ کیا وعدہ حق
هُوَ ؕ قُلْ اِيْ وَرَبِّيْٓ اِنَّهٗ لَحَقٌّ ۚ
ہے؟ کہدیجئے مجھے اپنے رب تو کی قسم البتہ وہ برحق ہے۔
وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿۵۳﴾ وَلَوْ اَنَّ
اور تم اس کو روک نہ سکو گے۔ اور اگر ہر ایک شخص
لِكُلِّ نَفْسٍ ظَلَمَتْ مَا فِي الْاَرْضِ
کے لئے کہ جس نے ظلم کیا ہے جتنا کچھ زمین پر ہے سب ہو تو وہ تاوان میں دے
لَافْتَدَتْ بِهٖ ؕ وَاَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا
ڈالے گا (تاکہ عذاب سے بچے) اور جب کہ عذاب دیکھیں گے تو دل میں

رَاَوُا الْعَذَابَ ۚ وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ
بڑے نادم ہوں گے۔ اور ان میں انصاف سے فیصلہ کیا
بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۵۴﴾ اَلَآ
جاوے گا اور ان پر کچھ (بھی) ظلم نہ کیا جاوے گا۔ دیکھو
اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ
جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے سب اللہ تعالٰے ہی کا ہے۔
اَلَآ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلٰكِنَّ
سن رکھو اللہ تعالٰے کا وعدہ بے شک سچا ہے۔ لیکن ان میں سے
اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۵۵﴾ هُوَ يُحْيٖ
اکثر جانتے ہی نہیں۔ وہی زندہ کرتا
وَيُمِيْتُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۵۶﴾ يٰٓاَيُّهَا
اور مارتا ہے اور اسی کے پاس پھر کر جاؤ گے۔ لوگو!
النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ
تمہارے پاس تمہارے رب تو کے ہاں کی نصیحت
رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۙ
اور دلی امراض کی شفا
وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۵۷﴾
اور ایمانداروں کے لئے ہدایت اور رحمت آچکی ہے۔
قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ
کہدو اللہ تعالٰے کے فضل اور اس کی رحمت سے ف پس اسی پر خوش
فَلْيَفْرَحُوْا ؕ هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ﴿۵۸﴾
ہونا چاہیئے۔ جس کو وہ جمع کر رہے ہیں یہ اس سے بہت بہتر ہے۔
قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ لَكُمْ
کہو دیکھو تو سہی اللہ تعالٰی نے جو کچھ تمہارے لئے روزی اتاری ہے تم نے
مِّنْ رِّزْقٍ فَجَعَلْتُمْ مِّنْهُ حَرَامًا وَّ
اس میں سے کچھ حرام بنا رکھی ہے اور

ف اصل الکلام بفضل اللہ وبرحمتہ فلیفرحوا والتکریر للتاکید والتقریر الخ ویجوز ان یراد قد جاءتکم موعظۃ بفضل اللہ وبرحمتہ فبذالک فلیفرحوا ۱۲ کشاف

Marfat.com

حَلٰلًا ؕ قُلْ آٰللّٰهُ اَذِنَ لَكُمْ اَمْ

کچھ حلال، کہدو کیا تم کو اللہ تعالیٰ نے اجازت دی تھی یا یوں ہی

عَلَى اللّٰهِ تَفْتَرُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَمَا ظَنُّ

اللہ تعالیٰ پر بہتان باندھتے ہو۔ اور جو اللہ تعالیٰ پر

الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ

بہتان لگاتے ہیں وہ قیامت کے دن کو کیا سمجھے

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ

ہوئے ہیں۔ ف بے شک اللہ تعالیٰ تو لوگوں پر بڑا فضل

عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۶۰﴾

کرتا ہے، لیکن اکثر آدمی شکر نہیں کرتے۔

ترکیب

ماذا مرتکبہ فی البقرۃ عند قولہ ماذا ینفقون وقیل ماذا اسم واحد مبتدا ویستعجل خبرہ وقد ضعف وفیہ ما فیہ ہو مبتدا احق خبرہ والجملۃ منصوب یستنبئونک الاستنباء طلب کردن خبر۔

تفسیر

قل ارایتم سے لے کر یمحجون تک یہ بات بتلاتا ہے کہ وہ وقت اچانک آجاوے گا پھر تم کیا کر سکو گے اس وقت کا ایمان لانا بھی فائدہ نہ دے گا۔ ولوان سے لے کر لاالیظلمون تک یہ ظاہر کرتا ہے کہ حشر کے دن تمھارا مال واسباب دنیاوی کچھ کام نہ آوے گا۔ تم یہ چاہو گے دنیا بھر کا مال لے کر سب کو چھوڑ دے۔ الاان سے لے کر ترجعون تک یہ ظاہر کرتا ہے کہ تمھارے یہ مال واسباب بھی سب اسی کے دیئے ہوئے ہیں جس پر تم نازاں ہو اور وہ قادر مطلق مارتا چلاتا ہے اس کا وعدہ کسی مالی یا بدنی زور سے روکا نہیں جاسکتا۔ یاایہا الناس سے یمحجون تک یہ مطلب کہ اے لوگو!

ف یوم القیامۃ منصوب بالظن وہو ظن واقع فیہ ۱۲ کشاف

تمھارے مال و دولت سے تو ہزار درجہ بہتر تمھارے پاس خدا تعالیٰ کی ہدایت و رحمت اور دلوں کے امراضِ شکوک و حُبِّ شہوات کی شفا ایماندار وں کے لئے رحمت و ہدایت آچکی، یعنی قرآن جو سرورِ دائمی کا وسیلہ ہے تم کو ایسے غنیمت جاننا چاہیئے اور اس پر خوش ہونا چاہیئے مال فانی ہے یہ باقی۔ قل ارایتم سے لے کر لایشکرون تک ان کی بدعقلی اور ناشکری پر تنبیہ کرتا ہے کہ خدا تعالیٰ کے حکم بغیر تم نے بہت سی پاک چیزوں کو بتوں کے تقرب کے لئے حرام کر رکھا ہے۔ یہ خدا تعالیٰ پر بہتان ہے اور بہتان باندھنے والوں کو قیامت میں سزا ہے جانے وہ اس کو کیا سمجھے ہوئے ہیں اللہ تعالیٰ کا اپنے بندوں پر فضل و کرم ہے جو ایسی کتاب نازل کرتا ہے جس میں شفا ہے پھر بندے بڑے ناشکرے ہیں۔

وَمَا تَكُوْنُ فِيْ شَاْنٍ وَّمَا تَتْلُوْا مِنْهُ

اور آپ جس کسی حال میں ہوں اور قرآن کی کوئی سی آیت بھی

مِنْ قُرْاٰنٍ وَّلَا تَعْمَلُوْنَ مِنْ عَمَلٍ

پڑھ کر سناتے ہوں اور (لوگو!) تم کوئی سا کام بھی کر رہے ہو (ہر حال

اِلَّا كُنَّا عَلَيْكُمْ شُهُوْدًا اِذْ تُفِيْضُوْنَ

میں) جب کہ تم اس کام میں مشغول ہوتے ہو ہم تمھیں دیکھتے رہتے

فِيْهِ ؕ وَمَا يَعْزُبُ عَنْ رَّبِّكَ مِنْ

ہیں۔ اور آپ کے رب پر ذرہ بھر بھی کوئی چیز مخفی نہیں رہتی

مِّثْقَالِ ذَرَّةٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي

نہ زمین میں نہ آسمان میں اور ذرہ سے بھی کم چیز ہو

السَّمَآءِ وَلَاۤ اَصْغَرَ مِنْ ذٰلِكَ وَلَاۤ

یا زیادہ ہو سب کھلے دفتر میں

اَكْبَرَ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿۶۱﴾ اَلَاۤ اِنَّ

درج ہے لے دیکھو

لے کتاب مبین سے مراد لوح محفوظ ہے وہ علم الٰہی کا دفتر ہے اور مبین یعنی واضح اور صاف کوئی ابہام نہیں ہوتا یعنی علم الٰہی سے کوئی (باقی صفحہ ۵۴۲ پر)

Marfat.com

أَوْلِيَاءَ اللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا
اللہ تعالیٰ کے دوستوں پر نہ کچھ خوف ہے اور نہ وہ کچھ غم

هُمْ يَحْزَنُونَ ﴿٦٢﴾ الَّذِينَ آمَنُوا وَ
کریں گے۔ (یہ وہ لوگ ہیں) جو ایمان لائے اور

كَانُوا يَتَّقُونَ ﴿٦٣﴾ لَهُمُ الْبُشْرَىٰ فِي
پرہیز گاری کرتے رہے۔ انھیں کے لئے دنیا میں بھی خوشخبری

الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَفِي الْآخِرَةِ ۚ لَا
ہے اور آخرت میں بھی، اللہ تعالیٰ

تَبْدِيلَ لِكَلِمَاتِ اللَّهِ ۚ ذَٰلِكَ هُوَ
کی باتیں بدلتیں نہیں۔ یہی بڑی کامیابی

الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ﴿٦٤﴾ وَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ
ہے۔ اور آپ ان کی باتوں سے غمگین نہ ہوا کریں۔

إِنَّ الْعِزَّةَ لِلَّهِ جَمِيعًا ۚ هُوَ السَّمِيعُ
کیونکہ عزت تو سب اللہ تعالیٰ ہی کے لئے ہے۔ وہی سنتا جانتا

الْعَلِيمُ ﴿٦٥﴾ أَلَا إِنَّ لِلَّهِ مَنْ فِي
ہے۔ دیکھو آسمانوں اور زمین والے سب

السَّمَاوَاتِ وَمَنْ فِي الْأَرْضِ ۗ وَمَا
اللہ تعالیٰ کے (مخلوق) ہیں۔ اور

يَتَّبِعُ الَّذِينَ يَدْعُونَ مِنْ دُونِ
وہ جو اللہ تعالیٰ کے سوا اور معبودوں کو پوجتے

اللَّهِ شُرَكَاءَ ۚ إِنْ يَتَّبِعُونَ إِلَّا الظَّنَّ
ہیں۔ محض خیالات کی پیروی کرتے ہیں

وَإِنْ هُمْ إِلَّا يَخْرُصُونَ ﴿٦٦﴾ هُوَ الَّذِي
اور وہ محض اٹکلیں دوڑاتے ہیں۔ وہی تو ہے جس نے

جَعَلَ لَكُمُ اللَّيْلَ لِتَسْكُنُوا فِيهِ وَ
تمہارے آرام کے لئے رات بنائی اور

النَّهَارَ مُبْصِرًا ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ
دیکھنے کے لئے دن بنا دیا، البتہ اس قوم کے لئے جو سن سکتی ہے اس میں بڑی

لِقَوْمٍ يَسْمَعُونَ ﴿٦٧﴾ قَالُوا اتَّخَذَ اللَّهُ
(بڑی قدرت کی نشانیاں ہیں)، وہ کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے بیٹا بنایا حالانکہ

وَلَدًا سُبْحَانَهُ ۖ هُوَ الْغَنِيُّ ۖ لَهُ مَا
وہ پاک ہے (اور) بے نیاز ہے۔ جو کچھ آسمانوں

فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۚ إِنْ
اور زمین میں ہے سب اسی کا ہے (پھر بیٹے کی کیا ضرورت ہے؟) تمہارے

عِنْدَكُمْ مِنْ سُلْطَانٍ بِهَٰذَا ۚ أَتَقُولُونَ
پاس اس کی کوئی دلیل تو ہے نہیں۔ کیا بے جانے

عَلَى اللَّهِ مَا لَا تَعْلَمُونَ ﴿٦٨﴾ قُلْ إِنَّ
بولے اللہ تعالیٰ پر جھوٹ بولتے ہو۔ (اے نبی!) کہدو ضرور

الَّذِينَ يَفْتَرُونَ عَلَى اللَّهِ الْكَذِبَ
جو لوگ اللہ تعالیٰ پر جھوٹ بناتے ہیں فلاح نہیں

لَا يُفْلِحُونَ ﴿٦٩﴾ مَتَاعٌ فِي الدُّنْيَا ثُمَّ
پائیں گے۔ کچھ دنیا میں برت لینا ہے پھر تو ان سب کو

إِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ نُذِيقُهُمُ الْعَذَابَ
ہمارے پاس پھر کر آنا ہے پھر تو ہم ان کو ان کے کفر کی وجہ سے عذاب

الشَّدِيدَ بِمَا كَانُوا يَكْفُرُونَ ﴿٧٠﴾
شدید کے مزے چکھا دیں گے۔

ترکیب

فی شان خبر کان وما تتلوا ما نافیہ منہ اے من الشان ای من اجلہ من قرآن مفعول تتلوا اذ ظرف لشھودا من مثقال فی موضع رفع یعزب اے یغیب بضم الزای وکسرھا ولا اصغر ولا اکبر بفتح الراء فی موضع جر صفۃ لذرۃ او لمثقال ویقرآن بالرفع حملا علی موضع من مثقال شرکا مفعول یدعون ومفعول یتبع محذوف دل علیہ ان یتبعون الخ ان العزۃ مستانف والوقف علی قولہم لازم ان عندکم ان بمعنی ما بہذا یتعلق بسلطان۔ الذین مبتدا وخبرہ لایفلحون۔ متاع خبر مبتدا محذوف ؛

انسان کا کوئی حال اس سے مخفی ہے ۱۲ منہ

Marfat.com

تفسیر

مخالفین کے اعتقاداتِ فاسدہ اور خیالاتِ کاسدہ کا براہینِ قاہرہ و دلائلِ باہرہ سے ابطال کرکے ایک ایسی بات فرماتا ہے کہ جس سے مطیع کو خوشی و سرور اور عاصی کو خوف پیدا ہوجائے کہ ماتکون فی شان الخ تو لہ کتاب مبین کہ ہم کو تمھاری ہر ایک بات معلوم ہے اور موجودات میں سے کوئی چیز ہم سے مخفی نہیں نیک کا بدلہ نیک اور بد کو سزا ضرور دیں گے (الشان الخطب والجمع الشؤن تقول العرب ماشان فلان الے ماحالہ) ماتتلوا اور ماتکون میں آنحضرت علیہ السلام کی طرف خطاب ہے اور ولاتعلمون میں عام اُمّت کی طرف۔ وماتتلوا منہ کی ضمیر میں تین احتمال ہیں اوّل شان کی طرف پھرائی جائے کیونکہ تلاوتِ قرآن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شان ہے منجملہ اور شانوں یعنی حالات کے۔ دوم یہ کہ قرآن مجید کی طرف راجع ہو یعنی قرآن میں سے جو یا جس قدر قرآن آپ پڑھتے ہیں کیونکہ قرآن کا اطلاق کُل اور بعض پر ہوتا ہے۔ سوم یہ کہ اللہ تعالےٰ کی طرف رجوع ہو کہ اللہ تعالےٰ کی طرف سے جو قرآن آپ پڑھتے ہیں۔ اذتفیضون (الافاضۃ ہٰہنا الدخول فی العمل علےٰ جہۃ الانصباب الیہ وہو الانبساط فی العمل یقال افاض القوم فی الحدیث اذا اندفعوا فیہ وقد افاضوا من عرفۃ اذا دفعوا منہ بکثرتہم فتفرقوا)۔ ولایعزب، اصل العزوب من البُعد یعنے اس کے معنے دُور اور غائب ہونے کے ہیں اور اسی لئے جس کے اہل وعیال بعید ہوتے ہیں اُس کو عرب میں غریب کہتے ہیں۔ کسائی نے یعزب کو بکسر الزاے و باقی نے ضمہ کے ساتھ پڑھا ہے۔ اس کے بعد اپنے مخلصین صادقین کا رُتبہ بیان فرماتا ہے بقولہ الاانّ اولیاء اللہ الخ۔ علم اشتقاق میں یہ بات مانی گئی ہے کہ و ل ی کا مادّہ قُرب کے معنی میں مستعمل ہوتا ہے اور ولی کی جمع اولیاء آتی ہے جس طرح نبی کی انبیاء۔ لغوی معنی سے ولی قریب کو کہتے ہیں آدمیوں میں بھی اہلِ قرأت کو ولی کہتے ہیں، بولتے ہیں یہ اُس کا ولی ہے۔ ولی اللہ کا قرب لیکن اللہ تعالےٰ کی کسی سے نہ رشتہ کی قرابت ہے نہ جسمانی کیونکہ وہ جسم بلکہ مکان سے بھی پاک ہے۔ پس اُس کی قرابت جو ہے تو روحانی ہے جس کی تفسیر خود اُس نے اپنے کلام پاک میں متعدد مقامات پر اور خاص اس جگہ فرمادی والذین آمنوا وکانوا یتقون کہ جو ایمان اور تقوٰی کے زیور سے آراستہ ہیں یعنی جن کی قوتِ نظریہ اور عملیہ مکمل ہیں اس لحاظ سے ہر مومن دیندار کو ولی اللہ کہا جاسکتا ہے اور کبھی اس پر ایک اور قید بڑھائی جاتی ہے وہ یہ کہ اس کی روح پر اُس کے تقرّب اور اُس کے ذکر و فکر سے ایک نورانیت خاص ہوتی ہے پھر اُس کے مراتب بے شمار ہیں یہاں تک کہ جب اُس کے دل اور روح پر اُس کی محبت کا استیلاء ہوجاتا ہے تو اُس کو محویت کا ایسا مرتبہ حاصل ہوتا ہے کہ جس میں فنا فی اللہ اور بقاء باللہ ہوجاتا ہے۔ مگر خواہ یہ کسی مرتبہ میں پہنچے اور کوئی حالت کشف و کرامت و ظہور خرق عادات اس پر طاری ہو یہ بندگی کے حلقہ سے باہر نہیں ہوتا نہ تقوٰی کا لباس اس کے تن سے جُدا ہوتا ہے پھر وہ جو آج کل بے نماز، شراب خوار، بھنگ نوش، ملحد منش صوفیہ کرام کے بہروپ میں دنیا کو ٹھگتے پھرتے اور خدائی اختیارات کے مدعی ہوتے ہیں، کہیں بیٹے بانٹتے پھرتے ہیں، کہیں جاہ و اقبال عمر و دولت دیتے ہیں، کسی سے لیتے ہیں اور پھر سیکڑوں ڈھلمل یقین اُن کے مُرید ہو کر اُن کی پرستش کرتے اور ہزاروں افسانے اُن کے مشہور و معروف کرتے ہیں محض ایک شیطانی دام ہے ؎

کارِ شیطان می کند نامش ولی ۔ گر ولی این است لعنت بر ولی

اولیاء اللہ کے لئے لاخوف علیہم ولاہم یحزنون فرماتا ہے کہ بعد مرنے کے اُن کو کسی مصیبتِ آئندہ کا خوف* و حزن کے لئے جگہ ہی باقی نہیں رہتی کیسے ہی مصائب پیش آئیں اور کتنی ہی سختیاں آجائیں مگر وہ محوِ تماشائے جمالِ باکمال ہیں اس لذّت کے آگے اُن کو خبر بھی نہیں ہوتی ۔ قرونِ ثلاثہ کے بعد

Marfat.com

حضرت محبوب سبحانی سیّدنا **عبدالقادر جیلانی** اور حضرت خواجہ معین الدین چشتی اور حضرت خواجہ بہاء الدّین نقشبند رضی اللہ تعالےٰ عنہم وغیرہم بہت سے اس اُمّتِ مرحومہ میں گزرے ہیں کہ جو انبیائے بنی اسرائیل کے خرق عادات وکرامات میں ہم پلّہ تھے اور ہمیشہ کم زیادہ ایسے ہوتے رہیں گے یہ بھی آنحضرت سرورِ کائنات علیہ الصّلوٰۃ والسّلام کا ایک فیضِ جاری ہے۔ منکر کی آنکھیں نہ ہوں تو کوئی کیا کرے۔ اسی پر بس نہیں بلکہ لہم البشریٰ فی الحیوٰۃ الدنیا والآخرۃ، اس میں چند اقوال ہیں (۱) بُشریٰ سے مراد وہ جنت کی خوش خبری ہے جو ان کو اللہ تعالےٰ نے اپنی کتاب اور انبیاء علیہم السّلام کی معرفت دی ہے جیسا کہ فرماتا ہے یبشرہم ربہم برحمۃ منہ ورضوان۔ (۲) دوم یہ کہ موت کے وقت اُن کو ایک خوشی اور فرحت حاصل ہوگی کہ آج قفسِ تاریک سے طائرِ روح باغِ خُلد میں جاتا ہے آج محبوب حقیقی اپنے پاس بُلاتا ہے قال تعالےٰ تتنزّل علیہم الملائکۃ ان لا تخافوا ولا تحزنوا وابشروا بالجنۃ۔ (۳) یہ کہ خلقِ خُدا خصوصاً ایمانداروں کے دلوں میں ان کی محبّت اور ذکرِ خیر اور عزّت وعظمت پیدا کی جاتی ہے کیونکہ جو محبوبِ حقیقی کے قریب ہوجاتا ہے اُس پر بھی اُس محبوبیت کا اثر ڈالا جاتا ہے اسی لئے آپ دیکھئے کہ حضرت محبوب سبحانی وغیرہ اولیاء اللہ کی محبّت وعظمت کیسی اُمّت کے دل میں پھیلائی گئی ہے سیکڑوں اس حرص میں مرگئے ہوں گے مگر یہ مرتبہ بجز محبوبانِ خُدا کس کو نصیب ہوتا ہے؟ اس کے بعد وہ جو مخالفین اپنی شوکت وہیبت سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو دھمکاتے تھے اس کی نسبت فرماتا ہے: ولا یحزنک قولہم آپؐ ان کی باتوں سے غم نہ کیجئے کس لئے کہ ان العزۃ للہ جمیعا کہ عزّت وآبرو اُسی کے ہاتھ میں ہے اُس نے بڑے بڑے مشرکوں کو خاک میں ملایا ہے۔ پھر الا انّ الخ سے اس بات کی تائید کرتا ہے کہ آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے اُسی کا ہے وہی رات دن کو گردش دے رہا ہے پھر اور کون ہے کہ جس کے اختیار میں عزت وذلّت ہو۔ اور اس کے ضمن میں یہ بھی جتلاتا ہے کہ جب ہم ہی آسمانوں اور زمین کی چیزوں کے مالک اور غنی یعنی بے پروا ہیں کسی کے کسی بات میں محتاج نہیں اور خالقِ لیل ونہار بھی ہم ہی ہیں تو پھر جو تم اُس کے سوا اور معبودوں کو پُوجتے ہو علاوہ بدعقل ہونے کے ذلیل بھی ہو جو مالک کو چھوڑ کر غلام کے آگے ہاتھ جوڑتے ہو۔ اور اُن معبودوں کو بجز غلام اور مخلوق اور بندہ ہونے کے اُس کے ساتھ فرزندی یا برادری یا شرکت کی کوئی بھی نسبت نہیں کس لئے کہ کم سے کم رات دن کا تمھارے فوائد کے لئے بنانا بھی کسی کے ہاتھ میں نہیں، جو تم نے اپنے خیالِ فاسد سے بعض شخصوں کی نسبت تجویز کر رکھی ہے جیسا کہ عرب ملائکہ کو خدا تعالےٰ کی بیٹیاں کہتے تھے اور نصاریٰ مسیح علیہ السّلام کو اُس کا بیٹا۔ جب آسمان وزمین سب کچھ اُس کے ہیں تو بیٹے کی ضرورت کیا ہے؟ اس اعتقاد پر کوئی بھی دلیل اُن کے پاس نہیں۔ محض قیاسی ڈھکوسلے ہیں اور ایسے مفتریوں کی سزا جہنم ہے اُن کو آخرت میں فلاح نہیں۔ اولیاء اللہؒ کے مراتب بیان کرنے کے بعد اولاد ہونے سے پاکی اور استغناء ظاہر کرنا یہ بات بتلا دینا ہے کہ محبّت اور برگزیدگی سے بیٹا اور شریک نہیں ہوجایا کرتا۔

وقف لازم

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ نُوْحٍ ۘ اِذْ قَالَ

اور انکو نوحؑ کا حال سُنا دو جب کہ اُس نے اپنی قوم سے کہا

لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكُمْ

بھائیو! اگر تم کو میرا کھڑا[1] ہونا اور اللہ تعالےٰ کی

مَّقَامِيْ وَتَذْكِيْرِيْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ

نشانیوں سے سمجھانا بھی شاق گزرتا ہے

[1] وعظ کرنے کے لئے یا یہ معنے ہوسکتے ہیں کہ میرا رہنا ۱۲ منہ ف مقامی مکانی یعنی نفسہ او قیامی وکمثی بین اظہرکم مدداطوالا او مقامی (باقی صفحہ ۵۴۵ پر)

Marfat.com

فَعَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ فَاَجْمِعُوْٓا اَمْرَكُمْ
(تو لو) میں نے اللہ تعالیٰ ہی پر بھروسہ کر لیا ہے پھر تم اور بتھارے

وَشُرَكَآءَكُمْ ثُمَّ لَا يَكُنْ اَمْرُكُمْ
معبود مل کر (میرے مارنے کا) پکا ارادہ کر لیں، اور بتھارا وہ

عَلَيْكُمْ غُمَّةً ثُمَّ اقْضُوْٓا اِلَيَّ وَ
ارادہ تم میں سے کسی پر مخفی بھی نہ رہے۔ پھر مجھ سے جو کچھ کرنا ہے کر لو اور

لَا تُنْظِرُوْنِ ﴿۷۱﴾ فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَمَا
مجھے مہلت بھی نہ دو۔ پھر اگر مانو تو میں نے تم سے کچھ اجرت

سَاَلْتُكُمْ مِّنْ اَجْرٍ ؕ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا
بھی نہیں مانگی ہے۔ میری اُجرت تو اللہ تعالیٰ ہی

عَلَى اللّٰهِ ۙ وَاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ
پر ہے۔ اور مجھے حکم ہوا ہے کہ فرمانبرداروں میں ہوؤں

الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۷۲﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَنَجَّيْنٰهُ وَ
ہوں۔ پھر اس کو جھٹلا دیا۔ پس ہم نے نوحؑ کو اور

مَنْ مَّعَهٗ فِي الْفُلْكِ وَجَعَلْنٰهُمْ
جو کشتی میں اس کے ساتھ تھے اُن کو تو بچا لیا اور اُن کو جانشین بھی

خَلٰٓئِفَ وَاَغْرَقْنَا الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا
کیا، اور اُن سب کو کہ جنھوں نے ہماری نشانیوں کو جھٹلایا تھا غرق

بِاٰيٰتِنَا ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ
کر دیا۔ پھر دیکھو جن کو ڈر سنایا گیا تھا اُن کا کیا انجام

الْمُنْذَرِيْنَ ﴿۷۳﴾ ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ
ہوا۔ پھر نوحؑ کے بعد ہم نے اور رسولؑ

(بقیہ حاشیہ صـ۵۴۴) وتذکیری لانہم کانوا اذا وعظوا انجاعۃ قاموا علی ارجلہم لیکون مرکانہم بینا و کلامہم مسموعا۔ فاجمعوا امرکم وشرکاءکم من اجمع الامر اذا نواہ وعزم علیہ والواو بمعنے مع یعنے فاجمعوا امرکم شرکاءکم وقرء الحسن وشرکاؤکم بالرفع عطفا علی الضمیر المتصل وقرئ فاجمعوا من الجمع وشرکاءکم نصبا للعطف علی المفعول۔ ما معنے الامرین قلت الامر الاوّل الوارد فی قولہ فاجمعوا امرکم بمعنے القصد الی الہلاک والامر الثانی فی قولہ لا یکن امرکم علیکم غمۃ لہ معنیان الاوّل ان یراد بہ ما اراد بالامر الاوّل والغمۃ الشدۃ یعنی ولا یکن قصدکم الی الہلاک مستورا علیکم من الکشاف۔ ابو محمد عبدالحق رح

رُسُلًا اِلٰى قَوْمِهِمْ فَجَآءُوْهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ
اُن کی قوم کی طرف بھیجے پھر وہ اُن کے پاس معجزات

فَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا بِمَا كَذَّبُوْا بِهٖ
لے کر آئے لیکن جس کو وہ اوّل بار جھٹلا چکے تھے کاہے کو ماننے

مِنْ قَبْلُ ؕ كَذٰلِكَ نَطْبَعُ عَلٰى قُلُوْبِ
لگے تھے۔ ہم اس طرح سرکشوں کے دلوں پر مہر لگا دیا

الْمُعْتَدِيْنَ ﴿۷۴﴾ ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ
کرتے ہیں۔ پھر اُن کے بعد ہم نے موسیٰؑ

مُّوْسٰى وَهٰرُوْنَ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَ
اور ہارونؑ کو فرعون اور اُس کے سرداروں کے پاس اپنی نشانیاں

مَلَا۟ئِهٖ بِاٰيٰتِنَا فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا
لے کر بھیجا پھر اُنھوں نے تکبّر کیا اور وہ بھی ایک نافرمان

قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ﴿۷۵﴾ فَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ
قوم تھی۔ پھر جب اُن کے پاس ہماری طرف سے

مِنْ عِنْدِنَا قَالُوْٓا اِنَّ هٰذَا لَسِحْرٌ
حق آ چکا تو کہنے لگے کہ یہ تو صریح جادو

مُّبِيْنٌ ﴿۷۶﴾ قَالَ مُوْسٰٓى اَتَقُوْلُوْنَ
ہے۔ موسیٰؑ نے کہا جب تمھارے پاس حق بات آ چکی تو

لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَكُمْ ؕ اَسِحْرٌ هٰذَا ؕ وَ
اس کی نسبت کہتے ہو، کیا یہ جادو ہے؟ حالانکہ

لَا يُفْلِحُ السّٰحِرُوْنَ ﴿۷۷﴾ قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا
جادوگروں کو کامیابی نہیں ہوا کرتی۔ وہ کہنے لگے کہ کیا تو اس لئے

لِتَلْفِتَنَا عَمَّا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا وَ
ہمارے پاس آیا ہے کہ جس طریقہ پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا ہے

Marfat.com

تَكُوْنَ لَكُمَا الْكِبْرِيَآءُ فِي الْاَرْضِ ؕ
ملک میں تم ہی دونوں کی سرداری[1] ہو جائے۔

وَمَا نَحْنُ لَكُمَا بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۷۸﴾ وَقَالَ
اور ہم تو تم پر ایمان لانے والے ہیں نہیں۔ اور فرعون نے

فِرْعَوْنُ ائْتُوْنِيْ بِكُلِّ سٰحِرٍ عَلِيْمٍ ﴿۷۹﴾
کہا کہ میرے پاس ہر ایک دانا جادوگر کو لاؤ۔

ترکیب

اذ ظرف والعامل فیہ نبا والجملۃ بدل من نبا نوح۔ فعلے اللہ جواب کان کبر فاجمعوا معطوف علیہ اتقولون اس کا مفعول سحر محذوف الکبریاء اسم تکون لکما خبرہ۔

تفسیر

توحید و رسالت و معاد و نبوت کے مسائل کو دلائل شافیہ و حجج کافیہ سے ثابت کرکے اور نیز مخالفین کے شکوک و شبہات کا عمدہ طور سے رد کرکے انبیائے سابقین کے حالات بیان کرنا شروع کرتا ہے ان چند فوائد کے لئے (۱) یہ کہ ایک قسم کے کلام سے مخاطب کے دل پر قدرے ثقل پیدا ہو جاتا ہے پھر جب ایک فن سے دوسرے فن کی طرف یا ایک اسلوب سے دوسرے اسلوب کی طرف انتقال ہوتا ہے تو رفع ملال ہوتا ہے اور قرآن مجید کی ہر جگہ یہ عادت ہے۔ (۲) یہ کہ آنحضرت علیہ السلام و صحابہ کرام رض کو ان واقعات کے سننے سے تسلی ہو کہ پہلے بھی منکرین اہل ایمان کے ساتھ ایسا کرتے آئے ہیں کفار و اشرار کو عبرت ہو کہ پہلے بھی انبیاء کے مقابلہ سے ہلاک ہوئے ہیں ہم کو بھی ڈرنا اور بچنا چاہیئے۔ (۳) اس میں آنحضرت علیہ السلام کا اعجاز ظاہر کرنا مقصود ہے کہ باوجود نہ لکھے پڑھے ہونے کے ایسے شہر پر جہالت و بت پرستی کا رہنے والا انبیائے سابقین کے ایسے صحیح صحیح حالات مع نتائج بیان کرے جو اصل سے سر مو تفاوت نہ ہو پورا اعجاز ہے۔

حضرت نوح علیہ السلام کے قصہ سے ابتدا کرتا ہے جو سب کے جد امجد اور آدم ثانی ہیں کہ ان کی قوم کی نافرمانی سے ان پر طوفان آیا پھر حضرت موسیٰ علیہ السلام کے واقعات ذکر کرتا ہے۔

فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰٓى
پھر جب اس کے پاس جادوگر آئے تو ان سے موسیٰ نے کہا

اَلْقُوْا مَآ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ﴿۸۰﴾ فَلَمَّآ اَلْقَوْا
لاؤ ڈالو کیا ڈالتے ہو؟ پھر جب انھوں نے ڈالا تو

قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ؕ اِنَّ
موسیٰ نے کہا یہ جو کچھ تم لائے ہو جادو ہے۔ اللہ تعالیٰ

اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ
ضرور اس کو ابھی بگاڑے دیتا ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ مفسدوں کے

عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۸۱﴾ وَيُحِقُّ اللّٰهُ
کام راست نہیں لاتا۔ اور اللہ تعالیٰ اپنے حکم سے

الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۸۲﴾ ع
حق کو حق ہی کرکے رہے گا مجرم پڑے برا مانا کریں۔

فَمَآ اٰمَنَ لِمُوْسٰٓى اِلَّا ذُرِّيَّةٌ مِّنْ
پھر موسیٰ پر کوئی بھی ایمان نہ لایا مگر اس کی قوم کے کچھ لوگ

قَوْمِهٖ عَلٰى خَوْفٍ مِّنْ فِرْعَوْنَ وَ
(چونکہ) فرعون اور اس کے سرداروں سے ڈرتے تھے کہ ان کو

مَلَا۟ئِهِمْ اَنْ يَّفْتِنَهُمْ ؕ وَاِنَّ فِرْعَوْنَ
تکلیف نہ دیں اور بے شک فرعون تو زمین پر

ف موسیٰ علیہ السلام کے قصہ میں بڑی غور طلب بات یہ بتلائی جاتی ہے کہ دنیا میں قوائے بہیمیہ کے اثر سے خلاف فطرت اللہ افعال سرزد ہونے لگتے ہیں جو انجام کار انھیں کی بربادی اور عذاب اخروی کا باعث ہو جاتے ہیں اور اسی لئے حضرات انبیاء علیہم السلام یکے بعد دیگرے بھیجے گئے۔ انبیاء علیہم السلام کا وعظ و پند ہر چند نافع ہوا اور ہونا بھی چاہیئے تھا مگر جب تک افراد انسانیہ کو کوئی قوی محرک نہیں ابھارتا عموماً اثر نہیں ہوتا اور دنیا میں حکومت و سلطنت بھی ایک بڑا قوائے محرک اور انقلاب عظیم ہے پھر جب سلطنت ہی (باقی صفحہ ۵۴۷ پر)

ع ۸ ۱۲ ۱۳

[1] یعنے تیری اور تیرے بھائی ہارون کی ۱۲ منہ

Marfat.com

لَعَالٍ فِي الْأَرْضِ ۚ وَإِنَّهُ لَمِنَ
بڑا سرکش اور حد سے گزرا ہوا

الْمُسْرِفِينَ ﴿٨٣﴾ وَقَالَ مُوسَىٰ يَا قَوْمِ
تھا۔ اور موسیٰ نے کہا اے قوم!

إِن كُنتُمْ آمَنتُم بِاللَّهِ فَعَلَيْهِ تَوَكَّلُوا
اگر تم اللہ تعالیٰ پر ایمان لائے ہو تو اسی پر بھروسہ بھی رکھو

إِن كُنتُم مُّسْلِمِينَ ﴿٨٤﴾ فَقَالُوا عَلَى
اگر تم حکم بردار ہو۔ تب انھوں نے کہا کہ ہم نے

اللَّهِ تَوَكَّلْنَا ۚ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ
بھروسہ اللہ ہی پر کیا ہے۔ اے رب تو! ہم کو ظالم قوم کے ہاتھ میں نہ

الظَّالِمِينَ ﴿٨٥﴾ وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ
پھنسانا۔ اور ہم کو اپنی رحمت سے کافر قوم سے

الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ ﴿٨٦﴾ وَأَوْحَيْنَا إِلَىٰ
نجات دے۔ اور ہم نے موسیٰ اور اس کے

مُوسَىٰ وَأَخِيهِ أَن تَبَوَّآ لِقَوْمِكُمَا
بھائی کی طرف وحی بھیجی کہ اپنی قوم کے لئے مصر میں گھر

بِمِصْرَ بُيُوتًا وَاجْعَلُوا بُيُوتَكُمْ قِبْلَةً
بناؤ اور اپنے گھروں کو ہی مسجدیں قرار دے لو

وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ ۗ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِينَ ﴿٨٧﴾
اور (وہیں) نماز پڑھا کرو، اور ایمانداروں کو بشارت دو۔

وَقَالَ مُوسَىٰ رَبَّنَا إِنَّكَ آتَيْتَ
اور موسیٰ نے کہا اے رب تو! تو نے فرعون

(بقیہ حاشیہ صـ۵۴۶) اس بدکاری کی مؤید ہو تو جب تک اس سے بڑا منکر
نہ پیدا کیا جائے اصلاح ممکن نہیں اور وہ سلطنت سے بھی زیادہ محرک نبوت
بصورت خلافت ہے جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کو عطا ہوئی اب نبوت و سلطنت
کی جو جنگ ہوئی اور آخر کار نبوت غالب آئی اس کا ان آیات میں ذکر ہے اور
آنحضرت صلعم اور ان کے معاصروں کو سنایا جاتا ہے کہ اب بھی نبوت بصورت
خلافت جلوہ گر ہوئی ہے اور یہ دوسری باری ہے اور اب پہلے سے بھی زیادہ ہے اس لئے
کہ پہلے تو صرف فرعون اور عمالیق وغیرہ اقوام مخصوصہ سے ہی مقابلہ تھا اب تو تمام

فِرْعَوْنَ وَمَلَأَهُ زِينَةً وَأَمْوَالًا فِي
اور اس کے سرداروں کو دنیا کی زندگی میں کروفر اور

الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ۙ رَبَّنَا لِيُضِلُّوا عَن
بہت سے مال دے رکھے ہیں اے رب تو! اس لئے کہ وہ لوگوں کو تیری راہ

سَبِيلِكَ ۖ رَبَّنَا اطْمِسْ عَلَىٰ أَمْوَالِهِمْ
سے روکیں۔ اے رب تو! ان کے مالوں کو ملیا میٹ کر دے

وَاشْدُدْ عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوا
اور ان کے دلوں کو صدمہ کر دے سو وہ جب تک عذاب

حَتَّىٰ يَرَوُا الْعَذَابَ الْأَلِيمَ ﴿٨٨﴾ قَالَ
دردناک نہ دیکھیں گے ایمان نہ لائیں گے۔ فرمایا

قَدْ أُجِيبَت دَّعْوَتُكُمَا فَاسْتَقِيمَا وَ
اجھا دونوں کی دعا قبول کی گئی۔ سو سیدھے رہو اور

لَا تَتَّبِعَانِّ سَبِيلَ الَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٨٩﴾
ان لوگوں کی پیروی نہ کرو جو کہ نادان ہیں۔

وَجَاوَزْنَا بِبَنِي إِسْرَائِيلَ الْبَحْرَ
اور بنی اسرائیل کو ہم نے بحر قلزم سے پار اتارا۔

فَأَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ وَجُنُودُهُ بَغْيًا
اور فرعون اور اس کے لشکر نے عداوت اور سرکشی سے ان کا

وَعَدْوًا ۖ حَتَّىٰ إِذَا أَدْرَكَهُ الْغَرَقُ
پیچھا کیا۔ یہاں تک کہ جب وہ ڈوبنے کو ہوا تو

قَالَ آمَنتُ أَنَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا الَّذِي
کہنے لگا کہ مجھے یقین آ گیا کہ بجز اس خدا کے جس پر

آمَنَتْ بِهِ بَنُو إِسْرَائِيلَ وَأَنَا مِنَ
بنی اسرائیل ایمان لائے اور کوئی معبود نہیں۔ اور میں بھی فرمانبردار لوگ

الْمُسْلِمِينَ ﴿٩٠﴾ آلْآنَ وَقَدْ عَصَيْتَ
میں سے ہوں۔ (فرشتہ نے کہا) اب یہ کہنے لگا اور اس سے پیشتر تو

قَبْلُ وَكُنتَ مِنَ الْمُفْسِدِينَ ﴿٩١﴾
تو نافرمان اور مفسد تھا۔

دنیا اور سرسبز سلطنتوں سے مقابلہ ہو جو کفر و بت پرستی اور بدکاری کی حامی ہیں اس لئے

ف اس شریعت میں مسلمانوں پر قیام خلافت کا انتظام، جہاد و سرگرمی بھی فرض ہوئی جس کے بڑے درجات بیان فرمائے ۱۲ منہ

Marfat.com

فَالْيَوْمَ نُنَجِّيكَ بِبَدَنِكَ لِتَكُونَ لِمَنْ
پس آج کے دن تیری لاش کو بچا ہر ڈالیں گے تاکہ وہ تیرے پیچھے والوں کیلئے

خَلْفَكَ آيَةً ۚ وَإِنَّ كَثِيرًا مِّنَ النَّاسِ
نشانی رہے۔ اور بہت سے آدمی تو ہماری نشانیوں سے بے

عَنْ آيَاتِنَا لَغَافِلُونَ ﴿٩٢﴾ وَلَقَدْ بَوَّأْنَا
خبر ہیں۔ اور ہم نے بنی اسرائیل کو عمدہ

بَنِي إِسْرَائِيلَ مُبَوَّأَ صِدْقٍ وَرَزَقْنَاهُم
جگہ رہنے کو دی [1] اور اچھی چیزیں کھانے کو

مِّنَ الطَّيِّبَاتِ ۚ فَمَا اخْتَلَفُوا حَتَّىٰ جَاءَهُمُ
دیں۔ پس بنی اسرائیل نے جان بوجھ کر (دین میں) اختلاف

الْعِلْمُ ۚ إِنَّ رَبَّكَ يَقْضِي بَيْنَهُمْ يَوْمَ
ڈالا۔ قیامت کے دن آپ کا رب تعالیٰ جن باتوں میں وہ اختلاف کرتے

الْقِيَامَةِ فِيمَا كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ﴿٩٣﴾
رہے ہیں ان کا فیصلہ کر دے گا۔

فَإِن كُنتَ فِي شَكٍّ مِّمَّا أَنزَلْنَا إِلَيْكَ
پھر اگر آپ کو اس چیز میں کہ جو ہم نے آپ کی طرف بھیجی ہے کچھ شک ہو تو

فَسْأَلِ الَّذِينَ يَقْرَءُونَ الْكِتَابَ مِن
ان لوگوں سے پوچھ دیکھو کہ جو آپ سے پہلے کتاب پڑھتے

قَبْلِكَ ۚ لَقَدْ جَاءَكَ الْحَقُّ مِن رَّبِّكَ
تھے۔ البتہ آپ کے پاس آپ کے رب تعالیٰ کی طرف سے حق آچکا

فَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِينَ ﴿٩٤﴾ وَ
پس ہرگز شک کرنے والوں میں سے نہ ہونا۔ اور

لَا تَكُونَنَّ مِنَ الَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِ
نہ ان لوگوں میں سے ہونا کہ جنھوں نے اللہ تعالیٰ کی آیتیں

اللَّهِ فَتَكُونَ مِنَ الْخَاسِرِينَ ﴿٩٥﴾ إِنَّ
جھٹلائیں۔ ورنہ آپ خسارہ میں پڑ جائیں گے۔ جن لوگوں پر

الَّذِينَ حَقَّتْ عَلَيْهِمْ كَلِمَتُ رَبِّكَ
کہ آپکے رب تعالیٰ کی بات [2] پوری ہو گئی وہ تو ایمان

لَا يُؤْمِنُونَ ﴿٩٦﴾ وَلَوْ جَاءَتْهُمْ كُلُّ
نہیں لائیں گے۔ گو ان کے پاس ہر طرح کے معجزے بھی

آيَةٍ حَتَّىٰ يَرَوُا الْعَذَابَ الْأَلِيمَ ﴿٩٧﴾
آجاویں جب تک کہ عذاب الیم نہ دیکھ [3] لیں گے۔

فَلَوْلَا كَانَتْ قَرْيَةٌ آمَنَتْ فَنَفَعَهَا
پھر کوئی گاؤں بھی تو ایسا ہوتا کہ اس کا ایمان لانا اس کو نفع

إِيمَانُهَا إِلَّا قَوْمَ يُونُسَ ۖ لَمَّا آمَنُوا
دیتا مگر یونس کی قوم جب کہ ایمان لائی تو زندگی دنیا

كَشَفْنَا عَنْهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِي الْحَيَاةِ
میں ہم نے ان سے رسوائی کا عذاب ہٹا لیا اور ایک

الدُّنْيَا وَمَتَّعْنَاهُمْ إِلَىٰ حِينٍ ﴿٩٨﴾ وَ
مدت تک ہم نے انکو بسایا۔ اور

لَوْ شَاءَ رَبُّكَ لَآمَنَ مَن فِي الْأَرْضِ
اگر آپ کا رب تعالیٰ چاہتا تو دنیا بھر کے سب لوگ ایمان ہی نہ لے

كُلُّهُمْ جَمِيعًا ۚ أَفَأَنتَ تُكْرِهُ النَّاسَ
آتے۔ پھر کیا آپ لوگوں پر زبردستی کریں گے کہ

حَتَّىٰ يَكُونُوا مُؤْمِنِينَ ﴿٩٩﴾ وَمَا كَانَ
وہ ایمان لے آویں۔ اور کسی کے بھی بس میں نہیں کہ

لِنَفْسٍ أَن تُؤْمِنَ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ ۚ وَ
اللہ تعالیٰ کے حکم کے بغیر ایمان لے آئے۔ اور

يَجْعَلُ الرِّجْسَ عَلَى الَّذِينَ لَا يَعْقِلُونَ ﴿١٠٠﴾
بے عقل لوگوں پر تو وہ خباثت ڈال دیا کرتا ہے۔

قُلِ انظُرُوا مَاذَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ
(اے رسول) کہو دیکھو تو آسمانوں اور زمین میں کیا کچھ ہے۔

[1] شام کے ملک میں یہ ان بنی اسرائیل کو جو حضرت موسیٰ کے بعد تھے ۱۲ منہ

[2] نوشتۂ تقدیر کہ یہ جہنمی ہیں ۱۲ منہ [3] یعنی ہر ایک قسم کے معجزات

دیکھ کر بھی ایمان نہ لائیں گے۔ یہاں تک کہ ان پر عذاب الیم آجائے تب مجبور و ایمان لائیں گے مگر اس وقت کا ایمان کیا۔ اس وقت کسی قوم کے ایمان نے نفع نہیں دیا ہاں یونس کی قوم کے ایمان نے البتہ عذاب آنے کے بعد نفع دیا ۱۲ منہ

Marfat.com

وَمَا تُغْنِي الْاٰيٰتُ وَالنُّذُرُ عَنْ
اور بے ایمان قوم کو معجزے اور ڈر سنانے والے کچھ
قَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۰۱﴾ فَهَلْ يَنْتَظِرُوْنَ
فائدہ نہیں دیتے۔ پھر کیا وہ انھیں لوگوں کے
اِلَّا مِثْلَ اَيَّامِ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ
دنوں کا سا انتظار کر رہے ہیں جو ان سے پہلے ہو گزرے
قَبْلِهِمْ ؕ قُلْ فَانْتَظِرُوْٓا اِنِّيْ مَعَكُمْ
ہیں۔ (اے نبی ؐ!) کہدو اچھا انتظار کرو میں بھی تمھارے ساتھ
مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ﴿۱۰۲﴾ ثُمَّ نُنَجِّيْ رُسُلَنَا
انتظار کر رہا ہوں۔ پھر ہم اپنے رسولوں اور ایمانداروں
وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كَذٰلِكَ ۚ حَقًّا
کو بچا لیا کرتے ہیں۔ اسی طرح ہم پر ایمانداروں کا بچا لینا
عَلَيْنَا نُنْجِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۰۳﴾ ع
بھی لازم ہوتا ہے۔

ترکیب

ماجئتم بہ السحر ما استفہامیہ مبتدا جئتم خبر السحر بدل منہ اور ما کو خبر یہ کہا جاوے تو یہ موصولہ جئتم بہ صلہ یہ سب مبتدا السحر خبر جملہ محلاً منصوب قال کا مفعول ہو کر ملائہم الضمیر عائد الی الذریۃ ولم یؤنث لان الذریۃ قوم فہو مذکر وقیل یرجع الی القوم ان یفتنہم بدل من فرعون تقدیرہ علی خوف فتنۃ من فرعون۔ ان تبوا تفسیر ہے اوحینا کی قبلۃ مفعول اجعلوا اے مصلی تصلون فیہ لتامنوا من الخوف وکان فرعون منعہم من الصلوٰۃ (جلالین)۔

ف امام فخر الدین رازیؒ اپنی تفسیر کی پانچویں جلد صـ ۳۹ مطبوعہ استنبول میں فرماتے ہیں وقد تقرر ان ما فی ایدیہم من التوراۃ والانجیل فالکل مصحف محرف الخ کہ اہل کتاب سے اگر حضرتؐ کو پوچھنے کا حکم ہوتا تو اس سے بھی آپؐ کا شبہ اگر ہوتا تو رفع نہ ہوتا کیونکہ یہود کے پاس جو توراۃ و انجیل تھی تو محرف کتابیں تھیں ۱۲ منہ

تفسیر

حضرت موسیٰ علیہ السلام کے واقعات بیان فرما کر آنحضرت علیہ السلام کو مخاطب کر کے سامعین سے فرماتا ہے کہ ان باتوں میں شک ہو تو جو تم سے پہلے لوگ یہود و نصاریٰ کتاب پڑھتے ہیں اُن سے پوچھ دیکھو۔ گو حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو اس میں کچھ بھی شک نہ تھا نہ صحابہؓ کو اور اسی لئے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے کسی اہل کتاب سے اُن کی تصدیق کے لئے سوال بھی نہیں کیا اور کیونکر کرتے حالانکہ آپؐ کی نسبت بعد کے جملہ میں فرما دیا فلا تکوننّ من الممترین و لا تکوننّ من الذین کذبوا بآیات اللہ لیکن جن لوگوں کو شک تھا جیسا کہ کفار قریش و دیگر عرب اُن کے اطمینان کے لئے ارشاد ہوا اس سے خاص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا سوال کرنا یا یقرءون الکتاب سے توریت و اناجیل موجودہ کی اصلیت ثابت کرنا جیسا کہ بعض پادریوں اور اُن کے کاسہ لیسوں کے رسائل میں دیکھا جاتا ہے محض نافہمی اور سراسر جہالت ہے۔ انّ الذین حقت الخ سے لے کر اخیر تک اُن واقعات کے نتائج بیان کرتا ہے کہ وہ لوگ یوں ہلاک ہوئے اور برباد ہوئے اور کفار یوں ایمان نہیں لاتے کہ ان پر نوشتۂ ازلی غالب آگیا ہے یعنی اُن کی تقدیر میں گمراہی ہے اس لئے ان قصص کو سن کر عبرت نہیں کرتے اور ایمان بھی لاتے ہیں تو عذاب کے وقت مگر اُس وقت کا ایمان بجز قوم یونسؑ کے اور کسی کو فائدہ مند نہ ہوا۔ اس کے بعد آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو تسلی دیتا ہے کہ ایمان لانا یا نہ لانا تقدیری بات ہے آپؐ کی خواہش تو دنیا بھر کو ایماندار بنا دینے کی ہے مگر جن کی تقدیر میں ایمان نہیں وہ کیونکر ایمان لا سکتے ہیں اُن پر تقدیری خباثت پڑی ہوئی ہے۔ پھر حکم دیتا ہے کہ آسمان اور زمین کے عجائب قدرت کو دیکھو اور غور کرو مگر نہیں کرتے ان کو خدا تعالےٰ کے نذیر رسولؐ اور حوادث دہر

ع ۱۰ ۱۱ ۱۵

Marfat.com

اور اُس کی آیاتِ قدرت اور آیاتِ کتاب کچھ بھی مفید نہیں۔ اب ان اندھوں کو پہلی غارت شدہ قوموں کے عذاب ہی کا انتظار ہے اور ایسے وقت ہم رسول اور اُس کے پیروؤں کو بچا لیتے ہیں اور یہ بچا لینا ہمارا کام ہے۔ اور سب ہلاک ہوتے ہیں۔

حضرت **یونس** علیہ السّلام کے واقعہ کی طرف بڑے عبرت آمیز الفاظ میں اشارہ کرتا ہے فلولا کانت قریۃ آمنت فنفعہا ایمانہا الخ لولا کو بعض نے کلمہ نفی سمجھا ہے امام واحدی کا اسی طرف رجحان ہے اُن کے نزدیک یہ معنے ہوتے فما کانت قریۃ آمنت فنفعہا ایمانہا الّا قوم یونس کہ اُن گمراہ بستیوں میں سے کوئی بھی ایسی بستی نہیں ہوئی کہ جو ایمان لائی اور اُن کا ایمان نفع دیتا بجز قوم یونسؑ کے۔ یہ استثناء منقطع ہے اوّل سے بعض علماء اس کو کلمۂ تحریص و تحضیض کہتے ہیں بمعنے ہلّا۔ اُن کے نزدیک یہ معنے ہوئے کہ کوئی ایسی بستی بھی ہوتی کہ جو ایمان لاتی اور اس کا ایمان نفع دیتا مگر قوم یونسؑ کہ وہ ایمان لائی۔ **یونس** بن متی جس کو عبرانی محاورہ میں یونہ کہتے ہیں حضرت مسیح علیہ السّلام سے تقریباً آٹھ سو باسٹھ برس پیشتر ملک یہود میں خاندانِ اسرائیل سے نمودار ہوئے یہ نبی تھے اُن کو حکم ہوا تھا کہ تم ملکِ شام سے **نینوہ**[1] میں جا کر لوگوں کو ہدایت کرو، بُت پرستی اور قسم قسم کی بدکاری سے روکو اور نہ مانیں تو کہدو کہ چالیس روز کے بعد شہر پر عذابِ الٰہی نازل ہوگا۔ اُنھوں نے یہ خیال کر کے کہ خدا تعالےٰ رحیم ہے وہ اپنی اس قدر مخلوق کا ہے کو ہلاک کرے گا، ناخوش ہو کر نینوہ جانا پسند نہ کیا اور شہر یافہ میں آئے اور وہاں سے شہر ترسیس (یہ دونوں شہر ملکِ شام کے مغربی حصّہ میں سمندر یعنی بحرِ روم کے کنارہ پر آباد ہیں اور نینوہ شام سے مشرق کی جانب موصل کے قریب دریائے دجلہ کے کنارہ پر آباد تھا) کی طرف بھاگنا چاہا اذ ذہب مغاضبًا فظنّ ان لن نقدر علیہ سے اس طرف اشارہ ہے۔ ایک جہاز میں سوار ہوئے جہاز پر ایک سخت طوفان آیا گو جہاز کا بوجھ ہلکا کیا گیا مگر تب بھی وہی حالت رہی تب قرعہ ڈالا تاکہ معلوم ہو کہ کس کے سبب یہ آفت آئی ہے۔ قرعہ حضرت یونسؑ کے نام پر نکلا، اُن سے پوچھا تو نے کیا کیا؟ کہا میں آقا سے بھاگا ہوا ہوں۔ آخر اُن کو دریا میں ڈال دیا اور سمندر کا تلاطم موقوف ہوا، اُن کو ایک بڑی مچھلی نگل گئی۔ جس کے پیٹ میں تین رات دن رہے۔ وہاں اُنھوں نے بڑے عجز و انکسار اور نہایت بے قراری کے ساتھ تہ در تہ اندھیریوں میں خدا تعالےٰ سے دُعا کی فنادی فی الظلمات ان لا الٰہ الّا انت سبحانک الخ مچھلی نے اللہ تعالےٰ کے حکم سے اُن کو خشکی پر اُگل دیا (خدا تعالےٰ نے وہاں پر اُن کی غیبی سامان سے پرورش کی) جب تندرست ہو گئے تو پھر حکم ہوا کہ اُٹھ نینوہ کو جا اور خدا تعالےٰ کا حکم پہنچا۔ چنانچہ یہ اب نینوہ کی طرف گئے اور چالیس روز بعد عذاب الٰہی آنے کا وعدہ کیا۔ جب لوگوں کو آثار قہرِ الٰہی معلوم ہونے لگے تو بہت سے ایمان لائے اور بادشاہ سے فقیر تک سب کھانا پینا چھوڑ ٹاٹ پہن کر گناہوں سے تائب ہو کر دُعا اور گریہ و زاری میں مصروف ہو گئے جس کی برکت سے وہ عذاب ٹل گیا۔ اس کے بعد مدت تک وہ شہر رستا بستا رہا متعنا ہم الی حین۔ مگر یونس علیہ السّلام اس عذاب کے ٹل جانے سے

---

[1] ایک بڑا وسیع شہر دریائے دجلہ کے شرقی کنارے پر آباد تھا اس کی شہر پناہ تین روز کی مسافت تھی شہر موصل اس کے ایک محلہ میں آباد ہے حضرت یونس علیہ السّلام کی قبر یہیں ہے۔ شہر بابل کا پہلا بادشاہ بلس ہے اس کے بڑے بیٹے نے نس نے تختِ حکومت پر بیٹھ کر حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے دو ہزار اُنہتر برس پیشتر ملکِ اسیریہ میں شہر نینوہ کی بنیاد ڈالی یہ خاندان بابل کہ جن کا لقب نمرود ہے جیسا کہ شاہانِ مصر کا فرعون اس عہد میں ہندوستان

یک حکمران تھا۔ حضرت یونس علیہ السّلام کے عہد تک اسی خاندان کی سلطنت تھی۔ بعد میں ایرانیوں کے ہاتھ آئی۔ آج کل بابل اور نینوہ کے خرابات منزلوں تک دکھائی دیتے ہیں ۱۲ حقانی

Marfat.com

نہایت ناخوش تھے کہ میری بات جھوٹی پڑگئی اور خدا تعالےٰ سے التجا کی کہ میں اسی لئے ترسیس کو بھاگا تھا کہ تو رحیم کریم غصہ کرنے میں دھیما ہے اب مجھ کو موت دے۔ یونس علیہ السلام نے شہر کے باہر پورب کی طرف اپنے رہنے کے لئے چھپر بنا رکھا تھا تاکہ دیکھئے شہر کا کیا حال ہوتا ہے خدا تعالےٰ نے وہاں کدو کی بیل یا ارنڈی کا ایک درخت پیدا کیا تھا جس کے سایہ میں یہ آرام پاتے تھے وانبتنا علیہ شجرۃ من یقطین۔ ایک روز کیڑے نے اس کو ایسا کاٹا کہ وہ سوکھ گیا اور دھوپ کا یونسؑ کو نہایت صدمہ ہوا۔ اس پر خدا تعالےٰ نے کہا تو ایک اس درخت پر اتنا رنجیدہ ہے پھر مجھے کیا لازم تھا کہ نینوٰی شہر پر کہ جہاں ایک لاکھ بیس ہزار آدمیوں سے زیادہ رہتے ہیں شفقت نہ کروں۔ بعض محققین کہتے ہیں کہ جب عذاب نہ آیا اور یونسؑ علیہ السلام غصہ ہوکر بھاگے تب دریا میں مچھلی کے پیٹ میں جانے کا واقعہ پیش آیا تھا۔ ان تبوآ لقومکما بمصر بیوتًا واجعلوا بیوتکم قبلۃ ابن انباریؒ کہتے ہیں واجعلوا بیوتکم قبلۃ اے قبلاً یعنی مساجد فاطلق لفظ الوحدان والمراد الجمع۔ خلاصہ یہ کہ بعض مفسرین بیوت یعنی مصر میں گھر بنانے اور قبلہ کرنے سے مراد نماز کی جگہ اپنے گھروں میں قائم کرنا لیتے ہیں کیونکہ فرعون کا خوف تھا اور بعض کہتے ہیں گھر بنانے کا حکم تھا۔ اوّل قوی ہے۔ پر ان بیوت کے قبلہ بنانے سے کیا مراد ہے اس میں دو احتمال ہیں الاوّل المراد بجعل تلک البیوت قبلۃ اے متقابلۃ والمقصود منہ حصول الجمعیۃ واعتضاد البعض بالبعض یعنی اپنے گھر قریب آمنے سامنے بناؤ تاکہ ایک دوسرے سے قوت پاوے۔ وقال آخرون المراد واجعلوا دورکم قبلۃ اے صلوّا فی بیوتکم (کبیر)۔ اور بعض کہتے ہیں کہ مراد صرف گھروں میں نماز پڑھنا تھا کیونکہ نماز کی جگہ کو عرب میں قبلہ کہتے ہیں کہ اس کے سامنے نماز پڑھی جاتی ہے لیکن قرآن سے یہ کہیں نہیں نکلتا کہ ان کو اپنے اپنے گھر قبلہ یعنی بیت المقدس یا کعبہ کی طرف بنانے کا حکم ہوا تھا اور جو کسی نے کہا ہے تو یہ اس کا قول ہے پس یہود و نصاریٰ کا اس امر میں قرآن کو خلاف گو کہنا محض تعصب ہے۔

قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِيْ

کہو لوگو! اگر تم کو میرے دین میں شک ہے تو (سن لو کہ)

شَكٍّ مِّنْ دِيْنِيْ فَلَآ اَعْبُدُ الَّذِيْنَ

اللہ تعالےٰ کے سوا جن چیزوں کو تم پوجتے ہو میں تو ان کو

تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ

پوجنے کا نہیں، بلکہ میں اللہ تعالےٰ

اَعْبُدُ اللّٰهَ الَّذِيْ يَتَوَفّٰىكُمْ ۠ وَاُمِرْتُ

کو پوجوں گا کہ جو تمہاری جان قبض کرتا ہے۔ اور مجھے حکم ہوا ہے کہ

اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۰۴﴾ وَ

ایمان والوں میں سے ہوکر رہوں۔ اور

اَنْ اَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا ۚ وَ

یہ بھی (حکم ہوا ہے) کہ ایک طرف ہوکر دین کی طرف رُخ کئے رہوں۔ اور

لَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۰۵﴾ وَلَا

ہرگز مشرکوں میں سے نہ ہونا۔ اور اللہ تعالیٰ

تَدْعُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُكَ

کے سوا ان چیزوں کو ہرگز نہ پکارنا کہ جو نہ تجھے نفع دے سکتی ہیں

وَلَا يَضُرُّكَ ۚ فَاِنْ فَعَلْتَ فَاِنَّكَ

نہ نقصان۔ پھر اگر آپ نے ایسا کیا تو بے شک

اِذًا مِّنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۰۶﴾ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ

ظالموں میں سے ہو جاؤ گے۔ اور اگر اللہ تعالےٰ آپ کو کوئی

اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ۚ

دکھ پہنچاوے تو بجز اس کے اور کوئی اس کا دور کرنے والا بھی نہیں۔

وَاِنْ يُّرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِهٖ ؕ

اور اگر آپ کے لئے بہتری چاہے تو اس کے فضل کو کوئی روک بھی نہیں سکتا۔

Marfat.com

يُصِيبُ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ
اس کو اپنے بندوں میں سے جسے چاہتا ہے پہنچاتا ہے۔
وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۰۷﴾ قُلْ يٰٓاَيُّهَا
اور وہ غفور رحیم ہے۔ کہو اے لوگو!
النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ
تمھارے رب کی طرف سے تمھارے پاس حق آچکا۔
فَمَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ
پھر جو کوئی ہدایت قبول کرتا ہے تو اپنے بھلے کو۔
وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۚ وَ
اور جو کوئی گمراہ ہوتا ہے تو اپنی خرابی کو۔ اور
مَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ﴿۱۰۸﴾ وَاتَّبِعْ مَا
(کہو) میں تمھارا ذمہ دار نہیں ہوں۔ اور جو کچھ آپ کی
يُوْحٰٓى اِلَيْكَ وَاصْبِرْ حَتّٰى يَحْكُمَ اللّٰهُ ۚ
طرف وحی کیا گیا ہے اسی پر چلو اور صبر کرو یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ فیصلہ کردے۔
وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿۱۰۹﴾
اور وہ اچھا فیصلہ کرنے والا ہے۔

ع ۱۱

ترکیب

ان کنتم شرط فلا اعبد جواب۔ وان اقم معطوف ہے ان اکون پر مالا ینفعک لاتدع کا مفعول۔ من دون اللہ حال یا صفت بجز یردّ کا مفعول ثانی۔

تفسیر

توحید اور مسائل معاد پر ہر قسم کے دلائل قائم کرکے اب خاتمۂ سورۃ میں حجت تمام کرتا ہے کہ قل یا ایہا الناس کہ اے نبیؐ! لوگوں سے کہدو اگر اب بھی تمھیں میرے دین میں شک باقی ہے تو اس کی طمع نہ رکھنا کہ میں تمھارے دین کو اختیار کرلوں گا بلکہ مجھے توحید پر مستقیم رہنے کا حکم دیا گیا ہے۔ پھر دین کے اصل الاصول اور اس کی پرستش کرنا خدا تعالےٰ کی صفاتِ باکمال کے ضمن میں بیان فرماتا ہے اور تبعًا ان کی بت پرستی پر بھی تعریض کرتا ہے کہ یہ چیزیں قابلِ پرستش نہیں۔ ہو الغفور الرحیم تک صفتِ اوّل الذی یتوفٰکم یہ اس لئے بیان کیا کہ موت سے زیادہ کوئی مسئلہ انسان کے نزدیک مسلّم الثبوت نہیں جس میں کسی کو بھی شک و شبہ نہیں اور جو نہایت خوفناک چیز ہے جو دارِ آخرت کی کلید ہے وہ اسی کے قبضۂ قدرت میں ہے تو پھر اور کسی کی پرستش بے فائدہ بات ہے۔ قطع نظر اس بات کے (کہ جب ہم تنہا بیٹھ کر آج سے سو برس تک کا زمانہ گزشتہ خیال میں لاتے ہیں اور اس عہد کے نامور باکمال اہل مال باجمال لوگوں کے تذکرہ بھی دوسری آنکھ کے سامنے رکھ لیتے ہیں تو دل میں ایک دھواں سا اٹھتا ہے اور یہ عالم دریائے رواں کی موج سا معلوم ہوتا ہے کہ یارب اس عہد کے حسینوں اور شہ زوروں اور دولت مندوں، رئیسوں، امیروں، غریبوں میں سے آج ایک بھی باقی نہیں کہ جس سے اس عہد کا حال پوچھتے) ہر رات کو اس کا نمونہ دیکھتے ہیں شام ہوتا ہے کہیں سے آواز بھی نہیں آتی بازار اور شہر اجاڑ معلوم ہوتے ہیں اسی لئے یتوفٰی مضارع کا صیغہ ذکر کیا۔ (۲) نفع و نقصان دینے والا بجز اس کے اور کوئی نہیں اس عالم میں پتا بھی اس کے حکم بغیر نہیں ہلتا۔ (۳) غفور ہے بندوں کے گناہوں سے درگزر فرماتا ہے۔ رحیم اپنی رحمت کا دسترخوان عام پھیلا رکھا ہے۔ اس کے بعد قل یا ایہا الناس قد جاءکم الحق میں اعلانِ عام کرتا ہے کہ حق آچکا اب جو کوئی نہیں مانتا اپنا برا کرتا ہے اور جو مانتا ہے تو اپنا بھلا کرے گا۔ رسولؐ کا کام خبر دینا ہے وہ کسی کا ذمہ دار نہیں۔ اس کے بعد صبر کرنے اور وحی کی پیروی کرنے اور مددِ غیبی کا انتظار کرنے کا حکم دے کر سورۃ تمام کردی۔

Marfat.com

سورۂ ہود مکیہ ہے اس کی ایک سو تیئیس ۱۲۳ آیات، دس ۱۰ رکوع ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع اللہ تعالیٰ کے نام سے جو بنہایت مہربان ورحم والا ہے۔

الٓرٰ كِتٰبٌ اُحْكِمَتْ اٰيٰتُهٗ ثُمَّ فُصِّلَتْ

یہ ایسی کتاب ہے کہ جس کی آیتیں محکم دانا کی طرف سے مستحکم کر دی گئیں

مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ خَبِيْرٍ ۙ﴿۱﴾ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا

پھر مفصل بیان کی گئیں ہیں۔ (بایں مضمون کہ اللہ تعالیٰ کے سوا

اِلَّا اللّٰهَ ۭ اِنَّنِيْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ وَّ

کسی کی عبادت نہ کرو اور کہدو) میں تمہارے لئے اس کی طرف سے ڈر سنانے والا اور خوشخبری

بَشِيْرٌ ۙ﴿۲﴾ وَّاَنِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا

سنانے والا ہوں۔ اور یہ بھی (کہو) کہ تم اپنے رب سے معافی مانگو پھر اس کی طرف

اِلَيْهِ يُمَتِّعْكُمْ مَّتَاعًا حَسَنًا

رجوع کرو (تاکہ وہ ایک وقت معلوم تک تم کو

اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى وَّيُؤْتِ كُلَّ ذِيْ

اچھی طرح سے رہنے سہنے دے، اور جس نے بڑھکر نیکی کی ہو اس کو

فَضْلٍ فَضْلَهٗ ۭ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنِّيْٓ

بڑھکر بدلہ دے۔ اور اگر تم پھر نہ مانو تو مجھے تم پر بڑے

اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ كَبِيْرٍ ﴿۳﴾

دن (قیامت) کے عذاب کا اندیشہ

ہے۔

اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ ۚ وَهُوَ عَلٰي كُلِّ

اللہ تعالیٰ ہی کی طرف تم کو پھر جانا ہے اور وہی ہر بات پر قادر

شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۴﴾ اَلَآ اِنَّهُمْ يَثْنُوْنَ[1]

ہے۔

(اے رسول ﷺ) دیکھو وہ مشرکین اپنے سینہ دوہرے

صُدُوْرَهُمْ لِيَسْتَخْفُوْا مِنْهُ ۭ اَلَا

کر رہے ہیں تاکہ اس سے چھپے رہیں۔ دیکھو

حِيْنَ يَسْتَغْشُوْنَ ثِيَابَهُمْ ۙ يَعْلَمُ مَا

جب کہ وہ کپڑے ڈھانکتے ہیں (اس وقت سے بھی) جو کچھ وہ چھپا کر اور ظاہر

يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۚ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ

کر کے کرتے ہیں، سب کو خدا تعالیٰ جانتا ہے بے شک وہ دل کے

بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۵﴾

بھیدوں سے خوب واقف ہے۔

ترکیب

الٓرٰ اسم ہے اس سورۃ کا مبتدا کتاب موصوف احکمت الخ صفت مجموعہ خبر یا مبتدا محذوف کی خبر یا بالعکس اَلَّا تَعْبُدُوْا الخ مفعول لہٗ ہے فصلت کا اے فصلت لاجل ان لا تعبدوا۔ وقیل ان مفسرۃ لان فی تفصیل الآیات معنے القول وان استغفروا اس پر معطوف الا حین کا عامل یعلم ؛

تفسیر

یہ سورۃ بھی مکہ معظمہ میں اسی ہنگامہ میں نازل ہوئی ہے کہ جب جہالت اور بت پرستی کا بازار گرم تھا خدا پرستی کے نام لینے والے پر نہ صرف انگلیاں ہی اٹھتی تھیں بلکہ زہر آلود تیروں کا تو وہ بنایا جاتا تھا۔ اس میں منجملہ حالات دیگر انبیاء کے حضرت ہود علیہ السلام کا قصہ نہایت عبرت انگیز ہے جس لئے اُن کے نام سے یہ سورۃ نامزد کی جاتی ہے اس میں ایک سو تیئیس ۱۲۳ آیات ہیں۔ الٓرٰ میں بہت کچھ امور مخفیہ کی طرف اشارہ فرما کر کہ جن کو کما ینبغی اُس کا رسول کریم ہی سمجھتا تھا (صلے اللہ علیہ وسلم) سب سے اوّل قرآن مجید کی خوبی اور اس کا منجانب اللہ ہونا بیان فرماتا ہے بقولہ کتاب احکمت آیاتہ، الٓرٰ احکام مضبوطی اور خلل و فساد کا

[1] یثنون اس کی ماضی ثنا اس کے معنے پھیرنا یا موڑنا یا لپیٹنا یقال ثنیت الشیٔ اذا عطفتہ وطویتہ ۱۲ منہ

Marfat.com

دفع کرنا یعنی یہ کتاب قرآن وہ ہے کہ جس کی آیات محکم ہیں جن میں عقلِ سلیم اور فہمِ مستقیم کو غور و فکر کرنے سے کوئی بھی خرابی اور نقص معلوم نہیں ہوتا۔ اس کے اخبار ماضیہ سچے سچے واقعاتِ عبرت خیز کا فوٹو ہیں۔ اس کے احکام تہذیبِ اخلاق سے لے کر سیاستِ ملک تک اور عالمِ آخرت میں سعادتِ عظمیٰ حاصل کرنے کے طریق حکماء کا دستور العمل ہیں۔ اُس پر عبارت کی صفائی تہذیب اور سچائی کا زیور علاوہ ہے ایسی کتاب اگر آسمانی کتاب نہیں تو کیا پھر محض تاریخی کتابیں کہ جن میں مبالغہ آمیز الفاظ اور توہمات ہوں یا وہ کہ جن میں عناصر اور مخلوقات کی پرستش ہو عالمِ آخرت اور انسان کی سعادت کا طریقہ ندارد ہو وہ آسمانی کتابیں ہیں؟ نہیں ہرگز نہیں۔ ثم فصلت یعنی حالتِ مجموعی کے لحاظ سے تو یہ محکم تھی ہی مگر حالتِ تفصیلی پر بھی غور کیا جاوے اور ہر ایک معاملہ کی آیات کو اُن کے مطالب پر جُداگانہ لحاظ کیا جاوے تو بھی یہی کہنا پڑے گا کہ یہ تفصیل (کہ دلائل توحید اپنے موقع پر احکام اور مواعظ اور قصص اپنی جگہ پر ترغیب و ترہیب دُنیا کی بے ثباتی عالمِ آخرت کی خوبی اپنے محل پر) من لدن حکیم خبیر ہے یعنی بشیر کا کام نہیں اُسی حلیم خبیر نے ان موتیوں کو اپنے اپنے موقع پر لڑیوں میں پرو دیا ہے۔ پھر جس کی اجمال اور تفصیلی دونوں حالت ایسی ہوں تو پھر اس میں شک کرنا آفتاب کا انکار کرنا ہے۔ پھر الا تعبدوا سے لے کر وھو علیٰ کل شئی قدیر تک اُن چند باتوں کی تفصیل فرماتا ہے کہ جن پر دُنیا و آخرت کی سعادت اور خلاف کرنے میں ہلاکت متصوّر ہے جن کے ظاہر کرنے کو دنیا میں انبیاء بھیجے جایا کرتے ہیں جس لئے اوّل امر کے لحاظ سے بشیر اور ہلاکت سے مطلع کرنے کے اعتبار سے نذیر کہلاتے ہیں انني لکم منہ نذیر و بشیر۔ (۱) الا تعبدوا الخ کہ اللہ تعالےٰ کے سوا اور کسی کی عبادت نہ کرو۔ یہ وہ پہلا حکم ہے کہ جس کی عدولی مکی میں نہ صرف برّ عرب بلکہ اس عہد میں روئے زمین کے بنی آدم گرفتارِ ہلاکت تھے۔ یہ اس لئے کہ عبادت و پرستش کا استحقاق اُس کے لئے ہے کہ جس نے پیدا کیا ہو اور وہ ہر ایک کے حال سے مطلع بھی ہو کہ جو اپنے مطیع و عابد کو بھلائی سرکش کو بُرائی پہنچا سکے یعنی علم ہونا چاہیئے۔ سوم حالتِ روا اور اقل مرتبہ رزّاقِ مطلق تو ہو سو یہ تینوں باتیں بجز اس کے اور کسی میں نہیں پائی جاتیں۔ ان تینوں باتوں کو الا انہم الخ سے شروع کریگا۔ (۲) استغفروا ربکم کہ اپنے گزشتہ گناہوں پر خدا تعالےٰ سے معافی مانگو استغفار کرو۔ اس میں ضمناً تمام بُری باتوں کے ترک کرنے کی طرف بھی اشارہ ہے۔ (۳) ثم توبوا الیہ کہ اس کی طرف رجوع کرو یا توبہ کرو کیونکہ انسان جب گناہوں سے استغفار کرکے اور موحّد بن کے پاک اور باطنی گندگیوں سے صاف ہو جاتا ہے تب اس کی بارگاہِ اقدس کی طرف رجوع کرنے کے لائق ہوتا ہے اور اُس کی بارگاہ میں جانا یا اُس کی طرف رجوع کرنا بغیر اُس کے آلات صوم و صلوٰۃ صلہ رحمی، علم ذکر و فکر و عاء و مناجات کے ممکن نہیں اس میں ضمناً اصولِ حسنات کو عمل میں لانے کی طرف اشارہ ہے جب اس کو یہ رتبہ حاصل ہوا تو وہ مستحق فضل و عنایت ہوا۔ اور عنایت دو قسم پر ہے دنیا کی عافیت آخرت کی نجات و ترقیٔ درجات اس لئے اوّل کی طرف یمتعکم متاعاً حسناً میں اشارہ ہے اور دوسرے کی طرف یؤت کل ذی فضل فضلہ میں اور نیز وہاں کے درجات کا باعتبار مراتب سعادت تفاوت بھی ظاہر فرماتا ہے۔ ہر چند دنیا کی فراخ دستی، اور خوشحالی، ایمان و کفر پر موقوف نہیں بلکہ بعض اوقات امتحاناً ایمانداروں کے لئے ایسی مصیبت اور تنگی پیش آتی ہے کہ دنیا قیدخانہ ہو جاتا ہے اور کفار کو عیش و نشاط بے حد دے کر بھر کر کشتی ڈبوئی جاتی ہے مگر خدا تعالےٰ کا وعدہ ہے کہ وہ ایمانداروں اور نیکوں کو عمومی حالت میں فراخ دستی، تندرستی غیر قوموں کے ہاتھ سے رستگاری

Marfat.com

دے گا اور دیا کرتا ہے جیسا کہ توریت کے بھی متعدد مقامات میں اس امر کی تصریح ہے اِلٰی اَجَلٍ یوں کہا کہ ہمیشگی تو اُسی کے لئے ہے آخر دُنیا سے کوچ کرنا ہے۔ پھر اِن تَوَلَّوا سے قدیر تک خلاف کرنے میں قہر کا آنا دنیاوی سزا اور مرنے کے بعد خدا تعالےٰ کی طرف جانا اُخروی سزا اور نیز مسئلہ حشر ثابت کرتا ہے وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْر اس کی دلیل ہے کہ یہ سب کچھ وہ کرسکتا ہے، ہر بات پر قادر ہے کوئی اسباب ظاہر پر مغرور نہ ہووے۔ اَلَآ اِنَّھُم اب یہاں سے اُن تینوں اوصاف کی توضیح کرتا ہے اور سب سے پہلے وصفِ علم کو بیان فرماتا ہے جس کی نسبت کہ معظّمہ کے کفار کو، جیسا کہ صحیح بخاری میں حضرت ابنِ عباس رضؓ سے منقول ہے، یہ گمان تھا کہ وہ بوقتِ قضاء حاجت اپنے اُوپر کپڑا ڈال لینا خدا تعالےٰ سے مخفی ہونا سمجھتے تھے یا دل میں بُرے ارادے رکھنے کو (یَثْنُوْنَ صُدُوْرَھُم) اور کپڑے یا پردے میں گناہ کرنے کو خدا تعالےٰ سے مخفی رہنا جانتے تھے۔ کیونکہ وہ یَعْلَمُ مَا یُسِرُّوْنَ اَلخ کہ اُس کو ہر ایک چھُپی اور کھُلی بات معلوم ہے۔ اس میں انسان کے باطنی حالات پر سخت تنبیہ بھی ہے۔ پھر اس کی دلیل ذکر کرتا ہے۔

Marfat.com



Marfat.com

تفسیر حقانی

پارۂ وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ ۱۲

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْأَرْضِ
اور زمین پر کوئی بھی جانور چلنے والا ایسا نہیں کہ جس کی
إِلَّا عَلَى اللَّهِ رِزْقُهَا وَيَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا
روزی اللہ تعالیٰ پر نہ ہو اور وہ اُن کے رہنے اور (مرکر زمین
وَمُسْتَوْدَعَهَا ۚ كُلٌّ فِي كِتَابٍ مُّبِينٍ ﴿٦﴾
میں) سونپے جانے کی جگہ بھی جانتا ہے۔ ہر ایک چیز کتاب مبین میں ہے۔
وَهُوَ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ
اور وہی تو ہے کہ جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دن میں
فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ وَكَانَ عَرْشُهُ عَلَى
بنا دیا۔ اور اس کا تخت پانی پر تھا
الْمَاءِ لِيَبْلُوَكُمْ أَيُّكُمْ أَحْسَنُ عَمَلًا ۚ وَ
تاکہ تمھیں آزماوے کہ تم میں سے کس کے اچھے عمل ہیں۔ اور
لَئِنْ قُلْتَ إِنَّكُمْ مَّبْعُوثُونَ مِنْ بَعْدِ
اگر آپ ان سے کہیں کہ بلاشک تم مرنے کے بعد زندہ کئے
الْمَوْتِ لَيَقُولَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا
جاؤ گے تو منکرین یہ کہہ اٹھیں گے کہ
إِنْ هَٰذَا إِلَّا سِحْرٌ مُّبِينٌ ﴿٧﴾ وَلَئِنْ
تو صریح جادو ہے۔ اور اگر
أَخَّرْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ إِلَىٰ أُمَّةٍ
ایک وقت معین تک ہم اُن سے عذاب روکے

مَّعْدُودَةٍ لَّيَقُولُنَّ مَا يَحْبِسُهُ ۗ أَلَا يَوْمَ
رکھیں گے تو کہنے لگیں گے کہ اس کو کس نے روک رکھا ہے؟ دیکھو
يَأْتِيهِمْ لَيْسَ مَصْرُوفًا عَنْهُمْ وَحَاقَ
جس دن کہ وہ (عذاب) ان پر آوے گا تو ان سے ٹالے نہ ٹلے گا اور جس کو
بِهِمْ مَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ﴿٨﴾
وہ ٹھٹھوں میں اڑایا کرتے ہیں وہ ان پر الٹ پڑے گا۔
وَلَئِنْ أَذَقْنَا الْإِنسَانَ مِنَّا رَحْمَةً
اور اگر ہم انسان کو اپنی رحمت کا مزہ چکھا کر پھر اس سے چھین لیتے
ثُمَّ نَزَعْنَاهَا مِنْهُ ۖ إِنَّهُ لَيَئُوسٌ كَفُورٌ ﴿٩﴾
ہیں، تو ناامید (اور) ناشکر ہو جاتا ہے۔
وَلَئِنْ أَذَقْنَاهُ نَعْمَاءَ بَعْدَ ضَرَّاءَ مَسَّتْهُ
اور اگر مصیبت کے بعد نعمتوں کا مزہ چکھا دیتے ہیں تو
لَيَقُولَنَّ ذَهَبَ السَّيِّئَاتُ عَنِّي ۚ إِنَّهُ
کہنے لگتا ہے کہ میری سختیاں جاتی رہیں۔ کیونکہ وہ
لَفَرِحٌ فَخُورٌ ﴿١٠﴾ إِلَّا الَّذِينَ صَبَرُوا
اترانے والا شیخی خورہ ہے۔ مگر وہ لوگ کہ جنھوں نے صبر کیا
وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ ۚ أُولَٰئِكَ لَهُم
اور اچھے کام کرتے رہے انھیں کے لئے مغفرت
مَّغْفِرَةٌ وَأَجْرٌ كَبِيرٌ ﴿١١﴾ فَلَعَلَّكَ تَارِكٌ
اور بڑا اجر ہے۔ پھر کیا آپ اس میں سے جو آپ کی طرف

ع ۱ ۸ ۱

Marfat.com

بَعْضَ مَا يُوحٰٓى اِلَيْكَ وَضَآئِقٌ بِهٖ
وحی کیا گیا ہے کچھ چھوڑ بیٹھیں گے ، اور کیا ان کے اس کہنے
صَدْرُكَ اَنْ يَّقُوْلُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ
سے کہ "اس پر کوئی خزانہ کیوں نہ اُترا یا اس کے ساتھ کوئی فرشتہ کیوں
كَنْزٌ اَوْ جَآءَ مَعَهٗ مَلَكٌ ؕ اِنَّمَآ اَنْتَ
نہ آیا"؟ آپ کا دل تنگ ہو گا۔ آپ تو محض خوف دلانے
نَذِيْرٌ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ﴿۱۲﴾
والے ہیں۔ اور ہر بات کا ذمہ تو اللہ تعالےٰ ہی کا ہے۔
اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ فَاْتُوْا بِعَشْرِ
کیا وہ کہتے ہیں کہ (قرآن کو) اس خود بنا لیا ہے۔ کہدو تم ایسی دس
سُوَرٍ مِّثْلِهٖ مُفْتَرَيٰتٍ وَّادْعُوْا
سورتیں تو بنا کر لے آؤ اور اللہ تعالےٰ کے
مَنِ اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ
سوا جس سے چاہو مدد بھی لے لو اگر
كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۳﴾ فَاِلَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا
تم سچے ہو۔ پھر اگر تمہارا کہنا نہ کر سکیں تو
لَكُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ اُنْزِلَ بِعِلْمِ اللّٰهِ وَ
جان لو کہ صرف اللہ تعالےٰ کے علم سے نازل کیا گیا ہے، اور
اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ
یہ بھی کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ پھر اب بھی تم حکم مانتے ہو
مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۴﴾ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْحَيٰوةَ
(یا نہیں)۔ جو کوئی دنیا کی زندگی اور اس کی آرائش
الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا نُوَفِّ اِلَيْهِمْ اَعْمَالَهُمْ
چاہتا ہے تو ان کے اعمال (کا نتیجہ) ہم یہیں پورا کر دیتے ہیں
فِيْهَا وَهُمْ فِيْهَا لَا يُبْخَسُوْنَ ﴿۱۵﴾ اُولٰٓئِكَ
اور ان کو کچھ بھی خسارہ نہیں دیا جاتا ہے۔ یہ وہی
الَّذِيْنَ لَيْسَ لَهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ اِلَّا
ہیں کہ جن کے لئے آخرت میں بجز آگ کے اور کچھ

النَّارُ ۖ وَحَبِطَ مَا صَنَعُوْا فِيْهَا وَبٰطِلٌ
نہیں۔ اور جو کچھ دنیا میں انھوں نے کیا تھا گیا گزرا ہو اور جو کچھ
مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶﴾ اَفَمَنْ كَانَ
کیا کرتے تھے وہ بھی برباد ہوا۔ آیا وہ جو اپنے رب اللہ کی طرف
عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ وَيَتْلُوْهُ شَاهِدٌ
سے ایک دلیل (عقلی) پر ہو اور (اس کے بعد) اس کے پاس خدا تعالےٰ کی طرف کا
مِّنْهُ وَمِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰٓى اِمَامًا
شاہد (قرآن) بھی آگیا ہو اور اس سے پہلے موسیٰ کی کتاب بھی شاہد ہو جو امام
وَّرَحْمَةً ؕ اُولٰٓئِكَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ؕ
اور رحمت تھی (کیا وہ منکر ہو سکتے ہیں؟) یہی لوگ اس پر ایمان بھی لائے ہیں۔
وَمَنْ يَّكْفُرْ بِهٖ مِنَ الْاَحْزَابِ
اور دوسرے فرقوں میں سے جو اس کا منکر ہو گا اس کا ٹھکانا
فَالنَّارُ مَوْعِدُهٗ ۚ فَلَا تَكُ فِىْ مِرْيَةٍ
آگ ہے۔ سو آپ قرآن مجید کی طرف سے شک میں
مِّنْهُ ۖ اِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ وَلٰكِنَّ
نہ رہیں۔ بے شک یہ آپ کے رب تعالےٰ کی طرف سے برحق ہے لیکن
اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۷﴾
اکثر لوگ ایمان نہیں لاتے۔

ترکیب

صدرک مرفوع ہے ضائق کا فاعل ہو کر جو معتمد علی المبتدا ہے اور ممکن ہے کہ وہ مبتدا اور ضائق خبر مقدم ہو ان یقولوا لے مخافۃ ان یقولوا۔ افمن کان موضع رفع میں ہے مبتدا ہونے کی وجہ سے اور خبر محذوف ہے تقدیرہ افمن کان علےٰ ہذہ الاشیاء کغیرہ۔

تفسیر

وما من دابۃ الخ کہ دنیا پر کوئی ایسا جانور نہیں کہ جس کو وہ روزی نہ دیتا ہو اور یہ اسی کا کام ہے جو علم رکھتا ہو گا اس میں

Marfat.com

وصفِ دوم رازِ قیمت کا بھی ثبوت ہوگیا اس پر ترقی کرتا ہے کہ وہ ہر چیز کا مستقر یعنی ٹھہرنے کی جا ماں کے پیٹ سے لے کر شب کے آرام گاہ تک اور اس کے منازلِ وجود تک اور مستودع یعنے اخیر سپرد کئے جانے کی جگہ قبر یا جہاں اُس کی ہڈیاں پڑیں گی یا کہاں جائے گا، کیا انجام ہوگا یعنی از ابتدا تا انتہا سب جانتا ہے۔ تیسرے وصف کو ہوالذی خلق السموات آخر میں ثابت کرتا ہے اور اس کو ثبوتِ علم کے لئے بھی دلیل بنا سکتے ہیں (کان عرشہ آخر کی تفسیر سورۂ بقرہ میں دیکھو) اس کے بعد عالم آخرت اور موت کے بعد زندہ ہونے پر جو اُن کا تعجب تھا اس کو ذکر فرماتا ہے کہ جس کو وہ سحر مبین کہتے تھے اور عذاب دنیاوی کی روک رکھنے پر جو وہ کہتے تھے کہ کیوں روک رکھا ہے؟ اس سے ان کی نادانی اور بدبختی کا اظہار فرما کر کلام تمام کرتا ہے۔

فرمایا تھا کہ منکروں سے جو مرنے کے بعد زندہ ہونے کا ذکر کیا جاتا ہے تو اس کا انکار کرتے ہیں اور اُن کے اس کفر کی سزا یعنی عذاب کو جو ہم نے ابھی اُن پر نہیں بھیجا ذکر کیا جاتا ہے تو کس دلیری اور استقلال سے کہتے ہیں کہ وہ کیوں نہیں آتا؟ کس نے روک رکھا ہے؟ اب یہاں فرماتا ہے کہ اُن کی یہ سب باتیں ہماری دُنیاوی نعمت اور راحت کی وجہ سے ہیں اور اُن پر کچھ موقوف نہیں بجز ایمانداروں اور نیکوں کے انسان کا عموماً یہ دستور ہے کہ ولئن اذقنا آخر جب ہم اس کو اپنی نعمت و راحت دے کر لیتے ہیں تو نا اُمید اور ناشکر ہو کر طرح طرح کی بیہودہ باتیں بکنے لگتے ہیں۔ اور جو سختی کے بعد راحت دیتے ہیں تو اپنے پہلے دِنوں کو بھول جاتے اور اُس کے نشہ میں پھول جاتے ہیں اور یہ کہتے ہیں کہ میری سختی کا زمانہ گیا اب دوبارہ نہ آئے گا اور خوب اِتراتے ہیں چونکہ عالم حسّی اور اُسی کے لذائذ اور شہوات ہی پر یہ عشق ہے، لذائذِ روحانی اور عالمِ جاودانی سے غافل ہے۔ یہیں کی کامیابی کو سعادتِ عظمےٰ سمجھ کر اس پر اِتراتا اور عالم آخر کی تکذیب کرتا اور منکر ہو کر خدا تعالےٰ سے مقابلہ کا دعوی کرتا اور خم ٹھونک کر اُس کے عذاب کا خواستگار ہوتا ہے اور جو کہیں مصیبت آگئی تو اس محرومی کو سخت محرومی اور عذاب اور زکالِ حقیقی جان کر نا اُمید اور ناشکر ہو جاتا ہے۔ الغرض ذرا سی نعمت (کیونکہ اذقنا یعنے چکھانا فرمایا ہے، پیٹ بھر کر دینا تو عالم باقی میں ہوگا اگر یہاں ہوتا تو جانے حضرتِ انسان کیا کرتے) پر اِتراتے اور باغی بن جاتے ہیں شکر نہیں کرتے۔ رسولوں سے مقابلہ عذاب کی خواستگاری جتلاتے ہیں اور . . . . . ذرا سی مصیبت . . . . . میں صبر نہیں کرتے مگر جو ایمان لائے اور نیک کام کرتے ہیں وہ ایسے نہیں وہ نعمت پر شکر اور مصیبت پر صبر کرتے ہیں کیونکہ اُن کو مقصود بالذات اس عالمِ فانی کے نعماء نہیں بلکہ وہ عالم۔ سو اُن کو وہاں مغفرت اور اجرِ عظیم ہے۔ اور چونکہ وہ اس نعمتِ دُنیا کے نشہ میں بہت سی ایسی باتیں پیغمبر علیہ السلام کے مقابلہ میں کرتے تھے جن سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو رنج ہوتا تھا، کبھی یوم موعود کا وقت پوچھا کرتے تھے جیسا کہ گزرا اور کبھی آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے تمسخر اور عناد کی راہ سے یہ کہتے تھے کہ ہم تجھے جب مانیں گے جب تو مکہ مکرمہ کے پہاڑوں کو سونے کا کر دے گا یا تیرے ساتھ کوئی آسمان سے فرشتہ آکر تیرے برحق ہونے کی گواہی دے گا ان یقولوا لولا اُنزل علیہ کنز او جاء معہ ملک اور جب تو ایسا نہ کر سکے تو ہمارے بتوں کی مذمت نہ کر۔ ان رنج آمیز باتوں سے بمقتضائے بشریت یہ خیال آتا ہوگا کہ ایسے بیہودوں کے سامنے تو جید و تلقینِ آخرت کا بیان کرنا قرآن اور وحی پر قہقہہ اُڑوانا ہے۔ اس لئے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو تسلی دے کر اُن کے فرضِ منصبی پر مستحکم کیا جاتا ہے بقولہ فلعلک تارک بعض مایوحی الیک آخر کہ کیا آپ اُن کی ان بیہودہ باتوں سے دل تنگ ہو کر بعض احکام (تحقیر بُت پرستی وغیرہ)

Marfat.com

چھوڑ بیٹھیں گے ؟ نہیں ایسا نہ کرو۔ آپ کا کام صرف انذیشہ ناک باتوں سے مطلع کر دینا ہے انما انت نذیر۔ رہا ہدایت پر لانا اور حسب خواہش معجزات کا صادر کرنا وہ اسی کے قبضۂ قدرت میں ہے، واللہ علی کل شئ وکیل۔ ام یقولون افتراہ چونکہ وہ قرآن مجید کے بھی منکر تھے اور اُس کو منجانب اللہ بھی نہیں گنتے تھے، ان کے جواب میں فرماتا ہے قل فاتوا بعشر سور الخ کہ اُن سے کہدو اگر یہ اللہ تعالےٰ کا کلام نہیں تو پھر حضرت محمد علیہ السلام میں تم سے زیادہ کونسے اسباب فصاحت و بلاغت جمع ہیں بلکہ وہ ان باتوں میں تم سے بدرجہا کم ہیں سو تم ایسی دس سورتیں تو بنالاؤ اور خدا تعالےٰ کے سوا جن معبودوں کو پوجتے ہو سب سے مدد بھی لے لو پھر تم جب ایسا نہ کر سکو تو یقین کر لو کہ یہ بشر کا کلام نہیں بلکہ اللہ تعالےٰ علام کا جس نے اس میں دُنیا و آخرت کے علوم کا دریا بہا دیا ہے۔ انما انزل بعلم اللہ اور اس سے یہ بھی جان لو کہ تمہارے معبود جو اس کام میں عاجز رہ گئے معبود نہیں۔ بس عالم وجود میں صرف معبود تو ایک اللہ تعالےٰ ہی ہے وان لا الٰہ الا ھو۔ پھر اب بھی مانتے ہو یا کہ ضد میں پڑے رہو گے۔ اس وقت کے کفار ایک یہ بھی حجت پیش کیا کرتے تھے کہ اتباع قرآن و اسلام کی کیا ضرورت ہے ؟ مسافروں کو کھانا کھلانا، یتیم کی پرورش کرنا، بھوکوں کی خبر گیری کرنا، رستوں پر کنوئیں کھدوانا، سایہ دار درخت لگانا، بہت سے نیک کام ہم کرتے ہیں اور اُن کا مقبول ہونا بھی ثابت ہے کہ ہم ایسے کاموں سے دنیا میں پھلتے پھولتے ہیں اولاد و مال میں برکت، امن و تندرستی نصیب ہوتی ہے۔ سو یہی بات کافی ہے۔ اس کا جواب دیتا ہے من کان یرید الحیوٰۃ الدنیا الخ کہ یہ لوگ عالم آخرت پر تو کچھ نظر رکھتے ہی نہیں، ان کاموں سے ان کی غرض حیات الدنیا اور اُس کی زینت، کثرت اولاد و مال ہوتی ہے سو ان کا بدلہ پورا پورا ہم ان کو یہیں دیدیتے ہیں اب رہا دار آخرت، سو اس کے تو وہ منکر ہیں اور نیز وہاں کے لائق اعمال و ایمان و اخلاص ان کو نصیب نہیں کیونکہ ان چیزوں کے معلم الٰہی پیغمبر کا وہ اتباع نہیں کرتے صرف عقل بغیر مدد الہام کچھ کام نہیں کر سکتی سو اس لئے وہاں اُن کے لئے آتش جہنم ہے اور یہ دُنیا کا عمل جو ریا اور غرض حصول دنیا پر مبنی تھا سب نکما ہو جاوے گا اس میں ریا کاروں کے لئے سخت چشم نمائی ہے احادیث صحیح میں بھی ریاکاری کی نماز اور تلاوت قرآن درس تدریس علوم اسلامیہ جہاد و صدقات کا باطل ہونا اور آخرت میں جرمانی و پریشانی اُٹھانا بکثرت وارد ہے۔ اس کے بعد ان لوگوں کا کامیاب ہونا دار آخرت میں بیان فرماتا ہے کہ جو اسلام کی سیدھی سڑک پر چلتے ہیں۔ افمن کان علی بینۃ الخ ان آیات میں یہود کی طرف بھی خطاب ہے اور ان کا ان سلیم الطبع یہود سے مقابلہ کیا جاتا ہے جو اسلام میں داخل ہو گئے تھے یا اُن کا قلبی میلان تھا۔ مقابلہ اور موازنہ کی تقریر یہ ہے کہ بھلا وہ شخص کہ جن کے پاس اسلام قبول کرنے کے لئے یہ تین دلیلیں ہیں اور اسی سبب سے وہ قرآن پر ایمان رکھتے ہیں اُن منکروں کے برابر ہو سکتے ہیں جو اور قبائل یہود و نصاریٰ میں سے بے دلیل قرآن مجید کا انکار کر کے جہنم میں گھر بناتی ہیں۔ ہرگز برابر نہیں۔ اور وہ تین دلیل یہ ہیں۔ (۱) علی بینۃ۔ کہ خدائی دلیل پر قائم ہیں۔ وہ کیا ہے ؟ نور فطرت، دل کی آنکھ جو حق و باطل میں تمیز کرتی ہے اور جب وہ قرآن اور اسلام کے اصول و فروع میں نظر کرتی ہے تو اُس کو خلاف عقل نہیں پاتی اس کی ذاتی صداقت و نورانی اصول پر فریفتہ ہو جاتی ہے۔ (۲) یتلوہ شاہد منہ خدا تعالےٰ کا گواہ بھی ان کے روبرو شہادت دے رہا ہے۔ وہ کون ؟ پیغمبر علیہ السلام جس کی صورت و سیرت اُس کے شاہد ہونے پر آپ واضح دلیل ہے یا جبرئیل فرشتہ جس نے ظاہر ہو کر بارہا شہادت دی اور

Marfat.com

تصدیق کی ہے۔ (۳) ومن قبلہ کتاب موسیٰ الخ اس سے پہلے موسےٰؑ کی کتاب توریت جس کے اصول اور قرآن مجید کے اصول میں سرِ مو بھی فرق نہیں اور اس میں بہت سی اس کے برحق ہونے کی پیشین گوئیاں بھی ہیں پھر ان تین دلائل کے بعد جو خواہ مخواہ راستباز کو اسلام قبول کرنے پر مجبور کر رہے ہوں اُس کو نہ مانے یہ اس کی بدبختی ہے اور اس کا مقام جہنم ابدی کا مقتضےٰ ہے۔ ان دلائل کے بعد آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو مخاطب بنا کر اور ہر ایک صاحب عقل سلیم سے ارشاد ہوتا ہے کہ اس سے یعنی قرآن مجید و اسلام سے شک میں نہ رہنا چاہیئے یہ آفتاب کی طرح روشن اور برحق ہے مگر اس پر بھی بدبخت ایمان نہیں لاتے۔ توریت کو امام یعنی پیشوا اور رحمت فرمایا سو کتاب الٰہی میں یہ دونوں وصف ظاہر ہیں۔

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى
اور اُس سے بڑھ کر کون ظالم ہے جو اللہ تعالےٰ پر جھوٹ
اللّٰهِ كَذِبًا ؕ اُولٰٓئِكَ يُعْرَضُوْنَ عَلٰى
باندھے۔ یہ لوگ اپنے رب تعہ کے روبرو پیش کئے
رَبِّهِمْ وَيَقُوْلُ الْاَشْهَادُ هٰٓؤُلَآءِ
جاویں گے اور گواہ کہیں گے کہ یہی تو ہیں جنھوں نے اپنے
الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ ۚ اَلَا
رب تعہ پر جھوٹ بولا تھا۔ دیکھو
لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ۙ﴿۱۸﴾ الَّذِيْنَ
ظالموں پر اللہ تعالےٰ کی لعنت ہے۔ وہ جو اللہ تعہ
يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ
کے رستہ سے روکتے اور اُس میں کجی پیدا کرنا چاہتے
يَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ؕ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ
رہے۔ اور وہی آخرت کے بھی منکر
كٰفِرُوْنَ ﴿۱۹﴾ اُولٰٓئِكَ لَمْ يَكُوْنُوْا
رہے۔ یہ لوگ زمین پر بھی ہمارے قابو

مُعْجِزِيْنَ فِى الْاَرْضِ وَمَا كَانَ لَهُمْ
سے باہر نہ تھے اور نہ اللہ تعالےٰ کے
مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَآءَ ۘ
مقابلہ میں ان کا کوئی حمائتی تھا،
يُضٰعَفُ لَهُمُ الْعَذَابُ ؕ مَا كَانُوْا
ان کو دو چند عذاب دیا جائے گا۔ وہ نہ (حق بات)
يَسْتَطِيْعُوْنَ السَّمْعَ وَمَا كَانُوْا
سُن سکتے تھے اور نہ دیکھ سکتے
يُبْصِرُوْنَ ﴿۲۰﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا
تھے۔ انھوں نے خود اپنے آپ کو خسارہ میں
اَنْفُسَهُمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا
ڈالا اور جو کچھ جھوٹ باندھتے تھے وہ سب
يَفْتَرُوْنَ ﴿۲۱﴾ لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ فِى
کھویا گیا۔ بے شک یہی لوگ آخرت میں
الْاٰخِرَةِ هُمُ الْاَخْسَرُوْنَ ﴿۲۲﴾ اِنَّ
زیادہ زیاں کار ہیں۔ بے شک وہ جو
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَ
ایمان لائے اور نیک کام کئے اور
اَخْبَتُوْٓا[1] اِلٰى رَبِّهِمْ ۙ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ
اپنے رب تعہ کے آگے عاجزی کرتے رہے وہی جنتی
الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۳﴾ مَثَلُ
ہیں، وہ اُس میں ہمیشہ رہا کریں گے۔ دونوں
الْفَرِيْقَيْنِ كَالْاَعْمٰى وَالْاَصَمِّ وَ
فریق کی مثال ایسی ہے کہ جیسے ایک اندھا اور بہرہ ہو (کفار) اور
الْبَصِيْرِ وَالسَّمِيْعِ ؕ هَلْ يَسْتَوِيٰنِ
دیکھنے والا اور سننے والا (مومن) کیا دونوں کا حال برابر
مَثَلًا ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۴﴾ ع
ہے؟ پھر تم کیوں نہیں سمجھتے؟

وقف لازم

ع ۲ ۱۲ ۲

[1] الاخبات ہو الخشوع والخضوع وہو ماخوذ من الخبت وہو الارض المطمئنۃ فاذا یتعدی بالی فمعناہ الاطمینان اخبت الیہ ای اطمئن الیہ واذا یتعدی باللام فمعناہ الخشوع اخبت لہ ای خشع لہ ۱۲ عبدالحق رح

Marfat.com

ترکیب

یضاعف جملہ مستانفہ ہے۔ ماکانوا میں تین وجہ ہیں اوّل یہ کہ نافیہ ہے والثانی مصدریۃ وفیہ مافیہ والثالث بمعنے الذی لاجرم آخر اس میں دو قول ہیں اوّل یہ کہ لا کلام سابق کے ردّ کے لئے اے لیس الامر کما زعموا۔ جرم فعل ضمیر اس میں مضمر اس کی فاعل وانہم آخر جملہ محل نصب میں دوم لاجرم بمعنے حق بمنزلہ ایک کلمہ کے انہم جملہ محل رفع میں فاعل ہو کر۔

تفسیر

کفارِ مکہ کی عادت تھی کہ وہ طرح طرح کے شبہات وارد کیا کرتے تھے کبھی نئے نئے معجزات طلب کیا کرتے، کبھی قرآن مجید کا انکار کرتے تھے، کبھی اپنے پرانے ڈھکوسلوں کو خدا تعالےٰ کی طرف منسوب کرتے تھے کہ ان بتوں کی پرستش کا اسی نے ہم کو حکم دیا ہے، اُسی نے ان کو اپنے کارخانۂ قضاء وقدر کا مختارِ کُل کیا ہے، اُسی کے حکم سے ہم بعض چیزوں کو حلال بعض کو حرام قرار دیتے ہیں چونکہ یہ سب باتیں بے بنیاد اور خدا تعالےٰ پر ناحق کا بہتان تھا، اس لئے ان کے جواب میں فرماتا ہے ومن اظلم ممن افترےٰ کہ اس سے زیادہ کون ظالم ہے کہ جس نے خدا تعالےٰ پر جھوٹ باندھا ہے پھر اولئک یعرضون آخر ہیں خدا تعالےٰ کی عدالت میں ان کا پیش کیا جانا اور گواہوں کا ان کی تکذیب کرنا بیان فرماتا ہے۔ (اشہاد جمع شاہد کھا حب واصحاب، جمع شہید کشریف واشراف، گواہوں سے مراد مجاہدؒ کے نزدیک وہ ملائکہ ہیں جو اعمال لکھتے تھے۔ قتادہؒ اور مقاتلؒ کے نزدیک عامۃ الناس مُراد ہیں جیسا کہ کہتے ہیں یہ بات علی رؤس الاشہاد ہوئی، اور مفسّرینؒ کے نزدیک انبیاء علیہم السلام مراد ہیں) پھر جب عدالت آسمانی میں ان کا جھوٹ ثابت ہو جاوے گا تو اعلان کر دیا جاوے گا الا لعنۃ اللہ الخ جھوٹوں پر خدا تعالےٰ کی لعنت ہے۔ اس کے بعد ان کے کچھ حالات بیان فرماتا ہے کہ اور لوگ بھی ان اوصاف سے دُور رہیں۔ (۱) یہ کہ وہ آپ تو گمراہ ہیں ہی دوسروں کو بھی اللہ تعالےٰ کے رستہ سے روکتے ہیں۔ (۲) اِس راہِ الٰہی میں شبہات پیدا کر کے کجی نکالنا چاہتے ہیں یبغونہا عوجا جیسا کہ آج کل پادری نئے نئے رسالے اور کتابیں طبع کرتے ہیں کہ جن میں اسلام کی ہجو اور اس میں نکتہ چینیاں کرتے ہیں۔ پھر عورتوں کے ذریعہ سے زنانہ سکول قائم کر کے پردہ نشین عورتوں پر بھی جال ملتے ہیں۔ (۳) یہ کہ آخرت کے منکر ہیں۔ (۴) اولئک لم یکونوا یہ لوگ اپنے اسباب و مال کے زور میں اور اپنی کامیابیوں کے نشہ میں اگر یہ نہ سمجھیں کہ خدا تعالےٰ کے قبضۂ قدرت سے باہر ہو گئے۔ اُس نے عذاب بھیجنے میں جو دیر کر رکھی ہے کسی مصلحت اور اپنے حلم کی وجہ سے کر رکھی ہے۔ (۵) خدا تعالےٰ کے مقابلہ میں اُن کا کوئی فرضی معبود جس کو وہ پوجتے ہیں اُس کے عذاب سے بچا نہیں سکتا جب آپڑتی ہے تو کوئی دیوتا اُس کا ہاتھ نہیں روکتا۔ (۶) ان کو دوچند عذاب ہو گا گمراہ ہونے اور گمراہ کرنے کا۔ (۷) نہ حق سُن سکتے تھے نہ دیکھ سکتے تھے یعنی ان کے تعصّب نے اُن کے سمع وبصر باطنی کو بے کار کر دیا لاکھ دلائل پیش کرو مگر پُرانی لکیر کے فقیر ہیں بھلا کسی کی کب مانتے ہیں؟ (۸) یہ لوگ زیاں کار ہیں آخرت میں ان کے یہ فرضی ڈھکوسلے کھوئے جائیں گے نہ مسیح علیہ السلام کی اُلوہیت وتثلیث وکفارہ پر ایمان لانا نجات دے گا نہ گائے کی دُم پکڑ کے (ترک) جہنم سے پار ہوں گے نہ اور کسی کی نذر ونیاز کام آئے گی۔ اس کے بعد اہل ایمان اور نیک لوگوں کا انجام بیان فرماتا ہے کہ وہ ہمیشہ جنّت میں رہا کریں گے۔ پھر ان دونوں فریق یعنی اہلِ ایمان وکفار کا فرق ظاہر کرتا ہے کہ ایک فریق اندھا اور بہرہ۔ دوسرا دیکھنے اور سُننے والا برابر ہو سکتے ہیں؟ یعنی ہرگز برابر نہیں ہو سکتے۔ پہلا گروہ کفار ومشرکین کا فریق اور دوسرا اہل ایمان اور نیکوں کا۔

Marfat.com

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا نُوحًا إِلَىٰ قَوْمِهِ إِنِّي
اور بے شک ہم نے نوحؑ کو اُن کی قوم کی طرف بھیجا کہ (اُن سے کہیں) میں

لَكُمْ نَذِيرٌ مُّبِينٌ ﴿٢٥﴾ أَن لَّا تَعْبُدُوا
تمھیں صاف (صاف) ڈر سنانے والا ہوں۔ (اور یہ بھی) کہ تم اللہ تعالیٰ کے سوا کسی

إِلَّا اللَّهَ ۖ إِنِّي أَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ
کی عبادت نہ کرو۔ مجھے تمھاری نسبت ایک دُکھ دینے والے دن کے عذاب کا

يَوْمٍ أَلِيمٍ ﴿٢٦﴾ فَقَالَ الْمَلَأُ الَّذِينَ
ڈر لگ رہا ہے۔ تب اُس کی قوم کے کافر سردار کہنے لگے کہ

كَفَرُوا مِن قَوْمِهِ مَا نَرَاكَ إِلَّا بَشَرًا
ہم تو تجھے اپنے ہی جیسا آدمی دیکھتے

مِّثْلَنَا وَمَا نَرَاكَ اتَّبَعَكَ إِلَّا الَّذِينَ
ہیں۔ اور ہم کو تو تمھارے پیرو وہی دکھائی دیتے ہیں جو

هُمْ أَرَاذِلُنَا بَادِيَ الرَّأْيِ ۖ وَمَا
ہم میں سے رذیل ہیں سرسری نظر سے (پیرو ہو گئے ہیں)۔ اور ہم

نَرَىٰ لَكُمْ عَلَيْنَا مِن فَضْلٍ بَلْ
تمھارے لئے اپنے اوپر کوئی فضیلت بھی نہیں دیکھتے بلکہ

نَظُنُّكُمْ كَاذِبِينَ ﴿٢٧﴾ قَالَ يَا قَوْمِ
ہم تو تمھیں جھوٹا سمجھتے ہیں۔ نوحؑ نے کہا اے قوم!

أَرَأَيْتُمْ إِن كُنتُ عَلَىٰ بَيِّنَةٍ مِّن
دیکھو تو اگر میں اپنے رب کی طرف سے ایک سند پر ہوں

رَّبِّي وَآتَانِي رَحْمَةً مِّنْ عِندِهِ
اور میرے پاس اُس کے ہاں سے رحمت بھی آ چکی ہو

فَعُمِّيَتْ عَلَيْكُمْ ۚ أَنُلْزِمُكُمُوهَا وَأَنتُمْ
پھر وہ تمھیں دکھائی نہ دیتی ہو تو کیا میں زبردستی سے تمھارے گلے

لَهَا كَارِهُونَ ﴿٢٨﴾ وَيَا قَوْمِ لَا أَسْأَلُكُمْ
مڑھ دوں اور تم اس سے نفرت کرتے جاؤ۔ اور اے قوم! اس پر میں تم سے کوئی

عَلَيْهِ مَالًا ۖ إِنْ أَجْرِيَ إِلَّا عَلَى
مال بھی تو نہیں مانگتا۔ میری مزدوری تو اللہ تعالیٰ ہی پر

اللَّهِ وَمَا أَنَا بِطَارِدِ الَّذِينَ آمَنُوا ۚ
ہے اور میں تو ایمان والوں کو دھتکارنے کا نہیں۔

إِنَّهُم مُّلَاقُو رَبِّهِمْ وَلَٰكِنِّي أَرَاكُمْ قَوْمًا
کیونکہ وہ اپنے رب سے ملنا چاہتے ہیں لیکن میں تم کو ایک جاہل

تَجْهَلُونَ ﴿٢٩﴾ وَيَا قَوْمِ مَن يَنصُرُنِي
قوم دیکھتا ہوں۔ اور اے قوم! مجھے اللہ تعالیٰ سے کون

مِنَ اللَّهِ إِن طَرَدتُّهُمْ ۚ أَفَلَا
چھڑا سکتا ہے جو میں اُنھیں دھتکار دوں۔ پھر تم کیا نہیں

تَذَكَّرُونَ ﴿٣٠﴾ وَلَا أَقُولُ لَكُمْ عِندِي
سمجھتے؟ اور میں تم سے یہ نہیں کہتا کہ میرے پاس

خَزَائِنُ اللَّهِ وَلَا أَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَا
اللہ تعالیٰ کے خزانے ہیں اور نہ یہ کہ میں غیب دان ہوں اور نہ

أَقُولُ إِنِّي مَلَكٌ وَلَا أَقُولُ لِلَّذِينَ
یہ کہتا ہوں کہ میں فرشتہ ہوں۔ اور نہ اُن لوگوں کو کہ جنھیں تمھاری

تَزْدَرِي أَعْيُنُكُمْ لَن يُؤْتِيَهُمُ اللَّهُ
آنکھیں حقیر جانتی ہیں یہ کہہ سکتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ اُن کو بہتری نہ

خَيْرًا ۖ اللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا فِي أَنفُسِهِمْ ۖ
دے گا۔ اللہ تعالیٰ ہی اُن کے دل کی بات خوب جانتا ہے۔

إِنِّي إِذًا لَّمِنَ الظَّالِمِينَ ﴿٣١﴾ قَالُوا
بے شک ایسا کروں تو میں بے انصاف ہوں۔ وہ بولے کہ

يَا نُوحُ قَدْ جَادَلْتَنَا فَأَكْثَرْتَ جِدَالَنَا
اے نوحؑ! تو نے ہم سے جھگڑا کیا پس بہت جھگڑا چکا

فَأْتِنَا بِمَا تَعِدُنَا إِن كُنتَ مِنَ
اب جس کا تو ہم سے وعدہ کرتا ہے اگر تو سچا ہے تو اس کو

الصَّادِقِينَ ﴿٣٢﴾ قَالَ إِنَّمَا يَأْتِيكُم بِهِ
لے آ۔ نوحؑ نے کہا اس کو تو اگر چاہے گا

اللَّهُ إِن شَاءَ وَمَا أَنتُم بِمُعْجِزِينَ ﴿٣٣﴾
اللہ تعالیٰ ہی لائے گا اور تم اُس کو روک نہ سکو گے۔

Marfat.com

وَلَا يَنْفَعُكُمْ نُصْحِيْٓ اِنْ اَرَدْتُّ اَنْ

اور میری نصیحت تم کو (کچھ بھی) فائدہ نہ دے گی۔ گو میں کتنی ہی نصیحت کرنا

اَنْصَحَ لَكُمْ اِنْ كَانَ اللّٰهُ يُرِيْدُ اَنْ

چاہوں اگر خدا تعالےٰ کو تمھارا گمراہ رکھنا ہی منظور

يُّغْوِيَكُمْ ؕ هُوَ رَبُّكُمْ ۫ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۳۴﴾

ہے۔ وہ تمھارا رب تو ہے۔ اور اس کی طرف تم کو پھر جانا ہے۔

اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ اِنِ افْتَرَيْتُهٗ

کیا وہ یہ کہتے ہیں کہ اس نے قرآن خود بنالیا ہے، تو کہدو اگر میں نے از خود بنالیا ہے تو

فَعَلَيَّ اِجْرَامِيْ وَاَنَا بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تُجْرِمُوْنَ ﴿ع﴾

اس کا گناہ مجھ پر ہے اور میں تمھارے گناہوں سے بری ہوں۔

ترکیب

اِنّی بالکسر علےٰ تقدیر فقال اِنّی و بالفتح بانّی ان لا تعبدوا بدل ہے کلام سابق انّی الخ سے مانرٰیک اگر رؤیۃ العین سے ہے تو اس کے بعد کا جملہ حال اور قد مقدّر لانّہ مفعول ثانی اراذل جمع ارذال اور یہ رذل کی جمع ہے وقیل ارذل واحد وجمعہ اراذل بادی بمعنے ظاہر اگر دال کے بعد ہمزہ سے پڑھا جاوے تو بدأ یبدأ اذا فعل الشیٔ اوّلاً سے ہوگا ورنہ بدا یبدو سے جس کے معنے ظاہر ہونے کے ہیں۔ یہ منصوب ہے ظرف ہونے کی وجہ سے اور عامل اس کا اتبعک ہے۔ لن یؤتیہم الخ جملہ مقولہ ولا اقول کا تزدری دال بدل ہے تَ سے اصلہ تزتری وہو یفتعل من زریت تَ دال سے بدل گئی لتجانس الزای فی الجہر۔ اور تَ چونکہ حروف مہموسہ میں سے ہے اس لئے زَ کے ساتھ جمع نہ ہوئی۔

تفسیر

مضامین مذکورہ بالا کے بعد چند عبرتناک واقعات بیان فرماتا ہے جن میں سے اوّل قصّہ حضرت نوح علیہ السلام اور اُن کی بدبخت قوم کا ہے کہ حضرتؑ نے سیکڑوں برس وعظ و پند کیا طرح طرح سے سمجھایا مگر ان کی بدبختی اور شامت کاہے کو راہ راست پر آنے دیتی تھی آخر سب غرق ہوئے طوفان آیا۔ گرچہ یہ قصّے آگے بھی کئی بار آچکے ہیں خصوصاً سورۂ یونسؑ میں بھی جو مکیّہ ہے مگر لطف اور اعجاز یہ ہے کہ ایک ایک قصّے کو کس کس رنگ سے پلٹ کر بیان کیا جاتا ہے جو اپنے موقع پر نیا قصّہ معلوم ہوتا ہے اور ایک جداگانہ عبرت پیدا کرتا ہے توریت میں بھی یہ قصّہ طوفان نہایت وضاحت سے مذکور ہے مگر توریت موجودہ میں اور قرآن مجید میں بجز دو تین باتوں کے جن کو بیان کرتے ہیں اور کچھ اختلاف نہیں۔ اب اس کا سبب غالباً وہی سبب ہے کہ توریت موجودہ میں بے شمار مواقع ہیں کہ اس کے مصنّف یا کاتبوں سے غلطیاں سرزد ہوئیں یا بعد میں کچھ کمی زیادتی ہوگی جیسا کہ اس کا ثبوت ہم نے اپنی اس کتاب میں متعدّد جگہ کیا ہے اور کتب مناظرہ اظہار الحق وغیرہ میں بڑی تشریح ہے۔ ان اختلافی باتوں میں اہل کتاب قرآن پر غلطی کا الزام لگایا کرتے ہیں اور بعض برائے نام مسلمان جو اُن کے مرید اور توریت موجودہ کو اصلی توریت بنانے کا بیڑا اٹھائے ہوئے ہیں کچھ دور از کار توجیہیں کرکے باہم توافق پیدا کرتے ہیں کہ اس سے یہ مراد اور اس سے

وَاُوْحِيَ اِلٰى نُوْحٍ اَنَّهٗ لَنْ يُّؤْمِنَ

اور نوحؑ کی طرف (یہ) وحی کی گئی کہ تمھاری قوم میں سے اب کوئی

مِنْ قَوْمِكَ اِلَّا مَنْ قَدْ اٰمَنَ فَلَا

ایمان نہ لائے گا مگر جسے (لانا تھا) لاچکا، پھر تم

تَبْتَئِسْ بِمَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿۳۶﴾ وَ

ان کی باتوں پر جو وہ کر رہے ہیں کچھ غم نہ کرو۔ اور

لہ یعنی ازل میں جس کی نسبت حکم ہوچکا کہ یہ دنیا میں ایمان نہیں لائے گا اس کے سوا ایمانداروں اور اپنے خاندان کو بھی کشتی میں سوار کرلے ۱۲ منہ

Marfat.com

اصْنَعِ الْفُلْكَ بِاَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا وَ
ہماری مدد اور وحی سے کشتی بناؤ اور

لَا تُخَاطِبْنِيْ فِي الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۚ اِنَّهُمْ
ستمگاروں کے بارے میں ہم سے کچھ نہ کہنا، کیونکہ وہ

مُّغْرَقُوْنَ ﴿۳۷﴾ وَيَصْنَعُ الْفُلْكَ قف وَكُلَّمَا
غرق کئے جائیں گے۔ اور نوحؑ تو کشتی بنا رہے تھے اور جب ان کی

مَرَّ عَلَيْهِ مَلَاٌ مِّنْ قَوْمِهٖ سَخِرُوْا مِنْهُ ؕ
قوم کے لوگ اس کے پاس سے ہو کر گزرتے تھے تو اس سے ہنسی کرتے تھے۔

قَالَ اِنْ تَسْخَرُوْا مِنَّا فَاِنَّا نَسْخَرُ مِنْكُمْ
(نوحؑ) کہتے تھے اگر تم ہم سے ہنسی کرتے ہو تو اسی طرح ہم بھی تم سے

كَمَا تَسْخَرُوْنَ ﴿۳۸﴾ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ لا
ہنسی کریں گے۔ تم کو ابھی معلوم ہو جاتا ہے کہ

مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَيَحِلُّ
کس پر وہ عذاب آتا ہے جو اس کو رسوا کرے گا۔ اور کس پر

عَلَيْهِ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿۳۹﴾ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَ
دائمی عذاب اترتا ہے۔ یہاں تک کہ جب ہمارا حکم آچکا

اَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّوْرُ لا قُلْنَا احْمِلْ
اور تنور (غضب الٰہی) جوش میں آگیا تو ہم نے کہہ دیا کہ (اے نوحؑ) اس

فِيْهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَ
کشتی میں ہر ایک قسم کے جانوروں میں سے نر و مادہ کے دو دو جوڑوں کو اور اپنے

اَهْلَكَ اِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ
گھر والوں کو مگر ان کو کہ جن کی بابت ہمارا فیصلہ ہو چکا اور جو ایمان لایا سب کو

وَمَنْ اٰمَنَ ؕ وَمَآ اٰمَنَ مَعَهٗٓ اِلَّا
سوار کر لو، اور اس کے ساتھ ایمان تو بہت ہی کم لائے

قَلِيْلٌ ﴿۴۰﴾ وَقَالَ ارْكَبُوْا فِيْهَا بِسْمِ اللّٰهِ
تھے، اور نوحؑ نے کہا (آؤ) اس میں سوار ہو جاؤ اللہ تعالیٰ ہی کے نام

مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا ؕ اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ
سے اس کا چلنا اور ٹھہرنا ہے۔ کیونکہ میرا رب تو معاف کرنے والا

ف بسم اللہ متعلق بارکبوا مجریہا و مرسیہا بضم المیم من اجریت وارسیت

رَّحِيْمٌ ﴿۴۱﴾ وَهِيَ تَجْرِيْ بِهِمْ فِيْ
مہربان ہے۔ اور وہ کشتی انھیں لے کر پہاڑ سی موجوں میں

مَوْجٍ كَالْجِبَالِ قف وَنَادٰى نُوْحُ نِ ابْنَهٗ
چلنے لگی، اور نوحؑ نے اپنے بیٹے کو پکارا جب کہ

وَكَانَ فِيْ مَعْزِلٍ يّٰبُنَيَّ ارْكَبْ
وہ کنارے پر تھا کہ بیٹا! ہمارے ساتھ سوار ہو لے

مَّعَنَا وَلَا تَكُنْ مَّعَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۴۲﴾
اور کافروں کے ساتھ نہ رہ۔

قَالَ سَاٰوِيْٓ اِلٰى جَبَلٍ يَّعْصِمُنِيْ مِنَ
اس نے کہا میں ابھی کسی پہاڑ کی پناہ لئے لیتا ہوں وہ مجھے پانی سے

الْمَآءِ ؕ قَالَ لَا عَاصِمَ الْيَوْمَ مِنْ اَمْرِ
بچا دے گا۔ (نوحؑ نے) کہا آج تو اس کے حکم (عذاب) سے کوئی بھی بچانے والا

اللّٰهِ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ ۚ وَحَالَ بَيْنَهُمَا
نہیں مگر اللہ تعالیٰ ہی جس پر مہربانی کرے (تو بچے) اور ان کے درمیان

الْمَوْجُ فَكَانَ مِنَ الْمُغْرَقِيْنَ ﴿۴۳﴾ وَ
موج حائل ہوئی سو وہ ڈوب کر رہ گیا۔ اور

قِيْلَ يٰٓاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ
حکم ہوا کہ اے زمین اپنا پانی جذب کر لے اور اے آسمان

اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ
تھم جا اور پانی اتر گیا اور کام ہو چکا

اسما زمان وہما منصوبان علی الظرفیۃ اے وقت اجراءہا وارسائہا قرئ الاول بفتح المیم والثانی بضمہا وقرئ بفتحہا وقرئ مجریہا ومرسیہا بلفظ اسم الفاعل مجرور المحل علی انہما وصفان للہ والرسو الثبات فی موج جمع موجۃ کالجبال صفت الموج شبہا بالجبال فی تراکمہا وارتفاعہا ۱۲ منہ

ابلعی من البلع ہو الشرب وتغویر الماء ومنہ البالوعۃ وہی موضع یشرب الماء ویجذبہ وبلع الطعام اذا ازدرادہ اقلعی الاقلاع الامساک وقیل من القلع بمعنی الجذب وغیض الماء اے نقص یقال غاض الماء وغضتہ انا ۱۲ ف اس آیت وقیل یا ارض سے ظالمین تک میں جو کچھ فصاحت و بلاغت کے اسرار ہیں ان سے منکرین کے بھی ہوش جاتے رہے تھے لطف یہ کہ اس آیت کے ۱۹ کلمات اور ان میں ۲۱ اقسام بدیع موجود ہیں، مناسبت ۱۲ (باقی ص ۵۶۶ پر)

ـ قرء حفص بفتح المیم وامالۃ الراء ۱۲

Marfat.com

وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُوْدِيِّ وَقِيْلَ بُعْدًا
اور کشتی جودی پر جا لگی۔ اور کہدیا گیا کہ ظالموں پر
لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۴﴾ وَنَادٰى نُوْحٌ
پھٹکار ہے۔ اور نوح ؑ نے اپنے رب تعالیٰ کو
رَّبَّهٗ فَقَالَ رَبِّ اِنَّ ابْنِيْ مِنْ
پکار کر کہا اے رب تعالیٰ! میرا بیٹا تو میرے کنبے میں سے
اَهْلِيْ وَاِنَّ وَعْدَكَ الْحَقُّ وَاَنْتَ
تھا۔ اور تیرا وعدہ بھی برحق ہے۔ اور تو
اَحْكَمُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿۴۵﴾ قَالَ يٰنُوْحُ
حاکموں کا حاکم ہے۔ (خدا تعالیٰ نے) فرمایا اے نوح ؑ!
اِنَّهٗ لَيْسَ مِنْ اَهْلِكَ ۚ اِنَّهٗ عَمَلٌ
وہ تمھارے کنبے میں سے نہیں۔ کیونکہ اس کے عمل اچھے
غَيْرُ صَالِحٍ ۖ فَلَا تَسْـَٔلْنِ مَا لَيْسَ لَكَ
نہ تھے۔ پھر تم جس چیز سے واقف ہی نہیں اس کی ہم سے
بِهٖ عِلْمٌ ؕ اِنِّيْٓ اَعِظُكَ اَنْ تَكُوْنَ
درخواست نہ کرو۔ میں تمھیں نصیحت کئے دیتا ہوں نادانی نہ
مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿۴۶﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّيْٓ
کیا کرو۔ (نوح ؑ نے) کہا اے رب تعالیٰ! میں اس بات کے
اَعُوْذُ بِكَ اَنْ اَسْـَٔلَكَ مَا لَيْسَ لِيْ
سوال کرنے سے کہ جس کا مجھے علم نہیں تیری پناہ
بِهٖ عِلْمٌ ؕ وَاِلَّا تَغْفِرْ لِيْ وَتَرْحَمْنِيْٓ
مانگتا ہوں۔ اور اگر تو مجھے معاف نہ کرے گا اور (مجھ پر) مہربانی
اَكُنْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۴۷﴾ قِيْلَ
نہ فرمائے گا تو میں خراب ہو جاؤں گا۔ حکم ہوا

يٰنُوْحُ اهْبِطْ بِسَلٰمٍ مِّنَّا وَبَرَكٰتٍ عَلَيْكَ
اے نوح ؑ! ہماری سلامتی اور برکتوں کے ساتھ جو تم پر اور تمھارے ساتھ
وَعَلٰٓى اُمَمٍ مِّمَّنْ مَّعَكَ ؕ وَاُمَمٌ
والوں پر رہیں گی کشتی سے اترو۔ اور (بعد میں) ایسے گروہ
سَنُمَتِّعُهُمْ ثُمَّ يَمَسُّهُمْ مِّنَّا عَذَابٌ
بھی ہوں گے کہ جن کو ہم (دنیا میں) آبرومند کریں گے۔ (پھر آخرت میں ان کی بدکاری
اَلِيْمٌ ﴿۴۸﴾ تِلْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ
سے) انپر ہماری طرف کا دردناک عذاب پہنچے گا۔ یہ ہیں غیب کی خبریں کہ جن کو ہم آپ کی
نُوْحِيْهَآ اِلَيْكَ ۚ مَا كُنْتَ تَعْلَمُهَآ اَنْتَ
طرف وحی کر رہے ہیں۔ ان کو اس سے پہلے نہ تو آپ ہی جانتے تھے
وَلَا قَوْمُكَ مِنْ قَبْلِ هٰذَا ۛ فَاصْبِرْ ۛ
اور نہ آپ ؐ کی قوم جانتی تھی، پس صبر کرو
اِنَّ الْعَاقِبَةَ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۴۹﴾ ع وَاِلٰى
کیونکہ انجام کار پرہیزگاروں کے لئے ہے۔ اور ہم نے قوم عاد کی
عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا ؕ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا
طرف ان کے بھائی ہود ؑ کو بھیجا۔ انھوں نے کہا اے قوم! اللہ تعالیٰ کی عبادت
اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اِنْ اَنْتُمْ
کیا کرو اس کے سوا تمھارا کوئی معبود نہیں۔ تم تو محض جھوٹی
اِلَّا مُفْتَرُوْنَ ﴿۵۰﴾ يٰقَوْمِ لَآ اَسْـَٔلُكُمْ
باتیں بنایا کرتے ہو۔ اے قوم! میں تم سے اس پر کچھ مزدوری بھی تو
عَلَيْهِ اَجْرًا ؕ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى
نہیں چاہتا، میری مزدوری تو اسی پر ہے کہ جس نے مجھ کو
الَّذِيْ فَطَرَنِيْ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۵۱﴾
پیدا کیا۔ پھر تم کیا نہیں سمجھتے؟۔

(بقیہ حاشیہ ۵۶۵) مطابقت[۲]، مجاز[۳]، استعارہ[۴]، اشارہ[۵]، تمثیل[۶]، ارداف[۷]، تعلیل[۸]، صحت التقسیم[۹]، احتراس[۱۰]، ایضاح[۱۱]، مساواۃ[۱۲]، حسن حق[۱۳]، ایجاز[۱۴]، تسہیم[۱۵]، تہذیب[۱۶]، حسن بیان[۱۷]، تمکین[۱۸]، تجنیس[۱۹]، مقابلہ[۲۰]، ذم وصف[۲۱]
اس کی شرح میں علما نے بڑی بڑی نادر تصانیف کی ہیں۔ علامہ ابو حیان محمد بن یوسف اندلسی نے اپنی تفسیر میں اور سید محمد بن اسماعیل بن صلاح نے اپنے رسالہ نہر المورود فی تفسیر آیت ہود میں بہت کچھ لکھا ہے اور بشرط فرصت اردو میں ہم بھی ایک جداگانہ کتاب لکھ کر دکھائیں گے ۱۲ منہ

Marfat.com

وَيٰقَوْمِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ يُرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا وَّيَزِدْكُمْ قُوَّةً اِلٰى قُوَّتِكُمْ وَلَا تَتَوَلَّوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿۵۲﴾ قَالُوْا يٰهُوْدُ مَا جِئْتَنَا بِبَيِّنَةٍ وَّمَا نَحْنُ بِتَارِكِيْٓ اٰلِهَتِنَا عَنْ قَوْلِكَ وَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۵۳﴾ اِنْ نَّقُوْلُ اِلَّا اعْتَرٰىكَ بَعْضُ اٰلِهَتِنَا بِسُوْٓءٍ قَالَ اِنِّيْٓ اُشْهِدُ اللّٰهَ وَاشْهَدُوْٓا اَنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ﴿۵۴﴾ مِنْ دُوْنِهٖ فَكِيْدُوْنِيْ جَمِيْعًا ثُمَّ لَا تُنْظِرُوْنِ ﴿۵۵﴾ اِنِّيْ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ رَبِّيْ وَرَبِّكُمْ مَا مِنْ دَآبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۵۶﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ مَّآ اُرْسِلْتُ بِهٖٓ

اور اے قوم! اپنے رب سے معافی مانگو، پھر اس کی طرف رجوع کرو، وہ تم پر برستے ہوئے بادل بھیجے گا، اور تمہاری قوت کو اور بڑھائے گا، اور تم نافرمان ہو کر نہ پھر جاؤ۔ کہنے لگے اے ہود! تو تو ہمارے پاس کوئی بھی معجزہ نہیں لایا اور ہم تو تیرے کہنے سے اپنے معبودوں کو چھوڑنے والے نہیں اور نہ ہم تجھ پر ایمان لاویں گے۔ ہم تو یہی کہتے ہیں کہ تجھ کو ہمارے کسی دیوتا نے بُری طرح سے جھپٹ لیا ہے۔ اس نے کہا میں اللہ تعالےٰ کو گواہ کرتا ہوں اور تم بھی گواہ رہو کہ میں ان چیزوں سے کہ جنہیں تم اس کے سوا شریک بھہراتے ہو بیزار ہوں۔ سو تم سب مل کر میرے لئے داؤ کرلو پھر مجھے مہلت نہ دو۔ میں نے تو اللہ تعالےٰ ہی پر بھروسہ کیا ہے جو میرا اور تمہارا پروردگار ہے کوئی بھی (زمین پر) ایسا چلنے والا نہیں کہ جس کی چوٹی اس نے پکڑ کر نہ رکھی ہو۔ بے شک میرا رب تو ہی سیدھے رستہ پر ہے۔ پھر اگر تم نہ مانو تو جو مجھے دے کر بھیجا گیا تھا وہ تو تم کو

وَيٰقَوْمِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ يُرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا وَّيَزِدْكُمْ قُوَّةً اِلٰى قُوَّتِكُمْ وَلَا تَتَوَلَّوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿۵۲﴾ قَالُوْا يٰهُوْدُ مَا جِئْتَنَا بِبَيِّنَةٍ وَّمَا نَحْنُ بِتَارِكِيْٓ اٰلِهَتِنَا عَنْ قَوْلِكَ وَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۵۳﴾ اِنْ نَّقُوْلُ اِلَّا اعْتَرٰىكَ بَعْضُ اٰلِهَتِنَا بِسُوْٓءٍ قَالَ اِنِّيْٓ اُشْهِدُ اللّٰهَ وَاشْهَدُوْٓا اَنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ﴿۵۴﴾ مِنْ دُوْنِهٖ فَكِيْدُوْنِيْ جَمِيْعًا ثُمَّ لَا تُنْظِرُوْنِ ﴿۵۵﴾ اِنِّيْ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ رَبِّيْ وَرَبِّكُمْ مَا مِنْ دَآبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۵۶﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ مَّآ اُرْسِلْتُ بِهٖٓ

اور اے قوم! اپنے رب سے معافی مانگو، پھر اس کی طرف رجوع کرو، وہ تم پر برستے ہوئے بادل بھیجے گا، اور تمہاری قوت کو اور بڑھائے گا، اور تم نافرمان ہو کر نہ پھر جاؤ۔ کہنے لگے اے ہود! تو تو ہمارے پاس کوئی بھی معجزہ نہیں لایا اور ہم تو تیرے کہنے سے اپنے معبودوں کو چھوڑنے والے نہیں اور نہ ہم تجھ پر ایمان لاویں گے۔ ہم تو یہی کہتے ہیں کہ تجھ کو ہمارے کسی دیوتا نے بُری طرح سے جھپٹ لیا ہے۔ اس نے کہا میں اللہ تعالےٰ کو گواہ کرتا ہوں اور تم بھی گواہ رہو کہ میں ان چیزوں سے کہ جنہیں تم اس کے سوا شریک بھہراتے ہو بیزار ہوں۔ سو تم سب مل کر میرے لئے داؤ کرلو پھر مجھے مہلت نہ دو۔ میں نے تو اللہ تعالےٰ ہی پر بھروسہ کیا ہے جو میرا اور تمہارا پروردگار ہے کوئی بھی (زمین پر) ایسا چلنے والا نہیں کہ جس کی چوٹی اس نے پکڑ کر نہ رکھی ہو۔ بے شک میرا رب تو ہی سیدھے رستہ پر ہے۔ پھر اگر تم نہ مانو تو جو مجھے دے کر بھیجا گیا تھا وہ تو تم کو

وَيُسْتَخْلِفْ رَبِّيْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ وَلَا تَضُرُّوْنَهٗ شَيْـًٔا اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ ﴿۵۷﴾ وَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا هُوْدًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَنَجَّيْنٰهُمْ مِّنْ عَذَابٍ غَلِيْظٍ ﴿۵۸﴾ وَتِلْكَ عَادٌ جَحَدُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ وَعَصَوْا رُسُلَهٗ وَاتَّبَعُوْٓا اَمْرَ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ ﴿۵۹﴾ وَاُتْبِعُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا لَعْنَةً وَّيَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَلَآ اِنَّ عَادًا كَفَرُوْا رَبَّهُمْ اَلَا بُعْدًا لِّعَادٍ قَوْمِ هُوْدٍ ﴿۶۰﴾

اور تمہاری جگہ میرا رب تم اور قوم کو پیدا کر دے گا۔ اور تم اس کا کچھ بھی بگاڑ سکو گے۔ البتہ میرا رب ہر چیز کا نگہبان ہے۔ اور جب کہ ہمارا حکم پہنچا تو ہم نے ہود اور جو ان کو جو اس کے ساتھ ایمان لائے تھے اپنی رحمت سے بچا لیا، اور ہم نے ان کو سخت عذاب سے نجات دی۔ اور یہ تھی قوم عاد کہ جس نے اپنے رب کی آیتوں کی انکار کیا اور اس کے رسولوں کی نافرمانی کی تھی اور ہر ایک جبار سرکش کا حکم مانتے تھے۔ اور اس دنیا میں بھی اپنے پیچھے لعنت چھوڑ گئے اور قیامت کے دن بھی۔ (دیکھو) قوم عاد نے اپنے رب تعالےٰ کا انکار کیا تھا۔ دیکھو عاد جو ہود کی قوم تھی خدا تعالےٰ کی رحمت سے دُور کئے گئے۔

وَيُسْتَخْلِفْ رَبِّيْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ وَلَا تَضُرُّوْنَهٗ شَيْـًٔا اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ ﴿۵۷﴾ وَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا هُوْدًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَنَجَّيْنٰهُمْ مِّنْ عَذَابٍ غَلِيْظٍ ﴿۵۸﴾ وَتِلْكَ عَادٌ جَحَدُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ وَعَصَوْا رُسُلَهٗ وَاتَّبَعُوْٓا اَمْرَ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ ﴿۵۹﴾ وَاُتْبِعُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا لَعْنَةً وَّيَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَلَآ اِنَّ عَادًا كَفَرُوْا رَبَّهُمْ اَلَا بُعْدًا لِّعَادٍ قَوْمِ هُوْدٍ ﴿۶۰﴾

اور تمہاری جگہ میرا رب تم اور قوم کو پیدا کر دے گا۔ اور تم اس کا کچھ بھی بگاڑ سکو گے۔ البتہ میرا رب ہر چیز کا نگہبان ہے۔ اور جب کہ ہمارا حکم پہنچا تو ہم نے ہود اور جو ان کو جو اس کے ساتھ ایمان لائے تھے اپنی رحمت سے بچا لیا، اور ہم نے ان کو سخت عذاب سے نجات دی۔ اور یہ تھی قوم عاد کہ جس نے اپنے رب کی آیتوں کی انکار کیا اور اس کے رسولوں کی نافرمانی کی تھی اور ہر ایک جبار سرکش کا حکم مانتے تھے۔ اور اس دنیا میں بھی اپنے پیچھے لعنت چھوڑ گئے اور قیامت کے دن بھی۔ (دیکھو) قوم عاد نے اپنے رب تعالےٰ کا انکار کیا تھا۔ دیکھو عاد جو ہود کی قوم تھی خدا تعالےٰ کی رحمت سے دُور کئے گئے۔

ع ۵

یہ مراد۔ اگر توافق اور تطابق کسی وجہ وجیہ کے ساتھ ہو تو کچھ مضائقہ بھی نہیں وہ باتیں یہ ہیں: اوّل فار التنور تنور کا جوش مارنا اور موافق قول اکثر مفسرین تنور سے پانی جوش مار کر نکلنا طوفان کی علامت قرار دیا جاتا ہے، حالانکہ توریت میں اس کا کہیں ذکر بھی نہیں اگر تنور سے روٹیاں پکانے کا مراد ہے تو اس کا وہی جواب ہے جو گزرا اور

Marfat.com

اگر مفسرین اسلام میں سے دوسرے فریق کا قول مان لیا جائے کہ جس کو امام رازیؒ نے اپنی تفسیر میں ذکر کیا ہے کہ تنور سے مراد روٹیاں پکانے کا تنور نہیں بلکہ عرب روئے زمین کو تنور کہتے ہیں، تب یہ معنے ہوں گے کہ زمین سے پانی پھوٹ نکلا جیسا کہ قرآن مجید کی اس آیت میں ہے ففتحنا ابواب السماء بماء منہمر وفجرنا الارض عیونا فالتقی الماء علی امر قد قدر۔ والعرب تسمی وجہ الارض تنورا، تو کچھ بھی باہم مخالفت نہیں رہتی۔ کیونکہ توریت سفر پیدائش کے ساتویں باب میں آسمان سے پانی برسنا اور زمین کے سوتوں میں سے نکلنا لکھا ہے۔ **دوم** وندائے نوحؑ ابنہ الخ کہ نوحؑ نے اپنے بیٹے کو کشتی میں سوار ہونے کو کہا لیکن وہ سوار نہ ہوا اور غرق ہوگیا حالانکہ توریت کے سفر مذکور میں نوحؑ کے تین بیٹے لکھے ہیں سامؑ، حامؑ، یافثؑ اور تینوں کا کشتی میں سوار ہونا اور طوفان سے نجات پانا لکھا ہے اور نیز مفسرین اسلام اس بیٹے کا نام کنعان بتلاتے ہیں حالانکہ کنعان حامؑ کا بیٹا نوحؑ کا پوتا ہے جیسا کہ توریت میں تصریح ہے۔ اس کا جواب بھی وہی ہے جو بیان ہوا کہ توریت میں غلطی ہے اور توریت کی غلط بیانی پر ہم اسی سفر اور اسی مقام سے چند نمونے پیش کرتے ہیں کہ جن میں اضطراب پایا جاتا ہے جن کی تفسیر میں علمائے اہل کتاب بھی بہت مضطرب ہیں۔ **شاہد اوّل** توریت سفر پیدائش ۷ باب ۱۷ ورس میں ہے "اور چالیس دن طوفان کی باڑھ زمین پر رہی اور اس کی چند سطر بعد پھر یہ بھی ہے (۲۴) اور پانی کی باڑھ ڈیڑھ سو دن تک زمین پر رہی۔ اب دونوں میں ایک ضرور غلط ہے یا دہم مصنف ہے۔ علاوہ اس کے اوّل بات کی تائید اسی باب کے گیارہویں ورس سے ہوتی ہے اور نیز ۸ باب میں بھی ڈیڑھ سو دن کے بعد پانی کا کم ہونا لکھا ہے اور اس کے بعد کا بیان چالیس دن کے بعد نوحؑ نے کشتی کی کھڑکی کھول کر کوّے کو اڑایا اور اس کے بعد کبوتری کو اڑایا اور وہ واپس آئے پھر سات روز کے بعد اڑایا تو درخت کے پتے منہ میں لائے (اور پتے منہ میں لانا پانی اترنے کی دلیل میں ہے) اس کی تغلیط کرتا ہے۔ **شاہد دوم** باب میں ہے کہ حامؑ نے اپنے باپ نوحؑ کو خیمہ میں برہنہ دیکھا جس بحالتِ مخموری سامؑ اور یافثؑ نے اس پر کپڑا ڈھانکا (۱۸ تا ۲۳) پھر ورس ۲۴ میں ہے کہ جب نوحؑ اپنے مے کے نشہ سے ہوش میں آیا تو جو اس کے چھوٹے بیٹے نے اس کے ساتھ کیا تھا اُسے معلوم کیا۔ ۲۵۔ تب وہ بولا کہ **کنعان** ملعون ہو وہ اپنے بھائیوں کے غلاموں کا غلام ہوگا۔ ۲۶۔ پھر بولا خداوند سام کا خدا مبارک اور کنعان اس کا غلام ہوگا۔ ۲۷۔ خدا یافث کو پھیلاوے اور وہ سام کے ڈیروں میں رہے اور کنعان اس کا غلام ہو۔ اب غور کرنا چاہیئے کہ چھوٹے بیٹے سے مراد جس نے برہنگی دیکھی) حامؑ ہے تو اس کے بیٹے کنعان غریب کی کیا خطا ہے جو اس پر لعنت کی گئی اور سامؑ کو حامؑ کا غلام بنایا گیا؟ اگر کہو نسل حامؑ کے لئے بددعا ہے تو پھر کیا حامؑ کی نسل میں یہی تھا بلکہ کوش اور مصر اور فوط اس کے تین بھائی اور بھی تھے اور اگر چھوٹے بیٹے سے مراد کنعان ہے تو مدعا حاصل ہے۔ اب رہا اس نافرمان کا غرق ہونا تو یہ قرین قیاس ہے۔ اس اختلاف سے صرف یہ بات دکھانی منظور ہے کہ مصنف توریت نے ضرور یہاں کچھ غلط ملط کر دیا۔ اور ممکن ہے کہ کنعان دو ہوں ایک حامؑ کا بیٹا دوسرا نوحؑ کا چھوٹا بیٹا جو طوفان میں غرق ہوا شاید اسی بات کو مؤرخ توریت نے خلط کر دیا **مخالفت سوم** واستوت علی الجودی کہ نوحؑ کی کشتی جودی پہاڑ پر آ ٹھہری۔ حالانکہ توریت سفر پیدائش ۸ باب ۴ ورس میں ہے "اور ساتویں مہینے کی سترہویں تاریخ کو ارارات کے پہاڑوں پر کشتی ٹک گئی"۔ اس کا **جواب** یہ ہے کہ مسٹر

Marfat.com

میتھر جو پادری ہیں اپنی اس کتاب لغات بائبل کے ۶۰-۶۱ صفحہ میں جو اپنی بیوی کے نام سے تصنیف کی ہے یہ کہتے ہیں ارارات یہ سرزمین ملکِ آرمینیہ کا ایک صوبہ ہے لیکن ملک کے کونسے پہاڑ پر نوحؑ کی کشتی ٹکی معلوم نہیں ہے۔ سکندر کے دنوں میں بروسس نے ٹھہرایا کہ جبالِ جودی جو کردستان کے پہاڑوں میں اور آرمینیہ کے دکھن کی طرف ہے وہی پہاڑ ہے اور اُس وقت لوگ سمجھتے تھے کہ کشتی کے ٹکڑے چوٹی پر اب تک موجود ہیں ایک خانقاہ بھی اس جگہ پر تعمیر ہوئی جو کشتی کی خانقاہ کے نام سے نامزد تھی یہ خانقاہ ۷۷۶ء میں بجلی سے نیست ہوئی لیکن اُتر طرف ایک اور پہاڑ ہے جس کو اکثر عالم ٹھیک سمجھتے ہیں ولایتی اسے ارارات، آرمینی مے سیس، ترک اگری داغ یا بھاری پہاڑ اور فارسی کوہ نوحؑ انتہے۔ ولیم پنک اپنے جغرافیہ میں کہتا ہے کہ شہر ایروان جو کبھی آرمینیہ کا پایۂ تخت تھا اور بالفعل اس کا قصبہ ہے اس کے پاس کوہِ ارارات واقع ہے جس پر کشتی ٹھیری تھی۔ صاحب مراصد کہتے ہیں الجودیّ بیاء مشدّدۃ جبل مطلّ علےٰ جزیرۃ ابن عمر فی شرقی دجلۃ من اعمال الموصل استوت علیہ سفینۃ نوحؑ لما نضب الماء۔ ان اقوال سے یہ بات بخوبی معلوم ہوگئی کہ کوہِ ارارات اور کوہ جودی کا سلسلہ ملتا ہے پس توریت کے بیان کو صحیح تسلیم کر لیا جاوے تو یہ توجیہ ہو سکتی ہے کہ ملکِ ارارات آرمینیہ کا ایک صوبہ ہے جس کے پہاڑوں کا سلسلہ جارجیہ یعنی کردستان کے پہاڑوں سے آملتا ہے اس کی انتہاء اور اُس کی ابتداء کا موقع جودی پہاڑ ہے۔ اس خاص جگہ کا نام نہ لیا توسعاً کوہِ ارارات کہدیا۔ قرآن مجید نے اس کا ٹھیک موقع بتلا دیا۔ پس جو صاحب ارارات کے ان پہاڑوں کو لحاظ کرتے ہیں جو جودی سے فاصلہ پر واقع ہیں وہ دونوں بیابانوں میں تفاوت سمجھتے ہیں ورنہ دراصل تفاوت نہیں۔ **فوائد** (۱) طوفانِ نوحؑ کی بابت دو قول ہیں بعض کہتے ہیں کہ صرف آرمینیہ اور کردستان وغیرہ اُن ملکوں میں آیا تھا کہ جہاں وہ بُت پرست قومیں آباد تھیں جن کے لئے نوحؑ بھیجے گئے تھے اور اُس عہد میں زیادہ تر آباد یہی ملک تھے۔ گویا ان پر طوفان آنا تمام جہان پر آنا ہے۔ اکثر علمائے اہلِ اسلام و اہلِ کتاب تمام دنیا پر طوفان آنے کے قائل ہیں اور یہ کہتے ہیں کہ پھر دنیا میں صرف حضرت نوحؑ سے نسل جاری ہوئی جس کی بابت خدا تعالےٰ نے وعدہ کر لیا ہے کہ پھر کبھی میں دُنیا کو اس طرح ہلاک نہ کروں گا (پیدائش باب ۹ ورس ۱۱)۔ (۲) نوحؑ کی کشتی کی بابت قرآن مجید میں صرف اسی قدر ہے اصنع الفلک باعیننا ووحینا جس کا یہ مطلب ہے کہ نوحؑ نے الہامِ الٰہی سے ایسی کشتی بنائی کہ جس میں اُس کے تینوں بیٹے اور اُن کی بیویاں اور اسّی یا کم زیادہ ایماندار اور ہر جانور کا جوڑا نر و مادہ آسکتا تھا۔ مگر توریت میں ہے کہ اُس کی لمبائی تین سو ۳۰۰ ہاتھ اور چوڑائی پچاس ۵۰ ہاتھ اور اُونچائی تیس ۳۰ ہاتھ تھی اور اس کے تین درجے اور اس میں روشندان اور دروازے اور کھڑکیاں اور کوٹھڑیاں تھیں اور اندر باہر رال لگائی گئی تھی۔ اُس کو خشکی میں بنتے دیکھ کر کافر ہنستے تھے کہ نوحؑ سچ مچ دیوانہ ہے۔ جس پر اُنھوں نے فرمایا تھوڑی دیر کے بعد ہم تم پر اسی طرح ہنسیں گے طوفان کی صورت یہ ہوئی تھی کہ آسمان سے بھی بے شمار مینہہ برسا اور زمین سے بھی جا بجا چشموں کی طرح پھوٹ کر پانی اُبلنے لگا، بڑھتے بڑھتے یہاں تک بڑھا کہ جو بلند سے بلند پہاڑ تھے اُن پر بھی پندرہ ۱۵ ہاتھ پانی بڑھ گیا تھا۔ چالیس ۴۰ دن یا کم زیادہ مدّت تک یہ حال رہا۔ کشتی پانیوں پر پہاڑ جیسی موجوں میں تیرتی پھرتی تھی۔ پھر خدا تعالےٰ نے رحمت کی۔ آسمان کا پانی بند ہوا، زمین کا زمین میں پیوست ہو گیا۔ نوحؑ کشتی سے اُتر کر ملکِ آرمینیہ میں ایک جگہ آرہے جہاں ایک گاؤں ارگوری نام تھا جو ۱۸۴۰ء میں اس پہاڑ کی آتش فشانی سے غارت ہو گیا۔ پہلے زلزلہ آیا اور لال دھواں نکلا پھر میلوں تک بڑے بڑے پتھر پہاڑ سے جا کر گرتے تھے۔

Marfat.com

وَاِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا قَالَ يٰقَوْمِ
اور (قوم) ثمود کی طرف ان کے بھائی صالح کو بھیجا۔ اس نے کہا اے قوم!

اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ
اللہ تعالےٰ کی عبادت کیا کرو اس کے سوا تمھارا کوئی معبود نہیں۔

هُوَ اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ وَاسْتَعْمَرَكُمْ
اسی نے تم کو زمین سے پیدا کیا اور اس میں تم کو آباد کیا۔

فِيْهَا فَاسْتَغْفِرُوْهُ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ ؕ اِنَّ
پس اس سے (پہلے کئے ہوئے کی) معافی مانگو پھر (آئندہ) اس کی طرف رجوع کرو۔ بیشک

رَبِّيْ قَرِيْبٌ مُّجِيْبٌ ﴿۶۱﴾ قَالُوْا يٰصٰلِحُ قَدْ
میرا رب نزدیک ہے دعا قبول کرنیوالا ہے۔ انھوں نے کہا اے صالح!

كُنْتَ فِيْنَا مَرْجُوًّا قَبْلَ هٰذَآ اَتَنْهٰىنَآ
اس سے پہلے تو ہمیں تجھ پر (بڑی) امید تھی، کیا تم ہم کو ان معبودوں کے

اَنْ نَّعْبُدَ مَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَا وَاِنَّنَا لَفِيْ
پوجنے سے منع کرتے ہو کہ ہمارے باپ دادا پوجتے چلے آئے ہیں اور جس طرف

شَكٍّ مِّمَّا تَدْعُوْنَنَآ اِلَيْهِ مُرِيْبٍ ﴿۶۲﴾
تم ہمیں بلاتے ہو اس سے تو ہم بڑے شک میں ہیں۔

قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰى
(صالح نے) کہا اے قوم! دیکھو تو سہی اگر میں اپنے رب کی طرف سے

بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَاٰتٰىنِيْ مِنْهُ رَحْمَةً
کوئی کھلی دلیل رکھتا ہوں اور اس کی طرف سے میرے پاس رحمت (نبوت)

فَمَنْ يَّنْصُرُنِيْ مِنَ اللّٰهِ اِنْ عَصَيْتُهٗ ۛ
بھی آچکی ہو پھر اگر میں اس کی نافرمانی کروں تو مجھے اس سے کون بچا سکتا ہے؟

فَمَا تَزِيْدُوْنَنِيْ غَيْرَ تَخْسِيْرٍ ﴿۶۳﴾ وَ
پھر تم مجھے نقصان کے سوا اور کیا دے سکو گے۔ اور

يٰقَوْمِ هٰذِهٖ نَاقَةُ اللّٰهِ لَكُمْ اٰيَةً
اے قوم! تمھارے لئے یہ اللہ تعالےٰ کی اونٹنی ایک نشانی ہے

فَذَرُوْهَا تَاْكُلْ فِيْٓ اَرْضِ اللّٰهِ وَ
پس اس کو خدا تعالےٰ کی زمین پر چرتی پھرنے دو اور

لَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابٌ
اس کو برائی سے چھونا بھی نہیں (ورنہ) تم کو فوراً کوئی آفت

قَرِيْبٌ ﴿۶۴﴾ فَعَقَرُوْهَا فَقَالَ تَمَتَّعُوْا
آلے گی۔ پھر انھوں نے اس کی کوچیں کاٹ ڈالیں۔ تب صالح نے کہا

فِيْ دَارِكُمْ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ ؕ ذٰلِكَ وَعْدٌ
(اچھا) تین روز تک اپنے گھروں میں اور مزے کرلو۔ یہ وعدہ ہے جو جھوٹا

غَيْرُ مَكْذُوْبٍ ﴿۶۵﴾ فَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا
ہونے والا نہیں۔ پھر جب ہمارا حکم (عذاب) آپہنچا تو ہم نے

نَجَّيْنَا صٰلِحًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ
صالح کو اور جو اس کے ساتھ ایمان لائے تھے اپنی مہربانی سے

بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَمِنْ خِزْيِ يَوْمِئِذٍ ؕ
بچالیا اور اس دن کی رسوائی سے بھی نجات دی۔

اِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ﴿۶۶﴾ وَ
بے شک آپ کا رب تو ہی قوی زبردست ہے۔ اور

اَخَذَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ فَاَصْبَحُوْا
ستمگاروں کو سخت آواز نے آلیا۔ پھر تو وہ اپنے

فِيْ دِيَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿۶۷﴾ كَاَنْ لَّمْ
گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئے۔ گویا کبھی وہاں بھی رہے

يَغْنَوْا فِيْهَا ؕ اَلَآ اِنَّ ثَمُوْدَ كَفَرُوْا
ہی نہ تھے۔ دیکھو (قوم) ثمود نے اپنے رب کا انکار کیا

رَبَّهُمْ ؕ اَلَا بُعْدًا لِّثَمُوْدَ ﴿۶۸﴾ وَلَقَدْ
تھا دیکھو پھٹکار ہے (قوم) ثمود پر۔ اور ہمارے بھیجے

جَآءَتْ رُسُلُنَآ اِبْرٰهِيْمَ بِالْبُشْرٰى
ہوئے فرشتے) ابراہیم کے پاس خوش خبری لے کر آئے،

قَالُوْا سَلٰمًا ؕ قَالَ سَلٰمٌ فَمَا لَبِثَ
کہنے لگے سلام، اس نے بھی کہا سلام، پھر کچھ بھی دیر نہ لگی کہ

لہ زلزلہ کی ہیبت ناک آواز تھی یا فرشتہ کی ۱۲ منہ

Marfat.com

أَنْ جَآءَ بِعِجْلٍ حَنِيذٍ ﴿٦٩﴾ فَلَمَّا رَآ

ابراہیمؑ ایک تلا ہوا بچھڑا لے آئے (کھانے کو)۔ پھر جب ابراہیمؑ نے

أَيْدِيَهُمْ لَا تَصِلُ إِلَيْهِ نَكِرَهُمْ وَ

دیکھا کہ ان کے ہاتھ اس تک نہیں پہنچتے تو ان کو اجنبی سمجھے اور

أَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيفَةً ۚ قَالُوا لَا تَخَفْ

ان سے ڈرے۔ وہ بولے خوف نہ کرو

إِنَّا أُرْسِلْنَا إِلَىٰ قَوْمِ لُوطٍ ﴿٧٠﴾ وَ

ہم تو قوم لوطؑ کی طرف بھیجے گئے ہیں۔ اور

امْرَأَتُهُ قَائِمَةٌ فَضَحِكَتْ فَبَشَّرْنَاهَا

اس کی بیوی کھڑی ہوئی تھی تب (خوشی سے) ہنس پڑی پھر تو اس کو ہم نے

بِإِسْحَاقَ وَمِنْ وَرَاءِ إِسْحَاقَ يَعْقُوبَ ﴿٧١﴾

اسحاقؑ کی اور اسحاقؑ کے بعد یعقوبؑ کے (پیدا ہونے کی) بشارت دی۔

قَالَتْ يَا وَيْلَتَىٰ ءَأَلِدُ وَأَنَا عَجُوزٌ وَ

وہ بولی اے کمبختی کیا میں بڑھیا ہو کر جنوں گی اور

هَٰذَا بَعْلِي شَيْخًا ۖ إِنَّ هَٰذَا لَشَيْءٌ

یہ میرا خاوند بھی بڈھا ہے۔ یہ تو ایک عجیب بات

عَجِيبٌ ﴿٧٢﴾ قَالُوا أَتَعْجَبِينَ مِنْ

ہے۔ وہ بولے کیا تو اللہ تعالےٰ کے حکم سے تعجب

أَمْرِ اللَّهِ رَحْمَتُ اللَّهِ وَبَرَكَاتُهُ

کرتی ہے؟ اے گھر والی تم پر اللہ تعالےٰ کی رحمت

عَلَيْكُمْ أَهْلَ الْبَيْتِ ۚ إِنَّهُ حَمِيدٌ

اور برکتیں، بے شک وہ ستائش کے

مَجِيدٌ ﴿٧٣﴾

قابل بڑا بزرگ ہے۔

ف الضحك ہوا السرور وانبساط الوجہ وہذا قول الجمہور وقیل ضحکت بمعنے حاضت العرب یقول ضحکت الارنب اذا حاضت وانکرہ اکثر اہل اللغۃ۔ یعقوب بالنصب مفعول بشرنا وقرئ بالجر ومنعہ الفراء وقرئ بالرفع علی الابتداء وخبرہ الظرف الذی قبلہ اہل البیت نصبہ علی المدح اولی الاختصاص وفیہ دلیل علی ان ازواج الرجل من اہل بیتہ ۱۲ منہ

(۳) اس کے بعد دوسرا واقعہ قوم عاد اور ان کے پیغمبر ہود علیہ السلام کا بیان فرماتا ہے جو حضرت نوحؑ کے بعد عرب کے جنوبی حصہ ملک یمن میں گزرا ہے۔ اس قوم کی ثروت اور اس پر بدکاری اور بت پرستی حد سے گزر گئی تھی۔ بھلا یہ معزز اور جسثمین جو دنیا کی وجاہت اور ثروت کے بندے تھے کوئی غریب بیچارے خدا ترس لوگ تھوڑے ہی تھے کہ جو حضرت ہود علیہ السلام کی نصیحت مانتے۔ ان کی حقانی باتوں پر ٹھٹھا اڑانا شروع کر دیا کہ ایسے ملانے یونہی باتیں بنایا کرتے ہیں۔ ان کے کہنے میں آویں تو دنیا چھوڑ بیٹھیں، دیوانہ ہے اس پر ہمارے معبودوں کی پھٹکار پڑ گئی ہے۔ آخر پھر قہر الٰہی جوش میں آیا سب سامان دھرے رہے وہ آندھی کا طوفان بھیجا کہ گھروں اور جنگلوں میں لاشیں ہی پڑی پائیں۔ صنعاء یمن میں ایک مکان جس کا عمدان نام تھا حضرت عثمانؓ کی خلافت تک باقی تھا جس کی نسبت صاحب قاموس لکھتے ہیں کہ وہ ایک بلند قصر تھا جس کے سات درجے تھے ہر درجہ دوسرے درجے سے چالیس گز مرتفع تھا یہ قصر عجائب روزگار بھی اسی بدنصیب قوم کی یادگار تھی جس کو شعراء عرب اپنے اشعار میں ذکر کر کے زمانہ کی فسوں سازی یاد دلاتے آئے ہیں۔

فَلَمَّا ذَهَبَ عَنْ إِبْرَاهِيمَ الرَّوْعُ وَ

پھر جب کہ ابراہیمؑ کے دل سے خوف دور ہو گیا اور

جَاءَتْهُ الْبُشْرَىٰ يُجَادِلُنَا فِي قَوْمِ

ان کے پاس (بیٹا پیدا ہونے کی) خوشخبری آچکی تو ہم سے قوم لوطؑ کے معاملہ میں

لُوطٍ ﴿٧٤﴾ إِنَّ إِبْرَاهِيمَ لَحَلِيمٌ أَوَّاهٌ

جھگڑنے لگے۔ بے شک ابراہیمؑ بڑے بردبار نرم دل غلام کی طرف رجوع

ف الروع الخوف وقیل الفزع یقال ارتاع من کذا اذا خاف۔ صناق بہم ذرعا قال الازہری الذرع یستعمل بمعنے الطاقۃ قیل ہو من ذرعہ القی اذا قذفہ وضاق عن جلستہ قیل اصل الذرع انما ہو بسط الید وکانک تزید مددت یدی علیہ ۱۲ منہ فلم تنلہ ۱۲ صراح

Marfat.com

مُّنِيبٌ ﴿٧٥﴾ يَٰٓإِبْرَٰهِيمُ أَعْرِضْ عَنْ
کرنے والے تھے۔ (فرشتوں نے کہا) اے ابراہیمؑ! اس خیال کو
هَٰذَا ۚ إِنَّهُ قَدْ جَآءَ أَمْرُ رَبِّكَ ۚ
چھوڑو۔ کیونکہ آپؑ کے ربّ کا حکم آچکا۔
وَإِنَّهُمْ ءَاتِيهِمْ عَذَابٌ غَيْرُ مَرْدُودٍ ﴿٧٦﴾
اور ان پر تو عذاب آکر ہی رہے گا ٹلنے والا نہیں۔
وَلَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوطًا سِيٓءَ بِهِمْ
اور جب کہ ہمارے بھیجے ہوئے (فرشتے) لوطؑ کے پاس پہنچے تو لوطؑ ان کے
وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا وَقَالَ هَٰذَا
آنے سے رنجیدہ اور تنگ دل ہوئے اور (دل میں) کہنے لگے کہ یہ تو
يَوْمٌ عَصِيبٌ ﴿٧٧﴾ وَجَآءَهُ قَوْمُهُ
مصیبت کا دن ہے۔ اور ان کی قوم ان کے پاس دوڑ پڑی
يُهْرَعُونَ إِلَيْهِ ۖ وَمِن قَبْلُ كَانُوا
(اور گھر گھیر لیا)۔ اور یہ لوگ پہلے ہی سے برے
يَعْمَلُونَ السَّيِّـَٔاتِ ۚ قَالَ يَٰقَوْمِ هَٰٓؤُلَآءِ
کام کیا کرتے تھے۔ (لوطؑ نے) کہا اے قوم! یہ میری بیٹیاں
بَنَاتِي هُنَّ أَطْهَرُ لَكُمْ فَٱتَّقُوا ٱللَّهَ وَ
(موجود ہیں) تمہارے لئے پاکیزہ ہیں (ان سے نکاح کر لو) سو اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور
لَا تُخْزُونِ فِي ضَيْفِي ۖ أَلَيْسَ مِنكُمْ
مجھ کو میرے مہمانوں میں رسوا نہ کرو۔ کیا تم میں کوئی بھی
رَجُلٌ رَّشِيدٌ ﴿٧٨﴾ قَالُوا لَقَدْ عَلِمْتَ
بھلا آدمی نہیں؟ وہ بولے تجھے معلوم ہے کہ ہم کو
مَا لَنَا فِي بَنَاتِكَ مِنْ حَقٍّ ۖ وَإِنَّكَ
تیری بیٹیوں سے کچھ کام نہیں۔ اور ہمارے ارادے
لَتَعْلَمُ مَا نُرِيدُ ﴿٧٩﴾ قَالَ لَوْ أَنَّ لِي
سے تم خوب واقف ہو۔ (لوطؑ نے) کہا اے کاش تمہارے مقابلہ کا
بِكُمْ قُوَّةً أَوْ ءَاوِيٓ إِلَىٰ رُكْنٍ شَدِيدٍ ﴿٨٠﴾
مجھے زور ہوتا یا میں کسی زبردست آسرے کی پناہ جا لیتا۔

قَالُوا يَٰلُوطُ إِنَّا رُسُلُ رَبِّكَ لَن
(فرشتوں نے) کہا اے لوطؑ! ہم تمہارے ربّ کے بھیجے ہوئے ہیں یہ تم
يَصِلُوٓا إِلَيْكَ فَأَسْرِ بِأَهْلِكَ بِقِطْعٍ
تک ہرگز نہ پہنچ سکیں گے، پس تم اپنے گھر کے لوگوں کو کچھ رات رہے
مِّنَ ٱلَّيْلِ وَلَا يَلْتَفِتْ مِنكُمْ أَحَدٌ
لے نکلو، اور تم میں سے کوئی بھی پیچھے مڑ کر نہ دیکھے
إِلَّا ٱمْرَأَتَكَ ۚ إِنَّهُ مُصِيبُهَا مَآ أَصَابَهُمْ ۚ
مگر تمہاری بیوی (وہ نہ چلے گی) اس پر بھی وہی بلا آنے والی ہے جو ان پر آوے گی۔
إِنَّ مَوْعِدَهُمُ ٱلصُّبْحُ ۚ أَلَيْسَ ٱلصُّبْحُ
ان کا وعدہ صبح ہے۔ کیا صبح قریب
بِقَرِيبٍ ﴿٨١﴾ فَلَمَّا جَآءَ أَمْرُنَا جَعَلْنَا
نہیں؟ پھر جب کہ ہمارا حکم آپہنچا تو ہم نے وہ بستیاں
عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَأَمْطَرْنَا عَلَيْهَا حِجَارَةً
الٹ دیں اور ان پر پتھر برسائے جو کھنگر
مِّن سِجِّيلٍ ۙ مَّنضُودٍ ﴿٨٢﴾ مُّسَوَّمَةً
تہ بہ تہ تھے۔ جن پر آپؑ کے ربّ کی
عِندَ رَبِّكَ ۖ وَمَا هِيَ مِنَ ٱلظَّٰلِمِينَ
طرف سے نشان لگے ہوئے تھے، اور یہ بستیاں ان ظالموں سے کچھ بھی دور
بِبَعِيدٍ ﴿٨٣﴾ ع
نہیں ہیں۔

تیسرا واقعہ قوم ثمود اور ان کے پیغمبر حضرت صالح علیہ السلام کا یاد دلاتا ہے جو حادثۂ قوم عاد کے بعد عرب کے شمالی حصہ میں گزرا ہے۔ اس کی تشریح بھی پہلے ہو چکی اس قوم کی یادگار بھی کچھ کچھ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے عہد تک باقی تھی جو ان کے حال زار پر آنسو بہاتی اور

ف سجیل قیل ہی کلمۃ معربۃ من سکیل بدلیلہ قولہ حجارۃ من طین۔ حق تعالیٰ کا اس آیت میں اہل مکہ پر وعید ہے وعن رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم انہ سأل ربہ فقال یعنی ظالمی امتک ما من ظالم منہم الا وہو بعرض حجر یسقط علیہ من ساعتہ الی ساعتہ کشاف

ع ۱۵ ۷ النصف

ع یہرعون یسرعون الاہراع الاسراع ۱۲ منہ

Marfat.com

وَإِلَىٰ مَدْيَنَ أَخَاهُمْ شُعَيْبًا ۚ قَالَ

اور مدین کی طرف اُن کے بھائی شعیبؑ کو (بھیجا)۔ اس نے کہا

يَا قَوْمِ اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُمْ مِنْ إِلَٰهٍ

اے قوم! اللہ تعالےٰ کی عبادت کرو اس کے سوا تمھارا کوئی معبود

غَيْرُهُ ۖ وَلَا تَنْقُصُوا الْمِكْيَالَ وَ

نہیں۔ اور پیمانہ اور تول کم

الْمِيزَانَ إِنِّي أَرَاكُمْ بِخَيْرٍ وَإِنِّي

نہ کرو میں تم کو آسودہ پاتا ہوں (کمی کرنے کی ضرورت نہیں) اور مجھے

أَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ مُحِيطٍ ﴿٨٤﴾

پر اس دن کے عذاب کا خوف ہے جو گھیر لے گا۔

وَيَا قَوْمِ أَوْفُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيزَانَ

اور اے قوم! ناپ اور تول کو انصاف کے ساتھ پورا

بِالْقِسْطِ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ أَشْيَاءَهُمْ

کرکے دیا کرو۔ اور لوگوں سے خیانت نہ کیا کرو

وَلَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ ﴿٨٥﴾

اور نہ زمین پر فساد مچاتے پھرا کرو۔

بَقِيَّتُ اللَّهِ خَيْرٌ لَّكُمْ إِن كُنتُم

اللہ تعالےٰ کا دیا جو باقی بچ رہے وہ تمھارے لئے بہتر ہے اگر

مُّؤْمِنِينَ ۚ وَمَا أَنَا عَلَيْكُم بِحَفِيظٍ ﴿٨٦﴾

تم کو ایمان ہے۔ اور میں تمھارا نگہبان بھی نہیں ہوں۔

قَالُوا يَا شُعَيْبُ أَصَلَاتُكَ تَأْمُرُكَ

وہ بولے اے شعیبؑ! کیا تیری نماز ہی تجھے حکم دیا کرتی ہے کہ ہم

أَن نَّتْرُكَ مَا يَعْبُدُ آبَاؤُنَا أَوْ أَن

اُن چیزوں کو چھوڑ بیٹھیں کہ جنھیں ہمارے باپ دادا پوجتے تھے یا اپنے

نَّفْعَلَ فِي أَمْوَالِنَا مَا نَشَاءُ ۖ إِنَّكَ

مالوں میں اپنی خواہش کے موافق معاملہ نہ کریں۔ تو ہی تو

لَأَنتَ الْحَلِيمُ الرَّشِيدُ ﴿٨٧﴾ قَالَ يَا قَوْمِ

ایک بُردبار سدھرا ہوا ہے۔ اس نے کہا اے قوم!

دیکھنے والوں کو اللہ تعالےٰ کے غضب سے ڈراتی تھی۔

ولقد جاءت الآیہ چوتھا ہیبت ناک واقعہ حضرت لوط علیہ السلام اور اُن کی قوم کا حضرت ابراہیم علیہ السلام کے حال میں شامل کرکے بیان فرماتا ہے۔ اس کی بھی تشریح ہو چکی مگر ہم کسی قدر الفاظ آیات کی تفسیر کرتے ہیں۔ ابراہیم علیہ السلام اپنے گھر کے باہر کھڑے تھے کہ کئی شخص مسافرانہ شکل میں نمودار ہوئے۔ حضرتؑ کی عادت مہمان نوازی کی تھی۔ گھر میں لائے کھانے کو ایک بچھڑا تلا ہوا آگے لاکے رکھ دیا۔ مگر وہ فرشتے تھے اُنھوں نے کھانے سے ہاتھ روکا۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام ڈرے کہ کہیں دشمن تو نہیں۔ کیونکہ اس عہد میں جس کا کھانا پانی کھا لیتے تھے اس کے ساتھ بدی نہیں کرتے تھے۔ آج کل کا سا دستور نہ تھا کہ ساری عمر ممنونِ احسان ہو کر بدی کرنا اور بھی ہنرمندی سمجھتے ہیں۔ اس سے سمجھ گئے کہ اُن کا ارادہ کچھ بد ہے۔ فرشتے بھی سمجھ گئے کہ حضرتؑ کو بمقتضائے بشریت خوف ہوا۔ پھر تو اُنھوں نے اصل ماجرا کھول دیا کہ حضرت! ہم فرشتے ہیں قوم لوطؑ کے ہلاک کرنے کو بھیجے گئے ہیں آپ کے دشمن بدخواہ نہیں۔ حضرتؑ کی بیوی بھی وہیں کھڑی تھیں اپنی ہلاکی سے نجات پانے کی خبر سُن کر خوشی میں اگر ہنس پڑیں، جیسا کہ عورتوں کی عادت ہے۔ اس موقع پر فرشتوں نے وہ بات بھی اُن سے کہدی کہ جس کی خوشخبری کے لئے اُن کے پاس بھیجے گئے تھے یعنی فرزند پیدا ہونے کی بشارت دی کہ تمھارے ہاں اسحاقؑ نام بیٹا ہوگا پھر اُس کا بیٹا یعقوبؑ ہوگا۔ یہ بڑھیا ہو چکی تھیں تعجب کرنے لگیں کہ بھلا اس عمر میں اولاد ہوگی؟ فرشتوں نے کہا خدا تعالےٰ قادر ہے کچھ تعجب نہ کرو۔ جب ابراہیم علیہ السلام کا خوف دُور ہوا تو اپنے بھتیجے لوطؑ کی بابت فکر ہوئی۔ فرشتوں سے سفارش کرنی شروع کی۔ اُنھوں نے کہا لوطؑ کو کچھ خوف نہیں مگر قوم کی ہلاکی ٹھہر چکی آپ اس میں کچھ گفتگو نہ کریں۔ باقی صاف ہے۔

Marfat.com

أَرَءَيْتُمْ إِن كُنتُ عَلَىٰ بَيِّنَةٍ مِّن
دیکھو تو اگر میں اپنے رب کی طرف سے ایک سیدھے طریق پر ہوں

رَّبِّي وَرَزَقَنِي مِنْهُ رِزْقًا حَسَنًا ۚ
اور اس نے مجھے نیک روزی دی ہو۔ (تو تمہارا کہا کیونکر مان لوں؟)

وَمَا أُرِيدُ أَنْ أُخَالِفَكُمْ إِلَىٰ مَا أَنْهَاكُمْ
میں یہ نہیں چاہتا کہ جس کام سے میں تم کو منع کروں (پھر) میں اس کے خلاف

عَنْهُ ۚ إِنْ أُرِيدُ إِلَّا الْإِصْلَاحَ مَا
کروں میں تو جہاں تک چاہتا ہوں اصلاح کرنے کا ارادہ

اسْتَطَعْتُ ۚ وَمَا تَوْفِيقِي إِلَّا بِاللَّهِ ۚ
رکھتا ہوں۔ اور میرا توفیق دیا جانا تو اللہ تعالیٰ ہی سے ہے۔

عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَإِلَيْهِ أُنِيبُ ﴿٨٨﴾ وَ
کہ جس پر میں نے بھروسہ کر لیا اور اس کی طرف رجوع کرتا ہوں۔ اور

يَا قَوْمِ لَا يَجْرِمَنَّكُمْ شِقَاقِي أَن
اے قوم! کہیں میری ضد سے ایسا جرم نہ کر بیٹھنا کہ جس سے تم پر وہی

يُصِيبَكُم مِّثْلُ مَا أَصَابَ قَوْمَ نُوحٍ
مصیبت نہ آپڑے جیسی کہ قوم نوح

أَوْ قَوْمَ هُودٍ أَوْ قَوْمَ صَالِحٍ ۚ وَمَا
اور قوم ہود یا قوم صالح پر پڑ گئی تھی۔ اور لوط

قَوْمُ لُوطٍ مِّنكُم بِبَعِيدٍ ﴿٨٩﴾ وَاسْتَغْفِرُوا
کی قوم (کے کھنڈر) بھی تم سے کچھ دور نہیں۔ اور اللہ تعالیٰ سے

رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوبُوا إِلَيْهِ ۚ إِنَّ رَبِّي
معافی مانگو پھر اس کی طرف رجوع کرو۔ البتہ میرا رب تو

رَحِيمٌ وَدُودٌ ﴿٩٠﴾ قَالُوا يَا شُعَيْبُ
مہربان پیار کرنے والا ہے۔ وہ بولے اے شعیبؑ!

مَا نَفْقَهُ كَثِيرًا مِّمَّا تَقُولُ وَإِنَّا
تیری بہت سی باتیں ہماری سمجھ میں نہیں آتیں اور تجھ کو تو ہم

لَنَرَاكَ فِينَا ضَعِيفًا ۖ وَلَوْلَا رَهْطُكَ
اپنے لوگوں میں کمزور پاتے ہیں۔ اور اگر تیرے بھائی بند نہ ہوتے

لَرَجَمْنَاكَ وَمَا أَنتَ عَلَيْنَا بِعَزِيزٍ ﴿٩١﴾
تو ہم تجھے سنگسار کر چکے ہوتے۔ اور تو کچھ ہم پر غالب بھی نہیں۔

قَالَ يَا قَوْمِ أَرَهْطِي أَعَزُّ عَلَيْكُم
اس نے کہا اے قوم! کیا میرے کنبے کا دباؤ تم پر اللہ تعالیٰ سے

مِّنَ اللَّهِ ۖ وَاتَّخَذْتُمُوهُ وَرَاءَكُمْ
زیادہ ہے۔ اس کو تو تم نے پس پشت ڈال

ظِهْرِيًّا ۖ إِنَّ رَبِّي بِمَا تَعْمَلُونَ مُحِيطٌ ﴿٩٢﴾
دیا۔ بے شک جو کچھ تم کر رہے ہو (سب) میرے رب تعالیٰ کے قابو میں ہے۔

وَيَا قَوْمِ اعْمَلُوا عَلَىٰ مَكَانَتِكُمْ إِنِّي
اور اے قوم! اپنے گھر بیٹھے کام کئے جاؤ میں بھی

عَامِلٌ ۖ سَوْفَ تَعْلَمُونَ مَن يَأْتِيهِ
کر رہا ہوں تمہیں ابھی معلوم ہو جائیگا کہ کس پر رسوا کرنے والا عذاب

عَذَابٌ يُخْزِيهِ وَمَنْ هُوَ كَاذِبٌ ۖ
آتا ہے اور کون جھوٹا ہے۔

وَارْتَقِبُوا إِنِّي مَعَكُمْ رَقِيبٌ ﴿٩٣﴾ وَ
اور انتظار کرو میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کر رہا ہوں۔ اور

لَمَّا جَاءَ أَمْرُنَا نَجَّيْنَا شُعَيْبًا وَالَّذِينَ
جب کہ ہمارا حکم آگیا تو ہم نے شعیبؑ کو اور ان لوگوں کو جو اس کے

آمَنُوا مَعَهُ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَأَخَذَتِ
ساتھ ایمان لائے تھے اپنی رحمت سے بچا لیا اور ستمگاروں کو

الَّذِينَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ فَأَصْبَحُوا
کڑک نے آلیا۔ پھر تو اپنے گھروں میں اوندھے

فِي دِيَارِهِمْ جَاثِمِينَ ﴿٩٤﴾ كَأَن لَّمْ
پڑے رہ گئے۔ گویا کہ وہاں کبھی بسے

يَغْنَوْا فِيهَا ۗ أَلَا بُعْدًا لِّمَدْيَنَ كَمَا
ہوئے نہ تھے۔ دیکھو پھٹکار ہے مدین پر جس طرح کہ قوم ثمود پر

بَعِدَتْ ثَمُودُ ﴿٩٥﴾ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا
پھٹکار پڑی۔

مُوسَىٰ بِآيَاتِنَا وَسُلْطَانٍ مُّبِينٍ ﴿٩٦﴾
اور ہم نے موسےٰ کو اپنی

ع ۱۲

Marfat.com

مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۹۶﴾ اِلٰى
کتابیں اور سند واضح کے ساتھ فرعون اور اس کے

فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَاتَّبَعُوْۤا اَمْرَ
سرداروں کی طرف بھیجا، سو وہ تو فرعون کے تابع

فِرْعَوْنَ ۚ وَمَاۤ اَمْرُ فِرْعَوْنَ بِرَشِيْدٍ ﴿۹۷﴾
ہو گئے تھے۔ اور فرعون کا حکم ٹھیک بھی نہ تھا۔

يَقْدُمُ قَوْمَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَاَوْرَدَهُمُ
وہ قیامت کے دن اپنی قوم کے آگے آگے ہوگا پھر ان کو آگ میں لا

النَّارَ ۭ وَبِئْسَ الْوِرْدُ الْمَوْرُوْدُ ﴿۹۸﴾
ڈالے گا۔ اور وہ بہت بری جگہ ہے کہ جس میں جا پڑیں گے۔

وَاُتْبِعُوْا فِيْ هٰذِهٖ لَعْنَةً وَّيَوْمَ
اور اپنے پیچھے اس جہان میں بھی لعنت چھوڑ گئے اور قیامت کے دن کے لئے

الْقِيٰمَةِ ۭ بِئْسَ الرِّفْدُ الْمَرْفُوْدُ ﴿۹۹﴾
بھی۔ وہ برا ہی انعام ہے جو انھیں دیا جائے گا۔

ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَاۗءِ الْقُرٰى نَقُصُّهٗ عَلَيْكَ
یہ چند بستیوں کے حالات ہیں جنھیں ہم آپ کو سناتے ہیں کہ ان میں سے

مِنْهَا قَاۗىِٕمٌ وَّحَصِيْدٌ ﴿۱۰۰﴾ وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ
کچھ تو اب تک باقی ہیں اور کچھ اجڑی پڑی ہیں۔ اور ہم نے تو ان پر کچھ ظلم نہیں

وَلٰكِنْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَمَآ اَغْنَتْ
کیا بلکہ خود انھوں ہی نے اپنے اوپر ظلم کیا تھا، پھر ان کے وہ معبود

عَنْهُمْ اٰلِهَتُهُمُ الَّتِيْ يَدْعُوْنَ مِنْ
جنھیں وہ اللہ تعالےٰ کو چھوڑ کر پکارا کرتے تھے ان کے کچھ بھی کام

دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ لَّمَّا جَاۗءَ اَمْرُ رَبِّكَ ۭ
نہ آئے جب کہ آپ کے رب تو کا حکم آ پہنچا۔

وَمَا زَادُوْهُمْ غَيْرَ تَتْبِيْبٍ ﴿۱۰۱﴾ وَكَذٰلِكَ
اور ان معبودوں نے بجز ہلاکت کے ان کو کچھ بھی فائدہ نہ دیا۔ اور آپ کے رب

اَخْذُ رَبِّكَ اِذَآ اَخَذَ الْقُرٰى وَ
کی ایسی ہی گرفت ہوا کرتی ہے جب کہ وہ ظالم بستیوں کو

هِيَ ظَالِمَةٌ ۭ اِنَّ اَخْذَهٗٓ اَلِيْمٌ
پکڑتا ہے۔ بیشک اس کی گرفت سخت رنج دہندہ

شَدِيْدٌ ﴿۱۰۲﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً
ہے۔ البتہ اس بیان میں اس کے لئے جو عذاب آخرت سے

لِّمَنْ خَافَ عَذَابَ الْاٰخِرَةِ ۭ ذٰلِكَ
ڈرتا ہے بڑی نشانی ہے۔ یہ ایک ایسا دن

يَوْمٌ مَّجْمُوْعٌ ۙ لَّهُ النَّاسُ وَذٰلِكَ
ہوگا کہ جس میں سب لوگ جمع ہوں گے اور یہ ایک دن ہوگا کہ

يَوْمٌ مَّشْهُوْدٌ ﴿۱۰۳﴾ وَمَا نُؤَخِّرُهٗٓ اِلَّا
جس میں سب حاضر کئے جائیں گے۔ اور اس کو جو ہم نے ٹال رکھا ہے تو

لِاَجَلٍ مَّعْدُوْدٍ ﴿۱۰۴﴾ يَوْمَ يَاْتِ
ایک وقت معین تک۔ جس دن وہ آجائے گا تو کوئی

لَا تَكَلَّمُ نَفْسٌ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۚ فَمِنْهُمْ
شخص کسی سے اس کی اجازت بغیر کلام بھی نہ کر سکے گا۔ پھر کچھ ان میں سے

شَقِيٌّ وَّسَعِيْدٌ ﴿۱۰۵﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ
بدبخت اور (کچھ) نیک بخت ہوں گے۔ پھر جو بدبخت ہوں گے تو وہ آگ میں

شَقُوْا فَفِي النَّارِ لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ وَّ
ہوں گے کہ جہاں ان کو چیخنا اور دھاڑنا

شَهِيْقٌ ﴿۱۰۶﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا مَا دَامَتِ
ہوگا۔ اس میں ہمیشہ رہا کریں گے جب تک کہ آسمان اور زمین

السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اِلَّا مَا شَاۗءَ
رہیں گے (مگر دوزخ میں رہیں گے)۔ مگر جب کہ اللہ تعالےٰ

رَبُّكَ ۭ اِنَّ رَبَّكَ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ﴿۱۰۷﴾
چاہے۔ البتہ آپ کا رب تو جو چاہتا ہے کر گزرتا ہے۔

ف الورد بمعنے المرخل المورود المدخول فیہ الذی وردوہ واصل الورد الوارد الذی یرد الماء لدفع العطش ۱۲ منہ۔ آرفد العون والعطاء المرفود المعطی ۱۲ منہ۔ الحصید الخراب شبہ ما بقی من آثار القری بالزرع القائم علی ساقہ وشبہ المقطوع منہا بالحصید والحصاد قطع الزرع ۱۲ منہ

Marfat.com

وَ اَمَّا الَّذِيْنَ سُعِدُوْا فَفِي الْجَنَّةِ
اور جو نیک ہیں سو وہ جنت میں ہمیشہ
خٰلِدِيْنَ فِيْهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَ
رہا کریں گے جب تک کہ آسمان اور زمین قائم
الْاَرْضُ اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ عَطَآءً غَيْرَ
رہیں گے، مگر جب کہ آپ کا رب ہی چاہے. (یہ ہے) بے انتہا
مَجْذُوْذٍ ﴿۱۰۸﴾ فَلَا تَكُ فِيْ مِرْيَةٍ مِّمَّا
عنایت. پھر آپ ان چیزوں سے کہ جنھیں وہ پوجتے ہیں
يَعْبُدُ هٰٓؤُلَآءِ مَا يَعْبُدُوْنَ اِلَّا كَمَا
شک میں نہ رہنا. (کسی کو بھی خدائی نہیں) یہ لوگ کچھ نہیں پوجتے مگر اسی طرح
يَعْبُدُ اٰبَآؤُهُمْ مِّنْ قَبْلُ وَاِنَّا
سے کہ جیسے طرح اس سے پہلے ان کے باپ دادا پوجتے تھے. اور ہم ان کو
لَمُوَفُّوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ غَيْرَ مَنْقُوْصٍ ﴿۱۰۹﴾ ع ۹
عذاب کا پورا (پورا) حصہ دے کر رہیں گے.
وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ فَاخْتُلِفَ
اور ہم نے موسیٰؑ کو بھی کتاب دی تھی پھر تو اس میں اختلاف کیا
فِيْهِ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ
گیا. اور اگر آپ کے رب ہی کی طرف سے ایک بات مقرر نہ ہو چکی ہوتی (کہ یہ فیصلہ
لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ وَاِنَّهُمْ لَفِيْ شَكٍّ
قیامت میں ہوگا) تو ان میں فیصلہ ہو چکا ہوتا. اور یہ لوگ بھی اس سے (قرآن کی طرف سے)
مِّنْهُ مُرِيْبٍ ﴿۱۱۰﴾ وَاِنَّ كُلًّا لَّمَّا
ایسے شک میں پڑے ہوئے ہیں جس نے ان کو خبطی کر رکھا ہے. اور بیشک ہر ایک کو آپ کا رب تو
لَيُوَفِّيَنَّهُمْ رَبُّكَ اَعْمَالَهُمْ اِنَّهٗ بِمَا
ان کے اعمال کا پورا (پورا) بدلہ دے گا. اس کو خوب معلوم ہے جو
يَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۱۱۱﴾ فَاسْتَقِمْ كَمَا
کچھ وہ کر رہے ہیں. پھر جیسا آپ کو حکم دیا گیا ہے آپ بھی اور وہ جو
اُمِرْتَ وَمَنْ تَابَ مَعَكَ وَلَا تَطْغَوْا
آپ کے ساتھ کفر چھوڑ کر خدا ہی کی طرف رجوع ہوئے ہیں اس پر قائم رہیں اور حد سے نہ بڑھیں.

اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۱۱۲﴾ وَلَا تَرْكَنُوْٓا
تم جو کچھ کر رہے ہو اس کو وہ دیکھ رہا ہے. اور مسلمانو! ستمگاروں
اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ وَ
کی طرف التفات بھی نہ کرنا ورنہ تم کو بھی آگ چھو جائے گی. اور
مَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَآءَ
اللہ تعالیٰ کے سوا تمہارا نہ کوئی حمایتی ہوگا
ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿۱۱۳﴾ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ
نہ پھر تمہاری مدد کی جائے گی. اور (اے نبیؐ!) دن کے اول سرے
طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ الَّيْلِ
اور آخر سرے میں اور کسی قدر رات گئے نماز پڑھا کرو.
اِنَّ الْحَسَنٰتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ
کیونکہ نیکیاں گناہوں کو دور کر دیتی ہیں.
ذٰلِكَ ذِكْرٰى لِلذّٰكِرِيْنَ ﴿۱۱۴﴾ وَاصْبِرْ
یہ یاد رکھنے والوں کے لئے نصیحت ہے. اور صبر کرتے رہو
فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۱۵﴾
کیونکہ اللہ تعالیٰ نیکوں کا بدلہ ضائع نہیں کیا کرتا.
فَلَوْلَا كَانَ مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْ قَبْلِكُمْ
پھر تم سے پہلے قرنوں میں سے کچھ ایسے (عمدہ) لوگ بھی تو ہوتے
اُولُوْا بَقِيَّةٍ يَّنْهَوْنَ عَنِ الْفَسَادِ فِي
ہوتے کہ جو زمین پر فساد کرنے سے منع کرتے
الْاَرْضِ اِلَّا قَلِيْلًا مِّمَّنْ اَنْجَيْنَا
مگر کچھ تھوڑے لوگ کہ جن کو ہم نے ان میں سے بچا لیا تھا (ایسے ہی تھے)
مِنْهُمْ وَاتَّبَعَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَآ اُتْرِفُوْا
اور جن لوگوں نے نافرمانی کی تھی وہ تو انہیں لذتوں کے پیچھے پڑے رہ
فِيْهِ وَكَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿۱۱۶﴾ وَمَا كَانَ
گئے جو ان کو دی گئی تھیں اور وہ تھے بھی بدکردار. اور آپ کا رب تو

ف فلولا فہلا اولو بقیۃ اولو فضل وخیر وسمی الفضل والجودۃ بقیۃ لان الرجل یستبقی مما یخرجہ اجودہ وافضلہ فصار مثلا فی الجودۃ والفضل ومنہ قولہم فی الزوایا خبایا وفی الرجال بقایا (من الکشاف) ۱۲ ابو محمد سلہ قرن زمانہ یعنی پہلی امتوں میں سے اچھے لوگ کم اٹھے اور پہلی امتوں میں سے وہی امتیں مراد ہیں جو ہلاک ہوئیں ہو منہ

Marfat.com

رَبُّكَ لِيُهْلِكَ الْقُرٰى بِظُلْمٍ وَّاَهْلُهَا
ایسا بھی نہیں کہ ناحق بستیوں کو ہلاک کر ڈالے حالانکہ وہاں کے لوگ

فَاعْبُدْهُ وَتَوَكَّلْ عَلَيْهِ ۭ وَمَا رَبُّكَ
پس اسی کی عبادت کر اور اس پر توکل کرتے رہو۔ اور جو کچھ تم کر رہے ہو

مُصْلِحُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَلَوْ شَاۗءَ رَبُّكَ لَجَعَلَ
نیک ہوں۔ اور اگر آپ کا رب تعالیٰ چاہتا تو سب لوگوں کو

بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۳﴾ ع
اس سے آپ کا رب تعالیٰ بے خبر نہیں ہے۔

النَّاسَ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلَا يَزَالُوْنَ
ایک ہی گروہ کر دیتا۔ (لیکن) وہ ہمیشہ اختلاف ہی کرتے

مُخْتَلِفِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ رَبُّكَ ۭ
رہیں گے۔ مگر جس پر آپ کے رب تعالیٰ نے رحم کیا۔

وَلِذٰلِكَ خَلَقَهُمْ ۭ وَتَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ
اور ان کو اسی لئے پیدا بھی کیا ہے۔ اور آپ کے رب تعالیٰ کا یہ فرمودہ پورا

لَاَمْلَــَٔنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ
ہو کر رہے گا کہ میں جن اور آدمیوں (دونوں) سے جہنم

اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ وَكُلًّا نَّقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ
بھر دوں گا۔ اور (اے نبی ﷺ!) ہم رسولوں کے حالات آپ سے

اَنْۢبَاۗءِ الرُّسُلِ مَا نُثَبِّتُ بِهٖ فُؤَادَكَ ۚ
اس لئے بیان کرتے رہتے ہیں کہ ان سے آپ کے دل کو مضبوط کر دیں۔

وَجَاۗءَكَ فِيْ هٰذِهِ الْحَقُّ وَمَوْعِظَةٌ وَّ
اور ان واقعات کے ضمن میں آپ کے پاس حق بات بھی پہنچ جائے گی اور

ذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۲۰﴾ وَقُلْ لِّلَّذِيْنَ
ایمانداروں کیلئے نصیحت اور یاد گار بھی آئے گی۔ اور بے ایمانوں سے کہدو کہ

لَا يُؤْمِنُوْنَ اعْمَلُوْا عَلٰي مَكَانَتِكُمْ ۭ
اپنی جگہ پر تم عمل کئے جاؤ،

اِنَّا عٰمِلُوْنَ ﴿۱۲۱﴾ وَانْتَظِرُوْا ۚ اِنَّا
ہم بھی عمل کر رہے ہیں۔ اور تم منتظر رہو ہم بھی

مُنْتَظِرُوْنَ ﴿۱۲۲﴾ وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ
انتظار کر رہے ہیں۔ اور آسمانوں اور زمین کی پوشیدہ بات

وَالْاَرْضِ وَاِلَيْهِ يُرْجَعُ الْاَمْرُ كُلُّهٗ
اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے، اور سب کام اسی کی طرف رجوع کرتے ہیں

فَاعْبُدْهُ وَتَوَكَّلْ عَلَيْهِ ۭ وَمَا رَبُّكَ

پس اسی کی عبادت کر اور اس پر توکل کرتے رہو۔ اور جو کچھ تم کر رہے ہو

اس کے بعد **پانچواں واقعہ** حضرت شعیب علیہ السلام کا بیان فرماتا ہے جو اہل مدین کی طرف رسول بنا کر حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عہد میں بھیجے گئے تھے۔ اس قوم کی عادت بت پرستی اور بدکاری کے علاوہ کم تولنا، خیانت، دغابازی کرنے کی بھی تھی جس کو وہ اپنے مال میں تصرف جائز سمجھ کر طعن کی راہ سے کہتے تھے کہ ایک آپ ہی تو بڑے اچھے شخص ہیں۔ اور ان کی نماز پر طعن کر کے کہتے تھے کہ کیا آپ کی نماز ہم کو بت پرستی سے منع کرتی ہے؟ باقی قصہ صاف ہے۔ یہ مدین وہی جگہ ہے کہ جہاں حضرت موسیٰ فرعون سے بھاگ کر آئے تھے اور یہ وہی شعیب ہیں کہ جن کی ایک صاحبزادی سے آپ کی شادی ہوئی تھی یہیں آپ برسوں تک بکریاں چرایا کرتے تھے، وطن جاتے ہوئے یہیں کوہ حوریب کے قریب ایک درخت پر حضرت موسیٰ کو تجلی ہوئی اور نبوت ملی تھی۔ اس کے بعد **چھٹا قصہ** حضرت موسیٰ علیہ السلام کا بیان فرما کر سورۃ کو چند باتوں پر تمام فرماتا ہے۔

اوّل وکذلک اخذ ربک سے لے کر لاجل معدود تک انبیائے سابقین کے قصے بیان فرما کر ان کا نتیجہ بیان فرماتا ہے کہ ان بت پرستوں پر جو یہ بلا نازل ہوئی اور ان کی بستیاں غارت کر دی گئیں یہ کچھ انھیں کے ساتھ مخصوص نہ تھا بلکہ آئندہ جو ایسا کرے گا دنیا میں بھی ویسی سزا پاوے گا۔ (اس میں عذاب آخرت سے ڈرنے والوں کے لئے نشانی اور عبرت ہے) اور پھر قیامت کا عذاب بھی ہے۔ پھر قیامت کی تین صفات ذکر فرماتا ہے۔ اوّل یہ کہ اس دن سب اوّلین

Marfat.com

وآخرین جمع ہوں گے۔ دوم یوم مشہود، ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ اس میں سب حاضر ہوں گے، دیگر مفسرین کہتے ہیں یہ معنے کہ ملائکہ اور انبیاءؑ و صلحاء گواہی دیں گے۔ سوم مانؤخرہ الّا لاجل معدود کہ وہ ایک وقت معیّن تک ہٹائی گئی ہے۔ کیونکہ دنیا کی فنا کا ایک زمانہ معیّن ہے آنے والی چیز گو کتنی ہی دور ہو مگر قریب ہے۔

دوم یوم یأت سے لے کر عطاءً غیر مجذوذ تک اس دن میں سعیدوں اور شقیوں کا مآل ہوگا اُس کو بیان فرماتا ہے۔ مادامت السمٰوٰت والارض اور الّا ماشاء ربک سے بعض علماء اسلام نے یہ بات سمجھی ہے کہ کفار ایک مدّت تک سزا پاکر جہنم سے نکالے جائیں گے کیونکہ جرم متناہی کی سزا غیر متناہی انصاف سے بعید ہے مگر جمہور ہمیشگی کے قائل ہیں اور اس کا جواب یہ دیتے ہیں کہ وہاں کے آسمان وزمین بھی ہمیشہ رہیں گے اور مشیت اس کی نہ ہوگی کہ خلاصی پاویں گو مشیت کا اختیار ہے اور خالدین اور ابدًا الفاظ بھی قرآن میں آچکے ہیں۔ جرم کفر متناہی نہیں اس سے بڑھ کر اور کیا جرم متناہی ہے اور نیز غیر متناہی عمر بھی پاتا تو کفر نہ چھوڑتا۔

سوم فلا تک سے لے کر غیر منقوص تک انبیاءؑ اور اُن کی اقوام کے قصص اور آخرت میں سعداء واشقیاء کے درجات بیان فرماکر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو اُن کی قوم کا حال بتلاتا ہے کہ ان جاہلوں کے انکار سے کچھ دل میں شک نہ لاویں (خطاب آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے ہے اور مراد اور لوگ ہیں) یہ جُہّال اپنے باپ دادا کی تقلید سے بُت پرستی کرتے ہیں کوئی عقل وفہم سے یہ بات نہیں ہے تک اصل میں تکن تھا کثرت استعمال سے فصحاء عرب نون کو حذف کر دیتے ہیں وانّا لموفوہم نصیبہم کے یہ معنے ہیں کہ اُن کی بُت پرستی اور بدکاری پر فراخ دستی دیکھ کر تعجب نہ کرو دنیا میں جو کچھ اُن کے حصہ میں لکھ دیا وہ پورا ملتا ہے یا یہ معنے کہ آخرت میں اپنے عذاب کا پورا حصہ پاویں گے۔

چہارم ولقد اٰتینا موسی الکتٰب سے لے کر انّہٗ بما یعملون خبیر تک کفار عرب کا جس طرح انکار توحید پر اصرار بیان فرمایا تھا اسی طرح انکار نبوت آنحضرت علیہ السّلام پر اصرار کا ذکر کرتا ہے کہ یہ نئی بات نہیں ہمیشہ سے ایسا ہی ہوتا آیا ہے کیونکہ عرصہ ہوا ہم نے موسیٰؑ پر توراۃ نازل کی تھی سو اُس کو کب سب نے تسلیم کر لیا تھا۔ بلکہ اُس میں اختلاف ہوا کہ بنی اسرائیل نے مانا دیگر اقوام نے انکار کیا۔ اس میں یہ بھی رمز ہے کہ خود بنی اسرائیل کا اس کی تعمیل اور عدم تعمیل حکم میں اور نیز خود نفس توریت میں بھی اختلاف ہو کر بے شمار فرقے پیدا ہو گئے پھر فرماتا ہے کہ اگر ہمارے ہاں سے یہ بات مقرر نہ ہو چکی ہوتی کہ ہم قیامت میں اُن کا فیصلہ چکاویں گے تو باہم فیصلہ کر دیتے، اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اگر آخرت میں عذاب دینا اور دنیا میں بسانا نوشتۂ ازلی نہ ٹھہر گیا ہوتا تو منکروں کا فیصلہ کر دیتے۔

پنجم پہلی امتوں اور اُن کے اختلاف کا ذکر فرماکر فاستقم کما اُمرت سے ثم لا تنصرون تک آنحضرت علیہ السّلام اور آپؐ پر ایمان لانے والوں کو داؤ لاؔ دین پر ثابت قدم رہنے کی تاکید فرماتا ہے۔ یہ ایک ایسا جامع کلمہ ہے کہ جس میں عقائد سے لے کر اعمال معاملات وعبادات مکارم اخلاق تک سب آگئے۔ (۲) ولا تطغوا یعنی اس راہ راست سے انحراف نہ کرنا۔ ابن عباسؓ فرماتے ہیں یہ معنی کہ اللہ تعالیٰ کے لئے فروتنی اور تواضع اختیار کرو کسی سے تکبّر نہ کرو۔ اس میں یہ بھی مراد ہے کہ قرآن اور اسلام کی حدود مقررہ سے تجاوز نہ کرو۔ (۳) ولا ترکنوا (الرکون ہوالسکون الی الشیٔ والمیل الیہ بالمحبۃ ونقیضہ النفور عنہ) یعنی بے دینوں نا انصافوں کی دنیا میں شان وشوکت دیکھ کر اُن کی طرف

Marfat.com

دل مائل بھی نہ کرنا۔ محققین کے نزدیک اس سے مراد اُن کے ظلم اور مذہبیہ رسوم کو پسند کرنا اور اُن میں شامل ہونا ہے نہ کہ دنیاوی امور (کبیر)۔

ششم واقم الصلوٰۃ سے لے کر لا یضیع اجر المحسنین تک آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم اور آپؐ کی امت کو نماز کی تاکید فرماتا ہے جو واستقم کا امر ت کا ایک فرد کامل ہے اس آیت میں نماز قائم کرنے کا تین وقتوں میں حکم دیتا ہے اوّل ودوم طرفی النہار ولزلفا کے دونوں سروں پر یعنے شروع دن میں اور اخیر دن میں۔ عرب کی رائے پر دن کا شروع صبح صادق سے لیا جاتا ہے اور دن ڈھلنے سے آخر دن شمار کرتے ہیں جس طرح ہماری زبان میں پچھلا پہر کہتے ہیں۔ پس اوّل دن میں نماز قائم کرنے سے مُراد صبح کی نماز ہے اور آخر دن سے ظہرؒ کی اور عصرؒ کی (امام ابو حنیفہؒ کہتے ہیں کہ صبح کی نماز اندھیرے میں نہ پڑھے بلکہ جب خوب روشنی ہو جائے آفتاب نکلنے سے پیشتر اور اسی طرح عصر کی نماز اخیر دن میں یعنی جب سایۂ اصلی کے سوا ہر چیز کا سایہ دو چند ہو جائے۔

امام فخر رازیؒ اس مقام پر قول امام ابو حنیفہؒ کی اس آیت سے یوں تائید کرتے ہیں کہ اگرچہ طرفی النہار کے حقیقی معنے اَن طلوع آفتاب وغروب آفتاب ہے وہ تو مراد نہیں بلکہ مجازی معنے کہ طلوع وغروب سے ملا ہوا وقت۔ پس ابو حنیفہؒ کے قول کے بموجب کہ تنویر صبح اور تاخیر عصر افضل ہے معنے مجازی معنے حقیقی سے اقرب ہیں اور جہاں تک مجاز حقیقت سے اقرب لیا جائے بہتر ہوتا ہے (اذا عرفت ہذا کانت الآیۃ دلیلاً علے قول ابی حنیفۃ رحمہ اللہ تعالیٰ) سوم زلفاً من اللیل۔ لیث کہتے ہیں زلفۃ رات کے پہلے حصّہ کو کہتے ہیں جس کی جمع زلف ہے من از لفہ اذا قربہ۔ اور زلف کو بضم ز وسکون ل بھی پڑھا ہے۔ چونکہ زلف جمع ہے یعنی رات کے حصّے تو بقاعدۂ جمع اقل مرتبہ تین حصّے لئے جاویں گے پس اوّل حصّہ میں جو غروب آفتاب سے شروع ہوتا ہے نماز مغرب اور دوسرے حصّے سے جو شفق غائب ہونے سے شروع ہوتا ہے نماز عشاء مراد ہو گی اور تیسرے حصّے میں جس کی انتہاء صبح صادق تک ہے وتر مراد ہوں گے۔ امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک وتر بھی واجب ہیں۔ اس آیت سے اُن کے اس قول کی بھی تائید ہوتی ہے۔ اور علماء صرف مغرب اور عشاء مراد لیتے ہیں اس کے بعد فرماتا ہے ان الحسنات یذہبن السیّات کہ یہ نماز جو بڑی نیکی ہے انسان کے گناہ دور کر دیتی ہے۔ بخاریؒ نے ابن مسعودؓ سے روایت کی ہے کہ کسی شخص نے کسی عورت کا بوسہ لے لیا تھا اُس نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آکر اپنے گناہ کا اظہار اور مغفرت کی درخواست کی آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم پر یہ آیت اقم الصلوٰۃ الخ نازل ہوئی۔ اُس شخص نے پوچھا کہ یا حضرتؐ! کیا یہ حکم خاص میرے لئے ہے؟ آپؐ نے فرمایا میری امت میں جو کوئی ایسا عمل کرے سب کے لئے ہے۔ حسنات سے ابن عباسؓ نے پنجگانہ نماز مراد لی ہے کہ اس سے صغائر معاف ہو جاتے ہیں۔ مجاہدؒ کہتے ہیں حسنات سے مراد یہ کہنا ہے: سُبحان اللہ والحمد للہ ولا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر۔

ہفتم فلولا کان سے لے کر کانوا مجرمین تک اُمم ماضیہ کے قصّے بیان فرما کر یہ بات بتلاتا ہے کہ اُن کی اس تباہی کے دو سبب تھے (۱) یہ کہ اُن میں ایسے لوگ نہ رہے تھے کہ جو اُن کو ملک میں فساد کرنے سے منع کرتے اولو بقیۃ اولو فضل وخیر (وسمی الفضل والجود بقیۃ) پھر فرمایا الا قلیلاً یہ استثناء متصل نہیں بلکہ منقطع ہے لکن قلیلا ممن انجینا من القرون ہنوا عن الفساد وسائرہم تارکون للنہی، یعنی تھوڑے ایسے بھی تھے جو فساد سے منع کرتے تھے۔ (۲) واتبع الذین کہ ظالم اپنی جسمانی خواہشوں

Marfat.com

اور کرّ و فرّ دنیا وی میں ہمہ تن غرق ہو گئے تھے۔

ششم وللہ غیب السمٰوٰت والارض الخ میں سورۃ کو نہایت مطالب عالیہ پر تمام کیا۔ (اول) اللہ تعالےٰ کی صفات کمالیہ کا اظہار کیا للہ غیب السمٰوٰت والارض میں اُس کے علم کا کہ کوئی چیز آسمان وزمین کی اُس پر مخفی نہیں مطیع اور عاصی کو بھی جانتا ہے۔ والیہ یرجع الامر کلہ میں قدرت کاملہ کا اظہار ہے۔ اور یہی دونوں ایسی صفت ہیں کہ جن سے عبادت کی جاتی ہے پھر جب یہ دونوں خاص اُسی کا حصہ ہیں تو پھر اُس کے سوا اور کسی کو نافع وضار سمجھنا عبث اور فضول بلکہ نامعقول ہے۔ یہ پہلا مرتبہ تصحیح عقائد کا تھا (دوم) فاعبدہ کہ اُس کی عبادت کیا کر۔ عبادت ایک وسیع المعنی لفظ ہے مال سے جان سے روح سے اعضاء سے۔ یہ دوسرا مرتبہ تقوےٰ و طہارت کا ہے۔ (سوم) توکل علیہ کہ اس کے سوا ہر چیز سے انقطاع کرکے ہر کاروبار میں اُسی کا بھروسہ رکھے اسباب کو اسباب جانے مؤثر حقیقی اور مسبّب الاسباب پر نظر رکھے یہ تیسرا مرتبہ معرفت وحقیقت کا ہے۔ پس جب انسان ان تینوں مراتب کو حاصل کرکے کامل بن گیا تو پھر ایک مجمل عبارت میں اُس کے لئے دار آخرت میں لذائذ روحانیہ ملنے کی طرف اشارہ فرماتا ہے وما ربک بغافل عما تعملون کہ وہ تمہارے کام سے بے خبر نہیں ضرور جزا وسزا دے گا۔ سبحان اللہ! مبادی اور اواسط اور مقاطع میں کس خوبی کو ملحوظ رکھا ہے کہ جس کے ادراک میں ہزاروں لطف آتے ہیں۔

سورۂ یوسف مکیّہ ہے اس کے ایک سو گیارہ ۱۱۱ آیات بارہ ۱۲ رکوع ہیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شروع اللہ تعالیٰ کے نام سے جو مہربان رحیم ہے

الٓرٰ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝۱

یہ ہیں کھلی کتاب کی آیتیں۔

اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ

ہم نے اس قرآن مجید کو عربی زبان میں تمہارے سمجھنے کے لئے

تَعْقِلُوْنَ ۝۲ نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ

نازل کیا ہے۔ آپ کو اس (قرآن کے ذریعہ) جو آپ کی طرف

اَحْسَنَ الْقَصَصِ بِمَآ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ

وحی کیا گیا ہے ہم سب سے بہتر قصہ

هٰذَا الْقُرْاٰنَ ۚ وَاِنْ كُنْتَ مِنْ

سناتے ہیں۔ اور البتہ اس سے پہلے تو

قَبْلِهٖ لَمِنَ الْغٰفِلِيْنَ ۝۳ اِذْ قَالَ

آپ کو خبر بھی نہ تھی۔ جب کہ یوسف نے

يُوْسُفُ لِاَبِيْهِ يٰٓاَبَتِ اِنِّيْ رَاَيْتُ

اپنے باپ سے (یہ) کہا کہ اباجان! میں نے

اَحَدَ عَشَرَ كَوْكَبًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ

گیارہ ستاروں اور سورج اور چاند کو اپنے

رَاَيْتُهُمْ لِيْ سٰجِدِيْنَ ۝۴ قَالَ يٰبُنَيَّ

لئے (خواب میں) سجدہ کرتے دیکھا ہے۔ اُس نے کہا بیٹا اپنا

لَا تَقْصُصْ رُءْيَاكَ عَلٰٓى اِخْوَتِكَ

خواب اپنے بھائیوں سے نہ بیان کرنا

فَيَكِيْدُوْا لَكَ كَيْدًا ۭ اِنَّ الشَّيْطٰنَ

(ورنہ) وہ تیرے لئے کوئی نہ کوئی فریب بنادیں گے۔ کس لئے کہ شیطان تو

لِلْاِنْسَانِ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۝۵ وَكَذٰلِكَ

انسان کا صریح دشمن ہے۔ اور اسی طرح

يَجْتَبِيْكَ رَبُّكَ وَيُعَلِّمُكَ مِنْ تَاْوِيْلِ

سے (یعنی خواب کے موافق) خدا تعالیٰ تجھ کو برگزیدہ کریگا اور خواب کی تعبیر

الْاَحَادِيْثِ وَيُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَ

(یعنی سکھلادے گا اور اپنی نعمتیں تجھ پر

Marfat.com

عَلٰٓى اٰلِ يَعْقُوْبَ كَمَآ اَتَمَّهَا عَلٰٓى اَبَوَيْكَ
یعقوبؑ کے گھرانے پر پوری کرے گا جس طرح کہ اس سے پہلے تیرے باپ
مِنْ قَبْلُ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ
دادا ابراہیمؑ اور اسحٰقؑ پر پوری کر چکا ہے۔ کیونکہ تیرا رب علیم ہے
عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝٦ ع
(اور) حکیم ہے۔

ترکیب

قرآنًا مصدر موضع مفعول میں، یہ حال ہے ضمیر انزلناہ مفعول سے عربیًا اس کی صفت۔ احسن منصوب ہے مفعول نقص کا ہوکر بما مصدریہ ہذا مفعول ہے اوحینا کا قرآن نعت ہے یا بیان ہے۔ وان کنت مخففہ ہے مثقلہ سے فیکیدوا جواب نہی۔

تفسیر

مفسرین کہتے ہیں کہ اس سورۃ کے نازل ہونے کا سبب یہ ہے کہ مکہ معظمہ کے کفار سے یہودنے یہ کہلا بھیجا کہ محمد (صلے اللہ علیہ وسلم) جو عاد و ثمود کے حالات بیان کرتا ہے سو یہ کچھ مشکل بات نہیں عرب کے مشہور واقعات میں سے ہیں۔ ہاں اس سے یہ پوچھو کہ یعقوبؑ کی اولاد مصر میں کیوں گئی تھی؟ اور یوسفؑ اور اس کے بھائیوں میں کیا معاملہ گزرا؟ اور یوسفؑ کیونکر مصر میں پہنچا؟ یہ باتیں بجز مؤرخین اہل کتاب کے ان پڑھ آدمی خصوصًا مکہ کا رہنے والا کہ جہاں ان باتوں سے کان بھی آشنا نہیں ہرگز نہ بتلا سکے گا۔ چنانچہ اہل مکہ نے حضرتؐ سے سوال کیا جس پر یہ سورۃ نازل ہوئی جس کو یہود نے سن کر دل میں اقرار کیا، الہام کے قائل ہوتے مگر زبان سے کب اقرار کرتے تھے۔

الٓرٰ سے لے کر لمن الغافلین تک بطور تمہید کے یہ فرماتا ہے: (۱) یہ یعنی سورۃ یوسف کتاب مبین یعنی قرآن کی آیات ہیں یعنی منزّل من اللہ ہیں، قرآن کو مبین کہنا گویا یہ بات بتلانا ہے کہ زبان الہام ہے یہی غیب کی باتیں بیان کر رہا ہے، (۲) قرآن کو جو اے اہل مکہ ہم نے عربی زبان میں صاف صاف طور پر نازل کیا تو تمہارے سمجھنے کے لئے اس کو ہلکی بات نہ سمجھنا چاہیئے، (۳) اس قرآن کے وحی کرنے میں اے محمدؐ! تم پر اچھا قصہ وحی کرتے ہیں حالانکہ تم اس سے پہلے واقف بھی نہ تھے۔ اس قصہ کو احسن القصص اس لئے کہا کہ اس میں بہت سی عبرتناک باتیں ہیں یعقوبؑ کا مصیبت کے بعد راحت کا منہ دیکھنا، بھائیوں کے حسد کی وجہ سے یوسفؑ کا محکوم ہونا، عصمت وعفت کی بدولت یوسفؑ کو مرتبۂ صدّیقیت حاصل ہونا۔ اذ قال سے قصہ شروع کرتا ہے کہ یوسفؑ نے خواب میں گیارہ ستارے اور چاند سورج کو اپنے لئے سجدہ کرتے دیکھا۔ باپ سمجھ گئے کہ اس کو ایک روز یہ دن نصیب ہوگا کہ اس کے

لَقَدْ كَانَ فِيْ يُوْسُفَ وَاِخْوَتِهٖٓ اٰيٰتٌ
البتہ یوسفؑ اور اس کے بھائیوں کے (قصے میں) سوال کرنے والوں کے لئے
لِّلسَّآئِلِيْنَ ۝٧ اِذْ قَالُوْا لَيُوْسُفُ
بہت کچھ نشانیاں ہیں۔ جب کہ (بھائیوں نے) کہا کہ البتہ یوسفؑ
وَاَخُوْهُ اَحَبُّ اِلٰٓى اَبِيْنَا مِنَّا وَنَحْنُ
اور اس کا بھائی تو ہمارے باپ کو ہم سے زیادہ پیارا ہے حالانکہ ہم جماعت
عُصْبَةٌ ؕ اِنَّ اَبَانَا لَفِيْ ضَلٰلٍ
ہیں۔ البتہ ہمارا باپ تو صریح خطا میں

ف شانِ نزول

ف۱ بہت کچھ جاننا ہر حکمت و تدبیر سے واقف ہے قابلِ نعمت کو اپنی مصلحت سے دیتا ہے ۱۲ منہ

ف۲ یعنی جو حضرت یوسفؑ اور ان کے بھائیوں کے حالات سے سوال کرتے ہیں اس بیان میں ان کے لئے پوری نشانی نبوت حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ہے کس لئے کہ باوجود توریت پاس نہ ہونے اور نہ اس کے پڑھے لکھے ہونے کے اتنے بڑے قصے کو ان باریکیوں اور پہلوؤں کے ساتھ جو اس واقعہ کے ساتھ متعلق ہیں اس طرح سے بیان کر دینا کہ توریت کے سرِ مو بھی خلاف نہ ہو البتہ ایک معجزہ ہے ۱۲ منہ

Marfat.com

مُّبِيْنِ ۝ صلے ۸ اِقْتُلُوْا يُوْسُفَ اَوِ اطْرَحُوْهُ
پڑا ہے۔ یوسفؑ کو مار ڈالو یا کہیں پھینک آؤ
اَرْضًا يَّخْلُ لَكُمْ وَجْهُ اَبِيْكُمْ وَ
تاکہ باپ کی توجہ اکیلی تم ہی پر رہے اور
تَكُوْنُوْا مِنْۢ بَعْدِهٖ قَوْمًا صٰلِحِيْنَ ۝ ۹
اس کے بعد نیک قوم ہو جانا (یعنے توبہ کر لیں گے)۔
قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ لَا تَقْتُلُوْا يُوْسُفَ
ان میں سے ایک کہنے والے نے یہ کہا کہ اگر تم کو کرنا ہی ہے تو
وَاَلْقُوْهُ فِيْ غَيٰبَتِ الْجُبِّ يَلْتَقِطْهُ
یوسفؑ کو مارو تو نہیں (پر) اندھے کوئیں میں ڈال دو تاکہ
بَعْضُ السَّيَّارَةِ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ۝ ۱۰
کوئی قافلہ والا اٹھا کر لے جائے۔
قَالُوْا يٰۤاَبَانَا مَا لَكَ لَا تَاْمَنَّا عَلٰى يُوْسُفَ
(باپ سے جا کر) کہا کہ ابا جان! آپ کس لئے یوسفؑ پر ہمارا اعتبار
وَاِنَّا لَهٗ لَنٰصِحُوْنَ ۝ ۱۱ اَرْسِلْهُ مَعَنَا
نہیں کرتے؟ حالانکہ ہم تو اس کے خیر خواہ ہیں۔ کل اس کو ہمارے ساتھ بھیج دیجئے
غَدًا يَّرْتَعْ وَيَلْعَبْ وَاِنَّا لَهٗ
کہ وہ کھائے اور کھیلے اور ہم اس کی نگہبانی
لَحٰفِظُوْنَ ۝ ۱۲ قَالَ اِنِّيْ لَيَحْزُنُنِيْۤ اَنْ
کریں گے۔ اس نے کہا مجھے اس کے لے جانے سے غم ہوتا ہے
تَذْهَبُوْا بِهٖ وَاَخَافُ اَنْ يَّاْكُلَهُ
اور ڈرتا ہوں کہ تمھاری غفلت میں اس کو
الذِّئْبُ وَاَنْتُمْ عَنْهُ غٰفِلُوْنَ ۝ ۱۳
بھیڑیا نہ کھا جائے۔
قَالُوْا لَئِنْ اَكَلَهُ الذِّئْبُ وَنَحْنُ
انھوں نے جواب دیا باوجود یے کہ ہم ایک جماعت ہوں اور اس کو
عُصْبَةٌ اِنَّاۤ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ۝ ۱۴ فَلَمَّا
بھیڑیا کھا جائے تو ہم گئے گزرے ہوئے۔ پھر جب کہ

ذَهَبُوْا بِهٖ وَاَجْمَعُوْۤا اَنْ يَّجْعَلُوْهُ
اس کو لے گئے اور سب نے اتفاق کر لیا کہ اس کو اندھے
فِيْ غَيٰبَتِ الْجُبِّ ۚ وَاَوْحَيْنَاۤ اِلَيْهِ
کوئیں میں ڈال دیں۔ تو ہم نے یوسفؑ کی طرف وحی
لَتُنَبِّئَنَّهُمْ بِاَمْرِهِمْ هٰذَا وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝ ۱۵
بھیجی کہ تو ضرور ان کو ایک روز اس (بدسلوکی) سے آگاہ کریگا اور وہ بے خبر
وَجَآءُوْۤ اَبَاهُمْ عِشَآءً يَّبْكُوْنَ ۝ ۱۶ ط
اور کچھ رات گئے اپنے باپ کے پاس روتے ہوئے آئے
قَالُوْا يٰۤاَبَانَاۤ اِنَّا ذَهَبْنَا نَسْتَبِقُ وَ
(اور) کہنے لگے کہ اے ہمارے باپ ہم تو آپس میں دوڑنے میں مصروف ہوئے اور
تَرَكْنَا يُوْسُفَ عِنْدَ مَتَاعِنَا فَاَكَلَهُ
یوسفؑ کو اپنے اسباب کے پاس چھوڑ گئے تھے سو اس کو بھیڑیا (آکر)
الذِّئْبُ ۚ وَمَاۤ اَنْتَ بِمُؤْمِنٍ لَّنَا
کھا گیا۔ اور آپ ہمارے کہنے کا کبھی یقین نہ کریں گے خواہ
وَلَوْ كُنَّا صٰدِقِيْنَ ۝ ۱۷ الثلثة وَجَآءُوْ عَلٰى
ہم سچے ہی کیوں نہ ہوں۔ اور اس کے کرتے پر جھوٹ
قَمِيْصِهٖ بِدَمٍ كَذِبٍ ؕ قَالَ بَلْ
موٹ کا خون بھی لگا لائے۔ (یعقوبؑ نے) کہا نہیں بلکہ
سَوَّلَتْ لَكُمْ اَنْفُسُكُمْ اَمْرًا ؕ فَصَبْرٌ
تم نے دل سے ایک بات بنائی ہے۔ پس (اب) صبر ہی
جَمِيْلٌ ؕ وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى
اچھا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ ہی سے تمھاری باتوں پر مدد
مَا تَصِفُوْنَ ۝ ۱۸ وَجَآءَتْ سَيَّارَةٌ
چاہتا ہوں۔ اور (کوئیں کے پاس) قافلہ آیا
فَاَرْسَلُوْا وَارِدَهُمْ فَاَدْلٰى دَلْوَهٗ ؕ
انھوں نے اپنے سقے کو بھیجا تو اس نے ڈول ڈالا۔
قَالَ يٰبُشْرٰى هٰذَا غُلٰمٌ ؕ وَاَسَرُّوْهُ
(یوسفؑ کو دیکھ کر) کہا اے لو مژدہ ہو یہ تو ایک لڑکا (نکل آیا ہے) اور اس کو

Marfat.com

بِضَاعَةً ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۹﴾

اپنے اسباب میں چھپا دیا۔ اور اللہ تعالیٰ خوب جانتا تھا جو کچھ وہ کر رہے تھے۔

وَشَرَوْهُ بِثَمَنٍۭ بَخْسٍ دَرَاهِمَ مَعْدُوْدَةٍ

(بھائیوں کو خبر ہوئی) اور اُس کو کم قیمت (یعنی) چند درہموں پر بے رغبتی سے

وَكَانُوْا فِيْهِ مِنَ الزَّاهِدِيْنَ ﴿۲۰﴾ ع

بیچ ڈالا۔

گیارہ بھائی اور ماں باپ سجدہ[1] کریں گے۔ ستاروں سے بھائی اور چاند اور سورج سے ماں باپ کی طرف اشارہ تھا۔ یہ سمجھ کر بھائیوں کے آگے بیان کرنے سے منع کیا کہ سوتیلے بھائی ہیں حسد میں آکر کہیں اس کے ساتھ کچھ بدی نہ کریں۔ واضح ہو کہ حاران سے کوچ کر کے حضرت ابراہیمؑ ملک کنعان میں آرہے تھے۔ اُن کی بود و باش خیموں میں تھی حبرون کے پاس رہا کئے اسحاقؑ بھی یہیں رہے اُن کے بڑے بیٹے عیص شعیر پہاڑ میں جا بسے اور یعقوبؑ اپنے باپ کی وصیت سے حاران کی طرف اپنے حقیقی ماموں نحور کے بیٹے لابن کے ہاں گئے اُن کی دو بیٹیاں تھیں بڑی لیاہ جس کی آنکھیں چوندھی تھیں چھوٹی راحل یا رحیل جو بہت خوب صورت تھی یعقوبؑ اُس پر عاشق ہوئے۔ سات برس لابن کی بکریاں اس لئے چراتے پھرے آخر نکاح ہوا تو صبح کو اپنے پاس لیاہ کو دیکھا ماموں سے شکایت کی اُس نے ہفتہ بھر کے بعد راحیل سے بھی نکاح کر دیا۔ لیاہ کے پیٹ سے روبن پھر شمعون پھر لاوی پھر یہوداہ اور اشکار اور زبلون پیدا ہوئے اور لیاہ کے ساتھ جو جہیز میں زلفہ لونڈی دی گئی تھی اُس سے جد اور آشر پیدا ہوئے اور راحیل سے یوسفؑ جو نہایت خوب صورت تھے پھر بنیمین کہ جن کو جن کر پھر راحیل نے انتقال کیا اور اُس کے ساتھ جو بلہ لونڈی جہیز میں دی گئی تھی اس سے دان اور نفتالی پیدا ہوئے بیس برس کے بعد یعقوبؑ اپنی بیویوں اور لڑکوں کو اور گلہ کو لے کر اپنے وطن ملک کنعان میں آئے اور ایک گاؤں میں رہے جس کا نام سیلون تھا جو سنجل اور نابلس کے درمیان تھا۔

وَقَالَ الَّذِي اشْتَرٰىهُ مِنْ مِّصْرَ

اور اُس مصر والے نے کہ جس نے یوسفؑ کو (اہل قافلہ سے) خریدا

لِامْرَاَتِهٖٓ اَكْرِمِيْ مَثْوٰىهُ عَسٰٓى اَنْ

تھا اپنی بیوی سے کہا کہ اس کی عزت کرنا شاید کہ ہمارے کام آوے

يَّنْفَعَنَآ اَوْ نَتَّخِذَهٗ وَلَدًا ؕ وَكَذٰلِكَ

یا ہم اُس کو بیٹا بنا لیویں۔ اور ہم نے

مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ فِي الْاَرْضِ ۫ وَلِنُعَلِّمَهٗ

یوسفؑ کو زمین مصر میں یوں جگہ دی اور تا کہ ہم اُس کو

مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ ؕ وَاللّٰهُ غَالِبٌ

خواب کی تعبیر سکھا دیں۔ اور اللہ تعالیٰ اپنے

عَلٰٓى اَمْرِهٖ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا

کام پر قادر ہے لیکن اکثر جانتے

يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗٓ اٰتَيْنٰهُ

نہیں۔ اور جب کہ یوسفؑ اپنی جوانی کو پہنچا تو

حُكْمًا وَّعِلْمًا ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۲۲﴾

ہم نے اُس کو حکمت اور علم دیا۔ اور ہم نیکوں کو ایسا ہی بدلہ دیتے ہیں۔

وَرَاوَدَتْهُ الَّتِيْ هُوَ فِيْ بَيْتِهَا عَنْ نَّفْسِهٖ

اور جس عورت کے گھر میں یوسفؑ تھا وہ اُس کو رجھانے لگی

[1] یا تو اس عہد میں غیر اللہ کے لئے سجدۂ تعظیم درست تھا یا سجدہ کے معنے جھکنا اور تعظیم کرنا ہیں ۱۲ منہ

[2] تاویل الاحادیث کے معنے تعبیر خواب بھی ہے اور ہر بات کی اصل حقیقت بیان کرنا اور اُس کی حکمت اور مصلحت اور اُس کے ہر پہلو پر واقفیت حاصل کرنا بھی۔ یعنی یوسفؑ کو ہم نے اس تدبیر سے ملک مصر میں عزت و وقعت دی اور حکمت و علم بھی دیا جس میں تعبیر خواب بھی ہے ۱۲

Marfat.com

وَغَلَّقَتِ الْاَبْوَابَ وَقَالَتْ هَيْتَ لَكَ ؕ
اور دروازہ بند کر دیئے اور کہنے لگی لو آؤ۔

قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اِنَّهٗ رَبِّيْۤ اَحْسَنَ
اس (یوسفؑ) نے کہا خدا کی پناہ وہ تو میرا آقا ہے جس نے

مَثْوَايَ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۲۳﴾
مجھے عزت سے رکھا ہے۔ بے انصاف فلاح کو نہیں پہنچا کرتے۔

وَلَقَدْ هَمَّتْ بِهٖ ۚ وَهَمَّ بِهَا لَوْلَاۤ
اور اُس عورت نے تو اُس پر ارادہ (بد) کر لیا تھا اور وہ بھی کر ہی چکا تھا اگر

اَنْ رَّاٰ بُرْهَانَ رَبِّهٖ ؕ كَذٰلِكَ لِنَصْرِفَ
اپنے رب کی دلیل نہ دیکھ لیتا۔ (یوں ہوا) تاکہ ہم اس سے

عَنْهُ السُّوْٓءَ وَالْفَحْشَآءَ ؕ اِنَّهٗ مِنْ
برائی اور فحش کو ٹال دیں۔ کیونکہ وہ ہمارے خالص

عِبَادِنَا الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۲۴﴾ وَاسْتَبَقَا الْبَابَ
بندوں میں سے تھا۔ (جب یوسفؑ بھاگ کر جانے لگے) اور دونوں

وَقَدَّتْ قَمِيْصَهٗ مِنْ دُبُرٍ وَّاَلْفَيَا
دروازہ تک دوڑتے گئے اور عورت نے پیچھے سے اُس کا کرتہ چیر ڈالا۔ اور دروازہ کے

سَيِّدَهَا لَدَا الْبَابِ ؕ قَالَتْ مَا جَزَآءُ
پاس دونوں نے اُس کے خاوند کو پایا۔ عورت کہنے لگی (پیش بندی کے طور

مَنْ اَرَادَ بِاَهْلِكَ سُوْٓءًا اِلَّاۤ اَنْ يُّسْجَنَ
پر) کہ جو تیرے گھر کے لوگوں سے بُرا ارادہ کرے اس کی تو بس یہی سزا ہے کہ قید

اَوْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۲۵﴾ قَالَ هِيَ رَاوَدَتْنِيْ
ہو یا سخت مار ماری جاوے۔ (یوسفؑ نے) کہا: خود تو مجھ پر

عَنْ نَّفْسِيْ ۚ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْ اَهْلِهَا ۚ
ریجھ گئی تھی۔ اور اُس عورت کے گھر والوں میں سے ایک دیکھنے والے نے گواہی

اِنْ كَانَ قَمِيْصُهٗ قُدَّ مِنْ قُبُلٍ فَصَدَقَتْ
دی کہ اگر اس کا کرتا آگے سے پھٹا ہے تو وہ سچی

وَهُوَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۲۶﴾ وَاِنْ كَانَ
اور یہ جھوٹا۔ اور اگر اُس کا کرتا

قَمِيْصُهٗ قُدَّ مِنْ دُبُرٍ فَكَذَبَتْ وَهُوَ
پیچھے سے پھٹا ہے تو وہ جھوٹی اور یہ

مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۲۷﴾ فَلَمَّا رَاٰ قَمِيْصَهٗ
سچا۔ پھر جب کہ اُس کا کرتہ پیچھے سے چرا

قُدَّ مِنْ دُبُرٍ قَالَ اِنَّهٗ مِنْ كَيْدِكُنَّ ؕ
دیکھا تو (اُس کے خاوند نے) کہا یہ تو (اے عورتو!) تمہارا

اِنَّ كَيْدَكُنَّ عَظِيْمٌ ﴿۲۸﴾ يُوْسُفُ اَعْرِضْ
بے شک بھاری بڑا مکر ہوتا ہے۔ یوسفؑ! اس سے درگزر

عَنْ هٰذَا ۚ وَاسْتَغْفِرِيْ لِذَنْۢبِكِ ۚ
کرو، اور تو (اے عورت!) اپنے گناہ کی معافی مانگ

اِنَّكِ كُنْتِ مِنَ الْخٰطِـِٕيْنَ ﴿۲۹﴾
کیونکہ تو ہی خطاوار ہے۔

نابلس جس کو پہلے سکم کہتے تھے بیت المقدس سے تیس میل اور سرنا سے سات میل ہے اس کے قریب دو ڈیڑھ میل کے فاصلہ پر وہ کنواں ہے جس میں بھائیوں نے یوسف علیہ السلام کو ڈالا تھا اور اسی کے قریب ایک احاطہ بنا ہوا ہے جس میں حضرت یوسف اور ان کے والد حضرت یعقوب علیہما السلام کے مزار مقدس ہیں۔ یوسف علیہ السلام سترہ برس کی عمر میں تھے کہ بھائیوں کے ساتھ بھیڑ بکریاں چراتے تھے۔ چونکہ راحیل متوفیہ کی یادگار تھے یعقوب علیہ السلام ان کو سب سے زیادہ چاہتے تھے جس پر بھائیوں کو رشک تھا۔ انھیں دنوں میں یوسفؑ نے یہ خواب دیکھا باوجود منع کرنے کے بھائیوں سے کہدیا اور بھی ان کی آتشک میں تیل ڈال دیا۔ نابلس کی وادی میں یعقوبؑ کے بیٹے بھیڑ بکریاں، گائے بیل چرانے کے لئے گئے تھے، وہاں جاکر قتل کرنے کا ارادہ کیا مگر سب میں بڑے بھائی روبن نے منع کیا کہ خونریزی نہ کرو بلکہ اس کو کنوئیں میں ڈال دو جو بیابان میں ہے۔ اس کی وہ بوقلموں قبا اتار لی جو باپ نے

لہ وہ یعنی تیرا شوہر ۱۲ منہ

Marfat.com

پہنائی تھی۔ اور اُس کو اندھے کوئیں میں ڈال دیا کہ جس میں ایک بوند بھی پانی نہ تھا۔ یہ کھانا کھانے بیٹھے تھے کہ اسماعیلیوں کا ایک قافلہ آتا دکھائی دیا جو جلعاد سے گرم مصالح اور روغن بلسان اور مُر اونٹوں پر لادے ہوئے مصر جاتا تھا۔ قافلہ نے آکر ڈیرا کیا اور اسی کوئیں پر پانی لینے کسی کو بھیجا۔ یوسفؑ نے ڈول تھام لیا۔ اُس نے دیکھا تو ایک لڑکا معلوم ہوا۔ قافلہ میں خبر کی۔ اُنھوں نے یوسفؑ کو نکالا اپنے اسباب میں چھپا لیا۔ روبن نے کوئیں پر جا کر دیکھا تو یوسفؑ کو نہ پایا۔ معلوم ہوا کہ اسماعیلی قافلہ والوں نے نکال لیا۔ پھر یہوداہ کی صلاح سے سب نے متفق ہو کر یوسفؑ کو قافلے والوں کے ہاتھ بیس روپیہ کو بیچ دیا اور اُس کے قبا پر بکری کے بچے کا خون لگا کر یعقوبؑ کے پاس لے گئے کہ بھیڑیئے نے پھاڑ کھایا۔ تب یعقوبؑ اس کے لئے رویا کئے اور کہا کہ میں اُس کے غم میں روتا ہوا گور میں اُتروں گا۔ قافلہ والوں نے مصر میں جا کر فوطیفار یا بوتیفار کے ہاتھ فروخت کر دیا جو فرعون کا ایک امیر اور لشکر کا سردار تھا جس کو عزیز کہتے تھے۔ عزیز نے یوسفؑ کو اپنے گھر اور تمام کارخانوں کا مختار کر دیا اور اپنی بیوی کو اس کی عزت و توقیر کرنے کی تاکید کی۔

وَقَالَ نِسْوَةٌ فِي الْمَدِينَةِ امْرَأَتُ
اور شہر میں عورتوں نے جرچا کیا کہ عزیز کی عورت اپنے غلام کو چاہتی
الْعَزِيزِ تُرَاوِدُ فَتَاهَا عَنْ نَّفْسِهِ ۚ
ہے بے شک اُس کی محبت میں فریفتہ ہو گئی
قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا ۖ إِنَّا لَنَرَاهَا فِي ضَلَالٍ
ہم تو اُس کو صریح خرابی میں
مُّبِينٍ ﴿٣٠﴾ فَلَمَّا سَمِعَتْ بِمَكْرِهِنَّ
دیکھتے ہیں۔ پھر جب عزیز کی بیوی نے اُن کی ملامت سنی

اَرْسَلَتْ اِلَيْهِنَّ وَاَعْتَدَتْ لَهُنَّ
تو اُن کو بُلا بھیجا اور اُن کے لئے ایک مجلس تیار کی اور
مُتَّكَـًٔا وَّاٰتَتْ كُلَّ وَاحِدَةٍ مِّنْهُنَّ
(پھل تراشنے کے لئے) ہر ایک کو ایک ایک چھری[۱] دے دی
سِكِّيْنًا وَّقَالَتِ اخْرُجْ عَلَيْهِنَّ ۚ فَلَمَّا
اور بولی یوسفؑ اُن کے سامنے نکل آ۔ پھر جب کہ
رَاَيْنَهٗۤ اَكْبَرْنَهٗ وَقَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ
انھوں نے اُسے دیکھا تو حیرت میں رہ گئیں اور اپنے ہاتھ کاٹ لئے
وَقُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا هٰذَا بَشَرًا ؕ اِنْ
اور کہنے لگیں حاشا للہ یہ تو بشر نہیں۔ ہو نہ ہو
هٰذَاۤ اِلَّا مَلَكٌ كَرِيْمٌ ﴿٣١﴾ قَالَتْ
یہ تو کوئی بزرگ فرشتہ ہے۔ وہ بولی۔ یہی تو وہ
فَذٰلِكُنَّ الَّذِيْ لُمْتُنَّنِيْ فِيْهِ ؕ وَ
ہے کہ جس کے امر میں تم نے مجھے ملامت کی تھی۔ اور
لَقَدْ رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ فَاسْتَعْصَمَ ؕ
بے شک میں نے اس سے دلی خواہش کی تھی پھر اس نے اپنے آپ کو روک لیا۔
وَلَئِنْ لَّمْ يَفْعَلْ مَاۤ اٰمُرُهٗ لَيُسْجَنَنَّ وَ
اور اگر وہ میرا کہنا نہ مانے گا تو قید میں پڑے گا اور
لَيَكُوْنًا مِّنَ الصّٰغِرِيْنَ ﴿٣٢﴾ قَالَ رَبِّ
بے عزت ہو کر رہے گا۔ یوسفؑ نے دعا کی اے
السِّجْنُ اَحَبُّ اِلَيَّ مِمَّا يَدْعُوْنَنِيْۤ اِلَيْهِ ۚ
رب! مجھے تو قید بہتر ہے اس کام سے کہ جس کی طرف وہ مجھے بُلا رہی ہیں۔
وَاِلَّا تَصْرِفْ عَنِّيْ كَيْدَهُنَّ اَصْبُ
اور اگر تو مجھ سے اُن کے مکر کو نہ ٹالے گا تو میں ان کی طرف مائل
اِلَيْهِنَّ وَاَكُنْ مِّنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿٣٣﴾
ہو جاؤں گا اور نادان بن جاؤں گا۔
فَاسْتَجَابَ لَهٗ رَبُّهٗ فَصَرَفَ عَنْهُ
اس کے رب نے اس کی دُعا قبول کی تب اُن کا فریب اُس سے

[۱] پھل تراش کر کھانے کو ۱۲ منہ عہ یہ حاشیہ ملاحظہ ہو صفحہ ۵۸۶ پر۔

Marfat.com

كَيْدَهُنَّ ۖ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ﴿٣٤﴾

دور کر دیا۔ کیونکہ وہ سنتا جانتا ہے۔

ثُمَّ بَدَا لَهُم مِّن بَعْدِ مَا رَأَوُا الْآيَاتِ

پھر ان کو نشانیاں[ف] دیکھنے کے بعد بھی اس کا ایک وقت تک قید کرنا (بہتر) معلوم

لَيَسْجُنُنَّهُ حَتَّىٰ حِينٍ ﴿٣٥﴾ وَدَخَلَ مَعَهُ

ہو اور (اتفاقاً)

السِّجْنَ فَتَيَانِ ۖ قَالَ أَحَدُهُمَا إِنِّي

(اور بھی) داخل ہوئے۔ ان میں سے ایک نے کہا کہ میں خواب میں دیکھتا ہوں

أَرَانِي أَعْصِرُ خَمْرًا ۖ وَقَالَ الْآخَرُ

کہ انگور کا شیرہ نچوڑ رہا ہوں، اور دوسرے نے کہا میں دیکھتا ہوں

إِنِّي أَرَانِي أَحْمِلُ فَوْقَ رَأْسِي خُبْزًا

کہ اپنے سر پر روٹی رکھے ہوئے ہوں جس میں سے پرندے کھا رہے

تَأْكُلُ الطَّيْرُ مِنْهُ ۖ نَبِّئْنَا بِتَأْوِيلِهِ ۖ

ہیں۔ ہم کو اس کی تعبیر بتلا۔

إِنَّا نَرَاكَ مِنَ الْمُحْسِنِينَ ﴿٣٦﴾ قَالَ

کیونکہ ہم تجھے نیک سمجھتے[ف] ہیں۔ یوسفؑ نے کہا جو

لَا يَأْتِيكُمَا طَعَامٌ تُرْزَقَانِهِ إِلَّا نَبَّأْتُكُمَا

کھانا تمھیں دیا جاتا ہے وہ ابھی آنے نہ پائے گا کہ اس کے آنے سے آگے میں

بِتَأْوِيلِهِ قَبْلَ أَن يَأْتِيَكُمَا ۚ ذَٰلِكُمَا

تمھیں تعبیر[ف] بتلا دوں گا۔ (تعبیر دینا بھی منجملہ ان چیزوں کے ہے جو میرے

مِمَّا عَلَّمَنِي رَبِّي ۚ إِنِّي تَرَكْتُ مِلَّةَ

رب نے تجھے سکھائی ہیں۔ کیونکہ میں نے اس قوم کا مذہب ترک کر دیا

ع ۴

قَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَهُم بِالْآخِرَةِ

جو اللہ تعالیٰ پر ایمان نہیں رکھتے اور وہ آخرت کے بھی

هُمْ كَافِرُونَ ﴿٣٧﴾ وَاتَّبَعْتُ مِلَّةَ آبَائِي

منکر ہیں۔ اور میں اپنے باپ دادا ابراہیمؑ

إِبْرَاهِيمَ وَإِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ ۚ مَا كَانَ

اور اسحٰقؑ اور یعقوبؑ کے مذہب کا تابع ہو گیا، ہمیں جائز

لَنَا أَن نُّشْرِكَ بِاللَّهِ مِن شَيْءٍ ۚ ذَٰلِكَ

نہیں کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو بھی شریک کریں۔ یہ

مِن فَضْلِ اللَّهِ عَلَيْنَا وَعَلَى النَّاسِ

اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہے اور جو ہم پر اور لوگوں پر بھی کہ

وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُونَ ﴿٣٨﴾

لیکن اکثر آدمی شکر نہیں کرتے۔

يَا صَاحِبَيِ السِّجْنِ أَأَرْبَابٌ مُّتَفَرِّقُونَ

اے قید یو! کیا چند متفرق معبود بہتر ہیں،

خَيْرٌ أَمِ اللَّهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿٣٩﴾

یا اکیلا اللہ تعالیٰ جو زبردست ہے۔

یوسفؑ خوب صورت اور نور پیکر تھے عزیز کی بیوی (زلیخا) ان پر فریفتہ ہو گئی اور اپنے ساتھ ہم بستر ہونے کی خواستگار ہوئی۔ آخر جب یوسفؑ نے نہ مانا ایک روز تخلیہ پا کر یوسفؑ کا پیراہن پکڑ کر کہنے لگی کہ میرے ساتھ ہمبستر ہو وہ اپنا پیراہن اس کے ہاتھ میں چھوڑ کر بھاگے پیچھے یہ بھی بھاگی اور باہر سے آتے ہوئے دونوں کو عزیز دروازہ پر مل گیا۔ زلیخا نے الٹا یوسفؑ پر دعویٰ کیا کہ یہ مجھ سے برا ارادہ رکھتا تھا میں چلائی تو پیراہن میرے ہاتھ میں چھوڑ کر بھاگ نکلا۔

آثار چہرے پر بھی نمودار ہوتے ہیں۔ حضرت یوسف علیہ السلام کے نورانی چہرے سے انھوں نے سمجھ لیا کہ یہ بھی انہی مقدس لوگوں میں سے ہے اس لئے ان سے تعبیر پوچھی ۱۲ منہ ع ولیکونا قرئ بالتشدید والتخفیف اولی لان النون کتبت فی المصحف الفا علی حکم الوقف وذلک لایکون الا فی الخفیفۃ۔ کشاف۔ والحاصل م الف بدل من النون الخفیفۃ ۱۲ منہ

یوسفؑ نے انکار کیا۔ تب زلیخا کے خاندان میں سے ایک شخص نے یہ کہا کہ اگر کرتا آگے سے پھٹا ہوا ہے تو یہ سچی اور اگر پیچھے سے پھٹا ہوا ہے تو وہ سچا۔ جب پیچھے سے پھٹا دیکھا تو عزیز سمجھ گیا کہ اسی کی چالاکی ہے۔ مگر اس بات کا شہر کی عورتوں میں چرچا ہو گیا۔ زلیخا کو بھی خبر ملی۔ اس نے دعوت کر کے ان عورتوں کو بلایا اور ترنج کاٹنے کے لئے ہر ایک کے ہاتھ میں چھری دی اور یوسفؑ کو بناسنوار کر چھپا رکھا تھا اور کہا کہ میں اس کو بلاتی ہوں اس وقت تم کھانا شروع کرنا جب یوسف علیہ السلام برآمد ہوئے تو سب دیکھ کر حیرت میں آ گئیں اور بجائے ترنج کے اپنے ہاتھ چھری سے کاٹ لئے (یعنی زخمی کر لئے)۔ تب زلیخا نے تعریضاً کہا کہ یہی تو وہ ہے کہ جس کی نسبت تم مجھے ملامت کرتی تھیں۔ تب زلیخا نے پھر کہا کہ اگر میرا کہنا نہ مانے گا تو یہ ذلیل ہوگا اور قید میں جائے گا۔ یوسفؑ نے کہا مجھے قید بہتر ہے۔ باوجودیکہ یوسفؑ کی صداقت اور عصمت بہت نشانیوں سے دیکھ چکے تھے مگر دفع طعن کے لئے یوسفؑ کو ناحق قیدخانہ بھیجا۔ اس کے ساتھ دو شخص اور بھی اتفاقاً قیدخانہ میں بھیجے گئے ایک فرعون کا ساقی اور دوسرا نان پزوں کا داروغہ۔ ایک رات دونوں نے خواب دیکھا۔ یوسفؑ سے

لَا يَعْلَمُونَ ﴿٤٠﴾ يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ أَمَّا
نہیں۔ (اس نصیحت کے بعد کہا) اے قیدیو! تم میں سے ایک تو اپنے
أَحَدُكُمَا فَيَسْقِي رَبَّهُ خَمْرًا ۖ وَأَمَّا
آقا کو (بدستور) شراب پلائے گا،
الْآخَرُ فَيُصْلَبُ فَتَأْكُلُ الطَّيْرُ مِنْ
دوسرا سو وہ سولی پر لٹکایا جائے گا۔ پھر پرندے اس کے سر کو
رَّأْسِهِ ۚ قُضِيَ الْأَمْرُ الَّذِي فِيهِ
نوچیں گے۔ جس بات کو پوچھتے ہو وہ تو فیصل
تَسْتَفْتِيَانِ ﴿٤١﴾ وَقَالَ لِلَّذِي ظَنَّ
ہو چکی۔ اور ان دونوں میں سے جس کو یوسفؑ
أَنَّهُ نَاجٍ مِّنْهُمَا اذْكُرْنِي عِندَ رَبِّكَ
نے بچنے والا سمجھا تھا (اس سے یہ) کہا کہ تو اپنے آقا سے میرا بھی ذکر کر دینا۔
فَأَنسَاهُ الشَّيْطَانُ ذِكْرَ رَبِّهِ فَلَبِثَ فِي
پھر اس کو اپنے آقا کے پاس ذکر کرنے سے شیطان نے غافل کر دیا تب
السِّجْنِ بِضْعَ سِنِينَ ﴿٤٢﴾ وَقَالَ الْمَلِكُ
چند برس یوسفؑ قیدخانہ میں پڑے رہے۔ اور بادشاہ نے کہا میں نے
إِنِّي أَرَىٰ سَبْعَ بَقَرَاتٍ سِمَانٍ يَأْكُلُهُنَّ
دیکھا (خواب میں) کہ سات موٹی گائے ہیں جن کو سات دبلی گائیں کھا رہی
سَبْعٌ عِجَافٌ وَسَبْعَ سُنبُلَاتٍ خُضْرٍ وَأُخَرَ
ہیں اور سات سبز خوشہ ہیں اور
يَابِسَاتٍ ۖ يَا أَيُّهَا الْمَلَأُ أَفْتُونِي
سات خشک۔ اے درباریو! میرے خواب کی
فِي رُؤْيَايَ إِن كُنتُمْ لِلرُّؤْيَا تَعْبُرُونَ ﴿٤٣﴾
تعبیر دو اگر تمھیں خواب کی تعبیر دینی آتی ہے۔
قَالُوا أَضْغَاثُ أَحْلَامٍ ۖ وَمَا نَحْنُ
انھوں نے کہا (یہ ایک) پریشان خواب ہے۔ اور پریشان خوابوں کی
بِتَأْوِيلِ الْأَحْلَامِ بِعَالِمِينَ ﴿٤٤﴾ وَقَالَ
تعبیر ہمیں نہیں آتی۔ اور وہ شخص

یوسفؑ سے

مَا تَعْبُدُونَ مِن دُونِهِ إِلَّا أَسْمَاءً
تم اس کے سوا کچھ نہیں پوجتے مگر چند ناموں کو جو تم نے
سَمَّيْتُمُوهَا أَنتُمْ وَآبَاؤُكُم مَّا أَنزَلَ
اور تمھارے بڑوں نے مقرر کر لئے ہیں جن پر خدا تعالیٰ نے
اللَّهُ بِهَا مِن سُلْطَانٍ ۚ إِنِ الْحُكْمُ إِلَّا لِلَّهِ ۚ
کوئی بھی سند نازل نہیں کی ہے۔ حکومت بجز خدا تعالیٰ کے کسی کی نہیں۔
أَمَرَ أَلَّا تَعْبُدُوا إِلَّا إِيَّاهُ ۚ ذَٰلِكَ
جس نے حکم دیا ہے کہ اس کے سوا کسی کی بھی عبادت نہ کرو۔ یہی سیدھا
الدِّينُ الْقَيِّمُ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ
دین ہے۔ لیکن اکثر انسان جانتے

Marfat.com

الَّذِیْ نَجَا مِنْهُمَا وَادَّكَرَ بَعْدَ اُمَّةٍ
کہ جو ان دونوں میں سے بچ گیا تھا اور جس کو عرصہ کے بعد یاد آیا کہنے لگا
اَنَا اُنَبِّئُكُمْ بِتَاْوِیْلِهٖ فَاَرْسِلُوْنِ ﴿۴۵﴾
اس کی تعبیر میں تمھیں بتاتا ہوں تم مجھ کو (قید خانہ تک) جانے دو۔
یُوْسُفُ اَیُّهَا الصِّدِّیْقُ اَفْتِنَا فِیْ
(وہاں جا کر یوسفؑ سے کہا) اے سچے یوسفؑ اس کی تعبیر بتلا کہ
سَبْعِ بَقَرٰتٍ سِمَانٍ یَّاْكُلُهُنَّ سَبْعٌ
سات موٹی گایوں کو سات دبلی کھا رہی ہیں۔
عِجَافٌ وَّسَبْعِ سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ وَّاُخَرَ
اور سات ہری بالیں ہیں اور سات
یٰبِسٰتٍ لَّعَلِّیْۤ اَرْجِعُ اِلَى النَّاسِ
خشک تاکہ میں لوگوں کے پاس لوٹ کر جاؤں کہ
لَعَلَّهُمْ یَعْلَمُوْنَ ﴿۴۶﴾ قَالَ تَزْرَعُوْنَ
انھیں معلوم ہو۔ (یوسفؑ نے) کہا کہ تم سات برس تک
سَبْعَ سِنِیْنَ دَاَبًا ۚ فَمَا حَصَدْتُّمْ
لگے تار کھیتی کرو گے۔ پھر جو فصل کاٹو تو اس کو اس کے
فَذَرُوْهُ فِیْ سُنْۢبُلِهٖۤ اِلَّا قَلِیْلًا مِّمَّا
خوشوں ہی میں لگا رہنے دو (تاکہ وہ خراب نہ ہو) مگر تھوڑا سا کہ جس کو تم
تَاْكُلُوْنَ ﴿۴۷﴾ ثُمَّ یَاْتِیْ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ
کھاؤ۔ پھر اس کے بعد سات برس سخت آویں گے کہ جو ذخیرہ ان
سَبْعٌ شِدَادٌ یَّاْكُلْنَ مَا قَدَّمْتُمْ لَهُنَّ
کے لئے جمع کر رکھا تھا اس کو کھا جاویں گے مگر قدرے قلیل کہ
اِلَّا قَلِیْلًا مِّمَّا تُحْصِنُوْنَ ﴿۴۸﴾ ثُمَّ
جو احتیاط سے رکھا ہو گا۔ پھر اس کے بعد
یَاْتِیْ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ عَامٌ فِیْهِ یُغَاثُ
ایک ایسا سال آوے گا کہ جس میں لوگوں کے لئے بارش ہو گی اور اس میں

النَّاسُ وَفِیْهِ یَعْصِرُوْنَ ﴿۴۹﴾ وَقَالَ
انگور کا شیرہ نچوڑیں گے۔ (اور تعبیر سننے کے بعد) بادشاہ نے
الْمَلِكُ ائْتُوْنِیْ بِهٖ ۚ فَلَمَّا جَآءَهُ
کہا اس کو (یوسفؑ کو) میرے پاس لے آؤ۔ پھر جب یوسفؑ کے پاس
الرَّسُوْلُ قَالَ ارْجِعْ اِلٰى رَبِّكَ
ایلچی پہنچا تو کہا اپنے آقا کے پاس جا کر پوچھ کہ ان عورتوں کا کیا حال ہے
فَسْـَٔلْهُ مَا بَالُ النِّسْوَةِ الّٰتِیْ قَطَّعْنَ
کہ جنھوں نے اپنے ہاتھ کاٹ لئے
اَیْدِیَهُنَّ ؕ اِنَّ رَبِّیْ بِكَیْدِهِنَّ عَلِیْمٌ ﴿۵۰﴾
تھے ف البتہ میرا رب تو ان کے مکر سے خوب واقف ہے۔

ساقی نے بیان کیا کہ میں نے ایک انگور کا درخت دیکھا اس کی تین شاخیں نکلیں اور اس کے پھل پھول آئے اور اس کے گچھوں میں انگور پکے اور فرعون کا پیالہ میرے ہاتھ میں تھا میں نے اس میں انگوروں کو نچوڑا اور فرعون کے ہاتھ میں دیا۔ دوسرے نے کہا میں دیکھتا ہوں کہ میرے سر پر تین ٹوکرے روٹیوں کے ہیں فرعون کے لئے۔ اوپر کے ٹوکرے میں سے پرندے کھا رہے ہیں۔ یوسفؑ نے تعبیر بیان کرنے سے پہلے ان کو دین حق کی تعلیم کی اور پیشتر بطور تمہید کے یہ فرمایا لا یاتیکما طعام الخ کہ خواب کی تعبیر پر کیا موقوف ہے اللہ تعالیٰ نے مجھے اور بہت سی باتوں پر مطلع کیا ہے ادنیٰ مرتبہ یہ کہ جو تم کو قید خانہ میں کھانا ہر روز دیا جاتا ہے میں اس کے آنے سے پہلے اس کا حال تمھیں بیان کر دوں گا کہ وہ کس قسم کا اور کتنا ہو گا۔ (تاویل الشیٔ ما یرجع الیہ وہو الذی یؤل الیہ آخر ذلک الامر یعنی جس بات پر کوئی شے آخر الامر آ ٹھہرتی ہے اس کو تاویل کہتے ہیں اس میں خواب کی تعبیر بھی آ گئی) یا یوں کہو کہ یوسفؑ نے یہ فرمایا کہ کھانا آنے سے پہلے میں تمھارے خواب کی تعبیر

لہ حضرت یوسفؑ کا تعبیر دینا عرصہ کے بعد یاد آیا تب اس نے دربار سے عرض کیا کہ مجھے اجازت دو کہ میں قید خانہ میں جا کر ایک قیدی سے تعبیر لوں ۱۲ منہ

۲ یعنے وہ جو تخم ریزی کے لئے چھوڑ دو گے یا جو بڑی احتیاط سے جمع رکھا جاتا ہے ۱۲ منہ

ف آیا میں نے ان سے کوئی بدارادہ کیا تھا یا خود انھوں نے مجھ سے بدارادہ کیا تھا۔ یوسفؑ قید خانہ سے نکلنے سے پہلے اپنی براءت کرنا چاہتے تھے ۱۲ منہ

Marfat.com

بیان کر چکوں گا اس نصیحت کرنے میں دیر ہونے سے نہ گھبراؤ۔ پھر ذالک مما علمنی سے لے کر لایعلمون تک اپنا خاندانی موحد ہونا اور بت پرستوں کے مذہب سے الگ ہونا اور خدائے واحد کا وحدہٗ لاشریک ہونا اور خدا کے پر اُس کے افضال و انعام کا صادر ہونا بیان فرما کر یا صاحبی السجن سے اُن کے لئے تعبیر شروع کی کہ تین خوشوں سے مراد تین روز ہیں سو تین روز کے بعد تو فرعون کو شراب پلانے کے عہدہ پر مقرر ہوگا اور دوسرے سے کہا تین ٹوکروں سے مراد تین دن ہیں تین دن کے بعد تو سولی دیا جائے گا پرندے تیرے سر کا بھیجا کھا دیں گے۔ چنانچہ تین روز کے بعد فرعون نے جشن سالگرہ کیا اور اُن دونوں کی رُو بکاری ہوئی ساقی کو پھر اُسی عہدہ پر مقرر کیا اور خان ساماں کو اُس کے جُرم پر پھانسی دی گئی۔ ساقی سے حضرت یوسف علیہ السلام نے کہدیا تھا کہ فرعون سے میرا حال کہنا کہ ایک غریب پردیسی کہ جس کو بھائیوں نے غلام بنا کر بیچ دیا اور وہ مصر میں تیرے عزیز کے ہاتھ آکر بکا عزیز کی جورو نے اُس پر تہمت لگا کر قید میں ڈلوا رکھا ہے۔ مگر ساقی جا کر ایسے مست ہوئے کہ کہنا ہی بھول گئے۔ پھر فرعون نے دوسرے سال کے آخر دنوں میں ایک خواب دیکھا کہ وہ لب دریا کھڑا ہے کہ دریا سے سات موٹی اور خوب صورت گائیں نکلیں اور نیستان میں

قَالَ مَا خَطْبُكُنَّ إِذْ رَاوَدْتُّنَّ يُوسُفَ
(بادشاہ نے پوچھا اُس وقت تمہارا کیا حال تھا (یعنی) اصل کیا بات تھی) جب کہ

عَنْ نَّفْسِهٖ ۭ قُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا عَلِمْنَا
تم نے یوسف کو پھسلایا تھا۔ (انھوں نے) جواب دیا کہ حاشا للہ ہم کو اُس میں کوئی

عَلَيْهِ مِنْ سُوْۗءٍ ۭ قَالَتِ امْرَاَتُ الْعَزِيْزِ
برائی معلوم نہیں ہوئی۔ تب عزیز کی بیوی نے کہا اب تو سچی بات ظاہر

الْـٰٔنَ حَصْحَصَ الْحَقُّ ڰ اَنَا رَاوَدْتُّهٗ
ہی ہو گئی۔ (بات یہ تھی کہ) میں نے ہی اُس کو پھسلانا

ف عورتوں کو بلا کر اصل مقدمہ کی تحقیق کرنی شروع کی عورتوں نے یوسف کی پاکدامنی کی شہادت دی ۱۲ منہ

عَنْ نَّفْسِهٖ وَاِنَّهٗ لَمِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝۵۱
چاہا تھا اور وہ سچا ہے۔

ذٰلِكَ لِيَعْلَمَ اَنِّىْ لَمْ اَخُنْهُ بِالْغَيْبِ
(یوسف نے کہلایا یہ اس لئے تاکہ معلوم ہو جاوے کہ میں نے عزیز کی غائبانہ خیانت

وَاَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ كَيْدَ الْخَاۗىِٕنِيْنَ ۝۵۲
نہیں کی تھی، اور یہ کہ اللہ تعالےٰ دغابازوں کے فریب کو سرسبز نہیں کیا کرتا۔

چرنے لگیں، اور کیا دیکھتا ہے کہ اُن کے بعد اور سات گائیں بد شکل اور دُبلی دریا سے نکلیں اور گھاٹ پر آکر کھڑی ہوئیں اُن موٹی اور خوب صورت گایوں کو کھا گئیں۔ تب فرعون جاگا اور پھر سو گیا دوبارہ پھر دیکھا کہ سبز اور اناج کی بھری ہوئی سات بالیں ایک ٹہنی میں ظاہر ہوئیں اور اُن کے بعد سات بالیں پتلی اور خشک نکلیں اور اُن بالوں کو کھا گئیں۔ صبح کو فرعون جاگا اور اُس کا جی گھبرایا۔ مصر کے تمام دانشمندوں کو بُلایا کسی سے تعبیر نہ دی گئی تب اُس ساقی کو یاد آیا فرعون سے بیان کیا کہ جب میں اور خان ساماں قید میں ڈالے گئے تھے وہاں ایک ہی رات ہم دونوں نے خواب دیکھا تھا اور ایک عبری جوان بھی وہاں قید تھا اُس نے ہمارے خوابوں کی تعبیر دی اور جیسی تعبیر دی تھی ویسا ہی ہوا۔ مجھے اپنے منصب پر قائم کیا اُس کو پھانسی دی گئی۔ مجھے حکم ہو تو اُس سے پوچھ کر آؤں۔ ساقی یوسف علیہ السلام کے پاس آیا اور فرعون کا خواب بیان کیا۔ یوسف علیہ السلام نے تعبیر دی کہ یہ ایک ہی خواب ہے خدا تعالےٰ نے اُس کو دو بار یوں دکھایا کہ یہ بات ہونے والی ہے خدا تعالےٰ کے ہاں سے

ل خدا تعالیٰ نے انسان کی روح یا نفس ناطقہ میں جو جوہر نورانی ہے یہ قدرت عطا کی ہے کہ وہ عالم بالا کی طرف صعود کر وہاں کے بعض واقعات پر مطلع ہو جاتا ہے۔ لیکن قوت خیالیہ ان مطالب کو مخلوط کر دیتی ہے تعبیر دینے والا اس غلط کو علیحدہ کر کے اصل مطلب بتلا دیتا ہے ۱۲ منہ ۲ رویا کو حدیث میں نبوت کا ایک جزو قرار دیا ہے اور قرآن اور برہان اس کے حق ہونے پر شاہد عدل ہے ۱۲ منہ

Marfat.com

مقرر ہو چکی وہ اچھی سات گائیں اور سات ہری بالیں سات سال ارزانی اور سستے سمے کے ہیں اور وہ سات دُبلی اور بدشکل گائیں اور سات خشک بالیں قحط کے سال ہیں۔ مصر میں سات برس تک نہایت ارزانی اور پیداواری ہو گی پھر اس کے بعد سات برس سخت قحط پڑے گا۔ فرعون کو چاہیئے کہ ایک ہوشیار آدمی مصر کی زمین پر مختار مقرر کرے کہ وہ تحصیلدار مقرر کرے اور ارزانی کے سالوں میں ضروری خوراک چھوڑ کر ایک ذخیرہ جمع کریں، فذروہ فی سنبلہ الا قلیلاً مما تاکلون اور پھر قحط کے سالوں میں اس سب ذخیرہ کو کھا لیا جاوے گا مگر قدرے قلیل جو احتیاط سے رکھا ہو گا بچ رہے گا پھر اس کے بعد بارش ہو گی اور تاکستان سے لوگ شیرہ نچوڑیں گے (یہ جملہ خواب سے نہیں بلکہ الہام سے فرمایا ہو گا)۔ ساقی نے آکر فرعون سے بیان کیا۔ اُس نے سُن کر بہت پسند کیا اور تمام ارکانِ دولت نے تحسین کی۔ فرعون مشتاقِ ملاقات ہوا۔ چوب دارِ شاہی حضرتؑ کو لینے آئے۔ آپ نے فرمایا پیشتر میرے اُس جُرم کی تحقیق کر لو کہ جس میں مجھ کو قید کیا گیا ہے۔ اُن عورتوں سے تحقیق فرما لیا جاوے کہ جن کے روبرو عزیز کی بیوی نے مجھے بُلایا تھا اور اُن کے ہاتھ چھُری سے کٹ گئے تھے۔ فرعون نے اُن سے دریافت کیا سب نے اور خود عزیز کی بیوی نے اُن کی پاکدامنی کا اقرار کیا ؛ ؛ ؛

تصدیق
کی جاتی ہے کہ قرآن مجید کا
یہ نسخہ اغلاط سے مبرا ہے، انشاء اللہ تعالیٰ
سید محمد عثمان ابدالی | معراج محمد غفرلہ
انا نحن نزلنا الذکر وانا لہ لحافظون
لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ اکبر
(محکمہ اوقاف حکومت سندھ)
بقلم خود عبید اللہ غفرلہ (رجسٹریشن آفیسر)
کتبہ محمد یعقوب بلوچ

Marfat.com

فوائدِ جامعہ بر عجالہ نافعہ

تالیف: شاہ عبدالعزیز محدّث دہلوی ★ شارح: مولانا محمد عبدالحلیم چشتی

- علم حدیث کی گونا گوں ـــــــ نادر اور اہم معلومات
- کتب حدیث کے انواع و اقسام کا تفصیلی بیان اور صدہا علمی کتابوں کا تعارف
- مشاہیر فقہاء محدثین، اور اُن کی تالیفات کا مختصر و جامع تذکرہ
- عجالہ نافعہ کی مبسوط شرح جس کا ہر مقالہ نہایت جامع و مدلل، دلچسپ اور بصیرت افروز ہے، بلکہ ہر صفحہ معلومات کا مرقع اور پوری کتاب گنجینۂ تحقیقات ہے

قیمت: روپے

Marfat.com

تقویۃ الایمان

مع

تذکیر الاخوان

مؤلفہ علامہ شاہ محمد اسمٰعیل شہیدؒ

ونصیحۃ المسلمین

مؤلفہ: مولانا غرم علی بلہوریؒ

جس میں مشرکانہ خیالات اور جاہلی رسوم و بدعات کو بے نقاب کیا گیا ہے، خالص توحید کا درس اور صحیح اسلام کی طرف دعوت ہے۔ یہ کتاب اصلاحِ اعتقاد میں بے نظیر ہے

ناشر: نور محمد، کارخانہ تجارتِ کتب آرام باغ، کراچی

قیمت مجلد روپے

Marfat.com

Marfat.com